بسم اللہ الرحمن الرحیم

تفسیر
روح القرآن
مع
تفسیر جلالین

اردو ترجمہ جلالین

فقیہ اعظم حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمن عثمانی

مفتی اول دار العلوم دیوبند

حاشیہ و اردو تفسیر

حضرت مولانا مفتی فضیل الرحمن ہلال عثمانی

جامعہ دار السلام مالیر کوٹلہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

فیصل پبلیکیشنز دیوبند

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تفسیر

روح القرآن

مع

تفسیر جلالین

اردو ترجمہ جلالین

فقیہ اعظم حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمن عثمانیؒ

مفتی اول دار العلوم دیوبند

حاشیہ و اردو تفسیر

حضرت مولانا مفتی فضیل الرحمن ہلال عثمانی

جامعہ دار السلام مالیر کوٹلہ

جلد سوم (پارہ ۱۱ تا ۱۵)

فیصل پبلیکیشنز دیوبند

toobaa-elibrary.blogspot.com

Tafseer Roohul Quraa'n ma' Tafseer Jalalain

Volume : 3
Para 11 ta' 15

edition : 2009

Distributor for International Market

FAISAL INTERNATIONAL

Regd.Off. 468,Gali Bahar Wali Chatta Lal Mian Daryaganj New Delhi 2
Working Off. Faisal Complex,Jama Masjid Deoband 247554 UP
Phones : +91-11-42797871,+91-1336-224110,09319266813, Fax +91-1336-223339
e-mail : faisal_india@rediffmail.com website : www.faisal.co.in

FAISAL PUBLICATIONS
Jama Masjid Deoband.247554 UP India
Phones : +91-1336-224110,09358210368 Fax.223339
e-mail : faisal_india@rediffmail.com, web : www.faisal.co.in

toobaa-elibrary.blogspot.com

فہرست عنوانات تفسیر روح القرآن جلد ۳ پارہ ۱۱ تا پارہ ۱۵

عنوان	صفحہ
پارہ ۱۱	
منافقین کے عذر معذر قابل قبول نہیں۔	۲۱
منافقین ایک گندگی کی طرح ہیں ان سے قطع تعلق کر لو۔	۲۲
اللہ تعالیٰ ان سے راضی نہیں ہے۔	〃
بدوی عرب اسلام کے تقاضوں کو نہیں سمجھتے۔	〃
اللہ کے راستے میں خرچ کرتے ہوئے ان کا دم نکلتا ہے۔	۲۵
بدویوں میں مومنین مخلصین بھی ہیں۔	〃
آگے بڑھ کر سب سے پہلے اللہ کے دین کا دامن تھامنے والے۔	۲۶
مدینہ اور اطراف کے انتہائی چالاک منافق۔	۲۷
وہ مخلص جنہوں نے اپنے قصور کا اعتراف کیا۔	۲۸
ان کے صدقات قبول کرو اور ان کے لئے دعا کرو۔	۳۰
مخلص بندوں کی توبہ اور انکی خیرات قبول ہوتی ہے۔	〃
تمہارا عمل تمہارے اخلاص کا گواہ ہوگا۔	〃
غزوہ تبوک میں پیچھے رہ جانیوالوں میں سے کچھ کے بارے میں حکم الٰہی کا انتظار۔	۳۱
مسجد ضرار ایک فتنہ ایک سازش۔	۳۴
عبادت کے لئے وہ مسجد موزوں اور مناسب ہے جسکی بنیاد پرہیزگاری پر ہے۔	۳۵
کھوکھلی زمین پر زندگی کی عمارت کھڑی کرنے کے بجائے مضبوط بنیادوں پر زندگی کی تعمیر ہونی چاہیئے۔	۳۵
مکر و دغا کے بنائے ہوئے جال سے یہ منافق کبھی نہ نکل سکیں گے۔	۳۷
ایمان اللہ اور بندے کے درمیان ایک معاہدہ۔	۳۸
مومن کی صفات۔	۴۰
انسانی ہمدردی اپنی جگہ لیکن اللہ سے بے لاگ وفاداری مطلوب ہے۔	۴۱
حضرت ابراہیمؑ کی اپنے والد کے لئے دعائے مغفرت۔	۴۲
ہدایت و گمراہی کا الٰہی اصول۔	۴۳
زمین و آسمان میں سب کچھ اللہ کی سلطنت ہے لہٰذا اسی کے حکم پر چلنا چاہیئے۔	۴۵
غزوہ تبوک کی آزمائش کے بعد اللہ کی عنایتیں۔	〃
غزوہ تبوک میں پیچھے رہ جانے والے تین صحابیوں کا واقعہ۔	۴۷
سچے لوگوں کے ساتھ رہو۔	۴۸
اللہ تعالیٰ محسنین کی قدردانی کرتے ہیں۔	۵۰
ہر قدم پر اجر ہی اجر۔	۵۲
دین میں پھیلاؤ کے ساتھ اس کی سمجھ بھی ضروری ہے۔	〃
منکرین حق کے معاملے میں نرمی کی ضرورت نہیں۔	۵۴
منافقین کی گراوٹ۔	۵۴
منافقین کے دل کی بیماری اور بڑھ جاتی ہے۔	〃
منافقین ہر آزمائش میں ناکام ہو جاتے ہیں۔	۵۷
قرآن مجید سے منافقین کا فرار	〃
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی انسانیت نوازی۔	〃
سورۂ یونس	۵۹
نام۔ تعارف۔	〃
حکمت و دانش سے لبریز مستحکم کلام۔	۶۲
کیا انسان کا رسول ہونا تعجب کی بات ہے۔ کیا اس رسول میں جادوگروں والی باتیں ہیں۔	〃
تمہارا رب صرف اللہ ہے لہٰذا اسی کے ہو کر رہو۔	۶۵
آخرت کا حساب کتاب اور جزا و سزا برحق ہے۔	〃
کائنات کی حکیمانہ تخلیق عقیدۂ آخرت کی دلیل ہے۔	۶۷
مظاہر قدرت حقیقت کی نشاندہی کرتے ہیں	〃
دنیا و آخرت کی صحیح بنیادوں پر تعمیر کیلئے عقیدۂ آخرت کی ضرورت۔	۶۸

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
منکرین آخرت کا غلط رویہ ان کو جہنم میں پہنچا دے گا۔	۷۰
ایمان سیدھی راہ پر چلاتا ہے اور اس کا بہترین نتیجہ سامنے آئے گا۔	〃
جنت میں زندگی کا نقشہ کیسا ہوگا؟	〃
اللہ تعالیٰ مجرموں کو ڈھیل دیتا ہے۔	۷۲
جب انسان مصیبت میں گھر جاتا ہے تو رب کو یاد کرتا ہے۔	〃
تاریخ ظالموں کا انجام بیان کرتی ہے۔	۷۳
پچھلی قوموں کی ناکارگی کے بعد اب تمہارے امتحان کی باری ہے۔	۷۵
قرآن کی دعوت مکمل تابعداری۔	〃
قرآن اللہ کا کلام، حضرت محمد اللہ کے سچے رسول ہیں۔	۷۷
جھوٹے کو کبھی حقیقی فلاح حاصل نہیں ہو سکتی۔	۷۸
بت پرستی بے اصل ہے۔	〃
مذہبوں کا اختلاف بعد کی پیداوار ہے پہلے تمام انسانوں کا مذہب ایک تھا	۷۹
نبی کی صداقت پر نشانی کا بیجا مطالبہ	۸۰
کیا اتنی بڑی مصیبت ٹلنے کے بعد تمہیں کسی اور نشانی کی ضرورت ہے	۸۱
اگر ایسا ہے تو آخر وقت کا انتظار کرو	
ایک نشانی جو خود انسان کے اندر موجود ہے	۸۳
دنیا چند روزہ ہے پھر پلٹ کر اللہ کی طرف جانا ہے۔	۸۴
دنیا کی زندگی کی ایک مثال	۸۶
انسان کی منزل جنت ہے جو اللہ کی رضا کا تحفہ ہے۔	۸۷
نیک عمل والوں کو اللہ تعالیٰ بہترین بدلہ اور اپنا دیدار نصیب فرمائیں گے۔	۸۷
بدکاروں کو ان کے جرم کے مطابق سزا دی جائے گی۔	۸۸
میدانِ حشر میں مشرکین کا حشر۔	۸۹
جن کو معبود بنایا تھا وہ اللہ کو گواہی میں پیش کریں گے۔	۹۰
اللہ کی عدالت میں ہر شخص اپنے کئے کا مزہ چکھ لے گا۔	〃
اللہ ہی رب حقیقی ہے۔	۹۱
تمہاری بندگی کا حقدار صرف اللہ ہے۔	۹۳
کھلی کھلی دلیلوں کے باوجود جنکو نہیں ماننا ہے وہ نہیں مانیں گے۔	〃
اے پیغمبر ڈنکے کی چوٹ کہو کہ جس نے پہلے پیدا کیا وہ دوبارہ بھی پیدا کرے گا	〃
اللہ تعالیٰ ضروریاتِ زندگی کی کفالت ہی نہیں کرتے بلکہ انسانوں کو ہدایت و رہنمائی بھی عطا فرماتے ہیں	۹۵
مذہب کا معاملہ اٹکل پچو نہیں ہے۔	〃
قرآن بلاشبہ فرمانروائے کائنات کا کلام ہے اور پچھلی کتابوں کی تصدیق کرتا ہے۔	۹۶
اگر تم اس کو پیغمبر کی تصنیف سمجھتے ہو تو اس جیسی ایک سورت بنا کر لاؤ۔	۹۹
قرآن کو جھٹلانے کی کوئی معقول وجہ نہیں ہے	〃
اللہ تعالیٰ شرارتی لوگوں کو خوب جانتے ہیں۔	〃
یہ اپنے عمل کے خود ذمہ دار ہیں۔	〃
کچھ سننے والے سنکر بھی نہیں مانتے۔	۱۰۰
انکی آنکھیں ہیں مگر دیکھتے نہیں۔	〃
یہ لوگ خود اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں۔	۱۰۲
دنیا کی زندگی ایک گھڑی سے زیادہ نہیں ہے۔	〃
اللہ کا دین غالب ہو کر رہے گا۔	〃
رسول کے آنے کے بعد حجت پوری ہو جاتی ہے۔	۱۰۴
عذاب کا وعدہ کب پورا ہوگا۔	〃
فیصلے کا نفاذ اللہ کی مشیت پر ہے۔	〃
کیا عذاب بھی کوئی مانگنے کی چیز ہے۔	۱۰۶
کیا جب عذاب سر پر آ پڑے گا جب ہی مانو گے۔	۱۰۶
حق کا انکار کرنے والوں کو ہمیشہ کے عذاب کا مزہ چکھایا جائے گا۔	〃
تعجب سے پوچھتے ہیں کیا واقعی ہم مرنے کے بعد زندہ کئے جائیں گے۔	۱۰۸
روئے زمین کی ساری دولت دیکر بھی وہ اپنے آپکو نہ بچا سکیں گے۔	〃
زمین و آسمان میں ہر جگہ اللہ کی فرماں روائی ہے۔	〃
زندگی اور موت کا مالک اللہ ہے۔	۱۰۹
قرآن مجید سامانِ ہدایت اور دل کے روگوں کی دوا ہے۔	〃
تمہیں اللہ کی اس نعمت پر خوش ہونا چاہیئے۔	۱۱۱
حلال و حرام کا فیصلہ کرنا اللہ کا کام ہے	〃
اللہ نے رہنمائی فرما کر ہم پر مہربانی کی ہے۔	〃
اللہ کو ذرّے ذرّے کا علم ہے۔	۱۱۳
اللہ کے وفاداروں کو کسی غم اور خوف کی ضرورت نہیں۔	〃

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے راہِ تقویٰ اختیار کی۔	۱۱۴
اللہ کے وفاداروں کے لئے بلاشبہ دنیا و آخرت کی بشارتیں ہیں۔	″
اے نبی ﷺ آپ ان کی باتوں سے دل گرفتہ نہ ہوں۔	۱۱۷
خدا کی خدائی میں کوئی شریک نہیں ہے۔	″
دن رات کی گردش میں اللہ کی نشانیاں۔	″
مذہب کی بنیاد قیاس و گمان پر نہیں علم پر ہے۔	″
افترا پردازی کرنے والے کامیاب نہیں ہو سکتے۔	۱۱۸
اللہ پر جھوٹ باندھنے والے دنیا و آخرت میں رسوا ہونگے۔	″
حضرت نوح ؑ کے واقعے میں عبرت کا سامان ہے۔	۱۲۰
قوم نے حضرت نوح ؑ کی نصیحت نہیں مانی ان کا کیا بگاڑا اپنا ہی نقصان کیا۔	″
نوح اور نوح کے ماننے والے بچ گئے اور جھٹلانے والے ڈوب گئے۔	۱۲۲
ہر دور میں پیغمبر آتے رہے، ماننے والوں نے مانا نہ ماننے والوں نے نہیں مانا	″
حضرت موسیٰ اور ہارون کو فرعونیوں کے سمجھانے کیلئے بھیجا گیا۔	۱۲۴
فرعونیوں نے حق کو جادو کہہ کر ماننے سے انکار کر دیا۔	″
رسول اور جادوگر کا فرق	″
بندگیٔ حق کی دعوت سے نظامِ باطل کو خطرہ۔	۱۲۵
ماہر جادوگروں کی طلبی۔	۱۲۵
جادوگروں کی طرف سے پہل۔	۱۲۶
جادوگروں کا جادو۔	″
سچائی ہمیشہ غالب رہتی ہے۔	۱۲۸
حق و باطل کی اس کشمکش میں بہت کم لوگ حضرت موسیٰ ؑ کا ساتھ دے سکے۔	″
اہل ایمان کو اللہ کے سوا کسی سے نہ ڈرنا چاہیئے۔	″
حضرت موسیٰ ؑ کی نصیحت پر مومنین صادقین کا جواب۔	۱۳۰
ظالموں کی محکومی سے نجات کی دعا	″
اہل ایمان میں اجتماعی نظام قائم کرنے کیلئے پہلا قدم۔	″
مال و جاہ آزمائش کے لئے ہے۔	۱۳۲
اہل باطن کی ظاہری شان و شوکت سے متاثر نہ ہوں۔	″
فرعون کی غرقابی۔	۱۳۴
عذابِ خداوندی کے بعد فرعون کا ایمان ناقابلِ قبول۔	″
فرعون کی لاش کو نشانِ عبرت بنا دیا گیا۔	۱۳۵
بنی اسرائیل نے نئے نئے فرقے بنا ڈالے۔	۱۳۷
قرآن کی دعوت وہی ہے جو پچھلی کتابوں کی تھی۔	۱۳۹
اللہ کی نشانیوں کو جھٹلا کر نقصان مت اٹھاؤ	″
جھٹلانے کا وہ مقام جب دل پر مہر لگ جاتی ہے	۱۴۰
ایسے ہٹ دھرم جو مان کر نہیں دیتے۔	۱۴۰
قوم یونس کا ایمان لانا جو آثارِ عذاب کے بعد بھی معتبر ہوا۔	۱۴۲
اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کو ایمان لانے یا نہ لانے کا اختیار دیا ہے۔	۱۴۴
طالبِ حق کو توفیق دی جاتی ہے۔	″
حق کی نشانیاں انہیں کے لئے ہیں جو ایمان لانا چاہتے ہیں۔	″
جو لوگ دیکھنے کے باوجود نہ دیکھیں اب وہ اللہ کے عذاب کا انتظار کریں	۱۴۵
جھوٹے عذاب میں مبتلا ہوتے ہیں اور سچے لوگوں کو بچا لیا جاتا ہے۔	″
معبودِ حقیقی وہ ہے جو موت و حیات کا مالک ہے۔	۱۴۶
یکسو ہو کر دین پر جم جاؤ کسی قسم کے شرک کے لئے کوئی جگہ باقی نہیں ہے	۱۴۷
جو نفع نقصان کے مالک نہیں ہیں وہ معبود کیسے ہو سکتے ہیں۔	″
اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہیں۔	۱۴۸
حق واضح ہو چکا ہے حجت پوری ہو چکی ہے۔	۱۴۹
اہل باطل کی ایذا رسانیوں سے رنجیدہ نہ ہوں۔	۱۵۰
سُوْرَۃُ هُوْد	۱۵۱
خلاصہ مضامین۔	″
قرآن مجید کی عظمت و خصوصیات۔	۱۵۴
قرآن مجید کے نازل کرنیکا مقصد۔	″
دونوں جہاں کی حقیقی عزت اور کامیابی اللہ کے راستے پر چلنے میں ہے۔	۱۵۷

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
آخرت یقینی ہے۔	۱۵۷
اللہ تعالیٰ کو ہر کھلی چھپی چیز کا علم ہے۔	〃
پارہ ۱۲	۱۵۹
اللہ تعالیٰ ہر ایک کو رزق دیتا ہے اور ہر ایک کے بارے میں جانتا ہے۔	۱۶۰
اللہ تعالیٰ نے کائنات کو انسان کے لئے اور انسان کو امتحان کے لئے پیدا کیا ہے۔	〃
اللہ کا عذاب اپنے مقررہ وقت پر آئیگا۔	۱۶۱
انسان بڑا چھچورا ہے۔	۱۶۲
انسان کو مصیبت کے بعد نعمت ملتی ہے تو اکڑنے لگتا ہے۔	〃
نیکو کار بندے صابر و شاکر ہوتے ہیں۔	۱۶۴
حضرت محمد ﷺ کی بے پناہ استقامت۔	〃
قرآن مجید کا چیلنج قرآن جیسا کلام بنا کر دکھاؤ۔	۱۶۵
قرآن یقیناً اللہ کا کلام ہے۔	۱۶۶
دنیا پرستوں کے اعمال کا بدلہ دنیا میں ہی مل جائے گا۔	۱۶۹
دنیا کے طلبگاروں کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔	〃
اسلام کی حقانیت کی گواہ خود انسانی فطرت اور دوسری شہادتیں ہیں۔	〃

عنوان	صفحہ
اللہ کی طرف جھوٹ کی نسبت کرنا سب سے بڑا جرم ہے۔	۱۷۰
اللہ کے کلام کو جھٹلانے والے آخرت کے منکر اللہ کے راستے سے روکنے والے ان سب پر اللہ کی لعنت ہے۔	۱۷۲
بلا دلیل اللہ کی طرف غلط باتیں منسوب کرنے والے خود گمراہ ہوئے دوسروں کو گمراہ کیا۔	〃
انکے لئے ابدی عذاب ہے۔	〃
آخرت میں سب سے زیادہ گھاٹے میں رہنے والے۔	〃
جنت والے لوگ۔	۱۷۴
حق پرست اور باطل پرست کے طرز عمل اور انجام دونوں میں فرق ہے۔	〃
حضرت نوح ؑ کو خبردار کرنے کے لئے بھیجا گیا تھا۔	〃
حضرت نوح ؑ کی دعوت۔	〃
رسول کامل سیرت کا انسان ہوتا ہے۔	۱۷۶
حضرت نوح ؑ کا جواب۔	〃
میں تم سے کسی اجر کا طلبگار نہیں ہوں	۱۷۷
مخلص بندوں کو میں کیسے دھتکار دوں۔	۱۷۹
حضرت نوح ؑ نے کہا بیشک میں انسان ہوں مگر اللہ کا رسول ہوں	〃
بہت جھگڑ چکے اب عذاب لے آؤ۔	〃
عذاب دینا اللہ کے اختیار میں ہے۔	۱۸۰
اگر تم بھٹکنا چاہو تو میری کوشش کارگر نہ ہو سکے گی۔	〃

عنوان	صفحہ
اگر حضرت نوح کا قصہ میں نے گھڑا ہے تو اس کا ذمہ دار میں ہوں مگر تمہارا جرم اپنی جگہ ہے۔	۱۸۲
قوم نوح کو جتنی مہلت دینی تھی دی جا چکی۔	〃
حضرت نوح کو کشتی بنانے کا حکم	〃
قوم نوح کے لوگ کشتی بنانے پر ہنستے تھے۔	۱۸۳
بس اب عذاب آنے ہی والا ہے۔	۱۸۵
طوفان آ پہنچا۔	〃
اللہ کا نام لیکر کشتی میں سوار ہو جاؤ۔	۱۸۶
حضرت نوح کی اپنے بیٹے کو نصیحت۔	〃
پسر نوح کا جواب۔	۱۸۷
آخر طوفان تھم گیا۔	۱۹۰
بیٹے کے حق میں حضرت نوح کی درخواست۔	〃
اللہ تعالیٰ کا حضرت نوح کو جواب۔	〃
حضرت نوح کی توبہ	〃
اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضرت نوح ؑ کو بشارت	۱۹۱
اے محمد ﷺ حضرت نوح کی طرح آپکا بھی بول بالا ہو گا۔	۱۹۲
اللہ تعالیٰ نے حضرت ہود ؑ کو قوم عاد کے لئے پیغمبر مقرر کیا۔	۱۹۴
حضرت ہود نے کہا کہ اس دعوت میں میری ذاتی غرض شامل نہیں ہے۔	〃
آجاؤ اپنے رب کی طرف پلٹ آؤ کامیابی تمہاری منتظر ہے۔	〃
قوم عاد کی ہٹ دھرمی۔	۱۹۶
حضرت ہود پر آسیب کا الزام اور حضرت ہود کا جواب۔	〃

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
میرا جو بگاڑ سکتے ہو بگاڑ لو۔	۱۹۶
ہر چیز اللہ کے اختیار میں ہے۔	۱۹۸
میں اپنا فرض پورا کر چکا۔	〃
آخر اللہ کے عذاب نے قوم عاد کو جا لیا	〃
قوم عاد عبرت کا ایک نمونہ۔	۲۰۱
دونوں جہان کی لعنت قوم عاد پر۔	〃
قوم ثمود کے لئے حضرت ہود کو نبی بنانا اور ان کی دعوت۔	〃
قوم صالح کا جواب کہ جو پہلے سے ہوتا آرہا ہے اسکو بدلا نہیں جا سکتا۔	۲۰۲
تمہارے کہنے سے میں اللہ کے روشن راستے کو کیسے چھوڑ سکتا ہوں۔	۲۰۳
اللہ کی نشانی حضرت صالحؑ کی اونٹنی	۲۰۴
اونٹنی کا قتل اور حضرت صالحؑ کی تنبیہ۔	۲۰۵
قوم ثمود پر اللہ کا عذاب۔	〃
قوم ثمود پر عذاب کی نوعیت۔	۲۰۶
نافرمان قوم ثمود کا انجام	〃
حضرت لوط کے واقعہ کی تمہید حضرت ابراہیمؑ کا واقعہ۔	۲۰۸
فرشتوں کا نہ کھانا اور حضرت ابراہیمؑ کا خوف۔	〃
حضرت سارہ کو حضرت اسحٰق اور حضرت یعقوب کی بشارت	〃
حضرت سارہ کی حیرت انگیز فرحت	۲۰۹
حضرت ابراہیم کے گھر والوں کے لئے فرشتوں کی دعا۔	〃
قوم لوط کے بارے میں حضرت ابراہیم کا فرشتوں سے جھگڑنا۔	۲۱۰
حضرت ابراہیم کا حلم اور نرمی۔	〃

عنوان	صفحہ
اللہ کا عذاب قانون مکافات ہے ٹلنے والا نہیں ہے۔	۲۱۱
فرشتے حضرت لوط کے پاس پہنچے۔	۲۱۳
قوم لوط کی بے حیائی کی حرکتیں۔	〃
قوم لوط نے جواب دیا ہمیں لڑکیوں میں کوئی دلچسپی نہیں جو ہم چاہتے ہیں وہ تم جانتے ہو۔	〃
حضرت لوط کی شدید گھبراہٹ	۲۱۵
فرشتوں کی حضرت لوط کو تسلی اور عذاب کی اطلاع۔	〃
قوم لوط پر شدید عذاب	〃
ظالم آج بھی عذاب کی زد میں ہے۔	۲۱۸
اہل مدین کی اصلاح کے لئے حضرت شعیب کا تقرر۔	〃
حقوق العباد کی ادائیگی کرو۔	〃
رزق حلال کی برکت۔	〃
قوم شعیب کا طنز، کیا دینداری یہ ہے کہ سب چھوڑ کے اُسی ایک کے ہو جاؤ۔	۲۲۰
پاکیزہ روزی اور فہم و بصیرت اللہ کی قابلِ شکر نعمتیں ہیں۔	〃
جو پچھلی قوموں نے کیا وہ تم مت کرنا۔	۲۲۱
اپنے رب کی طرف رجوع کرو۔	〃
حضرت شعیب کی دردمندانہ باتوں کے باوجود قوم کی ہٹ دھرمی۔	〃
کیا اللہ کے بجائے برادری سے ڈرتے ہو۔	〃
اللہ کے عذاب کا انتظار کرو۔	〃
اللہ کا عذاب آپہونچا۔	۲۲۴

عنوان	صفحہ
قوم شعیب پر بھی ثمود کی طرح پھٹکار پڑی۔	۲۲۵
حضرت موسیٰؑ کی بعثت۔	۲۲۶
فرعونیوں کی گمراہی۔	〃
قیامت کے روز بھی فرعون ان کا پیشوا ہو گا۔	〃
دنیا میں بھی لعنت آخرت میں بھی لعنت	〃
یہ واقعات عبرت کے لئے ہیں۔	〃
گذشتہ قومیں خود اپنے کرتوتوں کی وجہ سے ہلاک کی گئیں۔	۲۲۷
اللہ کی پکڑ بڑی شدید ہوتی ہے۔	۲۲۹
قوموں پر عذاب کی تاریخ قانونِ مکافات کی دلیل ہے۔	〃
حساب کا دن مقررہ وقت پر آئیگا۔	〃
حساب کتاب کا وہ دن کیسا ہو گا۔	〃
بدبختوں کا حال۔	۲۳۰
بدنصیب ہمیشہ دوزخ میں رہینگے۔	〃
نیک بخت جنت میں رہینگے۔	۲۳۱
جھوٹے معبودوں کی پوجا پاٹ اندھی تقلید کے سوا کچھ نہیں ہے۔	۲۳۳
حق کی مخالفت پہلے بھی ہوتی رہی ہے۔	〃
اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال سے باخبر ہیں۔	۲۳۴
اپنی جگہ جمے رہو۔	〃
حق کے خلاف چلنے والوں کیطرف ذرا جھکاؤ نہ ہو۔	۲۳۶
تمہارا جھکاؤ اللہ کی طرف ہونا چاہیئے۔	〃
صبر اختیار کرو ثابت قدم رہو۔	〃
نیکی کا حکم دو اور برائی سے روکو۔	۲۳۸
قوموں کی تباہی کے اسباب۔	〃

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
حق و ناحق کا اختلاف کیوں۔	۲۴۰
اختیار کی آزادی کا صحیح استعمال کرنے والے جنت میں اور غلط استعمال کرنیوالے جہنم میں جائینگے	″
گذشتہ پیغمبروں کے واقعات بیان کرنے کی حکمت۔	۲۴۱
ہر گروہ اپنے اپنے طریقے پر چلتا رہے۔	۲۴۲
انجام کا انتظار کریں۔	″
اللہ کی سلطنت میں اندھیر نہیں ہے۔	″
سورۂ یوسف	۲۴۳
تعارف۔	″
قصۂ یوسف پر ایک طائرانہ نظر۔	۲۴۳
قرآن کا اللہ کی کتاب ہونا بالکل واضح ہے۔	۲۵۳
یہ کتاب پڑھنے کے لئے ہے اور سمجھنے کے لئے۔	″
اس واقعہ کا بیان جسکی آپ کو بھی خبر نہ تھی۔	″
حضرت یوسف کا خواب۔	۲۵۴
حضرت یعقوب کی نصیحت کہ اپنا یہ خواب اپنے بھائیوں کو مت بتانا	۲۵۶
حضرت یعقوب کی پیش گوئی کہ اللہ تم کو اپنے کام کے لئے منتخب کریگا۔	″
حضرت یوسف کے واقعہ میں سوال کرنے والوں کے لئے ہدایت و عبرت کی بہت سی نشانیاں ہیں۔	۲۵۸
برادرانِ یوسف کا حضرت یوسف سے حسد کرنا۔	۲۵۹

عنوان	صفحہ
حضرت یوسف کے خلاف انکے بھائیوں کی سازش۔	۲۵۹
یوسف کو کنویں میں پھینکنے کی تجویز۔	″
حضرت یعقوب کو اعتماد میں لینے کی تجویز۔	۲۶۰
حضرت یعقوب کو آمادہ کرنے کی کوشش کہ وہ یوسف کو ہمارے ساتھ بھیجیں۔	″
حضرت یعقوب کا اندیشہ کہ کہیں یوسف کو بھیڑیا نہ کھالے۔	۲۶۱
برادرانِ یوسف کا تسلی دینا کہ ہمارے ہوتے ہوئے ایسا کیسے ہوسکتا ہے۔؟!	″
برادرانِ یوسف نے ان کو کنویں میں پھینک دیا۔	۲۶۲
برادرانِ یوسف روتے پیٹتے باپ کے پاس آئے۔	۲۶۳
برادرانِ یوسف کی گھڑی ہوئی کہانی	″
حضرت یوسف کی قمیض پر جھوٹ موٹ کا خون۔	۲۶۴
قافلے کا حضرت یوسف کو کنویں سے نکالنا۔	۲۶۵
حضرت یوسف مصر کے بازار میں بیچے گئے۔	۲۶۶
حضرت یوسف عزیز مصر کے گھر میں۔	″
حضرت یوسف منصب نبوت پر۔	۲۷۰
حضرت یوسف کی سخت آزمائش۔	″
حضرت یوسف کی پاکبازی۔	″
حضرت یوسف کا قمیض پھٹ گیا۔	۲۷۱
حضرت یوسف کا الزام سے انکار۔	۲۷۲
قمیص پیچھے سے پھٹا ہو تو یوسف سچے ہیں۔	″
یوسف کی قمیص پیچھے سے پھٹی تھی۔	۲۷۳

عنوان	صفحہ
عزیز مصر کی طرف سے اس معاملہ میں درگزر کرنے کی درخواست۔	۲۷۳
شہر کی عورتوں میں زلیخا کی محبت کے چرچے۔	۲۷۶
عزیز مصر کی طرف سے عورتوں کی دعوت۔	″
جادو سر چڑھ کر بولا، زلیخا کی زبان سے حضرت یوسف کی پاکدامنی کا اقرار۔	″
حضرت یوسف کی اللہ سے درخواست۔	۲۷۷
حضرت یوسف کی دعا قبول ہوئی۔	۲۷۷
حضرت یوسف قید خانے میں۔	۲۷۹
قید خانے میں حضرت یوسف کی نیکی کے چرچے اور دو قیدیوں سے ملاقات۔	″
حکیمانہ انداز میں حضرت یوسف کی دعوتِ توحید۔	۲۸۰
دعوتِ یوسفی میں شرک کی نفی۔	۲۸۱
ایک آقا کا غلام ہونا بہتر ہے یا بہت سے آقاؤں کا۔	۲۸۳
توحید اور شرک کا فرق۔	″
خوابوں کی تعبیر۔	۲۸۴
بادشاہ سے حقیقت حال بیان کرنا۔	۲۸۶
شاہِ مصر کا خواب۔	″
اہلِ دانش خواب کی تعبیر نہیں بتا سکے۔	۲۸۸
شاہی ساقی کو حضرت یوسف کی یاد آئی۔	″
شاہی ساقی کا حضرت یوسف سے ملنا اور خواب بیان کرکے اس کی تعبیر معلوم کرنا۔	″
حضرت یوسف خواب کی تعبیر بتاتے ہیں۔	۲۹۱
خواب کے مطابق سات سال مشکلات کے آئینگے۔	″

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
ایک سال پھر خوشحالی کا آئیگا	۲۹۱
شاہِ مصر کی طرف سے حضرت یوسف کو بلاوہ اور حضرت یوسف کا جیل سے نکلنے سے انکار۔	″
شاہِ مصر کے سامنے مصر کی خواتین اور زلیخا کی حضرت یوسف کی پاکدامنی پر گواہی۔	۲۹۳
حضرت یوسف کی عالی ظرفی۔	″
پارہ ۱۳	۲۹۵
حضرت یوسف کی طرف سے اپنی بشری عاجزی کا اعتراف۔	۲۹۶
شاہ مصر کی پیش کش۔	″
حضرت یوسف نے بادشاہ کی پیشکش کو قبول کرلیا۔	″
حضرت یوسف کا ہمہ گیر اقتدار۔	۲۹۷
آخرت کا اجر کہیں زیادہ بہتر ہے۔	۳۰۰
حضرت یوسف کی خدمات اور بھائیوں سے ملاقات۔	″
حضرت یوسف کا حکم کہ اب کے آؤ تو بن یامین کو لیکر آنا۔	″
اب کے مرتبہ بھائی کو نہ لائے تو ہم سمجھیں گے تم جھوٹے ہو۔	″
برادرانِ یوسف کا وعدہ کہ ہم بھائی کو لانے کی کوشش کریں گے۔	″
حضرت یوسف کا بھائیوں پر احسان۔	۳۰۲
برادرانِ یوسف کی اپنے والد سے بن یامین کو اپنے ساتھ بھیجنے کی درخواست	″
حضرت یعقوب علیہ السلام کا جواب اب تم پر کیا بھروسہ کروں میرا اللہ نگہبان ہے۔	۳۰۲
برادرانِ یوسف غلّے کی دی ہوئی قیمت سامان میں واپس پاکر خوشی سے اچھل پڑے اور بن یامین کو ساتھ لیجانے کیلئے والد سے اصرار کرنے لگے۔	۳۰۳
حضرت یعقوب نے کہا مجھ سے بن یامین کی حفاظت کا وعدہ کرو۔	۳۰۴
حضرت یعقوب کی بیٹوں کو نصیحت کہ مصر میں الگ الگ دروازوں سے داخل ہونا۔	۳۰۷
تقدیر اور تدبیر۔	″
برادرانِ یوسف دوبارہ حضرت ؑ کے دربار میں۔	″
بن یمین کو روکنے کی تدبیر۔	۳۰۸
برادرانِ یوسف کا سوال تمہاری کیا چیز کھو گئی ہے۔	″
محافظین نے کہا شاہی پیالہ گم ہوگیا ہے۔	۳۰۹
برادرانِ یوسف کا جواب کہ ہم چور نہیں ہیں	″
محافظین کا سوال اگر تم جھوٹے نکلے تو کیا سزا ہے۔	۳۱۲
برادرانِ یوسف کا شریعتِ ابراہیمی کے مطابق جواب۔	″
اپنے بھائی کے روکنے کا موقعہ۔	″
یہ کیا اس کا بھائی بھی چور تھا۔	۳۱۳
برادرانِ یوسف کی درخواست کہ بن یمین کی جگہ ہم میں سے کسی کو رکھ لیجئے۔	۳۱۴
حضرت یوسف کا جواب کہ یہ بات انصاف کے خلاف ہے۔	۳۱۴
برادرانِ یوسف کا باہمی مشورہ۔	۳۱۶
تم لوگ جاؤ والد صاحب کو سب صورتِ حال بتا دو۔	″
واقعہ کی سچائی معلوم کرنے کے لئے آپ معتبر آدمیوں سے معلوم کرسکتے ہیں	۳۱۸
حضرت یعقوب کی استقامت۔	″
حضرت یعقوب صبر کا پہاڑ۔	″
آپ تو یوسف کو ہی یاد کرتے رہینگے۔	۳۲۰
دردِ دل کی شکایت صبر کے خلاف نہیں ہے۔	″
حضرت یعقوب کا بیٹوں کو حکم کہ جاکر یوسف اور اس کے بھائی کو تلاش کرو۔	″
برادرانِ یوسف دوبارہ مصر گئے۔	۳۲۱
بھائیوں کی حالت دیکھ کر حضرت یوسف ؑ تڑپ اٹھے۔	۳۲۲
کیا آپ ہی یوسف ہیں ؟۔	″
برادرانِ یوسف کی ندامت۔	۳۲۵
آج تم پر کوئی دارو گیر نہیں۔	″
پیراہنِ یوسفی کا اثر۔	″
حضرت یوسف کی خوشبو	۳۲۷
حضرت یعقوب ؑ کی ناقدری۔	″
حضرت یعقوب ؑ کی بینائی لوٹ آئی۔	″
گھر والوں کا اعترافِ خطا۔	۳۲۹
حضرت یعقوب کا وعدہ کہ میں تمہارے گناہوں کی بخشش کی دعا کروں گا۔	″
فلسطین سے بنی اسرائیل کا مصر منتقل ہونا۔	″
حضرت یوسف کی طرف سے والدین کی توقیر۔	۳۳۱
حضرت یوسف کی دلآویز دعا۔	۳۳۴

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
قصۂ یوسف حضرت محمدؐ کی نبوت کی سچائی کی دلیل ہے۔	۳۳۴
کیا انکار کرنے والے اس کے بعد بھی مان لیں گے۔	″
قرآن دنیا والوں کے لئے عام نصیحت ہے۔	″
زمین و آسمان میں اللہ کی بیشمار نشانیاں ہیں۔	۳۳۶
غفلت کا نتیجہ شرک ہے۔	″
عذاب خداوندی اور قیامت سے غافل کیوں ہیں۔	″
آپ کہدیں میرا راستہ توحید خالص کا ہے۔	۳۳۹
ہمارے سب رسول بشر تھے۔	″
نہ ماننے والوں کو تنبیہ	″
ماننے والوں کو بشارت	
انسان کی ہدایت و رہنمائی کیلئے جن چیزوں کی ضرورت ہے وہ سب قرآن میں موجود ہیں۔	۳۴۰
سورۃ الرعد	۳۴۱
نام و تعارف۔	″
قرآن مجید کلام برحق ہے۔	۳۴۵
آفاق میں اللہ کی قدرت کی نشانیاں۔	″
عالم ارضی میں اللہ کی قدرت اور حکمت کی بے شمار نشانیاں	۳۴۶
زمین کے خطوں کی رنگارنگی۔	۳۴۹
کیا وہ قادر مطلق موت کے بعد دوبارہ پیدا کرنے پر قادر نہیں ہے	″
باطل پرستوں کی طرف سے عذاب کا مطالبہ ہے۔ مگر	۳۵۱

عنوان	صفحہ
اللہ تعالیٰ حلیم و بردبار ہے۔	
مطلوبہ نشانی کا بیجا مطالبہ۔	
یہ اس خدا کی خدائی ہے جو ہر چیز کو جانتا ہے۔	۳۵۳
علم الٰہی کی لامحدود وسعت۔	″
اللہ کا علم ہر ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے۔	″
مسبب الاسباب کی پہرے داری اور قوموں کے عروج و زوال کا الٰہی دستور	۳۵۵
بادلوں کی گرج میں بھی اللہ کی نشانیاں ہیں۔	″
کڑکتی ہوئی تجلی اللہ کی قدرت کی نشانی ہے۔	۳۵۸
غیر اللہ سے حاجت مانگنے کی ایک مثال۔	″
زمین و آسمان میں ہر ہر چیز اللہ کی فرماں بردار ہے۔	″
اللہ ہی سب کا رب اور سب پر غالب ہے۔	۳۶۰
حق و باطل کی کشمکش کی مثال۔	۳۶۲
حق و باطل کا انجام۔	۳۶۴
حق و باطل یکساں نہیں ہیں۔	″
دانشمند عہد کا پاس کرتے ہیں۔	۳۶۶
اہل فہم تمام روابط کا پاس کرتے ہیں۔	″
اہل ایمان کی صفت۔	″
اہل ایمان کا اعزاز۔	۳۶۸
اہل ایمان کو ملائکہ کی بشارت۔	″
اللہ کے عہد کو توڑنے والے لعنت کے مستحق ہوں گے۔	″
دنیا کی خوشحالی کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ بارگاہ الٰہی میں بھی مقبول ہو۔	۳۷۰

عنوان	صفحہ
پھر وہی کرشماتی نشانی کا مطالبہ۔	۳۷۰
ایمان کا فائدہ دنیا میں بھی دلوں کا چین۔	۳۷۱
ایمان اور عمل صالح کا نتیجہ۔	۳۷۳
اللہ تعالیٰ اپنی شان رحمت کیوجہ سے ہر دور میں رسولوں کو بھیجتا رہا ہے۔	″
بات نشانیوں کی نہیں طلب حق کی ہے۔	۳۷۶
تم سے پہلے بھی رسولوں کو جھٹلایا گیا مگر ہم نے ان کو ڈھیل دی۔	″
خدائے واحد علیم و خبیر ہے۔	۳۷۸
گمراہوں کے لئے دونوں جہان کا عذاب ہے۔	″
پرہیزگاروں کے لئے جنت کی نعمتیں اور منکرین حق کیلئے دوزخ کا عذاب	۳۷۹
اسلام اللہ کا خالص اور بے میل دین ہے۔	۳۸۱
یہ قرآن عربی زبان میں ہے اور اسمیں جو علم عظیم ہے تم صرف اسی کی پیروی کرو۔	″
انسان ہونا رسول کا کمال ہے۔	۳۸۲
تمام آسمانی کتابوں کا سرچشمہ ایک ہے۔	۳۸۴
ہر اندیشے کو چھوڑ کر آپ اللہ کے دین کے کام میں لگے رہیں۔	″
باطل کے لئے زمین تنگ ہوتی جارہی ہے۔	″
باطل نے پہلے بھی تدبیریں کی تھیں مگر وہ ناکام رہی ہیں۔	۳۸۶
خاتم الانبیاء کی صداقت پر اللہ بھی گواہ ہے اور اہل علم بھی۔	″
سورۂ ابراہیم	۳۸۷

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
تعارف	۳۸۷
قرآن بڑی شان والی عظیم مقصد والی کتاب ہے۔	۳۹۰
حق کا یہ راستہ شہنشاہِ کائنات کا راستہ ہے، اس پر نہ چلنے والے سزا کا انتظار کریں۔	″
آخرت کے مقابلے میں دنیا کو ترجیح دینا ٹیڑھا پن ہے۔	۳۹۱
اللہ کی ہدایت کو واضح طور پر سمجھنے کے لئے ہر پیغمبر اپنی قوم کی زبان میں بات کرتا آیا ہے۔	۳۹۲
اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی ہدایت کیلئے ہمیشہ رسول بھیجتا رہا ہے۔	۳۹۵
قوم موسیٰ سخت آزمائش سے گذری۔	″
شکر سے نعمتیں بڑھتی ہیں اور ناشکری سزا کا سبب بنتی ہے۔	″
انسان کی شکر گزاری یا ناشکری سے اللہ کو کوئی فائدہ یا نقصان نہیں ہوتا۔	۳۹۷
اللہ بے نیاز ہیں مگر انکی رحمت کا تقاضا ہے کہ ہر دور میں رہبری کا انتظام کیا جاتا ہے۔	۳۹۸
انبیاء کرام کی طرف سے توحید و رسالت کی دعوت۔	۴۰۱
اسلام میں رسول کا تصور۔	″
انبیاء کرام کا اللہ پر بھروسہ اور ثابت قدمی۔	۴۰۳
نبوت کے دعوے کے بعد۔ کش مکش کا آغاز۔	″
اللہ کی زمین اللہ والوں کی ہے۔	″
ہر ظالم کا انجام یہی ہے۔	۴۰۴
ظالموں کا آخرت میں انجام۔	″
دوزخ کا بھیانک عذاب	۴۰۵
ایمان کے بغیر اعمال کی کوئی قدر و قیمت نہیں ہے۔	۴۰۷
کائنات کا نظام حق پر قائم ہے۔	″
اللہ کے لئے کچھ بھی دشوار نہیں۔	۴۰۹
آج کے یہ جھوٹے پیشوا آخرت میں کچھ کام نہ آسکیں گے۔	″
دوزخیوں کے مہان لیڈر ابلیس کی دوزخیوں کے سامنے تقریر	۴۱۱
اہل دوزخ کے مقابلے میں اہلِ ایمان پر اللہ کے انعامات	۴۱۳
کلمہ طیبہ کی مثال۔	″
کلمہ طیبہ کے مفید نتائج۔	″
نظام باطل کلمۂ خبیثہ کی طرح۔	۴۱۵
کلمۂ توحید اہل ایمان کی قوت ہے۔	″
دین حق کی نعمت کی ناشکری کرنیوالے۔	۴۱۶
وہ ہلاکت کا گھر جہنم کا عذاب ہے۔	″
علم حقیقی سے بغاوت۔	۴۱۹
اہل ایمان کی روش۔	″
اللہ کی کچھ بڑی بڑی نعمتوں کا تذکرہ۔	″
اللہ نے چاند سورج دن رات تمہارے لئے بنا دیئے۔	″
فطرت کی ہر مانگ کو پورا کرنیوالی اللہ کی بیشمار نعمتیں۔	۴۲۱
مکہ کی تاریخ اور حضرت ابراہیمؑ کی دعاؤں اور تمناؤں کو یاد کرو۔	″
صنم پرستی نے بہت سوں کو گمراہ کیا ہے۔	″
حضرت اسماعیل کے ذریعہ مکہ کی آبادی اور حضرت ابراہیم کی دعا۔	۴۲۳
اللہ تعالیٰ ہر چیز سے باخبر ہے۔	″
اولاد کی نعمت پر حضرت ابراہیمؑ کی شکر گزاری۔	۴۲۴
اولاد کیلئے دین پر قائم رہنے کی دعا۔	″
حضرت ابراہیم کی اپنے والدین کے لئے دعا۔	۴۲۶
اللہ کے یہاں دیر ہے اندھیر نہیں۔	″
محشر کے میدان میں ظالموں کی حالت کیا ہوگی۔	″
بس تھوڑی سی مہلت اور۔	۴۲۷
عبرت کے سامان تمہارے آس پاس ہی تھے۔	۴۲۹
انکی چالوں کی شکست بھی تم دیکھ چکے تھے۔	″
اللہ کے وعدے پورے ہو کر رہینگے۔	″
جب ایک دوسرا عالم برپا ہوگا۔	۴۳۱
میدان حشر میں مجرموں کا حال۔	۴۳۲
اہل دوزخ کا لباس۔	″
ہر انسان کو اسکے اعمال کا بدلہ ملیگا۔	″
یہ دین اللہ کا پیغام ہے۔	″
سورۃ الحجر	۴۳۳
تعارف	″
قرآن کی عظمت اور خصوصیت۔	۴۳۵
پارہ ۱۴	۴۳۷

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
منکرین حق کا پچھتاوا۔	۴۳۷
انکو جھوٹی امیدوں کے سہارے جینے دو۔	۴۳۸
ہمارا دستور مہلت دینے کا ہے۔	″
وقت سے پہلے سزا ملتی نہیں اور وقت کے بعد ٹلتی نہیں۔	۴۳۹
دیوانگی کے طعنے۔	″
اگر یہ سچے رسول ہیں تو ان کے ساتھ فرشتے کیوں نہیں آتے۔	۴۴۰
فرشتوں کا نزول اللہ کی حکمت کے ساتھ ہوتا ہے۔	″
قرآن ہم نے نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔	۴۴۱
رسول بہت سی گزری ہوئی قوموں میں بھیجے گئے ہیں۔	″
ہر رسول کا مذاق اڑایا گیا۔	۴۴۲
حق کے جھٹلانے والوں کے دلوں میں اللہ کا کلام تیر بنکر لگتا ہے۔	″
حق کے جھٹلانے والوں کا طریقہ یہی چلا آرہا ہے۔	۴۴۳
جن کو نہیں ماننا ہے وہ کسی حال میں نہیں مانیں گے۔	″
کہیں گے کہ ہم پر جادو ہے۔	۴۴۵
کائنات کی بناوٹ اس کے بنانے والے کا پتہ دیتی ہے۔	″
عالم بالا پر غیب کی خبروں تک کسی کی رسائی نہیں ہے۔	″
غیب کی سُن گن لینے والے کو روشن شعلے سے بھگا دیا جاتا ہے۔	″
قدرت کے نظام میں ضبط و توازن اسکی قدرت کی نشانی ہے۔	۴۴۷
تمہارے لئے زمین میں اسباب معیشت پیدا کئے۔	″
اللہ کے پاس ہر چیز کے خزانے ہیں۔	″
پانی کا حیرت انگیز نظام۔	۴۴۸
موت و حیات ہمارے قبضے میں ہے۔	″
پہلے والے بعد والے سب ہماری نگاہ میں ہیں۔	۴۵۰
اللہ تعالیٰ ایک دن سب کو ایک جگہ اکٹھا کرلے گا۔	″
اللہ نے انسان کو کیسے پیدا کیا۔	″
جنات کو آگ کی لپٹ سے پیدا کیا گیا۔	″
فرشتوں کو تخلیق انسانی کی اطلاع۔	۴۵۱
مٹی کا پتلا تیار ہو کر اس میں روح انسانی داخل ہو جائے تو تم سب اس کو سجدہ کرنا۔	″
اللہ کے حکم کے مطابق سب آدم کے سامنے سجدہ ریز ہو گئے۔	۴۵۳
ابلیس کا سجدہ کرنے سے انکار۔	″
تم نے سجدہ کیوں نہیں کیا۔	″
سجدے سے انکار کی دلیل۔	″
ابلیس کو نکال دیا گیا۔	″
لعنت یوم قیامت تک۔	″
ابلیس کی درخواست کہ مجھے مہلت دی جائے۔	″
ابلیس کی درخواست منظور ہوئی۔	۴۵۴
مہلت کی مدت قیامت کے دن تک ہے۔	″
ابلیس کا چیلنج۔	۴۵۴
آپ کے مخلص بندے شاید میرے جال میں نہ پھنسیں۔	۴۵۵
صراط مستقیم پر قائم رہنے والے۔	″
میرے بندوں پر تیری زبردستی نہیں چلے گی۔	″
گمراہوں کے لئے دوزخ کی وعید۔	۴۵۶
دوزخ کے سات دروازے۔	″
پرہیزگاروں کے لئے جنت کی نعمتیں	۴۵۸
نیک لوگوں کو کہا جائیگا کہ تم بیفکر ہو کر جنت میں داخل ہو جاؤ۔	″
جنت والوں کے دل ایک دوسرے کی طرف سے صاف ہونگے۔	″
جنت میں کوئی مشقت نہ ہوگی۔	″
اللہ تعالیٰ کی صفت رحمت۔	″
اللہ تعالیٰ کی صفت غضب۔	۴۶۰
جب فرشتے مہمان بن کر حضرت ابراہیمؑ کے پاس آئے۔	″
انسانی شکل میں فرشتوں کی حضرت ابراہیمؑ سے ملاقات۔	″
حضرت اسحاق کی بشارت	″
بیٹے کی بشارت پر حضرت ابراہیم کی حیرت۔	۴۶۲
ملائکہ کا جواب کہ آپ مایوس نہ ہوں۔	″
اللہ کی رحمت سے مایوسی گمراہی ہے۔	″
فرشتوں سے حضرت ابراہیم کا سوال کہ آپ کی مہم کیا ہے؟۔	″
فرشتوں نے کہا کہ ہم قوم لوط پر عذاب کیلئے بھیجے گئے ہیں۔	″

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
حضرت لوط کے گھر والے عذاب سے محفوظ رہیں گے۔	۴۶۲
لوط کے گھر والوں میں ان کی بیوی شامل نہیں ہے۔	۴۶۳
فرشتے انسانی شکل میں حضرت لوط کے گھر پہنچے۔	″
فرشتے اجنبی شکل میں تھے۔	″
فرشتوں نے کہا کہ ہم عذاب لے کر آئے ہیں۔	۴۶۵
ہم سچے ہیں حق کیساتھ آئے ہیں۔	″
حضرت لوط کو حکم کہ آپ اپنے گھر والوں کے ساتھ بستی چھوڑ کر چلے جائیں۔	″
صبح تک ساری قوم کا نام ونشان مٹ جائے گا۔	″
خوبصورت لڑکوں کے بارے میں سنکر قوم لوط کی بے تابی۔	″
حضرت لوط نے کہا یہ لوگ میرے مہمان ہیں کچھ تو خیال کرو۔	۴۶۷
حضرت لوط نے کہا اللہ سے ڈرو۔	″
قوم لوط کی ڈھٹائی۔	″
حضرت لوط نے سمجھانے کی کوشش کی۔	″
قوم لوط اپنے نشے میں مدہوش تھی۔	″
آخر عذاب نے ان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔	″
قوم لوط پر عذاب کی صورت۔	۴۶۹
ان واقعات میں عبرت کے پہلو ہیں۔	″
قوم لوط پر عذاب کی جگہ عام گذرگاہ پر واقع ہے۔	″

عنوان	صفحہ
اہل ایمان کے لئے سامان عبرت۔	۴۶۹
ایکہ والوں کا ظالمانہ رویہ۔	″
ایکہ والوں پر عذاب۔	۴۷۰
حجر والوں کا انجام۔	″
ہم نے انکو اپنی نشانیاں دکھائیں۔	۴۷۱
یہ لوگ پہاڑ کو تراش کر مکانات بناتے تھے۔	″
آخر اللہ کے عذاب نے انکو آن پکڑا۔	۴۷۳
مضبوط عمارتیں ان کے کچھ کام نہ آئیں۔	″
زمین وآسمان کی تخلیق حق پر ہوئی ہے۔	″
رب کو سب کچھ علم ہے۔	″
سبع مثانی اور قرآن عظیم کی دولت۔	۴۷۵
ان کی دولت پر نظر نہ کرو۔	″
آپ کا کام خبردار کرنا ہے۔	″
دین کے ٹکڑے ٹکڑے کرنیوالوں کو بھی ہم نے اسیطرح خبردار کیا تھا۔	″
اہل قرآن کو تنبیہ۔	۴۷۶
سوال ان سب سے ہوگا۔	″
عمل کے بارے میں سوالات ہونگے۔	″
آپ اللہ کا پیغام پہنچاتے رہیں۔	۴۷۷
مذاق اڑانے والوں کی خبر لینے کے لئے ہم کافی ہیں۔	″
اللہ کے ساتھ شرک کرنے والے جلد ہی دیکھ لیں گے۔	″
ہم جانتے ہیں کہ آپ کے دل کو ان کی حرکتوں سے تکلیف ہوتی ہے۔	۴۷۸
آپ کی پریشانی کا علاج اللہ کا ذکر ہے۔	″

عنوان	صفحہ
آپ اخیر تک بندگی رب میں لگے رہیں۔	۴۷۸
سورۃ النحل	۴۷۹
تعارف۔	″
فیصلے کی گھڑی آپہونچی۔	۴۸۲
اللہ تعالے جس کو چاہتے ہیں اپنا رسول مقرر کرتے ہیں۔ اور اس پر اپنی وحی نازل کرتے ہیں۔	″
زمین وآسمان کا نظام اللہ کی گواہی دے رہا ہے۔	۴۸۲
ذرا انسان اپنی تخلیق پر غور تو کرے۔	″
مختلف جانوروں کے فائدے۔	۴۸۴
جانوروں کے چرنے کیلئے جانے آنے میں بھی ایک خاص رونق ہوتی ہے	″
جانوروں سے باربرداری کا فائدہ بھی ہوتا ہے۔	۴۸۶
بہت سے جانور سواری کے کام آتے ہیں۔	″
مادی زندگی کے لئے انتظامات کے ساتھ اللہ نے انسان کی ہدایت کا بھی انتظام فرمایا ہے۔	۴۸۷
اللہ آسمان سے پانی برساتا ہے۔	۴۸۹
پانی کے اس نظام میں غور کرنے والوں کیلئے اللہ کی نشانیاں موجود ہیں۔	″
دن رات کا ہونا چاند سورج کا مسخر ہونا یہ بھی اللہ کی نشانی ہے۔	″
زمین میں تمہارے لئے طرح طرح کی مخلوقات ہیں۔	۴۹۱

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
اب ذرا سمندری مخلوقات پر نظر ڈالو۔	۴۹۱
پہاڑوں اور دریائی راستوں کو دیکھو۔	〃
زمین میں مختلف قسم کی علامتیں اور رہنمائی کے لئے ستارے	۴۹۲
پھر کیا خالق و مخلوق برابر ہو سکتے ہیں۔	〃
اللہ کی نعمتیں اَن گنت ہیں۔	۴۹۴
یہ فیاضی ہے بے خبری نہیں۔	〃
یہ کیسے معبود ہیں جو خود مخلوق ہیں	〃
بھلا مُردوں کی پوجا جنھیں یہ بھی معلوم نہیں کہ انہیں کب زندہ کر کے اٹھایا جائے گا۔؟	〃
اللہ کی وحدانیت کی روشن اور ناقابل انکار دلیلیں موجود ہیں مگر۔	۴۹۵
ان کا گھمنڈ ان کو لے ڈوبے گا۔	〃
منکرین حق کا قرآن کے ساتھ مذاق۔	۴۹۷
منکرین حق اپنے ساتھ دوسروں کا بوجھ بھی ڈھو رہے ہیں۔	〃
حق کے خلاف یہ مکاریاں نئی نہیں ہیں۔	〃
قیامت کے دن بھی یہ لوگ رسوا ہوں گے۔	۴۹۸
حق کے انکار پر ڈٹے رہے آخر اسی حالت میں موت کا وقت آگیا۔	۴۹۹
جاؤ اپنے ٹھکانے پر جہنم میں۔	〃
پرہیزگاروں کا حال۔	۵۰۰
نیک لوگوں کے لئے جنت کی نعمتیں۔	۵۰۲
موت کے وقت نیک لوگوں کا اکرام۔	〃
منکرین حق کو بہت سمجھایا جا چکا اب موت کے انتظار کے سوا رہ کیا گیا ہے۔	〃

عنوان	صفحہ
ان کے کرتوتوں کی خرابیاں ان کے سامنے آئیں۔	۵۰۵
اللہ نے انسان کو با ارادہ اور با اختیار مخلوق بنایا ہے۔	〃
اللہ کے رسولوں نے سمجھانے میں کمی نہیں کی۔	〃
انسان خود ارادہ نہ کرے تو اللہ بھی ہدایت نہیں دیتے۔	۵۰۷
حیات بعد الموت کا انکار لاعلمی ہے۔	〃
حیات بعد الموت ایک عقلی اور اخلاقی ضرورت ہے۔	〃
اللہ کے لئے دوبارہ پیدا کرنا کوئی مشکل نہیں۔	۵۰۹
اللہ کی خاطر ہجرت کرنیوالوں کے مرتبے۔	〃
اللہ کی خاطر صبر کرنے والوں کا مقام۔	〃
رسول ہر زمانے میں بھیجے جاتے رہے ہیں۔	۵۱۲
رسول ہر زمانے کے لئے نمونہ رہے ہیں۔	〃
کیا منکرین حق اللہ کے عذاب سے نڈر ہو گئے ہیں۔	〃
اللہ تعالیٰ کسی وقت بھی پکڑ سکتے ہیں۔	〃
قدرت کے باوجود اللہ تعالیٰ مہربان ہیں۔	〃
ہر چیز اللہ کے قانون سے بندھی ہے۔	۵۱۴
زمین و آسمان کی تمام چیزیں اللہ کے سامنے سجدہ ریز ہیں	〃

عنوان	صفحہ
فرشتے اپنے رب سے بچتے ہیں اور اس کا حکم بجا لاتے ہیں۔	۵۱۴
ایک سے زیادہ معبود نہیں ہو سکتے۔	۵۱۶
ساری کائنات کا دین ایک ہے۔	〃
توحید کی ایک شہادت یہ بھی ہے کہ انسان مصیبت کیوقت اللہ ہی کو پکارتا ہے۔	〃
مصیبت ٹل جاتی ہے تو اللہ کو بھول جاتا ہے۔	〃
دوسروں کی نیازمندی اللہ کی ناشکری ہے۔	۵۱۸
بلا دلیل اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے کی سزا ملکر رہے گی۔	〃
اپنے لئے بیٹے اللہ کیلئے بیٹیاں۔	〃
بیٹی پیدا ہونے کی خبر پر چہرہ اُتر جاتا ہے۔	۵۲۰
خدا کے لئے بیٹیاں یہ کہاں کا انصاف ہے۔	〃
یہ وہ لوگ ہیں جن کا آخرت پر ایمان نہیں ہے۔	〃
ڈھیل تو ہے مگر مقررہ مدت تک۔	۵۲۲
جھوٹی آرزوئیں جھوٹے خواب۔	〃
ہر دور میں پیغمبروں کو جھٹلایا گیا ہے۔	۵۲۳
قرآن صداقت کی پائیدار بنیاد سامنے رکھتا ہے۔	۵۲۶
مُردہ زمین کی طرح مُردہ انسانوں کو بھی دوبارہ زندہ کیا جائیگا۔	〃
اللہ کی قدرت کے نشان چوپائے میں بھی پائے جاتے ہیں۔	〃

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
پھلوں کی پیداوار میں بھی اللہ کی نشانی موجود ہے۔	۵۲۶
شہد کی مکھی میں اللہ کی نشانیاں موجود ہیں۔	۵۲۷
شہد کی مکھی کے نظام اور طریقہ کار میں اللہ کی نشانی پائی جاتی ہے۔	۵۳۰
موت وحیات اور انسانی وجود کے مختلف مرحلوں میں اللہ کی نشانیاں پائی جاتی ہیں۔	〃
کیا مالک اور غلام برابر ہیں۔	۵۳۲
اللہ تعالیٰ کے احسانات۔	〃
اللہ کے سوا کوئی اور عبادت کا مستحق کیسے ہوسکتا ہے۔	〃
اللہ کو دنیوی بادشاہوں پر قیاس مت کرو۔	۵۳۶
اللہ تعالیٰ مثال کے ذریعہ تمہیں بات سمجھاتا ہے۔	〃
دوسری مثال	
غیب کا علم صرف اللہ کو ہے قیامت کے وقت کا بھی اسی کو پتہ ہے۔	۵۲۸
انسان اپنے وجود پر غور کرے اسمیں بھی اللہ کی بیشمار نشانیاں ہیں۔	〃
فضا میں اڑتے ہوئے پرندے ان میں بھی اللہ کی نشانیاں ہیں۔	〃
انسانوں کے رہنے کے لئے ٹھکانا اسمیں بھی اللہ کی نشانی ہے۔	۵۳۹
موسم کے لحاظ سے سردی گرمی سے بچانے والی بہت سی چیزیں اللہ نے بنائی ہیں۔	۵۴۱
پیغمبر کی ذمہ داری پہونچانا ہے کوئی مانے یا نہ مانے۔	۵۴۱
اللہ کے احسانوں کو پہچاننے کے بعد ہی اکثر اس کے منکر ہیں۔	〃
فیصلے کے دن کا انتظار کرو۔	۵۴۳
اللہ کا فیصلہ آخری فیصلہ ہوگا۔	〃
معبودانِ باطل وہاں کچھ کام نہ آئیں گے۔	〃
وہاں سب لن ترانیاں بھول جائینگے۔	۵۴۵
راہِ خدا میں روکنے کی وجہ سے دوگنا عذاب دیا جائیگا۔	〃
اللہ کی عدالت میں ہر پیغمبر کی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اپنی امت کے لئے شہادت۔	〃
انسانی معاشرے کی فلاح کے لئے تین بنیادی چیزیں۔	۵۴۶
عہد کی پابندی۔	۵۴۸
عہد وپیمان تمہارے کردار کی آزمائش ہیں۔	۵۵۰
انسانی آزادی اور اختیار کو چھیننے کا کسی کو حق نہیں ہے۔	۵۵۳
اخلاق اور معاملات کی خرابی دینِ حق کی راہ میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔	〃
آخرت کی بے بہا دولت کو حقیر دنیا کے بدلے میں مت بیچو۔	〃
حسنِ عمل کے بہترین نتائج آخرت میں سامنے آئیں گے۔	〃
پاکیزہ زندگی آخرت کے ساتھ دنیا میں بھی کامیابی لاتی ہے۔	۵۵۵
قرآن مجید سے رہنمائی کے لئے شیطان سے اللہ کی پناہ مانگو۔	〃
اللہ پر بھروسہ کرنے والوں پر شیطان کا زور نہیں چل سکتا۔	〃
شیطان کی سرپرستی۔	۵۵۷
قرآن مجید میں احکام کے مختلف پہلو پائے جاتے ہیں۔	〃
قرآن بلاشبہ اللہ کا کلام ہے۔	〃
قرآن میں کسی بشر کا کوئی دخل نہیں۔	۵۵۸
کھلی نشانیوں کے باوجود جو شخص سچائی کو نہیں مانتا اللہ بھی اسکو زبردستی ہدایت نہیں دیتے۔	۵۵۹
اللہ کی نشانیوں کو نہ ماننے والے جھوٹ گھڑا کرتے ہیں۔	〃
سب کچھ سہہ کر ایمان پر قائم رہنا اعلیٰ درجہ ہے مگر رخصت کی گنجائش بھی ہے۔	۵۶۱
فیصلہ یہ کرنا ہے کہ دنیا پسند ہے یا آخرت۔	〃
دنیا کی محبت نے انکے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت ختم کردی ہے	۵۶۲
یہ دنیا کا ہی نہیں آخرت کا بھی نقصان ہے۔	〃
وہ بھی ہیں جنھوں نے وطن چھوڑدیا مگر ایمان نہیں چھوڑا۔	〃
پورا پورا بدلہ اللہ کے یہاں ملیگا۔	〃
اللہ کی نعمتوں کی ناقدری کا نتیجہ۔	۵۶۵

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
اللہ کی عظیم نعمت بعثتِ رسول۔	۵۶۵
اللہ کی بندگی کا تقاضا شکرِ نعمت۔	۵۶۷
حلال و حرام میں اللہ کی اطاعت۔	〃
حرمت و حلت کا اختیار صرف اللہ کو ہے۔	〃
دنیا کا عیش چند روزہ ہے۔	۵۶۹
بعض اوقات کوئی چیز، کسی حکمت کی بنا پر وقتی طور پر حرام کر دی جاتی ہے۔	〃
نادانی کی وجہ سے نافرمانی کر بیٹھے اور پھر توبہ کر لے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کر لیتے ہیں۔	〃
حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنی ذات میں ایک امت تھے۔	۵۷۰
حضرت ابراہیم اللہ کے شاکر بندے اور صراطِ مستقیم پر قائم تھے۔	〃
حضرت ابراہیم ؑ کو دنیا و آخرت کی بھلائیاں دی گئیں۔	۵۷۲
اللہ کی شریعت میں تضاد نہیں۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابراہیم ؑ کے طریقے پر ہیں۔	〃
سبت کا قانون۔	〃
دعوت و تبلیغ میں تین اصولوں کا لحاظ رکھا جائے۔	۵۷۴
بدلے کی گنجائش ہے مگر صبر بہتر ہے۔	〃
ان کی چالبازیوں سے تنگ دل مت ہو۔	۵۷۶
اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔	۵۷۶
پارہ ۱۵	۵۷۷
سورۂ بنی اسرائیل	〃
تعارف۔	〃
معراج کے واقعہ پر ایک نظر۔	۵۷۹
اَسریٰ کا لفظ جسمانی معراج کی دلیل ہے۔	۵۸۸
حضرت موسیٰ ؑ کے ذریعہ ہم نے بتایا تھا کہ اپنے معاملات صرف اللہ کے سپرد کرنا۔	۵۸۹
تم کشتیٔ نوح میں سوار ہونے والوں کی اولاد ہو۔	〃
بنی اسرائیل کو تنبیہ۔	۵۹۰
بنی اسرائیل کا جرم اور اسکی سزا۔	۵۹۲
بنی اسرائیل کو ایک موقعہ اور دیا گیا۔	〃
جتنا تم نے اچھا کیا تھا اس کا اچھا نتیجہ سامنے آیا۔ اب دوبارہ بگڑے ہو تو اس کا نتیجہ بھی بھگتو۔	۵۹۴
اپنی روش نہ بدلی تو پھر یہی ہوتا رہے گا۔	〃
قرآن سارے عالم انسانیت کی رہنمائی کرتا ہے۔	۵۹۶
آخرت پر ایمان کی اہمیت۔	〃
٭ ٭ ٭	
ناعاقبت اندیش انسان خیر کے بجائے شر مانگتا ہے۔	۵۹۷
یکسانی اور یک رنگی کے لئے بے چین نہ ہو۔	۵۹۸
خوش نصیبی اور بدبختی کے اسباب خود انسان کے اندر ہیں۔	〃
پڑھو اپنا اعمال نامہ۔	۶۰۰
ہر شخص اپنے عمل کا خود ذمہ دار ہے۔	〃
جب اصلاح کی کوئی تدبیر باقی نہیں رہتی تب اللہ کی طرف سے عذاب کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔	〃
حضرت نوح کی قوم اور اس کے بعد کتنی ہی قومیں اسیطرح ہلاکت میں مبتلا ہوئیں۔	۶۰۲
دنیا کے طلبگار کو دنیا اور آخرت کے طالب کو آخرت ملے گی۔	〃
وہ مومن جو آخرت کے طلبگار ہیں۔	〃
دنیا میں سامانِ زندگی سب کو دیا جا رہا ہے۔	۶۰۴
دنیا کی طرح آخرت میں بھی فضیلت کے مراتب ہونگے۔	〃
آخرت کی کامیابی کی پہلی شرط توحید پر ایمان	〃
اسلامی زندگی کا دوسرا اصول عبادت و اطاعت صرف اللہ کی اور والدین کیساتھ حسنِ سلوک	۶۰۶
والدین کی پوری تعظیم کرو۔	〃
٭ ٭ ٭	

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
والدین کی تعظیم اخلاص نیت سے ہونی چاہیئے۔	۶۰۸
اسلامی زندگی کا تیسرا اور چوتھا اصول رشتہ داروں کے حقوق اور فضول خرچی سے ممانعت۔	〃
فضول خرچ شیطان کے بھائی ہیں۔	〃
سوال کرنے والوں کا سوال پورا کرنے کی گنجائش نہ ہو تو نرمی سے جواب دیدو۔	۶۱۰
خرچ میں اعتدال۔	۶۱۱
اسلام نے معاشی فرق کو اس طرح قائم رکھا ہے کہ وہ بے انصافی کے بجائے اخلاقی فائدوں کا ذریعہ بنجائے۔	〃
غربت کے خوف سے اولاد کا قتل مت کرو	۶۱۲
زنا کے پاس بھی مت پھٹکو۔	۶۱۴
انسانی جان کی حرمت۔	〃
یتیم کا مال بیجا طور پر نہ کھاؤ	〃
اپنے وعدے پورے کرو۔	
ناپ تول میں کمی مت کرو۔	۶۱۶
ہر معاملے میں حقیقت تک رسائی کی کوشش کرو۔	〃
اکڑ اور تکبر سے بچو۔	〃
اوپر بیان کردہ احکام کی پابندی کی جائے۔	۶۱۷
یہ سب حکیمانہ باتیں ہیں اور دیکھو کہیں اللہ کے سوا کسی اور کو معبود نہ بنا لینا۔	〃

عنوان	صفحہ
کیسی گستاخی ہے اللہ کیلئے اولاد اور وہ بھی بیٹیاں۔	۶۱۹
قرآن مختلف انداز میں حقیقت کو پیش کرتا ہے۔	〃
اللہ کے ایک ہونے کی عقلی دلیل۔	〃
کائنات کی ہر شے اپنے مکمل وجود سے حقیقت کی گواہ ہے۔	۶۲۱
کائنات کی ایک ایک چیز اللہ تعالیٰ کے کمالات کا اظہار کر رہی ہے	〃
ایمان نہ لانے والوں پر معنوی پردہ پڑ جاتا ہے۔	〃
قرآن کی قوت تاثیر کے باوجود نہ ماننے والوں پر اثر کیوں نہیں ہوتا۔	۶۲۳
قرآن کو فائدہ اٹھانے کے لئے نہیں سنتے اور تمہیں بہکی بہکی باتیں کرنے والا بتاتے ہیں۔	〃
حقیقت میں یہ خود بہکے ہوئے ہیں۔	۶۲۴
موت کے بعد دوبارہ جی اٹھنے پر حیرانی۔	〃
مٹی ہی کیوں پتھر یا لوہا بنکر دیکھ لو۔	۶۲۷
جس نے پہلی بار پیدا کیا وہی دوبارہ زندگی دے گا	〃
موت اور نئی زندگی کے درمیان فاصلہ بہت کم محسوس ہوگا۔	〃

عنوان	صفحہ
مخالفین کی دل آزاری کے جواب میں تحمل سے کام لیں۔	۶۲۷
آخری فیصلہ اللہ کے اختیار میں ہے۔	۶۲۹
پیغمبروں کے مراتب کی بلندی۔	〃
معبود وہ ہے جو کامل قدرت والا ہو۔	〃
تمہارے خیالی معبود خود اپنے رب سے حاجت روائی کے طالب ہیں۔	۶۳۰
اللہ کے سوا کوئی چیز باقی نہیں رہے گی۔	۶۳۱
معجزے دکھانے کی فرمائش پوری کیوں نہیں کی گئی۔	۶۳۳
اللہ کے فیصلے نافذ ہو کر رہینگے۔	۶۳۴
مخالفین کا ماننے سے انکار ایسا ہی ہے جیسے ابلیس نے آدم کو سجدہ کرنے سے انکار کیا تھا۔	۶۳۶
ابلیس کا تکبر اور چیلنج۔	〃
اللہ کی طرف سے ابلیس کو مہلت۔	〃
شیطانی جال اور اس کے سبز باغ۔	۶۳۷
مخلص بندے شیطان کے قابو میں نہ آئیں گے۔	۶۳۹
سمندر کے سینے پر دوڑتی ہوئی کشتیاں اللہ کی کارسازی کا نمونہ ہیں۔	〃

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
مصیبت کے وقت انسان کی فطرت بے نقاب ہوجاتی ہے	۶۳۹
کیا خشکی پر خدا نہیں ہے۔	۶۴۲
کیا پھر تم دوبارہ سمندروں میں نہیں گھر سکتے۔	″
اولادِ آدم کا مقام فضیلت۔	″
اپنے مقام فضیلت کا پاس رکھنے والے قیامت میں بھی سرخ رُو ہونگے۔	۶۴۳
جسے یہاں نظر نہیں آیا اُسے وہاں بھی راہ نہ سوجھے گی۔	۶۴۵
خود تو اندھے ہیں ہی دوسروں کو بھی بچلانا چاہتے ہیں۔	″
اللہ کی توفیق اور مدد نے ان کی فریب بازیوں سے بچائے رکھا۔	″
آنحضرت ﷺ کا عزو شرف کہ آپ نصرت الٰہی سے پہاڑ کیطرح ثابت قدم رہے۔	۶۴۶
اگر یہ آپ کو نکالیں گے تو خود بھی زیادہ دیر ٹِک نہ پائیں گے۔	۶۴۷
اللہ کی سنت۔ جس بستی میں پیغمبر کو نہ رہنے دیا بستی والے خود نہ رہے۔	″
مشکلاتِ زندگی میں نماز سے مدد۔	۶۴۹
نبی ﷺ کو تہجد کا حکم اور مقامِ محمود کی بشارت۔	″
عزت و غلبۂ حق کی دعا۔	۶۵۰
غلبۂ حق کی بشارت۔	۶۵۱
قرآن مجید کی رہنمائی شفا اور رحمت ہے۔	۶۵۲
غفلت و مایوسی انسان کی عجیب خصلتیں ہیں۔	۶۵۳
ہر ایک کے اپنے رنگ ڈھنگ سیدھی راہ کا علم اللہ کو ہے	″
قرآنی وحی کی روح سے باطنی زندگی حاصل کرنی چاہیئے۔	۶۵۴
کسی مخلوق کے کمالات ذاتی نہیں عطیۂ خداوندی ہیں	۶۵۷
قرآن پیغمبر کا گھڑا ہوا کلام نہیں ہے یہ ہم نے عطا کیا ہے۔	″
قرآن کا چیلنج، تمام جن و انس مِلکر بھی قرآن جیسی کتاب نہیں بنا سکتے۔	۶۵۸
قرآن مختلف پیرائے میں صداقت پیش کرتا ہے۔ احمقانہ مطالبے۔	۶۶۰
کھجوروں کے باغ میں نہریں بہتی دکھائی دیں۔	۶۶۱
آسمان ہمارے اوپر گر پڑے اللہ تعالےٰ اور فرشتے ہمارے سامنے آکر کھڑے ہوجائیں۔	″
کیا کیا فرمائشیں۔ میں اللہ کا پیغام لانے والا انسان ہوں	۶۶۲
بشر ہونا رسول کا ایک کمال ہے۔	۶۶۳
رسول کو بشر ہی ہونا چاہیئے۔	۶۶۴
رسالت محمدی پر فعلی شہادت۔	۶۶۶
جو خود ہدایت چاہتا ہے اسی سعادت مند کو اللہ تعالیٰ ہدایت سے نوازتے ہیں۔	۶۶۷
یہ سزا ہے موت کے بعد جی اٹھنے سے انکار کی۔	۶۶۸
موت کے بعد زندگی کا انکار اللہ کی قدرت کا انکار ہے۔	″
اللہ کے خزانے کھلے ہیں اس نے قرآن جیسی نعمت اور بندے کو اپنی رحمت سے نوازا۔	۶۶۹
حضرت محمد ﷺ کی طرح اللہ تعالیٰ حضرت موسیٰ ؑ کو بھی اپنی نشانیوں سے نواز چکے ہیں۔	۶۷۱
جادو نہیں اللہ کی نشانیاں۔	″
فرعون کا انجام اپنے ساتھیوں سمیت سمندر میں غرق ہوگیا۔	۶۷۳
ہر فرعونے راموسیٰ۔	″
معجزات موسوی اپنی جگہ سب سے بڑا علمی معجزہ یہ قرآن ہے۔	″
ذہن نشین کرانے کے لئے قرآن کو تھوڑا تھوڑا کرکے اتارا گیا ہے۔	۶۷۵
آسمانی کتابوں کو جاننے والے قرآن کو سنکر اس کے سامنے جھک جاتے ہیں۔	″
وعدۂ الٰہی کی تکمیل پر جھوم اٹھتے ہیں۔	″
صالحین اہلِ کتاب کا رویہ۔	۶۷۶

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
مقصود ذات باری ہو کسی بھی نام سے پکارو۔ توحید خالص کو مضبوطی سے تھام لو۔	۶۷۸
اَلْکَہْف	۶۸۳
تعارف	″
خلاصۂ مضامین۔	۶۸۴
قرآن مجید خط مستقیم کی طرح ہے۔	۶۸۶
ماننے والوں کے لئے بشارت دینے والی اور نہ ماننے والوں کو خبردار کرنے والی۔	″
آخرت کا اجر کبھی ختم نہ ہوگا۔	″
اللہ کے لئے اولاد تجویز کرنے والوں کو خبردار کردو	″
شرک کی بنیاد علم پر نہیں ہے۔	۶۸۷
اے پیغمبر نتیجے کی ذمہ داری آپ پر نہیں ہے۔	۶۸۸
دنیا سامان عیش نہیں دارالامتحان ہے۔	۶۸۹
یہ دنیا چٹیل میدان ہو جائے گی۔	″
اصحاب کہف کے واقعہ پر ایک نظر۔	۶۹۰
اللہ کی قدرت کا ایک چھوٹا سا نمونہ اصحاب کہف کا واقعہ بھی ہے۔	۶۹۳
اصحاب کہف اللہ کی رحمت کے امیدوار چند نوجوان تھے	″
اللہ نے انکو تھپک کر غار میں سُلا دیا۔	″

عنوان	صفحہ
نیند کی مدت کتنی تھی۔	۶۹۴
اصحاب کہف کا اصل واقعہ اور ان کی ثابت قدمی۔	″
غار والے نوجوانوں نے اللہ پر توکل کیا۔	۶۹۵
شرک کی آخر دلیل کیا ہے۔	۶۹۸
شرک و اوہام پرستی کے اس ماحول میں ہمارا گذر نہ ہوگا۔	″
وہ غار جسمیں نوجوانوں نے پناہ لی۔	″
غار کا منظر۔	۷۰۱
اصحاب کہف جب نیند سے بیدار ہوئے۔	″
کسی کو ہماری سُن گُن نہ لگے۔	۷۰۳
اصحاب کہف کے واقعے سے آخرت کی صداقت سامنے آ گئی۔	″
اصحاب کہف کی گنتی کتنی تھی۔	۷۰۶
بندہ اپنے افعال میں خودمختار نہیں ہے۔	″
ہر کام میں انشاءاللہ کہا کرو۔	۷۰۸
اصحاب کہف کی نیند کی ٹھیک ٹھیک مدت کا معلوم ہونا کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔	″
اصحاب کہف کے سونے کی صحیح مدت کا علم اللہ کو ہے۔	۷۱۰

عنوان	صفحہ
آپ کے پاس کتاب محکم ہے اس کی تعلیمات کو پیش کرتے رہیئے۔	۷۱۰
قابل قدر وہ ہے جو پورے خلوص کے ساتھ اللہ اور اسکے رسول کی پیروی کرے۔	۷۱۲
آپ حق بات کہتے رہیئے۔	۷۱۴
سچائی کو ماننے والے۔	″
جنت والوں کے لئے نعمتیں۔	۷۱۷
باغ والے دو آدمیوں کا قصہ۔ ایک دنیوی مال و دولت اور ظاہر شان و شوکت پر اترانے والا۔ دوسرا اللہ پر بھروسہ رکھنے والا۔	″
باغ خوب پھلے پھولے۔	″
خوب کمائی ہوئی۔	۷۲۰
میری یہ دولت لافانی ہے۔	″
میں نہیں سمجھتا کہ کوئی دوسری زندگی بھی ہے۔ اور اگر ہے تو وہاں بھی ٹھاٹ سے رہونگا۔	″
پڑوسی نے کہا کیا تم رب کے اختیارات کے منکر ہو۔	″
میں یقین رکھتا ہوں کہ وہی تنہا ہمارا رب ہے۔	″
تمہیں باغ میں داخل ہوتے وقت ماشاءاللہ کہنا چاہیئے تھا	۷۲۱
اللہ تعالےٰ بہتر سے بہتر بھی عطا فرما سکتے ہیں۔	۷۲۳
تمہارے باغ کی نہر کا پانی خشک بھی ہو سکتا ہے۔	″

toobaa-elibrary.blogspot.com

عنوان	صفحہ
سارا باغ تباہ ہو گیا۔	۷۲۳
اس مصیبت میں کوئی اس کے کام نہ آیا۔	۷۲۴
کارسازی کا اختیار صرف اللہ کا ہے۔	״
دنیا کی زندگی کی شادابی اور زوال۔	۷۲۶
وہ نیکیاں جو باقی رہیں گی۔	״
قیامت کا وہ دن۔	۷۲۷
قیامت کے دن موت کے بعد دوبارہ زندگی سامنے آجائے گی۔	۷۲۸
میدانِ حشر میں مکافاتِ عمل۔	۷۳۱
گمراہ انسان ازلی دشمن ابلیس کے پھندے میں ہیں۔	۷۳۲
بندگی کا مستحق صرف خالق ہے۔	۷۳۴
اللہ کے مقابلے میں دوسروں کی پیروی کرنا بھی شرک ہے	״

عنوان	صفحہ
ان سب کو جہنم میں ڈالدیا جائیگا۔	۷۳۴
انسان بڑا کٹ حجت ہے۔	۷۳۸
حق کے قبول کرنے میں اب کوئی عذر باقی نہیں ہے۔	״
رسول خبردار کرنے کے لئے ہی بھیجے جاتے ہیں۔	״
خیر خواہانہ نصیحت نظر انداز کرتے رہنے سے دلوں پر تالے پڑجاتے ہیں۔	״
اللہ کی طرف سے ڈھیل اس کی رحمت کی وجہ سے ہوتی ہے۔	۷۴۰
یہ اجڑے دیار پکار پکار کر ہلاکت کی کہانیاں سنا رہے ہیں۔	״
حضرت موسیٰ و خضر علیہما السلام کے قصے پر ایک نظر۔	۷۴۱
حضرت موسیٰ کے سفر کا آغاز۔	۷۴۴
حضرت خضر سے ملاقات کے لئے جگہ کی علامت۔	۷۴۵

عنوان	صفحہ
حضرت موسیٰ ؑ نے خادم سے ناشتہ طلب کیا۔	۷۴۷
ناشتہ طلب کرنے پر خادم کو مچھلی یاد آئی۔	״
ہمیں اسی جگہ کی تلاش تھی۔	״
حضرت خضر سے ملاقات۔	۷۴۹
حضرت موسیٰ کی طرف سے رفاقت کی درخواست۔	״
حضرت خضر کا جواب۔	۷۵۱
آپ کا خاموش رہنا بھی مشکل ہے۔	״
حضرت موسیٰ کا وعدہ۔	״
حضرت خضر کی شرط کہ آپ کوئی باز پرس نہیں کرینگے۔	״
حضرت خضر نے کشتی توڑ دی۔	۷۵۲
حضرت خضر کا جواب۔	۷۵۴
حضرت موسیٰ کی معذرت۔	״
معصوم بچے کا قتل۔	״

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَعْتَذِرُونَ إِلَيْكُمْ إِذَا رَجَعْتُمْ إِلَيْهِمْ ۚ قُل لَّا تَعْتَذِرُوا لَن نُّؤْمِنَ لَكُمْ

يَعْتَذِرُونَ	إِلَيْكُمْ	إِذَا	رَجَعْتُمْ	إِلَيْهِمْ	قُلْ	لَّا تَعْتَذِرُوا	لَن نُّؤْمِنَ لَكُمْ
عذر لائیں گے	تمہارے پاس	جب	تم لوٹ کر جاؤ گے	انکی طرف	آپ کہدیں	عذر نہ کرو	ہرگز ہم یقین نہ کریں گے تمہارا

جب تم انکی طرف لوٹ کر جاؤ گے تو وہ تمہارے پاس عذر لائیں گے ۔ آپ کہدیں عذر نہ کرو ، ہم ہرگز یقین نہ کرینگے تمہارا

قَدْ نَبَّأَنَا اللَّهُ مِنْ أَخْبَارِكُمْ ۚ وَسَيَرَى اللَّهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ ثُمَّ

قَدْ نَبَّأَنَا	اللَّهُ	مِنْ أَخْبَارِكُمْ	وَسَيَرَى	اللَّهُ	عَمَلَكُمْ	وَ	رَسُولُهُ	ثُمَّ
ہمیں بتا چکا ہے	اللہ	تمہاری سب خبریں (حالات)	اور ابھی دیکھے گا	اللہ	تمہارے کام	اور	اس کا رسول	پھر

اللہ ہمیں تمہاری سب خبریں بتا چکا ہے ۔ اور ابھی اللہ اور اس کا رسول تمہارے کام دیکھے گا ۔ پھر

تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٩٤﴾

تُرَدُّونَ	إِلَىٰ	عَالِمِ	الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ	فَيُنَبِّئُكُم	بِمَا	كُنتُمْ تَعْمَلُونَ
تم لوٹائے جاؤ گے	طرف	جاننے والا	پوشیدہ	اور ظاہر	پھر وہ تمہیں جتا دیگا	وہ جو	تم کرتے تھے ۔

تم پوشیدہ اور ظاہر جاننے والے (اللہ) کیطرف لوٹائے جاؤ گے ، تم جو کرتے تھے پھر وہ تمہیں جتا دیگا ۔

﴿٩٤﴾ يَعْتَذِرُونَ إِلَيْكُمْ إِذَا رَجَعْتُمْ إِلَيْهِمْ ۚ قُل لَّا تَعْتَذِرُوا لَن نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّأَنَا اللَّهُ مِنْ أَخْبَارِكُمْ ۚ وَسَيَرَى اللَّهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَىٰ عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ فَيُجَازِيكُمْ عَلَيْهِ

﴿٩٤﴾ منافقین تم سے اپنے پیچھے رہجانے کی معذرت کرتے ہیں جبکہ تم غزوہ سے واپس آئے ان سے کہدو کہ عذر نہ کرو ہم تمہاری بات کا اعتبار ہرگز نہ کرینگے بیشک ہم کو اللہ نے تمہارے حالات کی خبر کردی ہے اور عنقریب اللہ اور اس کا پیغمبر تمہارے عملوں کو دیکھیں گے پھر تم کو قیامت میں اللہ کی طرف جانا ہے جو چھپی اور کھلی باتوں کو جانتا ہے سو وہ تم کو خبر دیگا جو تم کرتے تھے پھر اس کا عوض تم کو دیگا ۔

تشریح

﴿٩٤﴾ منافقین کے عذر معذور قابل قبول نہیں | جب غزوۂ تبوک کے لئے اسلامی لشکر کی تیاریاں چل رہی تھیں اور لوگوں کو اللہ کے راستے میں جہاد کرنے کے لئے شرکت کی دعوت دی جارہی تھی تو منافقین طرح طرح کے بہانے بنا کر جہاد میں شرکت سے معذوری کا اظہار کررہے تھے ۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب تم تبوک سے واپس پہنچو گے تو پھر یہ طرح طرح کے بہانے بنائیں گے کہ ہمارا تو پکا ارادہ تھا مگر کیا کریں عین وقت پر فلاں بات ہوگئی اور ہم جانے سے رہ گئے ۔ اے پیغمبر ! تم صاف صاف کہدینا کہ بہانہ سازی کی کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ اب ہم تمہاری کسی بات کا اعتبار نہیں کرینگے ، اللہ نے تمہارے حالات ہمیں بتادئے ہیں ۔ تمہارے دل میں نہ ایمان ہے اور نہ کسی قربانی کا جذبہ ہے ۔ اب تو آئندہ اللہ اور اسکا رسول تمہارے طرز عمل کو دیکھے گا ۔ دیکھتے ہیں تم کہاں تک اپنے ایمان کے دعوے کو نبھاتے ہو جھوٹ سچ سب ظاہر ہوکر رہیگا اس سے کوئی طرز عمل یا نیت چھپی نہیں رہ سکتی جو عالم الغیب والشہادۃ ہے اسکے حضور میں سب کو حاضر ہونا ہے حساب کتاب کے وقت سب ظاہری اور باطنی عمل کھل کر سامنے آجائیگا اور اسی کے مطابق بدلہ دیا جائے گا ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ

سَيَحْلِفُوْنَ	بِاللّٰهِ	لَكُمْ	اِذَا	انْقَلَبْتُمْ	اِلَيْهِمْ	لِتُعْرِضُوْا	عَنْهُمْ ؕ
اب قسمیں کھائیں گے	اللہ کی	تمہارے آگے	جب	واپس جاؤ گے تم	ان کی طرف	تاکہ تم درگذر کرو	اُن سے

جب تم انکی طرف واپس جاؤ گے۔ اب تمہارے آگے اللہ کی قسمیں کھائیں گے تاکہ تم ان سے درگذر کرو

فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا

فَاَعْرِضُوْا	عَنْهُمْ	اِنَّهُمْ	رِجْسٌ	وَّمَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	جَزَآءً	بِمَا	كَانُوْا
سو خیال نہ کرو	اُن کا	بیشک وہ	پلید	اور ان کا ٹھکانہ	جہنم	بدلہ	اس کا جو	تھے

سو اُن کا خیال نہ کرو۔ بیشک وہ پلید ہیں اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اس کا بدلہ جو وہ کماتے

يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۵﴾ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ

يَكْسِبُوْنَ	يَحْلِفُوْنَ	لَكُمْ	لِتَرْضَوْا	عَنْهُمْ	فَاِنْ	تَرْضَوْا	عَنْهُمْ
وہ کماتے	وہ قسمیں کھاتے ہیں	تمہارے آگے	تاکہ تم راضی ہو جاؤ	ان سے	سو اگر	تم راضی ہو جاؤ	ان سے

تھے۔ وہ تمہارے آگے قسمیں کھاتے ہیں تاکہ تم ان سے راضی ہو جاؤ سو اگر تم ان سے راضی (بھی) ہو جاؤ

فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۹۶﴾ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ

فَاِنَّ اللّٰهَ	لَا يَرْضٰى	عَنِ	الْقَوْمِ	الْفٰسِقِيْنَ	اَلْاَعْرَابُ	اَشَدُّ
تو بیشک اللہ	راضی نہیں ہوتا	سے	لوگ	نافرمان	دیہاتی	بہت سخت

تو بیشک اللہ راضی نہیں ہوتا نافرمان لوگوں سے۔ دیہاتی کفر اور نفاق میں

كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى

كُفْرًا	وَّنِفَاقًا	وَّاَجْدَرُ	اَلَّا يَعْلَمُوْا	حُدُوْدَ	مَآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	عَلٰى
کفر میں	اور نفاق میں	اور زیادہ لائق	کہ وہ نہ جانیں	احکام	جو	نازل کئے	اللہ	پر

بہت سخت ہیں، اور زیادہ لائق ہیں کہ وہ نہ جانیں جو احکام اللہ نے اپنے رسول ﷺ پر

رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۹۷﴾

رَسُوْلِهٖ	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ
اپنا رسول	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا

نازل کئے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۹۵) سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ۭ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ۭ اِنَّهُمْ رِجْسٌ وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ○

(۹۵) عنقریب منافقین تم سے اللہ کی قسم کھا کر کہیں گے جبکہ تم تبوک سے ان کی طرف واپس ہوگے کہ ہم پیچھے رہنے میں معذور تھے تاکہ تم ان سے اعراض کرو اور ان پر عتاب نہ کرو۔ سو تم ان سے منہ پھیر لو بیشک وہ لوگ پلید ہیں بسبب ناپاکی باطن کے اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے عوض ان افعال کا جو وہ کسب کرتے تھے۔

(۹۶) يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ○ اَيْ عَنْهُمْ وَلَا يَنْفَعُ رِضَاكُمْ مَعَ سَخَطِ اللّٰهِ ۔

(۹۶) وہ تمہارے سامنے جھوٹی قسمیں کھاتے ہیں تاکہ تم ان سے خوش ہو جاؤ سو اگر تم ان سے خوش ہو جاؤ گے تو بلاشبہ اللہ نہیں خوش ہوتا اس قوم سے جو حکم حق تعالیٰ سے خارج ہے یعنی ان منافقوں سے اللہ خوش نہیں اور اے مسلمانو تمہارا خوش ہو جانا بادجودیکہ ناراضگی اللہ کے انکو نفع نہیں پہنچا سکتا۔

(۹۷) اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰي رَسُوْلِهٖ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ○

(۹۷) گاؤں والے کفر اور نفاق میں شہر کے رہنے والوں سے سخت اور زیادہ ہیں کیونکہ وہ بے سمجھ اور سخت طبیعت اور قرآن کے سننے سے دور ہیں۔ اور وہ اس لائق ہیں کہ اللہ کے احکام اور مسائل شریعت کو جو اس نے اپنے پیغمبر پر اتارے نہ جانیں اور جاہل رہیں اور اللہ اپنی خلقت کو جاننے والا ہے جو امر بندوں کے لئے تجویز فرماتا ہے حکمت کا ہوتا ہے۔

تشریح

(۹۵) منافقین ایک گندگی کی طرح ہیں ان سے قطع تعلق کرلو | اب یہ قسمیں کھا کھا کر نہیں اپنی سچائی کا یقین دلانے کی کوشش کرینگے تاکہ تم ان سے صرف نظر کرلو اور باز پرس نہ کرو اور انکی قسموں کا یقین کرلو، بیشک تم ان سے صرف نظر یعنی قطع تعلق ہی کرلو کیونکہ یہ انتہائی پلید اور شریر لوگ ہیں۔ یہ اتنے گندے ہیں کہ انکے پاک و صاف ہونیکی کوئی امید نہیں ہے۔ اس غلاظت کی پوٹلی کا ٹھکانہ انکے اپنے کرتوتوں کیوجہ سے جہنم کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔

(۹۶) اللہ تعالیٰ ان سے راضی نہیں ہے | یہ کوشش کریں گے کہ جھوٹی قسمیں کھا کر چکنی چوپڑی باتیں بنا کر لوگوں کو خوش کرلیں۔ یہ بیوقوف یہ نہیں سمجھتے کہ اللہ کے آگے کوئی چالاکی نہیں چل سکتی اور جس سے اللہ راضی نہ ہو اس سے کوئی مومن کیسے راضی ہو سکتا ہے۔ اگر کسی کے بارے میں یہ معلوم ہو جائے کہ یہ منافق ہے اور اسکا طرز عمل بتا رہا ہو کہ اسکے دل میں ایمان نہیں ہے تو اس سے کوئی مومن محبت و یگانگت کیسے رکھ سکتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ اس سے صرف نظر اور اعراض کرتا رہے۔

(۹۷) بدوی عرب اسلام کے تقاضوں کو نہیں سمجھتے | دین حق کا معاملہ یہ ہے کہ یہ ایمان و اعتقاد کے بعد اپنے ماننے والوں پر اخلاقی بندشیں لگاتا ہے۔ نظم و ضبط کے شکنجے میں کستا ہے، نماز روزہ کی پابندی، زکوٰۃ کی وصولیابی، اللہ کے راستے میں قربانی دینے کیلئے آمادگی اور ایک بلند نصب العین کیلئے اپنے آپکو پوری طرح وقف کردینے کا مطالبہ کرتا ہے۔ اسلام کا معاملہ یہ ہے کہ اس بات کا پورا شعور ہو کہ حق کیا ہے اور انسانوں کی حقیقی فلاح دنیا اور آخرت دونوں میں کس چیز کے اندر ہے۔ اسلام اس طرح کی عقیدت کا نام نہیں ہے جو دنیاوی مطلب کیلئے پیروں فقیروں سے رکھی جاتی ہے کہ انکے آگے نذر و نیاز پیش کرکے اسکے بدلے میں کوئی دنیاوی فائدے حاصل کرنیکے لئے دعائیں کرالی جائیں۔ مدینے کے آس پاس جو قبیلے دیہاتی اور بدو لوگوں کے آباد تھے وہ فتح مصلحت کے تحت اسلام کے دائرے میں داخل تو ہو گئے تھے لیکن صحیح معنی میں اسلام انکے حلق سے نیچے نہیں اترا تھا اور اسنے انکے دلوں میں جگہ نہیں بنائی تھی۔ دیہاتی زندگی کا کھردرا پن اور خشونت بھی انمیں موجود تھیں انکو ایسے موقعے نہیں ملتے تھے کہ عالموں اور نیک لوگوں کی صحبت میں رہکر دیانت و تہذیب کے وہ آداب اور سلیقے سیکھ سکیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر پر نازل کئے۔ علم اور معرفت انسان کے دل کو نرم کرتی ہے اور اسے تہذیب یافتہ بناتی ہے۔ جہالت میں ڈوبے ہوئے ان لوگوں میں دل کی سختی تھی اور کفر و نفاق کے جس راستے پر چل پڑے تھے جانوروں کی طرح اس پر اندھا دھند آگے چلے جا رہے تھے اللہ تعالیٰ سب کچھ جاننے والے اور حکمت والے ہیں۔ انسانوں کے ہر طبقے کا علم اللہ کو ہے اور اپنی حکمت سے ہر طبقے کیساتھ اسکی استعداد اور قابلیت کے مطابق معاملہ فرماتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ

وَمِنَ	الْاَعْرَابِ	مَنْ	يَّتَّخِذُ	مَا يُنْفِقُ	مَغْرَمًا	وَّ	يَتَرَبَّصُ	بِكُمُ
اور سے (بعض)	دیہاتی	جو	لیتے ہیں (سمجھتے ہیں)	جو وہ خرچ کرتے ہیں	تاوان	اور	انتظار کرتے ہیں	تمہارے لئے

اور بعض دیہاتی ہیں جو (اللہ کی راہ میں) جو خرچ کرتے ہیں اسے تاوان سمجھتے ہیں اور تمہارے لئے گردشوں کا انتظار

الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۹۸﴾ وَمِنَ

الدَّوَآئِرَ	عَلَيْهِمْ	دَآئِرَةُ	السَّوْءِ	وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	وَمِنَ
گردشیں	ان پر	گردش	بُری	اور اللہ	سننے والا	جاننے والا	اور سے (بعض)

کرتے ہیں، انہی پر ہے بُری گردش اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے اور بعض

الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ

الْاَعْرَابِ	مَنْ	يُّؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَالْيَوْمِ + الْاٰخِرِ	وَيَتَّخِذُ	مَا يُنْفِقُ
دیہاتی	جو	ایمان رکھتے ہیں	اللہ پر	اور آخرت کا دن	اور سمجھتے ہیں	جو وہ خرچ کریں

دیہاتی ہیں جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں اور جو وہ خرچ کرتے ہیں اسے

قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ

قُرُبٰتٍ	عِنْدَ اللّٰهِ	وَصَلَوٰتِ	الرَّسُوْلِ	اَلَآ	اِنَّهَا	قُرْبَةٌ
نزدیکیاں	اللہ سے	اور دعائیں	رسول	ہاں ہاں	یقیناً وہ	نزدیکی

اللہ سے نزدیکیوں اور رسول ؐ کی دعائیں (لینے کا ذریعہ) سمجھتے ہیں۔ ہاں، ہاں یقیناً وہ نزدیکی (کا ذریعہ) ہے

لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ

لَهُمْ	سَيُدْخِلُهُمُ	اللّٰهُ	فِيْ	رَحْمَتِهٖ	اِنَّ
ان کے لئے	جلد داخل کرے گا انہیں	اللہ	میں	اپنی رحمت	بیشک

ان کے لئے اللہ جلد انہیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا۔ بیشک اللہ

ع ۱۲ ۱۰ ۱

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۹﴾ ع

اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان

بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۹۸) وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

(۹۸) اور گاؤں والوں میں سے بعض وہ لوگ ہیں کہ جو کچھ اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اس کو تاوان اور موجب خسارہ کا سمجھتے ہیں کیونکہ یہ لوگ جو کچھ خرچ کرتے ہیں امید ثواب سے نہیں کرتے بلکہ ڈر کی وجہ سے خرچ کرتے ہیں (یہ حال بنی اسد اور بنی غطفان کا ہے) اور تم پر زمانے کی گردشوں اور فتنوں کے منتظر ہیں کہ زمانہ پلٹ جاوے اور بجائے ترقی اور عروج کے تنزل اور مصائب تم پر آویں کہ وہ زکوٰۃ وغیرہ سے چھوٹ جاویں انہیں پر ہے گردش بڑی یعنی عذاب الٰہی کی گردش ان پر آوے گی نہ کہ تم پر اور اللہ اپنے بندوں کی باتوں کو سننے والا ہے انکے افعال کو جاننے والا ہے۔

(۹۹) وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

(۹۹) اور بعض گاؤں والے اللہ اور پچھلے دن پر ایمان رکھتے ہیں یعنی قبیلہ جہینہ اور مزینہ اور جو کچھ خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اس سے اللہ کی نزدیکی اور ثواب ڈھونڈتے ہیں اور اس کو وسیلہ پیغمبر کی دعاؤں کا اپنے لئے بناتے ہیں۔ آگاہ رہو کہ بیشک ان کا خرچ کرنا ان کے لئے باعث اللہ کی نزدیکی اور ثواب کا ہے عنقریب انکو اللہ اپنی رحمت میں اور جنت میں داخل فرماوے گا بیشک اللہ بخشنے والا ہے ان کو جو اس کے فرمانبردار ہیں ان پر مہربان ہے۔

تشریح

(۹۸) اللہ کے راستے میں خرچ کرتے ہوئے ان کا دم نکلتا ہے | کیونکہ دل میں ایمان نہیں ہے اور دکھاوے کیلئے اپنی مصلحتوں کیوجہ سے مسلم برادری میں اپنے آپ کو شامل کرتے ہیں، اس لئے ان اعراب منافقین کا یہ حال ہے کہ اگر کسی وقت خدا کے راستے میں خرچ کرنا پڑتا ہے تو اس کو اپنے اوپر زبردستی کا جرمانہ سمجھتے ہیں۔ زکوٰۃ ان کے نزدیک تاوان ہے، مسافروں کی خدمت، مہمان کا حق ادا کرنا نہیں چاہتے۔ انتظار میں بیٹھے ہیں کہ زمانہ کی گردش سے اہل ایمان کسی چکر میں پھنسیں تو خوشیاں منائیں اور اس نظام سے باہر نکل آئیں جس نے انہیں کس رکھا ہے وہ تمہارے لئے بدی کے چکر کے انتظار میں ہیں حالانکہ بدی کا چکر خود ان پر مسلط ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتے اور سنتے ہیں اللہ کو معلوم ہے کہ کون عزت و کامیابی کا اہل ہے اور کون ذلت و رسوائی کا مستحق ہے۔

(۹۹) بدویوں میں مؤمنین مخلصین بھی ہیں | ایسے تند خو گنوار جو کفر و نفاق اور جہالت و سرکشی کی وجہ سے اس قابل ہی نہ تھے کہ اللہ کے بتائے ہوئے طریقے اور تہذیب سیکھ سکیں۔ قرآن پاک کی تاثیر اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم و تربیت نے ان میں ایسے مخلص لوگ پیدا کر دئے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں اور صرف اللہ کے قرب کے لئے اس کے راستے میں خرچ کرتے ہیں اور خرچ کرنے کو اللہ کے رسول ﷺ کی دعائیں لینے کا ذریعہ بناتے ہیں۔ بے شک ان کا اخلاص اللہ کے قرب کا ذریعہ ہے اور اللہ ضرور ان کو اپنی رحمت میں داخل کرینگے۔ بیشک اللہ تعالیٰ درگذر کرنے والے اور رحم کرنے والے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ تعلیم و تربیت وہی ہے مگر کچھ لوگ اس سے فائدہ نہیں اٹھاتے اور کچھ لوگوں کو اس کا فیض پہنچتا ہے۔ جیسے سورج سب کو روشنی دیتا ہے اگر کوئی دروازے اور کھڑکیاں بند کر کے بیٹھ جائے تو یہ قصور اپنا ہے سورج کا نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ

وَالسّٰبِقُوْنَ	الْاَوَّلُوْنَ	مِنَ	الْمُهٰجِرِيْنَ	وَالْاَنْصَارِ	وَالَّذِيْنَ
اور سبقت کرنیوالے	سب سے پہلے	سے	مہاجرین	اور انصار	اور جن لوگوں

اور سب سے پہلے (ایمان اور اسلام میں) سبقت کرنے والے مہاجرین اور انصار میں سے ، اور جنہوں نے

اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ

اتَّبَعُوْهُمْ	بِاِحْسَانٍ	رَّضِيَ	اللّٰهُ	عَنْهُمْ	وَرَضُوْا عَنْهُ	وَاَعَدَّ لَهُمْ
انہوں نے پیروی کی	نیکی کے ساتھ	راضی ہوا	اللہ	ان سے	اور وہ راضی ہوئے اس سے	اور تیار کیا اُسنے انکے لئے

نیکی کے ساتھ پیروی کی ، اللہ ان سے راضی ہوا ، اور وہ اس سے راضی ہوئے ۔ اور اس نے ان کیلئے باغات

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۰۰﴾

جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	تَحْتَهَا	الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَآ	اَبَدًا	ذٰلِكَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ
باغات	بہتی ہیں	انکے نیچے	نہریں	ہمیشہ رہینگے	انمیں	ہمیشہ	یہ	کامیابی	بڑی

تیار کئے ہیں جنکے نیچے نہریں بہتی ہیں وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے یہ بڑی کامیابی ہے

۱۰۰ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ الخ اور سب میں پہلے ایمان لانے والے مہاجرین اور انصار (مراد ان سے وہ صحابہ ہیں جو غزوۂ بدر میں شریک ہوئے یا مراد تمام صحابہ ہیں کہ وہ بہ نسبت پچھلے مسلمانوں کے ایمان میں سابق اور مقدم ہیں) اور وہ لوگ جو اُن کے پیرو ہونگے عمل میں قیامت تک ان سب سے اللہ خوش ہے بسبب انکی فرماں برداری کے اور یہ اللہ سے خوش بوجہ اسکے ثواب اور بخشش کے اور اللہ نے انکے واسطے ایسے باغ تیار کر رکھے ہیں کہ انکے نیچے پانی کی نہریں بہتی ہیں یہ لوگ ان باغوں میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے یہ بہت بڑی نجات اور فلاح ہے۔

۱۰۰ وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَهُمْ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا اَوْ جَمِيْعُ الصَّحَابَةِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ بِاِحْسَانٍ فِي الْعَمَلِ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ بِطَاعَتِهٖ وَرَضُوْا عَنْهُ بِثَوَابِهٖ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ وَفِيْ قِرَاءَةٍ بِزِيَادَةِ مِنْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○

تشریح

آگے بڑھ کر سب سے پہلے اللہ کے دین کا دامن تھامنے والے | جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوتِ دین کا آغاز فرمایا تو چند لوگوں کے علاوہ کسی نے آپ کی دعوت کو قبول نہیں کیا آپ ثابت قدمی کے ساتھ اپنی ذمہ داریوں کو پورا فرماتے رہے سخت کشمکش اور مخالفت کا وہ دور بھی گذرا کہ اسلام قبول کرنا مشکلات کو دعوت دینا تھا۔ مخالفت اتنی بڑھی کہ وطن چھوڑ کر مدینہ طیبہ جانا پڑا وہاں بھی سخت ترین مشکلات سے دوچار ہونا پڑا۔ ان حالات میں جو لوگ ایمان لائے اور دین کے لئے قربانیاں دیں وہ بڑی قابل قدر ہیں۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ وہ مہاجر و انصار جنھوں نے ایمان کی دعوت پر لبیک کہنے میں سب سے پہلے سبقت کی پھر وہ لوگ جو راست بازی کے ساتھ انکے پیچھے آئے اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے ان کا انعام یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی جنت کے وہ باغ عطا کریگے جنکے نیچے نہریں بہتی ہونگی۔ ان کی عظیم الشان کامیابی یہ ہے کہ وہ اس اعلیٰ مقام میں تا ابد رہیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا

وَمِمَّنْ	حَوْلَكُمْ	مِّنَ	الْاَعْرَابِ	مُنٰفِقُوْنَ	وَمِنْ	اَهْلِ + الْمَدِيْنَةِ	مَرَدُوْا
اور انمیں جو	تمہارے اردگرد	سے بعض	دیہاتی	منافق (جمع)	اور سے (بعض)	مدینہ والے	اڑے ہوئے ہیں

اور جو دیہاتی تمہارے اردگرد ہیں ان میں سے بعض منافق ہیں، اور مدینہ والوں میں سے بعض نفاق پر اڑے

عَلَى النِّفَاقِ ۛ لَا تَعْلَمُهُمْ ۭ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۭ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ

عَلَى	النِّفَاقِ	لَا تَعْلَمُهُمْ	نَحْنُ	نَعْلَمُهُمْ	سَنُعَذِّبُهُمْ	مَّرَّتَيْنِ
پر	نفاق	تم نہیں جانتے ان کو	ہم	جانتے ہیں انہیں	جلد ہم انھیں عذاب دینگے	دو بار

ہوئے ہیں، تم انہیں نہیں جانتے ہم انہیں جانتے ہیں۔ اور ہم جلد انہیں دوبار عذاب دینگے

ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ (۱۰۱)

ثُمَّ	يُرَدُّوْنَ	اِلٰى	عَذَابٍ	عَظِيْمٍ
پھر	وہ لوٹائے جائینگے	طرف	عذاب	عظیم

پھر وہ عذاب عظیم کی طرف لوٹائے جائیں گے۔

(۱۰۱) وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ يَا اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ مِنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ كَاَسْلَمَ وَاَشْجَعَ وَغِفَارٍ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ مُنَافِقُوْنَ اَيْضًا مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ بِجَوَانِبِهٖ وَاسْتَمَرُّوْا لَا تَعْلَمُهُمْ ۭ خِطَابٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۭ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ بِالْفَضِيْحَةِ اَوِ الْقَتْلِ فِي الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْقَبْرِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ فِي الْاٰخِرَةِ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ○ هُوَ النَّارُ

(۱۰۱) اور اے مدینہ والو بعض ان گاؤں والوں میں سے جو تمہارے گردونواح میں رہتے ہیں منافق ہیں جیسے قبیلہ اسلم اشجع اور غفار اور بعض مدینہ والوں میں سے بھی منافق ہیں کہ وہ نفاق پر مُصر اور مستمر رہے۔ تم اے محمد ﷺ ان کو نہیں جانتے ہم ان کو جانتے ہیں عنقریب ہم ان کو دو مرتبہ گرفتار عذاب کریں گے۔ دنیا میں ذلت اور قتل کی مار اُن پر پڑے گی اور عذاب قبر میں گرفتار ہونگے پھر آخرت میں بڑے عذاب میں گرفتار کئے جائیں گے۔ یعنی دوزخ میں ڈالے جائیں گے۔

تشریح

(۱۰۱) مدینہ اور اطراف کے انتہائی چالاک منافق | مدینہ اور اس کے اطراف میں ایسے منافق بھی موجود ہیں جو اپنی منافقت کو چھپانے میں انتہائی مشاق ہو چکے ہیں وہ اپنی چالاکی سے اپنی منافقت کو اسطرح چھپاتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی جب تک اللہ تعالیٰ خود نہ بتادیں اپنی کمال فراست کے باوجود ان کو پہچان نہیں پاتے تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ایسے منافقین کو ہم دوہری سزا دینگے۔ دنیا میں تو ان کی سزا یہ ہے کہ جس دنیا کی محبت میں مبتلا ہو کر یہاں کی جھوٹی عزت حاصل کرنے کیلئے انہوں نے ایمان اور اخلاص کی بجائے منافقت کی روش اختیار کی ہے وہ دنیا کی عزت بھی انکے ہاتھ نہیں آئیگی اور اسلام کی دعوت جسکو یہ لوگ اپنی فریب کاریوں سے ناکام کرنا چاہتے ہیں وہ کامیاب ہو کر رہیگی اور سب سے بڑی سزا جو آخرت کی سزا ہے اسکے لئے انکو اللہ کے حضور میں حاضر ہونا ہی ہوگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ

وَاٰخَرُوْنَ	اعْتَرَفُوْا	بِذُنُوْبِهِمْ	خَلَطُوْا	عَمَلًا + صَالِحًا	وَّاٰخَرَ	سَيِّئًا
اور کچھ اور	انہوں نے اعتراف کیا	اپنے گناہوں کا	انہوں نے ملایا	ایک عمل اچھا	اور دوسرا	برا

اور کچھ اور ہیں جنہوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا۔ انہوں نے ایک اچھا اور دوسرا برا عمل ملا لیا

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰۲﴾

عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ	يَّتُوْبَ + عَلَيْهِمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
قریب ہے	اللہ	کہ	معاف کردے انہیں	بیشک	اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان ہے

قریب ہے کہ اللہ انہیں معاف کردے، بیشک اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے

﴿۱۰۲﴾ وَقَوْمٌ اٰخَرُوْنَ مُبْتَدَاٌ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ مِنَ التَّخَلُّفِ نَعْتُهٗ وَالْخَبَرُ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَهُوَ جِهَادُهُمْ قَبْلَ ذٰلِكَ اَوِ اعْتِرَافُهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ اَوْ غَيْرُ ذٰلِكَ وَّاٰخَرَ سَيِّئًا وَهُوَ تَخَلُّفُهُمْ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ نَزَلَتْ فِيْ اَبِيْ لُبَابَةَ وَجَمَاعَةٍ اَوْثَقُوْا اَنْفُسَهُمْ فِيْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ لَمَّا بَلَغَهُمْ مَا نَزَلَ فِي الْمُتَخَلِّفِيْنَ وَحَلَفُوْا اَنْ لَّا يَحُلَّهُمْ اِلَّا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَلَّهُمْ لَمَّا نَزَلَتْ

﴿۱۰۲﴾ اور ایک دوسری جماعت ہے جو اپنے گناہوں کی مُقر ہوئی اور پیچھے رہنے کا بلا عذر اقرار کر لیا انہوں نے نیک عمل بُرے کاموں سے ملائے یعنی بعض اچھے کام کئے کہ اس سے پہلے اور غزوات میں شریک ہوئے اور جہاد کیا یا نیک عمل ان کا یہ ہے اقرار کرنا ہے ان کے گناہوں کا یا اس کے سوا۔ اور بعض دوسرے افعال بُرے کئے ہیں یعنی یہ کہ اس مرتبہ جہاد سے پیچھے رہے عنقریب اللہ تعالیٰ انکی توبہ قبول فرماویگا۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے یہ آیت ابولبابہ اور ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جنہوں نے اپنے آپ کو مسجد نبوی کے ستونوں سے باندھا جبکہ ان کو معلوم ہوا وہ حکم کہ پیچھے رہجانے والوں کے بارے میں نازل ہوا اور ان لوگوں نے قسم کھالی کہ ہمکو پیغمبر ہی ان ستونوں سے کھولیں گے جبتک آپ نہ کھولینگے ہم یہیں بندھے رہیں گے سو آپ نے انکو کھولدیا جبکہ یہ آیت نازل ہوئی۔

تشریح

﴿۱۰۲﴾ وہ مخلص جنہوں نے اپنے قصور کا اعتراف کیا غزوۂ تبوک میں پیچھے رہنے والوں میں کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جنھوں نے عذر لنگ پیش کرنے کے بجائے صاف طور پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنی خطا کا اعتراف کیا اور عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ ہمارا ارادہ جہاد میں شرکت کا تھا۔ آج اور کل پر بات ٹلتی رہی اور ہمارے نفس کی کمزوری ہم پر غالب آگئی۔ یہ آیت حضرت ابولبابہ رضؓ اور ان کے چند ساتھیوں کے بارے میں ہے۔ ابولبابہ بن عبدالمنذر ان صحابہ میں سے ہیں جو ہجرت سے پہلے بیعت اولیٰ کے موقع پر ایمان لائے تھے اور غزوۂ بدر اور غزوۂ اُحد وغیرہ میں شریک رہے۔ غزوۂ تبوک کے موقع پر کسی شرعی عذر کے بغیر شرکت نہ کرسکے۔ انہوں نے صاف طور پر اپنی کوتاہی کا اقرار کیا۔ ان لوگوں میں نیکی کا جذبہ موجود، مگر نفس کی کمزوری بھی ہے۔ ایسے لوگوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ بعید نہیں کہ اللہ ان پر پھر مہربان ہو جائے کیونکہ وہ درگذر کرنے والا اور بہت رحم کرنے والا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ

خُذْ	مِنْ	اَمْوَالِهِمْ	صَدَقَةً	تُطَهِّرُهُمْ	وَتُزَكِّيْهِمْ	بِهَا	وَصَلِّ عَلَيْهِمْ
لے لیں آپ	سے	انکے مال (جمع)	زکوٰۃ	تم پاک کردو انہیں	اور صاف کردو	اس سے	اور دعا کرو ان پر

آپ اُن کے مالوں میں سے زکوٰۃ لے لیں۔ آپ انہیں پاک اور صاف کردیں اس سے اور اُن پر دُعا (خیر)

اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۳﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا

اِنَّ	صَلٰوتَكَ	سَكَنٌ	لَّهُمْ	وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا
بیشک	آپکی دُعا	سکون	ان کیلئے	اور اللہ	سننے والا	جاننے والا	کیا انہیں علم نہیں

کریں۔ بیشک آپکی دعا ان کے لئے (باعث) سکون ہے۔ اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ کیا انہیں علم نہیں

اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ

اَنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	يَقْبَلُ	التَّوْبَةَ	عَنْ	عِبَادِهٖ	وَيَاْخُذُ	الصَّدَقٰتِ	وَاَنَّ
کہ	اللہ	وہ	قبول کرتا ہے	توبہ	سے۔کی	اپنے بندے	اور قبول کرتا ہے	صدقات	اور یہ کہ

کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور قبول کرتا ہے صدقات اور یہ کہ

اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ

اللّٰهَ	هُوَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيْمُ	وَقُلِ	اعْمَلُوْا	فَسَيَرَى	اللّٰهُ
اللہ	وہ	توبہ قبول کرنے والا	نہایت مہربان	اور کہدیں آپ	تم کئے جاؤ عمل	پس اب دیکھے گا	اللہ

اللہ ہی توبہ قبول کرنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور آپ کہدیں تم عمل کئے جاؤ، پس اب دیکھے گا اللہ

عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ

عَمَلَكُمْ	وَرَسُوْلُهٗ	وَالْمُؤْمِنُوْنَ	وَسَتُرَدُّوْنَ	اِلٰى	عٰلِمِ	الْغَيْبِ	وَ
تمہارے عمل	اور اس کا رسول	اور مومن (جمع)	اور جلد لوٹائے جاؤ گے	طرف	جاننے والا	پوشیدہ	اور

اور اس کا رسول اور مومن تمہارے عمل اور تم جلد پوشیدہ اور ظاہر جاننے والے اللہ کی طرف لوٹائے

الشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾

الشَّهَادَةِ	فَيُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
ظاہر	سو وہ تمہیں جتادیگا	وہ جو	تم کرتے تھے

جاؤ گے۔ سو وہ تمہیں جتادے گا جو تم کرتے تھے۔

﴿۱۰۳﴾ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا مِنْ ذُنُوْبِهِمْ فَاَخَذَ كَلَّتْ

۱۰۳ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ اِلخ تم اے محمد ان کے مالوں سے صدقہ زکوٰۃ وغیرہ جو ان کو پاک کردے اور تم ان سے صدقہ لیکر ان کو گناہوں

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَمْوَالِهِمْ وَتُصَدِّقُ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ إِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ○

سے پاک صاف کردو۔ سو موافق ارشاد باری تعالیٰ کے آپ نے ان کا ایک تہائی مال لیکر فقراء پر صدقہ کر دیا اور اے محمدؐ ان کے لئے دعائے خیر کرو بلاشبہ تمہارا دعا کرنا ان کے حق میں رحمت ہے اور تسلی اور اطمینان اس امر کا ہے کہ انکی توبہ قبول ہوئی اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے

(۱۰۴) أَلَمْ يَعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَأْخُذُ الصَّدَقَاتِ وَأَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ○

(۱۰۴) کیا وہ نہیں جانتے کہ بیشک اللہ ہی قبول کرتا ہے توبہ کو اپنے بندوں سے اور قبول فرماتا ہے صدقات کو اور بیشک اللہ توجہ فرمانے والا ہے اپنے بندوں پر ساتھ قبول کرنے توبہ کے مہربان ہے ان پر (اَلَمْ يَعْلَمُوْا میں استفہام تقریری ہے اور مقصود اس سے ان لوگوں کو توبہ اور صدقہ پر آمادہ کرنا ہے)

(۱۰۵) وَقُلِ اعْمَلُوا فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُولُهُ وَالْمُؤْمِنُونَ وَسَتُرَدُّونَ إِلٰى عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ○

(۱۰۵) اور ان سے کہدو کہ جو چاہو عمل کرو پس عنقریب اللہ اور اس کا پیغمبر اور ایمان والے تمہارے کاموں کو دیکھیں گے اور عنقریب تم قیامت کو زندہ ہو کر لوٹائے جاؤ گے طرف اللہ کے جو جاننے والا ہے چھپی اور ظاہر باتوں کا پس خبر کردے گا تم کو جو تم کرتے تھے پھر عوض اس کا تم کو دے گا

تشریح

(۱۰۳) ان کے صدقات قبول کرو اور ان کے لئے دعا کرو | یہ لوگ جھوٹے ایمان کے مدعی نہیں ہیں بلکہ مومن مخلص ہیں البتہ ان سے قصور سرزد ہوگیا ہے۔ اگر یہ خدا کی راہ میں صرف کرنے کے لئے مال پیش کریں تو ان کا مال قبول کرو اور ان کے لئے دعائے رحمت کرو۔ آپکی دعا انکے لئے تسکین کا سامان ہوگی۔ اللہ تعالیٰ سب کچھ جانتا ہے اسے معلوم ہے کہ ان کے دل میں کیا ہے اور جو اس سے مغفرت طلب کرتا ہے وہ اس کی مغفرت کر سکتا ہے۔

(۱۰۴) مخلص بندوں کی توبہ اور ان کی خیرات قبول ہوتی ہے | کیا ان کو معلوم نہیں کہ جو اخلاص قلب کے ساتھ اللہ کے سامنے توبہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کرتے ہیں اور جو مال وہ اللہ کے راستے میں خرچ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کو قبولیت سے نوازتے ہیں اور یہ کہ اللہ تعالیٰ بہت معاف کرنے والے اور رحم فرمانے والے ہیں۔

(۱۰۵) تمہارا عمل تمہارے اخلاص کا گواہ ہوگا | اللہ تعالیٰ نے تمہیں معاف کر دیا تمہاری توبہ قبول کر لی اور جو تم اللہ کے راستے میں خرچ کرو گے وہ بھی قبول کیا جائے گا۔ مگر اے پیغمبر ان سے کہدو کہ تم اخلاص کے ساتھ عمل کرتے رہو۔ تمہارا طرز عمل آئندہ کیا رہتا ہے اور دین کے لئے تم قربانی دینے کے لئے تیار رہتے ہو کہ نہیں اللہ اور اس کے رسول اور مومنین یہ سب دیکھیں گے اور آخر کار معاملہ تو اسی کے سامنے پیش ہوگا جو کھلے چھپے سب چیز کا جاننے والا ہے۔

ہوسکتا ہے دنیا میں کوئی اپنی چالاکی اور عیاری سے اپنے نفاق کو چھپانے میں کامیاب ہو جائے لیکن اس سے کیسے چھپا سکتا ہے جو خوب جانتا ہے کہ تم کیا کرتے رہے ہو

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَ اٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَ اِمَّا يَتُوْبُ

وَ اٰخَرُوْنَ	مُرْجَوْنَ	لِاَمْرِ اللّٰهِ	اِمَّا	يُعَذِّبُهُمْ	وَ اِمَّا	يَتُوْبُ
اور کچھ اور	موقوف رکھے گئے	اللہ کے حکم پر	خواہ	وہ انہیں عذاب دے	اور خواہ	توبہ قبول کرلے

اور کچھ اور ہیں وہ اللہ کے حکم پر موقوف رکھے گئے ہیں، خواہ وہ انہیں عذاب دے اور خواہ ان کی توبہ قبول

عَلَيْهِمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾

عَلَيْهِمْ	وَ اللّٰهُ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ
ان کی	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا

کرلے۔ اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔

﴿۱۰۶﴾ وَاٰخَرُوْنَ مِنَ الْمُتَخَلِّفِيْنَ مُرْجَئُوْنَ بِالْهَمْزَةِ وَتَرْكِهٖ مُؤَخَّرُوْنَ عَنِ التَّوْبَةِ لِاَمْرِ اللّٰهِ فِيْهِمْ بِمَا يَشَاءُ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ بِاَنْ يُمِيْتَهُمْ بِلَا تَوْبَةٍ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِخَلْقِهٖ حَكِيْمٌ ○ فِيْ صُنْعِهٖ بِهِمْ وَهُمُ الثَّلٰثَةُ الْاٰتُوْنَ بَعْدُ مُرَارَةُ ابْنُ الرَّبِيْعِ۔ وَكَعْبُ بْنُ مَالِكٍ وَ هِلَالُ ابْنُ اُمَيَّةَ تَخَلَّفُوْا كَسَلًا وَمَيْلًا اِلَى الدَّعَةِ لَا نِفَاقًا وَلَمْ يَعْتَذِرُوْا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَغَيْرِهِمْ فَوَقَفَ اَمْرُهُمْ خَمْسِيْنَ لَيْلَةً وَهَجَرَهُمُ النَّاسُ حَتّٰى نَزَلَتْ تَوْبَتُهُمْ بَعْدُ۔

﴿۱۰۶﴾ اور بعض دوسرے آدمی ہیں پیچھے رہنے والے جہاد سے کہ انکی توبہ ابھی موقوف ہے اللہ جو چاہے ان کے بارے میں حکم فرماوے یا انکو عذاب دے اس طرح کہ ان کو بدون توبہ موت دیوے کہ وہ بوجہ مخالفت امر الٰہی گرفتار عذاب الٰہی ہوں یا انکی توبہ قبول فرماوے اور اللہ اپنی مخلوق کو جاننے والا ہے جو معاملہ کرتا ہے حکمت سے کرتا ہے۔ اور یہ لوگ جن کا حال اس آیت میں مذکور ہوا وہ تین شخص ہیں جن کا ذکر آگے آویگا۔ مرارہ ابن ربیع، کعب بن مالک اور ہلال بن امیہ کہ جو از راہ سستی و آرام طلبی کے جہاد سے پیچھے رہے تھے نہ بوجہ منافق ہونیکے، اور ان لوگوں نے جھوٹا عذر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیان نہیں کیا جیسے منافقوں نے عذر کیا۔ سو پچاس روز تک ان کا امر توقف میں رہا ان کے بارے میں

تشریح

﴿۱۰۶﴾ غزوہ تبوک میں پیچھے رہ جانیوالوں میں سے کچھ کے بارے میں حکم الٰہی کا انتظار | جو لوگ غزوۂ تبوک میں شریک نہیں ہوئے تھے وہ تین قسم کے لوگ تھے

۱۔ منافقین۔ جو اپنے دلی نفاق کی وجہ سے جہاد میں شریک نہیں ہو سکے۔

۲۔ مخلص مسلمان۔ جو سستی اور تن آسانی کی وجہ سے شرکت نہ کر سکے ـــ ان مخلص مسلمانوں میں ایک وہ تھے جو نبی ﷺ کی واپسی کی اطلاع پاکر حاضر ہوئے۔ صاف صاف اپنی خطا کا اقرار کیا اور خود اپنے آپ کو مسجد کے ستونوں سے باندھ لیا کہ جب تک اللہ تعالیٰ ہماری توبہ قبول نہ کرینگے ہم اسی طرح اپنے آپ کو باندھے رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ نے توبہ قبول کرلی۔

ان مخلص مسلمانوں میں دوسری قسم ان لوگوں کی تھی جنھوں نے صاف صاف نبی ﷺ کے سامنے اپنی کوتاہی کا اقرار کیا کوئی عذر لنگ نہیں تراشا مگر پہلی قسم کے مخلص مسلمانوں کی طرح اپنے آپ کو ستونوں سے نہیں بندھوایا، ان کے بارے میں کیا حکم ہے ـــ؟ فی الحال ان کا معاملہ اللہ کے حکم پر ٹھہرا ہوا ہے وہ جیسا چاہیں گے فیصلہ فرمائیں گے چاہے سزا دیں چاہے ان پر پھر مہربانی فرمائیں اللہ تعالیٰ سب کے دلوں کا حال جانتے ہیں اور ان کا ہر فیصلہ حکیمانہ اور عادلانہ ہوتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا

وَالَّذِيْنَ	اتَّخَذُوْا	مَسْجِدًا	ضِرَارًا	وَّكُفْرًا	وَّتَفْرِيْقًا	بَيْنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	وَاِرْصَادًا
اور وہ لوگ جو	انہوں نے بنائی	مسجد	نقصان پہنچانے کو	اور کفر کیلئے	اور پھوٹ ڈالنے کو	درمیان	مومن (جمع)	اور گھات کی جگہ بنانے کیلئے

اور وہ لوگ جنہوں نے مسجد ضرار (نقصان پہنچانے کیلئے) بنائی اور کفر کرنے کیلئے اور مومنین کے درمیان پھوٹ ڈالنے کیلئے اور اسکے واسطے گھات کی جگہ بنانے

لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَاۤ اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ

لِّمَنْ	حَارَبَ	اللّٰهَ	وَرَسُوْلَهٗ	مِنْ	قَبْلُ	وَلَيَحْلِفُنَّ	اِنْ	اَرَدْنَاۤ	اِلَّا	الْحُسْنٰى
اسکے واسطے جو	اس نے جنگ کی	اللہ	اور اس کا رسول	سے	پہلے	اور البتہ قسمیں کھائینگے	نہیں	ہم نے چاہا	مگر (صرف)	بھلائی

کے لئے جس نے اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کی اس سے پہلے۔ اور وہ البتہ قسمیں کھائیں گے کہ ہم نے صرف بھلائی چاہی، اور

وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى

وَاللّٰهُ	يَشْهَدُ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ	لَا تَقُمْ	فِيْهِ	اَبَدًا	لَمَسْجِدٌ	اُسِّسَ	عَلَى
اور اللہ	گواہی دیتا ہے	وہ یقیناً	جھوٹے ہیں	آپ کھڑے ہونا	اسمیں	کبھی	بیشک وہ مسجد	بنیاد رکھی گئی	پر

اللہ گواہی دیتا ہے وہ یقیناً جھوٹے ہیں۔ آپ اس میں کبھی نہ کھڑے ہونا، بیشک وہ مسجد جس کی بنیاد پہلے دن سے

التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ

التَّقْوٰى	مِنْ	اَوَّلِ	يَوْمٍ	اَحَقُّ	اَنْ	تَقُوْمَ	فِيْهِ	فِيْهِ	رِجَالٌ	يُّحِبُّوْنَ	اَنْ	يَّتَطَهَّرُوْا
تقویٰ	سے	پہلے	دن	زیادہ لائق	کہ	آپ کھڑے ہوں	اسمیں	اسمیں	ایسے لوگ	وہ چاہتے ہیں	کہ	وہ پاک رہیں

تقوی پر رکھی گئی ہے زیادہ لائق ہے کہ آپ اس میں کھڑے ہوں۔ اسمیں ایسے لوگ ہیں جو چاہتے ہیں کہ وہ پاک رہیں اور

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَ

وَاللّٰهُ	يُحِبُّ	الْمُطَّهِّرِيْنَ	اَفَمَنْ	اَسَّسَ	بُنْيَانَهٗ	عَلٰى	تَقْوٰى	مِنَ	اللّٰهِ
اور اللہ	محبوب رکھتا ہے	پاک رہنے والے	سو کیا وہ جو	بنیاد رکھی	اپنی عمارت	پر	خوف	سے	اللہ

اللہ محبوب رکھتا ہے پاک رہنے والوں کو۔ سو کیا وہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد اللہ کے خوف اور (اس کی) خوشنودی پر

رِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ

وَرِضْوَانٍ	خَيْرٌ	اَمْ	مَّنْ	اَسَّسَ	بُنْيَانَهٗ	عَلٰى	شَفَا	جُرُفٍ	هَارٍ	فَانْهَارَ	بِهٖ	فِيْ	نَارِ
اور خوشنودی	بہتر	یا	جو	بنیاد رکھی	اپنی عمارت	پر	کنارہ	کھائی	گرنیوالا	سو گر پڑی	اسکو لیکر	میں	آگ

رکھی، وہ بہتر ہے یا وہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد رکھی گرنے والی کھائی (گڑھے) کے کنارہ پر۔ سو وہ اسکو لیکر دوزخ کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

جَهَنَّمَ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾

جَهَنَّمَ	وَاللّٰهُ	لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الظّٰلِمِيْنَ
دوزخ	اور اللہ	ہدایت نہیں دیتا	لوگ	ظالم (جمع)

آگ میں گر پڑی۔ اور اللہ ظالم لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا

﴿۱۰۷﴾ وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَا اِلَّا الْحُسْنٰى ۭ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۝ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ۭ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ۭ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ۝

﴿۱۰۷﴾ اور بعض منافقین میں سے وہ لوگ ہیں کہ انہوں نے مسجد بنائی۔ (یہ بارہ آدمی منافقین میں سے تھے) مسجد قبا والوں کی مخالفت میں انکو نقصان پہنچانے کے لئے اور از راہ کفر و انکار کے نہ از راہ ایمان کے کیونکہ یہ مسجد منافقوں نے ابو عامر راہب کے کہنے سے بنائی تھی تاکہ یہ مسجد اسکے لئے جائے پناہ ہو اور جو کوئی اس کے پاس آیا کرے اسی مسجد میں ٹھہرے اور یہ ابو عامر اسلئے گیا تھا کہ روم سے لشکر لا دے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لڑنے اور مقابلہ کرنے کیلئے۔ اور غرض انکی اس مسجد کے بنانے سے مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنا اور مسجد قبا کے نمازیوں کو متفرق کرنا ہے کہ ان نمازیوں سے کچھ آدمی انکی مسجد میں بھی نماز پڑھنے لگیں اور غرض انکی بنا مسجد سے انتظار کرنا ہے اس شخص کے آنے کا جو اس مسجد کی تعمیر سے پہلے اللہ اور اس کے پیغمبر سے مقابلہ اور لڑائی کرتا تھا۔ یعنی ابو عامر مذکور اور البتہ وہ قسم کھاتے ہیں کہ ہماری غرض اس مسجد کے بنانے سے صرف نیک کام ہے کہ محتاج آدمی کی بارش اور گرمی میں آرام ملے اور مسلمانوں کے لئے جگہ کی فراغت ہو کر وہ

﴿۱۰۸﴾ اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ بھی نماز پڑھ لیں اس پر حکم آیا۔ نہ نماز پڑھو تم اے محمد اس مسجد میں کبھی پس آپنے صحابہ کی ایک جماعت کو بھیجا کہ انہوں نے اسکو منہدم کر دیا اور اسکو جلا دیا اور اس کو کوڑی کردی کہ وہاں مردار اور ناپاک چیزیں ڈالی جائیں۔ البتہ وہ مسجد کہ جسکی بنیاد اللہ کے خوف پر رکھی گئی ہے جب سے وہ بنائی گئی یعنی جبوقت سے کہ تم مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ میں آئے اچھی نیت سے بنائی گئی اور وہ مسجد قبا ہے جیسا کہ بخاری میں روایت ہے، وہ مسجد اسکی زیادہ مستحق ہے کہ تم اے محمد اسمیں نماز پڑھو اسکے نمازی وہ لوگ ہیں جو پاکی کو پسند کرتے ہیں یہ انصار ہیں جو قبا میں رہتے تھے اور اللہ پاکی حاصل کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے یعنی ان کو ثواب عطا فرمائیگا۔ ابن خزیمہ نے اپنی کتاب صحیح میں عویمر بن ساعدہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اہل قبا کے پاس انکی مسجد میں تشریف لائے پس فرمایا کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے تمہاری مسجد کے قصہ کے بیان میں تمہاری پاکی کی بہت تعریف کی ہے سو وہ کیا پاکی ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ أَحْسَنَ عَلَيْكُمُ الثَّنَاءَ فِي الطُّهُورِ فِي قِصَّةِ مَسْجِدِكُمْ فَمَا هٰذَا الطُّهُورُ الَّذِي تَطَهَّرُونَ بِهِ فَقَالُوا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا نَعْلَمُ شَيْئًا إِلَّا أَنَّهُ كَانَ لَنَا جِيرَانٌ مِنَ الْيَهُودِ فَكَانُوا يَغْسِلُونَ أَدْبَارَهُمْ مِنَ الْغَائِطِ فَغَسَلْنَا كَمَا غَسَلُوا وَفِي حَدِيثٍ رَوَاهُ الْبَزَّارُ فَقَالُوا كُنَّا نَتْبَعُ الْحِجَارَةَ بِالْمَاءِ فَقَالَ هُوَ ذَاكَ فَعَلَيْكُمُوهُ

جو تم کرتے ہو؟ پس ان لوگوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ بخدا ہم کو کچھ خبر نہیں مگر بیشک بات یہ ہے کہ چند یہودی ہمارے ہمسایہ تھے وہ لوگ پانی سے استنجا کرتے تھے انکو دیکھ کر ہم بھی ایسا ہی کرنے لگے اور ایک حدیث میں ہے جسکو بزار نے روایت کیا کہ اہل قبا نے عرض کیا کہ ہم ڈھیلے سے استنجا کرتے ہیں پس آپ نے فرمایا کہ وہ پاکی جس کی اللہ تعالیٰ نے تعریف فرمائی یہ ہی ہے کہ ڈھیلے کے بعد پانی سے استنجا کرتے ہو سو اس کو لازم پکڑو اور برابر کرتے رہو۔

(۱۰۹) أَفَمَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ أَمْ مَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهُ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِينَ ○

(۱۰۹) پس آیا وہ شخص بہتر ہے جس نے اپنی عمارت کی بنیاد اللہ کے خوف پر اور اسکی رضا جوئی پر رکھی یا وہ شخص بہتر ہے جس کی بنیاد ندی کھائی ہوئی گرنے والے کنارہ پر ہے پس وہ کنارہ گر گیا ساتھ بنانے والے اپنے کے دوزخ کی آگ میں یعنی دونوں دوزخ میں گر گئے عمارت و اس کا بنانے والا۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے مثال بیان فرمائی جو تقویٰ کے خلاف رکھے گئے خوف الٰہی پر اس کی بنا نہیں کہ انجام اس کا یہ ہے کہ اس کا بانی دوزخ میں جائے گا۔ اور استفہام تقریری ہے یعنی وہ بہتر ہے جسکی بنیاد تقویٰ پر ہے اور یہ مثال مسجد قبا کی ہے کہ اس کی بنیاد خوف الٰہی پر ہے اور دوسری مثال مسجد ضرار کی ہے کہ جو منافقین نے بنائی تھی اور اللہ نہیں راہ

تشریح

(۱۰۷) **مسجد ضرار۔ ایک فتنہ ایک سازش** غزوہ تبوک کے موقع پر ایسے بھی لوگ تھے جو پورے خلوص کے ساتھ اللہ کے راستے میں جہاد کرنے کیلئے آمادہ تھے مگر سستی اور کاہلی کی وجہ سے پیچھے رہ گئے۔ ان کی نیتیں صحیح تھیں۔ گو ظاہر میں ان سے ایک بُرا کام ہو گیا کہ جہاد میں شرکت نہ کر سکے ان کا ظاہر بُرا تھا اور باطن اچھا تھا۔ اب اُن کا بیان ہے جن کا ظاہر اچھا تھا اور باطن خراب تھا۔ بظاہر وہ مسجد کی تعمیر کر کے ایک اچھا کام کر رہے تھے لیکن اس کے پیچھے ایک زبردست فتنہ اور سازش تھی۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ مکرمہ سے ہجرت فرما کر مدینہ طیبہ تشریف لائے تو آپ کا قیام مدینہ سے باہر "بنی عمرو بن عوف" کے محلہ میں ہوا جہاں لوگوں نے ایک مسجد تعمیر کی جو مسجد قبا کے نام سے مشہور ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر ہفتہ کے روز اس مسجد میں تشریف لیجا کر دو رکعت نماز پڑھتے تھے اور اس کی بڑی فضیلت حدیثوں میں بیان ہوئی ہے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب ہجرت فرما کر مدینہ طیبہ تشریف لائے تو وہاں قبیلہ خزرج کا ایک شخص تھا جس کا نام ابو عامر تھا یہ عیسائی مذہب اختیار کر کے راہب بن گیا تھا۔ اسکا شمار نصرانی علماء میں ہوتا تھا اور درویشی کی وجہ سے لوگ اسکی عزت کرتے تھے جس زمانہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ پہنچے اسوقت اس شخص کا سکہ چل رہا تھا اور لوگ بڑی تعداد میں اسکو مانتے تھے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو اسلام کی دعوت دی مگر اس نے اسلام قبول کرنے کے بجائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی مشیخت کے راستے میں روڑا سمجھ کر آپکی مخالفت کرنی شروع کر دی۔ شروع میں تو اسے یہ امید رہی کہ قریش کی طاقت کے مقابلہ پر یہ لوگ ٹک نہ سکینگے لیکن غزوۂ بدر میں مسلمانوں کی کامیابی کو دیکھ کر اسے اندازہ ہوا کہ یہ کوئی معمولی طاقت نہیں ہے۔ اور اس شخص ابو عامر نے مختلف قبیلوں میں جا جا کر اسلام کے خلاف لوگوں کو ابھارنا شروع کر دیا۔ جنگ احد جن لوگوں کی وجہ سے برپا ہوئی انمیں ابو عامر بھی شامل تھا۔ احد کے میدان میں اس نے پوشیدہ طور پر ایسے گڈھے کھدوائے تھے جن کو اوپر سے گھاس سے ڈھک دیا گیا تھا۔ ایسے ہی ایک گڑھے میں گر کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم زخمی

toobaa-elibrary.blogspot.com

ہو گئے تھے بغرض جنگ حنین تک جتنی بھی لڑائیاں ہوئیں انہیں ابوعامر اسلام کے خلاف سرگرم رہا جب وہ اس بات سے مایوس ہو گیا کہ عرب کی کوئی طاقت اسلام کو روک نہ سکے گی تو اس نے روم کا رخ کیا اور قیصر کو چڑھائی کیلئے آمادہ کیا جس کی اطلاع سنکر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا لشکر لیکر تبوک کا سفر کرنا پڑا۔

ابوعامر نے مدینہ کے منافقین سے ملکر یہ سازش کی کہ مسجد کے نام پر ایک عمارت بنائی جائے جو اسلام مخالف سرگرمیوں کے لئے ایک مرکز کا کام دے یہی وہ ناپاک سازش تھی جس کے تحت مدینہ کے منافقین نے مسجد کے نام پر ایک عمارت بنانے کی تیاریاں شروع کیں۔ پہلے یہ لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے اور عرض کیا کہ بارش اور جاڑے میں وہ لوگ جو مسجد قبا اور مسجد نبوی سے دُور رہتے ہیں خاص طور پر کمزور اور معذور لوگ انکے لئے مسجد میں جماعت کیلئے آنا مشکل ہوتا ہے اسلئے انکی آسانی کے لئے مسجد تعمیر کرنا چاہتے ہیں اور جب یہ مسجد بن کر تیار ہوئی تو انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ آپ خود ایک مرتبہ اس مسجد میں نماز پڑھ کر اس کا افتتاح فرمادیں۔ آپؐ نے یہ کہہ کر ٹال دیا کہ اسوقت جنگ کی تیاریوں میں مشغولیت ہے واپس آکر دیکھونگا۔ اس کے بعد آپ تبوک کی طرف روانہ ہو گئے۔ آپؐ کی عدم موجودگی میں یہ لوگ اس مسجد میں اپنی سازشوں میں لگے رہے اور طے کیا کہ اُدھر رومی مسلمانوں کا قلع قمع کرینگے اور اِدھر ہم مدینہ میں عبداللہ بن اُبی کو بادشاہ بنا کر اپنی حکومت قائم کردیں گے۔ لیکن تبوک کے واقعہ سے ان کی ساری امیدیں خاک میں مِل گئیں۔ جب آپ تبوک سے واپس تشریف لارہے تھے اسوقت اللہ تعالیٰ کا یہ حکم نازل ہوا کہ یہ کچھ لوگ ہیں جنھوں نے اللہ کے دین کی دعوت کو نقصان پہنچانے کے لئے ایک مسجد بنائی ہے تاکہ اسمیں اللہ کی عبادت کی بجائے کفر و شرک کریں اور مومن بندوں میں پھوٹ ڈالیں۔ یہ بظاہر عبادت گاہ ہے لیکن حقیقت میں اس شخص کی کمین گاہ ہے جو اللہ اور رسول کے خلاف برسرِ پیکار رہ چکا ہے۔ یہ لوگ قسمیں کھا کھا کر یقین دلانے کی کوشش کرینگے کہ ہمارا ارادہ بھلائی کے سوا کچھ نہیں ہے لیکن اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ لوگ بالکل جھوٹے ہیں۔ جس وقت یہ آیتیں نازل ہوئیں تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ کے قریب ذی اوان کے مقام پر پہنچ چکے تھے آپؐ نے اسی وقت مالک بن دخشم اور معن بن عدی کو حکم دیا کہ آپؐ کے شہر میں داخل ہونے سے پہلے پہلے مسجد ضرار کو گرا کر زمین کے برابر کردیں۔ ابوعامر کا انجام یہ ہوا کہ وہ ملک شام میں اکیلا بے بسی کی موت مرگیا۔

(۱۰۸) عبادت کے لئے وہ مسجد موزوں اور مناسب ہے جس کی بنیاد پرہیزگاری پر ہے | اللہ کی عبادت اس لئے کیجاتی ہے کہ انسان کے عمل میں پاکیزگی پیدا ہو اس کا ظاہر و باطن پاک و صاف ہو۔ جس عبادت گاہ کی بنیاد ہی شرارت، کفر و نفاق اللہ اور رسول کی مخالفت پر ہو وہ جگہ کب اس لائق ہے کہ وہاں اللہ کی عبادت کی جائے اسلئے آپ اس عمارۃ میں ہرگز عبادت کے لئے کھڑے نہ ہوں۔ عبادت کے لئے وہ مسجد ہی موزوں اور مناسب ہے جس کی بنیاد تقویٰ پرہیزگاری اور خداترسی پر رکھی گئی ہے۔ وہاں وہ لوگ ہیں جو ظاہری اور باطنی پاکی کو پسند کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کو پاکیزگی اختیار کرنے والے لوگ ہی پسند ہیں۔ اہل قبا استنجے کے لئے مٹی کا ڈھیلا اور پانی دونوں چیزیں استعمال کرتے تھے ان کی اس طبعی نظافت کی اللہ تعالیٰ نے تعریف کی۔

(۱۰۹) کھوکھلی زمین پر زندگی کی عمارت کھڑی کرنے کی بجائے مضبوط بنیادوں پر زندگی کی تعمیر ہونی چاہیئے | ہم سب جانتے ہیں کہ دنیا کی زندگی ہمیشہ باقی رہنے والی نہیں ہے فنا ہونے والی اور ایک دن ختم ہوجانے والی ہے۔ اگر ہمارے عمل کی بنیاد دنیا طلبی پر ہو تو یہ زندگی کو کھوکھلی بنیادوں پر تعمیر کرنا ہے جو ایک دن ساری کی ساری نیچے آپڑے گی۔ آخرت طلبی تقویٰ اور پرہیزگاری وہ مضبوط بنیاد ہے جو ہمیشہ باقی رہنے والی ہے۔ اگر ہمارے عمل کی بنیاد آخرت طلبی پر ہو تو وہ ایسی تعمیر ہے جس کے نیچے ٹھوس بنیاد موجود ہے۔ اب دونوں حالتوں کا موازنہ کر کے فیصلہ کرو کہ کیا وہ انسان بہتر ہے جس نے اپنے عمل کی عمارت کی بنیاد خدا کے خوف اور اس کی رضا طلبی پر رکھی ہو؟ یا وہ جس نے اپنی عمارت کھوکھلی زمین پر اٹھائی ہو اور وہ اسے لیکر سیدھے جہنم کی آگ میں جا گرے ان دونوں باتوں کو سامنے رکھ کر اپنے عمل کے بارے میں خود فیصلہ کرو۔ جو لوگ خود اپنے اوپر زیادتی کرتے ہیں اللہ تعالیٰ بھی ان کو سیدھا راستہ نہیں دکھاتے۔ سیدھے راستے کی توفیق اسی کو ہوتی ہے جو خود بھی راہ راست کی طلب رکھتا ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِي بَنَوْا رِيبَةً فِي قُلُوبِهِمْ إِلَّا أَنْ تَقَطَّعَ

لَا يَزَالُ	بُنْيَانُهُمُ	الَّذِي	بَنَوْا	رِيبَةً	فِي	قُلُوبِهِمْ	إِلَّا	أَنْ	تَقَطَّعَ
ہمیشہ رہیگی	ان کی عمارت	جو کہ	بنیاد رکھی	شک کی	میں	ان کے دل	مگر	یہ کہ	ٹکڑے ہوجائیں

وہ عمارت جس کی انہوں نے بنیاد رکھی ہے ہمیشہ شک ڈالتی رہے گی ان کے دلوں میں مگر یہ کہ انکے دل ٹکڑے

ع ۱۳ ۱۱ ۲

قُلُوبُهُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١١٠﴾ إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ

قُلُوبُهُمْ	وَاللَّهُ	عَلِيمٌ	حَكِيمٌ	إِنَّ	اللَّهَ	اشْتَرَىٰ	مِنَ	الْمُؤْمِنِينَ
ان کے دل	اور اللہ	جاننے والا	حکمت والا	بیشک	اللہ	خرید لئے	سے	مومن (جمع)

ٹکڑے ہوجائیں اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔ بیشک اللہ نے خرید لیں مومنوں سے ان کی

أَنْفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۚ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ

أَنْفُسَهُمْ	وَأَمْوَالَهُمْ	بِأَنَّ	لَهُمُ	الْجَنَّةَ	يُقَاتِلُونَ	فِي	سَبِيلِ
ان کی جانیں	اور ان کے مال	اسکے بدلہ	انکے لئے	جنت	وہ لڑتے ہیں	میں	راستہ

جانیں اور ان کے مال، اس کے بدلے کہ ان کے لئے جنت ہے۔ وہ لڑتے ہیں اللہ کی

اللَّهِ فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ ۖ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرَاةِ وَ

اللَّهِ	فَيَقْتُلُونَ	وَيُقْتَلُونَ	وَعْدًا	عَلَيْهِ	حَقًّا	فِي	التَّوْرَاةِ
اللہ	سو وہ مارتے ہیں	اور مارے جاتے ہیں	وعدہ	اس پر	سچا	میں	توریت

راہ میں سو وہ مارتے ہیں اور مارے (بھی) جاتے ہیں اس پر سچا وعدہ ہے، توریت میں اور

الْإِنْجِيلِ وَالْقُرْآنِ ۚ وَمَنْ أَوْفَىٰ بِعَهْدِهِ مِنَ اللَّهِ فَاسْتَبْشِرُوا

وَالْإِنْجِيلِ	وَالْقُرْآنِ	وَمَنْ	أَوْفَىٰ	بِعَهْدِهِ	مِنَ	اللَّهِ	فَاسْتَبْشِرُوا
اور انجیل	اور قرآن	اور کون	زیادہ پورا کرنیوالا	اپنا وعدہ	سے	اللہ	پس خوشیاں مناؤ

انجیل میں اور قرآن میں۔ اور اللہ سے زیادہ کون اپنا وعدہ پورا کرنے والا ہے؟ پس اپنے اس سودے

بِبَيْعِكُمُ الَّذِي بَايَعْتُمْ بِهِ ۚ وَذَٰلِكَ هُوَ

بِبَيْعِكُمُ	الَّذِي	بَايَعْتُمْ	بِهِ	وَ	ذَٰلِكَ	هُوَ
اپنے سودے پر	جو کہ	تم نے سودا کیا	اس سے	اور	یہ	وہ

پر خوشیاں مناؤ جو تم نے اس سے سودا کیا ہے۔ اور یہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (۱۱۱)

الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ
کامیابی	عظیم

عظیم کامیابی ہے

(۱۱۰) لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً شَكًّا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّا اَنْ تَقَطَّعَ تَنْفَصِلَ قُلُوْبُهُمْ بِاَنْ يَمُوْتُوْا وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِخَلْقِهٖ حَكِيْمٌ ○ فِيْ صُنْعِهٖ بِهِمْ۔

(۱۱۰) ان کی عمارت جس کی انہوں نے بنیاد رکھی ہمیشہ انکے دلوں کے اندر شک وشبہ بڑھاتی رہے گی مگر یہ کہ ان کے دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں یعنی وہ مرجاویں اور اللہ اپنی خلقت کو جاننے والا ہے جو کچھ اپنی خلقت کیساتھ کرتا ہے مصلحت سے کرتا ہے۔

(۱۱۱) اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنْ يَبْذُلُوْهَا فِيْ طَاعَتِهٖ كَالْجِهَادِ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ جُمْلَةُ اِسْتِيْنَافٍ بَيَانٌ لِلشِّرَاءِ وَفِيْ قِرَاءَةٍ بِتَقْدِيْمِ الْمَبْنِيِّ لِلْمَفْعُوْلِ اَيْ فَيُقْتَلُ بَعْضُهُمْ وَيُقَاتِلُ الْبَاقِيْ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا مَصْدَرَانِ مَنْصُوْبَانِ بِفِعْلِهِمَا الْمَحْذُوْفِ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ اَيْ لَا اَحَدَ اَوْفٰى مِنْهُ فَاسْتَبْشِرُوْا فِيْهِ اِلْتِفَاتٌ عَنِ الْغَيْبَةِ بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ الْبَيْعُ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ اَلنَّيْلُ غَايَةُ الْمَطْلُوْبِ

(۱۱۱) اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ بِاَمْوَالِهِمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ الخ بیشک اللہ نے خرید لیا ایمان والوں سے انکی جانوں اور مالوں کو بعوض اس کے کہ ان کے لئے جنت ہے یعنی مسلمان اپنی جان ومال کو خدا کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اور جہاد کرتے ہیں اسکے عوض انکو اللہ نے جنت دی وہ لڑتے ہیں اللہ کی راہ میں پس مارتے ہیں اور مارے جاتے ہیں يُقَاتِلُوْنَ الخ جملہ مستانفہ ہے بیان ہے اس خریدنے کا جو اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى میں مذکور ہے اور ایک قرأۃ میں فَيُقْتَلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ یعنی مجہول کا مقدم ہے اس صورت میں معنی یہ ہیں کہ بعض مومنین اللہ کی راہ میں مارے جاتے ہیں اور جو باقی رہے وہ کافروں کو مارتے ہیں اللہ نے سچا وعدہ کیا ہے توریت میں اور انجیل میں اور قرآن میں اور اللہ سے زیادہ کوئی پورا کرنے والا وعدہ کا نہیں سو اے ایمان والو خوش ہو جاؤ اس اپنے معاملہ سے جو تم نے اللہ سے کیا کہ اپنی جانوں اور مالوں کو بعوض جنت کے فروخت کر دیا یہ ہی ہے بڑی نجات کہ اس سے مقصود حاصل ہوا۔

تشریح

(۱۱۰) مکر ودغا کے بنائے ہوئے جال سے یہ منافق کبھی نکل نہ سکیں گے | حق کی مخالفت کرنے والے ایک قسم کے لوگ تو وہ ہوتے ہیں جن پر حق واضح نہیں ہو سکا اور وہ کھلم کھلا مخالفت کی راہ پر چل رہے ہیں ایسے لوگوں کے اندر راست بازی، اخلاص اور اخلاقی جرأت کا جوہر اپنی جگہ موجود رہتا ہے اور جب وہ باطل سے حق کی طرف آتے ہیں تو وہی جوہر جو باطل کے کام آتا تھا اب حق کے لئے کام آتا ہے اس بات کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح تعبیر فرمایا ہے کہ: خِيَارُكُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُكُمْ فِي الْاِسْلَامِ تم میں سے جو لوگ جاہلیت کے زمانے میں اپنے اوصاف میں ممتاز تھے وہ اسلام کے زمانے میں بھی ممتاز رہینگے۔ دوسری قسم کے منکرین حق وہ ہیں جن پر حق واضح ہو چکا ہے۔ وہ سمجھ چکے ہیں کہ حق یہی ہے لیکن بزدل، جھوٹے، مکار اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

منافق لوگ ہیں اور اپنے مکر و دغا کو چھپانے کے لئے خدا پرستی کا پر فریب لبادہ اوڑھ کر دنیا کو دھوکہ دے رہے ہیں ان کی سیرت کو نفاق کی دیمک لگ چکی ہے ان کے دل ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ایمان کی صلاحیت سے محروم ہو چکے ہیں اب ان کے راہ حق پر واپس آنے کی کوئی امید باقی نہیں ہے چاہے ان کے دلوں کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں۔ اللہ تعالیٰ ہر چیز سے باخبر ہیں انھیں معلوم ہے کہ ان کے دل ایمانی صلاحیت کھو چکے ہیں۔ وہ حکیم و دانا ہیں ان کا ہر فیصلہ حکمت و دانائی کے ساتھ ہوتا ہے، سزا بھی ملے گی تو عدل و انصاف کے مطابق۔

(۱۱۱) ایمان، اللہ اور بندے کے درمیان ایک معاہدہ ہے | یہ تمام کائنات اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی ہے۔ وہی اس کے خالق ہیں اور بلا شرکت غیرے اس کے مالک بھی ہیں۔ اس کائنات میں ایک چھوٹا سا حصہ ہے جس کو زمین کہتے ہیں اس زمین پر ہم اللہ تعالیٰ کی پیدائشی رعیت (BORN SUBJECT) ہیں۔ ہماری حیثیت یہ ہے کہ ہم اسی خالق کی مخلوق ہیں اسی پروردگار کے پروردہ ہیں اس کے جلائے جی رہے ہیں۔ نہ ہمیں اپنی زندگی پر کوئی اختیار ہے اور نہ اپنی موت پر۔ ہمارے خالق و مالک نے ہمیں ایک محدود دائرے میں کچھ اختیارات عطا کئے ہیں۔ یہ محدود اختیارات بھی تفویض کردہ اور عطا کردہ (DELEGATED) ہیں۔ وہ اختیار اور آزادی یہ ہے کہ ہم چاہیں تو اپنے مالک کی فرماں برداری کریں جو پیدائشی رعیت ہونے کی وجہ سے ہمیں کرنی چاہیئے اور چاہیں تو اس محدود دائرے میں خود مختاری اور بغاوت کا رویہ اختیار کریں جو اپنی فطرت اور حقیقت کے اعتبار سے ہمیں کرنا نہیں چاہیئے۔

آزادی عمل کے دائرے میں اطاعت کا رویہ اختیار کرنے کا نام ایمان ہے گویا ہم یہ تسلیم کرتے ہیں کہ ہم اپنے ارادے اور مرضی سے اپنی زندگی کے اختیاری دائرے میں اپنے پروردگار کے اقتدار اعلیٰ (SOVEREIGNTY) کو تسلیم کرتے ہیں۔

اس ایمان کے ذریعے ہمارے اور ہمارے رب کے درمیان ایک معاہدہ قرار پا گیا ہے کہ ہم جان و مال سے ذہن و فکر کی تمام قوتوں سے اپنے مالک حقیقی کے فرماں بردار اور وفادار رہیں گے اس کیلئے ہر طرح کی قربانی دینگے۔ جان مانگیں گے تو جان دینگے مال مانگیں گے تو مال دینگے۔ اس اطاعت شعاری کے بدلے میں اللہ تعالیٰ کا پکا وعدہ ہے کہ وہ بہترین نعمتوں سے سرفراز کئے جائیں گے۔ یہ وعدہ اللہ کی آخری کتاب قرآن مجید میں بھی ہے اور اس سے پہلے جو کتاب حضرت موسیٰ ؑ پر نازل کی گئی اسمیں بھی یہ وعدہ ہے۔ جیسا کہ تورات میں ہے کہ:۔

"سُن اے اسرائیل! خداوند ہمارا ایک ہی خداوند ہے تو اپنے سارے دل اور اپنی ساری جان اور اپنی ساری طاقت سے خداوند اپنے خدا سے محبت کر۔" (استثناء ۶: ۴، ۵)

توراۃ ہی میں دوسری جگہ ارشاد ہے کہ:۔

"کیا وہ تمہارا باپ نہیں جس نے تم کو خریدا ہے؟ اسی نے تم کو بنایا اور قیام بخشا۔" (استثناء ۳۲-۶)

اسی طرح حضرت عیسیٰ مسیح علیہ السلام کا قول موجودہ انجیل میں ملتا ہے کہ:۔

"مبارک ہے وہ جو راست بازی کے سبب ستائے گئے ہیں کیونکہ آسمان کی بادشاہت انہیں کی ہے۔" (متی۔ ۵: ۱-۱۰)

دوسری جگہ فرمایا کہ:۔

"جس نے گھروں یا بھائیوں یا بہنوں یا ماں باپ کو یا بچوں یا کھیتوں کو میرے نام کی خاطر چھوڑ دیا ہے اس کو سو گنا ملیگا اور ہمیشہ کی زندگی کا وارث ہوگا۔ (متی ۱۹: ۲۹)

اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر اپنے وعدے کو پورا کرنے والا اور کون ہوگا پس اس سودے اور معاہدے پر خوشیاں مناؤ اور اپنی قسمت پر ناز کرو کہ خود رب العزت ہمارا خریدار ہے اور یہ سب سے بڑھ کر کامیابی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ

اَلتَّآئِبُوْنَ	الْعٰبِدُوْنَ	الْحٰمِدُوْنَ	السَّآئِحُوْنَ	الرّٰكِعُوْنَ
توبہ کرنے والے	عبادت کرنیوالے	حمد وثنا کرنے والے	سفر کرنے والے	رکوع کرنے والے

توبہ کرنے والے عبادت کرنے والے حمد وثنا کرنے والے (راہِ خدا میں) سفر کرنیوالے، رکوع کرنیوالے

السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ

السّٰجِدُوْنَ	الْاٰمِرُوْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَالنَّاهُوْنَ	عَنِ
سجدہ کرنے والے	حکم دینے والے	نیکی	اور روکنے والے	سے

سجدہ کرنے والے، نیکی کا حکم دینے والے، اور برائی سے روکنے والے

الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾

الْمُنْكَرِ	وَالْحٰفِظُوْنَ	لِحُدُوْدِ اللّٰهِ	وَبَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ
برائی	اور حفاظت کرنے والے	اللہ کی حدود	اور خوشخبری دو	مومن (جمع)

اور اللہ کی (قائم کردہ) حدود کی حفاظت کرنے والے اور مؤمنوں کو خوشخبری دو۔

﴿۱۱۲﴾ اَلتَّآئِبُوْنَ رَفْعٌ عَلَى الْمَدْحِ بِتَقْدِيْرِ مُبْتَدَأٍ مِنَ الشِّرْكِ وَالنِّفَاقِ الْعٰبِدُوْنَ الْمُخْلِصُوْنَ الْعِبَادَةَ لِلّٰهِ الْحَامِدُوْنَ لَهٗ عَلٰى كُلِّ حَالٍ السَّآئِحُوْنَ الصَّآئِمُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ اَيِ الْمُصَلُّوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحَافِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ لِاِحْكَامِهٖ بِالْعَمَلِ بِهَا وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ بِالْجَنَّةِ

﴿۱۱۲﴾ یہ ہی لوگ ہیں توبہ کرنے والے شرک سے اور نفاق سے خالص اللہ کی عبادت کرنے والے اللہ کی حمد وثنا کرنے والے، ہر حال میں روزہ رکھنے والے۔
رکوع سجدہ کرنے والے۔
یعنی نمازی۔
حکم کرنے والے لوگوں کو اچھے کام کا،
اور منع کرنے والے بُرے کاموں سے،
اور حفاظت کرنے والے اللہ کے حکموں کی، یعنی ان پر عمل کرنے والے۔
اور اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو جنت کی خوشخبری سناؤ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تشریح

(۱۱۲) مومن کی صفات | اللہ کے یہ بندے جنھوں نے اطاعت اور وفاداری کا عہد کیا ہے اور ایک طرح سے اپنے جان و مال اللہ کے ہاتھوں فروخت کر دئے ہیں ان کی پسندیدہ اور قابل قدر صفات یہ ہیں۔

○ ـــ اَلتَّآئِبُوْنَ اللہ کے سامنے ہمہ وقت توبہ کرتے رہتے ہیں کہ ان سے کوئی خطا سرزد نہ ہو جائے۔ کوئی لغزش ہوتی ہے تو فوراً وفاداری کی راہ پر پلٹ آتے ہیں۔ کوئی غفلت ہوتی ہے تو فوراً چونک جاتے ہیں اور وفاداری کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے مستعد رہتے ہیں۔ نہ اپنی خطا پر جمتے ہیں اور نہ اپنی بھول پر قائم رہتے ہیں ذرا سا پھسلے تو فوراً سنبھل جاتے ہیں۔

○ ـــ اَلْعَابِدُوْنَ اللہ کی بندگی بجا لانے والے اس کی عبادت کے لئے ہمہ وقت حاضر اس کی عبادت کے تقاضوں کو ملحوظ رکھنے والے آداب بندگی کو پورا کرنے والے، دین و دنیا کے ہر کام کو اس طرح انجام دینے والے کہ وہ اللہ کے حکم کے مطابق ہو اس کے بتائے ہوئے طریقے پر ہو اور اسی کی رضا کے لئے ہو تاکہ پوری زندگی بندگی کے سانچے میں ڈھل جائے۔

○ ـــ اَلْحَامِدُوْنَ۔ اس کی تعریف کے گن گانے والے، ہر خوبی اور کمال اللہ کی عطا کردہ ہے اسلئے اسی کو اس تعریف کا مستحق سمجھنے والے۔

○ ـــ اَلسَّآئِحُوْنَ۔ ہر ہستی سے بے تعلق ہو کر اسی کے لئے حرکت کرنے والے، چاہے وہ جہاد ہو، ہجرت ہو، دعوت دین کیلئے سرگرمی ہو، مخلوق کی اصلاح کا کام ہو، علم کی طلب اور آثار الٰہی کا مشاہدہ کرنا ہو۔ غرض یہ کہ حقیقی مومن ایمان کا دعویٰ کر کے چین سے نہیں بیٹھتا بلکہ اس کا بول بالا کرنے کے لئے دوڑ دھوپ اور سعی و جہد کرتا رہتا ہے۔

○ ـــ اَلرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ۔ اسی کے آگے رکوع اور سجدے کرنے والے۔ نہ وہ غیر اللہ کے آگے جھکتے ہیں نہ اللہ کے سوا کسی کے لئے رسوم عبادت ادا کرتے ہیں ان کی نذر و نیاز صرف اللہ کے لئے ہے ان کا سر نیاز صرف اسی کے آگے جھکتا ہے۔

○ ـــ اَلْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ۔ نیکی کا حکم دینے والے بدی سے روکنے والے وہ خود بھی نیکی پر چلتے ہیں اور بدی سے رکتے ہیں اور دوسروں کو بھی نیکی پر چلنے کی اور برائی سے رکنے کی تلقین کرتے رہتے ہیں۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ تم میں سے ہر ایک نگہبان ہے اور ہر ایک سے اس کے دائرۂ اختیار کے مطابق سوال کیا جائے گا۔ حاکم کا کام ہے کہ وہ اللہ کے قانون کو لوگوں پر جاری اور نافذ کرے۔ علماء کا کام ہے کہ وہ زبان سے دین کی افہام و تفہیم کریں اور عوام کا کام ہے کہ وہ دل سے ان باتوں کو قبول کریں۔ غرض یہ کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اپنے اپنے درجے اور دائرے کے مطابق ہر ایک کی ذمہ داری ہے۔

○ ـــ اَلْحَافِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ یعنی نیکی اور بدی کی جو حدیں اللہ نے مقرر فرما دی ہیں ان سے تجاوز نہ کریں۔ انفرادی اور اجتماعی عمل کو ان ہی حدود میں محدود رکھیں نہ تو من مانی کارروائیاں کریں اور نہ خود ساختہ قوانین کو اپنی زندگی کا ضابطہ بنائیں۔ غرض یہ کہ وہ صاحب ایمان اللہ کی حدود کی نگہبانی کرتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ یہ حدیں ٹوٹنے نہ پائیں۔

اے نبی ایسے مومنین کو ہماری طرف سے بشارت دیدو کہ دنیا اور آخرت کی فلاح ایسے ہی لوگوں کے لئے ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي

مَا كَانَ	لِلنَّبِيِّ	وَ	الَّذِينَ آمَنُوا	أَنْ	يَسْتَغْفِرُوا	لِلْمُشْرِكِينَ	وَلَوْ	كَانُوا	أُولِي
نہیں ہے	نبی کیلئے	اور	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	کہ	وہ بخشش چاہیں	مشرکوں کے لئے	خواہ	وہ ہوں	والے

نبیؐ کے لئے اور مومنوں کے لئے (شایاں) نہیں کہ وہ مشرکوں کے لئے بخشش چاہیں، خواہ وہ ان کے قرابتدار

قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ﴿١١٣﴾

قُرْبَىٰ	مِنْ بَعْدِ	مَا تَبَيَّنَ	لَهُمْ	أَنَّهُمْ	أَصْحَابُ + الْجَحِيمِ
قرابت (قرابتدار)	اسکے بعد	جب ظاہر ہوگیا	ان پر	کہ وہ	دوزخ والے

ہوں، اس کے بعد جبکہ ان پر ظاہر ہوگیا کہ وہ دوزخ والے ہیں۔

﴿١١٣﴾ وَنَزَلَ فِي اسْتِغْفَارِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمِّهِ أَبِي طَالِبٍ وَاسْتِغْفَارِ بَعْضِ الصَّحَابَةِ لِأَبَوَيْهِ الْمُشْرِكَيْنِ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ ذَوِي قَرَابَةٍ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ○ النَّارِ بِأَنْ مَاتُوا عَلَى الْكُفْرِ

﴿١١٣﴾ اور چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا ابو طالب کی بخشش اللہ تعالیٰ سے چاہی اور نیز بعض صحابہ نے اپنے ماں باپ مشرکوں کے لئے بخشش چاہی اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا الخ پیغمبر اور مسلمانوں کو یہ سزاوار نہیں کہ مشرکوں کے لئے بخشش چاہیں اگرچہ وہ مشرکین انکے رشتہ دار قریب ہوں بعد اس کے کہ انکو ظاہر ہو چکا کہ یہ مشرکین دوزخی ہیں کفر پر مرے ہیں۔

تشریح

﴿١١٣﴾ انسانی ہمدردی اپنی جگہ لیکن اللہ سے بے لاگ وفاداری مطلوب ہے | جہاں تک انسانوں سے ہمدردی کا تعلق ہے اسلام نے تعلیم دی ہے کہ تمام انسان اللہ کے بندے ہیں اور انسان ہونے کی حیثیت سے سب برابر ہیں ان سے دنیاوی تعلقات رکھنا منع نہیں ہے۔ مصیبت زدہ انسان کی مدد کرنا انسانیت کا تقاضہ ہے کوئی حاجت مند ہے تو اس کو سہارا دینا، یتیم کے سر پر شفقت کا ہاتھ رکھنا اسلامی اخلاق ہے پھر رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی، رحمت و شفقت کا برتاؤ ایسے مسلم غیر مسلم کا کوئی فرق نہیں ہے لیکن اسلام کا مطالبہ یہ ہے کہ اللہ کے ساتھ ہمارا تعلق بے لاگ وفاداری کا ہو جو اللہ کا دشمن ہے وہ ہمارا دشمن ہے جو اللہ کا دوست ہے وہ ہمارا دوست ہے۔ کسی گناہگار اور فاسق کے لئے معافی کی درخواست کرنا درست ہو سکتا ہے لیکن جو شخص اللہ کا باغی ہے اسکے ساتھ ہماری ہمدردی کا مطلب یہ ہے کہ خود ہماری وفاداری بھی مشتبہ ہے۔ اللہ کے ساتھ ہماری وفاداری کا احساس اتنا تیز ہونا چاہیئے کہ ہم اللہ کے باغی کے لئے مغفرت کی دعا کرنا چاہے وہ اپنا رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو انتہائی نازیبا محسوس کریں۔ اسلئے ارشاد ہوا کہ نبی کو اور ان لوگوں کو جو ایمان لا چکے ہیں یہ بات زیبا نہیں دیتی کہ وہ اللہ کے ساتھ شرک کرنے والے جیسے گھناؤنے جرم پر اُن کے لئے بخشش کے طلب گار ہوں۔

جبکہ یہ بات ان پر واضح ہو چکی ہے کہ اللہ کے ساتھ کسی کو ساجھی اور شریک کرنا ناقابل معافی جرم ہے اور اس کی سزا جہنم ہے۔ چاہے یہ لوگ ان کے رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں۔ اس لئے کہ اللہ کا رشتہ تمام رشتوں سے اوپر ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرٰهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ إِيَّاهُ

وَمَا كَانَ	اسْتِغْفَارُ	إِبْرٰهِيمَ	لِأَبِيهِ	إِلَّا	عَنْ مَّوْعِدَةٍ	وَّعَدَهَآ	إِيَّاهُ
اور نہ تھا	بخشش چاہنا	ابراہیم ؑ	اپنے باپ کیلئے	مگر	ایک وعدہ کے سبب	جو اس نے وعدہ کیا	اس سے

اور ابراہیم ؑ کا اپنے باپ کے لئے بخشش چاہنا نہ تھا مگر ایک وعدہ کے سبب جو وہ اس سے کر چکے تھے

فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ ۚ إِنَّ إِبْرٰهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ ﴿١١٤﴾

فَلَمَّا	تَبَيَّنَ	لَهُ	أَنَّهُ	عَدُوٌّ لِّلّٰهِ	تَبَرَّأَ	مِنْهُ	إِنَّ	إِبْرٰهِيمَ	لَأَوَّاهٌ	حَلِيمٌ
پھر جب	ظاہر ہو گیا	اس پر	کہ وہ	اللہ کا دشمن	وہ بیزار ہو گیا	اس سے	بیشک	ابراہیم ؑ	نرم دل	بردبار

پھر جب ان پر ظاہر ہو گیا کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہو گئے بیشک ابراہیم ؑ نرم دل بردبار تھے

﴿١١٤﴾ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرٰهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ إِيَّاهُ ۚ بِقَوْلِهِ سَأَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّي ۖ رَجَاءَ أَنْ يُسْلِمَ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ بِمَوْتِهِ عَلَى الْكُفْرِ تَبَرَّأَ مِنْهُ ۚ وَتَرَكَ الِاسْتِغْفَارَ لَهُ إِنَّ إِبْرٰهِيمَ لَأَوَّاهٌ كَثِيرُ التَّضَرُّعِ وَالدُّعَاءِ حَلِيمٌ ○ صَبُورٌ عَلَى الْأَذَى

﴿١١٤﴾ اور بخشش چاہنا ابراہیم کا اپنے باپ کافر کے لئے صرف بوجہ ایک وعدہ کے تھا جو اس نے اپنے باپ سے کیا تھا اس طمع میں کہ وہ مسلمان ہو جائے چنانچہ وعدہ ابراہیم کا اس آیت میں مذکور ہے سَأَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّي یعنی عنقریب میں تیرے لئے اپنے رب سے بخشش چاہونگا۔ پھر جب اس پر ظاہر ہو گیا یہ امر کہ میرا باپ اللہ کا دشمن ہے بسبب کفر پر مرنے کے تو اس سے بیزار ہو گیا اور استغفار چھوڑ دیا بیشک ابراہیم بہت عاجزی کرنے والا اور دعا مانگنے والا ہے بہت صبر کرنیوالا ہے تکلیفوں پر۔

تشریح

﴿١١٤﴾ حضرت ابراہیم ؑ کی اپنے والد کے لئے مغفرت کی دعا | اللہ تعالیٰ نے مذکورہ آیت میں حضرت ابراہیم ؑ کی صفت بیان کرتے ہوئے ان کو أَوَّاهٌ اور حَلِيمٌ فرمایا ہے ـــ أَوَّاهٌ کا مطلب ہے بہت ڈرنے والا، آہ و زاری کرنے والا اور حَلِيمٌ کا مطلب ہے انتہائی بردبار جو غصے اور دشمنی موافقت اور مخالفت ہر حال میں اعتدال پر قائم رہے اور حد سے آگے نہ بڑھے ـــ حضرت ابراہیم ؑ کو اپنے والد کی وفات تک یہ امید رہی کہ شاید اللہ ان کو توفیق دے کہ وہ شرک کی حالت سے نکل کر اسلام کی آغوش میں آجائیں اور اسلام قبول کرنا ان کی پچھلی تمام خطاؤں کی معافی کا سبب بن جائے اور انہوں نے اپنے والد سے [illegible] تھا کہ میں آپ کے لئے اپنے رب سے معافی کی دعا کرونگا جیسا کہ سورۂ مریم میں ہے سَلَامٌ عَلَيْكَ سَأَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّي ۖ إِنَّهُ كَانَ بِي حَفِيًّا (آیت نمبر ۴۷) اپنے والد سے تعلقات منقطع کرتے ہوئے گھر سے نکلتے وقت کہا تھا کہ ابا جان! آپ کو سلام ہے میں آپ کے لئے اپنے رب سے دعا کرونگا کہ وہ آپ کو معاف کر دے وہ میرے اوپر بہت مہربان ہے۔ دوسری جگہ سورۂ ممتحنہ میں ہے لَأَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَا أَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِن شَيْءٍ۔ (آیت نمبر ۴) میں آپ کے لئے معافی کا طلبگار رہوں گا اگرچہ میرے اختیار میں نہیں ہے کہ آپ کو اللہ کی پکڑ سے بچا سکوں۔ جب تک حضرت ابراہیم علیہ السلام پر یہ واضح نہیں ہو گیا کہ ان کے والد کا انتقال شرک کی حالت پر ہوا ہے تو وہ اپنے والد کی بدسلوکی کے باوجود اپنی نرم دلی اور شفقت کی وجہ سے دعا کرتے رہے کہ ان کے والد کو ہدایت کی توفیق نصیب ہو جائے جو اُن کے لئے مغفرت و بخشش کا سبب بن جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ

وَمَا كَانَ	اللّٰهُ	لِيُضِلَّ	قَوْمًا	بَعْدَ	اِذْ هَدٰىهُمْ	حَتّٰى	يُبَيِّنَ	لَهُمْ
اور نہیں ہے	اللہ	کہ وہ گمراہ کرے	کوئی قوم	بعد	جبکہ انہیں ہدایت دیدی	جب تک	واضح کردے	ان پر

اور اللہ ایسا نہیں ہے کہ کسی کو اس کے بعد گمراہ کرے جب کہ انہیں ہدایت دیدی جب تک ان پر واضح نہ کردے

مَا يَتَّقُوْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾

مَا	يَتَّقُوْنَ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ
جس	وہ پرہیز کریں	بیشک	اللہ	ہر	شے	جاننے والا

جس سے وہ پرہیز کریں بیشک اللہ ہر شے کا جاننے والا ہے۔

﴿۱۱۵﴾ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ لِلْاِسْلَامِ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَا يَتَّقُوْنَ ۭ مِنَ الْعَمَلِ فَلَا يَتَّقُوْهُ فَيَسْتَحِقُّوْا الْاِضْلَالَ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ○ وَمِنْهُ مُسْتَحِقُّ الْاِضْلَالِ وَالْهِدَايَةِ۔

﴿۱۱۵﴾ اور اللہ کسی قوم کو اسلام کے بعد گمراہ نہیں کرتا یہاں تک کہ انکے اوپر ظاہر کر دیتا ہے کہ فلاں کام سے بچنا چاہیئے پھر جب اس سے نہیں بچتے تو مستحق گمراہی کے ہو جاتے ہیں بیشک اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے جو لائق گمراہ کرنے کے ہے اور جو لائق راہ دکھلانے کے ہے اسکو خوب جانتا ہے۔

تشریح

﴿۱۱۵﴾ **ہدایت و گمراہی کا الٰہی اصول** اللہ تعالیٰ کا طریقہ یہ ہے کہ وہ اپنے پیغمبروں اور اپنی کتابوں کے ذریعہ انسان کے سامنے ہدایت کا راستہ رکھ دیتا ہے۔ اور اس نے انسان کی فطرت بھی ایسی بنائی ہے جو ہدایت کو قبول کرتی ہے۔ اب اگر انسان ہدایت پر چلنے کا ارادہ کرلے تو اللہ تعالیٰ اس کو ہدایت کی توفیق دیدیتے ہیں اور اگر انسان ہدایت پر چلنے کے لئے آمادہ نہ ہو اور اس کے خلاف چلنے پر اصرار کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو زبردستی ہدایت کے راستے پر نہیں ڈالتے۔ کیونکہ اللہ کی حکمت اور مصلحت یہی ہے کہ انسان اپنی آزاد مرضی سے اپنا راستہ چنے اسلئے ارشاد ہوا کہ اللہ تعالیٰ کا یہ طریقہ نہیں ہے کہ ہدایت کا راستہ سامنے رکھ دینے کے بعد لوگوں کو گمراہی میں مبتلا کرے جب تک انھیں صاف صاف نہ بتادے کہ انہیں کن اعمال اور کن طریقوں سے بچنا چاہیئے جب وہ خود ہی مبتلا ہو جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ بھی ڈھیل ڈال دیتے ہیں کہ جو کرنا ہے کرو۔ بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز کا پورا پورا علم رکھتے ہیں۔ انسان کے ارادہ کو بھی جانتے ہیں اور اس کے دل کا حال بھی انہیں معلوم ہے۔ اتمام حجت اور اظہار حق سے پہلے اللہ تعالیٰ خود کسی کو گمراہ نہیں کرتے جب تک انسان ہی گمراہی کے راستے پر قدم نہیں رکھ دیتا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ وَ

إِنَّ	اللّٰهَ	لَهٗ	مُلْكُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ	وَ
بیشک	اللہ	اسکے لئے	بادشاہت	آسمانوں	اور زمین	وہ زندگی دیتا ہے	اور وہ مارتا ہے	اور

بیشک اللہ ہی کے لئے ہے بادشاہت آسمانوں اور زمین کی ، وہ زندگی دیتا ہے اور (وہی) مارتا ہے اور

مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۱۶﴾ لَقَدْ تَّابَ

مَا لَكُمْ	مِّنْ	دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ	وَّلِيٍّ	وَّلَا نَصِيْرٍ	لَقَدْ تَّابَ
تمہارے لئے نہیں	کوئی	سوا	اللہ	سے	کوئی حمایتی	اور نہ مددگار	البتہ توجہ فرمائی

تمہارے لئے اللہ کے سوا کوئی حمایتی ہے اور نہ مددگار ۔ البتہ توجہ فرمائی

اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ

اللّٰهُ	عَلَى	النَّبِيِّ	وَالْمُهٰجِرِيْنَ	وَالْاَنْصَارِ	الَّذِيْنَ	اتَّبَعُوْهُ
اللہ	پر	نبی	اور مہاجرین	اور انصار	وہ جنہوں نے	اس کی پیروی کی

اللہ نے نبی ﷺ پر ، اور مہاجرین و انصار پر ، جنہوں نے تنگی کی گھڑی میں

فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ

فِيْ	سَاعَةِ	الْعُسْرَةِ	مِنْۢ بَعْدِ	مَا كَادَ	يَزِيْغُ	قُلُوْبُ	فَرِيْقٍ	مِّنْهُمْ
میں	گھڑی	تنگی	اس کے بعد	جب قریب تھا	پھر جائیں	دل (جمع)	ایک فریق	ان سے

اس کی پیروی کی اس کے بعد جب کہ قریب تھا کہ ان میں سے ایک فریق کے دل پھر جائیں۔

ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾

ثُمَّ	تَابَ	عَلَيْهِمْ	اِنَّهٗ	بِهِمْ	رَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ
پھر	وہ متوجہ ہوا	ان پر	بیشک وہ	ان پر	مہربان	نہایت رحم کرنے والا

پھر وہ ان پر متوجہ ہوا بیشک وہ ان پر مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

﴿۱۱۶﴾ إِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ وَمَا لَكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَيْ غَيْرِهٖ

﴿۱۱۶﴾ بیشک اللہ کے لئے بادشاہت آسمانوں اور زمینوں کی وہی مارتا اور جلاتا ہے اور اے لوگو تمہارے لئے اس کے سوا کوئی دوست نہیں جو اس کے عذاب سے بچاوے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مِنْ وَّلِيٍّ يَّحْفَظُكُمْ مِنْهُ وَلَا نَصِيْرٌ ○ يَمْنَعُكُمْ عَنْكُمْ ضَرَرَهٗ

اور نہ کوئی مددگار جو دفع کرے تم سے اس کے ضرر کو اگر وہ ضرر پہنچانا چاہے۔

(۱۱۷) لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ اَيْ اَدَامَ تَوْبَتَهٗ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ اَيْ وَقْتِهَا وَهِيَ حَالُهُمْ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ كَانَ الرَّجُلَانِ يَقْتَسِمَانِ تَمْرَةً وَالْعُنْزَةَ يَعْتَقِبُوْنَ الْبَعِيْرَ الْوَاحِدَ وَاشْتَدَّ الْحَرُّ حَتّٰى شَرِبُوا الْفَرْثَ مِنْ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ بِالتَّاءِ وَالْيَاءِ تَمِيْلُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ج عَنِ اتِّبَاعِهٖ اِلَى التَّخَلُّفِ لِمَا هُمْ فِيْهِ مِنَ الشِّدَّةِ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ط بِالثَّبَاتِ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○

(۱۱۷) البتہ اللہ نے رحمت فرمائی پیغمبر پر اور مہربانی رکھی اور توبہ قبول فرمائی مہاجرین اور انصار کی، جنہوں نے تنگی کے وقت پیغمبر کی پیروی کی یعنی غزوۂ تبوک میں کہ اس وقت حال ان کا یہ تھا کہ ایک خرما دو آدمیوں کے حصے میں آتا تھا اور دس آدمی ایک اونٹ پر نوبت بہ نوبت سوار ہوتے تھے اور گرمی سخت ہوگئی یہاں تک کہ بوجہ پانی نہ ملنے کے لیدکو چوسا بعد اس کے کہ قریب تھا کہ ان میں سے ایک جماعت کے دل جہاد سے پیچھے رہنے اور بھاگنے کی طرف بہک جاویں اور پیغمبر کی پیروی نہ کریں بسبب شدت کے جو اُن کو پہنچی تھی پھر اللہ نے انکی طرف توجہ فرمائی اور ان کو ثابت قدم رکھا بیشک اللہ ان پر بہت مہربان ہے رحمت والا۔

تشریح

(۱۱۶) زمین و آسمان میں سب کچھ اللہ کی سلطنت ہے لہذا اُسی کے حکم پر چلنا چاہیئے | زمین و آسمان میں جو کچھ بھی ہے اس کا خالق اللہ تعالیٰ ہے اور بلا شرکتِ غیرے ہر چیز کا مالک ہے یہ عظیم کائنات اس کی سلطنت ہے، اور وہ اس کا حاکم اعلیٰ ہے زندگی اور موت سب کچھ اس کے قبضہ میں ہے وہی تمہارا حامی اور مددگار ہے اس کے سوا کوئی دوسرا کام آنیوالا نہیں ہے لہذا ہمیں اسی کا حکم ماننا چاہیئے اسی کی اطاعت اور فرماں برداری کرنی چاہیئے اور کائنات کی ہر چیز کی طرح اپنی مرضی سے اس کے آگے سرِ تسلیم خم کر دینا چاہیئے۔

(۱۱۷) غزوۂ تبوک کی آزمائش کے بعد اللہ تعالیٰ کی عنایتیں | غزوۂ تبوک کی آزمائش اسلامی تاریخ کی سخت ترین آزمائش تھی کھجوروں کا موسم تھا پکی ہوئی فصل کاٹنے کا زمانہ تھا ادھر مہاجر اور انصار سب ہی مالی تنگی میں مبتلا تھے سامان جنگ کی کمی تھی سواریاں نہیں تھیں سخت گرمی کا موسم تھا دور دراز کا سفر اور پھر اس وقت کی سپر پاور روم سے مقابلہ آرائی۔ اچھے اچھے ڈول ڈول گئے مگر واہ رے جذبۂ ایثار و وفاداری کہ مٹھی بھر جماعت ایک بڑی طاقت سے ٹکرانے کو تیار۔ ایسے میں کچھ چھوٹی موٹی بے ارادہ لغزشوں کا ہو جانا کوئی بعید بات نہیں ہے۔ جن لوگوں نے جنگ کی استطاعت کے باوجود طرح طرح کے بہانے بنا کر پیچھے رہ جانے کی اجازت مانگی تھی اور اللہ کے نبی ﷺ نے اپنی نرم دلی کی وجہ سے ان کو اجازت دیدی تھی اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کی اس بات کو بھی نظر انداز فرما دیا اور وہ مخلص صحابہ جو کسی حد تک جنگ سے جی چرانے لگے تھے مگر دین حق کی محبت ان کی اس کمزوری پر غالب آگئی اللہ نے ان کو بھی معاف کر دیا کیونکہ جب انسان خود اپنی اصلاح کر لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اس کی کمزوری پر گرفت نہیں فرماتے بیشک وہ بہت مہربان اور رحم کرنے والے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰۤى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ

وَّ	عَلَى	الثَّلٰثَةِ	الَّذِيْنَ	خُلِّفُوْا	حَتّٰۤى	اِذَا	ضَاقَتْ	عَلَيْهِمُ	الْاَرْضُ
اور	پر	وہ تین	وہ جو	پیچھے رکھا گیا	یہاں تک	جب	تنگ ہوگئی	ان پر	زمین

اور ان تین پر (جنکا معاملہ) پیچھے رکھا گیا تھا، یہاں تک کہ ان پر تنگ ہو گئی زمین اپنی

بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْۤا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّاۤ

بِمَا رَحُبَتْ	وَضَاقَتْ	عَلَيْهِمْ	اَنْفُسُهُمْ	وَظَنُّوْۤا	اَنْ	لَّا مَلْجَاَ	مِنَ	اللّٰهِ	اِلَّاۤ
باوجود کشادگی	اور تنگ ہوگئیں	ان پر	ان کی جانیں	اور انہوں نے جان لیا	کہ	نہیں پناہ	سے	اللہ	مگر

کشادگی کے باوجود، اور ان پر ان کی جانیں تنگ ہوگئیں اور انہوں نے جان لیا کہ اللہ سے کوئی پناہ نہیں مگر اسی

ع ۱۴ ۸ ۳

اِلَيْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۱۸﴾

اِلَيْهِ	ثُمَّ	تَابَ + عَلَيْهِمْ	لِيَتُوْبُوْا	اِنَّ	اللّٰهَ	هُوَ	التَّوَّابُ	الرَّحِيْمُ
اسکی طرف	پھر	وہ متوجہ ہوا ان پر	تاکہ وہ توبہ کریں	بیشک	اللہ	وہ	توبہ قبول کرنیوالا	نہایت مہربان

کی طرف ہے، پھر وہ ان پر (اپنی رحمت سے) متوجہ ہوا تاکہ وہ توبہ کریں۔ بیشک اللہ توبہ قبول کرنیوالا، نہایت مہربان ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ + اٰمَنُوا	اتَّقُوا + اللّٰهَ	وَكُوْنُوْا	مَعَ	الصّٰدِقِيْنَ
اے	جو لوگ ایمان لائے (مومن)	ڈرو اللہ سے	اور ہو جاؤ	ساتھ	سچے لوگ

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچے لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ۔

﴿۱۱۸﴾ وَتَابَ عَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا عَنِ التَّوْبَةِ عَلَيْهِمْ بِقَرِيْنَةِ حَتّٰۤى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ اَىْ مَعَ رَحْبِهَا اَىْ سَعَتِهَا فَلَا يَجِدُوْنَ مَكَانًا يَطْمَئِنُّوْنَ اِلَيْهِ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ قُلُوْبُهُمْ لِلْغَمِّ وَالْوَحْشَةِ بِتَاخِيْرِ تَوْبَتِهِمْ فَلَا يَسَعُهَا سُرُوْرٌ وَلَا اُنْسٌ وَظَنُّوْا اَيْقَنُوْا اَنْ مُخَفَّفَةٌ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّاۤ اِلَيْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ وَفَّقَهُمْ لِلتَّوْبَةِ لِيَتُوْبُوْا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

﴿۱۱۹﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ بِتَرْكِ مَعَاصِيْهِ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ۝

﴿۱۱۸﴾ اور توبہ قبول فرمائی ان تین آدمیوں کی جو مؤخر کی گئی تھی قبول توبہ سے یعنی ان کی توبہ قبول نہ ہوئی تھی۔ (خُلِّفُوْا کے یہ معنی لئے گئے اگلی آیت کے قرینے سے) یہاں تک کہ جب ان پر زمین تنگ ہوگئی باوجود اسکی فراخی اور وسعت کے سو ان کو کوئی جگہ نہ ملتی تھی جہاں اطمینان پکڑیں اور ان پر ان کی جانیں اور دل تنگ ہوگئے بسبب غم اور پریشانی کے جو اُن کو توبہ کی قبولیت میں تاخیر کی وجہ سے پیش آئی پس اُس غم اور وحشت میں نہ ان کے دلوں میں خوشی کی گنجائش رہی نہ کسی سے الفت اور انس پکڑنے کی اور انکو یقین ہوگیا کہ بلاشبہ اللہ کے سوا کوئی ٹھکانا نہیں اور اسکی رحمت کے سوا کوئی جائے پناہ اسکے عذاب سے نہیں پھر اللہ نے انکو توبہ کی توفیق دی تاکہ وہ سچی توبہ کریں بیشک اللہ ہی ہے توبہ قبول کرنے والا رحمت والا۔

﴿۱۱۹﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ۔ اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اسکے حکم کا خلاف نہ کرو اور ان لوگوں کے ساتھ ہو جو ایمان میں سچے اور وعدے میں سچے ہیں۔ یعنی تم بھی سچ بولنا لازم کرلو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فِی الْاِیْمَانِ وَالْعُهُوْدِ بِاَنْ لَّزِمُوا الصِّدْقَ۔

تشریح

(۱۱۸) غزوۂ تبوک میں پیچھے رہجانے والے تین صحابیوں کا واقعہ | غزوہ تبوک سے واپسی کے بعد جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ طیبہ واپس تشریف لائے تو جنگ میں جو لوگ پیچھے رہ گئے تھے ان میں اسی سے کچھ زیادہ منافق تھے جو جھوٹی معذرتیں پیش کرتے رہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کو قبول کرتے گئے۔

○ سات آدمی، ابو لبابہ بن عبدالمنذر اور ان کے چھ ساتھی تھے۔ ابو لبابہ بیعت عقبہ کے موقع پر ہجرت سے پہلے اسلام لائے تھے جنگ بدر اور جنگ احد میں شریک رہے۔ ایسے ہی ان کے چھ ساتھی بھی مخلص تھے۔ مگر غزوۂ تبوک کے موقع پر نفس کی کمزوری غالب آگئی اور یہ سات آدمی کسی شرعی عذر کے بغیر جنگ میں شریک نہیں ہوئے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک سے واپس تشریف لائے تو انہیں اپنی کمزوری پر سخت شرمندگی ہوئی اور انہوں نے خود ہی اپنے آپ کو ایک ستون سے باندھ لیا اور عہد کر لیا کہ جب تک ہمیں معافی نہیں ملے گی ہم پر کھانا پینا اور سونا سب حرام ہے یہاں تک کہ اسی حالت میں بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہوا تو آپ نے ان کو معاف فرما دیا اس کا ذکر سورہ التوبہ کی آیت ۱۰۲ میں آچکا ہے۔

○ بغیر کسی شرعی عذر کے غزوۂ تبوک سے پیچھے رہ جانے والوں میں تین صاحب اور بھی تھے جن کا ذکر مذکورہ آیت میں ہے وہ تھے کعب بن مالک، ہلال بن امیہ اور مرارہ بن رُبَیع۔ یہ تینوں مخلص مسلمان تھے۔ حضرت کعب غزوۂ بدر کے سوا ہر جنگ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک رہے۔ ہلال بن امیہ اور مرارہ بن رُبَیع اصحاب بدر میں سے تھے۔ ان تینوں کی خدمات کے باوجود غزوۂ تبوک کے موقع پر جو سستی ان تینوں حضرات نے دکھائی اس پر ان کی سخت گرفت کی گئی۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ کوئی شخص ان تینوں سے بات چیت نہ کرے۔ چالیس دن کے بعد ان کو بیویوں سے بھی الگ رہنے کا حکم دیا گیا۔ پچاس دن کے بائیکاٹ کے بعد ان کی معافی کا حکم نازل ہوا۔

حضرت کعب بن مالک نے اپنا یہ واقعہ بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے جو بخاری وغیرہ حدیث کی کتابوں میں موجود ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت کعب بن مالک رضؓ بڑھاپے کے زمانہ میں جب کہ وہ نابینا ہو چکے تھے اور اپنے بیٹے عبداللہ کا ہاتھ پکڑ کر چلا کرتے تھے انہوں نے اپنے بیٹے عبداللہ کو خود یہ قصہ سنایا۔

غزوۂ تبوک کی تیاری چل رہی تھی۔ میں نے بھی تیاری کا ارادہ کر لیا تھا مگر یہ سوچتا تھا کہ جب حضورؐ روانہ ہوں گے تو میں بھی ساتھ چل پڑوں گا، تیاری میں کونسی دیر لگتی ہے۔ بات یوں ہی ٹلتی رہی یہاں تک کہ لشکر کی روانگی کا وقت آگیا اور میں تیاری بھی نہ کر سکا۔ میں نے سوچا کہ لشکر کو جانے دو میں دو ایک دن کے بعد جا کر لشکر کے ساتھ مل جاؤں گا۔ ہر دن یوں ہی گذرتا رہا اور میں روانہ نہ ہو سکا۔ مجھے یہ دیکھ کر بہت دکھ ہوتا تھا کہ پیچھے رہ جانے والوں میں یا تو منافق ہیں یا پھر مجبور اور کمزور لوگ ہیں جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے تو میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپؐ میری طرف دیکھ کر مسکرائے اور فرمایا تشریف لائیے۔ آپ کو کس چیز نے روکا تھا؟ میں نے عرض کیا:۔ یا رسول اللہؐ سچ بات یہ ہے کہ میرے پاس کوئی عذر نہیں ہے جسے پیش کر سکوں۔ میں جانے پر پوری طرح قادر تھا۔ اس پر حضورؐ نے فرمایا کہ اس شخص نے سچی بات کہی۔ اچھا اٹھ جاؤ اور انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تمہارے معاملہ میں کوئی فیصلہ فرمائیں۔ یہی معاملہ مُرارہ بن رُبَیع اور ہلال بن اُمیّہ کا ہوا۔ انہوں نے بھی وہی بات کہی جو میں نے کہی تھی۔ اس کے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عام حکم دیدیا کہ ہم تینوں سے کوئی بات نہ کرے۔

کعب بن مالک کہتے ہیں کہ مرارہ بن رُبَیع اور ہلال بن امیہ یہ دونوں تو گھر میں بیٹھ گئے مگر میں نکلتا تھا جماعت سے نماز پڑھتا تھا

toobaa-elibrary.blogspot.com

بازار جاتا تھا مگر کوئی مجھ سے بات نہ کرتا تھا۔ ایسا لگتا تھا کہ مدینہ کی زمین میرے لئے تنگ ہو گئی ہے اور میرا دم گھٹتا ہے اور کوئی جائے پناہ نہیں ہے۔ انہی دنوں میں بازار سے گذر رہا تھا کہ شام کے قبطیوں میں سے ایک شخص مجھے ملا اور اس نے شاہ غستان کا خط ریشم میں لپٹا ہوا مجھے دیا۔ میں نے اسے کھول کر پڑھا تو اس میں لکھا تھا کہ :۔

" ہم نے سنا ہے کہ تمہارے صاحب نے تم پر ستم توڑ رکھا ہے۔ تم کوئی معمولی آدمی نہیں ہو کہ تمہیں ضائع کیا جائے۔ تم ہمارے پاس آجاؤ ہم تمہاری ہر طرح مدد کریں گے۔"

میں نے دل میں کہا کہ ایک اور بلا نازل ہوئی اور میں نے خط اسی وقت چولھے میں جلا دیا۔ چالیس دن اسی حالت میں گذر چکے تھے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا آدمی حکم لیکر آیا کہ اپنی بیوی سے علیحدہ رہو۔ میں نے پوچھا کہ کیا طلاق دیدوں؟ جواب دیا کہ نہیں بس علیحدہ رہو۔ چنانچہ میں نے اپنی بیوی سے کہدیا کہ اپنے میکے چلی جاؤ اور انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول اس معاملے کا فیصلہ فرمادیں۔

یہ پچاسویں دن کی صبح کی بات ہے۔ میں اپنے مکان کی چھت پر بیٹھا تھا۔ اپنی ذات اور ہر چیز سے بیزار ہو رہا تھا کہ یکایک کسی شخص نے پکار کر کہا، مبارک ہو، کعب بن مالک مبارک ہو۔ میں یہ سنتے ہی سجدے میں گر گیا اور سمجھ گیا کہ میری معافی کا حکم ہو گیا۔ پھر جوق در جوق لوگ آنے لگے اور مجھے مبارکباد دینے لگے۔

میں حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ مہاجرین میں سے حضرت طلحہؓ نے کھڑے ہو کر مصافحہ کیا۔ حضورؐ کا چہرہ خوشی سے چاند کی طرح چمک رہا تھا۔ میں نے سلام کیا تو فرمایا تجھے مبارک ہو۔ یہ دن تیری زندگی میں سب سے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا کہ یہ معافی حضور کی طرف سے ہے یا خدا کی طرف سے؟ فرمایا خدا کی طرف سے۔ اور پھر آپؐ نے مذکورہ آیت سنائی :۔ وَعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا۔ آخر آیت تک۔

کہ ان تینوں کو بھی اللہ تعالےٰ نے معاف فرمادیا جن کے معاملے کو ملتوی کر دیا گیا تھا جب زمین اپنی ساری وسعتوں کے باوجود ان پر تنگ ہو گئی تھی اور ان کی اپنی جانیں ان پر بار ہونے لگی تھیں اور انہوں نے جان لیا تھا کہ اللہ کے دامنِ رحمت کے سوا کوئی پناہ گاہ نہیں ہے تو اللہ نے اپنی مہربانی سے ان کی توبہ قبول کی یقیناً وہ بڑا معاف کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

اس واقعہ میں عبرت و نصیحت کے بے شمار پہلو ہیں۔ آیت کے انداز بیان میں جو رحمت و شفقت اللہ کی طرف سے ٹپکی پڑ رہی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان کے اندر اگر اخلاص ہو تو لاکھ قصوروار ہونے کے باوجود رحمتِ حق اُسے سینے سے چمٹا لیتی ہے۔ اور الحمدللہ نبیؐ کے فیض صحبت سے اللہ کی زمین پر وہ مثالی معاشرہ قائم ہوا جس کی کوئی دوسری مثال تاریخ میں نہیں ملتی اور آج بھی یہ معاشرہ اہل ایمان کے لئے بہترین نمونہ ہے۔

(۱۱۹) **سچے لوگوں کے ساتھ رہو** جو لوگ اللہ پر ایمان لاتے ہیں ان کے ایمان کا تقاضہ یہ ہے کہ وہ اللہ سے ڈرتے رہیں، گناہوں سے بچتے رہیں سچ بولیں اور سچوں کا ساتھ دیں۔ جیسے یہ تینوں صاحب کعب بن مالک، مُرارہ بن رُبیعؓ اور ہلال بن امیہؓ ان تینوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سچی بات کہی۔ سچ کی بدولت بخشے گئے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول ہوئے۔ منافقین نے جھوٹ بولا، اللہ سے بے خوف ہو کر جھوٹی بہانے بازیاں کیں اور عتاب کے مستحق ہوئے اس لئے انسان کو ہمیشہ خود صداقت کا ہم نوا ہونا چاہیئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ

مَا كَانَ	لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ	وَمَنْ	حَوْلَهُمْ	مِّنَ الْاَعْرَابِ
نہ تھا	مدینہ والوں کو	اور جو	ان کے اردگرد	دیہاتیوں میں سے

(لائق) نہ تھا مدینہ والوں کو (اور انہیں) جو ان کے اردگرد دیہاتی ہیں

اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ

اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا	عَنْ	رَّسُوْلِ	اللّٰهِ	وَلَا يَرْغَبُوْا	بِاَنْفُسِهِمْ	عَنْ
کہ وہ پیچھے رہ جاتے	سے	رسول	اللہ	اور یہ کہ زیادہ چاہیں	اپنی جانوں کو	سے

کہ وہ اللہ کے رسول سے پیچھے رہ جائیں ، اور یہ کہ زیادہ چاہیں اپنی جانوں کو ان

نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا

نَفْسِهٖ	ذٰلِكَ	بِاَنَّهُمْ	لَا يُصِيْبُهُمْ	ظَمَاٌ	وَّلَا نَصَبٌ	وَّلَا
ان کی جان	یہ	اسلئے کہ وہ	نہیں پہنچی انکو	کوئی پیاس	اور نہ کوئی مشقت	اور نہ

کی جان سے ، یہ اس لئے کہ ان کو نہیں پہنچتی کوئی پیاس اور نہ کوئی مشقت اور نہ

مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَئُوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ

مَخْمَصَةٌ	فِيْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَلَا يَطَئُوْنَ	مَوْطِئًا	يَّغِيْظُ	الْكُفَّارَ
کوئی بھوک	میں	اللہ کی راہ	اور نہ وہ قدم رکھتے ہیں	ایسا قدم	غصے ہوں	کافر (جمع)

کوئی بھوک ، اللہ کی راہ میں ، اور نہ وہ ایسا قدم رکھتے ہیں کہ کافر غصے ہوں

وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ

وَلَا يَنَالُوْنَ	مِنْ	عَدُوٍّ	نَّيْلًا	اِلَّا	كُتِبَ + لَهُمْ	بِهٖ	عَمَلٌ صَالِحٌ
اور نہ وہ پہنچتے ہیں	سے	دشمن	کوئی چیز	مگر	لکھا جاتا ہے ان کیلئے	اس سے	عمل نیک

اور نہ وہ پہنچتے ہیں دشمن سے کوئی چیز مگر اس سے (اسکے بدلے) ان کیلئے نیک عمل لکھا جاتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾

اِنَّ اللّٰهَ	لَا يُضِيْعُ	اَجْرَ	الْمُحْسِنِيْنَ
بیشک اللہ	ضائع نہیں کرتا	اجر	نیکوکار (جمع)

بیشک اللہ اجر ضائع نہیں کرتا نیکوکاروں کا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱۲۰) مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ اِذَا غَزَا وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ بِاَنْ يَّصُوْنُوْهَا عَمَّا رَضِيَهٖ لِنَفْسِهٖ مِنَ الشَّدَائِدِ وَهُوَ نَهْيٌ بِلَفْظِ الْخَبَرِ ذٰلِكَ اَيِ النَّهْيُ عَنِ التَّخَلُّفِ بِاَنَّهُمْ بِسَبَبِ اَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ عَطَشٌ وَّلَا نَصَبٌ تَعَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ جُوْعٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا مَصْدَرٌ بِمَعْنٰى وَطْئًا يَّغِيْظُ يَغْضَبُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ لِلّٰهِ نَيْلًا قَتْلًا اَوْ اَسْرًا اَوْ نَهْبًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ لِّيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ عَلَيْهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ اَيْ اَجْرَهُمْ بَلْ يُثِيْبُهُمْ۔

(۱۲۰) مدینہ والوں کو اور جو گاؤں والے انکے گرد و نواح میں رہتے ہیں یہ مناسب اور درست نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پیچھے رہ جائیں جبکہ وہ جہاد کریں اور نہ یہ کہ اپنی جانوں کو ان تکلیفوں سے بچا دیں جنکے اٹھانے پر رسول اللہ راضی ہوئے (مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ الخ خبر بمعنی نہی کے ہے یعنی چاہیئے کہ یہ لوگ ایسا نہ کریں) یہ منع کرنا ان کو جہاد سے پیچھے رہنے سے اسلئے ہے کہ بلاشبہ ان کو جو کچھ اللہ کی راہ میں پیاس اور رنج و تعب اور بھوک پہنچتی ہے اور کافروں کے رنج پہنچانے اور غصہ میں ڈالنے کو جس قدر وہ زمین میں چلتے پھرتے ہیں اور میدان جنگ میں آتے ہیں اور اللہ کے دشمنوں کو قتل کرتے ہیں یا قید کرتے ہیں یا ان کے مال لوٹتے ہیں ان سب کاموں کے سبب ان کے لئے نیک عمل لکھے جاتے ہیں تاکہ ان کو سب کاموں کا عوض دیا جائے بیشک اللہ نیکی کرنے والوں کا ثواب ضائع نہیں کرتا۔

تشریح

(۱۲۰) **اللہ تعالیٰ محسنین کی قدر کرتے ہیں** | جو لوگ اللہ کے راستے میں تکلیفیں اٹھاتے ہیں بھوک پیاس برداشت کرتے ہیں، منکرین حق سے ٹکر لیتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کا عمل ضائع نہیں کرتے بلکہ محسنین کی قدر کرتے ہیں۔ غزوۂ تبوک کے موقع پر مدینے اور اردگرد کے لوگوں کے لئے یہ بات ہرگز مناسب نہ تھی کہ وہ خود آرام سے گھر میں بیٹھے رہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پرواہ نہ کریں اپنے نفس کی مرغوبات سے زیادہ انہیں اللہ کے رسول ﷺ کی فکر ہونی چاہیئے تھی۔ چنانچہ ابو خیثمہ رضؓ کا واقعہ ہے کہ وہ بھی غزوۂ تبوک میں پیچھے رہ گئے تھے۔ حضور ﷺ کی روانگی کے بعد اپنے باغ میں گئے ان کی اہلیہ ساتھ تھیں انہوں نے پانی چھڑک کر درختوں کے سائے میں چٹائی بچھائی۔ ٹھنڈی ٹھنڈی فضا میں تازہ کھجور کے خوشے اور ٹھنڈا دیا پانی سامنے رکھا عیش کے یہ سامان دیکھ کر ابو خیثمہ رضؓ کے دل میں ایک دم بجلی سی دوڑی کہ میں یہاں عیش کر رہا ہوں اور اللہ کے محبوبؐ گرمی میں سفر فرما رہے ہیں۔ یہ خیال آتے ہی اُٹھے سواری منگوائی تلوار حمائل کی اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نقش قدم پر چل پڑے۔ تیز رفتار اونٹنی دوڑی جا رہی تھی۔ آخر لشکر کو جا پکڑا۔ حضورؐ نے دُور سے دیکھ کر فرمایا ابو خیثمہ رضؓ آتے ہیں۔ قریب پہنچے تو سب نے دیکھ لیا کہ وہ ابو خیثمہ ہی تھے۔ دراصل یہی وہ جذبۂ حق ہے جس میں دنیا کی ساری تکلیفیں بے معنی ہو جاتی ہیں اور اللہ تعالیٰ کے یہاں اجر و ثواب کا مستحق بناتی ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ

وَ	لَا	يُنْفِقُوْنَ	نَفَقَةً	صَغِيْرَةً	وَّلَا كَبِيْرَةً	وَّلَا يَقْطَعُوْنَ
اور	نہ	وہ خرچ کرتے ہیں	خرچ	چھوٹا	اور نہ بڑا	اور نہ طے کرتے ہیں

اور وہ کوئی چھوٹا یا بڑا (کم یا زیادہ) خرچ نہیں کرتے اور نہ وہ طے کرتے ہیں

وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا

وَادِيًا	اِلَّا	كُتِبَ + لَهُمْ	لِيَجْزِيَهُمُ	اللّٰهُ	اَحْسَنَ	مَا	كَانُوْا
کوئی وادی (میدان)	مگر	لکھا جاتا ہے انکے لئے	تاکہ جزا دے انہیں	اللہ	بہترین	جو	وہ تھے

کوئی میدان مگر ان کے لئے لکھ دیا جاتا ہے، تاکہ اللہ انکے اعمال کی انہیں بہترین جزا

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ؕ فَلَوْ

يَعْمَلُوْنَ	وَمَا كَانَ	الْمُؤْمِنُوْنَ	لِيَنْفِرُوْا	كَآفَّةً	فَلَوْ
کرتے (انکے اعمال)	اور نہیں ہے	مومن (جمع)	کہ وہ کوچ کریں	سب کے سب	پس کیوں

دے۔ اور (ایسے تو) نہیں کہ مومن سب کے سب کوچ کریں پس کیوں نہ

لَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ

لَا نَفَرَ	مِنْ	كُلِّ + فِرْقَةٍ	مِّنْهُمْ	طَآئِفَةٌ	لِّيَتَفَقَّهُوْا	فِي	الدِّيْنِ
نہ کوچ کرے	سے	ہر گروہ	ان سے۔ انکی	ایک جماعت	تاکہ وہ سمجھ حاصل کریں	میں	دین

انکے ہر گروہ میں سے ایک جماعت کوچ کرے تاکہ وہ سمجھ حاصل کریں دین میں

ع ۱۵ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

وَلِيُنْذِرُوْا	قَوْمَهُمْ	اِذَا	رَجَعُوْٓا	اِلَيْهِمْ	لَعَلَّهُمْ	يَحْذَرُوْنَ
اور تاکہ وہ ڈر سنائیں	اپنی قوم	جب	وہ لوٹیں	انکی طرف	تاکہ وہ (عجب نہیں)	بچتے رہیں۔

اور تاکہ وہ اپنی قوم کو ڈر سنائیں جب ان کی طرف لوٹیں عجب نہیں کہ وہ بچتے رہیں۔

(۱۲۱) وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ اَیْ جَزَاءَهٗ۔

(۱۲۱) اور جو کچھ تھوڑی بہت چیز وہ اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اگرچہ ایک خرما ہو اور یا کسی میدان کو طے کرتے ہیں چل کر یہ سب ان کے لئے لکھا جاتا ہے تاکہ ان کے عملوں کی بہتر جزا اللہ ان کو عطا کرے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱۲۲) وَلَمَّا بَخَلُوْا عَلَى التَّخَلُّفِ وَاَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً تَنْفِرُوْا جَمِيْعًا فَنَزَلَ وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا اِلَى الْغَزْوِ كَآفَّةً ۔ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ قَبِيْلَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ جَمَاعَةٌ وَمَكَثَ الْبَاقُوْنَ لِيَتَفَقَّهُوْا اَيِ الْمَاكِثُوْنَ فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْا اِلَيْهِمْ مِنَ الْغَزْوِ وَبِتَعْلِيْمِ مَا تَعَلَّمُوْهُ مِنَ الْاَحْكَامِ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ○ عِقَابَ اللّٰهِ بِامْتِثَالِ اَمْرِهٖ وَنَهْيِهٖ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رض نَهْدٌ مَخْصُوْصَةٌ بِالسَّرَايَا وَالَّتِيْ قَبْلَهَا بِالنَّهْيِ عَنِ التَّخَلُّفِ اَحَدٍ فِيْمَا اِذَا خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(۱۲۲) اور جبکہ صحابہ کو پیچھے رہنے پر دھمکایا گیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر بمقابلہ کافروں کے بھیجا اسمیں سب نکل کر کافروں سے لڑنے کو چلے اس پر یہ آیت نازل ہوئی، وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً الخ اور مسلمانوں کو یہ مناسب نہیں کہ سب کے سب جہاد میں اکھٹے نکل کھڑے ہوں پس یہ ہونا چاہئے کہ ان کے ہر ایک قبیلہ میں سے ایک جماعت جہاد میں جاوے اور باقی ٹھیرے رہیں تاکہ دین میں سمجھ حاصل کریں اور مسائل سیکھیں تاکہ جس وقت ان کی قوم جہاد سے واپس آوے یہ ان کو ڈراویں اور جو احکام خود سیکھیں ہیں انکو سکھاویں تاکہ وہ اللہ کے عذاب سے ڈریں۔ اور اس کے اوامر و نواہی کی فرماں برداری کریں۔

ابن عباس رض نے فرمایا کہ یہ حکم کہ بعض صحابہ جہاد میں جاویں اور بعض دین کے مسائل سیکھنے کے لئے رہ جاویں۔ اس چھوٹے لشکر ساتھ خاص ہے کہ جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف نہ لے جاویں اور جس لشکر میں خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے جاویں اسمیں جانا سب کو ضرور ہے بلا عذر اور بدون اجازت سرور کائنات کے پیچھے رہنا درست نہیں۔

تشریح

(۱۲۱) ہر قدم پر اجر ہی اجر | اس طرح جب انسان اللہ کے راستے میں قدم اٹھاتا ہے تو کم یا زیادہ جو بھی مال اللہ کے راستے میں خرچ کرتا ہے، جہاد کے راستے میں کوئی وادی طے کرتا ہے تو اس کے ہر کام کا صلہ اللہ کے یہاں لکھ دیا جاتا ہے اور اس کی بہترین جزا یقیناً اس کو دی جائے گی۔

(۱۲) دین میں پھیلاؤ کے ساتھ اس کی سمجھ بھی ضروری ہے | اللہ کے دین کی دعوت جب تک محدود رہی تو جو شخص بھی اسلام قبول کرتا تھا وہ پورے شعور اور اسکے تقاضوں کو سمجھ کر ایمان لاتا تھا جب دین کا پھیلاؤ بڑھنے لگا اور آبادیاں کی آبادیاں فوج در فوج دین میں داخل ہونے لگیں تو اس کی ضرورت محسوس ہوئی کہ پھیلاؤ کے ساتھ استحکام بھی پیدا ہو اسکے لئے ضروری تھا کہ آبادی کے ہر حصے میں سے کچھ لوگ مرکز دین میں آکر دین کی تعلیم اور سمجھ پیدا کریں اور پھر اپنی آبادیوں میں واپس جاکر وہاں کے باشندوں کو تعلیم دیں تاکہ وہ غیر مسلمانہ روش سے پرہیز کریں۔

اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بنفس نفیس جہاد میں تشریف لے جارہے ہوں تو ہر قوم میں جو جماعت آپکے ہمراہ نکلے گی وہ حضورؐ کی صحبت میں رہ کر دین کی سمجھ حاصل کریگی اور واپس آکر باقی ماندہ لوگوں کو تعلیم دیگی۔ اور اگر حضورؐ مدینہ میں رونق افروز رہے تو جو لوگ جہاد میں نہیں گئے وہ حضورؐ کی خدمت میں مستفید ہوکر دین کی باتیں سیکھیں گے اور پھر باقی لوگوں کو دین کی باتیں سکھائیں گے۔ غرضیکہ جہاد و علم کے لئے سب کا نکلنا ضروری نہیں ہے البتہ ایک جماعت اس کے لئے تیار رہنی ضروری ہے جو دوسروں کو آگاہ کرتی رہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ + اٰمَنُوْا	قَاتِلُوْا	الَّذِيْنَ	يَلُوْنَكُمْ	مِّنَ + الْكُفَّارِ
اے	وہ جو ایمان لائے (مومن)	لڑو	وہ جو	نزدیک تمہارے	کفار سے (کافر)

اے مومنو! اپنے نزدیک کے کافروں سے لڑو۔

وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۳﴾

وَلْيَجِدُوْا	فِيْكُمْ	غِلْظَةً	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	مَعَ	الْمُتَّقِيْنَ
اور چاہیے کہ وہ پائیں	تمہارے اندر	سختی	اور جان لو	کہ	اللہ	ساتھ	پرہیزگاروں

اور چاہیے کہ وہ تمہارے اندر پائیں سختی اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے

وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ

وَاِذَا مَآ	اُنْزِلَتْ	سُوْرَةٌ	فَمِنْهُمْ	مَّنْ	يَّقُوْلُ	اَيُّكُمْ	زَادَتْهُ
اور جب	نازل کیجاتی ہے	کوئی سورت	تو ان میں سے	بعض	کہتے ہیں	تم میں سے کسی	زیادہ کردیا اس کا

اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو ان میں سے بعض کہتے ہیں اس نے تم میں سے کس کا ایمان

هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّهُمْ

هٰذِهٖٓ	اِيْمَانًا	فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	فَزَادَتْهُمْ	اِيْمَانًا	وَّهُمْ
اس نے	ایمان	سو جو	وہ لوگ جو	وہ ایمان لائے	اس نے زیادہ کردیا ان کا	ایمان	اور وہ

زیادہ کردیا؟ سو جو لوگ ایمان لائے ہیں، اس نے زیادہ کردیا ہے ان کا ایمان اور وہ

يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

يَسْتَبْشِرُوْنَ	وَاَمَّا	الَّذِيْنَ	فِيْ	قُلُوْبِهِمْ	مَّرَضٌ
خوشیاں مناتے ہیں	اور جو	وہ لوگ جو	میں	ان کے دل (جمع)	بیماری

خوشیاں مناتے ہیں۔ اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے

فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۲۵﴾

فَزَادَتْهُمْ	رِجْسًا	اِلٰى	رِجْسِهِمْ	وَمَاتُوْا	وَهُمْ	كٰفِرُوْنَ
اس نے زیادہ کردیا ان کی	گندگی	طرف (پر)	انکی گندگی	اور وہ مرے	اور وہ	کافر (جمع)

اس نے زیادہ کردی ان کی گندگی پر گندگی۔ اور وہ مرنے تک کافر ہی رہے۔

﴿۱۲۲﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ اَيِ الْاَقْرَبَ فَالْاَقْرَبَ مِنْهُمْ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً شِدَّةً اَيِ اغْلِظُوْا

﴿۱۲۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً

اے ایمان والو جہاد کرو ان کافروں پر جو تمہارے قریب ہیں یعنی سب سے پہلے ان کافروں سے لڑو جو تم سے ملے ہوئے ہیں پھر ان سے جو ان سے نزدیک ہیں۔ اسی طرح درجہ بدرجہ سب کفار سے مقابلہ کرو اور چاہیے کہ کافر تم میں سختی پاویں یعنی تم ان پر سختی کرو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

عَلَيْهِمْ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝

اور جانو کہ اللہ بیشک پرہیزگاروں کی مدد اور ہمراہی میں ہے۔

(۱۲۴) بِالْعَوْنِ وَالنَّصْرِ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مِّنَ الْقُرْاٰنِ فَمِنْهُمْ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ تَصْدِيْقًا قَالَ تَعَالٰى فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا لِتَصْدِيْقِهِمْ بِهَا وَهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝ يَفْرَحُوْنَ بِهَا

(۱۲۴) اور جب قرآن کی کوئی سورت نازل ہوتی ہے پس بعض منافقین میں سے وہ ہیں جو اپنے ساتھیوں سے ازراہ ہنسی مذاق کہتے ہیں کہ تم میں سے کس کے ایمان اور تصدیق کو اس سورۃ نے زیادہ کیا فرمایا اللہ تعالیٰ نے پس لیکن وہ لوگ جو ایمان لائے سو ان کے ایمان کو اس سورۃ نے زیادہ اور قوی کر دیا اسلئے کہ ایمان والوں نے اس کو سچا سمجھا اور اس پر ایمان لائے اور وہ لوگ انکو سن کر خوش ہوتے ہیں۔

(۱۲۵) وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ضُعْفُ اِعْتِقَادٍ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ كُفْرًا اِلٰى كُفْرِهِمْ بِكُفْرِهِمْ بِهَا وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۝

(۱۲۵) اور لیکن وہ لوگ جن کے دلوں میں ضعف اعتقاد ہے اس سورت نے ان کے کفر قدیم پر اور کفر زیادہ کر دیا کیونکہ وہ اس کے منکر ہوئے اور مرے اس حال میں کہ وہ کافر ہیں۔

تشریح

(۱۲۳) منکرین حق کے معاملے میں نرمی کی ضرورت نہیں | ایمانی غیرت اور حمیت کا تقاضہ یہ ہے کہ جو لوگ حق کے منکر ہیں ان کے ساتھ کسی طرح کی نرمی نہ کی جائے مگر نرمی نہ کرنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اخلاق اور انسانیت کی ساری حدوں کو توڑ دیا جائے۔ حدود اللہ کی نگہداشت جنگی کارروائی میں بھی اور عام برتاؤ میں بھی ملحوظ رہنی چاہیئے۔ اسلئے کہ اللہ تعالیٰ کی مدد انھیں کے ساتھ ہے جو اللہ سے ڈرتے ہیں اور اس کا تقویٰ اختیار کرتے ہیں۔

(۱۲۴) منافقین کی گراوٹ | منافقین کے کردار کی گراوٹ کا عالم یہ تھا کہ قرآن مجید جو کہ کتاب ہدایت ہے اور گمراہوں کے لئے روشنی کا راستہ ہے اس کا مذاق اڑاتے تھے اور جب کوئی آیت یا سورت نئی نازل ہوتی تھی اور اہل علم اس کو سنتے سناتے تھے تو یہ منافقین اپنی مجلسوں میں اس کا مذاق اڑاتے تھے اور سادہ دل مسلمانوں سے کہتے تھے کیوں صاحب! کہیئے اس سورت سے تم میں سے کس کے ایمان میں اضافہ ہوا۔؟ جو واقعی اہل ایمان ہیں ان کے ایمان میں قرآن مجید کے حقائق و معارف سے اضافہ ہوتا ہے جو اُن کے ایمان کی ترقی کا سبب بنتے ہیں اور اس سے ان کے دل شادکام ہوتے ہیں۔

(۱۲۵) منافقین کے دل کی بیماری اور بڑھ جاتی ہے | ایک انسان جب اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے سامنے سر اطاعت جھکا دیتا ہے اور اپنی رائے اور اپنے تصورات، اپنے نظریات اور اپنی عادتوں کو یہاں تک کہ اپنی محبتوں اور دوستیوں کو فرمان خداوندی کے تابع کر دیتا ہے تو اس کے ایمان میں بالیدگی نصیب ہوتی ہے۔ اس کے برخلاف جب آدمی اللہ کی اطاعت سے منہ موڑنے لگے اور اپنی لذتوں اور آسائشوں میں مبتلا ہو جائے تو اس کے ایمان کی جان نکلنی شروع ہو جاتی ہے۔ اب جب کوئی اللہ کا حکم نازل ہوتا ہے تو بجائے خوش ہونے کے اس کے دل کی بیماری اور بڑھ جاتی ہے اور دل کی نجاست پر ناپاکی کی ایک اور تہہ چڑھ جاتی ہے یہانتک کہ مرتے دم تک وہ اسی حالت میں مبتلا رہتا ہے اور اسی نجاست کے ساتھ دنیا سے رخصت ہو جاتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَوَلَا يَرَوْنَ أَنَّهُمْ يُفْتَنُونَ فِي كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ

أَوَ	لَا يَرَوْنَ	أَنَّهُمْ	يُفْتَنُونَ	فِي	كُلِّ عَامٍ	مَّرَّةً	أَوْ مَرَّتَيْنِ
کیا	وہ نہیں دیکھتے	کہ وہ	آزمائے جاتے ہیں	میں	ہر سال	ایک بار	یا دو بار

کیا وہ نہیں دیکھتے کہ وہ ہر سال آزمائے جاتے ہیں ایک بار یا دو بار

ثُمَّ لَا يَتُوبُونَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُونَ ﴿١٢٦﴾ وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ

ثُمَّ	لَا يَتُوبُونَ	وَلَا	هُمْ	يَذَّكَّرُونَ	وَإِذَا مَا	أُنزِلَتْ
پھر	نہ وہ توبہ کرتے ہیں	اور نہ	وہ	نصیحت پکڑتے ہیں	اور جب	اتاری جاتی ہے

پھر نہ وہ توبہ کرتے ہیں اور نہ نصیحت پکڑتے ہیں اور جب اتاری جاتی ہے

سُورَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ هَلْ يَرَاكُم مِّنْ أَحَدٍ ثُمَّ

سُورَةٌ	نَّظَرَ	بَعْضُهُمْ	إِلَىٰ	بَعْضٍ	هَلْ	يَرَاكُم	مِّنْ أَحَدٍ	ثُمَّ
کوئی سورت	دیکھتا ہے	انمیں سے (کوئی ایک)	کو	بعض (دوسرے)	کیا	دیکھتا ہے تمہیں	کوئی	پھر

کوئی سورت تو ان میں سے ایک دوسرے کو دیکھنے لگتا ہے کیا تمہیں کوئی مسلمان دیکھتا ہے؟ پھر

انصَرَفُوا ۚ صَرَفَ اللَّهُ قُلُوبَهُم بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ ﴿١٢٧﴾

انصَرَفُوا	صَرَفَ	اللَّهُ	قُلُوبَهُم	بِأَنَّهُمْ	قَوْمٌ	لَّا يَفْقَهُونَ
وہ پھر جاتے ہیں	پھیر دیئے	اللہ	انکے دل	کیونکہ وہ	لوگ	سمجھ نہیں رکھتے

وہ پھر جاتے ہیں۔ ان نے ان کے دل پھیر دئے کیونکہ وہ لوگ سمجھ نہیں رکھتے

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ

لَقَدْ	جَاءَكُمْ	رَسُولٌ	مِّنْ	أَنفُسِكُمْ	عَزِيزٌ	عَلَيْهِ	مَا + عَنِتُّمْ
البتہ	تمہارے پاس آیا	ایک رسول	سے	تمہاری جانیں (تم)	گراں	اس پر	جو تمہیں تکلیف پہنچے

البتہ تمہارے پاس آیا ایک رسول تم میں سے، جو تمہیں تکلیف پہنچے اس پر گراں ہے

حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١٢٨﴾ فَإِن

حَرِيصٌ	عَلَيْكُمْ	بِالْمُؤْمِنِينَ	رَءُوفٌ	رَّحِيمٌ	فَإِنْ
حریص (بہت خواہشمند)	تم پر	مومنوں پر	شفیق	نہایت مہربان	پھر اگر

تمہاری (بھلائی کا) بہت خواہشمند ہے مومنوں پر نہایت شفیق و مہربان ہے پھر اگر وہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ

تَوَلَّوْا	فَقُلْ	حَسْبِيَ	اللّٰهُ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ
وہ منہ موڑیں	تو کہدیں	مجھے کافی ہے	اللہ	نہیں	کوئی معبود	اسکے سوا	اس پر	میں نے بھروسہ کیا

منہ موڑیں تو کہہ دیں مجھے کافی ہے اللہ۔ اسکے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا

ع ۱۶ ۵

وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ع (۱۲۹)

وَهُوَ	رَبُّ	الْعَرْشِ	الْعَظِيْمِ	
اور وہ	مالک	عرش	عظیم	

اور عرش عظیم کا مالک ہے۔

(۱۲۶) اَوَلَا يَرَوْنَ بِالْيَاءِ اَيِ الْمُنَافِقُوْنَ وَالتَّاءِ اَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ يُبْتَلَوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ بِالْقَحْطِ وَالْاَمْرَاضِ ثُمَّ لَا يَتُوْبُوْنَ مِنْ نِفَاقِهِمْ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ○ يَتَّعِظُوْنَ

(۱۲۶) اور کیا وہ منافقین نہیں دیکھتے کہ وہ ہر سال ایک دو مرتبہ قحط اور بیماریوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں پھر بھی وہ اپنے نفاق سے توبہ نہیں کرتے اور نہ انکو اس سے کچھ نصیحت ہوتی ہے

(۱۲۷) وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَقَرَاَهَا النَّبِيُّ فِيْهَا اِذْكُرُهُمْ يُرِيْدُوْنَ الْهَرَبَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اِذَا قُمْتُمْ وَاِنْ لَّمْ يَرَهُمْ اَحَدٌ قَامُوْا وَاِلَّا ثَبَتُوْا ثُمَّ انْصَرَفُوْا عَلٰى كُفْرِهِمْ صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ عَنِ الْهُدٰى بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ○ الْحَقَّ لِعَدَمِ تَدَبُّرِهِمْ

(۱۲۷) اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے کہ اس میں ان کا حال بیان ہوتا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو پڑھنا شروع کرتے ہیں تو ان میں بعض بعض کی طرف دیکھتے ہیں بھاگنے کے ارادے سے آپس میں کہتے ہیں کہ اگر تم اُٹھ چلو تو کوئی دیکھے گا تو نہیں۔ پس اگر کوئی ان کو نہ دیکھتا تو اٹھ کھڑے ہوتے ورنہ بیٹھے رہتے پھر وہ منافقین کفر ہی پر واپس گئے اللہ نے انکے دلوں کو ایمان اور ہدایت سے پھیر دیا اس سبب سے کہ وہ گروہ بے سمجھ قرآن میں غور اور فکر نہیں کرتے

(۱۲۸) لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَيْ مِنْكُمْ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَزِيْزٌ شَدِيْدٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ اَيْ عَنَتُكُمْ اَيْ مَشَقَّتُكُمْ وَلِقَاءُكُمُ الْمَكْرُوْهَ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ اَنْ تَهْتَدُوْا

(۱۲۸) تحقیق آئے تمہارے پاس ایک پیغمبر تم میں کے یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہ ان کو بھاری معلوم ہوتا ہے تم پر تکلیف اور مشقت پیش آنا اور تکلیف پہنچنا، ان کو یہ حرص اور تمنا ہے کہ تم راہ راست پر رہو

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ شَدِيْدُ الرَّحْمَةِ رَّحِيْمٌ ○ يُرِيْدُ لَهُمُ الْخَيْرَ۔

اور وہ پیغمبر مسلمانوں پر بہت رحمت والے انکے لئے بھلائی چاہنے والے ہیں۔

(۱۲۹) فَاِنْ تَوَلَّوْا عَنِ الْاِيْمَانِ بَلِّغْ فَقُلْ حَسْبِيَ كَافِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ بِهٖ وَثِقْتُ لَا بِغَيْرِهٖ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكُرْسِيِّ الْعَظِيْمِ ○ خَصَّهٗ بِالذِّكْرِ لِاَنَّهٗ اَعْظَمُ الْمَخْلُوْقَاتِ۔ رَوَى الْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرَكِ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ اٰخِرُ اٰيَةٍ نَزَلَتْ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ اِلٰى اٰخِرِ السُّوْرَةِ

(۱۲۹) پس اگر کافر ایمان سے منہ پھیریں تو تم کہدو مجھ کو اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں میں نے اسی پر بھروسہ کیا نہ اس کے غیر پر اور وہ رب اور مالک ہے بڑی کرسی کا اسی کو خالص ذکر کیا حالانکہ وہ رب جمیع مخلوق کا ہے اس لئے کہ کرسی اعظم مخلوقات ہے حاکم نے مستدرک میں اُبی بن کعب سے روایت کی کہ اسنے کہا سب میں پچھلی آیت جو نازل ہوئی لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ ہے

تشریح

(۱۲۶) منافقین ہر آزمائش میں ناکام ہوجاتے ہیں | ان منافقین کے دل کی گندگی اور بدکرداری اتنی بڑھ چکی ہے کہ سال میں ایک دو مرتبہ جب بھی ان کی آزمائش کا موقع آتا ہے ان کے دل کا کھوٹا پن باہر نکل آتا ہے مگر یہ نہ کوئی سبق حاصل کرتے ہیں اور نہ اپنی پچھلی خطاؤں سے توبہ کرتے ہیں۔ اسلئے ان کا یہ اقرار کہ ہم اہل ایمان میں شامل ہیں اس کا جھوٹا ہونا منظر عام پر آجاتا ہے بلکہ ہر مرتبہ ان کے دل کی نجاست پہلے سے کچھ اور بڑھ جاتی ہے۔

(۱۲۷) قرآن مجید سے منافقین کا فرار | اللہ تبارک و تعالیٰ کی اتنی بڑی نعمت ہے کہ اس نے انسانوں کی ہدایت کے لئے اپنے رسول کو بھیجا اور ان پر اپنی کتاب قرآن مجید نازل فرمائی جس کی بدولت ریگستان عرب کے یہ پسماندہ لوگ عالم انسانی کی پیشوائی کے لئے تیار کئے جارہے ہیں اور ان کے ذریعہ انسانیت کی دنیوی اور اُخروی فلاح کا انتظام کیا جارہا ہے مگر ان منکرین حق اور منافقین کو اس نعمت کی قدر و قیمت کا کوئی اندازہ ہی نہیں ہے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب قرآن مجید کی کوئی آیت یا سورت نازل ہوتی تھی تو اس کو مجمع عام میں سناتے تھے مخلص مسلمان پوری توجہ سے ہمہ تن گوش ہو کر سنتے تھے لیکن منافقین کا حال یہ ہوتا تھا کہ ادھر تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قرآن مجید سنا رہے ہیں اور یہ آنکھوں آنکھوں میں ایک دوسرے کو اشارے کر رہے ہیں اور جیسے ہی موقع ملتا چپکے سے نکل بھاگتے۔ اللہ نے ان ناسمجھ لوگوں کے، جو خود سمجھنا نہیں چاہتے دل پھیر دئے ہیں اور ان کی توفیق سلب کرلی ہے۔

(۱۲۸) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی انسانیت نوازی | حضرت محمد ابن عبداللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے چالیس سال کی عمر میں اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو اپنا رسول مقرر فرمایا۔ آپ کی چالیس سال کی زندگی مکہ والوں کے لئے جانی پہچانی ہے۔ آپ انہیں میں سے ایک فرد ہیں انکے قبیلے اور خاندان کے بارے میں سب کو معلوم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو سارے جہان والوں کے لئے اپنا آخری رسول مقرر فرمایا ہے۔ آپؐ کے دل میں انسانوں کی ہمدردی کوٹ کوٹ کر بھری ہے آپؐ چاہتے ہیں کہ دنیا کے سبھی لوگ اللہ کی رحمت کے سائے میں آکر اپنے رب کو راضی کرنے والے بنیں اور دین و دنیا میں فلاح یاب ہوں۔ انسانوں کا نقصان اور گمراہی میں پڑنا اُن پر بڑا شاق گذرتا ہے وہ سب کی فلاح کے لئے

toobaa-elibrary.blogspot.com

حریص ہیں پھر جو لوگ ایمان لے آئے ہیں اُن پر تو آپؐ کی شفقت اور رحمت اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے۔ ایسے والا صفات رسول کی قدر نہ کرنا خود اپنا ہی نقصان کرنا ہے۔

(۱۲۹) رسول اللہ کے لئے اللہ کافی ہے | آپ کی اس بے غرض انسانیت نوازی کے باوجود اگر کوئی آپ کی خیر خواہانہ دعوت کی طرف توجہ نہیں کرتا اور آپ کی بات سے منہ پھیرتا ہے تو آپ کی مدد کے لئے اللہ ہی کافی ہے اسلئے ارشاد ہوا کہ اے نبیؐ اگر ساری دنیا بھی آپ سے منہ پھیر لے تو آپ کے لئے اللہ ہی کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے نہ اس کے سوا کسی کی بندگی پر بھروسہ ہو سکتا ہے۔ زمین و آسمان کی سلطنت کا مالک تنہا وہی ہے نفع نقصان سب اس کے قبضہ میں ہے اگر کوئی ہدایت حاصل کرنا چاہتا ہے تو وہ اس کو ہدایت دیتا ہے اور کوئی گمراہی میں پڑا رہنا چاہے تو اللہ تعالیٰ اسکو زبردستی ہدایت کا راستہ نہیں دکھاتے۔ اے نبیؐ آپ اللہ پر بھروسہ رکھیں۔ ساری دنیا بھی مل جائے تو آپؐ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی۔

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جو شخص صبح و شام سات سات مرتبہ یہ دعا پڑھے گا اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس کی تمام پریشانیوں کو اور رنج و غم کو دور فرما دیں گے۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

(اللہ میرے لئے کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ میں اسی پر بھروسہ کرتا ہوں، اور وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے۔
(ابوداؤد)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱۰)

سُورۂ یُونس

○ ترتیب تلاوت ——— ۱۰	○ ترتیب نزول ——— ۵۱
○ مکّی / مدنی ——— مکّی	○ تعداد رکوعات ——— ۱۱
○ تعداد آیات ——— ۱۰۱	○ تعداد الفاظ ——— ۱۸۶۱
○ تعداد حروف ——— ۷۷۲۳	

نام | اس سورۃ کی آیت ۹۸ میں ہے کہ فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ آمَنَتْ فَنَفَعَهَا إِيمَانُهَا إِلَّا قَوْمَ يُونُسَ. (کیا کوئی ایسی مثال ہے کہ ایک بستی عذاب دیکھ کر ایمان لائی ہو اور اس کا ایمان اس کے لئے نفع بخش ثابت ہوا ہو یونس کی قوم کے سوا)

کیونکہ اس آیت میں حضرت یونس علیہ السلام کا نام آیا ہے جو کہ بنی اسرائیل کے ایک نبی تھے اس لئے ان کے نام پر اس سورۃ کا نام سورۂ یونس رکھا گیا ہے ——— قرآن مجید کی سورتوں کے نام صرف پہچان اور علامت کے لئے ہیں اس سورۃ کا موضوع حضرت یونس کا واقعہ نہیں ہے۔

تعارف | اس سورۃ کے مضامین سے صاف اندازہ ہوتا ہے کہ یہ سورۃ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ہے۔ کیونکہ مکی دور کی سورتوں میں یہ خصوصیت ہے کہ ان میں بنیادی عقائد ان کی اہمیت، ان کے دلائل اور انسانی زندگی سے ان کے تعلق کو بیان کیا گیا ہے۔ جبکہ مدنی سورتوں میں زیادہ تر شرعی احکام و مسائل ہیں جن کی ضرورت بنیادی عقیدوں کو قبول کرنے کے بعد عمل کرنے کی صورت میں پیش آتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

- سورۂ یونس میں تین اہم اور بنیادی عقیدوں کا بیان ہے۔ سب سے پہلے توحید اور توحید میں بھی خاص طور پر توحید ربوبیت کہ تمہارا پروردگار تمہیں عدم سے وجود میں لانے والا، تمہیں زندگی اور زندگی کے سامان دینے والا صرف ایک خدا ہے جو اس کائنات کو چلا رہا ہے۔ اور یہ اسی کا حق ہے کہ تم اسی کی بندگی کرو۔
- دوسرا بیان آخرت کے تعلق سے ہے کہ دنیا کی اس زندگی کے بعد زندگی کا ایک اور دور شروع ہوگا جس میں انسان کو دوبارہ پیدا کیا جائے گا اور اپنی موجودہ زندگی کے کارناموں کا حساب دینا ہوگا۔
- یہ دونوں حقیقتیں جو تمہارے سامنے اللہ کے رسول حضرت محمدؐ پیش کر رہے ہیں وہ بلاشبہ اللہ کے مقرر کئے ہوئے سچے رسول ہیں۔

اس ذیل میں حضرت نوحؑ کا واقعہ مختصر طور پر اور حضرت موسیٰؑ کا قصہ تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے جس سے یہ بتانا ہے کہ آج تم لوگ جو معاملہ محمدؐ کے ساتھ کر رہے ہو وہ اس سے پہلے حضرت نوحؑ اور حضرت موسیٰؑ کے ساتھ بھی پیش آچکا ہے اور ان لوگوں کے طرز عمل کا جو انجام ہوا وہی انجام تمہارا بھی ہوگا

ان لوگوں کو آگاہ کیا گیا ہے کہ حضرت محمدؐ اور ان کے ساتھیوں کی بے بسی اور کمزوری کو دیکھ کر اس دھوکے میں مت رہنا کہ کمزوری کی یہ حالت ہمیشہ رہے گی۔ اس لئے کہ ان کی پشت پر اللہ کی وہی طاقت ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام کی پشت پر تھی۔

ان لوگوں کو بتایا گیا ہے کہ اس وقت جو تمہیں مہلت ملی ہوئی ہے اور اللہ کی طرف سے جو ڈھیل ہے وہ اس مصلحت کی وجہ سے ہے کہ شاید تم لوگ سمجھ جاؤ اس لئے اس مہلت کو ضائع مت کرو اور ہدایت کا راستہ اختیار کرو۔

پیروانِ رسولؐ کو حوصلہ دیا گیا ہے کہ وہ ماحول کی ناموافقت سے مایوس نہ ہوں یہ حالات ہمیشہ اسی طرح سے نہیں رہینگے بس وہ اس کا خیال رکھیں کہ بنی اسرائیل کی روش سے عبرت حاصل کرتے ہوئے۔ ان جیسا طریقہ اختیار نہ کریں۔

اس پوری سورت کے مضمون کا خلاصہ دعوتِ اسلامی ہے مخالفین کو بتانا ہے کہ اس سچائی کی دعوت کی مخالفت تمہارے لئے تباہ کن ہے اور اہل ایمان کو تنبیہ ہے کہ وہ ہر حال میں اللہ اور رسول کے بتائے ہوئے طریقے پر ثابت قدم رہیں اور یہ بھی سمجھیں کہ مخالف حالات میں ان کو کس طرح کام کرنا چاہیئے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اٰیاتھا ۱۰۹	۱۰: سُوْرَۃُ یُوْنُسَ مَکِّیَّۃٌ: ۵۱	رُکُوْعَاتُھَا ۱۱

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝۱ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ

الٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	الْحَكِيْمِ	اَكَانَ	لِلنَّاسِ	عَجَبًا	اَنْ	اَوْحَيْنَآ
الٓرٰ	یہ	آیتیں	کتاب	حکمت والی	کیا ہوا	لوگوں کو	تعجب	کہ	ہم نے وحی بھیجی

الٓرٰ یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں۔ کیا لوگوں کو تعجب ہوا؟ کہ ہم نے وحی بھیجی

اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ

اِلٰى	رَجُلٍ	مِّنْهُمْ	اَنْ	اَنْذِرِ	النَّاسَ	وَبَشِّرِ	الَّذِيْنَ + اٰمَنُوْٓا	اَنَّ	لَهُمْ	قَدَمَ	صِدْقٍ
طرف پر	ایک آدمی	ان سے	کہ	وہ ڈرائے	لوگ	اور خوشخبری دے	جو لوگ ایمان لائے (ایمان لائے)	کہ	انکے لئے	پایہ	سچا

ایک آدمی پر ان میں سے کہ وہ لوگوں کو ڈرائے اور ایمان والوں کو خوشخبری دے کہ ان کے لئے سچا پایہ (مقام)

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۝۲

عِنْدَ	رَبِّهِمْ	قَالَ	الْكٰفِرُوْنَ	اِنَّ	هٰذَا	لَسٰحِرٌ + مُّبِيْنٌ
پاس	ان کا رب	بولے	کافر (جمع)	بیشک	یہ	کھلا جادوگر

ہے ان کے رب کے پاس۔ کافر بولے بیشک یہ تو کھلا جادوگر ہے۔

سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ اِلَّآ اِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ الخ وَهِيَ مِائَةٌ وَتِسْعٌ اَوْ عَشْرُ اٰيَاتٍ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۱) الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ الخ هٰذِهِ الْاٰيَاتُ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْقُرْاٰنِ وَالْاِضَافَةُ بِمَعْنٰى مِنْ الْحَكِيْمِ ○ الْمُحْكَمِ

(۲) اَكَانَ لِلنَّاسِ اَيْ اَهْلِ مَكَّةَ اِسْتِفْهَامُ اِنْكَارٍ وَالْجَارُ وَالْمَجْرُوْرُ حَالٌ مِنْ قَوْلِهٖ عَجَبًا بِالنَّصْبِ خَبَرُ كَانَ وَبِالرَّفْعِ اِسْمُهَا وَالْخَبَرُ وَهُوَ اَنْ اَوْحَيْنَا عَلَى الْاَوَّلِ اَيْ اِيْحَائُنَا اِلٰى

سورۂ یونس مکی ہے مگر فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ الخ دو یا تین آیتیں یا وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ الخ اس سورت میں ایک سو نو یا دس آیتیں ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۱) الٓرٰ اللہ نے ان حروف سے جو ارادہ کیا اس کو وہی خوب جانتا ہے۔ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ الخ یہ آیتیں قرآن محکم واستوار کی آیتیں ہیں۔

(۲) کیا مکہ والوں کو عجیب معلوم ہوتا ہے ہمارا وحی کرنا انمیں سے ایک شخص کی طرف یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف یہ کہ ڈراؤ تم کافروں کو عذاب الٰہی سے اور ایمان والوں کو خوشخبری سناؤ کہ ان کے لئے عوض نیک ہے نزدیک ان کے رب کے بسبب ان

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَجُلٍ مِّنْهُمْ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ مُفَسِّرَةٌ اَنْذِرِ خَوِّفِ النَّاسَ الْكَافِرِيْنَ بِالْعَذَابِ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَيْ بِاَنَّ لَهُمْ قَدَمَ سَلَفَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ اَيْ اَجْرًا حَسَنًا بِمَا قَدَّمُوْا مِنَ الْاَعْمَالِ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ الْمُشْتَمِلَ عَلٰى ذٰلِكَ لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ○ بَيِّنٌ وَفِيْ قِرَاءَةٍ لَسَاحِرٌ وَالْمُشَارُ اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

اعمال کے جو انہوں نے پہلے کئے۔
کافروں نے کہا کہ بیشک یہ قرآن جس میں کافروں کو عذاب سے ڈرانا اور ایمان والوں کو اجر حسن کا وعدہ ہے بیشک ظاہر جادو ہے۔ (ایک قرأت میں لَسَاحِرٌ الخ ہے یعنی بیشک محمد صلی اللہ علیہ وسلم جادوگر ہے۔

تشریح

(۱) حکمت و دانش سے لبریز مستحکم کلام | یہ آیتیں اس کتاب کی ہیں جو حکمت و دانش کا خزانہ ہے۔ یہ کوئی زبان کی جادوگری شاعرانہ تخیلات نہیں ہیں۔ یہ اس کتاب کی آیتیں ہیں جس کی ہر بات نہایت مضبوط اور مستحکم ہے جس میں کبھی کوئی تبدیلی نہ ہوگی۔ یہ خدائے علیم و حکیم کا نازل کردہ کلام ہے اگر انسان اس کلام سے منہ موڑے گا تو حکمت کی ان باتوں سے محروم رہ جائیگا جو اس کی زندگی کو بنانے اور سنوارنے والی ہیں۔

(۲) کیا انسان کا رسول ہونا تعجب کی بات ہے؟ کیا اس رسول میں جادوگروں والی باتیں ہیں | انسان ہونا رسول کا کمال ہے کیونکہ رسول انسانوں کے لئے نمونہ ہوتا ہے اور انسانوں کے لئے نمونۂ عمل انسان ہی ہو سکتا ہے جو غم نہیں کھا سکتا وہ غمزدہ کی تسلی بھی نہیں کر سکتا۔ جو بھوک سے آزاد ہے وہ بھوکے کی دلسوزی کرنا بھی نہیں جانتا جو انسانی کمزوریوں سے آشنا نہیں وہ ان کمزوریوں پر چشم پوشی بھی نہیں کر سکتا۔ البتہ عام انسانوں پر اس کی برتری یہ ہے کہ وہ خدا کا فرستادہ اور پیغمبر ہے۔ اسلئے اس میں تعجب کی کیا بات ہے کہ اللہ تعالیٰ انسانوں میں سے ایک انسان کو انسانوں کی ہدایت کے لئے منتخب فرمالیں اور اس پر اپنا کلام نازل فرمائیں اور اس کو ذمہ داری سونپیں کہ وہ غفلت میں پڑے ہوئے لوگوں کو جگائے اور جو اس کی دعوت کو قبول کرلیں ان کو خوش خبری دے کہ ان کے لئے ان کے رب کے پاس سچی عزت اور سرفرازی ہے۔ آخر بندوں کی ہدایت کا انتظام کرنا اس میں حیرت کی کیا بات ہے؟ تعجب تو اس پر ہوتا کہ ان کا رب انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیتا اور ان کی ہدایت اور رہنمائی کا کوئی انتظام نہ کرتا۔ پھر جو خدا کی ہدایت کو مان لیں ان کے لئے سرفرازی تو ہونی ہی چاہیئے۔ ہمارے اس رسول میں کون سی باتیں جادوگری والی نظر آتی ہیں۔ جادوگر تو بس تھوڑی دیر کے لئے لوگوں کو مسحور کر دیتے ہیں ——— مگر یہ رسول جو بات پیش کر رہے ہیں وہ نہایت حکیمانہ انتہائی معتدل سچی تلی اور انسانوں کے لئے ایک مناسب نظام فکر و عمل ہے۔

پھر اُن کی دعوت کے جو اثرات تم لوگوں کی زندگیوں پر دیکھ رہے ہو کیا جادوگروں کی باتوں کے لوگوں پر ایسے اثرات پڑتے ہیں؟

پھر تم کیسے کہہ سکتے ہو کہ یہ شخص ایک جادوگر ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِي

إِنَّ	رَبَّكُمُ	اللّٰهُ	الَّذِي	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْأَرْضَ	فِي
بیشک	تمہارا رب	اللہ	وہ جس نے	پیدا کیا	آسمانوں	اور زمین	میں

بیشک تمہارا رب اللہ ہے، جس نے پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو

سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ ۭ مَا مِنْ شَفِيعٍ

سِتَّةِ	أَيَّامٍ	ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى	الْعَرْشِ	يُدَبِّرُ	الْأَمْرَ	مَا مِنْ	شَفِيعٍ
چھ	دن	پھر	قائم ہوا	پر	عرش	تدبیر کرتا ہے	کام	نہیں کوئی	سفارشی

چھ دنوں میں پھر قائم ہوا وہ عرش پر کام کی تدبیر کرتا ہے۔ کوئی سفارش کرنے والا نہیں

إِلَّا مِنْ بَعْدِ إِذْنِهِ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ

إِلَّا	مِنْ بَعْدِ	إِذْنِهِ	ذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمْ	فَاعْبُدُوْهُ
مگر	بعد	اسکی اجازت	وہ ہے	اللہ	تمہارا رب	پس اسکی بندگی کرو

مگر اس کی اجازت کے بعد، وہ اللہ ہے تمہارا رب پس اس کی بندگی کرو

أَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ③ إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ۭ

أَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ	إِلَيْهِ	مَرْجِعُكُمْ	جَمِيْعًا
سو کیا تم دھیان نہیں کرتے	اسی کیطرف	تمہارا لوٹ کر جانا	سب

سو کیا تم دھیان نہیں دیتے؟ اسی کی طرف تم سب کو لوٹ کر جانا ہے۔

وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ إِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ

وَعْدَ	اللّٰهِ	حَقًّا	إِنَّهٗ	يَبْدَؤُا + الْخَلْقَ	ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ
وعدہ	اللہ	سچا	بیشک وہی	پہلی بار پیدا کرتا ہے	پھر	دوبارہ پیدا کریگا

اللہ کا وعدہ سچا ہے، بیشک وہی پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر اس کو دوبارہ پیدا کریگا

لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ۭ

لِيَجْزِيَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	بِالْقِسْطِ
تاکہ جزا دے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کیے	نیک (جمع)	انصاف کے ساتھ

تاکہ ان لوگوں کو انصاف کے ساتھ جزا دے جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ

وَالَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَهُمْ	شَرَابٌ	مِّنْ	حَمِيْمٍ	وَّعَذَابٌ
اور وہ لوگ جو	کفر کیا	انکے لئے	پینا ہے (پانی)	سے	کھولتا ہوا	اور عذاب

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لئے کھولتا ہوا پانی ہے اور دردناک

اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝۴

اَلِيْمٌ	بِمَا	كَانُوْا + يَكْفُرُوْنَ	
دردناک	کیونکہ	وہ کفر کرتے تھے	

عذاب ہے کیونکہ وہ کفر کرتے تھے۔

(۳) اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ مِّنْ اَيَّامِ الدُّنْيَا اَيْ فِيْ قَدْرِهَا لِاَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ ثَمَّةَ شَمْسٌ وَلَا قَمَرٌ وَلَوْ شَاءَ لَخَلَقَهُنَّ فِي لَمْحَةٍ وَالْعُدُوْلُ عَنْهُ لِتَعْلِيْمِ خَلْقِهِ التَّثَبُّتَ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ اِسْتِوَاءً يَلِيْقُ بِهٖ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ بَيْنَ الْخَلْقِ مَا مِنْ زَائِدَةٌ شَفِيْعٍ يَشْفَعُ لِاَحَدٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ رَدًّا لِقَوْلِهِمْ اَنَّ الْاَصْنَامَ تَشْفَعُ لَهُمْ ذٰلِكُمُ الْخَالِقُ الْمُدَبِّرُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ وَحِّدُوْهُ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ○ بِاِدْغَامِ التَّاءِ فِي الْاَصْلِ فِي الذَّالِ

(۳) بلاشبہ تمہارا رب وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمینوں کو چھ دن کے مقدار میں ایام دنیا سے پیدا کیا (چھ دن سے مقدار مراد لی اسلئے کہ وہاں دن رات نہ تھے کیونکہ چاند سورج وہاں نہ تھا جس سے دن رات کی تمیز ہو۔ چھ دن میں زمین و آسمانوں کا بنانا حالانکہ اللہ تعالیٰ قادر تھا اس پر کہ اگر چاہتا ایک لحظہ میں بنا دیتا اسلئے ہے کہ خلق کو جلدی نہ کرنا کاموں میں تعلیم فرماوے پھر عرش پر مستوی ہوا جو استوار کہ اسکی شان کے لائق ہے مخلوق کے کاموں کی تدبیر فرماتا ہے۔ کوئی کسی کی سفارش نہیں کرسکتا بدون اس کی اجازت کے (یہ رد کرنا ہے کافروں کے دعوی کو کہ وہ کہتے تھے کہ بت انکی سفارش کریں گے۔ یہ پیدا کرنے والا اور تدبیر فرمانے والا اللہ ہے جو تمہارا رب ہے سو اس کو معبود واحد جانو کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ سو کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے۔

(۴) اِلَيْهِ تَعَالٰى مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا مَصْدَرَانِ مَنْصُوْبَانِ بِفِعْلِهِمَا الْمُقَدَّرِ اِنَّهٗ بِالْكَسْرِ اِسْتِئْنَافًا وَالْفَتْحِ عَلٰى تَقْدِيْرِ اللَّامِ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ اَيْ بَدْءَهٗ بِالْاِنْشَاءِ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ بِالْبَعْثِ لِيَجْزِيَ يُثِيْبَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

(۴) اللہ کے پاس تم سب کو جانا ہے اللہ کا وعدہ سچا ہے بیشک اس نے مخلوق کو اول مرتبہ عدم سے پیدا کیا پھر مرنے کے بعد اس کو زندہ کرکے اٹھا دے گا تاکہ عوض دے ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور اچھے عمل کئے ساتھ انصاف کے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ۭ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ۝ اَيْ لِيُثِيْبَ بِسَبَبِ كُفْرِهِمْ

اور جو لوگ کافر ہوئے ان کو پینا ہے سخت گرم پانی اور ان کے لئے عذاب ہے درد ناک بسبب ان کے کفر کے۔

تشریح

(۳) تمہارا رب صرف اللہ ہے لہٰذا اُسی کے ہو کر رہو | عربی زبان میں رب کا مفہوم ہے پروردگار، مالک و آقا اور فرماں روا، یعنی اس پوری کائنات کا پیدا کرنے والا اللہ ہے اور پیدا کرنے کے بعد اس کو چلانا اور اس کی تمام تدبیر اسی کے اختیار میں ہے وہ اس پوری کائنات کا مالک اور آقا ہے اور اس کا مکمل فرماں روا ہے۔ ساری زمام اقتدار اس کے قبضہ میں ہے کائنات کے گوشے گوشے میں ہر وقت ہر گھڑی جو کچھ ہو رہا ہے براہِ راست اس کے حکم اور اجازت سے ہو رہا ہے اس نے کائنات کو پیدا کر کے چھوڑ نہیں دیا بلکہ مکمل انتظام اپنے قبضے میں رکھا ہے وہی اس کا مدبّر اور منتظم ہے اس نے چھ دنوں میں یا چھ ادوار اور مرحلوں (PERIOD) میں اپنی حکمت اور مصلحت کے تحت تدریجاً زمین و آسمان کو پیدا کیا پھر وہ اپنے تختِ سلطنت عرش پر متمکن ہوا یعنی اپنی اس لامحدود سلطنت کا ایک مرکز قرار دیکر اپنی تجلیات کو وہاں مرکوز کر دیا جہاں سے سارے عالم پر وجود اور قدرت کا فیضان ہو رہا ہے اور تدبیر امر فرمائی جا رہی ہے۔ کسی کی طاقت نہیں ہے کہ اس کے انتظام میں دخل دے سکے اس سے سفارش کر کے اس کا فیصلہ بدلوا سکے یا کسی کی قسمت بنوا سکے یا بگڑوا سکے البتہ وہ پروردگار سے درخواست اور دُعا کر سکتا ہے جس کا ماننا نہ ماننا اسکی مرضی پر ہے۔

جب وہ پروردگار اتنا بااختیار مالک و آقا ہے تو تمہارا رویہ یہ ہونا چاہیئے کہ

- اس کو پروردگار مان کر اس کے شکر گذار رہو اس سے اپنی حاجتیں طلب کرو، محبت و عقیدت کے ساتھ اسکے سامنے سر جھکاؤ۔
- جب وہی مالک و آقا ہے تو اس کے بندے اور غلام بن کر رہو اس کے سوا کسی اور کی ذہنی یا عملی غلامی قبول نہ کرو۔ اور اس کے آگے اطاعت کا رویہ اختیار کرو۔
- جب وہی فرماں روا اور حاکم ہے تو اسی کے قانون کی پیروی کرو اس کے سوا کسی اور کی حاکمیت قبول نہ کرو کیا اس کے بعد بھی تم دھیان نہ دو گے۔

(۴) آخرت کا حساب و کتاب اور جزا و سزا برحق ہے | یہ حقیقت ہے کہ اس کائنات کا خالق اور پروردگار اور مالک و آقا صرف اللہ ہے اس نے ایک خاص مقصد کے لئے انسان کو زمین پر بھیجا ہے انسان کو ایک محدود اختیار دیکر یہ دیکھنا ہے کہ وہ اپنی دنیا کی زندگی میں کیا رویہ اختیار کرتا ہے امتحان کی اس مہلت کے خاتمہ کا نام موت ہے۔ موت کے بعد انسان کا وجودِ نفسی جس کا ایک حصہ روحانی زندگی ہے اپنے رب کی طرف پلٹ کر چلا جاتا ہے اور جس طرح اس نے پیدائش کی ابتدا کی کہ جسم و روح کا تعلق قائم کیا اسی طرح وہ دوبارہ کرے گا۔ یہ اللہ کا پکا وعدہ ہے۔ حیات ثانی اس لئے ہو گی تاکہ انسان کو دنیا میں کئے ہوئے اعمال کا پورا پورا بدلہ انصاف کے ساتھ مل سکے نیک عمل کرنے والوں کو جزا اور حق سے انکار کرنے والوں کو سزا مل سکے اور سزا بھی ایسی کہ پینے کے لئے کھولتا ہوا پانی اور انکار حق کی پاداش میں دردناک سزا۔

مکمل جزا اور سزا کے لئے ایک ایسے عالم کی ضرورت ہے جو لامحدود ہو اس محدود دنیوی زندگی میں عمل کا مکمل بدلہ ممکن نہیں ہے اس لئے کہ دنیا دارالعمل ہے اور عالم آخرت دارالجزا ہے۔ یہاں بونا اور وہاں کاٹنا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّ الْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا

هُوَ	الَّذِیْ	جَعَلَ	الشَّمْسَ	ضِیَآءً	وَّ الْقَمَرَ	نُوْرًا	وَّقَدَّرَهٗ	مَنَازِلَ	لِتَعْلَمُوْا
وہ	جس نے	بنایا	سورج	جگمگاتا	اور چاند	نور (چمکتا)	اور مقرر کردیں اسکی	منزلیں	تاکہ تم جان لو

وہی ہے جس نے سورج کو جگمگاتا اور چاند کو چمکتا بنایا، اور اسکی منزلیں مقرر کردیں تاکہ تم برسوں

عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ ؕ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ یُفَصِّلُ

عَدَدَ	السِّنِیْنَ	وَالْحِسَابَ	مَا خَلَقَ	اللّٰهُ	ذٰلِكَ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	یُفَصِّلُ
گنتی	برس (جمع)	اور حساب	نہیں پیدا کیا	اللہ	یہ	مگر	حق (درست تدبیر) سے	وہ کھول کر بیان کرتا ہے

کی گنتی جان لو اور حساب، اللہ نے یہ نہیں پیدا کیا مگر درست تدبیر سے۔ وہ علم والوں کے لئے

الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝۵ اِنَّ فِی اخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ

الْاٰیٰتِ	لِقَوْمٍ + یَّعْلَمُوْنَ	اِنَّ	فِی	اخْتِلَافِ	الَّیْلِ	وَالنَّهَارِ	وَمَا	خَلَقَ
نشانیاں	علم والوں کے لئے	بیشک	میں	بدلنا	رات	اور دن	اور جو	پیدا کیا

نشانیاں کھول کر بیان کرتا ہے۔ بیشک رات اور دن کے بدلنے میں اور جو اللہ نے آسمانوں

اللّٰهُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَّقُوْنَ ۝۶

اللّٰهُ	فِی	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	لَاٰیٰتٍ	لِّقَوْمٍ + یَّتَّقُوْنَ
اللہ	میں	آسمانوں	اور زمین	نشانیاں ہیں	پرہیزگاروں کے لئے

اور زمین میں پیدا کیا (اسمیں) نشانیاں ہیں پرہیزگاروں کے لئے

۵ هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً ذَاتَ ضِیَاءٍ اَیْ نُوْرٌ وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّ قَدَّرَهٗ مِنْ حَیْثُ سَیْرِهٖ مَنَازِلَ ثَمَانِیَةَ وَعِشْرِیْنَ مَنْزِلًا فِیْ ثَمَانٍ وَعِشْرِیْنَ لَیْلَةً مِنْ كُلِّ شَهْرٍ وَیَسْتَتِرُ لَیْلَتَیْنِ اِنْ كَانَ الشَّهْرُ ثَلَاثِیْنَ یَوْمًا وَلَیْلَةً اِنْ كَانَ تِسْعَةً وَّعِشْرِیْنَ یَوْمًا لِتَعْلَمُوْا بِذٰلِكَ عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ ؕ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ الْمَذْكُوْرَ اِلَّا بِالْحَقِّ لَا عَبَثًا تَعَالٰی عَنْ ذٰلِكَ یُفَصِّلُ بِالْیَآءِ وَالنُّوْنِ یُبَیِّنُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝ یَتَدَبَّرُوْنَ

۵ اللہ وہ ذات ہے جس نے بنایا سورج کو چمکدار اور چاند کو روشن اور معین کیں اس کی سیر کے لئے اٹھائیس منزلیں کہ اٹھائیس راتوں میں ان سب میں گذرتا ہے ہر ماہ میں یہی اس کی رفتار ہے اور دو رات میں پوشیدہ رہتا ہے اگر مہینہ تیس دن کا ہو اور ایک رات اگر مہینہ انتیس دن کا ہو) تاکہ تم جانو اس کی رفتار سے شمار برسوں کے اور حساب۔

اللہ نے یہ سب تدبیر سے بنایا بے فائدہ اور فضول نہیں بنایا وہ اس سے بلند ہے۔

اللہ ظاہر فرماتا ہے اپنی آیتوں کو ان کے لئے جو سمجھتے ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۶) إِنَّ فِي اخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَّقُونَ ○ فَيُؤْمِنُونَ

(۶) بیشک رات اور دن کے مختلف ہونے میں ساتھ جانے اور آنے اور زیادہ ہونے اور کم ہونے کے اور ان چیزوں میں جو اللہ نے پیدا کیں آسمانوں میں یعنی فرشتے اور سورج اور چاند اور سیارے وغیرہ اور جو کچھ پیدا کئے زمین میں جانور اور پہاڑ اور دریا اور نہریں اور درخت وغیرہ بیشک ان سب میں اللہ کے کمال قدرت کی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو اللہ سے ڈرتے ہیں پس ایمان لاتے ہیں۔ ڈرنے والوں کو خاص ذکر فرمایا اسلئے ان نشانیوں سے انہیں کو نفع حاصل ہوتا ہے۔

تشریح

(۵) کائنات کی حکیمانہ تخلیق عقیدۂ آخرت کی دلیل ہے | اس کائنات میں ہر طرف حکمت اور گہری مقصدیت پائی جاتی ہے۔ سورج کا اُجالا، چاند کی چمک، پھر چاند کے گھٹنے بڑھنے کا ایک مقررہ حساب جو کہ برسوں اور تاریخوں کے معلوم کرنے کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اگر چاند سورج نہ ہو تو دن رات، برسوں اور قمری شمسی مہینوں کا حساب کیسے معلوم ہوگا جس کی ضرورت دنیا کے کاروبار اور شریعت کے احکام میں لازماً ہوتی ہے چاند سورج کے نکلنے اور ڈوبنے کا حساب اتنا صحیح (ACCURATE) ہے کہ ایک ہزار سال آگے کی جنتری آج مرتب کی جاسکتی ہے۔ صاف نظر آرہا ہے کہ اس کے ہر کام میں ذرّے سے لیکر آفتاب تک چھوٹی چیز سے لیکر بڑی چیز تک حکمت ہے، مصلحت ہے۔ پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ انسان کو عقل عطا فرمائے اخلاقی حس دے، ذمہ داری دے اور آزادانہ تصرف دے کے اختیارات دے اور یہ سب بے مقصد ہوں اسلئے حقیقت یہ ہے کہ

- پہلی زندگی موجود ہے تو دوسری زندگی بھی ممکن ہے۔
- انسان موجودہ زندگی میں اپنی ذمہ داری کو کس طرح ادا کرتا ہے عقل و انصاف کا تقاضہ ہے کہ اس کا حساب و کتاب ہونا چاہیئے۔
- کائنات کا پیدا کرنے والا اعلیٰ درجہ کا حکیم ہے اس سے یہ امید نہیں ہوسکتی کہ وہ حکمت و انصاف کے تقاضوں کو پورا نہ کرے۔

اب بات صرف اتنی ہے کہ انسان عقل و فکر اور صحیح استدلال کے ذریعے آخرت، زندگی بعد موت اور حساب و کتاب کو مانتا ہے یا نہیں۔ علم والوں کے لئے اللہ تعالےٰ اپنی نشانیاں کھول کھول کر پیش کر رہا ہے۔

(۶) مظاہر قدرت حقیقت کی نشاندہی کرتے ہیں | اگر انسان کے اندر طلب ہو اور وہ صحیح راستے پر چلنا چاہے اور ہر تعصب کو ایک طرف رکھ کر اللہ تعالےٰ کی دی ہوئی عقل، علم اور شعور سے کام لے تو ہر طرف بکھری ہوئی نشانیوں کے ذریعے اس حقیقت کو پا سکتا ہے کہ ان سب چیزوں کا بنانے والا اعلیٰ درجہ کا حکیم اور دانا ہے اور یہ سب کچھ اس نے خاص حکمت اور مقصد کے تحت پیدا کیا ہے۔ یہ دن و رات کا آنا، صبح و شام کا ہونا پکار پکار کر کہہ رہا ہے کہ وہی ہے، وہی ہے اور صرف وہی ہے۔ وہ یکتا ہے بے مثال لازوال ہستی جس کی عظمت و کبریائی کے روبرو انسان کو سر تسلیم خم کر دینا چاہیئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا وَرَضُوا بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَاطْمَأَنُّوا

إِنَّ	الَّذِينَ	لَا يَرْجُونَ	لِقَاءَنَا	وَرَضُوا	بِالْحَيَاةِ	الدُّنْيَا	وَاطْمَأَنُّوا
بیشک	وہ لوگ جو	امید نہیں رکھتے	ہمارا ملنا	اور وہ راضی ہوگئے	زندگی پر	دنیا	اور وہ مطمئن ہوگئے

بیشک جو لوگ ہمارے ملنے کی امید نہیں رکھتے اور وہ دنیا کی زندگی پر راضی ہوگئے اور اس پر مطمئن ہوگئے

بِهَا وَالَّذِينَ هُمْ عَنْ آيَاتِنَا غَافِلُونَ ۝٧

بِهَا	وَالَّذِينَ	هُمْ	عَنْ	آيَاتِنَا	غَافِلُونَ
اس پر	اور جو لوگ	وہ	سے	ہماری آیات	غافل (جمع)

اور جو لوگ ہماری آیتوں سے غافل ہیں۔

۷ إِنَّ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا بِالْبَعْثِ وَرَضُوا بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا بَدَلَ الْآخِرَةِ لِإِنْكَارِهِمْ لَهَا وَاطْمَأَنُّوا بِهَا سَكَنُوا إِلَيْهَا وَالَّذِينَ هُمْ عَنْ آيَاتِنَا دَلَائِلِ وَحْدَانِيَّتِنَا غَافِلُونَ ۝ تَارِكُونَ النَّظَرَ فِيهَا

۷ بیشک جو لوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں کرتے زندہ ہو کر اور وہ راضی ہوئے دنیا کی زندگی پر بعوض آخرت کے (کہ اس کا انکار کیا اور دنیا کی طرف مائل ہوئے اور اسی کے ساتھ آرام پکڑا اور وہ لوگ جو ہمارے ایک ہونے کی دلیلوں اور نشانیوں سے غافل ہیں انہیں غور اور فکر نہیں کرتے۔

تشریح

۷ دنیا اور آخرت کی صحیح بنیادوں پر تعمیر کیلئے عقیدۂ آخرت کی ضرورت | آخرت کے عقیدہ کا واضح مطلب یہ ہے کہ انسان دنیا میں صحیح یا غلط جو رویہ اختیار کریگا مرنے کے بعد اس کو اس کی جزا یا سزا ملے گی۔ اور صحیح رویہ یہ ہے کہ انسان اپنے پروردگار کی طرف سے بھیجی ہوئی ہدایت کا راستہ اختیار کرے دنیا اور آخرت دونوں میں کامیابی کے لئے آخرت کے اس عقیدے کی بنیادی اہمیت ہے۔ ہزاروں سال کا تجربہ بتاتا ہے کہ جن لوگوں نے آخرت کے عقیدے کو نظر انداز کر دیا ان کی دنیا بھی درست نہیں ہوسکی۔ انسان کے انفرادی اور اجتماعی رویے کے درست ہونے کے لئے یہ یقین انسانی سیرت میں پیوست ہونا ضروری ہے کہ ہمیں اپنے اعمال کا اپنے رب کے سامنے جواب دینا ہے اور اس کی نیت میں اخلاص ہو کہ میرا اچھا عمل میرے رب کی رضا کے لئے ہے اور برائی سے اسلئے بچنا ہے کہ میرا رب مجھ سے ناراض ہوگا۔ انسانی زندگی سے یہ شعور اور یقین اگر غائب ہو جائے یا کمزور پڑ جائے تو انسانی عمل کی گاڑی برائی کے راستے پر چل پڑتی ہے۔

منکرین آخرت کے رویے میں اگر ہمیں کہیں سچائی، امانت داری، وعدے کا پورا کرنا، رحم دلی وغیرہ اچھے اوصاف نظر آتے ہیں اگر گہرائی سے جائزہ لیں تو معلوم ہوگا کہ ان کا یہ اچھے کام کرنا مخصوص فائدوں کی وجہ سے ہے وہ فائدہ یا تو اس دنیا میں انکی ذات کو ملتا ہے یا اس سوسائٹی کو جس سے وہ تعلق رکھتے ہیں۔ اسی لئے آپ دیکھتے ہیں کہ اس قسم کی قومیں دوسروں کے معاملے میں جھوٹ، بے انصافی اور ظلم کرنے سے نہیں چوکتیں یہ قومیں دنیوی فائدے، اور نقصان سے بچنے کے لئے بیک وقت دو متضاد رویے اختیار کر لیتی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ انسان سیرت کی تعمیر کے لئے اور دنیا میں انصاف کا بول بالا کرنے کے لئے جس میں اپنے اور غیر کی کوئی تفریق نہ ہو عقیدۂ آخرت ایک ناگزیر ضرورت ہے اس لئے ارشاد باری ہے کہ جو لوگ دنیا کی زندگی پر راضی اور مطمئن ہیں اور ہماری نشانیوں سے غافل ہیں وہ دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی نقصان سے دوچار ہونگے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٨﴾ إِنَّ الَّذِينَ

أُولَٰئِكَ	مَأْوَاهُمُ	النَّارُ	بِمَا	كَانُوا + يَكْسِبُونَ	إِنَّ	الَّذِينَ
یہی لوگ	ان کا ٹھکانا	جہنم	اسکا بدلہ جو	وہ کماتے تھے	بیشک	جو لوگ

یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانا جہنم ہے، اس کا بدلہ جو وہ کماتے تھے۔ بیشک جو لوگ ایمان

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ يَهْدِيهِمْ رَبُّهُمْ بِإِيمَانِهِمْ

آمَنُوا	وَ + عَمِلُوا	الصَّالِحَاتِ	يَهْدِيهِمْ	رَبُّهُمْ	بِإِيمَانِهِمْ
ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	انہیں راہ دکھائیگا	ان کا رب	ان کے ایمان کی بدولت

لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے، ان کا رب انہیں راہ دکھائے گا ان کے ایمان کی بدولت (ایسے محلات کی)

تَجْرِي مِن تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ فِي جَنَّاتِ النَّعِيمِ ﴿٩﴾ دَعْوَاهُمْ

تَجْرِي	مِن	تَحْتِهِمُ	الْأَنْهَارُ	فِي	جَنَّاتِ	النَّعِيمِ	دَعْوَاهُمْ
بہتی ہوں گی	سے	ان کے نیچے	نہریں	میں	باغات	نعمت	ان کی دعا

ان کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی نعمت کے باغات میں۔ اس میں ان کی دعا (ہوگی)

فِيهَا سُبْحَانَكَ اللَّهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلَامٌ ۚ وَآخِرُ

فِيهَا	سُبْحَانَكَ	اللَّهُمَّ	وَ تَحِيَّتُهُمْ	فِيهَا	سَلَامٌ	وَ	آخِرُ
اس میں	پاک ہے تو	اے اللہ	اور ملاقات کے وقت کی دعا	اسمیں	سلام	اور	خاتمہ

اے اللہ تو پاک ہے اور اس میں ان کی وقت ملاقات کی دعا "سلام" ہے اور انکی دعا کا

ع ۱۰/۶ دَعْوَاهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ﴿١٠﴾

دَعْوَاهُمْ	أَنِ	الْحَمْدُ	لِلَّهِ	رَبِّ	الْعَالَمِينَ	
اُن کی دعا	کہ	تمام تعریفیں	اللہ کیلئے	رب	سارے جہان	

خاتمہ ہے کہ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو سارے جہانوں کا رب ہے

﴿٨﴾ أُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ○ مِنَ الشِّرْكِ وَالْمَعَاصِي

﴿٩﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ يَهْدِيهِمْ يَرْشُدُهُمْ رَبُّهُمْ بِإِيمَانِهِمْ بِأَنْ يَجْعَلَ لَهُمْ نُورًا يَهْتَدُونَ

﴿٨﴾ وہی لوگ ہیں کہ ان کا ٹھکانا دوزخ ہے بسبب حاصل کرنے اور کمال شرک اور گناہوں کے۔

﴿٩﴾ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور اچھے عمل کئے ان کا رب انکو راہ راست دکھادے گا بسبب ان کے ایمان کے کہ انکے لئے ایک روشنی ظاہر فرماویگا جس سے وہ قیامت میں راہ راست

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ○

(۱۰) دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

دیکھیں گے اور جنت میں بھیجے جاویں گے ان کے نیچے نہریں جاری ہونگی آرام کے باغوں میں۔

(۱۰) جس چیز کو ان کا دل چاہے گا اور اس کو طلب کرنا چاہیں گے تو یہ کہیں گے سبحانک اللھم، پاک ہے تو اے اللہ۔ پس جسوقت یہ کلمہ مقدسہ کہیں گے فوراً وہ چیز جس کی طلب ان کو ہے سامنے موجود ہو جائیگی۔ اور ان کی دعا جنت میں باہم ایک دوسرے کے لئے یہ ہے کہ کہیں گے تم پر سلامتی ہو اور آخر پکارنا ان کا یہ ہوگا کہ تمام تعریفیں کے لئے ہیں جو رب ہے تمام جہان کا۔

تشریح

(۸) منکرین آخرت کا غلط رویہ انکو جہنم میں پہنچا دیگا | آخرت کے عقیدے کا انکار کرنے والوں کا طرزِ عمل ان کو دنیا میں بھی لے ڈوبے گا اور آخرت میں ان کا ٹھکانہ جہنم ہوگا اور یہ سب ان کی برائیوں کی پاداش میں ہوگا جو وہ کرتے رہے ہیں۔

(۹) ایمان سیدھی راہ پر چلاتا ہے اور اس کا بہترین نتیجہ سامنے آئے گا | ایمان اس بات کو تسلیم کرنے اور اس عقیدے کا نام ہے کہ ہدایت کا سرچشمہ صرف اللہ تعالےٰ ہے۔ جب یہ عقیدہ نفس کے اندر پیوست ہو جاتا ہے تو انسان کی زندگی میں ایک تبدیلی اور انقلاب برپا ہو جاتا ہے۔ ایمان کی وجہ سے اس کو صحیح اور غلط، حق اور باطل میں تمیز پیدا ہوتی ہے اور وہ راہِ راست پر چلتا رہتا ہے۔ آخرت میں اس کا نتیجہ اس بہترین شکل میں سامنے آئے گا کہ اس کو وہ نعمت بھری جنت ملے گی جس کے نیچے نہریں بہتی ہونگی۔

○ قرآن مجید میں جگہ جگہ ایمان کے ساتھ عمل صالح کا لفظ ساتھ ساتھ آیا ہے جس طرح جسمانی زندگی میں غذا کا اصل فائدہ جب ہوتا ہے جب وہ ہضم ہو کر خون بنے اور وہ خون جسم کے ہر حصے میں پہونچ کر قوت و طاقت دے اسی طرح اخلاقی زندگی میں بھی صحیح عقیدہ اور ایمان جب ہی نتائج پیدا کرتا ہے کہ اس عقیدے کے ذریعے عمل و کردار کی طاقت حاصل ہو اور وہ عمل نہ صرف عبادات بلکہ اخلاق، معاشرت، معیشت اور جملہ معاملات میں سرایت کر کے پوری انسانی زندگی کو بندگی کے سانچے میں ڈھالدے۔

(۱۰) جنت میں زندگی کا نقشہ کیسا ہوگا | ایمان اور عمل صالح کے نتیجے میں دنیا کے دارالامتحان سے کامیاب ہو کر نکلنے کے بعد جب انسان نعمت بھری جنت میں پہونچے گا تو دنیا میں ایمان اور عمل صالح کے نتیجے میں اس کے فکر میں جو بلندی اور اخلاق کی فضیلت اور سیرت و کردار کی پاکیزگی حاصل ہوئی وہ جنت کے پاکیزہ ماحول میں اور زیادہ نکھر کر سامنے آئے گی۔ ان کے وہ بہترین اوصاف جو دنیا میں عمل صالح کے نتیجے میں پروان چڑھے تھے اپنی پوری شان کے ساتھ جلوہ گر ہونگے۔ جنت والوں کا بہترین مشغلہ اللہ تعالےٰ کی حمد و تقدیس ہوگا جس کے وہ دنیا میں بھی خوگر تھے۔ جنت والوں کی سوسائٹی میں ایک دوسرے کی سلامتی کا وہی بہترین جذبہ کارفرما ہوگا جو دنیا میں ان کے معاشرے کی روح تھا۔ ان کی زبانوں پر سلام و سلامتی ہوگی۔ ان کی ہر بات کا خاتمہ اللہ رب العالمین کی حمد و ستائش پر ہوگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ

وَلَوْ	يُعَجِّلُ	اللّٰهُ	لِلنَّاسِ	الشَّرَّ	اسْتِعْجَالَهُمْ	بِالْخَيْرِ	لَقُضِيَ	اِلَيْهِمْ	اَجَلُهُمْ
اور اگر	جلد بھیجدیتا	اللہ	لوگوں کو	برائی	اور جلد چاہتے ہیں	بھلائی	تو پھر ہو چکی ہوتی	انکی طرف	انکی عمر کی میعاد

اور اگر اللہ لوگوں کو جلد برائی بھیجتا جیسے وہ جلد بھلائی چاہتے ہیں تو پوری ہو چکی ہوتی انکی عمر کی میعاد

فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَاِذَا

فَنَذَرُ	الَّذِيْنَ	لَا يَرْجُوْنَ	لِقَآءَنَا	فِيْ	طُغْيَانِهِمْ	يَعْمَهُوْنَ	وَ	اِذَا
پس ہم چھوڑ دیتے ہیں	وہ لوگ جو	وہ امید نہیں رکھتے	ہماری ملاقات	میں	انکی سرکشی	وہ بہکتے ہیں	اور	جب

پس ہم ان لوگوں کو سرکشی میں بہکتے چھوڑ دیتے ہیں جو ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے۔ اور جب

مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا

مَسَّ	الْاِنْسَانَ	الضُّرُّ	دَعَانَا	لِجَنْۢبِهٖۤ	اَوْ	قَاعِدًا	اَوْ	قَآئِمًا	فَلَمَّا
پہنچتی ہے	انسان	تکلیف	وہ ہمیں پکارتا ہے	اپنے پہلو پر (لیٹا ہوا)	یا (اور)	بیٹھا ہوا	یا (اور)	کھڑا ہوا	پھر جب

انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو وہ لیٹا ہوا، اور بیٹھا ہوا اور کھڑا ہوا ہمیں پکارتا ہے۔ پھر جب

كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَاۤ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ

كَشَفْنَا	عَنْهُ	ضُرَّهٗ	مَرَّ	كَاَنْ	لَّمْ يَدْعُنَاۤ	اِلٰى	ضُرٍّ	مَّسَّهٗ	كَذٰلِكَ	زُيِّنَ
ہم دور کردیں	اس سے	اسکی تکلیف	چل پڑا	گویا کہ	ہمیں پکارا نہ تھا	کسی	تکلیف	اسے پہنچی	اسی طرح	بھلا کر دکھایا

ہم دور کردیں اس سے اسکی تکلیف تو (یوں) چل پڑا گویا کہ کسی تکلیف میں جو اسے پہنچی اس نے ہمیں پکارا ہی نہ تھا۔ اسی طرح حد سے بڑھنے

لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲﴾

لِلْمُسْرِفِيْنَ	مَا	كَانُوْا + يَعْمَلُوْنَ
حد سے بڑھنے والوں کو	جو	وہ کرتے تھے (انکے کام)

والوں کو بھلا کر دکھایا جو کام وہ کرتے تھے۔

(۱۱) وَنَزَلَ لَمَّا اسْتَعْجَلَ الْمُشْرِكُوْنَ الْعَذَابَ وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ اَيْ كَاسْتِعْجَالِهِمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ بِالْبِنَاءِ لِلْمَفْعُوْلِ وَالْفَاعِلِ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ بِالرَّفْعِ وَالنَّصْبِ بِاَنْ يُهْلِكَهُمْ وَلٰكِنْ يُمْهِلُهُمْ فَنَذَرُ نَتْرُكُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ

(۱۱) وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الخ اور اگر جلدی بھیجے اللہ لوگوں کو برائی جیسے کہ وہ جلد طلب کرتے ہیں بھلائی کو تو پوری ہو جائے انکی مدت یعنی ان کو ہلاک کر ڈالے ولیکن ان کو مہلت دیتا ہے پس ہم چھوڑتے ہیں ان لوگوں کو جو ہم سے ملنے کی امید نہیں کرتے اسکی سرکشی میں کہ وہ حیران ہیں اس میں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ○ يَتَرَدَّدُوْنَ مُتَحَيِّرِيْنَ

(۱۲) وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الْكَافِرَ الضُّرُّ الْمَرَضُ وَالْفَقْرُ دَعَانَا لِجَنْبِهٖ اَيْ مُضْطَجِعًا اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا اَيْ فِيْ كُلِّ حَالٍ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ عَلٰى كُفْرِهٖ كَاَنْ مُخَفَّفَةٌ وَاِسْمُهَا مَحْذُوْفٌ اَيْ كَاَنَّهٗ لَمْ يَدْعُنَا اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ كَذٰلِكَ كَمَا زُيِّنَ لَهُ الدُّعَآءُ عِنْدَ الضُّرِّ وَالْاِعْرَاضُ عِنْدَ الرَّخَآءِ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ الْمُشْرِكِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○

(۱۲) اور جب انسان کافر کو بیماری اور افلاس لاحق ہوتا ہے تو ہر حال میں ہم کو پکارتا ہے لیٹے ہوئے یا بیٹھے ہوئے یا کھڑے ہو کر۔ پھر جب اس سے بیماری اور افلاس دُور کر دیتے ہیں تو اپنے اسی انکار اور کفر پر رہتا ہے گویا کہ اس نے ہم کو کسی بیماری اور افلاس کے دور کرنے کے لئے جو اس کو پہنچا نہیں پکارا۔ جسطرح کافر کو یہ امر اچھا کر دیا گیا کہ وہ بیماری وغیرہ میں تو ہم کو پکارتا ہے اور خوشحالی میں منہ پھیرتا ہے اسی لئے مشرکین کو انکے عمل اچھے کر کے دکھائے گئے، کہ وہ ان سے خوش ہیں۔

تشریح

(۱۱) اللہ تعالیٰ مجرموں کو ڈھیل دیتا ہے | اللہ تعالیٰ کا دستور یہ ہے کہ اپنے بندوں پر رحم و کرم کرنے میں جتنی جلدی کرتا ہے ان کو پکڑنے اور سزا دینے میں اتنی ہی دیر کرتا ہے اور ڈھیل دیتا ہے حالانکہ بعض اوقات انسان اپنی بے وقوفی میں کہہ بھی اٹھتا ہے کہ جس عذاب کی دھمکی دیتے ہو وہ آ کیوں نہیں جاتا۔ مگر اللہ تعالیٰ کی حکمت اور مصلحت یہی ہے کہ لوگوں کو موقع دیا جائے تاکہ اس ڈھیل سے نیک لوگوں کو نصیحت حاصل ہو ان کی تربیت ہو اور بدکار اپنی غفلت میں پڑ کر پاپ کا گھڑا بھر لیں اور انکی شرارت کی سزا ان کو مل جائے۔

(۱۲) جب انسان مصیبت میں گھر جاتا ہے تو رب کو یاد کرتا ہے | کیونکہ اللہ کی ربوبیت انسان کی فطرت میں داخل ہے اس لئے جب وہ مصیبت میں گھرتا ہے تو پروردگار کو یاد کرتا ہے۔

ان آیات کے نزول کے زمانے میں مکے میں سخت قحط پڑا تھا۔ قحط اتنا شدید تھا کہ مکّے کے لوگ چلّا اٹھے تھے بتوں کے بجائے اللہ کے سامنے دعائیں اور زاریاں کرتے تھے۔ اسی زمانے میں ابوسفیان نے نبی ﷺ کی خدمت میں آکر درخواست کی کہ آپ اس مصیبت کو دور کرنے کے لئے اللہ سے دعا فرمائیں۔ مگر جب وہ قحط دور ہو گیا بارشیں ہونے لگیں، خوش حالی کا دَور آگیا تو پھر وہی سرکشیاں بداعمالیاں اور اللہ کے دین کے خلاف سرگرمیاں شروع ہو گئیں۔

یہ انسان بڑا عجیب ہے مصیبت ٹل جاتی ہے تو ایسا لگتا ہے کہ اس نے برے وقت میں کبھی رب کو پکارا ہی نہیں تھا۔ راحت کے دور میں مصیبت کو بھول جاتا ہے۔ یہی وہ پھن ہیں اور یہی وہ غفلت ہے جس کی وجہ سے قوموں پر عذاب آتا ہے۔

حد سے بڑھنے والوں کے لئے دنیا کے اعمال خوشنما بنا دئے گئے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ہمیشہ سب اسی طرح ٹھیک ٹھاک رہے گا اور ہم جو چاہیں گے کرتے رہیں گے۔ مگر اللہ تعالیٰ کا دستور یہ ہے کہ وہ زیادہ دیر تک اس دنیا میں فتنہ فساد کو برداشت نہیں کرتا۔ ورنہ دنیا کا یہ نظام تباہ و برباد ہو جائے اور اللہ کے بندوں کے لئے سانس لینا مشکل ہو جائے

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ

وَلَقَدْ + اَهْلَكْنَا	الْقُرُوْنَ	مِنْ	قَبْلِكُمْ	لَمَّا	ظَلَمُوْا	وَجَآءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ
اور ہم نے ہلاک کر دیا	اُمتیں	سے	تم سے پہلے	جب	انہوں نے ظلم کیا	اور انکے پاس آئے	اُنکے رسول

اور ہم نے تم سے پہلے کئی امتیں ہلاک کر دیں جب انہوں نے ظلم کیا اور ان کے پاس آئے

بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ⑬

بِالْبَيِّنٰتِ	وَمَا	كَانُوْا + لِيُؤْمِنُوْا	كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الْقَوْمَ	الْمُجْرِمِيْنَ
کھلی نشانیوں کے ساتھ	اور نہ	ایمان لاتے نہ تھے	اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں	قوم	مجرموں کی

انکے رسول کھلی نشانیوں کے ساتھ، وہ ایمان نہ لاتے تھے اسی طرح ہم مجرموں کی قوم کو بدلہ دیتے ہیں۔

⑬ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُمَمَ مِنْ قَبْلِكُمْ يَا اَهْلَ مَكَّةَ لَمَّا ظَلَمُوْا بِالشِّرْكِ وَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ الدَّالَّاتِ عَلٰى صِدْقِهِمْ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا عَطْفٌ عَلٰى ظَلَمُوْا كَذٰلِكَ كَمَا اَهْلَكْنَا اُولٰٓئِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ الْكَافِرِيْنَ۔

⑬ اور البتہ ہم نے ہلاک کیا اے اہل مکہ تم سے پہلی امتوں کو جبکہ انہوں نے ناانصافی سے شرک کیا اور بیشک ان کے پیغمبر ان کے پاس ظاہر دلیلیں اپنے سچے ہونے کی لائے اور وہ کفار نہیں ہیں ایمان لانے والے، جسطرح ہم نے انکو ہلاک کیا اسی طرح جزا دیتے ہیں قوم کافر کو۔

تشریح

⑬ تاریخ ظالموں کا انجام بیان کرتی ہے | ہر دور میں ایسی ایسی قومیں گذری ہیں جو اپنے وقت میں بام عروج پر تھیں لیکن جب ان قوموں نے ظلم کی روش اختیار کی تو ان کو ان کے ظلم کی سزا مل کر رہی کیونکہ اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم کو کسی حال میں برداشت نہیں کرتے۔ ایک ظالم سب سے پہلے اپنے پروردگار کا حق سلب کرتا ہے کیونکہ پروردگار کا حق یہی ہے کہ اس کی فرماں برداری کی جائے ظالم نافرمانی کرکے اللہ کے حق کو پامال کرتا ہے۔ ظالم اپنے ظلم میں جن جن چیزوں کو اور اپنے وسائل کو استعمال کرتا ہے وہ ان پر بھی ظلم کرتا ہے۔ کیونکہ یہ کائنات اللہ کی ملکیت ہے اور اس پر اپنے اختیارات کا استعمال اللہ کی مرضی کے خلاف نہیں کیا جاسکتا اس لئے ظالم اپنے ظلم سے ان تمام وسائل پر ظلم کرتا ہے جو اس نے اپنے ظلم کے سلسلے میں استعمال کئے ہیں۔ ایک ظالم اپنی ذات پر بھی ظلم کرتا ہے کیونکہ انسان کا اپنی ذات پر یہ حق ہے کہ وہ فرماں برداری کرکے اپنے آپ کو تباہی سے بچائے۔ اللہ تعالیٰ اسی لئے رسولوں کو بھیجتا ہے جو انسانوں کے پاس کھلی کھلی نشانیاں لے کر آتے ہیں مگر جب انسان کسی طرح اپنی روش بدلنے کے لئے تیار نہیں ہوتا تو پھر اللہ تعالیٰ مجرموں کو ان کے جرم کا بدلہ دے کر رہتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ

ثُمَّ	جَعَلْنٰكُمْ	خَلٰٓئِفَ	فِي	الْاَرْضِ	مِنْ + بَعْدِ	هِمْ لِنَنْظُرَ
پھر	ہم نے بنایا تمہیں	جانشین	میں	زمین	ان کے بعد	تاکہ ہم دیکھیں

پھر ہم نے تمہیں زمین میں ان کے بعد جانشین بنایا تاکہ ہم دیکھیں تم

كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا

كَيْفَ	تَعْمَلُوْنَ	وَ	اِذَا	تُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	اٰيَاتُنَا
کیسے	تم کام کرتے ہو	اور	جب	پڑھی جاتی ہیں	اُن پر (انکے سامنے)	ہماری آیات

کیسے کام کرتے ہو۔ اور جب پڑھی جاتی ہیں ان کے سامنے ہماری واضح

بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ

بَيِّنٰتٍ	قَالَ	الَّذِيْنَ	لَا يَرْجُوْنَ	لِقَآءَنَا	ائْتِ	بِقُرْاٰنٍ
واضح	کہتے ہیں	وہ لوگ جو	امید نہیں رکھتے	ہم سے ملنے کی	لے آ	کوئی قرآن

آیتیں تو جو لوگ ہم سے ملنے کی اُمید نہیں رکھتے وہ کہتے ہیں، اس کے علاوہ کوئی اور

غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ

غَيْرِ + هٰذَآ	اَوْ	بَدِّلْهُ	قُلْ	مَا + يَكُوْنُ	لِيْٓ	اَنْ
اس کے علاوہ	یا	بدل دو	آپ کہدیں	نہیں ہے	میرے لئے	کہ

قرآن لے آؤ یا اسے بدل دو، آپ کہدیں میرے لئے (روا) نہیں ہے کہ میں

اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ

اُبَدِّلَهٗ	مِنْ	تِلْقَآئِ	نَفْسِيْ	اِنْ + اَتَّبِعُ	اِلَّا مَا	يُوْحٰٓى اِلَيَّ
اسے بدلوں	سے	جانب	اپنی	میں نہیں پیروی کرتا	مگر جو	وحی کیجاتی ہے میری طرف

اپنی جانب سے بدلوں، میں پیروی نہیں کرتا مگر (اسکی) جو میری طرف وحی کیا جاتا ہے

اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵﴾

اِنِّيْٓ	اَخَافُ	اِنْ	عَصَيْتُ	رَبِّيْ	عَذَابَ	يَوْمٍ	عَظِيْمٍ
بیشک میں	ڈرتا ہوں	اگر	میں نے نافرمانی کی	اپنا رب	عذاب	دن	بڑا

اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱۴) ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ○ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ○ هُوَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ

(۱۴) پھر ہم نے تم کو اے اہل مکہ ان کے بعد زمین میں خلیفہ بنایا تھا تاکہ ہم دیکھیں کہ تم زمین میں کیا عمل کرتے ہو اور آیا تم انکے حال سے عبرت پکڑتے ہو یا نہیں تاکہ نصیحت سنکر ہمارے پیغمبروں کو سچا سمجھو

(۱۵) اور جب ان پر ہماری آیتیں ظاہر یعنی قرآن پڑھا جاتا ہے تو جو لوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے مرنے کے بعد جینے اور اٹھنے سے نہیں ڈرتے وہ کہتے ہیں کہ لا تو کوئی دوسرا قرآن سوا اس قرآن کے جسمیں ہمارے بتوں کے عیب بیان نہ ہوں یا اس کو بدل دے اپنے جی سے تم اے محمدؐ ان سے کہدو کہ مجھ کو یہ لائق نہیں کہ قرآن کو بدل دوں اپنے جی سے میں اسی کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف وحی کی گئی۔ اگر میں اپنے رب کے حکم کے خلاف قرآن کو بدل دوں تو میں قیامت کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔

تشریح

(۱۴) پچھلی قوموں کی ناکارگی کے بعد اب تمہارے امتحان کی باری ہے | اے عرب کے لوگو اب اللہ نے تمہارے درمیان پیغمبر آخر الزماں حضرت محمدؐ کو پیغمبر بنا کر بھیجا ہے اور اب تمہیں خلافت کی ذمہ داریوں کے ادا کرنے کا موقع ملا ہے۔ اب دیکھتے ہیں کہ تم کہاں تک خالق و مخلوق کے حقوق کو پہچانتے ہو پچھلی قوموں کی تاریخ سے سبق لو اور وہ غلطیاں نہ کرو جس کی وجہ سے وہ تباہی کے انجام کو پہنچ چکی ہیں۔

(۱۵) قرآن کی دعوت۔ مکمل تابعداری | قرآن کی دعوت یہ ہے کہ پوری زندگی میں، زندگی کی ہر حرکت میں اور ہر گوشۂ حیات میں اس ضابطہ کی مکمل فرمانبرداری کیجائے جو انسانوں کے رب کی طرف سے اس کے پیغمبروں کے ذریعے انسانوں کی طرف بھیجا جارہا ہے۔ اس دعوت میں کسی کتر بیونت کی اور کمی بیشی کی کسی طرح کی لچک اور ڈھیل کی کوئی گنجائش نہیں ہے سیدھی سی بات ہے ماننا ہے تو پوری دعوت کو مانو پورے کے پورے دین میں داخل ہو جاؤ۔ نہیں ماننا ہے تو مت مانو یہاں آدھے تیتر آدھے بٹیر کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اس واضح اور صاف دوٹوک اعلان کے باوجود جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کی دعوت پیش کرتے تھے اور اس کی آیتیں پڑھ کر سناتے تھے تو جن آیتوں میں ہلکی پھلکی نصیحتیں ہوتی تھیں ان کو تو یہ ٹھنڈے پیٹوں برداشت کر لیتے تھے اور جہاں کہیں انکے بنیادی عقیدوں پر ضرب پڑتی تھی اور اپنے مفادات کی قربانی دینی پڑتی تھی تو تلملا جاتے تھے اور کہتے تھے کہ آپ یا تو کوئی دوسرا قرآن لے آئیں یا اس قرآن میں کچھ لچک پیدا کردیں جس سے آپ کی بات بھی رہ جائے اور ہمارا کام بھی بن جائے کچھ لے دے کا معاملہ ہو کر بیچ کا راستہ نکل آئے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے پیغمبر ان سے صاف صاف کہہ دو کہ میں اپنی طرف سے اللہ کے کلام میں اور اس کی دعوت میں کوئی تبدیلی نہیں کرسکتا تمہاری طرح میں بھی اسی کے احکام کی پیروی پر مامور ہوں مجھے کسی ردوبدل کا کوئی اختیار نہیں ہے قبول کرنا ہو تو اس پورے دین کو جوں کا توں قبول کرلو، اگر میں اس کے خلاف کروں گا تو مجھے بھی اللہ کے عذاب کا ایسا ہی ڈر ہے جیسے دوسرے تمام انسانوں کو ہے اسلئے میں خود بھی پابند ہوں اور تمہیں بھی ان ضابطوں کا پابند ہونا پڑے گا۔ آج بھی رواداری اور باہمی اتحاد اور اتفاق اور مشترک بنیادوں کی تلاش کے خوبصورت عنوانات سے یہ پرانے مطالبات پرانی شراب نئی بوتل کے انداز میں سامنے آتے رہتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۖ

قُلْ	لَوْ	شَآءَ	اللّٰهُ	مَا تَلَوْتُهٗ	عَلَيْكُمْ	وَ	لَآ اَدْرٰىكُمْ	بِهٖ
آپ کہدیں	اگر	چاہتا	اللہ	نہ پڑھتا میں اسے	تم پر	اور	نہ خبر دیتا تمہیں	اسکی

آپ کہہ دیں اگر اللہ چاہتا تو میں اُسے تم پر (تمہارے سامنے) نہ پڑھتا اور نہ تمہیں اس کی خبر دیتا

فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۱۶

فَقَدْ	لَبِثْتُ	فِيْكُمْ	عُمُرًا	مِّنْ قَبْلِهٖ	اَفَلَا	تَعْقِلُوْنَ
تحقیق	میں رہ چکا ہوں	تم میں	ایک عمر	اس سے پہلے	سو کیا نہ	عقل سے کام لیتے

میں اس سے پہلے تم میں ایک عمر رہ چکا ہوں سو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے ؟

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ

فَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى	اللّٰهِ	كَذِبًا	اَوْ	كَذَّبَ
سو کون	بڑا ظالم	اس سے جو	باندھے	پر	اللہ	جھوٹ	یا	جھٹلائے

سو اس سے بڑا ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے ؟ یا اس کی آیتوں کو

بِاٰيٰتِهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ۝۱۷ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ

بِاٰيٰتِهٖ	اِنَّهٗ	لَا يُفْلِحُ	الْمُجْرِمُوْنَ	وَ	يَعْبُدُوْنَ	مِنْ
اسکی آیتوں کو	بیشک وہ	فلاح نہیں پاتے	مجرم (جمع)	اور	وہ پوجتے ہیں	سے

جھٹلائے۔ بیشک مجرم فلاح (دو جہان کی کامیابی) نہیں پاتے۔ اور وہ اللہ کے سوا انہیں پوجتے

دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ

دُوْنِ	اللّٰهِ	مَا	لَا يَضُرُّهُمْ	وَلَا يَنْفَعُهُمْ	وَ	يَقُوْلُوْنَ	هٰٓؤُلَآءِ
سوا	اللہ	جو	نہ ضرر پہنچا سکے انہیں	اور نہ نفع دے سکے انہیں	اور	وہ کہتے ہیں	یہ سب

ہیں جو انہیں نہ ضرر پہنچا سکیں اور نہ نفع دے سکیں اور وہ کہتے ہیں یہ سب

شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ قُلْ اَتُنَبِّـُٔوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ

شُفَعَآؤُنَا	عِنْدَ اللّٰهِ	قُلْ	اَتُنَبِّـُٔوْنَ	اللّٰهَ	بِمَا	لَا يَعْلَمُ	فِي السَّمٰوٰتِ
ہمارے سفارشی	اللہ کے پاس	آپ کہدیں	کیا تم خبر دیتے ہو	اللہ	اسکی جو	وہ نہیں جانتا	آسمانوں میں

اللہ کے پاس ہمارے سفارشی ہیں۔ آپ کہدیں کیا تم اللہ کو اس کی خبر دیتے ہو جو وہ نہیں جانتا آسمانوں میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۸﴾

وَلَا	فِي	الْأَرْضِ	سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا	يُشْرِكُوْنَ
اور نہ	میں	زمین	وہ پاک ہے	اور بالا تر	اس سے جو	وہ شرک کرتے ہیں۔

اور نہ زمین میں، وہ پاک ہے اور وہ بالا تر ہے اس سے جو وہ شرک کرتے ہیں۔

﴿۱۶﴾ قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ۚ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶﴾

﴿۱۶﴾ کہدو اگر اللہ چاہتا تو میں اسکو تم پر نہ پڑھتا اور اللہ تم کو اس کا علم نہ دیتا اور نہ سکھلاتا اور ایک قراءۃ میں لَاَدْرَاکُمْ ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ اگر اللہ کو منظور ہوتا تو کسی دوسرے شخص کی زبانی تم کو اسکی اطلاع دیتا۔ پس بلاشبہ میں تم میں اس سے پہلے چالیس برس رہا ہوں کبھی کوئی بات تم سے اس قسم کی نہ کہتا تھا اگر میں اپنے جی کہتا تو اسوقت بھی تم سے کہا کرتا پس کیا تم نہیں سمجھتے کہ یہ میری جانب سے نہیں۔

﴿۱۷﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۚ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۷﴾

﴿۱۷﴾ سو اس سے زیادہ کوئی ناانصاف نہیں جو اللہ پر بہتان اور جھوٹ باندھے یعنی اس کا شریک بنادے یا اسکی آیتوں یعنی قرآن کو جھٹلادے بیشک بات یہ ہے کہ مشرکوں کی قسمت میں سعادت وفلاح نہیں۔

﴿۱۸﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ قُلْ اَتُنَبِّـُٔوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۸﴾

﴿۱۸﴾ اور یہ مشرکین اللہ کے سوا ان بتوں کو پوجتے ہیں کہ اگر ان کو نہ پوجیں تو وہ کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتے اور اگر ان کو پوجیں تو کچھ نفع نہیں دے سکتے۔ اور ان بتوں کے بارے میں کہتے ہیں کہ یہ ہمارے سفارشی ہیں نزدیک اللہ کے ان سے کہدو کیا تم بتلاتے ہو اللہ کو وہ چیز کہ وہ نہیں جانتا اسکو آسمانوں میں اور نہ زمین میں یعنی اگر اللہ کے کوئی شریک ہوتا تو وہ اس کو جانتا کہ اس پر کوئی چیز مخفی نہیں وہ پاک اور بلند ہے اس کے ساتھ کسی کو شریک بنانے سے۔

تشریح

﴿۱۶﴾ قرآن اللہ کا کلام۔ حضرت محمد اللہ کے سچے رسول ہیں | حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ نبوت سے پہلے کی چالیس سالہ زندگی ایک کھلی کتاب کیطرح لوگوں کے سامنے تھی وہیں پلے بڑھے جوان ہوئے اور ادھیڑ عمر کو پہنچے اس چالیس سالہ زندگی میں آپ کی دو باتیں سب کے سامنے انتہائی نمایاں ہیں ایک تو یہ کہ آپ اُمّی محض تھے۔ آپ نے کسی سے لکھنا پڑھنا نہیں سیکھا کسی کی تعلیم وتربیت میں نہیں رہے اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس پوری چالیس سالہ زندگی میں کسی نے آپکی زبان سے حکمت و دانش اور علم کی کوئی ایسی بات نہیں سنی جو آپؐ کی موجودہ علوم کی تمہید کہی جا سکے کیا یہ ممکن ہے کہ چالیس سال کے بعد آپؐ کی زبانِ مبارک سے علم و حکمت کے وہ چشمے پھوٹ پڑیں جس کو سنکر دنیا کے علماء و عقلاء اور حکماء حیران و ششدر رہ جائیں۔ اچانک آپؐ کی زبان سے وہ شاندار کلام نکلنے لگے کہ دنیا بھر کے ادیب اس کا جواب لانے سے عاجز رہ جائیں یہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ قرآن آپ کی تصنیف نہیں ہے بلکہ اللہ کا کلام ہے جو آپ کی زبان سے جاری ہوا۔ آپؐ کا علم کسبی نہیں جو آپنے کسی دوسرے سے حاصل کیا ہو بلکہ آپکا علم وہبی ہے، اللہ کا عطیہ ہے۔ اللہ نے آپؐ کے سینے کو دنیا بھر کے علوم سے مالا مال کر دیا اُوْتِیْتُ عِلْمَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ مجھے اگلوں اور پچھلوں کے تمام علوم عطا کر دئے گئے۔

دوسری چیز جو آئینہ کی طرح سب کے سامنے تھی کہ اس چالیس سالہ زندگی میں کبھی کسی نے آپکی زبان مبارک سے کبھی کوئی جھوٹ بات نہیں سُنی۔ دیانت و امانت، اخلاق و مروت، ہمدردی و محبت آپکی زندگی کی وہ نمایاں خوبیاں تھیں جس سے مکہ کا بچہ بچہ واقف تھا۔ نبوت سے پانچ سال پہلے ہی کی تو بات ہے آپکی عمر صرف پینتیس ۳۵ سال تھی کعبہ کی تعمیر کے وقت حجر اسود کو نصب کرنیکے معاملے میں قریش کے مختلف خاندان آپس میں جھگڑ پڑے تھے اور یہ طے ہوا تھا کہ کل جو شخص سب سے پہلے باب بنی شیبہ سے حرم میں داخل ہوگا وہ ہمارے معاملے کا فیصلہ کرے گا اور ہم سب اس کے ماننے کے پابند ہونگے۔ اگلی صبح تمام قبیلوں کے لوگ اپنے اپنے سرداروں کے ساتھ حرم میں جمع تھے سب کی نگاہیں بنی شیبہ کے دروازے پر لگی تھیں دیکھو کون آتا ہے؟ صفا کی پہاڑیوں کے پیچھے سے صبح کے سورج نے حرم میں جھانکا تو سب نے دیکھا کہ باب بنی شیبہ سے ایک اور سورج نکل رہا ہے وہ جس کی امانت، صداقت اور انصاف پسندی کے ترانے ہر ایک کے لبوں پر تھے، خوشی کے نعروں سے حرم کے در و دیوار گونج اٹھے۔ هٰذَا الْاَمِیْنُ رَضِیْنَا، هٰذَا مُحَمَّدٌ یہ سچے آدمی ہیں یہ محمدؐ ہیں ہم انکے فیصلے پر راضی ہیں (معیارِ انسانیت ص ۸۲ م ۸۳) اس واقعے نے آپکی امانت و صداقت پر سب کی شہادت ثبت کر دی۔ جس شخص نے تمام عمر کبھی کوئی جھوٹ بات زبان سے نہ نکالی ہو آج وہ اتنا بڑا جھوٹ کیسے گھڑ سکتا ہے کہ یہ دعویٰ کر بیٹھے کہ مجھے اللہ نے اپنا رسول مقرر کیا ہے اور مجھ پر اپنا کلام اتارا ہے۔ اسلئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے پیغمبر آپ صاف کہدیں کہ میں جو کچھ کر رہا ہوں اللہ کی مرضی سے کر رہا ہوں اگر وہ چاہتا اور اسکی مشیت یہی ہوتی تو میں تمہیں قرآن کبھی نہ سناتا بلکہ تمہیں اسکی خبر بھی نہ دیتا کیا تم اتنی بات بھی نہیں سمجھتے آخر نبوت کے دعوے سے پہلے میں چالیس سال تمہارے درمیان گذار چکا ہوں بتاؤ کیا کبھی تم نے کوئی جھوٹ بات میری زبان سے سُنی؟۔

(۱۷) جھوٹے کو کبھی حقیقی فلاح حاصل نہیں ہو سکتی | کیونکہ اللہ تعالیٰ نے یہ دنیا امتحان اور آزمائش کے لئے بنائی ہے اور انسان کو علم و فہم اور عقل و دانش سے نوازا ہے کہ وہ ان چیزوں سے کام لیکر سچ اور جھوٹ میں فرق کرے اور حقیقت تک رسائی حاصل کرے اسلئے ایسا ہوتا ہے کہ مجرم اور جھوٹے لوگ بظاہر دنیا میں پنپتے نظر آتے ہیں لیکن یہ ان کی چمک دمک اس کھوٹے زیور کی طرح ہوتی ہے جو بظاہر تو نگاہوں کو خیرہ کرتا ہے لیکن حقیقت شناس نظریں ظاہری چمک دمک سے دھوکہ نہیں کھاتیں اور کھرے کھوٹے کو پہچان لیتی ہیں اسلئے کامیابی اور فلاح جس کو حقیقت میں سچی کامیابی اور حقیقی فلاح کہا جائے کبھی بھی جھوٹ کو حاصل نہیں ہوتی۔ اسلئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو ایک جھوٹ بات گھڑے اور اس کو اللہ کی طرف منسوب کر دے اور کہہ دے کہ میں اللہ کا رسول ہوں یا مجھ پر اللہ نے اپنا کلام اتارا ہے جیسے جھوٹے مدعیانِ نبوت کیا کرتے ہیں۔

اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو جانتا ہے کہ یہ واقعی اللہ کا کلام ہے اور اس کی آیات ہیں پھر بھی انکو جھٹلائے اور ماننے سے انکار کر دے جیسا کہ یہ مخالفین کر رہے ہیں۔ یقیناً مجرم اور جھوٹے لوگ کبھی فلاح یاب نہیں ہو سکتے۔ سچ کا بول بالا اور جھوٹے کا منہ کالا ہو کر رہے گا۔

(۱۸) بُت پرستی بے اصل ہے | اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر بتوں کی اور دوسری چیزوں کی پرستش کرنے والے ان چیزوں کی پرستش کرتے ہیں جنمیں نفع اور نقصان کسی چیز کی طاقت نہیں ہے اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ بھلا تم ان چیزوں کو کیونکر معبود بناتے ہو جو نفع نقصان کہیں کی مالک نہیں ہے نہ سُن سکتے ہیں نہ بول سکتے ہیں نہ حرکت کر سکتے ہیں تو جواب دیتے ہیں کہ اصل میں یہ چیزیں بذاتِ خود کچھ نہیں ہیں بلکہ ان دیوی دیوتاؤں کا ایک نشان اور علامت ہے جو اس تیرے پروردگار کے یہاں ہماری سفارش کرینگے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے پیغمبر ان سے یہ کہو کہ یہ وہ بات ہے جس کا کوئی وجود نہیں ہے تم سے کس نے کہا کہ یہ سفارشی بنیں گے جبکہ زمین و آسمان میں کہیں بھی ان سفارشیوں کا کوئی وجود نہیں ہے اللہ تعالیٰ یکتا و بے مثال ہیں اسکے ساتھ کوئی ساجھی اور شریک نہیں ہے اسکی مقدس ہستی شرک کی نجاست سے پاک و صاف ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ

وَمَا كَانَ	النَّاسُ	إِلَّا	أُمَّةً	وَّاحِدَةً	فَاخْتَلَفُوْا	وَلَوْ	لَا	كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ
اور نہ تھے	لوگ	مگر	اُمت	واحد	پھر انہوں نے اختلاف کیا	اور اگر	نہ	بات	پہلے ہو چکی

اور لوگ نہ تھے مگر اُمت واحد پھر انہوں نے اختلاف کیا، اور اگر تیرے رب کی طرف سے پہلے

مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٩﴾

مِنْ	رَّبِّكَ	لَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	فِيْمَا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	
سے	تیرا رب	تو فیصلہ ہو جاتا	انکے درمیان	اسمیں جو	اس میں	وہ اختلاف کرتے ہیں	

بات نہ ہو چکی ہوتی تو فیصلہ ہو جاتا ان کے درمیان (اس بات کا) جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔

﴿١٩﴾ وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً وَّاحِدَةً عَلٰى دِيْنٍ وَّاحِدٍ وَهُوَ الْاِسْلَامُ مِنْ لَدُنْ اٰدَمَ اِلٰى نُوْحٍ وَقِيْلَ مِنْ عَهْدِ اِبْرَاهِيْمَ اِلٰى عَمْرِو بْنِ لُحَيٍّ فَاخْتَلَفُوْا بِاَنْ ثَبَتَ بَعْضٌ وَكَفَرَ بَعْضٌ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ بِتَاْخِيْرِ الْجَزَاءِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ اَيِ النَّاسِ فِي الدُّنْيَا فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○ مِنَ الدِّيْنِ بِتَعْذِيْبِ الْكَافِرِيْنَ۔

﴿١٩﴾ اور نہیں تھے آدمی مگر ایک جماعت ایک مذہب پر یعنی (سب آدمی اسلام پر تھے آدم علیہ السلام کے زمانے سے نوح علیہ السلام کے زمانہ تک اور بعض نے کہا کہ مراد یہ ہے کہ زمانہ ابراہیم علیہ السلام سے عمرو بن لحی کے وقت تک پس پس وہ مختلف ہوئے اسطرح کہ بعض اسلام پر ثابت رہے اور بعض کافر ہو گئے اور تیرے رب کے نزدیک یہ بات قرار نہ پا چکی کہ قیامت تک ان سے عذاب مؤخر کیا جائیگا تو دنیا میں ہی لوگوں کے درمیان فیصلہ ہو جاتا اس امر میں کہ جسمیں یہ اختلاف کر رہے ہیں دین و ملت کے بارے میں (فیصلہ یہ ہو جاتا کہ کافروں پر عذاب نازل ہو جاتا اور وہ ہلاک کر دیئے جاتے)

تشریح

﴿١٩﴾ مذہبوں کا اختلاف بعد کی پیداوار ہے پہلے تمام انسانوں کا مذہب ایک تھا | دین اسلام جس چیز کا نام ہے وہ یہ ہے کہ آپ اللہ کی ذات وصفات پر اس طرح ایمان لاتے ہیں جس طرح مطلوب ہے اور اس کے ساتھ کسی بھی سعی کو کسی بھی طرح شریک اور ساجھی نہیں کرتے اسکو اسلام کی اصطلاح میں توحید کہتے ہیں۔ توحید کا عقیدہ ایک فطری اور سائیکفک عقیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نظر نہیں آتے مگر یہ ماننا پڑتا ہے کہ وہ موجود ہے۔ توحید کو دل سے تسلیم کر لینے کے بعد دوسرا مقام آتا ہے کہ اب ہم کیا کریں کس طرح زندگی گذاریں اسکے لئے اللہ تعالیٰ نے ابتدائے آفرینش سے یہ طریقہ رکھا ہے کہ اسکے پیغمبر آتے ہیں اور سیدھے راستے کی راہنمائی کرتے ہیں۔ اس طرح انسانی زندگی کا آغاز علم کی روشنی میں ہوا ہے نہ کہ جہالت کے اندھیرے میں۔ اسلئے ابتداء سے انسان کا مذہب اسلام تھا اور تمام انسان ملکر ایک امت تھے پھر بعد میں لوگوں نے اپنے جائز حق سے بڑھ کر فائدے حاصل کرنے اور ایک دوسرے پر زیادتی کرنے کیلئے نئے نئے مذہب گھڑ لئے اور اسطرح ایک مذہب کی بجائے بہت سارے نئے نئے مذہب بنتے چلے گئے جسمیں ہر مذہب والا اپنے ہی مذہب کو حق سمجھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ چاہتے تو حقیقت سے پردہ اٹھا سکتے تھے مگر یہ فیصلہ پہلے ہی ہو چکا تھا کہ حق بے نقاب ہو کر سامنے آجائے۔ دنیوی زندگی میں ایسا نہیں ہوگا کیونکہ دنیا کی یہ زندگی امتحان اور آزمائش کی ہے اور یہاں سارا امتحان اس کا ہے کہ تم حق کو دیکھے بغیر عقل وشعور سے پہچانتے ہو یا نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ

وَيَقُوْلُوْنَ	لَوْلَآ اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ	مِّنْ ۔ رَّبِّهٖ	فَقُلْ	اِنَّمَا	الْغَيْبُ
اور وہ کہتے ہیں	اگر۔کیوں نہ اتری	اس پر	کوئی نشانی	ان کے رب سے	تو کہدیں	اسکے سوا نہیں	غیب

اور وہ کہتے ہیں اس کے رب کی طرف سے اس پر کوئی نشانی کیوں نہ اتری؟ تو آپؐ کہدیں اسکے سوا نہیں کہ

ع ۲ ۱۷ لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝۲۰ ع

لِلّٰهِ	فَانْتَظِرُوْا	اِنِّيْ	مَعَكُمْ	مِّنَ	الْمُنْتَظِرِيْنَ	
اللہ کیلئے	سو تم انتظار کرو	میں	تمہارے ساتھ	سے	انتظار کرنے والے	

غیب اللہ کے لئے ہے سو تم انتظار کرو میں (بھی) تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں سے ہوں۔

(۲۰) وَيَقُوْلُوْنَ اَیْ اَهْلُ مَكَّةَ لَوْلَآ هَلَّآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ عَلٰى مُحَمَّدٍ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ كَمَا كَانَ لِلْاَنْبِيَآءِ مِنَ النَّاقَةِ وَالْعَصَا وَالْيَدِ فَقُلْ لَهُمْ اِنَّمَا الْغَيْبُ مَا غَابَ عَنِ الْعِبَادِ اَیْ اَمْرُهٗ لِلّٰهِ وَمِنْهُ الْاٰيَاتُ فَلَآ اٰيَاتِيْ بِهَآ اِلَّا هُوَ وَاِنَّمَا عَلَيَّ التَّبْلِيْغُ فَانْتَظِرُوْا الْعَذَابَ اِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ۝

(۲۰) اور مکہ والے کہتے ہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کوئی ایسی نشانی کیوں نہ اتاری گئی ان کے رب کی طرف سے جیسے دوسرے پیغمبروں پر اتاری گئی مثل ناقہ صالح کے اور موسیٰ کے عصا اور ید بیضا کے۔ پس تم ان سے کہدو کہ جو چیزیں بندوں سے غائب ہیں ان کا اختیار اللہ کو ہے۔ نشانیوں کا لانا بھی اسی کے قبضہ میں ہے اس کے سوا کوئی نہیں لا سکتا اور میرا کام صرف پہنچا دینا ہے تو اگر تم ایمان نہیں لاتے تو عذاب کے منتظر رہو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والا ہوں۔

تشریح

(۲۰) نبی کی صداقت پر نشانی کا بیجا مطالبہ | اللہ تعالیٰ جب کسی کو پیغمبر مقرر کرتے ہیں تو اسکے سچے ہونے کو اپنی نشانیوں سے ثابت کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا پیغمبر مقرر فرمایا تو ان کی صداقت اور اللہ کا سچا نبی ہونا خود اُن کی زندگی سے ظاہر تھا۔ اس کے علاوہ جو بے نظیر کلام ان پر نازل فرمایا وہ ان کی صداقت کی روشن دلیل تھا اسکے بعد ہر دن کسی نئی نشانی کا مطالبہ باطنی خباثت کے سوا کچھ نہ تھا اور وہ باتیں جن کو اللہ تعالیٰ غیب کے پردے میں مستور رکھنا چاہتا تھا وہ اس کو ظاہر کرے یا نہ کرے یہ اس کی حکمت اور مصلحت ہے پیغمبر کا اختیار نہیں ہے کہ وہ اپنی مرضی سے جو چاہے کر سکے اس لئے فرمایا کہ جو قبول حق کے لئے حق و صداقت کی نشانیاں ہیں وہ تو تمہارے سامنے آچکی ہیں۔ باقی غیب کی باتوں پر میرا کوئی اختیار نہیں ہے اگر انہیں کے انتظار میں بیٹھنا ہے تو بیٹھے رہو میں بھی انتظار کرتا ہوں دیکھئے میں تمہاری ضد پوری ہوتی ہے یا نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَإِذَآ أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِىٓ ءَايَاتِنَا ۚ

وَاِذَآ	اَذَقْنَا	النَّاسَ	رَحْمَةً	مِّنْۢ بَعْدِ	ضَرَّآءَ	مَسَّتْهُمْ	اِذَا	لَهُمْ	مَّكْرٌ	فِىْٓ اٰيَاتِنَا
اور جب	ہم چکھائیں	لوگ	رحمت	بعد	تکلیف	انہیں پہنچی	اسوقت	انکے لئے	حیلہ	ہماری آیات میں

اور جب ہم چکھائیں لوگوں کو رحمت (کا مزہ) ایک تکلیف کے بعد جو انہیں پہنچی تھی تو اسی وقت وہ ہماری آیات میں

قُلِ ٱللَّهُ أَسْرَعُ مَكْرًا ۚ إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ ﴿٢١﴾

قُلِ	اللّٰهُ	اَسْرَعُ	مَكْرًا	اِنَّ	رُسُلَنَا	يَكْتُبُوْنَ	مَا تَمْكُرُوْنَ	
آپ کہدیں	اللہ	سب سے جلد	خفیہ تدبیر	بیشک	ہمارے فرشتے	وہ لکھتے ہیں	جو تم حیلہ سازی کرتے ہو	

حیلہ (بنانے لگیں) آپ کہدیں اللہ سب سے جلد خفیہ تدبیر (بنا سکتا ہے) بیشک تم جو حیلہ سازی کرتے ہو ہمارے فرشتے لکھتے ہیں۔

﴿٢١﴾ وَإِذَآ أَذَقْنَا النَّاسَ اَیْ کُفَّارَ مَکَّةَ رَحْمَةً مَطَرًا وَخِصْبًا مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ بُؤْسٍ وَجَدْبٍ مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِىٓ ءَايَاتِنَا بِالْاِسْتِهْزَاءِ وَالتَّكْذِيبِ قُلِ لَهُمُ اللّٰهُ أَسْرَعُ مَكْرًا مُجَازَاةً إِنَّ رُسُلَنَا الْحَفَظَةَ يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ ○ بِالتَّاءِ وَالْيَاءِ

﴿٢١﴾ وَإِذَآ أَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمُ الخ اور جبکہ ہم کفار مکہ کو بارش اور ارزانی دینے کے بعد سختی اور قحط کے جو اُن کو پہنچا تھا، ناگاہ وہ ہماری آیتوں میں مکر اور فریب کرتے ہیں، ساتھ استہزاء کرنے اور جھٹلانے کے۔ ان سے کہہ دو کہ اللہ بہت جلد تمہارے فریب کا بدلہ دیوے گا۔ بیشک ہمارے فرشتے جو حفاظت و نگہبانی اعمال کے لئے ہم نے بھیجے ہیں لکھتے رہتے ہیں جو تم مکر کرتے ہو

تشریح

﴿٢١﴾ کیا اتنی بڑی مصیبت ٹلنے کے بعد تمہیں کسی اور نشانی کی ضرورت ہے۔ اگر ایسا ہے تو آخر وقت کا انتظار کرو کچھ عرصہ پہلے ہی کی بات ہے کہ مکہ والے شدید قحط میں مبتلا ہو گئے تھے ہر طرف سے مایوس ہونے کے بعد ابوسفیان حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور آپ سے درخواست کی کہ اس مصیبت کو دور کرنے کے لئے آپ اللہ سے دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا قبول فرمائی۔ بارشیں ہونے لگیں قحط دور ہو گیا اور خوشحالی کا دور آ گیا۔ اس مصیبت کے ٹلنے کے بعد جہاں سے چلے تھے پھر وہیں آئے اور نشانیوں کی فرمائش ہونے لگی اس پر اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ لوگوں کا عجیب حال ہے زحمت کے بعد جب رحمت کا وقت آتا ہے تو پھر وہی باتیں شروع کر دیتے ہیں کہ کوئی ایسی نشانی آجائے جس سے سچائی کا پتہ لگے تو ہم اس کو قبول کر لیں۔ یہ نشانیوں کی فرمائش ایک مکارانہ چال ہے۔ اے پیغمبر آپ ان سے کہہ دیں کہ اللہ تعالیٰ کی تدبیریں تم سے کہیں آگے ہیں۔ اگر تم حقیقت کو نہیں مانتے اور اپنا رویہ درست نہیں کرتے تو اللہ تعالیٰ تمہیں دنیا میں چھوٹ دیتا رہیگا اور اس درمیان جو کچھ تم کرو گے اللہ کے فرشتے اس کا ریکارڈ تیار کرتے رہیں گے یہاں تک کہ اچانک موت تمہارے سامنے کھڑی ہو گی اور تمہیں اپنے کرتوتوں کا حساب دینا ہو گا۔ اس وقت کا انتظار کرو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

هُوَ الَّذِیْ یُسَیِّرُكُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ حَتّٰۤی اِذَا كُنْتُمْ فِی الْفُلْكِ ۚ وَ

هُوَ	الَّذِیْ	یُسَیِّرُكُمْ	فِی	الْبَرِّ	وَالْبَحْرِ	حَتّٰۤی	اِذَا	كُنْتُمْ	فِی	الْفُلْكِ	وَ
وہی	جو کہ	تمہیں چلاتا ہے	میں	خشکی	اور دریا	یہاں تک	جب	تم ہو	میں	کشتی	اور

وہی ہے جو تمہیں چلاتا ہے خشکی میں اور دریا میں، یہاں تک کہ جب تم کشتی میں ہو اور

جَرَیْنَ بِهِمْ بِرِیْحٍ طَیِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا جَآءَتْهَا رِیْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ

جَرَیْنَ	بِهِمْ	بِرِیْحٍ	طَیِّبَةٍ	وَّفَرِحُوْا	بِهَا	جَآءَتْهَا	رِیْحٌ	عَاصِفٌ	وَّجَآءَهُمُ
وہ چلیں	انکے ساتھ	ہوا کیساتھ	پاکیزہ	اور وہ خوش ہوئے	اس سے	اس پر آئی	ایک ہوا	تند و تیز	اور آئی

وہ ان کے ساتھ (انہیں لیکر) پاکیزہ ہوا کے ساتھ چلیں، اور وہ اس سے خوش ہوئے، اس (کشتی) پر ایک تند و تیز ہوا آئی اور ان

هُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ اُحِیْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا

هُمُ	الْمَوْجُ	مِنْ	كُلِّ + مَكَانٍ	وَّظَنُّوْۤا	اَنَّهُمْ	اُحِیْطَ	بِهِمْ	دَعَوُا
ان پر	موج	سے	ہر جگہ (ہر طرف)	اور انہوں نے جان لیا	کہ وہ	گھیر لیا گیا	انہیں	وہ پکارنے لگے

پر ہر طرف سے موجیں آگئیں اور انہوں نے جان لیا کہ انہیں گھیر لیا گیا ہے وہ اللہ کو پکارنے

اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ۚ۬ لَئِنْ اَنْجَیْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ

اللّٰهَ	مُخْلِصِیْنَ	لَهُ	الدِّیْنَ	لَئِنْ	اَنْجَیْتَنَا	مِنْ	هٰذِهٖ
اللہ	خالص ہوکر	اسکے	دین (بندگی)	البتہ اگر	تو نجات دے ہمیں	سے	اس

لگے اس کی بندگی میں خالص ہوکر کہ اگر تو نے ہمیں اس سے نجات دے دی تو ہم

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ﴿۲۲﴾

لَنَكُوْنَنَّ	مِنَ	الشّٰكِرِیْنَ
تو ہم ضرور ہونگے	سے	شکر گذار (جمع)

ضرور تیرے شکر گذاروں میں سے ہوں گے۔

﴿۲۲﴾ هُوَ الَّذِیْ یُسَیِّرُكُمْ وَفِیْ قِرَاءَةٍ یُنْشُرُكُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ حَتّٰۤی اِذَا كُنْتُمْ فِی الْفُلْكِ ۚ وَالسُّفُنِ وَجَرَیْنَ بِهِمْ فِیْهِ الْتِفَاتٌ عَنِ الْخِطَابِ بِرِیْحٍ

﴿۲۲﴾ اللہ وہ ہے جو تم کو چلاتا ہے خشکی اور دریا میں۔ (ایک قرأت میں بجائے یُسَیِّرُکُمْ کے یُنْشُرُکُمْ ہے یعنی تم کو پھیلاتا ہے) یہاں تک کہ جب تم کشتیوں میں ہوتے ہو اور وہ کشتیاں انکو لے کر چلتی ہیں ساتھ نرم ہوا کے اور اس سے خوش ہوتے ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

طَيِّبَةٍ بِهِمْ وَفَرِحُوا بِهَا جَاءَتْهَا رِيحٌ عَاصِفٌ وَجَاءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ لَئِنْ أَنْجَيْتَنَا مِنْ هَٰذِهِ لَنَكُونَنَّ مِنَ الشَّاكِرِينَ ○ الْمُوَحِّدِينَ

کہ آجاتی ہے ان کشتیوں پر ہوا سخت تیز چلنے والی کہ ہر چیز کو توڑ ڈالتی ہے اور ان پر ہر جانب سے موج اور طغیانی دریا کی آجاتی ہے اور وہ یقین کر لیتے ہیں کہ اب ہم نہ بچیں گے ہلاک ہو جاویں گے اس وقت اللہ سے اخلاص نیت سے دعا کرتے ہیں اور خاص اسی کو پکارتے ہیں کہ البتہ اگر تو ہم کو نجات دیوے ان ہولوں سے تو بلاشبہ ہم تیرے شکر گزار اور تجھ کو واحد و یکتا جاننے والے ہو جاوینگے۔

تشریح

(۲۲) ایک نشانی جو خود انسان کے اندر موجود ہے ..... آفاق میں ہر طرف اللہ کی نشانیاں بکھری ہوئی ہیں جو پکار پکار کر کہہ رہی ہیں کہ انسان کا معبود ایک اللہ کے سوا کوئی اور نہیں ہو سکتا۔

؎ ہر گیا ہے کہ از زمیں روید ❊ وحدہٗ لاشریک می گوید

گھاس کا ایک پتہ بھی زمین سے اگتا ہے وحدہٗ لاشریک کہتا ہوا آتا ہے۔ آفاق کی طرح انفس یعنی خود انسان کے نفس میں ایک بڑی نشانی موجود ہے وہ یہ کہ انسان جب ہر طرف سے مایوس ہو جاتا ہے اسوقت اللہ کے سوا کوئی سہارا نظر نہیں آتا اور وہ بے اختیار ہو کر اُسی کو پکارتا ہے۔

ابوجہل کے بیٹے عکرمہؓ کا واقعہ ہے کہ ۸ھ میں جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ فتح کیا تو عکرمہ جدہ کی طرف بھاگ گئے اور وہاں سے حبشہ جانے کے لئے ایک کشتی میں سوار ہوئے۔ راستہ میں کشتی طوفان میں گھر گئی سارے مسافر پہلے تو اپنے اپنے عقیدے کے مطابق دیوی دیوتاؤں کو پکارتے رہے مگر جب یقین ہو گیا کہ ہم بچ نہیں سکتے تو مسافروں نے بے اختیار ہو کر اللہ سے مدد مانگنی شروع کی۔ یہ ایک لمحہ عکرمہ کی زندگی میں انقلاب برپا کر گیا اس کے دل کی دنیا الٹ پلٹ ہو گئی اور وہ سوچنے لگا کہ اگر یہاں اللہ کے سوا کوئی مددگار نہیں ہے تو کہیں بھی اس کے سوا کوئی مدد کرنے والا نہیں ہو سکتا۔ یہی بات تو ہے جو اللہ کا وہ نیک بندہ ہمیں سمجھاتا رہا ہے۔ انہوں نے عہد کر لیا کہ اگر وہ طوفان سے صحیح سلامت بچ گئے تو اس شخص کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دیکر اللہ کے دین کی پناہ میں آجائیں گے۔ عکرمہ سمندر کے طوفان سے بچ گئے لیکن دل میں جو طوفان برپا ہوا تھا اس سے اپنے آپ کو نہ بچا سکے۔ یہ دراصل فطرت کی پکار تھی جس کو عکرمہ کے دل کے کانوں نے سُنا اور اس کی صداقت کو محسوس کیا۔

اسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ :-

"وہ اللہ ہی تو ہے جو خشکی اور تری میں تمہیں سیر کراتا ہے۔ تم خوش خوش کشتیوں میں جا رہے ہوتے ہو۔ اچانک تمہیں طوفان گھیر لیتا ہے۔ اور جب تم ہر طرف سے مایوس ہو جاتے ہو اور صرف اللہ کے سامنے تمہارے ہاتھ اُٹھ جاتے ہیں کہ اگر ہم اس مصیبت سے بچ گئے تو اللہ کے شکر گزار بندے بن کر رہیں گے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ

فَلَمَّآ	اَنْجٰىهُمْ	اِذَا	هُمْ	يَبْغُوْنَ	فِى	الْاَرْضِ	بِغَيْرِ + الْحَقِّ
پھر جب	انہیں نجات دیدی	اسوقت	وہ	سرکشی کرنے لگے	میں	زمین	ناحق

پھر جب میں نے انہیں نجات دیدی اس وقت وہ زمین میں ناحق سرکشی کرنے لگے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ

يٰٓاَيُّهَا + النَّاسُ	اِنَّمَا	بَغْيُكُمْ	عَلٰٓى	اَنْفُسِكُمْ	مَّتَاعَ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا
اے لوگو	اسکے سوانہیں	تمہاری شرارت	پر	تمہاری جانیں	فائدے	زندگی	دنیا

اے لوگو! اس کے سوانہیں کہ تمہاری شرارت (کا وبال) تمہاری جانوں پر ہے، دنیا کی زندگی کے فائدے (چند روزہ ہیں)

ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۳﴾

ثُمَّ	اِلَيْنَا	مَرْجِعُكُمْ	فَنُنَبِّئُكُمْ	بِمَا	كُنْتُمْ + تَعْمَلُوْنَ
پھر	ہماری طرف	تمہیں لوٹنا	پھر ہم بتلادینگے تمہیں	وہ جو	تم کرتے تھے

پھر تمہیں ہماری طرف لوٹنا ہے۔ پھر ہم تمہیں بتلادیں گے وہ جو تم کرتے تھے۔

﴿۲۲﴾ فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ بِالشِّرْكِ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ ظُلْمُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۙ لِاَنَّ اِثْمَهٗ عَلَيْهَا هُوَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ تَمَتَّعُوْنَ فِيْهَا قَلِيْلًا ۚ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ بَعْدَ الْمَوْتِ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ فَنُجَازِيْكُمْ عَلَيْهِ وَفِىْ قِرَاءَةٍ بِنَصْبِ مَتَاعٍ اَىْ تَتَمَتَّعُوْنَ ۔

﴿۲۲﴾ پھر جب ان کو اللہ نے نجات دی ناگاہ وہ زمین میں ناحق فساد پھیلاتے ہیں اور شرک کرتے ہیں۔ اے لوگو یہ تمہارا ظلم تمہاری جانوں پر ہی ہے کیونکہ وبال اور گناہ اس کا تم پر ہی ہے۔ یہ دنیا کی زندگی کا نفع ہے چند دنوں تم دنیا میں نفع اٹھاؤ گے پھر بعد مرنے کے تمہارا رجوع ہماری طرف ہے۔ سو ہم تم کو خبر دیں گے جو تم کرتے تھے پھر اس کا بدلہ تم کو دیں گے۔

تشریح

﴿۲۳﴾ دنیا چند روزہ ہے پھر پلٹ کر اللہ کی طرف جانا ہے | مصیبت کے بعد جب راحت کا دور آتا ہے تو انسان ساری مصیبت کو بھول کر پھر وہی پرانا رویہ اختیار کرلیتا ہے لیکن حق و صداقت کے ساتھ اسکی سرکشی خود انسان کے اپنے ہی خلاف ہے کیونکہ دنیا چند روزہ ہے یہاں چند دن کے مزے لوٹ کر پھر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اپنے اعمال کا نتیجہ بھگتنے کے واسطے اللہ کے پاس جانا ہے اور اس وقت سب کچھ سامنے آجائے گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ أَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ

إِنَّمَا	مَثَلُ	الْحَيٰوةِ + الدُّنْيَا	كَمَآءٍ	أَنْزَلْنٰهُ	مِنَ	السَّمَآءِ	فَاخْتَلَطَ	بِهٖ
اسکے سوا نہیں	مثال	دنیا کی زندگی	جیسے پانی	ہم نے اسے اُتارا	سے	آسمان	ملا جلا نکلا	اس سے

اس کے سوا نہیں کہ دنیا کی زندگی کی مثال پانی جیسی ہے ہم نے اسے اُتارا آسمان سے تو اس سے زمین کا سبزہ ملا

نَبَاتُ الْأَرْضِ مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ ۖ حَتّٰٓى إِذَآ

نَبَاتُ + الْأَرْضِ	مِمَّا	يَأْكُلُ	النَّاسُ	وَ	الْأَنْعَامُ	حَتّٰٓى	إِذَآ
زمین کا سبزہ	جس سے	کھاتے ہیں	لوگ	اور	چوپائے	یہانتک کہ	جب

جُلا نکلا جس سے لوگ اور چوپائے کھاتے ہیں یہاں تک کہ جب زمین

أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَآ

أَخَذَتِ	الْأَرْضُ	زُخْرُفَهَا	وَازَّيَّنَتْ	وَظَنَّ	أَهْلُهَآ
پکڑلی	زمین	اپنی رونق	اور مزین ہوگئی	اور خیال کیا	زمین والے

نے اپنی رونق پکڑلی اور وہ مزین ہو گئی اور زمین والوں نے خیال کیا کہ

أَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ أَتٰهَآ أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا

أَنَّهُمْ	قٰدِرُوْنَ	عَلَيْهَآ	أَتٰهَآ	أَمْرُنَا	لَيْلًا	أَوْ نَهَارًا	فَجَعَلْنٰهَا
کہ وہ	قدرت رکھتے ہیں	اس پر	آیا	ہمارا حکم	رات میں	یا دن کے وقت	تو ہم نے کردیا

وہ اس پر قدرت رکھتے ہیں تو (اچانک) ہمارا حکم رات میں یا دن کے وقت آیا تو ہم نے اُسے

حَصِيْدًا كَأَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ ۚ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ

حَصِيْدًا	كَأَنْ	لَّمْ + تَغْنَ	بِالْأَمْسِ	كَذٰلِكَ	نُفَصِّلُ
کٹا ہوا ڈھیر	گویا کہ	وہ نہ تھی	کل	اسی طرح	ہم کھول کر بیان کرتے ہیں

کٹا ہوا ڈھیر کردیا گویا کہ وہ کل تھی ہی نہیں۔ اسی طرح ہم آیتیں کھول کر بیان

الْآيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾

الْآيٰتِ	لِقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ
• آیتیں	لوگوں کے لئے	جو غور و فکر کرتے ہیں۔

کرتے ہیں ان لوگوں کے لئے جو غور و فکر کرتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۲۴) اِنَّمَا مَثَلُ صِفَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
كَمَآءٍ مَطَرٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ
السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ بِسَبَبِهٖ
نَبَاتُ الْاَرْضِ وَاشْتَبَكَ بَعْضُهٗ
بِبَعْضٍ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ مِنَ
الْبُرِّ وَالشَّعِيْرِ وَغَيْرِهِمَا وَ
الْاَنْعَامُ ط مِنَ الْكَلَاءِ حَتّٰٓى
اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا
بَهْجَتَهَا مِنَ النَّبَاتِ وَازَّيَّنَتْ
بِالزَّهْرِ وَاَصْلُهٗ تَزَيَّنَتْ اُبْدِلَتِ
التَّاءُ زَايًا وَ اُدْغِمَتْ فِى الزَّاىِ
ثُمَّ اجْتُلِبَتْ هَمْزَةُ الْوَصْلِ وَظَنَّ
اَهْلُهَا اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَا
مُتَمَكِّنُوْنَ مِنْ تَحْصِيْلِ ثِمَارِهَا
اَتٰىهَآ اَمْرُنَا قَضَاءُنَا اَوْ
عَذَابُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا
فَجَعَلْنٰهَا اَىْ زَرْعَهَا حَصِيْدًا
كَالْمَحْصُوْدِ بِالْمَنَاجِلِ كَاَنْ لَّمْ تُغْنَ
اَىْ كَاَنَّهَا لَمْ تَغْنَ تَكُنْ بِالْاَمْسِ
كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ نُبَيِّنُ الْاٰيٰتِ
لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ○

(۲۴) بات یہ ہے کہ مثال دنیا کی زندگی کی ایسی ہے کہ جیسے ہم نے آسمان سے پانی برسایا پس اس کے سبب سے زمین میں سبزہ بکثرت جما اور طرح طرح کے اناج جیسے گیہوں، جَو وغیرہ جنکو آدمی کھاتے ہیں اور بھُس جس کو جانور کھاتے ہیں اس سے پیدا ہوئے یہاں تک کہ زمین میں خوب رونق سبزیوں اور کھیتی کی ہوگئی اور پھول وکلی سے زمین مزین ہوگئی اور اس زمین کے مالکوں کو یقین ہوگیا کہ بیشک ہم میں قدرت ہے اس کے پھلوں کے توڑنے اور کھیتی کاٹنے کی اب ہم اس کو کاٹ لاویں گے۔ ابھی کاٹنے نہ پائے تھے کہ اس پر ہمارا حکم اور عذاب آگیا رات میں یا دن میں سو کر دیا ہم نے اس کی کھیتی کو صاف جیسے درانتی سے کٹی ہوئی گویا کہ وہ کل کچھ بھی نہ تھی کبھی اس زمین میں کھیتی ہوئی نہ گئی تھی۔ ہم اسی طرح اپنی نشانیاں ظاہر کرتے ہیں ان لوگوں کے لئے جو فکر کرتے ہیں

تشریح

(۲۴) دنیا کی زندگی کی ایک مثال | دنیا کی زندگی کیسی ناپائدار اور ناقابل اعتبار ہے اس کو اللہ تعالیٰ ایک مثال سے سمجھاتے ہیں فرمایا کہ دیکھو دنیا کی زندگی کی مثال ایسی ہے جیسے ہم نے آسمان سے پانی برسایا تو زمین کی پیداوار جسے آدمی اور جانور سب کھاتے ہیں خوب سرسبز وشاداب ہوگئی۔ جب کھیتیاں اپنی پوری بہار پر تھیں اور کسان اُن سے فائدہ اٹھانے کے لئے تیار بیٹھے تھے کہ اچانک رات کو یا دن کو طوفان آیا اور وہی کھیت جو پوری بہار پر تھے ایسے ہوگئے جیسے یہاں کبھی کچھ تھا ہی نہیں۔

بس دنیا کی زندگی اسی طرح ہے کہ جب انسان کامیابی کی چوٹی پر پہنچتا ہے اور سمجھتا ہے کہ میری منزل مجھے مل گئی تو اچانک موت کا طوفان آتا ہے اور سب کیا دھرا ختم ہوجاتا ہے۔

اللہ تعالیٰ اسی طرح اپنی نشانیاں کھول کھول کر بیان کرتے ہیں تاکہ سوچنے والے سوچیں ــــ!

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ۭ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ

وَاللّٰهُ	يَدْعُوْٓا	اِلٰى	دَارِ السَّلٰمِ	وَيَهْدِيْ	مَنْ + يَّشَاۗءُ	اِلٰى	صِرَاطٍ
اور اللہ	بلاتا ہے	طرف	سلامتی کا گھر	اور ہدایت دیتا ہے	جسے وہ چاہے	طرف	راستہ

اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے اور جسے چاہے سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتا ہے

مُّسْتَقِيْمٍ ۝۲۵ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ۭ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ

مُّسْتَقِيْمٍ	لِلَّذِيْنَ	اَحْسَنُوا	الْحُسْنٰى	وَزِيَادَةٌ	وَلَا يَرْهَقُ	وُجُوْهَهُمْ
سیدھا	وہ لوگ جو کہ	انہوں نے بھلائی کی	بھلائی ہے	اور زیادہ	اور نہ چڑھے گی	انکے چہرے

جن لوگوں نے بھلائی کی ان کے لئے بھلائی ہے اور (اس سے بھی) زیادہ، اور ان کے چہروں پر نہ سیاہی

قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝۲۶

قَتَرٌ	وَّلَا ذِلَّةٌ	اُولٰۗىِٕكَ	اَصْحٰبُ + الْجَنَّةِ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ
سیاہی	اور نہ ذلت	وہی لوگ	جنت والے	وہ سب	اسمیں	ہمیشہ رہیں گے

چڑھے گی اور نہ ذلت، وہی لوگ جنت والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

(۲۵) وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ اَيِ السَّلَامَةِ وَهِيَ الْجَنَّةُ بِالدُّعَاءِ اِلَى الْاِيْمَانِ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ هِدَايَتَهٗ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ دِيْنِ الْاِسْلَامِ

(۲۶) لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْاِيْمَانِ الْحُسْنٰى الْجَنَّةُ وَزِيَادَةٌ هِيَ النَّظَرُ اِلَيْهِ تَعَالٰى كَمَا فِيْ حَدِيْثِ مُسْلِمٍ وَلَا يَرْهَقُ بِمَعْنٰى وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ سَوَادٌ وَّلَا ذِلَّةٌ مَكَابَدَةٌ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○

(۲۵) اور اللہ بلاتا ہے طرف سلامتی کے گھر کے یعنی جنت کے بایں طور کہ ایمان کی طرف بلاتا ہے پس جو ایمان لاوے وہ داخل جنت ہو اور ہدایت کرتا ہے جسکو چاہتا ہے مذہب اسلام کیطرف سے۔

(۲۶) جن لوگوں نے بھلائی کی یعنی ایمان لائے انکے لئے جنت ہے اور زیادتی۔ یعنی نظر کرنا طرف اللہ جل وعلیٰ کے جیسا کہ مسلم کی حدیث میں ہے اور نہ ان کے چہرے سیاہ ہونگے اور نہ انکو کوئی تکلیف اور سختی اور رسوائی پیش آئیگی یہی لوگ ہیں جنکی یہ جنت میں ہمیشہ رہینگے۔

تشریح

(۲۵) انسان کی منزل جنت ہے جو اللہ کی رضا کا تحفہ ہے۔ اللہ نے انسان کو دنیا میں بھیجا ہے تاکہ وہ اپنی مرضی سے اللہ کی مرضی کے مطابق زندگی بسر کرے اگر وہ اس طریقے کے مطابق زندگی گذاریگا تو اللہ تعالیٰ اس سے راضی اور خوش ہونگے اور اس کی رضا کا نام جنت ہے جو سلامتی اور امن کا گھر ہے جہاں کے رہنے والے ہر طرح کے رنج وغم دکھ اور پریشانی سے محفوظ ہونگے فرشتے اور خود اللہ تعالیٰ جنت کے باسیوں کو سلام کے تحفے دیں گے۔ جب انسان اللہ کی رضا پر چلنا چاہتا ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اسکو سیدھا راستہ دکھاتے ہیں جو جنت کیطرف لیجانے والا ہے، ہدایت اللہ کے اختیار میں ہے لیکن ہدایت ملتی اسی کو ہے جو ہدایت لینا چاہتا ہے، اللہ تعالیٰ کسی پر زبردستی ہدایت تھوپتے نہیں ہیں۔

(۲۶) نیک عمل والوں کو اللہ تعالیٰ بہترین بدلہ اور اپنا دیدار نصیب فرمائیں گے۔ جو شخص اللہ کی ہدایت کے راستے پر چلتے ہوئے اسکے بتائے ہوئے طریقے پر اخلاص کیساتھ نیک عمل کریگا اللہ تعالیٰ اسکو آخرت میں بہترین بدلہ عطا فرمائیں گے اور صرف بدلہ ہی نہیں بلکہ مزید انعامات سے بھی نوازا جائیگا جنت میں سب سے بڑا انعام اللہ کا دیدار ہوگا جس کی لذت ناقابل بیان ہوگی جنت والوں کے چہرے منور و روشن ہونگے ان پر ذلت و سیاہی نہ ہوگی جنت والے جنت میں ہمیشہ رہیں گے ان کو وہاں سے کبھی نکالا نہ جائے گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ مَا لَهُمْ

وَالَّذِيْنَ	كَسَبُوا	السَّيِّاٰتِ	جَزَآءُ	سَيِّئَةٍ	بِمِثْلِهَا	وَتَرْهَقُهُمْ	ذِلَّةٌ	مَا لَهُمْ
اور وہ لوگ جو	انہوں نے کمائیں	برائیاں	بدلہ	برائی	اس جیسا	اور ان پر چڑھے گی	ذلت	انکے لئے نہیں

اور جن لوگوں نے برائیاں کمائیں (ان کا) بدلہ اسی جیسی برائی ہے اور ان پر ذلت چڑھے گی ان کے لئے

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ۭ

مِّنَ	اللّٰهِ	مِنْ	عَاصِمٍ	كَاَنَّمَآ	اُغْشِيَتْ	وُجُوْهُهُمْ	قِطَعًا	مِّنَ	الَّيْلِ	مُظْلِمًا
سے	اللہ	کوئی	بچانے والا	گویا کہ	ڈھانک دئے گئے	ان کے چہرے	ٹکڑے	سے	رات	تاریک

اللہ سے بچانے والا کوئی نہیں گویا ان کے چہرے ڈھانک دئے گئے تاریک رات کے ٹکڑے سے

اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷﴾

اُولٰۗىِٕكَ	اَصْحٰبُ + النَّارِ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ	
وہی لوگ	جہنم والے	وہ سب	اسمیں	ہمیشہ رہیں گے	

وہی لوگ جہنم والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

(۲۷) وَالَّذِيْنَ عُطِفَ عَلَى الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا اَيْ وَلِلَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ عَمِلُوا الشِّرْكَ جَزَآءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ زَائِدَةٌ عَاصِمٍ ۚ مَانِعٍ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ اُلْبِسَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا بِفَتْحِ الطَّاءِ جَمْعُ قِطْعَةٍ وَاَسْكَانُهَا اَيْ جَزَاءً مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○

(۲۷) اور جن لوگوں نے برائیاں کمائیں یعنی شرک کیا ان کے لئے عوض برائی کا ہے مانند اس کے اور وہ ذلیل وخوار ہونگے کہ انکو عذاب الٰہی سے کوئی بچا نہ سکیگا۔

ان کے چہرے ایسے سیاہ ہونگے کہ گویا ان پر اندھیری رات کے ٹکڑے لگا دئے ہیں یہ ہی لوگ ہیں دوزخی کہ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے۔

تشریح

(۲۷) بدکاروں کو اُن کے جرم کے مطابق سزا دی جائے گی

دوسری طرف وہ لوگ ہونگے جنھوں نے اللہ کی ہدایت کو قبول نہیں کیا اس کے بھیجے ہوئے پیغمبروں کی تعلیم کو نہیں مانا اور بداعمالیوں میں مبتلا رہے ان کو ان کے جرم کے مطابق سزا ملے گی جرم سے زیادہ سزا نہیں دی جائے انکے چہروں پر ذلت ہوگی اور مایوسی کی وجہ سے چہروں پر ایسی سیاہی ہوگی جیسے رات کی سیاہی نے ان کے چہروں پر ڈیرے ڈالدئے ہوں۔ یہ لوگ دوزخ کے مستحق ہونگے اور اگر ان کا جرم ناقابل معافی ہوا مثلاً انہوں نے شرک کیا ہو تو یہ لوگ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے کوئی ان کو بچانے والا نہ ہوگا اسلئے کہ وہاں اللہ کے سوا کسی کا حکم نہ چلے گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا مَكَانَكُمْ أَنْتُمْ وَشُرَكَاؤُكُمْ

وَيَوْمَ	نَحْشُرُهُمْ	جَمِيعًا	ثُمَّ	نَقُولُ	لِلَّذِينَ	أَشْرَكُوا	مَكَانَكُمْ	أَنْتُمْ	وَشُرَكَاؤُكُمْ
اور جس دن	ہم اکٹھا کرینگے انہیں	سب	پھر	ہم کہیں گے	ان لوگوں کو	جنہوں نے شرک کیا	اپنی جگہ	تم	اور تمہارے شریک

اور جس دن ہم ان سب کو اکٹھا کرینگے پھر ان لوگوں کو کہیں گے جنہوں نے شرک کیا اپنی اپنی جگہ (رہو) تم اور تمہارے شریک

فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَاؤُهُمْ مَا كُنْتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ ﴿٢٨﴾

فَزَيَّلْنَا + بَيْنَهُمْ	وَقَالَ	شُرَكَاؤُهُمْ	مَا كُنْتُمْ	إِيَّانَا	تَعْبُدُونَ
پھر ہم جدائی ڈالدینگے انکے درمیان	اور کہیں گے	ان کے شریک	تم نہ تھے	ہماری	بندگی کرتے

پھر ہم انکے درمیان جدائی ڈال دینگے اور ان کے شریک کہیں گے تم ہماری بندگی نہ کرتے تھے۔

(۲۸) وَاذْكُرْ يَوْمَ نَحْشُرُهُمْ أَيِ الْخَلْقَ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا مَكَانَكُمْ نَصْبٌ بِالْزَمُوا مُقَدَّرًا أَنْتُمْ تَاكِيدٌ لِلضَّمِيرِ الْمُسْتَتِرِ فِي الْفِعْلِ الْمُقَدَّرِ لِيُعْطَفَ عَلَيْهِ وَشُرَكَاؤُكُمْ أَيِ الْأَصْنَامُ فَزَيَّلْنَا مَيَّزْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْمُؤْمِنِينَ كَمَا فِي آيَةٍ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ وَقَالَ لَهُمْ شُرَكَاؤُهُمْ مَا كُنْتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ ○ مَا نَافِيَةٌ وَقُدِّمَ الْمَفْعُولُ لِلْفَاصِلَةِ

(۲۸) اور یاد کرو اے محمدؐ جبکہ ہم تمام مخلوق کو اکٹھا کرینگے پھر کہیں گے مشرکین سے کہ تم اور تمہارے بت اپنی اپنی جگہ ٹھیرے رہو پھر ہم نے جدا جدا کردیا کافروں اور مسلمانوں کو (جیسا کہ دوسری آیت ہے وَامْتَازُوا الْيَوْمَ أَيُّهَا الْمُجْرِمُونَ اور جدے ہوجاؤ آج اے کافرو) اور ان کے معبود ان سے کہینگے کہ تم ہم کو نہ پوجتے تھے۔

تشریح

(۲۸) **میدان حشر میں مشرکین کا حال** | حشر کے میدان میں سارے انسان جمع ہونگے وہ بھی جنہوں نے اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو شریک اور ساجھی بنایا اور وہ بھی جن کو شریک کیا تھا وہ سب آمنے سامنے ہوں گے۔ کسی نے اللہ کے بیٹے اور بیٹیاں بنائی تھیں کسی نے حضرت عیسیٰ ؑ کو اللہ کا بیٹا کہا تھا اور کسی نے بتوں کو اپنا معبود بنایا تھا کسی نے درختوں سمندروں اور دریاؤں کی پوجا کی تھی کسی نے مذہبی رہنماؤں کو خدائی کا منصب دے رکھا تھا غرض مختلف طریقے سے شرک کرنے والے اس وقت اللہ کی عدالت میں حاضر ہونگے اسوقت جن کو شریک بنایا تھا وہ کہیں گے کہ اگر تم ہماری عبادت اور پوجا کرتے تھے تو ہمیں اس کا پتہ نہ تھا یہ تمہارا اپنا فعل تھا تم اس کے ذمہ دار ہو ہم نے تو نہ کہا تھا کہ تم ہمیں اپنا معبود بناؤ یعنی مخلوق میں سے وہ سب دیوی دیوتا، جنات یا روحیں یا اللہ کے بندوں میں سے اولیاء اللہ، شہداء، انبیاء جن کو کسی نہ کسی حیثیت سے اللہ کے حقوق اور اس کی صفات میں شریک بنایا تھا وہ سب صاف انکار کردینگے کہ یہ جو کچھ کیا تم نے کیا ہمیں اس کی کوئی خبر نہ تھی لہذا تم ہی اپنے فعل کے ذمہ دار ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿۲۹﴾

فَكَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًا	بَيْنَنَا	وَبَيْنَكُمْ	اِنْ	كُنَّا	عَنْ	عِبَادَتِكُمْ	لَغٰفِلِيْنَ
پس کافی	اللہ	۔	ہمارے درمیان	اور تمہارے درمیان	کہ	ہم تھے	سے	تمہاری بندگی	البتہ بے خبر (جمع)

پس ہمارے اور تمہارے درمیان کافی ہے اللہ گواہ کہ ہم تمہاری بندگی سے بے خبر تھے

هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ وَرُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ

هُنَالِكَ	تَبْلُوْا	كُلُّ + نَفْسٍ	مَّآ	اَسْلَفَتْ	وَرُدُّوْٓا	اِلَى	اللّٰهِ	مَوْلٰىهُمُ	الْحَقِّ
وہاں	جانچ لیگا	ہر کوئی	جو	اس نے بھیجا	اور وہ لوٹائے جائینگے	طرف	اللہ	ان کا (اپنا) مولیٰ	سچا

وہاں ہر کوئی جانچ لے گا جو اس نے آگے بھیجا تھا اور وہ اپنے سچے مولیٰ کی طرف لوٹائے جائینگے

ع ۳ ۱۰ ۸

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع

وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا	كَانُوْا		يَفْتَرُوْنَ
اور گم ہوجائیگا	ان سے	جو	تھے وہ		جھوٹ باندھتے

اور ان سے گم ہوجائے گا جو وہ جھوٹ باندھتے تھے۔

﴿۲۹﴾ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ○ مُخَفَّفَةٌ اَىْ اَنَّا كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ

﴿۲۹﴾ پس اللہ گواہ کافی ہے ہمارے اور تمہارے درمیان میں۔ بیشک ہم تمہاری پرستش سے بے خبر تھے۔

﴿۳۰﴾ هُنَالِكَ اَىْ ذٰلِكَ الْيَوْمَ تَبْلُوْا مِنَ الْبَلْوٰى وَفِىْ قِرَاءَةٍ بِتَاءَيْنِ مِنَ التِّلَاوَةِ كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ قَدَّمَتْ مِنَ الْعَمَلِ وَرُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ الثَّابِتِ الدَّائِمِ وَضَلَّ غَابَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○ عَلَيْهِ مِنَ الشُّرَكَاءِ

﴿۳۰﴾ اس دن ہر ایک آدمی اپنے کئے ہوئے کا نفع اور نقصان دیکھ لیگا۔ اور وہ لوٹائے جائیں گے طرف مالک اپنے کے جو سچا اور ہمیشہ رہنے والا ہے اور غائب ہوجاویں گے ان کے شریک جنکو وہ جھوٹا معبود بناتے تھے۔

تشریح

﴿۲۹﴾ جن کو معبود بنایا تھا وہ اللہ کو گواہی میں پیش کریں گے | اور یہ لوگ جن کو اللہ کے ساتھ اس کے حقوق یا صفات میں شریک وساجھی بنایا تھا وہ کہیں گے کہ معبود حقیقی اللہ تعالیٰ ہمارے اور تمہارے درمیان گواہ ہے اس کو ہر بات کا علم ہے وہ خوب جانتا ہے کہ ہم تمہاری عبادت، پوجا پاٹ، نذر ونیاز چڑھاوے، دعا اور التجا سے بے خبر تھے۔

﴿۳۰﴾ اللہ کی عدالت میں ہر شخص اپنے کئے کا مزہ چکھ لے گا | غرض اللہ کی عدالت میں ہر ایک کو پورا پورا انصاف ملے گا کسی پر کوئی زیادتی نہ ہوگی جیسا جس نے کیا اس کے سامنے آجائے گا دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوجائے، گھڑے جھوٹ کے تار و پود بکھر جائیں گے اور سب کچھ مالک حقیقی کے روبرو ہوگا سارے توہمات بے اصل اور تراشے ہوئے خیالی پیکر ختم ہوجائیں گے۔ سچائی سب کے سامنے ہوگی کوئی جھوٹ اور کوئی بناوٹ وہاں چل نہ سکے گی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

قُلْ	مَنْ	يَّرْزُقُكُمْ	مِّنَ	السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ	اَمَّنْ	يَّمْلِكُ	السَّمْعَ	وَالْاَبْصَارَ
آپ پوچھیں	کون	رزق دیتا ہے تمہیں	سے	آسمان	اور زمین	یا کون	مالک ہے	کان	اور آنکھیں

آپ پوچھیں کون آسمان اور زمین سے تمہیں رزق دیتا ہے؟ یا کون کان اور آنکھوں کا مالک ہے؟

وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ

وَمَنْ	يُّخْرِجُ	الْحَيَّ	مِنَ	الْمَيِّتِ	وَيُخْرِجُ	الْمَيِّتَ	مِنَ	الْحَيِّ	وَمَنْ
اور کون	نکالتا ہے	زندہ	سے	مردہ	اور نکالتا ہے	مردہ	سے	زندہ	اور کون

اور کون زندہ کو مردے سے نکالتا ہے؟ اور نکالتا ہے مردے کو زندہ سے؟ اور کون

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۱﴾

يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ	فَسَيَقُوْلُوْنَ	اللّٰهُ	فَقُلْ	اَفَلَا تَتَّقُوْنَ
تدبیر کرتا ہے	کام	سو وہ بول اٹھیں گے	اللہ	آپ کہہ دیں	کیا پھر تم نہیں ڈرتے

کاموں کی تدبیر کرتا ہے؟ سو وہ بول اٹھیں گے، اللہ۔ آپ کہہ دیں کیا پھر تم ڈرتے نہیں؟

﴿۳۱﴾ قُلْ لَهُمْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ بِالْمَطَرِ وَالْاَرْضِ بِالنَّبَاتِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ بِمَعْنَى الْاِسْمَاعِ اَيْ خَلْقَهَا وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ، وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ بَيْنَ الْخَلَائِقِ فَسَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اللّٰهُ فَقُلْ لَهُمْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ○ فَتُؤْمِنُوْنَ

﴿۳۱﴾ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ الخ کہو کون روزی دیتا ہے تم کو آسمان سے بارش برسا کر اور زمین سے۔ یا کون مالک ہے تمہاری سماعتوں کا اور بینائیوں کا یعنی کس نے ان کو پیدا کیا ہے اور کون ہے جو نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے اور کون ہے جو مخلوق کے کاموں کی تدبیر کرتا ہے۔ سو عنقریب ہے کہ وہ کہیں گے کہ وہ اللہ ہے پس کہو ان سے کیا تم اس سے نہیں ڈرتے کہ ایمان لاؤ۔

تشریح

﴿۳۱﴾ اللہ ہی ربِّ حقیقی ہے | اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی کو معبود ماننا یا اللہ کے ساتھ اسکی ذات، صفات، عظمت، اور حقوق میں کسی دوسرے کو شریک کرنا فطرت اور حقیقت کے خلاف ہے اس کی دلیلیں قدم قدم پر بکھری ہوئی ہیں۔ بتاؤ آسمان سے اور زمین سے رزق کون دیتا ہے۔ انسان سنتا ہے اور دیکھتا ہے یہ سننے اور دیکھنے کی طاقتیں کس کے اختیار میں ہیں بتاؤ کون جاندار کو بے جان سے نکالتا ہے نطفے سے انسان کو کون پیدا کرتا ہے جاندار سے بے جان کو کون نکالتا ہے جاندار سے نطفہ اور بیضہ نکالتا ہے سارے عالم کا نظم و ضبط کون چلاتا ہے۔؟ کہنا پڑے گا کہ اللہ ——! پھر تم کیوں حقیقت کے خلاف چلنے سے بچتے نہیں ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۚ

فَذٰلِكُمُ	اللّٰهُ	رَبُّكُمُ	الْحَقُّ	فَمَاذَا	بَعْدَ + الْحَقِّ	اِلَّا	الضَّلٰلُ
پس یہ ہے تمہارا	اللہ	تمہارا رب	سچا	پھر کیا رہ گیا	سچ کے بعد	سوائے	گمراہی

پس یہ ہے اللہ! تمہارا سچا رب ۔ پھر سچ کے بعد گمراہی کے سوا کیا رہ گیا ؟

فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ عَلَى

فَاَنّٰى	تُصْرَفُوْنَ	كَذٰلِكَ	حَقَّتْ	كَلِمَةُ	رَبِّكَ	عَلَى
پس کدھر	تم پھیرے جاتے ہو	اسی طرح	سچی ہوئی	بات	تیرا رب	پر

پھر تم کدھر پھیرے جاتے ہو۔ اسی طرح تیرے رب کی بات ان لوگوں پر جنہوں نے

الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾ قُلْ هَلْ مِنْ

الَّذِيْنَ	فَسَقُوْٓا	اَنَّهُمْ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	قُلْ	هَلْ	مِنْ
وہ لوگ جو	انہوں نے نافرمانی کی	کہ وہ	ایمان نہ لائیں گے	آپ پوچھیں	کیا	سے

نافرمانی کی سچی ہوئی کہ وہ ایمان نہ لائیں گے آپ پوچھیں کیا تمہارے

شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ۭ قُلِ اللّٰهُ

شُرَكَآئِكُمْ	مَّنْ	يَّبْدَؤُا	الْخَلْقَ	ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ	قُلِ	اللّٰهُ
تمہارے شریک	جو	پہلی بار	پیدا کرے	پھر	اسے لوٹائے	آپ کہدیں	اللہ

شریکوں میں سے کوئی ہے جو پہلی بار پیدا کرے ؟ پھر اسے لوٹائے ؟ آپ کہہ دیں اللہ

يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۴﴾

يَبْدَؤُا	الْخَلْقَ	ثُمَّ	يُعِيْدُهٗ	فَاَنّٰى	تُؤْفَكُوْنَ
پہلی بار	پیدا کرتا ہے	پھر	اُسے لوٹائیگا	پس کدھر	پلٹے جاتے ہو

پہلی بار پیدا کرتا ہے پھر اُسے لوٹائے گا ، پس کدھر پلٹے جاتے ہو ؟

﴿۳۲﴾ فَذٰلِكُمُ الْفَعَّالُ لِهٰذِهِ الْاَشْيَاءِ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ الثَّابِتُ فَمَا ذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلَالُ ۚ اِسْتِفْهَامُ تَقْرِيْرٍ اَيْ لَيْسَ بَعْدَهٗ

﴿۳۲﴾ سو یہ کرنے والا ان چیزوں کا اللہ ہے جو تمہارا سچا رب ہمیشہ رہنے والا ہے پس کیا ہے بعد حق کے سوا گمراہی کے (بعد حق کے گمراہی ہے) پس جو شخص حق کو بھولے اور اس کی پرستش نہ کرے وہ گمراہی میں رہا پس کہاں پھرے

toobaa-elibrary.blogspot.com

غَيْرُهٗ فَمَنْ اَحَطَّ الْحَقَّ وَهُوَ عِبَادَةُ اللّٰهِ وَقَعَ فِي الضَّلَالِ فَاَنّٰى كَيْفَ تُصْرَفُوْنَ ○ عَنِ الْاِيْمَانِ مَعَ قِيَامِ الْبُرْهَانِ

جاتے ہو تم ایمان سے باوجود قائم ہونے دلیلوں کے۔

(۳۳) كَذٰلِكَ كَمَا صَرَفَ هٰٓؤُلَآءِ عَنِ الْاِيْمَانِ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا كَفَرُوْا وَهِيَ لَاَمْلَاَنَّ جَهَنَّمَ الْاٰيَةَ اَوْهِيَ اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○

(۳۳) جس طرح یہ کافر ایمان سے پھیر دیے گئے اسی طرح تیرے رب کی بات، سچی ہوئی ان پر جو کافر ہوئے اور نافرمانی کی۔ وہ بات اللہ کی یہ ہے لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ (یعنی البتہ بھروں گا میں دوزخ کو تم سب سے) یا وہ کلمہ یہ ہے کہ بیشک وہ ایمان نہ لاویں گے۔

(۳۴) قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ○ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى فَمَا لَكُمْ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ○ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ○ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ○ وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ اَنْتُمْ بَرِيْٓئُوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ○ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ○ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ اَفَاَنْتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ○ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ○ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ○ وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ ○ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ○ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ○ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ○ اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ اٰلْـٰٔنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ○ ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ○ وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ○ وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ○ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ○ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ○ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ○ وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ○ وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ○ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ○ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○ وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَآءَ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ○ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ○ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ هُوَ الْغَنِيُّ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ بِهٰذَا اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○ قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ○ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ○ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ○ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○ فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ○ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ○ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ○ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ○ قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ اَسِحْرٌ هٰذَا وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ○ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِي الْاَرْضِ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ○ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ○ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ○ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ○ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ○ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الْاَرْضِ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ○ وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ○ فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ○ قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ وَجٰوَزْنَا بِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ○ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ○ وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰى جَآءَهُمُ الْعِلْمُ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○ فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ○ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ○ فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ○ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ○ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ○ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ○ فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ○ ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○ وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ○ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ○

تشریح

(۳۲) تمہاری بندگی کا حقدار صرف اللہ ہے | جب یہ سارے تصرفات اللہ کے قبضہ میں ہے اور کسی کا ان کاموں میں کوئی حصہ نہیں ہے تو پھر اللہ کی ربوبیت میں شرکت کہاں سے ہوگئی، یہ پھر تم کدھر چلے جا رہے ہو اپنی سوچ کا رُخ ٹھیک کیوں نہیں کرتے معبود تو وہی ہوگا جو خالق کل ہو مالک الملک ہو۔ جب سچائی یہی ہے تو اس میں جھوٹ کی ملاوٹ کیوں، سچ کو چھوڑ کر جھوٹے وہموں میں بھٹکنا عقلمندوں کا کام نہیں ہے۔

(۳۳) کھلی کھلی دلیلوں کے باوجود جن کو نہیں ماننا ہے وہ نہیں مانیں گے | توحید کی دلیلیں بالکل واضح اور عام فہم ہیں لیکن جنھوں نے یہ ٹھان لی ہے کہ ہم نہیں مانیں گے وہ مان کر نہیں دینگے اور اپنی ضد پر اڑے رہیں گے اور اس طرح تمہارے رب کی یہ بات سچ ہوگی کہ نہ ماننے والے کبھی نہ مانیں گے۔

(۳۴) اے پیغمبر! ڈنکے کی چوٹ کہو کہ جس نے پہلے پیدا کیا وہ دوبارہ بھی پیدا کریگا۔ | اوپر کی آیتوں میں بیان چل رہا تھا کہ تخلیق کی ابتدا یعنی مبدا صرف اور صرف اللہ کا کام ہے اور اس میں اس کے ساتھ کوئی ساجھی اور شریک نہیں ہے اور چونکہ وہ خالق ہے اس لئے مالک، حاکم، اور معبود بھی وہی ہے۔ جس طرح تخلیق کی ابتدا صرف اللہ کے اختیار میں ہے اسی طرح دوبارہ پیدا کرنا یعنی معاد بھی صرف اسی کا کام ہے۔

جب تمہاری ابتدا کا سرا بھی اللہ کے ہاتھ میں ہے اور انتہا کا سرا بھی اسی کے قبضہ میں ہے تو ذرا سوچو کہ ان دونوں سروں کے بیچ میں تمہاری بندگیوں اور نیازمندیوں کا حق دوسروں کو کس طرح پہنچ گیا۔ یہ تم کون سے اُلٹے راستے پر جا رہے ہو؟۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ

قُلْ	هَلْ	مِنْ	شُرَكَآئِكُمْ	مَّنْ	يَّهْدِيْٓ	اِلَى الْحَقِّ	قُلِ	اللّٰهُ	يَهْدِيْ
آپ پوچھیں	کیا	سے	تمہارے شریک	جو	راہ بتائے	حق کی طرف (صحیح)	آپ کہیں	اللہ	راہ بتاتا ہے

آپ پوچھیں کیا تمہارے شریکوں میں سے (کوئی ہے) جو صحیح راہ بتائے؟ آپ کہہ دیں اللہ صحیح راہ

لِلْحَقِّ ۭ اَفَمَنْ يَّهِدِّيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا

لِلْحَقِّ	اَفَمَنْ	يَّهِدِّيْٓ	اِلَى الْحَقِّ	اَحَقُّ	اَنْ	يُّتَّبَعَ	اَمَّنْ	لَّا
صحیح	پس کیا جو	راہ بتاتا ہے	حق کی طرف (صحیح)	زیادہ حقدار	کہ	پیروی کیجائے	یا جو	نہیں

بتاتا ہے، پس کیا جو صحیح راہ بتاتا ہے زیادہ حقدار ہے کہ اسکی پیروی کی جائے؟ یا وہ جو (خود بھی)

يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ۝۳۵ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ

يَهِدِّيْٓ	اِلَّآ	اَنْ	يُّهْدٰى	فَمَا لَكُمْ	كَيْفَ	تَحْكُمُوْنَ	وَمَا + يَتَّبِعُ	اَكْثَرُهُمْ
وہ راہ پاتا	مگر	یہ کہ	اسے راہ دکھائی جائے	سو تمہیں کیا ہوا	کیسا	تم فیصلہ کرتے ہو	اور پیروی نہیں کرتے	انکے اکثر

راہ نہیں پاتا مگر یہ کہ اُسے راہ دکھائی جائے۔ سو تمہیں کیا ہو گیا ہے، تم کیسا فیصلہ کرتے ہو؟ اور انمیں سے اکثر پیروی نہیں کرتے

اِلَّا ظَنًّا ۭ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـــًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ۝۳۶

اِلَّا + ظَنًّا	اِنَّ	الظَّنَّ	لَا يُغْنِيْ	مِنَ	الْحَقِّ	شَيْـــًٔا	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌۢ	بِمَا	يَفْعَلُوْنَ
مگر گمان	بیشک	گمان	نہیں کام دیتا	سے (کا)	حق	کچھ بھی	بیشک	اللہ	خوب جانتا ہے	وہ جو	وہ کرتے ہیں

مگر گمان کی، بیشک گمان حق (کی معرفت) کا کچھ بھی کام نہیں دیتا، بیشک اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔

(۳۵) قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ بِنَصْبِ الْحُجَجِ وَخَلْقِ الْاِهْتِدَاءِ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ۭ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَهُوَ اللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ يَهْدِيْ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اِسْتِفْهَامُ تَقْرِيْرٍ اَوْ تَوْبِيْخٍ اَيِ الْاَوَّلُ اَحَقُّ فَمَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ○ هٰذَا الْحُكْمُ الْفَاسِدُ مِنْ اِتِّبَاعِ مَا لَا يَحِقُّ اِتِّبَاعُهٗ

(۳۵) کہدو کیا تمہارے بتوں میں سے کوئی ہے جو حق کا راستہ چلادے ساتھ قائم کرنے حجتوں کے اور پیدا کرنے ہدایت کے۔ کہدو اللہ ہدایت کرتا ہے حق کی سو کیا وہ ہدایت کرے حق کی یعنی اللہ زیادہ مستحق اور لائق پیروی کے ہے یا وہ لائق پیروی کے ہے جو نہیں راہ پاتا مگر جبکہ اس کو کوئی دوسرا آدمی راہ بتادے حاصل یہ کہ اللہ مستحق عبادت اور پیروی کا ہے وہ نہیں جو محتاج دوسروں کے راہ بتانے کا ہے پس تم کیوں کر یہ نکما حکم کرتے ہو یعنی پیروی کرنا اس کی جو مستحق اس کا نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۳۶) وَمَا يَتَّبِعُ أَكْثَرُهُمْ فِي عِبَادَةِ الْأَصْنَامِ إِلَّا ظَنًّا حَيْثُ قَلَّدُوا فِيهِ آبَاءَهُمْ إِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِي مِنَ الْحَقِّ شَيْئًا فِيمَا الْمَطْلُوبُ مِنْهُ الْعِلْمُ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِمَا يَفْعَلُونَ ○ فَيُجَازِيهِمْ عَلَيْهِ

(۳۶) اور اکثر کافر بتوں کی عبادت میں صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں یعنی اپنے باپ دادوں کی تقلید سے بتوں کو پوجتے ہیں بلاشبہ گمان اور وہم سے حق ثابت نہیں ہوتا یعنی جس جگہ مطلوب علم یقینی حاصل کرنا ہے وہاں خیال اور گمان سے کچھ نفع حاصل نہیں ہوسکتا بیشک اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔ پس وہ عوض اس کا انکو دیگا

تشریح

(۳۵) اللہ تعالیٰ ضروریاتِ زندگی کی کفالت ہی نہیں کرتے بلکہ انسانوں کو ہدایت و رہنمائی بھی عطا فرماتے ہیں | اللہ تعالیٰ نے انسان کو زمین پر بھیجتے ہوئے یہ ذمہ داری لی ہے کہ اس زمین پر اس کی زندگی کے لئے بنیادی ضرورتوں کا سب سامان موجود ہے وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ (اور تمہارے لئے زمین پر ٹھکانا ہے اور سامانِ زندگی موجود ہے ایک مقررہ مدت تک) چنانچہ انسان کو اس زمین پر کھانے پینے زندگی بسر کرنے کا سارا سامان ملتا ہے اس کے علاوہ مصائب و آفات اور نقصانات سے بچانے کی بھی صورتیں کی گئی ہیں۔ لیکن اس کی ایک بہت بڑی ضرورت یہ بھی ہے کہ اسے بتایا جائے کہ اس زمین پر اس کے آنے کا مقصد کیا ہے اس کی منزل اور منزل تک پہنچنے کا راستہ کونسا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس ضرورت کا بھی بھرپور انتظام کیا ہے اور یہ انتظام اندرونی بھی ہے اور بیرونی بھی۔ اندرونی انتظام یہ ہے کہ انسان کی فطرت ایسی بنائی ہے جو نیکی کو پسند کرتی ہے اور اس کو قبول کرتی ہے۔ اور بیرونی انتظام یہ فرمایا ہے کہ انسان کی ہدایت اور رہبری کے لئے پیغمبر مقرر فرمائے اور اپنی کتابیں نازل کیں تاکہ اللہ کے یہ نبی اور رسول زبان سے اللہ کا کلام سنانے کے ساتھ ساتھ اس پر خود بھی عمل کر کے دکھائیں اور انسانوں کے سامنے عملی نمونہ موجود ہو۔

اللہ تعالیٰ سوال کرتے ہیں کہ جن کو تم اللہ کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہو کیا ان میں سے کوئی ایسا بھی ہے جو حق کی طرف تمہاری رہنمائی کرتا ہو۔ ظاہر ہے کہ ایسا نہیں ہے۔ اے پیغمبر ان سے کہو کہ حق کی طرف رہنمائی تو صرف اللہ تعالیٰ کرتے ہیں تو جو حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے اس کی بات ماننی چاہیئے یا جو رہنمائی نہیں کرتا یا وہ رہنمائی کی قدرت نہیں رکھتا اسکی بات قابل قبول ہے کیا یہ انصاف کی بات ہے؟

اگر انسانوں کے بنائے ہوئے اصولوں کی پیروی کی جائے تو کیا وہ حق کی طرف رہنمائی کرنے والے ہوسکتے ہیں کیا کوئی انسان جذبات اور اغراض و خواہشات اور شخصی و گروہی تعصبات یا اپنے رجحانات و میلانات سے اوپر اٹھ کر انسانوں کے لئے منصفانہ قوانین بنا سکتا ہے؟ یہ ممکن نہیں ہے کہ انسان کی بنائی ہوئی چیز میں انسانی کمزوری کا دخل نہ ہو۔ اسلئے رہنمائی کا حق اسی کا ہے جو خود حق ہے اور تمام کمزوریوں سے بالاتر ہے۔

(۳۶) مذہب کا معاملہ اٹکل پچو نہیں ہے | دین حق وہی ہے جو توحید قائم ہے اور جو اللہ نے اپنے سچے رسولوں اور اپنی کتابوں کے ذریعے انسانوں کو بتایا ہے اس کے علاوہ انسانوں نے جو بھی فلسفے ایجاد کئے اور جو قانون تجویز کئے وہ گمان و قیاس کی بنیاد پر ہیں۔ حقیقت سے ان کا تعلق نہیں ہے۔ قیاس و گمان علم حق کی ضرورت کو پورا نہیں کرسکتا۔ جو کچھ یہ کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ کو یہ سب کچھ معلوم ہے اسلئے قیاس و گمان کو چھوڑ کر حقیقت کی طرف رجوع کرو۔ دین و دنیا کی فلاح اسی میں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ

وَ	مَا كَانَ	هٰذَا	الْقُرْاٰنُ	اَنْ	يُّفْتَرٰى	مِنْ	دُوْنِ اللّٰهِ	وَلٰكِنْ
اور	نہیں ہے	یہ۔اس	قرآن	کہ	وہ بنالے	سے	اللہ کے بغیر	اور لیکن

اور یہ قرآن (ایسا) نہیں کہ کوئی اللہ کے (حکم کے) بغیر (اپنی طرف سے) بنالے ، لیکن اس

تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا

تَصْدِيْقَ	الَّذِيْ	بَيْنَ + يَدَيْهِ	وَتَفْصِيْلَ	الْكِتٰبِ	لَا
تصدیق	اسکی جو	اس سے پہلے	اور تفصیل	کتاب	نہیں

کی تصدیق کرنے والا ہے جو اس سے پہلے (نازل ہوا) اور کتاب کی تفصیل ہے ، اس میں

رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۷﴾ قف

رَيْبَ	فِيْهِ	مِنْ	رَّبِّ	الْعٰلَمِيْنَ
کوئی شک	اس میں	سے	رب	تمام جہانوں

کوئی شک نہیں کہ یہ تمام جہانوں کے رب کی طرف سے ہے

﴿۳۷﴾ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى اَيْ اِفْتِرَاءً مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَيْ غَيْرِهٖ وَلٰكِنْ اَنْزَلَ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكُتُبِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ تَبْيِيْنَ مَا كَتَبَ اللّٰهُ مِنَ الْاَحْكَامِ وَغَيْرِهَا لَا رَيْبَ شَكَّ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ مُتَعَلِّقٌ بِتَصْدِيْقٍ اَوْ بِاُنْزِلَ الْمَحْذُوْفِ وَقُرِئَ بِرَفْعِ تَصْدِيْقٍ وَتَفْصِيْلٍ بِتَقْدِيْرِ هُوَ

﴿۳۷﴾ اور یہ قرآن جھوٹے کلام اور بہتان باندھا ہوا اللہ کے غیر کا نہیں۔ ولیکن یہ کلام الٰہی ہے تصدیق کرتا ہے ان کتابوں کی جو اس کے سامنے موجود ہیں یعنی جو کتابیں اس سے پہلے نازل ہوئیں ان کا سچا ہونا قرآن سے معلوم ہوتا ہے اور اس قرآن میں تفصیل ہے ان احکام وغیرہ کی جو اللہ نے لکھدیئے اس میں کچھ شک نہیں یہ اتارا گیا ہے تمام جہاں کے رب کے پاس سے (بعض قراتوں میں تصدیق اور تفصیل کو پیش ہے اس صورت میں ھُوَ مقدر ہے یعنی وہ قرآن تصدیق ہے پہلی کتابوں کی اور کھلا ہوا بیان ہے احکام الٰہی کا۔

تشریح

﴿۳۷﴾ قرآن بلاشبہ فرمانروائے کائنات کا کلام ہے اور پچھلی کتابوں کی تصدیق کرتا ہے | اوپر بتایا گیا کہ انسان کو علم حق کی ضرورت ہے قیاس وگمان سے اٹکل پچو باتیں بنالینا علم حق کی ضرورت کو پورا نہیں کرسکتا۔ علم حق کے لئے اللہ کی نازل کی ہوئی کتابیں ہیں جنکا آخری ایڈیشن قرآن کریم ہے قرآن کسی انسان کی بنائی ہوئی کتاب نہیں ہے بلکہ یہ اللہ کی وحی ہے فرماں روائے کائنات کا کلام ہے ان تمام اصولی تعلیمات کی تفصیل ہے جو اللہ تعالیٰ نے پچھلی کتابوں میں بیان کی ہے۔ اس کتاب میں شک والی بات کوئی نہیں ہے بلکہ ہر بات مکمل یقین کے ساتھ پیش کی گئی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِّثْلِهِ وَادْعُوا

أَمْ	يَقُولُونَ	افْتَرَاهُ	قُلْ	فَأْتُوا	بِسُورَةٍ	مِّثْلِهِ	وَادْعُوا
کیا	وہ کہتے ہیں	وہ اسے بنا لایا ہے	آپ کہدیں	پس لے آؤ	ایک ہی سورۃ	اس جیسی	اور بلا لو

کیا وہ کہتے ہیں کہ وہ اسے بنا لایا ہے؟ آپ کہدیں پس اس جیسی ایک ہی سورۃ لے آؤ اور جسے تم

مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿٣٨﴾

مَنِ	اسْتَطَعْتُم	مِّن	دُونِ	اللَّهِ	إِن	كُنتُمْ	صَادِقِينَ
جسے	تم بلا سکو	سے	سوا	اللہ	اگر	تم ہو	سچے

بلا سکو، بلا لو، اللہ کے سوا، اگر تم سچے ہو۔

بَلْ كَذَّبُوا بِمَا لَمْ يُحِيطُوا بِعِلْمِهِ وَلَمَّا يَأْتِهِمْ تَأْوِيلُهُ ۚ

بَلْ	كَذَّبُوا	بِمَا	لَمْ	يُحِيطُوا	بِعِلْمِهِ	وَلَمَّا	يَأْتِهِمْ	تَأْوِيلُهُ
بلکہ	انہوں نے جھٹلایا	وہ جو	نہیں	قابو پایا	اس کے علم پر	اور ابھی نہیں	انکے پاس آئی	اسکی حقیقت

بلکہ انہوں نے جھٹلایا اُسے جس کے علم پر انہوں نے قابو نہیں پایا۔ اور اسکی حقیقت ابھی انکے پاس نہیں آئی

كَذَٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَانظُرْ كَيْفَ

كَذَٰلِكَ	كَذَّبَ	الَّذِينَ	مِن + قَبْلِهِمْ	فَانظُرْ	كَيْفَ
اسی طرح	جھٹلایا	وہ لوگ جو	اِن سے پہلے	پس دیکھو	کیسا

اسی طرح ان سے پہلوں نے جھٹلایا پس دیکھو کیسا ہوا

كَانَ عَاقِبَةُ الظَّالِمِينَ ﴿٣٩﴾ وَمِنْهُم مَّن يُؤْمِنُ بِهِ

كَانَ	عَاقِبَةُ	الظَّالِمِينَ	وَ	مِنْهُمْ	مَّن	يُؤْمِنُ	بِهِ
ہوا	انجام	ظالم (جمع)	اور	ان میں سے	جو (بعض)	ایمان لائینگے	اس پر

ظالموں کا انجام؟ اور ان میں سے بعض اس پر ایمان لائیں گے

وَمِنْهُم مَّن لَّا يُؤْمِنُ بِهِ ۚ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِينَ ﴿٤٠﴾ ع ۴ ۱۰ ۹

وَمِنْهُمْ	مَّن	لَّا يُؤْمِنُ	بِهِ	وَرَبُّكَ	أَعْلَمُ	بِالْمُفْسِدِينَ
اور انمیں سے	جو (بعض)	ایمان نہیں لائینگے	اس پر	اور تیرا رب	خوب جانتا ہے	فساد کرنے والوں کو

اور انمیں سے بعض اس پر ایمان نہیں لائینگے۔ اور تیرا رب فساد کرنے والوں کو خوب جانتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ

وَاِنْ	كَذَّبُوْكَ	فَقُلْ	لِّيْ	عَمَلِيْ	وَلَكُمْ	عَمَلُكُمْ	اَنْتُمْ
اور اگر	وہ تمہیں جھٹلائیں	تو کہدیں	میرے لئے	میرے عمل	اور تمہارے لئے	تمہارے عمل	تم

اور اگر وہ تمہیں جھٹلائیں تو آپ کہدیں میرے لئے میرا عمل اور تمہارے لئے تمہارا عمل، تم اس کے

بَرِيْٓـُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۱﴾

بَرِيْٓـُٔوْنَ	مِمَّآ	اَعْمَلُ	وَاَنَا	بَرِيْٓءٌ	مِمَّا	تَعْمَلُوْنَ
جواب دہ نہیں	اسکے جو	میں کرتا ہوں	اور میں	جوابدہ نہیں	اس کا جو	تم کرتے ہو

جوابدہ نہیں جو میں کرتا ہوں اور میں اس کا جواب دہ نہیں جو تم کرتے ہو

(۳۸) اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

(۳۸) بلکہ کافر کہتے ہیں اس قرآن کو محمدؐ نے بنا لیا کہدو پس تم بھی بنالاؤ ایسی کوئی سورت جو فصاحت اور بلاغت میں اس کی مانند ہو کہ آخر تم لوگ بھی عرب کے ہو فصاحت والے ہو مجھ جیسے اور بلاؤ اس بارہ میں اعانت و امداد لینے کو جس کو چاہو اللہ کے سوا اگر تم اس بارہ میں سچے ہو کہ یہ قرآن بہتان باندھا ہوا اور میرا بنایا ہوا ہے سو ان کو اس کی مثل سورت بنانے کی قدرت نہ ہو سکی۔

(۳۹) بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ۭ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ۝

اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

(۳۹) بلکہ ان کافروں نے جھٹلایا اس چیز کو کہ اس کا علم ان کو نہیں یعنی قرآن کو جھٹلایا اور اسمیں غور اور فکر نہ کیا اور ابھی ان کے پاس اسکی تاویل نہیں آئی یعنی قرآن میں وعید اور غیب کی خبریں جو بیان ہیں ان کا انجام ان پر ظاہر نہیں ہوا مثل اسی جھٹلانے کے جھٹلایا ان لوگوں نے جو ان سے پہلے تھے اپنے پیغمبروں کو سو دیکھا کیا انجام ہوا ان ناانصافوں کا بسبب جھٹلانے پیغمبروں کے کہ وہ آخر کار کس طرح ہلاک کردئے گئے پس ایسے ہی یہ لوگ ہلاک کردئے جائینگے۔

(۴۰) وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ۭ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ

(۴۰) اور اہل مکہ میں سے بعض وہ لوگ ہیں جو قرآن پر ایمان لاتے ہیں بسبب اس کے کہ علم الٰہی میں ان کا ایمان لانا ثابت ہے۔ اور بعض ان میں سے وہ ہیں جو کبھی قرآن پر ایمان نہ لاویں گے اور تیرا رب خوب

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِالْمُفْسِدِيْنَ ○ تَهْدِيْدًا لَّهُمْ

(۴۱) وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓـُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ○

وَهٰذَا مَنْسُوْخٌ بِاٰيَةِ السَّيْفِ

جانتا ہے فساد کرنیوالوں کو وہ لوگ اپنی سزا کو پہنچیں گے۔

(۴۱) وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ الخ اور اگر وہ تم کو جھٹلادیں تو ان سے کہو میرے واسطے میرے عمل ہیں اور تمہارے لئے تمہارے عمل یعنی ہر ایک کو اس کے عمل کی جزا ملے گی تم بری الذمہ ہو میرے عمل سے اور میں بری ہوں تمہارے عملوں سے۔ (یہ آیت منسوخ ہے آیت سیف سے)

تشریح

(۳۸) اگر تم اسکو پیغمبر کی تصنیف سمجھتے ہو تو اس جیسی ایک سورت بنا کر لاؤ | قرآن مجید نے کئی جگہ یہ چیلنج کیا ہے کہ اگر تم یہ سمجھتے ہو کہ قرآن حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی لکھی ہوئی کتاب ہے اور ان کی اپنی تصنیف ہے تو ایک اللہ کو چھوڑ کر سب کو اپنی مدد کے لئے بلالو اور قرآن کے جو مضامین ہیں اور اس کی جو تعلیم ہے اس جیسے مضامین اور تعلیم بنا کر دکھاؤ۔ قرآن کی تعلیم میں کہیں بھی کوئی ٹکراؤ نظر نہیں آتا۔ اسمیں تہذیب اخلاق، تمدن و معاشرت، حکومت و سیاست معرفت و روحانیت، انسانی کردار کی تشکیل اور قلوب کے تزکیے کے وہ طریقے موجود ہیں جن سے دنیا کے وجود میں لانے کی غرض پوری ہوتی ہے، یہ شاندار ترتیب ایک اُمّی قوم کے اُمّی فرد سے ممکن نہیں ہے۔ پھر اس کتاب کی فصاحت و بلاغت، اسلوب بیان یہ اس بات کی دلیل ہے کہ یہ انسانی دماغ کی کاوش کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ براہِ راست خالق کائنات کا کلام ہے ورنہ کسی نہ کسی پہلو سے کوئی نہ کوئی کمزوری اس میں ضرور پائی جاتی۔ یہ معجزانہ کلام الٰہی ہے نہ اس جیسا کلام بن سکے گا اور نہ یہ کلام مٹ سکے گا۔

(۳۹) قرآن کو جھٹلانے کی کوئی معقول وجہ نہیں ہے | جو لوگ قرآن مجید پر اور اللہ کے رسول پر ایمان نہیں لائے انکے قرآن کو جھٹلانے کی وجہ یہ ہے کہ وہ ٹھنڈے دل و دماغ سے اس پر غور و فکر نہیں کرتے ان کی آنکھوں کے سامنے جہالت اور تعصب کا پردہ پڑا ہوا ہے جس کی وجہ سے قرآن مجید کی تعلیم ان کے دل و دماغ میں نہیں اترتی انکے جھٹلانے کی وجہ یہ نہیں ہے کہ ان کے پاس مضبوط دلائل ہیں جس سے یہ ثابت ہو جائے کہ یہ کتاب تصنیف کر کے غلط طور پر اللہ کی طرف منسوب کر دی گئی ہے۔ ان کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہ لانے کی وجہ یہ نہیں ہے کہ انھوں نے غیب کے پردے میں جھانک کر دیکھ لیا ہے کہ واقعی ایک سے زیادہ خدا موجود ہیں۔ فرشتوں کی جنت دوزخ کی اور آخرت کی جس کی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعوت دے رہے ہیں کوئی حقیقت نہیں ہے بلکہ ان کی تمام باتیں اٹکل پچو اور بے بنیاد ہیں اگر وہ صاف دلی سے جائزہ لیں تو ساری حقیقت آئینے کی طرح سامنے آجائے گی کہ اس کائنات کا ایک ہی رب ہے ایک سے زیادہ معبود نہیں ہو سکتے اگر وہ غور کریں گے تو معلوم ہو جائے گا کہ آخرت کو مانے بغیر اس دنیا کی کوئی توجیہ ممکن نہیں ہے، یوں بے وجہ، بے دلیل پہلے بھی لوگ جھٹلا چکے ہیں مگر دیکھو کہ ان ظالموں کا انجام کیا ہوا۔

(۴۰) اللہ تعالےٰ شرارتی لوگوں کو خوب جانتے ہیں | اللہ کے سچے دین کی دعوت کو کچھ لوگ قبول نہیں کریں گے قبول نہ کرنے والے لوگوں کے دلوں میں جو شرارت بسی ہے اللہ تعالےٰ اس کو خوب جانتے ہیں یہ اوپر سے اپنے آپ کو کچھ بھی ظاہر کرتے رہیں لیکن قلب و ضمیر کے پردوں میں چھپے ہوئے رازوں سے اللہ تعالےٰ خوب واقف ہے اللہ کو معلوم ہے کہ انھوں نے اپنے ضمیر کو حق کی شہادت دینے سے روکا اپنے دل کی آواز کو دبایا حق کی بات کو سُنا اَن سُنا کیا سمجھتے ہوئے بھی سمجھنے کی کوشش نہیں کی یہ کوئی معصوم اور سادہ لوح نہیں ہیں بلکہ شرارتی ہیں اللہ ان کی شرارت خوب جانتے ہیں۔

(۴۱) ہر ایک اپنے عمل کے خود ذمہ دار ہیں | اتنی واضح اور روشن دلیلوں کے باوجود اگر یہ نہیں مانتے تو آپ اے پیغمبر صاف کہدیں کہ میں اپنے عمل کا ذمہ دار ہوں اگر اللہ تعالےٰ کے احکام غلط طور پر پیش کروں تو ذمہ داری میرے اوپر ہوگی اور اپنے عمل کے تم خود ذمہ دار ہو اگر حق کو قبول نہیں کروگے تو تم خود جواب دہ ہوگے۔ تمہارے عمل سے میں بری ہوں اور میرے عمل سے تم بری ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ

وَمِنْهُمْ	مَّنْ	يَّسْتَمِعُوْنَ	اِلَيْكَ	اَفَاَنْتَ	تُسْمِعُ	الصُّمَّ
اور ان میں سے	جو بعض	کان لگاتے ہیں	آپؐ کی طرف	تو کیا تم	سناؤ گے	بہرے

اور ان میں سے بعض کان لگاتے ہیں آپؐ کی طرف تو کیا تم بہروں کو سناؤ گے ۔ ؟

وَلَوْ كَانُوْا لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ؕ

وَلَوْ	كَانُوْا	لَا يَعْقِلُوْنَ	وَمِنْهُمْ	مَّنْ	يَّنْظُرُ	اِلَيْكَ
خواہ	وہ ہوں	عقل نہ رکھتے	اور انہیں سے	جو بعض	دیکھتے ہیں	آپؐ کی طرف

خواہ وہ عقل نہ رکھتے ہوں ۔ اور ان میں سے بعض دیکھتے ہیں آپؐ کی طرف

اَفَاَنْتَ تَهْدِى الْعُمْىَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۴۳﴾

اَفَاَنْتَ	تَهْدِى	الْعُمْىَ	وَلَوْ	كَانُوْا	لَا يُبْصِرُوْنَ
پس کیا تم	راہ دکھاؤ گے	اندھے	خواہ	نہ ہوں	وہ دیکھتے

تو کیا آپؐ اندھوں کو راہ دکھا دیں گے ؟ خواہ وہ دیکھتے نہ ہوں ۔

﴿۴۲﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ؕ اِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ شَبَّهَهُمْ بِهِمْ فِيْ عَدَمِ الْاِنْتِفَاعِ بِمَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ وَلَوْ كَانُوْا مَعَ الصَّمَمِ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ يَتَدَبَّرُوْنَ

﴿۴۲﴾ اور بعض انہیں سے وہ ہیں جو تمہاری طرف کان لگاتے ہیں جبکہ تم قرآن پڑھتے ہو سو کیا تم بہروں کو سنا سکتے ہو اگرچہ وہ لوگ باوجود بہرے ہونے کے بے عقل بھی ہوں کہ غور اور تدبر نہیں کرتے

﴿۴۳﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ تَهْدِى الْعُمْىَ وَلَوْ كَانُوْا لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ شَبَّهَهُمْ بِهِمْ فِيْ عَدَمِ الْاِهْتِدَاءِ بَلْ هُمْ اَعْظَمُ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ۔

﴿۴۳﴾ اور بعض انہیں سے وہ ہیں جو آپکی طرف دیکھتے ہیں سو کیا تم اندھوں کو راہ دکھلا سکتے ہو اگرچہ وہ (باوجود بینائی کے) دیکھتے نہیں ہیں ۔ تشبیہ دی ہدایت نہ پانے میں یعنی جیسے بہرے سنتے نہیں (اندھے دیکھتے نہیں) جو تدبر آپا دیں ایسے ہی یہ کافر بھی قبول کرنے کی نیت سے نہیں سنتے بلکہ کافر اس بارہ میں زیادہ بڑے ہیں کہ انکے دل اندھے جو بینائیوں کے اندھے سے زیادہ گمراہ ہیں ۔

تشریح

کچھ سننے والے سن کر بھی نہیں سنتے | ایک ہے بدن کے کانوں سے سننا اور دوسرا ہے بدن کے کانوں کے ساتھ دل کے کانوں سے بھی سننا ۔ اگر دل کے کان تعصب یا اپنے مفادات کی وجہ سے بند ہوں تو آدمی معنیٰ اور مضمون کی طرف توجہ نہیں دیتا اور کتنی ہی معقول بات کیوں نہ ہو اس پر دھیان نہیں دیتا ایسے لوگ دل کے کانوں کے بہرے ہوتے ہیں اور ان کو سنانے سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا ۔

﴿۴۳﴾ انکی آنکھیں ہیں مگر دیکھتے نہیں | اللہ نے انکو دیکھنے کیلئے سر پر آنکھیں دی ہیں مگر دل کی آنکھوں سے وہ اللہ کی نشانیوں کو نہیں دیکھتے آنکھیں ہوتے ہوئے بھی اندھے ہیں انہیں کچھ سوجھتا نہیں ہے اگر دل کی آنکھیں نہ کھلیں تو کوئی معقول بات اور دردمندانہ نصیحت دل پر اثر نہیں کرتی ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَلَٰكِنَّ النَّاسَ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٤٤﴾ وَيَوْمَ

إِنَّ	اللَّهَ	لَا يَظْلِمُ	النَّاسَ	شَيْئًا	وَلَٰكِنَّ	النَّاسَ	أَنفُسَهُمْ	يَظْلِمُونَ	وَيَوْمَ
بیشک	اللہ	ظلم نہیں کرتا	لوگ	کچھ بھی	اور لیکن	لوگ	اپنے آپ پر	ظلم کرتے ہیں	اور جس دن

بیشک اللہ ظلم نہیں کرتا لوگوں پر کچھ بھی لیکن لوگ اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں اور جس دن

يَحْشُرُهُمْ كَأَن لَّمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُونَ بَيْنَهُمْ

يَحْشُرُهُمْ	كَأَن	لَّمْ يَلْبَثُوا	إِلَّا	سَاعَةً	مِّنَ + النَّهَارِ	يَتَعَارَفُونَ	بَيْنَهُمْ
جمع کرے گا انہیں	گویا	وہ نہ رہے تھے	مگر	ایک گھڑی	دن سے (کی)	وہ پہچانیں گے	آپس میں

وہ (یوم حشر) انہیں جمع کریگا گویا وہ (دنیا میں) نہ رہے تھے مگر دن کی ایک گھڑی ۔ آپس میں پہچانیں گے وہ

قَدْ خَسِرَ الَّذِينَ كَذَّبُوا بِلِقَاءِ اللَّهِ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ﴿٤٥﴾ وَإِمَّا

قَدْ + خَسِرَ	الَّذِينَ	كَذَّبُوا	بِلِقَاءِ + اللَّهِ	وَمَا كَانُوا	مُهْتَدِينَ	وَ	إِمَّا
البتہ خسارہ میں رہے	وہ لوگ	انہوں نے جھٹلایا	اللہ سے ملنے کو	اور وہ نہ تھے	ہدایت پانے والے	اور	اگر

البتہ وہ خسارے میں رہے جنھوں نے جھٹلایا اللہ سے ملنے کو اور وہ ہدایت پانے والے نہ تھے ۔ اور اگر ہم تمہیں

نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِي نَعِدُهُمْ أَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَإِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ

نُرِيَنَّكَ	بَعْضَ	الَّذِي	نَعِدُهُمْ	أَوْ	نَتَوَفَّيَنَّكَ	فَإِلَيْنَا	مَرْجِعُهُمْ
تجھے ہم دکھادیں	بعض (کچھ)	وہ جو	وعدہ کرتے ہیں ہم ان سے	یا	ہم تمہیں اٹھالیں	پس ہماری طرف	ان کا لوٹنا

بعض وعدے دکھا دیں جو ہم ان سے کر رہے ہیں یا ہم تمہیں (دنیا سے) اٹھالیں پس انہیں ہماری طرف لوٹنا ہے

ثُمَّ اللَّهُ شَهِيدٌ عَلَىٰ مَا يَفْعَلُونَ ﴿٤٦﴾

ثُمَّ	اللَّهُ	شَهِيدٌ	عَلَىٰ	مَا يَفْعَلُونَ
پھر	اللہ	گواہ	پر	جو وہ کرتے ہیں ۔

پھر اللہ اس پر گواہ ہے جو وہ کرتے ہیں ۔

(۴۴) إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَلَٰكِنَّ النَّاسَ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ○

(۴۵) وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَأَن لَّمْ يَلْبَثُوا إِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ أَيْ كَأَنَّهُمْ لَمْ يَلْبَثُوا فِي الدُّنْيَا أَوِ الْقُبُورِ إِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ لِهَوْلِ مَا رَأَوْا أَوْ جُمْلَةُ التَّشْبِيهِ

(۴۴) بیشک اللہ لوگوں پر کچھ ظلم نہیں کرتا ولیکن آدمی اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں ۔

(۴۵) اور جس دن کہ اللہ ان کو جمع کریگا گویا کہ وہ نہیں ٹھیرے دنیا میں یا قبروں میں مگر دن میں سے ایک لحظہ دنیا کا قیام انکو اس قدر تھوڑا معلوم ہوگا بسبب اس دن کی دہشت جو وہ اس میں دیکھیں گے ۔ (جلہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

حَالٌ مِنَ الضَّمِيْرِ يَتَعَارَفُوْنَ بَيْنَهُمْ يَعْرِفُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِذَا بُعِثُوْا ثُمَّ يَنْقَطِعُ التَّعَارُفُ لِشِدَّةِ الْاَهْوَالِ وَالْجُمْلَةُ حَالٌ مُقَدَّرَةٌ اَوْ مُتَعَلِّقُ الظَّرْفِ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَاءِ اللّٰهِ بِالْبَعْثِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ○

گاں لم یلبثوا الا حال ہے یحشرھم کی ضمیر ہم سے) جسوقت وہ قبروں سے اٹھیں گے باہم ایک دوسرے کو پہچانیں گے۔ پھر بسبب سختی ہونے قیامت کے اس میں پہچان نہ رہے گی۔ (جملہ یتعارفون حال مقدرہ ہے یا یوم کے متعلق ہے)

بیشک ٹوٹے میں پڑے وہ لوگ جنہوں نے اللہ سے ملنے کا یعنی حشر ونشر کا یقین نہ کیا اور نہیں ہیں وہ لوگ راہ پانے والے

(۴۶) وَاِمَّا فِيْهِ اِدْغَامُ نُوْنِ اِنِ الشَّرْطِيَّةِ فِيْ مَا الزَّائِدَةِ نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ بِهٖ مِنَ الْعَذَابِ فِيْ حَيَاتِكَ وَجَوَابُ الشَّرْطِ مَحْذُوْفٌ اَيْ فَذَاكَ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ قَبْلَ تَعْذِيْبِهِمْ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ مُطَّلِعٌ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ ○ مِنْ تَكْذِيْبِهِمْ وَكُفْرِهِمْ فَيُعَذِّبُهُمْ اَشَدَّ الْعَذَابِ

(۴۶) اور اگر ہم تمکو دکھلادیں بعض وہ امور جن کا ہم نے تم سے وعدہ کیا۔ تو تم دیکھو ہی گے یا اگر ہم تم کو وفات دیں ان کے عذاب دینے سے پہلے تو ہماری طرف ان کو آنا ہے پھر اللہ خبردار ہے اس امر سے جو وہ کرتے ہیں۔ یعنی پیغمبر کو جھٹلانا اور کفر کرنا سو اللہ اس کو سخت عذاب میں مبتلا کرے گا

تشریح

(۴۴) یہ لوگ خود اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں | اللہ تعالیٰ نے ان کو سننے کے لئے کان دیکھنے کے لئے آنکھیں دی ہیں اللہ تعالیٰ نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا اور وہ کسی پر ظلم کرتا بھی نہیں ہے یہ خود اپنے اوپر ظلم کرتے ہیں کہ اللہ کی بخشی ہوئی استعداد اور صلاحیت سے فائدہ نہیں اٹھاتے۔ اللہ نے ہر انسان کی فطرت بھی ایسی بنائی ہے کہ وہ نیکی کو قبول کرنے والی ہے مگر یہ اپنی فطرت کو خود ہی بگاڑ کر اپنے اوپر ظلم اور زیادتی کرتے ہیں۔

(۴۵) دنیا کی زندگی ایک گھڑی سے زیادہ نہیں ہے | اللہ کے رسول جس دین کی دعوت دیتے ہیں اس کا ایک حصہ یہ ہے کہ آخرت کی زندگی برحق ہے جہاں انسان کو اپنے دنیاوی اعمال کا حساب کتاب دینا ہے جس دن اللہ تعالیٰ تمام انسانوں کو میدانِ حشر میں جمع کریں گے اور آخرت کی بے پناہ وسیع زندگی ان کے سامنے ہوگی تو دنیا کی زندگی اس کے مقابلے میں ایسی لگے گی جیسے چلتے چلتے بس ایک گھڑی جان پہچان کیلئے ٹھہر گئے ہوں اس وقت وہ لوگ پچھتائیں گے جنھوں نے اللہ سے ملنے کو جھٹلایا تھا اور سمجھ لیں گے کہ ہم سخت گھاٹے میں رہے اور ہمارا راستہ غلط تھا۔

(۴۶) اللہ کا دین غالب ہو کر رہے گا | اللہ کا یہ سچا دین دینِ اسلام، اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول سے وعدہ کیا ہے کہ لاکھ رکاوٹوں کے باوجود یہ دین غالب ہو کر رہیگا اور تمام دینوں پر چھا جائے گا۔ اس وعدے کا کچھ حصہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں پورا ہو گیا جیسے غزوۂ بدر اور فتح مکہ وغیرہ میں اللہ نے دکھا دیا اور کچھ حصہ اللہ کے وعدوں کا آپ کے دنیا سے تشریف لے جانے کے بعد پورا ہو کر رہے گا لیکن بہرحال ان سب کو ایک دن اللہ کے روبرو پیش ہونا ہے اور اپنے کرتوتوں کا حساب دینا ہے۔ اور جو کچھ یہ کر رہے ہیں اس پر خود اللہ تعالیٰ بھی گواہ ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا

وَلِكُلِّ	اُمَّةٍ	رَّسُوْلٌ	فَاِذَا	جَآءَ	رَسُوْلُهُمْ	قُضِيَ	بَيْنَهُمْ	بِالْقِسْطِ	وَهُمْ	لَا
اور ہر ایک	امت (کیلئے)	رسول	پس جب	آگیا	ان کا رسول	فیصلہ کر دیا گیا	انکے درمیان	انصاف کیساتھ	اور وہ	نہیں

اور ہر امت کیلئے ایک رسول ہے پس جب ان کا رسول آگیا ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا اور ان پر ظلم

يُظْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ قُلْ لَّآ

يُظْلَمُوْنَ	وَيَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هٰذَا	الْوَعْدُ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	قُلْ	لَّآ
ظلم کئے جاتے	اور وہ کہتے ہیں	کب	یہ	وعدہ	اگر	تم ہو	سچے	آپؐ کہدیں	نہیں

نہیں کیا جاتا۔ اور وہ کہتے ہیں یہ وعدہ کب پورا ہوگا ؟ اگر تم سچے ہو۔ آپؐ کہہ دیں میں اپنی

اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ؕ اِذَا

اَمْلِكُ	لِنَفْسِيْ	ضَرًّا	وَّلَا نَفْعًا	اِلَّا	مَا	شَآءَ	اللّٰهُ	لِكُلِّ اُمَّةٍ	اَجَلٌ	اِذَا
مالک ہوں میں	اپنی جان کیلئے	کسی نقصان	اور نہ نفع	مگر	جو	چاہے	اللہ	ہر ایک امت کیلئے	ایک وقت مقرر	جب

جان کے لئے مالک نہیں ہوں کسی نقصان کا اور نہ نفع کا، مگر جو اللہ چاہے۔ ہر ایک امت کے لئے ایک وقت مقرر ہے جب

جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۴۹﴾

جَآءَ	اَجَلُهُمْ	فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ	سَاعَةً	وَّ	لَا	يَسْتَقْدِمُوْنَ
آجائیگا	ان کا وقت	پس نہ تاخیر کریں گے وہ	ایک گھڑی	اور	نہ	جلدی کرینگے وہ

ان کا وقت آجائیگا پس نہ وہ ایک گھڑی تاخیر کریں گے، نہ جلدی کر سکیں گے۔

﴿۴۷﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ مِنَ الْاُمَمِ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ اِلَيْهِمْ فَكَذَّبُوْهُ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ بِالْعَدْلِ فَيُعَذِّبُوْا وَيُنَجِّي الرَّسُوْلُ وَمَنْ صَدَّقَهٗ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ○ بِتَعْذِيْبِهِمْ بِغَيْرِ جُرْمٍ

﴿۴۷﴾ اور ہر ایک گروہ کے لئے تمام گروہوں میں سے ایک پیغمبر بھیجا گیا ہے پس جب انکی طرف ان کا پیغمبر آیا کہ انہوں نے اس کو جھٹلایا فیصلہ کر دیا گیا ان کے درمیان ساتھ انصاف کے پس عذاب دئے گئے وہ اور نجات پائی پیغمبر نے اور ان لوگوں نے جنھوں نے پیغمبر کو سچا سمجھا اور اسکی پیروی کی اور ان پر ظلم نہیں کیا گیا کہ بدون قصور کے انکو عذاب دیا گیا ہو۔ سو ایسا ہی ان لوگوں کے ساتھ معاملہ کیا جاویگا۔

﴿۴۸﴾ فَكَذٰلِكَ يُفْعَلُ بِهٰٓؤُلَآءِ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ بِالْعَذَابِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ فِيْهِ

﴿۴۸﴾ اور کافر کہتے ہیں کب ہے یہ وعدہ عذاب کا اگر تم اسمیں سچے ہو

﴿۴۹﴾ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا اَدْفَعُهٗ وَّلَا نَفْعًا اَجْلِبُهٗ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اَنْ يَّقْدِرَنِيْ

﴿۴۹﴾ کہہ دو کہ میں نہیں مالک اس کا کہ اپنے اوپر سے نقصان دور کروں اور نہ یہ کہ نفع حاصل کر سکوں مگر جو چاہے اللہ کہ مجھکو اس پر قدرت دے تو وہ کر سکتا ہوں۔ پس کس طرح

toobaa-elibrary.blogspot.com

عَلَيْهِ فَكَيْفَ أَمْلِكُ لَكُمْ حُلُولَ الْعَذَابِ
لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ مُدَّةٌ مَعْلُومَةٌ لِهَلَاكِهِمْ إِذَا
جَاءَ أَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَأْخِرُونَ يَتَأَخَّرُونَ
عَنْهُ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ ○
يَتَقَدَّمُونَ عَلَيْهِ

مالک ہو جاؤں میں تم پر عذاب پہنچنے کا۔
ہر ایک گروہ کے ہلاک کرنے کی ایک مدت مقرر ہے۔ جب آجاتی ہے ان کی موت پس اس سے نہ ایک لحظہ پیچھے ہٹ سکتے ہیں اور نہ اس سے آگے بڑھ سکتے ہیں۔

تشریح

(۴۷) رسول کے آنے کے بعد حجت پوری ہو جاتی ہے | جس دن سے انسان دنیا میں آیا ہے اللہ کا یہ طریقہ رہا ہے کہ وہ انسانوں کی ہدایت کے لئے اپنی کتاب بھی نازل فرماتے ہیں اور اپنا رسول بھی مقرر کرتے ہیں جو لوگوں کو اللہ کا کلام سنائے اور اس پر عمل کر کے دکھلائے ہر گروہ اور ہر امت کے لئے اللہ کا دستور یہی چلا آرہا ہے اسی دستور کے مطابق اللہ تعالیٰ نے سب سے آخر میں خاتم الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا رسول مقرر فرمایا اور ان پر اپنا کلام آخری کتاب قرآن مجید کی صورت میں نازل فرمایا۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید پر عمل کی صورت میں اپنی سنت اور اپنا طریقہ مکمل طور پر سامنے رکھ دیا اور آج قرآن اور سنت رسول ایک زندہ اور عملی شکل میں لوگوں کے سامنے ہیں اور یہ دونوں چیزیں تا قیامت باقی رہیں گی اسلئے چاہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے تشریف لے گئے ہوں یہ دونوں چیزیں اپنی اصلی صورت میں باقی ہیں اور امت کی رہنمائی کر رہی ہیں اور ہر شخص معلوم کر سکتا ہے کہ قرآن اور رسول نے کس چیز کی تعلیم دی ہے رسول کی دعوت امت تک پہنچنے کے بعد اللہ کی حجت پوری ہو جاتی ہے اور کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ مجھے اس دعوت کی خبر نہ تھی بس پھر ایک ہی چیز باقی رہ جاتی ہے اور وہ ہے فیصلہ جو پورے انصاف کے ساتھ ذرہ برابر ظلم کے بغیر چکا دیا جائیگا جو لوگ رسول کی بات مان لیں گے اور اپنا رویہ ٹھیک کر لیں گے وہ اللہ کی رحمت کے مستحق قرار پائیں گے اور جو رسول کی بات نہیں مانیں گے وہ عذاب کے مستحق ہونگے۔ اللہ کی مرضی ہے کہ وہ دنیا اور آخرت دونوں میں ہی عذاب دے یا آخرت میں سزا دے اور دنیا میں ڈھیل دے کر رکھے۔

(۴۸) عذاب کا وعدہ کب پورا ہوگا | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت سے انکار کرنے والے، اس کو نہ ماننے والے اور ہٹ دھرمی کرنے والے کہتے تھے کہ اگر یہ سزا اور عذاب کی بات سچی ہے نری دھمکی نہیں ہے تو آخر یہ عذاب کب آئے گا دنیا میں اللہ تعالیٰ نے ان کو ڈھیل دے رکھی ہے اور وہ یہاں کی لذتوں سے لطف اندوز ہو رہے ہیں اور اپنی مستی میں مست رہ کر انجام سے بے خبر ہیں یہ سمجھتے ہیں کہ یہ عذاب اور سزا کی باتیں بس یونہی ڈرانے کے لئے ہیں اسلئے استہزا کے ساتھ پوچھتے ہیں کہ وہ عذاب جس کی تم خبر دیتے رہتے ہو آخر آ کے کیوں نہیں دیتا۔

(۴۹) فیصلے کا نفاذ اللہ کی مشیت پر ہے | اللہ تعالیٰ حاکم بھی ہیں اور حکیم بھی کون سا فیصلہ کس وقت نافذ ہوگا یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی حکیمانہ قدرت پر منحصر ہے کسی نبی اور رسول کو بھی اس کا نہ کوئی اختیار ہے اور نہ اس میں ان کا کوئی دخل ہے اسلئے فرمایا کہ اے پیغمبر صاف کہہ دو کہ فیصلہ میرے ہاتھ میں نہیں ہے اور نہ میں نے دعویٰ کیا ہے میں تو خود اپنی ذات کے لئے بھی اللہ کی مشیت کے بغیر نفع نقصان کا مالک نہیں ہوں۔ اصل بات یہ ہے کہ اللہ نے ہر امت کے لئے مہلت کی ایک مدت مقرر کر رکھی ہے اللہ تعالیٰ جلد بازی نہیں کرتے بلکہ اپنی حکمت کے مطابق افراد اور گروہوں کو موقع دیتے ہیں ان کو مہلت دیتے ہیں کہ اگر وہ سنبھلنا چاہیں تو سنبھل جائیں یہ مہلت کتنی ہوگی اس کو اللہ ہی خوب جانتے ہیں کسی گروہ کے لئے یہ مہلت صدیوں تک بھی دراز ہو سکتی ہے اس میں اللہ تعالیٰ پورے پورے انصاف سے کام لیتے ہیں اور جب وہ فیصلہ کی گھڑی آجاتی ہے تو پھر وہ ذرا بھی آگے پیچھے نہیں ہوتی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا

قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	اَتٰىكُمْ	عَذَابُهٗ	بَيَاتًا	اَوْ	نَهَارًا
آپ کہدیں	بھلا تم دیکھو	اگر	تم پر آئے	اس کا عذاب	رات کو	یا	دن کے وقت

آپ کہہ دیں بھلا تم دیکھو اگر تم پر اس کا عذاب آئے رات کو یا دن کے وقت

مَاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۰﴾ اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ

مَاذَا	يَسْتَعْجِلُ	مِنْهُ	الْمُجْرِمُوْنَ	اَثُمَّ	اِذَا	مَا + وَقَعَ
کیا ہے وہ	جلدی کرتے ہیں	اس سے۔ اسکی	مجرم (جمع)	کیا پھر	جب	واقع ہوگا

تو وہ کیا ہے جس کی مجرم جلدی کر رہے ہیں۔؟ گیا پھر جب واقع ہوجائیگا (اسوقت)

اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۵۱﴾

اٰمَنْتُمْ	بِهٖ	آٰلْـٰٔنَ	وَ	قَدْ	كُنْتُمْ	بِهٖ	تَسْتَعْجِلُوْنَ
تم ایمان لاؤگے	اس پر	اب	اور	البتہ	تم تھے	اسکی	جلدی مچاتے

تم اُس پر ایمان لاؤگے۔؟ اَب (مانتے ہو) البتہ تم اس کی جلدی مچاتے تھے

ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ

ثُمَّ	قِيْلَ	لِلَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	ذُوْقُوْا	عَذَابَ	الْخُلْدِ	هَلْ	تُجْزَوْنَ
پھر	کہا جائیگا	ان لوگوں کو جو	انہوں نے ظلم کیا (ظالم)	تم چکھو	عذاب	ہمیشگی	کیا نہیں	تمہیں بدلہ دیا جاتا

پھر ظالموں کو کہا جائے گا تم ہمیشگی کا عذاب چکھو تمہیں وہی بدلہ دیا جاتا

اِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۵۲﴾

اِلَّا	بِمَا	كُنْتُمْ	تَكْسِبُوْنَ
مگر	وہ جو	تھے	تم کماتے

ہے جو تم کماتے تھے۔

﴿۵۰﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اَخْبِرُوْنِيْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ اَيْ اَللّٰهِ بَيَاتًا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا اَيُّ شَيْءٍ يَسْتَعْجِلُ

﴿۵۰﴾ کہدو مجھ کو بتلاؤ اگر تم پر اللہ کا عذاب آجاوے رات کو یا دن کو تو کیا چیز ہے وہ جس کی یہ مشرک جلدی کرتے ہیں یعنی عذاب ان پر آنے والا ہے پھر کیوں جلدی کرتے ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

مِنْهُ اَیْ اَلْعَذَابُ الْمُجْرِمُوْنَ ○
اَلْمُشْرِکُوْنَ. فِیْهِ وَضْعُ الظَّاهِرِ
مَوْضِعَ الْمُضْمَرِ وَجُمْلَةُ الْاِسْتِفْهَامِ
جَوَابُ الشَّرْطِ کَقَوْلِكَ اِنْ اَتَیْتُكَ
مَاذَا تُعْطِیْنِیْ وَالْمُرَادُ بِهِ التَّهْوِیْلُ
اَیْ مَا اَعْظَمَ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ

جس کی یہ جلدی کرتے ہیں وہ بڑی چیز ہے۔

(۵۱) اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ حَلَّ بِكُمْ
اٰمَنْتُمْ بِهٖ ط اَیْ اَللّٰهِ اَوِ الْعَذَابِ
عِنْدَ نُزُوْلِهٖ وَالْهَمْزَةُ لِاِنْكَارِ
التَّاْخِیْرِ فَلَا یُقْبَلُ مِنْكُمْ وَیُقَالُ
لَكُمْ اٰلْـٰٔنَ تُؤْمِنُوْنَ وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ
تَسْتَعْجِلُوْنَ ○ اِسْتِهْزَاءً

(۵۱) پھر جب وہ عذاب تم پر آجائے گا کیا اس وقت اللہ پر ایمان لاؤ گے یا عذاب کے آنے کا یقین کرو گے تو اسوقت تمہارا ایمان قبول نہ ہوگا اور تم سے کہا جائے گا اب ایمان لاتے ہو حالانکہ تم اس کے آنے کی جلدی کرتے تھے۔ ازراہ استہزار اور مذاق کے

(۵۲) ثُمَّ قِیْلَ لِلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا
عَذَابَ الْخُلْدِ اَیِ الَّذِیْ تَخْلُدُوْنَ فِیْهِ
هَلْ مَا تُجْزَوْنَ اِلَّا جَزَاءَ بِمَا كُنْتُمْ
تَكْسِبُوْنَ ○

(۵۲) پھر کہا جائیگا ان لوگوں کو جنھوں نے ظلم کیا چکھو تم عذاب جسمیں تم ہمیشہ رہو گے نہیں سزا دی جاتی تم کو مگر اس کی جو تم نے کمایا۔

تشریح

(۵۰) کیا عذاب بھی کوئی مانگنے کی چیز ہے؟ | بار بار مطالبہ کیا جاتا ہے کہ اگر سچے ہو تو ہم پر ہمارے گناہوں کی پاداش میں اللہ کا عذاب نازل کر کے دکھاؤ۔ اللہ تعالیٰ اپنی مصلحت اور حکمت کیوجہ سے عذاب دینے میں جلدی نہیں کرتے۔ لیکن یہ بتاؤ کہ رات کو جب تم سوئے ہوئے ہوں اچانک اللہ کا عذاب آجائے یا دن کے وقت جب تم اپنے کاموں میں لگے ہوئے ہوں۔ اللہ کا عذاب تمہیں گھیر لے تو اس سے پہلے تم کیا کر سکو گے کیا اس سے بچنے کی تدبیر کر سکو گے کیا تم بچ پاؤ گے۔ یہ کیا حماقت ہے۔ کیا عذاب بھی مانگنے کی چیز ہے؟۔

(۵۱) کیا جب عذاب سر پر آپڑے گا جبھی مانو گے؟ | آج تم بار بار تقاضہ کر رہے ہو اور مطالبہ کر رہے ہو کہ عذاب کیوں نہیں آتا؟ تو کیا جب عذاب تم پر آجائیگا جبھی تم اس صداقت کو تسلیم کرو گے کہ رسول کا کہنا برحق تھا۔ اصل بات یہ ہے کہ تمہیں عذاب کے آنے کا یقین نہیں ہے۔ یہ سمجھتے ہو کہ بس یہ صرف کہنے کی باتیں ہیں اگر تمہیں یقین ہوتا تو عذاب سے بچنے کی تدبیر کرتے نہ یہ کہ اس کا مطالبہ کرو اور جب تمہیں عذاب آنے کے بعد یقین آجائیگا تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے اب عذاب سے بچنا چاہتے ہو حالانکہ تم خود ہی اس کے جلدی آنے کا تقاضہ کر رہے تھے کیونکہ ان کا تقاضہ کرنا بھی اصل میں جھٹلانے اور مذاق اڑانے کے انداز میں تھا۔

(۵۲) حق کا انکار کرنے والوں کو ہمیشہ کے عذاب کا مزہ چکھایا جائیگا | آج جو لوگ سچائی کا مذاق اڑا رہے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ہم دنیا میں کامیاب ہیں اور کوئی ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتا قیامت میں ان سے کہا جائے گا کہ اب ہمیشہ رہنے والے عذاب کا مزہ چکھو۔ جو کچھ تم نے کمائی کی ہے اس کا بدلہ اس کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے جو تم کو دیا جا رہا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيَسْتَنْبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ۭ قُلْ اِيْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ۚ وَمَآ اَنْتُمْ

وَيَسْتَنْبِـُٔوْنَكَ	اَحَقٌّ	هُوَ	قُلْ	اِيْ	وَرَبِّيْٓ	اِنَّهٗ	لَحَقٌّ	وَمَآ	اَنْتُمْ
اور تم سے پوچھتے ہیں	کیا سچ ہے	وہ	آپ کہدیں	ہاں	میرے رب کی قسم	بیشک وہ	ضرور سچ	اور نہیں	تم ہو

اور تم سے پوچھتے ہیں کیا وہ سچ ہے؟ آپ کہدیں ہاں! میرے رب کی قسم! بیشک وہ ضرور سچ ہے اور تم عاجز کرنے

بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۳﴾ وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ ع ۱۲ ۱۰ ۵

بِمُعْجِزِيْنَ	وَلَوْ	اَنَّ	لِكُلِّ	نَفْسٍ	ظَلَمَتْ	مَا فِي + الْاَرْضِ	لَافْتَدَتْ
عاجز کرنے والے	اور اگر	ہو	ہر ایک کیلئے	شخص	اس نے ظلم کیا (ظالم)	جو کچھ زمین میں	البتہ فدیہ دے دے

والے نہیں۔ اور اگر (خواہ) ہر ظالم شخص کے لئے (وہ سب کچھ) ہو جو زمین میں ہے (اور) وہ اس کو فدیہ میں دیدے

بِهٖ ۭ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ

بِهٖ	وَاَسَرُّوا	النَّدَامَةَ	لَمَّا	رَاَوُا	الْعَذَابَ	وَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ	بِالْقِسْطِ
اسکو	اور وہ چپکے چپکے ہونگے	پشیمان	جب	وہ دیکھیں گے	عذاب	اور فیصلہ ہوگا	ان کے درمیان	انصاف کے ساتھ

اور وہ چپکے چپکے پشیمان ہوں گے جب عذاب دیکھیں گے، اور انکے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ ہو گا۔

وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَلَآ

وَهُمْ	لَا يُظْلَمُوْنَ	اَلَآ	اِنَّ	لِلّٰهِ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	اَلَآ
اور وہ	ظلم نہ کئے جائیں گے	یادرکھو	بیشک	اللہ کیلئے	جو	آسمانوں میں	اور زمین	یادرکھو

اور ان پر ظلم نہ کیا جائے گا یادرکھو اللہ کے لئے ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے یادرکھو

اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾

اِنَّ	وَعْدَ	اللّٰهِ	حَقٌّ	وَّلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ
بیشک	وعدہ	اللہ	سچ	اور لیکن	ان کے اکثر	جانتے نہیں۔

بیشک اللہ کا وعدہ سچ ہے لیکن ان کے اکثر جانتے نہیں۔

﴿۵۳﴾ وَيَسْتَنْبِـُٔوْنَكَ يَسْتَخْبِرُوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ اَيْ مَا وَعَدْتَنَا بِهٖ مِنَ الْعَذَابِ وَ الْبَعْثِ قُلْ اِيْ نَعَمْ وَرَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ۭ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ بِفَائِتِيْنَ الْعَذَابَ

﴿۵۴﴾ وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ

﴿۵۳﴾ اور کافر تم سے پوچھتے ہیں کیا سچ ہے یہ جو تم ہم سے وعدہ کرتے ہو عذاب کا یا قیامت کے آنے کا اور مر کر زندہ ہونے کا۔ کہدو ہاں یہ وعدہ سچا ہے قسم ہے میرے رب کی اور تم عذاب سے بچ نہیں سکتے۔

﴿۵۴﴾ وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ

toobaa-elibrary.blogspot.com

كَفَرَتْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا
مِنَ الْأَمْوَالِ لَافْتَدَتْ بِهِ
مِنَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَأَسَرُّوا
النَّدَامَةَ عَلٰى تَرْكِ الْإِيمَانِ
لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ ۚ وَقُضِيَ
بَيْنَهُمْ بَيْنَ الْخَلَائِقِ بِالْقِسْطِ
بِالْعَدْلِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ شَيْئًا

اور بیشک اگر ہر ایک آدمی کفر کرنے والے کی ملک میں ہو تمام وہ مال زمین میں ہے تو وہ شخص اس سب مال کو عذاب قیامت سے بچنے کے لئے خرچ کر دے اور عوض میں دیدے۔ اور چھپا دیں گے یہ کافر شرمندگی کو جو ان کو ایمان نہ لانے میں حاصل ہوگی جبکہ دیکھیں گے عذاب کو یعنی بڑے کافر جنہوں نے ضعیفوں کمزوروں کو گمراہ کیا تھا ان کے سامنے ندامت ظاہر نہ کریں گے چھپا دیں گے بے عزتی اور عار کے ڈر سے اور فیصلہ کیا جاویگا مخلوقات میں ساتھ انصاف کے اور ان کے اوپر بالکل ظلم نہ کیا جائیگا۔

(۵۵) أَلَا إِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ
الْأَرْضِ ۗ أَلَا إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ بِالْبَعْثِ
وَالْجَزَاءِ حَقٌّ ثَابِتٌ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ
أَيِ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ ذٰلِكَ

(۵۵) آگاہ رہو اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمینوں میں ہے خبردار رہو بلاشبہ وعدہ اللہ کا حشر و نشر اور جزا و سزا میں فروز ہونے والا ہے ولیکن اکثر آدمی اس کو نہیں جانتے۔

تشریح

(۵۳) تعجب سے پوچھتے ہیں کیا واقعی ہم مرنے کے بعد زندہ کئے جائیں گے؟ | حق کی روشن دلیلیں سامنے آنے کے باوجود حیرت کے انداز میں پوچھتے ہیں کہ کیا واقعی جو تم کہہ رہے ہو وہ سچ ہے؟ کیا ہم مرنے کے بعد زندہ کئے جائیں گے؟ اور دائمی عذاب کا مزہ چکھیں گے؟ جب ہم ریزہ ریزہ ہو کر مٹی میں مل جائیں گے تو بھلا دوبارہ کیسے زندہ ہونگے اے پیغمبر ان سے کہہ دو کہ تمہارا مٹی میں مل جانا اللہ کو تمہیں دوبارہ پیدا کرنے سے روکتا نہیں ہے۔ جس نے پہلی بار پیدا کیا وہ دوسری بار بھی پیدا کریگا۔ میرے رب کی قسم یہ بالکل برحق ہے اور تم میں اتنی طاقت نہیں ہے کہ اس کو ظہور میں آنے سے روک سکو اور اللہ تعالیٰ کو دوبارہ پیدا کرنے سے عاجز کر سکو۔

(۵۴) روئے زمین کی ساری دولت دیکر بھی وہ اپنے آپ کو بچا نہ سکیں گے | آج جو لوگ سب کچھ جاننے کے بعد بھی غفلت کی وجہ سے انجان بنے ہوئے ہیں اور دنیا کی رنگینیوں میں کھو کر آخرت کے انجام سے غافل ہیں جب وہ انجام ان کے سامنے آئے گا تو دل ہی دل میں پچھتائیں گے کہ کاش ہم نے اس سے بچنے کے لئے پہلے سے سامان کر لیا ہوتا اور پیغمبر کی باتوں پر ایمان لے آئے ہوتے اگر ان کے پاس روئے زمین کے سارے خزانے بھی ہوتے تو وہ سب کچھ دیکر عذاب سے بچنے کے لئے آمادہ ہوتے مگر آج کوئی چیز ان کو اللہ کے عذاب سے بچا نہ سکے گی اور بغیر کسی زیادتی کے پورے پورے انصاف کے ساتھ ان کا فیصلہ ہوگا۔ فیصلے اور بدلے کا یہ دن آنا ہر انسان کے لئے یقینی ہے۔

(۵۵) زمین و آسمان میں ہر جگہ اللہ کی فرماں روائی ہے | اچھی طرح سمجھ لو کہ زمین و آسمان میں جو کچھ ہے وہ صرف اللہ کا ہے اللہ ہی اس کا خالق ہے اور اسی لئے وہ ان کا مالک ہے اور اسی لئے وہ ان کا حاکم ہے ہر ہر چیز پر اللہ کی فرمانروائی ہے اسلئے ہر ایک کے ساتھ انصاف ہوگا کوئی مجرم بچ کر نکل نہ سکے گا اور نہ کچھ دیکر چھوٹ سکے گا اللہ کا وعدہ برحق ہے مگر اکثر لوگ کم فہمی اور غفلت کی وجہ سے ان حقائق کو نہیں سمجھتے اور الٹی سیدھی بکواس کرتے رہتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ

هُوَ	يُحْيٖ	وَيُمِيْتُ	وَاِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	قَدْ
وہی	زندگی دیتا ہے	اور مارتا ہے	اور اسکی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	اے	لوگو	تحقیق

وہی زندگی دیتا ہے اور وہی مارتا ہے اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔ اے لوگو تحقیق آگئی

جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ

جَآءَتْكُمْ	مَّوْعِظَةٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	وَشِفَآءٌ	لِّمَا	فِي	الصُّدُوْرِ
آگئی تمہارے پاس	نصیحت	سے	تمہارا رب	اور شفاء	اسکے لئے جو	میں	سینوں (دلوں)

تمہارے پاس نصیحت تمہارے رب کی طرف سے اور شفا اس (ردگ) کے لئے جو دلوں میں ہے

وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾

وَهُدًى	وَّرَحْمَةٌ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ
اور ہدایت	اور رحمت	مومنوں کے لئے

اور ہدایت اور رحمت مومنوں کے لئے۔

﴿۵۶﴾ هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ فِي الْاٰخِرَةِ فَيُجَازِيْكُمْ بِاَعْمَالِكُمْ۔

﴿۵۷﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَيْ اَهْلَ مَكَّةَ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ كِتَابٌ فِيْهِ مَا لَكُمْ وَعَلَيْكُمْ وَهُوَ الْقُرْاٰنُ وَشِفَآءٌ دَوَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ مِنَ الْعَقَآئِدِ الْفَاسِدَةِ وَالشُّكُوْكِ وَهُدًى مِّنَ الضَّلَالَةِ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ○ بِهٖ

﴿۵۶﴾ وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور اسی کی طرف آخرت میں تم کو جانا ہے سو وہ تمہارے عملوں کا عوض تم کو دیگا۔

﴿۵۷﴾ اے مکہ والوں بیشک تمہارے پاس تمہارے رب کی نصیحت آئی یعنی وہ کتاب جسمیں تمہارے نفع اور نقصان کی باتیں سب درج ہیں اور وہ قرآن ہے اور تمہارے پاس آئی دوا اس بیماری کی جو تمہارے دلوں میں ہے یعنی عقائد فاسدہ اور شک کا علاج اس میں ہے اور ہدایت ہے گمراہی سے اور رحمت ہے ان لوگوں کے لئے جو اس پر ایمان لاتے ہیں۔

تشریح

﴿۵۶﴾ زندگی اور موت کا مالک اللہ ہے | زندگی اور موت سب اللہ کے قبضے میں ہے وہی زندگی دیتا ہے وہی زندگی بخشتا ہے اور وہی موت دیتا ہے جب موت اور زندگی اسکے قبضے میں ہے تو اس کے لئے دوبارہ زندہ کرنا کیا مشکل ہے؟ وہ دوبارہ زندہ کریگا اور سب پلٹ کر اس کے سامنے جمع ہونگے اور پھر ہر ایک کا حساب کتاب ہوگا۔

﴿۵۷﴾ قرآن مجید سامانِ ہدایت اور دل کے روگوں کی دوا ہے | یہ اللہ کا کلام جو قرآن مجید کی صورت میں تمہارے سامنے ہے اے لوگو! یہ تمہارے رب کی طرف سے سامان نصیحت باعث ہدایت ایمان لانیوالوں کے لئے باعثِ رحمت اور دل کی بیماریوں کی تیر بہدف دوا ہے۔ یہ تمہاری دنیا اور آخرت کو سنوارتا ہے تمہارے دل کے زنگ کو دور کرتا ہے۔ تمہیں ہدایت کا راستہ دکھاتا ہے جہالت کی تاریکی میں یہ تمہارے لئے مینارۂ نور ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ

قُلْ	بِفَضْلِ	اللّٰهِ	وَ	بِرَحْمَتِهٖ	فَبِذٰلِكَ	فَلْيَفْرَحُوْا	هُوَ	خَيْرٌ
آپ کہدیں	فضل سے	اللہ	اور	اسکی رحمت سے	سو اس پر	وہ خوشی منائیں	وہ ۔ یہ	بہتر

آپ کہہ دیں اللہ کے فضل سے، اور اس کی رحمت سے سو اس کی خوشی منائیں یہ اس (سب) سے بہتر ہے

مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ

مِمَّا	يَجْمَعُوْنَ	قُلْ	اَرَءَيْتُمْ	مَّآ + اَنْزَلَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	مِّنْ
اس سے جو	وہ جمع کرتے ہیں	آپ کہدیں	بھلا دیکھو	جو (اس نے) اتارا	اللہ	تمہارے لئے	سے

جو وہ جمع کرتے ہیں آپ کہدیں بھلا دیکھو جو اللہ نے تمہارے لئے رزق اُتارا

رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ

رِّزْقٍ	فَجَعَلْتُمْ	مِّنْهُ	حَرَامًا	وَّحَلٰلًا	قُلْ	آٰللّٰهُ	اَذِنَ	لَكُمْ
رزق	پھر تم نے بنالیا	اس سے	کچھ حرام	اور کچھ حلال	آپ کہدیں	کیا اللہ	حکم دیا	تمہیں

پھر تم نے اس میں سے کچھ حرام بنا لیا اور کچھ حلال آپ کہدیں، کیا اللہ نے تمہیں حکم دیا؟

اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾ وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى

اَمْ	عَلَى + اللّٰهِ	تَفْتَرُوْنَ	وَمَا	ظَنُّ	الَّذِيْنَ	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى
یا	اللہ پر	تم جھوٹ باندھتے ہو	اور کیا	خیال	وہ لوگ جو	گھڑتے ہیں	پر

یا اللہ پر جھوٹ باندھتے ہو؟ اور ان لوگوں کا کیا خیال ہے جو گھڑتے ہیں

اللّٰهِ الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى

اللّٰهِ	الْكَذِبَ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَذُوْ فَضْلٍ	عَلَى
اللہ	جھوٹ	دن	قیامت	بیشک	اللہ	فضل کرنے والا	پر

اللہ پر جھوٹ قیامت کے دن (ان کا کیا حال ہوگا) بیشک اللہ لوگوں پر فضل کرنے والا

النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع ۶ ۷ ۱۱

النَّاسِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَهُمْ	لَا يَشْكُرُوْنَ	
لوگوں	اور لیکن	ان کے اکثر	شکر نہیں کرتے	

ہے لیکن ان میں سے اکثر شکر نہیں کرتے

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۵۸) قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ○

(۵۸) کہدو اس پر اللہ کا فضل ہے کہ ان کو اس نے اسلام کی توفیق دی اور اس کی رحمت ہے کہ قرآن ان پر اتارا۔ سو ان کو چاہیئے کہ اس فضل اور رحمت سے خوش ہوں اور یہ بہتر ہے اس سے جو کچھ وہ دنیا میں جمع کرتے ہیں

(۵۹) قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّحَلٰلًا قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ○

(۵۹) کہدو مجھ کو بتلاؤ کہ اللہ نے تمہارے لیے جو روزی پیدا کی تم نے پھر اس میں سے کسی کو حرام اور کسی کو حلال کر لیا مثلاً بحیرہ اور سائبہ کو تم نے حرام کر لیا اور مردار حلال کر لیا ان سے کہو کیا اللہ نے تمکو اس حرام کرنے اور حلال کرنے کی اجازت دی ہے۔ نہیں بلکہ تم اللہ پر جھوٹ باندھتے ہو کہ اسکو اس کی طرف نسبت کرتے ہو۔

(۶۰) وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ اَيْ اَيُّ شَيْءٍ ظَنُّهُمْ بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهٗ لَا يُعَاقِبُهُمْ لَا اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ بِاِمْهَالِهِمْ وَالْاِنْعَامِ عَلَيْهِمْ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ○

(۶۰) اور کیا گمان ہے ان لوگوں کا جو اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں یعنی ان کا گمان قیامت کے روز اللہ پر کیا ہے کیا وہ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ ہم کو عذاب نہ کرے گا یہ غلط ہے وہ ضرور عذاب کرے گا بیشک اللہ کا فضل ہے لوگوں پر کہ وہ ان کو مہلت دیتا ہے اور انعام فرماتا ہے لیکن اکثر آدمی شکر نہیں کرتے۔

تشریح

(۵۸) **تمہیں اللہ کی اس نعمت پر خوش ہونا چاہیئے** قرآن مجید جیسی نعمت پاکر تمہیں خوش ہونا چاہیئے کہ اللہ نے اپنے فضل اور مہربانی سے تمہیں یہ تحفہ عطا فرمایا ہے جو تم سمیٹ رہے ہو۔ دنیا کی چیزیں ان سے یہ کہیں بہتر ہے اسلئے کہ یہ تمہارے لئے دنیا میں بھی ہدایت کا سامان ہے تمہیں وہ نظام زندگی دیتا ہے جس پر عمل کر کے تم اپنی دنیا کی زندگی کو بہتر سے بہتر بنا سکتے ہو اور یہ تمہاری آخرت کو سنوارتا اور روشن کرتا ہے۔

(۵۹) **حلال وحرام کا فیصلہ کرنا اللہ کا کام ہے** قرآن مجید ہدایت اور رحمت بن کر آیا ہے۔ اللہ کی اس کتاب سے حلال وحرام کی حدود متعین کی جائیں گی اور چونکہ کائنات میں سب کچھ اللہ کا ہے اسلئے اسی کو حق ہے کہ وہ اپنے بندوں کی مصلحت کو دیکھتے ہوئے حلال وحرام کا تعین کرے خود بندوں کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ کسی چیز کے جائز ناجائز ہونے کا خود فیصلہ کریں اس کی مثال ایسی ہے کہ ہمارے گھر میں کوئی نوکر اور ملازم ہو اور وہ ہمارے گھر کی چیزوں کو استعمال کرنے کیلئے اپنے آپ کو آزاد اور خود مختار سمجھے تو یہ اسکی غلط فہمی ہوگی۔ آقا کے مال میں اپنے تصرف اور اختیارات کی حدیں مقرر کر لینے کا اس کو حق نہیں ہے۔ ہاں خود آقا ہی اجازت دے تو اس کی اجازت سے اس کے دیئے ہوئے اختیارات کا استعمال اس کی متعین کی ہوئی حدوں سے کیا جا سکتا ہے۔

(۶۰) **اللہ نے رہنمائی فرما کر ہم پر مہربانی کی ہے** اللہ تعالیٰ کا یہ بڑا کرم اور اس کا انعام ہے کہ اس نے اپنے بندوں کی رہنمائی کی ہے اور ان کو بتایا ہے کہ انہیں اپنے نفس میں اور اللہ کی دی ہوئی چیزوں میں کون سا طرز عمل اختیار کرنا چاہیئے۔ اللہ کی اس عنایت کا شکریہ یہ ہے کہ ہم اللہ پر کوئی بہتان طرازی نہ کریں اور جس چیز کو اس نے حلال کیا اُسے حلال کہیں اور جس کو حرام کیا ہے اس کو حرام سمجھیں۔ اگر ہم اپنی طرف سے اللہ کے قانون میں ردو بدل کریں گے تو قیامت کے دن بازپرس ہوگی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ

وَ	مَا تَكُوْنُ	فِيْ + شَاْنٍ	وَّ	مَا تَتْلُوْا	مِنْهُ	مِنْ	قُرْاٰنٍ	وَّ	لَا تَعْمَلُوْنَ
اور	نہیں ہوتے تم	کسی حال میں	اور	نہیں پڑھتے	اس سے	سے کچھ	قرآن	اور	نہیں کرتے

اور تم نہیں ہوتے کسی حال میں، اور نہ اس میں سے کچھ قرآن پڑھتے ہو اور نہ کوئی عمل

مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَمَا

مِنْ	عَمَلٍ	اِلَّا	كُنَّا	عَلَيْكُمْ	شُهُوْدًا	اِذْ	تُفِيْضُوْنَ	فِيْهِ	وَمَا
کوئی	عمل	مگر	ہم ہوتے ہیں	تم پر	گواہ	جب	تم مشغول ہوتے ہو	اسمیں	اور نہیں

کرتے ہو مگر ہم تم پر گواہ (باخبر) ہوتے ہیں، جب تم اس میں مشغول ہوتے ہو اور نہیں

يَعْزُبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي

يَعْزُبُ	عَنْ	رَّبِّكَ	مِنْ	مِّثْقَالِ	ذَرَّةٍ	فِي	الْاَرْضِ	وَلَا	فِي
غائب	سے	تمہارا رب	سے	برابر	ایک ذرہ	میں	زمین	اور نہ	میں

تمہارے رب سے غائب ایک ذرہ برابر بھی زمین میں اور نہ

السَّمَآءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ

السَّمَآءِ	وَ	لَا	اَصْغَرَ	مِنْ	ذٰلِكَ	وَلَآ	اَكْبَرَ	اِلَّا	فِيْ	كِتٰبٍ
آسمان	اور	نہ	چھوٹا	سے	اس	اور نہ	بڑا	مگر	میں	کتاب

آسمان میں اور نہ اس سے چھوٹا اور نہ اس سے بڑا، مگر روشن کتاب میں

مُّبِيْنٍ ﴿٦١﴾ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ

مُّبِيْنٍ	اَلَآ	اِنَّ	اَوْلِيَآءَ + اللّٰهِ	لَا	خَوْفٌ	عَلَيْهِمْ	وَ
روشن	یادرکھو	بیشک	اللہ کے دوست	نہ	کوئی خوف	ان پر	اور

ہے یادرکھو! بیشک (جو) اللہ کے دوست ہیں نہ کوئی خوف ان پر اور

لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٦٢﴾ ع ۷

لَا	هُمْ	يَحْزَنُوْنَ
نہ	وہ	غمگین ہوں گے

نہ وہ غمگین ہوں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۶۱) وَمَا تَكُوْنُ يَا مُحَمَّدُ فِيْ شَاْنٍ اَمْرٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ اَيْ مِنَ الشَّاْنِ اَوِ اللّٰهِ مِنْ قُرْاٰنٍ اَنْزَلَهٗ عَلَيْكَ وَلَا تَعْمَلُوْنَ خَاطَبَهٗ وَاُمَّتَهٗ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا رُقَبَاءَ اِذْ تُفِيْضُوْنَ تَاْخُذُوْنَ فِيْهِ اَيِ الْعَمَلِ وَمَا يَعْزُبُ يَغِيْبُ عَنْ رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ وَزْنِ ذَرَّةٍ اَصْغَرُ نَمْلَةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَلَآ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ○ بَيِّنٍ هُوَ اللَّوْحُ الْمَحْفُوْظُ۔

(۶۱) اور تم اے محمد ﷺ جس حال میں ہوتے ہو اور قرآن کو پڑھتے ہو جو اللہ نے تم پر اتارا اور تم اور تمہاری امت جو کچھ کرتے ہو ہم ان سب امور پر مطلع ہیں اور دیکھتے رہتے ہیں جب تم اس کام کو شروع کرتے ہو اور تیرے رب سے کوئی چیز بقدر چھوٹی چیونٹی کے بھی پوشیدہ نہیں زمین میں نہ آسمان میں اور نہ اس سے کوئی چھوٹی اور بڑی چیز ہے مگر یہ کہ وہ کتاب ظاہر یعنی لوح محفوظ میں موجود ہے۔

(۶۲) اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ○ فِي الْاٰخِرَةِ هُمْ۔

(۶۲) آگاہ رہو بیشک جو اللہ کے دوست ہیں ان پر نہ کچھ خوف ہے اور نہ وہ آخرت میں غمگین ہوں گے۔

تشریح

(۶۱) **اللہ کو ذرے ذرے کا علم ہے** اللہ تعالیٰ اپنی سلطنت کے ذرے ذرے سے باخبر ہیں کوئی چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی چیز اللہ کے علم سے باہر نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ دیکھ رہے ہیں کہ ایک طرف پیغمبر ہیں کہ شب و روز مالک حقیقی کی فرماں برداری اور وفاداری میں لگے ہوئے ہیں جب آپ قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہیں اور لوگوں کو سناتے ہیں تو آپ کی شان ہی کچھ اور ہوتی ہے۔ یہ بھی اللہ کی نظر میں ہے۔ دوسری طرف مخالفین جو کچھ کر رہے ہیں اور آپ کی دعوت کے راستے میں روڑے اٹکا رہے ہیں ان کی حرکتیں بھی اللہ تعالیٰ دیکھ رہے ہیں۔ خوب سمجھ لو کہ تمہارا ہر عمل اللہ کے دفتر میں درج ہو رہا ہے۔

(۶۲) **اللہ کے وفاداروں کو کسی غم اور خوف کی ضرورت نہیں** جو اللہ کے سچے وفادار ہیں دل سے اس کے اطاعت گذار ہیں انھیں نہ تو خوف کی ضرورت ہے کہ اللہ کے راستے میں قدم رکھتے ہوئے انہیں اللہ کے سوا کسی کا خوف ہو انہیں جھجکنے اور ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے بلا خوف و خطر راہ ہدایت پر گامزن رہیں۔ کوئی طاقت ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی اور نہ ایسے لوگوں کو کوئی رنج و غم ہوگا، کوئی پچھتاوا نہ ہوگا کہ انہوں نے جو کچھ کیا اس پر انہیں افسوس ہو اس لئے کہ ان کے عمل کا بہترین بدلہ ان کو مل کر رہیگا اس لئے انہیں قدم اٹھانے سے پہلے کسی خوف کا موقع نہیں اور قدم اٹھانے کے بعد کسی رنج و غم کی گنجائش نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۶۳﴾ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَكَانُوْا + يَتَّقُوْنَ	لَهُمُ	الْبُشْرٰى	فِي	الْحَيٰوةِ + الدُّنْيَا
وہ لوگ جو	ایمان لائے	اور تقویٰ کرتے رہے	انکے لئے	بشارت	میں	دنیا کی زندگی

اور جو لوگ ایمان لائے اور تقویٰ (خوف خدا اور پرہیزگاری) کرتے رہے ان کے لئے بشارت ہے دنیا کی زندگی میں

وَفِي الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۶۴﴾

وَفِي	الْاٰخِرَةِ	لَا تَبْدِيْلَ	لِكَلِمٰتِ	اللّٰهِ	ذٰلِكَ	هُوَ	الْفَوْزُ	الْعَظِيْمُ
اور میں	آخرت	تبدیلی نہیں	باتوں میں	اللہ	یہ	وہ	کامیابی	بڑی

اور آخرت میں۔ اللہ کی باتوں میں کوئی تبدیلی نہیں۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔

(۶۳) اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ○
اللّٰهَ بِامْتِثَالِ اَمْرِهٖ وَنَهْيِهٖ

(۶۴) لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فُسِّرَتْ فِيْ حَدِيْثٍ صَحَّحَهُ الْحَاكِمُ بِالرُّؤْيَا الصَّالِحَةِ يَرَاهَا الرَّجُلُ الْمُؤْمِنُ اَوْ تُرٰى لَهٗ وَفِي الْاٰخِرَةِ بِالْجَنَّةِ وَالثَّوَابِ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ لَا خُلْفَ لِمَوَاعِيْدِهٖ ذٰلِكَ الْمَذْكُوْرُ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ○

(۶۳) اللہ کے دوست وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور اللہ سے ڈرتے ہیں اسکے حکم کے فرمانبردار اور جن چیزوں سے اس نے منع فرمایا اس سے بچتے ہیں۔

(۶۴) ان کے واسطے بشارت ہے زندگانی دنیا میں۔ اس بشارت کا بیان ایک حدیث میں ہے جس کو حاکم نے صحیح کہا کہ مراد اس سے اچھے خواب ہیں جو کسی مرد مسلمان کو نظر آوے یا کوئی دوسرا شخص کسی مسلمان کے لئے کوئی اچھا خواب دیکھے۔ اور آخرت میں انکے لئے جنت اور ثواب کی خوشخبری ہے۔

اللہ کی باتیں بدلتی نہیں یعنی اس کے وعدوں میں خلاف نہیں ہوتا۔ یہ جو ذکر کیا گیا بڑی نجات ہے۔

تشریح

(۶۳) یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے راہ تقویٰ اختیار کی | اللہ کے یہ دوست اور وفادار جو بے کھٹکے ایمانی راہ پر چلتے رہے وہ لوگ ہیں جنہوں نے ایمان لانے کے ساتھ تقویٰ اور پرہیزگاری کا راستہ اختیار کیا ہر معاملے میں یہ احتیاط رکھی کہ ان کے قدم سیدھے راستے سے ذرا بھی ادھر اُدھر نہ ہو جائیں۔ وہ اللہ سے ڈرتے رہے جو ابدی کا احساس دامن گیر رہا۔

(۶۴) اللہ کے وفاداروں کے لئے بلاشبہ دنیا و آخرت کی بشارتیں ہیں | وہ صاحب ایمان اور متقی بندے جو پوری وفاداری کے ساتھ پروردگار کے مطیع اور فرماں بردار رہے ان کے لئے دنیا کی زندگی میں بھی بشارت ہے کہ انہیں ایک پاکیزہ اور پرسکون اور مطمئن زندگی عطا کی جائے گی۔ دنیا کی بڑی سے بڑی پریشانی ان کے اطمینان قلب کی دولت کو چھین نہ سکے گی اور آخرت میں بھی ان کے لئے اللہ کی بہترین نعمتوں کی خوشخبری ہے۔ اللہ کی یہ باتیں پختہ اور اٹل ہیں ان میں کوئی تبدیلی نہیں ہو سکتی۔ یہ وہ کامیابی ہے جو سب کامیابیوں سے بڑھ کر ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۭ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۶۵ اَلَآ

وَلَا	يَحْزُنْكَ	قَوْلُهُمْ	اِنَّ	الْعِزَّةَ	لِلّٰهِ	جَمِيْعًا	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ	اَلَآ
اور نہ	تمہیں غمگین کرے	ان کی بات	بیشک	غلبہ	اللہ کیلئے	تمام	وہ	سننے والا	جاننے والا	یاد رکھو

اور ان کی بات تمہیں غمگین نہ کرے بیشک تمام غلبہ اللہ کے لئے ہے وہ سننے والا جاننے والا ہے۔ یاد رکھو

اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

اِنَّ	لِلّٰهِ	مَنْ	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَمَنْ	فِي الْاَرْضِ	وَمَا	يَتَّبِعُ	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ
بیشک	اللہ کیلئے	جو کچھ	میں	آسمانوں	اور جو	زمین میں	اور کیا کسی	پیروی کرتے ہیں	وہ لوگ جو	پکارتے ہیں

بیشک جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے اللہ کے لئے ہے۔ اور کسی کی پیروی (نہیں) کرتے وہ لوگ جو اللہ کے سوا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُرَكَاۗءَ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا

مِنْ + دُوْنِ	اللّٰهِ	شُرَكَاۗءَ	اِنْ + يَّتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	الظَّنَّ	وَاِنْ	هُمْ	اِلَّا
سوائے	اللہ	شریک (جمع)	وہ نہیں پیروی کرتے	مگر	گمان	اور نہیں	وہ	مگر (صرف)

شریکوں کو پکارتے ہیں مگر (صرف) گمان کی پیروی کرتے ہیں۔ اور وہ صرف اٹکلیں دوڑاتے

يَخْرُصُوْنَ ۝۶۶ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ

يَخْرُصُوْنَ	هُوَ	الَّذِيْ	جَعَلَ	لَكُمُ	الَّيْلَ	لِتَسْكُنُوْا	فِيْهِ	وَالنَّهَارَ
اٹکلیں دوڑاتے ہیں	وہی	جو۔جس	بنایا	تمہارے لئے	رات	تاکہ تم سکون حاصل کرو	اسمیں	اور دن

ہیں۔ وہی ہے جس نے بنائی تمہارے لئے رات کہ اس میں سکون حاصل کرو اور دن

مُبْصِرًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۝۶۷ قَالُوا اتَّخَذَ

مُبْصِرًا	اِنَّ	فِيْ + ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ + يَّسْمَعُوْنَ	قَالُوا	اتَّخَذَ
دکھانے والا (روشن)	بیشک	اس میں	البتہ نشانیاں	سننے والے لوگوں کے لئے	وہ کہتے ہیں	بنالیا

روشن۔ بیشک اس میں سننے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ وہ کہتے ہیں اللہ نے

اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ هُوَ الْغَنِيُّ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ

اللّٰهُ	وَلَدًا	سُبْحٰنَهٗ	هُوَ	الْغَنِيُّ	لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ
اللہ	بیٹا	وہ پاک ہے	وہ	بے نیاز	اسکے لئے	جو	آسمانوں میں	اور جو	میں	زمین

بنالیا (اپنا) بیٹا، وہ پاک ہے وہ بے نیاز ہے، اسی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنْ عِنْدَكُمْ مِنْ سُلْطَانٍ بِهٰذَا ۭ أَتَقُولُونَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٦٨﴾

إِنْ	عِنْدَكُمْ	مِنْ	سُلْطَانٍ	بِهٰذَا	أَتَقُولُونَ	عَلَى اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُونَ
نہیں	تمہارے پاس	کوئی	دلیل	اسکے لئے	کیا تم کہتے ہو	اللہ پر	جو	تم نہیں جانتے

تمہارے پاس نہیں ہے اس کے لئے کوئی دلیل، کیا تم اللہ پر وہ بات کہتے ہو جو تم جانتے نہیں۔

﴿٦٥﴾ وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ لَسْتَ مُرْسَلًا وَغَيْرَهُ ۚ إِنَّ إِسْتِينَافُ الْعِزَّةَ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيعًا ۭ هُوَ السَّمِيعُ لِلْقَوْلِ الْعَلِيمُ ○ بِالْفِعْلِ فَيُجَازِيهِمْ وَيَنْصُرُكَ

﴿٦٥﴾ اور تم کو اے محمد کافروں کا یہ قول غمگین نہ کرے کہ تم پیغمبر نہیں اور اس کے سوا اور جو کچھ وہ تمہیں کہتے ہیں کسی بات کا غم نہ کرو بیشک قوت سب اللہ کو ہے وہ سنتا ہے بات کو جانتا ہے سب کا موقع پس انکو سزا دیگا اور تمہاری مدد کرے گا اور تمکو غلبہ دیگا۔

﴿٦٦﴾ أَلَا إِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ عَبِيدًا وَمِلْكًا وَخَلْقًا ۗ وَمَا يَتَّبِعُ الَّذِينَ يَدْعُونَ يَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ أَيْ غَيْرِهِ أَصْنَامًا شُرَكَاءَ لَهُ عَلَى الْحَقِيقَةِ تَعَالَى عَنْ ذٰلِكَ ۚ إِنْ مَا يَتَّبِعُونَ فِي ذٰلِكَ إِلَّا الظَّنَّ أَيْ ظَنَّهُمْ أَنَّهَا آلِهَةٌ تَشْفَعُ لَهُمْ ۖ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ○ يَكْذِبُونَ فِي ذٰلِكَ

﴿٦٦﴾ آگاہ رہو بیشک اللہ کی ملک میں ہیں جو لوگ آسمانوں میں ہیں اور زمینوں میں اور اسی کے بندے اور اسی کی مخلوق ہیں اور جو لوگ اللہ کے سوا بتوں کی عبادت کرتے ہیں وہ لوگ حقیقت میں اللہ کے شریکوں کی عبادت نہیں کرتے کیونکہ اللہ کا کوئی ساجھی اور شریک نہیں وہ اس سے بلند و پاک ہے۔ نہیں پیروی کرتے ہیں اسمیں مگر اپنے گمان کی کیونکہ اپنے گمان میں ان کو معبود ٹھہرالیا ہے اور یہ اعتقاد ان کی نسبت کر لیا کہ یہ ہماری سفارش کریں گے حالانکہ نہ وہ اللہ کے شریک ہیں نہ سفارش کر سکیں گے وہ کافر محض اسمیں جھوٹ بولتے ہیں۔

﴿٦٧﴾ هُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۚ إِسْنَادُ الْإِبْصَارِ إِلَيْهِ مَجَازٌ لِأَنَّهُ مُبْصَرٌ فِيهِ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَاتٍ دَلَالَاتٍ عَلَى وَحْدَانِيَّتِهِ تَعَالَى لِقَوْمٍ يَسْمَعُونَ ○ سَمَاعَ تَدَبُّرٍ وَاتِّعَاظٍ

﴿٦٧﴾ اللہ وہ ہے کہ اس نے تمہارے لئے رات کو بنایا کہ اسمیں آرام حاصل کرو اور دن کو دیکھنے والا (دن کو دیکھنے والا فرمانا اس بنا پر ہے کہ اسمیں دیکھا جاتا ہے یعنی مخلوق الٰہی دیکھتی ہے پس دن کو دیکھنے والا فرمایا مجازاً) بیشک اسمیں بڑی نشانیاں ہیں اللہ کے واحد ہونے کی ان لوگوں کے لئے جو غور اور فکر سے سنتے ہیں۔ اور نصیحت حاصل کرتے ہیں۔

﴿٦٨﴾ قَالُوا أَيِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارٰى وَمَنْ زَعَمَ أَنَّ الْمَلَائِكَةَ بَنَاتُ اللّٰهِ اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۗ قَالَ تَعَالَى لَهُمْ سُبْحَانَهُ ۖ تَنْزِيهًا لَهُ عَنِ الْوَلَدِ هُوَ الْغَنِيُّ ۖ عَنْ كُلِّ أَحَدٍ ۖ وَإِنَّمَا يَطْلُبُ الْوَلَدَ مَنْ يَحْتَاجُ إِلَيْهِ ۖ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

﴿٦٨﴾ کہا یہودیوں اور نصرانیوں نے اور ان لوگوں نے جو فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں سمجھتے ہیں کہ اللہ کی اولاد ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وہ اولاد سے پاک ہے وہ بے پرواہ ہے اس کو کسی کی ضرورت نہیں۔ اور اولاد کی طلب اسی کو ہوتی ہے جو اس کا محتاج ہو۔
واسطے اللہ کے ہے جو چیز آسمانوں میں ہے اور جو زمینوں میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ مُلْكًا وَخَلْقًا وَعَبِيدًا
إِنْ مَا عِنْدَكُمْ مِنْ سُلْطَانٍ بِهٰذَا ۚ أَتَقُولُونَ
عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ○
اِسْتِفْهَامُ تَوْبِيخٍ

یعنی سب اسی کی ملک اسی کی مخلوق اور اسی کے بندے ہیں جو کچھ تم کہتے ہو کہ اللہ کی اولاد ہے تمہارے پاس اس کی دلیل نہیں۔ کیا اللہ کی نسبت وہ باتیں کہتے ہو جو تم نہیں جانتے

تشریح

(۶۵) اے نبیؐ آپ ان کی باتوں سے دل گرفتہ نہ ہوں | احمق اور شریر قسم کے لوگ جو نہ خود ایمان لاتے تھے بلکہ دوسروں کو بھی ایمان لانے سے روکتے تھے اپنی الٹی سیدھی باتوں سے نبیؐ کے دردمند دل کو دکھاتے تھے جس سے آپ غمگین اور رنجیدہ ہوتے تھے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو تسلی دی ہے کہ آپ ان لوگوں کی باتوں کا اثر نہ لیں۔ اللہ کو سب کچھ معلوم ہے وہ سنتا اور جانتا ہے ان لوگوں کے ہاتھ میں کچھ نہیں ہے عزت سب کی سب اللہ کے قبضے میں ہے اور وہ حق کو رسوا نہ ہونے دیگا۔ البتہ اہل حق کے ساتھ اس طرح کی آزمائشیں پیش آتی ہیں جن سے انکی ثابت قدمی اور مضبوط ارادے کا امتحان ہوتا ہے۔

(۶۶) خدا کی خدائی میں کوئی شریک نہیں ہے | زمین و آسمان میں جو کچھ ہے ان سب کا بلا شرکت غیرے اللہ تم مالک ہے جو لوگ غیر اللہ کو اللہ کا شریک بنا کر پکارتے ہیں اور ان سے اپنی حاجتیں طلب کرتے ہیں وہ صرف وہم و گمان میں مبتلا ہیں۔ یہ ان کی صرف قیاس آرائیاں ہیں۔ گمان کے گھوڑے دوڑانے سے حقیقت نہیں بدلتی۔ نہ ان کے ہاتھ میں کوئی دلیل ہے اور نہ کوئی ثبوت ہے۔

(۶۷) دن و رات کی گردش میں اللہ کی نشانیاں | ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں کہ رات کی چادر سرکتی ہے اور دن کی روشنی چمکتی ہے رات اپنے ساتھ سکون و آرام لیکر آتی ہے اور دن ہر چیز کو روشن کر دیتا ہے۔ لیل و نہار کی یہ گردش جو اس عظیم خلا میں زمین سورج اور چاند کی گردش کا نتیجہ ہے یہ عمل اتنا باضابطہ ایکوریٹ (ACCURATE) ہے کہ اس میں ذرا سا بھی فرق واقع نہیں ہوتا پھر یہ شب و روز کا آنا جانا بلاوجہ نہیں ہے۔ اس کے پیچھے بڑی گہری حکمت ہے یہ انسان کی ضرورت ہے اس کی زندگی کا سامان ہے۔ چاند کے بڑھنے گھٹنے سے سمندر کا مدوجزر پھر ان سے ابخارات کا اٹھنا، بادل بننا پھر ان کا برسنا اس پورے سسٹم پر غور کیا جائے تو اس کے پیچھے ایک حکیمانہ قدرت صاف جھلکتی ہے۔ ان نشانیوں پر غور کرنے سے ان چیزوں کے پیدا کرنے والے تک رسائی بہت آسان ہو جاتی ہے اسلئے اللہ تعالیٰ توجہ دلاتے ہیں کہ اسی نے تمہارے لئے دن اور رات کا یہ نظام بنایا ہے جو لوگ کھلے کانوں سے پیغمبر کی دعوت کو سنتے ہیں اس میں ان لوگوں کے لئے پروردگار کی نشانیاں موجود ہیں بشرطیکہ وہ اس پر غور کریں۔

(۶۸) مذہب کی بنیاد قیاس و گمان پر نہیں علم پر ہے | جو لوگ مذہب کی بنیاد علم حقیقت کے بجائے محض ظن و تخمین اور قیاس و گمان پر رکھتے ہیں وہ کس طرح صحیح راستے سے بھٹک جاتے ہیں، اس کی ایک مثال یہ ہے کہ لوگوں نے کہہ دیا کہ اللہ نے کسی کو بیٹا بنایا ہے سبحان اللہ۔ اللہ کو بیٹے کی کیا ضرورت ہے وہ تو ان سب چیزوں سے بے نیاز ہے۔ بیٹا یا تو باپ اور ماں کے ذریعے ہو سکتا ہے یا پھر کسی کو اپنا بیٹا بنا لیا جائے تاکہ وہ اس کا وارث ہو اللہ تعالیٰ ان دونوں چیزوں سے بے نیاز ہے بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ زمین و آسمان میں جو کچھ ہے وہ سب اللہ کی ملک ہے۔ یہ بات جو یہ کہتے ہیں کہ اللہ نے بیٹا بنایا ہے اس کی انکے پاس کیا دلیل ہے اللہ کے متعلق وہ باتیں کیوں کہتے ہو جو تمہارے علم میں نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا رشتہ خالق و مخلوق کا ہے بیٹا بیٹی کا نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿٦٩﴾

قُلْ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	لَا يُفْلِحُوْنَ
آپ کہہ دیجئے	بیشک	وہ لوگ جو	گھڑتے ہیں	پر	اللہ	جھوٹ	وہ فلاح نہیں پائیں گے

آپ کہہ دیجئے بیشک وہ لوگ جو اللہ پر جھوٹ گھڑتے ہیں فلاح (دونوں جہان کی کامیابی) نہیں پائیں گے

مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ

مَتَاعٌ	فِي	الدُّنْيَا	ثُمَّ	اِلَيْنَا	مَرْجِعُهُمْ	ثُمَّ	نُذِيْقُهُمُ	الْعَذَابَ
کچھ فائدہ	میں	دنیا	پھر	ہماری طرف	ان کو لوٹنا	پھر	ہم چکھائیں گے انہیں	عذاب

دنیا میں کچھ فائدہ ہے، پھر ان کو ہماری طرف لوٹنا ہے۔ پھر ہم انھیں شدید عذاب (کا مزہ)

الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ ع ۱۰ ۱۲

الشَّدِيْدَ	بِمَا	كَانُوْا	يَكْفُرُوْنَ
شدید	اسکے بدلے	تھے	وہ کفر کرتے

چکھائیں گے اس کے بدلے جو وہ کفر کرتے تھے۔

﴿٦٩﴾ قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ بِنِسْبَةِ الْوَلَدِ اِلَيْهِ لَا يُفْلِحُوْنَ ○ لَا يَسْعَدُوْنَ لَهُمْ

﴿٧٠﴾ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ فِي الدُّنْيَا يَتَمَتَّعُوْنَ بِهٖ مُدَّةَ حَيَاتِهِمْ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ بِالْمَوْتِ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بَعْدَ الْمَوْتِ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ○

﴿٦٩﴾ کہہ دیجئے جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں کہ اس کے لئے اولاد بتلاتے ہیں ان کی تقدیر میں سعادت اور نجات نہیں وہ بدبخت ہیں

﴿٧٠﴾ اس کے لئے تھوڑے دنوں دنیا میں فائدہ اٹھانا ہے یعنی بقدر زندگی کے پھر ہم مبتلا کریں گے اُن کو بعد مرنے کے سخت عذاب میں بسبب ان کے کفر اور ناشکری کے۔

تشریح

﴿٦٩﴾ افترا بازی کرنے والے کامیاب نہیں ہوسکتے | جو لوگ اللہ تعالیٰ کے متعلق اس طرح کی بہتان طرازیاں کرتے ہیں وہ کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے نہ تو دنیا میں ان کو ہدایت کا صحیح راستہ مل سکتا ہے اور نہ وہ آخرت میں فلاح یاب ہوسکتے ہیں دنیا و آخرت کی کامیابی کے لئے لازم ہے کہ ہماری سوچ کا آغاز صحیح نقطے سے ہو اور صحیح نقطۂ فکر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کے پیدا کرنے والے ہیں سب کے مالک ہیں سب کے معبود اور حاکم ہیں انکے ساتھ کوئی شریک اور ساجھی کسی حیثیت سے نہیں ہے وہ یکتا بے مثال اور بے نیاز ہیں۔ اس حقیقت کو مانے بغیر نہ دنیا کی بھلائی ملے گی اور نہ آخرت کی کامیابی یہی بات انسان کی فطرت کے مطابق بھی ہے اور حقیقت کے بھی۔

﴿٧٠﴾ اللہ پر جھوٹ باندھنے والے دنیا و آخرت میں رسوا ہونگے | جو لوگ آج دنیا کی چند روزہ زندگی میں مزے اڑانے کے لئے اللہ پر جھوٹ باندھ رہے ہیں کسی کو اللہ کا بیٹا بناتے ہیں کسی کو اللہ کے ساتھ ساجھی اور شریک کرتے ہیں یہ ان کا جھوٹ زیادہ دن نہیں چلے گا اور ان کو لے ڈوبے گا۔ آخر ان کو لوٹ کر ہمارے پاس آنا ہے پھر ان کو ان کے جھوٹ کا مزہ چکھایا جائیگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ

وَاتْلُ	عَلَيْهِمْ	نَبَاَ	نُوْحٍ	اِذْ + قَالَ	لِقَوْمِهٖ	يٰقَوْمِ	اِنْ كَانَ	كَبُرَ	عَلَيْكُمْ	مَّقَامِيْ
اور پڑھو	ان پر (انہیں)	خبر (قصہ)	نوحؑ	جب اس نے کہا	اپنی قوم سے	اے میری قوم	اگر ہے	گراں	تم پر	میرا قیام

اور انہیں نوحؑ کا قصہ پڑھ کر سنائیں جب اس نے اپنی قوم سے کہا اے میری قوم! اگر تم پر گراں ہے میرا قیام

وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ

وَتَذْكِيْرِيْ	بِاٰيٰتِ + اللّٰهِ	فَعَلَى + اللّٰهِ	تَوَكَّلْتُ	فَاَجْمِعُوْٓا	اَمْرَكُمْ
اور میرا نصیحت کرنا	اللہ کی آیتوں سے	پس اللہ پر	میں نے بھروسہ کیا	پس تم مقرر کرلو	اپنا کام

اور میرا اللہ کی آیتوں سے نصیحت کرنا تو میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، پس تم اور تمہارے شریک اپنا کام

وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ

وَشُرَكَآءَكُمْ	ثُمَّ	لَا يَكُنْ	اَمْرُكُمْ	عَلَيْكُمْ	غُمَّةً	ثُمَّ	اقْضُوْٓا	اِلَيَّ
اور تمہارے شریک	پھر	نہ رہے	تمہارا کام	تم پر	کوئی شبہ	پھر	کر گزرو تم	میرے ساتھ

مقرر (پکا) کرلو (تاکہ) پھر تمہیں اپنے کام پر کوئی شبہ نہ رہے، پھر میرے ساتھ کر گزرو اور

وَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۷۱﴾ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ اَجْرِيَ

وَلَا تُنْظِرُوْنِ	فَاِنْ	تَوَلَّيْتُمْ	فَمَا + سَاَلْتُكُمْ	مِّنْ + اَجْرٍ	اِنْ	اَجْرِيَ
اور مجھے مہلت نہ دو	پھر اگر	تم منہ پھیر لو	تو میں نے نہیں مانگا تم سے	کوئی اجر	نہیں	میرا اجر

مجھے مہلت نہ دو۔ پھر اگر تم منہ پھیر لو تو میں نے تم سے کوئی اجر نہیں مانگا۔ میرا اجر تو صرف اللہ

اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۷۲﴾

اِلَّا	عَلَى + اللّٰهِ	وَاُمِرْتُ	اَنْ	اَكُوْنَ	مِنَ	الْمُسْلِمِيْنَ
مگر (صرف)	اللہ پر	اور مجھے حکم دیا گیا	کہ	میں ہوں	سے	فرماں بردار (جمع)

پر ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں رہوں فرماں برداروں میں سے

﴿۷۱﴾ وَاتْلُ يَا مُحَمَّدُ عَلَيْهِمْ اَيْ كُفَّارِ مَكَّةَ نَبَاَ خَبَرَ نُوْحٍ وَ يُبْدَلُ مِنْهُ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ شَقَّ عَلَيْكُمْ مَقَامِيْ لُبْثِيْ فِيْكُمْ وَتَذْكِيْرِيْ وَعِظَتِيْ اِيَّاكُمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا اَمْرَكُمْ اَحْضِرُوْا مَا تَنْوُوْنَهٗ اِلٰى اَمْرٍ تَفْعَلُوْنَهٗ بِيْ وَشُرَكَآءَكُمْ الْوَاوُ بِمَعْنٰى مَعَ ثُمَّ لَا يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً

﴿۷۱﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ الخ اور پڑھو تم اے محمدؐ کفار مکہ پر خبر نوحؑ کی جبکہ اس نے اپنی قوم سے کہا کہ اے میری قوم اگر تم کو ناگوار اور گراں ہے میرا تم میں ٹھہرنا اور تم کو نصیحت کرنا پس میں نے اللہ پر بھروسہ کیا سو تم میرے ساتھ جو کچھ کرنا چاہتے ہو کرو اور اپنا ارادہ پختہ کرلو اور اپنے شریکوں کو بھی جمع کرلو پھر ظاہر کھلم کھلا جو کچھ کرنا چاہتے ہو کرو اپنے عزم

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَسْتُوْرًا اَبَلْ اَظْهَرُوْهُ وَجَاهِرُوْنِیْ بِهٖ ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَیَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ○ فَاِنْ تَوَلَّیْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ○

کو پوشیدہ نہ رکھو پھر حکم کرو میرے بارے میں جو چاہو اور مجھکو مہلت نہ دو کہ بیشک مجھ کو تمہاری پرواہ نہیں

(۷۲) پھر اگر تم پشت پھیرتے ہو میری نصیحت سے تو میں نے تم سے اس کا بدلہ اور مزدوری نہیں مانگی جو تم بھاگو میرا ثواب خاص اللہ پر ہے۔ اور مجھ کو حکم ہے کہ میں مسلمانوں میں رہو۔

تشریح

(۷۱) حضرت نوح ؑ کے واقعے میں عبرت کا سامان ہے | حضرت نوح علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے اس قوم کی رہبری کے لئے پیغمبر مقرر کیا تھا جو زمین کے اس علاقے میں رہتی تھی جس کو آج ہم عراق کے نام سے جانتے ہیں اور یہ قصہ اس زمانے سے تعلق رکھتا ہے جب پوری نسل آدم زمین کے ایک ہی خطے میں رہتی تھی اور پھر وہاں سے نکل کر دنیا کے مختلف خطوں میں پھیلی یہی وجہ ہے کہ تمام قومیں اپنی ابتدائی تاریخ میں ایک ہمہ گیر طوفان کی نشاندہی کرتی ہیں۔ یہ قوم اللہ کے وجود کی منکر نہ تھی بلکہ ان کی اصل گمراہی یہ تھی کہ انھوں نے اللہ کے ساتھ دوسروں کو شریک اور ساجھی بنا لیا تھا اس ایک گمراہی سے دوسری گمراہیاں اور خرابیاں پیدا ہوگئی تھیں۔ دراصل شرک ساری گمراہیوں کی جڑ ہے اسلئے کہ جب صرف اللہ کی ذات منبع ہدایت نہ رہی بلکہ دوسرے حوالوں سے بھی رہنمائی حاصل کی جانے لگی تو آپس میں ٹکراؤ کا پیدا ہونا یقینی ہے۔ معاملہ ہدایت کا ہو یا کائنات کے نظام کا فساد اور ٹکراؤ سے حفاظت کے لئے ایک سرچشمہ ہدایت اور اختیارات کا ایک ذات میں مرکوز ہونا لازم ہے۔ لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا۔ (اگر اللہ کے سوا اور الٰہ بھی ہوتے تو سارا نظام بگڑ جاتا) حضرت نوح ؑ اس قوم کو دعوت دیتے رہے مگر انھوں نے مان کر نہیں دیا اس پر حضرت نوح ؑ نے اس قوم کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ اے برادرانِ قوم اگر میرا تمہارے درمیان رہنا اور میرا یہ عمل کہ میں تمہیں اللہ کے احکام سنا کر خوابِ غفلت سے جگانا چاہتا ہوں تمہارے لئے ناقابلِ برداشت ہو گیا ہے تو خوب سن لو کہ میرا بھروسہ تو اللہ پر ہے میں اپنا کام کرتا رہوں گا۔ تم ایسا کرو کہ اپنے ان تمام شریکوں کو جن کو تم نے اللہ کے ساتھ شریک کر رکھا ہے انکو ساتھ لیکر خوب اچھی طرح سوچ سمجھ کر فیصلہ کر لو اور تمہیں جو میرے خلاف کرنا ہے بغیر کسی مہلت کے کر ڈالو۔ اللہ تعالیٰ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اے پیغمبر تم ان کو معقول دلیلوں اور دل پذیر نصیحتوں سے سمجھاتے رہے ہو، اب ان کے سامنے حضرت نوح ؑ کا قصہ بھی بیان کر دو تاکہ یہ لوگ اس واقعے سے عبرت اور نصیحت حاصل کریں ایک طرف تنہا حضرت نوح ؑ تھے جو حق و صداقت، پر مضبوطی سے قائم تھے انہیں کسی طرح کا ڈر اور خوف نہ تھا دوسری طرف قوم کی اکثریت تھی مگر انجام کیا ہوا آخر کار بارش کے شدید طوفان کی شکل میں اللہ کا عذاب نازل ہوا اور سوائے نوح اور ان کے ماننے والوں کے پوری قوم تاریخ میں عبرت کا نشان بن کر رہ گئی جن کی داستانیں تم آج بھی سنتے ہو۔

(۷۲) قوم نے حضرت نوح کی نصیحت نہ مانی ان کا کیا بگاڑا، اپنا ہی نقصان کیا | حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا کہ میرے پروردگار کا حکم ہے کہ میں اس کا اطاعت گذار مسلم بن کر رہوں اور یہی نصیحت میں تمہیں کرتا رہا کہ تم بھی اللہ کے اطاعت شعار بن کر رہو۔ میرا کام صرف اتنا ہے کہ میں اللہ کے احکام تم تک پہنچاؤں خود بھی عمل کروں اور تمہیں بھی عمل کرنے کی دعوت دوں۔ میں نے اس کام کے لئے تم سے کوئی اجرت تو نہیں مانگی۔ میں اللہ سے اجر کا طالب ہوں۔ اگر تم نے میری بات کو نہیں مانا تو اپنا ہی کچھ کھویا میرا کیا نقصان کیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَ

فَكَذَّبُوْهُ	فَنَجَّيْنٰهُ	وَمَنْ	مَّعَهٗ	فِي الْفُلْكِ	وَجَعَلْنٰهُمْ	خَلٰٓئِفَ	وَ
تو انہوں نے اسے جھٹلایا	سو ہم نے بچا لیا اُسے	اور جو	اسکے ساتھ	کشتی میں	اور ہم نے بنایا انہیں	جانشین	اور

تو انہوں نے اُسے (نوحؑ) کو جھٹلایا سو ہم نے بچا لیا اُسے اور جو اس کے ساتھ کشتی میں تھے اور ہم نے انہیں جانشین بنایا اور

اَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۷۳﴾

اَغْرَقْنَا	الَّذِيْنَ	كَذَّبُوْا	بِاٰيٰتِنَا	فَانْظُرْ	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُنْذَرِيْنَ
ہم نے غرق کر دیا	وہ لوگ جو	انہوں نے جھٹلایا	ہماری آیتوں کو	سو دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	ڈرائے گئے لوگ

ان لوگوں کو غرق کر دیا جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا سو دیکھو (ان لوگوں کا) انجام کیسا ہوا جنھیں ڈرایا گیا تھا۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ

ثُمَّ	بَعَثْنَا	مِنْۢ بَعْدِهٖ	رُسُلًا	اِلٰى	قَوْمِهِمْ	فَجَآءُوْهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ
پھر	ہم نے بھیجے	اس کے بعد	کئی رسول	طرف	انکی قوم	وہ آئے انکے پاس	روشن دلیلوں کیساتھ

پھر ہم نے اس (نوحؑ) کے بعد کئی رسول انکی قوم کیطرف بھیجے، وہ ان کے پاس روشن دلیلوں کے ساتھ آئے

فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۭ كَذٰلِكَ

فَمَا	كَانُوْا	لِيُؤْمِنُوْا	بِمَا	كَذَّبُوْا	بِهٖ	مِنْ قَبْلُ	كَذٰلِكَ
سو نہیں	ہوا ان سے	کہ وہ ایمان لے آئیں	اس پر جو	انہوں نے جھٹلایا	اسکو	اس سے قبل	اسی طرح

سو اُن سے نہ ہوا کہ وہ ایمان لے آئیں اس (بات) پر جسے وہ اس سے قبل جھٹلا چکے تھے۔ اسی طرح ہم

نَطْبَعُ عَلٰي قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۷۴﴾

نَطْبَعُ	عَلٰى	قُلُوْبِ	الْمُعْتَدِيْنَ
ہم مہر لگاتے ہیں	پر	دل (جمع)	حد سے بڑھنے والے

حد سے بڑھنے والوں کے دلوں پر مہر لگاتے ہیں

﴿۷۳﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ السَّفِيْنَةِ وَجَعَلْنٰهُمْ اَيْ مَنْ مَّعَهٗ خَلٰٓئِفَ فِي الْاَرْضِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

﴿۷۳﴾ پس نوح کی قوم نے اس کو جھٹلایا سو ہم نے نوح کو اور جو لوگ اسکے ہمراہ کشتی میں تھے ان کو نجات دی اور ہم نے نوح کے ہمراہیوں کو زمین کا خلیفہ بنایا اور ڈبویا طوفان میں ان کو جو جھٹلاتے تھے ہماری آیتوں کو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِالطُّوْفَانِ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ۝ مِنْ اِهْلَاكِهِمْ فَكَذٰلِكَ نَفْعَلُ مَنْ كَذَّبَكَ

پس دیکھو کیونکر ہوا انجام ان لوگوں کا جنکو ڈرایا گیا تھا کہ ان کو ہلاک کر دیا گیا۔ پس اسی طرح ہم ہلاک کر دینگے جو تم کو جھٹلاتے ہیں۔

(۷۴) ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ بَعْدِهٖ اَیْ نُوْحٍ رُسُلًا اِلٰى قَوْمِهِمْ كَاِبْرٰهِيْمَ وَهُوْدٍ وَصَالِحٍ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ بِالْمُعْجِزَاتِ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ اَیْ قَبْلَ بَعْثِ الرُّسُلِ اِلَيْهِمْ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ نَخْتِمُ عَلٰى قُلُوْبِ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ فَلَا تُقْبَلُ الْاِيْمَانُ كَمَا طَبَعْنَا عَلٰى قُلُوْبِ اُولٰٓئِكَ۔

(۷۴) پھر نوح کے بعد ہم نے بہت پیغمبروں کو بھیجا انکی امتوں میں جیسے ابراہیم ع اور ہود ع اور صالح ع سو یہ پیغمبر ان کے پاس ظاہر معجزے لائے پس وہ ایمان نہ لائے ان باتوں پر جنکا پیغمبروں کے آنے سے پہلے انکار کر چکے تھے۔

جیسے ہم نے مہر لگائی ان کے دلوں پر اسی طرح ہم مہر کر دیتے ہیں حد سے بڑھنے والوں کے دلوں پر پس وہ ایمان کو قبول نہیں کر سکتے

تشریح

(۷۳) نوحؑ اور نوح کے ماننے والے بچ گئے اور جھٹلانے والے ڈوب گئے | حضرت نوح علیہ السلام نے جتنا سمجھانا تھا سمجھایا مگر ان لوگوں نے مان کر نہیں دیا۔ حضرت نوح ع نے اللہ کے حکم سے ایک بہت بڑی کشتی تیار کی۔ اللہ کے حکم سے بارش کا شدید طوفان آیا۔ نوح اور ان کے ماننے والے کشتی میں سوار ہو کر بچ گئے باقی سب غرق ہو گئے۔ ان بچے کچھے لوگوں سے آگے انسانی نسل چلی۔ اب دیکھو کہ ان کا انجام کیا ہوا جنھوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تھا۔ اسی طرح ہر دور میں حق و باطل کی کش مکش ہوتی رہی ہے اور آخر میں فتح حق کی ہوتی ہے۔ (قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا) حق آگیا اور باطل کھسک گیا اور باطل ہے ہی سامنے سے ہٹ جانے کے لئے) روشنی آتی ہے اور اندھیرا کھسک جاتا ہے۔

(۷۴) ہر دور میں پیغمبر آتے رہے، ماننے والوں نے مانا نہ ماننے والوں نے نہیں مانا | جس طرح پہلے پیغمبر اور پہلے انسان حضرت آدم کے بعد آدم ثانی حضرت نوح اللہ کی طرف سے اس کے پیغمبر مقرر کئے گئے۔ اسی طرح ہر دور میں ہر قوم کے لئے اللہ کا پیغام لانے والے آتے رہے۔ حضرت ہود، حضرت صالح، لوط، ابراہیم، شعیب اور پھر حضرت موسیٰ عیسیٰ اور آخر میں خاتم الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ یہ سب پوری پوری نشانیوں کے ساتھ تشریف لائے مگر دنیا کی تاریخ یہ رہی کہ جن لوگوں نے یہ تہیہ کر لیا تھا کہ ہم نہیں مانیں گے انہوں نے نہیں مانا اور جو لوگ حق کے متلاشی اور طلبگار تھے انہوں نے لپک کر حق و صداقت کو قبول کر لیا۔ "میں نہ مانوں" ایسی ضد اور ہٹ ہے جو دلوں پر مہر لگا دیتی ہے۔ اگر آپ دروازے اور کھڑکیاں بند کر کے اندر کمرے میں بیٹھ جائیں اور سورج کی کوئی کرن اندر نہ آنے دیں تو یہ قصور کس کا ہے سورج کا؟ یا دروازہ بند کر کے بیٹھ جانے والوں کا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ

ثُمَّ	بَعَثْنَا	مِنْ بَعْدِهِمْ	مُّوْسٰى	وَهٰرُوْنَ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَ
پھر	ہم نے بھیجے	اس کے بعد	موسیٰ ؑ	اور ہارون ؑ	طرف	فرعون	اور

پھر ہم نے بھیجا ان کے بعد موسیٰ ؑ اور ہارون ؑ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور

مَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۷۵﴾

مَلَا۟ئِهٖ	بِاٰيٰتِنَا	فَاسْتَكْبَرُوْا	وَكَانُوْا	قَوْمًا	مُّجْرِمِيْنَ
اسکے سردار	اپنی نشانیوں کے ساتھ	تو انہوں نے تکبر کیا	اور وہ تھے	لوگ	گنہگار (جمع)

اسکے سرداروں (درباریوں) کی طرف تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ گنہگار لوگ تھے

فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ

فَلَمَّا	جَآءَهُمُ	الْحَقُّ	مِنْ	عِنْدِنَا	قَالُوْٓا	اِنَّ	هٰذَا	لَسِحْرٌ
تو جب	آیا انکے پاس	حق	سے	ہماری طرف	وہ کہنے لگے	بیشک	یہ	البتہ جادو

تو جب ان کے پاس ہماری طرف سے حق پہنچا تو وہ کہنے لگے بیشک یہ البتہ کھلا

مُّبِيْنٌ ﴿۷۶﴾ قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ ؕ

مُّبِيْنٌ	قَالَ	مُوْسٰٓى	اَتَقُوْلُوْنَ	لِلْحَقِّ	لَمَّا	جَآءَكُمْ
کھلا	کہا	موسیٰ ؑ	کیا تم کہتے ہو	حق کیلئے (نسبت)	جب	وہ آگیا تمہارے پاس

جادو ہے۔ موسیٰ ؑ نے کہا کیا تم حق کی نسبت (ایسا) کہتے ہو جب وہ تمہارے پاس آگیا

اَسِحْرٌ هٰذَا ۫ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿۷۷﴾

اَسِحْرٌ	هٰذَا	وَلَا يُفْلِحُ	السّٰحِرُوْنَ
کیا جادو	یہ	اور کامیاب نہیں ہوتے	جادوگر (جمع)

کیا یہ جادو ہے؟ اور جادوگر کامیاب نہیں ہوتے۔

﴿۷۵﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا عَنِ الْاِيْمَانِ بِهَا وَكَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ○

﴿۷۶﴾ فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا

﴿۷۵﴾ پھر ان پیغمبروں کے بعد موسیٰ اور ہارون کو فرعون اور اس کے لشکر کی طرف ہم نے نو نشانیاں دیکر بھیجا سو فرعون اور اس کی جماعت نے تکبر کیا اور ان پر ایمان نہ لائے اور وہ لوگ کافر اور نافرمان ہیں۔

﴿۷۶﴾ پس جب ان کے پاس آئی سچی کتاب ہمارے پاس سے کہنے لگے

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ بَيِّنٌ ظَاهِرٌ

(۷۷) قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَكُمْ اَسِحْرٌ هٰذَا وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ○ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِى الْاَرْضِ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ○ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِىْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ○ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ○ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ○ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ○ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِى الْاَرْضِ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ○ وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ○ فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ○ قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ وَجٰوَزْنَا بِبَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّعَدْوًا حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ○ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ○ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ○ وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِىْٓ اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰى جَآءَهُمُ الْعِلْمُ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِىْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○ فَاِنْ كُنْتَ فِىْ شَكٍّ مِّمَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ○ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ○ فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ○ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِى الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ○ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ○ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا تُغْنِى الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ○ فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ قُلْ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ○ ثُمَّ نُنَجِّىْ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كَذٰلِكَ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِىْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِىْ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِىْ يَتَوَفّٰىكُمْ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○ وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِىْ لِنَفْسِهٖ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ○ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ○

نہیں ہے یہ مگر جادو ظاہر۔

(۷۷) موسیٰ نے کہا کہ تم امر حق کو جب وہ تمہارے پاس آیا جادو بتلاتے ہو، کیا یہ جادو ہو سکتا ہے حالانکہ جادوگروں کو فلاح اور نجات نہیں ملتی۔ اور جو شخص اسکو لایا ہے اس نے فلاح پائی اور جادوگروں کے جادو کو باطل کر دیا یعنی موسیٰ علیہ السلام غالب رہے اور فلاح پائی اور جادوگر مغلوب ہوئے ان کا جادو باطل ہوا (استفہام دونوں جگہ انکار کیلئے ہے یعنی یہ جادو نہیں ہے جادو نہیں ہو سکتا)

تشریح

(۷۵) **حضرت موسیٰ اور ہارونؑ کو فرعونیوں کے سمجھانے کے لئے بھیجا گیا** حضرت نوح کے بعد جہاں اور پیغمبر مقرر ہوتے رہے حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ کو فرعونیوں کے سمجھانے کے لئے بھیجا گیا یہ بڑے گھمنڈی لوگ تھے اپنی دولت حکومت کے نشے میں چور تھے اور اپنے آپ کو بندگی کے مقام سے اونچا سمجھتے تھے یہ ان کی مجرمانہ ذہنیت حق کو ماننے میں ایک بڑی رکاوٹ تھی۔ قرآن مجید میں دوسری جگہ ہے کہ:۔ وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَآ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا (سورۃ النمل۔۱۴) انھوں نے ظلم اور غرور کی راہ سے ان نشانیوں کا انکار کیا۔

(۷۶) **فرعونیوں نے حق کو جادو کہہ کر ماننے سے انکار کر دیا** جب فرعونیوں نے اللہ کی طرف سے نازل کئے ہوئے حضرت موسیٰؑ کی زبان سے پُرتاثیر کلام کو سُنا اور عصا، یدبیضاء کے معجزے دیکھے تو بجائے اس کے کہ وہ حق پر ایمان لاتے انھوں نے اس کو جادو کہہ کر ماننے سے انکار کر دیا۔ کیا وہ نہیں سمجھتے تھے کہ جادوگر کیسے ہوتے ہیں ان کی سیرت کیسی ہوتی ہے، ان کے اخلاق کیسے ہوتے ہیں۔ پیغمبر کے بلند کردار کا جادوگروں سے کیا مقابلہ۔ یہ وہی بات ہے کہ مکہ کے لوگ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کہتے تھے کہ یہ شخص جادوگر ہے۔ اسی طرح حضرت موسیٰؑ و حضرت ہارونؑ کو جادوگر کہہ کر جھٹلایا۔

دراصل حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مشن بھی وہی تھا جو ہر زمانے میں انبیاء کرام کا رہا ہے کہ وہ لوگوں کو بندگی رب کی دعوت دیں اور سمجھائیں کہ ان کی پوری زندگی کا نظام بندگی رب کی بنیاد پر استوار ہونا چاہیئے۔

(۷۷) **رسول اور جادوگر کا فرق** اللہ کے رسول جو اللہ کی طرف سے حق کی دعوت کا کام انجام دینے کے لئے اللہ کی طرف سے مقرر ہوتے ہیں وہ سب سے پہلے دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم اللہ کے رسول ہیں پھر اپنے دعوے کو اپنی سیرت و اخلاق سے، اپنی پاکیزہ صالح اور بے غرض زندگی سے ثابت کرتے ہیں کہ وہ واقعی اللہ کے سچے رسول ہیں وہ اس مقصد کے لئے حق کی کش مکش سے گذرتے ہیں اور اس کے لئے ہر طرح کی تکلیفیں برداشت کرتے ہیں یہاں تک کہ بڑے سے بڑے فرماں روا کے سامنے بے دھڑک اللہ کے دین کی دعوت پیش کرتے ہیں۔ ضرورت ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کی صداقت کے اظہار کے لئے انکے ذریعے سے کوئی معجزہ بھی دکھا دیتے ہیں۔

کیا جادوگر ایسے ہی ہوتے ہیں کیا ان کی اور رسول کی سیرت میں واضح فرق نہیں ہوتا کوئی جادوگر آتا ہے تو خوشامد کی باتیں کرتا ہے اپنے جادو کے کمالات دکھا کر بادشاہ کی اور لوگوں کی خوشنودی حاصل کرتا ہے انعامات کی امید لگاتا ہے صاف نظر آتا ہے کہ معجزے اور جادو، نبی اور جادوگر میں کیا فرق ہے۔

اسی لئے حضرت موسیٰؑ نے فرمایا کہ تم حق کو جب تمہارے سامنے آ گیا جادو کہتے ہو حالانکہ جادوگر کبھی فلاح یافتہ انسان نہیں ہو سکتے وہ تو دنیا اور دنیا کے مال کے طلب گار ہوتے ہیں جبکہ پیغمبر لوگوں سے کسی اجر کی امید نہیں لگاتے اسلئے حق کو جادو اور پیغمبر کو جادوگر کہنا پرلے درجے کی دیوانگی ہے۔ بھلا پیغمبر کو شعبدہ بازی سے کیا نسبت۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ

قَالُوْٓا	اَجِئْتَنَا	لِتَلْفِتَنَا	عَمَّا	وَجَدْنَا	عَلَيْهِ + اٰبَآءَنَا	وَتَكُوْنَ	لَكُمَا	الْكِبْرِيَآءُ
وہ بولے	کیا تو آیا ہمارے پاس	کہ پھیر دے ہمیں	اس سے جو	پایا ہم نے	اس پر اپنے باپ دادا	اور ہو جائے	تم دونوں کیلئے	بڑائی

وہ بولے کیا تو ہمارے پاس (اسلئے) آیا ہے کہ ہمیں اس سے پھیر دے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا، اور ہو جائے تم دونوں کے لئے

فِي الْاَرْضِ ۭ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ۝۷۸ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ

فِي	الْاَرْضِ	وَمَا	نَحْنُ	لَكُمَا	بِمُؤْمِنِيْنَ	وَقَالَ	فِرْعَوْنُ	ائْتُوْنِيْ
میں	زمین	اور نہیں	ہم	تم دونوں کیلئے	ایمان لانے والوں میں سے	اور کہا	فرعون	لے آؤ میرے پاس

زمین میں بڑائی (سرداری ملجائے) اور ہم تم دونوں کے ماننے والوں میں سے نہیں۔ اور فرعون نے کہا میرے پاس

بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ۝۷۹

بِكُلِّ	سٰحِرٍ	عَلِيْمٍ
ہر	جادوگر	علم والا

ہر علم والا جادوگر لے آؤ۔

۷۸ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا لِتَرُدَّنَا عَمَّا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا الْكِبْرِيَآءُ فِي الْاَرْضِ ۭ اَرْضِ مِصْرٍ وَمَا نَحْنُ لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ○ مُصَدِّقِيْنَ

۷۹ وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِيْ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ○ فَائِقٍ فِيْ عِلْمِ السِّحْرِ

۷۸ فرعونیوں نے کہا کیا تو اے موسیٰ ہمارے پاس اسلئے آیا ہے کہ ہم کو پھیر دے اور علیحدہ کر دے اس چیز سے کہ جس پر ہم نے اپنے باپ دادوں کو پایا۔ اور تم دونوں کے واسطے بڑائی اور بادشاہت مصر کی ہو جائے اور ہم تم دونوں کا یقین نہیں کرتے۔

۷۹ اور فرعون نے کہا لاؤ تم میرے پاس ہر ایک جادوگر جاننے والے کو جو اپنے فن میں ماہر اور کامل ہو

تشریح

۷۸ بندگیٔ حق کی دعوت سے نظامِ باطل کو خطرہ | حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے بھائی ہارون کے ساتھ اہل مصر کو جس دین حق کی دعوت دے رہے تھے اس کے خطرے کو فرعونیوں نے فوراً محسوس کر لیا اور یہ سمجھ لیا کہ اگر مصر والوں نے اس دین کو قبول کر لیا تو یہ سارا طاغوتی نظام جس پر فرعون کی بادشاہی اور اس کے سرداروں کی سرداری اور مذہبی پیشواؤں کی پیشوائی قائم تھی خطرے میں پڑ جائے گی اس لئے انہوں نے جواب دیا کہ تم اس لئے آئے ہو کہ ہمیں اس طریقے سے پھیر دو جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے تم انقلاب برپا کر کے زمین پر اپنی بڑائی قائم کرنا چاہتے ہو۔ ہم تمہاری بات ماننے والے نہیں۔

۷۹ ماہر جادوگروں کی طلبی | حضرت موسیٰ کے معجزوں کا جواب دینے کے لئے فرعون نے حکم دیا کہ ملک کے ہر خطے سے ماہر جادوگروں کو بلایا جائے تاکہ لوگوں کو دکھایا جا سکے کہ موسیٰ اللہ کے پیغمبر نہیں ہیں محض ایک جادوگر ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿٨٠﴾

فَلَمَّا	جَآءَ	السَّحَرَةُ	قَالَ	لَهُمْ	مُّوْسٰٓى	اَلْقُوْا	مَآ	اَنْتُمْ	مُّلْقُوْنَ
پھر جب	آگئے	جادوگر	کہا	ان سے	موسیٰ	تم ڈالو	جو	تم	ڈالنے والے ہو

پھر جب جادوگر آگئے تو موسیٰ ؑ نے ان سے کہا، تم ڈالو جو ڈالنے والے ہو (تمہیں ڈالنا ہے)

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

فَلَمَّآ	اَلْقَوْا	قَالَ	مُوْسٰى	مَا جِئْتُمْ + بِهِ	السِّحْرُ	اِنَّ	اللّٰهَ
پھر جب	انہوں نے ڈالا	کہا	موسیٰ	جو تم لائے ہو	جادو	بیشک	اللہ

پھر جب انہوں نے ڈالا تو موسیٰ ؑ نے کہا تم جو لائے ہو جادو ہے بیشک اللہ تعالیٰ

سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٨١﴾

سَيُبْطِلُهٗ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُصْلِحُ	عَمَلَ	الْمُفْسِدِيْنَ
ابھی باطل کردیگا اسے	بیشک	اللہ	نہیں درست کرتا	کام	فساد کرنے والے

ابھی اسے باطل کردیگا بیشک اللہ فساد کرنے والوں کے کام درست نہیں کرتا۔

﴿٨٠﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى بَعْدَمَا قَالُوْا لَهٗ اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ○

﴿٨٠﴾ پس جب آگئے جادوگر موسیٰ نے انکو کہا (بعد اس کے کہ وہ موسیٰ سے کہہ چکے تھے کہ یا تو ڈال یا ہم ہوجائیں ڈالنے والے) ڈالو تمہارے جادوگر جو کچھ تم کو ڈالنا ہے۔

﴿٨١﴾ فَلَمَّآ اَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ قَالَ مُوْسٰى مَا اِسْتِفْهَامِيَّةٌ مُبْتَدَاٌ خَبَرُهٗ جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ بَدَلٌ وَفِيْ قِرَاءَةٍ بِهَمْزَةٍ وَاحِدَةٍ اِخْبَارٌ فَمَا مَوْصُوْلَةٌ مُبْتَدَاٌ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ سَيَمْحَقُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ○

﴿٨١﴾ پس جب ڈالیں انہوں نے رسیاں اور لاٹھیاں اپنی۔ موسیٰ نے کہا جو جادو تم لائے ہو اور تم نے ظاہر کیا ہے بلاشبہ اللہ اسکو کھو دیویگا بیشک اللہ نہیں درست رکھتا کام فساد کرنے والوں کے

تشریح

﴿٨٠﴾ **جادوگروں کی طرف سے پہل** فرعون کے دربار میں حضرت موسیٰ ؑ اور ہارون ؑ بھی تھے اور ملک کے کونے کونے سے آئے ہوئے ماہرین فن جادوگر بھی۔ جادوگروں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ پہل آپ کریں گے یا ہم کریں۔ حضرت موسیٰ ؑ نے کہا کہ تم پہل کرو اور جو تمہیں دکھلانا ہے دکھلاؤ۔

﴿٨١﴾ **جادوگروں کا جادو** جادوگروں نے اپنا جادو دکھلانا شروع کیا اور لاٹھیاں اور رسیاں زمین پر پھینک دیں۔ دیکھنے والوں کو ایسا لگتا تھا کہ سانپ لہراتے اور پھنکارتے پھر رہے ہیں۔ حضرت موسیٰ ؑ نے یہ دیکھ کر فرمایا کہ تم نے جو دکھلایا یہ جادو ہے۔ جادو ایک شعبدہ بازی ہے ایک طرح کی نظر بندی ہے جو جلد ہی ختم ہوجاتی ہے۔ مفسدوں کے ذریعے لوگوں کی اصلاح نہیں ہوا کرتی ان کا کام سدھارنا نہیں ہوتا بلکہ بگاڑنا ہوتا ہے کہ لوگ اس سے دھوکہ کھا جاتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾ فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا

وَيُحِقُّ	اللّٰهُ	الْحَقَّ	بِكَلِمٰتِهٖ	وَلَوْ	كَرِهَ	الْمُجْرِمُوْنَ	فَمَآ	اٰمَنَ	لِمُوْسٰٓى	اِلَّا
اور حق کر دیگا	اللہ	حق	اپنے حکم سے	خواہ	ناپسند کریں	جمع مجرم (گناہگار)	سو نہ	ایمان لایا	موسیٰ پر	مگر

اور اللہ حق کو اپنے حکم سے حق ثابت کر دیگا خواہ گنہ گار ناپسند کریں۔ سو موسیٰ پر کوئی ایمان نہ لایا مگر اسکی

ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ۭ وَاِنَّ

ذُرِّيَّةٌ	مِّنْ	قَوْمِهٖ	عَلٰى	خَوْفٍ	مِّنْ	فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ئِهِمْ	اَنْ	يَّفْتِنَهُمْ	وَاِنَّ
چند لڑکے	سے	اسکی قوم	خوف کیوجہ سے		سے (کے)	فرعون	اور ان کے سردار	کہ	وہ آفت میں ڈالے انہیں	اور بیشک

قوم کے چند لڑکے خوف کی وجہ سے فرعون اور اس کے سرداروں کے کہ وہ انہیں آفت میں نہ ڈال دے اور بیشک

فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِي الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۸۳﴾ وَقَالَ مُوْسٰى

فِرْعَوْنَ	لَعَالٍ	فِي	الْاَرْضِ	وَاِنَّهٗ	لَمِنَ	الْمُسْرِفِيْنَ	وَقَالَ	مُوْسٰى
فرعون	سرکش	میں	زمین	اور بیشک وہ	البتہ (سے)	حد سے بڑھنے والے	اور کہا	موسیٰ

فرعون زمین (ملک) میں سرکش تھا اور بیشک وہ حد سے بڑھنے والوں میں سے تھا۔ اور موسیٰ نے کہا

يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ﴿۸۴﴾

يٰقَوْمِ	اِنْ	كُنْتُمْ	اٰمَنْتُمْ	بِاللّٰهِ	فَعَلَيْهِ	تَوَكَّلُوْٓا	اِنْ	كُنْتُمْ	مُّسْلِمِيْنَ
اے میری قوم	اگر	تم ہو	ایمان لائے	اللہ پر	تو اس پر	بھروسہ کرو	اگر	تم ہو	فرماں بردار (جمع)

اے میری قوم اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہو تو اسی پر بھروسہ کرو اگر تم فرماں بردار ہو۔

---

(۸۲) وَيُحِقُّ يُثْبِتُ وَيُظْهِرُ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ بِمَوَاعِيْدِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ○

(۸۲) اور ظاہر اور ثابت کرتا ہے اللہ حق کو اپنے وعدوں سے۔ اگرچہ کافروں کو برا معلوم ہو۔

(۸۳) فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ قَوْمِهٖ اَيْ فِرْعَوْنَ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ يَصْرِفُهُمْ عَنْ دِيْنِهِمْ بِتَعْذِيْبِهٖ وَاِنَّ فِرْعَوْنَ لَعَالٍ مُّتَكَبِّرٍ فِي الْاَرْضِ اَرْضِ مِصْرَ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ○ الْمُتَجَاوِزِيْنَ الْحَدَّ بِادِّعَاءِ الرُّبُوْبِيَّةِ

(۸۳) سو نہ ایمان لایا موسیٰ پر مگر ایک جماعت قوم فرعون کی اولاد میں سے باقی آدمی ایمان نہ لائے بسبب خوف فرعون کے اور اس کے لشکر کے یہ کہ پھیر دیں وہ ان کو ان کے مذہب سے ساتھ تکلیف دینے کے۔ اور بیشک فرعون البتہ متکبر ہے زمین مصر میں اور بیشک وہ حد سے بڑھنے والوں میں ہے بسبب دعوی کرنے خدائی کے۔

(۸۴) وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا

(۸۴) اور موسیٰ نے کہا اے میری قوم اگر تم ایمان رکھتے ہو اللہ پر تو اسی پر بھروسہ کرو اگر تم مسلمان ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِنْ كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ○

تشریح

(۸۲) سچائی ہمیشہ غالب ہوتی ہے | اللہ تعالیٰ حق کو غالب کر کے دکھاتے ہیں اس کے فرمان اور نشانیوں سے حق روشن ہو کر سامنے آجاتا ہے چاہے یہ بات شریر لوگوں کو کتنی ہی ناگوار کیوں نہ ہو۔ تم نے اپنی طاقت لگالی اب دیکھو اللہ تعالیٰ اپنی قدرت اور رحمت سے کیا دکھاتے ہیں۔

(۸۳) حق و باطل کی اس کش مکش میں بہت کم لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ساتھ دے سکے | فرعون کے دربار میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی صداقت اچھی طرح ظاہر ہو گئی۔ کیونکہ جب جادوگروں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں پھینکیں اور جادو کے زور سے ایسا لگتا تھا کہ سانپ لہراتے پھر رہے ہیں تو اس کے جواب میں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ کے حکم سے اپنی لاٹھی زمین پر پھینکی اور جادوگروں کا طلسم ٹوٹ کر بکھر گیا۔ اور خود جادوگر بھی جو اپنے جادو کے فن کے ماہر تھے سمجھ گئے کہ حضرت موسیٰ نے جادو نہیں دکھلایا بلکہ یہ کوئی واقعی اوپر کی طاقت ہے جو جادو سے بالاتر ہے اور وہ بھی حضرت موسیٰ ؑ کی صداقت پر ایمان لے آئے حق و صداقت کے برملا اظہار کے باوجود بنی اسرائیل اور قبطیوں میں سے کش مکش کے اس آغاز میں کچھ ہی نوجوان تھے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ کھڑے نظر آئے کیونکہ کوئی شخص فرعون کی بے پناہ مادی طاقت کے مقابلے میں سینہ سپر ہونے اور اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنے کے لئے تیار نہ تھا۔

قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ دیکھو موسیٰ کو اس کی قوم میں سے چند نوجوانوں کے سوا کسی نے نہ مانا کیونکہ ایک تو انھیں فرعون کا ڈر تھا دوسرے اپنی قوم کے چودھریوں کا بھی ڈر تھا اور یہ چودھری وہ تھے جو فرعون سے بہت خوفزدہ تھے اور سمجھتے تھے کہ فرعون ہم کو نہیں چھوڑے گا اور حقیقت بھی یہ ہے کہ فرعون اس وقت پورا غلبہ رکھتا تھا اور ان لوگوں میں سے تھا جو ہر طرح سے اپنے مخالف سے انتقام لے کر رہتے ہیں۔

اس صورت حال کو سامنے رکھ کر دیکھا جائے تو مکہ میں بھی معاملہ تقریباً اس جیسا ہی تھا مکہ کی آبادی میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ دینے والے شروع شروع میں چند باہمت نوجوان تھے جن کی عمریں بیس اور تیس سال سے زیادہ نہ تھیں سب سے زیادہ عمر کے ابوبکر تھے جو اس وقت تقریباً اڑتیس سال کے تھے۔ بوڑھے لوگ اپنی مصلحت کوشی میں مبتلا تھے اور کوئی خطرہ مول لینے کے لئے تیار نہ تھے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر دور میں حق و صداقت کی تحریک کا اصل سرمایہ نوجوان ہوتے ہیں۔

(۸۴) اہل ایمان کو اللہ کے سوا کسی سے نہ ڈرنا چاہیئے | حضرت موسیٰ ؑ نے قوم کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ الحمدللہ تم مسلمان ہو، تمہارے ایمان کا تقاضہ یہ ہے کہ مسلمان ہوتے ہوئے اللہ پر بھروسہ رکھو کیونکہ ایک فرماں بردار مومن اپنے رب کی طاقت پر بھروسہ کرتا ہے جسے اللہ کی لامحدود قدرت پر کامل یقین ہوگا وہ اللہ پر اعتماد کریگا اور اللہ پر اعتماد جبھی پیدا ہوتا ہے جب ایک انسان پوری طرح اپنے آپ کو اپنے رب کے سپرد کر دے جب ایسا ہو جاتا ہے تو وہ نہ گھبراتا ہے نہ اللہ کے سوا کسی سے ڈرتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ

فَقَالُوْا	عَلَى	اللّٰهِ	تَوَكَّلْنَا	رَبَّنَا	لَا تَجْعَلْنَا	فِتْنَةً	لِّلْقَوْمِ
تو انہوں نے کہا	پر	اللہ	ہم نے بھروسہ کیا	اے ہمارے رب	نہ بنا ہمیں	تختۂ مشق	قوم کا

تو انہوں نے کہا ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا۔ اے ہمارے رب! ہمیں نہ بنا ظالموں کی قوم کا

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾

الظّٰلِمِيْنَ	وَنَجِّنَا	بِرَحْمَتِكَ	مِنَ	الْقَوْمِ	الْكٰفِرِيْنَ
ظالم (جمع)	اور ہمیں چھڑا دے	اپنی رحمت سے	سے	قوم	کافر (جمع)

تختۂ مشق اور ہمیں اپنی رحمت سے کافروں کی قوم سے چھڑا دے

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا

وَاَوْحَيْنَآ	اِلٰى	مُوْسٰى	وَ	اَخِيْهِ	اَنْ + تَبَوَّاٰ	لِقَوْمِكُمَا
اور ہم نے وحی بھیجی	طرف	موسیٰ	اور	اس کا بھائی	کہ گھر بناؤ	اپنی قوم کے لئے

اور ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی کی طرف وحی بھیجی کہ اپنی قوم کے لئے مصر میں

بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا

بِمِصْرَ	بُيُوْتًا	وَّاجْعَلُوْا	بُيُوْتَكُمْ	قِبْلَةً	وَّ اَقِيْمُوا
مصر میں	گھر	اور بناؤ	اپنے گھر	قبلہ رُو	اور قائم کرو

گھر بناؤ اور بناؤ اپنے گھر قبلہ رُو (نماز کی جگہ) اور نماز قائم

الصَّلٰوةَ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۷﴾

الصَّلٰوةَ	وَ بَشِّرِ	الْمُؤْمِنِيْنَ
نماز	اور خوشخبری دو	مومن (جمع)

کرو اور مومنوں کو خوشخبری دو۔

﴿۸۵﴾ فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۙ
اَیْ لَا تُظْهِرْهُمْ عَلَيْنَا فَيَظُنُّوْٓا اَنَّهُمْ عَلَى الْحَقِّ فَيُفْتَتَنُوْا بِنَا۔

﴿۸۵﴾ پس کہا انھوں نے کہ ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا اے ہمارے پروردگار نہ کر تو ہم کو باعث گمراہی اور فتنہ میں پڑے قوم ظالم کے یعنی ان ظالموں کو ہم پر غلبہ نہ دے کہ اگر وہ غالب ہونگے تو یہ سمجھیں گے کہ ہم حق پر ہیں اسی لئے غالب آئے پس اس سبب سے گمراہی میں پڑینگے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۸۶) وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○

(۸۶) اور ہم کو نجات دے اپنی رحمت سے قوم کافر سے۔

(۸۷) وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۭ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ○

(۸۷) اور ہم نے وحی کی موسیٰ اور اس کے بھائی کی طرف کہ اپنی قوم کے واسطے مصر میں گھر بناؤ اور اپنے گھروں میں نماز کی جگہ بنالو کہ اسمیں اطمینان سے نماز پڑھا کرو اور یہ اسلئے کہ فرعون نے ان کو منع کر رکھا تھا نماز سے۔

اور نماز کو پوری طرح پڑھو اور اے موسیٰ ایمان والوں کو خوش خبری سنا فتح پانے اور جنت میں داخل ہونے کی۔

تشریح

(۸۵) حضرت موسیٰ ؑ کی نصیحت پر مومنین صادقین کا جواب | حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اس نصیحت پر اور یہ سمجھانے پر کہ ایک مومن کو اللہ کی طاقت پر بھروسہ رکھنا چاہیئے سچے دل سے ایمان لانے والے نوجوانوں نے آگے بڑھ کر اعلان کیا کہ ہم نے اللہ پر ہی بھروسہ کیا ہے۔ اور پھر دعا کی کہ اے ہمارے رب ہمیں ظالموں کا تختۂ مشق نہ بنائیو ہم کو غلطیوں سے، خامیوں سے کمزوریوں سے بچائیو اور ہماری جدوجہد کو بار آور کریو تاکہ ہمارا وجود مخلوق کے لئے خیر کا سبب بنے۔

(۸۶) ظالموں کی محکومی سے نجات کی دعا | صادق الایمان نوجوانوں نے حضرت موسیٰ ؑ کے خطاب پر اپنے توکل علی اللہ کا اظہار کیا دعا کی ہم ظالموں کا تختۂ مشق نہ بنیں اس کے ساتھ یہ دعا بھی کی کہ اے ہمارے رب ہمیں باطل پرستوں کی محکومی سے نجات دیجئو اور آزادی کی دولت عطا فرمائیو کیونکہ غلامی اور محکومی ایسی بری بلا ہے کہ جس پر یہ مسلط ہو جاتی ہے اس کو ذلیل و خوار کر کے رکھ دیتی ہے۔ ایک مومن عزت کے مقام کا طالب ہوتا ہے نہ کہ ذلت و رسوائی کا۔ کہ "غلامی میں بدل جاتی ہیں قوموں کی تقدیریں۔"

(۸۷) اہل ایمان میں اجتماعی نظام قائم کرنے کیلئے پہلا قدم | حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے اہل مصر کی رہبری کے لئے پیغمبر بنا کر بھیجا تھا اس وقت صورت حال یہ تھی کہ اگرچہ ان میں کے اکثر لوگ نام نہاد مسلمان تھے مگر ان کا اجتماعی نظام بکھر چکا تھا یہاں تک کہ نماز باجماعت کا اہتمام بھی نہیں رہا تھا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ اور ان کے معاون ان کے بھائی حضرت ہارون کو حکم دیا کہ اپنی قوم میں اجتماعیت پیدا کرنے کے لئے پہلا قدم یہ اٹھائیں کہ مصر میں کچھ مکانوں کو مرکز بنا کر نماز باجماعت قائم کریں۔

دوسرے یہ کہ اہل ایمان پر جو مرعوبیت اور مایوسی چھائی ہوئی ہے اس کو ختم کرنے کے لئے ان کو حوصلہ دو اور بشارت دو کہ اہل ایمان آخر کار کامیاب ہو کر رہتے ہیں۔

ے جہاں میں اہل ایمان صورت خورشید جیتے ہیں
یہاں ڈوبے وہاں نکلے وہاں ڈوبے یہاں نکلے

اس لئے حالات کی ناسازگاری سے بددل نہ ہوں۔ ہر مشکل کے بعد آسانی کی راہیں کھلتی ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا

وَقَالَ	مُوْسٰى	رَبَّنَآ	اِنَّكَ	اٰتَيْتَ	فِرْعَوْنَ	وَمَلَاَهٗ	زِيْنَةً	وَّاَمْوَالًا
اور کہا	موسیٰ	اے ہمارے رب	بیشک تُو	تو نے دیا	فرعون	اور اسکے سردار	زینت	اور مال (جمع)

اور موسیٰؑ نے کہا اے ہمارے رب! بیشک تو نے فرعون اور اس کے لشکر کو دنیا کی زندگی میں زینت

فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ

فِى	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	رَبَّنَا	لِيُضِلُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِكَ	رَبَّنَا	اطْمِسْ
میں	زندگی	دنیا	اے ہمارے رب	کہ وہ گمراہ کریں	سے	تیرا راستہ	اے ہمارے رب	مٹادے

اور بہت سے مال دئے ہیں، اے ہمارے رب کہ وہ تیرے راستہ سے گمراہ کریں، اے ہمارے رب! ان کے

عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى

عَلٰٓى	اَمْوَالِهِمْ	وَاشْدُدْ	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	فَلَا يُؤْمِنُوْا	حَتّٰى
پر	انکے مال	اور مہر لگادے	پر	اُن کے دل (جمع)	کہ وہ نہ ایمان لائیں	یہانتک کہ

مال مٹادے اور ان کے دلوں پر مہر لگادے کہ وہ ایمان نہ لائیں یہاں تک کہ

يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٨٨﴾ قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا

يَرَوُا	الْعَذَابَ	الْاَلِيْمَ	قَالَ	قَدْ اُجِيْبَتْ	دَّعْوَتُكُمَا
وہ دیکھ لیں	عذاب	دردناک	اُسنے فرمایا	قبول ہو چکی	تمہاری دعا

دردناک عذاب دیکھ لیں۔ اس نے فرمایا تمہاری دُعا قبول ہو چکی ہے

فَاسْتَقِيْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾

فَاسْتَقِيْمَا	وَلَا	تَتَّبِعٰٓنِّ	سَبِيْلَ	الَّذِيْنَ	لَا يَعْلَمُوْنَ	
سو تم دونوں ثابت قدم رہو	اور نہ	چلنا	راہ	ان لوگوں کی جو	ناواقف ہیں	

سو تم دونوں ثابت قدم رہو اور ان لوگوں کی راہ نہ چلنا جو ناواقف ہیں۔

﴿٨٨﴾ وَقَالَ مُوْسٰى رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓى اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ○ اَلْمُؤْلِمَ۔ دَعَا عَلَيْهِ وَاَمَّنَ هٰرُوْنُ

﴿٨٨﴾ اور کہا موسیٰ نے اے ہمارے رب بیشک تو نے فرعون کو اور اس کے گروہ کو زینت اور زیبائش اور بہت مال زندگی دنیا میں دیا۔ اے ہمارے رب یہ تو نے ان کو اسلئے دیا کہ انجام کار وہ تیرے راستے سے لوگوں کو گمراہ کرے۔ اے ہمارے رب انکے اموال مٹادے اور مسخ کر دے اور ان کے دلوں کو سخت کر دے ان پر مہر لگا دے اور اسکو مضبوط کر دے کہ وہ ایمان نہ لاویں یہانتک کہ دیکھ لیں عذاب دردناک کو۔ موسیٰ نے یہ دعا کی اور ہارون نے اسکی دعا پر آمین کہی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

عَلٰی دُعَائِہٖ قَالَ تَعَالٰے

(۸۹) قَدْ اُجِیْبَتْ دَّعْوَتُکُمَا فَاسْتَقِیْمَا وَلَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِیْلَ الَّذِیْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ ○ وَجٰوَزْنَا بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَھُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُہٗ بَغْیًا وَّعَدْوًا ط حَتّٰٓی اِذَآ اَدْرَکَہُ الْغَرَقُ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا الَّذِیْٓ اٰمَنَتْ بِہٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِیْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ○ ءٰٓالْئٰنَ وَقَدْ عَصَیْتَ قَبْلُ وَکُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ ○ فَالْیَوْمَ نُنَجِّیْکَ بِبَدَنِکَ لِتَکُوْنَ لِمَنْ خَلْفَکَ اٰیَۃً ط وَاِنَّ کَثِیْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰیٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ○

اللہ تعالیٰ نے فرمایا

(۸۹) بیشک قبول ہوئی دعا تم دونوں کی۔ سو انکے مال بدل کر پتھر ہو گئے اور فرعون ایمان نہ لایا یہاں تک کہ ڈوبنے لگا۔ سو تم دونوں ثابت اور مستقیم رہو اوپر پیغمبری اور بلانے کے یہاں تک کہ ان پر عذاب آوے اور نہ پیروی کرو تم ان لوگوں کی راہ کی جو نہیں جانتے۔ اور جلدی فیصلہ اور حکم چاہتے ہیں مروی ہے کہ فرعون اسکے بعد چالیس برس باقی رہا۔

تشریح

(۸۸) **مال وجاہ آزمائش کے لئے ہے** | اللہ تعالیٰ دنیا میں اگر کسی کو مال و دولت اور جاہ و حشمت سے نوازتا ہے تو اس میں بھی اس کی آزمائش ہوتی ہے کہ وہ اللہ کی دی ہوئی اس نعمت سے کیا کام لیتا ہے آیا ان چیزوں کو بندوں پر ظلم و زیادتی اور حق و صداقت کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے کے لئے استعمال کرتا ہے یا اللہ کا شکر گذار بن کر ان وسائل کو سچائی کے راستے پر استعمال کرتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرعون کو بے پناہ خزانوں سے نوازا تھا اور حکومت کی طاقت عطا کی تھی اس نے ان چیزوں کا بیجا فائدہ اٹھایا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام جتنا سمجھا چکے اور جن لوگوں کو ایمان لانا تھا وہ ایمان لا چکے تو حضرت موسیٰ ؑ نے اپنے آخری دور میں جو آپکے قیام مصر کا آخری زمانہ ہے حجت پوری ہو جانے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اے پروردگار آپنے فرعون اور فرعونیوں کو دنیا کی زندگی میں جاہ و اموال سے نوازا ہے یہ چیزیں اسلئے تو نہیں ہیں کہ وہ لوگوں کو راہِ حق سے بھٹکائیں اے رب اب پانی سر سے گذر چکا ہے اب ان کے مالوں کو غارت کر دے اور ان کے دل پر ایسی مہر لگا دے کہ یہ عذاب کو آتے دیکھ کر دکھاوے کیلئے ایمان نہ لائیں یہاں تک کہ عذاب ان کو گھیر لے اور ان کا نام و نشان مٹ جائے کیونکہ اب ان کے راہِ راست پر آنے کی کوئی امید باقی نہیں رہی۔

(۸۹) **اہل باطل کی ظاہری شان و شوکت سے متاثر نہ ہوں** | اکثر ایسا ہوتا ہے کہ اہل باطل کے ظاہری ٹھاٹھ باٹھ اور دنیا میں ان کی سرفرازیاں دیکھکر اہل حق متاثر اور مرعوب ہو جاتے ہیں اور یہ سوچنے لگتے ہیں کہ ہمارے لئے ان کا مقابلہ کرنا مشکل ہے اس لئے کفر و فسق کی سلطانی میں جو رعایتیں ہمیں مل جائیں اس پر ہم قناعت کئے رکھیں اور بلا وجہ کے ٹکراؤ سے بچتے رہیں۔ اکثر مصلحت کوشی کا انداز اختیار کر کے عافیت پسندی کو ترجیح دی جاتی ہے بہانہ یہ ہو جاتا ہے کہ ہمارے پاس وسائل کم ہیں اور اس وقت غلبۂ حق پورے طور پر ممکن نہیں ہے!

مذکورہ آیت میں اللہ تعالیٰ نے اس غلط فہمی کو دور کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ تمہاری اور تمہارے بھائی کی دونوں کی دعا قبول کر لی گئی ثابت قدم رہو اور ان لوگوں کے طریقے پر ہرگز مت چلنا جو حقیقت کو نہیں جانتے اور اللہ تعالیٰ کی مصلحتوں کو نہیں سمجھتے اور فیصلہ کر بیٹھتے ہیں کہ باطل کے مقابلے میں حق کمزور ہے۔ اصل میں حق کبھی کمزور نہیں ہوتا اس کی اصل طاقت اللہ پر توکل اور بھروسہ اور قوت ایمانی ہوتی ہے۔ ظاہری اعتبار سے وسائل کی کمی کو یہ ایمانی قوت پورا کر دیتی ہے البتہ جذبۂ صادق خلوص و لگن کی ضرورت ہے اگر ظاہری طور پر حق ناکام بھی ہوتا ہے تو وہ حقیقت میں ناکام نہیں ہوتا اسکے اثرات بہرحال محسوس کئے جاتے ہیں وہ اپنے لئے سماج میں گنجائش نکالتا ہے لوگ متوجہ ہوتے ہیں اور حقیقت کو سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ظاہر میں کامیابی ہو یا ناکامی آخرت کا اجر دونوں صورتوں میں ملتا ہے اس لئے ایک مومن صادق کا کام یہ ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں لگا رہے اور اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرتا رہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَجٰوَزْنَا بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ

وَجٰوَزْنَا	بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ	الْبَحْرَ	فَاَتْبَعَهُمْ	فِرْعَوْنُ	وَجُنُوْدُهٗ
اور ہم نے پار کر دیا	بنی اسرائیل کو	دریا	پس پیچھا کیا ان کا	فرعون	اور اس کا لشکر

اور ہم نے بنی اسرائیل کو پار کر دیا دریا سے، پس فرعون اور اسکے لشکر نے سرکشی اور زیادتی

بَغْیًا وَّعَدْوًا ؕ حَتّٰٓی اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ

بَغْیًا	وَّعَدْوًا	حَتّٰٓی	اِذَآ	اَدْرَكَهُ	الْغَرَقُ	قَالَ	اٰمَنْتُ	اَنَّهٗ
سرکشی	اور زیادتی	یہانتک کہ	جب	اُسے آپکڑا	غرقابی	وہ کہنے لگا	میں ایمان لایا	کہ وہ

سے اس کا پیچھا کیا۔ یہاں تک کہ جب اس کو غرقابی نے آپکڑا وہ کہنے لگا کہ میں ایمان لایا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِیْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِیْلَ وَاَنَا

لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا	الَّذِیْٓ	اٰمَنَتْ	بِهٖ	بَنُوْٓا اِسْرَآءِیْلَ	وَ	اَنَا
نہیں	معبود	سوائے	وہ جس	ایمان لائے	اس پر	بنی اسرائیل	اور	میں

کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں ہوں

مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ﴿۹۰﴾ آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَیْتَ قَبْلُ

مِنَ	الْمُسْلِمِیْنَ	آٰلْـٰٔنَ	وَ	قَدْ + عَصَیْتَ	قَبْلُ
سے	فرماں بردار (جمع)	کیا اب	اور	البتہ تو نافرمانی کرتا رہا	پہلے

فرماں برداروں میں سے۔ کیا اب؟! (ایمان کی بات کرتا ہے) اور البتہ پہلے تو نافرمانی کرتا رہا

وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۹۱﴾

وَ	كُنْتَ	مِنَ	الْمُفْسِدِیْنَ
اور	تو رہا	سے	فساد کرنے والے۔

اور تو فساد کرنے والوں میں سے رہا۔

﴿۹۰﴾ وَجٰوَزْنَا بِبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُوْدُهٗ بَغْیًا وَّعَدْوًا ؕ مَفْعُوْلٌ لَهٗ حَتّٰٓی اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ اَیْ بِاَنَّهٗ وَفِیْ قِرَاءَةٍ بِالْكَسْرِ اِسْتِیْنَافًا لَآ اِلٰهَ

﴿۹۰﴾ اور گزار دیا ہم نے بنی اسرائیل کو دریا سے پس ملا ان سے اور پیچھا کیا فرعون نے اور اس کے لشکر نے بسبب سرکشی اور زیادتی کے یہاں تک کہ جب ڈوبنے لگا کہا کہ ایمان لایا میں اس پر کہ بیشک کوئی معبود نہیں بجز اس کے کہ جن پر بنی اسرائیل ایمان لائے۔ اور میں مسلمان ہوتا ہوں۔ فرعون نے مکرر اپنا ایمان لانا ظاہر

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِلَّا الَّذِيٓ ءَامَنَتْ بِهِۦ بَنُوٓا۟ إِسْرَٰٓءِيلَ وَأَنَا۠ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ۝ ءَآلْـَٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنتَ مِنَ الْمُفْسِدِينَ ۝ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ ءَايَةً ۚ وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ ءَايَٰتِنَا لَغَٰفِلُونَ ۝

کیا تاکہ اس سے قبول کیا جائے سو وہ قبول نہ ہوا اور جبریل نے اس کے منہ میں دریا کی کیچڑ بھر دی اس خوف سے کہ ایسا نہ ہو اگر کوئی اور کلمہ یہ بولے گا تو رحمت الٰہی اس کے شامل حال ہو جائے اور اس کا ایمان مقبول ہو جائے۔

(۹۱) اور فرعون سے کہا تو اب ایمان لاتا ہے حالانکہ پہلے سے نافرمانی کی اور تھا تو فساد کرنے والوں میں سے کہ خود بھی گمراہ رہا اور لوگوں کو ایمان سے روکا، اور گمراہ کیا۔

تشریح

(۹۰) **فرعون کی غرقابی** | حضرت موسیٰ ؑ کئی لاکھ بنی اسرائیل اور ان لوگوں کو جو ایمان لے آئے تھے لیکر مصر سے نکلے تاکہ فرعون کے پنجے سے اہل ایمان کو نجات مل جائے اور وہ اللہ کے دین پر آزادی کے ساتھ عمل پیرا ہو سکیں۔ فرعون کو خبر ہوئی تو ایک بڑا لشکر لے کر حضرت موسیٰ کا پیچھا کیا۔ اب صورت حال یہ تھی کہ حضرت موسیٰ بحر قلزم کے کنارے پہنچ چکے تھے سامنے سمندر تھا اور پیچھے فرعون کا لشکر تھا۔ لوگ پریشان ہو گئے۔ حضرت موسیٰ نے ان کو تسلی دی کہ گھبراؤ نہیں اللہ تعالیٰ مدد فرمائیں گے۔ اللہ کے حکم سے حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی لاٹھی سمندر پر ماری اور سب لوگوں نے اپنی آنکھوں سے یہ معجزہ دیکھا کہ سمندر کا پانی دونوں طرف کھڑا ہو گیا اور درمیان سے خشکی کے بارہ راستے بن گئے جس سے بنی اسرائیل سمندر پار کر کے دوسرے کنارے پر پہنچ گئے اتنے میں پیچھے سے فرعون اپنے لشکر کے ساتھ پہنچ گیا خشک راستے کو دیکھ کر اس نے اپنے گھوڑے ان راستوں پر دوڑا دئے جب فرعون اور اس کا لشکر راستے کے بیچوں بیچ پہنچ گیا تو اللہ کے حکم سے سمندر کے دونوں طرف کھڑا ہوا پانی مل گیا اور فرعون مع لشکر کے سمندر میں غرق ہو گیا۔

ڈوبتے ڈوبتے فرعون کی زبان پر یہ کلمہ تھا کہ میں اس اللہ پر ایمان لاتا ہوں جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں۔ اس کے سوائے کوئی معبود نہیں ہے اور میں بھی سر تسلیم خم کرنے والوں میں سے ہوں۔

(۹۲) **عذاب خداوندی کے بعد فرعون کا ایمان ناقابل قبول** | اللہ تعالیٰ نے دنیا کی زندگی میں انسانوں کو مہلت دی ہے اور اس کو موقع دیا ہے کہ وہ حق و صداقت کو سمجھے اور سمجھ کر اسکو قبول کرے وہ غیبی حقیقتیں جو نگاہوں سے اوجھل ہیں دلائل ثبوت اور فطرت کے تقاضے کی روشنی میں ان کو بغیر دیکھے تسلیم کرے۔ یہ مہلت اس وقت تک ہے جب تک عالم غیب نگاہوں سے اوجھل ہے۔ موت کے وقت جب عالم غیب سامنے آجاتا ہے یا اللہ کا عذاب آنکھوں کے سامنے ہوتا ہے اس وقت کا ایمان قابل قبول نہیں ہے۔ قبض روح اور معائنہ عذاب کے وقت ایمان لانا اس کو ایمانِ "غرغرہ" کہتے ہیں یہ ایمان معتبر نہیں ہے۔ لیکن آخیر وقت میں فرعون کی زبان سے اس کلمے کا نکلنا کہ میں ایمان لایا، حضرت موسیٰ ؑ کی اس دعا کی قبولیت کا ظہور تھا کہ اے پروردگار ان کے دلوں پر ایسی مہر لگا دے کہ ظاہری ایمان بھی نہ لائیں جب تک دردناک عذاب نہ دیکھ لیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً ؕ وَاِنَّ

فَالْيَوْمَ	نُنَجِّيكَ	بِبَدَنِكَ	لِتَكُونَ	لِمَنْ	خَلْفَكَ	اٰيَةً	وَاِنَّ
سو آج	ہم تجھے بچادینگے	تیرے بدن سے	تاکہ تو رہے	انکے لئے جو	تیرے بعد آئیں	ایک نشانی	اور بیشک

سو آج ہم تجھے تیرے بدن سے بچا دیں گے (غرق نہیں کرینگے) تاکہ تو (میری لاش) انکے لئے جو تیرے بعد میں آئیں (عبرت کی) ایک نشانی

ع ۹ ۱۰ ۱۴

كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُونَ ﴿۹۲﴾ ع

كَثِيرًا	مِّنَ + النَّاسِ	عَنْ	اٰيٰتِنَا	لَغٰفِلُونَ
اکثر	لوگ	سے	ہماری نشانیاں	غافل ہیں

رہے۔ اور بیشک اکثر لوگ ہماری نشانیوں سے غافل ہیں

﴿۹۲﴾ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيكَ نُخْرِجُكَ مِنَ الْبَحْرِ بِبَدَنِكَ جَسَدِكَ الَّذِي لَا رُوحَ فِيهِ لِتَكُونَ لِمَنْ خَلْفَكَ بَعْدَكَ اٰيَةً عِبْرَةً فَيَعْرِفُوا عُبُودِيَّتَكَ وَلَا يُقْدِمُوا عَلٰى مِثْلِ فِعْلِكَ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ بَعْضَ بَنِي اِسْرَاءِيلَ شَكُّوا فِي مَوْتِهِ فَاَخْرَجَ لَهُمْ لِيَرَوْهُ وَاِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ اَيْ اَهْلِ مَكَّةَ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُونَ ۝ لَا يَعْتَبِرُونَ بِهَا

﴿۹۲﴾ پس آج کے دن ہم تجھ کو دریا سے نکالیں گے معہ تیرے بدن کے جس میں روح نہیں تاکہ تجھ کو دیکھ کر عبرت پکڑیں وہ لوگ جو تیرے بعد آویں پس پہچان لیں تیرے بندے ہونے کو اور نہ پیش قدمی کریں ایسے کام پر جو تو نے کیا۔ اور مروی ہے ابن عباسؓ سے کہ بعض بنی اسرائیل کو اس کے مرنے میں شک تھا اسلئے فرعون کو باہر نکال کر ظاہر کر دیا کہ وہ اس کو دیکھ لیں اور بیشک بہت آدمی یعنی مکہ والے ہماری نشانیوں سے بے خبر ہیں ان سے عبرت حاصل نہیں کرتے۔

تشریح

﴿۹۲﴾ **فرعون کی لاش کو نشان عبرت بنا دیا گیا** اللہ نے ارشاد فرمایا کہ اب تو ہم صرف تیری لاش ہی کو بچائیں گے تاکہ تو بعد کی نسلوں کے لئے عبرت کا نشان بنا رہے چنانچہ سمندر کی لہروں نے فرعون کی لاش کو باہر پھینک دیا جزیرہ نمائے سینا کے مغربی ساحل پر آج تک وہ جگہ موجود ہے جہاں فرعون کی نعش سمندر میں تیرتی ہوئی پائی گئی تھی وہ ٹیلہ جس سے نعش آکر لگی تھی اس کو جبل فرعون کہا جاتا ہے اس فرعون منفتاح کی لاش آج بھی قاہرہ کے عجائب خانے میں موجود ہے سرگرافٹن ایلیٹ اسمتھ نے ۱۹۰۷ء میں اس نعش کی ممی پر سے پٹیاں کھولیں تو اس کی نعش پر نمک کی ایک تہہ جمی ہوئی پائی گئی جو کھاری پانی میں اس کے ڈوبنے کی علامت تھی۔

اللہ تعالیٰ تو ایسے عبرت کے سامان دکھاتے ہیں مگر اکثر انسان ایسے ہیں جو ان نشانیوں سے عبرت حاصل نہیں کرتے اور بدستور غفلت میں مبتلا رہتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰهُمْ

وَ لَقَدْ	بَوَّاْنَا	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	مُبَوَّاَ	صِدْقٍ	وَرَزَقْنٰهُمْ
اور البتہ	ہم نے ٹھکانا دیا	بنی اسرائیل	ٹھکانہ	اچھا	اور ہم نے رزق دیا انہیں

اور ہم نے بنی اسرائیل کو اچھا ٹھکانہ دیا ، اور ہم نے انہیں رزق دیا

مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰى جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۭ

مِنَ	الطَّيِّبٰتِ	فَمَا اخْتَلَفُوْا	حَتّٰى	جَآءَهُمُ	الْعِلْمُ
سے	پاکیزہ چیزیں	سو انہوں نے اختلاف نہ کیا	یہاں تک کہ	آگیا انکے پاس	علم

پاکیزہ چیزوں سے ، سو انہوں نے اختلاف نہ کیا یہاں تک کہ ان کے پاس علم (قرآن) آگیا

اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا

اِنَّ	رَبَّكَ	يَقْضِيْ	بَيْنَهُمْ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا
بیشک	تمہارا رب	فیصلہ کرے گا	انکے درمیان	دن	قیامت	اسمیں جو

بیشک تمہارا رب ان کے درمیان فیصلہ کرے گا روز قیامت جس (بات) میں

كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۳﴾

كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ	
وہ تھے	اسمیں	وہ اختلاف کرتے	

وہ اختلاف کرتے تھے۔

وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ اور البتہ بے شک ہم نے بنی اسرائیل کو بزرگی کی جگہ میں ٹھکانا دیا یعنی شام اور مصر میں اور ان کو پاک اور لذیذ چیزیں کھانے کو دیں۔

فَمَا اخْتَلَفُوْا پس وہ مختلف ہوئے بعد اس کے کہ ان کے پاس علم آگیا یعنی جان بوجھ کر اختلاف کیا بعض ایمان لائے اور بعض کافر رہے۔

اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ بیشک تیرا رب قیامت کو انہیں فیصلہ کر دے گا جس چیز میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○ مِنْ اَمْرِ الدِّيْنِ بِاَنْجَاءِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ تَعْذِيْبِ الْكٰفِرِيْنَ

وہ اختلاف کرتے تھے دین کی باتوں میں سے۔ یعنی ایمان والوں کو نجات دے گا اور کافروں کو عذاب میں گرفتار کرے گا۔

تشریح

(۹۳) بنی اسرائیل نے نئے نئے فرقے بنا ڈالے | بنی اسرائیل کو اللہ تعالیٰ نے فرعون جیسے ظالم و جابر حکمراں سے نجات دی اور وہ غرقاب ہو کر رسوا ہوا۔ پہلے ان کو ملک مصر دیا گیا پھر عمالقہ کے مصر سے نکلنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے بہترین ٹھکانا ارض شام و فلسطین کی صورت میں عطا فرمایا اور بہترین وسائل زندگی سے انہیں نوازا۔ ان مادی نعمتوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے ان کو روحانی اور علمی دولت سے بھی سرفراز کیا انہیں تورات کا علم دیا دین کی حقیقت سمجھائی شریعت کے اصولی اور فروعی احکام عطا کئے۔ ان حقائق سے واقفیت کے باوجود اپنے نفس کی شرارتوں سے فرقہ بندی کی نحوست میں گرفتار ہوئے اور ایک دین کے بیسیوں دین بنا ڈالے یہاں تک کہ بعض احکام میں اپنے پیغمبر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بھی گائے کے ذبح کرنے کے سلسلے میں حجت بازی کی بنی اسرائیل کے اکثر لوگوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے سے نہ صرف یہ کہ انکار کیا بلکہ ان کی مخالفت کی جبکہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق بہت سی پیشین گوئیوں کا ان کو علم تھا اور انکی بعثت سے پہلے نبی آخر الزماں کی آمد کے منتظر تھے صرف جزیات ہی میں نہیں بلکہ دین کے اصول بھی بدل ڈالے گراوٹ کی انتہا یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے تین سو برس بعد ایک فلسفی مزاج بادشاہ قسطنطین اعظم نے ازراہ نفاق نصرانیت اختیار کر لی تو پادریوں نے اس بادشاہ کی خاطر شریعت کے لئے نئے احکام ایجاد کئے اس کے بدلے میں بادشاہ نے ان کے لئے بڑے بڑے گرجا گھر بنائے اور ایک نیا دین عیسوی جو اصل مسیحیت کو بگاڑ کر تیار کیا گیا تھا اس کی خوب اشاعت ہوئی صلیب کی پرستش ہونے لگی مشرق کی طرف منہ کر کے نماز پڑھی جانے لگی کلیساؤں میں حضرت عیسیٰ اور انکی والدہ مریم کی تصویریں لگائی گئیں اور ان کی پوجا ہونے لگی، خنزیر کو حلال قرار دیدیا گیا۔ الغرض دین عیسوی کو ہر طرح سے بگاڑ کر جہاں جہاں عیسائیوں کا غلبہ تھا اس کو پھیلایا گیا۔ بجائے اس کے کہ اللہ تعالیٰ کے انعامات کا شکر ادا کرتے اور اس کے بھیجے ہوئے دین کو مضبوطی سے تھامتے خود بھی بگڑے دوسروں کو بھی بگاڑا اللہ کے دئے ہوئے اصولوں کو چھوڑ کر دوسری ہی بنیادوں پر اپنی مذہبی فرقوں کی عمارتیں کھڑی کر لیں ——— اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ تیرا رب قیامت کے روز اس چیز کا فیصلہ کر دے گا جس میں وہ اختلاف کرتے رہے ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَإِنْ كُنْتَ فِي شَكٍّ مِّمَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ فَسْئَلِ الَّذِينَ

فَإِنْ	كُنْتَ	فِي	شَكٍّ	مِمَّا	أَنْزَلْنَا	إِلَيْكَ	فَسْئَلِ	الَّذِينَ
پس اگر	تو ہے	میں	شک	اس سے جو	ہم نے اتارا	تیری طرف	تو پوچھ	وہ لوگ جو

پس اگر تو اس (کے بارہ) میں شک میں ہے جو ہم نے اتارا تیری طرف تو ان لوگوں سے پوچھ جو

يَقْرَءُونَ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ

يَقْرَءُونَ	الْكِتٰبَ	مِنْ + قَبْلِكَ	لَقَدْ + جَآءَكَ	الْحَقُّ	مِنْ
پڑھتے ہیں	کتاب	تجھ سے پہلے	تحقیق آگیا تیرے پاس	حق	سے

تجھ سے پہلے کتاب پڑھتے ہیں۔ تحقیق تیرے پاس حق آگیا ہے تیرے

رَّبِّكَ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿٩٤﴾ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ

رَبِّكَ	فَلَا + تَكُونَنَّ	مِنَ	الْمُمْتَرِينَ	وَلَا تَكُونَنَّ	مِنَ
تیرا رب	پس نہ ہونا	سے	شک کرنے والے	اور نہ ہونا	سے

رب کی طرف سے پس شک کرنے والوں سے نہ ہونا۔ اور نہ ان لوگوں سے ہونا جنہوں

الَّذِينَ كَذَّبُوا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُونَ مِنَ الْخٰسِرِينَ ﴿٩٥﴾

الَّذِينَ	كَذَّبُوا	بِاٰيٰتِ	اللّٰهِ	فَتَكُونَ	مِنَ	الْخٰسِرِينَ
وہ لوگ جو	انہوں نے جھٹلایا	آیتوں کو	اللہ	پھر تو ہو جائے	سے	خسارہ پانے والے

نے جھٹلایا اللہ کی آیتوں کو پھر تو خسارہ پانے والوں سے ہو جائے۔

﴿٩٤﴾ فَإِنْ كُنْتَ يَا مُحَمَّدُ فِي شَكٍّ مِّمَّا أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْقَصَصِ فَرْضًا فَسْئَلِ الَّذِينَ يَقْرَءُونَ الْكِتٰبَ التَّوْرَاةَ مِنْ قَبْلِكَ فَإِنَّهُ ثَابِتٌ عِنْدَهُمْ يُخْبِرُونَكَ بِصِدْقِهِ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا أَشُكُّ وَلَا أَسْئَلُ لَقَدْ جَآءَكَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا

﴿٩٤﴾ پس اے محمدؐ بالفرض اگر تم شک میں ہو اس سے کہ ہم نے تم پر اتارا پہلے قصوں سے تو پوچھ لو ان لوگوں سے جو تم سے پہلے توراۃ پڑھتے تھے کہ بلاشبہ یہ قصے جو قرآن میں مذکور ہیں انکی کتاب میں بھی ہیں وہ تم کو اس کا سچ ہونا بتلا دینگے۔ اس آیت کے آنے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے شک نہیں اور نہ میں سوال کرتا ہوں۔

اے محمدؐ بلاشبہ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے حق آیا بس نہ ہو تم اس میں شک کرنے والوں میں سے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ○

الشّٰكِرِيْنَ فِيْهِ

(۹۵) وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○

(۹۵) اور نہ ہو تم ان لوگوں میں سے جنھوں نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا کہ ہو جاؤ تم ٹوٹے والوں میں سے۔

تشریح

(۹۴) قرآن کی دعوت وہی ہے جو پچھلی کتابوں کی تھی | حقیقت یہ ہے کہ اللہ کا دین شروع سے ایک ہی رہا ہے اور ایک ہی رہیگا جو دین حضرت آدم لے کر آئے تھے اسی دین کی دعوت حضرت نوح ع نے دی حضرت ابراہیم ع، حضرت موسیٰ ع، حضرت عیسیٰ ع اسی دین کی دعوت دیتے رہے اور آخر میں خاتم الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت بھی وہی تھی جو پچھلے پیغمبروں کی رہی ہے۔ جو کتابیں اللہ تعالیٰ نے ان پیغمبروں پر نازل کیں زبور، تورات، انجیل اور قرآن سب ایک ہی زنجیر کی کڑیاں ہیں جو شخص پچھلی کتابوں کا مطالعہ کرے گا وہ قرآن کو پڑھ کر کہہ اٹھے گا کہ یہ ایک ہی چراغ کی روشنی ہے مکہ میں جو لوگ اپنے آپ کو دین ابراہیمی پر ہونے کا دعوی کرتے تھے اور پھر حقیقت دین ابراہیمی کو چھوڑ کر شرک اور بت پرستی میں مبتلا ہو گئے تھے وہ لوگ تو اندھیرے میں تھے لیکن اہل کتاب یہود و نصاریٰ جو تورات و انجیل پڑھتے تھے ان کے لئے یہ سمجھنا مشکل نہیں تھا کہ یہ وہی حق ہے جو حضرت موسیٰ اور عیسیٰ پر نازل ہوا تھا اور آج حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا ہے۔ اہل کتاب میں سے انصاف پسند لوگ اس کی تصدیق کر سکتے تھے کہ قرآن کی دعوت وہی ہے جو پچھلے انبیاء کی تھی۔

آیت مذکورہ میں بظاہر خطاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے لیکن آپ کو مخاطب بنا کر دوسروں کو سنانا ہے جو ایک اُمّی کی زبان سے ایسے حقائق اور واقعات سن کر حیرت زدہ رہ جاتے تھے اور اپنی جہالت اور تعصب کی وجہ سے اس میں شک کا اظہار کرتے تھے کہ اگر تمہیں ان باتوں میں کوئی شک ہے جو ہم اپنے پیغمبر پر نازل کر رہے ہیں تو ان منصف مزاج لوگوں سے پوچھ لو جو پچھلی کتابیں پڑھتے ہیں کہ یہ کوئی نئی بات نہیں ہے بلکہ وہی دعوت ہے جو ہر دور میں پیغمبر دیتے چلے آئے ہیں۔ فی الواقع تمہارے رب کی طرف سے حق ہی آیا ہے تم شک کرنے والوں میں شامل مت ہو۔

(۹۵) اللہ کی نشانیوں کو جھٹلا کر نقصان مت اٹھاؤ | پچھلے زمانے کے جن لوگوں نے حق کی واضح نشانیوں کو جھٹلایا تھا وہ بڑے نقصان میں رہے حق کو قبول نہ کیا اور دنیا اور آخرت کا خسارہ مول لیا۔ اب تم ان جیسے لوگوں میں شامل ہو کر اللہ کی نشانیوں کو جو کھلی کھلی تمہارے سامنے ہیں مت جھٹلاؤ ورنہ تم بھی پچھلے لوگوں کی طرح نقصان میں رہو گے۔ قرآن کی صداقت اور اس کا اللہ کا کلام ہونا روز روشن کی طرح عیاں ہے ورنہ ایک اُمی کی زبان سے وہ اعلیٰ درجے کے حقائق کس طرح نکل سکتے ہیں جو اس نے کبھی نہ پڑھے نہ سنے۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا سچا رسول ہونا بھی تمہارے سامنے ہے پوری زندگی کھلی کتاب کی طرح تمہارے آگے ہے تم ان کو خوب پہچانتے ہو وہ صادق و امین اور بہترین صفات کے مالک ہیں تم خوب جانتے ہو کہ انہوں نے کبھی اپنی زبان سے کوئی جھوٹ بات نہیں کہی پھر وہ بھلا اتنا بڑا جھوٹ کیسے بول سکتے ہیں کہ وہ رسول ہونے کا دعوی کریں اور حقیقت میں رسول نہ ہوں۔ پھر جو دعوت وہ دے رہے ہیں وہ تمہاری دنیا و آخرت کی بھلائی کے لئے دے رہے ہیں اس میں ان کا اپنا کوئی ذاتی مفاد نہیں ہے اور نہ وہ تم سے کسی چیز کے طلبگار ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّ الَّذِينَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٩٦﴾

إِنَّ	الَّذِينَ	حَقَّتْ	عَلَيْهِمْ	كَلِمَتُ	رَبِّكَ	لَا يُؤْمِنُونَ
بیشک	وہ لوگ جو	ثابت ہوگئی	ان پر	بات	تیرا رب	وہ ایمان نہ لائیں گے

بیشک جن لوگوں پر تیرے رب کی بات ثابت ہو گئی وہ ایمان نہ لائیں گے

وَلَوْ جَاءَتْهُمْ كُلُّ آيَةٍ حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ﴿٩٧﴾

وَلَوْ	جَاءَتْهُمْ	كُلُّ	آيَةٍ	حَتَّىٰ	يَرَوُا	الْعَذَابَ	الْأَلِيمَ
خواہ	آجائے انکے پاس	ہر	نشانی	یہانتک کہ	وہ دیکھ لیں	عذاب	دردناک

خواہ ان کے پاس ہر نشانی آجائے یہاں تک کہ وہ دردناک عذاب دیکھ لیں۔

(۹۶) إِنَّ الَّذِينَ حَقَّتْ وَجَبَتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ رَبِّكَ بِالْعَذَابِ لَا يُؤْمِنُونَ ○

(۹۶) بیشک وہ لوگ جن پر تیرے رب کا عذاب واجب ہوگیا وہ کبھی ایمان نہ لاویں گے۔

(۹۷) وَلَوْ جَاءَتْهُمْ كُلُّ آيَةٍ حَتَّىٰ يَرَوُا الْعَذَابَ الْأَلِيمَ ○ فَلَا يَنْفَعُهُمْ حِينَئِذٍ

(۹۷) اور اگرچہ ان کے پاس تمام نشانیاں آجاویں یہانتک کہ وہ عذاب دردناک کو دیکھیں کہ اسوقت ایمان لاویں گے سو اسوقت ایمان لانا انکو نفع نہ دیگا۔

تشریح

(۹۶) جھٹلانے کا وہ مقام جب دل پر مہر لگ جاتی ہے | جب انسان بلا وجہ کسی چیز کی صداقت میں شک کرنے لگتا ہے تو وہ شک بڑھتے بڑھتے دل میں جم جاتا ہے پھر اس سے آگے ترقی کر کے تکذیب کا وہ مقام آتا ہے جب آدمی کسی شکل میں صداقت کو قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتا یہی وہ مقام ہے جب دل پر ایک طرح کی مہر لگ جاتی ہے اسلئے فرمایا کہ ایسے لوگ ایمان نہیں لائیں گے جو خود طالب حق نہ ہونے کی وجہ سے ہٹ دھرمی پر اُتر آئے ہیں اور ان کی قبولیت حق کی استعداد ختم ہو چکی ہے۔

(۹۷) ایسے ہٹ دھرم جو مان کر نہیں دیتے | بے جا ضد اور ہٹ دھرمی کا یہ وہ مقام ہے کہ چاہے کوئی بھی نشانی سامنے آجائے یہ لوگ اس وقت تک نہیں مانتے جب تک اپنی آنکھوں سے دردناک عذاب نہ دیکھ لیں اور جب اللہ کا عذاب سامنے آگیا تو پھر یقین سے فائدہ کچھ نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ اِيْمَانُهَآ اِلَّا

فَلَوْلَا	كَانَتْ	قَرْيَةٌ	اٰمَنَتْ	فَنَفَعَهَآ	اِيْمَانُهَآ	اِلَّا
پس کیوں نہ	ہوتی	کوئی بستی	کہ وہ ایمان لاتی	تو نفع دیتا اسکو	اس کا ایمان	مگر

پس کیوں نہ ہوئی کوئی بستی کہ وہ ایمان لاتی تو اس کو اس کا ایمان نفع دیتا مگر

قَوْمَ يُوْنُسَ ؕ لَمَّآ اٰمَنُوْا كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِى

قَوْمَ	يُوْنُسَ	لَمَّآ	اٰمَنُوْا	كَشَفْنَا	عَنْهُمْ	عَذَابَ	الْخِزْيِ	فِى
قوم	یونس	جب	وہ ایمان لائے	ہم نے اٹھالیا	ان سے	عذاب	رسوائی	میں

یونسؑ کی قوم (کہ وہ ایمان لے آئی) جب وہ ایمان لائے تو ہم نے ان سے دنیا کی زندگی میں رُسوائی کا عذاب

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۹۸﴾

الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَمَتَّعْنٰهُمْ	اِلٰى + حِيْنٍ	
زندگی	دنیا	اور نفع پہنچایا انہیں	ایک مدت تک	

اٹھا لیا اور انہیں ایک مدت تک نفع پہنچایا۔

﴿۹۸﴾ فَلَوْلَا نَهَلَّا كَانَتْ قَرْيَةٌ
أُرِيْدَ اَهْلُهَا اٰمَنَتْ قَبْلَ
نُزُوْلِ الْعَذَابِ بِهَا فَنَفَعَهَا
اِيْمَانُهَا اِلَّا لٰكِنَّ
قَوْمَ يُوْنُسَ ج لَمَّا اٰمَنُوْا
عِنْدَ رُؤْيَةِ اَمَارَاتِ
الْعَذَابِ الْمَوْعُوْدِ
وَلَمْ يُؤَخِّرُوْا اِلٰى حُلُوْلِهٖ
كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ
الْخِزْيِ فِى الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا وَمَتَّعْنٰهُمْ
اِلٰى حِيْنٍ ○ اِنْقِضَاءِ
اٰجَالِهِمْ۔

﴿۹۸﴾ پس کیوں نہ ایمان لائے اہل قریہ ان پر عذاب آنے سے پہلے تاکہ ان کو نفع دیتا۔

لیکن قوم یونس سے ہم نے رسوائی کا عذاب زندگانی دنیا میں دفع کر دیا جبکہ وہ علامات عذاب موعود کے دیکھ کر ایمان لائے اور عذاب کے آنے تک ایمان اور توبہ کو موخر نہیں کیا اور ہم نے ان کو دنیا میں نفع دیا ان کی اجل پوری ہونے تک۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تشریح

(۹۸) قوم یونس کا ایمان لانا جو آثار عذاب کے بعد بھی معتبر ہوا | حضرت یونس علیہ السلام موصل کی سرزمین میں اہل نینوئی کی رہبری کے لئے مقرر کئے گئے تھے یہ لوگ بت پرستی کرتے تھے حضرت یونس کا زمانہ تقریباً سن ۸۶۵ سن ۷۸۴ قبل مسیح کے درمیان ہے۔ حضرت یونس اگرچہ اسرائیلی نبی تھے مگران کو اشور (اسیریا) والوں کی ہدایت کے لئے عراق بھیجا گیا تھا۔ اسی بنا پر اشوریوں کو یہاں قوم یونس کہا گیا ہے اس قوم کا مرکز اس زمانے میں نینوئی کا مشہور شہر تھا جس کے وسیع کھنڈرات آج تک دریائے دجلہ کے مشرقی کنارے پر موجودہ شہر موصل کے عین مقابل پائے جاتے ہیں اور اسی علاقے میں یونس نبی کے نام سے ایک مقام بھی موجود ہے اس قوم کے عروج کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ اس کا دارالسلطنت نینوئی تقریباً اٹھ میل میں پھیلا ہوا تھا۔ حضرت یونس علیہ السلام اس قوم کو لگاتار سات سال تک سمجھاتے رہے مگر انھوں نے مان کر نہ دیا آخر حضرت یونس علیہ السلام نے ان سے کہا کہ اگر تم اب بھی باز نہ آئے تو تین دن کے اندر اندر تمہارے اوپر اللہ کا عذاب نازل ہوگا جب تیسری رات آئی تو آدھی رات گزرنے پر یونس علیہ السلام بستی سے باہر نکل آئے۔ صبح ہونے پر عذاب کی علامتیں اور اس کے آثار شروع ہوگئے آسمان پر سیاہ بادل چھا گئے بادلوں سے دھواں نکلتا تھا جو بستی کے مکانوں سے دھیرے دھیرے قریب ہوتا جاتا تھا یہاں تک کہ مکانوں کی چھتیں اندھیرے میں ڈوبنے لگیں لوگ گھبرا گئے۔ حضرت یونس ؑ کو تلاش کیا تو وہ نہ ملے آخر یہ لوگ عورتوں بچوں اور جانوروں کو لیکر بستی کو چھوڑ کر جنگل میں آگئے اور سچے دل سے توبہ کی اللہ تعالیٰ نے انکی توبہ کو قبول کرلیا۔ اس کے بارے میں آیت مذکورہ میں ارشاد ہوا کہ کیا کوئی ایسی مثال ہے کہ ایک بستی عذاب کے آثار دیکھ کر ایمان لائی ہو اور اس کا ایمان اس کے لئے نفع بخش ثابت ہوا ہو سوائے یونس علیہ السلام کی قوم کے جب وہ ایمان لے آئی تو ہم نے اس پر سے دنیا کی زندگی میں رسوائی کا عذاب ٹال دیا۔ اس طرح یہ قوم نہ صرف اللہ کے عذاب سے محفوظ رہی بلکہ ایک مدت تک خوب پھلی پھولی۔ اس کے بعد پھر اس قوم نے وہی گمراہیاں شروع کردیں جن سے نکل کر آئی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو سمجھانے کیلئے پھر اپنے ایک پیغمبر ناحوم نبی کو بھیجا ان کا زمانہ سن ۷۲۰ سن ۶۹۸ قبل مسیح ہے ان کی تبلیغ کا بھی اس قوم پر کوئی اثر نہ ہوا پھر اللہ تعالیٰ نے صَفنیاہ نبی کو بھیجا ان کا زمانہ سن ۶۴۰ سن ۶۰۶ قبل مسیح ہے اس قوم نے اللہ کے اس برگزیدہ پیغمبر کی بات بھی نہیں مانی آخر اللہ تعالیٰ نے میڈیا کے بادشاہ کو ان پر مسلط کردیا سن ۶۱۲ قبل مسیح میں اس نے بابل والوں کی مدد سے اشور کے علاقے پر چڑھائی کردی اشوری فوج شکست کھا کر نینوئی میں محصور ہوگئی کچھ مدت تک تو اس نے مقابلہ کیا مگر پھر دریائے دجلہ میں سیلاب آگیا اور اس کی طغیانی نے شہر کی فصیل توڑ دی حملہ آور شہر کے اندر گھس گئے اور پورے شہر اور آس پاس کے علاقوں میں آگ لگادی۔ اشور کا بادشاہ خود اپنے محل میں آگ لگا کر جل مرا اور اس کے ساتھ ہی اشوری سلطنت اور اس کی تہذیب کا ہمیشہ ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہوگیا۔ زمانہ حال میں آثار قدیمہ کی جو کھدائیاں اس علاقے میں ہوئی ہیں ان میں آتش زدگی کے نشانات کثرت سے پائے جاتے ہیں ——— (مستفاد از تفسیر عثمانی و تفہیم القرآن جلد دوم ص ۳۱۲-۳۱۳)

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ؕ اَفَاَنْتَ

وَلَوْ	شَآءَ	رَبُّكَ	لَاٰمَنَ	مَنْ	فِي	الْاَرْضِ	كُلُّهُمْ	جَمِيْعًا	اَفَاَنْتَ
اور اگر	چاہتا	تیرا رب	البتہ ایمان لے آتے	جو	میں	زمین	وہ سب کے سب		پس کیا تو

اور اگر چاہتا تیرا رب البتہ جو زمین میں ہیں سب کے سب ایمان لے آتے ۔ پس کیا تو

تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ

تُكْرِهُ	النَّاسَ	حَتّٰى	يَكُوْنُوْا	مُؤْمِنِيْنَ	وَمَا كَانَ	لِنَفْسٍ
مجبور کریگا	لوگ	یہانتک کہ	وہ ہوجائیں	مومن (جمع)	اور نہیں ہے	کسی شخص کے لئے

لوگوں کو مجبور کریگا ؟ یہاں تک کہ وہ مومن ہوجائیں ۔ اور کسی شخص کے لئے (اپنے اختیار میں) نہیں

اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ

اَنْ	تُؤْمِنَ	اِلَّا	بِاِذْنِ	اللّٰهِ	وَيَجْعَلُ	الرِّجْسَ	عَلَى	الَّذِيْنَ
کہ	ایمان لائے	مگر (بغیر)	حکم	اللہ	اور وہ ڈالتا ہے	گندگی	پر	وہ لوگ جو

کہ اللہ کے حکم کے بغیر ایمان لے آئے ۔ اور وہ ڈالتا ہے (کفر کی) گندگی ان لوگوں پر جو

لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَ

لَا يَعْقِلُوْنَ	قُلِ	انْظُرُوْا	مَاذَا	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَ
عقل نہیں رکھتے	آپ کہدیں	دیکھو	کیا ہے	میں	آسمان (جمع)	اور زمین	اور

عقل نہیں رکھتے ۔ آپ کہہ دیں دیکھو کیا کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور

مَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۱﴾

مَا تُغْنِي	الْاٰيٰتُ	وَالنُّذُرُ	عَنْ	قَوْمٍ	لَّا يُؤْمِنُوْنَ
نہیں فائدہ دیتیں	نشانیاں	اور ڈرانے والے	سے	لوگ	وہ نہیں مانتے

نشانیاں اور ڈرانے والے (رسول) ان لوگوں کو فائدہ نہیں دیتے جو نہیں مانتے ۔

﴿۹۹﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ؕ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ۝

﴿۱۰۰﴾ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا بِاِذْنِ

﴿۹۹﴾ اور اگر تیرا رب چاہتا تو جتنے آدمی زمین میں ہیں سب کے سب ایمان لاتے سو کیا تم زبردستی لوگوں کو مسلمان کرنا چاہتے ہو۔ خلاف حکم الٰہی کے یعنی جب اسکو انکا ایمان لانا منظور نہیں تو تمہارے چاہنے سے وہ مسلمان نہیں ہوسکتے ۔

﴿۱۰۰﴾ اور کوئی آدمی ایمان نہیں لاسکتا مگر اللہ کے حکم اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

اللّٰهِ بِإِرَادَتِهٖ وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ○ يَتَدَبَّرُوْنَ آيَاتِ اللّٰهِ

ارادہ سے۔ اور وہ عذاب مسلط کرتا ہے ان لوگوں پر جو اس کی آیتوں میں غور نہیں کرتے۔

(۱۰۱) قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَمَا تُغْنِي الْآيٰتُ وَالنُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ○ فِي عِلْمِ اللّٰهِ

(۱۰۱) کفار مکہ سے کہدو کہ دیکھو اور غور کرو کہ کس قدر آسمانوں اور زمینوں میں اللہ کی وحدانیت کی دلیلیں موجود ہیں۔ اور نہیں نفع پہنچاتی نشانیاں اور پیغمبروں کا آنا اس قوم کو جنکے لئے علم الٰہی میں ایمان لانا نہیں۔

تشریح

(۹۹) **اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کو ایمان لانے یا نہ لانے کا اختیار دیا ہے** | اللہ تعالیٰ نے جس طرح زمین و آسمان بنائے، چاند سورج بنائے اسی طرح اس نے انسانوں کو بھی پیدا کیا ہے۔ چاند سورج بے اختیار ہیں اللہ کے تکوینی حکم پر عمل کرنے کے لئے مجبور ہیں مگر انسان کا معاملہ ان سے مختلف ہے اللہ نے اپنی مصلحت اور حکمت کے تحت انسان کو اختیار دیا ہے کہ وہ چاہے تو اپنے ارادے اور مرضی سے ایمان لائے اور چاہے تو نہ لائے اللہ تعالیٰ اگر یہ اختیار نہ دیتے اور تکوینی طور پر انسان کو مجبور کر دیتے تو آج روئے زمین پر ایک متنفس بھی ایمان نہ لانے والا نہ ہوتا۔ سارے اہل زمین مومن اور مطیع بن کر رہتے مگر نوع انسان کے پیدا کرنے میں جو حکیمانہ غرض اللہ تعالیٰ کے سامنے ہے وہ فوت ہو جاتی اسلئے دلیل اور حجت سے ہدایت اور گمراہی کا فرق کھول کر بتا دیا گیا ہے۔ نبی کے سپرد یہ کام نہیں کیا گیا کہ وہ جبراً لوگوں کو ہدایت پر لائے اگر یہ کام جبراً کرنا ہوتا تو اسے نبی کے بھیجنے کی ضرورت بھی نہ تھی یہ کام خود ہی انجام دے لیتے۔ آیت مذکورہ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ (کیا تو لوگوں کو مجبور کریگا) کا خطاب بظاہر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے مگر اصل مقصود لوگوں کو سنانا ہے۔

(۱۰۰) **طالب حق کو توفیق دی جاتی ہے** | جب اللہ تعالیٰ نے انسان کو آزادی اور اختیار دیا ہے تو جب انسان اس آزادی کو طلب حق کے لئے استعمال کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے توفیق ہوتی ہے، اور اس کے لئے حقیقت تک پہنچنے کے اسباب اور ذرائع مہیا کئے جاتے ہیں۔ اور اس کو صحیح علم پانے اور ایمان لانے کی توفیق بخشی جاتی ہے اور جو لوگ اپنے اختیار کو طلب حق کے لئے استعمال نہیں کرتے یا اپنی عقل کو تعصب کے جال میں پھنسائے رکھتے ہیں تو ان کے لئے اللہ کی طرف سے گمراہی، غلط بینی اور غلط کاری کی نجاستوں کے سوا کچھ نہیں حاصل ہوتا۔ وہ اپنے آپ کو جن نجاستوں کا اہل بناتے ہیں وہی ان کے نصیب میں لکھی جاتی ہیں۔

ایمان بھی دراصل ایک نعمت ہے اور اللہ کی یہ نعمت اُس کو ملتی ہے جو خود بھی اس کا طلب گار ہو۔ اسی لئے پیغمبر بھی اگر چاہیں تو لوگوں کو اللہ کے اذن کے بغیر مومن نہیں بنا سکتے۔

(۱۰۱) **حق کی نشانیاں انہیں کے لئے ہیں جو ایمان لانا چاہتے ہیں** | اگر انسان آنکھیں کھول کر دیکھے ——— صرف سر کی آنکھیں نہیں بلکہ دل کی آنکھیں بھی ——— تو زمین و آسمان میں بے شمار نشانیاں نظر آئیں گی جو اللہ کی قدرت اس کی حکمت اس کی توحید اور اللہ کے پیغمبروں کی صداقت کا نشان ہیں۔ لیکن جن لوگوں میں نہ طلب ہے نہ وہ دل سے سچائی کو قبول کرنا چاہتے ہیں ان کے لئے نہ کوئی نشانی فائدہ مند ہے اور نہ کوئی تنبیہ اور ڈراوا اُن کو راستے پر لا سکتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَهَلْ يَنْتَظِرُونَ إِلَّا مِثْلَ أَيَّامِ الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ قُلْ فَانْتَظِرُوا إِنِّي مَعَكُمْ

فَهَلْ	يَنْتَظِرُونَ	إِلَّا	مِثْلَ	أَيَّامِ	الَّذِينَ	خَلَوْا	مِنْ + قَبْلِهِمْ	قُلْ	فَانْتَظِرُوا	إِنِّي	مَعَكُمْ
تو کیا	وہ انتظار کرتے ہیں	مگر	جیسے	دن (واقعات)	وہ لوگ	جو گزر چکے	ان سے پہلے	آپ کہدیں	پس تم انتظار کرو	بیشک میں	تمہارے ساتھ

تو کیا وہ انتظار کر رہے ہیں مگر انہیں لوگوں جیسے واقعات کا جو ان سے پہلے گذر چکے ، آپ کہدیں پس تم انتظار کرو بیشک میں بھی تمہارے ساتھ

مِنَ الْمُنْتَظِرِينَ ﴿١٠٢﴾ ثُمَّ نُنَجِّي رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُوا كَذَٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٠٣﴾

الغ ۱۱ ۱۵

مِنَ	الْمُنْتَظِرِينَ	ثُمَّ	نُنَجِّي	رُسُلَنَا	وَالَّذِينَ	آمَنُوا	كَذَٰلِكَ	حَقًّا + عَلَيْنَا	نُنْجِ	الْمُؤْمِنِينَ
سے	انتظار کرنیوالے	پھر	ہم بچا لیتے ہیں	اپنے رسول (جمع)	اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اسی طرح	حق ہم پر	ہم بچا لینگے	مومنین

انتظار کرنیوالوں میں سے ہوں۔ پھر ہم بچا لیتے ہیں اپنے رسولوں کو اور اسی طرح ان کو جو ایمان لائے ، ہم پر حق (ذمہ) ہے ہم بچا لیں گے مومنوں کو۔

﴿۱۰۲﴾ فَهَلْ مَا يَنْتَظِرُونَ بِتَكْذِيبِكَ إِلَّا مِثْلَ أَيَّامِ الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ مِنَ الْأُمَمِ أَيْ مِثْلَ وَقَائِعِهِمْ مِنَ الْعَذَابِ قُلْ فَانْتَظِرُوا ذٰلِكَ إِنِّي مَعَكُمْ مِنَ الْمُنْتَظِرِينَ ○

﴿۱۰۲﴾ سو یہ لوگ تم کو جھٹلا کر اسی کے منتظر ہیں جیسا پہلی امتوں پر عذاب آیا اور جو وقائع اور حوادث انکو پیش آئے وہی ان پر آویں۔ کہدو پس تم اس کے منتظر رہو بیشک میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والا ہوں۔

﴿۱۰۳﴾ ثُمَّ نُنَجِّي الْمُضَارِعُ لِحِكَايَةِ الْحَالِ الْمَاضِيَةِ رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُوا مِنَ الْعَذَابِ كَذٰلِكَ الْإِنْجَاءُ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِينَ ○ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابَهُ حِينَ تَعْذِيبِ الْمُشْرِكِينَ.

﴿۱۰۳﴾ پھر نجات دی ہم نے عذاب سے اپنے پیغمبروں کو اور ان لوگوں کو جو ایمان لائے۔ ہمارے ذمہ لازم ہے کہ اسی طرح جس طرح ان کو نجات دی ہم ایمان والوں کو نجات دیں یعنی محمدؐ اور ان کے ہمراہیوں کو عذاب سے بچاویں جبکہ مشرکوں پر عذاب آوے۔

تشریح

﴿۱۰۲﴾ جو لوگ دیکھنے کے باوجود نہ دیکھیں اب وہ اللہ کے عذاب کا انتظار کریں | جب حق و صداقت کی نشانیاں قدم قدم پر موجود ہیں اور پھر بھی وہ حق و صداقت کا پیغام قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں تو پھر اس کے سوا اور کیا رہ جاتا ہے کہ جس طرح پچھلی قوموں پر آفات نازل ہوئیں اور وہ اللہ کے عذاب میں مبتلا ہوئے یہ لوگ بھی اسی طرح وہ برے دن دیکھیں۔ اے پیغمبر ان سے کہو کہ تم بھی انتظار کرو اور میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔ یہاں تک کہ جھوٹ اور سچائی کا آخری فیصلہ سامنے آجائے۔

﴿۱۰۳﴾ جھوٹے عذاب میں مبتلا ہوتے ہیں اور سچے لوگوں کو بچا لیا جاتا ہے | اللہ تعالیٰ کا طریقہ یہ رہا ہے کہ جب اس کا عذاب آتا ہے تو حق و صداقت کا انتظار کرنے والے اس عذاب میں گھر جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کو اور ان پر ایمان لانے والوں کو عذاب سے بچا لیتے ہیں۔

دنیا میں یہ لوگ ظالموں کے عذاب سے اور آخرت میں عذاب الیم سے محفوظ رہیں گے۔ مومنین کی نسبت یہ اللہ کا پختہ وعدہ ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَآ اَعْبُدُ

قُلْ	يٰٓاَيُّهَا + النَّاسُ	اِنْ	كُنْتُمْ	فِيْ	شَكٍّ	مِّنْ	دِيْنِيْ	فَلَآ اَعْبُدُ
آپ کہدیں	اے لوگو	اگر	تم ہو	میں	کسی شک	سے	میرے دین	تو میں عبادت نہیں کرتا

آپ کہدیں اے لوگو! اگر تم میرے دین (کے متعلق) کسی شک میں ہو تو میں عبادت نہیں کرتا ان کی

الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ

الَّذِيْنَ	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ + دُوْنِ	اللّٰهِ	وَلٰكِنْ	اَعْبُدُ + اللّٰهَ	الَّذِيْ
وہ جو کہ	تم پوجتے ہو	سوائے	اللہ	اور لیکن	میں اللہ کی عبادت کرتا ہوں	وہ جو

جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوائے لیکن میں اس اللہ کی عبادت کرتا ہوں جو تمہیں (دنیا سے)

يَتَوَفّٰىكُمْ ۖ وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۴﴾

يَتَوَفّٰىكُمْ	وَاُمِرْتُ	اَنْ	اَكُوْنَ	مِنَ	الْمُؤْمِنِيْنَ	
تمہیں اٹھالیتا ہے	اور مجھے حکم دیا گیا	کہ	میں ہوں	سے	مومنین۔	

اٹھالیتا ہے اور مجھے حکم دیا گیا کہ مومنوں میں سے رہوں۔

﴿۱۰۴﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ اَنَّهٗ حَقٌّ فَلَآ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَيْ غَيْرِهٖ وَهُوَ الْاَصْنَامُ لِشَكِّكُمْ فِيْهِ وَلٰكِنْ اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِقَبْضِ اَرْوَاحِكُمْ وَاُمِرْتُ اَنْ اَيْ بِاَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ○

﴿۱۰۴﴾ کہدو، اے مکہ والو اگر تم کو میرے دین کے حق ہونے میں شک اور تردد ہے پس میں نہیں عبادت کرسکتا ان بتوں کی جنکی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو اور ان کو معبود بنا رکھا ہے۔ اور اللہ کے معبود ہونے میں شک کرتے ہو۔ ولیکن میں عبادت کرتا ہوں اس اللہ کی جو تمکو مارتا ہے تمہاری ارواح قبض کرکے اور مجھکو حکم ہے کہ میں ایمان لانے والوں میں سے ہوجاؤں۔

تشریح

﴿۱۰۴﴾ معبود حقیقی وہ ہے جو موت وحیات کا مالک ہے | دین اسلام کی بنیاد خالص اور بے میل توحید پر ہے اسی کی طرف دعوت دینے کے لئے اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کو بھیجتے رہے ہیں خود پیغمبر بھی اسی کی عبادت واطاعت کے پابند ہوتے ہیں اور دوسروں کو بھی یہی دعوت دیتے ہیں کہ تم ایک رب کو اپنا معبود حقیقی تسلیم کرو اس کے سوا وہ ہستیاں جن کو اللہ کے ساتھ شریک اور ساجھی بنایا جاتا ہے حالانکہ وہ خود اپنی موت وحیات پر اختیار نہیں رکھتیں ان کی بندگی کرنا عقلمند انسان کا کام نہیں ہے اسلئے نبی ﷺ کو خطاب کرتے ہوئے کہا جارہا ہے کہ اے نبی ﷺ تم لوگوں سے کہدو کہ اگر تمہیں میرے طریقے کے بارے میں ذرا بھی شک ہے تو خوب سن لو کہ میں انکی بندگی نہیں کرتا جن کی بندگی تم کرتے ہو۔ میں صرف اسی رب کی بندگی کرتا ہوں جسکے قبضے میں تمہاری زندگی اور موت ہے، اور تمہیں بھی اسی کی بندگی کرنی چاہیئے۔ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں ایمان لانے والوں میں سے ہوں تمہیں بھی اسی پر ایمان لانا چاہیئے اس لئے کہ اس کے سوا اس کائنات کا حقیقی رب کوئی ہو ہی نہیں سکتا اس لئے بلا شرکت غیرے اسی کی عبادت اس کی بندگی اور اسی کی اطاعت کرنی چاہیئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۵﴾

وَاَنْ	اَقِمْ	وَجْهَكَ	لِلدِّيْنِ	حَنِيْفًا	وَلَا تَكُوْنَنَّ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ
اور یہ کہ	سیدھا رکھ	اپنا منہ	دین کے لئے	سب سے منہ موڑ کر	اور ہرگز نہ ہونا	سے	مشرکین

اور یہ کہ اپنا منہ سب سے موڑ کر دین کے لئے سیدھا رکھ اور ہرگز مشرکوں میں سے نہ ہونا

وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ فَاِنْ

وَلَا تَدْعُ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مَا	لَا يَنْفَعُكَ	وَلَا يَضُرُّكَ	فَاِنْ
اور نہ پکار	سوائے	اللہ	جو	نہ تجھے نفع دے	اور نہ نقصان دے	پھر اگر

اور اللہ کے سوا اُسے نہ پکار جو نہ تجھے نفع دے اور نہ نقصان پہنچا سکے پھر اگر

فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۰۶﴾

فَعَلْتَ	فَاِنَّكَ	اِذًا	مِّنَ	الظّٰلِمِيْنَ
تو نے کیا	تو بیشک تو	اس وقت	سے	ظالم (جمع)

تو نے (ایسا) کیا تو اس وقت تو بیشک ظالموں میں سے ہوگا

﴿۱۰۵﴾ وَاُمِرْتُ اَنْ اَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

﴿۱۰۶﴾ وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

﴿۱۰۵﴾ اور مجھ کو کہا گیا ہے کہ اپنے منہ کو سیدھا کر مذہب حق کی طرف سب طرف سے منہ پھیر کر اسی کی طرف توجہ کر اور مشرکوں میں سے نہ ہو۔

﴿۱۰۶﴾ اور نہ عبادت کر اللہ کے سوا اس چیز کی کہ اگر تو اسکی عبادت کرے تو وہ تجھ کو کچھ نفع نہ دے اور اسکی عبادت نہ کرے تو کچھ ضرر نہ پہنچائے سو اگر تو بالفرض ایسا کریگا پس اس وقت بیشک تو ناانصافوں میں شمار ہوگا۔

تشریح

﴿۱۰۵﴾ یکسو ہو کر دین پر جم جاؤ کسی قسم کے شرک کے لئے کوئی جگہ باقی نہیں | ہر طرف سے کٹ کر اور یکسو ہو کر پوری طرح دین پر جم جاؤ تمہاری بندگی تمہاری اطاعت اور فرماں برداری سب کچھ صرف اللہ رب العالمین کے لئے ہو جائے ظاہر اور باطن میں اسی دین حنیف پر جو ابراہیم خلیل اللہ کا دین ہے اس طرح قائم ہو جاؤ کہ کسی دوسرے طریقے کی طرف ذرہ برابر رجحان بھی نہ ہو۔ کھلا ہوا شرک ہی نہیں بلکہ شرک خفی چھپا ہوا شرک بھی تمہارے فکر اور طریقے میں راہ نہ پا سکے۔ عقیدے میں، عمل میں، انفرادی طرز زندگی میں اور اجتماعی نظام حیات میں، درسگاہوں میں، عدالتوں میں، قانون سازی کے ایوانوں میں سیاست، معیشت اور جملہ معاملات میں صرف اللہ کے دین پر ہی قائم رہو۔

﴿۱۰۶﴾ جو نفع نقصان کے مالک نہیں ہیں وہ معبود کیسے ہو سکتے ہیں | انسان نادانی میں کن ہستیوں سے مدد کا طالب ہوتا ہے جن میں نقصان پہنچانے اور فائدہ دینے کی طاقت اور صلاحیت نہیں ہے جو خود اپنے آپ کو نہ بچا سکے وہ دوسرے کو کیسے بچا سکتا ہے جو خود اپنے آپ کو فائدہ نہ پہنچا سکے وہ دوسرے کو فائدہ کیسے پہنچا سکتا ہے، جو اپنی حاجت پوری نہ کر سکے وہ دوسرے کی حاجت روائی کیا کر سکتا ہے اس سے بڑھ کر ظلم کیا ہوگا کہ اللہ کو چھوڑ کر ان بے اختیار ہستیوں کو پکارا جائے اور ان کے سامنے سر جھکایا جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ

وَاِنْ	يَّمْسَسْكَ	اللّٰهُ	بِضُرٍّ	فَلَا كَاشِفَ	لَهٗٓ	اِلَّا + هُوَ	وَاِنْ
اور اگر	پہنچائے تجھے	اللہ	کوئی نقصان	تو نہیں ہٹانے والا	اسکا	اسکے سوا	اور اگر

اور اگر اللہ تجھے پہنچائے کوئی نقصان تو اس کے سوا کوئی اس کو ہٹانے والا نہیں اور اگر وہ

يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۭ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ

يُّرِدْكَ	بِخَيْرٍ	فَلَا رَآدَّ	لِفَضْلِهٖ ۭ	يُصِيْبُ	بِهٖ	مَنْ	يَّشَاۗءُ	مِنْ
تیرا چاہے	بھلا	تو نہیں کوئی روکنے والا	اسکے فضل کو	وہ پہنچاتا ہے	اسکو	جسے	چاہتا ہے	سے

تیرا بھلا چاہے تو کوئی اس کے فضل کو روکنے والا نہیں، وہ پہنچاتا ہے اس کو اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا

عِبَادِهٖ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۷﴾

عِبَادِهٖ ۭ	وَهُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ
اپنے بندے	اور وہ	بخشنے والا	نہایت مہربان

ہے۔ اور وہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

﴿۱۰۷﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ كَفَقْرٍ وَّمَرَضٍ فَلَا كَاشِفَ رَافِعَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ دَافِعَ لِفَضْلِهٖ الَّذِيْٓ اَرَادَكَ بِهٖ يُصِيْبُ بِهٖٓ اَيْ بِالْخَيْرِ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○

﴿۱۰۷﴾ اور اگر اللہ تجھ کو نقصان پہنچانا چاہے جیسے افلاس اور بیماری تو اس کا دور کرنے والا کوئی نہیں بجز اس کے اور اگر وہ تیرے لئے بھلائی چاہے تو کوئی اس کے فضل و لطف کو جو وہ تجھ پر کرنا چاہے پھیر نہیں سکتا۔ اللہ جس کو چاہتا ہے اپنے بندوں میں سے بھلائی پہنچاتا ہے اور وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

تشریح

﴿۱۰۷﴾ **اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہیں** اللہ تعالیٰ جو معبود حقیقی ہیں وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتے ہیں اگر وہ کسی کو مصیبت میں ڈالدیں تو ان کے سوا کوئی اس مصیبت کو دور نہیں کرسکتا اور اگر وہ کسی کے لئے بھلائی کا ارادہ کریں اور اس پر فضل و رحمت فرمائیں تو کسی کی طاقت نہیں ہے کہ اس کو محروم کرسکے وہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اپنے فضل سے نوازتا ہے اپنے بندوں کے ساتھ اس کا معاملہ یہ ہے کہ وہ ان کی لغزشوں سے درگذر کرنے والا اور بڑا مہربان ہے اگر بندوں کو کوئی پریشانی آتی ہے تو اس میں بھی اللہ تعالیٰ کی کوئی نہ کوئی مصلحت اور حکمت ہوتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ

قُلْ	يٰٓاَيُّهَا	النَّاسُ	قَدْ + جَآءَكُمُ	الْحَقُّ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَمَنِ
آپ کہدیں	اے	لوگو	پہنچ چکا تمہارے پاس	حق	سے	تمہارا رب	تو جو

آپ کہدیں اے لوگو! تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے حق پہونچ چکا، تو جس نے

اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ

اهْتَدٰى	فَاِنَّمَا	يَهْتَدِيْ	لِنَفْسِهٖ	وَمَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا	يَضِلُّ
ہدایت پائی	تو صرف	اس نے ہدایت پائی	اپنی جان کیلئے	اور جو	گمراہ ہوا	تو صرف	وہ گمراہ ہوا

ہدایت پائی تو صرف اپنی جان کے لئے ہدایت پائی اور جو گمراہ ہوا تو صرف اپنے بُرے کو

عَلَيْهَا ۭ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۸﴾

عَلَيْهَا	وَمَآ	اَنَا	عَلَيْكُمْ	بِوَكِيْلٍ
اس پر (بُرے کو)	اور نہیں	میں	تم پر	مختار

گمراہ ہوا اور میں تم پر مختار نہیں۔

﴿۱۰۸﴾ قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اَيْ اَهْلَ مَكَّةَ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ لِاَنَّ ثَوَابَ اِهْتِدَائِهٖ لَهٗ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۭ لِاَنَّ وَبَالَ ضَلَالِهٖ عَلَيْهَا وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۭ فَاُجْبِرَكُمْ عَلَى الْهُدٰى

﴿۱۰۸﴾ کہدو۔ اے اہل مکہ بیشک تمہارے رب کے پاس سے سچا مذہب اور ہدایت آئی سو جو کوئی اس سے راہ پاوے اور ہدایت حاصل کرے تو وہ اپنی ہی جان کے لئے راہ پاتا ہے کیونکہ ثواب اس کا اسی کو ہے اور جو گمراہ ہو سو وہ اپنی ہی جان کے لئے بے راہ ہوتا ہے کہ وبال اور خرابی گمراہی کی اسی پر ہے اور میں تمہارا ذمہ دار نہیں کہ تم کو زبردستی ہدایت کروں۔

تشریح

﴿۱۰۸﴾ حق واضح ہو چکا ہے، حجت پوری ہو چکی ہے | اے پیغمبر تم صاف صاف اعلان کر دو کہ میرے رب کی طرف سے حق دلیلوں کے ساتھ واضح اور روشن ہو چکا ہے جس کے قبول نہ کرنے کا کوئی معقول عذر کسی کے پاس نہیں ہے خدا کی آخری حجت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کی صورت میں، پوری ہو چکی ہے ہر ایک اپنا نفع نقصان سوچ لے جو راہِ ہدایت پر چلیگا وہ دنیا اور آخرت میں کامیاب ہوگا اور یہ راست روی اسی کے لئے مفید ہوگی اور جو غلط راہ اختیار کرے گا وہ خود اپنے آپ ذلیل و خوار کریگا اپنے اچھے اور بُرے کو سوچ کر ہر شخص اپنے مستقبل کا انتظام کرلے میں تمہارے اوپر مختار بنا کر نہیں بھیجا گیا ہوں میرا کام صرف آگاہ کرنا ہے اپنے عمل کے تم خود ذمہ دار اور جواب دہ ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاتَّبِعْ مَا يُوحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ

وَاتَّبِعْ	مَا	يُوحٰٓى	اِلَيْكَ	وَاصْبِرْ	حَتّٰى	يَحْكُمَ	اللّٰهُ
اور پیروی کرو	جو	وحی ہوئی ہے	تمہاری طرف	اور صبر کرو	یہانتک کہ	فیصلہ کردے	اللہ

اور (اس کی) پیروی کرو جو تمہاری طرف وحی ہوئی ہے اور صبر کرو یہانتک کہ اللہ فیصلہ کردے

ع ۱۱ ۲ ۱۶

وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ع ۱۰۹

وَهُوَ	خَيْرُ	الْحٰكِمِيْنَ	
اور وہ	بہترین	فیصلہ کرنے والا ہے	

اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے

(۱۰۹) وَاتَّبِعْ مَا يُوحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ عَلَى الدَّعْوَةِ وَاَذَاهُمْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ فِيْهِمْ بِاَمْرِهٖ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ○ اَعْدَلُهُمْ وَقَدْ صَبَرَ حَتّٰى حَكَمَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ بِالْقِتَالِ وَاَهْلَ الْكِتَابِ بِالْجِزْيَةِ

(۱۰۹) اور پیروی کر تو اس حکم کی جو تیری طرف وحی کی جاتی ہے اور ان کے تکلیف دینے پر صبر کرو اور برابر انکو ایمان کی طرف بلاتے رہو یہاں تک کہ اللہ انکے بارہ میں جو چاہے حکم فرمادے اور وہ بہتر حکم کرنے والا اور انصاف والا ہے۔ اور بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے موافق حکم کے صبر کیا یہاں تک کہ اللہ نے کافروں پر قتال کا حکم بھیجا اور اہل کتاب سے جزیہ لینے کا حکم فرمایا۔

تشریح

(۱۰۹) **اہل باطل کی ایذا رسانیوں سے رنجیدہ نہ ہوں** نبی کا کام یہ ہے کہ وہ خود بھی اللہ کے احکام کی پیروی کرے اور دوسروں کو بھی اس کی دعوت دے۔ دعوت و تبلیغ کے راستے میں جو مشکلات آئیں ان پر صبر کرے مخالفین کی ایذا رسانیوں پر تحمل سے کام لے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نبی اور اہل باطل کے درمیان فیصلہ فرمادے حق کو غالب کردے یا اہل باطل سے جہاد کا حکم دیں اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والے ہیں، جو بھی فیصلہ ہوگا وہ علم و حکمت کے ساتھ ہوگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱۱)

سورۂ ھود

ترتیبِ تلاوت ——— ۱۱	ترتیبِ نزول ——— ۵۲
مکّی / مدنی ——— مکّی	تعدادِ رکوعات ——— ۱۰
تعدادِ آیات ——— ۱۲۳	تعدادِ الفاظ ——— ۱۹۳۶
تعدادِ حروف ——— ۷۹۲۴	

خلاصۂ مضامین | سورۂ ہود کے مضامین پر غور کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ سورت، سورۂ یونس کے فوراً بعد ہی نازل ہوئی ہوگی۔ کیونکہ دونوں سورتوں کے مضامین کافی ملتے جلتے ہیں دونوں سورتوں میں اللہ کے دین کی دعوت ہے۔ لیکن سورۂ ہود میں تنبیہ کے انداز میں سختی پائی جاتی ہے۔

حدیث میں آتا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ ؐ، میں دیکھتا ہوں کہ آپ پر بڑھاپے کے آثار نمایاں ہوتے جارہے ہیں۔

اس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ مجھے سورۂ ہود اور اس کی ہم مضمون سورتوں نے بوڑھا کر دیا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

یہ بڑا کٹھن وقت تھا جب قریش اس دعوتِ حق کو کچلنے کے لئے سارے وسائل اور حربے استعمال کر رہے تھے دوسری طرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے بار بار آگاہ کیا جارہا تھا کہ اگر تم اپنی حرکتوں سے باز نہ آئے تو اللہ کا آخری فیصلہ آجائے گا ان حالات میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو اندیشہ رہتا تھا کہ کہیں اللہ کی دی ہوئی مہلت ختم نہ ہو جائے اور وہ گھڑی نہ آپہنچے جب اللہ کسی قوم کو اس کی بداعمالیوں کی وجہ سے اپنی گرفت میں لینے کا فیصلہ صادر فرما دیتے ہیں۔

اس سورت کے مضامین سے ایسا ہی محسوس ہوتا ہے جیسے ایک سیلاب کا بند ٹوٹنے کو ہے اور غافل آبادی کو آخری وارننگ دی جارہی ہے۔

دعوت یہ ہے کہ پیغمبر کی ہدایت پر عمل کرو، سب کو چھوڑ کر اللہ کے بندے بن کر رہو اور اپنی دنیاوی زندگی کا نظام آخرت کی جوابدہی پر استوار کرو۔

اس دعوت کو منوانے کے لئے تاریخ کو سامنے رکھا گیا ہے اور قوم نوح، عاد، ثمود، قوم لوط، اصحاب مدین اور قوم فرعون کے واقعات کو عبرت و نصیحت کے طور پر بیان کیا گیا۔

ان واقعات میں یہ بات نمایاں ہے کہ اللہ کے یہاں ایک رشتۂ حق کے سوا کوئی رشتہ معتبر نہیں ہے۔

---

toobaa-elibrary.blogspot.com

آیاتھا ۱۲۳	۱۱ : سُوْرَۃُ ھُوْدٍ مَکِّیَّۃٌ : ۲۵		رُکُوْعَاتُھَا ۱۰

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

الٓرٰ قف کِتٰبٌ اُحْکِمَتْ اٰیٰتُہٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ

الٓرٰ	کِتٰبٌ	اُحْکِمَتْ	اٰیٰتُہٗ	ثُمَّ	فُصِّلَتْ
الٓرٰ	یہ کتاب	مضبوط کی گئیں	اسکی آیتیں	پھر	تفصیل کی گئیں

الٓرٰ یہ کتاب ہے، اس کی آیات مضبوط کی گئیں، پھر تفصیل کی گئیں

مِنْ لَّدُنْ حَکِیْمٍ خَبِیْرٍ ۝۱ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰہَ ط

مِنْ	لَّدُنْ	حَکِیْمٍ	خَبِیْرٍ	اَلَّا	تَعْبُدُوْٓا	اِلَّا اللّٰہَ
سے	پاس	حکمت والے	خبردار	یہ کہ نہ	عبادت کرو	اللہ کے سوا

حکمت والے خبردار کے پاس سے۔ یہ کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو

اِنَّنِیْ لَکُمْ مِّنْہُ نَذِیْرٌ وَّبَشِیْرٌ ۝۲

اِنَّنِیْ	لَکُمْ	مِّنْہُ	نَذِیْرٌ	وَّ بَشِیْرٌ	
بیشک میں	تمہارے لئے	اس سے	ڈرانے والا	اور خوشخبری دینے والا	

بیشک میں اس (کی طرف) سے تمہارے لئے ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا ہوں۔

سُوْرَۃُ ھُوْدٍ مَکِّیَّۃٌ اِلَّا اَقِمِ الصَّلٰوۃَ الْاٰیَۃَ اَوْ اِلَّا فَلَعَلَّکَ تَارِکٌ الْاٰیَۃَ وَاُولٰٓئِکَ یُؤْمِنُوْنَ بِہٖ الْاٰیَۃَ مِائَۃٌ وَثِنْتَانِ اَوْ ثَلٰثٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰیَۃً۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱ الٓرٰ قف اَللّٰہُ اَعْلَمُ بِمُرَادِہٖ بِذٰلِکَ ھٰذَا کِتٰبٌ اُحْکِمَتْ اٰیٰتُہٗ بِبَدِیْعِ النَّظْمِ وَبَدِیْعِ الْمَعَانِیْ ثُمَّ فُصِّلَتْ بُیِّنَتْ بِالْاَحْکَامِ وَالْقَصَصِ وَالْمَوَاعِظِ مِنْ لَّدُنْ حَکِیْمٍ

سورۂ ہود مکی ہے مگر یہ آیت اَقِمِ الصَّلٰوۃَ الخ یا یہ دو آیتیں بھی مکی نہیں فَلَعَلَّکَ تَارِکٌ الخ اور اُولٰٓئِکَ یُؤْمِنُوْنَ بِہٖ الخ اس سورۃ میں ایک سو بائیس یا تیئس آیتیں ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱ الٓرٰ۔ اللہ زیادہ جاننے والا ہے جو اس نے ان حروف سے ارادہ کیا۔ کِتٰبٌ اُحْکِمَتْ اٰیٰتُہٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ الخ یہ کتاب ہے کہ مستحکم اور کامل کی کھلی اس کی آیتیں ساتھ عجیب نظم اور نادر معنوں کے۔ پھر اس میں حکم اور قصہ اور نصیحتیں کھول کر بیان کی گئیں۔ جانب اللہ جاننے والے حکمت والے

toobaa-elibrary.blogspot.com

خَبِيْرٍ ○ اَیْ اَللّٰہُ۔

(۲) اَ اَیْ بِاَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰہَ اِنَّنِیْ لَکُمْ مِّنْہُ نَذِیْرٌ بِالْعَذَابِ اِنْ کَفَرْتُمْ وَّ بَشِیْرٌ ○ بِالثَّوَابِ اِنْ اٰمَنْتُمْ۔

کے سے، یدیں مضمون کہ

(۲) نہ عبادت کرو تم کسی کی سوائے اللہ کے بیشک میں اس کی طرف سے تم کو اعذاب سے ڈراتا ہوں اگر تم کفر کروگے، اور ثواب کی خوشی سناتا ہوں اگر ایمان لاؤگے۔

تشریح

(۱) **قرآن مجید کی عظمت وخصوصیات** قرآن مجید اللہ کی کتاب اور اس کا فرمان ہے اس عظیم الشان اور جلیل القدر کتاب کا ہر جملہ اور ہر آیت لفظی اور معنوی ہر لحاظ سے نہایت جچا تُلا ہے۔ اس میں جو باتیں بیان کی گئی ہیں وہ پکی اور اٹل ہیں۔ اس میں کوئی مضمون ایسا نہیں ہے جو واقعے کے خلاف ہو جس مضمون کو جن الفاظ میں تعبیر کیا ہے اس سے بہتر تعبیر ممکن نہیں ہے۔ الفاظ کا لباس معنیٰ کے قد پر بالکل ٹھیک ٹھیک ہے نہ ڈھیلا ہے نہ تنگ۔ اس کا ایک لفظ بھی ایسا نہیں ہے جو حقیقت سے کم یا زیادہ ہو۔ اس کے علاوہ اس کا بیان بالکل واضح اور کھلا کھلا ہے نہ الجھا ہوا ہے نہ مبہم۔ ہر بات کو الگ الگ صاف صاف سمجھایا گیا ہے قرآنی حقائق اتنے مضبوط ہیں کہ زمانے کے بدلنے سے بدل نہیں سکتے۔ عالم انسانی کے مزاج کی پوری تشخیص کرکے اور قیامت تک پیش آنے والے حالات اور واقعات کو جانچ تول کر انسانوں کی رہبری کا مکمل انتظام کیا گیا ہے موقع بموقع توحید کے دلائل، اللہ کے احکام نصیحتیں، واقعات اور قصے ہر ہر چیز بڑی خوبصورتی اور قرینے سے اپنی اپنی جگہ ٹکی ہوئی ہے۔

اس حکمت کی بھی رعایت رکھی گئی ہے کہ پورا قرآن ایک دم نہیں اُتارا بلکہ موقع اور مصلحت کے اعتبار سے علیحدہ علیحدہ آیتیں نازل ہوتی رہیں۔ ان تمام خوبیوں اور باریکیوں کو دیکھ کر انسان حیران رہ جاتا ہے لیکن حیرانی کی کوئی بات نہیں ہے اس لئے کہ یہ اس حکیم اور باخبر ہستی کا کلام ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے اس کے کلام میں یہ خوبیاں جمع نہ ہونگی تو پھر کس کے کلام میں ہوسکتی ہیں۔

قرآن مجید کے نازل کرنے کا مقصد قرآن مجید کے نازل کرنے کا مقصد بندگیٔ رب کی دعوت ہے کہ عبادت صرف خدائے واحد کی کی جائے اور اس کی عبادت کے طریقے سکھائے جائیں اسی عظیم مقصد کے لئے ہر زمانے میں انبیائے کرام تشریف لاتے رہے اور اسی مقصد کی تکمیل کے لئے سب سے آخر میں خاتم الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا گیا۔ اسی خدائے واحد کی طرف سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول مقرر کیا گیا ہے کہ جو اللہ کی ہدایت پر چلے اس کو دونوں جہان کی سعادت کی خوشخبری دیں اور جو اللہ کے راستے کو چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کرے اس کو اس کے انجام سے آگاہ اور باخبر کریں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ

وَاَنِ	اسْتَغْفِرُوْا	رَبَّكُمْ	ثُمَّ	تُوْبُوْٓا + اِلَيْهِ	يُمَتِّعْكُمْ
اور یہ کہ	مغفرت طلب کرو	اپنا رب	پھر	اسکی طرف رجوع کرو	وہ فائدہ پہنچائیگا تمہیں

اور یہ کہ مغفرت طلب کرو اپنے رب کی پھر اسکی طرف رجوع کرو وہ تمہیں فائدہ پہنچائیگا

مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ

مَّتَاعًا	حَسَنًا	اِلٰٓى	اَجَلٍ	مُّسَمًّى	وَّ	يُؤْتِ	كُلَّ	ذِيْ
متاع	اچھی	تک	وقت	مقرر	اور	دے گا	ہر	والا

اچھی متاع ایک مقرر وقت تک۔ اور دے گا ہر فضل والے کو

فَضْلٍ فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ

فَضْلٍ	فَضْلَهٗ	وَ	اِنْ	تَوَلَّوْا	فَاِنِّيْٓ	اَخَافُ	عَلَيْكُمْ
فضل	اپنا فضل	اور	اگر	تم پھرجاؤ	تو بیشک میں	ڈرتا ہوں	تم پر

اپنا فضل اور اگر تم پھرجاؤ تو بیشک میں تم پر ایک بڑے دن کے

عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۝۳ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ

عَذَابَ	يَوْمٍ	كَبِيْرٍ	اِلَى	اللّٰهِ	مَرْجِعُكُمْ	وَهُوَ
عذاب	ایکدن	بڑا	طرف	اللہ	لوٹنا ہے تمہیں	اور وہ

عذاب سے ڈرتا ہوں۔ اللہ کی طرف تمہیں لوٹنا ہے اور وہ ہر چیز

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۴ اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ

عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ	اَلَآ	اِنَّهُمْ	يَثْنُوْنَ
پر	ہر	شئ	قدرت والا	یاد کرو	بیشک وہ	دوہرے کرتے ہیں

پر قدرت والا ہے۔ یاد رکھو! بیشک وہ اپنے سینے دوہرے

صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِيْنَ يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ

صُدُوْرَهُمْ	لِيَسْتَخْفُوْا	مِنْهُ	اَلَا	حِيْنَ	يَسْتَغْشُوْنَ	ثِيَابَهُمْ
اپنے سینے	تاکہ چھپالیں	اس سے	یاد رکھو	جب	پہنتے ہیں	اپنے کپڑے

کرتے ہیں تاکہ اس (اللہ) سے چھپالیں یاد رکھو جب وہ اپنے کپڑے پہنتے ہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۵

يَعْلَمُ	مَا + يُسِرُّوْنَ	وَمَا + يُعْلِنُوْنَ	اِنَّهٗ	عَلِيْمٌ	بِذَاتِ + الصُّدُوْرِ
وہ جانتا ہے	جو وہ چھپاتے ہیں	اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں	بیشک وہ	جاننے والا	دلوں کے بھید

وہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں بیشک وہ دلوں کے بھید جاننے والا ہے۔

(۳) وَاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّيُؤْتِ كُلَّ ذِيْ فَضْلٍ فَضْلَهٗ ۭ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ كَبِيْرٍ ۝ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

(۳) اور یہ کہ اپنے رب سے شرک کی بخشش چاہو جو پہلے شرک کرلیا اسکی مغفرت چاہو پھر توبہ کرو اور اللہ کی طرف رجوع کرو ساتھ فرماں برداری کرنے احکام شریعت کے اگر تم ایسا کروگے تو اللہ تم کو دنیا میں عمدہ فائدہ پہونچاوے گا خوش عیشی اور فراغت روزی سے گزاروگے مدت معین یعنی موت کے آنے تک اور آخرت میں وہ ہر ایک اچھے عمل کرنے والے کو عوض نیک عطا فرمائے گا۔ اور اگر تم اس کے حکم سے منہ پھیروگے تو بیشک مجھے ڈر ہے کہ تم پر عذاب قیامت کا آوے

(۴) اللہ کی طرف تم کو جانا ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ثواب اور عذاب اس کے اختیار میں ہے۔

(۵) اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ۭ الخ

(وجہ نازل ہونے اس آیت کی جیسا کہ بخاری نے ابن عباسؓ سے روایت کی ہے کہ بعض لوگ شرم کرتے تھے اس سے کہ جائے ضرورت میں اور بوقت جماع شرمگاہ کھلتی ہے اور آسمان میں اور اسمیں کوئی پردہ حائل نہیں ہوتا اس پر یہ حکم آیا۔ اور بعض نے کہا کہ نازل ہونا اس آیت کا منافقوں کے بارے میں ہے) آگاہ رہو بیشک وہ لوگ موڑتے ہیں اپنے سینوں کو تاکہ اللہ سے چھپاویں۔ آگاہ رہو جبکہ وہ اپنے اوپر کپڑے لپیٹتے ہیں اللہ جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں پس ان کے چھپانے سے کچھ نفع نہیں بیشک اللہ جانتا ہے دلوں کی بات کو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تشریح

(۳) دونوں جہان کی حقیقی عزت اور کامیابی اللہ کے راستے پر چلنے میں ہے | اللہ کے یہ پیغمبر بتاتے ہیں کہ اگر تم اللہ کے راستے پر چلوگے اور اس کی ہدایت پر عمل کروگے تو وہ تمہیں دنیا میں بھی پاکیزہ اور مطمئن زندگی عطا کرے گا اور تمہیں دنیا کی زندگی کی مقررہ مدت تک متاعِ حسن عنایت کریگا۔ متاعِ حسن دنیا کی زندگی کا وہ سروسامان ہے جس سے انسان خوش حال اور قوی بازو ہوکر اپنے رب کا اور زیادہ شکر گذار بنتا ہے پروردگار اور اس کے بندوں کے اور خود اپنے نفس کے صحیح صحیح حقوق ادا کرتا ہے۔ اللہ کی دی ہوئی نعمت سے طاقت پاکر خیر وصلاح کی کوشش کرتا ہے۔ قرآن پاک کی زبان میں یہ متاعِ حسن ہے، اس کے مقابلے میں متاعِ غرور ہے متاعِ غرور وہ ہے جو اللہ کے راستے سے ہٹے ہوئے لوگوں کو دنیا کا سروسامان فتنے میں مبتلا کرنے کے لئے دیا جاتا ہے جس سے دھوکے میں پڑکر وہ خدا فراموش بن جاتے ہیں۔

اخلاق واعمال میں جو جتنی ترقی کرے گا اللہ تعالیٰ آخرت میں اسکو اتنا ہی بڑا مرتبہ عطا کرے گا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعوت دے کر ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر تم اللہ کے بتائے ہوئے اس راستے سے منھ پھیروگے تو میں ڈرتا ہوں کہ کہیں تم کسی ہولناک عذاب میں مبتلا نہ ہوجاؤ۔

(۴) آخرت یقینی ہے | اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اس زمین پر ایک مقررہ مدت تک رہنے کے لئے امتحان اور آزمائش کے واسطے بھیجا ہے تاکہ دیکھا جائے کہ کون شخص اپنی مرضی اور ارادے سے کس راہ پر چلتا ہے۔ ہر انسان جو دنیا میں آتا ہے وہ ایک مقررہ وقت گذار کر دنیا سے رخصت ہوجاتا ہے۔ ایک وقت آئے گا کہ یہ پوری دنیا ختم ہوجائے یہ بساط لپیٹ دی جائیگی اسی کا نام قیامت ہے قیامت کے بعد تمام انسان دوبارہ زندہ ہونگے ان کے اعمال کا حساب کتاب ہوگا عمل کے مطابق جزا وسزا ملے گی سب کا اللہ کی طرف پلٹنا یقینی ہے سزا اور جزا کے لئے ضروری ہے کہ جس کو بدلہ دینا ہے وہ سامنے حاضر ہو اسلئے سب پلٹ کر اللہ کے حضور میں حاضر ہونگے۔ جزا وسزا کے لئے ضروری ہے کہ حاکم پوری قدرت اور کامل اختیار رکھتا ہو اور ساری کارروائیاں اس کے علم میں ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھتے ہیں وہ مُردوں کو زندہ کریں گے اور ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیں گے۔

(۵) اللہ تعالیٰ کو ہر کھلی چھپی چیز کا علم ہے | اللہ تعالیٰ کے علم کی وسعت بے پناہ ہے، اس کا علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے۔ کوئی کھلی یا چھپی چیز اس کے علم کے احاطے سے باہر نہیں ہے، دلوں کی تہہ میں جو خیالات اور ارادے چھپے ہیں وہ ان کو بھی بخوبی جانتا ہے۔ کوئی جرم کرنے والا اپنے جرم کو اس سے چھپاکر نجات نہیں پاسکتا۔ حقیقت سے روگردانی کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا

وَمَا	مِنْ	دَآبَّةٍ	فِي	الْأَرْضِ	إِلَّا	عَلَى	اللّٰهِ	رِزْقُهَا	وَيَعْلَمُ	مُسْتَقَرَّهَا
اور نہیں	سے (کوئی)	چلنے والا	میں	زمین	مگر	پر	اللہ	اسکا رزق	اور وہ جانتا ہے	اس کا ٹھکانا

اور کوئی زمین پر چلنے (پھرنے) والا نہیں مگر اس کا رزق اللہ پر (اللہ کے ذمے) ہے اور وہ جانتا ہے اس کا ٹھکانا

وَمُسْتَوْدَعَهَا ۭ كُلٌّ فِي كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝۶ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

وَمُسْتَوْدَعَهَا	كُلٌّ	فِي	كِتٰبٍ	مُّبِيْنٍ	وَهُوَ	الَّذِيْ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ
اور اسکے سونپے جانے کی جگہ	سب کچھ	میں	کتاب	روشن	اور وہی	جو۔ جس	پیدا کیا	آسمان (جمع)

اور اسکے سونپے جانے کی جگہ، سب کچھ روشن کتاب (لوح محفوظ) میں ہے۔ اور وہی ہے جس نے پیدا کئے آسمان

وَالْأَرْضَ فِيْ سِتَّةِ أَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ

وَالْأَرْضَ	فِيْ	سِتَّةِ	أَيَّامٍ	وَّكَانَ	عَرْشُهٗ	عَلَى	الْمَآءِ	لِيَبْلُوَكُمْ	أَيُّكُمْ
اور زمین	میں	چھ	دن	اور تھا	اس کا عرش	پر	پانی	تاکہ تمہیں آزمائے	تم میں کون

اور زمین چھ دن میں اور اس کا عرش پانی پر تھا، تاکہ تمہیں آزمائے کہ تم میں کون

أَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَلَئِنْ قُلْتَ إِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْ بَعْدِ الْمَوْتِ

أَحْسَنُ	عَمَلًا	وَلَئِنْ	قُلْتَ	إِنَّكُمْ	مَّبْعُوْثُوْنَ	مِنْ بَعْدِ	الْمَوْتِ
بہتر	عمل میں	اور اگر	آپ کہیں	کہ تم	اٹھائے جاؤ گے	بعد	موت۔ مرنا

بہتر ہے عمل میں؟ اور اگر آپ کہیں کہ تم اٹھائے جاؤ گے مرنے کے بعد تو وہ لوگ

لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا إِنْ هٰذَآ إِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷

لَيَقُوْلَنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْٓا	إِنْ + هٰذَا	إِلَّا	سِحْرٌ	مُّبِيْنٌ
تو ضرور کہیں گے	وہ لوگ جو	انہوں نے کفر کیا (کافر)	نہیں یہ	مگر	جادو	کھلا

ضرور کہیں گے جنھوں نے کفر کیا کہ یہ تو صرف کھلا جادو ہے

---

(۶) وَمَا مِنْ زَائِدَةٌ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ هِيَ مَا دَبَّ عَلَيْهَا إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا تَكَفُّلُ بِهٖ فَضْلًا مِّنْهُ وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا مَسْكَنَهَا فِي الدُّنْيَا أَوِ الصُّلْبِ وَمُسْتَوْدَعَهَا بَعْدَ الْمَوْتِ أَوْ فِي الرَّحِمِ كُلٌّ مِّنَ الدَّوَابِّ فِيْ

(۶) وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ إِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا الخ اور جو جاندار زمین پر چلتا ہے اللہ اس کی روزی کا ذمہ دار ہے اپنے فضل ولطف سے۔ اور وہ جانتا ہے اس کے رہنے کی جگہ کو زمین میں یا پشتِ پدر میں اور جانتا ہے اس جگہ کو جہاں وہ مرنے کے بعد سپرد ہوگا یا رحم مادر میں اسکو جانتا ہے۔ ہر

toobaa-elibrary.blogspot.com

كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ بَيِّنٍ هُوَ اللَّوْحُ الْمَحْفُوْظُ

⑦ وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّكَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۚ وَلَئِنْ قُلْتَ اِنَّكُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ مِنْۢ بَعْدِ الْمَوْتِ لَيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝

ایک چیز جو نہ کور ہوئی لوح محفوظ میں لکھی ہوئی ہے۔

⑦ اور اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا کیا چھ دن میں اول ان میں کا اتوار کا دن تھا اور آخر ان میں کا روز جمعہ تھا اور آسمان و زمین کے پیدا کرنے سے پہلے اس کا تخت پانی پر تھا اور پانی ہوا پر۔ اللہ نے آسمانوں اور زمینوں کو اور جو کچھ ان میں منافع اور خوبیاں ہیں اسلئے بنایا کہ تمکو آزماوے کہ تم میں سے کس کے اعمال اچھے ہیں اور کون اللہ کا زیادہ فرماں بردار ہے۔ اور تم اے محمدؐ اگر ان سے کہو کہ تم بعد مرنے کے اٹھائے جاؤ گے تو بیشک وہ لوگ جو کافر ہوئے کہتے ہیں کہ یہ قرآن جس میں حشر و نشر کا بیان ہے یا جو کچھ تم کہتے ہو یہ جادو ظاہر ہے۔

اور ایک قرأت میں "ساحر مبین" ہے یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم جادوگر ظاہر ہیں۔

تشریح

⑥ اللہ تعالیٰ ہر ایک کو رزق دیتا ہے اور ہر ایک کے بارے میں سب کچھ جانتا ہے | اللہ تعالیٰ کی قدرت کا یہ عالم ہے کہ وہ ہر جاندار کو روزی پہنچاتا ہے ہر جاندار کی استعداد کے مطابق ان کے لئے غذا اور معاش کا انتظام کرتا ہے۔ ابتدا سے انتہا تک ہر ہستی کے تمام درجات کا علم رکھتا ہے۔ یہ سب چیزیں اس کے پاس علم الٰہی کے صحیفے میں موجود ہیں۔

بندہ روزی حاصل کرنے کے جو اسباب اختیار کرتا ہے وہ روزی پہنچنے کے دروازے ہیں۔ اصل رزاق مسبب الاسباب اسباب کا پیدا کرنے والا یعنی اللہ تعالیٰ ہے۔ تدبیر کرتے وقت نظر مسبب الاسباب پر رہنی چاہیئے کہ اگر وہ چاہے گا تو اسباب میں تاثیر پیدا کر دیگا۔ بہر حال اسکی قدرت اور اس کا علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے اسلئے اگر بندہ یہ سمجھتا ہے کہ منہ چھپا کر یا کانوں میں انگلیاں ٹھونس کر یا آنکھوں پر پردہ ڈال کر اسکی پکڑ سے بچ جائیگا تو وہ سخت نادان ہے۔

⑦ اللہ تعالیٰ نے کائنات کو انسان کیلئے اور انسان کو امتحان کے لئے پیدا کیا | زمین و آسمان کی پیدائش سے پہلے اللہ تعالیٰ نے پانی کو پیدا کیا جو تمام چیزوں کا مادہ حیات بننے والا تھا (وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ اور ہم نے پانی سے ہر زندہ چیز کو پیدا کیا) اس وقت اللہ کا عرش پانی پر تھا۔ جیسے اب آسمانوں کے اوپر ہے گویا یہ ایک صورت تھی جو اس حقیقت کو ظاہر کر رہی تھی کہ کائنات کا مادہ اور ذریعہ حیات پورے طور پر رب العرش کے تسلط اور تصرف اور قیومیت مطلقہ کے ماتحت ہے اس سارے نظام کی تخلیق و ترتیب سے مقصود تمہارا یہاں بسانا ہے اور تمہیں اسلئے پیدا کیا اور اس زمین پر بسایا کہ تم پر اخلاقی ذمہ داری کا بار ڈالا جائے اور دیکھا جائے کہ تم میں سے کون اس اخلاقی ذمہ داری کے بوجھ کو کسطرح سنبھالتا ہے یہ مقام تمہاری سخت آزمائش کا ہے مالک حقیقی دیکھ رہا ہے کہ کون صدق و اخلاص اور سلیقہ مندی سے فرائض بندگی بجالاتا ہے اور اللہ کے بنائے ہوئے اس حیرت انگیز نظام پر غور کر کے خالق و مالک کی صحیح معرفت حاصل کرتا ہے اور زمین و آسمان میں پیدا کی ہوئی چیزوں سے فائدہ اٹھا کر شکر گزاری اور محسن شناسی کا فرض پورا کرتا ہے اگر کسی امتحان حادثے اور باز پرس کا اور جزا سزا کا کوئی سوال نہ ہوتا اور جبکہ انسان کو اخلاقی ذمہ داری سپرد نہیں کی گئی ہے اور وہ مرکر یونہی بے نتیجہ ختم ہو جائے اور کسی کو اسکے کئے کا پھل نہ ملے تو پھر یہ سارا نظام تخلیق ایک مہمل اور بیکار کا تماشہ ہو کر رہ جاتا۔ انکی نادانی کا حال یہ ہے کہ جب پیغمبر انکو بتاتے ہیں کہ تم مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کئے جاؤ گے اور تمہارا حساب کتاب ہوگا تو بجائے اسکے کہ اس زندگی کے سنجیدہ مقصد پر غور کریں کہتے ہیں کہ یہ شخص تو جادو کی باتیں کرتا ہے۔ گویا انکے خیال میں یہ کائنات ایک کھلنڈرے بچے کا گھروندہ ہے اور جی بہلانے کا کھلونا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ

وَلَئِنْ	اَخَّرْنَا	عَنْهُمُ	الْعَذَابَ	اِلٰٓى	اُمَّةٍ	مَّعْدُوْدَةٍ	لَّيَقُوْلُنَّ
اور اگر	ہم روک رکھیں	ان سے	عذاب	تک	ایک مدت	گنی ہوئی۔ معین	وہ ضرور کہیں گے

اور اگر ہم ان سے عذاب روک رکھیں ایک مدت معین تک ، وہ ضرور کہیں گے

مَا يَحْبِسُهٗ ؕ اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا عَنْهُمْ وَحَاقَ

مَا يَحْبِسُهٗ	اَلَا	يَوْمَ	يَاْتِيْهِمْ	لَيْسَ	مَصْرُوْفًا	عَنْهُمْ	وَحَاقَ
کیا روک رہی ہے اسے	یاد رکھو	جسدن	ان پر آئے گا	نہ	ٹالا جائے گا	ان سے	اور گھیرے گا

کیا چیز اُسے روک رہی ہے؟ یاد رکھو! جس دن اُن پر (عذاب) آئے گا اُن سے نہ ٹالا جائیگا اور انہیں گھیر

ع ۱ ۸

بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۸

بِهِمْ	مَّا	كَانُوْا	بِهٖ	يَسْتَهْزِءُوْنَ
انہیں	جو جس	تھے	اس کا	مذاق اُڑاتے

لے گا جس کا وہ مذاق اُڑاتے تھے۔

۸ وَلَئِنْ اَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ اِلٰٓى اُمَّةٍ جَمَاعَةٍ اَوْقَاتٍ مَّعْدُوْدَةٍ لَّيَقُوْلُنَّ اِسْتِهْزَاءً مَا يَحْبِسُهٗ ، يَمْنَعُهٗ عَنِ النُّزُوْلِ قَالَ تَعَالٰى اَلَا يَوْمَ يَاْتِيْهِمْ لَيْسَ مَصْرُوْفًا مَدْفُوْعًا عَنْهُمْ وَحَاقَ نَزَلَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ○ مِنَ الْعَذَابِ

۸ اور اگر ہم مؤخر کریں ان سے عذاب کو چند زمانے تک تو وہ ازراہ ہنسی و مذاق کے کہتے ہیں عذاب کیوں نہیں آتا، کیا چیز منع کرتی ہے اس کے اترنے سے

فرمایا اللہ تعالیٰ نے آگاہ رہو جس دن ان پر عذاب آوے گا وہ ان سے دفع نہ ہوگا اور وہ چکھیں گے مزہ اپنے استہزا کرنے کا یعنی عذاب ان پر آجاویگا بسبب اس کے کہ وہ اسکو ہنسی مذاق سمجھتے تھے۔

تشریح

۸ اللہ کا عذاب اپنے مقررہ وقت پر آئے گا | جب ان کی حرکتوں پر اللہ کے عذاب سے ڈرایا جاتا ہے تو بجائے اس کے کہ اپنی شرارتوں سے باز آئیں مذاق اڑاتے ہوئے کہتے ہیں کہ آخر وہ عذاب آتا کیوں نہیں کس چیز نے اسے روک رکھا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی حکمت کے مطابق سزا کو ٹالتے رہتے ہیں اور جب مقررہ وقت آجاتا ہے تو پھر وہ کسی کے پھیرے نہیں پھرتا اور وہ چیز جس کا وہ مذاق اڑا رہے ہیں ان کو ہر طرف سے گھیر لے گی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ اِنَّهٗ

وَلَئِنْ	اَذَقْنَا	الْاِنْسَانَ	مِنَّا	رَحْمَةً	ثُمَّ	نَزَعْنٰهَا	مِنْهُ	اِنَّهٗ
اور اگر	ہم چکھادیں	انسان	اپنی طرف سے	کوئی رحمت	پھر	ہم چھین لیں وہ	اس سے	بیشک وہ

اور اگر ہم انسان کو اپنی طرف سے کسی رحمت کا مزہ چکھا دیں پھر وہ اس سے چھین لیں، تو بیشک وہ

لَيَـُٔوْسٌ كَفُوْرٌ ﴿۹﴾ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ

لَيَـُٔوْسٌ	كَفُوْرٌ	وَلَئِنْ	اَذَقْنٰهُ	نَعْمَآءَ	بَعْدَ	ضَرَّآءَ	مَسَّتْهُ
البتہ مایوس	ناشکرا	اور اگر	اُسے چکھادیں	نعمت (آرام)	بعد	سختی	اسے پہنچی

مایوس، ناشکرا ہو جاتا ہے اور اگر اُسے ہم سختی کے بعد آرام چکھا دیں جو اسے پہنچی ہو

لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ عَنِّيْ ؕ اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَخُوْرٌ ﴿۱۰﴾

لَيَقُوْلَنَّ	ذَهَبَ	السَّيِّاٰتُ	عَنِّيْ	اِنَّهٗ	لَفَرِحٌ	فَخُوْرٌ
تو وہ ضرور کہیگا	جاتی رہیں	برائیاں	مجھ سے	بیشک وہ	اترانے والا	شیخی خور

تو وہ ضرور کہے گا مجھ سے برائیاں جاتی رہیں، بیشک وہ اترانے والا شیخی خور ہے۔

﴿۹﴾ وَلَئِنْ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ الْكَافِرَ مِنَّا رَحْمَةً غِنًى وَّصِحَّةً ثُمَّ نَزَعْنٰهَا مِنْهُ اِنَّهٗ لَيَـُٔوْسٌ تَنْوُطُ مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ كَفُوْرٌ ۝ شَدِيْدُ الْكُفْرِ بِهٖ

﴿۱۰﴾ وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ نَفْرٌ وَّشِدَّةٌ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ ذَهَبَ السَّيِّاٰتُ الْمَصَائِبُ عَنِّيْ وَلَمْ يَتَوَقَّعْ زَوَالَهَا وَلَا يَشْكُرُ عَلَيْهَا اِنَّهٗ لَفَرِحٌ فَرِحَ بَطَرَ فَخُوْرٌ ۝ عَلَى النَّاسِ بِمَا اُوْتِيَ

﴿۹﴾ اور اگر ہم پہنچاتے ہیں کافر کو تونگری اور تندرستی پھر اسکو چھین لیتے ہیں اس سے تو بیشک وہ ناامید ہو جاتا ہے اللہ کی رحمت سے اور ناشکری کرتا ہے اور کفر میں

﴿۱۰﴾ اور اگر بعد افلاس اور سختی کے جو اسکو پہنچے ہم اس پر انعام کریں اور افلاس وغیرہ دور کریں کہ یہ کہتا ہے کہ مصیبتیں مجھ سے دور ہوئیں حالانکہ انکا دور ہونا خیال میں نہ تھا اور اللہ کی نعمت کا شکر نہیں کرتا بیشک وہ خوش ہوتا ہے اترا کر فخر کرتا ہے لوگوں پر بسبب اس چیز کے جو اسکو دی گئی۔

تشریح

﴿۹﴾ انسان بڑا چھچورا ہے | انسان اپنی فطرت کے اعتبار سے سطحی بیں تھڑدلا اور چھچورا واقع ہوا ہے جب اپنی نعمت سے نوازنے کے بعد ہم اس سے محروم کر دیتے ہیں تو وہ مایوس ہو کر بیٹھ جاتا ہے۔ پچھلی مہربانیاں بھلا دیتا ہے اور ناشکری کرنے لگتا ہے۔ گذرے ہوئے پر ناشکری اور آئندہ سے مایوسی یہی اس کی زندگی کا حاصل ہے۔!

﴿۱۰﴾ انسان کو مصیبت کے بعد نعمت ملتی ہے تو اکڑنے لگتا ہے۔ | جب انسان کو مصیبت کے بعد پھر آرام و آسائش نصیب ہوتا ہے تو سمجھتا ہے کہ برا وقت گذر گیا اور بھلے دن آ گئے، تو پھر وہی اکڑ، وہی ڈینگیں، نعمت کے نشہ میں وہی سرمستیاں، غافل ہو کر بُرے دنوں کو بھول جاتا ہے اور اِتراتا پھرتا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِلَّا الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۙ أُولَٰئِكَ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ

إِلَّا	الَّذِينَ صَبَرُوا	وَعَمِلُوا	الصَّالِحَاتِ	أُولَٰئِكَ	لَهُم	مَّغْفِرَةٌ	وَأَجْرٌ
مگر	جن لوگوں نے صبر کیا	اور عمل کئے	نیک	یہی لوگ	انکے لئے	بخشش	اور ثواب

مگر جن لوگوں نے صبر کیا اور نیک عمل کئے یہی لوگ ہیں جن کے لئے بخشش اور بڑا

كَبِيرٌ ﴿١١﴾ فَلَعَلَّكَ تَارِكٌ بَعْضَ مَا يُوحَىٰ إِلَيْكَ وَضَائِقٌ بِهِ

كَبِيرٌ	فَلَعَلَّكَ	تَارِكٌ	بَعْضَ	مَا يُوحَىٰ	إِلَيْكَ	وَضَائِقٌ	بِهِ
بڑا	تو شاید (کیا) تم	چھوڑ دو گے	کچھ حصہ	جو وحی کیا گیا	تیری طرف	اور تنگ ہوگا	اس سے

ثواب ہے۔ تو کیا تم چھوڑ دو گے (اس کا) کچھ حصہ جو تمہاری طرف وحی کیا گیا ہے، اور اس سے تمہارا دل

صَدْرُكَ أَن يَقُولُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ كَنزٌ أَوْ جَاءَ مَعَهُ مَلَكٌ ۚ

صَدْرُكَ	أَن	يَقُولُوا	لَوْلَا	أُنزِلَ	عَلَيْهِ	كَنزٌ	أَوْ جَاءَ	مَعَهُ	مَلَكٌ
تیرا سینہ (دل)	کہ وہ کہتے ہیں	کیوں نہ	اُترا	اس پر	خزانہ	یا آیا	اسکے ساتھ	فرشتہ

تنگ ہوگا کہ وہ کہتے ہیں کہ اس پر کیوں نہ اُترا کوئی خزانہ یا اسکے (ساتھ) فرشتہ (کیوں نہ) آیا؟

إِنَّمَا أَنتَ نَذِيرٌ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ وَكِيلٌ ﴿١٢﴾

إِنَّمَا	أَنتَ	نَذِيرٌ	وَاللَّهُ	عَلَىٰ	كُلِّ	شَيْءٍ	وَكِيلٌ
اسکے سوا نہیں	کہ تم	ڈرانے والے	اور اللہ	پر	ہر	چیز	اختیار رکھنے والا

اس کے سوا نہیں کہ تم ڈرانے والے ہو اور اللہ ہر شے پر اختیار رکھنے والا ہے۔

﴿١١﴾ إِلَّا لٰكِنَّ الَّذِينَ صَبَرُوا عَلَى الضَّرَّاءِ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۚ فِي الشَّعْمَاءِ أُولَٰئِكَ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ كَبِيرٌ ○ هُوَ الْجَنَّةُ

﴿١٢﴾ فَلَعَلَّكَ يَا مُحَمَّدُ تَارِكٌ بَعْضَ مَا يُوحَىٰ إِلَيْكَ فَلَا تُبَلِّغُهُمْ إِيَّاهُ لِتَهَاوُنِهِمْ بِهِ وَ

﴿١١﴾ لیکن وہ لوگ جو مصیبت میں صبر کرتے ہیں اور جو اُن پر انعام ہوتا ہے اس میں نیک کام کرتے ہیں بیجا عمل نہیں کرتے وہی لوگ ہیں کہ ان کے لئے بخشش ہے اور بڑا ثواب یعنی جنت میں داخل ہونا۔

﴿١٢﴾ سو شاید تو اے محمد چھوڑنے والا ہے بعض احکام کو جو تجھ پر وحی کئے گئے (یعنی چونکہ وہ لوگ ان کو نہیں مانتے اور تحقیر کرتے ہیں اس وجہ سے شاید تو انکو احکام الٰہی نہ پہنچاوے، اور تیرا دل تنگ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ضَآئِقٌۢ بِهٖ صَدْرُكَ
بِتِلَاوَتِهٖ عَلَيْهِمْ لِاَجْلِ
اَنْ يَّقُوْلُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ
اُنْزِلَ عَلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ جَآءَ
مَعَهٗ مَلَكٌ ؕ يُصَدِّقُهٗ كَمَا
اَقْتَرَحْنَا اِنَّمَآ اَنْتَ نَذِيْرٌ ؕ
فَلَعَلَّكَ اِلَّا الْبَلَاغُ لَا الْاِتْيَانُ
بِمَا اقْتَرَحُوْهُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
وَّكِيْلٌ ○ حَفِيْظٌ فَيُجَازِيْهِمْ

ہوتا ہے ان پر احکام الٰہی پڑھنے سے اس سبب سے کہ کہتے ہیں محمدؐ پر خزانہ کیوں نہ اتارا گیا اور اس کے ہمراہ فرشتہ کیوں نہ آیا جو اس کی تصدیق کرتا جیسا کہ ہم نے چاہا تھا۔

سو تم پر صرف پہنچا دینا ہے، تم محض ڈرانے والے ہو انکی طلب کے موافق نشانیاں لانا تمہارا کام نہیں اور اللہ ہر چیز کا نگہبان ہے سو وہ ان کو عوض ان کا دیگا۔

تشریح

(۱۱) نیکوکار بندے صابر و شاکر ہوتے ہیں | جو اللہ کے نیک بندے ہیں اُن میں یہ گھٹیا باتیں نہیں ہوتیں کوئی پریشانی آتی ہے تو اس کا مقابلہ وہ صبر اور استقامت سے کرتے ہیں۔ پچھلے حالات کو دیکھتے ہوئے اپنا توازن نہیں کھوتے وہ اپنے معقول اور صحیح رویہ پر قائم رہتے ہیں حالات سازگار ہوں تو بڑائی کے نشہ میں مست ہو کر بہکتے نہیں ہیں اور پریشانیاں آئیں تو صبر کا دامن چھوڑتے نہیں ہیں۔ ایسے لوگوں کے لئے اللہ کی طرف سے درگذر کا معاملہ کیا جاتا ہے اور ان کے لئے بڑا اجر ہے۔

(۱۲) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بے پناہ استقامت | مکہ مکرمہ اپنے مذہبی تقدس کی وجہ سے پورے عرب کا مرکزی مقام ہے۔ قبیلہ قریش بیت اللہ کا متولی ہے اور اس وجہ سے پورے عرب پر اس کی دھاک بیٹھی ہوئی ہے۔ اس کے کارواں محفوظ ہیں، کسی کو اس کے مال تجارت کی طرف ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنے کی جرأت نہیں ہے۔ صدیوں سے یہ لوگ ایک خاص مذہبی ماحول میں زندگی گذار رہے ہیں۔ عام ماحول انتہائی آزادی بے راہ روی اور عیش پرستی کا ہے۔ ایسے ماحول میں اللہ تعالیٰ ان لوگوں کی ہدایت کے لئے انہیں میں سے ایک شخص کو اپنا رسول منتخب کرتا ہے۔ اس کے کام کا آغاز یہیں سے ہوتا ہے اور پھر اس کام کو پوری دنیا میں پھیلنا ہے۔ چالیس سال کی عمر تک یہ شخص اپنے لوگوں میں کردار کی پوری عظمتوں کے ساتھ رہتا سہتا ہے ہر انسان اس کی عزت کرتا ہے کیونکہ یہ سچا ہے، امانت دار ہے، باکردار اور لوگوں کا ہمدرد ہے صلح آشتی کا دلدادہ ہے، مظلوموں کی دادرسی کرتا ہے ——— اس ماحول میں اس کردار کے ساتھ چالیس سال کی عمر ہوتے ہی یہ شخص کھڑا ہو جاتا ہے اور اعلان کرتا ہے کہ مجھے انسانوں کے رب نے اپنا رسول چنا ہے۔ لوگوں کو دعوت دیتا ہے کہ تم اپنی زندگی کی بنیاد وحدت الٰہ اور بندگی رب پر قائم کرو تم سب کا معبود ایک ہے اسکی اطاعت و فرماں برداری کرو دنیا کی زندگی کی مستیوں کو چھوڑ کر آخرت کو اپنی منزل بناؤ۔ وہ اس عزم کے ساتھ پوری استقامت کے ساتھ یہ دعوت لیکر اٹھتا ہے اسکی دعوت واضح طور پر اس نظام سے ٹکراتی ہے جس کو مکہ کے لوگ اب تک لئے بیٹھے تھے۔ اس کی بات میں وزن ہے لیکن نہ تو اس کے پاس دولت کے انبار ہیں نہ اقتدار ہے مادی لحاظ سے وہ بالکل بے سروسامان ہے۔ روحانی لحاظ سے فرشتوں کے جھنڈ اس کے پاس نہیں ہیں کہ وہ لوگوں کو مرعوب کر سکے۔ ہر طرف سے اسکی مخالفت شروع ہوتی ہے، طرح طرح کی فرمائشیں کی جاتی ہیں۔ کیوں صاحب جب آپ رسول ہیں تو آپکے ساتھ کوئی خزانہ کیوں نہیں اتارا گیا آپکے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہیں ہے جو آپ کی رسالت کا اعلان کرے۔ کبھی کبھی یہ دل تنگ ہو جاتا ہے اور سوچتا ہے کہ کچھ نرمی ممکن ہے یا نہیں۔ ایسے میں صرف ایک طاقت ہے جو اسکو سہارا دیتی ہے۔ گھبراؤ مت تمہارا کام صرف خبردار کرنا ہے باقی ہر چیز کی ذمہ داری اللہ پر ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَىٰهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهِ مُفْتَرَيَاتٍ وَادْعُوا مَنِ

أَمْ	يَقُولُونَ	افْتَرَىٰهُ	قُلْ	فَأْتُوا	بِعَشْرِ	سُوَرٍ	مِّثْلِهِ	مُفْتَرَيَاتٍ	وَادْعُوا	مَنِ
کیا	وہ کہتے ہیں	اسکو خود گھڑ لیا ہے	آپ کہدیں	تو تم لے آؤ	دس	سورتیں	اس جیسی	گھڑی ہوئی	اور بلا لو	جس

کیا وہ کہتے ہیں کہ اس نے اس (قرآن) کو خود گھڑ لیا ہے۔ آپ کہدیں تو تم بھی اس جیسی دس سورتیں گھڑی ہوئی لے آؤ اور جسکو تم (مدد کیلئے)

اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ﴿١٣﴾

اسْتَطَعْتُم	مِّن + دُونِ	اللَّهِ	إِن	كُنتُمْ	صَادِقِينَ	
تم بلا سکو	سوائے	اللہ	اگر	تم ہو	سچے	

بلا سکتے ہو بلا لو اللہ کے سوا اگر تم سچے ہو۔

﴿١٣﴾ أَمْ بَلْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۚ أَيِ الْقُرْآنَ قُلْ فَأْتُوا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهِ فِي الْفَصَاحَةِ وَالْبَلَاغَةِ مُفْتَرَيَاتٍ فَإِنَّكُمْ عَرَبِيُّونَ فُصَحَاءُ مِثْلِي تَحَدَّاهُمْ بِهَا أَوَّلًا ثُمَّ بِسُورَةٍ وَادْعُوا لِلْمُعَاوَنَةِ عَلَىٰ ذَٰلِكَ مَنِ اسْتَطَعْتُم مِّن دُونِ اللَّهِ أَيْ غَيْرِهِ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ○ فِي أَنَّهُ افْتَرَاهُ

﴿١٣﴾ بلکہ وہ کافر کہتے ہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن اپنی طرف سے بنا لیا ہے سو ان سے کہدو لاؤ تم بھی دس سورتیں ایسی بنائی ہوئی جو فصاحت و بلاغت میں قرآن کی برابر ہوں کہ تم لوگ بھی عربی ہو فصاحت والے ہو میرے مانند (اول دس سورتوں کے ساتھ معارضہ کیا پھر جب وہ اس سے عاجز ہوئے ایک سورت سے معارضہ کیا کہ تم اگر یہ کہتے ہو کہ یہ قرآن بنایا ہوا ہے تو تم ایک سورت ہی اسکے مانند بنا لاؤ اور بلاؤ اس پر مدد چاہنے کو اللہ کے سوا جس کو چاہو اگر تم سچے ہو اس امر میں کہ یہ محمد نے بنا لیا ہے۔

تشریح

﴿١٣﴾ **قرآن مجید کا چیلنج قرآن جیسا کلام بنا کر دکھاؤ** حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرنے والے طرح طرح کی فرمائشیں کرتے ہیں۔ تمہارے پاس دولت کے ڈھیر کیوں نہیں ہیں، تمہارے ساتھ فرشتے کیوں نہیں ہیں، کوئی معجزہ کیوں نہیں دکھاتے۔ معجزوں کی فرمائشوں میں جو سب سے بڑا معجزہ ان کے سامنے ہے قرآن مجید، اس پر غور نہیں کرتے کہ یہ اللہ کا کلام ہے۔ فصاحت و بلاغت مضامین کی تعبیر میں بے مثال ہے اگر تم یہ سمجھتے ہو کہ یہ کتاب پیغمبر کی اپنی گھڑی ہوئی ہے تو پوری کتاب نہ سہی اس کتاب کی سی دس سورتیں تم بنا کر دکھا دو۔ اس کتاب میں تمہارے ان معبودوں کی مخالفت کی گئی ہے جن کی تم پوجا پاٹ کرتے ہو اس دعوے کو جھوٹا ثابت کرنے میں اگر ان میں طاقت ہے تو انہیں بھی تمہاری مدد کرنی چاہیئے اگر تم واقعی سچے ہو تو ایک اللہ کو چھوڑ کر جس کی مدد لے سکتے ہو لے لو اور ثابت کردو کہ یہ قرآن اللہ کا کلام نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ

فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَكُمْ	فَاعْلَمُوْٓا	اَنَّمَآ	اُنْزِلَ	بِعِلْمِ اللّٰهِ
پھر اگر وہ جواب نہ دے سکیں	تمہارا	تو جان لو	کہ یہ تو	نازل کیا گیا ہے	اللہ کے علم سے

پھر اگر وہ تمہارے (اس چیلنج کا) جواب نہ دے سکیں تو جان لو کہ یہ تو اللہ کے علم سے نازل کیا گیا ہے

وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾

وَاَنْ	لَّآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّسْلِمُوْنَ
اور یہ کہ	کوئی معبود نہیں	اسکے سوا	پس کیا	تم	اسلام لاتے ہو

اور یہ کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پس کیا تم اسلام لاتے ہو۔

﴿۱۴﴾ فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اَيْ مَنْ دَعَوْتُمُوْهُمْ لِلْمُعَاوَنَةِ فَاعْلَمُوْا خِطَابٌ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنَّمَآ اُنْزِلَ مُتَلَبِّسًا بِعِلْمِ اللّٰهِ وَلَيْسَ اِفْتِرَاءً عَلَيْهِ وَاَنْ مُخَفَّفَةٌ اَيْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○ بَعْدَ هٰذِهِ الْحُجَّةِ الْقَاطِعَةِ اَيْ اَسْلِمُوْا

﴿۱۴﴾ سو اگر جن کو تم نے مدد کے لئے بلایا ہے تمہاری اعانت کے لئے نہ آویں تو اے مشرکین جان لو کہ بات یہی ہے کہ یہ قرآن اتارا گیا ہے ساتھ علم الٰہی کے اور یہ کسی کا بنایا ہوا نہیں اور بیشک بات یہ ہے کہ کوئی معبود اس کے سوا نہیں پس اس دلیل یقینی کے بعد تم ہرگز اسلام سے منہ نہ پھیرو مسلمان ہو جاؤ۔

تشریح

﴿۱۴﴾ **قرآن یقیناً اللہ کا کلام ہے** | قرآن مجید نے یہ چیلنج کیا کہ تم بھی عرب ہو فصاحت و بلاغت کا دعویٰ کرتے ہو تم سب مل کر قرآن جیسا کلام بنا کر دکھاؤ۔ پھر سورۂ ہود کی مذکورہ بالا آیت نمبر ۱۳ میں چیلنج کیا گیا کہ قرآن جیسی دس سورتیں تم اور تمہارے سارے معبود مل کر بنا کر دکھائیں۔ اس کے بعد سورۂ یونس اور سورۂ بقرہ میں اعلان کیا گیا کہ اچھا ایک ہی سورت قرآن جیسی بنا کر لے آؤ۔ اس طرح ان کا عاجز ہونا اور ان کی بے چارگی کو کہ وہ قرآن جیسا کلام بنانے سے عاجز ہیں آہستہ آہستہ نمایاں کیا گیا۔ جب ثابت ہو گیا کہ اللہ کے علاوہ سب مل کر بھی قرآن جیسی ایک سورت نہیں بنا سکتے۔ معلوم ہوا کہ قرآن اللہ کا نازل کیا ہوا کلام ہے اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ یہ سارے معبود جھوٹے ہیں اللہ کے سوا کوئی حقیقی معبود نہیں ہے۔ قرآن اللہ کا کلام ہے اور حقیقی معبود صرف اللہ ہے تو کیا تم اس امر حقیقی کے سامنے سر تسلیم خم کرتے ہو؟ جس کے کلام کا کوئی مثل نہیں ہے اس رب کا بھی کوئی مثل نہیں ہے۔ اس کی ذات اور صفات میں کوئی ساجھی اور شریک نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ

مَنْ	كَانَ + يُرِيْدُ	الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا	وَزِيْنَتَهَا	نُوَفِّ	اِلَيْهِمْ
جو	چاہتا ہے	زندگی	دنیا	اور اسکی زینت	ہم پورا کردینگے	ان کے لئے

جو کوئی چاہتا ہے دنیا کی زندگی اور اس کی زینت ہم انکے لئے انکے عمل اس

اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ

اَعْمَالَهُمْ	فِيْهَا	وَهُمْ	فِيْهَا	لَا يُبْخَسُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	
ان کے عمل	اس میں	اور وہ	اسمیں	نہ کمی کئے جائینگے (نقصان نہ ہوگا)	یہی لوگ	

(دنیا) میں پورے کردیں گے اور اس میں ان کی کمی نہ کی جائے گی۔ یہی لوگ ہیں

الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ

الَّذِيْنَ	لَيْسَ	لَهُمْ	فِي	الْاٰخِرَةِ	اِلَّا	النَّارُ	وَحَبِطَ
وہ جو کہ	نہیں	انکے لئے	میں	آخرت	سوائے	آگ	اور اکارت گیا

جن کے لئے آخرت میں آگ کے سوا کچھ نہیں اور اکارت گیا

مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ

مَا	صَنَعُوْا	فِيْهَا	وَبٰطِلٌ	مَّا	كَانُوْا + يَعْمَلُوْنَ	اَفَمَنْ
جو	انہوں نے کیا	اسمیں	اور نابود ہوئے	جو	وہ کرتے تھے	پس کیا جو

جو اس (دنیا) میں انہوں نے کیا اور جو وہ کرتے تھے نابود ہوئے پس کیا (یہ اس کے برابر ہیں)

كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ

كَانَ	عَلٰى	بَيِّنَةٍ	مِّنْ + رَّبِّهٖ	وَيَتْلُوْهُ	شَاهِدٌ	مِّنْهُ	وَمِنْ
ہو	پر	کھلا راستہ	اپنے رب کے	اور اسکے ساتھ ہو	گواہ	اس سے	اور سے

جو اپنے رب کے کھلے راستہ پر ہو اور اس کے ساتھ اس (اللہ کی طرف) سے گواہ ہو۔ اور اس سے

قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ

قَبْلِهٖ	كِتٰبُ	مُوْسٰٓى	اِمَامًا	وَّرَحْمَةً	اُولٰٓئِكَ	يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ
پہلے	کتاب	موسیٰ	امام	اور رحمت	یہی لوگ	ایمان لاتے ہیں	اس پر

پہلے موسیٰؑ کی کتاب امام (راہنما) اور رحمت (تھی) یہی لوگ اس (قرآن) پر ایمان لاتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ

وَمَنْ	يَّكْفُرْ + بِهٖ	مِنَ + الْاَحْزَابِ	فَالنَّارُ	مَوْعِدُهٗ	فَلَا تَكُ	فِيْ	مِرْيَةٍ
اور جو	منکر ہو اس کا	گروہوں میں	تو آگ (دوزخ)	اسکا ٹھکانا	پس تو نہ ہو	میں	شک

اور گروہوں میں سے جو اس کا منکر ہو تو دوزخ اس کا ٹھکانا ہے پس تو شک میں نہ ہو

مِّنْهُ ۘ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾

مِّنْهُ	اِنَّهُ + الْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يُؤْمِنُوْنَ
اس سے	بیشک وہ حق	تیرے رب سے	اور لیکن	اکثر	لوگ	ایمان نہیں لاتے

اس سے بیشک وہ تیرے رب (کی طرف) سے حق ہے لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔

﴿۱۵﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا وَبٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾

﴿۱۵﴾ جو شخص دنیا کی زندگی چاہتا ہے اور اسی کی زینت اور خوبصورتی میں لگا رہتا ہے بایں طور کہ شرک پر جما رہے اور بعض علماء نے فرمایا کہ یہ آیت ریاکاروں کے بارے میں نازل ہوئی ہے جو محض دنیا کا دکھلاوا چاہتے ہیں کوئی عمل اللہ کے لئے خالص نہیں کرتے ہم انکو دنیا میں انکے اعمال کی پوری جزا دیدینگے کہ جو کام خیر کے ان سے ہوئے جیسے صدقہ خیرات کرنا اور صلہ رحمی کرنا اس کا بدلہ ان کو دنیا میں ملیگا اسطرح کہ ان پر روزی فراخ کردیں گے اور مال بکثرت دینگے اور دنیا میں ان کے بدلہ میں کمی نہ کریں گے

﴿۱۶﴾ یہی لوگ ہیں کہ آخرت میں ان کے لئے آگ کے سوا کچھ نہیں اور جو اعمال انھوں نے کئے وہ سب آخرت میں لغو اور باطل سمجھے جائیں گے وہاں کچھ ثواب ان پر نہ ملے گا۔

اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَيَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۘ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾

﴿۱۷﴾ سو کیا وہ شخص جو روشن راستے پر ہے اور اس کے رب کی طرف سے اس کو حجت اور دلیل ظاہر یعنی قرآن عطا ہوا ہو وہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہیں یہ تمام ایمان والے اور انکے ساتھ ایک گواہ ہے اللہ کی طرف سے یعنی جبرئیل جو اسکی تصدیق کرتا ہے اور قرآن سے پہلے موسیٰ کی کتاب یعنی توریت بھی اس کی سچائی کی گواہ ہے جو پیشوا ہے اور رحمت ہے اللہ کی طرف سے ایمان والوں کے لئے وہ مثل اس شخص کے ہوسکتا ہے جو ایسا نہیں۔ ہرگز

toobaa-elibrary.blogspot.com

اُولٰٓئِكَ اَیْ مَنْ كَانَ عَلٰی بَیِّنَةٍ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ اَیْ بِالْقُرْاٰنِ فَلَهُمُ الْجَنَّةُ وَمَنْ یَّكْفُرْ بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ جَمِیْعُ الْكُفَّارِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ فَلَا تَكُ فِیْ مِرْیَةٍ شَكٍّ مِّنْهُ مِنَ الْقُرْاٰنِ اِنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ اَیْ اَهْلَ مَكَّةَ لَا یُؤْمِنُوْنَ ○

وہ اس کے مثل نہیں جو لوگ دلیل واضح اور راہ روشن پر ہیں وہی قرآن پر ایمان لاتے ہیں پس انکے لئے جنت ہے اور تمام کافروں میں سے جو قرآن کا انکار کرے پس دوزخ ان کے وعدہ کی جگہ ہے۔ پس نہ شک کرو تم اے محمدؐ قرآن میں بے شک قرآن سچی کتاب ہے تیرے رب کے پاس سے آئی ہے لیکن مکہ والے اس پر ایمان نہیں رکھتے۔

تشریح

(۱۵) دُنیا پرستوں کے اعمال کا بدلہ دنیا میں ہی مل جائے گا | جب یہ ثابت ہو گیا کہ قرآن اللہ کا کلام ہے اور اللہ کے سوا کوئی حقیقی معبود نہیں ہے اس کے باوجود جو شخص قرآن اور اللہ کے بتائے ہوئے راستے پر نہیں چلتا اور دنیا کی چند روزہ زندگی اور اسکی خوشنمائیوں کو مقصود بنا کر زندگی گذارتا ہے اور اگر بظاہر کوئی نیک کام خیرات وغیرہ کرتا ہے تو اس سے بھی اللہ کی خوشنودی اور آخرت کی فلاح مقصود نہیں ہوتی محض دنیاوی فائدوں کا حاصل کرنا پیش نظر ہوتا ہے اور انکے دل و دماغ پر دنیا پرستی چھائی رہتی ہے انکی ساری کارگذاری کا بدلہ دنیا میں ہی دیدیا جاتا ہے تندرستی، مال، اولاد، عزت، حکومت وغیرہ دیکر سب کھاتہ دنیا میں ہی بیباق ہو جاتا ہے۔

(۱۶) دنیا کے طلب گاروں کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں | جو لوگ دنیا کو قبلۂ مقصود بنا کر عمل کرتے ہیں ان کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے۔ آخرت میں پہنچ کر معلوم ہوگا کہ ریاکاری دکھاوے اور دنیا پرستی کے لئے جو کام کئے تھے وہ یہاں کچھ کام نہ آئے سارا کیا دھرا ملیا میٹ ہو گیا! اصل میں اسلام جس چیز کی دعوت دیتا ہے وہ یہ ہے کہ اس کائنات کے خالق و مالک پر ایمان لاؤ یہ تسلیم کرو کہ وہ ہمارا پروردگار ہے اس کے بتائے ہوئے طریقے پر چلو اور اس کی رضا کو مقصود بنا کر اجر آخرت کے طلبگار بنو۔ دنیا میں جو نعمتیں پروردگار اپنے بندوں کو عطا کرتا ہے صحت، دولت، عزت، اولاد، مال و متاع، اقتدار و حکومت ان سب کا رُخ آخرت کی طرف رہے اور یہ چیزیں خود مقصود نہ ہوں بلکہ آخرت کا وسیلہ اور ذریعہ بن جائیں۔ اس طرح انسان دنیا اور آخرت دونوں کی فلاح اور کامیابی حاصل کر سکتا ہے اس کا اظہار اس دعا سے ہوتا ہے جو اکثر و بیشتر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک پر رہتی تھی۔ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ (اے ہمارے رب ہم کو دنیا کی بھلائیاں عطا فرما اور آخرت کی بھلائیاں عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔)

(۱۷) اسلام کی حقانیت کی گواہ خود انسانی فطرت اور دوسری شہادتیں ہیں | انسان کی فطرت اور اس کی عقل و فہم گواہی دیتی ہے کہ اس کا رب یقیناً ایک ہے۔ زمین و آسمان کی بناوٹ میں، کائنات کے انتظام میں اور خود انسان کے اپنے وجود میں اسکی کھلی شہادتیں موجود ہیں۔ قرآن سے پہلے بھی جو وحی کسی نبی پر نازل کی گئی وہ بھی دین فطرت کی صداقت پر گواہ تھی خصوصاً موسیٰ علیہ السلام پر عظیم الشان کتاب تورات اتاری گئی جو فطرت کی طرف رہنمائی کرتی ہے اور اللہ کی رحمت کی ایک علامت ہے۔ سلیم الفطرت لوگوں کے لئے ان شہادتوں کو سامنے رکھتے ہوئے ایمان لانا کوئی مشکل نہیں ہے۔ فطرت کے تقاضوں اور کھلی شہادتوں کا جو شخص انکار کرے تو اس کے لئے جس جگہ کا وعدہ ہے وہ دوزخ ہے پس کسی شک میں پڑنے کی ضرورت نہیں، کہ راہِ حق یہی دین کا راستہ ہے۔ جو تمہارے رب کی طرف سے بتایا گیا ہے۔ پھر بہت سے لوگ نہیں مانتے تو نہ مانیں ان کی مرضی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ

وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى اللّٰهِ	كَذِبًا	اُولٰٓئِكَ	يُعْرَضُوْنَ
اور کون	سب سے بڑا ظالم	اس سے جو	باندھے	اللہ پر	جھوٹ	یہ لوگ	پیش کیے جائینگے

اور کون ہے اس سے بڑھ کر ظالم جو اللہ پر جھوٹ باندھے ، یہ لوگ اپنے رب کے سامنے پیش

عَلٰى رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى

عَلٰى + رَبِّهِمْ	وَيَقُوْلُ	الْاَشْهَادُ	هٰٓؤُلَآءِ	الَّذِيْنَ	كَذَبُوْا	عَلٰى
اپنے رب کے سامنے	اور کہیں گے	گواہ (جمع)	یہی ہیں	وہ جنھوں نے	جھوٹ بولا	پر

کیے جائیں گے اور کہیں گے گواہ یہی ہیں جنھوں نے اپنے رب پر جھوٹ

رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۸﴾

رَبِّهِمْ	اَلَا	لَعْنَةُ + اللّٰهِ	عَلَى	الظّٰلِمِيْنَ
اپنے رب	یادرکھو	اللہ کی پھٹکار	پر	ظالم (جمع)

بولا ، یادرکھو ظالموں پر اللہ کی پھٹکار ہے ۔

﴿۱۸﴾ وَمَنْ اَیْ لَا اَحَدَ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ؕ بِنِسْبَةِ الشَّرِيْكِ وَ الْوَلَدِ اِلَيْهِ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى رَبِّهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْ جُمْلَةِ الْخَلْقِ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ جَمْعُ شَاهِدٍ وَ هُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ لِلرُّسُلِ بِالْبَلَاغِ وَ عَلَى الْكُفَّارِ بِالتَّكْذِيْبِ هٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۝ الْمُشْرِكِيْنَ

﴿۱۸﴾ اور اس شخص سے زیادہ کوئی ناانصاف نہیں جو اللہ پر جھوٹ باندھے اس کا ساجھی بناوے اور اس کے لئے اولاد ثابت کرے وہی لوگ ہیں جو قیامت کے دن تمام مخلوق میں اپنے رب پر پیش کیے جائیں گے اور گواہ کہیں گے (یعنی فرشتہ جو پیغمبروں پر گواہ ہیں اس امر کے کہ انہوں نے پہنچا دیا اور کافروں کے جھٹلانے کے گواہ ہیں کہ یہی لوگ ہیں جنھوں نے اپنے رب پر جھوٹ بولا۔ آگاہ رہو لعنت ہے اللہ کی مشرکوں پر۔

تشریح

﴿۱۸﴾ اللہ کی طرف جھوٹ کی نسبت کرنا سب سے بڑا جرم ہے | جو اللہ پر یہ جھوٹ باندھے کہ بندگی کا حق اللہ کے سوا دوسروں کا بھی ہے یا یہ سمجھے کہ اللہ تعالیٰ کو بندوں کی ہدایت سے کوئی دلچسپی نہیں ہے اور اس نے ہمیں آزاد چھوڑ دیا ہے ہم جو چاہیں ڈھنگ اختیار کریں یا یہ سمجھے کہ ہم اللہ کے سامنے جواب دہ نہیں ہیں۔ ایسے لوگ جب اللہ کے حضور میں حاضر ہونگے اور گواہی دینے والے گواہی دینگے کہ ان لوگوں نے جھوٹ گھڑا ہے اور اپنے پروردگار کی نسبت غلط بیانی کی ہے یہ گواہ، فرشتے، اللہ کے رسول، اللہ کے نیک بندے اور خود انسان کے ہاتھ پاؤں ہونگے جو اسکے خلاف گواہی دینگے۔ لعنت ہو ایسے ظالموں پر۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَلَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۭ وَهُمْ

اَلَّذِيْنَ	يَصُدُّوْنَ	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ	وَ يَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	وَهُمْ
وہ لوگ جو	روکتے ہیں	سے	اللہ کا راستہ	اور اسمیں ڈھونڈتے ہیں	کجی	اور وہ

وہ لوگ جو اللہ کے راستے سے روکتے ہیں اور اس میں کجی ڈھونڈتے ہیں اور وہ

بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ اُولٰۗىِٕكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ

بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	كٰفِرُوْنَ	اُولٰۗىِٕكَ	لَمْ يَكُوْنُوْا	مُعْجِزِيْنَ	فِي الْاَرْضِ
آخرت سے	وہ	منکر (جمع)	یہ لوگ	نہیں ہیں	عاجز کرنیوالے (تھکانے والے)	زمین میں

آخرت کے منکر ہیں یہ لوگ زمین میں عاجز کرنے والے نہیں اور

وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَاۗءَ ۘ يُضٰعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ ۭ

وَمَا كَانَ	لَهُمْ	مِّنْ	دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ	اَوْلِيَاۗءَ	يُضٰعَفُ	لَهُمُ	الْعَذَابُ
اور نہیں ہے	انکے لئے	سے	سوا	اللہ	کوئی	حمایتی	دوگنا	انکے لئے	عذاب

ان کے لئے نہیں ہے اللہ کے سوا کوئی حمایتی ان کے لئے دوگنا عذاب ہے

مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ

مَا	كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ	السَّمْعَ	وَمَا	كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ	اُولٰۗىِٕكَ	الَّذِيْنَ
نہ	وہ طاقت رکھتے تھے	سننا	اور نہ	وہ دیکھتے تھے	یہی لوگ	وہ جنھوں نے

وہ نہ سننے کی طاقت رکھتے تھے اور نہ وہ دیکھتے تھے۔ یہی لوگ ہیں جنھوں نے

خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾ لَا جَرَمَ

خَسِرُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ	لَا جَرَمَ
نقصان کیا	اپنی جانوں کا (اپنا)	اور گم ہوگیا	ان سے	جو وہ افترا کرتے تھے (جھوٹ باندھتے تھے)	شک نہیں

اپنی جانوں کا نقصان کیا اور ان سے گم ہوگیا جو وہ جھوٹ باندھتے تھے کوئی شک نہیں

اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۲۲﴾

اَنَّهُمْ	فِي	الْاٰخِرَةِ	هُمُ	الْاَخْسَرُوْنَ
کہ وہ	میں	آخرت	وہ	سب سے زیادہ نقصان اٹھانے والے

کہ وہ آخرت میں سب سے زیادہ نقصان اٹھانے والے ہیں۔

﴿۱۹﴾ اَلَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ دِيْنِ الْاِسْلَامِ وَيَبْغُوْنَهَا يَطْلُبُوْنَ السَّبِيْلَ عِوَجًا مُعْوَجَّةً وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ

﴿۱۹﴾ جو روکتے ہیں لوگوں کو دین اسلام سے اور ٹیڑھا راستہ ڈھونڈھتے ہیں اور آخرت کے وہی منکر ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

هُمْ تَاكِيدٌ كَافِرُونَ ○

(۲۰) أُولَٰئِكَ لَمْ يَكُونُوا مُعْجِزِينَ اللَّهَ فِي الْأَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَيْ غَيْرِهِ أَوْلِيَاءَ أَنْصَارٌ يَمْنَعُونَهُمْ عَذَابَهُ يُضَاعَفُ لَهُمُ الْعَذَابُ بِإِضْلَالِهِمْ غَيْرَهُمْ مَا كَانُوا يَسْتَطِيعُونَ السَّمْعَ لِلْحَقِّ وَمَا كَانُوا يُبْصِرُونَ ○ أَيْ لِغَرَضِ كَرَاهَتِهِمْ لَهُ كَأَنَّهُمْ لَمْ يَسْتَطِيعُوا ذٰلِكَ

(۲۱) أُولَٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ بِمَصِيرِهِمْ إِلَى النَّارِ الْمُؤَبَّدَةِ عَلَيْهِمْ وَضَلَّ غَابَ عَنْهُمْ مَا كَانُوا يَفْتَرُونَ ○ عَلَى اللَّهِ مِنْ دَعْوَى الشَّرِكَةِ

(۲۲) لَا جَرَمَ حَقًّا أَنَّهُمْ فِي الْآخِرَةِ هُمُ الْأَخْسَرُونَ ○

(۲۰) یہ لوگ اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے زمین میں۔ اور ان کے لئے اس کے سوا مددگار نہیں ہے ان کو عذاب الٰہی سے۔ بچاویں چونکہ انہوں نے دوسروں کو گمراہ کیا اس لئے ان پر دوہرا عذاب آویگا ان کو حق سے ایسی نفرت ہے کہ اس کے سننے کی طاقت نہیں رکھتے اور اس کو دیکھ نہیں سکتے یعنی ان کو امر حق ایسا گراں معلوم ہوتا ہے کہ اسکے سننے اور دیکھنے سے اندھے اور بہرے بنتے ہیں گویا (۲۱) وہی لوگ ہیں جنھوں نے اپنی جانوں کو ٹوٹے میں ڈالا کہ ہمیشہ دوزخ میں رہنا گوارا کیا اور گم ہو جاویگا ان سے جو کچھ وہ اللہ پر جھوٹ باندھتے تھے یعنی دعوی شرک کا باطل ہو جائے گا۔ (۲۲) ضرور ہے یہ کہ وہ لوگ آخرت میں بڑے ٹوٹے والے ہونگے۔

تشریح

(۱۹) اللہ کے کلام کو جھٹلانے والے آخرت کے منکر اللہ کے راستے سے روکنے والے ان سب پر اللہ کی لعنت ہے | جو لوگ اللہ کے کلام کو جھٹلاتے ہیں یہ ان کا سب سے بڑا ظلم اور بے انصافی ہے کہ سچ کو جھوٹ ثابت کرنا چاہتے ہیں۔ یہ لوگ دنیا میں مگن ہیں اور آخرت کے منکر ہیں نہ صرف یہ کہ خود گمراہ ہیں بلکہ دوسروں کو بھی سیدھی راہ سے روکتے ہیں اللہ کے سیدھے سچے راستے کو پسند نہیں کرتے اور چاہتے ہیں کہ اللہ کا یہ راستہ انکے نفس اور خواہشات کے مطابق ٹیڑھا ہو جائے تو اسے قبول کر لیں۔ ایسے سب لوگوں پر عالم آخرت میں لعنت کا اعلان ہوگا۔

(۲۰) بلا دلیل اللہ کی طرف غلط باتیں منسوب کرنیوالے خود گمراہ ہوئے دوسروں کو گمراہ کیا | جو لوگ اللہ پر بہتان باندھتے ہیں اسکی طرف غلط باتیں منسوب کرتے ہیں اسکے ساتھ دوسروں کو بھی اور شریک کرتے ہیں انکے پاس ان باتوں کی کوئی دلیل نہیں ہے خود بھی گمراہ ہوئے اور اپنی نسلوں کے لئے بھی گمراہی کی میراث چھوڑی اس لئے ان کو دوگنا عذاب ہوگا اپنی گمراہی کا بھی اور آنے والی نسلوں کو گمراہ کرنے کا بھی۔ اللہ کی وسیع زمین میں یہ کہیں بھاگ کر اللہ سے چھپ نہیں سکتے تھے اور نہ اللہ کے یہاں ان کا کوئی حامی اور مددگار تھا یہ اللہ نے ہی ان کو ڈھیل دے رکھی تھی کہ وہ چاہیں تو راہ ہدایت قبول کریں اور نہ چاہیں تو گمراہی میں بھٹکتے رہیں۔ یہ لوگ اس طرح گمراہی میں پھنسے ہوئے تھے کہ نہ انہیں کچھ سوجھتا تھا اور نہ ہی کسی کی بات سن سکتے تھے۔

(۲۱) ان کے لئے ابدی عذاب ہے | یہ گمراہ لوگ وہ ہیں جنہوں نے غلط نظریات قائم کر رکھے تھے۔ اللہ تعالیٰ، اس کی بنائی ہوئی کائنات اور خود اپنے وجود اور اپنے مقام ان سب سے بے خبر تھے جھوٹے معبودوں اور سرپرستوں پر بھروسہ کئے بیٹھے تھے اور موت کے بعد زندگی کے بارے میں غلط اندازے لگا رکھے تھے۔ جب اللہ تعالیٰ کے یہاں پہونچ کر حقیقت سامنے آئی تو یہ سارے جھوٹے دعوے اور نظریات گم ہو کر رہ گئے۔ ایسے لوگ بڑے خسارے میں رہے اپنے آپ کو گھاٹے میں ڈالا اور ابدی عذاب میں مبتلا ہوئے۔

(۲۲) آخرت میں سب سے زیادہ گھاٹے میں رہنے والے | جن لوگوں نے گمراہ کن نظریات پر تکیہ کر رکھا تھا بغیر کسی دلیل کے غلط قیاسات اور اندازے لگا کر آخرت کا انکار کر رہے تھے۔ یہی لوگ سب سے زیادہ آخرت میں پہنچ کر گھاٹے میں رہیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَخْبَتُوا إِلَىٰ رَبِّهِمْ أُولَٰئِكَ

إِنَّ	الَّذِينَ	آمَنُوا	وَعَمِلُوا + الصَّالِحَاتِ	وَأَخْبَتُوا	إِلَىٰ رَبِّهِمْ	أُولَٰئِكَ
بیشک	جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے نیک عمل کئے	اور عاجزی کی	اپنے رب کی طرف سے	یہی لوگ

بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے اور اپنے رب کے آگے عاجزی کی، یہی لوگ

أَصْحَابُ الْجَنَّةِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٣﴾ مَثَلُ الْفَرِيقَيْنِ كَالْأَعْمَىٰ وَالْأَصَمِّ

أَصْحَابُ الْجَنَّةِ	هُمْ	فِيهَا	خَالِدُونَ	مَثَلُ	الْفَرِيقَيْنِ	كَالْأَعْمَىٰ	وَالْأَصَمِّ
جنت والے	وہ	اسمیں	ہمیشہ رہیں گے	مثال	دونوں فریق	جیسے اندھا	اور بہرا

جنت والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ دونوں فریق کی مثال (ایسے ہے) جیسے ایک اندھا اور بہرا، اور

ع ۲ ۱۶ ۲

وَالْبَصِيرِ وَالسَّمِيعِ ۚ هَلْ يَسْتَوِيَانِ مَثَلًا ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٢٤﴾ وَلَقَدْ

وَالْبَصِيرِ	وَالسَّمِيعِ	هَلْ	يَسْتَوِيَانِ + مَثَلًا	أَفَلَا تَذَكَّرُونَ	وَلَقَدْ
اور دیکھتا	اور سنتا	کیا	دونوں برابر ہیں مثال (حالت) میں	کیا تم غور نہیں کرتے	اور تحقیق

(دوسرا) دیکھتا اور سنتا ہے، کیا دونوں برابر ہیں؟ حالت میں کیا تم غور نہیں کرتے؟ اور ہم نے

أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ إِنِّي لَكُمْ نَذِيرٌ مُبِينٌ ﴿٢٥﴾ أَنْ لَا تَعْبُدُوا

أَرْسَلْنَا	نُوحًا	إِلَىٰ	قَوْمِهِ	إِنِّي	لَكُمْ	نَذِيرٌ	مُبِينٌ	أَنْ	لَا تَعْبُدُوا
ہم نے بھیجا	نوح ؑ	طرف	اسکی قوم	بیشک میں	تمہارے لئے	ڈرانے والا	کھلا	کہ	نہ پرستش کرو

نوح ؑ کو اس کی قوم کی طرف بھیجا کہ بیشک میں تمہارے لئے (تمہیں) ڈرانے والا ہوں کھلا (کھول کر) کہ اللہ کے

إِلَّا اللَّهَ ۖ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ أَلِيمٍ ﴿٢٦﴾

إِلَّا	اللَّهَ	إِنِّي	أَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ	يَوْمٍ + أَلِيمٍ
سوائے	اللہ	بیشک	میں ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب	دکھ دینے والا دن

سوا کسی کی پرستش نہ کرو، بیشک میں تم پر ایک دکھ دینے والے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔

﴿٢٣﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَأَخْبَتُوا إِلَىٰ رَبِّهِمْ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ○

﴿٢٣﴾ بیشک جو لوگ ایمان لائے اور اچھے عمل کئے اور متوجہ ہوئے اپنے رب کی طرف اور ان کے دل مطمئن ہوئے یاد الٰہی سے وہی لوگ جنتی وہ ہمیشہ جنت میں رہیں گے۔

﴿٢٤﴾ مَثَلُ صِفَةِ الْفَرِيقَيْنِ الْكُفَّارِ وَالْمُؤْمِنِينَ كَالْأَعْمَىٰ وَالْأَصَمِّ هَٰذَا مَثَلُ الْكَافِرِ وَ

﴿٢٤﴾ مثال مسلمانوں اور کافروں کی اندھے اور بہرے اور بینا اور سننے والے کی سی ہے۔ اول مثال کافر کی اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ○

دوسری مثال مومن کی ہے کیا یہ ہر دو فرقے برابر ہو سکتے ہیں ہرگز نہیں پس یہ کافر کیا اب بھی نصیحت نہیں پکڑتے۔

فِيْهِ اِدْغَامُ التَّاءِ فِي الْاَصْلِ فِي الدَّال تَتَعَظُّرُوْنَ

(۲۵) وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۙ

(۲۵) اور بلاشبہ ہم نے نوح کو اسکی قوم کی طرف بھیجا اس نے ان سے کہا کہ بیشک میں تمکو ڈرانے والا ہوں ظاہر۔

اِنِّيْٓ اَيْ بِاَنِّيْ وَفِيْ قِرَاءَةٍ بِالْكَسْرِ عَلٰى حَذْفِ الْقَوْلِ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ○ بَيِّنُ الْاِنْذَارِ

(۲۶) اَنْ اَيْ بِاَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ اِنْ عَبَدْتُّمْ غَيْرَهٗ عَذَابَ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ○ مُؤْلِمٍ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

(۲۶) تم کو چاہیئے کہ سوا اللہ کے کسی کی بندگی نہ کرو بیشک مجھے ڈر ہے کہ اگر تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت کرو گے تو تم پر دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب آویگا۔

تشریح

(۲۳) جنت والے لوگ | اس کے برخلاف جو لوگ اللہ پر اس کے بھیجے ہوئے سچے رسولوں پر اور آخرت کے دن پر ایمان لائے انہوں نے صحیح طریقہ زندگی اختیار کیا اور ہر طرف سے کٹ کر صرف اپنے رب کے ہو کر رہے اور یکسوئی کے ساتھ رب کی وفاداری کا حق ادا کرتے رہے۔ ایسے لوگ جنت میں جائیں گے اور ہمیشہ ہمیشہ جنت میں رہیں گے۔

(۲۴) حق پرست اور باطل پرست کے طرز عمل اور انجام دونوں میں فرق ہے | حق پرست اور باطل پرست کی مثال ایسی ہے جیسے ایک اندھا اور بہرا اور دوسرا دیکھنے والا اور سننے والا کیا دونوں ایک جیسے ہو سکتے ہیں؟ اندھے اور بہرے کا طرز عمل تو یہ ہے کہ نہ وہ خود راستہ دیکھ سکتا ہے اور نہ کسی راستہ بتانے والے کی بات سنتا ہے۔ دوسرا وہ ہے جو خود بھی راستہ دیکھ رہا ہے اور کسی واقف کی ہدایت سے بھی فائدہ اٹھا رہا ہے۔ پہلا شخص یقیناً ٹھوکر کھائے گا اور بھٹکتا پھرے گا دوسرا شخص اپنی منزل پر صحیح سلامت پہنچ جائے گا۔ جب دونوں کا طرز عمل الگ الگ ہے تو دونوں کا انجام بھی ایک جیسا نہیں ہوگا۔ پہلا شخص کھلی آنکھوں سے اللہ کی نشانیوں کو دیکھتا ہے اور اللہ کے بھیجے ہوئے پیغمبروں کی بات سنتا ہے۔ دوسرا شخص نہ اپنی آنکھیں کھولتا ہے کہ اسے اللہ کی نشانیاں نظر آئیں اور نہ پیغمبروں کی بات ہی سنتا ہے پہلا شخص روشن ضمیر ہے بصیرت کی آنکھ سے حق و باطل میں فرق کرتا ہے بگوش ہوش اللہ کے ہادیوں کی باتیں سنتا ہے۔ دوسرا شخص مردہ ضمیر اندھا اور بہرا ہے کیسے ممکن ہے کہ دونوں کا طرز عمل زندگی میں ایک جیسا ہو جب طرز عمل اور راستوں میں فرق ہے تو انجام میں بھی یقیناً فرق ہوگا۔ آگے اسکی تائید میں حضرت نوح علیہ السلام کا واقعہ پیش کیا جا رہا ہے۔

(۲۵) حضرت نوح علیہ السلام کو خبردار کرنیکے لئے بھیجا گیا تھا | ایسے ہی حالات تھے قوم بے خبری میں پڑی ہوئی تھی طرح طرح کی گمراہیوں میں لوگ مبتلا تھے اللہ تعالیٰ نے حضرت نوحؑ کو اپنا پیغمبر مقرر کیا کہ وہ لوگوں کو صاف صاف خبردار کریں کہ ان کا طرز عمل کیا ہونا چاہیئے جو ان کو اللہ کے عذاب سے بچا سکے۔

(۲۶) حضرت نوحؑ کی دعوت | حضرت نوح نے لوگوں کو دعوت دی کہ وہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اپنی پوری زندگی میں اسی کے مطیع و فرمانبردار اور وفادار بنکر رہیں اللہ کی رضا کو اپنا مقصد زندگی بنائیں اگر تم نے ایسا نہ کیا اور اپنے طرز عمل کو درست نہ کیا تو مجھے اندیشہ ہے کہ تم پر ایک دن دردناک عذاب آئے گا۔

تمام پیغمبروں کی دعوت کی یکسانیت دیکھیئے کہ یہی الفاظ اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے ادا ہوئے جو اسی سورۂ ہود کی آیت نمبر ۲ میں ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا

فَقَالَ	الْمَلَاُ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	مِنْ قَوْمِهٖ	مَا نَرٰىكَ	اِلَّا	بَشَرًا مِّثْلَنَا
تو بولے	سردار	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	اسکی قوم کے	ہم تجھے نہیں دیکھتے	مگر	ایک آدمی ہمارے اپنے جیسا

تو اُس قوم کے وہ سردار جنھوں نے کفر کیا، بولے ہم تجھے نہیں دیکھتے مگر ہمارے اپنے جیسا ایک آدمی

وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّاْيِ ۚ

وَمَا نَرٰىكَ	اتَّبَعَكَ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	هُمْ	اَرَاذِلُنَا	بَادِيَ الرَّاْيِ
اور ہم نہیں دیکھتے تجھے	تیری پیروی کریں	سوائے	وہ لوگ جو	وہ	نیچ لوگ ہم میں	سرسری نظر سے

اور ہم نہیں دیکھتے کہ کسی نے تیری پیروی کی ہو انکے سوا جو ہم میں نیچ لوگ ہیں (وہ بھی) سرسری نظر سے بے سوچے سمجھے)

وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۲۷﴾

وَمَا	نَرٰى	لَكُمْ	عَلَيْنَا	مِنْ	فَضْلٍ	بَلْ	نَظُنُّكُمْ	كٰذِبِيْنَ
اور نہیں	ہم دیکھتے	تمہارے لئے	ہم پر	کوئی	فضیلت	بلکہ	ہم خیال کرتے ہیں تمہیں	جھوٹے

اور ہم نہیں دیکھتے تمہارے لئے اپنے اوپر کوئی فضیلت بلکہ ہم تمہیں جھوٹا خیال کرتے ہیں۔

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ

قَالَ	يٰقَوْمِ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	كُنْتُ	عَلٰى	بَيِّنَةٍ	مِّنْ رَّبِّيْ
اس نے کہا	اے میری قوم	تم دیکھو تو	اگر	میں ہوں	پر	واضح دلیل	اپنے رب سے

اس نے کہا اے میری قوم! دیکھو تو اگر میں واضح دلیل پر ہوں اپنے رب (کی طرف) سے

وَاٰتٰنِيْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ؕ

وَاٰتٰنِيْ	رَحْمَةً	مِّنْ + عِنْدِهٖ	فَعُمِّيَتْ	عَلَيْكُمْ
اور اس نے دی مجھے	رحمت	اپنے پاس سے	وہ دکھائی نہیں دیتی	تمہیں

اور اس نے مجھے اپنے پاس سے رحمت دی ہے وہ تمہیں دکھائی نہیں دیتی۔ تو کیا

اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾

اَنُلْزِمُكُمُوْهَا	وَاَنْتُمْ	لَهَا	كٰرِهُوْنَ
کیا وہ ہم تمہیں زبردستی منوائیں	اور تم	اس سے	بیزار ہو

ہم تمہیں وہ زبردستی منوائیں؟ اور تم اس سے بیزار ہو

﴿۲۷﴾ فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ وَهُوَ الْاَشْرَافُ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا

﴿۲۷﴾ پس نوح کی قوم کے سرکشوں اور رئیسوں نے کہا کہ ہم تجھکو اپنے مانند ایک آدمی جانتے ہیں اور تجھ کو ہم پر کوئی

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَا نَفْضُلُ لَكَ عَلَيْنَا وَمَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ
اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ اَرَاذِلُنَا اَسَافِلُنَا كَالْحَاكَةِ
وَالْاَسَاكِفَةِ بَادِيَ الرَّاْيِ بِالْهَمْزَةِ
وَتَرْكِهٖ اَيْ اِبْتِدَاءً مِنْ غَيْرِ تَفَكُّرٍ فِيْكَ وَ
نَصْبُهٗ عَلَى الظَّرْفِ اَيْ وَقْتَ حُدُوْثِ
اَوَّلِ رَاْيِهِمْ وَمَا نَرٰى لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ
فَضْلٍ فَتَسْتَتْبِعُوْنَ بِهِ الْاَتْبَاعَ مِنَّا بَلْ نَظُنُّكُمْ
كٰذِبِيْنَ ○ فِيْ دَعْوَى الرِّسَالَةِ اَوْ رَجُوْا قَوْمَهٗ
مَعَهٗ فِي الْخِطَابِ

بڑائی نہیں اور ہم دیکھ رہے ہیں کہ تمہارے پیرو ہم میں سے رذیل اور کمتر لوگ ہوئے جیسے جُلاہے اور موچی بے سوچے سمجھے کہ جو اول مرتبہ انکی سمجھ میں آگیا اسی کی پیروی کرلی غور اور فکر کچھ نہ کیا اور ہم تم کو اپنے اوپر بڑا اور بزرگ نہیں سمجھتے جس کے سبب تم اُس لائق ہو کہ تمہاری پیروی کی جائے بلکہ ہم تم کو دعوی پیغمبری میں جھوٹا سمجھتے ہیں۔ (کافروں نے یہاں نوح کو مع اسکی قوم کے خطاب کیا اس لیے صیغہ جمع کا لائے)

(۲۸) قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ
عَلٰى بَيِّنَةٍ بَيَانٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰنِيْ
رَحْمَةً نُبُوَّةً مِّنْ عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ خُفِيَتْ
عَلَيْكُمْ وَفِيْ قِرَاءَةٍ بِتَشْدِيْدِ الْمِيْمِ وَالْبِنَاءُ
لِلْمَفْعُوْلِ اَنُلْزِمُكُمُوْهَا اَنُجْبِرُكُمْ عَلٰى قَبُوْلِهَا
وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ○ لَا نَقْدِرُ عَلٰى ذٰلِكَ

(۲۸) نوح نے کہا اے میری قوم تم مجھے بتلاؤ اگر مجھ کو میرے رب کی طرف سے دلیل ظاہر عطا ہوئی اور مجھ کو اللہ نے اپنی رحمت سے پیغمبری عطا کی پھر یہ امر تم پر مخفی رہا اور تم نے اس کو نہ دیکھا تو کیا ہم تم کو اس کے ماننے پر مجبور کریں اور حال یہ کہ تم اس کو برا سمجھتے ہو۔ یہ ہم سے نہیں ہوسکتا۔

تشریح

(۲۷) رسول کامل سیرت کا انسان ہوتا ہے | اللہ تعالیٰ جس انسان کو اپنا پیغمبر منتخب کرتے ہیں وہ اپنی سیرت، عادت اور اخلاق کے اعتبار سے کامل درجہ کا انسان ہوتا ہے اس کا انسان کامل ہونا ہی اس کا امتیاز ہے۔ جب حضرت نوح علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے اپنا پیغمبر مقرر کیا اور انہوں نے اللہ کے دین کی دعوت دی تو قوم کے سرداروں نے جنھوں نے حضرت نوح ؑ کی بات ماننے سے انکار کردیا تھا سب سے بڑا اعتراض وہی کیا جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر مکہ کے لوگ کرتے تھے کہ تم تو ہم جیسے انسان ہو جو کھاتے پیتے ہو بازاروں میں چلتے پھرتے ہو ہم تو تم میں کوئی ایسی خاص بات نہیں دیکھتے جو ہم سے کچھ الگ ہو اور ہم یہ بھی دیکھ رہے ہیں کہ ہم میں سے جو غریب غربا ہیں وہی تمہارے پیروکار بنے ہوئے ہیں آخر تم ہم سے کس چیز میں بڑھے ہوئے ہو بلکہ ہم تو تمہیں جھوٹا سمجھتے ہیں تم نے ایک بات بنائی اور کچھ بیوقوفوں نے تمہاری ہاں میں ہاں ملا دی۔

(۲۸) حضرت نوح ؑ کا جواب | حضرت نوح ؑ نے جواب دیا کہ اے برادرانِ قوم بیشک ایک پیغمبر کو عام انسانوں سے ممتاز ہونا چاہیے لیکن وہ امتیاز مال و جاہ، ملک و حکومت اور دنیا کی ٹیپ ٹاپ میں نہیں ہے جس کو تم بڑی بات سمجھتے ہو اور اس سے انسانوں کو ناپتے ہو۔ بلکہ پیغمبروں کا یہ امتیاز اس چیز میں ہوتا ہے کہ وہ انفس و آفاق میں اللہ کی نشانیاں دیکھ کر اس حقیقت تک پہنچ جاتے ہیں کہ اس کائنات کو بنانے اور چلانے والا ایک ہی رب ہے اس حقیقت تک رسائی میں ان میں بہترین ملکات اعلیٰ اخلاق، تقویٰ پرہیزگاری، حق پرستی، دردمندی اور خداترسی پیدا ہو جاتی ہے پھر اللہ تعالیٰ ان کو رحمت وحی سے نوازتے ہیں وہ وحی الٰہی اور ربانی دلائل کی روشنی میں صاف راستے پر چلتے ہیں۔ اگر یہ چیزیں تم کو نظر نہیں آتیں اور تم دیکھ کر بھی نہیں دیکھ سکتے تو ہم کس طرح تمہیں مجبور کرکے تمہاری مرضی کے خلاف تم سے منوا سکتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَي

وَ يٰقَوْمِ	لَآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ	مَالًا	اِنْ	اَجْرِيَ	اِلَّا	عَلَي
اور اے میری قوم	میں نہیں مانگتا تم سے	اس پر	کچھ مال	نہیں	میرا اجر	مگر	پر

اور اے میری قوم میں تم سے اس پر کچھ مال نہیں مانگتا ، میرا اجر تو صرف اللہ پر

اللّٰهِ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ۭ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ

اللّٰهِ	وَمَآ	اَنَا	بِطَارِدِ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِنَّهُمْ	مُّلٰقُوْا	رَبِّهِمْ
اللہ	اور نہیں	میں	ہانکنے والا	وہ جو	ایمان لائے	بیشک وہ	ملنے والے	اپنا رب

ہے اور جو ایمان لائے ہیں میں انھیں ہانکنے والا (دور کرنے والا) نہیں بیشک وہ اپنے رب سے ملنے والے ہیں

وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۹﴾

وَ لٰكِنِّيْٓ	اَرٰىكُمْ	قَوْمًا	تَجْهَلُوْنَ
اور لیکن میں	دیکھتا ہوں تمہیں	ایک قوم	جہالت کرتے ہو

لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم ایک قوم ہو کہ جہالت کرتے ہو۔

﴿۲۹﴾ وَيٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ عَلٰي تَبْلِيْغِ الرِّسَالَةِ مَالًا تُعْطُوْنِيْهِ اِنْ مَا اَجْرِيَ ثَوَابِيْ اِلَّا عَلَي اللّٰهِ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا كَمَا اَمَرْتُمُوْنِيْ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ بِالْبَعْثِ فَيُجَازِيْهِمْ وَيَاْخُذُ لَهُمْ مِّنْ ظُلْمِهِمْ وَطَرْدِهِمْ وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ○ عَاقِبَةَ اَمْرِكُمْ

﴿۲۹﴾ اور اے میری قوم میں تم سے پیغام الٰہی پہنچانے پر مزدوری نہیں مانگتا کہ تم مجھ کو مال دو میرا ثواب صرف اللہ پر ہے اور میں ایمان والوں کو اپنے پاس سے دور نہیں کرسکتا جیسا کہ تم مجھ کو کہتے ہو۔ بیشک یہ مسلمان قیامت میں زندہ ہوکر اپنے رب سے ملیں گے سو وہ ان کو عوض ان کے کاموں کا عطا فرمائے گا اور جس نے ان پر ظلم کیا اور ان کو دور کیا اس سے بدلہ ان کا لے گا لیکن میں تم کو دیکھتا ہوں کہ تم ایسی قوم ہو کہ اپنے کاموں کے انجام کو نہیں سمجھتے

تشریح

﴿۲۹﴾ **میں تم سے کسی اجر کا طلب گار نہیں ہوں** حضرت نوح علیہ السلام نے اپنی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے فرمایا کہ اے برادرانِ قوم میں تم سے کوئی اجرت تو طلب نہیں کر رہا میں ایک مخلص اور بے غرض تمہارا ہمدرد ہوں اپنے کسی فائدے کے لئے نہیں تمہارے بھلے کیلئے تکلیفیں برداشت کر رہا ہوں مجھے تمہارے مال کی طلب نہیں ہے پھر ان حق پرست غریبوں کو چھوڑ کر مالداروں کی طرف کیوں جھکوں یہ لوگ جنھوں نے میری بات مانی ہے اور ایمان کی دولت سمیٹی ہے یہ جب اللہ کے حضور میں جائینگے تو ان کی قدر و قیمت معلوم ہو جائیگی اگر یہ قیمتی جواہرات ہیں تو میرے اور تمہارے پھینکنے سے پتھر نہیں ہو جائیں گے اور اگر یہ بے قیمت پتھر ہیں تو مالک کو اختیار ہے وہ جو چاہے معاملہ انکے ساتھ کرے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ تم لوگ بڑی نادانی کی باتیں کر رہے ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ ۭ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝۳۰

وَيٰقَوْمِ	مَنْ	يَّنْصُرُنِيْ	مِنَ	اللّٰهِ	اِنْ	طَرَدْتُّهُمْ	اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ
اور اے میری قوم	کون	بچائے گا مجھے	سے	اللہ	اگر	میں ہانک دوں انہیں	کیا تم غور نہیں کرتے

اور اے میری قوم! اگر میں انہیں ہانک دوں تو مجھے اللہ سے کون بچا لے گا؟ کیا تم غور نہیں کرتے

وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَاۗىِٕنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ

وَلَآ + اَقُوْلُ	لَكُمْ	عِنْدِيْ	خَزَاۗىِٕنُ	اللّٰهِ	وَلَآ	اَعْلَمُ	الْغَيْبَ	وَلَآ
اور میں نہیں کہتا	تم سے	میرے پاس	خزانے	اللہ	اور نہ	میں جانتا	غیب	اور نہیں

اور میں نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں غیب (کی باتیں) جانتا ہوں اور میں

اَقُوْلُ اِنِّىْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ

اَقُوْلُ	اِنِّىْ	مَلَكٌ	وَّلَآ	اَقُوْلُ	لِلَّذِيْنَ	تَزْدَرِيْٓ	اَعْيُنُكُمْ	لَنْ
میں کہتا	کہ میں	فرشتہ	اور نہیں	میں کہتا	ان لوگوں کو جنہیں	حقیر سمجھتی ہیں	تمہاری آنکھیں	ہرگز نہ

نہیں کہتا کہ میں فرشتہ ہوں، اور جن لوگوں کو تمہاری آنکھیں حقیر سمجھتی ہیں (تم حقیر سمجھتے ہو) میں نہیں کہتا

يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۚ اِنِّىْٓ اِذًا

يُّؤْتِيَهُمُ	اللّٰهُ	خَيْرًا	اَللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	اِنِّىْٓ	اِذًا
دے گا انہیں	اللہ	کوئی بھلائی	اللہ	خوب جانتا ہے	جو کچھ	ان کے دلوں میں	بیشک میں	اسوقت

اللہ انہیں ہرگز کوئی بھلائی نہ دے گا۔ جو کچھ ان کے دلوں میں ہے اللہ خوب جانتا ہے۔ (اگر ایسا کہوں تو) اسوقت البتہ میں

لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۳۱ قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا

لَمِنَ + الظّٰلِمِيْنَ	قَالُوْا	يٰنُوْحُ	قَدْ جٰدَلْتَنَا	فَاَكْثَرْتَ	جِدَالَنَا
البتہ ظالموں سے	وہ بولے	اے نوح	تو نے جھگڑا کیا ہم سے	سو بہت	ہم سے جھگڑا کیا

ظالموں سے ہوں گا۔ وہ بولے اے نوح ؑ تو نے ہم سے جھگڑا کیا سو ہم سے بہت جھگڑا کیا

فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۳۲

فَاْتِنَا	بِمَا	تَعِدُنَآ	اِنْ	كُنْتَ	مِنَ	الصّٰدِقِيْنَ	
پس لے آ	وہ جو	تو ہم سے وعدہ کرتا ہے	اگر	تو ہے	سے	سچے	

پس وہ (عذاب) لے آ جس کا تو ہم سے وعدہ کرتا ہے اگر تو سچا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۳۰) وَيٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ طَرَدْتُّهُمْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ○ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ وَّلَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ اللّٰهُ خَيْرًا ۭ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۚ اِنِّيْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ○

(۳۰) اور اے میری قوم اگر میں مسلمانوں کو دفع کردوں تو مجھ کو عذاب الٰہی سے کون بچا سکتا ہے یعنی اگر میں ایسا کروں تو کوئی میرا مددگار نہیں سو کیا تم اب بھی نصیحت قبول نہیں کرتے۔

(۳۱) اور میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں یہ کہوں کہ میں غیب داں ہوں اور نہ میں یہ کہوں کہ میں فرشتہ ہوں بلکہ میں تم جیسا ایک آدمی ہوں اور میں نہیں کہہ سکتا ان لوگوں کی نسبت جنکو تم نظر حقارت سے دیکھتے ہو کہ ان کو اللہ نے کوئی بھلائی نہیں دی اللہ زیادہ جانتا ہے جو ان کے دلوں میں ہے۔ اگر میں ایسا کہوں تو بلاشبہ میں ناانصافوں میں سے ہو جاؤں۔

(۳۲) قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ○ قَالَ

(۳۲) وہ بولے اے نوح تو نے ہم سے جھگڑا کیا سو بہت جھگڑا کیا پس لا تو ہمارے پاس وہ عذاب جس کا تو وعدہ کرتا ہے اگر تو سچا ہے اپنے دعوے میں۔

تشریح

(۳۰) مخلص بندوں کو میں کیسے دھتکار دوں | تمہارے تکبر غرور اور نادانی سے متاثر ہو کر میں ان حق پرست مخلص بندوں کو کیسے دھتکار دوں اور اگر میں ایسا کروں گا تو مجھے اللہ کی پکڑ سے کون بچائے گا کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے کہ اللہ کے یہاں قدر و قیمت خالص اور کھرے سونے کی ہے اور ہر چمکنے والی چیز سونا نہیں ہوتی۔

(۳۱) حضرت نوح نے کہا بیشک میں انسان ہوں مگر اللہ کا رسول ہوں | حضرت نوح علیہ السلام نے قوم کے اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے فرمایا میرا دعویٰ یہ ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں مجھے اللہ نے علم و عمل کا سیدھا راستہ دکھایا ہے اور مجھے مقرر کیا ہے کہ میں تمہیں بھی اس راستے کی طرف رہبری کروں میرے اس دعوے کی تم جس طرح چاہو جانچ پڑتال کر لو۔ میرا دعویٰ یہ نہیں ہے کہ اللہ نے خزانوں کی کنجیاں مجھے دیدی ہیں نہ میرا یہ دعویٰ ہے کہ میں غیب کا علم رکھتا ہوں۔ نہ میرا یہ دعویٰ ہے کہ میں فرشتہ ہوں۔

جو لوگ تمہاری نظر میں میرے ساتھی حقیر ہیں ان کے دلوں کا حال اللہ ہی جانتا ہے ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی بہترین نعمتوں سے بہرہ ور فرمادے اور ان کو دوسروں سے زیادہ عزت و شرف عطا فرمادے۔ آج تمہیں یہ لوگ شکستہ حال دکھائی دیتے ہیں اللہ تعالیٰ انہیں قابل رشک مرتبہ عطا فرمادے ان کے بارے میں اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔

(۳۲) بہت جھگڑ چکے اب عذاب لے آؤ | حضرت نوح علیہ السلام طوفان کے عذاب سے پہلے ساڑھے نو سو (۹۵۰) سال تک ان کے درمیان رہے ان کو اللہ کے دین کی دعوت دیتے رہے، ان کو نصیحت کرتے رہے اسی کش مکش میں صدیاں بیت گئیں نہ ماننے والوں نے مان کر نہیں دیا۔ جھگڑا کرنے والوں نے حضرت نوح سے کہا کہ بس اب یہ سلسلہ بند کیجئے جس عذاب کی دھمکی دیتے ہو اگر سچے ہو تو وہ لے آؤ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۳۳﴾ وَلَا

قَالَ	اِنَّمَا + يَاْتِيْكُمْ	بِهٖ	اللّٰهُ	اِنْ شَآءَ	وَمَآ + اَنْتُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ	وَلَا
اس نے کہا	صرف لائیگا تم پر	اسکو	اللہ	اگر چاہیگا وہ	اور تم نہیں	عاجز کر دینے والے	اور نہ

اس نے کہا تم پر لائیگا صرف اللہ اس (عذاب) کو اگر وہ چاہے گا اور تم عاجز کر دینے والے نہیں ہو اور میری نصیحت

يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ

يَنْفَعُكُمْ	نُصْحِيْٓ	اِنْ	اَرَدْتُّ	اَنْ + اَنْصَحَ	لَكُمْ	اِنْ	كَانَ	اللّٰهُ
نفع دیگی تمہیں	میری نصیحت	اگر	میں چاہوں	کہ میں نصیحت کروں	تمہیں	اگر (جبکہ)	ہے	اللہ

تمہیں نفع نہ دے گی اگر میں چاہوں کہ میں تمہیں نصیحت کروں جبکہ اللہ چاہے کہ

يُّرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ۭ هُوَ رَبُّكُمْ ۣ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۴﴾ ۧ

يُّرِيْدُ	اَنْ	يُّغْوِيَكُمْ	هُوَ	رَبُّكُمْ	وَاِلَيْهِ	تُرْجَعُوْنَ
چاہے	کہ	گمراہ کرے تمہیں	وہ	تمہارا رب	اور اسکی طرف	تم لوٹ کر جاؤ گے

تمہیں گمراہ کرے وہی تمہارا رب ہے اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے۔

﴿۳۳﴾ قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ تَجْيِلُهٗ لَكُمْ فَاِنَّ اَمْرَهٗٓ اِلَيْهِ لَا اِلَيَّ وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ○ بِفَائِتِيْنَ اللّٰهَ

﴿۳۳﴾ نوح نے کہا بات یہ ہے کہ یہ کام میرا نہیں اللہ کا کام ہے وہ اگر جلد عذاب بھیجنا چاہے گا تو تم پر عذاب پہنچے گا اور تم عذاب الٰہی سے بچ نہیں سکتے۔

﴿۳۴﴾ وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يُّغْوِيَكُمْ اَيْ اِغْوَاءُكُمْ وَجَوَابُ الشَّرْطِ دَلَّ عَلَيْهِ وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْ هُوَ رَبُّكُمْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ○

﴿۳۴﴾ اور تم کو میری نصیحت سے کچھ فائدہ نہ ہوگا اگر میں خیر خواہانہ تمکو نصیحت کروں جبکہ اللہ تم کو گمراہ کرنا چاہے۔ وہ تمہارا رب ہے اور اسی کی طرف تم کو جانا ہے۔

تشریح

﴿۳۳﴾ **عذاب دینا اللہ کے اختیار میں ہے** حضرت نوح ؑ نے جواب دیا کہ میرا کام تو صرف آگاہ کرنا ہے عذاب دینا نہ دینا یہ اللہ کے اختیار میں ہے جب اس کی مشیت ہوگی تو تم کہیں بھاگ کر پناہ بھی نہیں لے سکو گے اور ایسا کون ہے جو اللہ کو عاجز کر سکے اگر اللہ تعالیٰ عذاب لانا چاہیں تو تم میں اسے روکنے کی طاقت نہیں ہے۔

﴿۳۴﴾ **اگر تم بھٹکنا چاہو تو میری کوشش کارگر نہ ہو سکے گی** اگر تمہاری ہٹ دھرمی حق کو نہ ماننے کی ضد، شر پسندی اور خیر سے بے رغبتی دیکھ کر اللہ کے یہاں فیصلہ ہو چکا ہے کہ اب تمہیں راہ حق کی توفیق نہیں ملے گی تو اگر میں تمہاری کچھ خیر خواہی کرنا بھی چاہوں تو میری خیر خواہی تمہیں کوئی فائدہ نہیں دے سکتی وہی تمہارا رب ہے اور اس کا فیصلہ ہی آخری فیصلہ ہے سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَمْ يَقُولُونَ افْتَرٰىهُ ۖ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَعَلَيَّ إِجْرَامِي وَأَنَا بَرِيٓءٌ

أَمْ	يَقُولُونَ	افْتَرٰىهُ	قُلْ	إِنِ + افْتَرَيْتُهُ	فَعَلَيَّ	إِجْرَامِي	وَأَنَا	بَرِيٓءٌ
کیا	وہ کہتے ہیں	بنالایا ہے اسکو	کہدیں	اگر میں نے اسے بنالیا ہے	تو مجھ پر	میرا گناہ	اور میں	بری

کیا وہ کہتے ہیں اس (قرآن) کو بنالایا ہے؟ آپ کہدیں اگر میں نے اس کو بنا لیا ہے تو مجھ پر ہے میرا گناہ، اور میں بری ہوں

ع ۳ ۱۱ ۳

مِمَّا تُجْرِمُونَ ﴿۳۵﴾ وَأُوحِيَ إِلَىٰ نُوحٍ أَنَّهُ لَن يُؤْمِنَ مِن قَوْمِكَ

مِمَّا	تُجْرِمُونَ	وَ أُوحِيَ	إِلَىٰ	نُوحٍ	أَنَّهُ	لَن يُؤْمِنَ	مِن	قَوْمِكَ
اس سے جو	تم گناہ کرتے ہو	اور وحی بھیجی گئی	طرف	نوح	کہ وہ	ہرگز ایمان نہ لائے گا	سے	تیری قوم

اس سے جو تم گناہ کرتے ہو۔ اور نوح ؑ کی طرف وحی کی گئی کہ تیری قوم سے (اب) ہرگز کوئی ایمان نہ لائے گا۔

إِلَّا مَن قَدْ آمَنَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ﴿۳۶﴾ وَاصْنَعِ

إِلَّا	مَن	قَدْ + آمَنَ	فَلَا تَبْتَئِسْ	بِمَا	كَانُوا + يَفْعَلُونَ	وَاصْنَعِ
سوائے	جو	ایمان لاچکا	پس تو غمگین نہ ہو	اس پر جو	وہ کرتے ہیں	اور تو بنا

سوائے اس کے جو ایمان لاچکا پس اس پر غمگین نہ ہو جو وہ کرتے ہیں۔ اور تو ہمارے

الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ

الْفُلْكَ	بِأَعْيُنِنَا	وَوَحْيِنَا	وَلَا	تُخَاطِبْنِي	فِي	الَّذِينَ
کشتی	ہمارے سامنے	اور ہمارے حکم سے	اور نہ	بات کر مجھ سے	میں	جن لوگوں

سامنے کشتی بنا اور ہمارے حکم سے اور ظالموں کے حق میں مجھ سے بات

ظَلَمُوا ۚ إِنَّهُم مُّغْرَقُونَ ﴿۳۷﴾

ظَلَمُوا	إِنَّهُمْ	مُّغْرَقُونَ
ظلم کیا (ظالم)	بیشک وہ	ڈوبنے والے

نہ کر، بیشک وہ ڈوبنے والے ہیں۔

(۳۵) قَالَ تَعَالٰى أَمْ بَلْ يَقُولُونَ أَيْ كُفَّارُ مَكَّةَ افْتَرٰىهُ اخْتَلَقَ مُحَمَّدٌ الْقُرْآنَ قُلْ إِنِ افْتَرَيْتُهُ فَعَلَيَّ إِجْرَامِي أَيْ عُقُوبَتُهُ وَأَنَا بَرِيٓءٌ مِمَّا تُجْرِمُونَ ○ مِنْ إِجْرَامِكُمْ فِي نِسْبَةِ الِافْتِرَاءِ إِلَيَّ۔

(۳۵) فرمایا حق تعالےٰ نے بلکہ کفار مکہ کہتے ہیں کہ محمد نے قرآن اپنے جی سے بنالیا۔ کہدو اگر میں نے قرآن کو بنایا ہے تو اس کا عذاب مجھ کو ہوگا اور میں بیزار ہوں تمہارے جرم اور گناہوں سے جو تم میری طرف نسبت اور افترار کی نسبت کرتے ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۳۶) وَاُوْحِیَ اِلٰی نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ یُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا یَفْعَلُوْنَ ۚ (۳۶) اور وحی بھیجی گئی نوح کی طرف کہ بے شک بات یہ ہے کہ ہرگز ایمان نہ لاوے گا کوئی تیری قوم میں سے مگر جو ایمان لا چکے وہی رہیں گے نیا کوئی شخص ایمان نہ لاوے گا پس غمگین ہو تو انکی شرکت سے جو وہ کرتے ہیں پس نوح نے ان پر بددعا کی کہا اے

(۳۷) وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْیُنِنَا وَوَحْیِنَا وَلَا تُخَاطِبْنِیْ فِی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ۚ (۳۷) اور بنالو ایک کشتی ہمارے حکم سے ہمارے سامنے اور ہم اس کے نگہبان ہیں اور ظالموں کی نجات کے بارے میں مجھ سے کچھ نہ کہہ بیشک وہ سب ڈبوئے جائیں گے۔

تشریح

(۳۵) اگر حضرت نوح کا قصہ میں نے گھڑا ہے تو اس کا ذمہ دار میں ہوں مگر تمہارا جرم اپنی جگہ ہے۔

قرآن مجید نے گذشتہ پیغمبروں کے واقعات درس عبرت کے طور پر نقل کئے ہیں۔ قرآن مجید کے بیان کردہ حضرت نوحؑ کے واقعے کو مکہ کے وہ لوگ جو ایمان نہیں لائے تھے سُن کر تلملا اُٹھے کیونکہ اس واقعے میں ان کے ہر اعتراض کا جواب تھا وہ کہتے تھے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ایک انسان ہیں وہ پیغمبر کیسے ہوسکتے ہیں وہ عام انسانوں کی طرح کھاتے ہیں، بازاروں میں چلتے پھرتے ہیں، ان کے پاس مال و دولت نہیں ہے۔ غریب غربا ان پر ایمان لانے والے لوگ ہیں۔ غرض جو جو اعتراض وہ کرتے تھے حضرت نوح کے واقعے میں اس کا جواب موجود ہے اور پھر آخر میں یہ تنبیہ کہ جب قوم نوح نے مان کر نہیں دیا تو اس کا انجام کیا ہوا۔ حضرت نوح کے اس واقعے کو سنکر ایمان نہ لانے والے لوگ کہتے تھے کہ اس شخص نے یہ سب کچھ گھڑ لیا ہے اور ہم پر چسپاں کرنے کے لئے یہ قصے بنا بنا کر پیش کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جواب دیا اے پیغمبر ان سے کہو کہ اگر میں نے یہ خود گھڑا ہے تو اپنے جرم کی ذمہ داری میرے اوپر ہے تم اسکے ذمہ دار نہیں ہو مگر جو جرم تم کر رہے ہو سچائی کو جھٹلانا، اللہ کے کلام کی تکذیب کرنا، اللہ کے سچے رسول کو نہ ماننا، آخرت کا انکار کرنا ان سارے جرائم کی ذمہ داری تمہارے اوپر ہے، میں ان سے بری ہوں اس جرم میں تم پکڑے جاؤ گے نہ کہ میں۔

(۳۶) قوم نوح کو جتنی مہلت دینی تھی دی جا چکی

اللہ تعالیٰ کا دستور یہ ہے کہ جب وہ کسی قوم کی رہبری کے لئے اپنے پیغمبر کو بھیجتا ہے تو جب تک یہ امید رہتی ہے کہ اس قوم میں سے کچھ بھلے آدمی آگے بڑھ کر حق کو قبول کرلیں گے اس وقت تک تمام نافرمانیوں کے باوجود مہلت ملتی رہتی ہے اور جب اس قوم کے اچھے لوگ جتنے آنے تھے آ چکے ہوتے ہیں اور صرف فاسد عناصر کا مجموعہ ہی باقی رہ جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس قوم کو پھر مہلت نہیں دیتا۔ اس کی رحمت کا تقاضا یہی ہوتا ہے کہ سڑے ہوئے پھلوں کو نکال کر پھینک دیا جائے تاکہ وہ اچھے پھلوں کو خراب نہ کریں ایسے لوگوں پر رحم کھانا ساری دنیا کے ساتھ اور آنے والی نسلوں کے ساتھ بے رحمی ہے چنانچہ قوم نوح کی زیادتیاں جب حد سے گذر گئیں اور گنے چنے لوگ جنھیں حق قبول کرنا تھا قبول کر چکے تو حضرت نوح نے اللہ تعالیٰ سے درخواست کی رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پروردگار میں مغلوب وضعیف ہوں آپ ان سے بدلہ لیجئے۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ تم اپنی قوم کے کرتوتوں پر غم کھانا چھوڑ دو، عنقریب ان سب کی شرارتوں کا خاتمہ کر دیا جائے گا۔

(۳۷) حضرت نوح کو کشتی بنانے کا حکم

اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح کو حکم دیا کہ تم ایسا کرو کہ ہماری نگرانی میں ہمارے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق ایک کشتی بنانی شروع کردو عنقریب پانی کا ایک سخت طوفان آئے گا اور یہ سب کے سب اس میں غرق کر دئے جائیں گے۔ اب یہ فیصلہ نافذ ہو کر رہے گا کسی ظالم کی سفارش کے لئے ہم سے کوئی بات نہ کریں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۖ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ مِّن قَوْمِهِ

وَيَصْنَعُ	الْفُلْكَ	وَ	كُلَّمَا	مَرَّ	عَلَيْهِ	مَلَأٌ	مِّن	قَوْمِهِ
اور وہ بناتا تھا	کشتی	اور	جب بھی	گذرتے	اس پر	سردار	سے (کے)	اسکی قوم

اور وہ (نوحؑ) کشتی بناتا تھا اور جب بھی اس کی قوم کے سردار اس (کے پاس) سے گذرتے تو وہ

سَخِرُوا مِنْهُ ۚ قَالَ إِن تَسْخَرُوا مِنَّا فَإِنَّا نَسْخَرُ

سَخِرُوا	مِنْهُ	قَالَ	إِن	تَسْخَرُوا	مِنَّا	فَإِنَّا	نَسْخَرُ
وہ ہنستے	اس سے (پر)	اس نے کہا	اگر	تم ہنستے ہو	ہم سے (پر)	تو بیشک ہم	ہنسیں گے

اس پر ہنستے، اس (نوحؑ) نے کہا اگر تم ہم پر ہنستے ہو تو بیشک ہم (بھی) تم پر

مِنكُمْ كَمَا تَسْخَرُونَ ﴿٣٨﴾

مِنكُمْ	كَمَا	تَسْخَرُونَ
تم سے (پر)	جیسے	تم ہنستے ہو۔

ہنسیں گے جیسے تم ہنستے ہو۔

﴿٣٨﴾ وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ حِكَايَةُ حَالٍ مَاضِيَةٍ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ مَلَأٌ جَمَاعَةٌ مِّن قَوْمِهِ سَخِرُوا مِنْهُ مُسْتَهْزِءُوا بِهِ قَالَ إِن تَسْخَرُوا مِنَّا فَإِنَّا نَسْخَرُ مِنكُمْ كَمَا تَسْخَرُونَ ۝ إِذَا نَجَوْنَا وَغَرِقْتُمْ

﴿٣٨﴾ اور نوح کشتی بناتے تھے اور جب کوئی جماعت اسکی قوم سے اس کے پاس گذرتی تو نوح کے ساتھ ہنسی اور مذاق کرتی۔ نوح نے کہا اگر تم اب میرے ساتھ ٹھٹھا کرتے ہو پس بلاشبہ ہم تمہارے ساتھ ٹھٹھا کریں گے جیسا تم کرتے ہو جبکہ ہم نجات پا دیں گے اور تم ڈبو دیے گے۔

تشریح

﴿٣٨﴾ قوم نوح کے لوگ کشتی بنانے پر ہنستے تھے | حضرت نوح ؑ نے کشتی بنانی شروع کردی۔ قوم کے سرداروں میں سے جب کوئی اس کے پاس سے گذرتا تھا تو وہ اس کا مذاق اڑاتا تھا۔ ایسا ہی ہوتا ہے دنیا کے ظاہر کے لحاظ سے عقل و فہم اور بے عقلی کا جو معیار قائم کیا جاتا ہے وہ علم حقیقت کے معیار سے بالکل مختلف ہوتا ہے۔ ظاہر کو دیکھنے والی آنکھیں جس چیز کو دانشمندی سمجھتی ہیں وہ حقیقت کو دیکھنے والے آدمی کی نگاہ میں بے وقوفی ہوتی ہے۔ اور صرف ظاہر کو دیکھنے والے انسان کی نظر میں جو چیز بے کار ہوتی ہے حقیقت شناس کے لئے وہی کمالِ دانش ہے۔ ایک دنیا دار کی نظر میں دنیا کی ظاہری چمک دمک اور اس کا فائدہ ہی سب کچھ ہے لیکن حقیقت پر نظر رکھنے والے کے نزدیک آخرت کا فائدہ ہی سب کچھ ہے قوم نوح کے سرداروں کی نظر ظاہر پر تھی حضرت نوح کی حقیقت پر۔ حضرت نوح نے کہا آج تم ہم پر ہنستے ہو تو کل ہم بھی تم پر ہنسیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ

فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	مَنْ يَّاْتِيْهِ	عَذَابٌ	يُّخْزِيْهِ	وَيَحِلُّ	عَلَيْهِ	عَذَابٌ
سو عنقریب	تم جان لوگے	کس پر آتا ہے	ایسا عذاب	اسکو رُسوا کرے	اور اُترتا ہے	اس پر	عذاب

سو عنقریب تم جان لوگے کس پر ایسا عذاب آتا ہے جو اس کو رُسوا کرے اور اُترتا ہے اس پر

مُّقِيْمٌ ﴿۳۹﴾ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ

مُّقِيْمٌ	حَتّٰٓى	اِذَا	جَآءَ	اَمْرُنَا	وَفَارَ	التَّنُّوْرُ	قُلْنَا	احْمِلْ
دائمی	یہانتک کہ	جب	آیا	ہمارا حکم	اور جوش مارا	تنور	ہم نے کہا	چڑھالے

دائمی عذاب ۔ یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آ یا اور تنور نے جوش مارا (ابل پڑا) ہم نے کہا اس (کشتی) میں

فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا

فِيْهَا	مِنْ	كُلٍّ	زَوْجَيْنِ	اثْنَيْنِ	وَ اَهْلَكَ	اِلَّا
اسمیں	سے	ہرایک	جوڑا	دو (نر و مادہ)	اور اپنے گھر والے	مگر

چڑھالے ہر ایک کا جوڑا، نر اور مادہ ۔ اور اپنے گھر والے، مگر جس پر

مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ ؕ وَمَآ

مَنْ	سَبَقَ	عَلَيْهِ	الْقَوْلُ	وَ	مَنْ	اٰمَنَ	وَمَآ
جو	ہو چکا	اس پر	حکم	اور	جو	ایمان لایا	اور نہ

(غرقابی کا) حکم ہو چکا ہے ۔ اور جو ایمان لایا (اسے بھی سوار کرلے) اور اس پر

اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۴۰﴾

اٰمَنَ	مَعَهٗٓ	اِلَّا	قَلِيْلٌ
ایمان لائے	اس پر	مگر	تھوڑے

ایمان نہ لائے تھے مگر تھوڑے

﴿۳۹﴾ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ مَّوْصُوْلَةٌ مَفْعُوْلُ الْعِلْمِ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ يَنْزِلُ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ○ دَائِمٌ

﴿۴۰﴾ حَتّٰٓى غَايَةٌ لِلصُّنْعِ اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا

﴿۳۹﴾ سو عنقریب تم جان لوگے اس کو جس پر عذاب رسوائی کا آویگا اور ہمیشہ کی مصیبت اس پر پڑے گی۔

﴿۴۰﴾ نوح کشتی بناتا تھا یہاں تک کہ جب ہمارا حکم اسکی قوم کے ہلاک

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِاِهْلَاكِهِمْ وَفَارَ التَّنُّوْرُ لِلْخَبَّازِ بِالْمَاءِ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَامَةً لِنُوْحٍ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا فِي السَّفِيْنَةِ مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اَيْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى اَيْ مِنْ كُلِّ اَنْوَاعِهِمَا اثْنَيْنِ ذَكَرًا وَّاُنْثٰى وَهُوَ مَفْعُوْلٌ وَفِي الْقِصَّةِ اَنَّ اللّٰهَ حَشَرَ لِنُوْحٍ اَلسِّبَاعَ وَالْكَثِيْرَ وَغَيْرَهُمَا فَجَعَلَ يَضْرِبُ بِيَدَيْهِ فِيْ كُلِّ نَوْعٍ فَتَقَعُ يَدُهُ الْيُمْنٰى عَلَى الذَّكَرِ وَالْيُسْرٰى عَلَى الْاُنْثٰى فَيَحْمِلُهُمَا فِي السَّفِيْنَةِ وَاَهْلَكَ اَيْ زَوْجَتَهٗ وَاَوْلَادَهٗ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ اَيْ مِنْهُمْ بِالْاِهْلَاكِ وَهُوَ زَوْجَتُهٗ وَوَلَدُهٗ كِنْعَانُ بِخِلَافِ سَامٍ وَحَامٍ وَيَافِثَ فَحَمَلَهُمْ وَزَوْجَاتِهِمْ ثَلٰثَةً وَمَنْ اٰمَنَ وَمَآ اٰمَنَ مَعَهٗ اِلَّا قَلِيْلٌ ○ قِيْلَ كَانُوْا سِتَّةً رِجَالٍ وَنِسَاءُهُمْ وَقِيْلَ جَمِيْعُ مَنْ كَانَ فِي السَّفِيْنَةِ ثَمَانُوْنَ نِصْفُهُمْ رِجَالٌ وَنِصْفُهُمْ نِسَاءٌ

کر دینے کے لئے آگیا اور نان بائی کا تنور ساتھ پانی کے جوش مارنے لگا (اور یہ نشان طوفان کے آنے کا نوح کو بتلایا گیا تھا ہم نے نوح سے کہا کہ اس کشتی میں جانداروں کی ہر قسم سے ایک جوڑا نر اور مادہ رکھ لے (اور قصہ میں ہے کہ بیشک اللہ نے نوح کے پاس سب درندا اور پرند وغیرہ کو جمع کر دیا پس نوح اپنے دونوں ہاتھ ہر ایک قسم پر مارتا تھا سو اس کے داہنے ہاتھ میں نر اور بائیں ہاتھ میں مادہ آتی تھی پس وہ انکو کشتی میں ڈال دیتا تھا اور اپنے گھر والوں یعنی بیویوں اور اولاد کو بھی کشتی میں سوار کر مگر اس کو جس کے لئے حکم ہلاک کرنے کا ہو چکا وہ نوح کی بیوی واعلہ اور نوح کا بیٹا کنعان تھا کہ ان کو سوار نہیں کیا بخلاف سام، حام اور یافث کے اور انکی تینوں بیویوں کے کہ انکو کشتی میں سوار کیا۔

اور سوار کران کو جو ایمان لائے اور نہ ایمان لائے تھے نوح پر مگر چند آدمی۔ بعض نے کہا وہ چھ مرد اور انکی بیویاں تھیں اور کہا گیا کہ کل کشتی میں اسی آدمی تھے آدھے مرد اور آدھی عورتیں۔

تشریح

(۳۹) بس اب عذاب آنے ہی والا ہے | اب زیادہ دیر نہیں ہے تمہیں خود ہی معلوم ہو جائے گا کہ وہ عذاب کس پر آتا ہے جو رسوا کر کے رکھ دے گا اور کس پر وہ بلا ٹوٹتی ہے جو ٹالے نہ ٹلے گی۔

(۴۰) طوفان آپہونچا | اللہ کے حکم کے مطابق کشتی تیار ہو گئی ادھر بارش کے طوفان کی علامت تنور سے پانی کا اُبلنا ظاہر ہونے لگی تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ہر قسم کے جانوروں کا جوڑا جن کی ضرورت ہے اور جن کی نسل باقی رہنی ہے ان کا ایک ایک جوڑا کشتی میں رکھ لو۔ اپنے گھر والوں میں سے جن کی نشاندہی پہلے ہی کی جا چکی ہے یعنی تمہارا بیٹا یام (لقب کنعان) اور تمہاری بیوی واعلہ ان کو چھوڑ کر سارے گھر والوں کو کشتی میں سوار کرادو اور ان لوگوں کو بھی بٹھا لو جو ایمان لا چکے ہیں اور یہ ایمان لانے والے لوگ تھوڑے ہی تھے یعنی تقریباً اسی افراد۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ

وَقَالَ	ارْكَبُوْا	فِيْهَا	بِسْمِ اللّٰهِ	مَجْرٖىهَا	وَمُرْسٰىهَا	اِنَّ	رَبِّيْ	لَغَفُوْرٌ
اور اس نے کہا	سوار ہو جاؤ	اس میں	اللہ کے نام سے	اس کا چلنا	اور اس کا ٹھہرنا	بیشک	میرا رب	البتہ بخشنے والا

اور اس نے کہا اس میں سوار ہو جاؤ، اللہ کے نام سے ہے اس کا چلنا اور اس کا ٹھہرنا بیشک البتہ میرا رب بخشنے والا،

رَّحِيْمٌ ﴿۴۱﴾ وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ۡ وَنَادٰى نُوْحُ

رَّحِيْمٌ	وَهِيَ	تَجْرِيْ	بِهِمْ	فِيْ + مَوْجٍ	كَالْجِبَالِ	وَنَادٰى	نُوْحُ
نہایت مہربان	اور وہ	چلی	انکو لے کر	لہروں میں	پہاڑ جیسی	اور پکارا	نوح ؑ

نہایت مہربان ہے اور وہ (کشتی) ان کو لیکر پہاڑ جیسی لہروں میں چلی اور نوح ؑ نے اپنے بیٹے کو

ابْنَهٗ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۲﴾

ابْنَهٗ	وَكَانَ	فِيْ	مَعْزِلٍ	يّٰبُنَيَّ	ارْكَبْ	مَّعَنَا	وَلَا تَكُنْ	مَّعَ	الْكٰفِرِيْنَ
اپنا بیٹا	اور تھا	میں	کنارے	اے میرے بیٹے	سوار ہو جا	ہمارے ساتھ	اور نہ رہو	ساتھ	کافروں

پکارا اور وہ (اس سے) کنارے پر تھا، اے میرے بیٹے ہمارے ساتھ سوار ہو جا اور کافروں کے ساتھ نہ رہو

﴿۴۱﴾ وَقَالَ نُوْحُ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا بِفَتْحِ الْمِيْمَيْنِ وَضَمِّهِمَا مَصْدَرَانِ اَيْ جَرْيُهَا وَرُسُوُّهَا اَيْ مُنْتَهٰى سَيْرِهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ حَيْثُ لَمْ يُهْلِكْنَا

﴿۴۲﴾ وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ فِي الْاِرْتِفَاعِ وَالْعِظَمِ وَنَادٰى نُوْحُ ابْنَهٗ كِنْعَانَ وَكَانَ فِيْ مَعْزِلٍ عَنِ السَّفِيْنَةِ يٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَلَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ○

﴿۴۱﴾ اور نوح نے کہا سوار ہو جاؤ تم سب کشتی میں اللہ کے نام پر ہے چلنا اس کا اور ٹھہرنا اس کا بے شک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے کہ ہم کو ہلاک نہ کیا۔

﴿۴۲﴾ اور وہ کشتی ان کو لے کر چلتی تھی ایسی موجوں میں جو مثل پہاڑوں کے بلند اور اونچی تھیں۔ اور نوح نے اپنے بیٹے کنعان کو پکارا اور تھا وہ کشتی سے علیحدہ کہ اے میرے بیٹے ہمارے ساتھ سوار ہو جا اور نہ ہو تو کافروں کیساتھ۔

تشریح

۱) اللہ کا نام لیکر کشتی میں سوار ہو جاؤ | حضرت نوح ؑ نے ساتھیوں سے فرمایا بنام خدا کشتی پر سوار ہو جاؤ کچھ فکر مت کرو اس کا چلنا اور ٹھہرنا سب اللہ کے حکم اور اس کے نام کی برکت سے ہے۔ مومن کی شان یہی ہے کہ وہ فطرت کے قانون کے مطابق ساری تدبیریں اختیار کرتا ہے مگر بھروسہ اسباب پر نہیں بلکہ مسبب الاسباب پر کرتا ہے کہ اس کی کوئی تدبیر نہ ٹھیک شروع ہو سکتی ہے نہ چل سکتی ہے اور نہ مطلوب تک پہنچ سکتی ہے جب تک اللہ کا فضل اور اس کا کرم شامل حال نہ ہو اور وہ بہت معاف کرنے والا اور بڑا مہربان ہے۔

﴿۴۲﴾ حضرت نوح ؑ کی اپنے بیٹے کو نصیحت | حضرت نوح ؑ کی بنائی ہوئی کشتی پہاڑ جیسی موجوں کو چیرتی ہوئی چلی جا رہی تھی دور فاصلے پر حضرت نوح نے اپنے بیٹے یام (کنعان) کو موجوں میں گھرا ہوا دیکھا حضرت نوح نے پکار کر کہا بیٹے ہمارے ساتھ کشتی میں سوار ہو جاؤ منکرین حق کے ساتھ مت رہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ سَاٰوِیْٓ اِلٰی جَبَلٍ یَّعْصِمُنِیْ مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ

قَالَ	سَاٰوِیْ	اِلٰی	جَبَلٍ	یَّعْصِمُنِیْ	مِنَ	الْمَآءِ	قَالَ	لَا عَاصِمَ
اس نے کہا	میں جلد پناہ لے لیتا ہوں	طرف	کسی پہاڑ	وہ بچالے گا مجھے	سے	پانی	اس نے کہا	کوئی بچانیوالا نہیں

اس نے کہا میں کسی پہاڑ کی طرف جلدی پناہ لے لیتا ہوں، وہ مجھے پانی سے بچالے گا اس نے کہا آج کوئی بچانے

الْیَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَیْنَهُمَا الْمَوْجُ

الْیَوْمَ	مِنْ	اَمْرِ اللّٰهِ	اِلَّا	مَنْ رَّحِمَ	وَحَالَ	بَیْنَهُمَا	الْمَوْجُ
آج	سے	اللہ کا حکم	سوائے	جس پر وہ رحم کرے	اور آ گئی	انکے درمیان	موج

والا نہیں اللہ کے حکم سے، سوائے اس کے جس پر وہ رحم کرے اور ان کے درمیان موج آ گئی (حائل ہوگئی) تو

فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِیْنَ ﴿۴۳﴾

فَكَانَ	مِنَ	الْمُغْرَقِیْنَ
تو وہ ہوگیا	سے	ڈوبنے والا

وہ بھی ڈوبنے والوں میں (شامل) ہوگیا۔

﴿۴۳﴾ قَالَ سَاٰوِیْٓ اِلٰی جَبَلٍ یَّعْصِمُنِیْ مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ الْیَوْمَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَحَالَ بَیْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ الْمُغْرَقِیْنَ ○

﴿۴۳﴾ وہ بولا عنقریب میں کسی پہاڑ پر ٹھکانا پکڑوں گا جو مجھ کو پانی سے بچالے نوح نے کہا آج اللہ کے عذاب سے کوئی بچا نہیں سکتا لیکن جس پر اللہ رحم فرماوے وہی بچ سکتا ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا، اور ان دونوں کے درمیان میں حائل ہوگئی موج سو ہوگیا کنعان ڈوبا یا گیا۔

تشریح

﴿۴۳﴾ پسر نوح کا جواب | حضرت نوح کے بیٹے یام (کنعان) نے جواب دیا میں ابھی ایک پہاڑ پر چڑھ جاتا ہوں جو مجھے پانی سے بچالے گا وہ یہ سمجھ رہا تھا کہ یہ معمولی سیلاب ہے، کسی اونچے پہاڑ پر چڑھ کر جان بچ جائے گی۔ حضرت نوح نے کہا یہ معمولی سیلاب نہیں ہے، عذاب الٰہی کا طوفان ہے پہاڑ کیا آج کوئی چیز اللہ کے حکم سے بچانے والی نہیں ہے اِلّا یہ کہ اللہ ہی کسی پر رحم فرمائے۔ ابھی یہ بات ہو ہی رہی تھی کہ پانی کی ایک موج آئی اور حضرت نوح کے بیٹے کو بہا کر لے گئی اور وہ بھی ڈوبنے والوں میں شامل ہوگیا۔ اللہ کے یہاں ایمان کا رشتہ کام آتا ہے نسب کا تعلق نہیں۔

پسر نوح با بداں بہ نشست ؛ خاندانِ نبوتش گم شد

(حضرت نوح ؑ کا بیٹا بری صحبت میں بیٹھا، خاندانِ نبوت سے اس کا تعلق ختم ہوگیا)

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَ

وَقِيْلَ	يٰٓاَرْضُ	ابْلَعِيْ	مَآءَكِ	وَيٰسَمَآءُ	اَقْلِعِيْ	وَغِيْضَ	الْمَآءُ وَ
اور کہا گیا	اے زمین	نگل لے	اپنا پانی	اور اے آسمان	تھم جا	اور خشک کر دیا گیا	پانی اور

اور کہا گیا اے زمین اپنا پانی نگل لے اور اے آسمان تھم جا اور پانی کو خشک کر دیا گیا اور

قُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ

قُضِيَ	الْاَمْرُ	وَاسْتَوَتْ	عَلَى	الْجُوْدِيِّ	وَقِيْلَ	بُعْدًا	لِّلْقَوْمِ
پورا ہو چکا (تمام ہو گیا)	کام	اور جا لگی	پر	جودی پہاڑ	اور کہا گیا	دُوری	لوگوں کے لئے

تمام ہو گیا کام اور (کشتی) جا لگی جودی پہاڑ پر اور کہا دوری (لعنت) ہو ظالم لوگوں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ

الظّٰلِمِيْنَ	وَ	نَادٰى	نُوْحٌ	رَّبَّهٗ	فَقَالَ	رَبِّ	اِنَّ ابْنِيْ
ظالم (جمع)	اور	پکارا	نوح	اپنا رب	پس اس نے کہا	اے میرے رب	بیشک میرا بیٹا

کے لئے اور پکارا نوح ؑ نے اپنے رب کو، پس اس نے کہا اے میرے رب! بیشک میرا بیٹا

مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۴۵﴾

مِنْ اَهْلِيْ	وَاِنَّ	وَعْدَكَ	الْحَقُّ	وَاَنْتَ	اَحْكَمُ	الْحٰكِمِيْنَ
میرے گھر والوں میں سے	اور بیشک	تیرا وعدہ	سچا	اور تو	سب سے بڑا حاکم	حاکم (جمع)

میرے گھر والوں میں سے ہے اور بیشک تیرا وعدہ سچا ہے اور تو حاکموں میں سب سے بڑا حاکم ہے

قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۖ فَلَا

قَالَ	يٰنُوْحُ	اِنَّهٗ	لَيْسَ	مِنْ	اَهْلِكَ	اِنَّهٗ	عَمَلٌ	غَيْرُ صَالِحٍ	فَلَا
اس نے فرمایا	اے نوح ؑ	بیشک وہ	نہیں	سے	تیرے گھر والے	بیشک وہ	عمل	ناشائستہ	سو نہ

اس نے فرمایا اے نوح ؑ! بیشک وہ تیرے گھر والوں میں سے نہیں، بیشک اس کے عمل ناشائستہ ہیں۔ سو مجھ سے

تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنِّيْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ

تَسْـَٔلْنِ	مَا لَيْسَ	لَكَ	بِهٖ	عِلْمٌ	اِنِّيْٓ اَعِظُكَ	اَنْ	تَكُوْنَ	مِنَ
مجھ سے سوال کر	ایسی بات کہ نہیں	تجھ کو	اس کا	علم	بیشک میں نصیحت کرتا ہوں تجھے	کہ	تو ہو جائے	سے

ایسی بات کا سوال نہ کر جس کا تجھے علم نہیں، بیشک میں تجھے نصیحت کرتا ہوں کہ تو نادانوں میں سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْجٰهِلِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ

الْجٰهِلِيْنَ	قَالَ	رَبِّ	اِنِّيْٓ + اَعُوْذُ	بِكَ	اَنْ	اَسْـَٔلَكَ	مَا لَيْسَ	لِيْ	بِهٖ
نادان (جمع)	اس نے کہا	اے میرے رب	میں پناہ چاہتا ہوں	تجھ سے	کہ	میں سوال کروں تجھ سے	ایسی بات کہ نہیں	مجھے	اس کا

(نہ) ہو جائے۔ اس نے کہا اے میرے رب میں تجھ سے پناہ چاہتا ہوں کہ میں تجھ سے ایسی بات کا سوال کروں جس کا مجھے علم نہ

عِلْمٌ ۭ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۴۷﴾

عِلْمٌ	وَاِلَّا + تَغْفِرْ لِيْ	وَتَرْحَمْنِيْٓ	اَكُنْ	مِّنَ	الْخٰسِرِيْنَ
علم	اور اگر تو نہ بخشے مجھے	اور تو مجھ پر رحم نہ کرے	ہو جاؤں	سے	نقصان پانے والے

ہو، اور اگر تو مجھے نہ بخشے اور مجھ پر رحم نہ کرے تو میں نقصان پانے والوں میں سے ہو جاؤں۔

﴿۴۴﴾ وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَاۗءَكِ وَيٰسَمَاۗءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَاۗءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَي الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ

﴿۴۴﴾ اور کہا گیا زمین کو کہ اے زمین جذب کر لے تو اس پانی کو جو تیرے اندر سے نکلا پس زمین نے پی لیا اس پانی کو جو اس میں سے نکلا تھا نہ اس پانی کو جو آسمان سے اترا تھا سو بند کیں اس کی نہریں اور دریا اور حکم ہوا آسمان کو رک جا تو بارش برسانے سے، سو وہ رک گیا اور کم ہو گیا پانی اور قوم نوح کی ہلاکی کا قصہ پورا ہوا اور ٹھہر گئی کشتی جودی پہاڑ پر جو ایک جزیرہ میں ہے قریب شہر موصل کے۔ اور کہا گیا کہ دوری اور ہلاکی ہو کافروں کو۔

﴿۴۵﴾ وَنَادٰي نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ

﴿۴۵﴾ اور پکارا نوح نے اپنے رب کو پھر کہا اے میرے رب بیشک میرا بیٹا کنعان میرے گھر والوں میں سے ہے اور بیشک تو نے وعدہ فرمایا تھا میرے گھر والوں کی نجات کا اور بالضرور تیرا وعدہ سچا ہے کہ اس میں خلاف نہیں ہو سکتا۔ اور تو سب حاکموں میں بہتر حکم فرمانے والا اور زیادہ جاننے والا اور بہت انصاف

﴿۴۶﴾ قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۡ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنِّيْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ

﴿۴۶﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے نوح بلاشبہ کنعان تیرے اہل سے نہیں جنکی نجات کا ہم نے وعدہ کیا تھا یا تیرے مذہب کی پیروی کرنے والوں میں سے نہیں تیرا ہم سے اسکی نجات کی بابت سوال کرنا اچھا کام نہیں کہ بیشک وہ کافر ہے اور کافروں کو نجات نہیں اور ایک قراءۃ میں عَمِلَ بصیغہ ماضی ہے اس صورت میں حاصل یہ ہے کہ کنعان نے عمل صالح نہیں کیا بلکہ کفر کیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَنَصْبُ غَيْرِ نَا لِلضَّمِيْرِ لِابْنِهٖ فَلَا تَسْئَلْنِ بِالتَّخْفِيْفِ وَالتَّشْدِيْدِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ مِنَ الْاِنْجَاءِ اِبْنِكَ اِنِّيْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ○ بِسُؤَالِكَ مَا لَمْ تَعْلَمْ

پس نہ سوال کر تو مجھ سے اس امر کا جس کی تجھ کو خبر نہیں یعنی اپنے بیٹے کی نجات کے بارے میں مجھ سے کچھ نہ کہہ بلاشبہ میں تجھ کو نصیحت کرتا ہوں کہ بے سمجھے سوال کرنے کے سبب تو جاہلوں میں شمار نہ ہو۔

(۴۶) قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَسْئَلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۭ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ○

(۴۶) نوح نے کہا اے میرے رب بیشک میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے نادانستگی کے سوال سے اور اگر تو میری تقصیرات نہ بخشے اور مجھ پر رحم نہ فرماوے تو میں ٹوٹے والوں میں ہو جاؤں۔

تشریح

(۴۴) آخر طوفان تھم گیا | خدا کے عذاب کی شکل میں پانی کا طوفان شروع ہوا تو زمین سے بھی چشموں کی صورت میں پانی ابل رہا تھا جس کا آغاز ایک تنور میں پانی نکلنے سے ہوا تھا اور ان پر آسمان سے بھی بارش برس رہی تھی۔ زمین کا یہ پورا علاقہ جہاں قوم نوح آباد تھی عراق موصل وغیرہ کا علاقہ سب کا سب پانی کی زد میں تھا۔ اور اس وقت انسانوں کی آبادی اسی علاقے تک محدود تھی یہ پورا علاقہ اس میں رہنے والے لوگ اور سب جاندار طوفان میں تباہ ہو گئے۔ درخت اور پہاڑیاں تک پانی میں ڈوب گئیں صرف وہی لوگ زندہ بچ سکے جو کشتی نوح میں سوار تھے آخر اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ اے زمین اپنا سارا پانی نگل جا اور اے آسمان رک جا چنانچہ پانی زمین میں بیٹھ گیا۔ فیصلہ چکا دیا گیا۔ کشتی نوح جودی پہاڑی پر جا کر ٹک گئی اور خدا نے جو کام چاہا مجرمین کو سزا دینا وہ پورا ہو چکا۔

(۴۵) بیٹے کے حق میں حضرت نوح ؑ کی درخواست | اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح ؑ سے وعدہ کیا تھا کہ تمہارے گھر والوں کو اس تباہی سے بچا لیا جائیگا۔ مگر ان کو نہیں بچایا جائیگا جن کے بارے میں فیصلہ ہو چکا ہے۔ حضرت نوح نے بیٹے کو ڈوبتے ہوئے دیکھا اور عرض گذار ہوئے کہ اے الٰہ العالمین میرا بیٹا بھی گھر والوں میں شامل ہے اور آپ نے میرے گھر والوں کو بچانے کا وعدہ فرمایا ہے اور آپ کا وعدہ برحق ہے آپ احکم الحاکمین اور شہنشاہ مطلق ہیں آپ کا فیصلہ آخری فیصلہ ہے۔

(۴۶) اللہ تعالیٰ کا حضرت نوح ؑ کو جواب | اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح ؑ کو جواب دیا کہ تمہارا بیٹا اگرچہ تم سے پیدا ہوا ہے مگر اپنے غلط کاموں کی وجہ سے وہ تمہارے گھر والوں میں کہلانے کا مستحق نہیں ہے یہ ایسا ہی ہے جیسے کسی کے جسم کا کوئی حصہ سڑ جائے اور ڈاکٹر اسکو کاٹنے کا فیصلہ کرے اور آدمی ڈاکٹر سے کہے کہ تم میرے جسم کے حصے کو کیوں کاٹتے ہو۔ ڈاکٹر جواب میں کہے گا کہ اب یہ حصہ تمہارے جسم میں رہنے کے قابل نہیں ہے کیونکہ یہ سڑ چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے نوح ؑ تم مجھ سے وہ درخواست مت کرو جس کی حقیقت کا تمہیں علم نہیں ہے تمہارا بیٹا برے اعمال کی وجہ سے اب تمہارا کہلانے کے قابل نہیں رہا۔ میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ ناواقفی کی باتیں مت کرو۔

(۴۷) حضرت نوح ؑ کی توبہ | اللہ تعالیٰ کی اس تنبیہ پر حضرت نوح کانپ اٹھے اور اللہ کے حضور میں توبہ کی کہ اے اللہ میرے رب میں آپ سے پناہ مانگتا ہوں کہ آپ سے وہ چیز مانگوں جس کا مجھے علم نہیں اگر آپ نے مجھے معاف نہ کیا اور رحم نہ فرمایا تو میں تباہ و برباد ہو جاؤنگا۔

اللہ کا انصاف بے لاگ ہے یہاں خاندان اور نسب اور دنیاوی وجاہت کسی چیز کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ اعتبار ہے تو تابعداری اور وفاداری کا۔ وہ بے لاگ اطاعت جو پروردگار کو اپنے بندوں سے مطلوب ہے۔ ایک جلیل القدر پیغمبر اپنی آنکھوں کے سامنے اپنے لخت جگر کو ڈوبتے ہوئے دیکھتا ہے اور تڑپ کر بیٹے کی معافی کے لئے درخواست کرتا ہے لیکن باپ کی پیغمبری بھی ایک بدعمل بیٹے کو عذاب الٰہی سے بچا نہیں سکتی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَ بَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَ

قِيْلَ	يٰنُوْحُ	اهْبِطْ	بِسَلٰمٍ	مِّنَّا	وَبَرَكٰتٍ	عَلَيْكَ	وَ
کہا گیا	اے نوحؑ	اُتر جاؤ	سلامتی کیساتھ	ہماری طرف سے	اور برکتیں	تجھ پر	اور

کہا گیا اے نوحؑ ہماری طرف سے سلامتی کے ساتھ اُتر جاؤ اور برکتیں ہوں تجھ پر، اور ان

عَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ؕ وَ اُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ

عَلٰٓى	اُمَمٍ	مِّمَّنْ	مَّعَكَ	وَ اُمَمٌ	سَنُمَتِّعُهُمْ	ثُمَّ
پر	گروہ	سے، جو	تیرے ساتھ	اور کچھ گروہ	ہم انہیں جلد فائدہ دیں گے	پھر

گروہوں پر جو تیرے ساتھ ہیں۔ اور کچھ گروہ ہیں کہ ہم انہیں جلد (دنیا میں) فائدہ دیں گے، پھر

يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴۸﴾

يَمَسُّهُمْ	مِّنَّا	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	
انہیں پہونچے گا	ہم سے	عذاب	دردناک	

انہیں ہم سے پہونچے گا عذاب دردناک

﴿۴۸﴾ قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ اُنْزِلَ مِنَ السَّفِيْنَةِ بِسَلَامٍ بِسَلَامَةٍ اَوْ بِتَحِيَّةٍ مِنَّا وَبَرَكٰتٍ خَيْرَاتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ فِى السَّفِيْنَةِ اَىْ مِنْ اَوْلَادِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ وَاُمَمٌ بِالرَّفْعِ مِمَّنْ مَّعَكَ سَنُمَتِّعُهُمْ فِى الدُّنْيَا ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ فِى الْاٰخِرَةِ وَهُمُ الْكُفَّارُ

﴿۴۸﴾ نوح کو حکم ہوا کہ اُتر تو کشتی سے ساتھ سلامتی کے یا سلام تجھ پر ہماری طرف سے اور برکتیں اور رحمتیں اللہ کی تجھ پر اور ان لوگوں پر جو تیرے ساتھ ہیں کشتی میں یعنی انکی اولاد اور ذریت پر جو مسلمان ہونگے۔ اور بہت جماعتیں ان لوگوں میں سے جو تمہارے ساتھ ہیں یعنی انکی اولاد میں سے کافر ہونگے قریب ہے کہ ان کو ہم دنیا میں کچھ دنوں بہرہ ور مال و دولت سے کریں گے پھر انکو آخرت میں ہماری جانب سے عذاب دردناک پہونچے گا۔

تشریح

﴿۴۸﴾ **اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضرت نوح کو بشارت** | بیٹے کے بارے میں حضرت نوح کی درخواست پر اللہ کی تنبیہ کے بعد حضرت نوح علیہ السلام نے فوراً اللہ سے توبہ کی اللہ کی طرف سے نہ صرف یہ کہ توبہ قبول ہوئی بلکہ آئندہ بھی سلامتی اور برکت کی بشارت دی گئی۔ حکم ہوا کہ اے نوح اب کشتی سے پہاڑ پر اور پھر جودی پہاڑ سے زمین پر اتریئے برکتیں اور سلامتی آپ پر اور ان قوموں پر جو آپ کے ہمراہیوں سے پیدا ہونے والی ہیں۔ اُجڑی ہوئی زمین دوبارہ آباد ہوگی اور اس کی رونق پھر واپس آئے گی۔ عام نوع انسانی پر قیامت سے پہلے عام تباہی نہیں آئیگی مگر کچھ گروہ ایسے ہونگے جن کو ہم کچھ مدت سامانِ زندگی بخشیں گے پھر انہیں ہماری طرف سے دردناک عذاب پہنچے گا۔ یعنی ایسا نہیں ہوگا کہ سب کے سب فرقے ہلاک ہو جائیں مگر بعض فرقے اپنے عمل کی وجہ سے ہلاک ہونگے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ

تِلْكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ + الْغَيْبِ	نُوْحِيْهَا	اِلَيْكَ	مَا	كُنْتَ	تَعْلَمُهَآ
یہ	سے	غیب کی خبریں	ہم وحی کرتے ہیں	تمہاری طرف	نہ	تھے تم	ان کو جانتے

یہ غیب کی خبریں جو ہم تمہاری طرف وحی کرتے ہیں نہ تم ان کو جانتے تھے

اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛ فَاصْبِرْ ۛ

اَنْتَ	وَلَا قَوْمُكَ	مِنْ قَبْلِ	هٰذَا	فَاصْبِرْ
تم	اور نہ تمہاری قوم	سے پہلے	اس سے	پس صبر کریں

اس سے پہلے اور نہ تمہاری قوم (جانتی تھی) پس صبر کرو

ع ۴ ۱۴ ۴

اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۹﴾ ع

اِنَّ	الْعَاقِبَةَ	لِلْمُتَّقِيْنَ
بیشک	اچھا انجام	پرہیزگاروں کے لئے

بیشک پرہیزگاروں کا انجام اچھا ہے۔

﴿۴۹﴾ تِلْكَ اَیْ هٰذِهِ الْاٰیَاتُ الْمُتَضَمِّنَةُ قِصَّةَ نُوْحٍ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ اَخْبَارِ مَا غَابَ عَنْكَ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ فَاصْبِرْ عَلَى التَّبْلِيْغِ وَاَذٰى قَوْمِكَ كَمَا صَبَرَ نُوْحٌ اِنَّ الْعَاقِبَةَ الْمَحْمُوْدَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ○

﴿۴۹﴾ یہ آیتیں جنمیں نوح کا قصہ مذکور ہوا غیب کی خبریں ہیں جو ہم نے بوشیدہ ہیں بذریعہ وحی کے ہم نے تم کو اے محمد ان کی اطلاع کی قرآن کے آنے سے پہلے تم اور تمہاری قوم ان کو نہ جانتے تھے۔ سو صبر کرو احکام الٰہی کے پہنچانے اور اپنی قوم کی ایذارسانی پر جیسا نوح نے صبر کیا بیشک انجام بہتر پرہیزگاروں کے لئے ہے۔

تشریح

﴿۴۹﴾ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم حضرت نوح ؑ کی طرح آپ کا بھی بول بالا ہوگا | حضرت نوح علیہ السلام کا یہ واقعہ درس عبرت کے طور پر بیان کیا گیا۔ اللہ تعالیٰ کا دستور یہی ہے کہ مشکلات اور دشواریوں کے بعد حق ہی کامیاب ہوتا ہے۔ کبھی کبھی ایسا لگتا ہے کہ حق کے دشمن کامیاب ہیں مگر یہ کامیابی عارضی ہوتی ہے اور آخر نتیجہ سچائی کے حق میں نکلتا ہے۔ مشکلات سے گذر کر حق و صداقت کا کھرا ہونا سب پر کھل جاتا ہے۔ جس طرح حضرت نوح ؑ پر ایمان لانے والے آخر کار کامراں رہے۔ اسی طرح اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ بھی فلاح یاب ہونگے آپ کی صداقت کی یہ کھلی دلیل ہے کہ غیب کی وہ خبریں اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کی زبان پر آرہی ہیں جن کو اس سے پہلے آپ اور آپ کی قوم جانتی نہ تھی پس آپ صبر و ہمت سے کام لیجئے بہتر انجام پرہیزگاروں کے لئے ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ

وَاِلٰى	عَادٍ	اَخَاهُمْ	هُوْدًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا لَكُمْ	مِنْ اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ
اور طرف	قوم عاد	انکے بھائی	ہود	اس نے کہا	اے میری قوم	تم عبادت کرو	اللہ	تمہارا نہیں	کوئی معبود	اسکے سوا

اور قوم عاد کی طرف انکے بھائی ہودؑ (کو بھیجا۔ اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ اَجْرِيَ

اِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	مُفْتَرُوْنَ	يٰقَوْمِ	لَآ اَسْـَٔلُكُمْ	عَلَيْهِ + اَجْرًا	اِنْ	اَجْرِيَ
نہیں	تم	مگر (صرف)	جھوٹ باندھتے ہو	اے میری قوم	میں تم سے نہیں مانگتا	اس پر کوئی اجر (صلہ)	نہیں	میرا صلہ

تم صرف جھوٹ باندھتے ہو۔ (افتراء کرتے ہو) اے میری قوم اس پر میں تم سے کوئی صلہ نہیں مانگتا میرا صلہ صرف اسی پر

اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ

اِلَّا	عَلَى	الَّذِيْ فَطَرَنِيْ	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	وَيٰقَوْمِ	اسْتَغْفِرُوْا	رَبَّكُمْ	ثُمَّ
مگر (صرف)	پر	جس نے مجھے پیدا کیا	کیا پھر تم سمجھتے نہیں	اور اے میری قوم	تم بخشش مانگو	اپنا رب	پھر

ہے جس مجھے پیدا کیا پھر کیا تم سمجھتے نہیں؟ اور اے میری قوم اپنے رب سے بخشش مانگو پھر

تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى

تُوْبُوْٓا + اِلَيْهِ	يُرْسِلِ	السَّمَآءَ	عَلَيْكُمْ	مِّدْرَارًا	وَّيَزِدْكُمْ	قُوَّةً	اِلٰى
اسکی طرف رجوع کرو	وہ بھیجے گا	آسمان	تم پر	زور کی بارش	اور تمہیں بڑھائیگا	قوت	طرف (پر)

اس کی طرف رجوع کرو (توبہ کرو) وہ تم پر آسمان سے زور کی بارش بھیجے گا اور تمہیں قوت پر قوت بڑھائیگا اور

قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۵۲﴾

قُوَّتِكُمْ	وَلَا + تَتَوَلَّوْا	مُجْرِمِيْنَ
تمہیں قوت	اور روگردانی نہ کرو	مجرم ہو کر

مجرم ہو کر روگردانی نہ کرو۔

﴿۵۰﴾ وَاَرْسَلْنَا اِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ مِنَ الْقَبِيْلَةِ هُوْدًا قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَحِّدُوْهُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَائِدَةٍ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ اِنْ مَا اَنْتُمْ فِيْ عِبَادَتِكُمُ الْاَوْثَانِ مُفْتَرُوْنَ ○ كَاذِبُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

﴿۵۰﴾ وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ الخ
اور ہم نے بھیجا قوم عاد کی طرف ان کے بھائی ہود کو جو ان کے قبیلہ سے تھا اس نے کہا اے میری قوم اللہ کو واحد جانو اس کے سوا تمہارے لئے کوئی معبود نہیں۔ جوں کے پوجنے کی تمہارے پاس کوئی سند نہیں اسمیں تم محض اللہ پر جھوٹ بولتے ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۵۱) يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَي الَّذِيْ فَطَرَنِيْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○

(۵۱) اے میری قوم میں تم سے اللہ کی توحید پر کچھ مزدوری نہیں مانگتا۔ میری مزدوری صرف اس پر ہے جس نے مجھکو پیدا کیا سو کیا تم نہیں سمجھتے۔

(۵۲) وَيٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَاۗءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ○

(۵۲) اور اے میری قوم اپنے رب سے بخشش چاہو شرک کی جو تم نے کیا پھر اس کی طرف رجوع کرو ساتھ فرماں برداری کے اگر تم ایسا کروگے تو اللہ تم پر آسمان سے بکثرت بارش برسادیگا (اور تھے یہ لوگ کہ بارش ان سے روکی گئی تھی) اور تمہاری قوت زیادہ کریگا ساتھ مال اور اولاد کے کہ تم کو قوت پر قوت حاصل ہو اور نہ پشت پھیرو تم اس حال میں کہ شرک کرنے والے ہو۔

تشریح

(۵۰) اللہ تعالیٰ نے حضرت ہودؑ کو قوم عاد کے لئے پیغمبر مقرر کیا | جیسا کہ سورۂ اعراف (پارہ ۸ آیت ۶۵ تا ۷۲) میں حضرت ہودؑ اور ان کی قوم کا ذکر آچکا ہے اللہ تعالیٰ نے حضرت ہودؑ کو قوم عاد کی رہبری کے لئے اپنا نبی مقرر فرمایا۔ حضرت ہودؑ نے بھی ان کو وہی دعوت دی جو تمام پیغمبر دیتے چلے آئے ہیں۔ حضرت ہودؑ اسی قوم کے ایک فرد اور ان کے بھائی تھے انہوں نے کہا کہ اے برادرانِ قوم صرف اللہ کی بندگی کرو وہی لائق عبادت اور قابلِ اطاعت ہے اسکے علاوہ جن معبودوں کی تم پرستش کررہے ہو ان میں کوئی بھی خدائی صفت موجود نہیں ہے تم نے بلاوجہ ان کو معبود بنا رکھا ہے اور ان سے حاجت روائی کی آس لگائے بیٹھے ہو۔ ساری کائنات کا معبود صرف ایک اللہ ہے جو ہر چیز کا خالق اور مالک ہے اور سب کا پروردگار اور حاجت روا ہے۔

(۵۱) حضرت ہودؑ نے کہا کہ اس دعوت میں میری ذاتی غرض شامل نہیں ہے | حضرت ہودؑ نے اپنی قوم کو سمجھاتے ہوئے ایک بڑا اہم نکتہ انکے سامنے رکھا کہ میں تمہارا خیر خواہ اور مخلص بھائی ہوں تم سے کسی اجرت کا طلبگار نہیں ہوں بلکہ اپنی خدمت کا اجر صرف اسی سے مانگتا ہوں جس نے مجھے پیدا کیا ہے آخر تم سمجھتے کیوں نہیں کہ میں اپنا عیش و آرام چھوڑ کر اپنی دنیا بنانے کی فکر سے بے پرواہ ہو کر اور تمہاری دشمنی مول لیکر کیوں تمہیں وہ سچی بات پہنچانا چاہتا ہوں جس سے بڑی حقیقت اس کائنات میں اور نہیں ہے کہ ایک اللہ ہی ہمارا اور تمہارا سب کا رب ہے اور اس کی اطاعت میں ہی دین و دنیا کی فلاح ہے۔

(۵۲) آجاؤ اپنے رب کی طرف پلٹ آؤ، کامیابی تمہاری منتظر ہے | حضرت ہودؑ نے بڑی دردمندی کے ساتھ اپنی قوم کو پکارا، بھائیو دیکھو مجرموں کیطرح منہ نہ پھیرو، اپنے رب سے مغفرت چاہو اور اسکی طرف پلٹ آؤ وہ تمہیں قوت پر اور زیادہ قوت دیگا۔

یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کی اس عالم پر فرماں روائی اخلاقی اصولوں کی بنیاد پر ہے اس دنیا میں بھی قوموں کی قسمت کا اتار چڑھاؤ اخلاقی بنیادوں پر ہوتا ہے جب اللہ تعالیٰ کسی نبی کو اپنے دین کی دعوت و تبلیغ کے لئے بھیجتا ہے تو اگر قوم اس پیغام کو قبول کرلیتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر اپنی برکتوں اور نعمتوں کے دروازے کھول دیتے ہیں اور اگر وہ اس پیغام کو قبول کرنے سے انکار کرتی ہے تو وہ تباہ ہوجاتی ہے۔ اسی طرح جو قوم دنیا کی خوشحالی سے دھوکا کھا کر ظلم کے راستے پر چل پڑتی ہے اس کا انجام بربادی ہے اور اگر وہ اپنی غلطی محسوس کرکے ظلم کا راستہ چھوڑ کر انصاف کا راستہ اختیار کرتی ہے معصیت کو چھوڑ کر اطاعت قبول کرتی ہے تو اس کو دنیا میں بھی سرفرازی عطا کی جاتی ہے اور جب تک وہ صحیح راستہ پر رہتی ہے بلندیوں کی منزلیں طے کرتی رہتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا

قَالُوْا	يٰهُوْدُ	مَا جِئْتَنَا	بِبَيِّنَةٍ	وَّمَا	نَحْنُ	بِتَارِكِيْٓ	اٰلِهَتِنَا
وہ بولے	اے ہودؑ	تو نہیں آیا ہمارے پاس	کوئی دلیل (سند) لیکر	اور نہیں	ہم	چھوڑنے والے	اپنے معبود

وہ بولے اے ہودؑ تو کوئی سند لیکر ہمارے پاس نہیں آیا اور ہم چھوڑنے والے نہیں اپنے معبودوں کو

عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ اِنْ

عَنْ	قَوْلِكَ	وَمَا	نَحْنُ	لَكَ	بِمُؤْمِنِيْنَ	اِنْ
سے	تیرا کہنا	اور نہیں	ہم	تیرے لئے (تجھ پر)	ایمان لانے والے	نہیں

تیرے کہنے سے ، اور ہم تجھ پر ایمان لانے والے نہیں ۔ ہم یہی کہتے ہیں

نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ۭ قَالَ اِنِّىْٓ

نَقُوْلُ	اِلَّا اعْتَرٰىكَ	بَعْضُ	اٰلِهَتِنَا	بِسُوْٓءٍ	قَالَ	اِنِّىْٓ
ہم کہتے	مگر تجھے آسیب پہنچایا ہے	کسی	ہمارا معبود	بری طرح	اس نے کہا	بیشک میں

کہ تجھے آسیب پہنچایا ہے ہمارے کسی معبود نے بُری طرح ۔ اس نے کہا بیشک میں

اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّىْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا

اُشْهِدُ	اللّٰهَ	وَ	اشْهَدُوْٓا	اَنِّىْ	بَرِيْٓءٌ	مِّمَّا
گواہ کرتا ہوں	اللہ	اور	تم گواہ رہو	بیشک میں	بیزار ہوں	ان سے جو

میں اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم (بھی) گواہ رہو بیشک میں اُن سے بیزار ہوں جن کو تم

تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِىْ

تُشْرِكُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖ	فَكِيْدُوْنِىْ
تم شریک کرتے ہو	اس کے سوا	سو مکر (بُری تدبیر) کرو میرے بارے میں

شریک کرتے ہو اس کے سوا ۔ سو میرے بارے میں سب مکر (بری تدبیر) کر لو

جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾

جَمِيْعًا	ثُمَّ	لَا	تُنْظِرُوْنِ
سب	پھر	نہ	مہلت دو مجھے

پھر مجھے مہلت نہ دو ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۵۳) قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ○

(۵۳) وہ بولے کہ اے ہود تو نے اپنے کلام پر ہمارے سامنے کوئی دلیل واضح بیان نہیں کی اور ہم تیرے کہنے سے اپنے بتوں کو نہیں چھوڑ سکتے اور نہ ہم تجھ پر ایمان لاویں۔

(۵۴) اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ۭ قَالَ اِنِّىْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ وَاشْهَدُوْٓا اَنِّىْ بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ○ مِنْ دُوْنِهٖ

(۵۴) ہم تیرے بارہ میں یہ کہتے ہیں کہ ہمارے بتوں میں سے کسی نے تجھے برائی پہنچائی سو اس نے تیری عقل کھو کر تجھ کو دیوانہ بنا دیا، اس سبب سے کہ تو ان کو برا کہتا تھا پس جو کچھ تو کہتا ہے سب ہذیان اور دیوانگی کی باتیں ہیں۔ ہود نے کہا کہ میں اپنے اوپر اللہ کو گواہ کرتا ہوں اور تم بھی گواہ رہو کہ بے شک میں تمہارے شرک کرنے سے بیزار ہوں اور بری الذمہ ہوں اس سے

(۵۵) فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا تُنْظِرُوْنِ ○ اِنِّىْ تَوَكَّلْتُ عَلَي اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ ۭ مَا مِنْ دَاۗبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○

(۵۵) سو تم اور تمہارے بت سب میرے ہلاک کرنے میں حیلہ اور تدبیر جو تم سے ہو سکے کرو پھر مجھ کو مہلت نہ دو۔

تشریح

(۵۳) قوم عاد کی ہٹ دھرمی | اللہ تعالیٰ جب کسی کو اپنا پیغمبر مقرر کرتے ہیں تو اس کو ایسی واضح نشانیاں عطا کرتے ہیں جس سے معلوم ہو جائے کہ یہ واقعی اللہ کا پیغمبر ہے البتہ اگر تعصب اور جانبداری سے آدمی کسی چیز کو دیکھے گا تو سچائی اس کے سامنے نہیں آسکے گی۔ حضرت ہودؑ کے اتنا سمجھانے بجھانے کے باوجود قوم عاد نے ہٹ دھرمی دکھلاتے ہوئے حضرت ہودؑ پر ایمان لانے سے اور ان کو اللہ کا پیغمبر ماننے سے انکار کر دیا اور جواب دیا کہ اے ہود آپ ہمارے پاس کوئی ایسی کھلی شہادت لیکر نہیں آئے۔ اور ہم آپ کے کہنے سے اپنے معبودوں کو نہیں چھوڑ سکتے اور ہم آپ پر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

(۵۴) حضرت ہودؑ پر آسیب کا الزام اور حضرت ہودؑ کا جواب | قوم عاد نے نہ صرف یہ کہ ایمان لانے سے انکار کیا بلکہ آگے بڑھ کر ایک الزام بھی جڑ دیا کہ یہ جو تم بہکی بہکی باتیں کر رہے ہو لگتا ہے تمہارے اوپر ہمارے معبودوں میں سے کسی کی مار پڑ گئی ہے اور تم آسیب زدہ ہو گئے ہو۔

حضرت ہودؑ نے جواب دیا تم کہتے ہو میرے پاس کوئی واضح شہادت نہیں ہے میں تمہارے سامنے اللہ کی شہادت پیش کرتا ہوں اس سے بڑی شہادت اور کیا ہو سکتی ہے کہ کائنات ہستی کے ہر گوشے میں اللہ کے جلوے موجود ہیں کوئی چیز بغیر بنائے نہیں بنی اس نے بنائی ہے۔ یہ سارا نظام خود بخود نہیں چل رہا ہے وہ اکیلا اپنی قوتوں کے ساتھ اس کارخانے کو چلا رہا ہے اور میں اسی کی بندگی کی تمہیں دعوت دے رہا ہوں اور میں بھی اسی کی گواہی دیتا ہوں کہ وہ وحدہ لاشریک ہے اور تم گواہ رہو کہ میں تمہاری شرکیہ حرکات سے بیزار ہوں، اگر تم جھوٹے معبودوں کو نہیں چھوڑ سکتے تو میں بھی اپنے سچے معبود کو نہیں چھوڑ سکتا۔

(۵۵) میرا جو بگاڑ سکتے ہو بگاڑ لو | میرا بھروسہ اللہ پر ہے جو میرا اور تمہارا سب کا رب ہے سب کا مالک و حاکم ہے۔ تم سب مل کر جو میرے خلاف کرنا ہے کر لو اور کوئی کسر اٹھا نہ رکھو اور مجھے ذرا بھی مہلت مت دو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنِّي تَوَكَّلْتُ عَلَى اللَّهِ رَبِّي وَرَبِّكُمْ ۚ مَا مِن دَابَّةٍ إِلَّا هُوَ

إِنِّي	تَوَكَّلْتُ	عَلَى اللَّهِ	رَبِّي	وَرَبِّكُمْ	مَا	مِن	دَابَّةٍ	إِلَّا	هُوَ
بیشک میں	میں نے بھروسہ کیا	اللہ پر	میرا رب	اور تمہارا رب	نہیں	کوئی	چلنے والا	مگر	وہ

میں نے اللہ پر بھروسہ کیا (جو) میرا رب ہے اور تمہارا رب ہے۔ کوئی چلنے (پھرنے) والا نہیں مگر وہ

آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا ۚ إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٥٦﴾ فَإِن

آخِذٌ	بِنَاصِيَتِهَا	إِنَّ	رَبِّي	عَلَىٰ	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيمٍ	فَإِن
پکڑنے والا	اس کو چوٹی سے	بیشک	میرا رب	پر	راستہ	سیدھا	پھر اگر

اس کو چوٹی سے پکڑنے والا ہے (قبضہ میں لئے ہوئے ہے) بیشک میرا رب ہے راستہ پر سیدھے پھر اگر تم

تَوَلَّوْا فَقَدْ أَبْلَغْتُكُم مَّا أُرْسِلْتُ بِهِ إِلَيْكُمْ ۚ وَيَسْتَخْلِفُ

تَوَلَّوْا	فَقَدْ + أَبْلَغْتُكُم	مَّا + أُرْسِلْتُ	بِهِ	إِلَيْكُمْ	وَيَسْتَخْلِفُ
تم روگردانی کرو گے	میں نے تمہیں پہنچا دیا	جو مجھے بھیجا گیا	اسکے ساتھ	تمہاری طرف	اور قائم مقام کر دیگا

روگردانی کرو گے تو جس کے ساتھ مجھے تمہاری طرف بھیجا گیا وہ میں تمہیں پہنچا چکا اور قائم مقام کر دے گا

رَبِّي قَوْمًا غَيْرَكُمْ وَلَا تَضُرُّونَهُ شَيْئًا ۚ إِنَّ رَبِّي عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ

رَبِّي	قَوْمًا	غَيْرَكُمْ	وَلَا + تَضُرُّونَهُ	شَيْئًا	إِنَّ	رَبِّي	عَلَىٰ	كُلِّ شَيْءٍ
میرا رب	کوئی اور قوم	تمہارے سوا	اور تم نہ بگاڑ سکو گے اسکا	کچھ	بیشک	میرا رب	پر	ہر شے

میرا رب تمہارے سوا کسی اور قوم کو اور تم اس کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے بیشک میرا رب ہر شے پر

حَفِيظٌ ﴿٥٧﴾ وَلَمَّا جَاءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُودًا وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ

حَفِيظٌ	وَلَمَّا	جَاءَ	أَمْرُنَا	نَجَّيْنَا	هُودًا	وَالَّذِينَ	آمَنُوا	مَعَهُ
نگہبان	اور جب	آیا	ہمارا حکم	ہم نے بچا لیا	ہود ؑ	اور وہ لوگ	ایمان لائے	اسکے ساتھ

نگہبان ہے اور جب ہمارا حکم آیا ہم نے ہود ؑ کو اور جو اس کی قوم اسکے ساتھ ایمان لائے اپنی رحمت

بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّيْنَاهُم مِّنْ عَذَابٍ غَلِيظٍ ﴿٥٨﴾

بِرَحْمَةٍ	مِّنَّا	وَنَجَّيْنَاهُم	مِّنْ	عَذَابٍ	غَلِيظٍ
رحمت سے	اپنی	اور ہم نے بچا لیا انہیں	سے	عذاب	سخت

سے بچا لیا۔ اور ہم نے انہیں سخت عذاب سے بچا لیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۵۶) اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ○

(۵۶) بے شک میں اللہ پر بھروسہ کرتا ہوں جو میرا اور تمہارا رب ہے نہیں ہے کوئی جاندار جو زمین پر چلے مگر اللہ اس پر حاکم اور غالب ہے سو نہیں ہے کوئی نفع اور نہ کوئی نقصان مگر اس کے حکم سے (خاص ناصیہ کے پکڑنے کو ذکر فرمایا حالانکہ اللہ اس کے تمام اعضاء کو پکڑنے والا اور مالک ہے اس لئے کہ جس کی پیشانی پکڑی جاتی ہے وہ نہایت ذلیل اور تابع ہوتا ہے۔ (پس ناصیہ کے ذکر میں یہ اشارہ ہے کہ تمام جاندار اللہ کے حکم کے تابع اور اسکے سامنے ذلیل اور خوار ہیں۔) بیشک میرا رب سیدھی راہ اور انصاف کی طرف بلاتا ہے۔

(۵۷) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّاۤ اُرْسِلْتُ بِهٖۤ اِلَیْكُمْ ؕ وَیَسْتَخْلِفُ رَبِّیْ قَوْمًا غَیْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ○

(۵۷) پھر اگر تم اعراض کرو اور منہ موڑو تو بیشک میں نے تم کو پہنچا دئے وہ احکام جن کے ساتھ میں تمہاری طرف بھیجا گیا ہوں اور اللہ تمہاری جگہ کسی دوسری جماعت کو تمہارے سوا پیدا فرما دیگا اور تم ان کو اپنے شرک سے کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتے بیشک میرا رب ہر چیز پر نگہبان ہے

(۵۸) وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّیْنَا هُوْدًا وَّالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَنَجَّیْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِیْظٍ ○

(۵۸) اور جب ہمارا عذاب آیا ہم نے نجات دی ہود کو اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے اپنی رحمت سے اور اس سبب سے کہ ہم نے انکو ہدایت کی اور ہم نے انکو بچایا سخت عذاب سے

تشریح

(۵۶) **ہر چیز اللہ کے اختیار میں ہے** روئے زمین پر کوئی جاندار ایسا نہیں ہے جس کی چوٹی اللہ کے ہاتھ میں نہ ہو میرا بھروسہ اسی رب کائنات پر ہے جس کے یہاں نہ ظلم ہے اور نہ بے موقع انعام۔ اپنے بندوں کو نیکی کی جو راہ اس نے بتائی ہے وہ سراسر حق ہے یہ ممکن نہیں کہ تم گمراہ اور بدکار ہو کر فلاح پاؤ۔

(۵۷) **میں اپنا فرض پورا کر چکا** جو میرا فرض تھا کہ اللہ کے دین کا سیدھا تمہیں بتا دوں وہ میں اپنا کام پورا کر چکا اگر تم ایمان نہیں لاؤ گے تو تم اللہ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے وہ تمہاری جگہ کسی اور قوم کو پیدا کر دیگا میرا رب ہر چیز پر نگران ہے کوئی چیز اسکی نگاہوں سے اوجھل نہیں ہے۔

(۵۸) **آخر اللہ کے عذاب نے قوم عاد کو جا لیا۔** جب اتنا سمجھانے بجھانے اور صداقت کی واضح دلیلیں پیش کرنے کے باوجود قوم عاد اپنی ہٹ دھرمی پر قائم رہی تو آخر اللہ کے عذاب نے ان کو اپنی گرفت میں لے لیا آٹھ دن اور سات راتیں مسلسل آندھی کے طوفان نے ان سب کو ہلاک اور تباہ کر دیا البتہ اللہ کی رحمت سے حضرت ہود اور ان پر ایمان لانے والے محفوظ رہے جو آخر میں تقریباً چار ہزار کی تعداد تک پہونچ گئے تھے ہوا کا طوفان اتنا شدید تھا کہ مکانوں کی چھتیں اڑ گئیں، بڑے بڑے درخت جڑ سے اکھڑ کر کہیں کے کہیں جا پڑے۔ ہوا ایسی تھی کہ انسانوں کی ناک میں داخل ہو کر نیچے سے نکلتی تھی اور پرخچے اڑا دیتی تھی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَتِلْكَ عَادٌ جَحَدُوا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ وَ

وَتِلْكَ	عَادٌ	جَحَدُوْا	بِاٰيٰتِ	رَبِّهِمْ	وَعَصَوْا	رُسُلَهٗ	وَ
اور یہ	عاد	انہوں نے انکار کیا	آیتوں کا	اپنا رب	اور انہوں نے نافرمانی کی	اپنے رسول	اور

اور یہ عاد تھے اور انہوں نے اپنے رب کی آیتوں کا انکار کیا اور انہوں نے اپنے رسول کی نافرمانی کی اور

اتَّبَعُوْٓا اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۵۹﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ

اتَّبَعُوْٓا	اَمْرَ	كُلِّ	جَبَّارٍ	عَنِيْدٍ	وَاُتْبِعُوْا	فِيْ	هٰذِهِ
پیروی کی	حکم	ہر	سرکش	ضدی	اور انکے پیچھے لگادی گئی	میں	اس

ہر سرکش ضدی کی پیروی کی اور لعنت انکے پیچھے لگادی گئی اس

الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا

الدُّنْيَا	لَعْنَةً	وَّيَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	اَلَآ	اِنَّ	عَادًا	كَفَرُوْا
دنیا	لعنت	اور روز	قیامت	یادرکھو	بیشک	عاد	وہ منکر ہوئے

دُنیا میں اور روزِ قیامت ، یادرکھو! عاد اپنے رب کے منکر

رَبَّهُمْ ۭ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿۶۰﴾ ع وَاِلٰى ثَمُوْدَ ع ۱۱ ۵

رَبَّهُمْ	اَلَا	بُعْدًا	لِّعَادٍ	قَوْمِ + هُوْدٍ	وَاِلٰى	ثَمُوْدَ
اپنا رب	یادرکھو	پھٹکار	عاد کے لئے	ہود ؑ کی قوم	اور طرف	ثمود

ہوئے۔ یادرکھو! ہود ؑ کی قوم عاد پر پھٹکار ہے۔ اور ثمود کی طرف

اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا ع ۱۲ ۵

اَخَاهُمْ	صٰلِحًا	قَالَ	يٰقَوْمِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	مَا
ان کا بھائی	صالح ؑ	اس نے کہا	اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ	نہیں

ان کے بھائی صالح ؑ کو (بھیجا) اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے

لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ

لَكُمْ	مِّنْ	اِلٰهٍ	غَيْرُهٗ	هُوَ	اَنْشَاَكُمْ	مِّنَ
تمہارے لئے	کوئی	معبود	اس کے سوا	وہ۔اس	پیدا کیا تمہیں	سے

سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ اس نے تمہیں زمین سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا

الْاَرْضِ	وَ	اسْتَعْمَرَكُمْ	فِيْهَا	فَاسْتَغْفِرُوْهُ	ثُمَّ	تُوْبُوْٓا
زمین	اور	بسایا تمہیں	اس میں	سو اس سے بخشش مانگو	پھر	رجوع (توبہ) کرو

پیدا کیا اور تمہیں اس میں بسایا پس اس سے بخشش مانگو پھر اس سے توبہ کرو

اِلَيْهِ ۭ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿۶۱﴾

اِلَيْهِ	اِنَّ	رَبِّيْ	قَرِيْبٌ	مُّجِيْبٌ
اسکی طرف	بیشک	میرا رب	نزدیک	قبول کرنے والا

بیشک میرا رب نزدیک ہے قبول کرنے والا ہے۔

﴿۵۹﴾ وَتِلْكَ عَادٌ ۭ اِشَارَةٌ اِلٰى اٰثَارِهِمْ اَيْ فَسِيْحُوْا فِى الْاَرْضِ وَانْظُرُوْٓا اِلَيْهَا ثُمَّ وَصَفَ اَحْوَالَهُمْ فَقَالَ جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَعَصَوْا رُسُلَهٗ جُمِعَ لِاَنَّ مَنْ عَصٰى رَسُوْلًا عَصٰى جَمِيْعَ الرُّسُلِ لِاشْتِرَاكِهِمْ فِىْ اَصْلِ مَا جَاءُوْا بِهٖ وَهُوَ التَّوْحِيْدُ وَاتَّبَعُوْٓا اَيِ السُّفْلَةُ اَمْرَ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ○ مُعَانِدٍ مُعَارِضٍ لِلْحَقِّ مِنْ رُؤَسَائِهِمْ

﴿۵۹﴾ اور یہ نشان قوم عاد کے ہیں۔ حاصل یہ ہے کہ تم لوگ زمین چلو پھرو اور عاد کی نشانیوں کو دیکھو۔ پھر اللہ نے ان کے حالات بیان فرمائے پس فرمایا:
کہ قوم عاد نے اپنے رب کی آیتوں کا انکار کیا اور اللہ کے پیغمبروں کی نافرمانی کی (عاد کی طرف نسبت فرمایا بہت سے پیغمبروں کی نافرمانی کو حالانکہ انہوں نے صرف اپنے پیغمبر ہود کی نافرمانی کی تھی اسلئے کہ جس نے ایک پیغمبر کی نافرمانی کی گویا اس نے تمام پیغمبروں کی نافرمانی کی کیونکہ تمام پیغمبر اصل دین یعنی توحید میں شریک ہیں۔ اور انکے کمینوں اور رذیلوں نے پیروی کی ہر ایک متکبر سرکش حق سے عناد اور مقابلہ کرنے والے کی یعنی رئیسوں کی۔

﴿۶۰﴾ وَاُتْبِعُوْا فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً مِّنَ النَّاسِ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَعْنَةً عَلٰى رُءُوْسِ الْخَلَائِقِ اَلَآ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا جَحَدُوْا رَبَّهُمْ ۭ اَلَا بُعْدًا مِّنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ لِعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ○

﴿۶۰﴾ اور ان پر لعنت ہوئی تمام آدمیوں کی اس دنیا میں اور قیامت کو ان پر تمام مخلوق کے روبرو لعنت ہوگی آگاہ رہو بیشک عاد نے اپنے رب کا انکار اور کفر کیا آگاہ رہو اللہ کی رحمت سے دوری ہے عاد کو جو ہود کی قوم ہے۔

﴿۶۱﴾ وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ

﴿۶۱﴾ وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ الخ اور ہم نے بھیجا ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو جو ان کے قبیلہ سے تھا اس نے کہا اے میری قوم! اللہ کو واحد جانو اس کے سوا کوئی تمہارا معبود نہیں اس نے

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْاَرْضِ بِخَلْقِ اَبِیْکُمْ اٰدَمَ مِنْهَا وَاسْتَعْمَرَکُمْ فِیْهَا فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَیْهِ اِنَّ رَبِّیْ قَرِیْبٌ مُّجِیْبٌ ○ لِمَنْ سَاَلَهٗ

تم کو اول مرتبہ زمین سے پیدا کیا ساتھ پیدا کرنے تمہارے باپ آدم کے زمین سے اور تم کو زمین میں آباد کیا کہ تم اس میں رہتے ہو سو بخشش چاہو اللہ سے اپنے شرک کی پھر رجوع کرو اسکی طرف ساتھ بندگی کے بلاشبہ میرا رب نزدیک ہے اپنی مخلوق سے باعتبار علم کے دعا قبول کرنے والا ہے اسکی جو اس سے سوال کرے۔

تشریح

(۵۹) قوم عاد عبرت کا ایک نمونہ | یہ تھے عاد اولیٰ حضرت ہود ؑ کی قوم جنھوں نے اپنے رب کی نشانیوں کا انکار کیا۔ ہر زمانے میں اللہ کے رسول توحید کی دعوت دیتے رہے۔ حضرت ہود ؑ نے بھی انکو توحید کی طرف بلایا مگر انہوں نے ماننے سے انکار کر دیا ہر دشمن حق جبار و ظالم کے پیچھے لگے رہے۔

(۶۰) دونوں جہان کی لعنت قوم عاد پر | اللہ کے نبی کی بات نہ مانی آخر اس دنیا میں بھی ان پر پھٹکار پڑی اور قیامت کے دن بھی پکار کر کہا جائے گا کہ قوم عاد نے حق سے روگردانی کی اور دور پھینک دیے گئے۔ یہ ہے لعنت زدہ عاد، ہود کی قوم کے لوگ جن کا ذکر آج بھی دنیا کی قوموں کے لئے درس عبرت ہے۔ آخر آدمی دیکھ کر کیوں نہیں دیکھتا، سن کر کیوں نہیں سنتا اور سمجھ کر کیوں نہیں سمجھتا اس کی عقل پر پتھر کیوں پڑ جاتے ہیں۔

(۶۱) قوم ثمود کے لئے حضرت ہود ؑ کو نبی بنانا اور ان کی دعوت | قوم ثمود کا علاقہ مدینے اور تبوک کے درمیان پڑتا ہے جس کو مدائن صالح کہتے ہیں (پارہ ۸ سورۂ اعراف آیت ۷۳ میں اس کا تذکرہ آ چکا ہے۔) قوم ثمود بھی شرک میں مبتلا تھی اللہ تعالیٰ نے ان کی رہبری کے لئے انہی کی قوم میں سے حضرت صالح ؑ کو اپنا نبی مقرر فرمایا۔

اللہ کے ساتھ دوسری ہستیوں کو شریک کرنے والوں میں ہمیشہ سے یہ غلط فہمی رہی ہے کہ سپر پاور تو ایک ہے جس کے مختلف نام ہیں مگر اس کا قرب حاصل کرنے کے لئے اور اس تک اپنی درخواست اور حاجتیں پہنچانے کے لئے ہمیں اسی طرح (—— (Through Proper Channel) ——) چلنا پڑیگا جس طرح دنیا کے بادشاہوں اور حاکموں تک رسائی کے لئے پہلے ان کے مقربین تک پہنچنا پڑتا ہے۔ اور پھر ان کے ذریعے اور ان کی سفارش سے درخواست منظور ہوتی ہے۔ حضرت صالح ؑ نے اپنی قوم کو توحید کی دعوت دیتے ہوئے دو لفظوں میں یہ بات سمجھا دی کہ میرا رب جس کی طرف میں تمہیں دعوت دے رہا ہوں وہ تم سے اور ہم سے انتہائی نزدیک ہے اس تک پہونچنے کے لئے کسی وسیلے کی ضرورت نہیں ہے۔ دوسرے یہ کہ وہ براہ راست ہر ایک کی دعاؤں کا جواب دینے والا اور ان کی حاجت روائی کرنے والا ہے۔ جب وہ قریب بھی ہے اور مجیب بھی ہے تو اس تک پہونچنے کے لئے کسی واسطے کی ضرورت نہیں ہے۔ پھر یہ کہ وہ ہر ایک چیز کا خالق ہے اس نے پہلے تمہارے باپ آدم ؑ کو مٹی سے پیدا کیا اور پھر زمین سے پیدا ہونیوالی چیزوں سے وہ مادہ بنایا جو آدمی کی پیدائش کا ذریعہ بنتا ہے۔ پھر اُس کے پیدا کرنے کے بعد تمہاری بقا کا سامان کیا تمہیں، یہاں آباد کرنے کی تدبیریں بتائیں جب وہ ایسا منعم اور محسن ہے تو چاہیئے کہ آدمی اسی کی طرف ایمان و اطاعت کے ساتھ رجوع کرے۔ جو کچھ پہلے ہو چکا ہے توبہ کرے معافی چاہے اور اپنے رب کی طرف پلٹ آئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ

قَالُوْا	يٰصٰلِحُ	قَدْ كُنْتَ	فِيْنَا	مَرْجُوًّا	قَبْلَ + هٰذَآ
وہ بولے	اے صالح	تو تھا	ہم میں (ہمارے درمیان)	مرکز امید	اس سے قبل

وہ بولے اے صالح! تو ہمارے درمیان اس سے قبل مرکز امید تھا (تجھ سے بڑی امیدیں تھیں)

اَتَنْهٰنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ

اَتَنْهٰنَآ	اَنْ + نَّعْبُدَ	مَا يَعْبُدُ	اٰبَآؤُنَا	وَاِنَّنَا	لَفِيْ + شَكٍّ
کیا تو ہمیں منع کرتا ہے	کہ ہم پرستش کریں	اسکی جس کی پرستش کرتے تھے	ہمارے باپ دادا	اور بیشک ہم	شک میں ہیں

کیا تو ہمیں منع کرتا ہے کہ ہم اس کی پرستش کریں جن کی ہمارے باپ دادا پرستش کرتے تھے۔ اور جسکی طرف تو ہمیں بلاتا ہے

مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿٦٢﴾

مِمَّا	تَدْعُوْنَآ	اِلَيْهِ	مُرِيْبٍ	
اس سے جو	تو ہمیں بلاتا ہے	اسکی طرف	قوی شبہ میں	

اس میں ہم قوی شبہ میں ہیں۔

﴿٦٢﴾ قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا قَبْلَ هٰذَآ اَتَنْهٰنَآ اَنْ نَّعْبُدَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ○ مُرِيْبٍ فِي الرَّيْبِ.

﴿٦٢﴾ وہ بولے اے صالح بے شک ان باتوں سے پہلے جو تجھ سے ظاہر ہوئیں ہم امید کرتے تھے کہ تو سردار ہوگا کیا تو ہم کو منع کرتا ہے اس سے کہ ہم پوجیں ان بتوں کو جنکو ہمارے باپ دادے پوجتے تھے اور بے شک ہم شک میں ہیں توحید سے کہ جس کی طرف تو ہم کو بلاتا ہے اور ہم کو اس میں نہایت تردد ہے۔

تشریح

قوم صالح کا جواب کہ جو پہلے سے ہوتا آرہا ہے اسکو بدلا نہیں جاسکتا | حضرت صالح ؑ کی دعوت بڑی مدلل تھی کہ جب اللہ ہی خالق و مالک ہے وہ اپنی مخلوق سے قریب اور ان کا حاجت روا ہے تو فرضی ہستیوں کو اس کی خدائی میں شریک کرنا یا ان کو وسیلہ یا ذریعہ بنانا ایک معنی بات ہے۔ دوسرے یہ کہ جس نے انسان کو پیدا کیا اور زندگی کے سامان عطا کئے اس کے بتائے ہوئے طریقے پر چلنا جو مکمل علم رکھتا ہے یہی سمجھ داری کی بات ہے۔ اس معقول دعوت کے جواب میں قوم صالح کا جواب بڑا کھوکھلا تھا کہ چونکہ پہلے سے ہمارے باپ دادا یہی کرتے آرہے ہیں اسلئے ہم اس طریقے کو چھوڑ نہیں سکتے۔ ہمیں تو یہ امید تھی کہ تم اپنے باپ دادا کا نام روشن کروگے اور ان کے طریقے کو آگے بڑھاؤ گے مگر تم نے تو ان کے طریقوں کی مخالفت کرکے ہمیں بڑی الجھن میں ڈال دیا ہے۔ تم تو باپ دادا کی راہ روشن کرنے کی بجائے اس کو مٹانے میں لگ گئے ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ

قَالَ	يٰقَوْمِ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	كُنْتُ	عَلٰى	بَيِّنَةٍ	مِّنْ
اس نے کہا	اے میری قوم	کیا دیکھتے ہو تم	اگر	میں ہوں	پر	روشن دلیل	سے

اس نے کہا اے میری قوم! تم کیا دیکھتے ہو (بھلا دیکھو تو) اگر میں اپنے رب کی طرف سے روشن دلیل

رَّبِّيْ وَاٰتٰنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ

رَبِّيْ	وَاٰتٰنِيْ	مِنْهُ	رَحْمَةً	فَمَنْ	يَّنْصُرُنِيْ	مِنَ اللّٰهِ
اپنا رب	اور اس نے مجھے دی	اپنی طرف سے	رحمت	تو کون	میری مدد کریگا (بچائیگا)	اللہ سے

پر ہوں اور اس نے مجھے اپنی طرف سے رحمت دی ہے تو اگر میں اس کی نافرمانی کروں مجھے اللہ

اِنْ عَصَيْتُهٗ ۭ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ﴿۶۳﴾

اِنْ	عَصَيْتُهٗ	فَمَا	تَزِيْدُوْنَنِيْ	غَيْرَ	تَخْسِيْرٍ
اگر	میں نافرمانی کروں	تو نہیں	تم میرے لئے بڑھاتے	سوائے	نقصان

سے کون بچائے گا؟ تم میرے لئے نقصان کے سوا کچھ نہیں بڑھاتے

﴿۶۲﴾ قَالَ يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ بَيَانٌ مِّنْ رَّبِّيْ وَاٰتٰنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً نُبُوَّةً فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ يَمْنَعُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَيْ عَذَابَهٗ اِنْ عَصَيْتُهٗ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ بِاَمْرِكُمْ لِيْ بِذٰلِكَ غَيْرَ تَخْسِيْرٍ ○ تَضْلِيْلٍ۔

﴿۶۳﴾ صالح نے کہا اے میری قوم مجھ کو بتلاؤ اگر مجھ کو میرے رب کی طرف سے دلیل روشن ملی ہو اور اس نے مجھ کو اپنے فضل سے نبوت عطا فرمائی تو اگر پھر بھی میں اس کی نافرمانی کروں تو اسکے عذاب سے مجھ کو کون بچاوے گا اور کون میری مدد کرے گا۔ سو تم لوگ جو مجھ کو اسکی نافرمانی کا امر کرتے ہو مجھ کو محض گمراہ کرنا اور ٹوٹے میں ڈالنا چاہتے ہو جس قدر تمہارے امر کی فرماں برداری کرونگا اسی قدر زیادہ گمراہ ہونگا اور نقصان اٹھاؤنگا۔

تشریح

﴿۶۲﴾ تمہارے کہنے سے میں اللہ کے روشن راستے کو کیسے چھوڑ سکتا ہوں | حضرت صالح ؑ نے اپنی قوم ثمود کو جواب دیا کہ یہ اللہ کا روشن راستہ جو میں نے خوب سوچ سمجھ کر اختیار کیا ہے اور پھر اللہ نے مجھے اپنی رحمت عظیمہ سے پیغمبری کے منصب کی ذمہ داری عطا کی۔ اگر میں تمہارے کہنے سے اس راستے کو چھوڑ کر گمراہی کا راستہ اختیار کر لوں اور اپنے رب کی نافرمانی کروں تو مجھے اس کی پکڑ سے کون بچائے گا بلکہ تمہاری وجہ سے میرا جرم اور بڑھ جائے گا کہ میں نے تم کو سیدھا راستہ بتانے کے بجائے خود بھی گمراہ ہوا اور تمہیں بھی گمراہی میں ڈالا۔ مجھے اپنے فرائض سے رک جانے کا مشورہ دیکر تم میری خیر خواہی نہیں کر رہے ہو بلکہ الٹا مجھے خسارے میں ڈال رہے ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْ

وَيٰقَوْمِ	هٰذِهٖ	نَاقَةُ + اللّٰهِ	لَكُمْ	اٰيَةً	فَذَرُوْهَا	تَاْكُلْ	فِيْ
اور اے میری قوم	یہ	اللہ کی اونٹنی	تمہارے لئے	نشانی	پس اسکو چھوڑ دو	کھائے	میں

اور اے میری قوم یہ اللہ کی اونٹنی ہے تمہارے لئے نشانی پس اسے چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں

اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿٦٤﴾

اَرْضِ + اللّٰهِ	وَلَا تَمَسُّوْهَا	بِسُوْٓءٍ	فَيَاْخُذَكُمْ	عَذَابٌ	قَرِيْبٌ
اللہ کی زمین	اور اس کو نہ چھوؤ	برائی سے	پس تمہیں پکڑ لے گا	عذاب	قریب (بہت جلد)

کھائی (پھرے) اور اس کو نہ چھوؤ (نہ پہنچاؤ) کوئی برائی (نقصان) پس تمہیں بہت جلد عذاب پکڑ لے گا۔

﴿٦٤﴾ وَيٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً حَالٌ عَامِلُهُ الْاِشَارَةُ فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ عَقْرٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ قَرِيْبٌ ○ اِنْ عَقَرْتُمُوْهَا

﴿٦٤﴾ اور اے میری قوم یہ اللہ کی اونٹنی ہے تمہارے لئے نشانی پس چھوڑ دو اس کو کہ چرے اللہ کی زمین میں اور اس کے ساتھ کسی قسم کی برائی سے پیش نہ آؤ اس کے پیر کاٹ کر اسکو قتل نہ کرو اگر اس کے پیر کاٹو گے تو تم پر بہت جلد عذاب آجاوے گا۔

تشریح

﴿٦٤﴾ **اللہ کی نشانی حضرت صالح ؑ کی اونٹنی** جیسا کہ پہلے سورۂ اعراف میں گذر چکا ہے قوم ثمود کا مطالبہ حضرت صالح ؑ سے یہ تھا کہ ہمیں کوئی ایسا معجزہ دکھاؤ جس سے ہمیں تسلی ہو جائے کہ تم واقعی اللہ کے نبی ہو۔ حضرت صالح ؑ نے ان کے مطالبے پر اللہ کے حکم سے یہ معجزہ دکھایا کہ ایک پتھر کی چٹان پھٹی اور اس میں سے ایک صحیح سالم تندرست اونٹنی باہر نکل آئی حضرت صالح ؑ نے کہا کہ دیکھو یہ اللہ کی اونٹنی ہے یہ آزادانہ تمہاری زمین میں چرتی پھرے گی ایک دن یہ اکیلی پانی پیئے گی اور دوسرے دن پوری قوم کے جانور پئیں گے۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب غزوہ تبوک کے موقع پر مدائن صالح سے گذرے تھے تو آپ نے ایک جگہ ایک کنوئیں کی نشاندہی کر کے بتایا تھا کہ یہی وہ کنواں ہے جس سے حضرت صالح ؑ کی اونٹنی پانی پیتی تھی اور ایک پہاڑی درے کے بارے میں آپ نے بتایا تھا کہ اسی درے سے وہ اونٹنی پانی پینے کے لئے آتی تھی آپ نے اس موقع پر مسلمانوں کو جمع کر کے ایک تقریر بھی فرمائی تھی جس میں قوم ثمود کے انجام پر عبرت دلائی تھی۔

حضرت صالح ؑ نے بتا دیا تھا کہ یہ اللہ کی اونٹنی ہے اگر تم نے اسے ہاتھ لگایا تو اللہ کا عذاب تم پر ٹوٹ پڑیگا اس اونٹنی کے آزادانہ چرنے پھرنے کو اور اس بات کو کہ ایک دن وہ تنہا پانی پیئے اور دوسرے دن ان کے سب جانور پئیں با دلِ ناخواستہ برداشت کرتے رہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ۭ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿٦٥﴾

فَعَقَرُوْهَا	فَقَالَ	تَمَتَّعُوْا	فِيْ	دَارِكُمْ	ثَلٰثَةَ	اَيَّامٍ	ذٰلِكَ	وَعْدٌ	غَيْرُ مَكْذُوْبٍ
انہوں نے اسکی کونچیں کاٹ دیں	اس نے کہا	برت لو	میں	اپنے گھر	تین	دن	یہ	وعدہ	نہ جھوٹا ہونے والا

پھر انہوں نے اسکی کونچیں کاٹ دیں تو اس (صالحؑ) نے کہا، تم اپنے گھروں میں برت لو تین دن اور یہ جھوٹا نہ ہونیوالا وعدہ ہے (پورا ہو کر رہے گا)

فَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ خِزْيِ

فَلَمَّا	جَاۗءَ	اَمْرُنَا	نَجَّيْنَا	صٰلِحًا	وَّالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	بِرَحْمَةٍ مِّنَّا	وَمِنْ خِزْيِ
پھر جب	آیا	ہمارا حکم	ہم نے بچالیا	صالحؑ	اور وہ لوگ جو	ایمان لائے	اسکے ساتھ	اپنی رحمت سے	اور رسوائی سے

پھر جب ہمارا حکم آیا ہم نے صالحؑ کو بچا لیا اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے اپنی رحمت (کے ذریعہ) اور اس دن کی

يَوْمِئِذٍ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿٦٦﴾

يَوْمِئِذٍ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	الْقَوِيُّ	الْعَزِيْزُ	
اس دن کی	بیشک	تمہارا رب	وہ	قوی	غالب	

رسوائی سے، بیشک تمہارا رب قوی، غالب ہے۔

﴿٦٥﴾ فَعَقَرُوْهَا عَقَرَهَا قُدَارٌ بِاَمْرِهِمْ فَقَالَ صَالِحٌ تَمَتَّعُوْا عِيْشُوْا فِيْ دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ثُمَّ تَهْلِكُوْنَ ذٰلِكَ وَعْدٌ غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ○ فِيْهِ

﴿٦٥﴾ سو انہوں نے اس کے پیر کاٹے یعنی ایک شخص قدار نام نے اس قوم کے کہنے سے اونٹنی کے پیر کاٹ ڈالے پس صالح نے فرمایا زندہ رہو تم اپنے گھروں میں تین دن پھر تم ہلاک کر دیے جاؤ گے یہ وعدہ سچا ہے جھوٹا نہیں

﴿٦٦﴾ فَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا بِاِهْلَاكِهِمْ نَجَّيْنَا صَالِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ وَهُمْ اَرْبَعَةُ اٰلَافٍ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَنَجَّيْنَاهُمْ مِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ بِكَسْرِ الْمِيْمِ اِعْرَابًا وَفَتْحِهَا بِنَاءً لِاِضَافَتِهٖ اِلٰى مَبْنِيٍّ وَهُوَ الْاَكْثَرُ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ○ اَلْغَالِبُ

﴿٦٦﴾ پس جب ہمارا حکم ان کے ہلاک کرنے کے بارہ میں آیا ہم نے نجات دی اپنی رحمت سے صالحؑ کو اور ان لوگوں کو جو ان کے ساتھ ایمان لائے وہ چار ہزار آدمی تھے اور ہم نے انکو بچایا اس دن کی رسوائی سے بیشک تیرا رب ہے قوت والا غالب۔

تشریح

﴿٦٥﴾ اونٹنی کا قتل اور حضرت صالحؑ کی تنبیہ | جس اونٹنی کی پیدائش قوم ثمود کی فرمائش پر بطور معجزہ ہوئی تھی اور حضرت صالحؑ نے کہہ دیا تھا کہ اس اونٹنی سے تعارض مت کرنا ورنہ اللہ کے عذاب کی پکڑ میں آجاؤ گے اس کے باوجود قوم ثمود نے یہ حرکت کی کہ اونٹنی کو قتل کر دیا۔ حضرت صالحؑ نے خبردار کیا کہ بس اب تین دن اپنے گھروں میں رہ لو اللہ کی طرف سے یہ آخری میعاد ہے جو جھوٹی نہ ہوگی۔

﴿٦٦﴾ قوم ثمود پر اللہ کا عذاب | آخر اللہ کے عذاب کا وقت آگیا اللہ تعالیٰ نے حضرت صالح علیہ السلام اور ان پر ایمان لانے والوں کو اپنی رحمت سے عذاب کے دن کی رسوائی سے محفوظ رکھا اور وہ بستی چھوڑ کر ایک پہاڑ میں چلے گئے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام والے پہاڑ کوہ طور کے قریب ہی ایک پہاڑی ہے جس کا نام آپ کے ہی نام پر بنی صالح پہاڑی ہے وہاں آپ اور آپ کے پیروکار مقیم رہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ

وَاَخَذَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوا	الصَّيْحَةُ	فَاَصْبَحُوْا	فِيْ
اور آپکڑا	وہ جو	انہوں نے ظلم کیا (ظالم)	چنگھاڑ	پس انہوں نے صبح کی	میں

اور ظالموں کو چنگھاڑ نے آپکڑا۔ پس انہوں نے صبح کی (صبح کے وقت)

دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٦٧﴾ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَ

دِيَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ	كَاَنْ	لَّمْ يَغْنَوْا	فِيْهَا	اَلَآ	اِنَّ	ثَمُوْدَ
اپنے گھر	اوندھے پڑے رہ گئے	گویا	نہ بسے تھے	یہاں	یاد رکھو	بیشک	ثمود

اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے گویا وہ کبھی یہاں بسے ہی نہ تھے یاد رکھو بیشک قوم ثمود

ع

كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ﴿٦٨﴾

كَفَرُوْا	رَبَّهُمْ	اَلَا	بُعْدًا	لِّثَمُوْدَ	
منکر ہوئے	اپنے رب کے	یاد رکھو	پھٹکار	ثمود پر	

اپنے رب کے منکر ہوئے۔ یاد رکھو ثمود پر پھٹکار ہے۔

ع ۶

﴿٦٧﴾ وَاَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ۝

﴿٦٧﴾ اور پکڑا ان ظالموں کو ایک آواز سخت نے آسمان سے سو ہو گئے وہ اپنے گھروں میں مردہ گھٹنوں کے بل گرے ہوئے

﴿٦٨﴾ گویا کہ وہ اپنے گھروں میں کبھی آباد نہ ہوئے تھے۔ خبردار بیشک ثمود نے کفر کیا اپنے رب کا خبردار دوری ہے اللہ کی رحمت سے قوم ثمود کو۔

بَارِكِيْنَ عَلَى الرُّكَبِ مَيِّتِيْنَ۔

﴿٦٨﴾ كَاَنْ مُّخَفَّفَةٌ وَّاِسْمُهَا مَحْذُوْفٌ اَيْ كَاَنَّهُمْ لَمْ يَغْنَوْا يُقِيْمُوْا فِيْهَا فِيْ دَارِهِمْ اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَ كَفَرُوْا رَبَّهُمْ اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ ۝ بِالصَّرْفِ وَتَرْكِهٖ عَلٰى مَعْنَى الْحَيِّ وَالْقَبِيْلَةِ

تشریح

﴿٦٧﴾ **قوم ثمود پر عذاب کی نوعیت** قوم ثمود پر کس طرح کا عذاب آیا وہ یہ کہ ایک سخت دھماکے یا چنگھاڑ نے ان کو دھر لیا اور وہ اپنی بستیوں میں اوندھے منہ پڑے کے پڑے رہ گئے۔

﴿٦٨﴾ **نافرمان قوم ثمود کا انجام** یہ قوم خود اپنی ہنرمندی اور پہاڑوں کو تراش کر مکان بنانے میں کمال رکھتی تھی جس کے نمونے آج بھی مدائن صالح کے کھنڈرات میں دیکھے جا سکتے ہیں ان کی بستی کی بستیاں ایسی ہو گئیں جیسے وہاں کبھی کوئی آبادی تھی ہی نہیں۔ بے نام و نشان یہ قوم ——— سنو انھوں نے اپنے رب کی نافرمانی کی۔ پھٹکار ہے ثمود پر۔ چشم کشا کے لئے عبرت کے یہ نمونے سبق حاصل کرنے کے لئے کافی ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ

وَلَقَدْ	جَآءَتْ	رُسُلُنَآ	اِبْرٰهِيْمَ	بِالْبُشْرٰى	قَالُوْا	سَلٰمًا	قَالَ	سَلٰمٌ
اور البتہ	آئے	ہمارے فرشتے	ابراہیم ؑ	خوشخبری لیکر	وہ بولے	سلام	اس نے کہا	سلام

اور ہمارے فرشتے البتہ ابراہیم ؑ کے پاس خوش خبری لے کر آئے ، وہ سلام بولے اس (ابراہیم ؑ) نے سلام کہا

فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ﴿۶۹﴾ فَلَمَّا رَاٰۤ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ

فَمَا + لَبِثَ	اَنْ	جَآءَ + بِعِجْلٍ	حَنِيْذٍ	فَلَمَّا	رَاٰ + اَيْدِيَهُمْ	لَا تَصِلُ
پھر اس نے دیر نہ کی	کہ	ایک بچھڑا لے آیا	بھنا ہوا۔	پھر جب	اس نے دیکھے انکے ہاتھ	نہیں پہنچتے

پھر اس نے دیر نہ کی کہ ایک بھنا ہوا بچھڑا لے آیا۔ پھر جب اس (ابراہیم ؑ) نے دیکھا کہ ان کے ہاتھ کھانے کی طرف

اِلَيْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّآ

اِلَيْهِ	نَكِرَهُمْ	وَاَوْجَسَ	مِنْهُمْ	خِيْفَةً	قَالُوْا	لَا تَخَفْ	اِنَّآ
اسکی طرف	وہ ان سے ڈرا	اور محسوس کیا	ان سے	خوف	وہ بولے	ڈرو مت	بیشک ہم

نہیں پہونچتے تو وہ ان سے ڈرا اور دل میں ان سے خوف محسوس کیا وہ بولے ڈرو مت بیشک ہم

اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ﴿۷۰﴾ وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا

اُرْسِلْنَآ	اِلٰى	قَوْمِ	لُوْطٍ	وَامْرَاَتُهٗ	قَآئِمَةٌ	فَضَحِكَتْ	فَبَشَّرْنٰهَا
بھیجے گئے ہیں	طرف	قوم	لوط	اور اس کی بیوی	کھڑی ہوئی	تو وہ ہنس پڑی	سو ہم نے اسے خوشخبری دی

قوم لوط ؑ کی طرف بھیجے گئے ہیں۔ اور اس کی بیوی کھڑی ہوئی تھی تو وہ ہنس پڑی سو ہم نے اسے خوشخبری

بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ﴿۷۱﴾

بِاِسْحٰقَ	وَمِنْ + وَّرَآءِ	اِسْحٰقَ	يَعْقُوْبَ
اسحق ؑ کی	اور بعد	اسحٰق ؑ	یعقوب ؑ

دی اسحٰق ؑ اور اسحٰق ؑ کے بعد یعقوب ؑ کی۔

﴿۶۹﴾ وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى اَیْ بِاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ بَعْدَهٗ قَالُوْا سَلٰمًا مَصْدَرٌ قَالَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ○ مَشْوِیٍّ ﴿۷۰﴾ فَلَمَّا رَاٰۤ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ

﴿۶۹﴾ وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ بِالْبُشْرٰى الخ اور بلاشبہ آئے ہمارے پیغامبر ابراہیم ؑ کے پاس اسحٰق ؑ کی خوشخبری لیکر اور اسحاق کے بعد یعقوب ؑ کے پیدا ہونے کی خوش خبری سنانے کو فرشتوں نے آکر ابراہیم کو سلام کیا ابراہیم ؑ نے جواب دیا کہ تم پر سلام ہو۔ سو نہ دیر کی ابراہیم ؑ نے کہ

﴿۷۰﴾ پس جب ابراہیم ؑ نے دیکھا کہ انکے ہاتھ اس کی طرف نہیں جھکتے اُن کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَكِرَهُمْ بِمَعْنَى أَنْكَرَهُمْ فَأَوْجَسَ أَضْمَرَ فِي نَفْسِهِ مِنْهُمْ خِيفَةً خَوْفًا قَالُوا لَا تَخَفْ إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمِ لُوطٍ ○ لِنُهْلِكَهُمْ

اور ابراہیم نے دل میں ان سے ڈر اوہ بولے کہ تو خوف نہ کر بیشک ہم بھیجے گئے ہیں قوم لوط کے ہلاک کرنے کو۔

(۷۱) وَامْرَأَتُهُ أَيْ إِبْرَاهِيمَ سَارَةُ قَائِمَةٌ تَخْدِمُهُمْ فَضَحِكَتْ اسْتَبْشَارًا بِهَلَاكِهِمْ فَبَشَّرْنَاهَا بِإِسْحَٰقَ وَمِنْ وَرَاءِ بَعْدِ إِسْحَٰقَ يَعْقُوبَ ○ وَلَدَهُ تَعِيشُ إِلَىٰ أَنْ تَرَاهُ

(۷۱) اور ابراہیم ؑ کی بیوی سارا کھڑی ہوئی خدمت کر رہی تھی وہ قوم لوط کی ہلاک کی خوشخبری سنکر ہنسی پس ہم نے بشارت دی اس کو ساتھ پیدا ہونے اسحاق کے اور اسحاق کے بعد یعقوب کے پیدا ہونے کی جو بیٹا ہے اسحٰق کا یعنی سارہ اتنی مدت زندہ رہیگی کہ یعقوب اپنے پوتے کو دیکھے۔

تشریح

(۶۹) حضرت لوط ؑ کے واقعہ کی تمہید حضرت ابراہیم ؑ کا واقعہ | اس سورۃ یعنی سورۂ ہود میں جو واقعات بیان ہو رہے ہیں وہ اسی ترتیب کے مطابق ہیں جو سورۂ اعراف میں گذر چکی ہے۔ البتہ قوم لوط کے واقعہ سے پہلے حضرت ابراہیم ؑ کا واقعہ بطور تمہید کے بیان کیا گیا ہے۔ حضرت لوط حضرت ابراہیم کے بھتیجے ہیں اور ان کے ساتھ ہی عراق سے ہجرت کر کے آئے تھے ——— حضرت ابراہیم ؑ نے قوم لوط کی ہلاکت کے سلسلے میں فرشتوں سے گفتگو بھی کی جس کا بیان آگے کی آیتوں میں آرہا ہے ——— واقعہ یہ پیش آیا کہ حضرت ابراہیم ؑ کے پاس فرشتے انسانی شکل میں حسین وجمیل نوجوانوں کی صورت میں آئے۔ حضرت ابراہیم نے یہ سمجھ کر کہ یہ نووارد مہمان ہیں مہمان نوازی کا انتظام کیا اور ان کے سامنے بھنا ہوا بچھڑا پیش کیا۔ حاضری کے وقت فرشتوں نے حضرت ابراہیم ؑ کو سلام کیا اور کہا کہ ہم خوش خبری لیکر آئے ہیں۔ حضرت ابراہیم نے ان کے سلام کا جواب دیا۔

(۷۰) فرشتوں کا نہ کھانا اور حضرت ابراہیم ؑ کا خوف | حضرت ابراہیم ؑ نے اُن کے سامنے کھانا رکھا لیکن ان کے ہاتھ کھانے کے لئے آگے نہیں بڑھے۔ حضرت ابراہیم سمجھ گئے کہ یہ انسانی شکل میں فرشتے ہیں۔ ان کے اس طرح غیر معمولی طریقے پر آنے سے وہ کچھ دہشت زدہ ہوئے۔ فرشتوں نے کہا کہ آپ گھبرائیں نہیں ہمیں قوم لوط کیطرف بھیجا گیا ہے۔

(۷۱) حضرت سارہ کو حضرت اسحاق اور حضرت یعقوب کی بشارت | اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم کی دوسری بیوی حضرت ہاجرہ کو حضرت اسماعیل عطا کئے تھے جو ذبیح اللہ ہوئے۔ حضرت سارہ کے اس وقت تک کوئی اولاد نہ تھی ایک روایت کے مطابق حضرت سارہ کی عمر تقریباً نوّے (۹۰) سال تھی اور حضرت ابراہیم بھی سو سال کی عمر کو پہنچ رہے تھے۔ حضرت سارہ اس وقت وہیں کھڑی ہوئی تھیں۔ فرشتوں کی بات سن کر ان کو بھی تسلی ہو گئی تھی اور وہ مسکرا رہی تھیں کہ فرشتوں نے ان کو خوشخبری دی کہ ان کے ایک بیٹا پیدا ہوگا جس کا نام اسحاق ہوگا۔ اور بیٹا ہی نہیں بلکہ پوتا بھی ہوگا جس کا نام یعقوب ہوگا اور یہ دونوں اللہ کے عالی قدر پیغمبر ہوں گے۔

بحالتِ پیری بیٹے اور پوتے کی خوشخبری بڑی حیران کن تھی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِىْ شَيْخًا ؕ اِنَّ

قَالَتْ	يٰوَيْلَتٰٓى	ءَاَلِدُ	وَاَنَا	عَجُوْزٌ	وَّهٰذَا	بَعْلِىْ	شَيْخًا	اِنَّ
وہ بولی	اے خرابی (اے ہے)	کیا میرے بچہ ہوگا	حالانکہ میں	بڑھیا	اور یہ	میرا خاوند	بوڑھا	بیشک

وہ بولی، اے ہے، کیا میرے بچہ ہوگا؟ حالانکہ میں بڑھیا ہوں اور یہ میرا خاوند بوڑھا ہے بیشک یہ

هٰذَا لَشَىْءٌ عَجِيْبٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ

هٰذَا	لَشَىْءٌ	عَجِيْبٌ	قَالُوْٓا	اَتَعْجَبِيْنَ	مِنْ	اَمْرِ اللّٰهِ	رَحْمَتُ
یہ	ایک چیز (بات)	عجیب	وہ بولے	کیا تو تعجب کرتی ہے	سے	اللہ کا حکم	رحمت

ایک عجیب بات ہے۔ وہ بولے کیا تو اللہ کے حکم سے (اللہ کی قدرت پر) تعجب کرتی ہو؟ تم پر اللہ

اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴿۷۳﴾

اللّٰهِ	وَبَرَكٰتُهٗ	عَلَيْكُمْ	اَهْلَ + الْبَيْتِ	اِنَّهٗ	حَمِيْدٌ	مَّجِيْدٌ
اللہ	اور اس کی برکتیں	تم پر	اے گھر والو	بیشک وہ	خوبیوں والا	بزرگی والا

کی رحمت اور اس کی برکتیں اے گھر والو! بیشک وہ خوبیوں والا، بزرگی والا ہے

﴿۷۲﴾ قَالَتْ يَا وَيْلَتٰى كَلِمَةٌ تُقَالُ عِنْدَ اَمْرٍ عَظِيْمٍ وَالْاَلِفُ مُبْدَلَةٌ مِنْ يَاءِ الْاِضَافَةِ ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ لِىْ تِسْعٌ وَتِسْعُوْنَ سَنَةً وَّهٰذَا بَعْلِىْ شَيْخًا لَهٗ مِائَةٌ وَعِشْرُوْنَ سَنَةً وَنَصْبُهٗ عَلَى الْحَالِ وَالْعَامِلُ فِيْهِ مَا فِىْ ذَا مِنَ الْاِشَارَةِ اِنَّ هٰذَا لَشَىْءٌ عَجِيْبٌ ○ اَنْ يُّوْلَدَ وَلَدٌ لِهَرَمَيْنِ

﴿۷۲﴾ وہ کہنے لگی اے خرابی میری (یہ کلمہ بڑے امر کے ظاہر ہونے کے وقت بولا جاتا ہے اس کا الف یائے اضافت سے بدلا ہوا ہے) کیا میں بڑھیا ننانوے ۹۹ برس کی ہو کر بچہ جنوں گی اور یہ خاوند میرا ابراہیم بوڑھا ایک سو بیس ۱۲۰ برس کا ہے بے شک یہ ایک چیز عجیب ہے کہ بوڑھے اور بڑھیا کے بچہ پیدا ہو۔

﴿۷۳﴾ قَالُوْٓا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ قُدْرَتِهٖ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْبَيْتِ بَيْتَ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَحْمُوْدٌ مَّجِيْدٌ ○ كَرِيْمٌ

﴿۷۳﴾ فرشتوں نے کہا کیا تو اے سارہ اللہ کی قدرت سے تعجب کرتی ہے تم پر اے ابراہیم کے گھر والو اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہیں بیشک اللہ لائق حمد بزرگی والا ہے۔

تشریح

﴿۷۲﴾ حضرت سارہ کی حیرت انگیز فرحت | ظاہر ہے یہ بشارت بڑی حیرت انگیز تھی حضرت سارہ نے حیرانگی سے کہا ہائے میں نگوڑی بڑھیا پھوس کیا بچے جنوں گی؟ اور یہ میرے میاں بھی تو بوڑھے ہو چکے ہیں۔ ہے نا بڑی عجیب بات؟

﴿۷۳﴾ حضرت ابراہیم کے گھر والوں کے لئے فرشتوں کی دعا | فرشتوں نے کہا کیا اللہ کے حکم پر تعجب کرتے ہو؟ اگرچہ عادتاً اس عمر میں اولاد نہیں ہوا کرتی لیکن اللہ کی قدرت سے بہت کچھ ممکن ہے۔ ابراہیم کے گھر والوں تم پر تو اللہ کی خاص رحمتیں اور برکتیں ہیں، یقیناً رب العالمین بڑی تعریف والے اور بڑی شان والے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ

فَلَمَّا	ذَهَبَ	عَنْ	اِبْرٰهِيْمَ	الرَّوْعُ	وَجَآءَتْهُ	الْبُشْرٰى	يُجَادِلُنَا	فِيْ	قَوْمِ
پھر جب	جاتا رہا	سے (کا)	ابراہیم	خوف	اور اسکے پاس آگئی	خوشخبری	ہم سے جھگڑنے لگا	میں	قوم

پھر جب ابراہیم کا خوف جاتا رہا ، اور اس کے پاس خوش خبری آگئی، وہ ہم سے قوم لوط ؑ (کے بارے میں) جھگڑنے

لُوْطٍ ﴿۷۴﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ﴿۷۵﴾

لُوْطٍ	اِنَّ	اِبْرٰهِيْمَ	لَحَلِيْمٌ	اَوَّاهٌ	مُّنِيْبٌ
لوط	بیشک	ابراہیم ؑ	بردبار	نرم دل	رجوع کرنے والا

لگا۔ بیشک ابراہیم ؑ بردبار ، نرم دل رجوع کرنے والا ہے۔

﴿۷۴﴾ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ الْخَوْفُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى بِالْوَلَدِ اَخَذَ يُجَادِلُنَا يُجَادِلُ رُسُلَنَا فِيْ شَاْنِ قَوْمِ لُوْطٍ ○

﴿۷۴﴾ پس جب جاتا رہا ابراہیم کے جی سے خوف اور اولاد کی خوشخبری اس کو پہنچی وہ جھگڑنے لگا ہمارے پیغمبروں سے قوم لوط کے بارہ میں۔

﴿۷۵﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ كَثِيْرُ الْاَنَاةِ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ○ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ○ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ○ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ○ قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ○ قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْۤ اِلٰى رُكْنٍ شَدِيْدٍ ○ قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ○ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ مَّنْضُوْدٍ ○ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ وَمَا هِيَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ○ وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ وَّاِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ○ وَيٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ○ بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ○ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ○ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰى مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ○ وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ○ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ○ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ○ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ○ وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ○ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ○ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ○ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ○ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْٓا اَمْرَ فِرْعَوْنَ وَمَآ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ○ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ○ وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ○ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّحَصِيْدٌ ○ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ○ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ○ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ○ وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ○ يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ○ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ○ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ○ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ○ فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ○ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ○ وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ○ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ○ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ○ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ○ وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ○ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ○ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ○ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ○ وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ○ وَانْتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ○ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ○

تشریح

﴿۷۴﴾ قوط لوط کے بارے میں حضرت ابراہیم کا فرشتوں سے جھگڑنا | حضرت ابراہیم ؑ کی گھبراہٹ دور ہو چکی تھی اور اولاد کی بشارت سنکر آپ کا دل خوش ہو گیا تھا مگر چونکہ آپ بہت رحم دل اور رقیق القلب تھے اس لئے یہ سن کر کہ فرشتے قوم لوط پر عذاب نازل کرنے کے لئے آئے ہیں ردوکد کرنے لگے کہ کسی طرح یہ عذاب قوم لوط پر سے ٹال دیا جائے۔

﴿۷۵﴾ حضرت ابراہیم ؑ کا حلم اور نرمی | یہ ردوکد اس لئے تھی کہ حضرت ابراہیم ؑ بڑے حلیم و بردبار اور نرم دل تھے اور ہر حال میں اللہ کی طرف رجوع کرتے تھے وہ چاہتے تھے کہ قوم لوط کو سنبھلنے کا موقع ملے۔ آنے والا عذاب اللہ تم اپنی رحمت سے ٹال دے اس لئے وہ بار بار اصرار کر رہے تھے اور خواہش رکھتے تھے کہ ان کی درخواست قبول کر لی جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَـٰٓإِبْرَٰهِيمُ أَعْرِضْ عَنْ هَـٰذَآ ۚ إِنَّهُۥ قَدْ جَآءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۚ

يَـٰٓإِبْرَٰهِيمُ	أَعْرِضْ	عَنْ هَـٰذَآ	إِنَّهُۥ	قَدْ جَآءَ	أَمْرُ رَبِّكَ
اے ابراہیمؑ	اعراض کر	اس سے	بیشک یہ	آچکا	تیرے رب کا حکم

اے ابراہیمؑ اس سے اعراض کر (یہ خیال چھوڑ دے) بیشک تیرے رب کا حکم آچکا

وَإِنَّهُمْ ءَاتِيهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُودٍ ﴿٧٦﴾

وَإِنَّهُمْ	ءَاتِيهِمْ	عَذَابٌ	غَيْرُ مَرْدُودٍ
اور بیشک وہ	اُن پر آگیا	عذاب	نہ ٹلایا جانے والا

اور بیشک ان پر نہ ٹلایا جانے والا عذاب آنے والا ہے۔

﴿٧٦﴾ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ إِبْرَٰهِيمَ ٱلرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ ٱلْبُشْرَىٰ يُجَٰدِلُنَا فِى قَوْمِ لُوطٍ ۚ

﴿٧٦﴾ پس جب دیر تک ان میں یہی جھگڑا ہوا فرشتوں نے کہا

أَعْرِضْ عَنْ هَـٰذَآ ۖ إِنَّهُۥ قَدْ جَآءَ أَمْرُ رَبِّكَ ۖ وَإِنَّهُمْ ءَاتِيهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُودٍ ۝

اے ابراہیم جھوڑ اس جھگڑے کو بیشک بات یہ ہے کہ تیرے رب کا حکم ان کے ہلاک کرنے کے بارے میں آگیا اور بیشک ان پر عذاب آنے والا ہے جو لوٹ نہ سکے گا

تشریح

﴿٧٦﴾ اللہ کا عذاب قانونِ مکافات ہے ٹلنے والا نہیں ہے

اللہ کے فرشتوں نے حضرت ابراہیمؑ سے کہا کہ اے ابراہیم آپ اس بات کو رہنے دیں۔ آپ کے رب کا حکم ہو چکا ہے اور اب ان لوگوں پر عذاب آکر رہیگا جو کسی کے پھیرے پھر نہیں سکتا۔

حضرت ابراہیم کے اس واقعہ کو حضرت لوط کے قصے کی تمہید کے طور پر بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ:

○ قریش کے لوگ اپنے آپ کو حضرت ابراہیم کی اولاد کہتے تھے اور یہ سمجھتے تھے کہ ہم پیرزادے ہیں ہم پر اللہ کا عذاب کس طرح نازل ہو سکتا ہے۔ اور یہ سمجھتے تھے کہ ہم اللہ کے اس برگزیدہ بندے کی اولاد ہیں جو اللہ کے دربار میں ہماری سفارش کرے گا۔ حضرت ابراہیم و حضرت لوط کا واقعہ بیان کرکے ان کو بتایا جا رہا ہے کہ ایک طرف تو حضرت ابراہیمؑ پر اللہ کی بے پناہ عنایتیں ہیں مگر جب وہ اللہ کے انصاف کے معاملے میں دخل دیتے ہیں تو اللہ تعالیٰ انکی سفارش کو قبول نہیں کرتے۔

○ یہ بھی بتانا ہے کہ اللہ کا قانونِ مکافات کہ جیسا کروگے ویسا بھروگے ایک تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔ ایک طرف حضرت ابراہیمؑ ہیں کہ اللہ کے دین کے لئے قربانی دیتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کے حسنِ عمل کا پھل بھی ان کو عطا کرتا ہے جن سے بنی اسرائیل کی نسل چلتی ہے اور ان کی عظمت کے ڈنکے صدیوں تک اس شام اور فلسطین میں بجتے رہے جہاں حضرت ابراہیمؑ ایک بے گھر مہاجر کی حیثیت سے آباد ہوئے تھے۔ دوسری طرف قوم لوط ہے جو اپنی خوشحالی پر مگن بدکاریوں میں مبتلا ہے اللہ تعالیٰ اس قوم کو نیست و نابود کرنے کا فیصلہ کرتا ہے اور حضرت ابراہیمؑ کی نسل سے ایک اقبال مند قوم ابھر رہی ہے۔ یہ واقعات اپنے پہلو میں عبرت و نصیحت کے کتنے ہی سامان لئے ہوئے ہیں۔ اور تاریخ اسی لئے ہوتی ہے کہ اس سے عبرت حاصل کرکے مستقبل کے نقشے بنائے جائیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِیْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا

وَلَمَّا	جَآءَتْ	رُسُلُنَا	لُوْطًا	سِیْٓءَ	بِهِمْ	وَضَاقَ	بِهِمْ	ذَرْعًا	وَّقَالَ	هٰذَا
اور جب	آئے	ہمارے فرشتے	لوط کے پاس	وہ غمگین ہوا	ان سے	اور تنگ ہوا	ان سے	دل میں	اور بولا	یہ

اور جب ہمارے فرشتے لوط کے پاس آئے وہ ان سے غمگین ہوا اور تنگ دل ہوا ان (کی طرف) سے اور بولا یہ بڑا سختی کا

یَوْمٌ عَصِیْبٌ ﴿۷۷﴾ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ یُهْرَعُوْنَ اِلَیْهِ ؕ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ

یَوْمٌ + عَصِیْبٌ	وَجَآءَهٗ	قَوْمُهٗ	یُهْرَعُوْنَ	اِلَیْهِ	وَ	مِنْ قَبْلُ	كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ
بڑا سختی کا دن	اور اس کے پاس آئی	اسکی قوم	دوڑتی ہوئی	اسکی طرف	اور	اس سے قبل	وہ کرتے تھے

دن ہے اور اس کے پاس اس کی قوم دوڑتی ہوئی آئی اور وہ اس سے قبل برے کام کرتے

السَّیِّاٰتِ ؕ قَالَ یٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِیْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ

السَّیِّاٰتِ	قَالَ	یٰقَوْمِ	هٰٓؤُلَآءِ	بَنَاتِیْ	هُنَّ	اَطْهَرُ	لَكُمْ	فَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ	لَا تُخْزُوْنِ
برے کام	اس نے کہا	اے میری قوم	یہ	میری بیٹیاں	یہ	پاکیزہ	تمہارے لئے	پس ڈرو	اللہ	اور	نہ رسوا کرو مجھے

تھے ، اس نے کہا اے میری قوم ! یہ میری بیٹیاں (موجود) ہیں یہ تمہارے لئے پاکیزہ ہیں پس اللہ سے ڈرو اور مجھے میرے

فِیْ ضَیْفِیْ ؕ اَلَیْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِیْدٌ ﴿۷۸﴾ قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِیْ

فِیْ ضَیْفِیْ	اَلَیْسَ	مِنْكُمْ	رَجُلٌ	رَّشِیْدٌ	قَالُوْا	لَقَدْ عَلِمْتَ	مَا لَنَا	فِیْ
میرے مہمانوں میں	کیا نہیں	تم سے (تم میں)	ایک آدمی	نیک چلن	وہ بولے	تو تو جانتا ہے	ہمارے لئے نہیں	میں

مہمانوں میں رسوا نہ کرو، کیا تم میں ایک آدمی بھی) نیک چلن نہیں ؟ وہ بولے تو تو جانتا ہے، تیری بیٹیوں میں ہمارے لئے

بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِیْدُ ﴿۷۹﴾

بَنٰتِكَ	مِنْ	حَقٍّ	وَاِنَّكَ	لَتَعْلَمُ	مَا + نُرِیْدُ
تیری بیٹیاں	کوئی	حق	اور بیشک تو	خوب جانتا ہے	ہم کیا چاہتے ہیں

کوئی حق (غرض) نہیں ۔ اور بیشک تو خوب جانتا ہے کہ ہم کیا چاہتے ہیں ؟ ۔

وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِیْٓءَ بِهِمْ حَزَنَ بِسَبَبِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا صَدْرًا لِاَنَّهُمْ حِسَانُ الْوُجُوْهِ فِیْ صُوْرَةِ اَضْیَافٍ فَخَافَ عَلَیْهِمْ قَوْمَهٗ وَقَالَ هٰذَا یَوْمٌ عَصِیْبٌ ○ شَدِیْدٌ

﴿۷۸﴾ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ لَمَّا عَلِمُوْا بِهِمْ یُهْرَعُوْنَ

﴿۷۷﴾ اور جب آئے ہمارے فرشتے لوط کے پاس وہ انکی وجہ سے غمگین ہوا اور ان کے آنے سے ان کا دل تنگ ہوا اس لئے کہ وہ خوبصورت نئے مہمانوں کی شکل میں آئے تھے۔ لوط نے اپنی قوم کی طرف سے اندیشہ کیا کہ وہ لوگ ان مہمانوں کے ساتھ بدی سے پیش آئیں گے اسلئے وہ ڈرا اور کہا یہ بہت سخت دن ہے

﴿۷۸﴾ اور اس کی قوم کو جب ان مہمانوں یعنی فرشتوں کے آنے کی خبر ملی

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُسْرِعُوْنَ اِلَيْهِ ۭ وَمِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۭ قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَاۗءِ بَنَاتِيْ هُنَّ اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ۭ اَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ۝ قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ۝

وہ دوڑتے ہوئے اس کی طرف آئے اور اس اپنے آنے سے پہلے وہ بدیاں کرتے تھے یعنی مردوں سے لواطت کرتے تھے) لوط نے کہا اے میری قوم یہ میری بیٹیاں موجود ہیں سو ان سے نکاح کر لو یہ زیادہ صاف اور ستھری ہیں تمہارے لئے پس ڈرو اللہ سے اور مجھ کو مہمانوں کے بارے میں رسوا نہ کرو کیا تم میں کوئی مرد ہوشیار نیک چال والا نہیں جو بھلائی کا حکم کرے اور بری باتوں سے منع کرے۔

(۷۹) وہ بولے کہ بیشک تو جانتا ہے کہ ہم کو تیری بیٹیوں کی حاجت نہیں اور تو جانتا ہے جو ہم چاہتے ہیں لڑکوں سے بدی کرنا۔

تشریح

(۷۷) فرشتے حضرت لوط کے پاس پہنچے | قوم لوط خلاف فطرت انتہائی شرمناک حرکت میں مبتلا تھی کہ عورتوں کے بجائے لڑکوں سے جنسی تعلق قائم کرتے تھے۔ اللہ کے بھیجے ہوئے یہ فرشتے جو نہایت خوبصورت نوجوان لڑکوں کی شکل میں تھے حضرت ابراہیم ؑ سے ملنے کے بعد حضرت لوط کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت لوط ان کو دیکھ کر گھبرا گئے، دل میں بڑی پریشانی محسوس کی۔ اپنی قوم کی بے جا حرکت سے واقف تھے۔ پریشان ہوئے کہ قوم کے لوگ ان کو دیکھ کر عادت کے مطابق حرکت کرنے کی کوشش کریں گے۔ فرمانے لگے کہ آج کا دن بڑا مشکل ہے

(۷۸) قوم لوط کی بے حیائی کی حرکتیں | قوم لوط نے ان مہمانوں کو دیکھ لیا تھا حسین و جمیل لڑکوں کو دیکھ کر وہ کہاں رکنے والے تھے بے اختیار حضرت لوط کے مکان کی طرف دوڑ پڑے۔ ایسی بدکاریوں کی ان کو عادت پڑی ہوئی تھی اور مطالبہ کیا کہ ان کو ہمارے حوالے کرو۔ ہم پہلے ہی کہہ چکے تھے کہ تم باہر سے آنے والے مردوں کو اپنا مہمان مت بنایا کرو۔ حضرت لوط نے ان سے کہا، بھائیو! میری اور قوم کی بیٹیاں موجود ہیں تم ان سے نکاح کر کے اپنی حاجت جائز طریقے پر پوری کر سکتے ہو، وہ تمہارے لئے زیادہ پاکیزہ ہیں، اللہ کا خوف کرو اور میرے مہمانوں کے معاملے میں مجھے رسوا نہ کرو، کیا تم میں کوئی بھی بھلا آدمی نہیں ہے جو سیدھی سیدھی باتوں کو سمجھ کر نیکی کا راستہ اختیار کرے۔

(۷۹) قوم لوط نے جواب دیا ہمیں لڑکیوں میں کوئی دلچسپی نہیں جو ہم چاہتے ہیں وہ تم جانتے ہو۔ | قوم لوط کی گراوٹ اس حد تک پہنچ گئی تھی کہ ان کی ساری رغبت اسی گندی راہ میں تھی وہ اس درجہ بے حیا ہو چکے تھے کہ ڈھٹائی کے ساتھ جواب دیتے رہے کہ ہمیں اس راہ سے کوئی دلچسپی نہیں ہے اخلاق کے زوال اور نفس کے بگاڑ کا یہ آخری مرتبہ ہے۔ انسان نفس کی کسی کمزوری کی وجہ سے حرام میں مبتلا ہو جائے یہ الگ بات ہے مگر اس کی ساری رغبت حرام ہی کی طرف ہو جائے اور وہ سمجھے کہ حلال اس کے لئے ہے ہی نہیں تو اب اس کے سدھرنے کی امید ہی نہیں رہتی۔ قوم لوط کی گراوٹ اسی انتہا کو پہنچ چکی تھی۔ گندی نالی کے کیڑے کی طرح انہیں گندگی پسند تھی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ لَوْ اَنَّ لِیْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِیْۤ اِلٰى رُكْنٍ شَدِیْدٍ ﴿۸۰﴾ قَالُوْا یٰلُوْطُ اِنَّا

قَالَ	لَوْ اَنَّ	لِیْ	بِكُمْ	قُوَّةً	اَوْ اٰوِیْ	اِلٰى	رُكْنٍ	شَدِیْدٍ	قَالُوْا	یٰلُوْطُ	اِنَّا
اس نے کہا	کاش کہ	میرے لئے (میرا)	تم پر	کوئی زور	یا میں پناہ لیتا	طرف	پایہ	مضبوط	وہ بولے	اے لوط	بیشک ہم

اس نے کہا کاش میرا تم پر کوئی زور ہوتا، یا میں کسی مضبوط پایہ کی پناہ لیتا (وہ (فرشتے) بولے اے لوط ؑ! بیشک ہم

رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ یَّصِلُوْۤا اِلَیْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّیْلِ وَلَا

رُسُلُ	رَبِّكَ	لَنْ یَّصِلُوْۤا	اِلَیْكَ	فَاَسْرِ	بِاَهْلِكَ	بِقِطْعٍ	مِّنَ	الَّیْلِ	وَلَا
بھیجے ہوئے	تمہارا رب	وہ ہرگز نہ پہنچیں گے	تم تک	سو لے نکل	اپنے گھر والوں کو	کوئی حصہ	سے (کا)	رات	اور نہ

تمہارے رب کے بھیجے ہوئے ہیں وہ تم تک ہرگز نہ پہنچ سکیں گے، سو تم اپنے گھر والوں کو رات کے کسی حصہ میں (راتوں رات) لے نکلو اور مڑ کر

یَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ مُصِیْبُهَا مَاۤ اَصَابَهُمْ ؕ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ

یَلْتَفِتْ	مِنْكُمْ	اَحَدٌ	اِلَّا	امْرَاَتَكَ	اِنَّهٗ	مُصِیْبُهَا	مَاۤ	اَصَابَهُمْ	اِنَّ	مَوْعِدَهُمُ
مڑ کر دیکھے	تم میں سے	کوئی	سوا	تمہاری بیوی	بیشک وہ	اسکو پہنچنے والا	جو	انکو پہنچیگا	بیشک	ان کا وعدہ

نہ دیکھے تم میں سے تمہاری بیوی کے سوا کوئی، بیشک جو اُن کو پہنچے گا، اس کو پہنچنے والا ہے (پہنچ کر رہے گا) بیشک ان پر (عذاب کے) وعدہ کا

الصُّبْحُ ؕ اَلَیْسَ الصُّبْحُ بِقَرِیْبٍ ﴿۸۱﴾ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِیَهَا

الصُّبْحُ	اَلَیْسَ	الصُّبْحُ	بِقَرِیْبٍ	فَلَمَّا	جَآءَ	اَمْرُنَا	جَعَلْنَا	عَالِیَهَا
صبح	کیا نہیں	صبح	نزدیک	پس جب	آیا	ہمارا حکم	ہم نے کر دیا	اس کا اوپر (بلند)

وقت صبح ہے۔ کیا صبح نزدیک نہیں؟ پس جب ہمارا حکم آیا ہم نے ان کا بلند پست کر دیا (زیر و زبر

سَافِلَهَا وَ اَمْطَرْنَا عَلَیْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّیْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ﴿۸۲﴾

سَافِلَهَا	وَ اَمْطَرْنَا	عَلَیْهَا	حِجَارَةً	مِّنْ + سِجِّیْلٍ	مَّنْضُوْدٍ
اسکا نیچا (پست)	اور ہم نے برسائے	اس پر	پتھر	کنکر (سنگریزہ)	نشان کئے ہوئے

کر دیا) اور ہم نے برسائے اس (بستی) پر سنگریزے کے پتھر تہہ بہ تہہ (لگاتار)

(۸۰) قَالَ لَوْ اَنَّ لِیْ بِكُمْ قُوَّةً طَاقَةً اَوْ اٰوِیْۤ اِلٰى رُكْنٍ شَدِیْدٍ ○ عَشِیْرَةً تَنْصُرُنِیْ لَبَطَشْتُ بِكُمْ۔ فَلَمَّا رَاَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ ذٰلِكَ

(۸۱) قَالُوْا یٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ یَّصِلُوْۤا اِلَیْكَ بِسُوْٓءٍ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّیْلِ وَلَا یَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا

(۸۰) لوط نے کہا بیشک اگر مجھکو تمہارے مقابلہ کی طاقت ہوتی یا میں پناہ پکڑتا طرف قوم مضبوط کے یعنی اپنے کنبہ کی طرف مل جاتا جو میری مدد کرتے تو میں تم پر حملہ کرتا اور تمہارا مقابلہ کرتا پس

(۸۱) جب فرشتوں نے یہ حال دیکھا۔ کہنے لگے اے لوط ہم تیرے رب کے بھیجے ہوئے فرشتے ہیں یہ لوگ ہرگز تیری طرف نہیں پہونچ سکیں گے سو لیجا تو اپنے گھر والوں کو حصہ رات میں اور چاہیئے کہ تم میں سے کوئی پیچھے کو نہ دیکھے تاکہ وہ نہ دیکھے اس سخت عذاب کو جو اس قوم پر آوے گا

toobaa-elibrary.blogspot.com

بَرِیْ عَظِیْمٌ مَا یَنْزِلُ بِهِمْ اِلَّا اَمْرَاَتَكَ ؕ بِالرَّفْعِ
بَدَلٌ مِنْ اَحَدٌ وَفِیْ قِرَاءَةٍ بِالنَّصْبِ اِسْتِثْنَاءٌ مِّنَ
الْاَهْلِ اَیْ فَلَا تَسْرِ بِهَا اِنَّهٗ مُصِیْبُهَا مَاۤ
اَصَابَهُمْ ؕ فَقِیْلَ اَنَّهٗ لَمْ یَخْرُجْ بِهَا وَقِیْلَ
خَرَجَتْ وَالْتَفَتَتْ فَقَالَتْ وَا قَوْمَاهُ فَجَآءَهَا
حَجَرٌ فَقَتَلَهَا وَسَاَلَهُمْ عَنْ وَقْتِ هَلَاكِهِمْ
فَقَالُوْۤا اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ ؕ فَقَالَ اُرِیْدُ
اَعْجَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالُوْۤا اَلَیْسَ الصُّبْحُ
(۸۲) بِقَرِیْبٍ ○ فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا بِاِهْلَاكِهِمْ
جَعَلْنَا عَالِیَهَا اَیْ قُرَاهُمْ سَافِلَهَا بِاَنْ
رَفَعَهَا جِبْرَءِیْلُ اِلَی السَّمَآءِ وَاَسْقَطَهَا
مَقْلُوْبَةً اِلَی الْاَرْضِ وَاَمْطَرْنَا عَلَیْهَا حِجَارَةً
مِّنْ سِجِّیْلٍ طِیْنٌ طُبِخَ بِالنَّارِ مَّنْضُوْدٍ ○
مُتَتَابِعٍ

مگر تیری بیوی کہ وہ دیکھے گی یا یہ کہ تو اسکو اپنے گھر والوں کے ساتھ باہر نہ لیجا بیشک بات یہ ہے کہ اسکو پہنچیگا وہ عذاب جو اس قوم کو پہنچا سو بعض نے فرمایا کہ لوط اپنی عورت کو ساتھ نہیں لے گئے، پیچھے ہی چھوڑا اور بعض نے فرمایا وہ نکلی اور اس نے پیچھے کو دیکھا سو وہ کہنے لگی افسوس ہے اپنی قوم کی ہلاکی پر سو ایک پتھر آکر اس کے لگا جس سے وہ مرگئی) اور لوط نے اپنی قوم کی ہلاکی کا وقت فرشتوں سے پوچھا سو انہوں نے جواب دیا کہ بیشک ان کے عذاب کا وقت صبح ہے پس لوط نے کہا میں اس سے جلد چاہتا ہوں فرشتوں نے کہا کیا صبح نزدیک نہیں۔
(۸۲) سو جب ہمارا حکم انکے ہلاک کرنے کا آیا کیا ہم نے ان دیہات کی اوپر کی جانب کو نیچے یعنی الٹ دیا اس طرح کہ جبرئیل نے انکو آسمان کیطرف اٹھایا اور الٹ کر زمین میں گرادیا اور برسائیں ہم نے ان پر کنکریاں مٹی کی جو آگ سے پکی ہوئی تھیں متواتر۔

تشریح

(۸۰) **حضرت لوط ؑ کی شدید گھبراہٹ** | حضرت لوط ؑ اپنی قوم کے یہ تیور دیکھ کر کہ وہ مہمانوں کے بارے میں بُرا ارادہ رکھتے ہیں بہت زیادہ پریشان ہو گئے اور گھبراہٹ میں کہنے لگے کاش مجھ میں تم سے لڑنے اور تمہارا مقابلہ کرنے کی طاقت ہوتی یا پھر کوئی مضبوط سہارا ہوتا جس کی میں پناہ لیتا ـــــ یَرْحَمُ اللّٰهُ لُوْطًا لَقَدْ كَانَ یَاْوِیْ اِلٰی رُكْنٍ شَدِیْدٍ (اللہ تعالیٰ لوط پر رحم فرمائے بے شک وہ مضبوط پناہ حاصل کر رہے تھے) اور مستحکم پناہ اللہ ہی کی ہو سکتی ہے مگر اس وقت گھبراہٹ میں بلساختہ ظاہری اسباب پر نظر گئی کہ میرا کوئی بڑا کنبہ ہوتا جو میری پشت پناہی کرتا۔

(۸۱) **فرشتوں کی حضرت لوط ؑ کو تسلی اور عذاب کی اطلاع** | حضرت لوط کا اضطراب اور پریشانی دیکھ کر مہمانوں نے کہا حضرت آپ پریشان نہ ہوں ہم آپ کے رب کے بھیجے ہوئے فرشتے ہیں یہ لوگ آپ کا کچھ نہ بگاڑ سکیں گے ہم عذاب کی خبر لے کر آئے ہیں جب تھوڑی رات باقی رہ جائے آپ اپنے گھر والوں کو لے کر بستی سے باہر نکل جائیں اور کوئی شخص پیچھے پلٹ کر نہ دیکھے جلدی سے جلدی اس علاقے سے باہر چلے جائیں کوئی شخص عذاب کے علاقے میں نہ رہ جائے مگر آپ کی بیوی آپ کے ساتھ نہیں جائیگی کیونکہ وہ آپ کے ساتھ نہیں ہے اس پر بھی وہی گزرنے والا ہے جو آپ کی قوم پر گذرے گا۔ حضرت لوط کی بیوی ہی نے قوم کو مہمانوں کے آنے کی خبر دی تھی وہ اندر خانے ان کے ساتھ ملی ہوئی تھی۔ ان کی تباہی کے لئے صبح کا وقت مقرر ہے اب آپ خوش ہو جائیں اور فکرمند نہ ہوں، صبح ہونے میں دیر ہی کتنی ہے۔

(۸۲) **قوم لوط پر شدید عذاب** | آخر اللہ کے فیصلے کا وقت آپہنچا اور ساری بستیاں الٹ دی گئیں اور انہیں تلپٹ کر دیا گیا اور اوپر سے پکی ہوئی مٹی کے پتھر تابڑ توڑ برسائے گئے۔ آج بھی بحر لوط کے جنوب اور مشرق کے علاقے میں اس طرح کی مٹی کے آثار پائے جاتے ہیں جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ عذاب ایک سخت زلزلے کی شکل میں تھا اور آتش فشاں مادہ پھٹنے سے پکی ہوئی مٹی کے پتھر اوپر سے برسے تھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نصف ع ۱۵ مُّسَوَّمَةً عِندَ رَبِّكَ ۖ وَمَا هِيَ مِنَ الظَّالِمِينَ بِبَعِيدٍ ﴿٨٣﴾ وَ

مُّسَوَّمَةً	عِندَ + رَبِّكَ	وَمَا	هِيَ	مِنَ	الظَّالِمِينَ	بِبَعِيدٍ	وَ
نشان کئے ہوئے	تیرے رب کے پاس	اور نہیں	یہ	سے	ظالم (جمع)	کچھ دور	اور

تیرے رب کے پاس نشان کئے ہوئے ، اور یہ نہیں ہے ظالموں سے کچھ دُور اور مدین کی

إِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۚ قَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ

إِلَىٰ	مَدْيَنَ	أَخَاهُمْ	شُعَيْبًا	قَالَ	يَا قَوْمِ	اعْبُدُوا	اللَّهَ	مَا لَكُم	مِّنْ + إِلَٰهٍ
طرف	مدین	ان کا بھائی	شعیبؑ	اس نے کہا	اے میری قوم	عبادت کرو	اللہ	تمہارے لئے نہیں	کوئی معبود

طرف ان کے بھائی شعیبؑ (کو بھیجا) اس نے کہا اے میری قوم ! اللہ کی عبادت کرو اللہ کے

غَيْرُهُ ۖ وَلَا تَنقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ إِنِّي أَرَاكُم بِخَيْرٍ

غَيْرُهُ	وَلَا تَنقُصُوا	الْمِكْيَالَ	وَالْمِيزَانَ	إِنِّي	أَرَاكُم	بِخَيْرٍ
اسکے سوا	اور نہ کمی کرو	ماپ	اور تول	بیشک میں	تمہیں دیکھتا ہوں	آسودہ حال

سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ، اور ماپ تول میں کمی نہ کرو بیشک میں تمہیں آسودہ حال دیکھتا ہوں

وَإِنِّي أَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيطٍ ﴿٨٤﴾ وَيَا قَوْمِ أَوْفُوا

وَإِنِّي	أَخَافُ	عَلَيْكُمْ	عَذَابَ	يَوْمٍ + مُّحِيطٍ	وَ	يَا قَوْمِ	أَوْفُوا
اور بیشک میں	ڈرتا ہوں	تم پر	عذاب	ایک گھیر لینے والا دن	اور	اے میری قوم!	پورا کرو

اور بیشک میں تم پر ایک گھیر لینے والے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں اور اے میری قوم ! انصاف سے

الْمِكْيَالَ وَالْمِيزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ

الْمِكْيَالَ	وَالْمِيزَانَ	بِالْقِسْطِ	وَلَا تَبْخَسُوا	النَّاسَ	أَشْيَاءَهُمْ
ماپ	اور تول	انصاف سے	اور نہ گھٹاؤ	لوگ	ان کی چیزیں

ماپ تول پورا کرو ، لوگوں کو ان کی چیزیں گھٹا کر نہ دو ،

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٨٥﴾ بَقِيَّتُ اللَّهِ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن

وَلَا	تَعْثَوْا	فِي	الْأَرْضِ	مُفْسِدِينَ	بَقِيَّتُ	اللَّهِ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	إِن
اور نہ	پھرو	میں	زمین	فساد کرتے ہوئے	بچا ہوا	اللہ	بہتر	تمہارے لئے	اگر

اور زمین میں فساد کرتے نہ پھرو۔ اللہ کا دیا ہوا جو بچ رہے تمہارے لئے بہتر ہے اگر

toobaa-elibrary.blogspot.com

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿۸۶﴾

كُنْتُمْ	مُّؤْمِنِيْنَ	وَ	مَآ	اَنَا	عَلَيْكُمْ	بِحَفِيْظٍ
تم ہو	ایمان والے	اور	نہیں	میں	تم پر	نگہبان

تم ایمان والے ہو اور میں تم پر نگہبان نہیں ہوں

﴿۸۳﴾ مُسَوَّمَةً مُّعَلَّمَةً عَلَيْهَا اِسْمُ مَنْ يُّرْمٰى بِهَا عِنْدَ رَبِّكَ ظَرْفٌ لَهَا وَمَا هِيَ الْحِجَارَةُ اَوْ بِلَادُهُمْ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ اَيْ اَهْلِ مَكَّةَ بِبَعِيْدٍ ○

﴿۸۳﴾ نشان لگائے گئے کہ ہر ایک پتھر پر اس کا نام تھا جس کے وہ لگنا تھا نزدیک تیرے رب کے۔ اور نہیں ہیں وہ پتھر یا قوم لوط کے شہر دور مکہ والوں سے۔

﴿۸۴﴾ وَاَرْسَلْنَآ اِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۭ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَحِّدُوْهُ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ وَلَا تَنْقُصُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّىْٓ اَرٰىكُمْ بِخَيْرٍ نِّعْمَةً تُغْنِيْكُمْ عَنِ التَّطْفِيْفِ وَاِنِّىْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ اِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ○ بِكُمْ يُهْلِكُكُمْ وَوُصِفَ الْيَوْمُ بِهٖ مَجَازًا لِوُقُوْعِهٖ فِيْهِ

﴿۸۴﴾ اور بھیجا ہم نے طرف مدین کی ان کے بھائی شعیب کو اس نے کہا اے میری قوم اللہ کو واحد جانو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں اور تولنے اور ناپنے میں کمی نہ کرو بیشک میں تم کو دیکھتا ہوں صاحب مال و نعمت کہ جو تم کو بے پرواہ کرتی ہے کم تولنے اور کم ناپنے سے اور بیشک میں ڈرتا ہوں کہ اگر تم ایمان نہ لائے تو تم کو عذاب الٰہی گھیر لیگا جو تم کو ہلاک کر دیگا (لفظ محیط جو درحقیقت صفت عذاب کی ہے مجازاً دن کی صفت ڈالا گیا کیونکہ وہ دن وقت واقع ہونے

﴿۸۵﴾ وَيٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اَىْ اَتِمُّوْهُمَا بِالْقِسْطِ بِالْعَدْلِ وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ لَا تَنْقُصُوْهُمْ مِّنْ حَقِّهِمْ شَيْـًٔا وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ○ بِالْقَتْلِ وَغَيْرِهٖ مِنْ عَثِىَ بِكَسْرِ الْمُثَلَّثَةِ اَفْسَدُوْا مُفْسِدِيْنَ حَالٌ مُّؤَكِّدَةٌ لِمَعْنٰى عَامِلِهَا تَعْثَوْا

﴿۸۵﴾ اور اے میری قوم پیمانہ اور ترازو سے پورا ناپو اور تولو انصاف کے ساتھ اور لوگوں کے حق میں سے کچھ کمی نہ کرو اور زمین میں فساد نہ پھیلاؤ ساتھ قتل وغیرہ کے۔

﴿۸۶﴾ بَقِيَّتُ اللّٰهِ رِزْقُهُ الْبَاقِىْ لَكُمْ بَعْدَ اِيْفَاءِ الْكَيْلِ وَالْوَزْنِ خَيْرٌ لَّكُمْ مِّنَ الْبَخْسِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ○ رَقِيْبٌ اُجَازِيْكُمْ بِاَعْمَالِكُمْ اِنَّمَا بُعِثْتُ نَذِيْرًا

﴿۸۶﴾ اللہ کا دیا ہوا رزق جو بعد پورا ناپنے اور تولنے کے تمہارے پاس باقی رہے گا تمہارے لئے بہتر ہے کم ناپنے اور کم تولنے سے اگر ہو تم ایمان والے اور میں تمہارا نگہبان نہیں کہ تم کو تمہارے عملوں کی جزا دوں میں صرف ڈرانے والا ہوں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تشریح

(۸۳) ظالم آج بھی عذاب کی زد میں ہے | قوم لوط پر جو عذاب آیا اور پکی ہوئی مٹی کے پتھر تابڑ توڑ برسے ان میں سے ہر ہر پتھر اللہ کی طرف سے نامزد تھا کہ اسے کیا کرنا ہے۔ ذلت و ہلاکت کا یہ عذاب اس قوم پر جس کا نمایاں اور بدترین گناہ وہ غیر فطری عمل تھا جس کا آغاز اس قوم نے کیا تھا، دنیا میں یہ فخر یونان کو حاصل ہے کہ اس نے اس گھناؤنے جرم کو اخلاقی خوبی کے انداز میں پیش کیا۔ یورپ نے بھی اس بداخلاقی کے حق میں خوب پروپیگنڈہ کیا یہاں تک کہ جرمنی کی پارلیمنٹ میں اس فعل بد کو باقاعدہ قانونی شکل دیدی اور بھی کئی ملک ہیں جنہوں نے اس خلاف فطرت عمل کو قانونی جواز عطا کر دیا ہے۔

قوم لوط کا یہ عذاب دنیا کے ظالموں کے لئے درس عبرت ہے کہ جب کوئی قوم فطرت سے غداری کرتی ہے تو فطرت اس کو معاف نہیں کرتی۔

(۸۴) اہل مدین کی اصلاح کے لئے حضرت شعیبؑ کا تقرر | حضرت ابراہیمؑ کے ایک صاحبزادے ان کی تیسری بیوی قطورا، کے بطن سے تھے جن کا نام مدیان تھا انکی اولاد اور ان سے متعلق لوگ بنی مدیان کے نام سے مشہور ہو گئے تھے۔ یہاں تک کہ ان کے ملک کا نام ہی مدیان یا مدین ہو گیا تھا۔ یہ بڑی تجارت پیشہ قوم تھی جو تجارتی راستہ بحر احمر کے کنارے کنارے یمن سے مکے اور ینبوع ہوتا ہوا شام تک جاتا تھا اور جو دوسرا تجارتی راستہ عراق سے مصر کی طرف جاتا تھا اس کے عین چوراہے پر قوم مدین کی بستیاں واقع تھیں۔ اس قوم میں دو کمزوریاں آ گئی تھیں، ایک تو یہ کہ شرک میں مبتلا ہو گئے تھے۔ دوسری بداخلاقی یہ آ گئی تھی کہ ناپ تول میں کمی کرتے تھے۔ حضرت ابراہیمؑ کے بعد چھ سات سو برس تک مشرک قوموں میں رہنے کی وجہ سے ان میں یہ دونوں خرابیاں جڑ پکڑ گئی تھیں۔ اللہ نے ان کی اصلاح کے لئے اسی قوم کے ایک فرد حضرت شعیبؑ کو مقرر کیا انہوں نے اپنی قوم کو دعوت دی کہ تم اللہ کے سوا کسی کی بندگی مت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے۔ دوسرے یہ کہ ناپ تول میں کمی مت کیا کرو۔ آج تم خوش حال ہو۔ مجھے ڈر ہے کہ تمہاری یہ اخلاقی خرابی کہیں اللہ کے عذاب کا سبب نہ بن جائے۔

(۸۵) حقوق العباد کی ادائیگی کرو | اللہ تعالےٰ نے اپنے بندوں پر دو طرح کے حقوق اور ذمے داریاں رکھی ہیں۔ ایک تو یہ کہ وہ صرف اپنے رب حقیقی اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اطاعت کرے اور اس کی بندگی میں کسی حیثیت سے کسی کی ساجھے داری نہ کرے۔ اس کو حقوق اللہ (اللہ کے اپنے بندوں پر حقوق) کہا جاتا ہے۔ دوسری ذمہ داری اللہ نے اپنے بندوں پر یہ رکھی ہے کہ وہ اپنے بھائی بندوں کے حقوق کو صحیح صحیح ادا کریں تاکہ کسی طرح کا فساد اور انتشار نہ پھیلے۔ بندوں کے حقوق میں یہ بات بھی شامل ہے کہ کاروباری معاملات اور باہمی معاملات بالکل صحیح ہونا چاہئیں۔ ناپ تول میں کمی نہ ہو اور زیادہ پیسے لیکر خراب اور ناقص مال خریداروں کو نہ دیا جائے کسی طرح کا دھوکا اور فریب نہ ہو جس کا جو حق ہے وہ صحیح صحیح ملنا چاہئے۔ جو قوم اس طرح کے اخلاقی بگاڑ میں مبتلا ہو جاتی ہے، جلد یا بدیر اس کا شیرازہ بکھر جاتا ہے۔ خود غرضی حرص اور لالچ پورے سماج کو بے چینی میں مبتلا کر دیتا ہے اور باہمی ٹکراؤ امن و امان کو تباہ کر کے رکھ دیتا ہے۔

(۸۶) رزق حلال کی برکت | حضرت شعیب علیہ السلام نے اپنی قوم کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ کم ناپنے تولنے اور دوسروں کے حقوق دبانے سے یا ٹھگی چوری کرنے سے جو مال حاصل ہوتا ہے اس میں کوئی خیر و برکت نہیں ہے میرا تم پر کوئی زور تو نہیں ہے مگر میں تمہاری بھلائی کے لئے کہتا ہوں کہ حلال راستے سے اللہ کی دی ہوئی بچت تمہارے لئے ہر طرح سے بہتر ہے اللہ کو ماننے اور اس پر ایمان لانے کا تقاضا یہی ہے کہ انسان حلال راستے سے رزق حاصل کرے اس طرح بیچنے والے اور خریدنے والے دونوں کو ایک دوسرے پر اعتماد رہتا ہے اور پورے سماج میں اعتبار کا تعلق قائم رہتا ہے۔ تمہیں اللہ کا خوف ہونا چاہئے کہ وہ ہر ڈھکی چھپی بات کو جانتا ہے اور ہم سب کو اس کے سامنے پیش ہونا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ

قَالُوْا	يٰشُعَيْبُ	اَصَلٰوتُكَ	تَاْمُرُكَ	اَنْ	نَّتْرُكَ	مَا يَعْبُدُ	اٰبَآؤُنَآ
وہ بولے	اے شعیب	کیا تیری نماز	تجھے حکم دیتی ہے	کہ	ہم چھوڑ دیں	جو پرستش کرتے تھے	ہمارے باپ دادا

وہ بولے اے شعیبؑ! کیا تیری نماز تجھے حکم دیتی ہے (سکھاتی ہے) کہ ہم انہیں چھوڑ دیں جن کی ہمارے باپ دادا پرستش

اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ۭ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ۝۸۷

اَوْ	اَنْ نَّفْعَلَ	فِيْٓ	اَمْوَالِنَا	مَا نَشٰٓؤُا	اِنَّكَ	لَاَنْتَ	الْحَلِيْمُ	الرَّشِيْدُ
یا	ہم نہ کریں	میں	اپنے مالوں	جو ہم چاہیں	بیشک تو	البتہ تو	بردبار (باوقار)	نیک چلن

کرتے تھے، یا اپنے مالوں میں جو چاہیں نہ کریں، (طنزاً بولے) بیشک تم ہی باوقار نیک چلن ہو۔؟

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ

قَالَ	يٰقَوْمِ	اَرَءَيْتُمْ	اِنْ	كُنْتُ	عَلٰي	بَيِّنَةٍ	مِّنْ	رَّبِّيْ	وَرَزَقَنِيْ	مِنْهُ
اس نے کہا	اے میری قوم	کیا تم دیکھتے ہو (کیا خیال ہے)	اگر	میں ہوں	پر	روشن دلیل	سے	اپنا رب	اور اس نے مجھے روزی دی	اپنی طرف سے

اس نے کہا اے میری قوم! تمہارا کیا خیال ہے؟ میں اپنے رب کی طرف سے اگر روشن دلیل پر ہوں اور اس نے مجھے اپنی طرف سے اچھی

رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰي مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ۭ اِنْ

رِزْقًا	حَسَنًا	وَمَآ اُرِيْدُ	اَنْ	اُخَالِفَكُمْ	اِلٰي	مَآ اَنْهٰىكُمْ	عَنْهُ	اِنْ
روزی	اچھی	اور میں نہیں چاہتا	کہ	میں اس کے خلاف کروں	طرف	جو میں تمہیں روکتا ہوں	اس سے	نہیں

روزی دی ہے، اور میں نہیں چاہتا کہ میں (خود) اس کے خلاف کروں جس سے تمہیں روکتا ہوں۔ جس قدر مجھ سے

اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۭ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ۭ

اُرِيْدُ	اِلَّا	الْاِصْلَاحَ	مَا اسْتَطَعْتُ ۭ	وَمَا	تَوْفِيْقِيْٓ	اِلَّا	بِاللّٰهِ
میں چاہتا	مگر (صرف)	اصلاح	جو (جس قدر) مجھ سے ہو سکے	اور نہیں	میری توفیق	مگر (صرف)	اللہ سے

ہو سکے میں صرف الصلاح چاہتا ہوں۔ اور میری توفیق صرف اللہ ہی سے ہے

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ۝۸۸

عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَ	اِلَيْهِ	اُنِيْبُ
اس پر	میں نے بھروسہ کیا	اور	اسی کی طرف	میں رجوع کرتا ہوں

اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۸۷) قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ۭ اِنَّكَ لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ○ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰي بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا حَسَنًا ۭ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ اِلٰي مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ۭ اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ۭ وَمَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ○ وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ۭ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ○ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ۭ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ○ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ۡ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ○ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَاۗءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۭ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ○ وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰي مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ۭ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۭ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ○ وَلَمَّا جَاۗءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ○ كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۭ اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ○

(۸۷) قوم شعیب نے شعیب سے از راہ ہنسی و مذاق کے کہا اے شعیب کیا تیری نماز تجھ کو یہ حکم کرتی ہے کہ ہم کو تکلیف دے اس امر کی کہ ہم چھوڑ دیں بتوں کی پرستش جنکو ہمارے باپ دادے پوجتے تھے یا یہ کہ نہ کریں ہم اپنے مالوں میں جو چاہیں یعنی تیرے کہنے سے ہم اپنے بتوں کی پرستش اور اپنے مالوں میں تصرف کرنا اپنے اختیار سے جس طرح چاہیں نہیں چھوڑ سکتے حاصل یہ ہے کہ یہ نوبت ہے کوئی بھلائی کی طرف بلانے والا ایسا نہیں کہہ سکتا اور اس امر کی نظر نہیں بلا سکتا

(۸۸) شعیب نے کہا اے میری قوم مجھ کو بتلاؤ اگر میں دلیل روشن پر ہوں اپنے رب کی جانب سے اور اس نے مجھ کو اپنے فضل سے حلال روزی دی تو کیا میں اسکو ملا دوں حرام کے ساتھ کم دینے اور کم ناپنے کم تولنے کے سبب اور میرا یہ ارادہ نہیں کہ تمہارا خلاف کروں اور جاؤں اس چیز کی طرف جس سے میں تم کو منع کرتا ہوں یعنی خود اس کام کا مرتکب ہو جاؤں میرا ارادہ صرف اصلاح اور تمہاری درستی کو ہے ساتھ انصاف کے جس قدر مجھ سے ہو سکے اور مجھ سے کوئی کام اصلاح اور بندگی کا بدون اللہ کے فضل اور مدد کے نہیں ہو سکتا اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں

تشریح

(۸۷) قوم شعیب کا طنز۔ کیا دین داری یہ ہے کہ سب چھوڑ کے اسی ایک کے ہو جاؤ | اللہ کا دین شروع سے ایک رہا ہے اور دین کے تصورات کی بنیادیں بھی شروع سے ایک ہیں۔ اب سے ساڑھے تین ہزار سال پہلے حضرت شعیب علیہ السلام نے جب اپنی قوم کو اللہ کے دین کی دعوت دی تو اسوقت بھی بنیادی تصور دین کا یہی تھا کہ لا الٰہ الا اللہ کا مطلب یہ ہے کہ ہماری عبادت و بندگی ہماری معیشت و معاشرت، ہماری سیاست و حکومت غرض پوری زندگی صرف ایک اللہ کے فرمان کے تابع ہو جائے۔ قوم شعیب جس گمراہی میں مبتلا تھی وہ مذہب کا وہی ناقص تصور تھا جو ہر زمانے میں بڑا مقبول رہا ہے کہ مذہب کو صرف انفرادی زندگی تک محدود رکھا جائے۔ اس لئے انھوں نے طنزیہ طور پر کہا کہ اے شعیب کیا تمہاری نماز یہ سکھاتی ہے کہ ہم ان معبودوں کو چھوڑ دیں جن کی پرستش ہمارے باپ دادا کرتے تھے وہ رسوم و رواج ترک کر دیں جو پہلے سے چلے آرہے ہیں، کیا تمہارا مذہب قبول کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ہم اپنی مرضی کے مطابق نہ مال کما سکیں نہ خرچ کر سکیں۔ نظام معیشت میں بھی اللہ کی مرضی کی تابعداری ہو، بس ساری دنیا میں ایک تم ہی سچے اور اچھے آدمی

پاکیزہ روزی اور فہم و بصیرت اللہ کی قابل شکر نعمتیں ہیں | اپنی قوم کی بات سنکر حضرت شعیبؑ نے فرمایا کہ اللہ نے مجھے حلال اور پاکیزہ روزی اور علم نبوت اور فہم و فراست عطا کی ہے اس کا تقاضہ یہ ہے کہ میں اس کا شکر گذار ہو کر ان نعمتوں کی قدر کروں نہ کہ تمہاری طرح آنکھیں ہو کر بھی اندھا بن جاؤں اور یہ سمجھ کر بھی کہ یہ غلط راستہ ہے صرف دنیاوی لالچ کی وجہ سے اس کو اختیار کروں میں تمہارے طنز اور مزاح سے گھبرا کر تمہیں نصیحت کرنا نہیں چھوڑ سکتا اور یہ مت سمجھو کہ میں تمہیں جن باتوں سے روکتا ہوں ان سے خود بھی نہیں رکوں گا بلکہ جو کچھ میں کہہ رہا ہوں اس پر پوری طرح عمل بھی کر رہا ہوں میری پوری کوشش یہ ہے کہ تمہاری دینی اور دنیاوی حالت درست ہو جائے لیکن میں کہاں تک کامیاب ہوتا ہوں یہ سب اللہ کی توفیق اور اس کے قبضہ میں ہے میں ہر معاملے میں اسی پر بھروسہ کرتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ

وَيٰقَوْمِ	لَا يَجْرِمَنَّكُمْ	شِقَاقِيْٓ	اَنْ	يُّصِيْبَكُمْ	مِّثْلُ	مَآ اَصَابَ	قَوْمَ
اور اے میری قوم	تمہیں نہ کمواوے (آمادہ نہ کردے)	میری ضد	کہ	تمہیں پہنچے	اس جیسا	جو پہنچا	قوم

اور اے میری قوم! تمہیں میری ضد آمادہ نہ کردے کہ تمہیں (عذاب) پہنچے اس جیسا جو پہنچا قوم

نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ۭ وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ

نُوْحٍ	اَوْ	قَوْمَ + هُوْدٍ	اَوْ	قَوْمَ + صٰلِحٍ	وَمَا	قَوْمُ لُوْطٍ	مِّنْكُمْ
نوح	یا	قوم ہود	یا	قوم صالح	اور نہیں	قوم لوط	تم سے

نوح ؑ، یا قوم ہود ؑ یا قوم صالح ؑ کو اور قوم لوط نہیں ہے تم سے

بِبَعِيْدٍ ۝۸۹ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ۭ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ

بِبَعِيْدٍ	وَ	اسْتَغْفِرُوْا	رَبَّكُمْ	ثُمَّ تُوْبُوْٓا + اِلَيْهِ	اِنَّ	رَبِّيْ	رَحِيْمٌ
کچھ دور	اور	بخشش مانگو	اپنا رب	پھر اسکی طرف رجوع کرو	بیشک	میرا رب	رحم کرنیوالا

کچھ دور اور اپنے رب سے بخشش مانگو، پھر اس کی طرف رجوع کرو، بیشک میرا رب رحم کرنیوالا

وَدُوْدٌ ۝۹۰ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا

وَدُوْدٌ	قَالُوْا	يٰشُعَيْبُ	مَا نَفْقَهُ	كَثِيْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ	وَاِنَّا	لَنَرٰىكَ	فِيْنَا
محبت والا	انہوں نے کہا	اے شعیب	ہم نہیں سمجھتے	بہت اس سے جو تو کہتا ہے	اور بیشک ہم	تجھے دیکھتے ہیں	اپنے درمیان

محبت والا ہے۔ انہوں نے کہا اے شعیبؑ تو جو کہتا ہے ان میں سے ہم بہت سی (باتیں) نہیں سمجھتے اور بیشک ہم تجھے دیکھتے ہیں اپنے

ضَعِيْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ۝۹۱

ضَعِيْفًا	وَلَوْلَا	رَهْطُكَ	لَرَجَمْنٰكَ	وَمَآ	اَنْتَ	عَلَيْنَا	بِعَزِيْزٍ
ضعیف (کمزور)	اور اگر نہ	ہوتا تیرا کنبہ	تجھ پر پتھراؤ کرتے	اور نہیں	تو	ہم پر	غالب

درمیان کمزور اور تیرا کنبہ (بھائی بند) نہ ہوتے تو ہم تجھ پر پتھراؤ کرتے اور تو ہم پر غالب نہیں۔

قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَاۗءَكُمْ

قَالَ	يٰقَوْمِ	اَرَهْطِيْٓ	اَعَزُّ	عَلَيْكُمْ	مِّنَ	اللّٰهِ	وَاتَّخَذْتُمُوْهُ	وَرَاۗءَكُمْ
اس نے کہا	اے میری قوم	کیا میرا کنبہ	زیادہ زور والا	تم پر	سے	اللہ	اور تم نے اسے لیا (ڈال رکھا)	اپنے سے پرے

اس نے کہا اے میری قوم! کیا میرا کنبہ تم پر اللہ سے زیادہ زور والا ہے، اور تم نے اُسے اپنی پیٹھ پیچھے

toobaa-elibrary.blogspot.com

ظِهْرِيًّا ۭ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۹۲﴾ وَيٰقَوْمِ

ظِهْرِيًّا	اِنَّ	رَبِّيْ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	مُحِيْطٌ	وَ يٰقَوْمِ
پیٹھ پیچھے	بیشک	میرا رب	اُسے جو تم کرتے ہو	احاطہ کئے ہوئے	اور اے میری قوم

ڈال رکھا ہے، بیشک میرا رب جو تم کرتے ہو اُسے احاطہ (قابو) کئے ہوئے ہے۔ اور اے میری قوم!

اعْمَلُوْا عَلٰي مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ۭ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ

اعْمَلُوْا	عَلٰي	مَكَانَتِكُمْ	اِنِّىْ	عَامِلٌ	سَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	مَنْ	يَّاْتِيْهِ	عَذَابٌ
تم کام کرتے رہو	پر	اپنی جگہ	بیشک میں	کام کرتا ہوں	جلد	تم جان لوگے	کون کس	اس پر آتا ہے	عذاب

تم اپنی جگہ کام کرتے رہو میں (اپنا) کام کرتا ہوں، تم جلد جان لوگے کس پر وہ عذاب آتا ہے جو اس

يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۭ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ﴿۹۳﴾

يُّخْزِيْهِ	وَمَنْ	هُوَ	كَاذِبٌ	وَارْتَقِبُوْٓا	اِنِّىْ	مَعَكُمْ	رَقِيْبٌ
اس کو رسوا کریگا	اور کون	وہ	جھوٹا	اور تم انتظار کرو	میں بیشک	تمہارے ساتھ	انتظار

کو رسوا کریگا؟ اور کون جھوٹا ہے؟ اور تم انتظار کرو، بیشک میں (بھی) تمہارے ساتھ انتظار میں ہوں

﴿۸۹﴾ وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ
خِلَافِيْ فَاعِلُ يَجْرِمُ وَالضَّمِيْرُ مَفْعُوْلٌ اَوَّلٌ
وَالثَّانِيْ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ
نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ۭ مِنَ الْعَذَابِ
وَمَا قَوْمُ لُوْطٍ اَيْ مَنَازِلُهُمْ اَوْ زَمَنُ هَلَاكِهِمْ
مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ۝ فَاعْتَبِرُوْا

﴿۸۹﴾ اور اے قوم میری تمکو میری مخالفت اور عداوت باعث عذاب پہنچنے کا نہ ہو جیسا کہ قوم نوح اور ہود اور قوم صالح کو عذاب پہنچا اور قوم لوط کے مکانات یا ان کی ہلاکی کا زمانہ تم سے دور نہیں سو عبرت حاصل کرو۔

﴿۹۰﴾ وَاسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ ۭ
اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ بِالْمُؤْمِنِيْنَ وَدُوْدٌ ۝
مُحِبٌّ لَّهُمْ

﴿۹۰﴾ اور بخشش چاہو اپنے رب سے پھر رجوع کرو طرف اسکی بیشک میرا رب مہربان ہے مسلمانوں پر دوست ہے انکا۔

﴿۹۱﴾ قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَقُوْلُ وَاِنَّا لَنَرٰىكَ
فِيْنَا ضَعِيْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ ذَلِيْلًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ
عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ۝ قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ
وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَاۗءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۭ

﴿۹۱﴾ شعیب کی قوم نے اس بات کے جتانے کو کہ ہمکو کچھ پروا نہ تیری نصیحت کی نہیں شعیب سے کہا کہ اے شعیب جو کچھ تو کہتا ہے ہم اسمیں سے اکثر باتوں کو سمجھتے نہیں اور بے شک ہم تجھ کو اپنے گروہ میں ذلیل اور کمزور سمجھتے ہیں اور اگر تیرا کنبہ نہ ہوتا تو ہم تجھ کو سنگسار کر دیتے اور تو ہمارے نزدیک عزت والا اور بزرگ نہیں کہ ہم تجھکو بوجہ تیری عزت اور بزرگی کے رحم نہ کریں بلکہ تیرے کنبہ کی عزت اور بزرگی کے سبب تجھ کو رحم نہیں کرتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۹۲) قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ وَرَاۗءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۭ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ۝ وَيٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰي مَكَانَتِكُمْ اِنِّىْ عَامِلٌ ۭ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَمَنْ هُوَ كَاذِبٌ ۭ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّىْ مَعَكُمْ رَقِيْبٌ ۝

(۹۲) شعیب نے کہا اے میری قوم آیا میرا کنبہ تمہارے نزدیک زیادہ عزت والا ہے اللہ سے کہ کنبہ کی رعایت سے میرے قتل سے بچتے ہو اور اللہ کے لئے میری حفاظت نہیں کرتے اور تم نے اللہ کو پشتوں کے پیچھے ڈال رکھا ہے کہ اسکے احکام کی فرماں برداری اور اطاعت کا خیال نہیں کرتے بیشک میرا رب تمہارے عملوں کو گھیرنے والا اور واقف ہے سو وہ تم کو بدلہ دیگا۔

(۹۳) اور اے میری قوم تم اپنی حالت پر کام کرو بے شک میں اپنی حالت پر کام کرنے والا ہوں عنقریب تم جان لوگے کہ کس پر عذاب رسوائی کا آتا ہے اور کون جھوٹا ہے اور تم اپنے کام کے انجام کے منتظر رہو بے شک میں تمہارے ساتھ منتظر ہوں

تشریح

(۸۹) جو پچھلی قوموں نے کیا وہ تم مت کرنا | اے میری قوم کے لوگو میں تمہارا خیر خواہ ہوں، تمہاری بھلائی چاہتا ہوں دیکھو ضد اور عداوت کے جوش میں ایسی حرکتیں مت کرنا جو گذشتہ قوموں کی طرح تمہیں عذاب کا مستحق بنادیں۔ قوم لوط کی تباہی تمہارے سامنے ہے۔ تمہارے (قوم شعیب) اور ان کے درمیان چھ سات صدیوں کا فاصلہ ہے ان کا علاقہ قوم لوط کے علاقے کے بالکل قریب ہے) دیکھو قوم نوح پر کیسا عذاب آیا تھا۔ قوم صالح کا حال بھی تمہیں معلوم ہے۔ ان قوموں کے احوال سے عبرت حاصل کرو۔

(۹۰) اپنے رب کی طرف رجوع کرو | دیکھو تم لوگ اپنے رب سے مغفرت طلب کرو اسکی طرف رجوع کرو میرا پروردگار سنگ دل اور بے رحم نہیں ہے، وہ بہت رحم کرنے والا ہے اور اپنی مخلوق سے بہت محبت کرتا ہے۔ جب بندہ نادم ہو کر اس کی طرف پلٹتا ہے تو اس کے دامن رحمت کو اپنے لئے کھلا پاتا ہے۔

(۹۱) حضرت شعیبؑ کی دردمندانہ باتوں کے باوجود قوم کی ہٹ دھرمی | حضرت شعیب کی دل کو چھو لینے والی باتوں کے باوجود قوم شعیب کی ضد اور ہٹ دھرمی اپنی جگہ قائم رہی، ان کے ذہن کے ٹیڑھے سانچے میں حضرت شعیب کی سیدھی سادی باتیں بھی جو انہیں کی زبان میں سمجھائی جارہی تھیں، نہ سماتی تھیں۔ کہنے لگے پتہ نہیں تم کیسی باتیں کرتے رہتے ہو۔ تم ہمارے درمیان ایک بے زور آدمی ہو تم ہم پر بھاری نہیں ہو سکتے اگر تمہاری برادری اور قبیلہ نہ ہوتا تو ہم تمہیں کبھی کا سنگسار کر چکے ہوتے اور تمہارا پتہ صاف کر چکے ہوتے۔ ان آیتوں کے نازل ہونے کے وقت مکہ کے حالات بھی تقریباً یہی تھے مکہ کے لوگ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کے درپے تھے مگر آپکے قبیلہ بنی ہاشم کی وجہ سے آپ پر ہاتھ ڈالنے سے

(۹۲) کیا اللہ کے بجائے برادری سے ڈرتے ہو؟ | حضرت شعیبؑ نے جواب دیا، کیا میری برادری تم پر اللہ سے زیادہ بھاری ہے؟ کہ برادری سے تو ڈرتے ہو اللہ سے نہیں ڈرتے اسکی نشانیوں کو نہیں دیکھتے، کیا تم نے اللہ کو بالکل پس پشت ڈال دیا اور اس کا کوئی خوف نہیں رہا؟ یاد رکھو جو کچھ تم کر رہے ہو وہ اللہ کی گرفت سے باہر نہیں ہے تمہارا ہر عمل اللہ کی قدرت اور اس کے علم کے گھیرے میں ہے۔

(۹۳) اللہ کے عذاب کا انتظار کرو | حضرت شعیب نے فرمایا جب تم نہیں مانتے اور اپنی ضد ہٹ نہیں چھوڑتے، تو جس راستے پر چلنا ہے چلے جاؤ میں اللہ کی توفیق سے راہ ہدایت پر چلتا رہوں گا جلد ہی تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ جھوٹا کون ہے اور کس پر رسوا کن عذاب آتا ہے۔ میں اور تم دونوں ہی اللہ کے فیصلے کا انتظار کرتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ

وَلَمَّا	جَآءَ	اَمْرُنَا	نَجَّيْنَا	شُعَيْبًا	وَّالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ	بِرَحْمَةٍ	مِّنَّا	وَاَخَذَتِ
اور جب	آیا	ہمارا حکم	ہمنے بچالیا	شعیبؑ	اور جو لوگ	ایمان لائے	اسکے ساتھ	رحمت اپنی سے	اپنی سے	اور آلیا

اور جب ہمارا حکم آیا ہم نے شعیبؑ کو اور جو لوگ اسکے ساتھ ایمان لائے اپنی رحمت سے بچالیا۔ اور جن لوگوں نے

الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ كَاَنْ لَّمْ

الَّذِيْنَ	ظَلَمُوا	الصَّيْحَةُ	فَاَصْبَحُوْا	فِيْ + دِيَارِهِمْ	جٰثِمِيْنَ	كَاَنْ	لَّمْ
وہ لوگ جو	انہوں نے ظلم کیا	کڑک (چنگھاڑ)	سو صبح کی انہوں نے	اپنے گھروں میں	اوندھے پڑے ہوئے	گویا	نہیں

ظلم کیا انہیں چنگھاڑ نے آلیا سو انہوں نے صبح کی (صبح کے وقت) اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے گویا وہ

ع ۱۲ يَغْنَوْا فِيْهَا اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾ ع

يَغْنَوْا	فِيْهَا	اَلَا	بُعْدًا	لِّمَدْيَنَ	كَمَا	بَعِدَتْ	ثَمُوْدُ
وہ بسے	اسمیں (وہاں)	یادرکھو	دوری ہے	مدین کے لئے	جیسے	دور ہوئے	ثمود

وہاں بسے (ہی) نہ تھے، یادرکھو (رحمت سے) دوری ہو مدین کے لئے جیسے دُور ہوئے ثمود۔

﴿۹۴﴾ وَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا بِاِهْلَاكِهِمْ نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ صَاحَ بِهِمْ جِبْرِيْلُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۝ بَارِكِيْنَ عَلَى الرُّكَبِ مَيِّتِيْنَ.

﴿۹۴﴾ اور جب آیا ہمارا حکم انکی ہلاکی کا ہم نے بچا لیا شعیب کو اور ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے اپنی رحمت سے اور ظالموں کو پکڑا ایک آواز سخت نے جو جبریل نے ان پر کی سو ہو گئے وہ اپنے گھروں میں گھٹنوں پر گرے ہوئے مُردہ۔

﴿۹۵﴾ كَاَنْ مُخَفَّفَةٌ اَيْ كَاَنَّهُمْ لَمْ يَغْنَوْا يُقِيْمُوْا فِيْهَا اَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ۝

﴿۹۵﴾ گویا کہ وہ ان گھروں میں آباد ہی نہیں ہوئے۔ آگاہ ہو دوری ہو اللہ کی رحمت سے مدین کو جیسے دوری ہوئی ثمود کو۔

تشریح

﴿۹۴﴾ **اللہ کا عذاب آپہنچا** حضرت شعیبؑ نے اپنی قوم کو اللہ کے جس عذاب کی خبر دی تھی آخر وہ عذاب آپہنچا اللہ تعالیٰ نے حضرت شعیبؑ اور ان پر ایمان لانے والوں کو اپنی رحمت سے اس عذاب سے محفوظ رکھا۔ وہ عذاب کیا تھا؟ اس زمین پر شدید زلزلہ آیا، جسکے بارے میں انہوں نے حضرت شعیبؑ سے کہا تھا کہ ہم تمہیں اور تمہارے ساتھیوں کو اپنی سرزمین سے نکال دینگے آج اسی زمین کا زلزلہ انکے لئے عذاب بنگیا تھا، زلزلہ کے ساتھ سخت کڑک تھی اور آج اس کڑک میں انکی اونچی اونچی آوازیں گم ہو کر رہ گئی تھیں اسکے ساتھ عذاب کے بادل جو انکی بستی پر سائبان کیطرح چھاگئے تھے، وہ آسمان جسکا ایک ٹکڑا گرانے کی وہ لوگ حضرت شعیبؑ سے فرمائش کرتے تھے۔ اہل ایمان تو حضرت شعیبؑ کیساتھ بستی سے باہر چلے گئے تھے اور باقی پوری قوم بے حس و حرکت پڑی رہ گئی۔ یہ تھا اللہ کا عذاب جس کی خبر حضرت شعیبؑ نے دی تھی۔

﴿۹۵﴾ **قوم شعیب پر بھی ثمود کی طرح پھٹکار پڑی** قوم شعیب پر زلزلے، دھماکے اور آسمان پر گھرے بادلوں کا عذاب اتنا شدید تھا کہ پوری بستی اسطرح تباہ برباد ہو گئی گویا کبھی وہاں کوئی تھا ہی نہیں اور قوم شعیب یعنی اہل مدین پر قوم ثمود کی طرح اللہ کی پھٹکار پڑی۔ یہ حال ہوا ہے ان قوموں کا جنھوں نے حق و صداقت سے منہ موڑا اور اسکی مخالفت پر کمربستہ رہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۶﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ

وَلَقَدْ + اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَا	وَسُلْطٰنٍ	مُّبِيْنٍ	اِلٰى	فِرْعَوْنَ	وَمَلَا۟ئِهٖ
اور ہم نے بھیجا	موسیٰ	اپنی نشانیوں کے ساتھ	اور دلیل	روشن	طرف	فرعون	اور اسکے سردار

اور ہم نے بھیجا موسیٰ کو اپنی نشانیوں اور روشن دلیل کے ساتھ فرعون اور اسکے سرداروں کی طرف

فَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَاۤ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ﴿۹۷﴾ يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ

فَاتَّبَعُوْا	اَمْرَ + فِرْعَوْنَ	وَمَا	اَمْرُ فِرْعَوْنَ	بِرَشِيْدٍ	يَقْدُمُ	قَوْمَهٗ	يَوْمَ
تو انہوں نے پیروی کی	فرعون کا حکم	اور نہ	فرعون کا حکم	درست	آگے ہوگا	اپنی قوم	دن

تو انہوں نے فرعون کے حکم کی پیروی کی اور فرعون کا حکم درست نہ تھا۔ قیامت کے دن وہ اپنی قوم کے آگے ہوگا

الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ ؕ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿۹۸﴾ وَاُتْبِعُوْا فِيْ

الْقِيٰمَةِ	فَاَوْرَدَهُمُ	النَّارَ	وَبِئْسَ	الْوِرْدُ	الْمَوْرُوْدُ	وَاُتْبِعُوْا	فِيْ
قیامت	تو لا اُتارے گا انہیں	دوزخ	اور بُرا	گھاٹ	اُترنے کا مقام	اور انکے پیچھے لگا دیگئی	میں

تو وہ انہیں دوزخ میں لا اُتاریگا اور برا ہے گھاٹ (انکے) اترنے کا مقام اور (اس دنیا) میں ان کے

هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿۹۹﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ

هٰذِهٖ	لَعْنَةً	وَّيَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	بِئْسَ	الرِّفْدُ	الْمَرْفُوْدُ	ذٰلِكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ
اس	لعنت	اور دن	قیامت	بُرا	انعام	انہیں انعام دیا گیا	یہ	سے	خبریں

پیچھے لعنت لگا دی گئی اور قیامت کے دن، برا ہے (یہ) انعام جو انہیں دیا گیا یہ بستیوں کی خبریں

الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّحَصِيْدٌ ﴿۱۰۰﴾

الْقُرٰى	نَقُصُّهٗ	عَلَيْكَ	مِنْهَا	قَآئِمٌ	وَّ	حَصِيْدٌ
بستیوں	ہم یہ بیان کرتے ہیں	تجھ پر (کو)	ان سے	قائم (موجود)	اور	کٹ چکیں

ہیں کہ ہم تجھ کو بیان کرتے ہیں، ان میں کچھ موجود ہیں اور (کچھ کی جڑیں) کٹ چکی ہیں

﴿۹۶﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ الخ اور بے شک ہم نے بھیجا موسیٰ کو ساتھ اپنی نشانیوں اور دلیل ظاہر کے۔

﴿۹۷﴾ فرعون اور اس کے گروہ کی طرف سو اس گروہ نے فرعون کے حکم کی اطاعت اور پیروی کی اور فرعون کا کام درست نہیں۔

﴿۹۶﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ○ بُرْهَانٍ بَيِّنٍ ظَاهِرٍ

﴿۹۷﴾ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَاۤ اَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيْدٍ ○ سَدِيْدٍ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۹۸) يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَتَّبِعُوْنَهٗ كَمَا اتَّبَعُوْهُ فِي الدُّنْيَا فَاَوْرَدَهُمُ النَّارَ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ۝ هِيَ

(۹۸) وہ قیامت کے دن اپنی قوم کے آگے ہوگا سو وہ اس کی پیروی کریں گے اور پیچھے جاویں گے جیسے کہ دنیا میں اسکی پیروی کی پس وہ انکو آگ میں پہنچا دیگا اور دوزخ بری اترنے کی جگہ ہے۔

(۹۹) وَاُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ اَيْ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَعْنَةً بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ رِفْدُهُمْ.

(۹۹) اور ان پر اس دنیا میں اور آخرت میں لعنت ہے۔ بری ہے یہ جو ان کو مدد ملی۔

(۱۰۰) ذٰلِكَ الْمَذْكُوْرُ مُبْتَدَاٌ خَبَرُهٗ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ مِنْهَا اَيْ الْقُرٰى قَآئِمٌ هَلَكَ اَهْلَهٗ دُوْنَهٗ وَمِنْهَا حَصِيْدٌ ۝ هَلَكَ بِاَهْلِهٖ فَلَا اَثَرَ لَهٗ كَالزَّرْعِ الْمَحْصُوْدِ بِالْمَنَاجِلِ

(۱۰۰) یہ جو مذکور ہوا قصہ اور حال ہے ان قریوں کا جن کے رہنے والے ہلاک کئے گئے۔ بیان کرتے ہیں ہم اے محمد تم پر خبر ان کی بعض ان شہروں میں سے موجود ہیں کہ ان کے رہنے والے ہلاک ہوئے وہ شہر ہلاک نہیں کئے گئے۔ بلکہ باقی رہے اور بعض انمیں سے بالکل نیست و نابود کر دیئے گئے مع ان کے رہنے والوں کے ہلاک ہوئے سو ان کا کچھ نشان باقی نہیں وہ ایسے ہو گئے جیسے کھیتی کاٹی گئی درانتی سے۔

تشریح

(۹۶) **حضرت موسیٰ کی بعثت** اہل مدین عاد و ثمود ان قوموں کے بعد ہم نے رہبری و رہنمائی کے لئے حضرت موسیٰ کو اپنا رسول مقرر کیا اور انکو اپنی نشانیاں اور ایسے معجزے عطا کئے جو ان کی صداقت اور سچائی کی کھلی نشانی تھے اور واضح سند تھی اللہ کی توحید کی اور حضرت موسیٰ کے رسول اللہ ہونے کی۔ مثلاً عصا (لاٹھی) کا معجزہ جس کا جواب کسی ساحر کے پاس نہ تھا

(۹۷) **فرعونیوں کی گمراہی** حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ کی طرف سے کھلی کھلی نشانیاں دیکر فرعون اور اس کے اعیان سلطنت کی طرف بھیجا گیا تھا۔ مگر اتنی واضح نشانیوں کے باوجود انہوں نے فرعون کے حکم کی پیروی کی اور حضرت موسیٰ کی بات نہ مانی حالانکہ فرعون کے پاس انسان کی بھلائی کیلئے کوئی ٹھکانے کی بات نہ تھی کوئی ایسا پیغام نہ تھا جو انسان کو راستی پر چلانے والا ہو اسکی گمراہی کے باوجود اہل سلطنت فرعون کے پیچھے لگے رہے۔

(۹۸) **قیامت کے روز بھی فرعون ان کا پیشوا ہوگا** جو لوگ دنیا میں کسی کو اپنا پیشوا اور رہنما بناتے ہیں اور اسکی قیادت کو قبول کر لیتے ہیں تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن دکھلائیں گے کہ وہ ایسے لوگوں کو اپنی پیشوائی میں دوزخ کی طرف لے جائے گا۔ جنہوں نے دنیا میں لوگوں کو حق کے خلاف راستوں پر چلایا ہے ان کے پیرو اپنی ساری مصیبتوں کا ذمہ دار ان کو سمجھیں گے اور ان کا جلوس اس شان کے ساتھ دوزخ کے راستے پر روانہ ہوگا کہ وہ آگے آگے ہونگے اور پیچھے پیچھے ان کے ماننے والے ان کو گالیاں دیتے ہوئے برا بھلا کہتے ہوئے اور ان پر لعنتیں برساتے ہوئے جا رہے ہوں گے۔

(۹۹) **دنیا میں بھی لعنت آخرت میں بھی لعنت** یہ لوگ جو خود گمراہ ہوتے ہیں اور دوسروں کو گمراہ کرتے ہیں دنیا میں بھی رہتی دنیا تک لوگ ان پر لعنت بھیجتے رہینگے اور قیامت کے دن بھی ان پر لعنت پڑیگی کیسا برا صلہ ہے جو ایسے لوگوں کو ملے کیسا بدتر ٹھکانا ہے جس پر کوئی پہنچے۔

(۱۰۰) **یہ واقعات عبرت کے لئے ہیں** یہ واقعات جو عاد و ثمود اہل مدین اور قوم فرعون کے بیان کئے گئے یہ چند بستیوں کی سرگذشت ہے پچھلی قوموں کے چند واقعات ہیں جو تمہیں سنائے گئے ان میں بعض بستیاں اب بھی موجود ہیں جیسے مصر جو فرعون کا مقام تھا آج بھی درس عبرت بنا ہوا موجود ہے کہ کبھی یہ بستی اللہ کے دشمنوں کا مرکز تھی اور آج یہاں سے توحید کی صدائیں مسجد کے میناروں سے بلند ہو رہی ہیں۔ کچھ بستیاں ایسی ہیں جو ختم ہو چکی ہیں مگر ان کے کچھ کھنڈر باقی ہیں جیسے قوم لوط کی بستی کہ آج بھی وہ جگہ نشان عبرت ہے اور کچھ ایسی بستیاں ہیں جو صفحۂ ہستی سے مٹ چکی ہیں اور اب ان کا نشان بھی باقی نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَمَآ اَغْنَتْ عَنْهُمْ

وَ	مَا ظَلَمْنٰهُمْ	وَلٰكِنْ	ظَلَمُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	فَمَآ اَغْنَتْ	عَنْهُمْ
اور	ہم نے ظلم نہیں کیا ان پر	اور لیکن (بلکہ)	انہوں نے ظلم کیا	اپنی جانوں پر	سو نہ کام آئے	ان سے (کے)

اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا ، سو ان کے کچھ کام نہ آئے

اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ

اٰلِهَتُهُمُ	الَّتِيْ	يَدْعُوْنَ	مِنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	لَّمَّا	جَآءَ
ان کے معبود	وہ جو	پکارتے تھے	سوائے	اللہ	کچھ بھی	جب	آیا

وہ معبود جنھیں وہ اللہ کے سوا پکارتے تھے ، جب تیرے رب کا

اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَمَا زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿۱۰۱﴾

اَمْرُ رَبِّكَ	وَ	مَا زَادُوْهُمْ	غَيْرَ	تَتْبِيْبٍ	
تیرے رب کا حکم	اور	نہیں بڑھایا انہیں	سوائے	ہلاکت	

حکم آیا اور انہیں ہلاکت کے سوا انہوں نے کچھ نہیں بڑھایا

﴿۱۰۱﴾ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ بِاِهْلَاكِهِمْ بِغَيْرِ ذَنْبٍ وَلٰكِنْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِالشِّرْكِ فَمَآ اَغْنَتْ دَفَعَتْ عَنْهُمْ اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَيْ غَيْرِهٖ مِنْ زَائِدَةٌ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ عَذَابُهٗ وَمَا زَادُوْهُمْ بِعِبَادَتِهِمْ لَهَا غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ۝ تَخْسِيْرٍ

﴿۱۰۱﴾ اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا کہ بلا قصور ان کو ہلاک کیا ہو ولیکن انہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا شرک کر کے سو ان کے معبودوں نے جنکی وہ اللہ کے سوا عبادت کرتے تھے ان کو کچھ نفع نہ پہونچایا، اور جب تیرے رب کا عذاب آیا ان (بتوں) نے اس کو کچھ بھی دفع نہ کیا اور ان کی عبادت سے بجز نقصان کے کچھ حاصل نہ ہوا۔

تشریح

﴿۱۰۱﴾ گذشتہ قومیں خود اپنے کرتوتوں کی وجہ سے ہلاک کی گئیں ایسا نہیں ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے کسی کو بلا قصور سزا دی ہو یا کسی پر کوئی ظلم و زیادتی کی ہو بلکہ ظلم اور زیادتی جو کچھ ہوئی ہے وہ خود ان کی اپنی طرف سے ہوئی ہے وہ نافرمانیوں میں حد سے گذر گئے پیغمبر انکو سمجھاتے رہے مگر وہ باز نہ آئے، ان کو مہلت دی گئی، ڈھیل دی گئی، موقعہ دیا گیا، جب پاپ کا گھڑا بھر گیا اور یہ خطرہ ہوا کہ ان کا یہ فساد دنیا سے امن و امان کو ختم کر دیگا بے انصافی پھیلائے گا تو پھر اللہ نے فساد کی جڑ کاٹ دی اور ان پر اپنا عذاب نازل کیا پھر یہ بھی دیکھ لو کہ جب اللہ کا حکم آگیا تو ان کے وہ معبود کچھ کام نہ آسکے جن کو وہ پکارتے تھے جن سے وہ مدد مانگتے تھے ان جھوٹے معبودوں نے انہیں ہلاکت اور بربادی کے سوا کچھ نہ دیا۔ قوموں کے یہ حالات موجودہ لوگوں کے لئے عبرت کا سامان ہیں بشرطیکہ وہ نصیحت حاصل کر سکیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ۭ اِنَّ

وَكَذٰلِكَ	اَخْذُ	رَبِّكَ	اِذَآ ۔ اَخَذَ	الْقُرٰى	وَهِيَ	ظَالِمَةٌ	اِنَّ
اور ایسی ہی	پکڑ	تیرا رب	جب اس نے پکڑا (پکڑتا ہے)	بستیاں	اور وہ	ظلم کرتے ہوں	بیشک

اور ایسی ہی ہے تیرے رب کی پکڑ جب وہ بستیوں کو پکڑتا ہے اور وہ ظلم کرتے ہوں بے شک

اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۰۲﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ

اَخْذَهٗٓ	اَلِيْمٌ	شَدِيْدٌ	اِنَّ	فِيْ ۔ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّمَنْ ۔ خَافَ	عَذَابَ
اس کی پکڑ	دردناک	سخت	بیشک	اس میں	البتہ نشانی	اسکے لئے جو ڈرا	عذاب

اس کی پکڑ سخت دردناک ہے بیشک اس میں البتہ اس کے لئے نشانی ہے جو آخرت کے

الْاٰخِرَةِ ۭ ذٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾

الْاٰخِرَةِ ۭ	ذٰلِكَ	يَوْمٌ	مَّجْمُوْعٌ ۙ	لَّهُ	النَّاسُ	وَذٰلِكَ	يَوْمٌ	مَّشْهُوْدٌ
آخرت	یہ	ایک دن	جمع ہونگے	اس میں	سب لوگ	اور یہ	ایک دن	پیش ہونے کا

عذاب سے۔ یہ ایک دن ہے جس میں سب لوگ جمع ہونگے اور یہ ایک دن ہے پیش ہونے (حاضری) کا

وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾ يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ

وَ	مَا نُؤَخِّرُهٗٓ	اِلَّا	لِاَجَلٍ	مَّعْدُوْدٍ	يَوْمَ	يَاْتِ	لَا تَكَلَّمُ	نَفْسٌ
اور	ہم نہیں ہٹاتے پیچھے	مگر	ایک مدت کیلئے	گنی ہوئی (مقررہ)	جس دن	وہ آئے گا	نہ بات کرے گا	کوئی شخص

اور ہم پیچھے نہیں ہٹاتے (ملتوی نہیں کرتے) مگر (صرف) ایک مقررہ مدت تک کے لئے۔ جب وہ دن آئے گا کوئی شخص بات نہ کرسکے گا

اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿۱۰۵﴾

اِلَّا	بِاِذْنِهٖ	فَمِنْهُمْ	شَقِيٌّ	وَ	سَعِيْدٌ
مگر	اسکی اجازت سے	سو ان میں	کوئی بدبخت	اور	کوئی خوش بخت

مگر اس کی اجازت سے، سو کوئی ان میں بدبخت ہے اور کوئی خوش بخت

(۱۰۲) اور تیرے رب کی پکڑ ایسی ہی ہے جب وہ کسی گاؤں والوں کو پکڑتا ہے درآنحالیکہ وہ ظلم کرتے ہیں راستہ گناہوں کے یعنی کوئی چیز انکو اللہ کی پکڑ سے بچا نہیں سکتی اور اس کے عذاب کو دفع نہیں کرسکتی۔ بیشک اللہ کی پکڑ سخت دردناک ہے۔ بخاری اور مسلم نے ابوموسیٰ اشعری سے روایت کیا ابوموسیٰ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیشک اللہ ظالم کو مہلت دیتا ہے یہانتک کہ جب اس کو پکڑتا ہے تو پھر اسکو نہیں چھوڑتا پھر پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى الآیۃ اور تیرا رب جب گاؤں والوں کو پکڑتا ہے

(۱۰۲) وَكَذٰلِكَ مِثْلُ ذٰلِكَ الْاَخْذِ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَآ اَخَذَ الْقُرٰى اَرِيْدَ اَهْلُهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ بِالذُّنُوْبِ اَيْ فَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنْ اَخْذِهٖ شَيْءٌ اِنَّ اَخْذَهٗٓ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ○ رَوَى الشَّيْخَانِ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَيُمْلِيْ لِلظَّالِمِ حَتّٰى اِذَا اَخَذَهٗ لَمْ يُفْلِتْهُ ثُمَّ قَرَاَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ الْاٰيَةَ

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱۰۳) اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ یَوْمٌ مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَذٰلِكَ یَوْمٌ مَّشْهُوْدٌ ۝ یَشْهَدُهُ جَمِیْعُ الْخَلَائِقِ

(۱۰۳) بلاشبہ ان قصوں میں جو مذکور ہوئے عبرت اور نصیحت ہے اس شخص کے واسطے جو آخرت کے عذاب سے ڈرتا ہے۔ یہ قیامت کا دن وہ دن ہے کہ اس میں تمام آدمی جمع کئے جاویں گے اور وہ ایسا دن ہے کہ اس میں تمام مخلوق حاضر ہوگی۔

(۱۰۴) وَمَا نُؤَخِّرُهٗۤ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ۝ یَوْمَ یَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِیٌّ وَّ سَعِیْدٌ ۝

(۱۰۴) اور ہم نے اس کو ایک وقت تک موخر کر رکھا ہے جو اللہ کے نزدیک مقرر اور اسکو معلوم ہے۔

(۱۰۵) جب وہ دن آجائیگا تو کوئی شخص اس وقت نہیں بولے گا مگر اللہ کے اذن اور اجازت سے۔ سو مخلوق میں سے بعض بدبخت ہیں اور بعض نیک۔ ازل میں ہر ایک کا حال لکھا گیا ہے۔

تشریح

(۱۰۲) اللہ کی پکڑ بڑی شدید ہوتی ہے | جب کسی بستی کے لوگ کسی طرح ظلم و فساد کا راستہ چھوڑنے پر تیار نہیں ہوتے اور سمجھانے بجھانے کے باوجود گمراہی میں مبتلا رہتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کی پکڑ اس ظالم بستی کو اپنے عذاب کی گرفت میں لے لیتی ہے اور اسکی پکڑ بڑی سخت اور دردناک ہوتی ہے کہ اس سے کوئی بچا نہیں سکتا کوئی مجرم بھاگ کر نکل نہیں سکتا۔

(۱۰۳) قوموں پر عذاب کی تاریخ قانون مکافات کی دلیل ہے | قوموں کی تاریخ پر اگر غور کیا جائے تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ قوموں پر اللہ تعالیٰ کی گرفت کہیں بھی بلاوجہ نہیں ہے بلکہ اس کے کچھ اخلاقی اسباب ہیں کسی قوم کے گرنے اور اٹھنے میں ان اخلاقی اسباب کا پورا پورا دخل ہے۔ اگر کوئی قوم اٹھتی ہے تو اس لئے کہ ایک معقول اخلاقی قانون رکھتی ہے اور اس پر عمل کرتی ہے۔ اگر کوئی قوم گرتی ہے تو اس لئے کہ وہ قوم اخلاق کی حد سے نیچے گر جاتی ہے۔ قدرت اس قوم کو کچھ مدت تک ڈھیل دیتی ہے اور جب وہ بہت نیچے گر جاتے ہیں تو ان پر ایسی پکڑ آتی ہے کہ وہ عبرت کی ایک داستان بن کر رہ جاتے ہیں۔ ان واقعات اور اسباب پر غور کرنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ کائنات کی سلطنت میں مکافات کا ایک مستقل منصفانہ قانون جاری و ساری ہے

○ دوسری بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ اللہ کا عذاب جن قوموں پر آیا ہے اس میں مکافات کے تقاضے ایک حد تک تو پورے ہوتے ہیں مگر پورے طور پر وہ تقاضے پورے نہیں ہو سکے کیونکہ اس عذاب نے اس قوم کو تو سزا دی جو اس وقت موجود تھی مگر جو لوگ ظلم کے بیج بو کر پہلے ہی دنیا سے چلے گئے اور ان کے برے کاموں کا خمیازہ آنے والی نسلوں کو بھگتنا پڑا وہ مکافات کے قانون سے بچ گئے اب مکافات کے قانون کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے ایک ایسے عالم کی ضرورت ہے جہاں ظالم کے کرتوتوں کا پورا پورا بدلہ دیا جائے اور یہ دن وہ ہوگا جب سب جمع ہونگے ہر ایک کا پورا پورا حساب ہوگا اور یہ سارا انصاف سب کی آنکھوں کے سامنے ہوگا تاکہ ہر شخص دیکھ لے کہ اللہ کی عدالت کا فیصلہ حقیقت کے مطابق اور قانون منصفانہ و عادلانہ ہے۔

(۱۰۴) حساب کا دن مقررہ وقت پر آئیگا | حساب کتاب کے جس دن کے بارے میں بتایا جا رہا ہے کہ وہ فیصلے کا دن ہوگا اولین و آخرین سب اکٹھے ہونگے کوئی شخص ایسا نہ ہوگا جو موجود نہ ہو اللہ کی عدالت کی پیشی کا وہ سب سے بڑا دن ہوگا اسکی میعاد مقرر ہے وہ اپنے وقت پر آئیگا یہ مت سمجھو کہ یہ فرضی باتیں ہیں وہ مقررہ وقت جب آئیگا تو سب کے سامنے ہوگا۔

(۱۰۵) حساب کتاب کا وہ دن کیسا ہوگا | حساب کتاب کا وہ دن ایسا ہوگا کہ اس دن کسی کو اللہ کی اجازت کے بغیر کچھ بولنے کی مجال نہ ہوگی اس پرجلال عدالت میں کوئی دم نہ مار سکے گا اگر کچھ عرض معروض کرنی ہوگی تو احکم الحاکمین کی اجازت کے بغیر کوئی کچھ نہ بول سکے گا اس دن دو طرح کے لوگ ہوں کچھ لوگ بدبخت ہوں گے اور کچھ لوگ نیک بخت۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ﴿۱۰۶﴾

فَاَمَّا	الَّذِيْنَ	شَقُوْا	فَفِي	النَّارِ	لَهُمْ	فِيْهَا	زَفِيْرٌ	وَّشَهِيْقٌ
پس	جو لوگ	بدبخت	سو۔میں	دوزخ	انکے لئے	اسمیں	چیخنا	اور دھاڑنا

پس جو بدبخت ہیں وہ دوزخ میں ہیں ان کے لئے اس میں (گدھے کی طرح) چیخنا اور دھاڑنا ہے

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ

خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	مَا دَامَتِ	السَّمٰوٰتُ	وَالْاَرْضُ	اِلَّا	مَا	شَآءَ
ہمیشہ رہینگے	اسمیں	جب تک ہیں	آسمان (جمع)	اور زمین	مگر	جتنا	چاہے

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، جب تک زمین و آسمان ہیں مگر جتنا تیرا رب

رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۰۷﴾

رَبُّكَ	اِنَّ	رَبَّكَ	فَعَّالٌ	لِّمَا + يُرِيْدُ
تیرا رب	بیشک	تیرا رب	کر گزرنے والا	جو وہ چاہے

چاہے بیشک تیرا رب جو چاہے کر گزرنے والا ہے۔

﴿۱۰۶﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا اِنِ عِلْمِهٖ تَعَالٰى فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ صَوْتٌ شَدِيْدٌ وَّشَهِيْقٌ ○ صَوْتٌ ضَعِيْفٌ

﴿۱۰۶﴾ پس وہ لوگ جو علم الٰہی میں بدبخت ہیں آگ میں جلیں گے وہاں میں چلّاویں گے اور آہستہ اور پکار کر روئیں گے۔

﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اَيْ مُدَّةَ دَوَامِهِمَا فِي الدُّنْيَا اِلَّا غَيْرَ مَا شَآءَ رَبُّكَ مِنَ الزِّيَادَةِ عَلٰى مُدَّتِهِمَا مِمَّا لَا مُنْتَهٰى لَهٗ وَالْمَعْنٰى خَالِدِيْنَ فِيْهَا اَبَدًا اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ○

﴿۱۰۷﴾ دوزخ میں رہیں گے مقدار باقی رہنے آسمانوں اور زمینوں کے دنیا میں سوا اس زیادتی کے جو تیرا رب چاہے مدت بقا آسمان و زمین سے زیادہ لا انتہا جس کی کوئی حد نہیں۔ اور حاصل معنی یہ ہیں کہ وہ دوزخ میں ہمیشہ ہمیشہ کو رہیں گے۔ بیشک تیرا رب کرنے والا ہے جو چاہے۔

تشریح

﴿۱۰۶﴾ بدبختوں کا حال | حساب کتاب کے دن جو لوگ اپنے اعمال کیوجہ سے روسیاہ ہونگے وہ بدنصیب دوزخ میں ہوں گے جہاں وہ گرمی اور پیاس کی وجہ سے ہانپیں گے اور پھنکاریں ماریں گے

﴿۱۰۷﴾ بدنصیب ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے | وہ بدنصیب جو اللہ پر ایمان نہیں لائے وہ ہمیشہ ہمیشہ دوزخ میں رہیں گے کبھی وہاں سے نکالے نہ جائینگے البتہ وہ اہل ایمان جو اپنے گناہوں کی وجہ سے دوزخ میں ڈالے جائیں گے گناہوں کی سزا بھگتنے کے بعد ان کو دوزخ سے نکال لیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے اختیارات غیر محدود ہیں وہ جو چاہیں گے کریں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا

وَاَمَّا	الَّذِيْنَ	سُعِدُوْا	فَفِي	الْجَنَّةِ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا
اور جو	وہ لوگ جو	خوش بخت	سو۔ میں	جنت	ہمیشہ رہیں گے	اس میں

اور جو لوگ خوش بخت ہیں سو وہ ہمیشہ جنت میں رہیں گے

مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ

مَا دَامَتِ	السَّمٰوٰتُ	وَالْاَرْضُ	اِلَّا	مَا شَآءَ	رَبُّكَ
جب تک ہیں	آسمان (جمع)	اور زمین	مگر	جتنا چاہے	تیرا رب

جب تک زمین اور آسمان ہیں، مگر جتنا تیرا رب چاہے

عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾

عَطَآءً	غَيْرَ + مَجْذُوْذٍ
عطا۔ بخشش	ختم نہ ہونے والی

(یہ) بخشش ہے ختم نہ ہونے والی۔

﴿۱۰۸﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا بِفَتْحِ التِّيْنِ وَضَمِّهَا فَفِي الْجَنَّةِ خَالِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ الْاٰخِرَ مَا شَآءَ رَبُّكَ ط كَمَا تَقَدَّمَ وَدَلَّ عَلَيْهِ فِيْهِمْ قَوْلُهٗ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ○ مَقْطُوْعٍ وَمَا تَقَدَّمَ مِنَ التَّاْوِيْلِ هُوَ الَّذِيْ ظَهَرَ لِيْ وَهُوَ حَالٍ عَنِ التَّكَلُّفِ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمُرَادِهٖ

﴿۱۰۸﴾ اور لیکن وہ لوگ جو نیک ہیں سو جنت میں ہمیشہ رہیں گے بقدر بقائے آسمان و زمین کے بجز اس زیادتی لاانتہا کے جو تیرا رب چاہے یعنی ہمیشہ ہمیشہ کے لئے وہ جنت میں عیش و عشرت کریں گے چنانچہ اس مطلب پر دلالت کرتی ہے یہ آیت "عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ" یہ اللہ کی طرف سے عطاء ہے کبھی منقطع نہ ہوگی (اور آیت مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ میں جو تاویل اوپر لکھی گئی ہے مجھے ہی سوجھی ہے اور یہ توجیہ تکلیف سے خالی ہے اور اللہ زیادہ جاننے والا ہے اپنی مراد کو)۔

تشریح

﴿۱۰۸﴾ **نیک بخت جنت میں رہیں گے** وہ صاحب ایمان اور خوش نصیب لوگ جنہوں نے ایمان لانے کے ساتھ ساتھ نیک کام بھی کئے ہیں وہ ہمیشہ ہمیشہ جنت میں رہیں گے ان پر اللہ تبارک و تعالیٰ کی ایسی عنایت ہوگی جو مسلسل جاری رہے گی اور اس کی مہربانیوں کا سلسلہ کبھی ختم نہ ہوگا۔ ان کا جنت میں جانا بھی اللہ کے کرم کی بدولت ہی ہوگا اور وہ ہے بھی بڑا کریم۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَا تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ۭ مَا يَعْبُدُوْنَ

فَلَا تَكُ	فِي مِرْيَةٍ	مِمَّا	يَعْبُدُ	هٰٓؤُلَآءِ	مَا	يَعْبُدُوْنَ
پس تو نہ رہ	شک وشبہ میں	اس سے جو	پوجتے ہیں	یہ لوگ	نہیں	وہ پوجتے

پس اس سے شک وشبہ میں نہ رہو جو یہ (کافر) پوجتے ہیں ، وہ نہیں پوجتے مگر

اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ۭ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ

اِلَّا	كَمَا	يَعْبُدُ	اٰبَآءُهُمْ	مِّنْ قَبْلُ	وَاِنَّا	لَمُوَفُّوْهُمْ	نَصِيْبَهُمْ
مگر	جیسے	پوجتے تھے	ان کے باپ دادا	اس سے قبل	اور بیشک ہم	انہیں پورا پھیر دینگے	ان کا حصہ

جیسے اس سے قبل ان کے باپ دادا پوجتے تھے ، اور بیشک ہم انہیں ان کا حصہ گھٹائے بغیر پورا

ع ۹ ۱۴ ۹ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ

غَيْرَ مَنْقُوْصٍ	وَ	لَقَدْ	اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	فَاخْتُلِفَ	فِيْهِ
گھٹائے بغیر	اور	البتہ	ہم نے دی	موسیٰ	کتاب	سو اختلاف کیا گیا	اس میں

پھیر دیں گے اور ہم نے البتہ موسیٰ ؑ کو کتاب دی سو اس میں اختلاف کیا گیا

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ

وَلَوْلَا	كَلِمَةٌ	سَبَقَتْ	مِنْ	رَّبِّكَ	لَقُضِيَ	بَيْنَهُمْ
اور اگر نہ	ایک بات	پہلے ہو چکی	سے	تیرا رب	البتہ فیصلہ کر دیا جاتا	انکے درمیان

اور اگر تیرے رب کی طرف سے ایک بات پہلے نہ ہو چکی ہوتی تو البتہ ان کے درمیان فیصلہ کر دیا جاتا۔

وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾

وَاِنَّهُمْ	لَفِيْ + شَكٍّ	مِّنْهُ	مُرِيْبٍ
اور بیشک وہ	البتہ شک میں	اس سے	دھوکے میں ڈالنے والا

اور البتہ وہ اس (قرآن کی طرف) سے دھوکہ میں ڈالنے والے شک میں ہیں۔

﴿۱۰۹﴾ فَلَا تَكُ يَا مُحَمَّدُ فِيْ مِرْيَةٍ شَكٍّ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ مِنَ الْاَصْنَامِ ۭ اِنَّا نُعَذِّبُهُمْ كَمَا عَذَّبْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ وَهٰذِهِ التَّسْلِيَةُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ اَيْ كَعِبَادَتِهِمْ

﴿۱۰۹﴾ سو تم اے محمد اس میں شک نہ کرو کہ جن بتوں کی یہ کفار عبادت کرتے ہیں اس پر ہم ان کو عذاب دیں گے جیسا کہ ان سے پہلوں کو گرفتار عذاب کیا (اور یہ تسلی دیگئی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو) یہ کافر بتوں کو ایسا ہی پوجتے ہیں جیسے ان کے باپ دادے پہلے ان سے پوجتے تھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مِّنْ قَبْلُ وَقَدْ عَذَّبْنٰهُمْ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ
نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ۝ اَیْ تَامًّا

اور بے شک ہم نے ان کو عذاب دیا اور بے شک ہم ان کافروں کو پورا حصہ عذاب کا دیں گے۔ جیسا ان کے باپ دادوں کو دیا۔ اس میں کچھ کمی نہ ہوگی۔

(۱۱۰) وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ

(۱۱۰) اور بے شک ہم نے موسیٰ کو توریت دی سو اسمیں ایسا ہی اختلاف ہوا جیسا قرآن میں کہ بعض نے اسکو مانا اور بعض نے انکار کیا اور اگر تیرے رب کی طرف سے یہ بات پہلے سے مقرر نہ ہوتی کہ اس نے حساب اور جزا سزا مخلوق کے لئے قیامت کا دن معین کر رکھا ہے تو البتہ دنیا ہی میں ان کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ ہو جاتا جنمیں وہ اختلاف کرتے ہیں اور بے شبہ جھٹلانے والے توراۃ کے اس سے ایک تردد اور شک میں ہیں۔

وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ۝
مَوْقِعُ الرَّيْبَةِ۔

تشریح

(۱۰۹) جھوٹے معبودوں کی پوجا پاٹ اندھی تقلید کے سوا کچھ نہیں ہے | یہ لوگ جو جھوٹے معبودوں کی پوجا پاٹ میں لگے ہوئے ہیں ان کو دیکھ کر کسی معقول آدمی کو یہ خیال نہ آنا چاہئے کہ انہوں نے کچھ تو دیکھا ہی ہوگا جو ان سے حاجتیں طلب کرتے ہیں ——— انہوں نے کچھ نہیں دیکھا بس کوری اندھی تقلید میں یہ سب کئے جا رہے ہیں نہ تو اس کے پیچھے کوئی علم ہے اور نہ عقل وفہم کی کوئی بات ہے یہ لکیر کے فقیر بنے ہوئے ایک راہ پر چلے جا رہے ہیں۔ جو کچھ یہ کر رہے ہیں اس کا پورا بدلہ ان کو آخرت میں مل کر رہے گا جس میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔ رہا دنیا کا معاملہ تو دنیا میں جو رزق ان کا مقدر ہے وہ یہاں مل جائے گا۔

(۱۱۰) حق کی مخالفت پہلے بھی ہوتی رہی ہے | قرآن مجید جس دین کی دعوت دے رہا ہے اس کی باتیں بالکل سیدھی سیدھی اور صاف صاف ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے کیونکہ انسان کو اپنی خاص حکمت کی وجہ سے ایک خاص حد تک آزمائش کے لئے اختیار کی آزادی دی ہے کہ وہ کس راستے پر چلتا ہے اس لئے کچھ لوگ خالق و مخلوق کا ٹھیک ٹھیک حق پہچان کر صراط مستقیم پر گامزن ہو جاتے ہیں کچھ لوگ فطرت کی رہنمائی کو چھوڑ کر کجروی اور غلط کاری کے راستے پر چل پڑتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کی ساخت ہی ایسی بنائی ہے کہ وہ نیکی یا بدی کے اختیار کرنے میں بالکل مجبور ہو کر نہ رہ جائے۔ اسی لئے دنیا میں خیر و شر کی کش مکش کا سلسلہ جاری ہے اب چونکہ اللہ کی طرف سے ایک بات طے ہو چکی ہے اس لئے اس مہلت تک آزادی ہے اگر وہ طے شدہ بات نہ ہوتی کہ فیصلہ وقت آنے پر ہی ہوگا تو اللہ کے لئے سارے اختلافات کا فیصلہ کرنا مشکل نہ تھا لوگ چونکہ ان حکمتوں کو نہیں سمجھتے اس لئے وہ شک میں پڑ جاتے ہیں۔ حق کی مخالفت کوئی ٹھیک بات نہیں ہے۔ آج قرآن مجید کی مخالفت ہو رہی ہے، تو اس سے پہلے حضرت موسیٰ کو جو کتاب دی گئی تھی اس پر بھی بہت ساری رائے زنیاں کی گئی تھیں۔ اس لئے اہل حق کو شکستہ خاطر نہیں ہونا چاہئے، اللہ تعالیٰ اپنے وقت پر فیصلہ فرماتے ہیں، وہ جلد بازی نہیں کرتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ؕ اِنَّهٗ بِمَا

وَاِنَّ	كُلًّا	لَّمَّا	لَيُوَفِّيَنَّهُمْ	رَبُّكَ	اَعْمَالَهُمْ	اِنَّهٗ	بِمَا
اور بیشک	سب	جب	انہیں پورا بدلہ دیگا	تیرا رب	ان کے عمل	بیشک وہ	جو وہ

اور بیشک جب (وقت آئے گا) سب کو پورا پورا بدلہ دے گا تیرا رب ان کے اعمال کا ، بے شک جو وہ کرتے ہیں

يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ

يَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	فَاسْتَقِمْ	كَمَآ	اُمِرْتَ	وَمَنْ	تَابَ
کرتے ہیں	باخبر	سو تم قائم رہو	جیسے	تمہیں حکم دیا گیا	اور جو	توبہ کی

وہ اس سے باخبر ہے ۔ سو تم قائم رہو جیسے تمہیں حکم دیا گیا ہے، اور وہ بھی جس نے توبہ کی

مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾

مَعَكَ	وَلَا تَطْغَوْا	اِنَّهٗ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ
تمہارے ساتھ	اور سرکشی نہ کرو	بیشک وہ	اس کو جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا

تمہارے ساتھ اور سرکشی نہ کرو ، بیشک جو تم کرتے ہو وہ اس کو دیکھ رہا ہے ۔

﴿۱۱۱﴾ وَاِنَّ بِالتَّشْدِيْدِ وَالتَّخْفِيْفِ كُلًّا اَيْ كُلَّ الْخَلَائِقِ لَمَّا مَا زَائِدَةٌ وَاللَّامُ مُوَطِّئَةٌ لِقَسَمٍ مُقَدَّرٍ اَوْ نَافِيَةٌ وَفِيْ قِرَاءَةٍ بِتَشْدِيْدِ لَمَّا بِمَعْنَى اِلَّا اِنْ نَافِيَةٌ لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ اَيْ جَزَاءَهَا اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ عَالِمٌ بِبَوَاطِنِهٖ كَظَوَاهِرِهٖ ۔

(۱۱۱) اور بے شبہ تمام مخلوق کو تیرا رب پوری جزا انکے عملوں کی دیوگا بیشک اللہ جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں ان کے ظاہر اور باطن کی اس کو خبر ہے ۔

﴿۱۱۲﴾ فَاسْتَقِمْ عَلَى الْعَمَلِ بِاَمْرِ رَبِّكَ وَالدُّعَاءِ اِلَيْهِ كَمَآ اُمِرْتَ وَلْيَسْتَقِمْ وَمَنْ تَابَ اٰمَنَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا تُجَاوِزُوْا حُدُوْدَ اللّٰهِ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ فَيُجَازِيْكُمْ بِهٖ

(۱۱۲) سو تم ثابت رہو اے محمد اپنے رب کے حکم ماننے اور اس کی طرف بلانے پر جیسا تم کو حکم ہوا اور چاہیئے کہ وہ لوگ بھی اسی پر جمے رہیں جو تمہارے ساتھ ایمان لائے اور اللہ کی مقرر کی ہوئی حدوں سے نہ بڑھو بیشک جو تم کرتے ہو وہ اسکو جانتا ہے سو اسکا بدلہ

تشریح

اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال سے باخبر ہیں | فیصلے میں تاخیر ہونے سے یہ مت سمجھو کہ اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمال کی خبر نہیں ہے اللہ تعالیٰ ایک ایک حرکت سے باخبر ہے وقت آنے پر ہر ایک کے عمل کا پورا پورا بھگتان کیا جائیگا ۔

(۱۱۲) اپنی جگہ جمے رہو | اے پیغمبر آپ اور آپکے ساتھی جو پلٹ کر آپ کی طرف آئے ہیں پوری طرح جمے رہیں ان کے پائے استقلال میں ذرا بھی لغزش نہ آنے پائے اور یہ بھی خیال رہے کہ اس دین کے احکام میں جو تناسب اور اعتدال ہے اس میں ذرا بھی کمی اور زیادتی نہ ہو، افراط و تفریط سے علیحدہ ہو کر توسط کی راہ پر چلتے رہیں اور لوگوں کے عقائد اور اخلاق عبادات اور معاملات کو سیدھے راستے پر چلاتے رہیں، تمہاری ہر بات اللہ کی نگاہ میں ہے اور وہ ہر آن تمہارے اعمال کو دیکھ رہا ہے ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ

وَ	لَا تَرْكَنُوْٓا	اِلَى	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	فَتَمَسَّكُمُ	النَّارُ	وَمَا	لَكُمْ
اور	نہ جھکو	طرف	وہ جنہوں نے	ظلم کیا	پس تمہیں چھوئیگی	آگ	اور نہیں	تمہارے لئے

اور ان کی طرف نہ جھکو جنہوں نے ظلم کیا پس تمہیں آگ چھوئے گی (آ لگے گی) اور تمہارے لئے

مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ وَاَقِمِ

مِّنْ دُوْنِ	اللّٰهِ	مِنْ	اَوْلِيَآءَ	ثُمَّ	لَا تُنْصَرُوْنَ	وَاَقِمِ
سوائے	اللہ	کوئی	مددگار حمایتی	پھر	نہ مدد دیئے جاؤ گے	اور قائم رکھو

اللہ کے سوا کوئی مددگار نہیں، پھر مدد نہ دیئے جاؤ گے (مدد نہ پاؤ گے) اور نماز قائم

الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ

الصَّلٰوةَ	طَرَفَيِ	النَّهَارِ	وَزُلَفًا	مِّنَ	الَّيْلِ	اِنَّ	الْحَسَنٰتِ
نماز	دونوں طرف	دن	اور کچھ حصہ	سے	رات	بیشک	نیکیاں

رکھو دن کے دونوں طرف (صبح شام) اور رات کے کچھ حصہ میں۔ بے شک نیکیاں

يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَاصْبِرْ

يُذْهِبْنَ	السَّيِّاٰتِ	ذٰلِكَ	ذِكْرٰى	لِلذّٰكِرِيْنَ	وَاصْبِرْ
مٹا دیتی ہیں	برائیاں	یہ	نصیحت	نصیحت ماننے والے	اور صبر کرو

مٹا دیتی ہیں برائیوں کو یہ نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لئے اور صبر کرو

فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾

فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُضِيْعُ	اَجْرَ	الْمُحْسِنِيْنَ
بیشک	اللہ	ضائع نہیں کرتا	اجر	نیکی کرنے والے

بیشک اللہ اجر ضائع نہیں کرتا نیکی کرنے والوں کا۔

﴿۱۱۳﴾ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِمُوَادَّةٍ اَوْ مُدَاهَنَةٍ اَوْ رِضًى بِاَعْمَالِهِمْ فَتَمَسَّكُمُ تُصِيْبَكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَيْ غَيْرِهٖ مِنْ زَائِدَةٍ اَوْلِيَآءَ يَحْفَظُوْنَكُمْ مِّنْهُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۝ تُمْنَعُوْنَ مِنْ عَذَابِهٖ

﴿۱۱۳﴾ اور نہ مائل ہو ان لوگوں کی طرف جو ظالم ہیں ان سے دوستی نہ کرو اور حکم الٰہی کے پہنچانے میں تساہل اور مداہنت نہ کرو اور انکے کاموں سے خوش نہ ہو ایسا نہ ہو کہ آگ تم کو پہنچے اور مستحق دوزخ کے ہو جاؤ اور تمہارے لئے اللہ کے سوا کوئی مددگار نہیں جو تم کو اس کے عذاب سے بچا دے اور تم اس کے عذاب سے بچ نہ سکو گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱۱۴) وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ۭ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ۭ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ۝ عِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ

(۱۱۴) اور اے محمدؐ نماز پڑھتے رہو صبح اور شام یعنی نماز فجر ظہر اور عصر کی ادا کرو۔ اور کسی قدر رات میں یعنی مغرب اور عشاء بیشک نیکیاں جیسے پانچوں وقت کی نماز چھوٹے گناہوں کو دور اور نابود کرتی ہیں۔ یہ آیت اس شخص کے بارے میں نازل ہوئی جس نے اجنبی عورت کا بوسہ لیا تھا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو یہ حکم سنایا اس نے عرض کیا کہ یہ حکم آیا میرے ہی لئے خاص ہے۔ آپ نے فرمایا میری تمام امت کے لئے ہے روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے۔ یہ نصیحت ہے نصیحت قبول کرنے والوں کے لئے۔

(۱۱۵) وَاصْبِرْ ۣ يٰمُحَمَّدُ عَلٰٓى اَذٰى قَوْمِكَ اَوْ عَلَى الصَّلٰوةِ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ بِالصَّبْرِ عَلَى الطَّاعَةِ

(۱۱۵) اور اے محمدؐ اپنی قوم کی ایذا رسانی پر صبر کرو یا نماز پر صبر کرو یعنی برابر ادا کرتے رہو کہ بے شک اللہ ان لوگوں کا ثواب ضائع نہیں فرماتا جو نیکی کرتے ہیں اور عبادت الٰہی و فرماں برداری پر پختہ ہیں۔

تشریح

(۱۱۳) حق کے خلاف چلنے والوں کی طرف ذرا جھکاؤ نہ ہو | جو لوگ حق کی راہ سے ہٹے ہوئے ہیں اور اس طرح اپنے اوپر ظلم کر رہے ہیں ان کے طریقوں کی طرف ذرا بھی میلان اور جھکاؤ نہیں ہونا چاہیئے، تمہیں اللہ کے بتائے ہوئے طریقے پر اپنے رہن سہن میں، اپنے معاملات میں اپنی وضع قطع اور طریقۂ زندگی میں پوری طرح قائم رہنا چاہیئے ورنہ تم بھی اس آگ کی لپیٹ میں آجاؤ گے جس میں ان کو جانا ہے اور تمہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی اور سرپرست نہ ملے گا جو تمہیں بچا سکے اور نہ تمہیں کسی سے مدد ملے گی۔

(۱۱۴) تمہارا جھکاؤ اللہ کی طرف ہونا چاہیئے | تمہارا جھکاؤ ظالموں کے بجائے اللہ تعالیٰ کی طرف ہونا چاہیئے اس جھکاؤ کا بڑا ذریعہ نماز ہے، دن کے دونوں سروں پر یعنی صبح شام اور کچھ رات گذرنے پر نماز ادا کرو۔ نماز سے نیکی کا ماحول پیدا ہوگا اور برائیاں دور ہونگی۔ نماز کے ذریعہ تمہیں اللہ کی نصرت حاصل ہوگی کیونکہ ہر نیکی برائی کو دور کرتی ہے۔ خوشبو سے بدبو دور ہوتی ہے اسی طرح نیکی سے برائی دور ہوتی ہے، بدن میلا ہو جاتا ہے تو صابن سے صاف ہوتا ہے اجتماعی اور انفرادی زندگی میں نماز کے بے شمار فائدے ہیں نماز کا مکمل نظام واقعہ معراج کے بعد قائم ہوا جس میں پانچ وقت کی نمازیں فرض کی گئیں لیکن اس کے فرض ہونے سے پہلے ہی نماز کی رغبت دلائی گئی تاکہ اس کے ذریعہ وہ اوصاف پیدا ہوں جو برائی کے طوفان کا مقابلہ کر سکیں اور خیر و صلاح کا نظام قائم ہو سکے۔

(۱) صبر اختیار کرو۔ ثابت قدم رہو | اللہ تعالیٰ کی توجہ حاصل کرنے اور انسانی کردار کی تشکیل میں نماز اور صبر کا خاص دخل ہے سورۂ بقرہ میں ارشاد ہوا ہے وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ (صبر اور نماز سے مدد حاصل کرو) یہاں بھی نماز کے بعد صبر کا حکم فرمایا یعنی ایک مومن اللہ کی اطاعت اور عبادت میں اور اس کے حکم کی تعمیل میں ثابت قدم رہے کسی تکلیف کی پرواہ نہ کرے۔ اس صبر کے حاصل کرنے اور ثابت قدمی میں نماز بڑی مددگار ہوتی ہے جو انسان کا اپنے رب کے ساتھ تعلق کا سب سے مؤثر ذریعہ ہے اور عبد و معبود کے رابطے کو گہرا کرتا ہے انسان کو یہ احساس دلاتا ہے کہ وہ ایسے معبود کا بندہ ہے جو سب سے بڑھ کر طاقت والا ہے اور ہر چیز پر اس کی پوری گرفت ہے پروردگار بھی اپنے بندوں کی کوشش کے اجر کو ضائع نہیں کرتے بلکہ اسکی قدر کرتے ہیں اور اندازے سے زیادہ عطا فرماتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ

فَلَوْ	لَا	كَانَ	مِنَ	الْقُرُوْنِ	مِنْ	قَبْلِكُمْ	اُولُوْا + بَقِيَّةٍ
پس کیوں	نہ	ہوئے	سے	قومیں	سے	تم سے پہلے	صاحب خیر

پس تم سے پہلے جو قومیں ہوئیں ان میں صاحبانِ خیر کیوں نہ ہوئے؟

يَنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا

يَنْهَوْنَ	عَنِ	الْفَسَادِ	فِي	الْاَرْضِ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّمَّنْ	اَنْجَيْنَا
روکتے	سے	فساد	میں	زمین	مگر	تھوڑے	سے۔جو	ہم نے بچالیا

کہ روکتے زمین میں فساد سے، مگر تھوڑے سے جنہیں ہم نے ان سے

مِنْهُمْ ج وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ

مِنْهُمْ	وَ	اتَّبَعَ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	مَآ	اُتْرِفُوْا	فِيْهِ
ان سے	اور	پیچھے رہے	وہ لوگ جو	انہوں نے ظلم کیا (ظالم)	جو	انہیں دی گئی	اس میں

بچا لیا اور ظالم (ان ہی لذتوں کے) پیچھے پڑے رہے جو انہیں دی گئی تھیں

وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ

وَ	كَانُوْا	مُجْرِمِيْنَ	وَ	مَا	كَانَ	رَبُّكَ	لِيُهْلِكَ
اور	تھے	گنہگار	اور	نہیں	ہے	تیرا رب	کہ ہلاک کردے

اور وہ گناہگار تھے اور تیرا رب ایسا نہیں ہے کہ بستیوں کو ظلم

الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

الْقُرٰى	بِظُلْمٍ	وَّ + اَهْلُهَا	مُصْلِحُوْنَ
بستیاں	ظلم سے	جبکہ وہاں کے لوگ	نیکوکار

سے ہلاک کردے جبکہ وہاں کے لوگ نیکوکار ہوں

﴿۱۱۶﴾ فَلَوْلَا نَهْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ الْاُمَمِ الْمَاضِيَةِ مِنْ قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ اَصْحَابِ دِيْنٍ وَفَضْلٍ يَنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ الْمُرَادُ

﴿۱۱۶﴾ پس کیوں نہ ہوئے ان امتوں میں سے جو پہلے تم سے گذرے دینداری اور بزرگی والے آدمی جو زمین میں فساد کرنے سے روکتے۔

مراد یہ ہے کہ ان میں ایسے لوگ نہیں ہوئے

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِهِ النَّقِيُّ أَيْ مَا كَانَ فِيهِمْ ذٰلِكَ إِلَّا لَكِنَّ قَلِيلًا مِّمَّنْ أَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ج نَهَوْا لَنَجَوْا وَمِنْ لِبْيَانِ وَاتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوا بِالْفَسَادِ أَوْ تَرْكِ النَّهْيِ مَا أُتْرِفُوا نَعَّمُوا فِيهِ وَكَانُوا مُجْرِمِينَ ○

مگر تھوڑے ان میں سے کہ جن کو ہم نے نجات دی کہ انہوں نے فساد سے منع کیا سو ان کو نجات ملی اور جن لوگوں نے ظلم کیا زمین میں فساد پھیلا کر یا بوجہ نہ منع کرنے لوگوں کے گناہوں سے وہ پیروی کرنے لگے عیش و عشرت کے جو اُن کو دیجئے اور وہ لوگ گنہگار نافرمان تھے۔

(۱۱۷) وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ مِّنْهُ لَهَا وَّ أَهْلُهَا مُصْلِحُونَ ○ مُؤْمِنُونَ

(۱۱۷) اور تیرا رب کسی گاؤں کو ظلماً بلا قصور ہلاک نہیں کرتا درآں حالیکہ رہنے والے اس گاؤں کے مسلمان ہوں۔

تشریح

(۱۱۶) نیکی کا حکم دو اور برائی سے روکو | نماز و عبادت کے ذریعہ خود بھی نیک بنو اور اللہ کے احکام پر ثابت قدم کرہ کر نیکی کا ماحول پیدا کرو صرف اتنا ہی نہیں کہ خود نیک بنو بلکہ دوسروں کو بھی نیک بنانے کی کوشش کرو۔ تم سے پہلے قوموں کی تباہی کا ایک سبب یہ بھی تھا کہ ان میں جو لوگ با اثر تھے جن کی بات لوگ سن سکتے تھے اور ان میں کچھ نہ کچھ خیر کے اثرات موجود تھے وہ خود تو بھلائی پر چلتے رہے مگر انہوں نے برائیوں کو مٹانے کی کوشش نہیں کی۔ اس طرح برائی پھیلتی رہی دنیا بگڑتی رہی اور اس کو سنوارنے والا کوئی نہ رہا گنتی کے چند لوگ اٹھے مگر ان کی آواز سننے والا کوئی نہ تھا۔ ان کی بات پر توجہ نہ دی گئی برائیاں اس قدر پھیل چکی تھیں کہ نیکی کی آواز صدا بصحرا ثابت ہوئی۔ نقارخانے میں طوطی کی آواز کون سنتا۔ جب برائیاں زیادہ پھیلیں تو اللہ کی طرف سے عذاب آئے، گنتی کے چند لوگ جو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دے رہے تھے وہ اللہ کے عذاب سے محفوظ رہے باقی پوری قوم تباہ ہو گئی یہ نیک لوگ غالب ہوتے تو قوم تباہی سے بچ جاتی، تھوڑے تھے خود بچ گئے قوم کو نہ بچا سکے۔

(۱۱۷) قوموں کی تباہی کے اسباب | اللہ تعالیٰ خیر کو پسند کرتے ہیں اور شر اللہ کو پسند نہیں ہے۔ انسانی تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے کسی قوم کو اپنی نعمتوں سے سرفراز کیا اور وہ خوش حالی کے نشے میں مست ہو کر خیر کے بجائے شر پھیلانے لگے اور مجموعی طور پر پوری قوم بگاڑ کے آخری سرے پر پہنچ گئی اور وہ لوگ جو اس بگاڑ کو دور کر سکے اتنے کمزور اور بے طاقت ہو گئے کہ بات ان کے بس سے باہر ہو گئی تو پھر اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو ختم کر دیا اور اس کی جگہ دوسری قوم لے آئے جو خیر کے علم بردار بن کر اٹھے اللہ کا عذاب اس وقت تک نہیں آیا جب تک اصلاح کرنے والے لوگ موجود رہے اور امید کی یہ کرن باقی رہی کہ آج نہیں تو کل یہ قوم سدھر جائے گی جب نا امیدی ہو گئی تبھی اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو ختم کیا جو اس کی زمین پر رہنے کے قابل نہیں تھی۔ ورنہ اللہ تعالیٰ کسی بستی کو ناحق تباہ نہیں کرتا۔ آج کے دور کے لوگوں کو اس تاریخ سے سبق حاصل کرنا چاہیئے۔ کیوں کہ تاریخ عبرت کے لئے ہوتی ہے نہ کہ کتابوں کے اوراق میں بند رہنے کے لئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾

وَلَوْ	شَآءَ	رَبُّكَ	لَجَعَلَ	النَّاسَ	اُمَّةً	وَّاحِدَةً	وَّلَا يَزَالُوْنَ	مُخْتَلِفِيْنَ
اور اگر	چاہتا	تیرا رب	تو کر دیتا	لوگ (جمع)	امت	ایک	اور وہ ہمیشہ رہیں گے	اختلاف کرتے ہوئے

اور اگر تیرا رب چاہتا تو لوگوں کو ایک ہی امت کر دیتا اور وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے

اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ

اِلَّا	مَنْ	رَّحِمَ	رَبُّكَ	وَلِذٰلِكَ	خَلَقَهُمْ	وَتَمَّتْ	كَلِمَةُ	رَبِّكَ
مگر	جو جس	رحم کیا	تیرا رب	اور اسی لئے	پیدا کیا انہیں	اور پوری ہوئی	بات	تیرا رب

مگر جن پر تیرے رب نے رحم کیا اور اسی لئے انہیں پیدا کیا اور پوری ہوئی تیرے رب کی بات

لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ وَكُلًّا نَّقُصُّ

لَاَمْلَـَٔنَّ	جَهَنَّمَ	مِنَ	الْجِنَّةِ	وَالنَّاسِ	اَجْمَعِيْنَ	وَكُلًّا	نَّقُصُّ
البتہ بھر دوں گا	جہنم	سے	جن (جمع)	اور انسان	اکٹھے	اور ہر بات	ہم بیان کرتے ہیں

البتہ جہنم کو بھر دوں گا جنوں اور انسانوں سے اکٹھے اور ہر بات ہم تم سے رسولوں

عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِيْ

عَلَيْكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ	الرُّسُلِ	مَا نُثَبِّتُ	بِهٖ	فُؤَادَكَ	وَجَآءَكَ	فِيْ
تجھ پر	سے	احوال	رسول (جمع)	کہ ہم ثابت کریں (تسلی دیں)	اس سے	تیرا دل	اور تیرے پاس آیا	میں

کے احوال کی بیان کرتے ہیں تاکہ اس سے تمہارے دل کو تسلی دیں اور تمہارے پاس آیا

هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾

هٰذِهِ	الْحَقُّ	وَمَوْعِظَةٌ	وَّذِكْرٰى	لِلْمُؤْمِنِيْنَ
اس	حق	اور نصیحت	اور یاد دہانی	مومنوں کے لئے

اس میں حق اور مومنوں کے لئے نصیحت اور یاد دہانی

﴿۱۱۸﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً اَهْلَ دِيْنٍ وَّاحِدٍ وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ○ فِي الدِّيْنِ

﴿۱۱۹﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ اَرَادَ لَهُمُ الْخَيْرَ فَلَا يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمْ ، اَيْ اَهْلَ الْاِخْتِلَافِ لَهٗ وَاَهْلَ الرَّحْمَةِ لَهَا وَتَمَّتْ

﴿۱۱۸﴾ اور اگر تیرا رب چاہتا تو تمام آدمیوں کو ایک جماعت یعنی ایک مذہب پر کر دیتا اور آدمی ہمیشہ دین میں اختلاف کرتے رہیں گے۔

﴿۱۱۹﴾ مگر جن پر تیرا رب رحمت فرما دے اور ان کو خیر کی توفیق دے پس وہ اسمیں اختلاف نہ کریں گے اور اللہ نے آدمیوں کو اسی لئے پیدا کیا ہے یعنی اہل اختلاف اختلاف کے واسطے اور رحمت والوں کو رحمت کے لئے۔ اور تیرے رب کی بات

toobaa-elibrary.blogspot.com

كَلِمَةُ رَبِّكَ وَهِيَ لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ أَجْمَعِينَ ○

پوری ہوئی۔ وہ بات یہ ہے کہ بیشک میں بھروں گا دوزخ کو جنات اور آدمیوں سے سب سے۔

(۱۲۰) وَكُلًّا نَصْبٌ بِنَقُصُّ وَتَنْوِينُهُ عِوَضٌ عَنِ الْمُضَافِ إِلَيْهِ أَيْ كُلَّ مَا يَحْتَاجُ إِلَيْهِ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَاءِ الرُّسُلِ مَا بَدَلٌ مِنْ كُلًّا نُثَبِّتُ نَطْمَئِنُّ بِهِ فُؤَادَكَ قَلْبَكَ وَجَاءَكَ فِي هٰذِهِ الْأَنْبَاءِ أَوِ الْآيَاتِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَذِكْرَى لِلْمُؤْمِنِينَ ○ خَصُّوا بِالذِّكْرِ لِانْتِفَاعِهِمْ بِهَا فِي الْإِيمَانِ بِخِلَافِ الْكُفَّارِ

(۱۲۰) اور ہم تجھ پر بیان کرتے ہیں قصے پیغمبروں کے ہر قسم کے جس کی ضرورت ہو جس سے ہم تمہارے دل کو مطمئن کریں اور تم کو تسلی ہو جائے، اور ان قصوں میں یا آیتوں میں جو کچھ تم پر بیان کیا گیا سچی بات اور نصیحت ہے، اور یاد دہانی ہے اہل ایمان کو (ایمان والوں کو خاص ذکر کیا اس لئے کہ وہی ان آیتوں سے نفع اٹھاتے ہیں ایمان لاکر بخلاف کافروں کے۔

تشریح

(۱۱۸) **حق و ناحق کا اختلاف کیوں؟** دنیا میں ہم دیکھتے ہیں کہ اچھائی بھی ہے اور برائی بھی ہے، خیر بھی ہے اور شر بھی ہے، حق بھی ہے ناحق ہے، اندھیرا بھی ہے اجالا بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی حکمت تکوینی یہ ہے کہ وہ انسان کو ایک ہی راستہ اختیار کرنے کے لئے مجبور نہیں کرتا اگر وہ چاہتا تو سارے کے سارے انسان ایک ہی گروہ کے ہوتے لیکن اس نے انسان کو آزادی دی ہے، اختیار دیا ہے کہ وہ جس راستے کو چاہے اختیار کر کے اپنی مرضی سے اس پر چل سکتا ہے، اللہ تعالیٰ حق و ناحق کی رہنمائی تو ضرور فرماتے ہیں ہدایت کا مکمل سامان ظاہری و باطنی اللہ تعالیٰ نے کر رکھا ہے انسان کی فطرت حق پسند ہے اللہ نے اسکو حق پسند بنایا ہے ہر دور میں اپنے رسول بھیجے ہیں اپنی کتابیں نازل کی ہیں لیکن جبر و زبردستی اس کی حکمت تکوینی کے خلاف ہے۔ اس لئے انسان ہر دور میں حق و ناحق میں بٹے رہے ہیں اور بٹے رہیں گے۔

(۱۱۹) **اختیار کی آزادی کا صحیح استعمال کرنے والے جنت میں اور غلط استعمال کرنیوالے جہنم میں جائیں گے۔** اللہ تعالیٰ کی حکمت کا تقاضہ یہ ہوا کہ انسان کو ایک محدود دائرے میں اختیار کی آزادی دی جائے اس لئے اللہ تعالیٰ نے انسانی فطرت سلیمہ کے مطابق رہنمائی کا انتظام تو فرمایا مگر اس کے ساتھ چھوٹ بھی دیدی کہ اگر چاہو تو اپنی مرضی سے اس راہ پر چلو اور چاہو تو دوسرا راستہ اختیار کرو جن لوگوں نے فطرت کے تقاضوں کو سمجھا اور اللہ کی رہنمائی کی روشنی میں زندگی کا سفر طے کیا وہ رب کی رحمت کے مستحق بنے اور بے راہ روی سے بچ گئے۔ جنہوں نے فطرت کے خلاف واضح حق کو جھٹلایا وہ اختلاف میں پڑ گئے اور اصل مقصد زندگی کہ انسان اللہ کی عبادت کے لئے پیدا کیا گیا ہے اس کو بھول گئے ان پر خدا کی یہ بات پوری ہو کر رہی کہ میں جہنم کو جنوں اور انسانوں سے بھر دونگا۔ اس طرح انسانوں کے دو گروہ ہو گئے حق پرست جو اللہ تعالیٰ کی صفت جمال کا مظہر ہیں اور اس کی نعمتوں سے لطف اندوز ہوں گے۔ دوسرے حق کا انکار کرنے والے جو اللہ کی صفت جلال کا مورد بنیں گے اور جہنم رسید ہوں گے۔ حق پرستوں میں بھی لطف و کرم کے مظاہر استعداد اور عمل کے اعتبار سے مختلف ہوں گے۔

(۱۲) **گذشتہ پیغمبروں کے واقعات کے بیان کرنے کی حکمت** گذشتہ پیغمبروں اور ان کی قوموں کے جو واقعات اور حالات قرآن میں بیان ہوئے ہیں وہ نصیحت اور عبرت کے لئے ہیں جب آدمی سنتا ہے کہ پہلی قومیں کس وجہ سے اللہ کے عذاب میں مبتلا ہوئیں تو اس بات کو سنکر وہ ان چیزوں سے بچنے کی کوشش کرتا ہے اور جب وہ یہ دیکھتا ہے کہ فلاں راستہ اختیار کرنے سے پچھلی قوموں نے ترقی کی تو وہ بھی ایسا ہی کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ غرض ان واقعات کا مقصد یہ ہے کہ اللہ کے پیغمبر حضرت محمد ﷺ کے دل کو ڈھارس ملے اور امت کو ان کے ذریعہ حقیقت کا علم ہو اور ایمان لانے والوں کو نصیحت اور بیداری نصیب ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ ۭ اِنَّا

وَقُلْ	لِلَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	اعْمَلُوْا	عَلٰى	مَكَانَتِكُمْ	اِنَّا
اور کہدیں	وہ لوگ جو	ایمان نہیں لاتے	تم کام کئے جاؤ	پر	اپنی جگہ	ہم

اور ان لوگوں کو کہدیں جو ایمان نہیں لاتے تم اپنی جگہ کام کئے جاؤ ، ہم (اپنی جگہ)

عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ وَانْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ

عٰمِلُوْنَ	وَانْتَظِرُوْا	اِنَّا	مُنْتَظِرُوْنَ	وَ	لِلّٰهِ	غَيْبُ
کام کرتے ہیں	اور تم انتظار کرو	ہم بھی	منتظر (جمع)	اور	اللہ کے پاس	غیب

کام کرتے ہیں ، اور تم انتظار کرو ہم بھی منتظر ہیں اور اللہ کے پاس ہیں آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَاِلَيْهِ	يُرْجَعُ	الْاَمْرُ	كُلُّهٗ	فَاعْبُدْهُ	وَتَوَكَّلْ
آسمانوں	اور زمین	اور اسی کی طرف	بازگشت	کام	تمام	سو اسکی عبادت کرو	اور بھروسہ کرو

اور زمین کے غیب (چھپی ہوئی باتیں) اور اسی کی طرف تمام کاموں کی بازگشت ہے۔ سو اسکی عبادت کرو

ع ۱۰ عَلَيْهِ ۭ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾ ع

عَلَيْهِ	وَمَا	رَبُّكَ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	تَعْمَلُوْنَ
اس پر	اور نہیں	تمہارا رب	غافل (بے خبر)	اس سے جو	تم کرتے ہو۔

اور اس پر بھروسہ کرو، اور تمہارا رب اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو۔

﴿۱۲۱﴾ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ حَالَتِكُمْ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ○ عَلٰى حَالَتِنَا تَهْدِيْدًا لَّهُمْ

﴿۱۲۲﴾ وَانْتَظِرُوْا عَاقِبَةَ اَمْرِكُمْ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ○ ذٰلِكَ

﴿۱۲۳﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَيْ عِلْمُ مَا غَابَ فِيْهِمَا وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ بِالْبِنَاءِ لِلْفَاعِلِ يَعُوْدُ وَلِلْمَفْعُوْلِ يُرَدُّ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَيَنْتَقِمُ مِمَّنْ عَصٰى فَاعْبُدْهُ

﴿۱۲۱﴾ اور کہدو ان لوگوں سے جو ایمان نہیں رکھتے کہ تم اپنے حال پر کام کرو بے شک ہم اپنے حال پر عمل کرنے والے ہیں کافروں کو دھمکانا اور ڈرانا ہے۔

﴿۱۲۲﴾ اور تم اپنے کاموں کے انجام کے منتظر رہو ہم بھی اس کے منتظر ہیں

﴿۱۲۳﴾ اور اللہ جانتا ہے جو آسمانوں اور زمینوں میں پوشیدہ ہے اور اسی کی طرف تمام امور کار جوع ہے سو وہ بدلہ لیگا اس سے جو اس کی نافرمانی کرے۔

پس عبادت کر تو اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس ذات

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَحْدَهٗ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ؕ وَثِقْ بِهٖ ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَاِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ لِوَقْتٍ مَّعْدُوْدٍ ۝ وَفِيْ قِرَاءَةٍ بِالْفَوْقَانِيَّةِ.

واحد کی اور اس پر بھروسہ کر کہ بے شک وہ تجھ کو کافی ہے اور تیرا رب بے خبر نہیں ان کے کاموں سے صرف ان کو چھوڑ رکھا ہے ان کے وقت معین تک اور ایک قرارت میں بجائے یعملون کے تعلمون ہے ساتھ تا کے یعنی جو تم کرتے ہو اللہ اس سے بے خبر نہیں۔

تشریح

(۱۲۱) ہر گروہ اپنے اپنے طریقے پر چلتا رہے | رہے وہ لوگ جو سب کچھ سننے کے باوجود عمل کے لئے تیار نہیں ہیں اور اپنی ضد پر اڑے ہوئے ہیں، وہ اپنے طریقے پر چلتے رہیں ہم اپنے طریقے پر چلتے رہیں گے۔

(۱۲۲) انجام کا انتظار کریں | ہر عمل کا ایک نتیجہ سامنے آتا ہے کوئی عمل بھی بے نتیجہ نہیں ہوتا اچھائی کا نتیجہ اچھا اور برائی کا نتیجہ برا سامنے آکر رہے گا تم بھی اپنے انجام کا انتظار کرو اور ہم بھی منتظر ہیں دیکھو اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے۔

(۱۲۳) اللہ کی سلطنت میں اندھیر نہیں ہے | یہ پوری کائنات اللہ رب العزت کی عظیم الشان سلطنت ہے جس کا وہ بلا شرکت غیرے حاکم ہے ہر چیز اس کے قبضۂ قدرت میں ہے، ذرّے ذرّے کا اسے علم ہے زمین آسمان میں کوئی چیز اس سے چھپی ہوئی نہیں ہے تمام معاملات آخر اسی کے حضور میں پیش ہوتے ہیں اور وہی ہر معاملے کا فیصلہ پوری حکمت کے ساتھ کرتا ہے اس کی اس سلطنت میں اندھیر نگری چوپٹ راج نہیں ہے یہاں حکمت کیوجہ سے دیر تو لگتی ہے جس کا مخلوق کو پتہ نہیں ہوتا مگر اندھیر نہیں ہے جو کچھ یہ لوگ کر رہے ہیں پروردگار اس سے غافل نہیں ہے جو لوگ حق کے لئے کوشاں ہیں ان کی محنتیں ضائع نہیں ہوتیں اور ظالم کو بھی اس کے ظلم کا بدلہ مل کر رہے گا۔ ان کے سب کرتوت اللہ کے علم میں ہیں۔ اے نبی ﷺ آپ اور آپ کے پیرو اللہ پر بھروسہ رکھیں اور اس کی بندگی اور فرماں برداری میں لگے رہیں۔ ایک مرتبہ صحابہ کرام رضؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ پر بہت جلد بڑھاپے کے آثار ظاہر ہونے لگے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا سورۂ ہود اور ان جیسی دوسری سورتوں نے مجھے بوڑھا کر دیا ہے۔ شَيَّبَنِيْ هُوْدٌ وَاَخَوَاتُهَا

toobaa-elibrary.blogspot.com

۱۲

یوسف

ترتیب تلاوت	۱۲	ترتیب نزول	۵۳
مکی / مدنی	مکی	تعداد رکوعات	۱۲
تعداد آیات	۱۱۱	تعداد الفاظ	۱۸۰۸
تعداد حروف	۷۴۱۱		

سورۂ یوسف قرآن مجید کی ترتیب کے مطابق بارہویں سورۃ ہے اس کے مضمون سے اندازہ ہوتا ہے کہ مکہ مکرمہ میں حضور نبی کریم ؐ کے زمانہ قیام کے آخری دور میں یہ سورت نازل ہوئی ہے۔ اس سورت کی خصوصیت یہ ہے کہ پوری سورت میں مسلسل ایک ہی واقعہ حضرت یوسف ؑ کا بیان ہوا ہے۔

قرآن مجید نے حضرت یوسف کے قصے کو "احسن القصص" یعنی سب سے اچھا اور سب سے بہترین قصہ کہا ہے۔ سب سے پہلے اس قصہ پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہیں۔

یہودیوں نے مسلمانوں کی معرفت حضرت محمد ؐ سے سوال کیا کہ بنی اسرائیل فلسطین میں رہتے تھے پھر وہ مصر کیسے پہنچ گئے۔؟ اس کے جواب میں اللہ تعالےٰ نے حضرت یوسف ؑ کا یہ پورا واقعہ نازل فرمادیا جس سے معلوم ہوا کہ بنی اسرائیل فلسطین سے مصر کس طرح پہنچے۔

قصۂ یوسف پر ایک طائرانہ نظر

حضرت یوسف ؑ حضرت یعقوب ؑ کے بیٹے، حضرت اسحاق ؑ کے پوتے حضرت ابراہیم ؑ کے پڑپوتے تھے۔

حضرت یعقوب ؑ کے چار بیویاں تھیں جن سے بارہ بیٹے ہوئے۔ چھوٹے بیٹے حضرت یوسف ؑ اور ان سے چھوٹے بھائی

toobaa-elibrary.blogspot.com

بن یمین ایک بیوی (راحیل) سے تھے اور باقی دس بیٹے دوسری بیویوں سے تھے۔ بن یمین کی پیدائش کے وقت ان کی والدہ کا انتقال ہو گیا تھا اس لئے حضرت یعقوب ان دونوں بے ماں کے بچوں کا زیادہ خیال رکھتے تھے۔

- حضرت یعقوبؑ فلسطین میں حبرون کی وادی میں رہتے تھے۔
- حضرت یوسفؑ کی پیدائش ۱۹۰۶ قبل مسیح میں ہوئی ہے۔
- لڑکپن میں جبکہ حضرت یوسف ؑ کی عمر تقریباً سترہ یا اٹھارہ سال کی تھی۔ انہوں نے خواب دیکھا کہ گیارہ ستارے چاند اور سورج میرے سامنے جھکے جا رہے ہیں۔ انھوں نے یہ خواب اپنے والد حضرت یعقوب ؑ سے بیان کیا تو والد نے ان سے کہا کہ وہ اپنے بھائیوں یہاں تک کہ بن یمین سے بھی اس خواب کا تذکرہ نہ کریں۔ کیونکہ اس خواب کی تعبیر بالکل واضح تھی کہ گیارہ ستارے یعنی ان کے گیارہ بھائی اور چاند اور سورج یعنی ان کے والد اور والدہ یہ سب کسی وقت حضرت یوسف ؑ کی شان عظمت کے سامنے سر جھکائیں گے۔ حضرت یعقوب محسوس کرتے تھے کہ یوسف کے ساتھ ان کی محبت دیکھ کر ان کے بھائی دل دل میں کڑھتے ہیں۔ ممکن تھا کہ وہ اس خواب کو سنکر یوسف کو اذیت دینے کی کوشش کریں اس لئے انھوں نے اس خواب کا ذکر کسی اور سے کرنے سے روک دیا۔
- ایک دن حضرت یوسف ؑ کے بھائیوں نے اپنے والد سے کہا کہ آپ یوسف ؑ کے معاملے میں ہم پر بھروسہ نہیں کرتے، وہ ہمارا بھائی ہے اور ہم اس کے سچے خیر خواہ ہیں۔ کل اسے ہمارے ساتھ بھیجئے تاکہ وہ ہمارے ساتھ کھیلے، اس کا دل بہلے، ہم اس کی حفاظت کے لئے موجود ہیں۔ اور آخر انھوں نے اپنے والد کو اس کے لئے آمادہ کر لیا کہ یوسف ان کے ساتھ کل سے جنگل جائیگا۔
- اور پھر وہی ہوا جو ہونا تھا کہ ان کے بھائیوں نے آپس میں مشورہ کر کے حضرت یوسف ؑ کو ایک اندھے کنوئیں میں پھینک دیا۔ یہ واقعہ ۱۸۹۰ ق م میں پیش آیا۔ جس کنوئیں میں ان کے بھائیوں نے پھینکا وہ دوتن کے مقام کے قریب واقع تھا۔ دوتن کو اب دُتان کہا جاتا ہے اور یہ سکم کے شمال میں ہے۔
- برادرانِ یوسف ان کو کنوئیں میں پھینک کر چلے گئے اور والد سے جا کر بہانہ بنا دیا کہ یوسف کو بھیڑیئے نے کھا لیا۔ اور ثبوت کے لئے خون لگا یوسف کا قمیص باپ کو دکھا دیا۔ حضرت یعقوب نے اس صدمے کو بڑے صبر کے ساتھ برداشت کیا۔
- شرق اردن کے مقام جلعاد سے ایک قافلہ مصر کی طرف جا رہا تھا انہوں نے پانی نکالنے کے لئے اس کنوئیں میں جس میں حضرت یوسف کو پھینکا گیا تھا ڈول ڈالا تو وہاں دیکھا کہ ایک لڑکا بیٹھا ہوا ہے۔ انہوں نے یوسف کو کنوئیں سے نکالا اور ان کو مال تجارت سمجھ کر بیچنے کے لئے اپنے ساتھ مصر لے گئے۔
- حضرت یوسف ؑ سترہ اٹھارہ سال کی عمر میں مصر پہنچے، قافلے والوں نے مصر کے بازار میں حضرت یوسف کو غلاموں کیطرح بیچ ڈالا۔ عزیز مصر فوطیفار جو وہاں کا مدار المہام تھا وہ حضرت یوسف ؑ کو خرید کر اپنے گھر لے گیا اور اپنی بیوی سے کہا کہ بڑا قبول صورت اور ہونہار لڑکا معلوم ہوتا ہے اس کے ساتھ پیار کا معاملہ کرنا اور عزت و آبرو سے رکھنا ہمارے اولاد نہیں ہے ہوسکتا ہے ہم اسی کو اپنا بیٹا بنالیں۔ عزیز مصر کے یہاں حضرت یوسف کو بڑے بڑے لوگوں سے ملنے اور انتظامی کاموں کو چلانے کا کچھ اندازہ ہونے لگا۔ حضرت یوسف ؑ جسمانی اعتبار سے شباب کو پہنچ رہے تھے اور فہم و دانش میں ترقی کر رہے تھے اپنی فہم رسا سے مشکل مسئلے چٹکیوں میں حل کر دیتے تھے، خوابوں کی تعبیر کا علم ان کا مخصوص حصہ تھا۔ ادھر اخلاق نہایت اعلےٰ، دل کے سچے اور قول کے پکے تھے اس طرح حضرت یوسف کی ایک اچھے ماحول میں تعلیم و تربیت ہو رہی تھی اور عزیز مصر کی خاص عنایتیں ان کی طرف متوجہ تھیں اللہ نے ان کو منصب نبوت سے سرفراز فرما دیا تھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

○ اسی درمیان میں حضرت یوسف ؑ ایک سخت امتحان میں پڑ گئے کہ عزیز کی بیوی حضرت یوسف ؑ کے حسن وجمال پر مر مٹی، اور اپنی خواہش کا ان سے بے تابانہ اظہار کیا۔ ایک روز تو یہ ہوا کہ کمرے کے دروازے بند، جوانی کی عمر ایک حسین عورت کی خواہش سارے اسباب ایسے تھے کہ بڑے بڑے زاہدوں کا تقویٰ پاش پاش ہو جائے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے حفاظت کی حضرت یوسف اس امتحان میں کامیاب رہے۔ حضرت یوسف کمرے کا دروازہ کھول کر نکلنا چاہتے تھے اور پیچھے عزیز مصر کی بیوی ان کو روکنے کے لئے پیچھا کر رہی تھی۔ اتفاقاً حضرت یوسف کی قمیص کا پچھلا حصہ اس کے ہاتھ میں آ گیا۔ کھینچا تانی میں کرتا پھٹ گیا۔ آگے یوسف ؑ اور پیچھے وہ عورت، آگے پیچھے دروازے پر پہنچے تو اس کا خاوند عزیز مصر فوطیفار اچانک دروازے پر پہنچ گیا۔ عورت نے معاملے کی نزاکت کو دیکھ کر الزام حضرت یوسف ؑ پر رکھ دیا۔ حضرت یوسف ؑ نے صفائی دی۔ یہ جھگڑا چل ہی رہا تھا کہ خود عورت کے خاندان والوں میں ایک شخص نے کہا کہ اگر قمیص آگے سے پھٹا ہو تو قصور یوسف کا ہے اور پیچھے سے پھٹا ہو تو عورت قصوروار ہے۔

○ عزیز مصر نے بھی سمجھ لیا کہ اصل معاملہ کیا ہے اور یوسف سے کہا کہ جو ہونا تھا ہو چکا اس کا کسی سے ذکر مت کرنا مگر ایسی باتیں کہاں چھپتی ہیں عورتوں میں چرچے ہونے لگے کہ عزیز کی بیوی اپنے غلام پر فریفتہ ہے۔ عورتوں کے طعنے سنکر عزیز مصر کی بیوی نے ان عورتوں کے لئے کھانے پینے کی مجلس کا اہتمام کیا۔ کھانے میں بعض چیزیں ایسی تھیں پھل وغیرہ جو کاٹ کر کھائی جاتی ہیں۔ ہر ایک کے ہاتھ میں چاقو تھا سامنے پھل رکھے ہوئے تھے کہ عزیز مصر کی بیوی نے حضرت یوسف ؑ کو آواز دی وہ کمرے میں داخل ہوئے عورتوں کی نگاہیں ان کی طرف اٹھیں، ہاتھ میں چاقو ہے پھل کاٹے جا رہے ہیں نگاہوں کا حضرت یوسف کی طرف اٹھنا تھا کہ بجلی سی کوند گئی

وہ آئے بزم میں اتنا تو میر نے دیکھا
پھر اس کے بعد چراغوں میں روشنی نہ رہی

دیکھنے والوں کے حواس گم ہو گئے۔ چھریاں چلیں اور پھلوں کے بجائے ہاتھ کٹ گئے۔

اس موقعہ کے لئے حضرت عائشہ رضؓ نے ارشاد فرمایا تھا کہ مصر کی عورتوں نے حضرت یوسف ؑ کو دیکھ کر بے خودی میں ہاتھ کاٹ لئے تھے، اگر وہ میرے چاند یعنی حضرت محمد ﷺ کو دیکھتیں تو اپنے دل کاٹ کر رکھ دیتیں۔

عورتوں نے کہا کہ یہ کوئی آدمی نہیں فرشتہ معلوم ہوتا ہے۔ عزیز مصر کی بیوی کہنے لگی کہ یہی تو ہے جس کے لئے تم مجھے طعنے دے رہی تھیں۔ سہیلیوں کے مجمع میں اس نے کھل کر اقرار کیا کہ بے شک میں اس بے مثال حسن پر فریفتہ ہوں مگر یہ ظالم ہے کہ نگاہیں اٹھا کر دیکھتا بھی نہیں۔

○ حضرت یوسف ؑ عزیز مصر اور اس کی سہیلیوں کی باتیں سنکر پریشان ہو گئے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ مجھے ان کے مکر و فریب سے بچائے، پروردگار! میں اس گناہ سے جیل خانہ کو ترجیح دیتا ہوں اگر آپ میری دست گیری نہیں فرمائیں گے تو ایسا نہ ہو کہ میں ان کے فریب میں آجاؤں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو ثابت قدم رکھا اور ان کی حفاظت فرمائی حضرت یوسف کی پاک دامنی کے باوجود اقتدار وقت کی مصلحت یہ سمجھی گئی کہ حضرت یوسف ؑ کو ایک مدت تک قید میں رکھا جائے تاکہ بدنامی نہ ہو اور لوگ یہ سمجھیں کہ قصوروار یوسف ہی تھے۔ دوسری مصلحت یہ بھی تھی کہ یوسف ان کی نظر سے دور رہیں۔

○ قید کے زمانے میں دو نوجوان قیدی جیل خانے میں لائے گئے جن میں ایک مصر کے بادشاہ فرعون ریان بن ولید کا نان بائی اور دوسرا اس کا ساقی یعنی شراب پلانے والا تھا، ان دونوں پر الزام تھا کہ ان دونوں نے بادشاہ کو زہر دینے کی کوشش

toobaa-elibrary.blogspot.com

کی ہے۔ قید خانے میں حضرت یوسف کے اخلاق اور آپ کی نیکی کا چرچا تھا یہ دونوں بھی حضرت یوسف سے بہت مانوس ہوگئے ایک روز ان دونوں نے خواب دیکھا اور اپنا اپنا خواب بیان کر کے حضرت یوسف سے تعبیر معلوم کی۔ ساقی نے اپنا خواب بیان کیا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں بادشاہ کو شراب پلا رہا ہوں۔ نان بائی نے کہا کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میرے سر پر ٹوکرے کئی ٹوکرے رکھے ہیں جن سے پرندے نوچ نوچ کر کھا رہے ہیں۔ ان دونوں نے حضرت یوسف سے کہا کہ آپ ہمارے خوابوں کی تعبیر بتائیں۔

○ حضرت یوسف ؑ نے ان کا جواب سنکر کہا کہ ابھی روزمرہ کا کھانا آنے سے پہلے میں تمہیں ان کی تعبیر بتا دوں گا۔ یہ خواب کی تعبیر بتانا ان علوم میں سے ہے جو میرے رب نے مجھے عطا کئے ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ میں نے ان لوگوں کا طریقہ اختیار نہیں کیا جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور مرنے کے بعد کی زندگی کا انکار کرتے ہیں بلکہ میں نے اپنے بزرگوں ابراہیم اسحٰق اور حضرت یعقوب کا طریقہ اختیار کیا ہے۔ ہمارا کام یہ نہیں ہے کہ ہم اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو ساجھی بنائیں یہ ہم پر اور تمام انسانوں پر اللہ کا فضل ہے کہ اس نے ہمیں اپنے علاوہ کسی اور کا بندہ نہیں بنایا مگر اکثر لوگ اس بات کا شکر ادا نہیں کرتے ـــــ برادرانِ زندان! ذرا سوچو کہ بہت سے الگ الگ رب بہتر ہیں یا وہ ایک رب جو سب پر غالب ہے اس ایک رب کو چھوڑ کر بھٹکے ہوئے لوگ جن کی بندگی کر رہے ہیں ان کا کوئی حقیقی وجود نہیں ہے بس یہ کچھ نام ہیں جو انہوں نے اور ان کے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں۔ فرماں برداری اللہ کے سوا کسی کے لئے نہیں ہے اس کا حکم ہے کہ اس ایک رب کے سوائے کسی کی بندگی نہ کی جائے۔ یہی صحیح اور سیدھا طریقہ ہے مگر اکثر لوگ اس سے ناواقف ہیں۔

○ اس کے بعد حضرت یوسف نے ان کو بتایا کہ تمہارے خواب کی تعبیر یہ ہے کہ ساقی جس نے خواب دیکھا ہے وہ شاہِ مصر کو شراب پلائیگا۔

دوسرا ساتھی جو نان بائی ہے اور باورچی خانے کا انچارج ہے اسے سولی پر چڑھایا جائے گا اور پرندے اس کا سر نوچ نوچ کر کھائیں گے۔

○ خواب کی یہ تعبیر بتا کر حضرت یوسف نے ساقی سے جس کے متعلق خیال تھا کہ وہ قید خانے سے چھوٹ جائیگا اور دوبارہ پھر ساقی کا کام کرے گا کہا کہ جب تم رہا ہو جاؤ گے اور بادشاہ کے پاس جاؤ گے تو ان سے میرا ذکر کرنا۔

مگر جب یہ شخص رہا ہوا تو حضرت یوسف کا ذکر کرنا بھول گیا اور حضرت یوسف سات آٹھ سال تک قید خانے میں پڑے رہے۔

○ پھر ایسا ہوا کہ ایک روز بادشاہ نے خواب دیکھا کہ دریائے نیل سے سات موٹی گائیں نکلیں، ان کے پیچھے سات دبلی گائیں نکلیں۔ دبلی گائیں فربہ گاؤں کو کھا گئیں پھر بھی انہیں کوئی فرق نہیں پڑا۔ اور دیکھا کہ اناج کی سات بالیں ہری ہیں اور سات بالیں سوکھی ہیں وہ سوکھی بالیں ہری بالوں پر لپٹتی ہیں اور انہیں خشک کر دیتی ہیں ـــ بادشاہ فرعون ریان بن ولید خواب دیکھ کر اس کی تعبیر جاننے کے لئے بے چین ہو گیا۔ اس نے درباریوں سے کہا کہ اگر تم خوابوں کی تعبیر جانتے ہو تو اس خواب کا مطلب بتاؤ۔ یہ لوگ تعبیر نہیں بتا سکے اور یہ کہہ کر پیچھا چھڑا لیا کہ یہ خیالات پریشان ہیں اور کچھ نہیں۔

اچانک اس شخص کو جو بادشاہ کا ساقی تھا اور قید سے چھوٹ کر آیا تھا، حضرت یوسف کا خیال آیا اور اس نے کہا کہ قید خانے میں ایسے ایسے ایک بزرگ موجود ہیں جو خواب کی تعبیر بتانے میں مہارت رکھتے ہیں اگر آپ مجھے قید خانے میں ان سے ملنے کی اجازت دیں تو میں خواب کی تعبیر معلوم کر کے آتا ہوں۔

○ چنانچہ وہ شخص قید خانے میں حضرت یوسف کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ بھائی یوسف، اے صدق مجسم مجھے اس

toobaa-elibrary.blogspot.com

خواب کی تعبیر بتائیے کہ سات موٹی گائیں ہیں جن کو سات دُبلی گائیں کھا رہی ہیں اور گیہوں کی سات بالیاں ہری ہیں اور سات سوکھی ہیں۔ وہ سوکھی بالیاں ہری بالیوں پر لپٹتی ہیں اور ان کو بھی خشک کر دیتی ہیں آپ مجھے اس خواب کی تعبیر بتائیں تو میں ان کے پاس جاکر ان کو سمجھاؤں اور ان کو آپ کی قدر و منزلت کا احساس ہو اور مجھے بھی اس وعدے کے پورا کرنے کا موقع مل جائے جو میں نے آپ سے قید خانے کے زمانے میں کیا تھا۔

○ حضرت یوسف ؑ نے اس خواب کی تعبیر بتائی کہ سات سال تک تم لوگ کھیتی باڑی کرتے رہو گے اور خوب پیداوار ہوگی اس وقت جو پیداوار ہو اس میں سے بقدر ضرورت حصہ جو تمہارے کھانے کے کام آئے اس کو نکال لو اور باقی اناج کو بالیوں ہی میں رہنے دو کیونکہ پیداوار کے ان سات سالوں کے بعد پھر سات سال قحط اور سوکھے کے آئیں گے اسوقت تمہارے کام وہی غلہ آئے گا جو تم بچا کر رکھ لوگے۔ ان سات سالوں کے بعد پھر ایک سال خوب بارش ہوگی اور پیداوار اور خوش حالی کا وقت آئے گا۔

○ ساقی نے خواب کی تعبیر جاکر بادشاہ فرعون ریان بن ولید سے بیان کی بادشاہ تو پہلے ہی ساقی کے تعریف کرنے سے حضرت یوسف سے متاثر ہو گیا تھا اب جو ایسی موزوں تعبیر اور اس کے ساتھ ہمدردی کی بات سُنی تو حضرت یوسف کے علم و فضل فہم و دانش کا سکہ اس کے دل پر جم گیا۔ حکم دیا کہ اس شخص کو میرے پاس لاؤ تاکہ اس سے ملاقات کروں اور اس کی قابلیت کے مطابق اس کی عزت افزائی کروں

قاصد پیام شاہی لے کر حضرت یوسف کی خدمت میں حاضر ہوا مگر حضرت یوسف کی نظر میں اپنی اخلاقی پوزیشن کی برتری دنیوی عزت و وجاہت سے بہت اہم تھی آپ جانتے تھے کہ اللہ کے نمائندے اور رسول کی نسبت کوئی بدگمانی اللہ کے دین کی راہ میں بڑی رکاوٹ بن جاتی۔ اگر آج یہی فرمان شاہی سنکر چپ چاپ جیل سے باہر آگیا اور جس جھوٹے الزام کے لئے برسوں قید و بند کی مشکلیں اٹھائیں وہ جھوٹا الزام میرے دامن سے نہ دُھلا تو ناواقف لوگ میری عزت کے بارے میں شبہ میں مبتلا رہیں گے۔

○ ان مصلحتوں کو دیکھتے ہوئے حضرت یوسف ؑ نے فرمان شاہی کے پورا کرنے میں جلد بازی نہیں کی بلکہ صبر و استقلال کے ساتھ قاصد سے کہا کہ تم اپنے آقا کے پاس واپس جاکر معلوم کرو کہ ان عورتوں کے قصے کی کیا حقیقت ہے جنھوں نے دعوت کے موقع پر اپنے ہاتھ کاٹ لئے تھے۔

نبی ﷺ نے بھی ایک موقع پر حضرت یوسف ؑ کے صبر و تحمل کی تعریف کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ حضرت یوسف کا صبر بے مثال تھا فرمایا:۔

"لَوْ لَبِثْتُ فِي السِّجْنِ مَا لَبِثَ يُوسُفُ لَأَجَبْتُ الدَّاعِيَ"

(اگر میں اتنے دن قید و بند میں رہا ہوتا جتنے حضرت یوسف رہے تو شاید میں بھی بلانے والے کے ساتھ ہو لیتا۔)

اس میں نبی ﷺ نے اپنی کامل عبدیت کے ساتھ حضرت یوسف کے صبر و تحمل کی تعریف بڑے لطیف انداز میں فرمائی ہے

○ بادشاہ کے دریافت کرنے پر عورتوں نے حضرت یوسف کی پاکیزگی کا اقرار کیا اور عزیز مصر فوطیفار کی بیوی نے اعتراف کیا کہ خطا اسی کی تھی، یوسف پاک کردار اور سچے ہیں۔

الزام سے برأت کے بعد حضرت یوسف چلنے کے لئے تیار ہو گئے۔ شاہِ مصر فرعون ریان بن ولید نے حضرت یوسف سے گفتگو کی اور کہا آپ ہمارے لئے قابل احترام ہیں ہمیں آپ کی امانت پر پورا بھروسہ ہے۔ حضرت یوسف نے کہا کہ آپ مجھے ذمہ داری سونپیئے تاکہ میں صحیح علم کی روشنی میں امور سلطنت انجام دوں۔ اس طرح حضرت یوسف

toobaa-elibrary.blogspot.com

کنعان کے کنویں سے نکل کر سلطنتِ مصر کے تخت نشین بن گئے۔ تفسیر کے مشہور امام حضرت مجاہد کہتے ہیں کہ شاہ مصر نے حضرت یوسف کے ہاتھ پر اسلام قبول کر لیا تھا۔ اب ریّان بن ولید برائے نام بادشاہ تھا پورے مصر پر حضرت یوسف کی حکومت تھی اور آپ عزیز مصر کہہ کر پکارے جاتے تھے۔

خواب کے مطابق حضرت یوسف کی حکومت کے پہلے سات سال مصر میں انتہائی خوشحالی اور پیداوار کی زیادتی کے گذرے اور اس زمانے میں انہوں نے آنے والی قحط سالی کے لئے وہ تمام انتظامات کر لئے جن کا مشورہ وہ بادشاہ کے خواب کی تعبیر بتاتے وقت دے چکے تھے۔ اس کے بعد قحط سالی کا دور شروع ہوا اور یہ خشک سالی صرف مصر میں ہی نہ تھی بلکہ آس پاس کے ملک شام، فلسطین، شرق اردن، شمالی عرب ہر جگہ سوکھا پڑا ہوا تھا، بارش نہیں تھی اور لوگ بھوک مری میں مبتلا تھے۔ ان حالات میں حضرت یوسف کی دانشمندانہ قیادت اور بہترین انتظام کی بدولت صرف مصر ہی ایک ایسی جگہ تھی جہاں خشک سالی کے باوجود غلے کی افراط تھی، پڑوسی ملکوں کے لوگ مجبور ہوئے کہ اناج حاصل کرنے کے لئے مصر کی طرف رخ کریں۔ اسی موقع پر فلسطین سے حضرت یوسف کے بھائی غلہ خریدنے کے لئے مصر پہنچے غالباً باہر کے لوگوں کے لئے حضرت یوسف نے خصوصی راشن کا انتظام کیا ہوگا جیسا موجودہ دور میں راشن کارڈ کے ذریعے سرکاری تقسیم ہوتی ہے۔ اور اس لئے برادران یوسف کو حضرت یوسف کے سامنے پیش ہونا پڑا۔

حضرت یوسف کے بھائیوں نے حضرت یوسف کو نہیں پہچانا۔ کیونکہ جب بھائیوں نے آپ کو کنویں میں پھینکا تھا اس وقت آپ سترہ سال کے لڑکے تھے اور اب آپ کی عمر اڑتیس سال کی تھی۔ اتنی مدت میں آدمی کی شخصیت بہت کچھ بدل جاتی ہے اور ان بھائیوں کو خیال بھی نہ ہوگا کہ آج ہمارا بھائی جس کو ہم نے کنویں میں پھینکا تھا مصر کے تخت پر جلوہ افروز ہو سکتا ہے۔ حضرت یوسف نے ان کو پہچان لیا۔ غلہ لینے کے لئے دس بھائی آئے تھے ان کی خوب خاطر مدارات کی۔ ایک ایک اونٹ فی کس غلہ دیا۔ مگر انہوں نے اپنے والد اور اپنے گیارہویں بھائی کا حصہ بھی طلب کیا حضرت یوسف نے کہا کہ والد تو تمہارے بوڑھے آدمی ہیں ان کا خود نہ آنا تو سمجھ میں آتا ہے مگر گیارہویں بھائی کو آئندہ لیکر آؤ گے تو غلہ ملے گا ورنہ ہمارے یہاں سے تمہیں غلہ نہیں ملے گا۔ بھائیوں نے وعدہ کیا کہ آئندہ وہ اپنے والد کو اس کے لئے راضی کریں گے۔ حضرت یوسف نے نوکروں کو اشارہ کیا کہ انہوں نے غلے کی جو قیمت دی ہے وہ چپکے سے ان کے سامان میں ہی رکھ دو۔

بھائیوں نے جا کر اپنے والد حضرت یعقوب سے کہا کہ آئندہ ہم کو غلہ دینے سے انکار کر دیا گیا ہے۔ غلہ جبھی ملے گا جب آپ بھائی کو ہمارے ساتھ بھیجیں گے۔ آپ بھروسہ رکھیں ہم اس کی حفاظت کریں گے۔ حضرت یعقوب نے کہا کیا میں تمہارے اوپر اسی طرح بھروسہ کروں جس طرح اس کے بھائی یوسف کے معاملے میں تم پر بھروسہ کر چکا ہوں۔

جب انہوں نے سامان کھولا تو دیکھا کہ قیمت بھی ان کو واپس کر دی گئی ہے یہ دیکھ کر وہ بول اٹھے ابا جان ہمیں اور کیا چاہئے دیکھئے ہمارا مال بھی واپس کر دیا گیا ہے۔ اب ہم جائیں گے اور اپنے گھر والوں کے لئے غلہ لیکر آئیں گے اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے اور پہلے سے زیادہ غلہ ساتھ لائیں گے جو ہمارے لئے کافی ہو جائے گا۔ حضرت یعقوبؑ نے کہا میں ہرگز بن یمین کو تمہارے ساتھ نہ بھیجوں گا جب تک تم پکا وعدہ نہ کرو کہ تم حفاظت کے ساتھ واپس لے کر آؤ گے۔ بھائیوں نے عہد و پیمان کیا اس پر حضرت یعقوب نے کہا کہ ہمارے اس قول پر اللہ تعالیٰ گواہ اور نگہبان ہے۔ حضرت یعقوب نے نصیحت کی کہ دیکھو مصر کے دارالسلطنت میں ایک ہی دروازے سے مت داخل ہونا الگ الگ دروازوں سے جانا۔ حضرت یعقوب کو اندیشہ تھا کہ کیونکہ ہم لوگ مصر کی سلطنت کی سرحد پر آزاد قبائلی علاقے کے رہنے والے ہیں ایک جتھے کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

صورت دیکھ کر مصر کے لوگ شبہ کر سکتے ہیں کہ یہ یہاں لوٹ مار کی غرض سے نہ آئے ہوں اس لئے احتیاط کا تقاضہ یہ تھا کہ جتھے کی بجائے الگ الگ دروازوں سے داخل ہوں۔

○ حضرت یعقوب کی ہدایت کے مطابق حضرت یوسف کے بھائی الگ الگ دروازوں سے دوبارہ مصر میں داخل ہوئے جن میں بن یمین بھی شامل تھے جو حضرت یوسف کے حقیقی بھائی تھے۔ حضرت یوسف نے بن یمین کو تنہائی میں بلا کر ان سے حالات دریافت کئے۔ بن یمین نے حضرت یوسف کو بتایا کہ میرے ایک بھائی تھے جن کو بھیڑیا کھا گیا تھا۔ حضرت یوسف ع نے ان سے کہا کہ کیا تم یہ پسند کرو گے کہ تمہارے مرحوم بھائی کی جگہ میں تمہارا بھائی بن جاؤں۔ بن یمین کہنے لگے کہ آپ جیسا بھائی کس کو ملے گا لیکن آپ میرے والد یعقوب اور میری والدہ راحیل کی حقیقی اولاد تو نہیں ہو سکتے۔ اب حضرت یوسف ع کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا اور رو پڑے بھائی سے لپٹ گئے اور کہا کہ میں وہی تمہارا گم شدہ بھائی یوسف ہوں جس کو تم مرحوم سمجھ رہے ہو۔

○ اب انہوں نے بن یمین کو اپنے پاس روکنے کی ایک تدبیر کی کہ جب حضرت یوسف کے بھائی غلہ لیکر واپس جانے کے لئے تیار ہو گئے تو چپکے سے حضرت یوسف نے اپنا شاہی پیالہ بن یمین .... کے سامان میں رکھوا دیا۔ قافلہ غلہ لے کر روانہ ہو گیا تو پتہ چلا کہ بادشاہ کا پیالہ گم ہو گیا ہے۔ چونکہ برادران یوسف ہی بادشاہ کے قریب رہے تھے اس لئے ملازموں نے اندازہ لگایا کہ شاہی پیالہ وہی لے گئے ہیں۔ قافلہ ابھی تھوڑی دور ہی گیا تھا کہ ملازموں نے ان کا پیچھا کر کے ان کو پکارا اور کہا کہ تم لوگوں نے شاہی پیالہ چرایا ہے۔ حضرت یوسف کے بھائیوں نے اس الزام سے انکار کیا اور پوچھا کہ تمہاری کیا چیز گم ہو گئی ہے۔ ملازموں نے کہا کہ شاہی پیالہ ہم کو نہیں مل رہا ہے اور جو یہ پیالہ لے کر آئے گا میں ذمے داری لیتا ہوں کہ اس کے لئے ایک اونٹ کا غلہ انعام میں ملے گا۔ حضرت یوسف کے بھائیوں نے بہت سختی سے اس کا انکار کیا اور کہا کہ ہم ایسی حرکت کرنے کے لئے اس ملک میں نہیں آئے ہیں۔ ہم چوری کرنے والے لوگ نہیں ہیں۔ ملازمین نے کہا کہ اگر تمہاری بات جھوٹ نکلی تو چور کی کیا سزا ہے۔ برادران یوسف نے کہا کہ جس شخص کے سامان میں سے یہ چوری کی چیز نکلے اس کو غلام بنا کر روک لیا جائے۔ شریعت ابراہیمی میں چور کی یہی سزا تھی کہ چور کو مال کے مالک کا غلام بنا دیا جاتا تھا۔ اس کے بعد تلاشی شروع ہوئی۔ پہلے دس بھائیوں کے سامان کی تلاشی لی گئی اور آخر میں بن یمین کے سامان کی تلاشی لی گئی تو پیالہ انہی کے سامان سے برآمد ہوا اور وہ طے شدہ سزا کے مطابق حضرت یوسف کے پاس پہنچا دیئے گئے۔

○ اس موقعہ پر بھی حسد اور بداخلاقی نے برادرانِ یوسف کا پیچھا نہیں چھوڑا اور اپنے آپ کو معصوم ثابت کرنے کے لئے انہوں نے کہا کہ اگر اس نے چوری کی ہے تو کیا تعجب ہے، اس کا ایک اور بھائی تھا وہ بھی ایسا ہی تھا۔ حضرت یوسف ان کی یہ بات سن کر چپ رہے اور حقیقت ان کے سامنے ظاہر نہیں کی۔

○ پھر ان بھائیوں نے حضرت یوسف سے درخواست کی کہ بن یمین کے والد بہت بوڑھے ہیں وہ بن یمین کی جدائی برداشت نہیں کر سکیں گے اس کے بدلے میں آپ ہم میں سے کسی کو روک لیں۔ حضرت یوسف نے کہا کہ یہ بات انصاف کے خلاف ہے جس کے سامان میں پیالہ ملا ہے ہم اسی کو روک سکتے ہیں۔ جب وہ مایوس ہو گئے تو آپس میں مشورہ کیا کہ بڑے بھائی مصر میں رک جائیں اور باقی لوگ واپس جا کر اپنے والد کو حالات سے باخبر کر دیں۔

○ بھائیوں نے واپس جا کر اپنے والد کو ساری داستان سنائی۔ ان کی باتیں سن کر ان کے والد یعقوب ع نے کہا کہ تمہارے نفس نے تمہارے لئے ایک اور بڑی بات کو آسان بنا دیا ہے۔ تمہارے لئے یہ یقین کر لینا آسان ہے کہ میرا بیٹا جس کی عادت

toobaa-elibrary.blogspot.com

سے میں خود واقف ہوں ایک پیالہ چوری کر سکتا ہے؟۔ پہلے تمہارے لئے ایک بھائی کو جان بوجھ کر گم کر دینا اور اس کے قمیض پر جھوٹا خون لگا لینا بہت آسان ہو گیا تھا اب ایک دوسرے بھائی کو چور مان لینا تمہارے لئے آسان ہے۔ اچھا اس پر بھی میں صبر کروں گا، اللہ کی رحمت سے کیا بعید ہے کہ وہ ان سب کو مجھ سے دوبارہ ملا دے اس کے سب کام حکمت پر مبنی ہیں پھر حضرت یعقوب ان کی طرف سے منہ پھیر کر بیٹھ گئے، غم سے ان کا دم گھٹا جا رہا تھا یوسف اور بن یمین کے غم میں روتے رہتے تھے یہاں تک کہ روتے روتے ان کی آنکھیں سفید ہو گئیں، اور بینائی چلی گئی۔

○ پھر بھی انہوں نے بیٹوں کو ہدایت کی کہ مایوس نہ ہوں، تم جا کر یوسف اور اس کے بھائی کی فکر کرو۔ یہ لوگ دوبارہ مصر آئے اور یوسف ؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ہم اور ہمارے گھر والے سب پریشانی میں ہیں، ہم کچھ حقیر سی پونجی لے کر آئے ہیں آپ ہمیں خیرات سمجھ کر بھرپور غلہ عنایت فرما دیں۔ ان کی عاجزانہ درخواست سن کر حضرت یوسف ؑ دل ہی دل میں تڑپ اٹھے اور کہا کہ تمہیں کچھ معلوم ہے کہ تم نے نادانی میں یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا وطیرہ اختیار کیا تھا؟

ان لوگوں نے چونک کر کہا ــــ ہیں! کیا تم یوسف ہو؟۔ یوسف نے کہا کہ ہاں میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے۔ اللہ نے ہم پر بڑا احسان فرمایا ہے۔ بھائیوں نے کہا بے شک اللہ نے تمہیں ہم پر فضیلت دی ہے، اور واقعی ہم غلطی پر تھے۔ حضرت یوسف نے نہایت وسعتِ قلبی سے فرمایا آج تم پر کوئی گرفت نہیں، اللہ تمہیں معاف کرے۔ وہ سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

یہی الفاظ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے وقت سردارانِ قریش سے فرمائے تھے:۔ لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ۔ آج تم پر کوئی گرفت نہیں ہے ــــــ میری یہ قمیص لے جاؤ اور میرے والد کے چہرے پر ڈال دینا، ان کی بینائی واپس آجائے گی اور سب اہل وعیال کو یہیں لے آؤ۔

○ حضرت یوسف کا قمیص لے کر یہ قافلہ مصر سے روانہ ہی ہوا تھا کہ کنعان میں بیٹھے ہوئے حضرت یعقوب نے کہا میں یوسف کی خوشبو محسوس کر رہا ہوں۔ یہ حقیقت ہے تم لوگ یہ نہ کہنا کہ میں بڑھاپے میں سٹھیا گیا ہوں۔ گھر کے لوگ کہنے لگے آپ وہی پرانے خبط میں مبتلا ہیں۔

○ آخر وہی ظہور میں آیا جس کو حضرت یعقوب نے پہلے ہی محسوس کر لیا تھا۔ بھائی واپس آئے حضرت یوسف کا قمیص باپ کے چہرے پر ڈالا اور اللہ کے حکم سے ان کی بینائی واپس آگئی۔ حضرت یعقوب کہنے لگے میں تم سے نہ کہتا تھا کہ میں اللہ کی طرف سے وہ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ ایک وقت تھا کہ پیرہنِ یوسف نے ان کو غم میں مبتلا کیا تھا اور آج پیرہن یوسفی ان کے لئے بشارت لے کر آیا تھا حضرت یعقوب نے پوچھا، یوسف کس حال میں ہیں؟ بھائیوں نے کہا کہ وہ مصر کے بادشاہ ہیں۔ حضرت یعقوب نے پوچھا کہ ان کا دین کیا ہے۔؟ بھائیوں نے کہا ان کا دین اور طریقہ اسلام ہے۔ حضرت یعقوب مطمئن ہو گئے گھر والوں نے بھی اپنی کوتاہیوں کا اقرار کر لیا اور باپ سے کہا کہ آپ ہماری بخشش کے لئے دعا کریں۔

۱۔ حضرت یوسف نے اپنے قمیص کے ساتھ بہت سے اونٹ اور سفر کا سامان بھی بھیجا تھا۔ اب پورا خاندان جن کی تعداد بہتر ۷۲ یا تراسی ۹۳ تھی مصر پہنچا۔ حضرت یعقوب نے ان کا شاہانہ استقبال کیا اور اپنے والد اور پورے خاندان کو دمیاط اور قاہرہ کے درمیان حُسْنَ یا گوشن کے علاقے میں آباد کیا۔ حضرت موسیٰ کے زمانے تک یہ لوگ اسی علاقے میں آباد رہے۔ جب یہ لوگ مصر کے دربار میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

داخل ہوئے تو حضرت یوسف نے اپنے والد اور سوتیلی والدہ کو اپنے ساتھ تخت پر بٹھایا اور سارے لوگ مع بھائیوں کے ان کے سامنے احترام کے ساتھ جھک گئے۔ یہ تھی حضرت یوسف کے خواب کی تعبیر کہ گیارے ستارے چاند سورج ان کے سامنے سجدہ ریز ہیں۔

حضرت یوسف نے اللہ کا شکر ادا کیا اور فرمایا کہ اس کا احسان ہے کہ اس نے مجھے قید خانے سے نکالا اور آپ لوگوں کو صحرا سے نکال کر مجھ سے ملایا۔

حضرت یوسف کی شادی پہلے ہی ہو چکی تھی۔ مصر میں کوئی مذہبی پیشوا یا شہزادہ تھا جس کا نام فوطی فرع تھا اس کی لڑکی آسناتھ سے آپکی شادی ہو گئی تھی اور جب حضرت یعقوب مصر پہنچے تو حضرت یوسف کی کئی اولادیں موجود تھیں۔ حضرت یعقوب مصر میں آنے کے بعد بھی بیس سال زندہ رہے اور جب وفات کا وقت قریب آیا تو حضرت یوسف کو وصیت کی کہ ان کو کنعان کے آبائی قبرستان میں دفن کیا جائے۔ حضرت یوسف نے جب مصر کی حکومت سنبھالی تو ان کی عمر تیس سال تھی اور جب ان کی وفات ہوئی تو ان کی عمر ایک سو دس سال تھی۔ اس طرح اسی سال تک وہ مصر کے حکمراں رہے۔ انہوں نے وصیت کی تھی کہ جب اولاد یعقوب یعنی بنی اسرائیل مصر سے نکلیں تو ان کی ہڈیوں کا تابوت بھی اپنے ساتھ لیتے جائیں چنانچہ جب حضرت موسیٰ بنی اسرائیل کو لے کر مصر سے نکلے تو وہ تابوت بھی ساتھ لے گئے تھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اٰیاتھا ۱۱۱	۱۲ : سُوْرَۃُ یُوْسُفَ مَکِّیَّۃٌ : ۵۳	رُکُوْعَاتُھَا ۱۲

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۱ قف اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ

الٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	الْمُبِيْنِ	اِنَّآ	اَنْزَلْنٰهُ
الٓرٰ	یہ	آیتیں	کتاب	روشن	بیشک ہم نے	اسے نازل کیا

الٓرٰ - یہ روشن کتاب کی آیتیں ہیں ۔ بے شک ہم نے اسے عربی زبان

قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝۲ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ

قُرْاٰنًا	عَرَبِيًّا	لَّعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ	نَحْنُ	نَقُصُّ	عَلَيْكَ
قرآن	عربی	تاکہ تم	سمجھو	ہم	بیان کرتے ہیں	تم پر

میں نازل کیا تاکہ تم سمجھو ۔ ہم تم پر بہت اچھا قصہ

اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ

اَحْسَنَ	الْقَصَصِ	بِمَآ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	هٰذَا	الْقُرْاٰنَ	وَاِنْ
بہت اچھا	قصہ	اسلئے کہ	ہم نے بھیجا	تمہاری طرف	یہ	قرآن	اور تحقیق

بیان کرتے ہیں ، اس لئے کہ ہم تمہاری طرف یہ قرآن بھیجا اور تحقیق

كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ۝۳

كُنْتَ	مِنْ + قَبْلِهٖ	لَمِنَ	الْغٰفِلِيْنَ	
تو تھا	اس سے قبل	البتہ - سے	بے خبر (جمع)	

تم اس سے قبل بے خبروں میں سے تھے۔

سُوْرَةُ يُوْسُفَ مَكِّيَّةٌ مِائَةٌ وَاِحْدٰى عَشْرَةَ اٰيَةً

سورۂ یوسف مکی ہے اس میں ایک سو گیارہ آیتیں ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱ الٓرٰ قف اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمُرَادِهٖ بِذٰلِكَ تِلْكَ هٰذِهِ الْاٰيٰتِ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْقُرْاٰنِ وَالْاِضَافَةُ بِمَعْنٰى مِنْ

۱ الٓرٰ اللہ زیادہ جانتا ہے جو اس نے ان حروف سے ارادہ کیا تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ الخ یہ آیتیں قرآن کی آیتیں ہیں جو حق کو باطل سے ظاہر اور جدا کرنے والا

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْمُبِيْنِ ○ اَلْمُظْهِرِ لِلْحَقِّ مِنَ الْبَاطِلِ

(۲) اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ○ تَفْهَمُوْنَ مَعَانِيَهٗ

(۳) نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ هٰذَا الْقُرْاٰنَ ۚ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ ○

ہے۔

(۲) بیشک ہم نے قرآن کو عربی زبان میں اتارا تاکہ تم اے مکہ والو اس کے معانی اور مطالب کو سمجھو

(۳) ہم تم پر اے محمدؐ اچھا قصہ بیان کرتے ہیں ساتھ وحی کرنے ہماری کے تیری طرف اس قرآن کو اور بے شبہ تو اس وحی سے پہلے بے خبر تھا۔

تشریح

(۱) قرآن کا اللہ کی کتاب ہونا بالکل واضح ہے | یہ بالکل واضح ہے کہ قرآن اللہ کی کتاب اور اس کا کلام ہے اور یہ کتاب اپنا مدعا اور مقصد صاف صاف بیان کرتی ہے اس میں جو احکام ہیں وہ بالکل روشن اور صاف ہیں نہ انمیں ابہام ہے اور نہ کوئی الجھن ہے۔ نہ ایسا فلسفہ ہے کہ جس میں انسان الجھ کر رہ جائے اور حقیقی مقصد معلوم نہ ہو سکے۔ یہ ہر لحاظ سے کتاب مبین ہے روشن اور واضح۔

(۲) یہ کتاب پڑھنے کے لئے ہے اور سمجھنے کے لئے | ہم نے اس کتاب کو قرآن بنایا ہے یعنی یہ خوب خوب پڑھنے کے لئے ہے عوام وخواص اس کو بکثرت پڑھیں اور یہ کتاب عربی زبان میں ہے جو اللہ کی بنائی ہوئی تمام زبانوں میں فصیح اور پُرشوکت زبان ہے۔ اس زبان میں ہر طرح کے مفہوم کو سمیٹنے اور ادا کرنے کی صلاحیت ہے اور چونکہ اس کا اولین مخاطب اہل عرب ہیں اس لئے اس کو عربی زبان میں اتارا ہے تاکہ پہلے وہ اس کو خود سمجھ سکیں اور پھر دوسروں کو سمجھا سکیں۔ اور پھر اس کی دعوت اور اس کے علوم ومعارف کا دائرہ اہل عرب سے آگے بڑھ کر پوری دنیا کے انسانوں تک وسیع ہو جائے یعنی پہلے اس کو عربوں نے سمجھا اور اس کے اوپر عمل کیا پھر اس کو دوسرے لوگوں تک پہنچایا اور ان کے لئے راہِ عمل روشن کی۔ قرآن مجید کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ سب سے اشرف زبان میں نازل ہوا، اس کو لانیوالے اللہ کی پاکیزہ مخلوق فرشتے ہیں جس زمین پر یہ اترا وہ زمین کا سب سے اچھا حصہ ہے، جس زمانے میں اترا وہ سب سے افضل مہینہ رمضان کا ہے۔ اس طرح قرآن مجید ہر طرح سے اشرف ہی اشرف ہے۔

(۳) اس واقعہ کا بیان جس کی آپکو بھی خبر نہ تھی | مکہ میں آپ کے مخالفوں نے یہودیوں کے اشارے پر آپ سے ایک ایسا سوال کیا جس کا آپکو پہلے سے کوئی علم نہ تھا۔ مقصد ان کا اس امتحان سے یہ تھا کہ آپ اس سوال کا جواب نہیں دے سکیں گے آپ کا بھرم کھل جائے گا اور لوگوں کو معلوم ہو جائے گا کہ نہ آپ پیغمبر ہیں اور نہ آپ پر اللہ کی وحی آتی ہے۔ سوال یہ تھا کہ حضرت یعقوب فلسطین کے علاقے کنعان میں رہتے تھے۔ یوسف ان کے بیٹے تھے آخر حضرت یعقوب اور ان کی اولاد یعنی بنی اسرائیل مصر کیسے پہنچ گئے۔ اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسف کا پورا واقعہ بذریعہ وحی آپ کو بتادیا اور یہ پوری سورت جس کا نام سورۂ یوسف ہے۔ حضرت یوسفؑ کے مکمل واقعہ پر مشتمل ہے جس کو قرآن نے احسن القصص یعنی بہترین واقعہ کہہ کر بیان کیا ہے۔ یہ پورا واقعہ بذریعہ وحی آپ تک پہنچا ہے۔ اس وحی کے آنے سے پہلے آپ اس واقعہ سے بالکل بے خبر تھے قرآن کا کمال یہ ہے کہ اس نے صرف واقعہ ہی بیان نہیں کیا بلکہ اس واقعے کو اس وقت کے حالات پر اس طرح چسپاں کر دیا کہ سوال کرنے والے بھی پچھتاتے ہونگے کہ کاش ہم نے یہ سوال نہ ہی کیا ہوتا تو اچھا ہوتا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِذْ قَالَ يُوسُفُ لِأَبِيهِ يَا أَبَتِ إِنِّي رَأَيْتُ أَحَدَ عَشَرَ

اذ	قَالَ	يُوسُفُ	لِأَبِيهِ	يَا أَبَتِ	إِنِّي	رَأَيْتُ	أَحَدَ عَشَرَ
جب	کہا	یوسف	اپنے باپ سے	اے میرے باپ	بیشک میں	میں نے دیکھا	گیارہ

(یاد کرو) جب یوسف نے اپنے باپ سے کہا، اے میرے باپ! بیشک میں نے گیارہ ستاروں

كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَأَيْتُهُمْ لِي سٰجِدِينَ ④

كَوْكَبًا	وَّالشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	رَأَيْتُهُمْ	لِي	سٰجِدِينَ
ستارے	اور سورج	اور چاند	میں نے انہیں دیکھا	اپنے لئے	سجدہ کرتے

اور سورج چاند کو (خواب میں) دیکھا، میں نے انہیں اپنے لئے سجدہ کرتے دیکھا۔

④ اُذْكُرْ إِذْ قَالَ يُوسُفُ لِأَبِيهِ يَعْقُوبَ يَا أَبَتِ بِالْكَسْرِ دَلَالَةً عَلٰى يَاءِ الْإِضَافَةِ الْمَحْذُوفَةِ وَالْفَتْحِ دَلَالَةً عَلٰى أَلِفِ مَحْذُوفَةٍ قُلِبَتْ عَنِ الْيَاءِ إِنِّي رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَأَيْتُهُمْ تَاكِيدًا لِي سٰجِدِينَ ○ جُمِعَ بِالْيَاءِ وَالنُّونِ لِلْوَصْفِ بِالسُّجُودِ الَّذِي هُوَ مِنْ صِفَاتِ الْعُقَلَاءِ

④ یاد کر جب یوسفؑ نے اپنے باپ یعقوبؑ سے کہا میں نے دیکھا ہے خواب میں گیارہ ستاروں اور سورج چاند کو میں نے ان کو اپنے لئے سجدہ کرنے والا دیکھا ہے۔

(ساجدین کو یاء اور نون کے ساتھ جمع لایا گیا جو خاص اہل عقل کی جمع کے لئے آتا ہے۔ حالاں کہ ستارے اور سورج اور چاند ذوی العقول سے نہیں اس وجہ سے کہ جب ان چیزوں کے لئے سجدہ ثابت کیا جو اہل عقل کا کام ہے تو جمع بھی اسی قسم کی لائی گئی۔)

تشریح

④ **حضرت یوسفؑ کا خواب** | حضرت یعقوبؑ کے چار بیویوں سے بارہ بیٹے تھے۔ حضرت یوسفؑ اور ان کے بھائی بن یمین دونوں ایک ماں سے تھے جن کا نام راحیل تھا۔ بن یمین سب سے چھوٹے بیٹے تھے اور ان کی پیدائش کے بعد ان کی والدہ کا انتقال ہوگیا تھا۔ حضرت یوسفؑ اپنی عادت اور اپنے اخلاق کے اعتبار سے شروع سے ہی سب سے ممتاز تھے۔ حضرت یوسف کی سیرت و عادت اور اس وجہ سے کہ ان کی ماں کا انتقال ہو چکا تھا حضرت یعقوبؑ ان دونوں بچوں کا کچھ زیادہ خیال رکھتے تھے۔ کیونکہ حضرت یعقوبؑ صاحب جائداد تھے اور کافی مال و دولت والے تھے۔ دوسرے بھائی یہ سمجھ کر کہ کہیں باپ کی زیادہ توجہ ہمیں ان کے مال سے بھی محروم نہ کر دے ان دونوں بھائیوں سے حسد کرتے تھے ایک روز حضرت یوسف نے خواب دیکھا کہ گیارہ ستارے چاند اور سورج میرے آگے جھکے جا رہے ہیں، انہوں نے اپنا یہ خواب اپنے والد حضرت یعقوبؑ سے بیان کیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ

قَالَ	يٰبُنَيَّ	لَا تَقْصُصْ	رُءْيَاكَ	عَلٰٓى	اِخْوَتِكَ
اس نے کہا	اے میرے بیٹے	نہ بیان کرنا	اپنا خواب	پر (سے)	اپنے بھائی

اس نے کہا اے میرے بیٹے! اپنا خواب اپنے بھائیوں سے بیان نہ کرنا،

فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ

فَيَكِيْدُوْا	لَكَ	كَيْدًا	اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	لِلْاِنْسَانِ
وہ چال چلیں گے	تیرے لئے	کوئی چال	بیشک	شیطان	انسان کے لئے (کا)

کہ وہ تیرے لئے کوئی چال چلیں گے بیشک شیطان انسان کا کھلا

عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝۵ وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ

عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ	وَ	كَذٰلِكَ	يَجْتَبِيْكَ	رَبُّكَ
دشمن	کھلا	اور	اسی طرح	چن لے گا تجھے	تیرا رب

دشمن ہے اور تیرا رب اسی طرح تجھے چن لے گا، اور

وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ

وَيُعَلِّمُكَ	مِنْ	تَاْوِيْلِ	الْاَحَادِيْثِ	وَيُتِمُّ	نِعْمَتَهٗ	عَلَيْكَ
اور سکھائیگا تجھے	سے	انجام نکالنا	باتیں	اور مکمل کریگا	اپنی نعمت	تجھ پر

تجھے سکھائے گا باتوں کا انجام نکالنا۔ اور تجھ پر اپنی نعمت مکمل کر دیگا

وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ

وَعَلٰٓى	اٰلِ + يَعْقُوْبَ	كَمَآ	اَتَمَّهَا	عَلٰٓى	اَبَوَيْكَ	مِنْ قَبْلُ
اور پر	یعقوب کے گھر والے	جیسے	اس نے اسے پورا کیا	پر	تیرے باپ دادا	اس سے پہلے

اور یعقوب کے گھر والوں پر جیسے اس نے اس سے پہلے تیرے باپ دادا ابراہیم ؑ

ع ۱۱/۶

اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۶

اِبْرٰهِيْمَ	وَاِسْحٰقَ	اِنَّ	رَبَّكَ	عَلِيْمٌ	حَكِيْمٌ
ابراہیم ؑ	اور اسحٰق ؑ	بیشک	تیرا رب	علم والا	حکمت والا

اور اسحٰق ؑ پر اسے پورا کیا بیشک تیرا رب علم والا حکمت والا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۵) قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ ظاهِرُ الْعَدَاوَةِ۔

(۵) یعقوب نے کہا اے میرے پیارے سے چھوٹے بیٹے نہ بیان کرتو اپنا خواب اپنے بھائیوں کے سامنے کہ وہ ازراہِ حسد تیرے مار ڈالنے کی تدبیر کریں گے کیونکہ وہ اس کی تعبیر سمجھ لیں گے کہ مراد ستاروں سے وہ خود ہیں اور سورج تیری ماں اور چاند تیرا باپ بیشک شیطان آدمی کا کھلا دشمن ہے۔ اس کی عداوت چھپی ہوئی نہیں۔

(۶) وَكَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ فِيْ مُوْسٰى وَاَخِيْهِ

(۶) اور جیسا تو نے یہ خواب دیکھا اسی طرح تیرا رب تجھ کو برگزیدہ فرماوے گا۔ اور تجھ کو خوابوں کی تعبیر سکھلاوے گا۔ اور تجھ پر اپنا انعام پورا فرماوے گا ساتھ دینے پیغمبری کے اور یعقوب کی اولاد پر جیسا کہ تیرے دادے اسحاقؑ اور اس کے باپ ابراہیمؑ پر اس نے پورا انعام کیا ساتھ دینے نبوت کے بیشک تیرا رب اپنی مخلوق کو جاننے والا حکمت والا ہے۔ جو کچھ انکے ساتھ معاملہ کرتا ہے حکمت سے کرتا ہے۔

تشریح

(۵) حضرت یعقوب کی نصیحت کہ اپنا یہ خواب اپنے بھائیوں کو مت بتانا | حضرت یعقوبؑ اللہ کے پیغمبر تھے اور اللہ تعالیٰ اپنے پیغمبروں کو مخصوص علم عطا فرماتا ہے۔ علم الٰہی سے ان کا دل روشن ہوتا ہے۔ انہوں نے اپنے بیٹے یوسف کا یہ خواب سنا تو اس کی تعبیر فوراً سمجھ گئے کہ ایک وقت ایسا آئیگا کہ سب بھائیوں کو یوسف کی شانِ عظمت کے سامنے جھکنا پڑیگا۔ وہ اپنے بیٹے کی پیشانی سے اس کی سعادت مندی اور بلندی و رفعت کا اندازہ لگا چکے تھے اسلئے انہوں نے یوسف کو نصیحت کی کہ بیٹے تم اپنا یہ خواب اپنے بھائیوں کو مت بتانا ہوسکتا ہے کہ وہ اپنا مطلب نکالنے کے لئے کوئی غیر مناسب کارروائی کریں اور تمہارے درپے آزار ہو جائیں۔ شیطان آدمی کا کھلا دشمن ہے اور وہ انسان کو بھٹکانے میں لگا رہتا ہے۔

(۶) حضرت یعقوب کی پیش گوئی کہ اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے کام کے لئے منتخب کریگا۔ | حضرت یعقوبؑ حضرت یوسف کے خواب کی تعبیر سمجھ چکے تھے انہوں نے یوسف سے کہا کہ اللہ تعالیٰ تمہیں نبوت عطا کرکے تمہیں اپنے کام کے لئے منتخب کرے گا تمہیں معاملہ فہمی اور حقیقت تک پہنچنے کا علم دیگا۔ اور تمہیں وہ بصیرت عطا ہوگی جس کی روشنی میں تم معاملہ کی گہرائی کو سمجھ سکو۔ وہ تمہیں اور آل یعقوب کو اسی طرح اپنی دنیوی و اخروی نعمتیں عطا فرمائیگا جس طرح وہ اس سے پہلے تمہارے بزرگوں ابراہیمؑ اور اسحٰقؑ پر اپنے انعامات کی بارش کرچکا ہے۔ حضرت یعقوبؑ کا پیغمبرانہ انداز دیکھئے کہ تواضع کی وجہ سے اپنا نام نہیں لیا اور اپنے بزرگوں کا تذکرہ فرمایا۔ حضرت یوسف کو یہ نصیحت کرکے کہ وہ اپنا خواب اپنے بھائیوں سے بیان نہ کریں ان کی آنے والی زندگی کے بارے میں بھی پیش گوئی فرمادی اور اس کے ساتھ یہ بھی فرمایا کہ اللہ تعالیٰ ہر ایک کی استعداد اور اس کی مناسبت سے باخبر ہے اپنی حکمت سے اسی کی مناسب اس کو فیض پہنچاتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝۷

لَقَدْ كَانَ	فِيْ	يُوْسُفَ	وَ	اِخْوَتِهٖٓ	اٰيٰتٌ	لِّلسَّآئِلِيْنَ
بیشک ہیں	میں	یوسف	اور	اس کے بھائی	نشانیاں	پوچھنے والوں کے لئے

بیشک یوسف ؑ اور اس کے بھائیوں میں پوچھنے والوں کے لئے کھلی نشانیاں ہیں

اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ

اِذْ	قَالُوْا	لَيُوْسُفُ	وَاَخُوْهُ	اَحَبُّ	اِلٰٓى	اَبِيْنَا	مِنَّا	وَنَحْنُ
جب	انہوں نے کہا	ضرور یوسف ؑ	اور اس کا بھائی	زیادہ پیارا	طرف (کو)	ہمارا باپ	ہم سے	جبکہ ہم

جب انہوں نے کہا ضرور یوسف ؑ اور اس کا بھائی ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں جبکہ ہم ایک

عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنِ ۝۸ ج صلے اِقْتُلُوْا يُوْسُفَ

عُصْبَةٌ	اِنَّ	اَبَانَا	لَفِيْ ضَلٰلٍ	مُّبِيْنِ	اِقْتُلُوْا	يُوْسُفَ
ایک جماعت	بیشک	ہمارا باپ	البتہ غلطی میں	صریح	مار ڈالو	یوسف

ایک جماعت (قوی) ہیں بیشک ہمارے باپ صریح غلطی میں ہیں۔ یوسف ؑ کو مار ڈالو یا اُسے کسی

اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ

اَوِ	اطْرَحُوْهُ	اَرْضًا	يَّخْلُ	لَكُمْ	وَجْهُ	اَبِيْكُمْ
یا	اسے ڈال آؤ	کسی سرزمین	خالی ہو جائے	تمہارے لئے	منہ (توجہ)	تمہارے باپ

سرزمین میں ڈال آؤ کہ تمہارے باپ کی توجہ تمہارے لئے خالی (خاص) ہو جائے

وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝۹ قَالَ

وَ	تَكُوْنُوْا	مِنْۢ بَعْدِهٖ	قَوْمًا	صٰلِحِيْنَ	قَالَ
اور	تم ہو جاؤ	اس کے بعد	لوگ	نیک (جمع)	کہا

اور تم ہو جاؤ (ہو جانا) اس کے بعد نیک لوگ۔ ان میں سے ایک

قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ

قَآئِلٌ	مِّنْهُمْ	لَا تَقْتُلُوْا	يُوْسُفَ	وَاَلْقُوْهُ	فِيْ	غَيٰبَتِ	الْجُبِّ
ایک کہنے والا	ان سے	نہ قتل کرو	یوسف	اور اسے ڈال آؤ	میں	اندھا	کنواں

کہنے والے نے کہا یوسف ؑ کو قتل نہ کرو اور اسے ڈال آؤ اندھے کنوں میں،

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ إِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ⑩

يَلْتَقِطْهُ	بَعْضُ	السَّيَّارَةِ	إِنْ	كُنْتُمْ + فٰعِلِيْنَ
اٹھالے اس کو	کوئی	چلتا (مسافر)	اگر	تم کرنے والے ہو (کرنا ہی ہے)

کہ اسے کوئی مسافر اُٹھالے (جائے) اگر تمہیں کرنا ہی ہے۔

⑦ لَقَدْ كَانَ فِيْ خَبَرِ يُوْسُفَ وَ إِخْوَتِهٖ وَهُمْ اَحَدَ عَشَرَ اٰيٰتٌ عِبَرٌ لِّلسَّآئِلِيْنَ ○ عَنْ خَبَرِهِمْ

⑦ بے شک یوسف اور اس کے گیارہ بھائیوں کے قصہ میں عبرت اور نصیحت ہے ان لوگوں کے واسطے جو اُن کا حال پوچھتے ہیں۔

⑧ اُذْكُرُوْا اِذْ قَالُوْا اَيْ بَعْضُ اِخْوَةِ يُوْسُفَ لِبَعْضِهِمْ لَيُوْسُفُ مُبْتَدَاٌ وَاَخُوْهُ شَقِيْقُهٗ بِنْيَامِيْنُ اَحَبُّ خَبَرٌ اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ جَمَاعَةٌ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ خَطَاءٍ مُّبِيْنٍ ○ بَيِّنٍ بِاِيْثَارِهِمَا عَلَيْنَا۔

⑧ یاد کرو جبکہ ان بھائیوں میں سے بعض نے بعض سے کہا بیشک یوسف اور اس کا حقیقی بھائی بنیامین ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارا ہے۔ حالانکہ ہم جماعت قوت والی ہیں بلاشبہ ہمارا باپ ظاہر غلطی میں ہے۔ کہ ان کو ہم پر ترجیح دیتا ہے۔

⑨ اِقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا اَيْ بِاَرْضٍ بَعِيْدَةٍ يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ بِاَنْ يُّقْبِلَ عَلَيْكُمْ وَلَا يَلْتَفِتَ لِغَيْرِكُمْ وَتَكُوْنُوْا مِنْ بَعْدِهٖ اَيْ بَعْدَ قَتْلِ يُوْسُفَ اَوْ طَرْحِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ○ بِاَنْ تَتُوْبُوْا

⑨ مار ڈالو یوسف کو یا اسکو پھینک دو کسی دور جگہ میں کہ خالص ہو جاوے تمہارے لئے توجہ تمہارے اپ کی یعنی وہ تمہاری ہی طرف التفات اور توجہ رکھے تمہارے سوا کسی کی طرف خیال نہ کرے اور ہو جاؤ تم یوسف کے مار ڈالنے یا دور پھینکنے کے بعد نیک قوم یعنی توبہ کر کے نیک بن جاؤ۔

⑩ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ هُوَ يَهُوْدَا لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ اَطْرَحُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ مُظْلِمُ الْبِئْرِ وَفِيْ قِرَاْةٍ بِالْجَمْعِ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ الْمُسَافِرِيْنَ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ○ مَا اَرَدْتُّمْ مِّنَ التَّفْرِيْقِ فَالْتَفُوْا بِذٰلِكَ۔

⑩ ان بھائیوں میں سے ایک کہنے والے نے کہا یعنی یہودا نے نہ قتل کرو تم یوسف کو اور ڈالدو تم اس کو ایک گہرے کنوئیں میں جس میں اندھیرا ہو اور ایک قرأت میں غیابات ساتھ صیغہ جمع کے ہے یعنی اندھیریوں میں) کہ اٹھالے اس کو کوئی مسافر راہ گیر اگر تم کو یوسف کو جمع کرنا ہے تو اسی پر کفایت کرو۔

تشریح

حضرت یوسف کے واقعہ میں سوال کرنے والوں کے لئے ہدایت وعبرت کی بہت سی نشانیاں ہیں۔

حضرت یوسف ؑ کا واقعہ صرف ایک گذرا ہوا قصہ ہی نہیں ہے بلکہ اس کے ہر پہلو میں عبرت و نصیحت کی بے شمار باتیں موجود ہیں۔ حضرت یوسف ؑ کی یہ سرگزشت اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اس کی عظمت کی نشانی ہے کہ وہ کس طرح صحرا میں رہنے والے قبیلے کے ایک فرد کو موت کے کنوئیں سے نکال کر تختِ شاہی تک پہنچاتا ہے۔ اس واقعہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کا ثبوت موجود ہے کہ آپ ؐ امی ہونے کے باوجود علم الٰہی سے تاریخ کی گذری ہوئی سچائی کو پوری صحت کے ساتھ بیان کر رہے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حضرت یوسف ؑ کی یہ سرگزشت حضرت محمد ﷺ کے ساتھ پیش آنے والے اس وقت کے حالات سے بڑی مشابہت رکھتی ہے کہ جس طرح برادران یوسف نے حسد اور عناد کی وجہ سے حضرت یوسف کے قتل کا منصوبہ بنایا اور ان کو گھر سے بے گھر کیا اسی طرح قریش مکہ نے حضرت محمد ﷺ کے قتل کی سازش کی اور آخر آپ کو مکہ مکرمہ چھوڑ کر مدینہ طیبہ ہجرت کرنی پڑی۔ جس طرح سے حضرت یوسف کنویں سے نکل کر فاتح مصر بنے۔ اسی طرح حضرت محمد ﷺ کی ہجرت کے نتیجے میں آخر مکہ مکرمہ فتح ہوا اور جس طرح برادران یوسف کو حضرت یوسف کے کردار اور اخلاق کی عظمت کے سامنے سر جھکانا پڑا۔ اسیطرح فتح مکہ کے موقعہ پر سرکار دو عالم ﷺ کے اخلاق نے سب کے سر جھکا دیے۔ کتنی مماثلت ہے فاتح مصر اور فاتح مکہ کے کردار میں اور نہ صرف کردار بلکہ الفاظ اور انداز میں بھی۔ جب حضرت یوسف ؑ کے بھائیوں نے اعتراف واقرار کیا کہ بے شک ہم خطاوار تھے اور اللہ نے آپ کو ہم پر فضیلت دی تو اسوقت حضرت یوسف ؑ نے ارشاد فرمایا:۔ لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ (آج تم پر کوئی گرفت نہیں ہے) بعینہٖ یہی الفاظ فاتح مکہ کی زبان پر جاری ہوئے جب آپ کے دشمن آپ کے سامنے سر جھکائے کھڑے تھے اور آپنے فرمایا کہ آج میں آپ سے وہی کہتا ہوں جو یوسف نے کہا تھا کہ: لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ۔

(۸) برادران یوسف کا حضرت یوسف ؑ سے حسد کرنا | حضرت یعقوب کے بارہ بیٹوں میں دو بیٹے حضرت یوسف ؑ اور ان کے بھائی بن یمین ایک ہی ماں سے تھے۔ بن یمین حضرت یوسف ؑ سے کئی سال چھوٹے تھے اور ان کی پیدائش کے وقت ان کی ماں کا انتقال ہو گیا تھا۔ حضرت یعقوب کی ساری اولاد میں حضرت یوسف میں سعادت کے آثار نمایاں تھے۔ حضرت یوسف نے جو خواب دیکھا تھا اور اپنے والد کو سنایا تھا اس سے بھی اندازہ ہوتا تھا کہ حضرت یوسف آگے چل کر غیر معمولی کارنامے انجام دے سکتے ہیں حضرت یوسف کی صلاحیتوں کی وجہ سے اور اس وجہ سے بھی کہ یہ دونوں بھائی بن ماں کے تھے حضرت یعقوب ان کا خاص خیال رکھتے تھے باپ کی یہ توجہ ان کے بھائیوں کے لئے وجہ حسد بن گئی اور انہیں یہ خیال پیدا ہوا کہ ایسا نہ ہو کہ ہمارے والد اپنی جائداد میں سے زیادہ حصہ ان بھائیوں کو دے دیں اس لئے انہوں نے آپس میں کہا کہ یوسف اور اس کا بھائی بن یمین والد کو ہم سے زیادہ محبوب ہیں حالانکہ ہم ایک پورا جتھہ ہیں۔ قبائلی زندگی میں جوان بیٹوں کا جتھہ جان ومال کی حفاظت کے لئے بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ یہ لوگ کہنے لگے لگتا ہے ہمارے والد بالکل ہی بہک گئے ہیں کہ وہ ہماری اہمیت ہی محسوس نہیں کرتے بلکہ ان چھوٹے بچوں کو اہمیت دیتے ہیں جو خود ہی مدد کے محتاج ہیں۔

(۹) حضرت یوسف کے خلاف ان کے بھائیوں کی سازش | حضرت یوسف ؑ کے خلاف ان کے بھائیوں کا حسد یہاں تک پہنچ چکا تھا کہ یوسف سے چھٹکارا پانے کی ترکیبیں سوچنے لگے۔ ایک مشورہ یہ ہوا کہ یوسف کو قتل کر دیا جائے تاکہ نہ وہ رہیں اور نہ ہمارے والد کی توجہ ان پر ہو سکے۔ بن یمین کی محبت کو وہ زیادہ اہمیت نہیں دیتے تھے بلکہ یہ سمجھتے تھے کہ زیادہ توجہ کے لائق یوسف ہیں جن کی طرف والد کا جھکاؤ زیادہ ہے۔ بھائیوں میں سے ایک نے مشورہ دیا کہ قتل کرنا بہت سخت بات ہے بہتر یہ ہے کہ یوسف کو بستی سے دور کہیں پھینک دو، ہمارا مقصد بھی حاصل ہو جائیگا اور خون ناحق بھی ہماری گردن پر نہ ہوگا اور اس کے بعد ہمارے معاملے ٹھیک ہو جائیں گے۔

(۱۰) یوسف کو کنویں میں پھینکنے کی تجویز | رائے مشورہ کے بعد بھائیوں میں سے ایک نے جس کا نام یہودا تھا مشورہ دیا کہ اگر کچھ کرنا ہی ہے تو نہ یوسف کو قتل کرو اور نہ کسی دور بستی میں پھینکو بلکہ کسی اندھے کنویں میں ڈال دو جو بستی سے دور کسی گمنام جگہ میں ہو کوئی آتا جاتا قافلہ اسے وہاں سے نکال کر لے جائے گا چنانچہ یہ بات طے پا گئی کہ ایسا ہی کیا جائیگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ

قَالُوْا	يٰٓاَبَانَا	مَا لَكَ	لَا تَاْمَنَّا	عَلٰى	يُوْسُفَ
کہنے لگے	اے ہمارے باپ	کیا ہوا تجھے	تو ہمارا اعتبار نہیں کرتا	پر (بارہ میں)	یوسف ؑ

کہنے لگے اے ہمارے باپ! تجھے کیا ہوا ہے؟ تو یوسف کے بارہ میں ہمارا اعتبار نہیں کرتا

وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ﴿۱۱﴾ اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ

وَاِنَّا	لَهٗ	لَنٰصِحُوْنَ	اَرْسِلْهُ	مَعَنَا	غَدًا	يَّرْتَعْ
اور بیشک ہم	اس کے	البتہ خیر خواہ	اسے بھیجدے	ہمارے ساتھ	کل	وہ کھائے

اور بیشک ہم تو اس کے خیر خواہ ہیں۔ کل اسے ہمارے ساتھ بھیجدے وہ (جنگل کے پھل) کھائے

وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۱۲﴾

وَيَلْعَبْ	وَاِنَّا	لَهٗ	لَحٰفِظُوْنَ
اور کھیلے کودے	اور بیشک ہم	اسکے	نگہبان

اور کھیلے کودے، اور بیشک ہم اس کے نگہبان ہیں

(۱۱) قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ○

لَقَائِمُوْنَ بِمَصَالِحِهٖ

(۱۲) اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا اِلَى الصَّحْرَاءِ يَرْتَعْ وَيَلْعَبْ بِالنُّوْنِ وَالْيَاءِ فِيْهِمَا نَنْشَطُ وَنَتَسَعُ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ○

(۱۱) بھائیوں نے یہ مشورہ کرکے اپنے باپ سے کہا کہ اے ہمارے باپ کیا وجہ ہے کہ تو ہمکو یوسف کے بارے میں امین نہیں سمجھتا حالاں کہ بے شبہ ہم اس کے خیر خواہ ہیں اسکی دوستی کے لئے مستعد ہیں۔

(۱۲) بھیج اسکو ہمارے ساتھ کل کو طرف جنگل کی کہ خوب کھاوے اور کھیلے اور خوش ہو ایک قرأت میں نَرْتَعْ وَنَلْعَبْ نون کے ساتھ ہے یعنی ہم سب خوب کھاویں اور خوش ہوں) اور بیشک ہم اسکی حفاظت کرینگے۔

تشریح

(۱۱) حضرت یعقوب کو اعتماد میں لینے کی ترکیب | کنویں میں ڈالنے کی تجویز پر عمل کرنے کے لئے ضروری تھا کہ حضرت یعقوبؑ کو اعتماد میں لیا جائے چنانچہ یہ بھائی حضرت یعقوب کے پاس گئے اور عرض کیا کہ ابا جان کیا بات ہے آپ یوسف کے معاملے میں ہمارے اوپر بھروسہ نہیں کرتے اس کو ہمارے ساتھ جنگل میں بکریاں چرانے کے لئے بھیجئے وہاں کھیلے کودے گا جنگل کے پھل میوے کھائیگا اس طرح وہ گھر میں پڑے پڑے بیمار ہوجائیگا ہم اسکے سچے خیر خواہ ہیں ہم چاہتے ہیں کہ وہ بھی ہمارے ساتھ گھلا ملا رہے۔

(۱۲) حضرت یعقوب کو آمادہ کرنے کی کوشش کہ وہ یوسف کو ہمارے ساتھ بھیجیں | سب بھائیوں نے اپنے والد حضرت یعقوب کو اس بات کے لئے تیار کیا کہ کل سے آپ یوسف کو ہمارے ساتھ بھیجیں وہ ہمارے ساتھ کھیلے کودے کھائے پیئے ہم اس کی حفاظت کے لئے موجود ہیں ہم ہر طرح اسکی دیکھ بھال کریں گے اور اس کو نظروں سے اوجھل نہ ہونے دیں گے غرض ہر طرح باپ کو تسلی تشفی دیکر یوسف کو ساتھ بھیجنے کے لئے آمادہ کرنے کی کوشش کی تاکہ اپنی تجویز پر عمل کیا جاسکے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ اِنِّیْ لَیَحْزُنُنِیْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَ اَخَافُ اَنْ یَّاْكُلَهُ

قَالَ	اِنِّیْ	لَیَحْزُنُنِیْٓ	اَنْ	تَذْهَبُوْا	بِهٖ	وَاَخَافُ	اَنْ	یَّاْكُلَهُ
اس نے کہا	بیشک مجھے	غمگین کرتا ہے	کہ	تم لے جاؤ	اسے	اور میں ڈرتا ہوں	کہ	اسے کھا جائے

اس نے کہا بیشک مجھے یہ غمگین کرتا ہے کہ تم اسے لے جاؤ اور میں ڈرتا ہوں کہ اسے بھیڑیا

الذِّئْبُ وَ اَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳﴾ قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ

الذِّئْبُ	وَ اَنْتُمْ	عَنْهُ	غٰفِلُوْنَ	قَالُوْا	لَئِنْ	اَكَلَهُ
بھیڑیا	اور تم	اس سے	بے خبر (جمع)	وہ بولے	اگر	اسے کھا جائے

کھا جائے اور تم اس سے بے خبر رہو۔ وہ بولے اگر اسے بھیڑیا کھا

الذِّئْبُ وَ نَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۱۴﴾

الذِّئْبُ	وَنَحْنُ	عُصْبَةٌ	اِنَّآ	اِذًا	لَّخٰسِرُوْنَ
بھیڑیا	اور ہم	ایک جماعت	بیشک ہم	اس صورت میں	زیاں کار

جائے جبکہ ہم ایک قوی جماعت ہیں اس صورت میں بیشک ہم زیاں کار ٹھہرے۔

﴿۱۳﴾ قَالَ اِنِّیْ لَیَحْزُنُنِیْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا اَیْ ذَهَابِكُمْ بِهٖ لِفِرَاقِهٖ وَاَخَافُ اَنْ یَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَالْمُرَادُ بِهِ الْجِنْسُ وَكَانَتْ اَرْضُهُمْ كَثِیْرَةَ الذِّئَابِ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ○ مُشْتَغِلُوْنَ

﴿۱۳﴾ یعقوب نے کہا کہ مجھے رنج ہوتا ہے تمہارے یوسف کو لیجانے سے بسبب اسکی جدائی کے اور میں ڈرتا ہوں کہ اسکو کوئی بھیڑیا کھالے یہ اسلئے کہا کہ انکے جنگل میں بھیڑیے بہت تھے اور تم اس سے بے خبر دوسرے کاموں میں مشغول ہو جاؤ۔

﴿۱۴﴾ قَالُوْا لَئِنْ لَامٌ قَسَمٍ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ جَمَاعَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ○ عَاجِزُوْنَ فَاَرْسَلَهُ مَعَهُمْ.

﴿۱۴﴾ وہ بولے کہ البتہ اگر اس کو بھیڑیا کھا لیوے ہمارے ہوتے ہوئے اور ہم جماعت قوت والی ہیں تو بیشک ہم اسوقت لوٹنے والے کمزور ہیں سو یعقوب نے یوسف کو انکے ساتھ بھیجدیا۔

تشریح

﴿۱۲﴾ حضرت یعقوب کا اندیشہ کہ کہیں یوسف کو بھیڑیا نہ کھالے | حضرت یعقوب نے فرمایا کہ یوسف کا تمہیں اپنے ساتھ لے جانا مجھے شاق گذرتا ہے مجھے ڈر لگتا ہے کہ تمہاری بے خبری میں کہیں کوئی بھیڑیا ہی نہ آکر اس کو کھالے اور تمہیں پتہ بھی نہ لگے۔

﴿۱۴﴾ برادران یوسف کا تسلی دینا کہ ہمارے ہوتے ہوئے ایسا کیسے ہو سکتا ہے | یوسف کے بھائیوں نے باپ کو اطمینان دلایا کہ ہم پورا جتھ ہیں بھلا ہمارے ہوتے ہوئے ایسا کیسے ہو سکتا ہے کہ بھیڑیا آکر یوسف کو کھا جائے اگر ایسا ہو جائے تو ہم تو بالکل ہی نکمے ہونگے کہ دس گیارہ طاقتور بھائیوں کے سامنے ہمارے بھائی کو بھیڑیا اٹھا کر لے جائے آخر انہوں نے کسی نہ کسی طرح باپ کو اس کے لئے تیار کر ہی لیا اور وہ یوسف کو ان کے ساتھ بھیجنے کے لئے نیم دلی کے ساتھ آمادہ ہو گئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَآ

فَلَمَّا	ذَهَبُوْا	بِهٖ	وَاَجْمَعُوْٓا	اَنْ	يَّجْعَلُوْهُ	فِيْ	غَيٰبَتِ	الْجُبِّ	وَاَوْحَيْنَآ
پھر جب	وہ اسے لیگئے		اور انہوں نے اتفاق کرلیا	کہ	اسے ڈال دیں	میں	اندھا	کنواں	اور ہم نے وحی بھیجی

پھر جب وہ اسے لے گئے اور انہوں نے اتفاق کرلیا کہ اسے اندھے کنویں میں ڈال دیں اور ہم نے اسکی طرف وحی

اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵﴾

اِلَيْهِ	لَتُنَبِّئَنَّهُمْ	بِاَمْرِهِمْ	هٰذَا	وَهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ
اسکی طرف	کہ تو انہیں ضرور جتائیگا	ان کا کام	اس	اور وہ	نہ جانتے ہوں گے۔

بھیجی کہ تو انہیں ان کے اس کام کو ضرور جتائے گا اور وہ نہ جانتے (تجھے نہ پہچانتے) ہوں گے۔

﴿۱۵﴾ فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا عَزَمُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَجَوَابُ لَمَّا مَحْذُوْفٌ اَيْ فَعَلُوْا ذٰلِكَ بِاَنْ نَزَعُوْا قَمِيْصَهٗ بَعْدَ ضَرْبِهٖ وَاِهَانَتِهٖ وَاِرَادَةَ قَتْلِهٖ وَاَدْلَوْهُ فَلَمَّا وَصَلَ اِلٰى نِصْفِ الْبِئْرِ اَلْقَوْهُ لِيَمُوْتَ فَسَقَطَ فِي الْمَآءِ ثُمَّ اٰوٰى اِلٰى صَخْرَةٍ فَنَادَوْهُ فَاَجَابَهُمْ لِظَنِّ رَحْمَتِهِمْ فَاَرَادُوْا اَرْضَخَهٗ بِصَخْرَةٍ فَمَنَعَهُمْ يَهُوْدَا وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ فِي الْجُبِّ وَحْيَ تَحْقِيْقَةٍ وَلَهٗ سَبْعَ عَشْرَةَ سَنَةً اَوْ دُوْنَهَا تَطْمِيْنًا لِقَلْبِهٖ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بَعْدَ الْيَوْمِ بِاَمْرِهِمْ بِصُنْعِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ○ بِكَ حَالَ الْاَنْبِيَآءِ

﴿۱۵﴾ پس جب وہ سب لے گئے یوسف کو اور پختہ ارادہ کیا اس امر پر کہ اسکو گہرے کنویں اندھیرے والے میں ڈالدیں تو انہوں نے ایسا ہی کیا کہ اول اسکو مارا اور اسکی توہین کی اور مار ڈالنے کا ارادہ کیا پھر اس کا کرتہ اتارا اور کنویں میں لٹکا دیا پس جب وہ پہنچا آدھے کنویں تک اس کو گرا دیا تاکہ وہ مرجائے سو وہ گر گیا پانی میں پھر ایک پتھر پر جو کنویں میں تھا اس نے ٹھکانا پکڑا پھر ان بھائیوں نے اس کو آواز دی تو اس نے جواب دیا اس گمان سے کہ انکو رحم آجاوے سو انہوں نے ارادہ کیا کہ اس کو پتھروں سے مار ڈالیں لیکن یہودا نے انکو اس کام سے منع کیا اور ہم نے وحی کی طرف یوسف کی اس کنوئیں میں جیسے وحی ہوتی ہے طرف پیغمبروں کے اور اسوقت عمر اسکی سترہ برس یا کچھ کم تھی۔ اس لئے کہ اس کا دل مطمئن ہوجائے وہ وحی یہ تھی کہ البتہ تو اس دن کے بعد خبر کریگا انکو انکے اس کام کی اور وہ اس خبر دینے کے وقت تجھ کو نہ پہچانیں گے۔

تشریح

برادرانِ یوسف نے ان کو کنویں میں پھینک دیا چنانچہ بھائی یوسف کو اپنے ساتھ لے گئے اور طے شدہ منصوبے کے مطابق ان کو کنویں میں پھینک دیا۔ اس وقت جب وہ یہ حرکت کر رہے تھے ہم نے یوسف کو تسلی دی کہ آج یہ لوگ یہ حرکت کر رہے ہیں اور انہیں خود بھی نہیں معلوم کہ اس کے کیا نتائج ہوں گے بظاہر یہ تمہیں کنویں میں پھینک رہے ہیں لیکن یہ ان کا کنویں میں پھینکنا اصل میں تمہاری ترقی کی تمہید ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَجَآءُوْٓا اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ﴿١٦﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا

وَجَآءُوْٓا	اَبَاهُمْ	عِشَآءً	يَّبْكُوْنَ	قَالُوْا	يٰٓاَبَانَآ	اِنَّا	ذَهَبْنَا
اور وہ آئے	اپنے باپ کے پاس	اندھیرا پڑے	روتے ہوئے	بولے	اے ہمارے ابا	ہم	دوڑنے لگے

اور اندھیرا پڑے وہ اپنے باپ کے پاس روتے ہوئے آئے، بولے اے ہمارے ابا! ہم لگے دوڑنے

نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ

نَسْتَبِقُ	وَتَرَكْنَا	يُوْسُفَ	عِنْدَ	مَتَاعِنَا	فَاَكَلَهُ	الذِّئْبُ
آگے نکلنے	اور ہم نے چھوڑ دیا	یوسف	پاس	اپنا اسباب	تو اسے کھا گیا	بھیڑیا

آگے نکلنے کو اور ہم نے یوسف کو اپنے سامان کے پاس چھوڑ دیا تو اسے بھیڑیا کھا گیا

وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ﴿١٧﴾

وَمَآ	اَنْتَ	بِمُؤْمِنٍ	لَّنَا	وَلَوْ كُنَّا	صٰدِقِيْنَ
اور نہیں	تو	باور کرنے والا	ہم پر	اور خواہ ہوں ہم	سچے

اور تو نہیں ہم پر باور کرنے والا خواہ ہم سچے ہوں۔

﴿١٦﴾ وَجَآءُوْٓا اَبَاهُمْ عِشَآءً وَّقْتَ الْمَسَاءِ يَبْكُوْنَ ○

﴿١٦﴾ اور وہ سب بھائی آئے اپنے باپ کے پاس بوقت شام کے روتے ہوئے۔

﴿١٧﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ نَرْمِيْ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ مُّصَدِّقٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ○ عِنْدَكَ لَا تُهْمَتَنَا فِيْ هٰذِهِ الْقِصَّةِ لِمَحَبَّةِ يُوْسُفَ فَكَيْفَ وَاَنْتَ تُسِيْئُ الظَّنَّ بِنَا

﴿١٧﴾ کہنے لگے کہ ہمارے باپ ہم گئے اس حال میں کہ تیر اندازی کرتے تھے اور یوسف کو ہم نے اپنے کپڑوں کے پاس چھوڑا سو کھا گیا اسکو بھیڑیا اور تجھ کو ہماری بات کا یقین نہ آوے گا اگر ہم تیرے نزدیک سچے ہیں پھر بھی تو ہم کو اس قصہ میں جھوٹا سمجھے گا بسبب محبت یوسف کے پھر جبکہ تیرا گمان بھی ہماری طرف اچھا نہ ہو تب تو ضرور ہی ہمکو جھوٹا خیال کریگا۔

تشریح

﴿١٦﴾ برادرانِ یوسف روتے پیٹتے باپ کے پاس آئے | یہ سب کارستانیاں کر کے شام اندھیرے برادران یوسف جھوٹے آنسو بہاتے روتے پیٹتے باپ کے پاس آئے۔ رات کی سیاہی کے باوجود ان کے چہرے کی سیاہی ان کی سنگ دلی بے حیائی اور جھوٹ کی پردہ دری کر رہی تھی۔

﴿١٧﴾ برادران یوسف کی گھڑی ہوئی کہانی | روتے پیٹتے گھڑی ہوئی کہانی لیکر باپ کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ ہم نے اپنے سامان کے پاس یوسف کو بٹھلا دیا تھا ہم دوڑ کا مقابلہ کرنے میں لگ گئے اور ذرا سی دیر کے لئے یوسف آنکھوں سے اوجھل ہو گئے کہ اتنے میں کہیں سے بھیڑیا آیا اور اس نے یوسف کو کھا لیا۔ چاہے ہم کتنے سچے ہوں آپ تو ہماری بات کا یقین کریں گے نہیں کیونکہ یوسف کے معاملے میں آپ کو پہلے ہی سے ہم سے بدگمانی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَجَآءُوْا عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ؕ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ

وَجَآءُوْا	عَلٰى	قَمِيْصِهٖ	بِدَمٍ	كَذِبٍ	قَالَ	بَلْ	سَوَّلَتْ	لَكُمْ
اور وہ آئے (لائے)	پر	اس کی قمیص	خون کیساتھ	جھوٹا	اس نے کہا	بلکہ	بنا لی	تمہارے لئے

اور وہ اس کی قمیص پر جھوٹا خون (لگا کر) لائے۔ اس نے کہا (نہیں) بلکہ تمہارے لئے تمہارے دلوں

اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾

اَنْفُسُكُمْ	اَمْرًا	فَصَبْرٌ	جَمِيْلٌ	وَاللّٰهُ	الْمُسْتَعَانُ	عَلٰى	مَا تَصِفُوْنَ
تمہارے دل	ایک بات	پس صبر	اچھا	اور اللہ	مدد چاہتا ہوں	پر	جو تم بیان کرتے ہو۔

نے ایک بات بنا لی ہے۔ پس صبر (ہی) اچھا ہے اور جو تم بیان کرتے ہو اس پر اللہ (ہی) سے مدد چاہتا ہوں۔

﴿۱۸﴾ وَجَآءُوْا عَلٰى قَمِيْصِهٖ مُحَلَّهٗ نَصَبٌ عَلَى الظَّرْفِيَّةِ اَىْ فَوْقَهٗ بِدَمٍ كَذِبٍ اَىْ ذِىْ كَذِبٍ بِاَنْ ذَبَحُوْا سَخْلَةً وَلَطَخُوْهُ بِدَمِهَا وَذَهَلُوْا عَنْ شَقِّهٖ وَقَالُوْا اَنَّهٗ دَمُهٗ قَالَ يٰبَنِىْ يَعْقُوْبُ لَمَّا رَاٰهُ صَحِيْحًا وَعَلِمَ كَيْدَهُمْ بَلْ سَوَّلَتْ زَيَّنَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا فَعَلْتُمُوْهُ بِىْ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ لَا جَزَعَ فِيْهِ وَهُوَ خَبَرُ مُبْتَدَاٍ مَحْذُوْفٍ اَىْ اَمْرِىْ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ الْمَطْلُوْبُ مِنْهُ الْعَوْنُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ○ تَذْكُرُوْنَ مِنْ اَمْرِ يُوْسُفَ۔

﴿۱۸﴾ اور لگا لائے اس کے کرتہ پر جھوٹا خون بایں طور کہ انہوں نے ایک بکری کا بچہ ذبح کیا اور اس کا خون اس کرتہ کو لگا دیا اور کرتہ کا پھاڑنا بھول گئے اور آ کر یعقوب سے کہا کہ یہ خون یوسف کا ہے۔

یعقوب نے جب کرتہ صحیح سالم دیکھا اور جان لیا کہ یہ جھوٹے ہیں کہا بلکہ زینت دی اور اچھا کر دیا تمہارے لئے تمہاری جانوں نے ایک کام کو جس کو تم نے کیا سو میرا کام عمدہ صبر کرنے کا ہے کہ جس میں گھبراہٹ اور دل تنگی نہ ہو اور اللہ ہی سے مدد مطلوب ہے یوسف کے قصہ پر جس کا تم ذکر کرتے ہو۔

تشریح

حضرت یوسفؑ کی قمیض پر جھوٹ موٹ کا خون برادران یوسف اس بات کو ثابت کرنے کے لئے کہ یوسف کو بھیڑیے نے کھا لیا ہے حضرت یوسف کے قمیض پر جھوٹ موٹ کا خون لگا کر لائے اور والد کے سامنے رکھا کہ دیکھئے بھیڑیا یوسف کو کھا گیا ہے اور یہ اس کا خون آلود کرتا ہے۔ حضرت یعقوب نے فوراً ہی اپنی فراست سے معاملے کی ٹھیک ٹھیک نوعیت کو بھانپ لیا اور فرمایا کہ یہ سب تمہارے نفس کی کارستانی ہے جس نے تمہارے لئے اتنے بڑے معاملے کو آسان بنا دیا اچھا میں صبر کروں گا اور بخوبی صبر کروں گا۔ ایک عالی ظرف انسان کی طرح حضرت یعقوبؑ نے اتنی بڑی غم انگیز خبر کو سن کر بھی اپنا توازن باقی رکھا اور فرمایا جو کچھ تم بات بنا رہے ہو۔ میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ اس صبر میں وہ میری مدد فرمائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ؕ قَالَ يٰبُشْرٰى

وَجَآءَتْ	سَيَّارَةٌ	فَاَرْسَلُوْا	وَارِدَهُمْ	فَاَدْلٰى	دَلْوَهٗ	قَالَ	يٰبُشْرٰى
اور آیا	ایک قافلہ	پس انہوں نے بھیجا	اپنا پانی بھرنے والا	پس اس نے ڈالا	اپنا ڈول	اس نے کہا	آہا خوشی کی بات

اور (اُدھر) ایک قافلہ آیا، پس انہوں نے اپنا پانی بھرنے والا بھیجا، اس نے اپنا ڈول ڈالا، اس نے کہا، آہا۔ خوشی کی بات ہے

هٰذَا غُلَامٌ ؕ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾

هٰذَا	غُلَامٌ	وَاَسَرُّوْهُ	بِضَاعَةً	وَاللّٰهُ	عَلِيْمٌ	بِمَا	يَعْمَلُوْنَ
یہ	ایک لڑکا	اور اسے چھپالیا	مال تجارت سمجھ کر	اور اللہ	جاننے والا	اسے جو	وہ کرتے تھے

یہ ایک لڑکا ہے اور اُسے مالِ تجارت سمجھ کر چھپالیا، اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے تھے

(۱۹) وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ مُسَافِرُوْنَ مِنْ مَدْيَنَ اِلٰى مِصْرَ فَنَزَلُوْا قَرِيْبًا مِنْ جُبِّ يُوْسُفَ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ اَلَّذِيْ يَرِدُ الْمَاءَ لِيَسْتَقِيَ مِنْهُ فَاَدْلٰى اَرْسَلَ دَلْوَهٗ فِي الْبِيْرِ فَتَعَلَّقَ بِهَا يُوْسُفُ فَاَخْرَجَهٗ فَلَمَّا رَاٰهُ قَالَ يٰبُشْرٰى وَفِيْ قِرَاءَةٍ بُشْرٰى وَنِدَاءُهَا مَجَازٌ اَيْ اُحْضُرِيْ فَهٰذَا وَقْتُكِ هٰذَا غُلَامٌ فَعَلِمَ بِهٖ اِخْوَتَهٗ فَاَتَوْهُمْ وَاَسَرُّوْهُ اَيْ اَخْفُوْا اَمْرَهٗ جَاعِلِيْهِ بِضَاعَةً ؕ بِاَنْ قَالُوْا هُوَ عَبْدُنَا اَبَقَ وَسَكَتَ يُوْسُفُ خَوْفًا اَنْ يَقْتُلُوْهُ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ○

(۱۹) اور آیا ایک قافلہ یعنی چند مسافر شہر مدین سے جو مصر کی طرف جاتے تھے سو وہ اترے اس کنویں کے قریب جس میں یوسف تھا۔ پس بھیجا اپنی جماعت میں سے اس شخص کو جو پانی لینے جاتا ہے تاکہ اس سے سب کو پانی پلاوے سو اس نے اپنا ڈول کنویں میں ڈالا سو متعلق ہوگیا اس سے یوسف پس اس شخص نے اس کو نکال لیا جب اس نے یوسف کو دیکھا اس نے کہا خوش خبری ہو یہ ایک لڑکا ہے (یا بُشْرٰی میں مجازاً بشارت کو پکارا جس کا حاصل یہ ہوتا ہے کہ اے بشارت تو آ یہ تیرا وقت ہے) سو یوسف کے بھائیوں نے اس حال کو جان لیا اور انکو خبر ہوگئی کہ ان مسافروں نے یوسف کو نکالا ہے پس وہ انکے پاس آئے اور یوسف کے حال کو چھپایا درآنحالیکہ بنانیوالے تھے وہ یوسف کو پونجی اور ملک۔ یعنی یہ کہا کہ یہ ہمارا غلام ہے بھاگ کر آیا ہے اور لوگ خاموش رہا اس ڈر سے کہ اسکو مار نہ ڈالیں اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں

تشریح

(۱۹) قافلے کا حضرت یوسف کو کنویں سے نکالنا | شرق اردن کے مقام جلعاد سے ایک قافلہ مصر کی طرف جا رہا تھا اسے پانی کی تلاش تھی پانی نکالنے کے لئے کنویں میں ڈول ڈالا۔ یہ کنواں عام شاہراہ سے الگ تھا لیکن اتفاق سے یہ قافلہ جو مصر جا رہا تھا راستہ بھول کر اس طرف کو آگیا اب جو انہوں نے کنویں کے پانی میں ڈول ڈالا تو پانی کے بجائے حضرت یوسف اس ڈول میں بیٹھے ہوئے کنویں سے باہر آرہے تھے۔ پانی نکالنے والا خوشی سے پکار اٹھا مبارک ہو یہاں تو لڑکا ہے۔ انہوں نے یوسف کو ایک بُردہ اور مالِ تجارت سمجھ کر اپنے ساتھ لے لیا انہیں کیا معلوم تھا کہ وہ کیا کر رہے ہیں مگر اللہ تعالیٰ ہر چیز سے باخبر تھے اور جو کچھ ہو رہا تھا اللہ کے منصوبے کے مطابق ہو رہا تھا۔

روایت یہ ہے کہ حضرت یوسف تین دن اُس کنویں میں رہے اور سوتیلے بھائیوں میں سے ایک بھائی یہودا روزانہ کنویں میں انہیں کھانا پہنچا دیتا تھا۔ دوسرے بھائی بھی باخبر رہتے تھے۔ اصل میں ان کا منصوبہ یہ تھا کہ یوسف کو قتل نہ کیا جائے اسے کوئی یہاں سے نکال کر دور لے جائے اور ہم اکیلے اپنے والد کی جائداد کے وارث بن جائیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۭ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ

وَشَرَوْهُ	بِثَمَنٍ	بَخْسٍ	دَرَاهِمَ	مَعْدُوْدَةٍ	وَكَانُوْا	فِيْهِ	مِنَ
اور انہوں نے اسے بیچ دیا	دام	کھوٹے	درہم	گنتی کے	اور وہ تھے	اس میں	سے

اور انہوں نے (بھائیوں نے) اسے بیچ دیا کھوٹے داموں گنتی کے چند درہموں میں، اور وہ اس سے بے زار

ع ۲ ۱۴ ۱۲ الزّٰهِدِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَالَ الَّذِي اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ

الزّٰهِدِيْنَ	وَ	قَالَ	الَّذِي	اشْتَرٰىهُ	مِنْ	مِّصْرَ	لِامْرَاَتِهٖٓ
بے رغبت، بے زار	اور	بولا	وہ جو۔ جس	اسے خریدا	سے	مصر	اپنی عورت کو

ہو رہے تھے۔ اور مصر کے جس شخص نے اس کو خریدا اس نے کہا اپنی عورت کو، اسے

اَكْرِمِيْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ۭ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا

اَكْرِمِيْ + مَثْوٰىهُ	عَسٰٓى	اَنْ	يَّنْفَعَنَا	اَوْ	نَتَّخِذَهٗ	وَلَدًا	وَكَذٰلِكَ	مَكَّنَّا
اسے عزت سے رکھ	شاید	کہ	ہم کو نفع پہنچائے	یا	ہم اسے بنالیں	بیٹا	اور اس طرح	ہم نے جگہ دی

عزت سے رکھ، شاید کہ ہمیں نفع پہنچائے یا ہم اسے بیٹا بنالیں، اور اس طرح ہم نے یوسف کو

لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۡ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۭ وَاللّٰهُ

لِيُوْسُفَ	فِي	الْاَرْضِ	وَلِنُعَلِّمَهٗ	مِنْ	تَاْوِيْلِ	الْاَحَادِيْثِ	وَاللّٰهُ
یوسف کو	میں	زمین (ملک)	سکھائیں	سے	انجام نکالنا	باتیں	اور اللہ

ملک (مصر) میں جگہ دی اور تاکہ ہم اسے باتوں کا انجام نکالنا (خوابوں کی تعبیر) سکھائیں اور اللہ

غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾

غَالِبٌ	عَلٰٓى + اَمْرِهٖ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ
غالب	اپنے کام پر	اور لیکن	اکثر	لوگ	نہیں جانتے

اپنے کام پر غالب ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

﴿۲۰﴾ وَشَرَوْهُ اَيْ بَاعُوْهُ مِنْهُمْ بِثَمَنٍ بَخْسٍ نَاقِصٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ عِشْرِيْنَ اَوِ اثْنَيْنِ وَعِشْرِيْنَ وَكَانُوْا اَيْ اِخْوَتُهٗ فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ○ فَجَاءَتْ بِهِ السَّيَّارَةُ اِلٰى مِصْرَ فَبَاعَهُ الَّذِي اشْتَرَاهُ بِعِشْرِيْنَ دِيْنَارًا وَزَوْجَيْ نَعْلٍ وَثَوْبَيْنِ

﴿۲۰﴾ اور یوسف کے بھائیوں نے بیچ دیا اس کو ان مسافروں کے ہاتھ کم قیمت یعنی چند درہموں کو جو بیس یا بائیس درہم تھے اور یوسف کے بھائی یوسف سے بیزار اور بے رغبت تھے۔ پھر وہ قافلہ یوسف کو لیکر مصر پہنچا۔ سو جس شخص نے اس قافلہ میں سے اس کو خریدا تھا بیس دینار اور دو جوڑے جوتہ اور دو کپڑوں کے عوض فروخت کیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۲۱) وَقَالَ الَّذِي اشْتَرَاهُ مِن مِّصْرَ لِامْرَأَتِهِ أَكْرِمِي مَثْوَاهُ عَسَىٰ أَن يَنفَعَنَا أَوْ نَتَّخِذَهُ وَلَدًا ۚ وَكَذَٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي الْأَرْضِ وَلِنُعَلِّمَهُ مِن تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ ۚ وَاللَّهُ غَالِبٌ عَلَىٰ أَمْرِهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝

(۲۱) وَقَالَ الَّذِي اشْتَرَاهُ مِن مِّصْرَ لِامْرَأَتِهِ أَكْرِمِي مَثْوَاهُ اور کہا اس شخص نے جس نے یوسف کو خریدا مصر میں (اور وہ عزیز مصر تھا اس کا نام قطفیر تھا) اپنی بیوی زلیخا سے کہ یوسف کو اچھی طرح رکھ اور ہمارے پاس اس کو اچھی جگہ رہنے کو دے کیا عجب ہے کہ اس سے ہم کو نفع پہنچے یا ہم اسکو بیٹا بنالیں (عزیز مصر عورتوں سے صحبت وجماع کرنے پر قدرت نہ رکھتا تھا اسلئے یوسف کو بیٹا بنانے کا ارادہ ظاہر کیا اور ہم نے جس طرح یوسف کو قتل سے بچا لیا اور کنوئیں سے نکالا اور عزیز مصر کے دل کو اس پر مہربان کیا اسی طرح ہم نے اسکو زمین مصر میں جگہ دی یہانتک کہ وہ پہنچا اس مرتبے کو کہ جس کو پہنچا یعنی بادشاہت ملی۔ اور تاکہ ہم یوسف کو تعبیر خواب کی تبلادیں (لِنُعَلِّمَهُ کا عطف جملہ مقدرہ لِنُمَكِّنَهُ پر ہے اور یہ متعلق ہے مَكَّنَّا کے یا واؤ وَلِنُعَلِّمَهُ میں زائد ہے تو اس صورت میں مقدر ماننے کی ضرورت عطف کے لئے نہیں) اور اللہ غالب ہے اپنے حکم میں کوئی چیز اسکو عاجز نہیں کرسکتی ولیکن اکثر آدمی یا کافر اسکو نہیں جانتے۔

تشریح

(۲۰) **حضرت یوسف مصر کے بازار میں بیچے گئے** آخر قافلے والوں نے چند درہم کے عوض یوسف کو مصر کے بازار میں بیچ ڈالا اور یہ ہیرا جس کی قیمت کا اندازہ قافلے والوں کو نہ تھا چند درہم کے عوض عزیز مصر کے ہاتھ لگا۔ اہل مصر یوسف کے معاملے میں زیادہ قیمت کے امیدوار بھی نہ تھے کیونکہ یہ اتفاق سے ان کے ہاتھ لگ گئے اس لئے جو بھی ملا اسی کو غنیمت جانا۔

(۲۱) **حضرت یوسف عزیز مصر کے گھر میں** عزیز مصر جس کا نام "فوطیفار" بیان کیا جاتا ہے، یوسف کو خرید کر اپنے گھر لایا۔ عزیز مصر حضرت یوسف کی شخصیت کو دیکھ کر سمجھ گیا تھا کہ یہ کسی بڑے گھر کا چشم وچراغ ہے اس نے گھر لے جاکر اپنی بیوی (تلمود میں اس کا نام زلیخا یا راعیل ہے) سے کہا اس کو اچھی طرح رکھنا بعید نہیں کہ یہ ہمارے لئے مفید ثابت ہو یا ہم اسے اپنا بیٹا بنالیں۔ اس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسف کے لئے سرزمین مصر میں قدم جمانے کی صورت نکالی اور عزیز مصر کے گھر میں ان کی تعلیم وتربیت کا انتظام کیا۔ کیونکہ حضرت یوسف کی تربیت ایک صحرا میں ہوئی تھی جس کا ماحول خانہ بدوشی اور گلہ بانی کا تھا۔ کنعان اور شمالی عرب کے علاقے میں اس وقت کوئی باقاعدہ حکومت قائم نہیں تھی اور نہ وہاں کے تمدن اور تہذیب نے ترقی کی تھی۔ حضرت یوسف کو جو تعلیم وتربیت اپنے گھر اور ماحول میں ملی تھی اس میں آزاد زندگی کی خوبیاں اور خانوادۂ ابراہیمی کی دین داری تو ضرور شامل تھی مگر اللہ تعالیٰ مصر جیسے ترقی یافتہ ملک میں جو کام لینا چاہتا تھا اس کے لئے ایک خاص بصیرت واقفیت اور تجربے کی ضرورت تھی اس لئے اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے یہ انتظام فرمایا کہ سلطنت مصر کے بڑے عہدے دار کے گھر میں ان کو پہنچا دیا اور اس نے یوسف کی غیر معمولی صلاحیتوں کو دیکھ کر انہیں اپنی جاگیر کا مختار کل بنا دیا۔ اس چھوٹی جاگیر کے انتظام سے اللہ کو آگے چل کر ان سے ایک بڑی سلطنت کے انتظام کا کام لینا تھا۔ اسی کی طرف آیت مذکورہ میں اشارہ ہے کہ اللہ اپنا کام کرکے رہتا ہے مگر اکثر لوگ جانتے نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗۤ اٰتَیْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِی

وَلَمَّا	بَلَغَ	اَشُدَّهٗۤ	اٰتَیْنٰهُ	حُكْمًا	وَّعِلْمًا	وَكَذٰلِكَ	نَجْزِی
اور جب	پہنچ گیا	اپنی قوت	ہم نے اسے عطا کیا	حکم	اور علم	اور اسی طرح	ہم بدلہ دیتے ہیں

اور جب وہ (یوسفؑ) اپنی قوت (جوانی) کو پہنچ گیا ہم نے اسے حکم اور علم عطا کیا اور اسی طرح ہم نیکی کرنے والوں کو بدلہ

الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۲۲﴾ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِیْ هُوَ فِیْ بَیْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ

الْمُحْسِنِیْنَ	وَرَاوَدَتْهُ	الَّتِیْ	هُوَ	فِیْ	بَیْتِهَا	عَنْ + نَّفْسِهٖ
نیکی کرنے والے	اور اسے پھسلایا	وہ عورت جو	وہ	میں	اس کا گھر	اپنے آپ کو روکنے سے

دیتے ہیں۔ اُسے (یوسف کو) اس عورت نے پھسلایا وہ جس کے گھر میں تھے اپنے آپ کو روکنے (قابو رکھنے) سے

وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَیْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ

وَغَلَّقَتِ	الْاَبْوَابَ	وَقَالَتْ	هَیْتَ + لَكَ	قَالَ	مَعَاذَ + اللّٰهِ
اور بند کر دیے	دروازے	اور بولی	آجا جلدی کر	اس نے کہا	اللہ کی پناہ

اور دروازے بند کر دیے اور بولی آجا جلدی کر۔ اس نے کہا اللہ کی پناہ،

اِنَّهٗ رَبِّیْۤ اَحْسَنَ مَثْوَایَ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾

اِنَّهٗ	رَبِّیْۤ	اَحْسَنَ	مَثْوَایَ	اِنَّهٗ	لَا یُفْلِحُ	الظّٰلِمُوْنَ
بیشک وہ	میرا مالک	بہت اچھا	اور رہنا سہنا	بیشک	بھلائی نہیں پاتے	ظالم (جمع)

بیشک وہ (عزیز مصر) میرا مالک ہے اس نے میرا رہنا سہنا بہت اچھا (رکھا) بیشک ظالم بھلائی نہیں پاتے۔

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَاۤ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ

وَلَقَدْ + هَمَّتْ	بِهٖ	وَهَمَّ	بِهَا	لَوْلَاۤ	اَنْ	رَّاٰ	بُرْهَانَ
اور بیشک عورت نے ارادہ کیا	اس کا	اور وہ ارادہ کرتے	اس کا	اگر نہ ہوتا	کہ	وہ دیکھ	دلیل

اور بیشک عورت نے اس کا ارادہ کیا، اور وہ بھی اس کا ارادہ کرتے اگر یہ نہ ہوتا کہ وہ اپنے رب کی دلیل دیکھ

رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ؕ

رَبِّهٖ	كَذٰلِكَ	لِنَصْرِفَ	عَنْهُ	السُّوْٓءَ	وَالْفَحْشَآءَ
اپنا رب	اسی طرح	ہم نے پھیر دیا	اس سے	برائی	اور بے حیائی

لیتے۔ اس طرح ہم نے اس سے پھیر دی برائی اور بے حیائی،

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِينَ ﴿۲۴﴾

إِنَّهُ	مِنْ	عِبَادِنَا	الْمُخْلَصِينَ
بیشک وہ	سے	ہمارے بندے	برگزیدہ

بیشک وہ ہمارے برگزیدہ بندوں میں سے تھا۔

﴿۲۲﴾ وَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَاسْتَوَىٰ آتَيْنَاهُ حُكْمًا وَعِلْمًا ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ○

﴿۲۲﴾ اور جب پہنچا یوسف اپنی قوت کو یعنی تیس ۳۰ برس یا تینتیس ۳۳ برس کی عمر ہوئی دی ہم نے اس کو حکمت اور سمجھ دین میں پہلے اس سے کہ وہ پیغمبر بنایا جاوے اور جیسے ہم نے یوسف کو جزا نیک دی اسی طرح ہم ان لوگوں کو بدلہ دیتے ہیں جو اپنی جانوں کے واسطے اچھے عمل کرتے ہیں۔

﴿۲۳﴾ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِي هُوَ فِي بَيْتِهَا عَنْ نَفْسِهِ وَغَلَّقَتِ الْأَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ۚ قَالَ مَعَاذَ اللَّهِ ۖ إِنَّهُ رَبِّي أَحْسَنَ مَثْوَايَ ۖ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ○

﴿۲۳﴾ اور بہکانا چاہا یوسف کو اس عورت نے جس کے گھر میں یوسف تھا یعنی زلیخا نے یوسف سے چاہا کہ اس سے بدفعل کرے اور بند کر دیئے زلیخا نے گھر کے دروازے اور یوسف سے کہا آ تو میں تیرے لئے تیار ہوں (ایک قرأت میں ہاء کے زیر کے ساتھ "ہِیْتَ لَکَ" ہے اور دوسری قرأت میں تاء کا پیش ہے)

یوسف نے کہا میں اس کام سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں بیشک بات یہ ہے کہ جس نے مجھ کو خریدا ہے میرا سردار ہے اس نے مجھے اچھی طرح رکھا سو میں اس کے گھر میں خیانت نہیں کر سکتا بیشک زنا کاروں کو فلاح اور رستگاری نہیں۔

﴿۲۴﴾ وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهِ ۖ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَا أَنْ رَأَىٰ بُرْهَانَ رَبِّهِ ۚ كَذَٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوءَ وَالْفَحْشَاءَ ۚ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِينَ ○

﴿۲۴﴾ اور البتہ بہ تحقیق زلیخا نے یوسف سے جماع کا ارادہ کیا اور یوسف نے اس سے ہم بستری کا قصد کیا اگر نہ ہوتی یہ بات کہ اس نے اپنے رب کی طرف سے دلیل دیکھی تو وہ جماع کر لیتا (ابن عباس نے کہا کہ دلیل اپنے رب کی یہ دیکھی کہ یعقوب کی صورت اسکے سامنے کی گئی سو یعقوب نے یوسف کے سینہ میں ہاتھ مارا پس نکل گئی شہوت اسکی

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَجَوَابُ لَوْلَا لَجَامَعَهَا كَذٰلِكَ اَرَيْنٰهُ الْبُرْهَانَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ الْخِيَانَةَ وَالْفَحْشَآءَ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ○ فِي الطَّاعَةِ وَفِيْ قِرَاءَةٍ بِفَتْحِ اللَّامِ اَيِ الْمُخْتَارِيْنَ۔

انگلیوں کی راہ سے۔ ہم نے یوسف کو یہ دلیل دکھلائی تاکہ ہم اس سے اس کی برائی اور خیانت کو دور کر دیں۔ بے شک وہ ہمارے خالص بندوں سے ہے کہ اخلاص کے ساتھ میری فرمانبرداری کرنے والا اور برگزیدہ ہے۔

تشریح

(۲۲) **حضرت یوسفؑ منصب نبوت پر** | حضرت یوسف کی عمر بیس سال سے کچھ زیادہ ہوگی اور وہ اپنے پورے شباب کو پہنچ چکے تھے کہ اللہ نے انہیں منصب نبوت پر سرفراز فرمایا انہیں علم حقیقت عطا ہوا جو انبیاء کرام کو وحی کے ذریعے دیا جاتا ہے اور انہیں وہ حکمت عطا کی کہ وہ انسانی معاملات کو سمجھ کر بصیرت کے ساتھ ان کا فیصلہ فرمائیں۔ فرمایا نیک لوگوں کو ہم اسی طرح جزا دیتے ہیں۔

(۲۳) **حضرت یوسف کی سخت آزمائش** | عزیز مصر کی بیوی جس کا نام تلمود میں "زلیخا" یا "راعیل" بتایا گیا ہے۔ حضرت یوسف پر ڈورے ڈالنے لگی، ایک روز تو حد ہی ہو گئی کہ اس نے کمرے کے دروازے بند کر لئے اور تنہائی میں حضرت یوسف کو دعوت عیش دی۔ کمرے کی تنہائی، بھرپور شباب، دوسری طرف سے دل ربائی کے سارے سامان حضرت یوسفؑ کا سخت امتحان تھا۔ مصر کا وہ عیش پرست ماحول، عام بے حیائی ایسی رنگین فضا کہ اچھے اچھے صاحب تقویٰ کا تقوے پاش پاش ہو جائے۔ حضرت یوسفؑ پیغمبرانہ عصمت کے جس مقام پر تھے اس میں شیطان کی دخل اندازی مشکل تھی ایک لفظ زبان سے نکلا "معاذ اللہ" خدا کی پناہ اور سارے شیطانی جال کے حلقے ٹوٹ کر بکھر گئے۔ میرے پروردگار نے مجھے یہ مقام عطا کیا اور میں ایسی حرکت کروں ایسے ظالم لوگ کبھی فلاح یاب نہیں ہوا کرتے۔

(۲۴) **حضرت یوسفؑ کی پاکبازی** | حضرت یوسف پیغمبری کے منصب پر فائز ہو چکے تھے اور اس منصب کا ایک تقاضہ ہے "عصمت" یعنی وہ پاکبازی کہ تمام انسانی جذبات، احساسات اور خواہشات رکھتے ہوئے بھی وہ بشر جو بشریت کی تمام صفات سے متصف ہوتا ہے وہ ایسا نیک نفس اور خدا ترس ہو جاتا ہے کہ جان بوجھ کر گناہ کا قصد بھی نہیں کرتا کیونکہ وہ اپنے اندر رب کی ایسی ایسی حجتیں اور دلیلیں رکھتا ہے جس میں خواہش نفس کبھی کامیاب نہیں ہو سکتی۔ عصمت نبی کی خصوصیت ہے کیونکہ امت کی ہدایت اس کی ذمہ داری ہوتی ہے اس کی لغزش تنہا اس کی لغزش نہیں ہوتی بلکہ پوری امت کی گمراہی بن جاتی ہے اس لئے اللہ تعالیٰ کی حفاظت اس کے ساتھ رہتی ہے۔ وہ عورت پوری دلربائی کے انداز کے ساتھ اس کی طرف بڑھی مگر یوسف محفوظ رہے کیونکہ وہ اللہ کی برہان دیکھ چکے تھے۔

یہ واقعہ جو پیش آیا یہ بھی دراصل آزمائش کی صورت میں حضرت یوسف کی تربیت کا ایک حصہ تھا جس نے ان کی طہارت نفس کو درجۂ کمال تک پہنچا دیا۔ مصر کی سوسائٹی بے حیائی میں انتہائی درجے کو پہنچ چکی تھی اور حضرت یوسف کو ایسے بگڑے ہوئے ماحول میں کام کرنا تھا اس لئے اللہ تعالیٰ نے ایسی صورت پیدا کی کہ حضرت یوسف اپنے نفس کے میلانات کو اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور اپنی قوت ارادی سے شکست دے سکیں کیونکہ حضرت یوسف اللہ کے منتخب بندوں میں سے تھے اور اللہ تعالیٰ کو ان سے بہت سے کام لینے تھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيصَهُ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا

وَاسْتَبَقَا	الْبَابَ	وَقَدَّتْ	قَمِيصَهُ	مِنْ دُبُرٍ	وَّاَلْفَيَا	سَيِّدَهَا
اور دونوں دوڑے	دروازہ	اور عورت نے پھاڑ دی	اس کی قمیص	پیچھے سے	اور دونوں کو ملا	عورت کا خاوند

اور دونوں دروازے کی طرف دوڑے اور عورت نے اسکی قمیص پھاڑ دی پیچھے سے، اور دونوں کو اس کا خاوند

لَدَا الْبَابَ ۭ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْۗءًا اِلَّآ

لَدَا الْبَابَ ۭ	قَالَتْ	مَا جَزَآءُ	مَنْ	اَرَادَ	بِاَهْلِكَ	سُوْۗءًا اِلَّآ
دروازہ کے پاس	وہ کہنے لگی	کیا سزا	جو جس	ارادہ کیا	تیری بیوی سے	برائی سوائے

دروازے کے پاس ملا، وہ کہنے لگی اس کی کیا سزا جس نے تیری بیوی سے برا ارادہ کیا؟ سوائے اس کے

اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۲۵

اَنْ	يُّسْجَنَ	اَوْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ
یہ کہ	قید کیا جائے	یا	عذاب	دردناک

کہ قید کیا جائے یا دردناک عذاب دیا جائے۔

(۲۵) وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيصَهُ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابَ ۭ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْۗءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۲۵

(۲۵) اور ان دونوں نے دروازہ کی طرف جلدی کی یوسف نے بھاگنے کے ارادہ سے اور زلیخا نے اسکے پکڑنے کو سو زلیخا نے یوسف کا کپڑا پکڑ لیا اور اسکو اپنی طرف کھینچا اور پھاڑ دیا کرتہ یوسف کا پیچھے سے اور دروازے کے پاس زلیخا کا خاوند ان دونوں کو ملا۔ زلیخا نے جب اس کو دیکھا اپنی برأت ظاہر کی پھر کہا کیا ہے بدلہ اس شخص کا جو تیری گھر والی کے ساتھ زنا کا ارادہ کرے بجز اس کے کہ قید خانہ میں قید کیا جاوے یا اس کو خوب مارا جائے اور تکلیف پہنچائی جائے۔

تشریح

(۲۵) **حضرت یوسف کا قمیص پھٹ گیا** اب صورت واقعہ یہ بنی کہ حضرت یوسف آگے آگے دروازے کی طرف بھاگے کہ دروازہ کھول کر باہر نکل جائیں، پیچھے پیچھے زلیخا جو ان کو پکڑنے کی کوشش کر رہی تھی اس بھاگ دوڑ میں زلیخا نے پیچھے سے یوسف کا قمیص کھینچا اور وہ پیچھے سے پھٹ گیا۔ دروازہ کھلا تو سامنے زلیخا کا شوہر جس کا تلمود میں فوطیفار نام بتایا گیا ہے کھڑا تھا عجیب صورت حال تھی، آگے یوسف، زلیخا پیچھا کرتی ہوئی، قمیض پیچھے سے پھٹا ہوا، دروازہ کھلتا ہے تو سامنے زلیخا کا شوہر سچویشن بڑی نازک تھی۔ زلیخا نے اپنے آپ کو بچانے کے لئے کھٹ سے الزام یوسف پر لگا دیا اور شوہر کو مخاطب کر کے بولی اس شخص کی کیا سزا ہو سکتی ہے جو تمہاری گھر والی پر نیت خراب کرے۔ سوائے اس کے کہ اسے قید میں ڈال دیا جائے یا سخت عذاب دیا جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِي عَنْ نَّفْسِي وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ أَهْلِهَا إِنْ كَانَ قَمِيصُهُ

قَالَ	هِيَ	رَاوَدَتْنِي	عَنْ	نَّفْسِي	وَشَهِدَ	شَاهِدٌ	مِّنْ	أَهْلِهَا	إِنْ	كَانَ	قَمِيصُهُ
اس نے کہا	اس	مجھے پھسلایا	سے	میرا نفس	اور گواہی دی	ایک گواہ	سے	اسکے لوگ	اگر	ہے	اسکی قمیص

اس (یوسفؑ) نے کہا اس نے مجھے میرے نفس کی حفاظت سے پھسلایا اور گواہی دی اس کے لوگوں میں سے ایک گواہ نے کہ اگر اسکی قمیص

قُدَّ مِن قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ﴿٢٦﴾ وَإِن كَانَ قَمِيصُهُ

قُدَّ	مِن قُبُلٍ	فَصَدَقَتْ	وَهُوَ	مِنَ	الْكَاذِبِينَ	وَإِن	كَانَ	قَمِيصُهُ
پھٹی ہوئی	آگے سے	تو وہ سچی	اور وہ	سے	جھوٹے	اور اگر	ہے	اسکی قمیص

آگے سے پھٹی ہوئی ہے تو وہ سچی ہے اور وہ (یوسفؑ) جھوٹوں میں سے ہے۔ اور اگر اس کی قمیص پیچھے سے

قُدَّ مِن دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصَّادِقِينَ ﴿٢٧﴾

قُدَّ	مِن دُبُرٍ	فَكَذَبَتْ	وَهُوَ	مِنَ	الصَّادِقِينَ
پھٹی ہوئی	پیچھے سے	تو وہ جھوٹی	اور وہ	سے	سچے

پھٹی ہوئی ہے تو وہ جھوٹی ہے اور وہ (یوسفؑ) سچوں میں سے ہے۔

﴿٢٦﴾ قَالَ يُوسُفُ هِيَ رَاوَدَتْنِي عَنْ نَّفْسِي وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ أَهْلِهَا إِبْنُ عَمِّهَا رُوِيَ أَنَّهُ كَانَ فِي الْمَهْدِ فَقَالَ إِنْ كَانَ قَمِيصُهُ قُدَّ مِن قُبُلٍ فَذَامًا فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ○

﴿٢٧﴾ وَإِن كَانَ قَمِيصُهُ قُدَّ مِن دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصَّادِقِينَ ○

﴿٢٦﴾ یوسف نے اپنی برأت بیان کر کے کہا کہ زلیخا نے ہی مجھ کو بہکا کر مجھ سے زنا کا ارادہ کیا۔ اور زلیخا کے چچا کے بیٹے نے اسکی گواہی دی (مروی ہے کہ وہ لڑکا چھوٹا بچہ گہوارہ میں تھا) سو اس نے کہا کہ اگر یوسف کا کرتہ اگلی جانب سے پھٹا ہوا ہے تو زلیخا سچ کہتی ہے اور وہ جھوٹ بولتا ہے۔

﴿٢٧﴾ اور اگر اس کا کرتہ پیچھے کی طرف پھٹا ہوا ہے تو زلیخا جھوٹی ہے اور یوسف سچا ہے۔

تشریح

﴿٢٦﴾ **حضرت یوسف کا الزام سے انکار** | حضرت یوسف نے اس الزام سے انکار کیا اور کہا یہی مجھے پھانسنے کی کوشش کر رہی تھی اور میں اپنے آپ کو بچانے کے لئے بھاگ رہا تھا اتفاق سے اس عورت کے کنبے والوں میں سے ہی کوئی جہاندیدہ اور معاملہ فہم شخص ساتھ تھا اس نے معاملے کی نوعیت دیکھ کر کہا کہ اگر یوسف کا قمیض آگے سے پھٹا ہو تو یہ عورت سچی ہے اور یہ آدمی جھوٹا ہے۔

﴿٢٧﴾ **قمیض پیچھے سے پھٹا ہو تو یوسف سچے ہیں** | اس سمجھدار آدمی نے برموقعہ بات کہی کہ اگر یوسف کا قمیض پیچھے سے پھٹا ہو تو یہ عورت جھوٹی ہے اور یوسف سچا ہے۔ کیونکہ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ یوسف اپنے آپ کو بچانے کے لئے بھاگ رہے تھے اور عورت ان کا پیچھا کر رہی تھی۔ یہ ایسی ناقابل انکار دلیل اور موقعہ کی شہادت تھی کہ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا تھا اور یوسف کی پاکدامنی کا جیتا جاگتا ثبوت تھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ

فَلَمَّا	رَاٰ	قَمِيْصَهٗ	قُدَّ	مِنْ دُبُرٍ	قَالَ	اِنَّهٗ	مِنْ	كَيْدِكُنَّ
تو جب	دیکھا	اس کی قمیص	پھٹی ہوئی	پیچھے سے	اس نے کہا	بیشک یہ	سے	تم عورتوں کا فریب

تو جب اس کی قمیص پیچھے سے پھٹی ہوئی دیکھی تو اس نے کہا یہ تم عورتوں کا فریب ہے۔

اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ وَاسْتَغْفِرِيْ

اِنَّ	كَيْدَكُنَّ	عَظِيْمٌ	يُوْسُفُ	اَعْرِضْ	عَنْ	هٰذَا	وَاسْتَغْفِرِيْ
بیشک	تمہارا فریب	بڑا	یوسف ؑ	جانے دے	سے۔کو	اس	اور اے عورت بخشش مانگ

بیشک تمہارا فریب بڑا ہے۔ یوسف ؑ! اس (ذکر) کو جانے دے۔ اور اے عورت! اپنے گناہ کی بخشش

ع ۳ ۹ ۱۳

لِذَنْۢبِكِ ۖ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿۲۹﴾

لِذَنْۢبِكِ	اِنَّكِ	كُنْتِ	مِنَ	الْخٰطِـِٕيْنَ
اپنے گناہ کی	بیشک تو	تو ہے	سے	گنہگار (جمع)

مانگ۔ بیشک تو ہی گنہگاروں میں سے ہے۔

﴿۲۸﴾ فَلَمَّا رَاٰ زَوْجُهَا قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ اَیْ قَوْلُكِ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ الخ مِنْ كَيْدِكُنَّ اِنَّ كَيْدَكُنَّ اَيَّتُهَا النِّسَآءُ عَظِيْمٌ ○

﴿۲۸﴾ پس جب دیکھا زلیخا کے خاوند نے یوسف کے کرتے کو کہ پیچھے کی طرف سے پھٹا ہوا ہے وہ کہنے لگا کہ اے زلیخا تیرا یہ کہنا کہ یوسف نے ارادہ بدی کا کیا تھا تمہارا مکر ہے بلاشبہ اے عورتو تمہارا مکر بڑا ہے۔

﴿۲۹﴾ ثُمَّ قَالَ يٰيُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا الْاَمْرِ وَلَا تُذْكِرْهُ لِئَلَّا يَشِيْعَ وَاسْتَغْفِرِيْ يَا زُلَيْخَا لِذَنْۢبِكِ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ○ اَلْاٰثِمِيْنَ

﴿۲۹﴾ پھر یوسف سے کہا کہ تو اس سے اعراض کر اور اس قصہ کو کہیں ذکر نہ کر کہ مشہور ہو جاوے اور تو اے زلیخا اپنے گناہ کی بخشش مانگ بیشک تو ہی گنہگاروں خطاکاروں میں سے ہے۔

تشریح

﴿۲۸﴾ یوسف کی قمیص پیچھے سے پھٹی تھی | یہ بات سن کر زلیخا کے شوہر فوطیفار نے یوسف کی قمیص کا جائزہ لیا تو وہ آگے سے نہیں پیچھے سے پھٹی تھی اور یہ حضرت یوسف ؑ کی پاکبازی کا واضح ثبوت تھا۔ معاملہ صاف ہو چکا تھا فوطیفار نے سمجھ لیا کہ قصوروار اس کی بیوی زلیخا ہے۔ اس نے کہا کہ یہ سب تم عورتوں کی چالاکیاں ہیں واقعی تمہاری چالیں بڑی غضب کی ہوتی ہیں۔

﴿۲۹﴾ عزیز مصر کی طرف سے اس معاملے سے درگذر کرنے کی درخواست | عزیز مصر فوطیفار معاملے کی تہہ تک پہنچ چکا تھا اور سمجھ گیا تھا کہ سارا قصور اس کی بیوی کا ہی ہے اس نے حضرت یوسف سے درخواست کی کہ جو ہونا تھا ہو چکا اب اس معاملے سے درگذر کر کیونکہ یہ بڑی رسوائی اور بدنامی کی بات ہے۔ اس نے اپنی بیوی سے کہا کہ تم اپنے قصور کی معافی مانگو اصل میں خطاوار تم ہی ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِينَةِ امْرَأَتُ الْعَزِيزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا

وَقَالَ	نِسْوَةٌ	فِي الْمَدِينَةِ	امْرَأَتُ الْعَزِيزِ	تُرَاوِدُ	فَتٰهَا
اور کہا	عورتیں	شہر میں	عزیز کی بیوی	پھسلا رہی ہے	اپنا غلام

اور شہر میں عورتوں نے کہا، عزیز کی بیوی نے پھسلایا ہے اپنے غلام کو اس کے

عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۭ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ

عَنْ	نَّفْسِهٖ	قَدْ ۔ شَغَفَهَا	حُبًّا	اِنَّا	لَنَرٰىهَا	فِيْ	ضَلٰلٍ
سے	اس کا نفس	جگہ پکڑ گئی ہے	اسکی محبت	بیشک ہم	اسے دیکھتی ہیں	میں	گمراہی

نفس (کی حفاظت) سے۔ اسکی محبت (اس کے دل میں) جگہ پکڑ گئی ہے، بیشک ہم اسے کھلی گمراہی میں دیکھتی ہیں۔

مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ

مُّبِيْنٍ	فَلَمَّا	سَمِعَتْ	بِمَكْرِهِنَّ	اَرْسَلَتْ	اِلَيْهِنَّ	وَاَعْتَدَتْ
کھلی	پھر جب	اس نے سنا	ان کا فریب	دعوت بھیجی	ان کی طرف	اور تیار کی

پھر جب اس نے ان کے فریب (کا ذکر) سنا تو انہیں دعوت بھیجی، اور ان کے ایک محفل

لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ

لَهُنَّ	مُتَّكَاً	وَّاٰتَتْ	كُلَّ ۔ وَاحِدَةٍ	مِّنْهُنَّ	سِكِّيْنًا	وَّقَالَتِ	اخْرُجْ
انکے لئے	ایک محفل	اور دی	ہر ایک کو	ان میں سے	ایک ایک چھری	اور کہا	نکل آ

تیار کی اور (پھل کاٹنے کو) دی ان میں سے ہر ایک کو ایک ایک چھری، اور کہا ان کے سامنے نکل آ

عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ

عَلَيْهِنَّ	فَلَمَّا	رَاَيْنَهٗٓ	اَكْبَرْنَهٗ	وَقَطَّعْنَ	اَيْدِيَهُنَّ	وَقُلْنَ
ان پر (انکے سامنے)	پھر جب	انہوں نے اسے دیکھا	ان پر اسکا رعب چھا گیا	اور انہوں نے کاٹ لئے	اپنے ہاتھ	اور کہنے لگیں

پھر جب انہوں نے (یوسفؑ کو) دیکھا، ان پر اس کا رعب (حسن) چھا گیا اور انہوں نے (پھلوں کی جگہ) اپنے ہاتھ کاٹ لئے اور کہنے

حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ۭ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۱﴾ قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ

حَاشَ	لِلّٰهِ	مَا هٰذَا	بَشَرًا	اِنْ هٰذَآ	اِلَّا	مَلَكٌ	كَرِيْمٌ	قَالَتْ	فَذٰلِكُنَّ
پناہ	اللہ کی	نہیں یہ	بشر	نہیں یہ	مگر	فرشتہ	بزرگ	وہ بولی	سو یہ وہی ہے

لگیں اللہ کی پناہ! یہ بشر نہیں، مگر یہ تو بزرگ فرشتہ ہے۔ وہ بولی سو یہ وہی ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

الَّذِیْ لُمْتُنَّنِیْ فِیْهِ ؕ وَ لَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ؕ وَ

الَّذِیْ	لُمْتُنَّنِیْ	فِیْهِ	وَلَقَدْ + رَاوَدْتُّهٗ،	عَنْ	نَّفْسِهٖ	فَاسْتَعْصَمَ ؕ وَ
جو کہ	تم نے ملامت کی مجھے	اس میں	اور میں نے اسے پھسلایا	سے	اس کا نفس	تو اس نے بچا لیا اور

جس (کے بارے میں) تم نے مجھے ملامت کی، اور میں نے اسے اس کے نفس (کی حفاظت) سے پھسلایا، تو اس نے (اپنے آپ کو) بچا لیا اور

لَئِنْ لَّمْ یَفْعَلْ مَاۤ اٰمُرُهٗ لَیُسْجَنَنَّ وَ لَیَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِیْنَ ﴿۳۲﴾

لَئِنْ	لَّمْ یَفْعَلْ	مَاۤ اٰمُرُهٗ	لَیُسْجَنَنَّ	وَ لَیَكُوْنًا	مِّنَ	الصّٰغِرِیْنَ
اگر	اس نے نہ کیا	جو میں کہتی ہوں اسے	البتہ قید کر دیا جائیگا	اور البتہ ہو جائیگا	سے	بے عزت (جمع)

جو میں کہتی ہوں اگر اس نے نہ کیا تو البتہ وہ قید کر دیا جائے گا اور بے عزت لوگوں میں سے ہو گا۔

﴿۳۰﴾ وَاشْتَهَرَ الْخَبَرُ وَشَاعَ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِی الْمَدِیْنَةِ مَدِیْنَةِ مِصْرَ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَبْدَهَا عَنْ نَّفْسِهٖ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا تَمْیِیْزٌ اَیْ دَخَلَ حُبُّهٗ شِغَافَ قَلْبِهَا اَیْ غِلَافَهٗ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِیْ ضَلٰلٍ خَطَاءٍ مُّبِیْنٍ ○ بَیِّنٍ بِحُبِّهَا اِیَّاهُ

﴿۳۰﴾ اور یہ خبر سب جگہ پھیل گئی اور یہ قصہ مشہور ہو گیا۔ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِی الْمَدِیْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَّفْسِهٖ الخ اور شہر مصر کی عورتوں نے کہا کہ عزیز مصر کی بیوی اپنے غلام سے زنا کی خواہش کرتی ہے۔ بیشک یوسف کی محبت اسکے دل میں گھس گئی ہے۔ بیشک ہم زلیخا کو ظاہر خطا پر دیکھتے ہیں، یوسف کے عشق میں۔

﴿۳۱﴾ فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ غِیْبَتِهِنَّ لَهَا اَرْسَلَتْ اِلَیْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ اَعِدَّتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً طَعَامًا یُقْطَعُ بِالسِّكِّیْنِ لِلِاتِّكَاءِ عِنْدَهٗ وَهُوَ الْاُتْرُجُّ وَاٰتَتْ اَعْطَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ سِكِّیْنًا وَّقَالَتِ لِیُوْسُفَ اخْرُجْ عَلَیْهِنَّ ؕ فَلَمَّا رَاَیْنَهٗ اَكْبَرْنَهٗ اَعْظَمْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ بِالسِّكَاكِیْنِ وَلَمْ یَشْعُرْنَ بِالْاَلَمِ لِشُغْلِ قَلْبِهِنَّ بِیُوْسُفَ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ تَنْزِیْهًا لَهٗ مَا هٰذَا اَیْ یُوْسُفُ بِشْرًى اِنْ مَا هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِیْمٌ ○ لِمَا حَوَاهُ مِنَ الْحُسْنِ الَّذِیْ لَا یَكُوْنُ

﴿۳۱﴾ پس جب سنا زلیخا نے ان کے مکر اور غیبت کرنے کو سنکر انکے بلانے کو قاصد بھیجا اور ان کے لیے کھانا تیار کیا جو چھری سے کاٹا جاوے یعنی لیموں وغیرہ (اس کو مُتَّکا اس لیے کہتے ہیں کہ اسکے کاٹنے کے وقت تکیہ لگاتے ہیں) اور ان عورتوں میں سے ہر ایک کو چھری دی۔ اور یوسف کو کہا کہ باہر آکر ان عورتوں کے سامنے ہو۔ سو جب انہوں نے یوسف کو دیکھا انکی نظر میں وہ بڑا اور عظیم الشان معلوم ہوا اور کاٹ ڈالا پھریوں سے اپنے ہاتھوں کو اور چونکہ ان کا دل یوسف کے جمال کے دیکھنے میں مشغول تھا انکو تکلیف کی کچھ خبر نہ ہوئی اور کہنے لگیں کہ اللہ پاک ہے یوسف آدمی نہیں یہ تو ایک فرشتہ بزرگ ہے کہ جو حسن وجمال اسکو ملا ہے عادتاً یہ کسی آدمی میں نہیں ہوتا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

عَادَةً فِی النَّسْمَةِ الْبَشَرِیَّةِ وَفِی الصَّحِیْحِ اَنَّهٗ اُعْطِیَ شَطْرَ الْحُسْنِ

اور صحیح بخاری میں ہے کہ بے شک یوسف کو آدھا حسن دیا گیا تھا۔

(۳۲) قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِیْ لُمْتُنَّنِیْ فِیْهِ ؕ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ؕ وَلَئِنْ لَّمْ یَفْعَلْ مَاۤ اٰمُرُهٗ لَیُسْجَنَنَّ وَلَیَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِیْنَ ○ اَلذِیْلِیْنَ فَقُلْنَ لَهٗ اَطِعْ مَوْلٰىكَ

(۳۲) عزیز مصر کی بیوی نے کہا جبکہ ان عورتوں کا حال دیکھا کہ یہ وہی ہے جس کی محبت میں تم مجھ کو ملامت کرتی تھیں (یہ اس نے اپنا عذر بیان کیا) اور بیشک میں نے اس جماع کی خواہش کی تھی سو یہ بچا اور رکا اور البتہ اگر یہ میرے کہنے کے موافق نہ کرے گا تو بے شبہ قید میں ڈال دیا جائیگا اور بہت ذلیل ہوگا۔ سو ان سب عورتوں نے یوسف سے کہا کہ اپنی سیدہ کا کہنا کرلے۔

تشریح

(۳۰) شہر کی عورتوں میں زلیخا کی محبت کے چرچے | کہتے ہیں کہ عشق اور مشک چھپائے نہیں چھپتا حالانکہ عزیز مصر بات کو دبانا چاہتا تھا مگر شدہ شدہ یہ خبر گھروں میں پہنچنے لگی ویسے بھی بڑے گھروں کی خبروں کے چرچے زیادہ ہوتے ہیں۔ شہر کی عورتیں آپس میں کہنے لگیں کہ عزیز مصر کی بیوی اپنے نوجوان غلام پر فریفتہ ہے ایسے معزز عہدیدار کی بیوی کے لئے یہ بڑی شرمناک بات ہے کہ وہ ایک غلام کی محبت میں گرفتار ہے۔ ہمارے نزدیک تو وہ بہت غلط کر رہی ہے اسکو ایسی گری ہوئی حرکت نہیں کرنی چاہیئے۔

(۳۱) عزیز مصر کی طرف سے عورتوں کی دعوت | عزیز مصر کی بیوی نے جب سوسائٹی کی عورتوں کی یہ مکارانہ باتیں سنیں کہ وہ اس طرح چھپ چھپ کر طعنے دیتی ہیں تو اس نے اپنے گھر پہ ایک شاندار ضیافت کا اہتمام کیا۔ عورتوں کی اس پارٹی میں تکیے لگے ہوئے تھے پھل فروٹ کی پلیٹیں سامنے رکھی ہوئی تھیں ہر ایک کے سامنے پھلوں کے کاٹنے کے لئے چھری رکھی ہوئی تھی اور جب محفل آراستہ ہوگئی اور پھل کاٹ کاٹ کر کھائے جانے لگے تو عزیز مصر کی بیوی نے حضرت یوسف کو بلانے کے لئے آواز دی حضرت یوسف جیسے ہی کمرے میں داخل ہوئے ایک بجلی سی کوند گئی اور محویت کے عالم میں وہ عورتیں جو پھل کاٹ رہی تھیں انہوں نے پھلوں کے بجائے اپنے ہاتھ کاٹ لئے اور بے ساختہ انکی زبان سے نکلا "حَاشَ لِلّٰہِ" یہ انسان نہیں ہے یہ تو کوئی بزرگ فرشتہ معلوم ہوتا ہے۔ فرشتہ کا لفظ حضرت یوسف کی عفت و پاکدامنی کی بڑی صحیح تعبیر ہے کہ ان کے حسن میں فرشتوں کی معصومیت ہے۔

(۳۲) جادو سر چڑھ کر بولا، زلیخا کی زبان سے حضرت یوسف کی پاکدامنی کا اقرار | اب زلیخا کو کھل کر کہنے کا موقع مل گیا کہ دیکھا تم نے یہ ہے وہ شخص جس کے حسن کو دیکھ کر تم نے پھلوں کے بجائے اپنے ہاتھ کاٹ لئے۔ اسی کے معاملے میں تم مجھے قصوروار سمجھتی تھیں۔ بے شک میں نے اس کو رجھایا اور بہت کوشش کی کہ وہ میری طرف متوجہ ہو مگر یہ صاف بچ نکلا۔ اگر یہ اب بھی میری بات نہیں مانے گا اور میری خواہش پوری نہیں کرے گا تو اسے جیل کا منہ دیکھنا پڑے گا اور بڑا ذلیل و خوار ہوگا۔

اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ اس وقت کی سوسائٹی کی اخلاقی حالت کیا رہی ہوگی۔ شریف خواتین کی بھری مجلس میں اپنی بے جا خواہش کے اظہار میں کوئی تکلف معلوم نہیں ہوتا۔ شرم و حیا سے عاری اس سوسائٹی میں حضرت یوسف کو اس دین کی دعوت کا کام کرنا تھا جو شرم و حیا کو ایمان کا ایک حصہ قرار دیتا ہے اور جس میں عصمت و عفت کا وہ بلند معیار پایا جاتا ہے کہ اس کے دامن تقدس پر فرشتے بھی رشک کرنے لگیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ

قَالَ	رَبِّ	السِّجْنُ	اَحَبُّ	اِلَيَّ	مِمَّا	يَدْعُوْنَنِيْٓ	اِلَيْهِ	وَاِلَّا + تَصْرِفْ
اس نے کہا	اے میرے رب	قید	زیادہ پسند	مجھ کو	اس سے جو	مجھے بلاتی ہیں	اسکی طرف	اور اگر نہ پھیرا

اس (یوسفؑ) نے کہا اے میرے رب مجھے قید اس سے زیادہ پسند ہے جس کی طرف وہ مجھے بلاتی ہیں، اور اگر تو نے مجھ سے ان کا

عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۳﴾ فَاسْتَجَابَ لَهٗ

عَنِّيْ	كَيْدَهُنَّ	اَصْبُ	اِلَيْهِنَّ	وَاَكُنْ	مِّنَ	الْجٰهِلِيْنَ	فَاسْتَجَابَ	لَهٗ
مجھ سے	ان کا فریب	مائل ہو جاؤنگا	انکی طرف	اور میں ہونگا	سے	جاہل (جمع)	سو قبول کر لی	اسکی (دعا)

فریب نہ پھیرا تو میں مائل ہو جاؤں گا ان کی طرف اور جاہلوں میں سے ہوں گا۔ سو اس کے رب نے اس کی دعا قبول

رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۴﴾

رَبُّهٗ	فَصَرَفَ	عَنْهُ	كَيْدَهُنَّ	اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِيْعُ	الْعَلِيْمُ
اسکا رب	پس پھیر دیا	اس سے	ان کا فریب	بیشک وہ	وہ	سننے والا	جاننے والا

کر لی پس اس سے ان کا فریب پھیر دیا، بے شک وہ سننے والا، جاننے والا ہے۔

﴿۳۳﴾ قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ۝

﴿۳۳﴾ یوسف نے کہا اے میرے رب مجھے قید میں رہنا زیادہ پسند ہے اس فعل سے جس کی طرف یہ عورتیں مجھ کو بلاتی ہیں اور اگر تو مجھ سے انکا مکر دور نہ کریگا تو میں انکی طرف مائل اور متوجہ ہو جاؤنگا اور مبتلائے فعل شنیع ہونگا اور ہو جاؤنگا میں جاہلوں گنہگاروں میں سے۔ ارادہ یوسف کا ان کلمات سے دعا کرنا

﴿۳۴﴾ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ الخ سو قبول فرمائی اللہ نے اسکی دعا اور دور کیا اس سے مکر ان عورتوں کا بے شک اللہ سننے والا ہے بات کو جانتا ہے ہر ایک کام کو۔

تشریح

﴿۳۴﴾ **حضرت یوسف کی اللہ سے درخواست** | زلیخا کی بات میں ترغیب بھی تھی اور ترہیب و ڈراوا بھی۔ حضرت یوسف اس صورت حال سے لرز کر رہ گئے ایک طرف کھلی دعوت گناہ تھی۔ اعزاز و اکرام کا لالچ تھا دوسری طرف جیل کی سلاخیں اور رسوائی تھی۔ انہوں نے پروردگار سے دعا کی اے میرے رب! یہ عورتیں جو مجھ سے چاہتی ہیں اسکے مقابلے میں مجھے قید و بند منظور ہے۔ عاجزی کے ساتھ دعا کرتے ہیں کہ میرے رب اگر آپ نے انکی چالوں کو مجھ سے دفع نہ کیا تو میں ایک کمزور انسان ہوں آپ کی مدد کے بغیر ان کی ترغیبات کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ میرے پروردگار مجھے سہارا دیجئے مجھے بچائیے کہیں میرے قدم پھسل نہ جائیں اور میں ان جاہل لوگوں میں شامل نہ ہو جاؤں جو اچھائی برائی کی پرواہ کئے بغیر معصیت میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

﴿۳۴﴾ **حضرت یوسف کی دعا قبول ہوئی** | اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسف کی دعا قبول فرمائی اور ان کو وہ استقامت دی کہ زلیخا اور دوسری عورتوں کی ساری تدبیریں ناکام ہو گئیں۔ حضرت یوسف کے کیریکٹر کی مضبوطی اور ان کی سیرت کا جمال صورت سے بھی زیادہ حسین تھا بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ سننے والے اور جاننے والے ہیں۔ جب بندہ اللہ کی مدد طلب کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو مایوس نہیں کرتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ لَيَسْجُنُنَّهٗ

ثُمَّ	بَدَا لَهُمْ	مِنْ بَعْدِ	مَا رَاَوُا	الْاٰيٰتِ	لَيَسْجُنُنَّهٗ
پھر	انہیں سوجھا	اس کے بعد	جب انہوں نے دیکھیں	نشانیاں	اسے ضرور قید میں ڈالیں

پھر نشانیاں دیکھ لینے کے بعد انہیں سوجھا کہ اسے ضرور قید میں ڈال دیں

ع ۴ ۶ ۱۴ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۳۵﴾ وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ؕ قَالَ

حَتّٰى + حِيْنٍ	وَ	دَخَلَ	مَعَهُ	السِّجْنَ	فَتَيٰنِ	قَالَ
ایک مدت تک	اور	داخل ہوئے	اس کے ساتھ	قید خانہ	دو نوجوان	کہا

ایک مدت تک اور اس کے ساتھ دو نوجوان قید خانہ میں داخل ہوئے، ان میں سے

اَحَدُهُمَآ اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ

اَحَدُ هُمَآ	اِنِّيْٓ + اَرٰىنِيْ	اَعْصِرُ	خَمْرًا	وَ	قَالَ
ان میں سے ایک	بیشک میں دیکھتا ہوں	نچوڑ رہا ہوں	شراب	اور	کہا

ایک نے کہا بیشک میں (خواب میں) دیکھتا ہوں کہ میں شراب نچوڑ رہا ہوں، اور دوسرے نے

الْاٰخَرُ اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِيْ خُبْزًا

الْاٰخَرُ	اِنِّيْٓ + اَرٰىنِيْ	اَحْمِلُ	فَوْقَ	رَاْسِيْ	خُبْزًا
دوسرا	میں دیکھتا ہوں	اٹھائے ہوئے ہوں	اوپر	اپنے سر	روٹی

کہا میں (خواب میں) دیکھتا ہوں کہ اپنے سر پر روٹی اٹھائے ہوئے ہوں۔

تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ؕ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ

تَاْكُلُ	الطَّيْرُ	مِنْهُ	نَبِّئْنَا	بِتَاْوِيْلِهٖ	اِنَّا + نَرٰىكَ
کھا رہے ہیں	پرندے	اس سے	ہمیں بتلائیے	اس کی تعبیر	بیشک ہم تجھے دیکھتے ہیں

پرندے اس سے کھا رہے ہیں۔ ہمیں اس کی تعبیر بتلائیے بیشک ہم آپ کو

مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۶﴾

مِنَ	الْمُحْسِنِيْنَ
سے	نیکوکار (جمع)

نیکوکاروں میں سے دیکھتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۳۵) ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِنْ بَعْدِ مَا رَأَوُا الْآيَاتِ لَيَسْجُنُنَّهُ حَتَّىٰ حِينٍ ○ يَقْطَعُ فِيهِ كَلَامُ النَّاسِ فَسُجِنَ

(۳۵) پھر بعد اسکے کہ عزیز مصر وغیرہ کو یوسف کا پاک ہونا دلیلوں سے معلوم ہوگیا انکے جی میں آیا کہ یوسف کو قید خانہ میں بھیجدیں ایک وقت تک کہ لوگوں کی گفتگو اس بارہ میں منقطع ہوجائے اور اس قصہ کا ذکر نہ رہے چنانچہ یوسف کو قید خانہ میں بھیجدیا۔

(۳۶) وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ ۖ قَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّي أَرَانِي أَعْصِرُ خَمْرًا ۖ وَقَالَ الْآخَرُ إِنِّي أَرَانِي أَحْمِلُ فَوْقَ رَأْسِي خُبْزًا تَأْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ۖ نَبِّئْنَا بِتَأْوِيلِهِ ۖ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ○

(۳۶) وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيَانِ الخ اور یوسف کے ساتھ قید خانہ میں بادشاہ کے دو غلام بھی کسی جرم میں بھیجے گئے ایکسان میں سے شراب پلانے والا تھا بادشاہ کو اور دوسرا کھانا پکانیوالا پس ان دونوں نے یوسف کو دیکھا کہ خواب کی تعبیر دیتا ہے وہ کہنے لگے ہم بھی اسے آزمائیں۔ انمیں سے ایک بولا یعنی ساقی کہ بیشک میں نے اپنے کو دیکھا کہ میں انگور نچوڑ رہا ہوں شراب بنانے کیلئے۔ اور دوسرے نے کہا یعنی کھانا پکانے والے نے کہ میں اپنے آپ کو دیکھتا ہوں کہ میرے سر پر روٹی رکھی ہے اسکو پرند کھاتے ہیں۔ اے یوسف بتلا ہم کو اسکی تعبیر بے شک ہم تجھ کو نیک آدمی احسان کرنے والا سمجھتے ہیں۔

تشریح

(۳۵) **حضرت یوسف قید خانے میں** | حضرت یوسف کے کردار کی مضبوطی سب کے سامنے آچکی تھی اور یہ ان کی بہت بڑی اخلاقی فتح تھی لیکن اقتدار وقت کے پاس اس کے سوا کوئی چارۂ کار نہ تھا کہ یوسف کو ناکردہ گناہ کی سزا دی جائے۔ اسلئے ان کو ایک مدت کے لئے جیل خانے بھیج دیا گیا تاکہ وہ عام لوگوں سے الگ تھلگ ہوجائیں اور عورتوں کی نظروں سے بھی دور رہیں یہ خوب انصاف تھا کہ نہ کوئی مقدمہ چلایا نہ چارج شیٹ دی گئی نہ صفائی کا موقع دیا گیا اور سزا سنادی گئی۔

(۳۶) **قید خانے میں حضرت یوسف کی نیکی کے چرچے اور دو قیدیوں سے ملاقات** | اقتدار وقت نے حضرت یوسف کو جیل بھیج تو دیا مگر داروغۂ زنداں اور جیل کے کارکن حضرت یوسف کی نیک نفسی سے بہت متاثر ہوئے۔ جیل کے دوسرے قیدی بھی حضرت یوسف کے اخلاق اور انکے حسن سیرت کو دیکھ کر آپ کی بہت عزت کرتے تھے چنانچہ عملاً جیل کے داروغہ نے جیل کا در و بست حضرت یوسف کے ہاتھ میں دیدیا حضرت یوسف کے ساتھ دو نوجوان بھی جیل جانے لائے گئے جن میں ایک مصر کے بادشاہ ریان بن ولید کا شاہی نانبائیوں کا افسر تھا اور دوسرا اس کا ساقی شراب پلانے والا تھا یہ دونوں قیدی بھی حضرت یوسف سے مانوس ہوگئے اور انہوں نے اپنا اپنا خواب حضرت یوسف سے بیان کرکے اسکی تعبیر معلوم کی۔ شراب پلانے والے ساقی نے بتایا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں شراب کشید کرکے بادشاہ کو پلا رہا ہوں۔ باورچی خانے کے افسر نے اپنا خواب بیان کیا کہ میں نے خواب میں یہ دیکھا کہ میرے سر پر روٹیوں کے ٹوکرے ہیں اور پرندے ان میں سے نوچ نوچ کر کھا رہے ہیں۔ ان دونوں نے اپنے خواب بیان کرکے حضرت یوسف سے کہا کہ آپ نیک آدمی ہیں ہمیں ان خوابوں کی تعبیر بتائیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ لَا يَأْتِيكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقَانِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا

قَالَ	لَا يَأْتِيكُمَا	طَعَامٌ	تُرْزَقَانِهٖ	اِلَّا	نَبَّاْتُكُمَا	بِتَاْوِيْلِهٖ	قَبْلَ	اَنْ	يَّاْتِيَكُمَا
اس نے کہا	تمہارے پاس نہیں آئیگا	کھانا	جو تمہیں دیا جاتا ہے	مگر	میں تمہیں بتلا دونگا	اس کی تعبیر	قبل	کہ	وہ آئے تمہارے پاس

اس (یوسفؑ) نے کہا تمہارے پاس (کھانا نہیں آئیگا جو تمہیں دیا جاتا ہے مگر میں تمہیں اس کی تعبیر تمہارے پاس اس کے آنے سے پہلے بتلا دونگا

ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ۭ اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ

ذٰلِكُمَا	مِمَّا	عَلَّمَنِيْ	رَبِّيْ	اِنِّيْ	تَرَكْتُ	مِلَّةَ	قَوْمٍ	لَّا يُؤْمِنُوْنَ
یہ	اس سے جو	مجھے سکھایا	میرا رب	بیشک میں	میں نے چھوڑا	دین	وہ قوم	ایمان نہیں لاتے

یہ اس (علم) سے ہے جو میرے رب نے مجھے سکھایا بیشک میں نے اس قوم کا دین چھوڑ دیا جو اللہ پر ایمان نہیں

بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾

بِاللّٰهِ	وَهُمْ	بِالْاٰخِرَةِ	هُمْ	كٰفِرُوْنَ
اللہ پر	اور وہ	آخرت سے	وہ	انکار کرتے ہیں۔

لاتے اور وہ (روز) آخرت سے انکار کرتے ہیں۔

﴿۳۷﴾ قَالَ لَا يَأْتِيكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقَانِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ۭ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ۭ اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ۝

﴿۳۷﴾ یوسف نے ان سے کہا (درآنحالیکہ انکو بتلانیوالا تھا اس امر کو کہ میں خواب کی تعبیر جانتا ہوں) کہ تمہارے پاس خواب میں کھانا نہ آویگا جو تمکو کھلایا جاوے لیکن میں تمکو بیداری میں اسکی تعبیر بتلا دونگا اس سے پہلے کہ اسکی تعبیر ظاہر ہو یہ علم تعبیر ان چیزوں میں سے ہے جو مجھ کو میرے رب نے سکھائیں (غرض اس اظہار سے ان دونوں کو ایمان کی رغبت دینا ہے پھر اسی کی تائید و تقویت کی اس کلام سے اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ بیشک میں نے چھوڑ دیا مذہب اس قوم کا جو اللہ پر ایمان نہیں رکھتے اور وہ آخرت کے منکر ہیں۔

تشریح

﴿۳۷﴾ حکیمانہ انداز میں حضرت یوسف کی دعوتِ توحید | دعوت دینے والے کا صحیح انداز یہ ہوتا ہے کہ وہ موقع دیکھ کر حکیمانہ انداز میں دین کی دعوت دے حضرت یوسفؑ نے دیکھا کہ موقع غنیمت ہے یہ لوگ میری طرف متوجہ ہیں اور میری بات پر دھیان دے سکتے ہیں تو انہوں نے کہا کہ تمہارے خوابوں کی تعبیر میں ابھی تھوڑی دیر میں اس سے پہلے کہ تمہارا روز کا کھانا آئے تو میں بتا دونگا مگر میں تمہیں یہ بتاؤں کہ یہ خواب کی تعبیر بتانے کا علم مجھے کہاں سے ملا ہے میرے علم کا سرچشمہ اللہ کی وحی ہے وہ علم جو اس نے مجھے عطا کیا ہے میں نے ہمیشہ سے ان باطل پرستوں کے دین و ملت کو چھوڑے رکھا جو اللہ پر ایمان نہیں رکھتے اور آخرت کا انکار کرتے ہیں۔ دعوت کی اس تمہید میں تینوں باتیں شامل ہیں اللہ پر ایمان کی دعوت آخرت کا یقین، وحی کی ضرورت اور اس رسول کا ماننا جس پر وحی نازل ہوتی ہے۔ توحید رسالت اور آخرت ان تینوں چیزوں کا تذکرہ کر کے حضرت یوسفؑ نے بات کو آگے بڑھایا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِیْٓ اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ ؕ مَا كَانَ لَنَآ

وَاتَّبَعْتُ	مِلَّةَ	اٰبَآءِیْ	اِبْرٰهِیْمَ	وَاِسْحٰقَ	وَیَعْقُوْبَ ؕ	مَا كَانَ	لَنَآ
اور میں نے پیروی کی	دین	اپنے باپ دادا	ابراھیم ؑ	اور اسحٰق ؑ	اور یعقوب ؑ	نہیں ہے	ہمارے لئے

اور میں نے اپنے باپ دادا ابراہیم ؑ اور اسحٰق ؑ اور یعقوب ؑ کے دین کی پیروی کی۔ ہمارا (کام) نہیں ہے

اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَیْنَا وَعَلَى

اَنْ	نُّشْرِكَ	بِاللّٰهِ	مِنْ + شَیْءٍ	ذٰلِكَ	مِنْ	فَضْلِ اللّٰهِ	عَلَیْنَا	وَعَلَى
کہ	ہم شریک ٹھہرائیں	اللہ کا	کوئی۔ کسی شے	یہ	سے	اللہ کا فضل	ہم پر	اور پر

کہ ہم شریک ٹھہرائیں اللہ کا کسی شے کو۔ یہ ہم پر اور لوگوں پر اللہ کا فضل

النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْكُرُوْنَ ﴿۳۸﴾

النَّاسِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا یَشْكُرُوْنَ	
لوگوں	اور لیکن	اکثر	لوگ،	شکر ادا نہیں کرتے	

ہے لیکن اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتے۔

﴿۳۸﴾ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِیْٓ اِبْرٰهِیْمَ وَ
اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ ؕ مَا كَانَ یَنْۢبَغِیْ
لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ زَائِدَةٌ
شَیْءٍ لِعِصْمَتِنَا ذٰلِكَ التَّوْحِیْدُ
مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَیْنَا وَعَلَى النَّاسِ
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ وَهُمُ
الْكُفَّارُ لَا یَشْكُرُوْنَ ○ اللّٰهَ
فَیُشْرِكُوْنَ

﴿۳۸﴾ اور میں نے پیروی کی اپنے باپ دادوں ابراہیمؑ اور اسحاقؑ اور یعقوبؑ کے مذہب کی ہم کو یہ لائق نہیں کہ ہم اللہ کا ساجھی کسی کو بنادیں کہ ہم کو اللہ نے اس سے محفوظ اور معصوم کیا ہے۔ یہ توحید کا اقرار کرنا ہم پر اور لوگوں پر اللہ کا احسان ہے ولیکن اکثر آدمی یعنی کافر اللہ کا شکر نہیں کرتے کہ وہ اس کا ساجھی بناتے ہیں۔

تشریح

﴿۳۸﴾ **دعوت یوسفی میں شرک کی نفی** حضرت یوسف نے فرمایا کہ میرا دین اور طریقہ وہی ہے جو مجھ سے پہلے حضرت ابراہیم ؑ حضرت اسحٰق ؑ اور حضرت یعقوب ؑ کا تھا۔ ہمارا کام یہ نہیں ہے کہ ہم اللہ کے ساتھ کسی چیز کو کسی درجے میں بھی خدا کا شریک بنائیں نہ ذات میں نہ اس کی صفات میں نہ اس کی ربوبیت میں اس کے سوا کسی کو اپنا معبود اور حاکم نہ جانیں اسی کی عظمت کریں اسی سے محبت کریں اسی پر بھروسہ رکھیں اپنا جینا مرنا اسی ایک پروردگار کے حوالے کر دیں۔ یہ اللہ کا ہم پر اور تمام انسانوں پر بڑا فضل ہے کہ اس نے ہمیں اپنے سوا کسی اور کا بندہ نہیں بنایا لیکن اکثر لوگ اللہ کی اس نعمت کا شکر ادا نہیں کرتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ

يٰصَاحِبَيِ + السِّجْنِ	ءَاَرْبَابٌ	مُّتَفَرِّقُوْنَ	خَيْرٌ	اَمِ اللّٰهُ	الْوَاحِدُ
اے میرے قید کے ساتھیو	کیا کئی معبود	جُدا جُدا	بہتر	یا اللہ	ایک، یکتا

اے میرے قید کے ساتھیو! کیا جُدا جُدا کئی معبود بہتر ہیں؟ یا ایک اللہ (سب پر)

الْقَهَّارُ ﴿۳۹﴾ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَآءً

الْقَهَّارُ	مَا	تَعْبُدُوْنَ	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اِلَّآ	اَسْمَآءً
زبردست۔ غالب	نہیں	تم پوجتے	اس کے سوا	مگر	نام

غالب اس کے سوا تم کچھ نہیں پوجتے مگر نام ہیں جو تم نے

سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا

سَمَّيْتُمُوْهَآ	اَنْتُمْ	وَاٰبَآؤُكُمْ	مَّآ	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	بِهَا
تم نے رکھ لئے ہیں	تم	اور تمہارے باپ دادا	نہیں	اتاری	اللہ	اسکے لئے

رکھ لئے ہیں (تراش لئے) اور تمہارے باپ دادا نے اللہ نے ان کی کوئی سند نہیں

مِنْ سُلْطٰنٍ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ

مِنْ سُلْطٰنٍ	اِنِ	الْحُكْمُ	اِلَّا	لِلّٰهِ	اَمَرَ	اَلَّا	تَعْبُدُوْٓا	اِلَّآ اِيَّاهُ
کوئی سند	نہیں	حکم	مگر	اللہ کا	اس نے حکم دیا	کہ نہ	عبادت کرو	مگر صرف اسکی

اُتاری، حکم صرف اللہ کا ہے۔ اس نے حکم دیا کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو

ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۰﴾

ذٰلِكَ	الدِّيْنُ	الْقَيِّمُ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ
یہ	دین	سیدھا	اور لیکن	اکثر	لوگ	نہیں جانتے

یہ سیدھا دین ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے

﴿۳۹﴾ ثُمَّ صَرَّحَ بِدَعْوَتِهِمَا اِلَى الْاِيْمَانِ فَقَالَ يٰصَاحِبَيِ سَاكِنَيِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُوْنَ خَيْرٌ اَمِ اللّٰهُ

۳۹ پھر بالتصریح ان دونوں کو ایمان کی طرف بلایا پس کہا اے دونوں قید خانے کے رہنے والو کیا بہت سے معبود متفرق بنانا بہتر ہے یا ایک اللہ غالب بہتر ہے۔ یعنی اللہ واحد ہی بہتر ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ○ خَيْرٌ
اِسْتِفْهَامُ تَقْرِيرٍ

(۴۰) مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ
اَيْ غَيْرِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَآءً
سَمَّيْتُمُوْهَآ سَمَّيْتُمْ بِهَا
اَصْنَامًا اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ
مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا بِعِبَادَتِهَا
مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ حُجَّةٍ مَّا فِيْ
بُرْهَانٍ اِنِ مَا الْحُكْمُ
اِلَّا لِلّٰهِ ۭ وَحْدَهٗٓ اَمَرَ
اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ ۭ
ذٰلِكَ التَّوْحِيْدُ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ وَهُمُ الْكُفَّارُ
لَا يَعْلَمُوْنَ ○ مَا يَصِيْرُوْنَ اِلَيْهِ
مِنَ الْعَذَابِ فَيُشْرِكُوْنَ

(۴۰) نہیں پوجتے ہو تم اللہ کے سوا مگر ناموں کو کہ جن کو تم نے اور تمہارے باپ دادوں نے بُت بنا رکھا ہے اور انکو پوجتے ہو اور انکی پرستش پر اللہ نے کوئی دلیل تمہارے پاس نہیں بھیجی

تمام حکم اللہ اکیلے کا ہے اس کے سوا کسی کا حکم مخلوق میں جاری نہیں۔ اس نے حکم فرمایا ہے کہ اس کے سوا کسی کی پرستش نہ کرو یعنی اللہ کو واحد جاننا سیدھی راہ اور مذہب مستقیم ہے ولیکن اکثر آدمی یعنی کافر نہیں جانتے کہ وہ کس عذاب میں گرفتار ہونگے۔ پس وہ اللہ کا شریک بناتے ہیں۔

تشریح

(۳۹) **ایک آقا کا غلام ہونا بہتر ہے یا بہت سے آقاؤں کا** حضرت یوسفؑ نے توحید کی دعوت کو دل نشین دلیل کے ساتھ مرصع کرتے ہوئے فرمایا اے برادرانِ زنداں! بتاؤ ایک آقا کا غلام ہونا جو ہر چیز پر غالب ہے ہر چیز اس کے قبضۂ قدرت میں ہے اور وہ ہر چیز کا مالک ہے، یہ بہتر ہے یا بہت سے آقاؤں کی غلامی؟ بتاؤ ایک آقا کی بندگی زیادہ بہتر ہے یا ہر ہر در پر سر جھکانا؟ اس سوال کا ایک ہی جواب ہوسکتا ہے کہ ہر ہر در پر سر رگڑنے سے ایک در کی غلامی بہتر ہے۔

؎ وہ ایک سجدہ جسے تو گراں سمجھتا ہے ✤ ہزار سجدوں سے دیتا ہے آدمی کو نجات

اور پھر آقا بھی وہ جو گھڑا ہوا نہیں ہے حقیقت میں آقائے رحمٰن و رحیم ہے شفیق و کریم ہے اور ہم پر اس کا حق ہے۔

قابل غور بات یہ ہے کہ یہ پہلا موقع ہے کہ حضرت یوسفؑ ایک نبی کی حیثیت سے اپنے آپ کو پیش کرتے ہیں اور حضرت ابراہیم اور حضرت اسحٰق و یعقوب سے اپنی نسبت بھی ظاہر کر رہے ہیں کہ میری دعوت وہی ہے جو انکے دین کی تھی اور نہایت حکمت کیساتھ دین کی تبلیغ کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

(۴۰) **توحید اور شرک کا فرق** حضرت یوسفؑ انتہائی نفسیاتی انداز میں توحید اور شرک کا فرق ظاہر کرتے ہوئے بتاتے ہیں کہ ایک اللہ کے سوا جو دوسرے معبود ہیں حقیقت میں ان کا کوئی وجود نہیں ہے بس کچھ نام ہیں جو لوگوں نے گھڑ لئے ہیں ان کے معبود ہونے کی کوئی دلیل نہیں ہے فرماں روائی کا اقتدار اللہ کے سوا کسی کے لئے نہیں ہے اس کا حکم ہے کہ اس کے سوا کسی اور کی بندگی نہ کرو ان بے سند بے دلیل چیزوں کی بندگی ان کی پرستش اور غلامی کس طرح صحیح ہوسکتی ہے۔ مگر اکثر لوگ اس حقیقت کو نہیں جانتے اپنی حماقت اور تعصب کی وجہ سے ایسی سیدھی بات بھی ان کی سمجھ میں نہیں آتی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ

يٰصَاحِبَيِ	السِّجْنِ	اَمَّآ	اَحَدُكُمَا	فَيَسْقِيْ	رَبَّهٗ
اے میرے ساتھیو	قید خانہ	جو	تم میں سے ایک	سو وہ پلائے گا	اپنا مالک

اے میرے قیدخانہ کے ساتھیو! تم میں سے ایک اپنے مالک کو شراب

خَمْرًا ۭ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ۭ

خَمْرًا	وَاَمَّا	الْاٰخَرُ	فَيُصْلَبُ	فَتَاْكُلُ	الطَّيْرُ	مِنْ رَّاْسِهٖ
شراب	اور جو	دوسرا	تو سولی دیا جائیگا	پس کھائیں گے	پرندے	اس کے سر سے

پلائے گا اور جو دوسرا ہے تو سولی دیا جائے گا پس پرندے اس کے سر سے کھائیں گے

قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ۝۴۱

قُضِيَ	الْاَمْرُ	الَّذِيْ	فِيْهِ	تَسْتَفْتِيٰنِ
فیصلہ ہوچکا	کام۔بات	وہ جو	اس میں	تم پوچھتے تھے

اس بات کا فیصلہ ہو چکا جس (کے بارہ) میں تم پوچھتے تھے۔

(۴۱) يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا اَيْ السَّاقِيْ فَيَخْرُجُ بَعْدَ ثَلٰثٍ فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ سَيِّدَهٗ خَمْرًا ۭ عَلٰى عَادَتِهٖ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُؤْيَاهُ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيَخْرُجُ بَعْدَ ثَلٰثٍ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُؤْيَاهُ فَقَالَا مَا رَاَيْنَا شَيْئًا فَقَالَ قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ۝ عَنْهُ سَاَلْتُمَا صَدَقْتُمَا اَمْ كَذَبْتُمَا۔

(۴۱) اے دو نور رہنے والو قید خانے کے تم میں سے ایک یعنی ساقی تین دن کے بعد قید خانہ سے نکلے گا سو وہ پلا دیگا شراب اپنے سردار یعنی بادشاہ کو موافق دستور سابق کے (یہ ساقی کے خواب کی تعبیر ہوئی) اور دوسرا تم میں سے سو وہ بھی نکلے گا تین دن کے بعد لیکن وہ سولی دیا جائیگا (یہ تعبیر کھانا پکانے والے کے خواب کی ہے) جب ان دونوں نے یہ تعبیریں سنیں کہنے لگے کہ ہم نے تو کچھ بھی نہیں دیکھا تھا۔ پس کہا یوسف نے کہ پورا ہو گیا حکم اس چیز کا کہ جس سے تم نے پوچھا تھا یعنی جو کچھ میں نے تعبیر تمہارے خوابوں کی بتلائی یہ ضرور ہو گی تم نے سچ کہا ہو یا جھوٹ یعنی خواب دیکھی ہو یا نہ دیکھی ہو۔

تشریح

(۴۱) خوابوں کی تعبیر | اس دلپذیر بیان کے بعد حضرت یوسف نے ان کو مشفقانہ انداز میں خطاب کرتے ہوئے ان کے خواب، کی تعبیر بتائی کہ اے میرے جیل کے ساتھیو! تمہارے خوابوں کی تعبیر یہ ہے کہ جس نے یہ خواب دیکھا ہے کہ وہ شراب پلا رہا ہے اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ بیداری میں پھر بادشاہ کو شراب پلائے گا اور قید سے رہا ہو جائیگا۔ دوسرے نے جو خواب دیکھا ہے کہ اسکے سر پر روٹیوں کا ٹوکرا ہے اور جانور روٹیاں توڑ توڑ کر کھا رہے ہیں اسکی تعبیر یہ ہے کہ اسکو سولی دی جائیگی اور جانور اسے نوچ نوچ کر کھائیں گے۔ قضا وقدر کا فیصلہ یہی ہے کہ کسی کے ٹالے ٹل نہیں سکتا جو بات تم پوچھتے تھے وہ میں نے بتلا دی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقَالَ لِلَّذِیْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِیْ عِنْدَ رَبِّكَ ۚ

وَقَالَ	لِلَّذِیْ	ظَنَّ	اَنَّهٗ	نَاجٍ	مِّنْهُمَا	اذْكُرْنِیْ	عِنْدَ	رَبِّكَ
اور کہا	اس سے جس	اس نے گمان کیا	کہ وہ	بچے گا	ان دونوں سے	میرا ذکر کرنا	پاس	اپنا مالک

اور (یوسفؑ) نے ان دونوں میں سے جس (کے متعلق) گمان کیا کہ وہ بچے گا اس سے کہا اپنے مالک کے پاس میرا ذکر کرنا

فَاَنْسٰىهُ الشَّیْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِی السِّجْنِ بِضْعَ

فَاَنْسٰىهُ	الشَّیْطٰنُ	ذِكْرَ + رَبِّهٖ	فَلَبِثَ	فِی	السِّجْنِ	بِضْعَ
پس اسکو بھلا دیا	شیطان	اپنے مالک سے ذکر کرنا	تو رہا	میں	قید	چند

پس شیطان نے اُسے بھلا دیا اپنے مالک سے اس کا ذکر کرنا، تو وہ قید میں چند برس

سِنِیْنَ ﴿۴۲﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّیْۤ اَرٰی سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ ع ۵/۱۵

سِنِیْنَ	وَ قَالَ	الْمَلِكُ	اِنِّیْۤ + اَرٰی	سَبْعَ	بَقَرٰتٍ	سِمَانٍ	یَّاْكُلُهُنَّ
برس	اور کہا	بادشاہ	کہ میں دیکھتا ہوں	سات	گائیں	موٹی تازی	وہ کھاتی ہیں

رہا۔ اور بادشاہ نے کہا کہ میں دیکھتا ہوں سات موٹی تازی گائیں، انہیں سات

سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ یٰبِسٰتٍ ؕ یٰۤاَیُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِیْ

سَبْعٌ	عِجَافٌ	وَّ سَبْعَ	سُنْۢبُلٰتٍ	خُضْرٍ	وَّ اُخَرَ	یٰبِسٰتٍ	یٰۤاَیُّهَا + الْمَلَاُ	اَفْتُوْنِیْ
سات	دُبلی پتلی	اور سات	خوشے	سبز	اور دوسرے	خشک	اے میرے سردارو	بتلاؤ مجھے تعبیر

دُبلی پتلی گائیں کھا رہی ہیں۔ اور سات سبز خوشے اور دوسرے خشک۔ اے سردارو! مجھے میرے خواب

فِیْ رُءْیَایَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْیَا تَعْبُرُوْنَ ﴿۴۳﴾

فِیْ	رُءْیَایَ	اِنْ	كُنْتُمْ	لِلرُّءْیَا	تَعْبُرُوْنَ	
میں (کی)	میرے خواب	اگر	ہو تم	خواب کی	تعبیر دینے والے	

کی تعبیر بتلاؤ اگر تم خواب کی تعبیر دینے والے ہو (تعبیر دینا جانتے ہو)

﴿۴۲﴾ وَقَالَ لِلَّذِیْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا وَهُوَ السَّاقِیْ اذْكُرْنِیْ عِنْدَ رَبِّكَ ۚ سَیِّدَكَ فَلَبِثَ فِی السِّجْنِ غُلَامًا مَحْبُوْسًا ظُلْمًا فَخَرَجَ

﴿۴۲﴾ اور ان دونوں میں سے جس کی نسبت یوسف کو یقین تھا کہ یہ چھوٹے گا یعنی ساقی اس سے کہا کہ میرا ذکر اپنے سردار سے کرنا اور یہ کہنا کہ قید خانہ میں ایک غلام بے قصور قید ہے۔ سو وہ ساقی قید خانہ سے نکلا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَاَنْسٰىهُ اَیْ اَلْسَاقِیَ الشَّیْطٰنُ ذِکْرَ یُوْسُفَ عِنْدَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ مَکَثَ یُوْسُفُ فِی السِّجْنِ بِضْعَ سِنِیْنَ ○ قِیْلَ سَبْعًا وَقِیْلَ اِثْنَیْ عَشَرَ

پس شیطان نے اسکو بھلادیا یہ امر کہ وہ یوسف کا ذکر اپنے بادشاہ سے کرے اس لئے باقی رہا یوسف قید خانہ میں چند برس (بعض نے کہا کہ سات برس اور بعض نے کہا کہ بارہ برس)

(۴۳) وَقَالَ الْمَلِکُ مَلِکُ مِصْرَ اَلرَّیَّانُ بْنُ الْوَلِیْدِ اِنِّیْ اَرٰی اَیْ رَاَیْتُ سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْکُلُهُنَّ سَبْعٌ مِّنَ الْبَقَرِ عِجَافٌ جَمْعُ عَجْفَاءَ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ اَیْ سَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ یَّابِسٰتٍ قَدْ اِلْتَوَتْ عَلَی الْخُضْرِ وَعَلَتْ عَلَیْهَا یٰٓاَیُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِیْ فِیْ رُءْیَایَ بَیِّنُوْا لِیْ تَعْبِیْرَهَا اِنْ کُنْتُمْ لِلرُّءْیَا تَعْبُرُوْنَ ○ تَعْبُرُوْهَا

(۴۳) وَقَالَ الْمَلِکُ اِنِّیْ اَرٰی سَبْعَ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْکُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ اور مصر کے بادشاہ نے کہا جس کا نام ریان تھا ولید کا بیٹا کہ بیشک میں نے خواب میں دیکھا ہے سات موٹی گائیں کہ انکو لگی گئیں سات دبلی گائیں۔ اور میں نے دیکھا سات ہرے خوشوں کو اور سات سوکھے خوشے اور ان پر غالب ہو رہے ہیں لپٹ رہے ہیں سات سوکھے خوشے

اے جماعت مجھ سے بیان کرو میرے خواب کی تعبیر اگر تم خواب کی تعبیر بہترین دینا جانتے ہو تو بیان کرو۔

تشریح

(۴۲) بادشاہ سے حقیقت حال بیان کردینا | حضرت یوسف ع نے بادشاہ کے ساقی سے جس کے خواب کی تعبیر یہ تھی کہ وہ جیل سے رہا ہو کر پھر دوبارہ بادشاہ کو شراب پلائیگا کہا کہ تم اپنے مالک سے یہ حقیقت حال بیان کرنا کہ ایک شخص اس طرح بے قصور کے اور بغیر کسی ثبوت کے جیل میں ڈال رکھا ہے اس کے جرم کی تحقیق کی جائے مگر جب وہ شخص جیل سے چھوٹ کر دوبارہ اپنی ڈیوٹی پر گیا تو شیطان نے اسے ایسا غفلت میں ڈالا کہ وہ اپنے مالک سے اس بات کا ذکر کرنا بھول گیا نتیجہ یہ کہ حضرت یوسف ع پھر سات آٹھ سال تک جیل میں پڑے رہے۔

(۴۳) شاہ مصر کا خواب | اس کے بعد یہ ہوا کہ شاہ مصر ریان بن ولید نے ایک عجیب و غریب خواب دیکھا کہ سات گائیں موٹی ہیں اور سات گائیں دبلی۔ یہ گائیں دریائے نیل سے نکلیں اور فربہ گائیں کو دبلی گائیں نے کھالیا مگر دبلی گائیں کے بدن میں کوئی فرق نہیں پڑا وہ جیسی پہلے تھیں ویسی ہی نظر آرہی تھیں۔ اور دیکھا کہ اناج کی سات سرسبز و تازہ بالیں ہیں اور ان میں اناج کی سات سوکھی ہوئی بالیں لپٹ گئیں یہاں تک کہ ہری بالیں خشک بالوں کے اندر سما گئیں۔ یہ عجیب و غریب خواب دیکھ کر شاہ مصر نے خواب کی تعبیر بتانے والوں اور دانش وروں کو بلوا کر جمع کیا اور انہیں اپنا خواب سنا کر اس کی تعبیر معلوم کی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ

قَالُوْا	اَضْغَاثُ	اَحْلَامٍ	وَمَا	نَحْنُ	بِتَاْوِيْلِ	الْاَحْلَامِ
انہوں نے کہا	پریشان	خواب	اور نہیں	ہم	تعبیر دینا	خواب (جمع)

انہوں نے کہا (یہ) پریشان خواب ہیں اور ہم (ایسے) خوابوں کی تعبیر جاننے والے نہیں

بِعٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَقَالَ الَّذِيْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ

بِعٰلِمِيْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْ	نَجَا	مِنْهُمَا	وَادَّكَرَ	بَعْدَ	اُمَّةٍ
جاننے والے	اور اس نے کہا	وہ جو	بچا	ان دو سے	اور اسے یاد آیا	بعد	ایک مدت

(نہیں جانتے) اور وہ جو ان دونوں (میں) سے بچا تھا اور اسے ایک مدت کے بعد یاد آیا

اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾ يُوْسُفُ اَيُّهَا

اَنَا	اُنَبِّئُكُمْ	بِتَاْوِيْلِهٖ	فَاَرْسِلُوْنِ	يُوْسُفُ	اَيُّهَا
میں بتلاؤں گا تمہیں	اس کی تعبیر	سو مجھے بھیج دو	اے یوسف	اے

(اس نے کہا) میں تمہیں اس کی تعبیر بتلاؤں گا سو مجھے بھیج دو، اے یوسف ؑ! اے

الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ

الصِّدِّيْقُ	اَفْتِنَا	فِيْ	سَبْعِ	بَقَرٰتٍ	سِمَانٍ	يَّاْكُلُهُنَّ
بڑے سچے	ہمیں بتا	میں	سات	گائیں	موٹی تازی	وہ کھا رہی ہیں

بڑے سچے! ہمیں (خواب کی تعبیر) بتا، سات موٹی تازی گایوں کو کھا رہی ہیں سات

سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ لَّعَلِّيْٓ

سَبْعٌ	عِجَافٌ	وَّسَبْعِ	سُنْۢبُلٰتٍ	خُضْرٍ	وَّاُخَرَ	يٰبِسٰتٍ	لَّعَلِّيْٓ
سات	دُبلی پتلی	اور سات	خوشے	سبز	اور دوسرے	خشک	تاکہ

دُبلی پتلی گائیں، اور سات خوشے سبز ہیں اور دوسرے خشک، تاکہ میں

اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۶﴾

اَرْجِعُ	اِلَى + النَّاسِ	لَعَلَّهُمْ	يَعْلَمُوْنَ
میں لوٹوں	لوگوں کی طرف (پاس)	شاید وہ	آگاہ ہوں۔

لوگوں کے پاس لوٹ کر جاؤں شاید وہ آگاہ ہوں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۴۴) قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ○

(۴۴) وہ لوگ بولے یہ جھوٹے اور پریشان خوابیں ہیں اور ایسے خوابوں کی تعبیر ہم نہیں جانتے۔

(۴۵) وَقَالَ الَّذِيْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ○

(۴۵) اور کہا ساقی نے جس نے ان دونوں غلاموں قیدیوں میں سے نجات پائی تھی اور اس کو یوسف کا حال یاد آیا بعد ایک زمانے کے کہ میں بتلاؤنگا اس خواب کی تعبیر سو مجھ کو بھیج دو یوسف کے پاس پس پہنچا وہ پاس یوسف کے اور کہا:

(۴۶) يٰٓاَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ لَّعَلِّيْٓ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُوْنَ ○

(۴۶) اے یوسف ؑ اے بہت سچے آدمی ہم کو بتلا تعبیر سات گائیں موٹی کہ ان کو سات دبلی گائے نے کھایا اور تعبیر سات ہرے خوشوں اور سات خشک خوشوں کی جو ہرے خوشوں پر لپٹے ہوئے دیکھے گئے۔ تاکہ میں اس کی تعبیر سنکر بادشاہ اور اس کے مصاحبوں کے پاس جاؤں اور ان کو خبر کروں تاکہ وہ اس کو جان لیں۔

تشریح

(۴۴) **اہل دانش خواب کی تعبیر نہیں بتا سکے** بادشاہ کے دربار میں بڑے بڑے سمجھ دار لوگ صاحب علم لوگ موجود تھے۔ مگر کوئی بھی خواب کی تعبیر نہیں بتا سکا اور ٹالنے کے لئے کہہ دیا کہ یہ تو یونہی پریشان خیالات ہیں اور ہمیں ان خوابوں کا کوئی مطلب سمجھ میں نہیں آتا۔ بادشاہ اس جواب سے مطمئن نہیں ہوا اور برابر اس کی تعبیر معلوم کرنے کے لئے بے چین رہا۔

(۴۵) **شاہی ساقی کو حضرت یوسف کی یاد آئی** حضرت یوسف کے جیل خانہ کے ساتھیوں میں سے وہ شاہی ساقی جو سزا سے بچ گیا تھا اور پھر دوبارہ وہی ڈیوٹی بجا لانے لگا تھا، اُسے یہ دیکھ کر کہ بادشاہ کے خواب کی تعبیر کوئی نہیں بتا پا رہا ہے، اُسے مدت کے بعد حضرت یوسف کی یاد آئی اور اس نے بادشاہ کو جیل کی ساری روداد سنائی اور حضرت یوسف کے متعلق بتایا کہ وہ ایک فرشتہ صفت مقدس بزرگ ہیں۔ اگر آپ مجھے قید خانے میں ان سے ملنے کی اجازت دیں تو میں ان سے اس خواب کی تعبیر معلوم کر کے آتا ہوں۔ چنانچہ شاہی ساقی کو حضرت یوسف سے ملاقات کی اجازت مل گئی۔

(۴۶) **شاہی ساقی کا حضرت یوسف ؑ سے ملنا اور خواب بیان کر کے اس کی تعبیر معلوم کرنا** چنانچہ شاہی ساقی قید خانے میں حضرت یوسف ؑ سے ملاقات کے لئے گیا، اور بڑے احترام کے ساتھ گویا ہوا کہ یوسف، اے صدق مجسم! آپ اس خواب کی تعبیر بتائیں کہ سات فربہ گائیں کو سات دُبلی گائیں کھا رہی ہیں۔ اور سات بالیں ہری ہیں، سات سوکھی ہیں سوکھی بالوں میں ہری بالیں لپٹ کر ختم ہو گئی ہیں۔ آپ اس کی تعبیر بتائیں تو میں جا کر ان لوگوں کو یہ تعبیر بتاؤں اور شاید وہ آپ کی قدر و منزلت جان لیں اور ان کو احساس ہو کہ انہوں نے کس بلند مرتبہ آدمی کو قید خانے میں ڈال رکھا ہے اور مجھے آپ سے کئے ہوئے وعدے کو پورا کرنے کا موقع مل جائے جو میں نے آپ سے جیل خانے کے زمانے میں کیا تھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ

قَالَ	تَزْرَعُوْنَ	سَبْعَ	سِنِيْنَ	دَاَبًا	فَمَا	حَصَدْتُّمْ
اس نے کہا	کھیتی باڑی کروگے	سات	سال	لگاتار	پھر جو	تم کاٹو

اس نے کہا تم سات سال لگاتار کھیتی باڑی کروگے ، پھر جو تم کاٹو

فَذَرُوْهُ فِيْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ

فَذَرُوْهُ	فِيْ	سُنْۢبُلِهٖٓ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّمَّا	تَاْكُلُوْنَ	ثُمَّ
تو اسے چھوڑ دو	میں	اس کے خوشہ	مگر	تھوڑا جتنا	سے۔جو	تم کھالو	پھر

تو اسے اس کے خوشہ میں چھوڑ دو مگر تھوڑا جتنا جو تم اس میں سے کھا لو پھر

يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا

يَاْتِيْ	مِنْۢ بَعْدِ + ذٰلِكَ	سَبْعٌ	شِدَادٌ	يَّاْكُلْنَ	مَا
آئیں گے	اس کے بعد میں	سات	سخت	کھاجائیں گے	جو

اس کے بعد آئیں گے سات سخت سال کھا جائیں گے جو تم نے ان

قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ﴿۴۸﴾ ثُمَّ

قَدَّمْتُمْ	لَهُنَّ	اِلَّا	قَلِيْلًا	مِّمَّا	تُحْصِنُوْنَ	ثُمَّ
تم نے رکھا	ان کے لئے	سوائے	تھوڑا سا	سے۔جو	تم بچاؤ گے	پھر

کے لئے (۲۔بچا) رکھا سوائے اس کے جو تم تھوڑا بچاؤ گے ۔ پھر اس کے

يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ

يَاْتِيْ	مِنْۢ بَعْدِ + ذٰلِكَ	عَامٌ	فِيْهِ	يُغَاثُ	النَّاسُ	وَفِيْهِ
آئے گا	اس کے بعد	ایک سال	اسمیں	بارش برسائی جائیگی	لوگ	اور اس میں

بعد ایک سال آئے گا اس میں لوگوں پر بارش برسائی جائے گی اور وہ اس میں

ع ۶ ۱۶

يَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ ع وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ

يَعْصِرُوْنَ	وَقَالَ	الْمَلِكُ	ائْتُوْنِيْ	بِهٖ	فَلَمَّا	جَآءَهُ
وہ نچوڑیں گے	اور کہا	بادشاہ	میرے پاس لے آؤ	اُسے	پس جب	اس کے پاس آیا

(اس) نچوڑیں گے۔ اور بادشاہ نے کہا اُسے میرے پاس لے آؤ۔ پس جب قاصد اس کے

toobaa-elibrary.blogspot.com

الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْئَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ

الرَّسُوْلُ	قَالَ	ارْجِعْ	اِلٰى	رَبِّكَ	فَسْئَلْهُ	مَا بَالُ	النِّسْوَةِ	الّٰتِيْ
قاصد	اس نے کہا	لوٹ جا	طرف (پاس)	اپنا مالک	پس اس سے پوچھو	کیا حال؟	عورتیں	وہ جو

پاس آیا تو اس نے کہا اپنے مالک کے پاس لوٹ جاؤ اور اس سے پوچھو ان عورتوں کا کیا حال ہے جنہوں

قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ۝۵۰

قَطَّعْنَ	اَيْدِيَهُنَّ	اِنَّ	رَبِّيْ	بِكَيْدِهِنَّ	عَلِيْمٌ
انہوں نے کاٹے	اپنے ہاتھ	بیشک	میرا رب	ان کا فریب	واقف

نے اپنے ہاتھ کاٹے تھے، بیشک میرا رب ان کے فریب سے خوب واقف ہے

(۴۷) قَالَ تَزْرَعُوْنَ اَیْ اُزْرَعُوْا سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا بِسُكُوْنِ الْهَمْزَةِ وَفَتْحِهَا مُتَتَابِعَةً وَهِيَ تَاْوِيْلُ السَّبْعِ السِّمَانِ فَمَا حَصَدْتُمْ فَذَرُوْهُ اُتْرُكُوْهُ فِيْ سُنْۢبُلِهٖ لِئَلَّا يَفْسُدَ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ۝ فَدُوْسُوْهُ

(۴۷) یوسف نے کہا تم سات برس متواتر کھیتی کرو گے یعنی تم ایسا کرو۔ یہ تعبیر سات موٹی گائے کی ہے سو ان سات برس میں جو تم کھیتی کرو اور اس کو کاٹو پس اس کو چھوڑ دو اپنے خوشوں میں کہ اس کو کیڑا نہ لگ جائے مگر تھوڑا غلہ بقدر اپنے کھانے کو اس کو خوشہ سے جدا کر لو۔

(۴۸) ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ اَیْ السَّبْعِ الْمُخْصِبَاتِ سَبْعٌ شِدَادٌ مُجْدِبَاتٌ صِعَابٌ وَهِيَ تَاْوِيْلُ السَّبْعِ الْعِجَافِ يَاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ مِنَ الْحَبِّ الْمَزْرُوْعِ فِي السِّنِيْنَ الْمُخْصِبَاتِ اَیْ تَاْكُلُوْنَهٗ فِيْهِنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ۝ تَدَّخِرُوْنَ

(۴۸) پھر بعد ان سات فراخ سالوں کے سات برس سخت قحط کے آویں گے (یہ تعبیر سات دُبلی گائے کی ہے) وہ ایسے سخت سال ہونگے کہ ان میں کچھ پیداوار نہ ہوگی کھالیں گے وہ برس اس غلہ کو جو تم نے پہلے سات برسوں میں تیار کر رکھا تھا یعنی تم کھالو گے ان قحط کے سالوں میں اس غلہ کو جو زرانی اور فراخی کے سالوں میں تم نے کھیتی سے حاصل کیا تھا مگر تھوڑا سا غلہ جسکو تم بیج کے واسطے ذخیرہ رکھو گے۔

(۴۹) ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ اَیْ السَّبْعِ الْمُجْدِبَاتِ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ بِالْمَطَرِ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ۝ الْاَعْنَابَ وَغَيْرَهَا لِخِصْبِهٖ

(۴۹) پھر ان سات قحط کے برسوں کے بعد ایک برس ایسا آویگا کہ اس میں آدمی بارش دیئے جائیں گے یعنی بارش مانگنے والے کی دعا قبول ہوگی اور قحط دور ہوگا اور اس سال میں آدمی انگور نچوڑینگے یعنی چونکہ بارش کے ہونے سے پیداوار خوب ہوگی اور غلہ اور میوے بکثرت ہونگے اسلئے نوبت انگوروں کے نچوڑنے اور شراب بنانے کی آویگی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۵۰) وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ الخ اور جب بادشاہ کے پاس قاصد واپس آیا اور خواب کی تعبیر سے اس کو مطلع کیا اس نے کہا کہ جس نے اس خواب کی تعبیر دی ہے اسکو میرے پاس لاؤ یعنی یوسف کو۔ پس جب آیا قاصد پاس یوسف کے اور کہا کہ چل بادشاہ کے پاس، یوسف نے اپنی برارۃ اور پاکی ظاہر کرنے کے ارادہ سے کہا کہ واپس جاؤ طرف اپنے سردار کے سو اس سے پوچھ کہ وہ سوال کرے اور تحقیق کرے کہ کیا ہے حال ان عورتوں کا کہ جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹے بیشک میرا سردار اُن کے مکر کو خوب جانتا ہے سو وہ قاصد واپس گیا اور بادشاہ کو پیام یوسف پہنچا دیا پس بادشاہ نے ان عورتوں کو جمع کر کے کہا۔

(۵۰) وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ ۚ فَلَمَّا جَاءَهُ الرَّسُولُ قَالَ ارْجِعْ إِلَىٰ رَبِّكَ فَاسْأَلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ اللَّاتِي قَطَّعْنَ أَيْدِيَهُنَّ ۚ إِنَّ رَبِّي بِكَيْدِهِنَّ عَلِيمٌ ۝ وَقَالَ مَا خَطْبُكُنَّ إِذْ رَاوَدْتُنَّ يُوسُفَ عَن نَّفْسِهِ ۚ قُلْنَ حَاشَ لِلَّهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِن سُوءٍ ۚ قَالَتِ امْرَأَتُ الْعَزِيزِ الْآنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ أَنَا رَاوَدْتُهُ عَن نَّفْسِهِ وَإِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ ۝ ذَٰلِكَ لِيَعْلَمَ أَنِّي لَمْ أَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي كَيْدَ الْخَائِنِينَ ۝ وَمَا أُبَرِّئُ نَفْسِي ۚ إِنَّ النَّفْسَ لَأَمَّارَةٌ بِالسُّوءِ إِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّي ۚ إِنَّ رَبِّي غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي ۖ فَلَمَّا كَلَّمَهُ قَالَ إِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ أَمِينٌ ۝ قَالَ اجْعَلْنِي عَلَىٰ خَزَائِنِ الْأَرْضِ ۖ إِنِّي حَفِيظٌ عَلِيمٌ ۝ وَكَذَٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي الْأَرْضِ يَتَبَوَّأُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَاءُ ۚ نُصِيبُ بِرَحْمَتِنَا مَن نَّشَاءُ ۖ وَلَا نُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ آمَنُوا وَكَانُوا يَتَّقُونَ ۝ وَجَاءَ إِخْوَةُ يُوسُفَ فَدَخَلُوا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهُ مُنكِرُونَ ۝ وَلَمَّا جَهَّزَهُم بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُونِي بِأَخٍ لَّكُم مِّنْ أَبِيكُمْ ۚ أَلَا تَرَوْنَ أَنِّي أُوفِي الْكَيْلَ وَأَنَا خَيْرُ الْمُنزِلِينَ ۝ فَإِن لَّمْ تَأْتُونِي بِهِ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِندِي وَلَا تَقْرَبُونِ ۝ قَالُوا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ أَبَاهُ وَإِنَّا لَفَاعِلُونَ ۝ وَقَالَ لِفِتْيَانِهِ اجْعَلُوا بِضَاعَتَهُمْ فِي رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُونَهَا إِذَا انقَلَبُوا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝ فَلَمَّا رَجَعُوا إِلَىٰ أَبِيهِمْ قَالُوا يَا أَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَأَرْسِلْ مَعَنَا أَخَانَا نَكْتَلْ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۝ قَالَ هَلْ آمَنُكُمْ عَلَيْهِ إِلَّا كَمَا أَمِنتُكُمْ عَلَىٰ أَخِيهِ مِن قَبْلُ ۖ فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝ وَلَمَّا فَتَحُوا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ إِلَيْهِمْ ۖ قَالُوا يَا أَبَانَا مَا نَبْغِي ۖ هَٰذِهِ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ إِلَيْنَا ۖ وَنَمِيرُ أَهْلَنَا وَنَحْفَظُ أَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيرٍ ۖ ذَٰلِكَ كَيْلٌ يَسِيرٌ ۝ قَالَ لَنْ أُرْسِلَهُ مَعَكُمْ حَتَّىٰ تُؤْتُونِ مَوْثِقًا مِّنَ اللَّهِ لَتَأْتُنَّنِي بِهِ إِلَّا أَن يُحَاطَ بِكُمْ ۖ فَلَمَّا آتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللَّهُ عَلَىٰ مَا نَقُولُ وَكِيلٌ ۝ وَقَالَ يَا بَنِيَّ لَا تَدْخُلُوا مِن بَابٍ وَاحِدٍ وَادْخُلُوا مِنْ أَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ۖ وَمَا أُغْنِي عَنكُم مِّنَ اللَّهِ مِن شَيْءٍ ۖ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُونَ ۝ وَلَمَّا دَخَلُوا مِنْ حَيْثُ أَمَرَهُمْ أَبُوهُم مَّا كَانَ يُغْنِي عَنْهُم مِّنَ اللَّهِ مِن شَيْءٍ إِلَّا حَاجَةً فِي نَفْسِ يَعْقُوبَ قَضَاهَا ۚ وَإِنَّهُ لَذُو عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنَاهُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيْهِ أَخَاهُ ۖ قَالَ إِنِّي أَنَا أَخُوكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ فَلَمَّا جَهَّزَهُم بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِي رَحْلِ أَخِيهِ ثُمَّ أَذَّنَ مُؤَذِّنٌ أَيَّتُهَا الْعِيرُ إِنَّكُمْ لَسَارِقُونَ ۝ قَالُوا وَأَقْبَلُوا عَلَيْهِم مَّاذَا تَفْقِدُونَ ۝ قَالُوا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَن جَاءَ بِهِ حِمْلُ بَعِيرٍ وَأَنَا بِهِ زَعِيمٌ ۝ قَالُوا تَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمْتُم مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْأَرْضِ وَمَا كُنَّا سَارِقِينَ ۝ قَالُوا فَمَا جَزَاؤُهُ إِن كُنتُمْ كَاذِبِينَ ۝ قَالُوا جَزَاؤُهُ مَن وُجِدَ فِي رَحْلِهِ فَهُوَ جَزَاؤُهُ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِي الظَّالِمِينَ ۝ فَبَدَأَ بِأَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَاءِ أَخِيهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِن وِعَاءِ أَخِيهِ ۚ كَذَٰلِكَ كِدْنَا لِيُوسُفَ ۖ مَا كَانَ لِيَأْخُذَ أَخَاهُ فِي دِينِ الْمَلِكِ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ ۚ نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّن نَّشَاءُ ۗ وَفَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ ۝ قَالُوا إِن يَسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ أَخٌ لَّهُ مِن قَبْلُ ۚ فَأَسَرَّهَا يُوسُفُ فِي نَفْسِهِ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ أَنتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۖ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَصِفُونَ ۝ قَالُوا يَا أَيُّهَا الْعَزِيزُ إِنَّ لَهُ أَبًا شَيْخًا كَبِيرًا فَخُذْ أَحَدَنَا مَكَانَهُ ۖ إِنَّا نَرَاكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ۝ قَالَ مَعَاذَ اللَّهِ أَن نَّأْخُذَ إِلَّا مَن وَجَدْنَا مَتَاعَنَا عِندَهُ ۙ إِنَّا إِذًا لَّظَالِمُونَ ۝ فَلَمَّا اسْتَيْأَسُوا مِنْهُ خَلَصُوا نَجِيًّا ۖ قَالَ كَبِيرُهُمْ أَلَمْ تَعْلَمُوا أَنَّ أَبَاكُمْ قَدْ أَخَذَ عَلَيْكُم مَّوْثِقًا مِّنَ اللَّهِ وَمِن قَبْلُ مَا فَرَّطتُمْ فِي يُوسُفَ ۖ فَلَنْ أَبْرَحَ الْأَرْضَ حَتَّىٰ يَأْذَنَ لِي أَبِي أَوْ يَحْكُمَ اللَّهُ لِي ۖ وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ ۝ ارْجِعُوا إِلَىٰ أَبِيكُمْ فَقُولُوا يَا أَبَانَا إِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۖ وَمَا شَهِدْنَا إِلَّا بِمَا عَلِمْنَا ۖ وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حَافِظِينَ ۝ وَاسْأَلِ الْقَرْيَةَ الَّتِي كُنَّا فِيهَا وَالْعِيرَ الَّتِي أَقْبَلْنَا فِيهَا ۖ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ۝ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنفُسُكُمْ أَمْرًا ۖ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ عَسَى اللَّهُ أَن يَأْتِيَنِي بِهِمْ جَمِيعًا ۚ إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ۝ وَتَوَلَّىٰ عَنْهُمْ وَقَالَ يَا أَسَفَىٰ عَلَىٰ يُوسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيمٌ ۝ قَالُوا تَاللَّهِ تَفْتَأُ تَذْكُرُ يُوسُفَ حَتَّىٰ تَكُونَ حَرَضًا أَوْ تَكُونَ مِنَ الْهَالِكِينَ ۝ قَالَ إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللَّهِ وَأَعْلَمُ مِنَ اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ يَا بَنِيَّ اذْهَبُوا فَتَحَسَّسُوا مِن يُوسُفَ وَأَخِيهِ وَلَا تَيْأَسُوا مِن رَّوْحِ اللَّهِ ۖ إِنَّهُ لَا يَيْأَسُ مِن رَّوْحِ اللَّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْكَافِرُونَ ۝ فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَيْهِ قَالُوا يَا أَيُّهَا الْعَزِيزُ مَسَّنَا وَأَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجَاةٍ فَأَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۖ إِنَّ اللَّهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِينَ ۝ قَالَ هَلْ عَلِمْتُم مَّا فَعَلْتُم بِيُوسُفَ وَأَخِيهِ إِذْ أَنتُمْ جَاهِلُونَ ۝ قَالُوا أَإِنَّكَ لَأَنتَ يُوسُفُ ۖ قَالَ أَنَا يُوسُفُ وَهَٰذَا أَخِي ۖ قَدْ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْنَا ۖ إِنَّهُ مَن يَتَّقِ وَيَصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ۝ قَالُوا تَاللَّهِ لَقَدْ آثَرَكَ اللَّهُ عَلَيْنَا وَإِن كُنَّا لَخَاطِئِينَ ۝ قَالَ لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۖ يَغْفِرُ اللَّهُ لَكُمْ ۖ وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝ اذْهَبُوا بِقَمِيصِي هَٰذَا فَأَلْقُوهُ عَلَىٰ وَجْهِ أَبِي يَأْتِ بَصِيرًا ۖ وَأْتُونِي بِأَهْلِكُمْ أَجْمَعِينَ ۝ وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيرُ قَالَ أَبُوهُمْ إِنِّي لَأَجِدُ رِيحَ يُوسُفَ ۖ لَوْلَا أَن تُفَنِّدُونِ ۝ قَالُوا تَاللَّهِ إِنَّكَ لَفِي ضَلَالِكَ الْقَدِيمِ ۝ فَلَمَّا أَن جَاءَ الْبَشِيرُ أَلْقَاهُ عَلَىٰ وَجْهِهِ فَارْتَدَّ بَصِيرًا ۖ قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكُمْ إِنِّي أَعْلَمُ مِنَ اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ قَالُوا يَا أَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا إِنَّا كُنَّا خَاطِئِينَ ۝ قَالَ سَوْفَ أَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّي ۖ إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝ فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيْهِ أَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوا مِصْرَ إِن شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ ۝ وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوا لَهُ سُجَّدًا ۖ وَقَالَ يَا أَبَتِ هَٰذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ مِن قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّي حَقًّا ۖ وَقَدْ أَحْسَنَ بِي إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ وَجَاءَ بِكُم مِّنَ الْبَدْوِ مِن بَعْدِ أَن نَّزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَبَيْنَ إِخْوَتِي ۚ إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِّمَا يَشَاءُ ۚ إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ۝ رَبِّ قَدْ آتَيْتَنِي مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِي مِن تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ ۚ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ أَنتَ وَلِيِّي فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ تَوَفَّنِي مُسْلِمًا وَأَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ ۝ ذَٰلِكَ مِنْ أَنبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ ۖ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ أَجْمَعُوا أَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُونَ ۝ وَمَا أَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِينَ ۝ وَمَا تَسْأَلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ ۚ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ۝ وَكَأَيِّن مِّن آيَةٍ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَمُرُّونَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُونَ ۝ وَمَا يُؤْمِنُ أَكْثَرُهُم بِاللَّهِ إِلَّا وَهُم مُّشْرِكُونَ ۝ أَفَأَمِنُوا أَن تَأْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللَّهِ أَوْ تَأْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝ قُلْ هَٰذِهِ سَبِيلِي أَدْعُو إِلَى اللَّهِ ۚ عَلَىٰ بَصِيرَةٍ أَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِي ۖ وَسُبْحَانَ اللَّهِ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ إِلَّا رِجَالًا نُّوحِي إِلَيْهِم مِّنْ أَهْلِ الْقُرَىٰ ۗ أَفَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۗ وَلَدَارُ الْآخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ اتَّقَوْا ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ حَتَّىٰ إِذَا اسْتَيْأَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوا أَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوا جَاءَهُمْ نَصْرُنَا فَنُجِّيَ مَن نَّشَاءُ ۖ وَلَا يُرَدُّ بَأْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِينَ ۝ لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ۗ مَا كَانَ حَدِيثًا يُفْتَرَىٰ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيلَ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝

تشریح

(۴۷) حضرت یوسف خواب کی تعبیر بتاتے ہیں | حضرت یوسف نے یہ خواب سن کر اس کو تعبیر بتانی شروع کی۔ نہ کوئی شکوہ کیا نہ شرط لگائی نہ اس شخص کو شرمندہ کیا بلکہ بڑے اخلاق اور مروت کے ساتھ نہ صرف تعبیر بتائی بلکہ مشکلات سے بچنے کا راستہ بھی بتایا۔ حضرت یوسف نے کہا تمہارے خواب کی تعبیر یہ ہے کہ تم سات سال تک خوب لگاتار کھیتی باڑی کرو گے اس میں خوب پیداوار ہوگی۔ اب تم یہ کرو کہ ان سات سالوں میں جو پیداوار ہو اسکو کھانے کے بقدر استعمال کر کے باقی بالوں میں ہی رہنے دو۔ بالوں میں رہنے سے تمہارا اناج محفوظ رہے گا۔

(۴۸) خواب کے مطابق سات سال مشکلات کے آئیں گے | حضرت یوسف نے بتایا کہ خوشحالی کے سات سالوں کے بعد پھر سات سال بہت مشکل کے آئینگے قحط سالی ہوگی پیداوار نہیں ہوگی پچھلے سات سالوں میں جو تم جمع کرو گے اس زمانے میں وہی غلہ تمہارے کام آئیگا کیونکہ پیداوار بہت تھوڑی سی ہوگی۔

(۴۹) ایک سال پھر خوشحالی کا آئیگا | حضرت یوسف نے بتایا کہ تنگی کے سات سالوں کے بعد پھر ایک سال ایسا آئیگا جس میں خوب رحمت کی بارش ہوگی اور رحمت کی بارش سے لوگوں کی فریادرسی کی جائیگی اور اتنی پیداوار ہوگی کہ تیل دینے والے بیجوں میں تیل اور رس دینے والے پھلوں میں رس اور دودھ دینے والے جانوروں کے تھنوں میں دودھ بھر جائے گا اور لوگ انہیں نچوڑیں گے۔

(۵۰) شاہ مصر کی طرف سے حضرت یوسف کو بلاوہ۔ اور حضرت یوسف کا جیل سے نکلنے سے انکار | شاہ مصر کے سامنے جب خواب کی ایسی واضح تعبیر اور نہ صرف تعبیر بلکہ پیش آمدہ حالات سے نمٹنے کی تدبیر، یہ سب بیان کی گئیں تو بادشاہ حضرت یوسف کے علم وفہم اور تدبر سے بڑا متاثر ہوا اور اس نے قاصد کو بھیجا کہ یوسف کو میرے پاس لے کر آؤ جب قاصد یوسف کے پاس شاہ مصر کا پیغام لے کر آیا تو حضرت یوسف نے کہا کہ پہلے اپنے بادشاہ سے جا کر یہ پوچھو کہ ان عورتوں کا کیا معاملہ ہے جنھوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لئے تھے۔ میرا پروردگار تو انکی فریب کاری کو خوب جانتا ہے۔ حضرت یوسف کے الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ شاہ مصر کو اس پورے واقعہ کا علم تھا اور اس کے لئے صرف ایک اشارہ ہی کر دینا کافی تھا۔ حضرت یوسف کی شرافت نفس کی مثال دیکھئے کہ وہ عزیز مصر کی بیوی کا ذکر نہیں کرتے کیونکہ اس کا شوہر ان کا محسن تھا بلکہ صرف ہاتھ کاٹنے والی عورتوں کا ذکر کرتے ہیں اور یہ بھی بتا دیتے ہیں کہ میرے پروردگار کو میری بیگناہی کا حال معلوم ہے مگر تیرے آقا کو بھی اس معاملے کی تحقیق کرنی چاہیئے جس کی وجہ سے میں جیل میں ڈالا گیا تھا کیونکہ میں اپنے دامن پر شک کا کوئی داغ لے کر باہر آنا نہیں چاہتا مجھے رہا کرنا ہے تو برسر عام یہ ثابت ہونا چاہیئے کہ میں بے قصور تھا اور تمہاری سلطنت کے کارپردازوں نے اپنی بیگمات کی بداطواری کو چھپانے کے لئے مجھے جیل میں ڈالا تھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ إِذْ رَاوَدْتُنَّ يُوسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ قُلْنَ

قَالَ	مَا خَطْبُكُنَّ	إِذْ	رَاوَدْتُنَّ	يُوسُفَ	عَنْ	نَّفْسِهٖ	قُلْنَ
اس نے کہا	کیا حال تھا تمہارا	جب	تم نے پھسلایا	یوسف ؑ	سے	اس کا نفس	وہ بولیں

بادشاہ نے (ان عورتوں سے) کہا تمہارا کیا حال (واقعی) تھا جب تم نے یوسف ؑ کو اس کے نفس (کی حفاظت) سے پھسلایا۔ وہ بولیں

حَاشَا لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْۗءٍ ۭ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ

حَاشَا	لِلّٰهِ	مَا عَلِمْنَا	عَلَيْهِ	مِنْ + سُوْۗءٍ	قَالَتِ	امْرَاَتُ	الْعَزِيْزِ
پناہ	بخدا	نہیں ہم نے معلوم کی	اس پر (میں)	کوئی برائی	بولی	عورت	عزیز

پناہ بخدا! ہم نے اس میں کوئی برائی نہیں معلوم کی (نہیں پائی) عزیز (مصر) کی عورت بولی،

الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ۡ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ

الْـٰٔنَ	حَصْحَصَ	الْحَقُّ	اَنَا	رَاوَدْتُّهٗ	عَنْ	نَّفْسِهٖ	وَاِنَّهٗ	لَمِنَ
اب	ظاہر ہو گئی	حقیقت	میں	اسے پھسلایا	سے	اس کا نفس	اور وہ بیشک	البتہ سے

اب حقیقت ظاہر ہو گئی ہے، میں نے (ہی) اسے اس کے نفس کی حفاظت سے پھسلایا اور وہ بیشک

الصّٰدِقِيْنَ ﴿۵۱﴾ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّىْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ

الصّٰدِقِيْنَ	ذٰلِكَ	لِيَعْلَمَ	اَنِّىْ	لَمْ + اَخُنْهُ	بِالْغَيْبِ
سچے	یہ	تاکہ وہ جان لے	بیشک میں	نہیں اسکی خیانت کی	پیٹھ پیچھے

سچوں میں سے ہے (سچا ہے)۔ (یوسف ؑ نے کہا) یہ (اسلئے تھا) تاکہ وہ جان لے کہ میں نے پیٹھ پیچھے اسکی خیانت نہیں کی۔

وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَاۗىِٕنِيْنَ ﴿۵۲﴾

وَاَنَّ + اللّٰهَ	لَا يَهْدِيْ	كَيْدَ	الْخَاۗىِٕنِيْنَ
اور بیشک اللہ	نہیں چلنے دیتا	فریب	دغا باز (جمع)

اور بیشک اللہ چلنے نہیں دیتا دغا بازوں کا فریب۔

﴿۵۱﴾ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ شَانُكُنَّ إِذْ رَاوَدْتُنَّ يُوسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ هَلْ وَجَدْتُنَّ مِنْهُ مَيْلًا اِلَّكِنَّ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْۗءٍ ۭ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ

﴿۵۱﴾ کیا ہے حال تمہارا جبکہ تم نے یوسف کو بہکا کر اس سے فعل بد کو طلب کیا کیا تم نے اسکی طرف سے کوئی رغبت اور توجہ اپنی طرف دیکھی وہ سب کہنے لگیں کہ پاکی ہے اللہ کے واسطے ہم نے یوسف کی کوئی بدی نہیں جانی اور اسمیں کوئی برائی نہیں پائی۔ عزیز مصر کی عورت زلیخا نے کہا۔ اب سچی بات ظاہر

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْـٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ۫ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ○ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَآئِنِيْنَ ○ وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ۚ اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ○ قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ○ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ۚ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ○ وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ○ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ○ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ○ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ○ وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ○ فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ○ قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ۭ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۠ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ۭ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ۭ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ۭ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ○ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّآ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰي مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ○ وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ۭ وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ○ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ۭ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ۭ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰي يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ○ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا تَفْقِدُوْنَ ○ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ○ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ○ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ○ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ○ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ۭ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ۭ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ۭ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ○ قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۭ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ○ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ○ فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ۭ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْٓ اَبِيْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ○ ارْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ○ وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ○ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ○ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰٓاَسَفٰى عَلٰي يُوْسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ○ قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ○ قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ○ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ○ قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ○ قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ۭ قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ ۡ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ۭ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِـِٕيْنَ ○ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۭ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۡ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰي وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ○ وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ اِنَّ اَبُوْهُمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ ۭ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ○ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ○ فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰي وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ○ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰي يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ○ وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰٓاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۡ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۭ وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْٓ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَآءُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ○ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۭ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ○ وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ○ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ○ وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ○ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ○ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ○ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۭ عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ۭ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○ حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ۭ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ○ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۭ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○

(۵۱) اب سچ کھل گیا میں نے ہی اس کو بہکانا چاہا تھا اور اس سے خواہش زنا کی تھی اور بلاشبہ وہ اس بات میں سچا ہے کہ اس نے ارادہ بدی کا نہیں کیا میں نے ہی اس کو بہکانا چاہا۔ سو یوسف کو یہ خبر پہنچائی گئی۔ اس نے کہا۔

(۵۲) کہ میں نے اپنی برأت اس لئے چاہی کہ عزیز مصر کو معلوم ہو جائے کہ بیشک میں نے اس کے پیچھے اس کے گھر میں خیانت نہیں کی اور بے شبہ اللہ خیانت کرنے والوں کا مکر راست نہیں لاتا پھر یوسف نے اللہ کے سامنے تواضع کی اور کہا۔

تشریح

(۵۱) شاہ مصر کے سامنے مصر کی خواتین اور زلیخا کی حضرت یوسف کی پاک دامنی پر گواہی

شاہ مصر نے جب ان خواتین سے ہاتھ کاٹنے کے واقعہ کے متعلق دریافت کیا تو سب نے بیک زبان کہا کہ حاشا للہ ہم نے تو ان میں بدی کا کوئی شائبہ تک نہیں پایا، عزیز کی بیوی بول اٹھی اب حق کھل چکا ہے، دودھ کا دودھ، پانی کا پانی ہو چکا ہے۔ بیشک یوسف بالکل سچے اور پاک دامن ہیں۔ میں ہی تھی جس نے ان کو اپنی طرف راغب کرنے اور پھسلانے کی کوشش کی تھی۔

ایک طرف تو شاہ مصر حضرت یوسف کی معاملہ فہمی اور علم و دانش سے متاثر ہو چکا تھا۔ دوسری انکی پاکیزگی اور بلند کرداری اس کے سامنے تھی۔ اب فضا ہر طرح سے حضرت یوسف کے حق میں سازگار ہو چکی تھی۔ ہر طرف ان کے اخلاق و کردار کی بلندی اور فہم و دانش کے چرچے تھے۔

(۵۲) حضرت یوسف کی عالی ظرفی

حضرت یوسف کو جب جیل میں شاہ مصر کی اس تحقیق اور خواتین کے اعتراف جرم کی خبر ملی تو انھوں نے ایک عالی ظرف انسان کی طرح فرمایا کہ میرا مقصد کسی کو رسوا کرنا تھا بلکہ میرا مقصد یہ تھا کہ عزیز یہ جان لیں کہ میں نے در پردہ کوئی خیانت نہیں کی تھی۔ جو لوگ خیانت کرتے ہیں ان کو اللہ تعالیٰ کامیابی کی راہ پر نہیں لگاتا۔ اب انکی پیغمبرانہ عصمت و دیانت بالکل آشکارا ہو چکی تھی۔

الحمد للہ پارہ ۱۲ ۲۹ رمضان المبارک ۱۴۲۶ھ مطابق ۳ نومبر ۲۰۰۵ء شب عید و شب جمعہ میں مکمل ہو گیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ

وَ	مَآ اُبَرِّئُ	نَفْسِيْ	اِنَّ	النَّفْسَ	لَاَمَّارَةٌ	بِالسُّوْٓءِ	اِلَّا	مَا رَحِمَ	رَبِّيْ
اور	پاک بے قصور نہیں کہتا	اپنا نفس	بیشک	نفس	بکھانے والا	برائی	مگر	جس پر رحم کیا	میرا رب

اور میں اپنے نفس کو پاک نہیں کہتا، بیشک نفس بُرائی سکھانے والا ہے، مگر جس پر میرے رب نے رحم کیا،

اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۳﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ

اِنَّ	رَبِّيْ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَقَالَ	الْمَلِكُ	ائْتُوْنِيْ	بِهٖٓ	اَسْتَخْلِصْهُ	لِنَفْسِيْ
بیشک	میرا رب	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور کہا	بادشاہ	لے آؤ میرے پاس	اسکو	اسکو خاص کروں	اپنی ذات کیلئے

بیشک میرا رب بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور بادشاہ نے کہا اسے میرے پاس لے آؤ کہ (اسے) اپنی خدمت کیلئے خاص

فَلَمَّا كَلَّمَهٗ قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ اَمِيْنٌ ﴿۵۴﴾ قَالَ

فَلَمَّا	كَلَّمَهٗ	قَالَ	اِنَّكَ	الْيَوْمَ	لَدَيْنَا	مَكِيْنٌ	اَمِيْنٌ	قَالَ
پھر جب	اس سے بات کی	اس نے کہا	بیشک تم	آج	ہمارے پاس	باوقار	امین	کہا

کردوں۔ پھر جب (بادشاہ نے) اس سے بات کی کہا بیشک تم آج ہمارے پاس باوقار، امین (صاحب اعتبار) ہو۔ اس نے کہا

اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ الْاَرْضِ ۚ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ﴿۵۵﴾

اجْعَلْنِيْ	عَلٰى	خَزَآئِنِ	الْاَرْضِ	اِنِّيْ	حَفِيْظٌ	عَلِيْمٌ
مجھے کردے	پر	خزانے	زمین (ملک)	بیشک میں	حفاظت کرنیوالا	علم والا

مجھے (مقرر) کردے (ملک کے) خزانوں پر، بیشک میں حفاظت کرنے والا، علم والا ہوں۔

وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ۚ اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

﴿۵۳﴾ ثُمَّ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ فَقَالَ وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ مِنَ الزَّلَلِ اِنَّ النَّفْسَ الْجِنْسَ لَاَمَّارَةٌ كَثِيْرَةَ الْاَمْرِ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا بِمَعْنٰى مَنْ رَحِمَ رَبِّيْ فَعَصَمَهٗ ۚ اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

﴿۵۳﴾ پھر یوسف نے اللہ کے سامنے خسر نفسی اور تواضع کر کے کہا اور نہیں بری کرتا ہوں میں اپنی جان کو لغزش اور خطا سے بیشک ہر ایک جان بالضرور بہت حکم کرنے والی ہے ساتھ برائی اور گناہوں کے مگر وہ شخص کہ جس پر اللہ رحم فرماوے کہ اسکو گناہوں سے بچاوے اور محفوظ رکھے بلاشبہ میرا رب بخشنے والا مہربان ہے

﴿۵۴﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ اَجْعَلُهٗ خَالِصًا لِيْ دُوْنَ شَرِيْكٍ فَجَآءَهُ الرَّسُوْلُ وَقَالَ اَجِبِ الْمَلِكَ فَقَامَ وَدَعَ اَهْلَ السِّجْنِ وَدَعَا لَهُمْ ثُمَّ اغْتَسَلَ وَلَبِسَ ثِيَابًا

﴿۵۴﴾ بادشاہ نے کہا یوسف کو میرے پاس لاؤ کہ میں اس کو اپنے لئے خاص کروں بدون شرکت غیر کے۔ سو آیا یوسف کے پاس قاصد اور کہا کہ بادشاہ تم کو بلاتا ہے اس حکم کو قبول کر سو یوسف کھڑا ہوا اور قید خانہ والوں کو رخصت کیا اور انکے واسطے دعا کی پھر غسل کیا اور اچھے کپڑے پہنے

toobaa-elibrary.blogspot.com

حِسَانًا وَدَخَلَ عَلَيْهِ فَلَمَّا كَلَّمَهُ قَالَ لَهُ إِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ أَمِينٌ ○ ذُو مَكَانَةٍ وَأَمَانَةٍ عَلَى أَمْرِنَا فَمَا ذَا تَرَى أَنْ نَفْعَلَ قَالَ اجْمَعِ الطَّعَامَ وَازْرَعْ زَرْعًا كَثِيرًا فِي هٰذِهِ السِّنِينَ الْمُخْصِبَةِ وَادْخِرِ الطَّعَامَ فِي سُنْبُلِهِ فَيَأْتِي إِلَيْكَ الْخَلْقُ لِيَمْتَارُوا مِنْكَ فَقَالَ مَنْ لِي بِهٰذَا

(۵۵) قَالَ يُوسُفُ اجْعَلْنِي عَلَى خَزَائِنِ الْأَرْضِ أَرْضِ مِصْرَ إِنِّي حَفِيظٌ عَلِيمٌ ○ ذُو حِفْظٍ وَعِلْمٍ بِأَمْرِهَا وَقِيلَ كَاتِبٌ وَحَاسِبٌ

اور بادشاہ کے پاس آیا۔ فَلَمَّا كَلَّمَهُ قَالَ إِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِينٌ أَمِينٌ پس جب یوسفؑ کی گفتگو بادشاہ سے ہوئی بادشاہ نے اس سے کہا کہ بیشک اب تو ہمارے نزدیک عزت و مرتبہ والا اور امانت دار ہے جو کچھ تو ہمکو حکم کریگا ہم تجھکو اسمیں امانت والا سمجھیں گے خیانت کا شبہ تیری طرف نہیں سو تیری کیا رائے ہے کیا کیا جاوے یوسفؑ نے کہا کھانا اکٹھا کر اور ان برسوں میں جنمیں فراخی اور کثرت بارش کی ہوگی خوب کھیتی کر اور غلہ کو جمع رکھ اس کے خوشوں میں کہ تمام مخلوق تیرے پاس کھانا لینے آوے گی پس کہا بادشاہ نے کہ اس کا انتظام کرے

(۵۵) یوسفؑ نے کہا کہ زمین مصر کے خزانوں پر مجھ کو متعین کر دے بیشک میں ان کا نگہبان رہونگا اور اسکے انتظام کو میں خوب جانتا ہوں اور بعض نے کہا کہ مراد یہ ہے کہ میں لکھنے والا اور حساب داں ہوں

تشریح

(۵۳) حضرت یوسف کی طرف سے اپنی بشری عاجزی کا اعتراف | حضرت یوسفؑ نے نہایت انکساری اور عاجزی کے ساتھ اظہار کیا کہ میری برأت کو کوئی فخر و ناز نہ سمجھا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے اگر مجھے اس گناہ سے محفوظ رکھا تو یہ صرف اسکی رحمت کا کرشمہ ہے ورنہ نفس میرے پاس بھی ہے اور نفس کی جبلت میں یہ بات داخل ہے کہ وہ برائی کی ترغیب دیتا رہتا ہے، الا یہ کہ اللہ کی توفیق شامل حال ہو اور وہ اپنی مہربانی سے نفس امارہ کو نفس مطمئنہ کے درجے تک پہنچا دے اگر اللہ کی توفیق شامل نہ ہوتی اور میں اسکے دامن رحمت میں پناہ نہ لیتا تو کچھ بھی ہو سکتا تھا بیشک میرا رب بڑا غفور و رحیم ہے۔

(۵۴) شاہ مصر کی پیش کش | معاملے کی تحقیق کے بعد یہ ثابت ہو چکا تھا کہ حضرت یوسفؑ کا دامن بے داغ ہے خواتین مصر کی تمام ترغیبات کے باوجود حضرت یوسفؑ ذرا بھی نہیں ڈگمگائے انکے بلند کردار سے شاہ مصر بڑا متاثر ہوا اور حکم دیا کہ یوسف کو جیل سے باہر نکال کر میرے پاس لایا جائے اب وہ میرے مشیر خاص ہونگے۔ حضرت یوسفؑ جیل سے باہر آکر بادشاہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے براہ راست گفتگو کی۔ براہ راست گفتگو کرنے کے بعد بادشاہ کی نگاہوں میں حضرت یوسف کا مقام اور بلند ہو گیا اور اس نے کہا کہ آپ ہمارے نزدیک بڑی قدر و منزلت رکھتے ہیں ہمیں آپکی امانت پر پورا بھروسہ ہے۔ یہ کھلا اشارہ تھا کہ آپکو ہر طرح کی ذمہ داری سونپی جا سکتی ہے۔ اس جملے سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ حضرت یوسف اور شاہ مصر کے درمیان ملک مصر کے حالات اور قحط کے اندیشے کا ذکر آیا ہوگا اور ان تمام حالات کے پیش نظر بادشاہ کی طرف سے انتظام سنبھالنے کی پیش کش ہوئی۔

(۵۵) حضرت یوسفؑ نے بادشاہ کی پیش کش کو قبول کر لیا | حضرت یوسفؑ اللہ کے پیغمبر تھے اور پیغمبر کا کام یہ ہوتا ہے کہ وہ اللہ کے دین کی لوگوں کو دعوت دیکر ان کی زندگیوں میں انقلاب برپا کر دے۔ عزیز مصر کے یہاں قیام سے لیکر مصر کے قید خانے تک حضرت یوسفؑ کی زندگی کا ہر لمحہ اسی ذمہ داری کو پورا کرنے میں لگی تھی ان کے کردار کی بلندی ان کی امانت داری ان کی راست بازی ان کی معاملہ فہمی انکی شخصیت کے ایسے اوصاف تھے جو اچھی طرح لوگوں کے سامنے آچکے تھے۔ ایک مکمل دینی انقلاب کے لئے بس ایک آخری ضرب کی ضرورت تھی اور اب وہ وقت آپہنچا تھا کہ حضرت یوسفؑ بادشاہ کی پیش کش کو قبول کر کے اللہ کی زمین میں اللہ تعالیٰ کے احکام جاری کریں اور عدل و انصاف پھیلانے کی اور حق کو قائم کرنے کی وہ خدمت انجام دیں جسکے لئے اللہ تعالیٰ اپنے پیغمبروں کو مامور کرتا ہے۔ انہوں نے آگے بڑھ کر شاہ مصر کی پیش کش کو قبول کر لیا اور سلطنت کے مکمل اختیارات طلب کرتے ہوئے کہا کہ میں سلطنت کی حفاظت کرنے والا بھی ہوں اور نظام کو چلانے کے لئے جس علم کی ضرورت ہے وہ بھی مجھے حاصل ہے اسطرح حضرت یوسفؑ مصر کے سیاہ و سفید کے مالک ہو گئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ؕ

وَكَذٰلِكَ	مَكَّنَّا	لِيُوْسُفَ	فِي الْاَرْضِ	يَتَبَوَّاُ	مِنْهَا	حَيْثُ	يَشَآءُ ؕ
اور اسی طرح	ہم نے قدرت دی	یوسفؑ کو	زمین میں (ملک پر)	وہ رہتے	اس (میں)	جہاں	چاہتے

اور اسی طرح ہم نے یوسفؑ کو ملک پر قدرت دی وہ اس میں جہاں چاہتے رہتے

نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾

نُصِيْبُ	بِرَحْمَتِنَا	مَنْ نَّشَآءُ	وَلَا نُضِيْعُ	اَجْرَ	الْمُحْسِنِيْنَ
ہم پہنچا دیتے ہیں	اپنی رحمت	جس کو ہم چاہتے ہیں	اور ہم ضائع نہیں کرتے	اجر	نیکی کرنے والے

ہم جس کو چاہتے ہیں اپنی رحمت پہنچا دیتے ہیں اور ہم بدلہ ضائع نہیں کرتے نیکی کرنے والوں کا

﴿۵۶﴾ وَكَذٰلِكَ كَانْعَمْنَا عَلَيْهِ بِالْخَلَاصِ مِنَ السِّجْنِ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ۚ اَرْضِ مِصْرَ يَتَبَوَّاُ يَنْزِلُ مِنْهَا حَيْثُ يَشَآءُ ؕ بَعْدَ الضِّيْقِ وَالْحَبْسِ وَفِي الْقِصَّةِ اَنَّ الْمَلِكَ تَوَجَّهَ وَخَتَمَهٗ وَوَلَّاهُ مَكَانَ الْعَزِيْزِ وَعَزَلَهٗ وَمَاتَ بَعْدُ فَتَزَوَّجَهٗ امْرَاَتُهٗ رُعَيْلٰى فَوَجَدَهَا عَذْرَاءَ وَوَلَدَتْ لَهٗ وَلَدَيْنِ وَاَقَامَ الْعَدْلَ بِمِصْرَ وَدَانَتْ لَهُ الرِّقَابُ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

﴿۵۶﴾ اور جس طرح ہم نے یوسف پر انعام کیا کہ اسکو قید خانہ سے نجات دی اسی طرح ہم نے اس کو مصر کی زمین میں غلبہ اور ٹھکانا دیا کہ اس جہاں چاہے اُترے اور رہے یعنی اس تنگی اور قید کے بعد جو یوسف کو پیش آئی ہم نے اس کو ایسا مرتبہ دیا کہ زمین مصر کا اختیار اس کو دیدیا۔ قصہ میں ہے کہ مصر کے بادشاہ نے یوسفؑ کے سر پر تاج رکھا اور اپنی مُہر اس کو دی اور عزیز کو معزول کر کے اسکی جگہ یوسف کو والی بنایا اور عزیز مصر اسکے بعد مر گیا۔ سو بادشاہ نے اسکی بی بی زلیخا سے یوسفؑ کا نکاح کر دیا پس یوسف نے اسکو باکرہ پایا اور زلیخا سے یوسف کے دو بیٹے پیدا ہوئے افرائیم اور میشا ئیم اور اس نے مصر میں خوب انصاف کیا اور تمام آدمی اسکے فرمانبردار اور اس کے سامنے ذلیل ہو گئے۔ ہم اپنی رحمت جس کو چاہتے ہیں پہنچاتے ہیں اور بھلائی کرنیوالوں کا ثواب ہم ضائع نہیں کرتے۔

تشریح

﴿۵۶﴾ **حضرت یوسف کا ہمہ گیر اقتدار** اب شاہِ مصر کا اقتدار برائے نام تھا تمام امور سلطنت حضرت یوسف کے قبضے میں تھے انہیں کسی فیصلے کے لئے فرعون سے اجازت حاصل کرنے کی ضرورت نہ تھی بلکہ خود شاہ مصر اپنے آپ کو بھی حضرت یوسف کا تابع فرمان سمجھتا تھا قاضی ثناء اللہ پانی پتی تفسیر مظہری میں لکھتے ہیں کہ ایک بار شاہِ مصر نے ان سے کہا کہ اَلرَّاْیُ رَاْیُكَ وَنَحْنُ لَكَ تَبَعٌ (جلد ۵ ص ۱۷۵) (اصل رائے تو تمہاری ہے اور ہم سب تمہارے تابع فرمان ہیں) ـــ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اس طرح ہم نے اس سرزمین میں یوسفؑ کے لئے اقتدار کا راستہ کھول دیا وہ مختار تھا جہاں چاہے اپنی جگہ بنا سکتا تھا یہ حضرت یوسفؑ کے ہمہ گیر اقتدار کا اظہار ہے۔ علامہ ابن جریر طبری تفسیر طبری میں حضرت مجاہد کا یہ قول نقل کرتے ہیں کہ شاہِ مصر نے حضرت یوسفؑ کے ہاتھ پر اسلام قبول کر لیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ہم اسی طرح جس کو چاہتے ہیں اپنی رحمت سے نوازتے ہیں نیک لوگوں کا اجر ہمارے یہاں ضائع نہیں ہوتا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ع وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۷﴾

وَ	لَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ	خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَ + كَانُوْا	يَتَّقُوْنَ
اور	آخرت کا بدلہ	بہتر	ان کیلئے جو	ایمان لائے	اور تھے	پرہیزگاری کرتے

اور جو ایمان لائے اور پرہیزگاری کرتے رہے ان کے لئے آخرت کا بدلہ بہتر ہے۔

وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ

وَجَآءَ	اِخْوَةُ	يُوْسُفَ	فَدَخَلُوْا	عَلَيْهِ	فَعَرَفَهُمْ	وَهُمْ	لَهٗ
اور آئے	بھائی	یوسف	پس وہ داخل ہوئے	اسکے پاس	تو اس نے انہیں پہچان لیا	اور وہ	اس کو

اور یوسفؑ کے بھائی آئے، پس وہ اس کے پاس داخل ہوئے، تو اُس نے انہیں پہچان لیا اور وہ اسکو

مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۸﴾ وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ

مُنْكِرُوْنَ	وَلَمَّا	جَهَّزَهُمْ	بِجَهَازِهِمْ	قَالَ	ائْتُوْنِيْ
وہ نہ پہچانے	اور جب	انہیں تیار کر دیا	ان کا سامان	کہا	لاؤ میرے پاس

نہ پہچانے اور جب ان کا سامان انہیں تیار کر دیا تو کہا اپنے بھائی کو میرے

بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا

بِاَخٍ	لَّكُمْ	مِّنْ + اَبِيْكُمْ	اَلَا تَرَوْنَ	اَنِّيْٓ	اُوْفِي	الْكَيْلَ	وَاَنَا
بھائی	تمہارا (اپنا)	تمہارے باپ سے	کیا تم نہیں دیکھتے	کہ میں	پورا کرتا ہوں	پیمانہ	اور میں

پاس لاؤ جو تمہارے باپ (کی طرف) سے ہے۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں پیمانہ پورا (بھر) کر دیتا ہوں اور میں

خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۵۹﴾ فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ

خَيْرُ	الْمُنْزِلِيْنَ	فَاِنْ	لَّمْ تَاْتُوْنِيْ	بِهٖ	فَلَا كَيْلَ	لَكُمْ	عِنْدِيْ
بہترین	اُتارنے والا (مہمان نواز)	پھر اگر	میرے پاس نہ لائے	اسکو	تو کوئی ناپ نہیں	تمہارے لئے	میرے پاس

بہترین مہمان نواز ہوں۔ پھر اگر تم اس کو میرے پاس نہ لائے تو تمہارے لئے کوئی ناپ (غلہ) نہیں میرے پاس

وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿۶۰﴾ قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ﴿۶۱﴾

وَلَا تَقْرَبُوْنِ	قَالُوْا	سَنُرَاوِدُ	عَنْهُ	اَبَاهُ	وَاِنَّا	لَفٰعِلُوْنَ
اور نہ آنا میرے پاس	وہ بولے	ہم خواہش کرینگے	اسکے متعلق	اس کا باپ	اور ہم	ضرور کرنیوالے ہیں (کرنا ہے)

اور نہ میرے پاس آنا۔ وہ بولے ہم اسکے متعلق اس کے باپ سے خواہش کرینگے اور ہمیں یہ کام ضرور کرنا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۵۷) وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ مِّنْ اَجْرِ الدُّنْيَا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ○

(۵۷) اور بلاشبہ آخرت کا ثواب دنیا کے اجر سے بہتر ہے ان لوگوں کے لئے جو اللہ پر ایمان لائے اور اسی سے ڈرتے ہیں اور پرہیزگاری کا عمل کرتے ہیں۔

(۵۸) وَدَخَلَتْ سَنُوا الْقَحْطِ وَاَصَابَ اَرْضَ كَنْعَانَ وَالشَّامَ وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ الخ اور یوسف کے تمام بھائی سوا بنیامین کے مصر میں اناج و غلہ خریدنے آئے کہ انکو خبر پہنچی تھی کہ عزیز مصر اناج بعوض قیمت کے دیتا ہے سو یہ تمام بھائی یوسفؑ کے پاس پہنچے پس یوسفؑ نے پہچان لیا کہ یہ میرے بھائی ہیں اور وہ یوسفؑ کو نہیں پہچانتے تھے کہ ان سے جدا ہوئے عرصہ گذرا تھا اور ان کو یہ گمان تھا کہ یوسف اب تک زندہ نہ ہوگا مر گیا ہوگا سو اُن بھائیوں نے یوسف سے عبرانی زبان میں گفتگو کی یوسفؑ نے ازراہ انکار ان سے کہا کہ تم ہمارے شہروں میں کیوں آئے، وہ بولے کہ ہم کھانے کی طلب میں آئے ہیں۔ یوسفؑ نے ان سے کہا کہ شاید تم جاسوس ہو۔ وہ کہنے لگے ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ یوسفؑ نے کہا پھر تم کہاں سے آئے؟ انہوں نے کہا کنعان کیطرف سے، اور ہمارا باپ یعقوبؑ اللہ کا پیغمبر ہے۔ یوسفؑ نے کہا اس کی کچھ اولاد سوا تمہارے ہے وہ بولے ہاں ہم بارہ بھائی تھے ہم سب میں چھوٹا گم ہوگیا کہیں جنگل میں ہلاک ہوا اور وہ ہم سب میں زیادہ پیارا ہمارے باپ کو تھا اور اس کا ایک حقیقی بھائی

(۵۸) اور بعد گزرنے ارزانی کے برسوں قحط اور خشکسالی کے برس آگئے اور وہ قحط زمین کنعان اور شام تک پہنچا۔ وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ الخ اور یوسف کے تمام بھائی سوا بنیامین کے مصر میں اناج و غلہ خریدنے آئے کہ انکو خبر پہنچی تھی کہ عزیز مصر اناج بعوض قیمت کے دیتا ہے سو یہ تمام بھائی یوسفؑ کے پاس پہنچے پس یوسفؑ نے پہچان لیا کہ یہ میرے بھائی ہیں اور وہ یوسفؑ کو نہیں پہچانتے تھے کہ ان سے جدا ہوئے عرصہ گذرا تھا اور ان کو یہ گمان تھا کہ یوسف اب تک زندہ نہ ہوگا مر گیا ہوگا سو اُن بھائیوں نے یوسف سے عبرانی زبان میں گفتگو کی یوسفؑ نے ازراہ انکار ان سے کہا کہ تم ہمارے شہروں میں کیوں آئے، وہ بولے کہ ہم کھانے کی طلب میں آئے ہیں۔ یوسفؑ نے ان سے کہا کہ شاید تم جاسوس ہو۔ وہ کہنے لگے ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ یوسفؑ نے کہا پھر تم کہاں سے آئے؟ انہوں نے کہا کنعان کیطرف سے، اور ہمارا باپ یعقوبؑ اللہ کا پیغمبر ہے۔ یوسفؑ نے کہا اس کی کچھ اولاد سوا تمہارے ہے وہ بولے ہاں ہم بارہ بھائی تھے ہم سب میں چھوٹا گم ہوگیا کہیں جنگل میں ہلاک ہوا اور وہ ہم سب میں زیادہ پیارا ہمارے باپ کو تھا اور اس کا ایک حقیقی بھائی

(۵۹) وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ اَلَا تَرَوْنَ اَنِّيْٓ اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ○

(۵۹) اور جب یوسفؑ نے انکو پورا کر دیا غلہ جو وہ لینے آئے تھے ان سے کہا لاؤ تم میرے پاس اپنے بھائی باپ شریک یعنی بنیامین کو تاکہ مجھے معلوم ہو کہ جو تم نے کہا سچ کہا کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں نے تم کو غلہ پورا کر دیا اور میں بہتر اتارنے والا اور عمدہ مہمان نواز ہوں۔

(۶۰) فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ الخ سو اگر اس کو تم میرے پاس نہ لاؤ گے تو پھر میرے پاس سے نہ تم کو کھانا ملے گا اور نہ میرے پاس آسکو گے وَلَا تَقْرَبُوْنِ نہی ہے یا عطف ہے محل فَلَا كَيْلَ پر جس کا حاصل یہ ہے کہ اگر تم بنیامین کو میرے پاس نہ لاؤ گے تو محروم رہو گے طعام سے اور میرے پاس نہ آسکو گے۔

(۶۰) فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ الخ سو اگر اس کو تم میرے پاس نہ لاؤ گے تو پھر میرے پاس سے نہ تم کو کھانا ملے گا اور نہ میرے پاس آسکو گے وَلَا تَقْرَبُوْنِ نہی ہے یا عطف ہے محل فَلَا كَيْلَ پر جس کا حاصل یہ ہے کہ اگر تم بنیامین کو میرے پاس نہ لاؤ گے تو محروم رہو گے طعام سے اور میرے پاس نہ آسکو گے۔

(۶۱) قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا لَفٰعِلُوْنَ ○ ذٰلِكَ

(۶۱) وہ بولے ہم حتی الوسع بنیامین کے لانے میں سعی کریں گے اور اس کے باپ سے اسکو طلب کرینگے اور بیشک ہم اس کام کو کرینگے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تشریح

(۵۷) آخرت کا اجر کہیں زیادہ بہتر ہے | دنیا کا اقتدار بذات خود مطلوب نہیں ہے بلکہ یہ بھی ذریعہ ہے اجر آخرت کا اگر کوئی ایمان لائے اور خدا ترسی کے ساتھ خدمت انجام دے تو یہ دنیا کا اقتدار بھی اس کے آخرت کے اجر کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ اور مومن کا اصل مطلوب یہی ہے، کشور کشائی مومن کا مقصد نہیں ہے بلکہ اس بڑے مقصد کا ایک ذریعہ ہے۔

(۵۸) حضرت یوسف ع کی خدمات اور بھائیوں سے ملاقات | مصر پر حاکمانہ اقتدار حاصل کرنے کے بعد حضرت یوسف ع ایک طرف تو اپنے اصل کام اللہ کے دین کو پھیلانے لوگوں کو اسلام کی طرف بلانے اور مصر کے لوگوں کے اخلاق و کردار کو سنوارنے میں لگے رہے دوسری طرف جیسا خواب میں دیکھا تھا کہ سات برس خوب پیداوار کے ہوں گے حضرت یوسف ع ان سات برسوں میں پیداوار کو بڑھانے اور پیداوار کے بڑے حصے کو محفوظ رکھنے کا انتظام کرتے رہے انہوں نے اس طرح عدل و انصاف اور خوش انتظامی کے ساتھ کاروبار سلطنت انجام دئے کہ لوگ عش عش کر اٹھے۔ سات سال کی خوب پیداوار کے بعد جب قحط کے سات سال آئے اور یہ قحط اور خشک سالی نہ صرف یہ کہ مصر میں تھی بلکہ آس پاس کے ممالک شام، فلسطین، شرق اردن کے شمالی عرب سب اس کی لپیٹ میں آگئے تھے۔ اس وقت صرف مصر ہی ایک ایسا ملک تھا جہاں قحط کے باوجود غلے کی فراوانی تھی۔ حضرت یوسف ع نے قحط کے زمانے میں غلے کا ایک ایسا نرخ مقرر کیا جو نہ بہت زیادہ اور نہ بہت کم تھا اور باہر کے لوگوں کو فی کس ایک اونٹ سے زیادہ نہ دیتے تھے اس طرح ایک طرف تو سلطنت کا خزانہ بھر گیا دوسری طرف لوگ قحط سے بچے رہے اور ہمسایہ ملک مجبور ہوئے کہ غلہ حاصل کرنے کے لئے مصر کی طرف رجوع کریں۔ اسی زمانے میں حضرت یوسف کے بھائی فلسطین سے غلہ لینے کیلئے مصر پہنچے اور حضرت یوسف کے دربار میں حاضر ہوئے حضرت یوسف نے اپنے بھائیوں کو پہچان لیا مگر وہ بھائی حضرت یوسف کو نہیں پہچان سکے کیونکہ جب انہوں نے آپ کو ایک کنوئیں میں پھینکا تھا تو آپ اس وقت سترہ سال کے لڑکے تھے اور اب آپ کی عمر اڑتیس ۳۸ سال کے لگ بھگ ہو چکی تھی اتنی عمر میں آدمی بہت کچھ بدل جاتا ہے علاوہ ازیں ان کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ جس بھائی کو وہ کنوئیں میں پھینک آئے تھے آج وہ مصر کی سلطنت پر حکومت کر رہا ہے۔

(۵۹) حضرت یوسف کا حکم کہ اب کے آؤ تو بن یامین کو لیکر آنا | حضرت یوسف ع نے اپنے آپ کو بھائیوں پر ظاہر نہیں کیا مگر ان کی خوب خاطر مدارات کی اور سب کو ایک ایک اونٹ کے برابر غلہ دیا۔ بادشاہ کا انصاف دیکھ کر برادران یوسف نے کہا کہ ہمارا ایک بھائی اور ہے مگر ہمارے والد نے اس کو ہمارے ساتھ نہیں بھیجا کیونکہ اس کے ایک بھائی یوسف کی گمشدگی کی وجہ سے وہ غمگین رہتے ہیں اگر آپ اس بھائی کے حصے کا غلہ بھی دیدیں تو بڑی عنایت ہوگی۔ حضرت یوسف نے کہا کہ اس طرح غائب آدمی کا حصہ دینا ہمارے قاعدے کے خلاف ہے اب کے آؤ تو اپنے بھائی کو لیکر آنا تم ہماری مہمان نوازی اور داد و دہش تو دیکھ ہی چکے ہو۔

(۶۰) اب کے مرتبہ بھائی کو نہ لائے تو ہم سمجھیں گے تم جھوٹے ہو | اب کی مرتبہ اگر تم اپنے بھائی کو ساتھ نہ لائے تو ہم سمجھیں گے کہ تم جھوٹ بول کر اور دھوکا دیکر ضابطے کے خلاف ایک اونٹ زیادہ لینا چاہتے تھے اسکی سزا یہ ہوگی کہ آئندہ تمہیں بھی غلہ نہیں ملیگا اور تمہیں ہمارے قلمرو میں آنے کی اور ہمارے پاس پھٹکنے کی بھی اجازت نہ ہوگی۔

(۶۱) برادران یوسف کا وعدہ کہ ہم بھائی کو لانے کی کوشش کریں گے | برادران یوسف نے وعدہ کیا کہ ہم کسی نہ کسی تدبیر سے اپنے والد کو اس پر راضی کریں گے کہ وہ بن یامین کو ہمارے ساتھ بھیجدیں اگرچہ یہ مشکل کام ہے مگر ہم اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہو کر رہیں گے اور آئندہ کے سفر میں ہمارا بھائی بن یامین ضرور ہمارے ساتھ ہوگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ

وَقَالَ	لِفِتْيٰنِهِ	اجْعَلُوْا	بِضَاعَتَهُمْ	فِيْ + رِحَالِهِمْ	لَعَلَّهُمْ
اور اس نے کہا	اپنے خدمتگاروں کو	کہ رکھدو	ان کی پونجی	ان کے بوروں میں	شاید وہ

اور اس نے اپنے خدمتگاروں کو کہا کہ ان کی پونجی (غلہ کی قیمت) ان کے بوروں میں رکھدو، شاید وہ

يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٢﴾

يَعْرِفُوْنَهَآ	اِذَا	انْقَلَبُوْٓا	اِلٰٓى	اَهْلِهِمْ	لَعَلَّهُمْ	يَرْجِعُوْنَ
اس کو معلوم کرلیں	جب	وہ لوٹیں	طرف	اپنے اہل	شاید وہ	پھر آجائیں

اس کو معلوم کرلیں جب وہ لوٹیں اپنے لوگوں کی طرف، شاید وہ پھر آجائیں

فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ

فَلَمَّا	رَجَعُوْٓا	اِلٰٓى	اَبِيْهِمْ	قَالُوْا	يٰٓاَبَانَا	مُنِعَ	مِنَّا	الْكَيْلُ
پس جب	وہ لوٹے	طرف	اپنا باپ	وہ بولے	اے ہمارے ابا	روک دیا گیا	ہم سے	ناپ

پس جب وہ اپنے باپ کی طرف، بولے اے ہمارے ابا! ہم سے ناپ (غلہ) روک دیا گیا

فَاَرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿٦٣﴾ قَالَ

فَاَرْسِلْ	مَعَنَآ	اَخَانَا	نَكْتَلْ	وَاِنَّا + لَهٗ	لَحٰفِظُوْنَ	قَالَ
پس بھیجدیں	ہمارے ساتھ	ہمارا بھائی	ناپ (غلہ) لائیں	اور ہم بیشک اسکے	نگہبان ہیں	اس نے کہا

پس ہمارے ساتھ ہمارے بھائی کو بھیجدیں کہ ہم غلہ لائیں، اور بیشک ہم اس کے نگہبان ہیں۔ اس نے کہا

هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ

هَلْ + اٰمَنُكُمْ	عَلَيْهِ	اِلَّا	كَمَآ	اَمِنْتُكُمْ	عَلٰٓى + اَخِيْهِ	مِنْ قَبْلُ
کیا میں تمہارا اعتبار کروں	اس کے متعلق	مگر	جیسے	میں نے تمہارا اعتبار کیا	اسکے بھائی کے متعلق	اس سے پہلے

میں اس کے متعلق تمہارا کیا اعتبار کروں مگر جیسے اس سے پہلے میں نے اس کے بھائی کے متعلق تمہارا اعتبار کیا

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٦٤﴾

فَاللّٰهُ	خَيْرٌ	حٰفِظًا	وَّ	هُوَ	اَرْحَمُ + الرّٰحِمِيْنَ
سو اللہ	بہتر	نگہبان	اور	وہ	تمام مہربانوں سے بڑا مہربانی کرنے والا

سو اللہ بہتر نگہبان ہے اور وہ تمام مہربانوں سے بڑا مہربانی کرنے والا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۶۲) وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ وَفِيْ قِرَاءَةٍ لِفِتْيَانِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ الَّتِيْ اَتَوْا بِهَا ثَمَنَ الْمِيْرَةِ وَكَانَتْ دَرَاهِمَ فِيْ رِحَالِهِمْ اَوْ عَيْبَتِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ وَرَجَعُوْٓا اَوْ عَيْبَتَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝ اِلَيْنَا لِاَنَّهُمْ لَا يَسْتَحِلُّوْنَ اِمْسَاكَهَا

(۶۲) اور یوسفؑ نے اپنے غلاموں سے کہا کہ انکی پونجی کو جو یہ کھانے کی قیمت میں لائے ہیں انہیں کے سامان میں رکھدو (اور جو کچھ وہ قیمت لائے تھے چند درہم تھے تاکہ جس وقت یہ اپنے گھر پہنچیں اور بوریاں اور تھیلیاں خالی کریں تو ان درہموں کو پہچان کر پھر ہماری طرف واپس آویں کیونکہ یہ لوگ ان درہموں کے رکھنے کو جائز نہ سمجھیں گے۔

(۶۳) فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ اِنْ لَّمْ نُرْسِلْ مَعَنَآ اَخَانَا نَكْتَلْ بِالنُّوْنِ وَالْيَاءِ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝

(۶۳) سو جب وہ سب لوٹے اپنے باپ کی طرف بولے کہ اے ہمارے باپ اگر تو ہمارے ساتھ ہمارے بھائی بنیامین کو نہ بھیجے گا تو ہم سے غلہ روکا جاوے گا بادشاہ مصر ہم کو نہ دیگا پس بھیج تو ہمارے ساتھ ہمارے بھائی کو کہ ہم کو پورا پیمانہ کھانے کا ملے اور بالضرور ہم اس کے نگہبان رہیں گے۔

(۶۴) قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓى اَخِيْهِ يُوْسُفَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَقَدْ فَعَلْتُمْ بِهٖ مَا فَعَلْتُمْ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۠ وَفِيْ قِرَاءَةٍ حَافِظًا تَمْيِيْزٌ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ فَارْجُوْا اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ۭ

(۶۴) ان کے باپ نے کہا مجھ کو اس کے بارہ میں تم پر اطمینان نہیں مگر جیسا کہ اس سے پہلے اس کے بھائی یوسفؑ کے بارے میں تم پر اطمینان کیا تھا اور تم نے اس کے ساتھ وہ حرکت کی جو ظاہر ہے سو اللہ بہتر نگہبان ہے تمہاری نگہبانی پر بھروسہ نہیں اور وہ بہت رحمت والا ہے مجھے امید ہے کہ وہ اس کی نگہبانی فرما کر انعام فرماوے گا۔

تشریح

(۶۲) **حضرت یوسف کا بھائیوں پر احسان** | برادرانِ یوسف اپنے کردار و عمل کے اعتبار سے کیسے بھی تھے مگر حضرت یوسفؑ پیغمبرانہ اخلاق کے مالک تھے اور پیغمبر اپنے اخلاق کے اعتبار سے اس بلندی پر ہوتے ہیں جس کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا۔ حضرت یوسفؑ نے جہاں اپنے بھائیوں کا اکرام و احترام کیا اس کے ساتھ ان پر یہ بھی احسان کیا کہ انہوں نے غلے کی جو قیمت دی تھی وہ انہوں نے چپکے سے انہی کے سامان میں رکھوا دی انہیں امید تھی کہ وہ گھر پہنچ کر جب سامان کھولیں گے اور ادا کی ہوئی رقم اپنے سامان میں دیکھیں گے تو پھر وہ دوبارہ پلٹ کر آئیں گے۔

(۶۳) **برادرانِ یوسف کی اپنے والد سے بن یامین کو اپنے ساتھ بھیجنے کی درخواست** | حضرت یوسفؑ کے بھائی جب مصر سے گھر واپس آئے تو انہوں نے اپنے سفر کی پوری روئیداد اپنے والد کو سنائی اور بتایا کہ بادشاہ نے کس طرح ان کے ساتھ اکرام و احترام کا معاملہ کیا ہے اور اس کے حسنِ سلوک کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ کے لئے بادشاہ نے یہ کہا ہے کہ اگر تم اپنے بھائی کو ساتھ لیکر آؤ گے تو تمہیں غلہ ملیگا ورنہ نہیں۔ ابا جان آپ ہمارے ساتھ ہمارے بھائی بنیامین کو بھیج دیجئے تاکہ ہم دوبارہ غلہ لیکر آئیں اور ہم آپکو یقین دلاتے ہیں کہ ہم بنیامین کی حفاظت کریں گے۔

(۶۴) **حضرت یعقوب علیہ السلام کا جواب اب تم پر کیا بھروسہ کروں میرا اللہ نگہبان ہے** | حضرت یعقوبؑ نے بیٹوں کی اس درخواست پر جواب دیا کہ کیا اس معاملے میں بھی میں تم پر ویسا ہی بھروسہ کروں جیسا اسکے بھائی یوسف کے معاملے میں تم پر بھروسہ کر چکا ہوں اس وقت بھی تم نے یوسفؑ کی حفاظت کا وعدہ کیا تھا مگر خیر ضرورت شدید ہے بھیجنا ہی ہوگا اللہ ہی بہتر نگہبان ہے اور وہ سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا ہے۔ وہی اپنی مہربانی سے یوسف کی جدائی کے بعد مجھے دوسری مصیبت سے بچائیگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ۭ قَالُوْا

وَلَمَّا	فَتَحُوْا	مَتَاعَهُمْ	وَجَدُوْا	بِضَاعَتَهُمْ	رُدَّتْ	اِلَيْهِمْ	قَالُوْا
اور جب	انہوں نے کھولا	اپنا سامان	انہوں نے پائی	اپنی پونجی	واپس کر دی گئی	انکی طرف (انہیں)	بولے

اور جب انہوں نے اپنا سامان کھولا تو انہوں نے اپنی پونجی پائی جو واپس کر دی گئی تھی انہیں، بولے

يٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ۭ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَ

يٰٓاَبَانَا	مَا نَبْغِيْ	هٰذِهٖ	بِضَاعَتُنَا	رُدَّتْ	اِلَيْنَا	وَنَمِيْرُ	اَهْلَنَا	وَ
اے ہمارے ابا	کیا چاہتے ہیں ہم	یہ	ہماری پونجی	لوٹا دی گئی	ہماری طرف	اور ہم غلہ لائینگے	اپنے گھر	اور

اے ہمارے ابا! (اور) ہم کیا چاہتے ہیں؟ یہ ہماری پونجی ہے، ہمیں لوٹا دی گئی ہے۔ اور ہم اپنے گھر غلہ لائیں گے اور

نَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ۭ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ۝۶۵

نَحْفَظُ	اَخَانَا	وَنَزْدَادُ	كَيْلَ	بَعِيْرٍ	ذٰلِكَ	كَيْلٌ	يَّسِيْرٌ
ہم حفاظت کرینگے	اپنے بھائی	اور زیادہ لینگے	بوجھ	ایک اونٹ	یہ	بوجھ (غلہ)	آسان (تھوڑا)

ہم اپنے بھائی کی حفاظت کریں گے، اور ایک اونٹ کا بوجھ زیادہ لیں گے یہ (جو ہم لائے ہیں) تھوڑا غلہ ہے۔

۶۵ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ۭ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ۭ مَا اِسْتِفْهَامِيَّةٌ اَيْ اَيُّ شَيْءٍ نَطْلُبُ مِنَ الْاِكْرَامِ الْمَلِكِ اَعْظَمُ مِنْ هٰذَا وَقُرِئَ بِالْفَوْقَانِيَّةِ خِطَابًا لِيَعْقُوْبَ وَكَانُوْا ذَكَرُوْا لَهٗ اِكْرَامَهٗ لَهُمْ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا رُدَّتْ اِلَيْنَا وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا نَاْتِيْ بِالْمِيْرَةِ لَهُمْ وَهِيَ الطَّعَامُ وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ لِاَخِيْنَا ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ۝ سَهْلٌ عَلَى الْمَلِكِ لِسَخَائِهٖ

۶۵ اور جب انہوں نے کھولا اپنا اسباب پایا اپنی پونجی کو کہ واپس کی گئی اور رکھی گئی ان کے اسباب میں۔ کہنے لگے اے ہمارے باپ اس سے زیادہ ہم کیا اکرام واحسان چاہیں جو ہم پر بادشاہ مصر نے کیا (ایک قرأۃ میں تَبْغِیْ ساتھ تاء کے ہے اس صورت میں خطاب یعقوبؑ کو ہے کہ تو اس سے زیادہ کیا تعظیم وتکریم چاہتا ہے اور وہ پہلے بادشاہ کے احسان اور اکرام کو جو اس نے ان کے ساتھ کئے تھے اپنے باپ سے ذکر کر چکے تھے اس لئے یہ کہا کہ اس سے زیادہ اور کیا ہوگا کہ یہ ہماری پونجی جو بطور قیمت کے ہم نے اسکو دی تھی ہمکو واپس دیگئی اور ہم اب کی مرتبہ اپنے گھر والوں کیلئے خوب غلہ لاوینگے اور اپنے بھائی کی حفاظت کرینگے اور ایک اونٹ کا بوجھ غلہ ہم کو ہمارے بھائی کا حصہ زیادہ ملیگا اس قدر غلہ دیدینا بادشاہ کو دشوار نہیں کہ وہ بھی ہے اس کو یہ دینا ہل ہے۔

تشریح

۶۵ برادران یوسف غلے کی دی ہوئی قیمت سامان میں واپس پاکر خوشی سے اچھل پڑے اور بن یامین کو ساتھ لیجانے کیلئے والد سے اصرار کرنے لگے

حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے مصر سے کنعان واپس آکر جب اپنا سامان سفر کھولا تو یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ انہوں نے غلے کی جو قیمت ادا کی تھی وہ انہیں واپس کر دیگئی ہے اب تو وہ اور زیادہ خوش ہوئے اور والد سے اور زیادہ اصرار کرنے لگے کہ بن یامین کو ضرور ان کے ساتھ بھیجدیا جائے تاکہ وہ اور زیادہ غلہ حاصل کر سکیں۔ بن یامین کا حصہ مل جائیگا تو اتنا غلہ آسانی کے ساتھ کافی ہو جائے گا ایسے اچھے موقعے کو چھوڑنا نہیں چاہیئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ لَنْ أُرْسِلَهُ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ

قَالَ	لَنْ أُرْسِلَهُ	مَعَكُمْ	حَتّٰى	تُؤْتُوْنِ	مَوْثِقًا	مِّنَ اللّٰهِ
اس نے کہا	ہرگز نہ بھیجوں گا اُسے	تمہارے ساتھ	یہانتک	تم دو مجھے	پختہ عہد	سے (کا) اللہ

اس نے کہا میں اسے ہرگز نہ بھیجوں گا تمہارے ساتھ یہاں تک کہ تم مجھے اللہ کا پختہ عہد دو کہ

لَتَأْتُنَّنِيْ بِهٖٓ إِلَّآ أَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّآ اٰتَوْهُ

لَتَأْتُنَّنِيْ + بِهٖ	إِلَّآ	أَنْ	يُّحَاطَ	بِكُمْ	فَلَمَّآ	اٰتَوْهُ
تم لے آؤ گے ضرور میرے پاس اسکو	مگر	یہ کہ	گھیر لیا جائے	تمہیں	پھر جب	انہوں نے اُسے دیا

تم اسے ضرور میرے پاس لے کر آؤ گے، مگر یہ کہ تمہیں گھیر لیا جائے، پھر جب انہوں نے اُسے (یعقوبؑ کو)

مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿٦٦﴾

مَوْثِقَهُمْ	قَالَ	اللّٰهُ	عَلٰى	مَا نَقُوْلُ	وَكِيْلٌ
اپنا پختہ عہد	کہا	اللہ	پر	جو ہم کہتے ہیں	نگہبان (ضامن)

پختہ عہد دیا، اس نے کہا جو ہم کہہ رہے ہیں اس پر اللہ ضامن ہے

﴿٦٦﴾ قَالَ لَنْ أُرْسِلَهُ مَعَكُمْ حَتّٰى تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَأْتُنَّنِيْ بِهٖٓ إِلَّآ أَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّآ اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ○

﴿٦٦﴾ یعقوبؑ نے کہا کہ میں بنیامین کو تمہارے ساتھ ..... نہ بھیجوں گا یہانتک کہ تم میرے سامنے عہد کرو اور اللہ کی قسم کھاؤ کہ ضرور تم اس کو میرے پاس لاؤ گے مگر یہ کہ تم پر کوئی آفت آوے کہ تم مرجاؤ یا مغلوب ہو جاؤ کہ تم میں طاقت اس کے لانے کی نہ رہے اور مجبور ہو جاؤ۔ سو انہوں نے اس شرط کو منظور کر لیا پس جبوقت یعقوبؑ کے روبرو ان سب نے اس کا عہد کر لیا یعقوبؑ نے کہا کہ جو کچھ ہم اور تم کہتے ہیں اللہ اس پر گواہ ہے اور یہ کہہ کر بنیامین کو ان کے ساتھ کر دیا۔

تشریح

﴿٦٦﴾ **حضرت یعقوبؑ نے کہا مجھ سے بن یامین کی حفاظت کا وعدہ کرو** حضرت یعقوبؑ نے بیٹوں کے اصرار کرنے پر جواب دیا کہ مجھ سے اللہ کے نام پر عہد کرو کہ بن یامین کو بحفاظت میرے پاس لیکر آؤ گے اور اپنی طرف سے کوئی کوتاہی بن یامین کی حفاظت میں نہیں کرو گے اِلّا یہ کہ تم کہیں گھیر لئے جاؤ یعنی کسی ایسی مصیبت میں پھنس جاؤ جو تمہارے قابو سے باہر ہو۔ بیٹوں نے وعدہ کیا کہ ہم بن یامین کی پوری نگہبانی کریں گے اور قسم کھائی کہ اللہ اس بات کا گواہ ہے۔ عہد و پیمان کے بعد حضرت یعقوبؑ نے کہا کہ دیکھو تم اللہ کو حاضر ناظر جان کر وعدہ کر رہے ہو اس بات کا لحاظ رکھنا۔ اس طرح حضرت یعقوبؑ نے ظاہر طور پر بھی پکا وعدہ لے لیا اور اللہ پر بھروسہ رکھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا

وَقَالَ	يٰبَنِيَّ	لَا تَدْخُلُوْا	مِنْ	بَابٍ وَّاحِدٍ	وَّادْخُلُوْا
اور اس نے کہا	اے میرے بیٹو	تم نہ داخل ہونا	سے	ایک دروازہ	اور داخل ہونا

اور کہا اے میرے بیٹو! تم سب داخل نہ ہونا ایک (ہی) دروازے سے، (بلکہ) جُدا جُدا

مِّنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ؕ وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ

مِنْ	اَبْوَابٍ	مُّتَفَرِّقَةٍ	وَمَآ + اُغْنِيْ	عَنْكُمْ	مِّنَ	اللّٰهِ
سے	دروازے	جُدا جُدا	اور میں نہیں بچا سکتا	تم سے (کو)	سے (کی)	اللہ

دروازوں سے داخل ہونا۔ اور میں تمہیں بچا نہیں سکتا اللہ کی کسی بات سے

مِنْ شَيْءٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ

مِنْ شَيْءٍ	اِنِ	الْحُكْمُ	اِلَّا	لِلّٰهِ	عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَ
کسی چیز (بات) سے	نہیں	حکم	سوا	اللہ کا	اس پر	میں نے بھروسہ کیا	اور

اللہ کے سوا کسی کا حکم نہیں، اس پر میں نے بھروسہ کیا پس چاہیے

عَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ

عَلَيْهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُتَوَكِّلُوْنَ	وَلَمَّا	دَخَلُوْا	مِنْ حَيْثُ
اسی پر	پس چاہیے بھروسہ کریں	بھروسہ کرنے والے	اور جب	وہ داخل ہوئے	جہاں سے

اس پر بھروسہ کریں بھروسہ کرنے والے۔ اور جب وہ داخل ہوئے جہاں سے

اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ؕ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ

اَمَرَهُمْ	اَبُوْهُمْ	مَا كَانَ	يُغْنِيْ	عَنْهُمْ	مِّنَ	اللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ
انہیں حکم دیا	ان کا باپ	نہیں تھا	وہ بچا سکتا	ان سے (انہیں)	سے (کی)	اللہ	سے کسی چیز (بات)

انہیں ان کے باپ نے حکم دیا تھا، وہ انہیں نہیں بچا سکتا تھا اللہ کی کسی بات سے

اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ؕ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ

اِلَّا	حَاجَةً	فِيْ	نَفْسِ	يَعْقُوْبَ	قَضٰىهَا	وَاِنَّهٗ	لَذُوْ عِلْمٍ
مگر	ایک خواہش	میں	دل	یعقوب	وہ اسے پوری کرلی	اور بیشک وہ	صاحب علم

مگر یعقوبؑ کے دل میں ایک خواہش تھی سو وہ اس سے پوری کر لی اور بیشک وہ صاحب علم

toobaa-elibrary.blogspot.com

لِمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ ع ۸ ۱۱ ۱۲

لِمَا	عَلَّمْنٰهُ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ	وَلَمَّا	دَخَلُوْا	عَلٰى	يُوْسُفَ
اس کا جو	ہم نے اسے سکھایا	اور لیکن	اکثر	لوگ	نہیں جانتے	اور جب	وہ داخل ہوئے		یوسف کے پاس

تھا اس کا جو ہم نے اسے سکھایا تھا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے اور جب وہ یوسفؑ کے پاس داخل ہوئے

اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۹﴾

اٰوٰى	اِلَيْهِ	اَخَاهُ	قَالَ	اِنِّيْٓ	اَنَا	اَخُوْكَ	فَلَا تَبْتَئِسْ	بِمَا	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ
اس نے جگہ دی اپنے پاس		اپنا بھائی	کہا	بیشک میں		میں تیرا بھائی	سو تو غمگین نہ ہو	اس پر جو	وہ کرتے تھے۔

اس نے اپنے بھائی کو اپنے پاس جگہ دی کہا بیشک میں تیرا بھائی ہوں جو وہ کرتے تھے تو اس پر غمگین نہ ہو۔

﴿۶۷﴾ وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ۭ وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ○

﴿۶۷﴾ اور کہا کہ اے میرے بیٹو مصر میں ایک دروازہ سے نہ جائیو اور متفرق دروازوں سے وہاں گھسیو تاکہ تم کو نظر نہ لگے اور میں اس اپنی رائے اور تدبیر سے تقدیر الٰہی کو جو تمہارے لئے مقدر ہو چکا دفع نہیں کر سکتا اور یہ میرا کہنا محض از راہ محبت و الفت ہے۔ اختیار ہر امر کا اللہ ہی کو ہے میں نے اسی پر بھروسہ کیا۔ پس چاہیئے کہ اسی پر بھروسہ کریں بھروسہ کرنے والے۔

﴿۶۸﴾ قَالَ تَعَالٰى وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ اَيْ مُتَفَرِّقِيْنَ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ اَيْ قَضَائِهٖ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا لٰكِنْ حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰهَا وَهِيَ اِرَادَةُ دَفْعِ الْعَيْنِ شَفَقَةً ۭ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ لِتَعْلِيْمِنَا اِيَّاهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ وَهُمُ الْكُفَّارُ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ اِلْهَامَ اللّٰهِ لِاَوْلِيَائِهٖ

﴿۶۸﴾ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اور جب وہ سب بھائی داخل ہوئے متفرق جس طرح ان کو ان کے باپ نے حکم کیا تھا تو یہ ان کا متفرق داخل ہونا ان سے تقدیر الٰہی کو دفع نہ کر سکا لیکن یعقوب کے دل میں ایک حاجت تھی کہ اس کو پورا کیا یعنی از راہ محبت ان کو یہ حکم کیا کہ ان کو نظر نہ لگ جاوے اور بلاشبہ یعقوب صاحب علم ہے کہ ہم نے اس کو سکھلا دیا ولیکن اکثر آدمی یعنی کافر اس کو نہیں جانتے کہ اللہ اپنے دوستوں کو الہام فرماتا ہے اور خبر کر دیتا ہے۔

﴿۶۹﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○

﴿۶۹﴾ اور جب وہ داخل ہوئے یوسفؑ کے پاس تو اس نے بلا لیا اور ٹھکانا دیا اپنے بھائی بنیامین کو اپنے پاس کہا کہ بیشک میں تیرا بھائی ہوں سو تو غم نہ کر اس کا کہ یہ ہم پر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مِنَ الْحَسَدِ لِنَاوَاَمَرَهٗ اَنْ لَّا یُخْبِرَهُمْ وَتَوَاطَاَ مَعَهٗ عَلٰی اَنَّهٗ سَیَحْتَالُ عَلٰی اَنْ یُّبْقِیَهٗ عِنْدَهٗ۔

حسد کرتے ہیں اور دشمنی رکھتے ہیں اور یوسفؑ نے بن یامین سے کہا کہ اس امر کی ان بھائیوں کو خبر نہ کر اور یوسفؑ نے اس سے کہا کہ میں کچھ تدبیر اور حیلہ کروں گا کہ تجھکو اپنے پاس رکھوں بنیامین نے اس پر اتفاق کیا۔

تشریح

(۶۷) **حضرت یعقوبؑ کی بیٹوں کو نصیحت کہ مصر میں الگ الگ دروازوں سے داخل ہونا**

حضرت یعقوبؑ کا وطن کنعان مصر کی سرحد پر ایک آزاد قبائلی علاقہ تھا اسطرح کے علاقے کیونکہ کسی حکومت کے ماتحت نہیں ہوتے اس لئے ان کے بارے میں شک وشبہات رہتے ہیں۔ حضرت یعقوبؑ کو اندیشہ ہوا کہ اگر سارے بھائی جتھہ بنا کر ایک ہی دروازے سے اکٹھے داخل ہوں گے تو قحط کا زمانہ ہے کہیں یہ نہ گمان کیا جائے کہ یہ لوٹ مار کی غرض سے آئے ہیں اس لئے حضرت یعقوبؑ نے بیٹوں کو نصیحت کی کہ میرے بچو! مصر کے دارالسلطنت میں ایک دروازے سے داخل مت ہونا بلکہ الگ الگ دروازوں سے اندر جانا۔ یہ اپنی طرف سے احتیاط ہے باقی اللہ کی مشیت سے میں تم کو بچا نہیں سکتا اسی کا حکم ہر جگہ چلتا ہے میں نے اللہ پر بھروسہ کیا اور بھروسے کے لائق صرف وہی ذات ہے۔ یہ بھی خیال ہو سکتا تھا کہ شاہ مصر کے التفات کے بعد اب یہ بھائی لوگوں کی نگاہوں میں آ گئے ہیں سب اکٹھے ہو کر جائیں گے تو لوگوں کی نگاہیں ان کی طرف ضرور اٹھیں گی۔ اللہ پر بھروسہ رکھتے ہوئے احتیاطی تدبیر یہی ہے کہ ایک جتھے کے بجائے الگ الگ دروازوں سے شہر میں داخل ہوا جائے۔ تدبیر اختیار کرنے کے بعد اگر اللہ پر بھروسہ رکھا جائے تو تدبیر کی ناکامی سے انسان مایوس نہیں ہوتا۔

(۶۸) **تقدیر اور تدبیر** حضرت یعقوبؑ اللہ کے نبی تھے اللہ نے ان کو حقیقت کا علم دیا تھا وہ جانتے تھے کہ اللہ کی بنائی ہوئی اس دنیا میں ظاہری پہلو سے اللہ کی بنائی ہوئی فطرت بے شک سعی وعمل کا تقاضہ کرتی ہے اور وہ یہ بھی جانتے تھے کہ سعی و عمل اور تدبیر کے پیچھے یہ حقیقت چھپی ہے کہ اصل کارفرما طاقت صرف اور صرف اللہ کی ہے ہمارا کام اتنا ہے کہ ہم اپنی حد تک تدبیر اختیار کریں مگر تدبیر کے مؤثر ہونے میں بھروسہ اللہ پر کریں۔ یہ وہ صحیح راستہ ہے جو اللہ کے وہ بندے اختیار کرتے ہیں جو تقدیر اور تدبیر کی حقیقت سے واقف ہوتے ہیں چنانچہ یہی ہوا کہ حضرت یعقوبؑ کے دل میں جو ایک کھٹک تھی اس کو دور کرنے کے لئے انہوں نے اپنی سی تدبیر کر لی مگر ہوا وہی جو اللہ کی مشیت تھی۔ حضرت یعقوبؑ کو ایک اور امتحان سے گزرنا پڑا۔ حضرت یوسفؑ کے بعد اب بن یامین کی جدائی۔ یہ سب کیسے ہوا آیئے آگے دیکھتے ہیں۔

(۶۹) **برادرانِ یوسف دوبارہ حضرتؑ کے دربار میں** باپ کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق برادران یوسف الگ الگ دروازوں سے مصر کے دارالسلطنت میں داخل ہوئے اور جب یہ بھائی حضرت یوسفؑ کے دربار میں پہنچے تو حضرت یوسف نے اپنے حقیقی بھائی بن یمین سے تنہائی میں ملاقات کی ان سے ان کا نام ان کی والدہ کا نام پوچھا گھر کے حالات دریافت کئے۔ بن یمین نے بتایا کہ ان کے ایک حقیقی بھائی یوسف تھے جن کو بھیڑیا کھا گیا۔ حضرت یوسف نے اپنے بھائی سے کہا کیا تم پسند کرو گے کہ میں تمہارے مرحوم بھائی کی جگہ تمہارا بھائی بن جاؤں؟ بن یامین نے کہا ایُّھَا الْمَلِکُ آپ جیسا بھائی کس کو ملے گا لیکن آپ میرے والد یعقوبؑ اور میری والدہ راحیل کی اولاد نہیں ہیں۔ اب حضرت یوسفؑ کا پیمانہ صبر لبریز ہو گیا روتے ہوئے بھائی سے لپٹ گئے اور کہا کہ میں تمہارا وہی گمشدہ بھائی ہوں۔ آپ نے بھائی کو تسلی دی کہ اب تم میرے پاس رہو گے گزری ہوئی باتوں کا غم مت کرو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِي رَحْلِ أَخِيهِ ثُمَّ أَذَّنَ

فَلَمَّا	جَهَّزَهُمْ	بِجَهَازِهِمْ	جَعَلَ	السِّقَايَةَ	فِي	رَحْلِ	أَخِيهِ	ثُمَّ	أَذَّنَ
پھر جب	انہیں تیار کر دیا	ان کا سامان	رکھ دیا	پینے کا پیالہ	میں	سامان	اپنا بھائی	پھر	اعلان کیا

پھر جب ان کا سامان تیار کر دیا اپنے بھائی کے سامان میں (پانی) پینے کا پیالہ رکھ دیا پھر ایک منادی کرنے والے

مُؤَذِّنٌ أَيَّتُهَا الْعِيرُ إِنَّكُمْ لَسَارِقُونَ ﴿٧٠﴾ قَالُوا وَأَقْبَلُوا عَلَيْهِمْ مَاذَا تَفْقِدُونَ ﴿٧١﴾

مُؤَذِّنٌ	أَيَّتُهَا + الْعِيرُ	إِنَّكُمْ	لَسَارِقُونَ	قَالُوا	وَأَقْبَلُوا	عَلَيْهِمْ	مَاذَا	تَفْقِدُونَ
منادی کرنیوالا	اے قافلے والو	بیشک تم	البتہ چور ہو	وہ بولے	اور انہوں نے منہ کیا	انکی طرف	کیا ہے جو	تم گم کر بیٹھے

نے اعلان کیا اے قافلے والو تم البتہ چور ہو وہ اُن کی طرف مُنہ کر کے بولے کیا ہے جو تم گم کر بیٹھے۔

﴿٧٠﴾ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ هِيَ صَاعٌ مِنْ ذَهَبٍ مُرَصَّعٌ بِالْجَوَاهِرِ فِي رَحْلِ أَخِيهِ بِنْيَامِينَ ثُمَّ أَذَّنَ مُؤَذِّنٌ نَادَى مُنَادٍ بَعْدَ انْفِصَالِهِمْ عَنْ مَجْلِسِ يُوسُفَ أَيَّتُهَا الْعِيرُ الْقَافِلَةُ إِنَّكُمْ لَسَارِقُونَ ○

﴿٧٠﴾ فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ الخ پھر جب یوسفؑ نے ان سب بھائیوں کا سامان پورا کر دیا اور ان کو رخصت کیا تو ایک صاع سونے کا جس پر جواہر لگی ہوئی تھی اپنے بھائی بنیامین کے اسباب میں رکھدیا۔ پھر جب وہ یوسفؑ کے پاس سے جُدے ہوئے پکارا ایک پکارنے والے نے کہ اے قافلہ والو بیشک تم چور ہو۔

﴿٧١﴾ قَالُوا وَقَدْ أَقْبَلُوا عَلَيْهِمْ مَاذَا مَا الَّذِي تَفْقِدُونَ ○

﴿٧١﴾ وہ سب انکی طرف متوجہ ہوئے اور کہنے لگے تمہاری کیا چیز گم ہوئی ہے۔

تشریح

﴿٧٠﴾ بن یمین کو روکنے کی تدبیر | حضرت یوسفؑ نے اپنے بھائی بن یمین کو اپنے پاس روکنے کی ایک ترکیب کی کہ جب بھائیوں کا سامان اونٹوں پر رکھا جانے لگا تو انہوں نے اپنے بھائی بن یمین کے سامان میں اپنا پیالہ رکھ دیا۔ جب قافلہ روانہ ہو گیا تو ملازموں کو پتہ لگا کہ بادشاہ کا پیالہ گم ہو گیا ہے۔ گمان یہی ہوا کہ ہو نہ ہو پیالہ یہی لوگ لے گئے ہیں۔ وہ لوگ ابھی تھوڑی دور ہی گئے تھے کہ ملازمین نے پیچھا کر کے ان کو پکارا کہ اے قافلے والو تم لوگ چور ہو۔

﴿٧١﴾ برادرانِ یوسف کا سوال تمہاری کیا چیز کھو گئی ہے؟ | برادرانِ یوسف کا قافلہ چلتے چلتے رُک گیا اور پلٹ کر ملازمین سے پوچھا کہ تمہاری کیا چیز کھو گئی ہے؟ ہمیں خواہ مخواہ چور کیوں بتاتے ہو تمہاری کوئی چیز گم ہو گئی ہے تو بتاؤ ہم ابھی کہیں نہیں گئے ہمارے سامان کی تلاشی لے لو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿۷۲﴾

قَالُوْا	نَفْقِدُ	صُوَاعَ	الْمَلِكِ	وَلِمَنْ	جَآءَ بِهٖ	حِمْلُ	بَعِيْرٍ	وَّاَنَا	بِهٖ	زَعِيْمٌ
انہوں نے کہا	ہم گم کر بیٹھے (نہیں پاتے)	پیمانہ	بادشاہ	اور اس کے لئے	جو وہ لائے	بوجھ	ایک اونٹ	اور میں	اُسکا	ضامن

انہوں نے کہا ہم بادشاہ کا پیمانہ نہیں پاتے، اور جو کوئی وہ لائے گا اسکے لئے ایک اونٹ کا بوجھ ہے (بارِ شتر ملیگا) اور میں اسکا ضامن ہوں

قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾

قَالُوْا	تَاللّٰهِ	لَقَدْ عَلِمْتُمْ	مَّا جِئْنَا	لِنُفْسِدَ	فِي الْاَرْضِ	وَمَا كُنَّا	سٰرِقِيْنَ
وہ بولے	اللہ کی قسم	تم خوب جانتے ہو	ہم نہیں آئے	کہ ہم فساد کریں	زمین (مُلک) میں	اور ہم نہیں	چور (جمع)

وہ بولے اللہ کی قسم! تم خوب جانتے ہو ہم (اسلئے) نہیں آئے کہ ملک میں فساد کریں اور ہم چور نہیں۔

﴿۷۲﴾ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ مِّنَ الطَّعَامِ وَاَنَا بِهٖ بِالْحِمْلِ زَعِيْمٌ ○ كَفِيْلٌ

﴿۷۲﴾ یوسفؑ کے آدمیوں نے کہا کہ بادشاہ کا صاع گم ہوگیا ہے وہ ہم کو نہیں ملا۔ اور جو کوئی اس کو لا دے ایک اونٹ کا بوجھ غلّہ اس کو ملے گا اور میں اس کا ذمہ دار ہوں۔

﴿۷۳﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ○ مَا سَرَقْنَا قِطُّ

﴿۷۳﴾ وہ کہنے لگے تعجب کی راہ سے کہ بخدا تم جانتے ہو کہ ہم اس لئے نہیں آئے کہ زمین میں فساد کریں اور نہ کبھی ہم نے چوری کی۔

تشریح

﴿۷۲﴾ محافظین نے کہا شاہی پیالہ گم ہوگیا ہے | اس پر محافظین نے جواب دیا کہ شاہی پیالہ نہیں مل رہا ہے اگر کوئی بغیر حیل و حجت کے شاہی پیالہ حاضر کردے گا تو اس کو ایک بارِ شتر غلہ انعام میں دیا جائے گا۔ محافظوں کے ہیڈ نے کہا کہ میں اس انعام کی ذمہ داری لیتا ہوں۔

﴿۷۳﴾ برادرانِ یوسف کا جواب کہ ہم چور نہیں ہیں | برادرانِ یوسف نے جواب دیا کہ ہم پہلی بار مصر نہیں آئے ہیں اس سے پہلے بھی آ چکے ہیں۔ بخدا تم لوگ اچھی طرح جانتے ہو کہ ہم یہاں شرارت کرنے کے لئے نہیں آئے اور نہ ہم چوروں کے خاندان سے ہیں ہم تو شریف لوگ ہیں اور ہم اس طرح کی گری ہوئی حرکت نہیں کرتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِيْنَ ﴿۷۴﴾ قَالُوْا

قَالُوْا	فَمَا	جَزَآؤُهٗٓ	اِنْ	كُنْتُمْ	كٰذِبِيْنَ	قَالُوْا
انہوں نے کہا	پھر کیا	سزا اُس کی	اگر	تم ہو	جھوٹے	کہنے لگے

انہوں نے کہا اگر تم جھوٹے ہو (جھوٹے نکلے) پھر اس کی کیا سزا ہے؟ کہنے لگے

جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ

جَزَآؤُهٗ	مَنْ	وُّجِدَ	فِيْ + رَحْلِهٖ	فَهُوَ	جَزَآؤُهٗ
اس کی سزا	جو۔جس	پایا جائے	اس کے سامان میں	پس وہی	اس کا بدلہ

اس کی سزا یہ ہے کہ پایا جائے جس کے سامان میں پس وہی ہے اس کا بدلہ

كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۵﴾ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ

كَذٰلِكَ	نَجْزِي	الظّٰلِمِيْنَ	فَبَدَاَ	بِاَوْعِيَتِهِمْ
اسی طرح	ہم سزا دیتے ہیں	ظالموں کو	پس شروع کیا	ان کی خرجیوں (بوروں) سے

اسی طرح ہم ظالموں کو سزا دیتے ہیں۔ پس ان کے بوروں سے (تلاش کرنا) شروع کیا

قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ؕ

قَبْلَ	وِعَآءِ	اَخِيْهِ	ثُمَّ	اسْتَخْرَجَهَا	مِنْ	وِّعَآءِ	اَخِيْهِ
پہلے	خرجی (بورا)	اپنا بھائی	پھر	اس کو نکالا	سے	بورا	اپنا بھائی

اپنے بھائی کے بورے سے پہلے، پھر اس کو اپنے بھائی کے بورے سے نکال لیا،

كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ لِيَاْخُذَ

كَذٰلِكَ	كِدْنَا	لِيُوْسُفَ	مَا كَانَ	لِيَاْخُذَ
اسی طرح	ہم نے تدبیر کی	یوسفؑ کے لئے	نہ تھا	وہ لے سکتا

اسی طرح ہم نے یوسفؑ کے لئے تدبیر کی۔ وہ بادشاہ کے دین میں (قانون کے مطابق) اپنے

اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ

اَخَاهُ	فِيْ	دِيْنِ + الْمَلِكِ	اِلَّآ	اَنْ	يَّشَآءَ اللّٰهُ	نَرْفَعُ
اپنا بھائی	میں	بادشاہ کا دین	مگر	یہ کہ	اللہ چاہے	ہم بلند کرتے ہیں

بھائی کو نہ لے سکتا تھا مگر یہ کہ اللہ چاہے۔ (اللہ کی مشیت ہو) ہم درجے بلند

toobaa-elibrary.blogspot.com

دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ ﴿۷۶﴾

دَرَجٰتٍ	مَّنْ	نَّشَآءُ	وَفَوْقَ	كُلِّ	ذِیْ + عِلْمٍ	عَلِیْمٌ
درجے	جو جس	چاہیں ہم	اور اوپر	ہر	صاحب علم	ایک علم والا۔

کرتے ہیں جس کے ہم چاہے ، اور ہر صاحب علم کے اوپر ایک علم والا ہے۔

﴿۷۴﴾ قَالُوْا اَیْ اَلْمُؤَذِّنُ وَاَصْحَابُهٗ فَمَا جَزَآؤُهٗۤ اَیِ السَّارِقُ اِنْ كُنْتُمْ كٰذِبِیْنَ ○ فِیْ قَوْلِكُمْ مَا كُنَّا سٰرِقِیْنَ وَوُجِدَ فِیْكُمْ

﴿۷۴﴾ پکارنے والے اور اس کے ساتھیوں نے کہا پھر کیا سزا ہے چور کی اگر تم جھوٹے نکلو۔ اس دعوے میں کہ ہم نے کبھی چوری نہیں کی اور تمہارے پاس سے وہ صاع نکلے۔

﴿۷۵﴾ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مُبْتَدَاٌ اَخْبَرُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِیْ رَحْلِهٖ یَسْتَرِقُّ ثُمَّ اَكَّدَ بِقَوْلِهٖ فَهُوَ اَیِ السَّارِقُ جَزَآؤُهٗ ؕ اَیِ الْمَسْرُوْقِ لَاغَیْرُ وَكَانَتْ سُنَّةُ اٰلِ یَعْقُوْبَ كَذٰلِكَ الْجَزَآءُ نَجْزِی الظّٰلِمِیْنَ ○ بِالسَّرِقَةِ فَفُتِّشُوْا اِلٰی یُوْسُفَ لِتَفْتِیْشِ اَوْعِیَتِهِمْ

﴿۷۵﴾ وہ بولے بدلہ اس کا یہ ہے کہ جس کے اسباب میں سے وہ صاع نکلے وہ غلام بنا لیا جاوے پس ضرور وہ چور بدلہ ہے اس صاع چرائے گئے کا۔ اس کے سوا کچھ نہیں (یہ طریقہ یعنی چور کو بعوض شے مسروق کے رکھ لینا دستور یعقوبؑ اور اس کے کنبہ کا تھا) ہم اسی طرح سزا دیتے ہیں ناانصافوں چوری کرنے والوں کو۔ پس واپس کئے گئے وہ سب طرف یوسفؑ کے تاکہ ان کی بوریوں کی تلاشی لی جاوے۔

﴿۷۶﴾ فَبَدَاَ بِاَوْعِیَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِیْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا اَیِ الصُّوَاعَ مِنْ وِّعَآءِ اَخِیْهِ ؕ قَالَ تَعَالٰی كَذٰلِكَ كِدْنَا لِیُوْسُفَ ؕ عَلَّمْنٰهُ الْاِحْتِیَالَ فِیْ اَخْذِ اَخِیْهِ مَا كَانَ یُوْسُفُ لِیَاْخُذَ اَخَاهُ رَقِیْقًا عَنِ السَّرِقَةِ فِیْ دِیْنِ الْمَلِكِ حُكْمِ مُلْكِ مِصْرَ لِاَنَّ جَزَآءَهٗ عِنْدَهُ الضَّرْبُ وَالْغُرْمُ مِثْلَیِ الْمَسْرُوْقِ لَا الِاسْتِرْقَاقُ اِلَّاۤ اَنْ یَّشَآءَ

﴿۷۶﴾ سو یوسفؑ نے اول اور بھائیوں کی تھیلیوں کو کھلوایا بنیامین کے تھیلے سے پہلے اور صاع کو تلاش کیا (اول بن یامین کے تھیلے کو نہ دیکھا کہ کسی کو شبہ نہ ہو پھر اس صاع کو نکال لیا اپنے بھائی کے تھیلے سے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہم نے یوسفؑ کو ایسی ہی تدبیر اور حیلہ اس کے بھائی کے لینے کے لئے سکھلا دیا۔ یوسف اپنے بھائی کو مصر کے بادشاہ کے حکم اور قاعدہ کے موافق چوری کے سبب غلام بنا کر نہ لے سکتا تھا۔ کیونکہ اس کے قاعدہ میں سزا چور کی مارنا اور چوری کے مال کے برابر تاوان لینا تھا نہ غلام بنانا۔

مگر اللہ کو منظور ہوا تو اس نے اپنے بھائی کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

اللّٰہُ ط اَخَذَہٗ بِحُکْمِ اَبِیْہِ
اَیْ لَمْ یَتَمَکَّنْ مِنْ اَخْذِہٖ
اِلَّا بِمَشِیْئَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی بِاِلْہَامِہٖ
سُؤَالَ اِخْوَتِہٖ وَجَوَابَہُمْ
بِسُنَّتِہِمْ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مِّنْ
نَّشَآءُ ط بِالْاِضَافَۃِ وَالتَّنْوِیْنِ
فِی الْعِلْمِ کَیُوْسُفَ وَفَوْقَ کُلِّ
ذِیْ عِلْمٍ مِّنَ الْمَخْلُوْقِیْنَ عَلِیْمٌ ○
اَعْلَمُ مِنْہُ حَتّٰی یَنْتَہِیَ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی

اپنے باپ کے طریقے کے مطابق لے لیا حاصل یہ کہ یوسف اس کے لینے پر قادر نہ تھا مگر ساتھ ارادہ اللہ کے کہ اللہ نے اس کے دل میں ڈالا کہ اپنے بھائیوں سے یہ پوچھا کہ چور کی سزا کیا انہوں نے موافق اپنے طریق کے جواب دیا۔ ہم جس کے درجے علم میں بلند کرنا چاہتے ہیں بلند کرتے ہیں جیسے یوسف کے درجے بڑھائے اور مخلوق میں ہر جاننے والے کے اوپر زیادہ جاننے والا ہے یہاں تک کہ یہ سلسلہ اللہ تعالیٰ تک پہنچتا ہے کہ وہ سب سے زیادہ جاننے والا ہے۔

تشریح

(۷۴) محافظین کا سوال اگر تم جھوٹے نکلے تو کیا سزا ہے؟ | محافظین نے کہا کہ تم بلاوجہ حیل وحجت کر رہے ہو ہم تمہاری تلاشی لیں گے اگر تمہاری بات جھوٹ نکلی تو بتاؤ چور کی سزا کیا ہے؟ شاہی پیالہ اگر تمہارے سامان میں سے نکل آیا تو تمہیں کیا سزا ملنی چاہیئے؟۔

(۷۵) برادرانِ یوسف کا شریعتِ ابراہیمی کے مطابق جواب | برادرانِ یوسف نے شریعت ابراہیمی کے مطابق جواب دیا کہ جس کی خرجی میں وہ پیالہ نکلے ابراہیمی شریعت کے مطابق اس چور کو مال کے مالک کا غلام بنا دیا جائے اور سزا کے طور پر اس کو رکھ لیا جائے ہمارے خاندان ابراہیمی میں شریعتِ ابراہیمی کا یہی قانون ہے۔ ہم ظالموں کو اسی طرح سزا دیتے ہیں۔

(۷۶) خدائی تدبیر کے مطابق حضرت یوسف ع کو اپنے بھائی کے روکنے کا موقع | برادرانِ یوسف کے ساتھ سرکاری محافظین اس گفتگو کے بعد ان کو حضرت یوسف کے پاس لے گئے اور ان کو سارا ماجرا سنایا حضرت یوسف نے تفتیش اور تلاشی کا حکم دیا۔ پہلے دوسرے بھائیوں کی خرجیوں کی تلاشی لی گئی ان کی زنبیلیں وغیرہ دیکھی گئیں، ان میں شاہی پیالہ برآمد نہ ہوا۔ آخر میں حضرت یوسف کے حقیقی بھائی بن یمین کا نمبر آیا اور گم شدہ پیالہ ان کی خرجی سے نکل آیا۔ حضرت یوسف ع جو بن یمین کو اپنے پاس روکنا چاہتے تھے ان کی تائید خدائی تدبیر سے اس طرح ہوئی کہ برادرانِ یوسف نے خود ہی شریعتِ ابراہیمی کے مطابق مسئلہ بتا دیا کہ چور کی سزا یہ ہے کہ اس چور کو ہی مال کے مالک کا غلام بنا دیا جائے اور وہ اس کی خدمت کرے۔ اس وقت تک مصر کے شاہی قانون میں چور کی یہ سزا نہ تھی جو شریعتِ ابراہیمی میں ہے اگرچہ حضرت یوسف آہستہ آہستہ شرعی قانون کو رواج دے رہے تھے مگر ابھی بہت سے قانون ایسے تھے جو مصر کے شاہی قانون کے مطابق چل رہے تھے اور حضرت یوسف بذاتِ خود الٰہی شریعت کو چھوڑ کر انسانی قانون کا نفاذ اپنے ذریعے سے کرنا نہیں چاہتے تھے۔ بہرحال اللہ نے ایسا ہی چاہا کہ حضرت یوسف ع کو مصر کا شاہی قانون استعمال کرنے کی ضرورت نہیں پڑی اور شریعتِ ابراہیمی پر فیصلہ انکے بھائیوں کی زبان سے ہی نکل گیا۔ اللہ تعالیٰ جس کے درجات چاہتے ہیں بلند کر دیتے ہیں۔ اور ایک علم رکھنے والا یعنی اللہ ایسا ہے جو ہر صاحب علم سے بالاتر ہے۔ اللہ نے جو انسانوں کے لئے قانون بنایا ہے اس میں بے شمار حکمتیں ہیں اور خود انسانوں کے لئے اس میں بے پناہ فائدے ہیں اس لئے اگر انسان اللہ کے مکمل دین کو جاری وساری کرے اور انسانی تمدن اس کی سیاست، معیشت، عدالت سب کی سب اسی قانون کے مطابق ہو تو یقیناً آخرت کے ساتھ اس کی دنیا بھی سنور سکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اسی مقصد کے لئے اپنے پیغمبروں کو بھیجتے ہیں اور اسلامی حکومت قائم کرنیکا مقصد بھی اسلامی قانون کا اجراء ہوتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا

قَالُوْٓا	اِنْ	يَّسْرِقْ	فَقَدْ سَرَقَ	اَخٌ + لَّهٗ	مِنْ قَبْلُ
بولے	اگر	اس نے چرایا	تو چوری کی تھی	اس کا بھائی	اس سے قبل

فَاَسَرَّهَا

پس اسے چھپایا

بولے اگر اس نے چرایا تو چوری کی تھی اس سے قبل اس کے بھائی نے۔ پس یوسفؑ نے

يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ

يُوْسُفُ	فِيْ + نَفْسِهٖ	وَلَمْ يُبْدِهَا	لَهُمْ	قَالَ	اَنْتُمْ
یوسف	اپنے دل میں	اور وہ ظاہر نہ کیا	ان پر	کہا	تم

شَرٌّ

بدتر

(اس بات کو) اپنے دل میں چھپایا اور ان پر ظاہر نہ کیا۔ کہا تم بدتر درجہ میں

مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾

مَّكَانًا	وَاللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا تَصِفُوْنَ
درجہ میں	اور اللہ	خوب جانتا ہے	جو تم بیان کرتے ہو

ہو، اور تم جو بیان کرتے ہو اللہ خوب جانتا ہے۔

﴿۷۷﴾ قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ اَیْ یُوْسُفُ وَكَانَ سَرَقَ لِاَبِیْ اُمِّهٖ صَنَمًا مِّنْ ذَهَبٍ فَكَسَرَهٗ لِئَلَّا يَعْبُدَهٗ فَاَسَرَّهَا یُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ يُبْدِهَا یُظْهِرْهَا لَهُمْ وَالضَّمِيْرُ لِلْكَلِمَةِ الَّتِیْ فِیْ قَوْلِهٖ قَالَ فِيْ نَفْسِهٖٓ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا مِّنْ یُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ لِسَرِقَتِكُمْ اَخَاكُمْ مِنْ اَبِيْكُمْ وَظُلْمِكُمْ لَهٗ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ عَالِمٌ بِمَا تَصِفُوْنَ ○ تَذْكُرُوْنَ فِیْ اَمْرِهٖ

﴿۷۷﴾ یوسف کے بھائیوں نے کہا کہ اگر بنیامین نے چوری کی تو عجب نہیں کہ اس کے بھائی یوسف نے بھی اس سے پہلے چوری کی ہے (یوسفؑ نے اپنے نانا کا سونے کا بت چرا کر توڑ دیا تھا تاکہ وہ اس کی پرستش نہ کرے اس قصہ کی طرف ان بھائیوں نے اشارہ کیا) یوسفؑ نے اپنے جی میں یہ کہا کہ تم یوسف اور اس کے بھائی سے رتبہ میں بدتر ہو کہ تم نے اپنے بھائی کو اس کے باپ سے چرایا اور اس پر طرح طرح کے ظلم کئے۔ مگر یوسفؑ نے یہ بات ان سے پوشیدہ رکھی اور ان کے روبرو ظاہر نہ کی اور اللہ زیادہ جانتا ہے جو کچھ تم یوسف کے بارے میں ذکر کرتے ہو۔

تشریح

﴿۷۷﴾ **یہ کیا اس کا بھائی بھی چور تھا** جب چوری کا مال بن یمین کے سامان سے نکلا تو برادرانِ یوسف نے اپنی خفت مٹانے کے لئے کہا کہ اگر اس نے چوری کی تو کیا تعجب کی بات ہے اس کا ایک بھائی تھا وہ بھی چور تھا۔ حضرت یوسفؑ ان کا یہ جھوٹا الزام سنکر خاموش رہے اپنی حقیقت ان پر ظاہر نہیں کی دل دل میں کہا کہ تم بہت ہی برے لوگ ہو میرے منہ پر ہی جھوٹا الزام لگا رہے ہو حالانکہ اس کی حقیقت اللہ خوب جانتا ہے۔ یہ الزام تراشی برداشت کرنا یہ بھی حضرت یوسفؑ کے صبر کا امتحان تھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا

قَالُوْا	يٰٓاَيُّهَا	الْعَزِيْزُ	اِنَّ	لَهٗٓ	اَبًا	شَيْخًا	كَبِيْرًا	فَخُذْ	اَحَدَنَا
کہنے لگے	اے	عزیز	بیشک	اس کا	باپ	بوڑھا	بڑی عمر کا	پس (رکھ لے)	ہم میں سے ایک

کہنے لگے اے عزیز! بیشک اس کا باپ بڑی عمر کا بوڑھا ہے پس اس کی جگہ ہم میں سے ایک

مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۷۸﴾ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ

مَكَانَهٗ	اِنَّا + نَرٰىكَ	مِنَ	الْمُحْسِنِيْنَ	قَالَ	مَعَاذَ اللّٰهِ	اَنْ
اس کی جگہ	ہم دیکھتے ہیں تجھے	سے	احسان کرنے والے	اس نے کہا	اللہ کی پناہ	کہ

کو رکھ لے، ہم دیکھتے ہیں کہ تو احسان کرنے والوں میں سے ہے۔ اس نے کہا اللہ کی پناہ کہ اس

ع ۹ ۱۱ ۳ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿۷۹﴾

نَّاْخُذَ	اِلَّا	مَنْ	وَّجَدْنَا	مَتَاعَنَا	عِنْدَهٗٓ	اِنَّآ + اِذًا	لَّظٰلِمُوْنَ
ہم پکڑیں	سوا	جس کو	ہم نے پایا	اپنا سامان	اس کے پاس	بیشک ہم جب	البتہ ظالموں سے

کے سوا ہم (کسی اور کو) پکڑیں جس کے پاس ہم نے اپنا سامان پایا (اس صورت میں) ہم ظالموں سے ہونگے۔

﴿۷۸﴾ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا يُّحِبُّهٗ اَكْثَرَ مِنَّا وَيَكْفُلُهٗ عَنْ وَّلَدِهٖ الْهَالِكِ وَيَحْزُنُهٗ فِرَاقُهٗ فَخُذْ اَحَدَنَا اِسْتَعْبِدْهُ مَكَانَهٗ بَدَلًا مِّنْهُ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ فِيْ اَفْعَالِكَ

﴿۷۹﴾ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ نُصِبَ عَلَى الْمَصْدَرِ حُذِفَ فِعْلُهٗ وَاُضِيْفَ اِلَى الْمَفْعُوْلِ اَيْ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗ لَمْ يَقُلْ مَنْ سَرَقَ تَحَرُّزًا مِّنَ الْكَذِبِ اِنَّآ اِذًا اِنْ اَخَذْنَا غَيْرَهٗ لَظٰلِمُوْنَ ۝

﴿۷۸﴾ وہ کہنے لگے اے عزیز بیشک اس کا باپ ایک نہایت بوڑھا آدمی ہے اس کو بنیامین کی ہم سے زیادہ محبت ہے۔ اور اس کو دیکھ کر اپنے دوسرے بیٹے مرنے والے سے تسلی پکڑتا ہے اور اس کی جدائی کا اس کو زیادہ غم ہوگا پس اسکی جگہ ہم میں سے کسی ایک کو غلام بنا کر رکھ لے بیشک ہم تجھ کو نیکی میں محسن سمجھتے ہیں۔

﴿۷۹﴾ یوسفؑ نے کہا ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اس سے کہ کسی کو ناحق پکڑ لیویں مگر اسی کو جس کے پاس ہم نے اپنے اسباب یعنی صاع کو پایا ہے (یوسف نے یوں نہیں کہا کہ جس نے صاع چرایا جھوٹ سے بچنے کو کہ حقیقت میں بنیامین نے صاع کو چرایا نہ تھا) بلاشبہ اگر ہم کسی دوسرے شخص کو پکڑ لیں تو ناانصافوں میں شمار ہوں۔

تشریح

﴿۷۸﴾ برادران یوسف کی درخواست کہ بن یمین کی جگہ ہم میں سے کسی کو رکھ لیجئے

برادران یوسف نے درخواست کی کہ جناب والا بن یمین کے والد بہت بوڑھے ہیں وہ اسکی جدائی برداشت نہیں کرسکیں گے آپ صاحب کرم انسان ہیں بن یمین کی جگہ ہم میں سے کسی کو اپنے پاس روک لیجئے۔

﴿۷۹﴾ حضرت یوسفؑ کا جواب کہ یہ بات انصاف کے خلاف ہے

حضرت نے جواب دیا کہ اللہ کی پناہ ہم ایسا کیسے کرسکتے ہیں کہ کسی دوسرے شخص کو اپنے پاس رکھ لیں جس کے پاس ہمارا مال ملا ہے اس کو چھوڑ کر خود تمہارے فتوے کے مطابق کسی دوسرے کو رکھیں گے تو ہمارا شمار ظالموں میں ہوگا۔ انصاف یہی ہے کہ جس نے کیا ہے، وہی بھرے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ؕ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ

فَلَمَّا	اسْتَيْـَٔسُوْا	مِنْهُ	خَلَصُوْا	نَجِيًّا	قَالَ	كَبِيْرُهُمْ	اَلَمْ
پھر جب	وہ مایوس ہو گئے	اس سے	اکیلے ہو بیٹھے	مشورہ کیا	کہا	ان کا بڑا	کیا نہیں

پھر جب وہ اس سے مایوس ہو گئے تو مشورہ کرنے کے لئے اکیلے ہو بیٹھے، ان کے بڑے (بھائی) نے کہا کیا

تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ

تَعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اَبَاكُمْ	قَدْ + اَخَذَ	عَلَيْكُمْ	مَّوْثِقًا	مِّنَ	اللّٰهِ
تم جانتے	کہ	تمہارا باپ	لیا ہے	تم سے	پختہ عہد	سے (کا)	اللہ

تم نہیں جانتے کہ تمہارے باپ نے تم سے اللہ کا پختہ عہد لیا اور اس سے قبل تم نے

وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ

وَ	مِنْ قَبْلُ	مَا فَرَّطْتُّمْ	فِيْ	يُوْسُفَ	فَلَنْ	اَبْرَحَ
اور	اس سے قبل	جو تقصیر کی تم نے	بارہ میں	یوسف	پس ہرگز نہ	ٹلوں گا

یوسف علیہ السلام کے بارے میں تقصیر کی، پس میں ہرگز نہ ٹلوں گا

الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْٓ اَبِيْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ

الْاَرْضَ	حَتّٰى	يَاْذَنَ	لِيْٓ	اَبِيْٓ	اَوْ	يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ	وَهُوَ	خَيْرُ
زمین	یہاں تک	اجازت دے	مجھے	میرا باپ	یا	حکم دے (تدبیر نکالے اللہ میرے لئے)	اور وہ	سب سے

زمین سے (یہاں سے) یہاں تک کہ میرا باپ مجھے اجازت دے یا میرا اللہ میرے لئے کوئی تدبیر نکالے اور وہ

الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ

الْحٰكِمِيْنَ	اِرْجِعُوْٓا	اِلٰٓى	اَبِيْكُمْ	فَقُوْلُوْا	يٰٓاَبَانَآ	اِنَّ	ابْنَكَ	سَرَقَ
بہتر فیصلہ کرنیوالا	لوٹ جاؤ	طرف (پاس)	اپنا باپ	پس کہو	اے ہمارے باپ	بیشک	تمہارا بیٹا	چوری کی

سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔ اپنے باپ کے پاس لوٹ جاؤ، پس کہو اے ہمارے باپ! تمہارے بیٹے نے چوری کی اور ہم

وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۱﴾

وَمَا شَهِدْنَآ	اِلَّا	بِمَا	عَلِمْنَا	وَمَا كُنَّا	لِلْغَيْبِ	حٰفِظِيْنَ
اور نہیں گواہی دی ہم نے	مگر	جو	ہمیں معلوم تھا	اور ہم نہ تھے	غیب کے	نگہبان

نے گواہی نہیں دی تھی (صرف وہی کہا تھا) جو ہمیں معلوم تھا اور ہم غیب کے نگہبان (باخبر) نہ تھے

﴿۸۰﴾ فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ۔ پھر جب وہ بنیامین کے ملنے سے ناامید ہو گئے علیحدہ ہو کر باہم مشورہ کرنے لگے۔ انہیں سے عمر میں بڑے

﴿۸۰﴾ فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا اِعْتَزَلُوْا نَجِيًّا مَصْدَرٌ يَصْلُحُ لِلْوَاحِدِ وَغَيْرِهٖ اَيْ يُنَاجِيْ

toobaa-elibrary.blogspot.com

بَعْضُهُمْ بَعْضًا قَالَ كَبِيرُهُمْ أَلَمْ تَعْلَمُوا أَنَّ أَبَاكُمْ قَدْ أَخَذَ عَلَيْكُمْ مَوْثِقًا مِنَ اللَّهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُمْ فِي يُوسُفَ فَلَنْ أَبْرَحَ الْأَرْضَ حَتَّىٰ يَأْذَنَ لِي أَبِي أَوْ يَحْكُمَ اللَّهُ لِي وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ ۝

روبیل یا تدبیر و رائے میں بڑے یہودا نے کہا کہ تم کو معلوم ہے کہ تمہارے باپ نے اس تمہارے بھائی بنیامین کے بارے میں تم سے اللہ کی قسمیں اور عہد لئے ہیں اور اس سے پہلے تم یوسف کے بارے میں بڑا قصور کر چکے ہو سو میں زمین مصر سے جدا نہ ہوں گا یہاں تک کہ میرا باپ مجھ کو اجازت دیدے یا جانے کی دے اور بلا دے۔ یا اللہ میرے لئے مقدر کرے کہ میرا بھائی چھوٹ جائے اور وہ بڑا انصاف والا ہے۔

(۸۱) ارْجِعُوا إِلَىٰ أَبِيكُمْ فَقُولُوا يَا أَبَانَا إِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ وَمَا شَهِدْنَا إِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حَافِظِينَ ۝ وَاسْأَلِ الْقَرْيَةَ الَّتِي كُنَّا فِيهَا وَالْعِيرَ الَّتِي أَقْبَلْنَا فِيهَا وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ۝

(۸۱) تم جاؤ اپنے باپ کے پاس، سو اس سے کہو کہ اے ہمارے باپ بے شک تیرے بیٹے نے چوری کی اور ہم نے اس کی چوری پر اسی وقت گواہی دی کہ یقیناً جان لیا کہ اس نے چوری کی اور صاع کو اس کے اسباب میں دیکھا اور ہم غیب داں نہیں تھے جبکہ ہم نے تجھ سے عہد اسکے لانے کا کیا ہم کو کیا خبر تھی کہ وہ ایسا کریگا اگر ہم جانتے کہ وہ چوری کریگا تو اس کو کبھی ساتھ نہ لیتے۔

تشریح

(۸۰) برادرانِ یوسف کا باہمی مشورہ | اس طرف سے مایوس ہو کر برادرانِ یوسف ایک طرف کو جا کر آپس میں مشورہ کرنے لگے کہ اب کیا کرنا چاہیے اکثر کی رائے یہ ہوئی کہ ہم وطن واپس چلے جائیں۔ بھائیوں میں جو بڑا سمجھ دار تھا اس نے کہا کہ اب ہم کیا منھ لے کر باپ کے سامنے جائیں گے۔ انہوں نے جو ہم سے وعدہ لیا تھا اس کا کیا جواب دیں گے۔ یوسف کے معاملے میں جو زیادتی ہو چکی ہے وہ بھی تمہیں سب کو معلوم ہے اس کی وجہ سے اب تک ہمارے والد پر غم کا اثر ہے اب یہاں بن یمین کو چھوڑ کر سب کا چلا جانا بڑی بے غیرتی کی بات ہوگی میں تو اب یہاں سے ٹلنے والا نہیں ہوں جب تک کہ میرے والد مجھے اجازت نہ دیں یا پھر اللہ کی طرف سے ہی کوئی فیصلہ ہو جائے کہ میں کسی تدبیر سے بن یمین کو چھڑا سکوں یہ بھائی سمجھدار اور نرم دل تھا اس نے اس وقت بھی جب بھائی یوسف ؑ کو قتل کرنا چاہتے تھے یہی کہا تھا کہ یوسف کو قتل مت کرو۔

(۸۱) تم لوگ جا کر والد صاحب کو سب صورت حال بتا دو | مجھے یہاں چھوڑ کر تم سب لوگ چلے جاؤ اور جا کر والد صاحب کو بتا دو کہ ایسا واقعہ پیش آگیا جس کی کوئی امید نہیں تھی آپ کے بیٹے نے چوری کی ہے ہم نے اسے اپنی آنکھوں سے چوری کرتے ہوئے نہیں دیکھا پس جو کچھ ہمارے سامنے ہوا ہے وہی بیان کر رہے ہیں غیب کی بات ہمیں معلوم نہیں ہے اور جو کچھ پیش آنے والا ہے ہم اس کی نگہبانی نہیں کر سکتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَسْئَلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِيْ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ؕ وَاِنَّا

وَسْئَلِ	الْقَرْيَةَ	الَّتِيْ	كُنَّا	فِيْهَا	وَالْعِيْرَ	الَّتِيْ	اَقْبَلْنَا	فِيْهَا	وَاِنَّا
اور پوچھ لیں	بستی	جو۔جس	ہم تھے	اس میں	اور قافلہ	جو۔جس	ہم آئے	اس میں	اور بیشک ہم

اور پوچھ لیں اس بستی سے جس میں ہم تھے، اور اس قافلے سے جس میں ہم آئے ہیں اور بیشک

لَصٰدِقُوْنَ ﴿۸۲﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ

لَصٰدِقُوْنَ	قَالَ	بَلْ	سَوَّلَتْ	لَكُمْ	اَنْفُسُكُمْ	اَمْرًا	فَصَبْرٌ
سچے	اس نے کہا	بلکہ	بنالی ہے	تمہارے لئے	تمہارا دل	ایک بات	پس صبر

ہم سچے ہیں۔ اس نے کہا (نہیں) بلکہ تمہارے دل نے بنا لی ہے ایک بات، پس صبر ہی

جَمِيْلٌ ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِيَنِيْ بِهِمْ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ

جَمِيْلٌ	عَسَى	اللّٰهُ	اَنْ يَّاْتِيَنِيْ	بِهِمْ	جَمِيْعًا	اِنَّهٗ	هُوَ	الْعَلِيْمُ
اچھا	شاید	اللہ	کہ میرے پاس لے آئے	انہیں	سب کو	بیشک وہ	وہ	جاننے والا

اچھا ہے، شاید اللہ ان سب کو میرے پاس لے آئے، بیشک وہ جاننے والا ہے

الْحَكِيْمُ ﴿۸۳﴾ وَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰۤاَسَفٰى عَلٰى يُوْسُفَ وَ

الْحَكِيْمُ	وَتَوَلّٰى	عَنْهُمْ	وَقَالَ	يٰۤاَسَفٰى	عَلٰى	يُوْسُفَ	وَ
حکمت والا	اور منہ پھیر لیا	ان سے	اور کہا	ہائے افسوس	پر	یوسف	اور

حکمت والا ہے اور ان سے منہ پھیر لیا اور کہا ہائے افسوس، یوسفؑ پر اور اس کی

ابْيَضَّتْ عَيْنٰهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۸۴﴾

ابْيَضَّتْ	عَيْنٰهُ	مِنَ	الْحُزْنِ	فَهُوَ	كَظِيْمٌ
سفید ہوگئیں	اسکی آنکھیں	سے	غم	پس وہ	گھونٹ رہا تھا

آنکھیں سفید ہو گئیں غم سے پس وہ گھونٹ رہا تھا (غم ضبط کر رہا تھا)

(۸۲) وَاسْئَلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا هِيَ مِصْرُ اَيْ اَرْسِلْ اِلٰى اَهْلِهَا فَاسْئَلْهُمْ وَالْعِيْرَ اَيْ اَصْحَابَ الْعِيْرِ الَّتِيْ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ؕ وَهُمْ قَوْمٌ مِّنْ كِنْعَانَ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ۝ فِيْ قَوْلِنَا فَرَجَعُوْا اِلَيْهِ وَقَالُوْا لَهٗ ذٰلِكَ

(۸۳) قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ زَيَّنَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ

(۸۲) اور جس شہر میں ہم تھے یعنی مصر اس کے رہنے والوں سے اس قصہ کو تحقیق کر لے اور جس قافلے میں ہم تھے یعنی کنعان کے چند آدمی ان سے بھی اس کو پوچھ لے اور بیشک ہم اپنی بات میں سچے ہیں پس وہ سب بھائی موافق رائے اپنے بڑے بھائی کے کنعان کو واپس آئے اور یعقوبؑ سے اسیطرح کہا۔

(۸۳) یعقوبؑ نے اس کو سنکر کہا بلکہ اچھا کر دیا تمہارے لئے تمہاری جانوں نے

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَمْرًا ۚ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ عَسَى اللَّهُ أَنْ يَأْتِيَنِي بِهِمْ
جَمِيعًا ۚ إِنَّهُ هُوَ
الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ۝ فِي صُنْعِهِ
(۸۴) وَتَوَلَّىٰ عَنْهُمْ وَقَالَ
يَا أَسَفَىٰ عَلَىٰ يُوسُفَ وَابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ
مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيمٌ ۝ مَغْمُومٌ
مَكْرُوبٌ لَا يُظْهِرُ كَرْبَهُ

ایک امر سو تم اس کو کر گذرے (یعقوبؑ نے اس قصہ میں بھی انکو جھوٹا سمجھا اسلئے کہ پہلے یوسف کے بارے میں یہ جھوٹ بول چکے تھے) سو میرا کام صبر کرنے کا اور شکایت نہ کرنے کا ہے امید ہے اللہ ان سب یعنی یوسف اور اس کے دونوں بھائیوں کو مجھ سے ملا دیگا بیشک وہ خوب جانتا ہے میرے حال کو حکمت والا ہے اپنے افعال میں

(۸۴) اور یہ کہہ کر یعقوب اپنے بیٹوں سے جدا ہوا اور ان سے خطاب چھوڑ کر علیحدہ یہ کہنے لگا اے افسوس یوسفؑ کی جدائی پر (اَسَفَا کا الف عوض یاء اضافت کے ہے جس کے معنی یہ ہیں اے غم میرے) اور یعقوبؑ کی دونوں آنکھیں روتے روتے سفید ہوگئیں اور ان کی سیاہی اور روشنی جاتی رہی بسبب شدت فراق یوسف کے سو وہ مغموم ستم رسیدہ تھا اپنی مصیبت اور تکلیف کو

تشریح

(۸۲) واقعہ کی سچائی معلوم کرنے کیلئے آپ معتبر آدمیوں سے معلوم کرسکتے ہیں | برادرانِ یوسف نے اپنے والد کو یقین دلایا کہ جو کچھ ہم کہہ رہے ہیں وہ سب سچ سچ کہہ رہے ہیں آپ معتبر آدمی بھیج کر بستی والوں سے معلوم کرلیں ان قافلے والوں سے بھی تحقیق ہوسکتی ہے جو ہمارے ساتھ گئے تھے اور واپس آئے ہیں ہم اپنے بیان میں بالکل سچے ہیں۔ ہم نے کوئی جھوٹ بات نہیں گھڑی ہے۔

(۸۳) حضرت یعقوبؑ کی استقامت | معاملہ بڑا سنگین تھا حضرت یعقوبؑ اس سے پہلے اپنے بہت ہی عزیز بیٹے کو کھو چکے تھے اب یہ بے ماں کا سب سے چھوٹا بیٹا بن یمین تھا جو حضرت یوسفؑ کے بعد انکی آنکھوں کی ٹھنڈک تھا۔ بڑے وعدے وعید لیکر نہ جانے کس دل سے بن یمین کو بھائیوں کے ساتھ بھیجا تھا۔ اب بن یمین کا جدا ہوجانا بڑا بھاری امتحان تھا۔ لیکن یہ اللہ کے نبی ہیں صبر، توکل اور اللہ کے ساتھ تعلق کا انتہائی اعلیٰ نمونہ نبی کی سیرت میں ملتا ہے اتنی بڑی بات سنکر پائے استقامت میں ذرا فرق نہیں آیا کوئی حرف شکایت زبان پر نہیں آیا۔ آیا تو اتنا کہ بات یہ نہیں ہے کہ میرا بیٹا چور ہے میں اپنے بیٹے کی عادت اور اس کے اخلاق سے خوب واقف ہوں کیا اس جیسی طبیعت کا آدمی ایک پیالے کی چوری کرسکتا ہے؟ چور خود تمہارے دل میں ہے پہلے ایک بھائی کو جان بوجھ کر گم کردینا اسکی قمیض پر جھوٹا خون لے آنا جس طرح تمہارے لئے وہ بات آسان تھی اسی طرح تمہارے لئے یہ بات آسان ہے کہ تم نے آسانی سے اپنے بھائی کو چور مان لیا اور یہ کہہ کر کہ اس کا بھائی بھی چور تھا اسکے اس کے جرم کو اور پختہ کردیا اگر تمہارے دل میں کھوٹ نہ ہوتا تو تم اپنے بھائی کی مدافعت کرتے اور بتاتے کہ یہ ممکن ہے کہ کسی اور نے بن یمین کے سامان میں پیالہ رکھ دیا ہو مگر میں صبر ہی کرونگا اور اچھی طرح صبر کروں گا کوئی شکایت میری زبان پر نہ آئے گی ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ نے اسی میں بہتری رکھی ہو، اور وہ پھر ان سب کو مجھ سے ملا دے وہ سب کچھ جانتا ہے اس کے تمام کام حکمت پر مبنی ہوتے ہیں۔

(۸۴) حضرت یعقوب صبر کا پہاڑ | غم معمولی نہ تھا ایک بیٹے کے بعد اب دوسرے بیٹے کا غم نیا زخم کھا کر پرانا زخم ہرا ہوگیا۔ حضرت یعقوب بے اختیار پکار اٹھے ہائے یوسف، افسوس تم کہاں ہو، ان کا دل غم سے گھٹا جارہا تھا اور آنکھیں سفید پڑگئی تھیں ایسا لگتا تھا کہ ان آنکھوں میں سارا نور ختم ہوچکا ہے پھٹی پھٹی بے رونق آنکھیں گم شدہ بچوں کو تلاش کررہی تھیں وہ غم جو مدت سے سینے میں دبا رکھا تھا وہ طوفان جس کو دل میں چھپا رکھا تھا غم کی شدت سے آج زبان پکار اٹھی، یَا اَسَفٰی عَلٰی یُوْسُفَ

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ

قَالُوْا	تَاللّٰهِ	تَفْتَؤُا	تَذْكُرُ	يُوْسُفَ	حَتّٰى	تَكُوْنَ	حَرَضًا	اَوْ
وہ بولے	اللہ کی قسم	تو ہمیشہ رہیگا	یاد کرتا	یوسف	یہاں تک کہ	تم ہو جاؤ	بیمار	یا

وہ بولے اللہ کی قسم! تم ہمیشہ یوسف کو یاد کرتے رہو گے یہاں تک کہ تم ہو جاؤ بیمار یا

تَكُوْنَ مِنَ الْهٰلِكِيْنَ ﴿۸۵﴾ قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ

تَكُوْنَ	مِنَ	الْهٰلِكِيْنَ	قَالَ	اِنَّمَآ	اَشْكُوْا	بَثِّيْ	وَحُزْنِيْٓ
ہو جاؤ	سے	ہلاک ہونیوالے	اس نے کہا	میں تو صرف	بیان کرتا ہوں	اپنی بیقراری	اور اپنا غم

ہلاک ہو جاؤ۔ اس نے کہا میں تو اپنی بے قراری اور اپنا غم بیان کرتا ہوں

اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا

اِلَى	اللّٰهِ	وَاَعْلَمُ	مِنَ	اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ	يٰبَنِيَّ	اذْهَبُوْا
طرف (سامنے)	اللہ	اور جانتا ہوں	سے	اللہ	جو	تم نہیں جانتے	اے میرے بیٹو	تم جاؤ

صرف اللہ کے سامنے اور اللہ (کی طرف) سے جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ اے میرے بیٹو! تم جاؤ

فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ

فَتَحَسَّسُوْا	مِنْ	يُّوْسُفَ	وَاَخِيْهِ	وَلَا تَايْـَٔسُوْا	مِنْ	رَّوْحِ اللّٰهِ
پس کھوج نکالو	سے (کا)	یوسف	اور اس کا بھائی	اور نہ مایوس ہو	سے	اللہ کی رحمت

پس کھوج نکالو یوسفؑ کا اور اس کے بھائی کا اور اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو

اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾

اِنَّهٗ	لَا يَايْـَٔسُ	مِنْ	رَّوْحِ اللّٰهِ	اِلَّا	الْقَوْمُ	الْكٰفِرُوْنَ
بیشک وہ	مایوس نہیں ہوتے	سے	اللہ کی رحمت	مگر	لوگ	کافر (جمع)

بیشک اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہوتے مگر کافر لوگ۔

﴿۸۵﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَا تَفْتَؤُا تَزَالُ تَذْكُرُ يُوْسُفَ حَتّٰى تَكُوْنَ حَرَضًا مُّشْرِفًا عَلَى الْهَلَاكِ لِطُوْلِ مَرَضِكَ وَهُوَ مَصْدَرٌ يَسْتَوِيْ فِيْهِ الْوَاحِدُ وَغَيْرُهٗ اَوْ تَكُوْنَ مِنَ الْهَالِكِيْنَ ○ الْمَوْتٰى

﴿۸۵﴾ اس کے بیٹوں نے جو موجود تھے کہا بخدا تو کبھی یوسف کی یاد نہ چھوڑیگا اور اس کو نہ بھولے گا یہاں تک کہ تو بسبب درازی مرض کے موت کے نزدیک پہنچ جاویگا (مرض مصدر ہے واحد جمع سب کے لئے یکساں آتا ہے) یا ہو جاویگا تو مرنے والوں میں سے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۸۶) قَالَ اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○ (۸۷) يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ○ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ

(۸۶) یعقوبؑ نے ان سے کہا کہ میں اپنی سخت مصیبت اور غم کی شکایت اللہ ہی سے کرتا ہوں اس کے سوا کسی اور سے نہیں کرتا کہ اسی کے سامنے شکایت کرنا اور اپنا حال ظاہر کرنا نفع دیتا ہے (بثّ اس سخت مصیبت اور رنج کو کہتے ہیں جس پر صبر نہ ہو سکے یہاں تک کہ لوگوں کے سامنے اسکے اظہار کی نوبت آوے) اور میں اللہ کی طرف سے وہ بات جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے یعنی یہ کہ یوسف کے خواب سچے تھے اور وہ زندہ موجود ہے۔ پھر کہا۔

(۸۷) اے میرے بیٹو جاؤ پس تلاش کرو حال یوسفؑ اور اس کے بھائی بنیامین کا اور اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو بیشک بات یہ ہے کہ اللہ کی رحمت سے کوئی ناامید نہیں ہوتا سوا کافروں کے سو وہ چلے مصر کی طرف تلاش یوسف میں۔

تشریح

(۸۵) آپ تو یوسف کو ہی یاد کرتے رہیں گے — حضرت یعقوبؑ کو حضرت یوسفؑ سے غیر معمولی محبت تھی۔ یوں تو ہر باپ کو اپنی اولاد سے محبت ہوتی ہے لیکن ہونہار اور فرماں بردار بیٹے سے تعلق کچھ زیادہ ہی بڑھ جاتا ہے۔ حضرت یوسفؑ ایک غیر معمولی سیرت کے انسان تھے۔ حضرت یعقوب جو نبی تھے اور وہ اپنے بیٹے میں آثار نبوت کی پرچھائیاں محسوس کر رہے تھے خصوصاً حضرت یوسف کا وہ خواب جو انہوں نے دیکھا تھا اور اپنے والد سے اس کا ذکر کیا تھا وہ خواب آنے والے وقت کی بشارت تھا اس لئے حضرت یوسفؑ کی یاد کا غم ایسا نہ تھا جس کو بھلایا جا سکے۔ حضرت یعقوبؑ کے بیٹوں نے ان کے غم و حزن کو دیکھ کر کہا کہ بخدا آپ یوسف کی یاد کو نہیں چھوڑیں گے۔ اب تو نوبت یہ آگئی ہے کہ آپ اس کے غم میں اپنے آپ کو بھلا دیں گے یا کہیں اپنی جان ہی کو ہلاک نہ کر ڈالیں۔

(۸۶) حضرت یعقوب کا جواب کہ خالق کے آگے دردِ دل کی شکایت صبر کے خلاف نہیں ہے — حضرت یعقوبؑ نے بیٹوں کو جواب دیا کہ تم میرے غم و حزن کو دیکھ کر سمجھتے ہو کہ میں صبر نہیں کر رہا ہوں۔ بے صبری وہ ہے کہ مخلوق کے سامنے خالق کے دئے ہوئے درد کی شکایت کرے۔ میں تو اپنی شکایت اور اپنی پریشانی کا اظہار اللہ کے علاوہ کسی سے نہیں کرتا میری فریاد اسی سے ہے جس نے یہ درد دیا ہے۔ یہ بات صبر کے خلاف نہیں ہے اور اللہ کی طرف سے جو بات مجھے معلوم ہے وہ تمہیں معلوم نہیں ہے۔

(۸۷) حضرت یعقوب کا بیٹوں کو حکم کہ جاکر یوسف اور اس کے بھائی کو تلاش کرو — حضرت یعقوبؑ نے بیٹوں کو حکم دیا کہ گھر میں ہاتھ پیر توڑ کر بیٹھنے سے کام نہیں چلیگا میرے بچو! جاکر یوسف اور اس کے بھائی کی کچھ ٹوہ لگاؤ اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ صاحب ایمان کا یہ شیوہ نہیں ہے کہ وہ پست ہمتی دکھائے اور اللہ کی رحمت سے مایوس ہو کر بیٹھ جائے اللہ کی رحمت سے مایوس وہی ہوتے ہیں جن کے دلوں میں ایمان نہیں ہے۔ یوسف کی کھوج لگاؤ اور بن یمین کو چھڑانے کا کوئی ذریعہ تلاش کرو کچھ تعجب نہیں کہ اللہ ہم سب کو پھر جمع کر دے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا

فَلَمَّا	دَخَلُوْا	عَلَيْهِ	قَالُوْا	يٰٓاَيُّهَا	الْعَزِيْزُ	مَسَّنَا	وَاَهْلَنَا
پھر جب	وہ داخل ہوئے	اس پر سامنے	انہوں نے کہا	اے	عزیز	ہمیں پہنچی	اور ہمارے گھر

پھر جب وہ اس کے سامنے داخل ہوئے انہوں نے کہا اے عزیز! ہمیں اور ہمارے گھر کو پہنچی ہے

الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ

الضُّرُّ	وَجِئْنَا	بِبِضَاعَةٍ	مُّزْجٰىةٍ	فَاَوْفِ	لَنَا	الْكَيْلَ	وَتَصَدَّقْ
سختی	اور ہم آئے	پونجی کے ساتھ (لے کر)	نکمی (ناقص)	پس پوری دیں	ہمیں	ناپ (غلہ)	اور صدقہ کریں

سختی اور ہم ناقص پونجی لے کر آئے ہیں، ہمیں پورا ناپ (غلہ) دیں اور ہم پر صدقہ

عَلَيْنَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ۝۸۸

عَلَيْنَا	اِنَّ	اللّٰهَ	يَجْزِي	الْمُتَصَدِّقِيْنَ
ہم پر (ہیں)	بیشک	اللہ	جزا دیتا ہے	صدقہ کرنے والے

کریں بیشک اللہ صدقہ کرنے والوں کو جزا دیتا ہے۔

(۸۸) فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ۝ يُنَبِّئُهُمْ فَرَقَ عَلَيْهِمْ وَاَدْرَكَتْهُ الرَّحْمَةُ وَرَفَعَ الْحِجَابَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُمْ۔

(۸۸) پس جب پہنچے عزیز مصر کے پاس کہنے لگے کہ اے عزیز ہم کو اور ہمارے گھر والوں کو بھوک نے ستایا اور ہم نکمی پونجی لائے ہیں جس کو جو کوئی دیکھتا ہے ردد کرتا ہے قبول نہیں کرتا بسبب اس کے ردی اور نکمے ہونے کے (اور وہ چند درہم کھوٹے تھے یا کچھ اور اس کے سوا) سوائے عزیز پورا ناپ ہمارے لئے غلہ اور صدقہ کر اوپر ہمارے اور ہماری پونجی کے نکمی ہونے پر خیال نہ کر چشم پوشی کر بیشک اللہ اچھا بدلہ اور ثواب دیتا ہے صدقہ کرنے والوں کو۔ پس یوسفؑ کو یہ کلام سنکر رقت آئی اور ان پر مہربان ہوا اور پردہ اٹھالیا جو درمیان میں پڑا ہوا تھا یعنی یوسف کے چہرہ پر جو پردہ تھا اسکو علیحدہ کر دیا۔

تشریح

(۸۸) برادرانِ یوسف دوبارہ مصر گئے باپ کا حکم سن کر اور ان کی نصیحت سمجھ کر کہ وہ مایوس نہ ہوں، یوسف کو تلاش کریں اور بھائی کو چھڑانے کی کوشش کریں، برادرانِ یوسف ایک بار پھر مصر آئے اور حضرت یوسف کے دربار میں حاضر ہو کر درخواست کی کہ ہم اور ہمارے گھر کے لوگ قحط کی پریشانی میں مبتلا ہیں ہم کچھ تھوڑی سی پونجی لے کر آئے ہیں یہ تھوڑی سی پونجی غلے کی قیمت تو نہیں ہو سکتی آپ ہماری پریشانی کو دیکھتے ہوئے خیرات سمجھ کر بھرپور غلہ عنایت فرما دیں اللہ تعالیٰ خیرات دینے والوں کو جزا دیتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَ اَخِيْهِ اِذْ

قَالَ	هَلْ	عَلِمْتُمْ	مَّا فَعَلْتُمْ	بِيُوْسُفَ	وَ اَخِيْهِ	اِذْ
کہا	کیا	تمہیں خبر ہے	کیا تم نے کیا ہے؟	یوسف کے ساتھ	اور اس کا بھائی	جب

(یوسفؑ نے) کہا کیا تمہیں خبر ہے؟ تم نے یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا (سلوک) کیا؟

اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿۸۹﴾ قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ؕ قَالَ

اَنْتُمْ	جٰهِلُوْنَ	قَالُوْٓا	ءَاِنَّكَ	لَاَنْتَ	يُوْسُفُ	قَالَ
تم	نادان	وہ بولے	کیا تم	تم ہی	یوسف	اس نے کہا

جب تم نادان تھے۔ وہ بولے کیا تم ہی یوسف ہو؟ اس نے کہا

اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ ۫ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا ؕ اِنَّهٗ

اَنَا	يُوْسُفُ	وَهٰذَآ	اَخِيْ	قَدْ + مَنَّ	اللّٰهُ	عَلَيْنَا	اِنَّهٗ
میں	یوسف	اور یہ	میرا بھائی	البتہ احسان کیا ہے	اللہ	ہم پر	بیشک وہ

میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے، اللہ نے البتہ ہم پر احسان کیا ہے بیشک

مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

مَنْ يَّتَّقِ	وَيَصْبِرْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُضِيْعُ	اَجْرَ
جو ڈرتا ہے	اور صبر کرتا ہے	تو بیشک	اللہ	ضائع نہیں کرتا	اجر

جو ڈرتا ہے اور صبر کرتا ہے تو بیشک اللہ ضائع نہیں کرتا نیکی کرنے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۰﴾

الْمُحْسِنِيْنَ۔
نیکی کرنے والے
والوں کا اجر

﴿۸۹﴾ ثُمَّ قَالَ لَهُمْ تَوْبِيْخًا هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ مِنَ الضَّرْبِ وَالْبَيْعِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ وَاَخِيْهِ مِنْ هَضْمِكُمْ لَهٗ بَعْدَ فِرَاقِ اَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ○ مَا يَؤُوْلُ

﴿۸۹﴾ پھر ازراہ سرزنش انکو کہا، تم جانتے ہو کہ تم نے یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا کیا بے اعتدالیاں کیں اس کو مارا اور غلام بنا کر فروخت کیا اور اس کے سوا بہت زیادتی کی اور اس کے بھائی کی دل شکنی کی اور اس کو اسکے بھائی یوسف سے جدا ہونے کے بعد تنگ کیا اور شکستہ خاطر رکھا جبکہ تم جاہل اور بے خبر تھے کہ یوسف کس مرتبہ تک پہنچیگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فیصل

(۹۰) اِلَيْهِ اَمْرَ يُوْسُفَ قَالُوْٓا بَعْدَ اَنْ عَرَفُوْهُ لَمَا ظَهَرَ مِنْ شَمَائِلِهٖ مُسْتَثْبِتِيْنَ ع اِنَّكَ بِتَحْقِيْقِ الْهَمْزَتَيْنِ وَتَسْهِيْلِ الثَّانِيَةِ وَاِدْخَالُ اَلِفٍ بَيْنَهُمَا عَلَى الْوَجْهَيْنِ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ط قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ قَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا بِالْاِجْتِمَاعِ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ يَخَفِ اللّٰهَ وَيَصْبِرْ عَلٰى مَا يَنَالُهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ○ فِيْهِ وَضْعُ الظَّاهِرِ مَوْضِعَ الْمُضْمَرِ۔

(۹۰) انہوں نے یہ کلام سنکر یوسف کو پہچان لیا انکی صورت شکل عادات واطلاق سے اور پھر زیادتی تحقیق کے لئے پوچھا کیا تو یوسف ہی ہے (ءَاِنَّكَ کے ہر دو ہمزہ کو ثابت رکھا جائے یا دوسرے ہمزہ کو بین بین پڑھا جائے اور دونوں صورتوں میں ان کے درمیان الف پڑھا جاوے یہ سب صورتیں درست ہیں) وہ بولا میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے بیشک اللہ نے ہم پر احسان فرمایا کہ ہم کو ملایا بیشک بات یہ ہے کہ جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے اور جو کچھ اسکو پیش آوے اس پر صبر کرتا ہے تو اللہ اس کو اجر عطا فرماتا ہے کہ بلاشبہ اللہ نیک لوگوں کا ثواب ضائع نہیں فرماتا۔

تشریح

(۸۹) **بھائیوں کی حالت دیکھ کر حضرت یوسف تڑپ اُٹھے** برادرانِ یوسف نے جس عاجزی کے ساتھ گھر کے حالات بیان کئے کہ ہمارا سب گھر کا مال واسباب قحط کی وجہ سے ختم ہو چکا ہے اور ہم سب اس پریشانی میں مبتلا ہیں۔ بھائیوں کی یہ حالت دیکھ کر اور گھر کے یہ حالات سُن کر حضرت یوسفؑ کا دردمند دل تڑپ اٹھا۔ اب وقت آگیا تھا کہ وہ اپنی شخصیت اپنے بھائیوں پر ظاہر کریں۔ حضرت یوسف نے بھائیوں سے کہا کہ تم نے نادانی میں یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا کیا، یہ تمہیں معلوم ہے۔

(۹۰) **کیا آپ ہی یوسف ہیں؟** برادرانِ یوسف چونک کر بولے، ہائیں کیا آپ ہی یوسف ہیں۔ بڑا عجیب منظر تھا۔ وہ بھائی جس کو حسد اور دشمنی کی وجہ سے گھر سے دُور کنویں میں پھینک آئے تھے اور یہ سمجھتے تھے کہ معلوم نہیں اب وہ کہاں ہوگا، آج وہی بھائی عزت کے ساتھ مصر کے تخت پر بیٹھا تھا اور وہ اس کے سامنے عاجزی کے ساتھ غلّے کی بھیک مانگ رہے تھے۔ اس بھائی کی مروّت اور اخلاق کی انتہا ہے کہ وہ نہ اپنے بھائیوں کو طعنہ دیتا ہے نہ شرمندہ کرتا ہے بلکہ کہتا ہے کہ جو کچھ تم نے کیا وہ نادانی اور لاعلمی میں کیا جب تم کو سمجھ نہ تھی۔

یوسف نے کہا کہ ہاں میں ہی یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے۔ اللہ نے ہم پر احسان فرمایا۔ اگر کوئی تقویٰ اور صبر سے کام لے تو حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ اپنے نیک بندوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔ نہ کوئی شکوہ ہے نہ تکبر ہے بلکہ اللہ کے احسان کو یاد کرکے اسکی شکر گزاری ہے۔ یہی وہ پیغمبرانہ اخلاق اور اعلیٰ کردار ہے جس کی تعلیم اور تربیت کے لئے اللہ تعالیٰ پیغمبروں کو بھیجتے ہیں۔ حضرت یوسف تختِ مصر پر بیٹھ کر بھی اللہ کے دین کی دعوت کا کام انجام دے رہے ہیں۔ یہ حکومت اور اقتدار بھی کارِ دعوت کا ایک وسیلہ تھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا

قَالُوْا	تَاللّٰهِ	لَقَدْ + اٰثَرَكَ	اللّٰهُ	عَلَيْنَا	وَاِنْ	كُنَّا
کہنے لگے	اللہ کی قسم	تجھے پسند کیا (فضیلت دی)	اللہ	ہم پر	اور بیشک	ہم تھے

کہنے لگے اللہ کی قسم! اللہ نے تجھے ہم پر فضیلت دی ہے اور ہم بے شک خطاوار

لَخٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۱﴾ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ؕ يَغْفِرُ

لَخٰطِـِٕيْنَ	قَالَ	لَا تَثْرِيْبَ	عَلَيْكُمُ	الْيَوْمَ	يَغْفِرُ
خطاوار	اس نے کہا	ملامت نہیں	تم پر	آج	بخشنے والا

تھے۔ اس نے کہا آج تم کوئی ملامت (الزام) نہیں۔ اللہ تمہیں

اللّٰهُ لَكُمْ ۫ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ

اللّٰهُ	لَكُمْ	وَهُوَ	اَرْحَمُ	الرّٰحِمِيْنَ	اِذْهَبُوْا	بِقَمِيْصِيْ
اللہ	تم کو	اور وہ	سب سے زیادہ مہربان	مہربانی کرنے والے	تم جاؤ	میری قمیض لے کر

بخشے، وہ سب سے زیادہ مہربان ہے مہربانی کرنے والوں سے۔ تم میری یہ قمیض لے کر ع ۱۰ ۱۴ ۴

هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۳﴾

هٰذَا	فَاَلْقُوْهُ	عَلٰى	وَجْهِ	اَبِيْ	يَاْتِ	بَصِيْرًا	وَاْتُوْنِيْ	بِاَهْلِكُمْ	اَجْمَعِيْنَ
یہ	پس ڈالو اسکو	پر	چہرہ	میرے باپ	آئیگا	بینا ہوکر	اور میرے پاس آؤ (لے آؤ)	اپنے گھر والوں کو	تمام (سارے

جاؤ پس اسکو میرے باپ کے چہرے پر ڈالو وہ بینا ہو جائیں گے اور میرے پاس اپنے تمام گھر والوں کو لے آؤ۔

﴿۹۱﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ نَفَّلَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا بِالْمُلْكِ وَغَيْرِهٖ وَاِنْ مُخَفَّفَةٌ اَيْ اِنَّا كُنَّا لَخٰطِـِٕيْنَ ○ اٰثِمِيْنَ فِيْ اَمْرِكَ فَاَذَلَّنَا لَكَ۔

﴿۹۲﴾ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عِتْبٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ خَصَّهٗ بِالذِّكْرِ لِاَنَّهٗ مَظِنَّةُ التَّثْرِيْبِ فَغَيْرُهٗ اَوْلٰى يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○

﴿۹۳﴾ وَسَاَلَهُمْ عَنْ اَبِيْهِ فَقَالُوْا ذَهَبَتْ عَيْنَاهُ فَقَالَ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا

﴿۹۱﴾ یوسف کے بھائیوں نے کہا کہ قسم ہے اللہ کی بلاشبہ اُسنے تجھ کو ہم پر بزرگی دی باعتبار بادشاہت وغیرہ کے اور بہ تحقیق ہم تیرے معاملہ میں گنہگار خطا کار تھے سو اسی سبب اللہ نے ہم سب کو تیرے سامنے ذلیل اور تیرا محتاج کیا۔

﴿۹۲﴾ یوسف نے کہا آج تم پر کوئی عتاب اور سرزنش نہیں (یوسف نے عتاب نہ ہونا اس دن کے ساتھ خاص کیا کیونکہ گمان عتاب کرنے کا اگر تھا اسی دن تھا جب اس دن بھی عتاب نہ کیا تو اور دنوں میں بدرجہ اولیٰ عتاب نہ ہوگا۔ حاصل یہ کہ تم پر کبھی عتاب اور سرزنش میری طرف سے نہیں

﴿۹۳﴾ اور یوسف نے ان سے اپنے باپ کا حال پوچھا سو انہوں نے جواب دیا اسکی آنکھیں جاتی رہیں تو یوسف نے بولا لیجاؤ میرا یہ کرتا (یہ وہ کرتا

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَهُوَ قَمِيصُ إِبْرَاهِيمَ الَّذِي لُبِسَهُ حِينَ أُلْقِيَ فِي النَّارِ كَانَ فِي عُنُقِهِ فِي الْجُبِّ وَهُوَ مِنَ الْجَنَّةِ أَمَرَهُ جِبْرِيلُ بِإِرْسَالِهِ لَهُ وَقَالَ إِنَّ فِيهِ رِيحَهَا وَلَا يُلْقَى عَلَى مُبْتَلًى إِلَّا عُوفِيَ فَأَلْقُوهُ عَلَى وَجْهِ أَبِي يَأْتِ بَصِيرًا وَأْتُونِي بِأَهْلِكُمْ أَجْمَعِينَ ○

تھا جسکو ابراہیم ؑ نے آگ میں ڈالے جانے کے وقت پہنا تھا اور یوسف جس وقت کنوئیں میں ڈالا گیا اس وقت اس کے گلے میں تھا یہ جنت کا کرتہ تھا۔ جبرئیل نے یوسف سے کہا کہ اس کو یعقوب کے پاس بھیج اور کہا کہ اسمیں جنت کی خوشبو ہے جس مریض پر یہ ڈالا جاتا ہے وہ تندرست ہو جاتا ہے۔ سو تم اس کو لیجا کر میرے باپ کے چہرہ پر ڈالو وہ بینا ہو جائے گا اور اپنے گھر والوں کو میرے پاس لاؤ

تشریح

(۹۱) برادران یوسف کی ندامت | حضرت یوسف کے بھائی اپنے کرتوتوں پر سخت شرمندہ اور نادم تھے آج ان کا گھمنڈ ٹوٹ چکا تھا۔ اللہ کی قدرت کی نشانی ان کے سامنے تھی انہوں نے عاجزی سے کہا کہ بخدا سچ یہ ہے کہ اللہ نے آپ کو ہم پر فضیلت دی واقعی ہم خطاکار تھے۔ یہ ہماری بھول تھی کہ ہم نے آپ کی قدر نہ پہنچانی اور حسد میں مبتلا ہو کر آپ کو تکلیف پہنچائی اور والد کے لئے اذیت کا باعث بنے۔

(۹۲) آج تم پر کوئی دار و گیر نہیں | حضرت یوسف نے جواب دیا آج تم پر کوئی گرفت نہیں ہے تم نے جو کچھ کیا تھا نادانی کی حالت میں کیا تھا میں نے تمہیں معاف کر دیا اللہ تعالےٰ بھی تمہیں معاف کرے وہ بہت رحم کرنے والے ہیں۔

واضح رہے کہ ٹھیک یہی جواب حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے موقعہ پر جب آپ صحن حرم میں تشریف فرما تھے بڑے بڑے مجرم خطاکار آپ کے دشمن قریش کے سردار آپ کے سامنے کھڑے ہوئے تھے آپ نے ان سے سوال کیا تھا تمہارا کیا خیال ہے آج میں تمہارے ساتھ کیا برتاؤ کروں گا؟ انہوں نے کہا تھا کہ آپ کریم ابن کریم ہیں، ہم آپ سے بھلائی کی توقع رکھتے ہیں۔ اس پر آپ نے فرمایا تھا آج میں تم سے وہی بات کہتا ہوں جو میرے بھائی یوسف نے اپنے بھائیوں سے کہی تھی کہ لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ اذْهَبُوا أَنْتُمُ الطُّلَقَاءُ — آج تم پر کوئی گرفت نہیں جاؤ تم سب آزاد ہو۔ مروّت اور فیاضی اور بلند اخلاق کا یہ نمونہ پیغمبروں کی سیرت میں ہی ملتا ہے۔

(۹۳) پیراہن یوسفی کا اثر | حضرت یوسف ؑ کو بھائیوں سے یہ بات معلوم ہو چکی تھی کہ فراق یوسف میں روتے روتے حضرت یعقوب ؑ کی بینائی ختم ہو چکی ہے انتظامی مصروفیات کی وجہ سے حضرت یوسف ؑ خود کنعان کا سفر نہیں کر سکتے تھے انہوں نے اپنا قمیص اپنے بھائیوں کو دیا اور کہا کہ اسکو میرے والد کی آنکھوں سے لگا دینا ان کی بینائی بحال ہو جائے گی اور اپنے سب اہل و عیال کو میرے پاس لے آؤ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ

وَلَمَّا	فَصَلَتِ	الْعِيْرُ	قَالَ	اَبُوْهُمْ	اِنِّيْ	لَاَجِدُ	رِيْحَ	يُوْسُفَ
اور جب	جُدا جُدا (روانہ ہوا)	قافلہ	کہا	ان کا باپ	بیشک میں	البتہ پاتا ہوں	ہوا (خوشبو)	یوسف

اور جب قافلہ روانہ ہوا ان کے باپ نے کہا، بے شک میں یوسفؑ کی خوشبو پا رہا ہوں۔

لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ﴿۹۵﴾

لَوْلَآ	اَنْ	تُفَنِّدُوْنِ	قَالُوْا	تَاللّٰهِ	اِنَّكَ	لَفِيْ	ضَلٰلِكَ	الْقَدِيْمِ
اگر نہ	کہ	مجھے بہک گیا جانو	وہ کہنے لگے	اللہ کی قسم	بیشک تو	میں	اپنا وہم	پرانا

اگر نہ جانو (نہ کہو) کہ بوڑھا بہک گیا ہے۔ وہ کہنے لگے، اللہ کی قسم! بیشک تو اپنے پرانے وہم میں ہے

فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ

فَلَمَّآ	اَنْ	جَآءَ	الْبَشِيْرُ	اَلْقٰىهُ	عَلٰى	وَجْهِهٖ	فَارْتَدَّ	بَصِيْرًا	قَالَ	اَلَمْ
پھر جب	کہ	آیا	خوشخبری دینے والا	اس نے ڈالا (کرتہ)	پر	اس کا منہ	تو لوٹ کر ہو گیا	دیکھنے والا	بولا	کیا نہیں

پھر جب خوشخبری دینے والا آیا اور اس نے کرتہ اس کے (یعقوبؑ کے) منہ پر ڈالا تو وہ لوٹ کر دیکھنے لگا (بینا ہو گیا) بولا کیا میں نے

اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾

اَقُلْ	لَّكُمْ	اِنِّيْٓ	اَعْلَمُ	مِنَ	اللّٰهِ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ
میں نے کہا تھا	تم سے	بیشک میں	جانتا ہوں	(طرف) سے	اللہ	جو	تم نہیں جانتے

تم سے نہیں کہا تھا کہ میں اللہ کی طرف سے جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

﴿۹۴﴾ وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ خَرَجَتْ مِنْ عَرِيْشِ مِصْرَ قَالَ اَبُوْهُمْ لِمَنْ حَضَرَ مِنْ بَنِيْهِ وَاَوْلَادِهِمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ اَوْصَلَتْهُ اِلَيْهِ الصَّبَا بِاِذْنِهٖ تَعَالٰى مِنْ مَسِيْرَةِ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ اَوْ ثَمَانِيَةَ اَوْ اَكْثَرَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ○ تَنْسُبُوْنِيْ لِصَدَقَتُمُوْنِيْ

﴿۹۵﴾ قَالُوْا اللّٰهِ تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ خَطَائِكَ الْقَدِيْمِ ○ مِنْ اِفْرَادِكَ لَهٗ فِيْ مَحَبَّتِهٖ وَرَجَاءِ لِقَائِهٖ عَلٰى بُعْدِ الْعَهْدِ

﴿۹۶﴾ فَلَمَّآ اَنْ زَائِدَةٌ جَآءَ الْبَشِيْرُ يَهُوْدَا بِالْقَمِيْصِ وَكَانَ قَدْ حَمَلَ قَمِيْصَ الدَّمِ فَاَحَبَّ اَنْ يُّفَرِّحَهٗ كَمَا اَحْزَنَهٗ اَلْقٰىهُ طَرَحَ الْقَمِيْصَ عَلٰى

﴿۹۴﴾ وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ الخ اور جسوقت یہ قافلہ مصر کی آبادی سے نکلا انکے باپ یعقوبؑ نے ان سے کہا جو اس کے پاس بیٹوں میں سے اور انکی اولاد موجود تھی کہ بیشک میں یوسف کی بُو پاتا ہوں اگر تم مجھ کو بے عقل نہ سمجھو تو میری بات کا یقین کر لو (بادصبا نے بحکم الٰہی تین دن کے یا آٹھ دن کے یا اس راہ سے بھی زیادہ سے یوسف کی بُو یعقوبؑ کو پہنچائی)

﴿۹۵﴾ وہ یہ سن کر بولے کہ بخدا بیشک تو اپنے اسی پرانے خیال اور ہمیشہ کی غلطی پر ہے یعنی چونکہ تجھکو یوسف کی محبت زیادہ ہے اسلئے تو باوجود اس قدر زمانہ دراز گذر جانے کے بھی اسکے ملنے کی امید کرتا ہے اور اس قسم کا خیال کرتا ہے

﴿۹۶﴾ پس جبکہ خوشخبری سنانے والا یعنی یہودا یعقوبؑ کے پاس یوسفؑ کا کرتا لایا (یہودا ہی خون آلودہ کرتا یعقوبؑ کے پاس لایا تھا اسلئے اس نے چاہا کہ جسطرح میں نے یعقوبؑ کو غمگین کیا تھا اسیطرح اسکو خوش کروں) ڈالدیا

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○

کرتے کو یعقوبؑ کے چہرے پر رکھا تو وہ بینا ہو گیا وہ بینا یعقوبؑ نے کہا کیا میں نے تم سے نہ کہا تھا کہ میں اللہ کی طرف سے وہ بات جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

تشریح

(۹۴) **حضرت یوسف کی خوشبو** اُدھر بھائیوں کا یہ قافلہ پیراہنِ یوسف لیکر مصر سے کنعان روانہ ہوا اِدھر حضرت یعقوبؑ نے سیکڑوں میل کے فاصلے سے حضرت یوسفؑ کی خوشبو محسوس کر لی اور فرمایا مجھے یوسف کی خوشبو آرہی ہے۔ اب تم لوگ یہ نہ کہنے لگنا کہ یہ بوڑھا سٹھیا گیا ہے حضرت یوسفؑ جب کنعان سے باہر جنگل میں کنویں میں پڑے ہوئے تھے اسوقت حضرت یعقوبؑ کو معلوم نہ ہو سکا کہ یوسفؑ یہیں جنگل کے ایک کنویں میں ہیں۔ دوسری طرف مصر سے قافلہ روانہ ہوا تو سیکڑوں میل کے فاصلے سے بُوئے یوسفی مشامِ جان کو معطر کرنے لگی۔ شیخ سعدیؒ نے اس واقعہ کو اپنے ہی انداز میں بیان کیا ہے۔ لکھتے ہیں:

کسے پرسید ازاں گم کردہ فرزند — کہ اے روشن گہر پیر خردمند
زمصرش بوئے پیراہن شنیدی — چرا در چاہ کنعانش ندیدی

کسی نے اس سے جس کا بیٹا کھو گیا تھا (یعنی حضرت یعقوبؑ) پوچھا کہ اے روشن ضمیر صاحب عقل بزرگ یہ تو بتائیں کہ آپ نے مصر سے یوسف کے پیراہن کی خوشبو محسوس کر لی، کیوں اُن کو کنعان کے کنویں میں نہ دیکھ سکے۔؟ اس پر حضرت یعقوبؑ نے جواب دیا۔

بگفت احوالِ ما برقِ جہان است — دمے پیدا و دیگر دم نہان است
اگر درویش بر حالے بماندے — سر دست از دو عالم برفشاندے

ہمارا حال کوندنے والی بجلی جیسا ہے۔ ایک لمحے میں ظاہر دوسرے لمحے میں غائب۔ اگر درویش ایک حال پر رہتا تو، دونوں عالم سے ہاتھ جھاڑ لیتا۔

(۹۵) **حضرت یعقوبؑ کی ناقدری** حضرت یعقوبؑ کے خاندان میں اگر کوئی حضرت یعقوب کا قدر شناس تھا تو وہ حضرت یوسفؑ تھے اور اسی لئے حضرت یعقوبؑ کو حضرت یوسف سے غیر معمولی محبت تھی اور ان سے انکی توقعات وابستہ تھیں۔ حضرت یعقوبؑ یہ تو جانتے تھے کہ یوسف زندہ ہیں مگر وہ کہاں ہیں اور کب ملیں گے یہ ان کو معلوم نہ تھا اس لئے حضرت یوسفؑ کی گمشدگی حضرت یعقوب کے لئے سوہانِ روح بن گئی تھی اور اس روحانی کرب نے ان کی بینائی تک چھین لی تھی اس کے باوجود کوئی ان کے غم میں شریک نہ تھا حضرت یعقوب انکی ذہنی اور اخلاقی پستی سے مایوس ہو چکے تھے اور جب حضرت یعقوبؑ نے یہ کہا کہ میں یوسف کی خوشبو محسوس کر رہا ہوں تو گھر والوں نے پلٹ کر جواب دیا کہ بخدا آپ ابھی تک اُسی پرانے خبط میں مبتلا ہیں۔ یوسف کی محبت اور اس کے زندہ ہونے کا یقین آپکے دل میں بسا ہے اور وہی خیالات خوشبو بن کر دماغ پر چھا جاتے ہیں۔

(۹۶) **حضرت یعقوب کی بینائی لوٹ آئی** حضرت یعقوب نے جو کہا تھا کہ میں یوسف کی خوشبو محسوس کر رہا ہوں وہ بالکل سچ نکلا خوشخبری دینے والے نے آکر حضرت یوسف کے ملجانے کی خبر دی اور حضرت یوسف کا دیا ہوا قمیص ان کی آنکھوں پر ڈالا تو ان کی بینائی لوٹ آئی۔

جب اللہ تعالیٰ کا اذن ہوتا ہے تو حضرات انبیاء کرام سے معجزے اور اولیاء کرام سے کرامتوں کا ظہور ہونا کوئی حیرت کی بات نہیں ہے۔ عالم اسباب میں یہ بھی ممکن ہے کہ کسی سخت صدمے سے بینائی چلی جائے اور خوشی کے غیر معمولی اثر سے بینائی واپس آجائے۔

حضرت یوسفؑ کے اس واقعہ کو لیکر ایک صاحب نے حال ہی میں تحقیق کی اور تجربے کے بعد اس نتیجے پر پہنچے کہ انسانی پسینے میں ایسی تاثیر موجود ہے جو بینائی کو واپس لا سکتی ہے اور انہوں نے پسینے کے ذریعے موتیابند اور بینائی کی کمزوری کی دوا ایجاد کی ہے۔

حضرت یعقوبؑ نے کہا دیکھو وہی ہوا نہ جو میں تم سے کہتا تھا کہ یوسف زندہ ہیں انکو تلاش کرو مجھے اللہ نے وہ علم دیا ہے جو تمہارے پاس نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا

قَالُوْا	يٰٓاَبَانَا	اسْتَغْفِرْ	لَنَا
وہ بولے	اے ہمارے باپ	بخشش مانگ	ہمارے لئے

وہ بولے اے ہمارے باپ ہمارے لئے

ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۷﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ؕ

ذُنُوْبَنَآ	اِنَّا	كُنَّا	خٰطِـِٕيْنَ	قَالَ	سَوْفَ	اَسْتَغْفِرُ	لَكُمْ	رَبِّيْ
ہمارے گناہ	بیشک ہم	تھے	خطا کار (جمع)	اس نے کہا	جلد	میں بخشش مانگوں گا	تمہارے لئے	اپنا رب

بخشش مانگیئے ہمارے گناہوں کی، بیشک ہم خطا کار تھے۔ اس نے کہا میں جلد اپنے رب سے تمہارے گناہوں کی بخشش مانگوں گا

اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۹۸﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى

اِنَّهٗ	هُوَ	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ	فَلَمَّا	دَخَلُوْا	عَلٰى + يُوْسُفَ	اٰوٰٓى
بیشک وہ	وہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	پھر جب	وہ داخل ہوئے	یوسف پر (پاس)	اس نے ٹھکانہ دیا

بیشک وہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ پھر جب وہ یوسفؑ کے پاس داخل ہوئے تو اس نے اپنے ماں باپ

اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾

اِلَيْهِ	اَبَوَيْهِ	وَقَالَ	ادْخُلُوْا	مِصْرَ	اِنْ	شَآءَ اللّٰهُ	اٰمِنِيْنَ
اپنے پاس	اپنے ماں باپ	اور کہا	تم داخل ہو	مصر	اگر	اللہ نے چاہا	امن (جمعی) کے ساتھ

کو اپنے پاس ٹھکانہ دیا، اور کہا اگر اللہ چاہے تو تم مصر میں دل جمعی کے ساتھ داخل ہو۔

(۹۷) قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ○

(۹۷) وہ بولے کہ اے ہمارے باپ ہمارے گناہوں کی بخشش مانگ بیشک ہم تھے خطا کار۔

(۹۸) قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ○ اَخَّرَ ذٰلِكَ اِلَى السَّحَرِ لِيَكُوْنَ اَقْرَبَ اِلَى الْاِجَابَةِ وَقِيْلَ

(۹۸) یعقوبؑ نے کہا میں عنقریب اپنے رب سے تمہاری بخشش چاہوں گا بیشک وہ بخشنے والا مہربان ہے

(یعقوب علیہ السلام نے ان کے لئے دعائے مغفرت کو اسلئے مؤخر کیا کہ صبح کے وقت دعا کروں گا کہ وہ وقت قبولیت کا ہے اور بعض نے فرمایا

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِلَىٰ لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ ثُمَّ تَوَجَّهُوا إِلَىٰ مِصْرَ وَخَرَجَ يُوسُفُ وَالْأَكَابِرُ لِتَلَقِّيهِمْ

کہ جمعہ کی شب تک مؤخر کیا) پھر وہ سب متوجہ ہوئے طرف مصر کے اور یوسفؑ اور تمام رؤساء واکابر شہر ان کے استقبال کو نکلے

(۹۹) فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيْهِ أَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوا مِصْرَ إِن شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ ○ وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوا لَهُ سُجَّدًا ۖ وَقَالَ يَا أَبَتِ هَٰذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ مِن قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّي حَقًّا ۖ وَقَدْ أَحْسَنَ بِي إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ وَجَاءَ بِكُم مِّنَ الْبَدْوِ مِن بَعْدِ أَن نَّزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَبَيْنَ إِخْوَتِي ۚ إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِّمَا يَشَاءُ ۚ إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ

(۹۹) پس جب داخل ہوئے وہ سب یوسفؑ کے قبر میں، بلایا اس نے اپنی طرف اپنے باپ اور ماں یا خالہ کو۔ اور ان سے کہا داخل ہو جاؤ مصر میں اگر خدا تعالیٰ کو منظور ہے ساتھ امن و عافیت کے۔

سو وہ داخل ہوئے اور یوسفؑ اپنے تخت پر بیٹھا۔

تشریح

(۹۷) **گھر والوں کا اعترافِ خطا** اس کھلے معجزے کے سامنے آنے کے بعد گھر کے لوگوں نے بھی اپنی خطا کا اعتراف کیا اور عرض کیا کہ ہم آپ سے معافی کے خواستگار ہیں واقعی ہم خطا کار تھے آپ اللہ سے بھی ہمارے گناہوں کی بخشش کی دعا کریں

(۹۸) **حضرت یعقوب کا وعدہ کہ میں تمہارے گناہوں کی بخشش کی دعا کرونگا** گھر والوں کی ندامت اور اپنے گناہوں کی معافی کے بعد حضرت یعقوب نے بھی وعدہ کیا کہ میں تمہارے لئے اپنے رب سے معافی کی درخواست کرونگا وہ بڑا معاف فرمانیوالا اور رحیم ہے مجھے امید ہے کہ وہ تمہارا گناہ معاف کر دیگا۔

(۹۹) **فلسطین سے بنی اسرائیل کا مصر منتقل ہونا** حضرت یوسفؑ نے اپنے اہل خاندان کو مصر آنے کی دعوت دی بہت سے اونٹ اور سفر کا سامان بھیجا گاڑی چھکڑے اور مختلف سامان سے لدے ہوئے بیس گدھے بھی بھیجے تاکہ پورے خاندان کو فلسطین منتقل ہونے میں کوئی دشواری نہ ہو۔ افراد خاندان کی تعداد ۶۷-۶۸-۷۰ یا ۹۳ تھی۔ انکے خاندان میں جن لڑکیوں کی شادیاں ہوئی تھیں انکو ملاکر کل تعداد ۹۳ بنتی تھی اور ان لڑکیوں کے بغیر ۶۷ سے ۷۰ تک کی تعداد تھی۔ بہرحال یہ لوگ فلسطین سے سفر کرکے یوسفؑ کے پاس مصر پہنچے تو حضرت یوسف نے شہر سے باہر نکل کر حکومت کے اُمرا اور فوج کیساتھ پورے تزک و احتشام کے ساتھ شہر میں لائے اپنے والدین کو اپنے پاس بٹھایا اور اہل خاندان سے کہا کہ سب شہر میں چلو انشاء اللہ امن چین سے رہو گے۔ حضرت یوسف کے کنبے کے یہ لوگ مصر میں آباد ہو گئے۔ انکی اولادیں بھی پھیلیں اور ان کا مشن بھی پھیلا ہزاروں ہزار لوگ حضرت یعقوب و حضرت یوسف کی دعوت و تبلیغ کی بدولت دین اسلام میں داخل ہوئے۔ جب حضرت یعقوبؑ مصر پہنچے تو ان کی عمر ۱۳۰ سال تھی اسکے بعد وہ مصر میں ۱۷ سال زندہ رہے اسلام کی تبلیغ کرتے رہے اور انکے بعد انکی اولاد خاص طور پر حضرت یوسفؑ نے اس مشن کو آگے بڑھایا۔ چنانچہ ۵۰۰ سال کے بعد حضرت موسیٰؑ کے زمانے میں جب یہ لوگ مصر سے نکلے تو ان کی تعداد لاکھوں میں تھی اندازہ یہ ہے کہ ان کی گنتی بیس لاکھ ہو چکی تھی۔ خروج کے بعد دوسرے سال جب حضرت موسیٰؑ نے سینا کے بیابان میں انکی مردم شماری کرائی تھی تو صرف قابل جنگ مردوں کی تعداد ۶ لاکھ ۲ ہزار ۵ سو ۵۰ تھی۔ یہ سب لوگ اگرچہ بنی اسرائیل کہلاتے تھے مگر نسل کے اعتبار سے سب بنی اسرائیل نہ تھے بلکہ بنی اسرائیل اس قوم کا لقب بن گیا تھا جس نے مصریوں سے الگ دین اسلام کو اختیار کر لیا تھا چنانچہ جب مصر میں قوم پرستی کا طوفان اٹھا تو صرف بنی اسرائیل ہی پر ظلم نہیں ہوا بلکہ بنی اسرائیل کے مسلمان بھی ان کی لپیٹ میں آئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ

وَرَفَعَ	اَبَوَيْهِ	عَلَى	الْعَرْشِ	وَخَرُّوْا	لَهٗ	سُجَّدًا
اور اونچا بٹھایا	اپنے ماں باپ	پر	تخت	اور وہ گر گئے	اسکے لئے (آگے)	سجدہ میں

اور اپنے ماں باپ کو تخت پر اونچا بٹھایا اور وہ اس کے آگے گر گئے سجدہ میں

وَقَالَ يٰٓاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۡ قَدْ

وَقَالَ	يٰٓاَبَتِ	هٰذَا	تَاْوِيْلُ	رُءْيَايَ	مِنْ قَبْلُ	قَدْ
اور اس نے کہا	اے میرے باپ	یہ	تعبیر	میرا خواب	اس سے پہلے	تحقیق

اور اس نے کہا اے میرے باپ ! یہ ہے میرے اس سے پہلے خواب کی تعبیر ، اس کو

جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۭ وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْٓ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ

جَعَلَهَا	رَبِّيْ	حَقًّا	وَقَدْ اَحْسَنَ	بِيْ	اِذْ	اَخْرَجَنِيْ	مِنَ
اس کو کر دیا	میرا رب	سچا	اور بیشک اس نے احسان کیا	مجھ پر	جب	مجھے نکالا	سے

میرے رب نے سچا کر دیا ، اور بیشک اس نے مجھ پر احسان کیا جب مجھے قید خانے سے

السِّجْنِ وَجَاۗءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ

السِّجْنِ	وَجَاۗءَ	بِكُمْ	مِنَ	الْبَدْوِ	مِنْۢ بَعْدِ	اَنْ
قید خانہ	اور لے آیا	تم سب کو	سے	گاؤں	اس کے بعد	کہ

نکالا اور تم سب کو گاؤں سے لے آیا اس کے بعد کہ میرے اور

نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ

نَّزَغَ	الشَّيْطٰنُ	بَيْنِيْ	وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ	اِنَّ	رَبِّيْ	لَطِيْفٌ
جھگڑا ڈال دیا	شیطان	میرے درمیان	اور میرے بھائیوں کے درمیان	بیشک	میرا رب	عمدہ تدبیر کرتا ہے

میرے بھائیوں کے درمیان شیطان نے جھگڑا (فساد) ڈال دیا تھا بیشک میرا رب جس کے لئے چاہے

لِّمَا يَشَاۗءُ ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۰۰﴾

لِّمَا يَشَاۗءُ	اِنَّهٗ	هُوَ	الْعَلِيْمُ	الْحَكِيْمُ
جس کیلئے چاہے	بیشک وہ	وہ	جاننے والا	حکمت والا

عمدہ تدبیر کرتا ہے بیشک وہ جاننے والا حکمت والا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱۰) وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ يٰٓاَبَتِ هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۖ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ۭ وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْٓ اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ وَجَاۗءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ اِخْوَتِيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا يَشَاۗءُ ۚ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ۝

(۱۰) اور اپنے ماں باپ کو اپنے ساتھ تخت پر بٹھایا اور یوسف کے ماں باپ اور بھائیوں نے اس کے سامنے سر جھکایا (مراد سجدہ سے اس جگہ سر جھکانا ہے نہ کہ زمین پر پیشانی رکھنا اور اس زمانہ میں سلام کی جگہ اس قسم کا سجدہ کیا کرتے تھے) اور یوسف نے کہا اے میرے باپ یہ تعبیر ہے اس خواب کی جو میں نے پہلے دیکھے تھے۔ بیشک سچا کیا میرے رب نے اس خواب کو اور بیشک اس نے مجھ پر انعام فرمایا جبکہ مجھ کو قید خانہ سے نکالا، کنوئیں سے نکلنے کا ذکر نہ کیا کہ اسکے بھائی شرمندہ نہ ہوں۔ اور تم کو گاؤں سے یہاں لایا اور مجھ سے ملایا بعد اس کے شیطان نے میرے بھائیوں کے درمیان فساد ڈالا بیشک میرا رب جو چاہتا ہے تدبیر سے کرتا ہے۔ بیشک وہ اپنی خلقت کو جاننے والا اپنے کاموں میں حکمت والا ہے۔

(اور بعد اس ملاقات کے یوسف ع کے پاس اس کے باپ نے چوبیس برس یا سترہ برس قیام کیا۔ اور جدائی کی مدت اٹھارہ ۱۸ یا چالیس یا اسی ۸۰ برس تھی۔ اور یعقوب کی موت نزدیک آئی پس اس نے وصیت کی یوسف کو کہ مجھکو یہاں سے لیجا کر میرے باپ اسحٰق ع کے پاس دفن کرنا سو یوسف ع خود اس کو لے گیا اور وہاں دفن کیا پھر واپس آگیا طرف مصر کے اور تیئیس ۲۳ برس اس کے بعد مصر میں حکومت اور بادشاہت کے ساتھ قیام کیا اور جب اس کا امر کمال کو پہنچا اور اس نے جانا کہ دنیا میں ہمیشہ نہ رہوں گا اسکی جان مشتاق ہوئی ہمیشہ کے بادشاہ یعنی حق تعالیٰ کی طرف۔

تشریح

(۱۰) حضرت یوسف کی طرف سے والدین کی توقیر | جب حضرت یوسف ع کے کنبے والے شہر مصر میں داخل ہوئے اور حضرت یوسف کے دربار میں پہونچے تو حضرت یوسف نے اپنے والد اور خالہ (جو بمنزل والدہ کے تھیں، یا والدہ کے انتقال کے بعد حضرت یعقوب نے ان سے نکاح کر لیا تھا) کو اٹھا کر اپنے تخت شاہی پر بٹھایا۔ یہ عزت و احترام دیکھ کر سارے بھائی بے اختیار سجدہ کیا زمین تک جھک گئے۔ حضرت یوسف نے دیکھ کر یہ کہا کہ ابا جان یہ تعبیر ہے اس خواب کی جو میں نے پہلے دیکھا تھا میرے رب نے اسے حقیقت بنا دیا اس کا احسان ہے کہ اس نے مجھے قید خانہ سے نکالا آپ لوگوں سے صحرا سے لاکر مجھے ملایا حالانکہ شیطان میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان فساد ڈال چکا تھا۔ واقعہ یہ ہے کہ میرا رب غیر محسوس تدبیروں سے اپنی مشیت پوری کرتا ہے بیشک وہ علیم اور حکیم ہے اندازہ لگائیے ان تاثرات میں کتنی عبدیت کتنی شرافت اور کتنی تواضع ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ

رَبِّ	قَدْ اٰتَيْتَنِيْ	مِنَ	الْمُلْكِ	وَعَلَّمْتَنِيْ	مِنْ	تَاْوِيْلِ
اے میرے رب	تونے مجھے عطا کیا	سے۔ایک	مُلک	اور مجھے سکھایا	سے	انجام نکالنا (تعبیر)

اے میرے رب تونے مجھے ایک مُلک عطا کیا اور مجھے سکھایا باتوں کا انجام (خوابوں کی تعبیر)

الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي

الْاَحَادِيْثِ	فَاطِرَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	اَنْتَ	وَلِيّٖ	فِي
باتیں (خواب)	بنانے والا	آسمان (جمع)	اور زمین	تو	میرا کارساز	میں

نکالنا اے آسمانوں اور زمین کے بنانے والے! تو میرا کارساز ہے دُنیا

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۡ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾

الدُّنْيَا	وَالْاٰخِرَةِ	تَوَفَّنِيْ	مُسْلِمًا	وَّاَلْحِقْنِيْ	بِالصّٰلِحِيْنَ
دنیا	اور آخرت	مجھے اُٹھا	فرمانبرداری کی حالت میں	اور مجھے ملا	صالح (نیک بندوں) کے ساتھ

میں اور آخرت میں مجھے (دنیا سے) فرماں برداری کی حالت میں اٹھانا اور مجھے نیک بندوں کیساتھ ملانا

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ

ذٰلِكَ	مِنْ	اَنْۢبَآءِ + الْغَيْبِ	نُوْحِيْهِ	اِلَيْكَ	وَمَا كُنْتَ	لَدَيْهِمْ
یہ	سے	غیب کی خبریں	ہم وہ وحی کرتے ہیں	تمہاری طرف	اور تم نہ تھے	انکے پاس

یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جو ہم تمہاری طرف وحی کرتے ہیں اور تم ان کے پاس نہ تھے

اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَآ اَكْثَرُ

اِذْ	اَجْمَعُوْٓا	اَمْرَهُمْ	وَهُمْ	يَمْكُرُوْنَ	وَمَآ	اَكْثَرُ
جب	انہوں نے جمع کیا (پختہ کیا)	اپنا کام	اور وہ	چال چل رہے تھے	اور نہیں	اکثر

جب انہوں نے اپنا کام پختہ کیا اور وہ چال چل رہے تھے اگرچہ تم کتنا ہی چاہو اور اکثر

النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾ وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ

النَّاسِ	وَلَوْ	حَرَصْتَ	بِمُؤْمِنِيْنَ	وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ	عَلَيْهِ
لوگ	اگرچہ	تم چاہو	ایمان لانے والے	اور تم نہیں مانگتے ان سے	اس پر

لوگ ایمان لانے والے نہیں اور تم اُن سے اس پر کوئی اجر

toobaa-elibrary.blogspot.com

مِنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۱۰۴ ع ۱۱ ع ۵

مِنْ اَجْرٍ	اِنْ هُوَ	اِلَّا	ذِكْرٌ	لِّلْعٰلَمِيْنَ
کوئی اجر	یہ نہیں	مگر	نصیحت	سارے جہانوں کے لئے

نہیں مانگتے یہ (اور کچھ) نہیں سارے جہانوں کے لئے نصیحت ہے

(۱۰۱) فَقَالَ رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○ مِنْ اٰبَائِيْ فَعَاشَ بَعْدَ ذٰلِكَ اُسْبُوْعًا اَوْ اُكْثُرَ وَمَاتَ وَلَهٗ مِائَةٌ وَّعِشْرُوْنَ سَنَةً وَتَشَاحَ الْمِصْرِيُّوْنَ فِيْ قَبْرِهٖ فَجَعَلُوْهُ فِيْ صُنْدُوْقٍ مِّنْ مَّرْمَرٍ وَّدَفَنُوْهُ فِيْ اَعْلَى النِّيْلِ لِتَعُمَّ الْبَرَكَةُ فِيْ جَانِبَيْهِ فَسُبْحَانَ مَنْ لَّا انْقِضَاءَ لِمُلْكِهٖ

(۱۰۱) پس کہا اے میرے رب بیشک تو نے مجھ کو ملک دیا اور خواب کی تعبیر سکھلائی اے پیدا کرنیوالے آسمانوں اور زمین کے تو ہی میرے کاموں کا درست کرنے والا اور خبر لینے والا دنیا اور آخرت میں مجھکو اسلام پر وفات دے اور ملا مجھکو نیکوں کے ساتھ (یعنی میرے باپ دادوں کے ساتھ جو پیغمبر تھے۔ سو یوسفؑ اس کے بعد ایک ہفتہ یا کچھ زیادہ زندہ رہا اور ایک سو بیس برس کی عمر میں وفات پائی اور اس کی قبر کی جگہ میں مصریوں نے باہم جھگڑا کیا ہر ایک جماعت نے یہ چاہا کہ ہماری طرف دفن ہو اس لئے ان کی لاش کو سنگ مرمر کے صندوق میں رکھ کر دریائے نیل میں دفن کیا گیا تاکہ اسکی دونوں طرف برکت رہے پس پاکی ہے اسی ذات کو جس کی بادشاہت کو کبھی زوال نہیں۔

(۱۰۲) ذٰلِكَ الْمَذْكُوْرُ مِنْ اَمْرِ يُوْسُفَ مِنْ اَنْبَآءِ الْغَيْبِ اِخْبَارُ مَا غَابَ عَنْكَ يَا مُحَمَّدُ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ لَدَى اِخْوَةِ يُوْسُفَ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ فِيْ كَيْدِهٖ اَيْ عَزَمُوْا عَلَيْهِ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ ○ بِهٖ اَيْ لَمْ تَحْضُرْهُمْ تَتَعَرَّفُ قِصَّتَهُمْ فَتُخْبِرَ بِهَا وَاِنَّمَا حَصَلَ لَكَ عِلْمُهَا مِنْ جِهَةِ الْوَحْيِ

(۱۰۲) یہ جو کچھ یوسف کا قصہ مذکور ہوا غیب کی خبریں ہیں جو اے محمدؐ تم سے مخفی ہیں بذریعہ وحی ہم تم کو اس کی اطلاع دیتے ہیں۔ اور تم یوسفؑ کے بھائیوں کے پاس نہ تھے جبکہ انہوں نے یوسفؑ کے ساتھ مکر کرنے کا پختہ ارادہ کیا اور وہ اس کے ساتھ مکر کرتے تھے یعنی تم ان کے پاس موجود نہ تھے جو دیکھ کر اس قصہ کی خبر کرتے بلکہ علم اس کا تم کو صرف بذریعہ وحی ہوا ہے

(۱۰۳) وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ اَيْ اَهْلِ مَكَّةَ وَلَوْ حَرَصْتَ عَلٰى اِيْمَانِهِمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ○

(۱۰۳) اور اکثر آدمی یعنی مکہ والے ایمان لانے والے نہیں ہیں اگرچہ تمہارا بہت جی چاہتا ہے کہ وہ ایمان لادیں

(۱۰۴) وَمَا تَسْاَلُهُمْ عَلَيْهِ اَيِ الْقُرْاٰنِ مِنْ اَجْرٍ تَاْخُذُهٗ اِنْ مَا هُوَ اَيِ الْقُرْاٰنُ

(۱۰۴) اور تم اے محمدؐ ان سے قرآن پر کوئی مزدوری نہیں مانگتے جو تم ان سے لینا چاہو۔ یہ قرآن صرف نصیحت اور وعظ

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِلَّا ذِكْرٌ عِظَةٌ لِّلْعَالَمِينَ ○ ہے جہان والوں کے لئے۔

تشریح

(۱۰۱) حضرت یوسفؑ کی دلآویز دُعا | اس موقعہ پر حضرت یوسفؑ نے اپنے دِلی تاثرات دعا کی شکل میں اللہ کے سامنے پیش کرتے ہوئے عرض کیا کہ اے میرے رب تو نے مجھے اقتدار عطا فرمایا اور مجھے وہ علم دیا کہ میں معاملات کی حقیقت تک پہنچ سکوں۔ اے زمین و آسمان کے خالق آپ ہی دنیا و آخرت میں میرے سرپرست ہیں جب میری موت کا وقت آئے تو میرا خاتمہ اسلام پر فرمائیو اور مجھے اپنے صالح بندوں میں شامل کر لیجئو۔ یہ دعا کتنی مؤثر اور دل کے جذبات کی آئینہ دار ہے اس کا اندازہ خوب کیا جا سکتا ہے۔ تیر کی طرح دل میں اُتر جانے والی یہ دُعا ایک سچے مومن کی سیرت کا دل کش آئینہ ہے۔ ایک شخص جس کا تعلق جنگل میں رہنے والے گلہ بانوں کے خاندان سے تھا جس کو اس کے بھائیوں نے حسد کی وجہ سے ہلاک کرنے کی کوشش کی تھی۔ موت کے منہ سے بچ کر زندگی کے نشیب و فراز دیکھتا ہوا عروج و بلندی پر پہنچ گیا آج وہ عظیم الشان سلطنت کا با اختیار حاکم ہے۔ آج اس کے بھائی اس کے خاندان کے لوگ اس کے سامنے سر جھکا کر کھڑے ہیں۔ ایک دنیا دار آدمی ایسے موقعہ پر ڈینگیں مارتا ہے اپنے مخالفین کو طعن و ملامت کرتا ہے۔ اس کے برخلاف حضرت یوسفؑ شکر گزاری کا اظہار کرتے ہیں تواضع اور عاجزی سے پیش آتے ہیں۔ بھائیوں کے خلاف کوئی شکایت زبان پر نہیں لاتے۔ تمام کارستانیوں کے باوجود اچھا پہلو پیش کرتے ہیں کہ قصور ان کا نہیں تھا شیطان نے ہمارے درمیان برائی ڈالدی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ دعا حسن یوسفی کی سیرت کے جمال کا بہترین نمونہ ہے۔

(۱۰۲) قصۂ یوسف حضرت محمدؐ کی نبوت کی سچائی کی دلیل ہے | اہل کتاب نے مسلمانوں کے ذریعہ سوال کیا تھا کہ حضرت یعقوبؑ اور انکا خاندان کنعان سے مصر کیسے پہنچا۔ اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے حضرت یوسف کا پورا واقعہ ان کے بھائیوں کے کنوئیں میں پھینکنے سے لے کر حضرت یوسف کے تخت شاہی پر پہنچنے تک بیان ..... کر دیا اور حضور نبی کریمؐ نے یہ غیب کی باتیں جو اللہ تعالیٰ نے آپ پر وحی کی تھیں سب کے سامنے رکھ دیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے محمدؐ ان واقعات کے وقت آپ موجود نہ تھے۔ آپ اس وقت بھی نہیں تھے جب یوسف کے بھائیوں نے متفق ہو کر ایک سازش کی تھی۔ یہ غیب کی باتیں ہیں جو آپ کو بتا رہے ہیں۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ حضرت محمدؐ اللہ کے سچے نبی ہیں اور اللہ تعالیٰ اپنے پیغمبر صادق پر وحی نازل کر کے غیب کی باتیں بتاتے ہیں۔

(۱۰۳) کیا انکار کرنے والے اس کے بعد بھی مان لیں گے | لیکن اے محمدؐ کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ اس کے باوجود کہ پورا یہ واقعہ آپ کی صداقت کی کھلی دلیل ہے خواہ آپ کتنی ہی خواہش رکھیں کیا یہ لوگ آپ پر ایمان لے آئیں گے۔ اس کے باوجود یہ ایمان نہیں لائیں گے کیونکہ ان کے ایمان نہ لانے کی وجہ یہ نہیں ہے کہ ان کو آپ کی صداقت کا یقین نہیں ہے بلکہ ایمان نہ لانے کی وجہ یہ ہے کہ ایمان لانا ہی نہیں چاہتے۔

(۱۰۴) قرآن دنیا والوں کے لئے عام نصیحت ہے | اے پیغمبرؐ تم اس خدمت پر ان سے کچھ اجرت بھی نہیں چاہتے ہو کہ کوئی یہ کہہ سکے کہ یہ مطلبی آدمی ہے ہم اس کی بات نہیں مانتے بلکہ جو قرآن تم پیش کر رہے ہو وہ تمام انسانوں کے لئے ایک نصیحت اور دعوتِ عام ہے کہ جو اس سے فائدہ اٹھانا چاہے فائدہ اٹھائے اگر یہ لوگ نہیں مانتے تو آپ کا کوئی نقصان نہیں ہے۔ آپ بے غرضی کے ساتھ تمام لوگوں کے بھلے کی بات پیش کر رہے ہیں جس کو ماننا ہے مانے، نہیں ماننا ہے نہ مانے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ

وَ	كَاَيِّنْ	مِنْ + اٰيَةٍ	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	يَمُرُّوْنَ
اور	کتنی ہی	نشانیاں	میں	آسمانوں	اور زمین	وہ گزرتے ہیں

اور آسمانوں میں اور زمین میں کتنی ہی نشانیاں ہیں وہ اُن پر گزرتے

عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ

عَلَيْهَا	وَهُمْ	عَنْهَا	مُعْرِضُوْنَ	وَمَا يُؤْمِنُ	اَكْثَرُهُمْ	بِاللّٰهِ
ان پر	لیکن وہ	اس سے	منہ پھیرنے والے	اور ایمان نہیں لاتے	ان میں اکثر	اللہ پر

ہیں، لیکن وہ ان سے مُنہ پھیرنے والے ہیں اور ان میں سے اکثر اللہ پر ایمان نہیں لاتے

اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾ اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ

اِلَّا	وَهُمْ	مُّشْرِكُوْنَ	اَفَاَمِنُوْٓا	اَنْ + تَاْتِيَهُمْ	غَاشِيَةٌ	مِّنْ
مگر	اور وہ	مشرک (جمع)	پس کیا وہ بے خوف ہوگئے	کہ ان پر آئے	چھا جانیوالی (آفت)	سے

مگر وہ مشرک ہیں۔ پس کیا وہ (اس سے) بے خوف ہوگئے کہ ان پر اللہ کے عذاب کی

عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۰۷﴾

عَذَابِ اللّٰهِ	اَوْ	تَاْتِيَهُمُ	السَّاعَةُ	بَغْتَةً	وَّهُمْ	لَا يَشْعُرُوْنَ
اللہ کا عذاب	یا	ان پر آجائے	گھڑی (قیامت)	اچانک	اور وہ	انہیں خبر نہ ہو

آفت آجائے یا اُن پر آجائے اچانک قیامت اور انہیں خبر (بھی) نہ ہو۔

﴿۱۰۵﴾ وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ الخ اور آسمانوں اور زمینوں میں بہت سی نشانیاں اللہ کے واحد ہونے کی ہیں جنکو وہ دیکھتے ہیں اور ان سے اعراض کرتے ہیں فکر اور غور انہیں نہیں کرتے۔

﴿۱۰۵﴾ وَكَاَيِّنْ وَكَمْ مِّنْ اٰيَةٍ دَالَّةٍ عَلٰى وَحْدَانِيَّةِ اللّٰهِ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا يُشَاهِدُوْنَهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ○ لَا يَتَفَكَّرُوْنَ فِيْهَا۔

﴿۱۰۶﴾ اور ان میں بہت آدمی جو زبانی دعویٰ ایمان کا اور اللہ تعالیٰ کے خالق اور رازق ہونے کا اقرار کرتے ہیں اللہ کے ساتھ شرک کرتے ہیں۔ اور بتوں کو پوجتے ہیں اور چونکہ وہ

﴿۱۰۶﴾ وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ حَيْثُ يُقِرُّوْنَ بِاَنَّهُ الْخَالِقُ الرَّازِقُ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ○

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِهٖ بِعِبَادَةِ الْاَصْنَامِ وَلِهٰذَا كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ فِيْ تَلْبِيَتِهِمْ لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ اِلَّا شَرِيْكًا هُوَ لَكَ تَمْلِكُهٗ وَمَا مَلَكَ يَعْنُوْنَ بِهَا

ایمان کے ساتھ شرک بھی کرتے ہیں اسی لئے بوقت لبیک کہنے کے حج میں یہ لفظ کہتے تھے لَبَّیْکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ اِلَّا شَرِیْکًا ھُوَ لَکَ تَمْلِکُہٗ وَمَا مَلَکَ اس کلام میں شریک سے انکی مراد بت سے ہوتی تھی۔

(۱۰۷) اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ○ بِوَقْتِ اِتْيَانِهَا قَبْلَهٗ

(۱۰۷) سو کیا وہ لوگ امن میں ہو گئے اس سے کہ ان پر کوئی مصیبت عذاب الٰہی کی آجائے اور ان کو ہر طرف سے مل جائے یا ناگاہ ان پر قیامت آجاوے اور حال یہ کہ وہ آنے سے پہلے اسکی وقت کو نہ جانتے ہوں۔

تشریح

(۱۰۵) زمین و آسمان میں اللہ کی بے شمار نشانیاں ہیں | زمین و آسمان میں کتنی ہی چیزیں ہیں جن کو انسان دیکھتا ہے مگر اس پر غور نہیں کرتا کہ ان میں سے ہر چیز چھوٹی ہو یا بڑی اللہ کی نشانی اور اس کی قدرت کاملہ کی علامت ہے۔ زمین کو دیکھئے کہ اللہ نے کس طرح اس کو بچھایا ہے۔ آسمان کو دیکھئے کہ کس طرح اُسے بلند کیا ہے۔ پہاڑوں کو دیکھئے کہ کس طرح انہیں میخ کی طرح زمین پر گاڑ دیا ہے۔ چیونٹی سے لیکر ہاتھی تک ذرّے سے لیکر پہاڑ تک ہر چیز اللہ کی نشانی ہے اور پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ میرا خالق ایک اللہ ہے۔

ہر گیاہے کہ از زمیں روید
وَحدَہٗ لا شریک می گوید

گھاس کا ایک پتہ بھی زمین سے نکلتا ہے تو زبانِ حال سے وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ کہتا ہوا آتا ہے غرض توجہ دی جائے اور دھیان کیا جائے تو کائنات میں ہر طرف اللہ کی نشانیاں پھیلی ہوئی نظر آئیں گی۔

(۱۰۶) غفلت کا نتیجہ شرک ہے | یہ غفلت اور بے دھیانی کہ کائنات کی چیزوں کو دیکھ کر اللہ کی معرفت حاصل کریں۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ بات غفلت سے شرک تک پہنچ جاتی ہے۔ کوئی اللہ کی ذات میں دوسرے کو شریک کرتا ہے کوئی اس کی صفات میں ساجھی بناتا ہے، کوئی اس کے اختیارات اور حقوق اور عظمت و بڑائی میں ان کو شریک کرتا ہے جو کسی طرح شرکت کے لائق نہیں، اگر زمین و آسمان کی نشانیوں کو غور سے دیکھا جائے تو یہ خود خدا کی وحدت کا پتہ دے رہی ہیں۔

(۱۰۷) عذاب خداوندی اور قیامت سے غافل کیوں ہیں؟ | آخر یہ غفلت کس لئے ہے؟ کیا یہ لوگ مطمئن ہیں کہ چاہے کچھ کرتے رہیں خدا کی طرف سے کوئی عذاب ان پر نازل نہ ہوگا۔ ان کے پاس کیا ضمانت ہے کہ اچانک قیامت کی گھڑی نہ آئے گی، زندگی کی فرصت کو اتنا دراز کیوں سمجھ رکھا ہے۔ رات دن ہمارا تجربہ ہے کہ موت اچانک آجاتی ہے۔ مستقبل میں کیا ہونے والا ہے اس کی تمہیں ایک لمحہ بھی پہلے خبر نہیں ہوتی اس لئے جو بھی فکر کرنی ہے ابھی کرلو دیر مت کرو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا

قُلْ	هٰذِهٖ	سَبِيْلِيْٓ	اَدْعُوْٓا	اِلَى + اللّٰهِ	عَلٰي + بَصِيْرَةٍ	اَنَا
آپ کہدیں	یہ	میرا راستہ	میں بلاتا ہوں	اللہ کی طرف	دانائی پر (سمجھ بوجھ کے مطابق)	میں

آپ کہدیں یہ میرا راستہ ہے، میں اللہ کی طرف بلاتا ہوں سمجھ بوجھ کے مطابق، میں (بھی)

وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝۱۰۸

وَمَنِ	اتَّبَعَنِيْ	وَسُبْحٰنَ + اللّٰهِ	وَمَآ اَنَا	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ
اور جو۔جس	میری پیروی کی	اور اللہ پاک ہے	اور میں نہیں	سے	مشرک (جمع)

اور وہ (بھی) جس نے میری پیروی کی اور اللہ پاک ہے اور میں مشرکوں میں سے نہیں

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ۭ

وَمَآ + اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	اِلَّا	رِجَالًا	نُّوْحِيْٓ	اِلَيْهِمْ	مِّنْ	اَهْلِ الْقُرٰى
اور ہم نے نہیں بھیجا	تم سے پہلے	مگر صرف	مرد	ہم وحی بھیجتے تھے	انکی طرف	سے	بستیوں والے

اور ہم نے تم سے پہلے بستیوں میں رہنے والے لوگوں میں سے صرف مرد بھیجے جنکی طرف ہم وحی بھیجتے تھے

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ

اَفَلَمْ + يَسِيْرُوْا	فِي الْاَرْضِ	فَيَنْظُرُوْا	كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الَّذِيْنَ	مِنْ +
کیا پس انہوں نے سیر نہیں کی	زمین میں (ملک میں)	پس وہ دیکھتے	کیسا۔کیا	ہُوا	انجام	وہ لوگ جو	ان سے

پس کیا انہوں نے سیر نہیں کی مُلک میں؟ کہ وہ دیکھتے ان سے پہلے لوگوں کا انجام کیا

قَبْلِهِمْ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۱۰۹ حَتّٰٓى

قَبْلِهِمْ	وَلَدَارُ + الْاٰخِرَةِ	خَيْرٌ	لِّلَّذِيْنَ	اتَّقَوْا	اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ	حَتّٰٓى
پہلے	اور البتہ آخرت کا گھر	بہتر	ان کیلئے جو	انہوں نے پرہیز کیا	پس کیا تم سمجھتے نہیں	یہانتک

ہُوا؟ اور البتہ آخرت کا گھر ان لوگوں کے لئے بہتر ہے جنہوں نے پرہیز کیا، پس کیا تم نہیں سمجھتے۔ یہانتک

اِذَا اسْتَيْــَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَاۗءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ فَنُجِّيَ مَنْ

اِذَا	اسْتَيْــَٔسَ	الرُّسُلُ	وَظَنُّوْٓا	اَنَّهُمْ	قَدْ كُذِبُوْا	جَاۗءَهُمْ	نَصْرُنَا	فَنُجِّيَ + مَنْ
جب	مایوس ہونے لگے	رسول (جمع)	اور انہوں نے گمان کیا	کہ وہ	ان سے جھوٹ کہا گیا	انکے پاس آئی	ہماری مدد	پس بچا دیئے گئے جنہیں

کہ جب (ظاہری اسباب سے) رسول مایوس ہونے لگے اور انہوں نے گمان کیا کہ ان سے جھوٹ کہا گیا تھا، انکے پاس ہماری مدد آگئی، پس جنہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَشَآءُ ۭ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝۱۱۰

نَشَآءُ	وَلَا يُرَدُّ	بَاْسُنَا	عَنِ	الْقَوْمِ	الْمُجْرِمِيْنَ
ہم نے چاہا	اور نہیں پھیرا جاتا	ہمارا عذاب	سے	قوم	مجرم (جمع)

ہم نے چاہا وہ بچا دیئے گئے اور ہمارا عذاب نہیں پھیرا جاتا مجرموں کی قوم سے

۱۰۸ قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ ۭ وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

۱۰۸ آپ کہدو یہ میرا راستہ ہے اس راستہ کو بیان فرمایا اس اپنے کلام سے بلاتا ہوں میں طرف دین خدا کے، میں اور میرے ساتھی جو مجھ پر ایمان لائے دلیل روشن اور سیدھی راہ پر ہیں اور اللہ پاک ہے ساجھیوں سے اور میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں۔ (یہ بھی بیان اسی راہ کا ہے جس پر محمدؐ اور ان کے پیرو ہیں۔

۱۰۹ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ۭ اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝

۱۰۹ اور ہم نے نہیں بھیجا تم سے پہلے کوئی فرشتہ بلکہ بھیجا ہم نے آدمیوں کو شہر والوں میں سے جن کی طرف وحی کی جاتی تھی (اہل شہر میں سے پیغمبر اسلئے بنائے کہ یہ لوگ زیادہ جاننے والے اور بہت بردبار ہوتے ہیں بخلاف گاؤں والوں کے کہ وہ جاہل اور سخت ہوتے ہیں۔ کیا یہ مکہ والے زمین میں نہیں پھرے کہ دیکھتے ہو کیونکر ہوا انجام ان لوگوں کا جو ان سے پہلے تھے کہ چونکہ انہوں نے اپنے پیغمبروں کو جھٹلایا اس لئے انجام کار وہ سب ہلاک کر دیئے گئے اور البتہ پچھلا گھر یعنی جنت بہتر ہے اللہ سے ڈرنے والوں کے لئے سو کیا تم اے مکہ والو اس کو نہیں سمجھتے جو ایمان لاؤ۔

۱۱۰ حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْــَٔسَ الرُّسُلُ

۱۱۰ حتیٰ اذا استیئس الرسل الخ حتیٰ اس کلام میں غایت ہے اس مضمون کی جس پر وما ارسلنا من قبلک الا رجالاً دلالت کرتا ہے یعنی پس اللہ کی طرف سے ان کی مدد ہونے میں دیر ہوئی یہاں تک کہ جب وہ پیغمبر ناامید ہو گئے اور انہوں نے یقین کر لیا کہ ہمارے پیرو ہم کو جھٹلا دینگے اور پھر کبھی ایمان نہ لاوینگے۔ یہ حاصل اس آیت کا اس وقت ہے کہ لفظ کذبوا ساتھ تشدید کے پڑھا جائے جیسا بعض قرأت میں ہے اور اگر اس لفظ کو ساتھ تخفیف ذال کے کذبوا پڑھیں تو پھر مطلب یہ ہے کہ ناامید ہو گئے پیغمبر اور انکے اتباع نے گمان کیا کہ پیغمبروں کو جو وعدہ مدد اور فتح پانے کا کیا تھا خلاف واقع تھا الحاصل جب یہ نوبت آگئی اس وقت انکے پاس ہماری مدد پہونچا دی ہم نے جس کو چاہا یا نجات دیئے گئے وہ جنکو ہم نے چاہا اور ہمارا عذاب مشرکوں سے دفع نہیں ہوتا

toobaa-elibrary.blogspot.com

تشریح

(۱۰۸) آپ کہدیں میرا راستہ توحید خالص کا ہے | اے محمدؐ آپ ان سے صاف صاف کہہ دیں کہ میرا راستہ نکھری ہوئی اور خالص توحید کا راستہ ہے۔ شرک کرنے والوں سے میرا کوئی واسطہ نہیں ہے میری دعوت تو یہ ہے کہ پروردگار ہر نقص اور کمزوری سے پاک ہے وہ بے عیب ہے، وہ ہر طرح سے صاحب کمال ہے اسی کی طرف میں لوگوں کو دعوت دیتا ہوں اور میرا یہ راستہ پوری طرح روشنی میں ہے کوئی اٹکل پچو بات نہیں ہے ہر طرح کی حجت اور برہان اسی طرف ہے کہ اللہ کے ساتھ کوئی شریک نہیں ہے۔ یہ راستہ اندھی تقلید کا نہیں اس راستے پر چلنے والا اپنے باطن میں معرفت و بصیرت کی روشنی محسوس کرتا ہے اور عبودیت و بندگی کی لذت سے آشنا ہو کر بے اختیار پکار اٹھتا ہے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ (اللہ پاک ہے اور میں شرک کرنے والوں میں شامل نہیں ہوں۔)

(۱۰۹) ہمارے سب رسول بشر تھے | جب کسی بستی کا کوئی انسان جو انہی میں پیدا ہوا پلا پڑھا، اٹھ کر یہ دعویٰ کرتا ہے کہ اللہ نے اسکو اپنا سفیر مقرر کیا ہے تو کچھ لوگ حیرت کے ساتھ دیکھتے ہیں کہ یہ شخص جو ہم میں سے ہی ایک ہے اچانک کس طرح اللہ کا پیغام لانے والا بن گیا ہے۔ یہ بات تو اپنی جگہ درست ہے کہ اس شخص کے حالات و کردار کی روشنی میں پوری طرح تسلی کی جائے کہ کیا واقعی یہ اللہ کا رسول ہے یا نہیں۔ یہ بات بھی اپنی جگہ حق ہے کہ نبوت کا دعویٰ کرنے والے سے دلائل طلب کئے جائیں تاکہ اسکی صداقت کے بارے میں ہر طرح تسلی کی جا سکے۔ لیکن یہ بات کہ ایک انسان بلکہ ایک آدمی اور آدمیوں میں بھی مرد نہ کہ عورت رسول کیسے ہو سکتا ہے۔ بذاتِ خود حیرت کی بات نہیں ہے اسلئے کہ جتنے بھی نبی اور رسول اللہ کے فرستادہ آئے ہیں وہ سب بشر تھے۔ بشریت رسول کا کمال ہے اسلئے کہ رسول انسانوں کی اصلاح کے لئے بھیجے جاتے ہیں اور اصلاح کے لئے صرف علم ہی کافی نہیں ہے بلکہ احساس کی بھی ضرورت ہے جو خود غم نہیں کھا سکتا وہ ایک غمزدہ کی تسلی بھی پوری طرح نہیں کر سکتا۔ جو بھوک سے آزاد ہے وہ ایک بھوکے کے ساتھ ہمدردی نہیں کر سکتا جو انسان کمزوریوں سے ناآشنا نہیں وہ انسانی کمزوریوں کو نظر انداز نہیں کر سکتا اس لئے رسول کا انسان ہونا ہی ضروری ہے اور اس سے پہلے جتنے بھی نبی اور رسول آئے ہیں وہ سب انسان تھے اور اپنی بستیوں کے رہنے والے تھے جہاں ان کو سب سے پہلے اللہ کے دین کی دعوت دینی تھی۔ ابراہیمؑ نوحؑ، موسیٰؑ، عیسیٰؑ آخر کون تھے۔ ذرا چل پھر کر دیکھو جنہوں نے ان رسولوں کی بات نہیں مانی ان کا کیا انجام ہوا۔ عاد ثمود، مدین، قوم لوط ان کے علاقے دیکھو اور عبرت حاصل کرو۔ جنہوں نے پیغمبروں کی بات مان کر تقویٰ کی روش اختیار کی وہ لوگ آخرت میں اونچا مقام رکھتے ہیں اور دنیا میں بھی ان کو حقیقی عزت ملی ہے۔ اگرچہ تھوڑی دیر کی راحت اور آرام نہ ماننے والوں کو بھی مل جاتا ہے لیکن جس کو حقیقی راحت اور عزت کہتے ہیں وہ نیک لوگوں کو ہی ملتا ہے کیا تم اب بھی نہ سمجھو گے؟

(۱۱۰) نہ ماننے والوں کو تنبیہ ماننے والوں کو بشارت | حق کے معاملے میں ہمیشہ یہ ہوتا رہا ہے کہ اسکی راہ میں روڑے اٹکائے گئے ہیں اللہ کے سچے رسولوں کو جھٹلایا گیا ہے اور حالات اس درجہ مایوسی کی حد تک پہنچ گئے کہ اللہ کے پیغمبر نصیحت کرتے رہے اور لوگوں نے سنکر نہ دیا یہانتک کہ ان کے دلوں میں بھی وسوسے ابھرنے لگے۔ ادھر لوگوں نے بھی یہ سمجھا کہ اللہ کی طرف سے جو یہ وعدہ تھا کہ وہ حق کے نہ ماننے والوں پر عذاب نازل کریں گے شاید یہ بات سچ نہ تھی۔ اصل میں اللہ کی طرف سے جو مہلت ہوتی ہے اس میں بھی اللہ تعالیٰ کی بے شمار حکمتیں اور مصلحتیں چھپی ہوئی ہیں مہلت دینے سے ایک طرف تو نہ ماننے والوں کی قلعی کھل جاتی ہے ان کی ہٹ دھرمی اور تعصب سامنے آجاتا ہے ادھر ماننے والوں کی ثابت قدمی ان کا صبر ان کا استقلال بھی ظاہر ہو جاتا ہے اور جب حالات اس درجے کو پہنچ جاتے ہیں تو یکایک پیغمبروں اور ان کے ماننے والوں کے لئے اللہ کی مدد پہونچ جاتی ہے اور نہ ماننے والوں پر اللہ کا عذاب نازل ہوتا ہے اس موقعہ پر اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں اپنے فرماں بردار بندوں کو بچا لیتے ہیں۔ رہا مجرموں کا معاملہ تو اللہ کا عذاب ان سے ٹلتا نہیں ہے دنیا میں بھی بھگتنا پڑتا ہے اور مرنیکے بعد آخرت میں بھی سب کچھ سامنے آجائیگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ۗ مَا كَانَ

لَقَدْ	كَانَ	فِي	قَصَصِهِمْ	عِبْرَةٌ	لِّأُولِي الْأَلْبَابِ	مَا كَانَ
البتہ	ہے	میں	ان کے قصے	عبرت (نصیحت)	عقلمندوں کے لئے	نہیں ہے

البتہ ان کے قصوں میں عقلمندوں کے لئے عبرت ہے ۔ یہ بنائی ہوئی

حَدِيثًا يُفْتَرَىٰ وَلَٰكِن تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَ

حَدِيثًا	يُفْتَرَىٰ	وَلَٰكِن	تَصْدِيقَ	الَّذِي	بَيْنَ يَدَيْهِ	وَ
بات	بنائی ہوئی	اور لیکن (بلکہ)	تصدیق	وہ جو	اس سے (اپنے سے) پہلی	اور

بات نہیں بلکہ تصدیق ہے اپنے سے پہلے کی اور

ع ۱۲ ۶ تَفْصِيلَ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدًى وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿١١١﴾ ع

تَفْصِيلَ	كُلِّ	شَيْءٍ	وَهُدًى	وَرَحْمَةً	لِّقَوْمٍ	يُؤْمِنُونَ
بیان	ہر	بات	اور ہدایت	اور رحمت	لوگوں کے لئے	جو ایمان لاتے ہیں

بیان ہے ہر بات کا اور ہدایت و رحمت ہے ان لوگوں کیلئے جو ایمان لاتے ہیں

(۱۱۱) لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ اَیْ اَلرُّسُلِ عِبْرَةٌ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ اَصْحَابِ الْعُقُوْلِ مَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى يُخْتَلَقُ وَلٰكِنْ تَصْدِيقَ الَّذِي بَيْنَ يَدَيْهِ قَبْلَهٗ مِنَ الْكُتُبِ وَتَفْصِيلَ تَبْيِيْنَ كُلِّ شَيْءٍ يَحْتَاجُ اِلَيْهِ فِي الدِّيْنِ وَهُدًى مِنَ الضَّلَالَةِ وَرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُوْنَ ۝ خَصُّوْا بِالذِّكْرِ لِاِنْتِفَاعِهِمْ بِهٖ دُوْنَ غَيْرِهِمْ

(۱۱۱) البتہ تحقیق پیغمبروں کے قصوں میں نصیحت اور عبرت ہے عقل والوں کے لئے۔ یہ قرآن بنائی ہوئی بات نہیں ولیکن اس سے سچا ثابت ہوتا ہے ان کتابوں کا جو اس سے پہلے اتریں اور اس میں مفصل بیان ہے ہر ایک چیز کا جس کی دین میں ضرورت ہو اور یہ راستہ بتاتا ہے اور ہدایت کرتا ہے گمراہی سے بچا کر راہ پر لاتا ہے اور رحمت ہے ان کے لئے جو ایمان لاتے ہیں۔ اہل ایمان کو خاص ذکر فرمایا کہ قرآن سے نفع انہیں کو ہوتا ہے نہ دوسروں کو۔

تشریح

(۱۱۱) انسان کی ہدایت و رہنمائی کے لئے جن چیزوں کی ضرورت ہے وہ سب قرآن میں موجود ہیں | قرآن میں جو باتیں بتائی جارہی ہیں وہ کوئی بناوٹی باتیں نہیں ہیں عقل و ہوش رکھنے والوں کے لئے اس کے مضامین اور واقعات میں عبرت کے سامان موجود ہیں قرآن کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی نازل کی ہوئی پچھلی تمام کتابوں کی تصدیق کرتا ہے اُن کتابوں اور قرآن کی دعوت میں کوئی فرق نہیں ہے۔ قرآن کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ انسان کو ہدایت و رہنمائی کے لئے جن چیزوں کی ضرورت ہے وہ سب کھول کھول کر بیان کر دی گئی ہیں۔ یہ کتاب ماننے والوں کے لئے ذریعۂ ہدایت اور باعثِ رحمت ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

۱۳

سُوْرَةُ الرَّعْد

ترتیبِ تلاوت ——— ۱۳	ترتیبِ نزول ——— ۹۶
مکّی / مدنی ——— مکّی	تعدادِ رکوعات ——— ۶
تعدادِ آیات ——— ۴۳	تعدادِ الفاظ ——— ۸۶۲
تعدادِ حروف ——— ۳۶۴	

نام و تعارف اس سورت کا نام اَلرَّعْدُ آیت ۱۳ کے فقرے یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ (بادلوں کی گرج اس کی حمد کے ساتھ اس کی پاکی بیان کرتی ہے، اور فرشتے اس کی ہیبت سے لرزتے ہوئے اس کی تسبیح کرتے ہیں) کے لفظ اَلرَّعْدُ سے لیا گیا ہے۔ یہ نام صرف علامت ہے یعنی وہ سورت جس میں لفظ اَلرَّعْدُ آیا ہے یا وہ سورت جس میں رَعْد کا بھی ذکر ہے۔ رعد بجلی کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

گرج کو کہتے ہیں ـــــ یہ سورت مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اور اندازِ بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ مکہ کے آخری دور میں یہ سورۃ نازل ہوئی ہے۔

صورتِ حال یہ ہے کہ نبی ﷺ لوگوں کو اسلام کی دعوت دے رہے ہیں ادھر حق کے مخالف طرح طرح کی چالیں چل رہے ہیں۔ اہل حق تمنا کر رہے ہیں کہ کوئی ایسی صورت ہو کہ یہ باطل پرست حق کی طرف آجائیں۔ باطل پرستوں کی طرف سے پوری پوری ہٹ دھرمی دکھائی جارہی ہے لیکن پھر بھی اللہ کی طرف سے ان کی رسی دراز ہے۔ اللہ تعالیٰ بار بار مختلف طریقے سے سمجھا رہے ہیں کہ حق کو قبول کرنے میں کتنے اخلاقی فائدے ہیں۔ دنیا کی زندگی بھی سنور جاتی ہے اور آخرت بھی بنتی ہے۔ قرآن مجید صرف دلیلوں سے دماغوں کو مطمئن ہی نہیں کر رہا ہے بلکہ طرح طرح سے دل کو بھی ملائم کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ کہیں ترغیب ہے کہیں شفقت ہے اور کہیں ڈراوا بھی ـــــ ثابت کیا جارہا ہے کہ توحید برحق ہے کائنات کی ایک ایک چیز اللہ کے وجود کی اور اس کے بلاشرکتِ غیرے یکتا بے مثال صاحب عظمت بااختیار و باقتدار ہونے کی دلیل ہے۔ یہ بات برحق ہے کہ اس عالم کے بعد ایک اور عالم برپا ہونا ہے جہاں جزا اور سزا کا مدار دنیا کی زندگی پر ہے۔ سمجھایا جارہا ہے کہ یہ رسول جو تمہارے درمیان ہیں برحق ہیں ان کی مکمل زندگی تم سب کے سامنے ہے۔ یہ اللہ کے مقرر کئے ہوئے ہیں۔ درمیان میں جگہ جگہ مخالفین کے اعتراضات کے جوابات دیئے گئے ہیں اور دل میں اٹھنے والے شکوک و شبہات کے کانٹے نکالے گئے ہیں۔

غرض یہ سورت بھی سورۂ یونس، سورۂ ہود اور سورۂ اعراف کی طرح اسلام کی حقانیت اور اس کے دعوتی انداز کی ایک تصویر پیش کرتی ہے جس سے ہر دور میں رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اٰیاتہا ۴۳	۱۳ سُوْرَۃُ الرَّعْدِ مَدَنِیَّۃٌ ۹۶	رُکُوْعَاتہا ۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا، نہایت مہربان ہے

الٓمّٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

الٓمّٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	وَالَّذِيْٓ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ
الف لام میم را	یہ	آیتیں	کتاب	اور وہ جو کہ	اُتارا گیا	تمہاری طرف

الف لام میم را۔ یہ کتاب (قرآن) کی آیتیں ہیں، اور جو تمہارے رب کی طرف سے

مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

مِنْ + رَّبِّكَ	الْحَقُّ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ
تمہارے رب کی طرف سے	حق	اور لیکن (مگر)	اکثر	لوگ

اُتارا گیا حق ہے مگر اکثر لوگ ایمان

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱ اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ

لَا يُؤْمِنُوْنَ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	رَفَعَ	السَّمٰوٰتِ	بِغَيْرِ +
ایمان نہیں لاتے	اللہ	وہ جس نے	بلند کیا	آسمان (جمع)	کسی ستون

نہیں لاتے۔ اللہ جس نے آسمانوں کو بلند کیا کسی ستون (سہارے)

عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَسَخَّرَ

عَمَدٍ	تَرَوْنَهَا	ثُمَّ	اسْتَوٰى	عَلَى	الْعَرْشِ	وَسَخَّرَ
کے بغیر	تم اسے دیکھتے ہو	پھر	قرار پکڑا	پر	عرش	اور کام پر لگایا

کے بغیر تم دیکھتے ہو پھر عرش پر قرار پکڑا اور سورج اور

الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ

الشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ	كُلٌّ	يَّجْرِيْ	لِاَجَلٍ	مُّسَمًّى	يُدَبِّرُ	الْاَمْرَ
سورج	اور چاند	ہر ایک	چلتا ہے	ایک مدت	مقررہ	تدبیر کرتا ہے	کام

چاند کو کام پر لگایا ہر ایک چلتا ہے مدتِ مقررہ تک اللہ کام کی تدبیر کرتا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ②

يُفَصِّلُ	الْاٰيٰتِ	لَعَلَّكُمْ	بِلِقَآءِ	رَبِّكُمْ	تُوْقِنُوْنَ
وہ بیان کرتا ہے	نشانیاں	تاکہ تم	ملنے کا	اپنا رب	تم یقین کرلو

وہ نشانیاں بیان کرتا ہے تاکہ تم اپنے رب سے ملنے کا یقین کرلو۔

سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَكِّيَّةٌ اِلَّا وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا الْاٰيَةَ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا الْاٰيَةَ اَوْ مَدَنِيَّةٌ اِلَّا وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا اٰيَتَيْنِ ثَلٰثٌ اَوْ اَرْبَعٌ اَوْ خَمْسٌ اَوْ سِتٌّ وَاَرْبَعُوْنَ اٰيَةً

سورۂ رعد مکی ہے مگر یہ دو آیتیں وَلَا یَزَالُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا الخ اور وَیَقُوْلُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا الخ یا یہ سورت مدنی ہے بجز ان دو آیتوں کے وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ الخ اس سورۃ میں تینتالیس یا چوالیس یا پینتالیس یا چھیالیس آیتیں ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

① الٓمّٓرٰ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمُرَادِهٖ بِذٰلِكَ تِلْكَ هٰذِهِ الْاٰيَاتُ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْقُرْاٰنِ وَالْاِضَافَةُ بِمَعْنٰى مِنْ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ اَيِ الْقُرْاٰنُ مُبْتَدَاٌ اَلْحَقُّ خَبَرُهٗ لَا شَكَّ فِيْهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ اَيْ اَهْلَ مَكَّةَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ بِاَنَّهٗ مِنْ عِنْدِهٖ تَعَالٰى

① الٓمّٓرٰ۔ اللہ زیادہ جانتا ہے جو اس نے ان حروف سے ارادہ کیا تِلْكَ اٰيَاتُ الْكِتٰبِ الخ یہ آیتیں قرآن کی آیتیں ہیں (اور اضافت آیات کی طرف الکتاب کے بہ معنی مِنْ کے ہے یعنی یہ آیتیں قرآن میں سے ہیں) اور وہ جو تیری طرف اتارا گیا تیرے رب کی جانب سے یعنی قرآن سچی کتاب ہے اس میں کچھ شک نہیں ولیکن اکثر آدمی یعنی مکے والے اس بات پر ایمان نہیں رکھتے کہ یہ کتاب اللہ کی طرف سے آئی ہے۔

② اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا اَيِ الْعَمَدُ جَمْعُ عِمَادٍ وَهُوَ الْاُسْطُوَانَةُ وَهُوَ صَادِقٌ بِاَنْ لَا عَمَدَ اَصْلًا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ اِسْتِوَاءً يَلِيْقُ بِهٖ وَسَخَّرَ ذَلَّلَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ مِنْهُمَا يَجْرِيْ فِيْ فَلَكِهٖ

② اللہ وہ ذات ہے کہ اس نے آسمانوں کو بلند کیا بدون ستونوں کے جو تم کو نظر آتے ہوں یعنی بالکل ستون نہیں نہ یہ کہ ستون تو ہیں مگر نظر نہیں آتے۔

پھر مستقر ہوا عرش پر جو استقرار اس کی شان کے مناسب ہے اور فرماں بردار کیا سورج کو اور چاند کو ہر ایک ان دونوں میں سے چلتا ہے اپنے آسمانوں میں مدت معین تک یعنی قیامت تک

toobaa-elibrary.blogspot.com

لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يَقْضِيْ اَمْرَ
مُلْكِهٖ يُفَصِّلُ يُبَيِّنُ
الْاٰيٰتِ دَلَالَاتِ قُدْرَتِهٖ
لَعَلَّكُمْ يَا اَهْلَ مَكَّةَ
بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ بِالْبَعْثِ
تُوْقِنُوْنَ ○

تدبیر کے ساتھ وہ اپنے ملک میں حکم جاری فرماتا ہے اپنی قدرت کی نشانیاں ظاہر فرماتا ہے تاکہ تم اے مکہ والو اپنے رب سے ملنے کا یقین کرو اور قیامت میں زندہ ہونے پر ایمان لاؤ۔

تشریح

(۱) قرآن مجید کلام برحق ہے | اے پیغمبر اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ جو کچھ تمہارے رب کی طرف سے کتاب کی آیات تم پر نازل کی گئی ہیں وہ عین حق ہیں اس میں ہر بات بالکل صحیح صحیح اور جچی تُلی ہے چاہے لوگ مانیں یا نہ مانیں مگر اس کی تعلیم کے حق و صواب ہونے میں کوئی شک نہیں ہے۔ نبی ؐ جس چیز کی طرف لوگوں کو بلا رہے تھے وہ تین بنیادی باتوں پر مشتمل تھیں۔ اول یہ کہ یہ ساری کائنات اللہ کی بنائی ہوئی اور اس کی ملکیت ہے اس کا مالک ہونا برحق ہے اسلئے بندگی کا مستحق صرف وہی ہے۔ دوسری بات آپ یہ ارشاد فرما رہے تھے کہ اس دنیا کی زندگی کے بعد ایک دوسری زندگی آئے گی جس میں ہر شخص کو دنیا میں کئے ہوئے اپنے اپنے عمل کا حساب کتاب دینا پڑیگا۔ تیسری بات آپ کی طرف سے یہ تھی کہ مجھے اللہ نے اپنا رسول مقرر کیا ہے میں جو کچھ پیش کر رہا ہوں وہ ہم سب کے پروردگار کی طرف سے ہے اپنی طرف سے کوئی بات نہیں کہہ سکتا۔ یہی تین باتیں تھیں جو بڑے معقول انداز میں پوری دلسوزی اور ہمدردی کے ساتھ پیش کی جا رہی تھیں اور جن کو بار بار مختلف طریقوں سے سمجھایا جا رہا تھا اور لوگوں کی طرف سے ہر طرح شبہے اور اعتراض کو دُور کیا جا رہا تھا مگر اس سیدھی سادی بات کو بھی بہت سارے لوگ مان کر نہیں دے رہے تھے اور آج بھی صورتِ حال یہی ہے۔

(۲) آفاق میں اللہ کی قدرت کی نشانیاں | اللہ تعہ نے آسمان بنائے جو ایسے سہاروں پر قائم ہیں جو ہمیں نظر نہیں آتے۔ فضائے بسیط میں ہمیں ان آنکھوں سے کوئی ایسی چیز نظر نہیں آتی جو ان اجرام فلکی کو جو حد و حساب سے باہر ہیں تھامے ہوئے ہو۔ اک نظر نہ آنے والی طاقت یا کشش ایسی ہے جو ان سب کو اپنی اپنی جگہ پر روکے ہوئے ہے۔ اللہ تعالیٰ ان چیزوں کا صرف خالق ہی نہیں ہے بلکہ ذرے ذرے پر اسکی حکومت ہے ہر چیز اس کی تابع فرمان ہے حاکمیت (Sovereignty) صرف اور صرف اسی کی ہے جس کے جز یا کُل میں کوئی شریک نہیں ہے۔ آفتاب و ماہتاب سب اُس کے بنائے ہوئے قانون کے پابند ہیں اس پورے نظام کی ایک ایک چیز مقررہ وقت تک کے لئے چل رہی ہے جب وہ وقت پورا ہو جائے گا تو ہر چیز مٹ جائے گی۔ اس عالم طبعی کی بناوٹ میں ابدیت نہیں ہے یہ ہمیشہ باقی رہنے والی نہیں ہے اس کا فانی ہونا بتا رہا ہے کہ ایک دن قیامت برپا ہوگی یہ عالم ختم ہو جائے گا اور اس کی جگہ دوسرا عالم قائم کیا جائیگا جس کے قوانین اس عالم کے قوانین سے مختلف ہوں گے۔ اللہ تعالےٰ یہ ساری نشانیاں کھول کھول کر تمہارے سامنے بیان کر رہا ہے تاکہ تمہیں یقین ہو جائے کہ تمہیں ایک دن اپنے رب سے ملنا ہے اگر اس نظامِ فلکی کی بناوٹ پر غور کریں تو یہ خود گواہی دے رہا ہے کہ اس کا پیدا کرنے والا کامل درجے کا حکیم ہے اس کی حکمت سے یہ بات بعید معلوم ہوتی ہے کہ وہ انسان جیسی عقل و شعور والی شے کو پیدا کرے اپنی زمین پر اس کو تصرف کا اختیار دے اور پھر ان سے یہ نہ پوچھے کہ تم نے کیا کیا ہے؟

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَهُوَ الَّذِیْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَ

وَهُوَ	الَّذِیْ	مَدَّ	الْاَرْضَ	وَجَعَلَ	فِیْهَا	رَوَاسِیَ	وَاَنْهٰرًا	وَ
اور وہی	وہ۔ جس	پھیلایا	زمین	اور بنایا	اس میں	پہاڑ (جمع)	اور نہریں	اور

اور وہی ہے جس نے زمین کو پھیلایا، اور اس میں پہاڑ بنائے اور نہریں (چلائیں) اور

مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِیْهَا زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ ؕ

مِنْ	كُلِّ	الثَّمَرٰتِ	جَعَلَ	فِیْهَا	زَوْجَیْنِ	اثْنَیْنِ	یُغْشِی	الَّیْلَ	النَّهَارَ
سے	ہر ایک	پھل (جمع)	بنایا	اسمیں	جوڑے	دو دو قسم	وہ ڈھانپتا ہے	رات	دن

ہر قسم کے پھل (پیدا کئے) اور اس میں دو دو قسم کے (تلخ و شیریں) پھل بنائے، اور وہ دن کو رات سے ڈھانپتا ہے

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ۝۳

اِنَّ	فِیْ	ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ	لِّقَوْمٍ	یَّتَفَكَّرُوْنَ	
بیشک	میں	اس	نشانیاں	لوگوں کیلئے	جو غور و فکر کرتے ہیں۔	

بیشک اس میں نشانیاں ہیں غور و فکر کرنے والے لوگوں کے لئے۔

(۳) وَهُوَ الَّذِیْ مَدَّ بَسَطَ الْاَرْضَ وَجَعَلَ خَلَقَ فِیْهَا رَوَاسِیَ جِبَالًا لِّاَثْوَابٍ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ خَلَقَ فِیْهَا زَوْجَیْنِ اثْنَیْنِ مِنْ كُلِّ نَوْعٍ یُغْشِی یُغَطِّی الَّیْلَ بِظُلْمَتِهٖ النَّهَارَ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ الْمَذْكُوْرِ لَاٰیٰتٍ دَلَالَاتٍ عَلٰی وَحْدَانِیَّتِهٖ تَعَالٰی لِقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ فِیْ صُنْعِ اللّٰهِ

(۳) اور اللہ وہ ہے جس نے زمین کو بچھایا اور اس میں بھاری بھاری پہاڑ پیدا کئے اور نہریں جاری کیں اور اسمیں ہر ایک قسم کے پھل دو دو طرح کے پیدا کئے رات کے اندھیرے کو دن پر ڈھانکتا ہے بیشک ان امور ذکر کئے گئے میں بڑی بڑی نشانیاں ہیں اللہ کے ایک ہونے پر اس قوم کے لئے جو اللہ کی مصنوعات میں فکر کرتے رہتے ہیں۔

تشریح

(۳) عالم ارضی میں اللہ کی قدرت اور حکمت کی بیشمار نشانیاں | جس طرح آفاق اور عالم فلکی میں اللہ کی بے پناہ قدرت کی نشانیاں پائی جاتی ہیں جو یہ بتا رہی ہیں کہ ان سب کا خالق ایک ہے جو بڑی حکمت و دانائی والا ہے اسی طرح عالم ارضی اور اس زمین پر اللہ کی تخلیق و حکمت کی نشانیاں بکھری ہوئی ہیں۔ خود اس زمین کی بناوٹ اس پر پہاڑوں کا وجود، یہ بہتے ہوئے دریا اور نہریں، زمین کی گود میں بے حد و حساب درختوں کا پھیلنا، دن رات کا باقاعدگی کے ساتھ اپنے وقت پر ہونا۔ پھلوں کی ہر قسم میں دو دو طرح کے پھل یہ سب چیزیں پکار پکار کر شہادت دے رہی ہیں کہ جس خالق نے یہ نقشہ بنایا ہے وہ کامل درجے کا حکیم ہے۔ ان تمام تخلیقات میں باہم آہنگی موافقت اور تسلسل یہ بتا رہا ہے کہ یہ الگ الگ خالق کی تخلیق نہیں ہے ان سب کا خالق ایک ہے۔ زمین کے کرّے کا خلائے بسیط میں معلق ہونا اسکی گردش میں انتہائی درجے کا نظم یہ سب خدا کی قدرت پر گواہ ہیں ایسے قادر مطلق کے متعلق یہ خیال کرنا کہ وہ دوبارہ زندگی نہیں دے سکتا عقل و دانش کی نہیں کم فہمی کی دلیل ہے غور و فکر کرنیوالوں کے لئے اسمیں بڑی نشانیاں موجود ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَفِي الْأَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ أَعْنَابٍ

وَفِي	الْأَرْضِ	قِطَعٌ	مُّتَجٰوِرٰتٌ	وَّجَنّٰتٌ	مِّنْ	أَعْنَابٍ
اور میں	زمین	قطعات	پاس پاس	اور باغات	سے۔کے	انگور (جمع)

اور زمین میں پاس پاس قطعات ہیں ، اور باغات ہیں انگوروں کے

وَّزَرْعٌ وَّنَخِيلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ

وَّزَرْعٌ	وَّنَخِيلٌ	صِنْوَانٌ	وَّغَيْرُ	صِنْوَانٍ	يُّسْقٰى	بِمَآءٍ
اور کھیتیاں	اور کھجور	ایک جڑ سے دو شاخ والی	اور بغیر	دو شاخوں والی	سیراب کیا جاتا ہے	پانی سے

اور کھیتیاں اور کھجور ایک جڑ سے دو شاخوں والی اور بغیر دو شاخوں کی (حالانکہ) ایک ہی پانی سے سیراب کی

وَاحِدٍ ۚ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِي الْأُكُلِ ۭ

وَاحِدٍ	وَنُفَضِّلُ	بَعْضَهَا	عَلٰى	بَعْضٍ	فِي	الْأُكُلِ
ایک	اور ہم فوقیت دیتے ہیں	ان کا ایک	پر	دوسرا	میں	ذائقہ

جاتی ہیں اور ہم فوقیت دیتے ہیں ان میں سے ایک کو دوسرے پر ذائقہ میں

إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝ وَإِنْ تَعْجَبْ

إِنَّ	فِي	ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يَّعْقِلُوْنَ	وَإِنْ	تَعْجَبْ
بیشک	میں	اس	نشانیاں	لوگوں کے لئے	عقل سے کام لیتے ہیں	اور اگر	تم تعجب کرو

اس میں نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لئے جو عقل سے کام لیتے ہیں اور اگر تم تعجب کرو

فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ ءَإِذَا كُنَّا تُرٰبًا ءَإِنَّا لَفِي خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۭ

فَعَجَبٌ	قَوْلُهُمْ	ءَ إِذَا	كُنَّا	تُرٰبًا	ءَإِنَّا	لَفِي + خَلْقٍ	جَدِيْدٍ
تو عجب	ان کا کہنا	کیا جب	ہوگئے ہم	مٹی	کیا ہم	زندگی پائیں گے	نئی

تو ان کا یہ کہنا عجب ہے۔ کیا جب ہم مٹی ہو گئے ہم (از سر نو) نئی زندگی پائیں گے ؟

أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَأُولٰٓئِكَ الْأَغْلٰلُ فِيْٓ

أُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِرَبِّهِمْ	وَأُولٰٓئِكَ	الْأَغْلٰلُ	فِيْٓ
وہی	جو لوگ	منکر ہوئے	اپنے رب کے	اور وہی ہیں	طوق (جمع)	میں

وہی لوگ ہیں جو اپنے رب کے منکر ہوئے ، اور وہی ہیں جن کی گردنوں میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَعْنَاقُهُمْ ۚ وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٥﴾

أَعْنَاقُهُمْ	وَأُولَٰئِكَ	أَصْحَابُ + النَّارِ	هُمْ	فِيهَا	خَالِدُونَ
ان کی گردنیں	اور وہی ہیں	دوزخ والے	وہ	اسمیں	ہمیشہ رہیں گے

طوق ہوں گے ، اور وہی دوزخ والے ہیں وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ۔

④ وَفِي الْأَرْضِ قِطَعٌ مُتَجَاوِرَاتٌ وَجَنَّاتٌ مِنْ أَعْنَابٍ وَزَرْعٌ وَنَخِيلٌ صِنْوَانٌ وَغَيْرُ صِنْوَانٍ يُسْقَىٰ بِمَاءٍ وَاحِدٍ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلَىٰ بَعْضٍ فِي الْأُكُلِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ﴿٤﴾

④ اور زمین میں ٹکڑے مختلف قسم کے ہیں باہم ملے ہوئے، سو بعض انمیں سے عمدہ ستھرے اور بعض شور اور خراب ہیں کہیں گھاس اور سبزہ خوب جتا ہے کہیں بہت کم۔ اور یہ سب اللہ کی قدرت کی نشانیاں ہیں ۔ اور زمین میں انگوروں کے باغ اور کھیتی اور کھجوروں کے درخت مجتمع اور جدے جدے یہ سب باغ اور درخت ایک طرح کا پانی دیے جاتے ہیں اور ہم ان میں سے بعض کو بعض پر بزرگی دیتے ہیں سو کوئی میٹھا اور کوئی کھٹا اور یہ بھی اللہ کی قدرت کی نشانیوں میں سے ہے ۔

بے شک اس تمام مذکور میں بڑی نشانیاں ہیں اس قوم کے لئے جو سمجھتے ہیں اور غور کرتے ہیں۔

⑤ وَإِنْ تَعْجَبْ يَا مُحَمَّدُ مِنْ تَكْذِيبِ الْكُفَّارِ لَكَ فَعَجَبٌ حَقِيقٌ بِالْعَجَبِ قَوْلُهُمْ مُنْكِرِينَ لِلْبَعْثِ ءَإِذَا كُنَّا تُرَابًا ءَإِنَّا لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ ۗ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ الْأَغْلَالُ فِي أَعْنَاقِهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٥﴾

⑤ اور اگر اے محمد تم تعجب کرتے ہو کافروں کے تم کو جھٹلانے سے تو لائق تعجب کے ان کا قول ہے کہ وہ قیامت کا انکار کر کے کہتے ہیں آیا جس وقت ہم مٹی ہو جائیں گے کیا اس وقت ہم پھر از سر نو پیدا ہونگے۔ یہ بات ان کی لائق تعجب اس وجہ سے ہے کہ جس کو یہ قدرت ہے کہ وہ مخلوق کو بدون کسی مثال کے اول ہی پیدا کر سکتا ہے وہ اس کے دوبارہ پیدا کرنے پر بدرجۂ اولیٰ قدرت رکھتا ہے۔ پھر انکار کرنا ان لوگوں کا عجیب ہے۔ (ءَاِذَا کُنَّا اور ءَاِنَّا کے ہر دو ہمزہ کو ثابت رکھیں یا اول کو ثابت رکھیں اور دوسرے

toobaa-elibrary.blogspot.com

عَلَى الْوَجْهَيْنِ وَتَرَكَهَا وَفِي قِرَاءَةٍ بِالْاِسْتِفْهَامِ فِي الْاَوَّلِ وَالْخَبَرِ فِي الثَّانِي وَاُخْرٰى عَكْسُهٗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ الْاَغْلَالُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○

کو بین بین پڑھیں اور یا دونوں صورتوں میں الف درمیان میں بڑھا دیں یا تسہیل ترک کریں یہ سب صورتیں درست ہیں اور ایک قرأت میں صرف اءذا میں ہمزہ استفہام ہے اءنا میں نہیں بلکہ وہ جملہ خبریہ ہے، اور بعض قرأت میں اس کا عکس ہے) وہی لوگ ہیں جو اپنے رب کے منکر ہوئے اور وہی ہیں جن کی گردنوں میں طوق ڈالے جائینگے اور وہی ہیں دوزخی کہ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے۔

تشریح

(۴) زمین کے خطوں کی رنگارنگی | پہلے بلند آسمانوں کا ذکر کیا اس کے ساتھ چاند سورج کا بیان ہوا کہ ہر ایک کی رفتار الگ ہے، کام الگ ہے۔ سورج کی گرم اور تیز شعاعیں کچھ اور کام کرتی ہیں، چاند کی ٹھنڈی چاندنی الگ فائدہ دیتی ہے۔ پھر آسمانوں کے مقابلے میں پست زمین کا ذکر ہوا۔ اب اس ایک ہی زمین پر الگ الگ خطے، الگ الگ احوال کہیں پہاڑ کھڑے ہیں کہیں دریاؤں کی روانی ہے۔ اس زمین پر ایک ہی پانی سے سیراب ہونے والے الگ الگ قسم کے پھل ہیں۔ ساری زمین یکساں نہیں ہے اس میں بیشمار خطے پیدا کردئے ہیں جو ایک دوسرے سے ملے ہونے کے باوجود بھی اپنی صلاحیتوں میں الگ الگ ہیں کہیں انگور کے باغ اور کھیتیاں ہیں کہیں کھجور کے درخت ہیں کھجور کے درختوں میں بھی ایک ہی جڑ سے ایک تنے والے درخت بھی ہیں اور دو تنے والے بھی جو الگ الگ اپنی خصوصیت رکھتے ہیں۔ درخت ایک ہی پانی سے سیراب ہوتے ہیں ان کے پھلوں کے ذائقے الگ الگ ہیں جس طرح ان چیزوں میں رنگارنگی ہے جو انسان کے تمدن کو پھلنے پھولنے کا موقع دیتی ہے اسی طرح خود انسانوں میں بھی رنگارنگی پائی جاتی ہے۔ طبیعتیں میلان اور مزاج الگ الگ یہ سب اس کی حکمت کی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو عقل سے کام لیتے ہیں۔

(۵) کیا وہ قادرِ مطلق موت کے بعد دوبارہ پیدا کرنے پر قادر نہیں ہے؟ | جو پروردگار اتنی قدرت اور حکمت والا ہے جس نے اپنی قدرت سے آسمان و زمین میں طرح طرح کی چیزیں پیدا کیں اور ہر چیز میں کامل درجے کی حکمت ہے کیا وہ اس بات پر قادر نہیں ہے کہ انسان کو مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرے اور اس عالم ارضی کی طرح ایک اور عالم عالمِ آخرت برپا کرے موت کے بعد زندگی اور عالمِ آخرت پر تعجب کا اظہار خود باعثِ تعجب ہے۔ کیا جو اوّل ایک چیز بنا چکا دوبارہ نہیں بنا سکتا اس کے دوبارہ پیدا کرنے سے انکار اس کی قدرت اور حاکمیت کا انکار ہے۔ دراصل یہ وہ لوگ ہیں جن کی گردنوں میں ان کی جہالت اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے نفس کی خواہشات اور باپ دادا کی اندھی تقلید کے طوق پڑے ہوئے ہیں اور یہ ان کے اسیر بنے ہوئے ہیں۔ یہ لوگ اس لائق ہیں کہ اللہ کے ابدی جیل خانے جہنم میں ان کو ڈال دیا جائے جو ایسے ہی مجرموں کے لئے بنایا گیا ہے اور وہاں سے ان کو کبھی چھٹکارا نہ مل سکے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ	بِالسَّيِّئَةِ	قَبْلَ + الْحَسَنَةِ	وَقَدْ خَلَتْ	مِنْ
اور وہ تم سے جلدی مانگتے ہیں	برائی (عذاب)	بھلائی (رحمت) سے پہلے	اور (حالانکہ) گزر چکی ہیں	سے

اور وہ تم سے رحمت سے پہلے جلد عذاب مانگتے ہیں حالانکہ گزر چکی ہیں سے

قَبْلِهِمُ الْمَثُلٰتُ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ

قَبْلِهِمُ	الْمَثُلٰتُ	وَاِنَّ	رَبَّكَ	لَذُوْ مَغْفِرَةٍ	لِّلنَّاسِ
ان سے قبل	سزائیں	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ مغفرت والا	لوگوں کے لئے

ان سے قبل (عبرتناک) سزائیں، اور بیشک تمہارا رب اُن کے ظلم کے باوجود لوگوں کیلئے

عَلٰى ظُلْمِهِمْ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۶

عَلٰى	ظُلْمِهِمْ	وَاِنَّ	رَبَّكَ	لَشَدِيْدُ + الْعِقَابِ
پر	ان کا ظلم	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ سخت عذاب دینے والا

مغفرت والا ہے اور بیشک تمہارا رب سخت عذاب دینے والا ہے۔

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ

وَيَقُوْلُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	لَوْلَا + اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ	مِّنْ
اور کہتے ہیں	جنہوں نے	کفر کیا (کافر)	کیوں نہ اُتری	اُس پر	کوئی نشانی	سے

اور کافر کہتے ہیں اس کے رب کی طرف سے اس پر کوئی نشانی کیوں نہ

ع ۱ رَّبِّهٖ ؕ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝۷

رَبِّهٖ	اِنَّمَآ	اَنْتَ	مُنْذِرٌ	وَّلِكُلِّ + قَوْمٍ	هَادٍ
اس کا رب	اسکے سوا نہیں	تم	ڈرانے والے	اور ہر قوم کے لئے	ہادی

اُتری؟ اس کے سوا نہیں کہ تم ڈرانے والے ہو اور ہر قوم کے لئے ہادی ہوا ہے

(۶) وَنَزَلَ فِيْ اِسْتِعْجَالِهِمُ الْعَذَابَ اِسْتِهْزَاءً وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ الْعَذَابِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ الرَّحْمَةِ وَقَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمُ الْمُثُلَاتُ جَمْعُ الْمَثُلَةِ بِوَزْنِ السَّمُرَةِ اَيْ عُقُوْبَاتُ اَمْثَالِهِمْ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ

(۶) اور کافرین ازروئے استہزاء عذاب کے آنے میں جلدی کرتے تھے ان کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔ وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ۔ اور کافرین تم سے طلب کرتے ہیں جلد عذاب کا آنا رحمت سے پہلے اور حالانکہ بلاشبہ ان سے پہلے ان جیسوں کو جنہوں نے احکام الٰہی اور پیغمبروں کو جھٹلایا سزا مل چکی ہے اور وہ گرفتار

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَفَلَا يَعْتَبِرُونَ بِهَا وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو مَغْفِرَةٍ لِّلنَّاسِ عَلَىٰ ظُلْمِهِمْ وَإِنَّ رَبَّكَ لَشَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ لِمَن عَصَاهُ

عذاب ہو چکے ہیں سو یہ کفار کیا ان کے حال سے عبرت حاصل نہیں کرتے۔ اور بیشک تیرا رب بڑی بخشش والا ہے لوگوں کے لئے باوجود ان کے ظلم اور نافرمانی کرنے کے اور اگر اسکی بخشش اور رحمت نہ ہوتی تو زمین پر کوئی جاندار باقی نہ رکھتا سب کو ہلاک کر ڈالتا اور بلاشبہ تیرے رب کا عذاب بھی بہت سخت ہے انکے لئے جو اس کی نافرمانی کریں۔

⑦ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّن رَّبِّهِ ۗ إِنَّمَا أَنتَ مُنذِرٌ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ۝

⑦ اور کافرین کہتے ہیں کہ محمدؐ پر کوئی نشانی مثل عصار موسیٰ اور یدبیضا اور ناقۂ صالح کے کیوں نہ اتاری گئی اللہ تعالیٰ نے فرمایا بات یہ ہے کہ تو صرف کافروں کو عذاب سے ڈرانے والا ہے تیرا کام یہ نہیں کہ نشانیاں لاوے اور ہر ایک گروہ کے واسطے ایک راہ نما ہے جو اُن کو ان کے رب کی طرف بلاتا ہے جس کو اللہ نشانیاں دے کر بھیجتا ہے نہ یہ کہ اس گروہ کی طلب کے موافق اس کو نشانیاں دی جاویں۔

تشریح

⑥ باطل پرستوں کی طرف سے عذاب کا مطالبہ ہے مگر اللہ تعالیٰ حلیم و بردبار ہے | جو لوگ حضرت محمدؐ کے سچے نبی ہونے کا انکار کرتے تھے اور سمجھانے بجھانے کے باوجود اپنی غلط روش پر قائم تھے ان کی زبان پر یہ بات بار بار آتی تھی کہ آخر وہ عذاب جسکے بارے میں خبر دی جاتی ہے آکیوں نہیں جاتا اللہ تعالیٰ کے لئے عذاب دینا کوئی مشکل نہیں ہے لیکن وہ مہلت دینا چاہتا ہے اور سنبھلنے کا موقع دیتا ہے۔ حیرت ہے کہ یہ باطل پرست اس مہلت سے فائدہ اٹھانے کے بجائے سزا کے لئے جلدی کر رہے ہیں اور یہ تاریخ انکے سامنے ہے کہ اس غلط روش پر چلنے والے لوگوں کے ساتھ عذاب کی دردناک مثالیں موجود ہیں لیکن اللہ تعالیٰ ان کی زیادتیوں کے باوجود چشم پوشی سے کام لیتا ہے وہ حلیم ہے مدبر ہے وہ عذاب میں جلدی نہیں کرتا حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ وہ سخت سزا دینے پر خوب قادر ہے۔

⑦ مطلوبہ نشانی کا بے جا مطالبہ | انکار کرنیوالوں کے سامنے حق و صداقت واضح طور پر موجود تھی اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانیاں جگہ جگہ سامنے ہیں حضرت محمدؐ کی زندگی جو سراپا صداقت تھی وہ بھی ان کے سامنے تھی آپکی بہترین تعلیم کے نتیجے میں لوگوں کی زندگیوں میں جو خوشگوار تبدیلی آرہی تھی وہ بھی سب کے سامنے تھی۔ ان تمام نشانیوں کے باوجود بار بار ایک بے جا مطالبہ ہوتا تھا کہ ایسی نشانی دکھاؤ جو ناقابل انکار ہو کوئی ایسا کرشمہ جس کے معیار پر وہ صداقت کو پرکھ سکیں یہ مطالبہ بے جا اور فضول مطالبہ تھا صداقت کی نشانیاں اور کون سی ہوتی ہیں ان کو مطمئن کرنے کے لئے جو مطمئن ہونا نہ چاہیں کون سا کرشمہ دکھایا جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نبی ﷺ کو خطاب کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ہم نے پہلے بھی ہر قوم کے لئے رہنما اور ہادی بھیجے ہیں اب آپ بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے لوگوں کی ہدایت کے لئے مقرر کئے گئے ہیں آپ کا کام اللہ کی ہدایت کو پہنچانا اور لوگوں کو خبردار کرنا ہے ہر ایک کو مطمئن کرنا آپ کا کام نہیں ہے جسے ماننا ہے مانے نہیں ماننا ہے نہ مانے۔ اللہ پیغمبر کی صداقت کے لئے جو نشانی مناسب ہوتی ہے دکھاتے ہیں نشانیوں کا اتارنا آپکے قبضے میں نہیں ہے اللہ بہتر جانتے ہیں کہ کون سی نشانی کس وقت نازل کرنی ہے ماننے والوں کے لئے ہر طرف نشانیاں بکھری ہوئی ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ

اَللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا تَحْمِلُ	كُلُّ اُنْثٰى	وَمَا	تَغِيْضُ	الْاَرْحَامُ
اللہ	جانتا ہے	جو پیٹ میں رکھتی ہے	ہر مادہ	اور جو	سکڑتا ہے	رحم (جمع)

اللہ جانتا ہے جو ہر مادہ پیٹ میں رکھتی ہے اور جو رحم میں سکڑتا اور

وَمَا تَزْدَادُ ۭ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ⑧ عٰلِمُ

وَمَا	تَزْدَادُ	وَكُلُّ	شَيْءٍ	عِنْدَهٗ	بِمِقْدَارٍ	عٰلِمُ
اور جو	بڑھتا ہے	اور ہر	چیز	اس کے نزدیک	ایک اندازہ سے	جاننے والا

بڑھتا ہے اور اس کے نزدیک ہر چیز ایک اندازہ سے ہے۔ جاننے والا

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ⑨ سَوَآءٌ

الْغَيْبِ	وَالشَّهَادَةِ	الْكَبِيْرُ	الْمُتَعَالِ	سَوَآءٌ
ہر غیب	اور ظاہر	سب سے بڑا	بلند مرتبہ	برابر

ہے ہر غیب اور ظاہر کا سب سے بڑا بلند مرتبہ ہے (اسکے لئے) برابر ہے

مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ

مِّنْكُمْ	مَّنْ	اَسَرَّ	الْقَوْلَ	وَمَنْ	جَهَرَ بِهٖ	وَمَنْ	هُوَ
تم میں	جو	آہستہ کہے	بات	اور جو	پکار کر اسکو	اور جو	وہ

تم میں سے جو آہستہ بات کہے اور جو اس کو پکار کر کہے اور جو رات میں

مُسْتَخْفٍۢ بِالَّيْلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ⑩

مُسْتَخْفٍۢ	بِالَّيْلِ	وَسَارِبٌۢ	بِالنَّهَارِ
چھپ رہا ہے	رات میں	اور چلنے والا	دن میں۔

چھپ رہا ہے اور جو دن میں چلنے (پھرنے) والا ہے

⑧ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى مِنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَوَاحِدٍ وَّمُتَعَدِّدٍ وَّغَيْرِ ذٰلِكَ وَمَا تَغِيْضُ تَنْقُصُ الْاَرْحَامُ مِنْ مُّدَّةِ الْحَمْلِ وَمَا تَزْدَادُ مِنْهُ

⑧ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ ۭ
اللہ جانتا ہے جو پیٹ میں اٹھاتی ہے ہر حاملہ کہ وہ نر ہے یا مادہ اور ایک ہے یا کئی اور اس کے سوا سب جانتا ہے اور یہ بھی جانتا ہے کہ رحم میں کتنی مدت حمل رہیگا، کم یا زیادہ اور ہر

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ○
بِقَدْرٍ وَحَدٍّ لَا يَتَجَاوَزُهٗ

اللہ کے نزدیک ایک مقدار اور حد پر ہے کہ اس سے تجاوز نہیں کرتی۔

⑨ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ مَاغَابَ وَمَا شُوْهِدَ الْكَبِيْرُ الْعَظِيْمُ الْمُتَعَالِ ○ عَلٰى خَلْقِهٖ بِالْقَهْرِ بِيَاءٍ وَدُوْنِهَا

⑨ وہ جانتا ہے چھپی باتوں اور ظاہر کو بڑی شان والا بلند اور غالب ہے اپنی مخلوق پر۔

⑩ سَوَاءٌ مِّنْكُمْ فِيْ عِلْمِهٖ تَعَالٰى مَنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَمَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ مُّسْتَتِرٌ بِاللَّيْلِ بِظَلَامِهٖ وَسَارِبٌ ظَاهِرٌ بِذَهَابِهٖ فِيْ سَرْبِهٖ اَيْ طَرِيْقِهٖ بِالنَّهَارِ ○

⑩ اس کے علم میں برابر ہے خواہ تم میں سے کوئی شخص چپکے آہستہ بات کرے یا ظاہر پکار کر۔ اور وہ جانتا ہے اس کو جو رات کے اندھیرے میں پوشیدہ ہے اور جو ظاہر چلتا ہے دن کو راستے میں

تشریح

⑧ یہ اس خدا کی خدائی ہے جو ہر چیز کو جانتا ہے | اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی یہ کائنات جس کا وہ بلاشرکت غیرے حاکم و پروردگار ہے کسی دنیاوی راجہ کی طرح اندھیر نگری چوپٹ راج نہیں ہے یہ اس خدا کی خدائی ہے جو حاملہ کے حمل کو بھی جانتا ہے اس کے حمل میں جو پرورش پا رہا ہے اس کو بھی جانتا ہے اس حمل کی کمی بیشی کو بھی جانتا ہے اسکے یہاں ہر چیز کا ایک اندازہ اور ایک مقدار مقرر ہے ہر ایک کی استعداد ہر ایک کی صلاحیت ہر ایک کی طاقت و قوت یا اس میں کمی اور زیادتی جو کچھ بھی ہوتی ہے وہ براہ راست اس کی نگرانی میں ہوتی ہے اس طرح ہر چیز ایک اندازے اور مقدار کے مطابق ہوتی ہے اسی طرح نشانیوں کا ظاہر کرنا وہ بھی ایک خاص اندازے اور مقدار کے مطابق ہوتا ہے اس میں بھی اس کی مصلحتیں اور حکمتیں پوشیدہ ہوتی ہیں۔ اب رہا قبول کرنے والوں کا اختلاف کہ کوئی زیادہ اور کوئی کم قبول کرتا ہے، کوئی انکار کرتا ہے یہ انسانوں کی استعداد اور تربیت کے مطابق مختلف ہوتا رہتا ہے۔

⑨ علم الٰہی کی لامحدود وسعت | اللہ تعالیٰ کا علم لامحدود ہے ان کا علم وسیع ہے جس کی وسعت کی کوئی انتہا نہیں ہے وہ پوشیدہ اور ظاہر ہر ہر چیز کا جاننے والا ہے کوئی چیز اس سے چھپی نہیں ہے تمام عالم اس کے تصرف میں ہے وہ بزرگ ہے اور بالاتر ہے کوئی چیز اس سے اوپر نہیں ہے وہ سب سے اوپر ہے اسکے اوپر کسی کا زور نہیں چلتا اسکا زور سب پر چلتا ہے۔

⑩ اللہ کا علم ہر ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے | اس کے علم کا یہ عالم ہے کہ وہ ہر چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہے کوئی زور سے بات کرے یا آہستہ وہ سب سنتا ہے دل کی چھپی ہوئی باتوں کو بھی جانتا ہے آہستہ کہو یا زور سے اس کے لئے برابر ہے۔ دن دہاڑے کوئی کام کرو یا رات کے اندھیروں میں چھپ کر اسکے علم کے لئے یکساں ہے اگر دن کی روشنی میں اپنے آپ کو نیک بنا کر پیش کرے اور رات کے اندھیروں میں کارگذاریاں کرے وہ بھی اس کو معلوم ہے۔ غرض یہ کہ تمہارا واسطہ ایک ایسی ہستی سے ہے کہ ہر ہر چیز اس کے علم میں ہے اور اس کے احاطے سے باہر نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنۡۢ بَیۡنِ یَدَیۡهِ وَمِنۡ خَلۡفِهٖ یَحۡفَظُوۡنَهٗ مِنۡ

لَهٗ	مُعَقِّبٰتٌ	مِّنۡۢ بَیۡنِ یَدَیۡهِ	وَمِنۡ خَلۡفِهٖ	یَحۡفَظُوۡنَهٗ	مِنۡ
اس کے	پہریدار	اس (انسان) کے آگے	اور اس کے پیچھے	وہ اسکی حفاظت کرتے ہیں	سے

اس کے پہرے دار ہیں انسان کے آگے اور اس کے پیچھے وہ اللہ کے حکم سے اس

اَمۡرِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوۡمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوۡا مَا

اَمۡرِ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا یُغَیِّرُ	مَا	بِقَوۡمٍ	حَتّٰی	یُغَیِّرُوۡا	مَا
اللہ کا حکم	بیشک	اللہ	نہیں بدلتا	جو	کسی قوم کے پاس (اچھی حالت)	یہانتک کہ	وہ بدل لیں	جو

کی حفاظت کرتے ہیں بیشک اللہ کسی قوم کی اچھی حالت نہیں بدلتا یہاں تک کہ وہ خود اپنی

بِاَنۡفُسِهِمۡ ؕ وَاِذَاۤ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوۡمٍ سُوۡٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا

بِاَنۡفُسِهِمۡ	وَاِذَاۤ	اَرَادَ	اللّٰهُ	بِقَوۡمٍ	سُوۡٓءًا	فَلَا مَرَدَّ	لَهٗ	وَمَا
اپنے دلوں میں (اپنی حالت)	اور جب	ارادہ کرتا ہے	اللہ	کسی قوم سے	برائی	تو نہیں پھرنا	اسکے لئے	اور نہیں

حالت لیں، اور جب اللہ کسی قوم سے برائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کیلئے پھرنا نہیں (وہ ٹل نہیں سکتی) اور ان

لَهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِهٖ مِنۡ وَّالٍ ﴿۱۱﴾ هُوَ الَّذِیۡ یُرِیۡکُمُ الۡبَرۡقَ

لَهُمۡ	مِّنۡ دُوۡنِهٖ	مِنۡ وَّالٍ	هُوَ	الَّذِیۡ	یُرِیۡکُمُ	الۡبَرۡقَ
انکے لئے	اس کے سوا	کوئی مددگار	وہ	وہ جو کہ	تمہیں دکھاتا ہے	بجلی

کے لئے اس کے سوا کوئی مددگار نہیں۔ وہی ہے جو تمہیں بجلی دکھاتا ہے

خَوۡفًا وَّطَمَعًا وَّیُنۡشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ﴿۱۲﴾

خَوۡفًا	وَّطَمَعًا	وَّیُنۡشِئُ	السَّحَابَ	الثِّقَالَ
ڈرانے کو	اور امید دلانے کو	اور اٹھاتا ہے	بادل	بوجھل

ڈرانے کو اور امید دلانے کو اور اٹھاتا ہے بوجھل بادل

(۱۱) لَهٗ لِلْاِنْسَانِ مُعَقِّبَاتٌ مَلَائِكَةٌ تُعَقِّبُهٗ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ قُدَّامِهٖ وَمِنْ خَلْفِهٖ وَرَائِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اَیْ بِاَمْرِهٖ مِنَ الْجِنِّ وَغَيْرِهِمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ

(۱۱) آدمی کے آگے اور پیچھے فرشتہ ہیں جو نوبت بہ نوبت اس کے پاس آتے ہیں اللہ کے حکم سے اس کی حفاظت کرنے کو شیاطین جنات وغیرہ سے

بیشک اللہ نہیں بدلتا کسی قوم کی حالت کو یعنی اپنا

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۭ وَاِذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ سُوْۗءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّالٍ ۝

انعام ان سے نہیں چھینتا یہاں تک کہ وہ خود اپنی حالت کو بدلیں یعنی عمدہ حالت کو نافرمانی سے بدلیں اور بجائے اطاعت کے معصیت کریں۔ اور جس وقت اللہ کسی گروہ پر عذاب بھیجنا چاہتا ہے تو اس کو کوئی نہیں روک سکتا نہ فرشتہ نہ اور کوئی۔ اور جن کے لئے اللہ برائی چاہے ان کیواسطے اس کے سوا کوئی مددگار نہیں جو اُن کو عذاب سے بچاوے۔

(۱۲) هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّيُنْشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَاۗءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ۝

(۱۲) اللہ وہ ہے کہ تم کو بجلی کی چمک دکھاتا ہے کہ مسافر اس کے گرنے سے ڈرے اور ٹھہرنے والے کو بارش کی امید ہو اور وہ پیدا کرتا ہے ابر کو جو بسبب بارش کے بوجھل ہیں۔

تشریح

(۱۱) مسبب الاسباب کی پہرے داری اور قوموں کے عروج وزوال کا الٰہی دستور

اللہ تعالیٰ براہِ راست بغیر کسی واسطے کے بھی ہر ہر چیز کی ذاتِ خود نگرانی فرماتے ہیں اور اپنے طریقے کے مطابق جس طرح عالم ارضی میں ہر کام کو ایک سبب سے وابستہ کر دیا ہے اسی طرح ہماری آنکھوں سے پوشیدہ باطنی اسباب بھی پیدا کئے ہیں۔ اس نے باطنی اسباب کے تحت نگراں کار مقرر کئے ہوئے ہیں جو انسان کے پورے کارنامۂ زندگی کا ریکارڈ محفوظ رکھتے ہیں جب وہ خود بھی اور اسباب کی راہ سے بھی ہر ہر شخص کی نگرانی کر رہا ہے تو انسان کیسے سمجھ سکتا ہے کہ وہ جو چاہے کرے کوئی اس سے باز پرس کرنے والا نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنی نگہبانی اور مہربانی سے کسی قوم کو محروم نہیں فرماتے جب تک وہ قوم خود ہی اپنے آپ کو اللہ کی مہربانی سے محرومی کے قابل ثابت نہ کر دے۔ اگر کسی قوم کی روش ایسی ہے کہ وہ واقعی اللہ کی عنایتوں کی مستحق ہے تو اللہ تعالیٰ بھی اس پر عنایات فرماتے ہیں جب تک وہ خود کو نہیں بدلتی اللہ بھی اس کو نہیں بدلتے۔

؎ خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی ؛ نہ ہو خیال جسے خود اپنی حالت کے بدلنے کا

اور جب کوئی قوم اپنے طریقے سے ظاہر کر دیتی ہے کہ وہ اللہ کی حمایت کے قابل نہیں رہی تو پھر اسکی شامت کسی کے ٹالے ٹل نہیں سکتی اور اس وقت کسی کی مدد اس قوم کے کام نہیں آسکتی اللہ کے مقابلے میں ایسی قوم کا حامی و مددگار کون اور کیسے ہو سکتا ہے۔؟

(۱۲) بادلوں کی گرج میں بھی اللہ کی نشانیاں ہیں

ذکر آیا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی ہر طرح نگرانی اور نگہبانی کر رہا ہے اور ان کو اپنے انعامات سے نوازتا ہے اس کے بعد ذکر ہوا کہ انسان کی بداعمالیاں اس کی شامت اعمال بن کے آتی ہیں معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی ذاتِ اقدس انعام اور انتقام دونوں کی جامع ہے جمال بھی ہے اور جلال بھی ہے۔ بادلوں کی گرج اور بجلی کی چمک میں بھی دونوں پہلو موجود ہیں۔ بارانِ رحمت کی امید بھی اور بجلی کی کڑک کا خوف بھی۔ ہواؤں کا چلنا سمندر سے بھاپ کا اٹھنا پھر بادل بننا اور پانی سے لدے ہوئے بادلوں کا آپس میں ٹکرانا جس سے بجلی چمکتی ہے اور اللہ کی مخلوق کے لئے پانی کا انتظام ہوتا ہے ہوش والوں کے لئے اس میں بہت سی نشانیاں موجود ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ۚ وَيُرْسِلُ

وَيُسَبِّحُ	الرَّعْدُ	بِحَمْدِهٖ	وَالْمَلٰٓئِكَةُ	مِنْ	خِيْفَتِهٖ	وَيُرْسِلُ
اور پاکیزگی بیان کرتی ہے	گرج	اسکی تعریف کے ساتھ	اور فرشتے	سے	اسکے ڈر	اور وہ بھیجتا ہے

اور گرج اس کی تعریف کے ساتھ پاکیزگی بیان کرتی ہے اور فرشتے اسکے ڈر سے (اسکی تسبیح کرتے ہیں) اور وہ گرجنے والی

الصَّوَاعِقَ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ ۚ

الصَّوَاعِقَ	فَيُصِيْبُ	بِهَا	مَنْ يَّشَآءُ	وَهُمْ	يُجَادِلُوْنَ	فِي اللّٰهِ
گرجنے والی بجلیاں	پھر گراتا ہے اسے	اُسے	جس پر وہ چاہتا ہے	اور وہ	جھگڑتے ہیں	اللہ کے بارے میں

بجلیاں بھیجتا ہے، پھر انہیں جس پر چاہتا ہے گراتا ہے اور وہ (کافر) اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں

وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ﴿۱۳﴾ لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ۭ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

وَهُوَ	شَدِيْدُ	الْمِحَالِ	لَهٗ	دَعْوَةُ	الْحَقِّ	وَالَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ
اور وہ	سخت	پکڑ	اسکو	پکارنا	حق	اور جن کو	وہ پکارتے ہیں

اور وہ سخت پکڑ والا ہے ۔ اس کو پکارنا حق ہے ، اور وہ اس کے جن کو پکارتے

مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَاۗءِ

مِنْ دُوْنِهٖ	لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ	لَهُمْ	بِشَيْءٍ	اِلَّا	كَبَاسِطِ	كَفَّيْهِ	اِلَى الْمَاۗءِ
اس کے سوا	وہ جواب نہیں دیتے	ان کو	کچھ بھی	مگر	جیسے پھیلائے	اپنی ہتھیلیاں	پانی کی طرف

ہیں وہ انہیں کچھ بھی جواب نہیں دیتے مگر جیسے (کوئی) اپنی دونوں ہتھیلیاں پانی کیطرف پھیلا دے (تاکہ)

لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ۭ وَمَا دُعَاۗءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾

لِيَبْلُغَ	فَاهُ	وَمَا	هُوَ	بِبَالِغِهٖ	وَمَا	دُعَاۗءُ	الْكٰفِرِيْنَ	اِلَّا	فِيْ ضَلٰلٍ
تاکہ پہنچ جائے	اسکے منہ تک	اور نہیں	وہ	اس تک پہنچنے والا	اور نہیں	پکار	کافر (جمع)	سوائے	میں گمراہی

(پانی) اسکے منہ تک پہنچ جائے اور وہ اس تک ہرگز پہنچنے والا نہیں، اور کافروں کی پکار گمراہی کے سوا کچھ نہیں

وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا

وَلِلّٰهِ	يَسْجُدُ	مَنْ	فِي	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	طَوْعًا	وَّكَرْهًا
اور اللہ ہی کو	سجدہ کرتا ہے	جو	میں	آسمانوں	اور زمین	خوشی سے	یا ناخوشی سے

اور اللہ ہی کو سجدہ کرتا ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے ، خوشی سے یا ناخوشی سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَّضِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ⑮ السجدة

وَّضِلٰلُهُمْ	بِالْغُدُوِّ	وَالْاٰصَالِ	
اور ان کے سائے	صبح	اور شام	

اور صبح و شام ان کے سائے (بھی)

⑬ وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ وَهُوَ مَلَكٌ مُّوَكَّلٌ بِالسَّحَابِ يَسُوْقُهُ مُتَلَبِّسًا بِحَمْدِهٖ اَيْ يَقُوْلُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ وَتُسَبِّحُ الْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ اَيْ اللّٰهِ وَيُرْسِلُ الصَّوَاعِقَ وَهِيَ نَارٌ تَخْرُجُ مِنَ السَّحَابِ فَيُصِيْبُ بِهَا مَنْ يَّشَآءُ فَتَحْرِقُهٗ نَزَلَ فِيْ رَجُلٍ بَعَثَ اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّدْعُوْهُ فَقَالَ مَنْ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَمَا اللّٰهُ اَمِنْ ذَهَبٍ هُوَ اَمْ مِنْ فِضَّةٍ اَمْ نُحَاسٍ فَنَزَلَتْ بِهٖ صَاعِقَةٌ فَذَهَبَتْ بِقَحْفِ رَاْسِهٖ وَهُمْ اَيِ الْكُفَّارُ يُجَادِلُوْنَ يُخَاصِمُوْنَ النَّبِيَّ فِي اللّٰهِ وَهُوَ شَدِيْدُ الْمِحَالِ ۝ اَلْقُوَّةُ اَوِ الْاَخْذُ

⑬ اور اس کی حمد اور پاکی بیان کرتا ہے رعد یعنی وہ فرشتہ جو بادل کے ہانکنے اور چلانے پر مقرر ہے یعنی وہ فرشتہ کہتا ہے سبحان اللہ وبحمدہ یعنی اللہ پاک ہے اور وہی لائق حمد ہے اور تمام فرشتے تسبیح کرتے ہیں اس کے خوف سے اور اللہ بھیجتا ہے بجلیوں کو (صاعقہ وہ آگ کا شعلہ ہے جو بجلی سے نکلتا ہے) سو اس بجلی کو جس پر چاہتا ہے ڈالتا ہے سو وہ اس کو جلا دیتی ہے (یہ آیت نازل ہوئی اس شخص کے بارے میں کہ جس کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی شخص کو بھیجا کہ اسکو ایمان کی طرف بلا دے۔ سو اس نے جواب دیا کہ رسول اللہ کون ہیں اور اللہ کیا چیز ہے؟ آیا وہ سونے سے بنا ہوا ہے یا چاندی سے یا تانبے سے۔ پس آئی اس پر ایک بجلی سو جدا کر دیا اور جلا دیا اس نے اسکی کھوپڑی کو) وَهُمْ يُجَادِلُوْنَ فِي اللّٰهِ اور حال یہ کہ وہ کافر جھگڑا کرتے ہیں پیغمبر خدا سے اللہ کے بارے میں اور اللہ نہایت قوت والا اس کی پکڑ سخت ہے۔

⑭ لَهٗ تَعَالٰى دَعْوَةُ الْحَقِّ اَيْ كَلِمَةُ التَّوْحِيْدِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ بِالْيَآءِ وَالتَّآءِ يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ اَيْ غَيْرِهٖ وَهُمُ الْاَصْنَامُ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ بِشَيْءٍ مِّمَّا يَطْلُبُوْنَهٗ اِلَّا اسْتِجَابَةَ كَبَاسِطِ اَيْ كَاسْتِجَابَةِ بَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ عَلٰى شَفِيْرِ الْبِئْرِ يَدْعُوْهُ لِيَبْلُغَ فَاهُ بِارْتِفَاعِهٖ مِنَ الْبِئْرِ اِلَيْهِ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ اَيْ فَاهُ اَبَدًا فَكَذٰلِكَ مَا هُمْ بِمُسْتَجِيْبِيْنَ

⑭ اللہ کے لئے ہے سچی بات (کلمہ حق سے مراد کلمہ توحید لا الٰہ الا اللہ ہے۔ حاصل یہ کہ اللہ توحید کی طرف بلاتا ہے اور جو لوگ اللہ کے سوا بتوں کو پوجتے ہیں وہ ان کی کوئی حاجت پوری نہیں کر سکتے اور مطلب برآری نہیں کر سکتے مگر ایسے کہ جیسے کوئی شخص کنوئیں کے کنارے پر ہاتھ پھیلائے اور پانی کو بلاوے کہ وہ کنوئیں سے نکل کر اس کے منہ میں آجاوے حالاں کہ اس طرح وہ پانی کبھی اس کے منہ میں نہیں آسکتا۔ پس اسی طرح بت ان کے کسی مطلب کو پورا نہیں کر سکتے ان کو پکارنا اور ان سے حاجت طلب کرنا ایسا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَهُمْ وَمَا دُعَاءُ الْكٰفِرِيْنَ
عِبَادَتُهُمُ الْاَصْنَامَ اَوْ حَقِيْقَةَ
الدُّعَاءِ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ○ ضِيَاعٍ

جیسا پانی کو بلاوے کہ وہ اس کے منہ میں آجاوے اور کافروں کا بتوں کو پکارنا اور پوجنا ضائع اور نکما ہے۔

(۱۵) وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا
ظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ○

(۱۵) اور اللہ کے لئے سجدہ کرتے ہیں وہ فرشتے جو آسمان میں ہیں اور وہ آدمی جو زمین میں ہیں بعض انمیں سجدہ اور عبادت اللہ کی خوشی اور رغبت سے کرتے ہیں جیسے ایمان والے اور بعض بے رغبتی اور زبردستی سے جیسے منافقین اور وہ لوگ جو بزور شمشیر مسلمان بنائے گئے۔ اور اسی کیلئے سجدہ کرتے ہیں ان کے ساتھ ان کے سائے صبح اور شام۔

تشریح

(۱۳) **کڑکتی ہوئی بجلی اللہ کی قدرت کی نشانی ہے** | بادلوں کی گرج کے ساتھ بجلی کی کڑک بھی اللہ کی قدرت کی نشانی ہے اللہ کی مخلوق اس کے فرشتے بجلی کی کڑک سن کر اللہ کی ہیبت سے لرز جاتے ہیں کیونکہ وہ بھی اللہ کے اسی طرح بندے ہیں جس طرح انسان اللہ کا بندہ ہے۔ یہ کڑکتی ہوئی بجلی اللہ تعالیٰ جب چاہتے ہیں کسی پر گرتی ہے عین اس وقت جب لوگ اللہ کے بارے میں جھگڑ رہے ہوتے ہیں بجلی ان کا خاتمہ کر دیتی ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ کی چال بڑی زبردست ہے کوئی اس سے بچ نہیں سکتا۔

(۱۴) **غیر اللہ سے حاجت مانگنے کی ایک مثال** | اگر کسی کے سامنے پانی ہو اور وہ دونوں ہتھیلیاں ملا کر پانی سے کہے کہ تو میرے منہ تک پہنچ جا تو کیا وہ پانی اس کی ہتھیلی میں آکر اس کے منہ تک پہنچ جائے گا؟ ہرگز نہیں! پس یہی مثال ہے ان لوگوں کی کہ جو لوگ اللہ کے سوا دوسروں سے اپنی حاجت طلب کرتے ہیں جس طرح پانی میں خود چل کر منہ تک پہنچنے کی طاقت نہیں ہے اسی طرح معبودانِ باطل میں حاجت روائی کی صلاحیت نہیں ہے اس لئے پکارنا برحق ہے تو صرف اللہ کو۔ وہی سب کی حاجتیں پوری کرنے والا ہے۔ اس کو چھوڑ کر دوسروں کو پکارنے والے برائی کے سوا کچھ حاصل نہیں کر سکتے۔ غیر اللہ سے ان کی دعائیں ایسے تیر کی طرح ہیں جو کسی نشانے پر نہیں لگ سکتا۔

(۱۵) **زمین و آسمان میں ہر چیز اللہ کی فرماں بردار ہے** | زمین و آسمان میں جتنی چیزیں ہیں وہ سب خواہ نخواہ اللہ کے سامنے سر تسلیم خم کئے ہوئے ہیں اس کی تابع فرمان ہیں اس کے حکم سے بال برابر اِدھر اُدھر کوئی چیز نہیں ہو سکتی۔ صبح اور شام کا ہونا، صبح اور شام سائے کا گھٹنا اور بڑھنا یہ سب اس کے حکم کے تابع ہے۔ اس آیت کی تلاوت کے وقت سجدہ کیا جاتا ہے کہ جس طرح کائنات کی تمام چیزیں اللہ کے سامنے جھکتی ہیں انسان بھی جو اپنے رب کو ماننے والا ہے اپنی مرضی اور اختیار سے اس کے سامنے سجدہ کر کے اپنی اطاعت و فرماں برداری کا اظہار کرے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ

قُلْ	مَنْ	رَّبُّ السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	قُلِ	اللّٰهُ	قُلْ	اَفَاتَّخَذْتُمْ
پوچھیں	کون	آسمانوں کا رب	اور زمین	کہدیں	اللہ	کہدیں	توکیا تم بناتے ہو

آپ پوچھیں آسمانوں اور زمین کا رب کون ہے ؟ کہدیں، اللہ ہے ، کہدیں تو کیا تم اس کے سوا بناتے ہو

مِّنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ

مِنْ دُوْنِهٖۤ	اَوْلِيَآءَ	لَا يَمْلِكُوْنَ	لِاَنْفُسِهِمْ	نَفْعًا	وَّلَا ضَرًّا	قُلْ
اس کے سوا	حمایتی	وہ بس نہیں رکھتے	اپنی جانوں کے لئے	کچھ نفع	اور نہ نقصان	کہدیں

حمایتی جو اپنی جانوں کیلئے (بھی) بس نہیں رکھتے کچھ نفع کا اور نہ نقصان کا کہدیں

هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ

هَلْ	يَسْتَوِي	الْاَعْمٰى	وَالْبَصِيْرُ	اَمْ	هَلْ	تَسْتَوِي	الظُّلُمٰتُ
کیا	برابر ہوتا ہے	نابینا (اندھا)	اور بینا (دیکھنے والا)	یا	کیا	برابر ہوجائیگا	اندھیرا (جمع)

کیا برابر ہوتا ہے اندھا اور دیکھنے والا ؟ یا کیا اُجالا اور اندھیرے برابر ہوجائیں

وَالنُّوْرُ ۚ اَمْ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ

وَالنُّوْرُ	اَمْ	جَعَلُوْا	لِلّٰهِ	شُرَكَآءَ	خَلَقُوْا	كَخَلْقِهٖ	فَتَشَابَهَ	الْخَلْقُ
اور اُجالا	یا	وہ بناتے ہیں	اللہ کیلئے	شریک	انہوں نے پیدا کیا ہے	اسکے پیدا کرنیکی طرح	تو مشتبہ ہوگئی	پیدائش

گئے ؟ کیا وہ اللہ کے لئے جو شریک بناتے ہیں انہوں نے (مخلوق) پیدا کی ہے اسکے پیدا کرنیکی طرح ؟ سو پیدائش اُن پر

عَلَيْهِمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۱۶﴾

عَلَيْهِمْ	قُلِ	اللّٰهُ	خَالِقُ	كُلِّ شَيْءٍ	وَّهُوَ	الْوَاحِدُ	الْقَهَّارُ
ان پر	کہدیں	اللہ	پیدا کرنے والا	ہر شے	اور وہ	یکتا	زبردست (غالب)

مشتبہ ہوگئی کہدیں اللہ ہر شے کا پیدا کرنے والا ہے اور وہ یکتا غالب ہے۔

﴿۱۶﴾ قُلْ يٰمُحَمَّدُ لِقَوْمِكَ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ؕ اِنْ لَّمْ يَقُوْلُوْا ۚ لَا جَوَابَ غَيْرُهٗ ؕ قُلْ لَهُمْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ اَيْ غَيْرِهٖۤ اَوْلِيَآءَ اَصْنَامًا تَعْبُدُوْنَهَا

﴿۱۶﴾ اے محمد تم اپنی قوم سے کہو کہ تم جانتے ہو، کون ہے رب تمام آسمانوں اور زمینوں کا؟ اگر وہ کچھ جواب اس کا نہ دیں تو کہدو اللہ ہے۔ کیونکہ اس کے سوا کچھ جواب اس کا نہیں۔ ان سے کہدو پس کیا تم نے اللہ کے سوا بتوں کو معبود بنایا جو اپنی جانوں کے لئے نفع اور نقصان کے مالک نہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

فیصل

لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا
ضَرًّا ۭ وَتَرَكْتُمْ مَّا لِكُهُمَا اِسْتِفْهَامُ
تَوْبِيْخٍ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى
وَالْبَصِيْرُ اَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ اَمْ جَعَلُوْا
لِلّٰهِ شُرَكَاۗءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ
فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ ۭ اَيْ خَلَقَ الشُّرَكَاءُ
بِخَلْقِ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ فَاعْتَقَدُوْا
اِسْتِحْقَاقَ عِبَادَتِهِمْ بِخَلْقِهِمْ اِسْتِفْهَامُ
اِنْكَارٍ اَيْ لَيْسَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ وَلَا
يَسْتَحِقُّ الْعِبَادَةَ اِلَّا الْخَالِقُ قُلِ
اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ لَّا شَرِيْكَ لَهٗ
فِيْهِ فَلَا شَرِيْكَ لَهٗ فِي الْعِبَادَةِ
وَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۝
لِعِبَادِهٖ ؕ

اوران کے مالک اور خالق کو تم نے چھوڑا۔ یعنی یہ امر نہایت قبیح اور موجب عذاب الٰہی ہے۔

کہدو کیا برابر ہوسکتا ہے نابینا اور بینا یعنی کافر اور مسلمان یا برابر ہوسکتی ہیں اندھیریاں کفر کی ساتھ نور ایمان کے ہرگز نہیں۔

یا جن بتوں کو کافروں نے اللہ کا شریک بنایا۔ انہوں نے کوئی چیز پیدا کی ہے؟ جیسے اللہ پیدا کرتا ہے! جو ان کو اشتباہ ہوا اور بتوں کی پیدا کی ہوئی چیز مثل اللہ کی پیدا کی ہوئی کے معلوم ہوئی اسلئے انکو اللہ کا شریک بنایا اور مستحق عبادت کا سمجھا۔ یعنی یہ بات ہرگز نہیں کہ انہوں نے کوئی چیز پیدا کی ہو اور مستحق پرستش کا وہی ہوتا ہے جو خالق ہو پس بتوں میں کوئی امر ایسا نہیں جو ان کو معبود بنایا جائے۔ کہدو اللہ پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کا۔ کوئی اس کا شریک اس امر میں نہیں پس عبادت میں بھی کوئی اس کا ساجھی نہیں۔ اور وہ اکیلا ہے غالب اپنے بندوں پر۔

تشریح

(۱۶) **اللہ ہی سب کا رب اور سب پر غالب ہے** اُس زمانے میں بھی اور آج بھی لوگ اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ سمیر پادر ایک ہی ہے۔ اصل میں زمین و آسمان اور اس میں جتنی چیزیں ہیں سب کا خالق اور پروردگار اللہ کے سوا کوئی اور نہیں ہے۔ اللہ کے سوا کوئی ہستی نہیں ہے جو نفع و نقصان کی مالک ہو۔ بناوٹی معبود نہ نفع نقصان کے مالک ہیں اور نہ کوئی چیز پیدا کرنے پر قادر ہیں۔ بلکہ وہ خود بھی مخلوق ہیں جب وہ مخلوق ہیں تو خالق کیسے ہوسکتے ہیں اور جب وہ مغلوب ہیں تو غالب کیسے ہوسکتے ہیں۔ یہ ایک ایسی کھلی حقیقت ہے جو صاف نظر آتی ہے تو کیا دیکھنے والا اور نہ دیکھنے والا ایک جیسے ہوسکتے ہیں۔ ایک وہ جو حق کی روشنی میں ہے اور ایک وہ جو گمراہی کے اندھیروں میں بھٹک رہا ہے کیا دونوں برابر ہوسکتے ہیں؟ ہاں اگر ایسا ہوتا کہ کچھ چیزیں تو اللہ نے پیدا کیں اور کچھ چیزیں اللہ کے سوا دوسری ہستیوں نے بنائیں تب تو یہ شبہ ہوسکتا تھا کہ معلوم نہیں کہ کون چیزیں اللہ کی بنائی ہوئی ہیں اور کون چیزیں دوسروں کی بنائی ہوئیں، مگر یہاں تو معاملہ یہ ہے کہ ذرہ ذرہ ہر چھوٹی اور بڑی چیز اس کا خالق صرف ایک ہے اور وہ ہے اللہ لہٰذا وہی ہر چیز پر پوری طرح غالب ہے وہی نفع نقصان کا مالک ہے وہی عبادت اور اطاعت کے لائق ہے اس تک پہنچنے کے لئے کسی وسیلے کی ضرورت نہیں ہے اس کی عبادت کے لئے کسی واسطے کی ضرورت نہیں ہے اس نے اپنی ہدایت اپنے پیغمبروں اور اپنی کتابوں کے ذریعہ نازل کی ہے خود پیغمبر بھی اسی کے عبادت گذار اور اسی کے اطاعت گذار ہیں اور اس کائنات کا ذرہ ذرہ اسی کا محتاج ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ

أَنزَلَ	مِنَ السَّمَاءِ	مَاءً	فَسَالَتْ	أَوْدِيَةٌ	بِقَدَرِهَا	فَاحْتَمَلَ	السَّيْلُ
اس نے اتارا	آسمانوں سے	پانی	سو بہہ نکلے	ندی نالے	اپنے اپنے اندازہ سے	پھر اٹھا لایا	نالہ

اس نے آسمانوں سے پانی اُتارا، سو ندی نالے اپنے اپنے اندازہ سے بہہ نکلے پھر اٹھا لایا (اوپر لے آیا) نالہ

زَبَدًا رَّابِيًا ۚ وَمِمَّا يُوقِدُونَ عَلَيْهِ فِي النَّارِ ابْتِغَاءَ حِلْيَةٍ

زَبَدًا	رَّابِيًا	وَمِمَّا	يُوقِدُونَ	عَلَيْهِ	فِي النَّارِ	ابْتِغَاءَ	حِلْيَةٍ
جھاگ	پھولا ہوا	اور اس سے جو	تپاتے ہیں	اس پر	آگ میں	حاصل کرنے (بنانے) کو	زیور

پھولا ہوا جھاگ اور جو آگ میں تپاتے ہیں زیور بنانے کو یا اور اسباب

أَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهُ ۚ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۚ

أَوْ	مَتَاعٍ	زَبَدٌ	مِّثْلُهُ	كَذَٰلِكَ	يَضْرِبُ	اللَّهُ	الْحَقَّ	وَالْبَاطِلَ
یا	اسباب	جھاگ	اسی جیسا	اسی طرح	بیان کرتا ہے	اللہ	حق	اور باطل

بنانے کو (اسمیں بھی) اس جیسا جھاگ (میل) ہوتا ہے۔ اسی طرح اللہ حق اور باطل کو بیان کرتا ہے۔

فَأَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَاءً ۖ وَأَمَّا مَا يَنفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ

فَأَمَّا	الزَّبَدُ	فَيَذْهَبُ	جُفَاءً	وَأَمَّا	مَا يَنفَعُ	النَّاسَ	فَيَمْكُثُ
سو	جھاگ	دور ہو جاتا ہے	سوکھ کر	اور لیکن	جو نفع پہنچاتا ہے	لوگ	تو ٹھہرا رہتا ہے

سو جھاگ دور ہو جاتا ہے (ضائع ہو جاتا ہے) سوکھ کر لیکن جو لوگوں کو نفع پہنچاتا ہے وہ زمین میں

فِي الْأَرْضِ ۚ كَذَٰلِكَ يَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ ﴿١٧﴾

فِي الْأَرْضِ	كَذَٰلِكَ	يَضْرِبُ	اللَّهُ	الْأَمْثَالَ
زمین میں	اسی طرح	بیان کرتا ہے	اللہ	مثالیں

ٹھیرا رہتا ہے (باقی رہتا ہے) اسی طرح اللہ مثالیں بیان کرتا ہے۔

﴿١٧﴾ ثُمَّ ضَرَبَ مَثَلًا لِلْحَقِّ وَالْبَاطِلِ فَقَالَ أَنْزَلَ تَعَالَى مِنَ السَّمَاءِ مَاءً مَطَرًا فَسَالَتْ أَوْدِيَةٌ بِقَدَرِهَا بِمِقْدَارِ مِلْئِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ زَبَدًا رَابِيًا عَالِيًا عَلَيْهِ هُوَ مَا عَلَى وَجْهِهِ مِنْ

﴿١٧﴾ پھر اللہ نے مثال بیان فرمائی حق اور باطل کی۔ پس فرمایا اتارا اللہ تعالیٰ نے آسمان سے پانی ہر ایک جنگل نے اس قدر پانی جاری کیا جو اس میں آوے اور جس سے وہ بھر جاوے۔ حاصل یہ کہ اس پانی سے جنگل میں رَو بہی پھر رَو کے اوپر جھاگ اٹھے (زبدہ جو رَو کے اوپر گھاس و کوڑا ہے)

toobaa-elibrary.blogspot.com

فیصل

قَدْرِهَا وَنَحْوِهٖ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ بِالتَّاءِ وَالْيَاءِ عَلَيْهِ فِي النَّارِ مِنْ جَوَاهِرِ الْاَرْضِ كَالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالنُّحَاسِ اِبْتِغَآءَ طَلَبَ حِلْيَةٍ زِيْنَةٍ اَوْ مَتَاعٍ يَنْتَفِعُ بِهٖ كَالْاَوَانِيْ اِذَا اُذِيْبَتْ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ اَيْ مِثْلُ زَبَدِ السَّيْلِ وَهُوَ خُبْثُهُ الَّذِيْ يَنْفِيْهِ الْكِيْرُ كَذٰلِكَ الْمَذْكُوْرِ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ اَيْ مِثْلَهُمَا فَاَمَّا الزَّبَدُ مِنَ السَّيْلِ وَمَا اُوْقِدَ عَلَيْهِ مِنَ الْجَوَاهِرِ فَيَذْهَبُ جُفَآءً بَاطِلًا مَرْمِيًّا بِهٖ وَاَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ مِنَ الْمَآءِ وَالْجَوَاهِرِ فَيَمْكُثُ يَبْقٰى فِي الْاَرْضِ زَمَانًا كَذٰلِكَ الْبَاطِلُ يَضْمَحِلُّ وَيَمْحَقُ وَاِنْ عَلَا عَلَى الْحَقِّ فِيْ بَعْضِ الْاَوْقَاتِ وَالْحَقُّ ثَابِتٌ بَاقٍ كَذٰلِكَ الْمَذْكُوْرِ يَضْرِبُ يُبَيِّنُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ○

اور ان چیزوں میں ہے جن پر آگ جلا کر گلاتے ہیں یعنی کان کی چیزیں جیسے سونا چاندی تانبا زیور اور برتن وغیرہ استعمال کی چیزیں بنانے کے لئے جھاگ ہوتے ہیں مانند جھاگ پانی کے اور مراد اس جھاگ سے میل ان کا ہے جو بھٹی میں رکھنے سے جدا ہوتا ہے۔

اسی طرح جیسے یہ مذکور ہوا اللہ تعالیٰ حق اور باطل کی مثال بیان فرماتا ہے پھر جو جھاگ پانی کا اور میل سونے چاندی کا وغیرہ کا ہوتا ہے وہ نکما اور ردی سمجھ کر پھینکا جاتا ہے

اور جس سے آدمیوں کو نفع ہوتا ہے یعنی پانی اور سونا چاندی وغیرہ وہ باقی رہتا ہے ایک عرصہ تک اسی طرح مضمحل اور نیست و نابود ہو جاتا ہے اگرچہ بعض وقت وہ اونچا اور غالب ہو جاوے حق پر، اور حق ہمیشہ ثابت اور باقی رہتا ہے

اللہ تعالیٰ اسی طرح مثالیں بیان فرماتا ہے

تشریح

(۱۷) حق و باطل کی کشمکش کی مثال | حق و باطل میں آغاز سے کش مکش رہی ہے بظاہر باطل کچھ دیر کے لئے بڑا دل کش نظر آتا ہے جس سے آدمی دھوکا کھا جاتا ہے لیکن اس کی مثال جھاگ کی طرح ہوتی ہے تھوڑی دیر بعد جھاگ ختم ہو جاتا ہے اور جو اصل چیز ہے وہ باقی رہ جاتی ہے اسی طرح باطل جھاگ کی طرح بیٹھ جاتا ہے اور حق و صداقت مضبوطی کے ساتھ قائم رہتی ہے۔ جس طرح آسمان سے پانی برستا ہے اسی طرح آسمانی ہدایت پیغمبروں کے ذریعہ بارش کے صاف ستھرے پانی کی طرح نازل ہوتی ہے پھر جس طرح بارش کا پانی نالوں ندیوں میں ان کے ظرف کے مطابق جمع ہوتا ہے اسی طرح آسمانی ہدایت کو انسانی قلوب اپنے اپنے ظرف کے مطابق اپنے اندر لے لیتے ہیں جب پانی زور کے ساتھ بہتا ہے تو اس کے اوپر جھاگ آجاتے ہیں وہ جھاگ باقی رہنے والے نہیں ہیں۔ اسی طرح جب حق باطل کے ساتھ ٹکراتا ہے تو اس ٹکراؤ سے اٹھنے والے جھاگ کچھ ہی دیر کے مہمان ہوتے ہیں۔ جیسے مختلف دھاتوں سے چیزیں تیار کی جاتی ہیں تو اس دھات کو بھٹی کے اوپر تپایا جاتا ہے اسی طرح حق کو بھی آزمائش سے گذرنا پڑتا ہے بھٹی پر تپانے سے جو جھاگ اٹھتے ہیں وہ بھی اسی طرح ناپائیدار ہوتے ہیں وہ سوکھ کر ختم ہو جاتے ہیں اور اصل چیز جو لوگوں کے لئے فائدہ مند ہے وہ باقی رہتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ؕ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ

لِلَّذِيْنَ	اسْتَجَابُوْا	لِرَبِّهِمُ	الْحُسْنٰى	وَالَّذِيْنَ	لَمْ	يَسْتَجِيْبُوْا	لَهٗ	لَوْ	اَنَّ
انکے لئے جنہوں نے	انہوں نے مان لیا	اپنے رب کا (حکم)	بھلائی	اور جن لوگوں نے	نہ	مانا	اسکا (حکم)	اگر	یہ کہ

جن لوگوں نے اپنے رب کا حکم مان لیا اُن کے لئے بھلائی ہے، اور جنہوں نے اس کا حکم نہ مانا اگر جو کچھ

لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ

لَهُمْ	مَّا	فِي الْاَرْضِ	جَمِيْعًا	وَّمِثْلَهٗ	مَعَهٗ	لَافْتَدَوْا	بِهٖ	اُولٰٓئِكَ
ان کیلئے (انکا)	جو کچھ	زمین میں	سب	اور اس جیسا	اسکے ساتھ	کہ فدیہ میں دیدیں	اسکو	وہی ہیں

زمین میں ہے سب ان کا ہو اور اس کے ساتھ اس جیسا (اور بھی ہو) کہ وہ اس کو فدیہ میں دیدیں (پھر بھی بچاؤ نہ ہوگا)

لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۙ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۸﴾ ع ۲ ۱۱ ۸ النصف

لَهُمْ	سُوْٓءُ	الْحِسَابِ	وَمَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	وَبِئْسَ	الْمِهَادُ
انکے لئے	بُرا	حساب	اور ان کا ٹھکانا	جہنم	اور بُرا	بچھانا (جگہ)

انہی لوگوں کے لئے حساب بُرا ہے اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور (وہ) بُری جگہ ہے۔

اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ

اَفَمَنْ	يَّعْلَمُ	اَنَّمَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	مِنْ	رَّبِّكَ	الْحَقُّ	كَمَنْ	هُوَ
پس کیا جو	جانتا ہے	کہ جو	اُتارا گیا	تمہاری طرف	سے	تمہارا رب	حق	اس جیسا	وہ

کیا جو شخص جانتا ہے کہ جو اُتارا گیا تم پر تمہارے رب کی طرف سے وہ حق ہے، اُس جیسا (ہو سکتا ہے)

اَعْمٰى ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۙ﴿۱۹﴾

اَعْمٰى	اِنَّمَا	يَتَذَكَّرُ	اُولُوا الْاَلْبَابِ
اندھا	اسکے سوا نہیں	سمجھتے ہیں	عقل والے

جو اندھا ہو، اِس کے سوا نہیں کہ عقل والے ہی سمجھتے ہیں۔

﴿۱۸﴾ لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ اَجَابُوْهُ بِالطَّاعَةِ الْحُسْنٰى الْجَنَّةُ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ وَهُمُ الْكُفَّارُ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ

﴿۱۸﴾ جو لوگ اپنے رب کے امر کو قبول کرتے ہیں اور اس کے فرمانبردار ہیں ان کے واسطے جنت ہے اور جو لوگ حکم الٰہی کو نہیں مانتے یعنی کافر اگر ان کے قبضہ میں ہوں تمام دنیا کی چیزیں اور اسی قدر اور، تو وہ اس کو عوض عذاب کے دیکر عذاب الٰہی سے چھوٹنا چاہیں گے مگر عذاب ان سے دفع نہ ہوگا اور وہی ہیں کہ ان

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْحِسَابِ ۝ وَهُوَ الْمُؤَاخِذُهُ بِكُلِّ مَا عَمِلُوْهُ وَلَا يُغْفَرُ مِنْهُ شَيْءٌ وَمَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ ع الْفِرَاشُ هِيَ ۔ وَنَزَلَ فِيْ حَمْزَةَ وَاَبِيْ جَهْلٍ

سے حساب سخت لیا جاویگا۔ یعنی ہر ایک کام پر ان کی پکڑ ہوگی کوئی چیز ان میں سے معاف نہ ہوگی اور ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور وہ برا بچھاونا ہے۔

(۱۹) اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى لَا يَعْلَمُ ۘ وَلَا يُؤْمِنُ بِهٖ ۙ لَا اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ يَتَّعِظُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ اَصْحَابِ الْعُقُوْلِ

(۱۹) اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ الخ کیا وہ شخص جو جانتا ہے کہ بلاشک جو کچھ تجھ پر تیرے رب کی طرف سے اتارا گیا وہ حق ہے اور اس پر ایمان لاتا ہے اس شخص کے ہو سکتا ہے جو اس کو حق نہیں جانتا اور نہ اس پر ایمان لایا۔ بات یہ ہے کہ نصیحت عقل والوں کو ہے

تشریح

(۱۸) حق و باطل کا انجام | حق و صداقت لوگوں کے لئے نفع بخش ہے وہ باقی رہنے والی چیز ہے۔ اب جو لوگ آگے بڑھ کر حق کو قبول کر لیتے ہیں ان کو وہ قیمتی چیز حاصل ہوتی ہے کہ زمین و آسمان سب مل کر اس کا بدل نہیں ہو سکتے ایمان اور عمل صالح کے نتیجے میں وہ حقیقی کامیابی قلبی طمانیت حاصل ہوتی ہے کہ جس کی قدر و قیمت کا اندازہ نہیں کیا جا سکتا اس کے مقابلے میں جو لوگ حق کو ٹھکرا دیتے ہیں ان کا انجام نہایت برا ہے ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ سب سے برا ٹھکانا ہے۔ دنیا میں تو جیسی گذرے گی گذر جائیگی آخرت کا عذاب ناقابل برداشت ہوگا انسان کہہ اٹھے گا کہ دنیا و مافیہا کی ساری دولت دیکر بھی چھٹکارا ہو سکے تو ہو جائے ایسے لوگوں کو سخت محاسبے سے گذرنا ہوگا جنہوں نے دنیا میں اللہ کی بغاوت میں زندگی بسر کی۔ اللہ کے وہ وفادار بندے جنہوں نے اللہ کی فرماں برداری میں زندگی گذاری ان کا حساب بہت آسان ہوگا اور ان کے مجموعی طرز عمل کو دیکھتے ہوئے ان کی خطاؤں سے درگذر کیا جائیگا جیسا کہ سورۂ انشقاق کی آیت ۷، ۸ میں ارشاد ہے :-

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۙ

جس کا نامۂ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا اس سے ہلکا حساب لیا جائیگا۔ حضور نبی کریم ﷺ کی یہ دعا منقول ہے اَللّٰهُمَّ حَاسِبْنِيْ حِسَابًا يَّسِيْرًا (اے اللہ میرا حساب آسان فرما دیجئے) دریافت کیا گیا کہ آسان حساب کیسا ہوتا ہے فرمایا بھلائیوں کیساتھ برائیاں پیش تو ہونگی مگر سرسری نگاہ ڈالی جائیگی اور وفادارانہ طرز عمل کو دیکھتے ہوئے باز پرس نہ ہوگی۔

(۱۹) حق و باطل یکساں نہیں ہیں | حق حق ہے جو شخص جانتا ہے کہ تمہارے رب کی طرف سے جو کتاب تم پر نازل ہوئی ہے وہ حق ہے اور ایک وہ شخص جو اس حقیقت سے اندھا ہے تو بھلا آنکھوں والا اور نابینا دونوں یکساں کیسے ہو سکتے ہیں خدا کی بھیجی ہوئی تعلیم اور اس کے رسول کی دعوت کو قبول کرنے والے باہوش لوگ ہیں عقل کے اندھے نہیں ہیں اسی لئے دونوں کے کردار اور عمل میں ایسا صاف فرق نظر آتا ہے جیسے اجالے اور اندھیرے میں۔ دانشمندوں کا شیوہ یہی ہوتا ہے کہ وہ پوری بصیرت کے ساتھ حق کو قبول کرتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَلَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ﴿۲۰﴾ وَالَّذِيْنَ

اَلَّذِيْنَ	يُوْفُوْنَ	بِعَهْدِ + اللّٰهِ	وَلَا يَنْقُضُوْنَ	الْمِيْثَاقَ	وَالَّذِيْنَ
اور وہ جو کہ	پورا کرتے ہیں	اللہ کا عہد	اور وہ نہیں توڑتے	پختہ قول وقرار	اور وہ جو کہ

وہ جو کہ اللہ کا پورا کرتے ہیں اور پختہ قول واقرار نہیں توڑتے اور وہ لوگ جو

يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ وَيَخَافُوْنَ

يَصِلُوْنَ	مَآ	اَمَرَ اللّٰهُ	بِهٖٓ	اَنْ	يُّوْصَلَ	وَيَخْشَوْنَ	رَبَّهُمْ	وَيَخَافُوْنَ
جوڑے رکھتے ہیں	جو	اللہ نے حکم دیا	اس کا	کہ	جوڑا جائے	اور وہ ڈرتے ہیں	اپنا رب	اور خوف کھاتے ہیں

جوڑے رکھتے ہیں جس کے لئے اللہ نے حکم دیا کہ جوڑا جائے اور وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور برے حساب

سُوْٓءَ الْحِسَابِ ﴿۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَ

سُوْٓءَ	الْحِسَابِ	وَالَّذِيْنَ	صَبَرُوا	ابْتِغَآءَ	وَجْهِ	رَبِّهِمْ	وَ
برا	حساب	اور وہ لوگ جو	انہوں نے صبر کیا	حاصل کرنے کیلئے	خوشی	اپنا رب	اور

کا خوف کھاتے ہیں اور جن لوگوں نے اپنے رب کی خوشی حاصل کرنے کے لئے صبر کیا، اور انہوں نے

اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ

اَقَامُوا	الصَّلٰوةَ	وَاَنْفَقُوْا	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	سِرًّا	وَّعَلَانِيَةً	وَّيَدْرَءُوْنَ
انہوں نے قائم کی	نماز	اور خرچ کیا	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	پوشیدہ	اور ظاہر	اور ٹال دیتے ہیں

نماز قائم کی اور جو ہم نے انہیں دیا اس سے خرچ کیا پوشیدہ اور ظاہر اور وہ نیکی سے

بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۲﴾

بِالْحَسَنَةِ	السَّيِّئَةَ	اُولٰٓئِكَ	لَهُمْ	عُقْبَى + الدَّارِ
نیکی سے	برائی	وہی ہیں	ان کیلئے	آخرت کا گھر

برائی کو ٹال دیتے ہیں وہی ہیں جن کے لئے آخرت کا گھر ہے

﴿۲۰﴾ اَلَّذِيْنَ يُوْفُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ اَلْمَاخُوْذِ عَلَيْهِمْ وَهُمْ فِيْ عَالَمِ الذَّرِّ اَوْ كُلُّ عَهْدٍ وَّلَا يَنْقُضُوْنَ الْمِيْثَاقَ ○ بِتَرْكِ الْاِيْمَانِ اَوِ الْفَرَائِضِ

﴿۲۰﴾ ہوتے ہی وہ لوگ جو کہ پورا کرتے ہیں اللہ کے اس عہد کو جو ان سے عالم ارواح میں لیا گیا۔ یا مراد یہ ہے کہ ہر عہد اور اقرار کو پورا کرتے ہیں اور وعدہ کو نہیں توڑتے یعنی ایسا نہیں کرتے کہ ایمان نہ لاویں یا فرائض کو چھوڑ دیں۔

﴿۲۱﴾ وَالَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ مِنَ الْاِيْمَانِ وَالرَّحِمِ وَغَيْرِ

﴿۲۱﴾ اور وہ ایسے ہیں کہ ملاتے ہیں اس کو جس کے ملانے کا اللہ نے حکم فرمایا ہے ایمان لاتے ہیں اور صلہ رحمی کرتے ہیں اور اس

toobaa-elibrary.blogspot.com

ذٰلِكَ وَيَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ اَيْ وَعِيْدَهٗ وَيَخَافُوْنَ سُوْٓءَ الْحِسَابِ ○ تَقَدَّمَ مِثْلُهٗ

کے تمام احکام بجالاتے ہیں۔ اور اپنے رب کے عذاب سے ڈرتے ہیں اور سخت حساب کا اندیشہ رکھتے ہیں۔

(۲۲) وَالَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ○ اَيِ الْعَاقِبَةُ الْمَحْمُوْدَةُ فِي الدَّارِ الْاٰخِرَةِ

(۲۲) اور وہ لوگ جو اللہ کی فرمانبرداری میں ثابت قدم ہیں اور مصیبت پر صبر کرتے ہیں اور نافرمانی سے بچتے ہیں صرف اپنے رب کی رضا کی طلب میں نہ اسباب دنیا کی طمع کی وجہ سے اور نماز پوری طرح ادا کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں پوشیدہ اور ظاہر اور برائی کو بھلائی کے ساتھ دفع کرتے ہیں یعنی کوئی انکے ساتھ جہالت سے پیش آوے تو وہ بردباری کرتے ہیں اور کوئی شخص انکو تکلیف پہنچاوے تو صبر کرتے ہیں یہی لوگ ہیں کہ انکے لئے دار آخرت میں انجام بہتر ہے۔

تشریح

(۲۰) دانشمند عہد کا پاس کرتے ہیں | جن کو اللہ نے فہم و دانش کی روشنی دی ہے وہ اللہ کے ساتھ کئے گئے عہد کو پورا کرتے ہیں یہ عہد بندے اور پروردگار کے درمیان ازل میں بھی ہو چکا ہے جس کو عہد الست کہتے ہیں اور اس پر انسان کی فطرت گواہ ہے یہ عہد اس وقت پختہ ہو جاتا ہے جب انسان اللہ کے پیدا کرنے سے وجود میں آتا ہے اس کے دیئے ہوئے رزق سے پرورش پاتا ہے اس کی پیدا کی ہوئی چیزوں کو استعمال کرتا ہے یہ عہد اس ازلی عہد کو پختہ تر کر دیتا ہے اور اس پختہ عہد اور میثاق کو کوئی ذی شعور اور نمک حلال آدمی توڑنے کی جرأت نہیں کر سکتا اور اگر کوئی لغزش ہو جائے تو فوراً سنبھل جاتا ہے۔

(۲۱) اہل فہم تمام روابط کا پاس رکھتے ہیں | یہ صاحب فہم وہ لوگ ہیں جو ایک طرف اللہ کے عہد کو مضبوطی کے ساتھ تھامے رہتے ہیں دوسری طرف ان تمام معاشرتی اور تمدنی رابطوں کا لحاظ رکھتے ہیں جن پر انسان کی اجتماعی زندگی کی فلاح کیلئے عمل کرنا ضروری ہے یعنی ایمان کے ساتھ ان میں عمل بھی ہوتا ہے حقوق اللہ کے ساتھ حقوق العباد کا لحاظ بھی ہوتا ہے اسلامی اخوت کی پاسداری بھی ہوتی ہے۔ غرض جن روابط کو برقرار رکھنے کا اللہ نے حکم دیا ہے انہیں برقرار رکھتے ہیں اور اس میں وہ پورے طور پر مخلص ہوتے ہیں اللہ سے ڈرتے رہتے ہیں کہ کہیں کسی کوتاہی کی وجہ سے وہ حساب کی پکڑ میں نہ آجائیں۔

(۲۲) اہل ایمان کی صفات | اہل ایمان کی یہ بھی صفت ہوتی ہے کہ وہ برائی کا مقابلہ برائی سے نہیں نیکی سے کرتے ہیں ظلم کے مقابلے میں انصاف سے کام لیتے ہیں جھوٹ کا جواب سچائی سے اور بے ایمانی کا جواب ایمانداری سے دیتے ہیں کوئی ان پر زیادتی کرے تو اپنے رب کی رضا کے لئے صبر سے کام لیتے ہیں۔ حالات کی سختی سے گھبرا کر اللہ کی اطاعت کے راستے سے قدم نہیں ہٹاتے۔ اللہ کے دیئے ہوئے مال میں سے اعلانیہ اور پوشیدہ خرچ کرتے ہیں آخرت کا گھر ایسے ہی اہل ایمان کا منتظر ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ

جَنّٰتُ	عَدْنٍ	يَّدْخُلُوْنَهَا	وَمَنْ	صَلَحَ	مِنْ	اٰبَآئِهِمْ	وَاَزْوَاجِهِمْ
باغات	ہمیشگی	وہ اسمیں داخل ہونگے	اور جو	نیک ہوئے	سے(میں)	انکے باپ دادا	اور انکی بیویاں

ہمیشگی کے باغات (ہیں) ان میں وہ داخل ہوں گے۔ اور وہ جو اُن کے باپ دادا، اور ان کی بیویوں

وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿۲۳﴾ سَلٰمٌ

وَذُرِّيّٰتِهِمْ	وَالْمَلٰٓئِكَةُ	يَدْخُلُوْنَ	عَلَيْهِمْ	مِّنْ	كُلِّ بَابٍ	سَلٰمٌ
اور انکی اولاد	اور فرشتے	داخل ہوں گے	ان پر	سے	ہر دروازہ	سلامتی

اور اولاد میں سے نیک ہوئے۔ اور ان پر ہر دروازہ سے فرشتے داخل ہوں گے (یہ کہتے ہوئے کہ) تم پر

عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾ وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ

عَلَيْكُمْ	بِمَا	صَبَرْتُمْ	فَنِعْمَ	عُقْبَى	الدَّارِ	وَالَّذِيْنَ	يَنْقُضُوْنَ
تم پر	اسلئے کہ	تم نے صبر کیا	پس خوب	آخرت کا گھر		اور وہ لوگ جو	توڑتے ہیں

سلامتی ہو اسلئے کہ تم نے صبر کیا۔ پس خوب ہے آخرت کا گھر۔ اور جو لوگ اللہ کا عہد اس کو

عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ

عَهْدَ اللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ	مِيْثَاقِهٖ	وَيَقْطَعُوْنَ	مَآ	اَمَرَ اللّٰهُ	بِهٖٓ
اللہ کا عہد	اسکے بعد	اسکو پختہ کرنا	اور وہ کاٹتے ہیں	جو	اللہ نے حکم دیا	اس کا

پختہ کرنے کے بعد توڑ دیتے ہیں اور وہ کاٹتے ہیں جس کے لئے اللہ نے حکم دیا کہ اُسے

اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ

اَنْ	يُّوْصَلَ	وَيُفْسِدُوْنَ	فِى الْاَرْضِ	اُولٰٓئِكَ
کہ	وہ جوڑا جائے	اور وہ فساد کرتے ہیں	زمین میں	یہی ہیں

جوڑا جائے اور وہ زمین (مُلک) میں فساد کرتے ہیں، یہی لوگ ہیں جن کے

لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۲۵﴾

لَهُمُ	اللَّعْنَةُ	وَلَهُمْ	سُوْٓءُ الدَّارِ
انکے لئے	لعنت	اور ان کیلئے	بُرا گھر

لئے لعنت ہے اور ان کے لئے بُرا گھر ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۲۳) هِيَ جَنّٰتُ عَدْنٍ اِقَامَةً يَّدْخُلُوْنَهَا هُمْ وَمَنْ صَلَحَ اٰمَنَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ وَاِنْ لَّمْ يَعْمَلُوْا بِعَمَلِهِمْ يَكُوْنُوْنَ فِيْ دَرَجَاتِهِمْ تَكْرِمَةً لَّهُمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ○ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ اَوِ الْقُصُوْرِ اَوَّلَ دُخُوْلِهِمْ لِلتَّهْنِئَةِ

(۲۳) یعنی جنت ہمیشہ کے لئے داخل ہونگے اسمیں وہ اور جو اُن کے باپ دادوں اور بیویوں اور اولاد میں نیک ہونگے اگرچہ ان کے عمل ان کے مثل نہ ہوں گے مگر ان کی بزرگی اور مقبولیت کی وجہ سے یہ بھی انہیں کے درجہ میں ہوں گے اور فرشتے ان کے پاس آویں گے ہر دروازے سے جنت کے دروازوں یا محل کے دروازوں سے مبارکباد دینے کو جبکہ یہ اول جنت میں داخل ہونگے۔

(۲۴) يَقُوْلُوْنَ۔ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ هٰذَا الثَّوَابُ بِمَا صَبَرْتُمْ بِصَبْرِكُمْ فِي الدُّنْيَا فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ○ عُقْبَاكُمْ

(۲۴) فرشتے آکر یہ کہیں گے کہ تم پر سلام ہو یہ بدلہ اس کا ہے جو تم نے دنیا میں صبر کیا پس تمہارا انجام آخرت میں بہت اچھا ہے۔

(۲۵) وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِالْكُفْرِ وَالْمَعَاصِيْ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ اَلْبُعْدُ مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ○ اَيِ الْعَاقِبَةُ السَّيِّئَةُ فِي الدَّارِ الْاٰخِرَةِ وَهِيَ جَهَنَّمُ

(۲۵) اور جو اللہ کا عہد توڑتے ہیں بعد پختگی اس کی کے اور قطع کرتے ہیں اسکو جس کو ملانے کا اللہ نے حکم فرمایا اور زمین کفر اور گناہ کرکے خرابی ڈالتے ہیں وہی ہیں دور رحمت اللہ سے

اور ان کے لئے آخرت میں بُرا انجام ہے یعنی دوزخ

تشریح

(۲۳) اہل ایمان کا اعزاز | یہی وہ اہل ایمان ہیں جو اپنی ابدی قیامگاہوں جنت کے باغوں میں داخل ہوں گے نہ صرف یہ کہ وہ خود جنت میں جائیں گے بلکہ ان کے آباء و اجداد ان کی بیویاں اور اولادیں جو صالح اور نیک ہونگے وہ بھی ان کے ساتھ جنت میں رہیں گے ان کا احترام و اعزاز یہ ہوگا کہ ملائکہ جنت کے ہر دروازے سے انکے استقبال کے لئے پیش ہوں گے۔

(۲۴) اہل ایمان کو ملائکہ کی بشارت | ان اہل ایمان کو ملائکہ بشارت دینگے کہ اب تم ایسی جگہ آگئے ہو جہاں تمہارے لئے سلامتی ہی سلامتی ہے اب تم ہر آفت سے محفوظ ہو۔ تم نے جو دنیا میں صبر کیا اسکے بدلے میں یہ بہترین ٹھکانا ہے۔ حدیث میں آتا ہے کہ نبی کریم ﷺ شہداء کے مزار پر تشریف لے جاتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ۔ حضرت ابوبکر حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کا بھی یہی معمول تھا۔

(۲۵) اللہ کے عہد کو توڑنے والے لعنت کے مستحق ہوں گے | نیک بخت اہل ایمان کے مقابلے میں وہ لوگ ہوں گے جنہوں نے اللہ سے کئے ہوئے عہد کی کوئی پرواہ نہیں کی اللہ کی نافرمانی کی اور بغاوت کا راستہ اختیار کیا۔ حقوق اللہ کے ساتھ ساتھ حقوق العباد کی بھی ادائیگی نہیں کی بلکہ اللہ کی زمین میں شر و فساد پھیلاتے رہے۔ ان کو آخرت میں اللہ کی لعنت کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا اور بدترین مقام پر ان کو رکھا جائے گا اللہ کی رحمت سے یہ لوگ دور ہوں گے۔ اور بُرے ٹھکانے کے مستحق بنیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۭ وَفَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ

اَللّٰهُ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ + يَّشَآءُ	وَ يَقْدِرُ	وَفَرِحُوْا	بِالْحَيٰوةِ
اللہ	کشادہ کرتا ہے	رزق	جس کیلئے وہ چاہتا ہے	اور تنگ کرتا ہے	اور وہ خوش ہیں	زندگی سے

اللہ جس کے لئے چاہتا ہے رزق کشادہ کرتا ہے اور (جسکے لئے چاہتا ہے) تنگ کرتا ہے اور وہ دنیا کی زندگی سے

الدُّنْيَا ۭ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ع (۲۶) ۲ ۸ ۹

الدُّنْيَا	وَمَا	الْحَيٰوةُ	الدُّنْيَا	فِي	الْاٰخِرَةِ	اِلَّا	مَتَاعٌ
دنیا	اور نہیں	زندگی	دنیا	(مقابلہ میں)	آخرت	مگر (صرف)	متاعِ حقیر

خوش ہیں اور دنیا کی زندگی آخرت کے مقابلہ میں متاعِ حقیر ہے۔

وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ

وَ يَقُوْلُ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	لَوْ	لَآ اُنْزِلَ	عَلَيْهِ	اٰيَةٌ
اور کہتے ہیں	وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا (کافر)	کیوں	نہ اُتاری گئی	اس پر	کوئی نشانی

اور کافر کہتے ہیں اس پر اس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہ اُتاری

مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَ

مِّنْ	رَّبِّهٖ	قُلْ	اِنَّ	اللّٰهَ	يُضِلُّ	مَنْ + يَّشَآءُ	وَ
سے	اس کا رب	آپ کہدیں	بیشک	اللہ	گمراہ کرتا ہے	جس کو چاہتا ہے	اور

گئی ؟ آپ کہدیں بیشک اللہ گمراہ کرتا ہے جس کو چاہتا ہے اور اپنی طرف

يَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ اَنَابَ (۲۷) ملحقہ

يَهْدِيْٓ	اِلَيْهِ	مَنْ	اَنَابَ
راہ دکھاتا ہے	اپنی طرف	جو	رجوع کرے

اس کو راہ دکھاتا ہے جو (اسکی طرف) رجوع کرے۔

(۲۶) اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ يُوَسِّعُهٗ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُضَيِّقُهٗ لِمَنْ يَّشَآءُ وَفَرِحُوْا اَيْ اَهْلُ مَكَّةَ فَرَحَ بَطَرٍ بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا اَيْ بِمَا نَالُوْهُ فِيْهَا وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِيْ جَنْبِ حَيٰوةِ الْاٰخِرَةِ اِلَّا

(۲۶) اللہ جس کے لئے چاہتا ہے روزی فراخ فرماتا ہے اور تنگ کرتا ہے جس کے لئے چاہے بندوں کے آزمانے کو۔ اور مکہ والے اِتراتے ہیں اور خوش ہوتے ہیں انچیزوں سے جو انہوں نے حاصل کی زندگانی دنیا میں اور حال یہ ہے کہ دنیا کی زندگی بہ مقابلہ زندگی آخرت کے بہت تھوڑی

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَتَاعٌ وَشَيْءٌ قَلِيلٌ يَتَمَتَّعُ بِهِ وَ
يَذْهَبُ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا
مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ لَوْلَا هَلَّا
أُنْزِلَ عَلَيْهِ عَلَى مُحَمَّدٍ
آيَةٌ مِنْ رَبِّهِ كَالْعَصَا وَالْيَدِ
وَالنَّاقَةِ قُلْ لَهُمْ إِنَّ
اللَّهَ يُضِلُّ مَنْ يَشَاءُ إِضْلَالَهُ
فَلَا تُغْنِي الْآيَاتُ عَنْهُ شَيْئًا
وَيَهْدِي يُرْشِدُ إِلَيْهِ إِلَى دِينِهِ
مَنْ أَنَابَ ○ رَجَعَ إِلَيْهِ وَيُبْدَلُ
مِنْ مَنْ۔

ہے اور جلد جانے والی ہے۔ چند دنوں نفع اٹھا کر پھر فنا ہو جاتے ہیں۔ اور مکہ کے کافر کہتے ہیں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر کوئی نشانی اس کے رب کی طرف سے کیوں نہ اتاری گئی ہے جیسے عصا اور ید بیضاء اور ناقہ صالح کی۔ ان سے کہدو بیشک اللہ جس کو گمراہ کرنا چاہتا ہے اسکو گمراہ کرتا ہے سو نشانیاں اس کو کچھ نفع نہیں پہنچا سکتی ہیں

اور راہ دکھلاتا ہے اپنے دین کی طرف اس شخص کو جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے۔

تشریح

(۲۶) دنیا کی خوشحالی کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ بارگاہ الٰہی میں بھی مقبول ہو | اللہ تعالیٰ نے اس دنیا کی زندگی کا جو نظام بنایا ہے اور اس میں جو حکمتیں اور مصلحتیں ہیں جس کے ذریعے انسانوں کی آزمائش اور ان کا امتحان ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ دنیا میں کسی کو خوشحالی عطا کی جاتی ہے اور کسی کو غریبی میں رکھا جاتا ہے یہ امیری اور غریبی کا فرق اللہ تعالیٰ کی مصلحت کا ایک تقاضہ ہے یہ اللہ کی بارگاہ میں قبولیت کا پیمانہ نہیں ہے۔ قبولیت کا پیمانہ انسان کی معنوی خوبیاں اس کا کردار و عمل ہے جس کو ایمان اور عمل صالح کہا جاتا ہے۔ اسلئے اللہ تعالیٰ اگر کسی کو رزق میں فراخی دیتے ہیں تو اس کو اترانے اور مگن ہونے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ اصل کامیابی آخرت کی ہے اور دنیا کی حیثیت یہ ہے کہ وہ آخرت کو بنانے اور بگاڑنے کا ایک ذریعہ ہے بذات خود دنیا متاع قلیل اور ایک معمولی سی چیز کے سوا کچھ نہیں ہے

(۲۷) پھر وہی کرشماتی نشانی کا مطالبہ | حق و صداقت اور اس کی نشانیاں کھلی کتاب کی طرح سب کے سامنے تھیں خود رسول اللہ اپنی سیرت و کردار اور بلند اخلاق کے اعتبار سے ایک چلتی پھرتی نشانی تھے قرآن خود ایک نشانی اور اللہ کے معجزوں میں سے ایک معجزہ خود ان کے سامنے تھا جب یہ نشانیاں نشانِ راہ نہ بن سکیں اور ان میں گمراہی سے نکلنے کی طلب نہ ہو سکی تو پھر بار بار بے ہودہ قسم کی نشانیوں کا مطالبہ کوئی معنی نہیں رکھتا مثلاً اس طرح کے مطالبے کہ مکے کے پہاڑوں کو سرکا کر کھیتی باڑی کے لئے جگہ نکال دو، زمین کو پھاڑ کر چشمے اور نہریں نکال دو، ہمارے بزرگوں کو زندہ کر کے ہم سے ان کی بات چیت کرا دو، یہ ان لوگوں کے بے مطلب قسم کے مطالبات تھے جو حضرت محمد ﷺ کو اللہ کا رسول ماننے کے لئے تیار نہیں تھے۔

اس مطالبے کا جواب پہلے بھی دیا جا چکا ہے اب دوبارہ دوسرے انداز میں جواب دیا گیا ہے کہ جو اللہ کی طرف آنے کا ارادہ نہیں رکھتا اللہ تعالیٰ بھی اس کو زبردستی ہدایت کا راستہ نہیں دکھاتے اسلئے تم اپنی گمراہی میں پڑے رہو جب تم طالب ہدایت بن کر آؤ گے تو نشانیاں خود ہی تمہارے راستے کو روشن کرتی چلی آئیں گی۔ اگر انسان خود ہدایت کا طالب نہ ہو تو شمع کی روشنی بھی راستہ دکھانے کی بجائے آنکھوں کو خیرہ کر دیتی ہے اور اس کے سامنے اس کی آنکھیں چندھیا جاتی ہیں جس سے راستہ نظر آنے کے بجائے گم ہو کر رہ جاتا ہے اس لئے اصل چیز انسان کی طلب ہدایت ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ

اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَتَطْمَئِنُّ	قُلُوْبُهُمْ	بِذِكْرِ + اللّٰهِ
جو لوگ	ایمان لائے	اور اطمینان پاتے ہیں	جن کے دل	اللہ کے ذکر سے

جو لوگ ایمان لائے اور اطمینان پاتے ہیں جن کے دل اللہ کی یاد سے

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾

اَلَا	بِذِكْرِ + اللّٰهِ	تَطْمَئِنُّ	الْقُلُوْبُ
یاد رکھو	اللہ کے ذکر سے	اطمینان پاتے ہیں	دل (جمع)

یاد رکھو! اللہ کی یاد (ہی) سے دل اطمینان پاتے ہیں

﴿۲۸﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَيْ وَعْدِهٖ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ○ اَيْ قُلُوْبُ الْمُؤْمِنِيْنَ

﴿۲۸﴾ اس کی طرف رجوع کرنے والے وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کے وعدے سے مطمئن ہوتے ہیں اور اس ذکر سے تسکین پاتے ہیں آگاہ رہو اللہ کی یاد سے اہل ایمان کے دلوں کو اطمینان اور سکون حاصل ہوتا ہے۔

تشریح

﴿۲۸﴾ **ایمان کا فائدہ — دنیا میں بھی دلوں کا چین** اللہ پر ایمان حق و صداقت کو تسلیم کرنا اللہ کی ہدایت کے راستے پر چلنا جہاں انسان کی آخرت کو بناتا ہے انسان اللہ کی رضا حاصل کر کے اس کے انعامات کا مستحق بنتا ہے وہاں دنیا میں بھی اللہ کے دین کی دعوت قبول کرنے میں اور اس پر ایمان لانے میں دلوں کو سکون اور اطمینان نصیب ہوتا ہے کیونکہ شک اور شبہ کی زندگی انسان کو بے چینی میں مبتلا کرتی ہے ایمان دل میں یکسوئی پیدا کر کے اور یقین کی مضبوط بنیاد فراہم کر کے شک و شبہ اور وسوسوں سے نکل جاتا ہے اہل ایمان کے دلوں میں اللہ کی عظمت اور اس کی کبریائی کے تصور سے خشیت پیدا ہوتی ہے اور اس کی رحمت و شفقت کا خیال کر کے دل کو سکون اور راحت حاصل ہوتی ہے اور دنیا میں بھی یہ بہت بڑی نعمت ہے دنیا کی کوئی دولت اور کوئی بڑے سے بڑا منصب یہ حقیقی سکون پیدا نہیں کر سکتا جو ایمان کی بدولت پیدا ہوتا ہے۔ قرآن جو اللہ کا سب سے بڑا ذکر ہے انسان کو اس حقیقت کے قریب لے آتا ہے کہ وہ آقائے حقیقی کا ایک ادنیٰ غلام ہے۔ اور اس کا کام اس کی فرماں برداری اور اپنے مالک کی وفاداری ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ

اَلَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	طُوْبٰى	لَهُمْ	وَحُسْنُ
جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	خوشحالی	انکے لئے	اور اچھا

جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے نیک ان کے لئے خوشحالی ہے اور اچھا

مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾ كَذٰلِكَ اَرْسَلْنٰكَ فِيْٓ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ

مَاٰبٍ	كَذٰلِكَ	اَرْسَلْنٰكَ	فِيْٓ	اُمَّةٍ	قَدْ خَلَتْ
ٹھکانا	اسی طرح	ہم نے تمہیں بھیجا	میں	اس اُمت	گزر چکی ہیں

ٹھکانا اسی طرح ہم نے تمہیں اس امت میں بھیجا ہے۔ گذر چکی ہیں

مِنْ قَبْلِهَآ اُمَمٌ لِّتَتْلُوَا عَلَيْهِمُ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَهُمْ

مِنْ قَبْلِهَا	اُمَمٌ	لِّتَتْلُوَا	عَلَيْهِمُ	الَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	وَهُمْ
اس سے پہلے	اُمتیں	تاکہ تم پڑھو	ان پر (انکو)	وہ جو کہ	ہم نے وحی کیا	تمہاری طرف	اور وہ

اس سے پہلے اُمتیں تاکہ جو ہم نے تمہاری طرف وحی کیا ہے تم ان کو پڑھ کر (سناؤ) اور وہ

يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ۭ قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

يَكْفُرُوْنَ	بِالرَّحْمٰنِ	قُلْ	هُوَ	رَبِّيْ	لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ
منکر ہوتے ہیں	رحمٰن کے	آپ کہدیں	وہ	میرا رب	نہیں کوئی معبود	اسکے سوا

(خدائے) رحمٰن کے منکر ہوتے ہیں آپ کہہ دیں وہ میرا رب ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ﴿۳۰﴾

عَلَيْهِ	تَوَكَّلْتُ	وَ	اِلَيْهِ	مَتَابِ
اس پر	میں نے بھروسہ کیا	اور	اسکی طرف	میرا رجوع

اس پر میں نے بھروسہ کیا اور اسکی طرف میرا رجوع ہے (رجوع کرتا ہوں)

﴿۲۹﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
مُبْتَدَاٌ خَبَرُهٗ طُوْبٰى مَصْدَرٌ
مِنَ الطِّيْبِ اَوْ شَجَرَةٌ فِي الْجَنَّةِ
يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِيْ ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ

﴿۲۹﴾ جو لوگ ایمان لائے اور اچھے عمل کئے ان کے لئے خوشی اور بھلائی ہے۔ مراد یہ ہے کہ ان کو جنت میں درخت طوبیٰ ملے گا جس کے سایہ میں سوار سو برس چلے اور وہ ختم نہ ہو اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَا يَقْطَعُهَا لَهُمْ وَحُسْنُ مَآبٍ ○

ان کے لئے عمدہ ٹھکانا ہے۔

مَرْجِعٌ

(۳۰) كَذٰلِكَ كَمَا اَرْسَلْنَا الْاَنْبِيَاءَ قَبْلَكَ اَرْسَلْنَاكَ فِيْ اُمَّةٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهَا اُمَمٌ لِّتَتْلُوَ عَلَيْهِمُ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَيْ الْقُرْاٰنَ وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ۭ حَيْثُ قَالُوْا لِمَا اُمِرُوْا بِالسُّجُوْدِ لَهٗ وَمَا الرَّحْمٰنُ قُلْ لَّهُمْ يَا مُحَمَّدُ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ ○

(۳۰) جس طرح ہم نے تم سے پہلے پیغمبر بھیجے اسی طرح تم کو ایک امت میں کہ بے شک اس سے پہلے امتیں گذریں تاکہ تم ان پر پڑھو قرآن کو جو ہم نے تمہاری طرف وحی کیا اور حال یہ ہے کہ وہ انکار کرتے ہیں رحمٰن کا چنانچہ جب ان کو حکم ہوا رحمٰن کو سجدہ کرو تو وہ کہتے ہیں کہ رحمٰن کون ہے۔ اے محمدؐ ان سے کہدو کہ رحمٰن میرا رب ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور اسی کی طرف بھٹکو جانا ہے۔

تشریح

(۲۹) ایمان اور عمل صالح کا نتیجہ | دراصل ایمان اور عمل صالح انسان کے لئے سب سے بڑی بشارت ہے اعلیٰ درجے کی سعادت ہے اور ایسے لوگوں کے لئے بہترین انجام ہے قرآن مجید کی مذکورہ آیت میں لفظ طوبیٰ کے معنی خوش حالی کے ہیں خوشگوار زندگی کے ہیں اور طوبیٰ وہ درخت بھی ہے جسے حدیث میں جنت کا درخت کہا گیا ہے۔ تو یوں کہیے کہ ایمان اور عمل صالح اس دنیا اور اُس دنیا میں گویا ایک ایسی زندگی ہے جس میں سکون ہے اطمینان ہے اور بہترین انجام کی بشارت ہے۔

(۳۰) اللہ تعالیٰ اپنی شان رحمت کیوجہ سے ہر دور میں رسولوں کو بھیجتا رہا ہے۔ | رسولوں کی بعثت اور انسانوں کی ہدایت کے لئے نبی اور رسول کا مقرر کرنا کوئی نئی بات نہیں ہے اللہ کی شان رحمت کا تقاضہ رہا ہے کہ وہ اپنے بندوں کو ہدایت کا راستہ دکھائے اس لئے ہر زمانے میں اور ہر قوم میں نبی اور رسول آتے رہے ہیں۔ دنیا میں رسولوں کے آنے کی اور امتوں کی ایک مستقل تاریخ ہے جن امتوں نے اللہ کے رسولوں کی باتوں کو مانا ہے وہ کس طرح کامیاب رہے ہیں اور جنہوں نے رسولوں کا انکار کیا ہے ان کا کیا انجام ہوا ہے۔ ان سب باتوں کی طرف قرآن میں جابجا اشارات ملتے ہیں۔ جس طرح پچھلی قوموں کے لئے رسولوں کو بھیجا جاتا رہا ہے اسی طرح اس امت کے لئے اللہ نے حضرت محمدؐ کو رسول بنا کر بھیجا ہے کوئی کرشماتی قسم کی نشانی نہ پچھلے رسولوں کو دی گئی اور نہ ان موجودہ رسول کو البتہ معرفت حق کی نشانیاں کہ اگر انسان ان کو دیکھے تو حق و صداقت پر یقین کرنے کے لئے کافی ہیں وہ پہلے بھی تھیں اور آج بھی ہیں۔ اللہ نے حضرت محمدؐ کو مبعوث فرمایا ہے تاکہ وہ اللہ کا وہ پیغام اُن کو سنائیں جس کی بندگی سے وہ منھ موڑے ہوئے ہیں اور اس کی صفات اس کے حقوق اور اس کے اختیارات میں دوسروں کو ساجھی بنائے ہوئے ہیں۔ خدائے مہربان کے منکر ہیں جس نے اپنی رحمت کاملہ سے آپؐ پر قرآن اتارا اور آپ کو رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا مگر ان کی ناشکری اور کفران نعمت کا یہ حال ہے کہ ان کو رحمٰن کے لفظ سے بھی وحشت ہوتی ہے۔ اے پیغمبرؐ ان سے کہو کہ جس رحمٰن سے تمہیں وحشت ہوتی ہے اور جس کا تم انکار کرتے ہو میرا رب وہی ہے۔ اس کے سوا کوئی اور معبود ہے ہی نہیں میرا بھروسہ اُسی پر ہے میرا ملجا و ماویٰ وہی ہے تمہارے جھٹلانے سے نہ مجھے کسی نقصان کا خوف ہے اور نہ میں اس کی مدد سے مایوس ہوں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ

وَلَوْ	اَنَّ	قُرْاٰنًا	سُيِّرَتْ	بِهِ	الْجِبَالُ	اَوْ	قُطِّعَتْ	بِهِ	الْاَرْضُ
اور اگر	یہ کہ (ہوتا)	ایسا قرآن	چلائے جاتے	اس سے	پہاڑ	یا	پھٹ جاتی	اس سے	زمین

اور اگر ایسا قرآن ہوتا کہ اس سے پہاڑ چل پڑتے یا اس سے زمین پھٹ جائی

اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ۭ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ۭ اَفَلَمْ يَايْــَٔسِ

اَوْ	كُلِّمَ	بِهِ	الْمَوْتٰى	بَلْ	لِلّٰهِ	الْاَمْرُ	جَمِيْعًا	اَفَلَمْ + يَايْــَٔسِ
یا	بات کرنے لگتے	اس سے	مُردے	بلکہ	اللہ کیلئے	کام	تمام	تو کیا اطمینان نہیں ہوا

یا اُس سے مُردے بات کرنے لگتے (پھر بھی یہ ایمان نہ لاتے) بلکہ اللہ ہی کے لئے ہے تمام کاموں (کا اختیار) تو کیا مومنوں

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ لَّوْ يَشَاۗءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا ۭ وَلَا

الَّذِيْنَ + اٰمَنُوْٓا	اَنْ	لَّوْ يَشَاۗءُ اللّٰهُ	لَهَدَى	النَّاسَ	جَمِيْعًا	وَلَا +
وہ لوگ جو ایمان لائے (مومن)	کہ	اگر اللہ چاہتا	تو ہدایت دیتا	لوگ	سب	اور

کو اطمینان نہیں ہوا (اس سے) کہ اگر اللہ چاہتا تو سب لوگوں کو ہدایت دے دیتا اور

يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا قَارِعَةٌ اَوْ تَحُلُّ قَرِيْبًا

يَزَالُ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	تُصِيْبُهُمْ	بِمَا صَنَعُوْا	قَارِعَةٌ	اَوْ تَحُلُّ	قَرِيْبًا
ہمیشہ	وہ لوگ جو کافر ہوئے (کافر)	انہیں پہنچیگی	انکے اعمال کے بدلے	سخت مصیبت	یا اُترے گی	نزدیک

کافروں کو ان کے اعمال کے بدلے ہمیشہ سخت مصیبت پہنچتی رہے گی ، یا اُترے گی اُن کے گھر کے

ع ۴ ۱۰ مِّنْ دَارِهِمْ حَتّٰى يَاْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝۳۱ وَ

مِّنْ	دَارِهِمْ	حَتّٰى	يَاْتِيَ	وَعْدُ اللّٰهِ	اِنَّ + اللّٰهَ	لَا يُخْلِفُ	الْمِيْعَادَ	وَ
سے (کے)	انکے گھر	یہانتک	آجائے	اللہ کا وعدہ	بیشک اللہ	خلاف نہیں کرتا	وعدہ	اور

نزدیک، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ آجائے اور بیشک اللہ وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔ اور

لَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثُمَّ

لَقَدِ	اسْتُهْزِئَ	بِرُسُلٍ	مِّنْ + قَبْلِكَ	فَاَمْلَيْتُ	لِلَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	ثُمَّ
البتہ	مذاق اُڑایا گیا	رسولوں کا	تم سے پہلے	تو میں نے ڈھیل دی	جنھوں نے کفر کیا (کافر)	پھر

البتہ تم سے پہلے رسولوں کا مذاق اُڑایا گیا ، تو میں نے کافروں کو ڈھیل دی ، پھر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ (۳۲)

اَخَذْتُهُمْ	فَكَيْفَ	كَانَ	عِقَابِ
میں نے انکی پکڑ کی	سو کیا	تھا	میرا بدلہ

میں نے ان کی پکڑ کی سو میرا بدلہ (عذاب) کیسا تھا ؟

(۳۱) وَنَزَلَ لَمَّا قَالُوْا لَهٗ اِنْ كُنْتَ نَبِيًّا فَسَيِّرْ عَنَّا جِبَالَ مَكَّةَ وَاجْعَلْ لَنَا فِيْهَا اَنْهَارًا وَعُيُوْنًا لِنَغْرِسَ وَنَزْرَعَ وَابْعَثْ لَنَا اٰبَاءَنَا الْمَوْتٰى يُكَلِّمُوْنَا اَنَّكَ نَبِيٌّ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ نُقِلَتْ عَنْ اَمَاكِنِهَا اَوْ قُطِّعَتْ شُقِّقَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بِاَنْ يُحْيُوْا لِمَا اٰمَنُوْا بَلْ لِلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا لَا بِغَيْرِهٖ فَلَا يُؤْمِنُ اِلَّا مَنْ يَّشَاءُ اللّٰهُ اِيْمَانَهٗ دُوْنَ غَيْرِهٖ وَاِنْ اُوْتُوْا مَا اقْتَرَحُوْا وَنَزَلَ لَمَّا اَرَادَ الصَّحَابَةُ اِظْهَارَ مَا اقْتَرَحُوْا طَمَعًا فِيْ اِيْمَانِهِمْ اَفَلَمْ يَيْئَسِ يَعْلَمِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ مُخَفَّفَةٌ اَيْ اَنَّهٗ لَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيْعًا اِلَى الْاِيْمَانِ مِنْ غَيْرِ اٰيَةٍ وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ تُصِيْبُهُمْ بِمَا صَنَعُوْا بِصُنْعِهِمْ اَيْ بِكُفْرِهِمْ قَارِعَةٌ دَاهِيَةٌ تَقْرَعُهُمْ بِصُنُوْفِ الْبَلَاءِ مِنَ الْقَتْلِ وَالْاَسْرِ وَالْحَرْبِ وَالْجَدْبِ اَوْ تَحُلُّ يَا مُحَمَّدُ بِجَيْشِكَ قَرِيْبًا مِّنْ دَارِهِمْ مَكَّةَ حَتّٰى يَاْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ بِالنَّصْرِ عَلَيْهِمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ○ وَقَدْ حَلَّ بِالْحُدَيْبِيَةِ حَتّٰى اَتٰى فَتْحُ مَكَّةَ

(۳۲) وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ

(۳۱) وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ الخ وجہ نازل ہونے ان آیتوں کی یہ ہے کہ مکہ کے کافروں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ اگر تم پیغمبر ہو تو مکہ کے پہاڑوں کو ہم سے دور کردو اور اس جگہ نہریں اور چشمے ہمارے لئے جاری کردو تاکہ ہم درخت لگاویں اور کھیتی بوویں اور ہمارے باپ دادوں مُردہ کو زندہ کردو کہ وہ ہم سے کہیں کہ تم پیغمبر ہو اور بلاشبہ اگر قرآن کی وجہ سے پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل جائے یا اس کی وجہ سے زمین پھٹ جاوے اور نہریں اور چشمے اس سے جاری ہو جاویں یا اس کے سبب مردہ زندہ ہو کر باتیں کریں تو یہ کافر پھر بھی ایمان نہ لاویں گے۔ بلکہ بات یہ ہے کہ حکم سب اللہ ہی کا ہے۔ نہ اس کے غیر کا پس کوئی ایمان نہیں لاسکتا مگر جس کا ایمان لانا اللہ چاہے اس کے سوا کوئی ایمان نہیں لاسکتا اگرچہ موافق انکی طلب کے انکو نشانیاں دیجاویں۔ اور جب بعض صحابہ نے یہ ارادہ کیا کہ جو کچھ کافر نشانیاں چاہتے ہیں وہ ظاہر کردی جائیں تاکہ وہ ایمان لاویں اس پر یہ آیت نازل ہوئی اَفَلَمْ يَيْئَسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا الخ سو کیا ایمان والے نہیں جانتے کہ بات یہ ہے اگر اللہ چاہے تمام آدمیوں کو ایمان کی ہدایت کردے بدون کسی نشانی کے اور مکہ کے کافروں پر ہمیشہ کوئی نہ کوئی مصیبت آتی رہتی ہے بسبب انکے کفر کے جیسے قتل اور قید اور لڑائی اور قحط سالی ہمیشہ انمیں سے کسی آفت میں گرفتار رہیں گے۔ یا تم اے محمد معہ اپنے لشکر کے ان کے شہر کے قریب یعنی مکہ کے پاس اترو گے یہاں تک کہ اللہ کا وعدہ انکے مغلوب ہونے اور تمہارے فتح پانے کا پورا ہو بیشک اللہ وعدہ کا خلاف نہیں کرتا۔ اور تحقیق اترے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدیبیہ میں یہاں تک کہ مکہ فتح ہوا۔

(۳۲) وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَمْلَيْتُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا

toobaa-elibrary.blogspot.com

كَمَا اسْتُهْزِئَ بِكَ وَلَهٰذَا تَسْلِيَةٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمْلَيْتُ أَمْهَلْتُ لِلَّذِينَ كَفَرُوا ثُمَّ أَخَذْتُهُمْ بِالْعُقُوبَةِ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ○ أَيْ هُوَ وَاقِعٌ مَوْقِعَهُ فَكَذٰلِكَ أَفْعَلُ بِمَنِ اسْتَهْزَأَ بِكَ

ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ الخ اور بلاشبہ استہزار کیا گیا تم سے پہلے پیغمبروں کے ساتھ جیسا کہ تمہارے ساتھ کیا گیا اور یہ تسلی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو۔ سو میں نے مہلت دی کچھ دنوں کو کافروں کو پھر ان کو گرفتار عذاب کیا پس کیونکر ہوا میرا عذاب، یعنی وہ اپنے موقع پر واقع ہوا۔ سو ایسا ہی کروں گا میں ان کے ساتھ جو تمہارے ساتھ استہزار کرتے ہیں۔

تشریح

(۳۱) بات نشانیوں کی نہیں طلب حق کی ہے | اگر انسان کے اندر حق و صداقت کی طلب ہو تو اس کے لئے کوئی بہت زیادہ دور جانے کی ضرورت نہیں ہوتی اللہ کی بے شمار نشانیاں انسان کے اندر بھی ہیں اور باہر اس کائنات میں بھی پھیلی ہوئی ہیں لیکن جب حق کی طلب نہیں ہوتی تو انسان طرح طرح کے بہانے تلاش کرتا ہے یہی معاملہ اس زمانے کے ان لوگوں کا تھا جن میں ایمان کی طلب نہیں تھی اور آج بھی ہے جو لوگ حق کے متلاشی اور طلبگار نہیں ہیں اور ان کے اندر ہی کجی ہے وہ سب کچھ جان کر بھی مانتے نہیں ہیں سچے اہل ایمان اس وقت یہ سوچتے تھے کہ اگر اللہ تعالیٰ ایسی کوئی نشانی دکھا ہی دیں کہ یہ انکار کرنیوالے ماننے پر مجبور ہو جائیں تو اس میں کیا حرج ہے اس کا جواب مذکورہ آیت میں دیا گیا ہے کہ اللہ کے لئے کچھ بھی کرنا مشکل نہیں ہے۔ مان لو کہ وہ ایسی کتاب اتار دے جس کے زور سے پہاڑ چلنے لگیں یا زمین پھٹ جائے یا مُردے قبروں سے نکل کر بولنے لگیں تو کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ یہ منکرین حق حق کا اقرار کریں گے ان میں کوئی طلب ہی نہیں ہے اور جب طلب نہیں ہوتی تو اللہ تعالیٰ بھی زبردستی کسی کو ہدایت نہیں دیتے۔ اگر زبردستی ہدایت دینی ہوتی تو اللہ کے لئے کیا مشکل تھا کہ وہ سب کو مومن پیدا کر دیتا لیکن اللہ کی یہ حکمت اور مصلحت نہیں ہے۔ اللہ کی مصلحت یہی ہے کہ جو بھی ایمان لائے وہ پورے شعور کے ساتھ سمجھ بوجھ کے سچائی کو تسلیم کرلے جن لوگوں کو قرآن کی تعلیم میں، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پاکیزہ زندگی میں، کائنات کی نشانیوں میں حق کا نور نظر آیا انہوں نے آگے بڑھ کر حق و صداقت کو قبول کیا۔

آج یہ لوگ جو نہیں مان رہے ہیں یہ کسی بڑی سے بڑی نشانی سے مانیں گے بھی نہیں۔ یہ تو جبھی مانیں گے جب اللہ کا وعدہ حق کے غلبے کا پورا ہوگا اور اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کے خلاف نہیں کرتے۔

(۳۲) تم سے پہلے بھی رسولوں کو جھٹلایا گیا مگر ہم نے ان کو ڈھیل دی | آج جو لوگ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کو جھٹلا رہے ہیں یہ کوئی نئی بات نہیں ہے اس سے پہلے بھی جب ہم نے رسول بھیجے تو ان سے ٹھٹھے کئے گئے ان کا مذاق اڑایا گیا اور ان کو جھٹلایا گیا مگر اللہ تعالیٰ کا طریقہ یہ ہے کہ وہ مجرموں کو ڈھیل دیتا ہے تاکہ ان کا جرم اچھی طرح صاف ہو جائے اور ان کو باز آنا ہے تو باز آجائیں اور جب پاپ کی ہنڈیا بھر جاتی ہے تو پھر اللہ تعالیٰ مجرموں کو پکڑ لیتے ہیں اور دنیا نے دیکھا ہے کہ اللہ کی پکڑ آنے کے بعد ان مجرموں کا کیا حال ہوا۔ آج تک ان کی تباہی کی داستانیں لوگوں کی زبانوں پر ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَفَمَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ۚ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ

أَفَمَنْ	هُوَ	قَآئِمٌ	عَلٰى	كُلِّ نَفْسٍ	بِمَا كَسَبَتْ	وَجَعَلُوْا	لِلّٰهِ
پس کیا جو	وہ	نگران	پر	ہر شخص	جو اس نے کمایا (اعمال)	اور انہوں نے بنالئے	اللہ کے

پس کیا جو ہر شخص کے اعمال کا نگراں ہے (وہ بتوں کی طرح ہو سکتا ہے) اور انہوں نے بنالئے اللہ کے

شُرَكَآءَ ۭ قُلْ سَمُّوْهُمْ ۭ أَمْ تُنَبِّئُوْنَهٗ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْأَرْضِ

شُرَكَآءَ	قُلْ	سَمُّوْهُمْ	أَمْ	تُنَبِّئُوْنَهٗ	بِمَا	لَا يَعْلَمُ	فِي الْأَرْضِ
شریک	آپ کہہ دیں	ان کے نام لو	یا	تم اُسے بتلاتے ہو	وہ جو	اسکے علم میں نہیں	زمین میں

شریک ، آپؐ کہہ دیں اُن کے نام تو لو یا تم (اللہ کو) وہ بتلاتے ہو جو پوری زمین میں اسکے علم میں نہیں۔

أَمْ بِظَاهِرٍ مِّنَ الْقَوْلِ ۭ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مَكْرُهُمْ وَ

أَمْ	بِظَاهِرٍ	مِّنَ	الْقَوْلِ	بَلْ	زُيِّنَ	لِلَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	مَكْرُهُمْ	وَ
یا	محض ظاہری	سے	بات	بلکہ	خوشنما بنادیئے گئے	ان لوگوں کیلئے جنہوں نے کفر کیا	انکے فریب	اور

یا محض ظاہری (اوپری) بات کرتے ہو، بلکہ جن لوگوں نے کفر کیا انکے لئے ان کے فریب خوشنما بنادیئے گئے اور

صُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾

صُدُّوْا	عَنِ	السَّبِيْلِ	وَمَنْ	يُّضْلِلِ	اللّٰهُ	فَمَا	لَهٗ	مِنْ + هَادٍ
وہ روک دیئے گئے	سے	راہ	اور جو جس	گمراہ کرے	اللہ	تو نہیں	اسکے لئے	کوئی ہدایت دینے والا

وہ راہِ (ہدایت) سے روک دیئے گئے۔ اور جس کو اللہ گمراہ کرے تو اس کے لئے کوئی ہدایت دینے والا نہیں۔

لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ

لَهُمْ	عَذَابٌ	فِي	الْحَيٰوةِ + الدُّنْيَا	وَلَعَذَابُ + الْاٰخِرَةِ
ان کیلئے	عذاب	میں	دنیا کی زندگی	اور البتہ آخرت کا عذاب

ان کے لئے دنیا کی زندگی میں عذاب ہے۔ اور البتہ آخرت کا عذاب

أَشَقُّ ۚ وَمَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾

أَشَقُّ	وَمَا لَهُمْ	مِّنَ + اللّٰهِ	مِنْ + وَّاقٍ
نہایت تکلیف دہ	اور نہیں انکے لئے	اللہ سے	کوئی بچانے والا

نہایت تکلیف دہ ہے۔ اور ان کے لئے کوئی اللہ سے بچانے والا نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۳۳) أَفَمَنْ هُوَ قَائِمٌ عَلَىٰ كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ ۗ وَجَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ ۚ قُلْ سَمُّوهُمْ ۚ أَمْ تُنَبِّئُونَهُ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي الْأَرْضِ أَمْ بِظَاهِرٍ مِنَ الْقَوْلِ ۚ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا مَكْرُهُمْ وَصُدُّوا عَنِ السَّبِيلِ ۗ وَمَنْ يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ ۝

(۳۳) سو کیا وہ ذات جو ہر شخص کے بھلے بُرے عملوں کا نگہبان اور واقف ہے یعنی اللہ برابر ان بتوں کے ہو سکتا ہے جنمیں یہ صفت نہیں یعنی نہیں ہو سکتا اور کافروں نے اللہ کے لئے ساجھی ٹھہرائے تم کہدو کہ ان کے نام اللہ کو بتلاؤ وہ کون ہیں۔ بلکہ کیا تم اللہ کو بتلاتے ہو اس کا ساجھی جس کو وہ نہیں جانتا اللہ کا شریک بناتے ہو ساتھ گمان باطل کے جو محض زبانی دعوی ہے اس کی حقیقت کچھ نہیں۔

بلکہ بات یہ ہے کہ کافروں کو اچھا دکھلایا گیا ان کا کفر اور روکا انہوں نے لوگوں کو ہدایت سے۔ اور جس کو اللہ گمراہ کرے اس کے لئے کوئی راہ بتانے والا نہیں۔

(۳۴) لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَشَقُّ ۖ وَمَا لَهُمْ مِنَ اللَّهِ مِنْ وَاقٍ ۝

(۳۴) وہ لوگ دنیا میں قتل اور قید کے عذاب میں گرفتار ہونگے اور البتہ آخرت کا عذاب اس سے بہت زیادہ اور سخت تر ہے اور ان کو عذاب الٰہی سے بچانے والا نہیں۔

تشریح

(۳۳) خدائے واحد علیم وخبیر ہے | اللہ تعالیٰ وحدہٗ لاشریک اور ایک ایک چیز سے پوری طرح باخبر ہے کوئی متنفس ایسا نہیں جو اللہ تعالیٰ کی نگاہ سے اوجھل ہو بھلا اس علیم وخبیر کی ذات والاصفات کے ساتھ کون شریک اور ساجھی ہو سکتا ہے یہ بہت بڑی جسارت ہے کہ اس کے ساتھ کسی کو شریک بنایا جائے ذرا بتاؤ تو وہ کون ہیں جن کا اللہ واحد وقہار کے ساتھ شرکت کا دعویٰ ہو سکتا ہے کون ہے جسکو اللہ تعالیٰ اپنی زمین پر نہیں جانتا۔ تم لوگ تو بس جو منہ میں آتا ہے کہہ ڈالتے ہو۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ تمہاری گمراہیوں کو تمہارے اپنے نفس نے خوشنما بنا کر تمہیں راہِ حق سے روک دیا ہے جب انسان اس گمراہی سے نکلنے کا ارادہ نہ کرے تو اللہ تعالیٰ بھی اس کو ہدایت نہیں دیتے اور جب اللہ تعالیٰ ہدایت نہیں دیتے تو پھر راہ دکھانے والا کون ہو سکتا ہے۔

(۳۴) گمراہوں کے لئے دونوں جہان کا عذاب ہے | گمراہی کا راستہ اختیار کرنے والوں کی دنیا بھی برباد ہے اسلئے کہ اگر انسان کو خدا کا خوف اور آخرت کی فکر نہ ہو تو وہ گناہوں سے بچ نہیں سکتا۔ دیانت وانصاف کے ساتھ کسی کا حق ادا نہیں کر سکتا اسکے سامنے صرف اس دنیا کا نفع نقصان ہوتا ہے دوسرے جہان کی اس کو فکر نہیں ہوتی اسلئے جب تک آخرت پر اس کو یقین نہ ہو دنیا کا نظام بھی درست نہیں ہو سکتا اور دنیا کی خرابی سے بڑھ کر آخرت کا عذاب ہے وہاں کوئی ایسا نہ ہوگا جو ان لوگوں کو اللہ کے عذاب سے بچا سکے دراصل جب وہ اپنے اوپر ہدایت کے دروازے بند کر لیتا ہے اللہ تعالیٰ اسکو توفیق نہیں دیتا اللہ کی فرمانبرداری اور اس کی ہدایت پر چلنے میں دونوں جہان کی کامیابی کا راز ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۖ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا

مَثَلُ	الْجَنَّةِ	الَّتِي	وُعِدَ	الْمُتَّقُونَ	تَجْرِي	مِنْ + تَحْتِهَا
کیفیت	جنت	وہ جو کہ	وعدہ کیا گیا	پرہیزگار (جمع)	بہتی ہیں	اس کے نیچے

اور اس جنت کی کیفیت جس کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے (یہ ہے) اس کے نیچے نہریں

الْأَنْهَارُ ۖ أُكُلُهَا دَائِمٌ وَظِلُّهَا ۖ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِينَ

الْأَنْهَارُ	أُكُلُهَا	دَائِمٌ	وَظِلُّهَا	تِلْكَ	عُقْبَى	الَّذِينَ
نہریں	اس کے پھل	دائم	اور اس کا سایہ	یہ	انجام	وہ جو کہ

بہتی ہیں اس کے پھل دائم (ہمیشہ) ہیں اور اس کا سایہ (بھی) یہ ہے انجام پرہیزگاروں

اتَّقَوْا ۖ وَعُقْبَى الْكَافِرِينَ النَّارُ ﴿٣٥﴾

اتَّقَوْا	وَعُقْبَى	الْكَافِرِينَ	النَّارُ	
پرہیزگار	اور انجام	کافروں	جہنم	

کا اور کافروں کا انجام جہنم ہے۔

﴿٣٥﴾ مَثَلُ صِفَةِ الْجَنَّةِ الَّتِي وُعِدَ الْمُتَّقُونَ ۖ مُبْتَدَأٌ أَخْبَارُهُ مَحْذُوفٌ أَيْ فِيمَا نَقُصُّ عَلَيْكُمْ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ۖ أُكُلُهَا مَا يُؤْكَلُ فِيهَا دَائِمٌ لَا يَفْنَى وَظِلُّهَا دَائِمٌ لَا تَنْسَخُهُ شَمْسٌ بَعْدَ مَا فِيهَا تِلْكَ أَيِ الْجَنَّةُ عُقْبَى عَاقِبَةُ الَّذِينَ اتَّقَوْا الشِّرْكَ وَعُقْبَى الْكَافِرِينَ النَّارُ ○

﴿٣٥﴾ بیان اس جنت کا جو پرہیزگاروں کے لئے وعدہ کی گئی ہے یہ ہے جو ہم تم پر ظاہر کرتے ہیں کہ ان کے نیچے نہریں جاری ہیں میوہ جو جنت میں کھانے کو ملے گا دائمی ہے کبھی فنا نہ ہوگا اور سایہ جنت کا دائمی ہے آفتاب اس کو زائل نہ کریگا کیونکہ آفتاب وہاں نہ ہوگا۔

یہ جنت انجام ان لوگوں کا ہے جو شرک سے بچتے ہیں اور کافروں کا انجام دوزخ ہے۔

تشریح

﴿٣٥﴾ پرہیزگاروں کے لئے جنت کی نعمتیں اور منکرین حق کے لئے دوزخ کا عذاب | جو شخص خدا سے ڈرنے والا ہوگا اللہ کا وفادار اور اس کا فرماں بردار ہوگا اس کے لئے اللہ کا وعدہ ہے کہ جنت کی وہ وہ نعمتیں اس کو عطا کی جائیں گی جن کی شان ہی نرالی ہوگی وہ باغات جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی ہر موسم میں حاصل ہونے والے پھل لازوال خوش گوار سایہ، نہ دھوپ نہ اندھیرا۔ اس کے مقابلے میں منکرین حق جن کے لئے دوزخ کا عذاب ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ مَنْ

وَالَّذِيْنَ	اٰتَيْنٰهُمُ	الْكِتٰبَ	يَفْرَحُوْنَ	بِمَآ	اُنْزِلَ	اِلَيْكَ	وَمِنَ	الْاَحْزَابِ	مَنْ
اور وہ لوگ جنے	ہم نے انہیں دی	کتاب	وہ خوش ہوتے ہیں	اس سے جو	نازل کیا گیا	تمہاری طرف	اور بعض	گروہ	جو

اور جن لوگوں کو ہم نے دی ہے کتاب (اہل کتاب) وہ اس سے خوش ہوتے ہیں جو تمہاری طرف اُتارا گیا، اور بعض گروہ اسکی بعض (باتوں) کا انکار

يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ۭ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ۭ اِلَيْهِ اَدْعُوْا

يُّنْكِرُ	بَعْضَهٗ	قُلْ	اِنَّمَآ	اُمِرْتُ	اَنْ اَعْبُدَ	اللّٰهَ	وَلَآ اُشْرِكَ	بِهٖ	اِلَيْهِ	اَدْعُوْا
انکار کرتے ہیں	اسکی بعض	آپ کہدیں	انکو انہیں	مجھے حکم دیا گیا	کہ میں عبادت کروں	اللہ	اور نہ شریک ٹھیراؤں	اسکا	اسکی طرف	میں بلاتا ہوں

کرتے ہیں۔ آپ کہدیں اس کے سوا نہیں کہ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ کی عبادت کروں اور اس کا شریک نہ ٹھیراؤں، میں اسکی طرف بلاتا ہوں

وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿٣٦﴾ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ۭ وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَاۗءَهُمْ

وَاِلَيْهِ	مَاٰبِ	وَكَذٰلِكَ	اَنْزَلْنٰهُ	حُكْمًا	عَرَبِيًّا	وَلَىِٕنِ	اتَّبَعْتَ	اَهْوَاۗءَهُمْ
اور اسی کیطرف	میرا ٹھکانا	اور اسیطرح	ہم نے اُسے نازل کیا	حکم	عربی زبان میں	اور اگر	تو نے پیروی کی	انکی خواہشات

اور اسی کیطرف میرا ٹھکانا ہے اور اسیطرح ہم نے اس (قرآن) کو عربی زبان میں حکم نازل کیا ہے۔ اور اگر تو نے انکی خواہشات کی پیروی کی اس کے

ع ۵ ۱۱ بَعْدَ مَا جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿٣٧﴾ ع

بَعْدَ	مَا جَاۗءَكَ	مِنَ الْعِلْمِ	مَا لَكَ	مِنَ اللّٰهِ	مِنْ وَّلِيٍّ	وَّلَا وَاقٍ
بعد	جبکہ تیرے پاس آگیا	علم	تیرے لئے نہیں	اللہ سے	کوئی حمایتی	اور نہ کوئی بچانے والا

بعد جبکہ تیرے پاس علم، نہ تیرے لئے اللہ سے (اللہ کے سامنے) کوئی حمایتی ہوگا، نہ کوئی بچانے والا

﴿٣٦﴾ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ كَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ وَغَيْرِهٖ مِنْ مُّؤْمِنِيْ الْيَهُوْدِ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ لِمُوَافَقَتِهٖ مَا عِنْدَهُمْ وَمِنَ الْاَحْزَابِ الَّذِيْنَ تَحَزَّبُوْا عَلَيْكَ بِالْمُعَادَاتِ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَالْيَهُوْدِ مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ كَذِكْرِ الرَّحْمٰنِ وَمَا عَدَا الْقَصَصَ قُلْ اِنَّمَآ اُمِرْتُ فِيْمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ اَنْ اَنِّيْ بِاَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ بِهٖ ۭ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ○ مَرْجِعِيْ

﴿٣٦﴾ اور جن کو ہم نے کتاب دی ہے جیسے عبداللہ بن سلام وغیرہ مسلمان یہود میں سے وہ خوش ہوتے قرآن سے جو تم پر اتارا گیا کیوں کہ یہ موافق ہے ان کی کتاب کے۔ اور بعض جماعات یہودیوں اور مشرکوں میں سے جو تمہاری دشمنی پر مجتمع ہیں بعض قرآن کا انکار کرتے ہیں جیسے رحمٰن کا ذکر اور قصوں کے سوا تمام احکام کے منکر ہیں۔ کہدو بات یہ ہے کہ میری طرف جو اتارا گیا اسمیں مجھ کو حکم ہوا ہے اس امر کا کہ میں خاص اللہ کی عبادت کروں اور کسی کو اس کا شریک نہ بناؤں، میں اسکی طرف سب کو بلاتا ہوں اور اسی کی طرف مجھ کو جانا ہے۔

﴿٣٧﴾ وَكَذٰلِكَ الْاِنْزَالِ اَنْزَلْنٰهُ اَيِ الْقُرْاٰنَ حُكْمًا عَرَبِيًّا ۭ بِلُغَةِ الْعَرَبِ تَحْكُمُ بِهٖ

﴿٣٧﴾ اور ہم نے قرآن کو اسی طرح زبان عربی میں اتارا تاکہ تم موافق اس کے لوگوں میں فیصلہ کرو اور حکم الٰہی پہنچاؤ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

بَيْنَ النَّاسِ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَآءَهُمْ
أَيِ الْكُفَّارَ فِيمَا يَدْعُونَكَ إِلَيْهِ مِنْ
مِلَّتِهِمْ فَرْضًا بَعْدَ مَا جَآءَكَ مِنَ
الْعِلْمِ بِالتَّوْحِيدِ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ
مِنْ زَائِدَةٌ وَّلِيٍّ نَاصِرٍ وَّلَا وَاقٍ ○
مَانِعٌ مِنْ عَذَابِهِ۔

اور اگر بالفرض تم کافروں کی خواہشوں کی پیروی کروگے اور ان کے مذہب کے موافق عمل کروگے جس کی طرف وہ تم کو بلاتے ہیں بعد اس کے کہ اللہ نے تم کو علم توحید عطا فرمایا تو اس صورت میں تمہارے لئے کوئی مددگار بچانے والا عذاب الٰہی سے نہیں

تشریح

(۳۶) اسلام اللہ کا خالص اور بے میل دین ہے | اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبروں کے ذریعہ اور اپنی نازل کی ہوئی کتابوں میں جس دین کی دعوت دی ہے وہ اللہ کا دین ایک ہی ہے اگرچہ مختلف شریعتوں میں جزوی طور پر کچھ احکام میں اختلاف رہا ہے لیکن بنیادی طور پر اللہ کا دین آغاز کائنات سے ایک ہی چلا آرہا ہے اس لئے جب اللہ کے آخری رسول حضرت محمد ﷺ پر قرآن مجید نازل ہوا تو یہودی تو تورات کے پڑھنے والے تھے اور نصاریٰ جن کے پاس اللہ کی کتاب انجیل تھی ان میں سے بہت سے لوگ قرآن مجید کے نازل ہونے پر بہت خوش تھے اور انہوں نے آگے بڑھ کر اس دعوت کو ہاتھوں ہاتھ لیا جو دراصل اسی دین کی دعوت تھی جس کو لیکر حضرت موسیٰ ؑ اور حضرت عیسیٰ ؑ تشریف لائے تھے لیکن انہی یہود و نصاریٰ میں اور مکے کے مشرکین میں ایسے بھی لوگ تھے جو قرآن کی بعض باتوں کو تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں تھے کیونکہ قرآن کی باتیں ان کی ان باتوں سے ٹکراتی تھیں جو انہوں نے اللہ کی کتابوں میں ردّوبدل کرکے دین میں شامل کرلی تھیں یا ان کی اپنی خواہشات اور مفادات کے خلاف تھیں۔ غرض یہ کہ اہل کتاب میں انصاف پسند اور حق پرست لوگ بھی تھے اور ایسے بھی تھے جو قرآن کے نازل ہونے پر ناخوش تھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ کسی کی خوشی ناخوشی کی پرواہ کئے بغیر اے پیغمبر تم صاف صاف کہہ دو کہ میری دعوت توحید خالص کی دعوت ہے مجھے اسی کی بندگی کا حکم دیا گیا ہے اور مجھے اس ذات عالی صفات کے ساتھ کسی کو بھی شریک و ساجھی بنانے سے روک دیا گیا ہے لہٰذا میں تو اسی کی دعوت دیتا ہوں چاہے کسی کو اچھی لگے یا بری لگے مجھے اس کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔

(۳۷) یہ قرآن عربی زبان میں ہے اور اس میں جو علم عظیم ہے تم صرف اسی کی پیروی کرو۔ | اللہ تعالیٰ نے جتنی کتابیں نازل کی ہیں وہ اسی زبان میں نازل کی ہیں جو اس وقت کے پیغمبر کی قومی زبان تھی اب یہ قرآن عربی زبان میں نازل ہوا ہے کیونکہ اس میں جو علوم ہیں ان کے لئے عربی زبان ہی موزوں تھی جس میں بلاغت ہو وسعت ہو جامعیت ہو اور اعلیٰ درجے کے علوم کو سمیٹنے کی صلاحیت ہو کسی کی خوشی ناخوشی کی پرواہ کئے بغیر اس کتاب عظیم میں دئے گئے علم عظیم کی پیروی کرتے رہو اس علم کے باوجود جو تمہارے پاس آچکا ہے اگر تم نے لوگوں کی خواہشات کی پرواہ کی تو اللہ کے مقابلے میں تمہارا کوئی حامی اور مددگار نہ ہوگا اور نہ کوئی اس کی پکڑ سے بچا سکے گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ۚ وَمَا كَانَ

وَلَقَدْ	اَرْسَلْنَا	رُسُلًا	مِّنْ + قَبْلِكَ	وَجَعَلْنَا	لَهُمْ	اَزْوَاجًا	وَّذُرِّيَّةً	وَمَا كَانَ
اور البتہ	ہم نے بھیجے	رسول (جمع)	تم سے پہلے	اور ہم نے دیں	ان کو	بیویاں	اور اولاد	اور نہیں ہوا

اور البتہ ہم نے رسول بھیجے تم سے پہلے اور ہم نے ان کو دیں بیویاں اور اولاد اور کسی رسول کے

لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۗ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾

لِرَسُوْلٍ	اَنْ	يَّاْتِيَ	بِاٰيَةٍ	اِلَّا	بِاِذْنِ + اللّٰهِ	لِكُلِّ + اَجَلٍ	كِتَابٌ
کسی رسول کیلئے	کہ	لائے	کوئی نشانی	بغیر	اللہ کی اجازت سے	ہر وعدہ کے لئے	ایک تحریر

لئے (اختیار میں) نہیں ہوا کہ وہ لائے کوئی نشانی اللہ کی اجازت کے بغیر، ہر وعدہ کے لئے ایک تحریر ہے۔

(۳۸) وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ۚ اَوْلَادًا وَ اَنْتَ مِثْلُهُمْ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ مِّنْهُمْ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۗ لِاَنَّهُمْ عَبِيْدٌ مَّرْبُوْبُوْنَ لِكُلِّ اَجَلٍ مُدَّةٍ كِتَابٌ ○ مَكْتُوْبٌ فِيْهِ تَحْدِيْدُهٗ ۔

(۳۸) اور نازل ہوئی جبکہ کافروں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیویوں کے زیادہ ہونے کا عیب لگایا یہ آیت وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً الخ اور بالشک ہم نے بھیجے تم سے پہلے پیغمبر اور ان کے لئے بیویاں بنائیں اور ان کو اولاد دی اور تم بھی مثل انہیں پیغمبروں کے ہو۔ اور ان میں سے کوئی پیغمبر ایسا نہیں گذرا کہ کوئی نشان بغیر حکم خدا تعالیٰ کے لا سکے کیونکہ وہ سب اس کے بندے ہیں اسکے حکم کے تابع اور اس کے مملوک، ہر ایک مدت کیلئے ایک حد لکھی گئی ہے۔

تشریح

(۳۸) **انسان ہونا رسول کا کمال ہے** | رسول ایک انسان ہوتا ہے اور عام انسانوں پر اسکی برتری کے لئے اتنی بات کافی ہے کہ وہ پروردگار عالم کا فرستادہ ہے۔ جب وہ انسان ہوتا ہے تو اس کے بشری تقاضے بھی ہوتے ہیں۔ بیوی بچے اولاد جس طرح اور انسانوں کے ہوتے ہیں اسی طرح اس کے بھی ہوتے ہیں۔ رسول کا انسان ہونا اسلئے ضروری ہے کہ لوگوں کی اصلاح کے لئے صرف علم کافی نہیں ہے بلکہ احساس کی بھی ضرورت ہے اگر رسول میں بشری احساسات نہ ہوں تو وہ لوگوں کے مسائل اور جذبات کو سمجھ نہیں سکتا اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس بات کو بطور احسان نمایاں کیا ہے کہ رسول کوئی اور نہیں بلکہ تمہیں میں سے ایک انسان ہے جیسا کہ سورۂ آل عمران میں ارشاد ہوا: لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ (آل عمران-۱۶۴) یعنی اللہ تعالیٰ نے مومنین پر احسان فرمایا کہ ایک رسول ان میں انہی میں سے بھیجا۔ رسول کی صداقت کے لئے معجزے دیے جاتے ہیں مگر کس کے ہاتھ پر کس معجزے کا ظہور ہوگا یہ اللہ کے اذن کے بغیر ممکن نہیں کسی رسول کی یہ طاقت نہیں ہے کہ وہ خود کوئی نشانی دکھا سکے۔ ہر ایک پیغمبر اپنے زمانے کے مناسب احکام لایا ہے اور اس کو جو کتاب دی گئی ہے وہ اسی دور کے لحاظ سے دی گئی ہے البتہ قرآن مجید میں وہ جامعیت ہے جو ہر دور کے لئے مناسب رہنمائی کے لئے کافی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿۳۹﴾ وَ

يَمْحُوا	اللّٰهُ	مَا يَشَآءُ	وَيُثْبِتُ	وَعِنْدَهٗٓ	اُمُّ الْكِتٰبِ	وَ
مٹا دیتا ہے	اللہ	جو وہ چاہتا ہے	اور باقی رکھتا ہے	اور اس کے پاس	اصل کتاب (لوحِ محفوظ)	اور

اور اللہ جو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور باقی رکھتا ہے (جو وہ چاہتا ہے) اور اس کے پاس لوحِ محفوظ ہے - اور

اِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا

اِنْ	مَا نُرِيَنَّكَ	بَعْضَ	الَّذِيْ	نَعِدُهُمْ	اَوْ	نَتَوَفَّيَنَّكَ	فَاِنَّمَا
اگر	تمہیں دکھا دیں	کچھ حصہ	وہ جو کہ	ہم نے ان سے وعدہ کیا	یا	ہم تمہیں وفات دیدیں	تو اسکے سوا نہیں

اگر ہم تمہیں کچھ حصہ (اس عذاب کا) دکھا دیں جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے یا تمہیں وفات دیدیں تو اسکے سوا نہیں

عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿۴۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي

عَلَيْكَ	الْبَلٰغُ	وَعَلَيْنَا	الْحِسَابُ	اَوَلَمْ يَرَوْا	اَنَّا	نَاْتِي
تم پر (تمہارے ذمے)	پہنچانا	اور ہم پر (ہمارا کام)	حساب لینا	کیا وہ نہیں دیکھتے	کہ ہم	چلے آتے ہیں

کہ تمہارے پہنچانا ہے اور حساب لینا ہمارا کام ہے۔ کیا وہ نہیں دیکھتے ؟ کہ ہم چلے آتے ہیں

الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ۭ وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ

الْاَرْضَ	نَنْقُصُهَا	مِنْ	اَطْرَافِهَا	وَاللّٰهُ	يَحْكُمُ	لَا مُعَقِّبَ
زمین	اسکو گھٹائے	سے	اسکے کنارے	اور اللہ	حکم فرماتا ہے	کوئی پیچھے ڈالنے والا نہیں

زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے اور اللہ حکم فرماتا ہے، کوئی اسکے حکم کو پیچھے ڈالنے

لِحُكْمِهٖ ۭ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۴۱﴾

لِحُكْمِهٖ	وَهُوَ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ
اسکے حکم کو	اور وہ	جلد	حساب لینے والا

والا نہیں اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔

﴿۳۹﴾ يَمْحُوا اللّٰهُ مِنْهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ بِالتَّخْفِيْفِ وَالتَّشْدِيْدِ مَا يَشَآءُ مِنَ الْاَحْكَامِ وَغَيْرِهَا وَعِنْدَهٗٓ اُمُّ الْكِتٰبِ ○ اَصْلُهُ الَّذِيْ لَا يُغَيَّرُ مِنْهُ شَيْءٌ وَهُوَ مَا كَتَبَهٗ فِي الْاَزَلِ

﴿۳۹﴾ اس سے اللہ جو چاہے مٹا دے اور جو احکام وغیرہ چاہے اسمیں ثابت رکھے۔

اور اللہ کے پاس ہے اصل کتاب جسمیں سے کچھ بدل نہیں سکتا اور وہ وہ ہے جو اس نے ازل میں لکھدیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۴۰) وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ○

(۴۰) اور اگر ہم تم کو اے محمدؐ دکھلا دیں تمہاری زندگی میں بعض وہ عذاب جس کے بھیجنے کا ہم نے وعدہ کیا تو تم دیکھو ہی گے یا ہم تمکو پہلے وفات دیں ان کے عذاب دینے سے پہلے تو تمہارا کام صرف پہنچانا ہے اور حساب ان کا ہم پر ہے۔ جس وقت وہ ہمارے پاس آئینگے ہم ان کو بدلہ دیں گے۔

(۴۱) اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا وَاللّٰهُ يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ وَهُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ○

(۴۱) کیا مکہ والے نہیں دیکھتے اس بات کو کہ ہم انکی زمین کا ارادہ کرتے ہیں اور ہر طرف سے کم کرتے چلے آتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فتح دیکر یعنی کافروں کے قبضہ سے نکال کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا مالک اور اس پر غالب بناتے ہیں اور اللہ جو چاہے اپنی مخلوق میں حکم فرما دے کوئی اسکے حکم کو پھیر نہیں سکتا اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔

تشریح

(۳۹) تمام آسمانی کتابوں کا سرچشمہ ایک ہے | جتنی کتابیں اللہ تعالےٰ نے اپنے پیغمبروں پر نازل کی ہیں ان سب کا سرچشمہ ایک ہے جسکو اُمّ الکتاب یا اصل کتاب کہتے ہیں یہ اللہ کا علم ازلی ہے جو ہر چیز کو محیط ہے۔ اللہ تعالےٰ ضرورت اور وقت کے مطابق جس حکم کو چاہتا ہے منسوخ کر دیتا ہے اور جس حکم کو چاہتا ہے باقی رکھتا ہے۔ چونکہ قرآن مجید کو تا قیامت باقی رہنا ہے اس لیئے اس کی حفاظت کی ذمہ داری خود رب العالمین نے لی ہے۔ اس سے پہلی کتابوں میں ردّ و بدل ہوگیا، تحریف ہو گئی، ان کی حفاظت کی ذمہ داری اللہ تعالےٰ نے نہیں لی تھی یہ پچھلی قوموں کی کوتاہی ہے کہ وہ ان کتابوں کو پوری طرح محفوظ نہیں رکھ سکیں۔

(۴۰) ہر اندیشے کو چھوڑ کر آپ اللہ کے دین کے کام میں لگے رہیں | اللہ تعالےٰ نے اپنے کلام میں جگہ جگہ تنبیہ کی ہے کہ جو لوگ سچّی دعوت کو ٹھکراتے ہیں ان کا انجام اچھا نہیں ہوگا مگر اس انجام کا ظہور کب ہوگا، یہ اللہ تعالےٰ ہی بہتر جانتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں کہ اے نبی یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہ نتیجے آپ کے جیتے جی آپ کے سامنے آجائیں اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ آپؐ کے دنیا سے رخصت ہونے کے بعد ان نتائج کا ظہور ہو یہ سب اللہ کے اختیار میں ہے اللہ کے علم میں ہر چیز کا ایک مناسب وقت ہے جب وہ وقت آجاتا ہے تو اللہ جو ظاہر کرنا چاہیں وہ کر دیتے ہیں انسان کا کام یہ ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری کو ادا کرتا رہے۔ حساب لینا یہ اللہ کا کام ہے۔

(۴۱) باطل کے لئے زمین تنگ ہوتی جارہی ہے | باطل کے جس انجام بد کی خبر بار بار دی جارہی ہے وہ کوئی بہت دور نہیں ہے سب دیکھ رہے ہیں کہ اسلام دھیرے دھیرے بڑھ رہا ہے لوگوں کے دل اس کے قبضے میں آرہے ہیں کل تک مدینے کے بڑے قبیلے اوس اور خزرج جو اسلام کے دشمن تھے آج اللہ کے دین میں داخل ہو رہے ہیں باطل کے لئے زمین تنگ ہوتی جارہی اور حق پھیلتا جارہا ہے اللہ کے فیصلے اٹل ہیں ان کو بدلنے والا کوئی نہیں ہے اور اللہ کو حساب لینے میں بھی دیر نہیں لگتی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ؕ يَعْلَمُ مَا

وَقَدْ + مَكَرَ	الَّذِيْنَ	مِنْ + قَبْلِهِمْ	فَلِلّٰهِ	الْمَكْرُ	جَمِيْعًا	يَعْلَمُ	مَا
اور چالیں چلیں	ان لوگوں نے جو	ان سے پہلے	تو اللہ کیلئے	چال (تدبیر)	سب	وہ جانتا ہے	جو

اور جو اُن سے پہلے تھے انہوں نے چالیں چلیں تو ساری چال تو اللہ ہی کی ہے، وہ جانتا ہے جو

تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ؕ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۴۲﴾ وَيَقُوْلُ

تَكْسِبُ	كُلُّ + نَفْسٍ	وَسَيَعْلَمُ	الْكُفّٰرُ	لِمَنْ	عُقْبَى الدَّارِ	وَيَقُوْلُ
کماتا ہے	ہر نفس (شخص)	اور عنقریب جان لینگے	کافر	کس کیلئے	عاقبت کا گھر	اور کہتے ہیں

کماتا ہے ہر شخص، اور عنقریب کافر جان لیں گے عاقبت کا گھر کس کے لئے ہے۔ اور کافر

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ؕ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۢ بَيْنِيْ

الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	لَسْتَ	مُرْسَلًا	قُلْ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًا	بَيْنِيْ
جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	تو نہیں	رسول	آپ کہدیں	کافی ہے	اللہ	گواہ	میرے درمیان

کہتے ہیں تو رسول نہیں، آپ کہہ دیں میرے اور تمہارے درمیان اللہ گواہ

ع ۶ ۱۲ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ﴿۴۳﴾

وَبَيْنَكُمْ	وَ	مَنْ	عِنْدَهٗ	عِلْمُ + الْكِتٰبِ
اور تمہارے درمیان	اور	جو	اسکے پاس	کتاب کا علم

کافی ہے اور وہ جس کے پاس کتاب کا علم ہے۔

﴿۴۲﴾ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِنَ الْاُمَمِ بِاَنْبِيَائِهِمْ كَمَا مَكَرُوْا بِكَ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِيْعًا ؕ وَلَيْسَ مَكْرُهُمْ كَمَكْرِهٖ لِاَنَّهٗ تَعَالٰى يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ فَيُعِدُّ لَهَا جَزَاءَهَا وَهٰذَا هُوَ الْمَكْرُ كُلُّهٗ لِاَنَّهٗ يَاْتِيْهِمْ بِهٖ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ وَسَيَعْلَمُ الْكَافِرُ الْمُرَادُ بِهِ الْجِنْسُ وَفِيْ قِرَاءَةِ الْكُفَّارُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ۝ اَيِ الْعَاقِبَةُ الْمَحْمُوْدَةُ فِي الدَّارِ الْاٰخِرَةِ اَلَهُمْ اَمْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

﴿۴۲﴾ اور بیشک ان سے پہلی امتوں نے بھی اپنے پیغمبروں کے ساتھ فریب کئے جیسا کہ انہوں نے تمہارے ساتھ کئے، سو اللہ کے واسطے ہیں تمام مکر اور کافروں کا فریب اللہ کے مکر کا مقابلہ نہیں کر سکتا اس لئے کہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے ہر ایک آدمی کے عملوں کو سو اس نے ہر ایک کا بدلہ تیار کر رکھا ہے اور پورا مکر یہ ہے جو اللہ ان کے ساتھ کرتا ہے کیونکہ اس کا عذاب ان پر اس جگہ سے آجاویگا کہ وہ اسکو نہ جانیں گے اور عنقریب کافر جان لیویں گے کہ آخرت میں انجام بہتر کس کے لئے ہے آیا ان کے لئے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے اصحاب کے لئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهٖ

(۴۳) وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ۝ مِنْ مُّؤْمِنِيْ اَلْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى

(۴۳) اور کافر تمہیں کہتے ہیں کہ تم پیغمبر نہیں ان سے کہہ دو میرے اور تمہارے درمیان میں اللہ ہے وہ میرے سچے ہونے کا گواہ بس ہے اور جو کتاب کا علم رکھتے ہیں یعنی یہودیوں اور نصرانیوں میں جو اسلام لائے وہ بھی میرے سچے ہونے کے گواہ ہیں۔

تشریح

(۴۲) باطل نے پہلے بھی تدبیریں کیں ہیں مگر وہ ناکام رہی ہیں | حق کے مقابلے میں چالیں چلنا اس کو روکنے کے لئے طرح طرح کی تدبیریں کرنا کوئی نئی بات نہیں ہے اس سے پہلے بھی یہ سب کچھ ہو چکا ہے۔ اصل تدبیر تو اللہ کے ہاتھ میں ہے فیصلہ کن چال اسی کی ہے اللہ کو خوب معلوم ہے کہ کون کیا کمائی کر رہا ہے اللہ کو ایک ایک عمل کا پتہ ہے حق کو جھٹلانے والے دیکھ لیں گے کہ پچھلوں کی طرح ان کا انجام بھی کیا ہوتا ہے۔

(۴۳) خاتم الانبیاء کی صداقت پر اللہ بھی گواہ ہے اور اہل علم بھی | جہاں تک نبی ﷺ کی رسالت کو جھٹلانے کا سوال ہے تو آپ کی پوری زندگی آپ کی صداقت کی شاہد ہے۔ اے پیغمبر آپ کہہ دیں کہ میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی گواہی کافی ہے۔ پھر اللہ کے علاوہ جو آسمانی کتابوں کا علم رکھتے ہیں وہ بھی گواہی دیں گے کہ میری تعلیم وہی ہے جو پچھلے انبیاء لیکر آئے تھے آپ کی تشریف آوری پچھلے انبیاء کی پیشین گوئیوں کے مطابق حضرت خلیل اللہ کی دعا اور حضرت مسیح کی بشارت کا ظہور ہے۔

ہوئی پہلوئے آمنہ سے ہویدا ❊ دعائے خلیل و نوید مسیحا

(اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ــــــــ

اے اللہ یہ بندۂ عاصی فضیل الرحمٰن بھی سچے دل سے گواہی دیتا ہے کہ خاتم الانبیاء محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب آپ کے مقررہ کردہ سچے اور آخری رسول ہیں، اپنی اور اہل علم کی گواہی کیساتھ ان بندے کی گواہی بھی قبول فرمالیجئے)

toobaa-elibrary.blogspot.com

۱۴

سُورۃ اِبراھیم

ترتیب تلاوت ——— ۱۴	ترتیب نزول ——— ۷۲
مکی / مدنی ——— مکّی	تعداد رکوعات ——— ۷
تعداد آیات ——— ۵۲	تعداد الفاظ ——— ۸۴۵
تعداد حروف ——— ۲۶۰۱	

- اس سورۃ کا نام ابراہیم بطور علامت کے ہے جو اسی سورت کی آیت نمبر ۳۵ سے ماخوذ ہے۔ آیت ۳۵ میں ہے وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا (اور جب ابراہیم نے دعا کی تھی کہ پروردگار اس شہر کو امن کا گہوارہ بنا دیجئے۔)
- سورۃ کے مضامین سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ سورۃ مکہ مکرمہ کے آخری زمانے میں ہجرتِ مدینہ سے کچھ ہی قبل نازل ہوئی ہے جیسا کہ اسی سورۃ کی آیت ۱۳ کے الفاظ میں اشارہ ہے: وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا (انکار کرنے والوں نے اپنے رسول سے کہا ہم تمہیں اپنے ملک سے نکال دیں گے یا پھر تمہیں ہماری ملت میں واپس آنا ہوگا۔)
- اس سورۃ کا مرکزی مضمون یہ ہے کہ جو لوگ نبی ﷺ کو سچا رسول ماننے سے انکار کر رہے تھے اور آپ کی دعوت کو ناکام بنانے پر تلے ہوئے تھے اور اس کے لئے طرح طرح کی چالیں چل رہے تھے ان کو تنبیہ کی گئی ہے کہ تم اپنی حرکتوں سے باز آجاؤ۔ بار بار کی تنبیہ کے باوجود کیونکہ ان کی ہٹ دھرمی اور دشمنی بڑھتی چلی جا رہی تھی اسلئے تنبیہ کے انداز

toobaa-elibrary.blogspot.com

میں بھی زیادہ تیزی محسوس کی جاسکتی ہے۔

- اس سورۃ کے مضامین میں حضرت ابراہیم ؑ کے اس واقعہ کا بھی ذکر ہے جب وہ اپنے بیٹے اسماعیل کو وادیٔ غیر ذی ذرع مکہ میں آباد کرتے ہیں اور اس وقت ان کی زبان سے جو دعائیں نکلتی ہیں ان کو بھی بیان کیا گیا ہے۔
- اس سورت میں حضرت موسیٰ ؑ اور دوسرے پیغمبروں کا بھی ذکر ہے کہ وہ بھی اللہ کے دین کی اسی طرح دعوت لے کر آئے تھے۔ ان کو بھی شدید مخالفتوں کا سامنا کرنا پڑا لیکن غلبہ آخر میں حق کو حاصل ہوا۔ اس تذکرے سے اہل ایمان کو حوصلہ دینا ہے کہ انہیں حالات کی کش مکش سے گھبرانا نہیں چاہیئے۔ حق غالب ہو کر رہے گا اور باطل کی رسوائی اس کا مقدر بن چکی ہے۔
- سورۃ ابراہیم میں بتایا گیا ہے کہ قرآن حکیم ایک عظیم کتاب ہے اور اس کا پیغام سارے عالم کے لئے عام ہے۔ بنی اسرائیل پر اللہ کی نعمتوں کا بھی ذکر ہے اور اس سے اس طرف اشارہ ہے کہ اگر بندہ اللہ کی نعمتوں کا احسان مان کر اس کا شکر کرے گا تو اس کو اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت کی مزید نعمتوں سے نوازے گا اور اگر ناشکری کریگا تو اس کا نقصان خود اسی کو ہوگا۔
- اس سورت میں انسانی فطرت کو بھی جھنجھوڑا گیا ہے کہ انسان کی فطرت خود اللہ کے وجود پر گواہ ہے بتایا گیا ہے کہ تمام پیغمبر بشریت سے متصف ہیں مگر ان کا رتبہ تمام انسانوں سے بلند ہے۔
- خبردار کیا گیا ہے کہ حقیقی کامیابی انہی لوگوں کے لئے ہے جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں حساب کتاب کے وقت حق و صداقت کے منکر شیطان کو الزام دیں گے کہ اسی نے ہمیں پھنسایا۔
- اس سورت میں صداقت کی مثال اس درخت کی طرح دی ہے جس کی جڑیں زمین کی گہرائی تک ہیں اور شاخیں آسمان سے باتیں کرتی ہوئیں جو ہر موسم میں پھل دیتا ہے اور لوگوں کو فائدہ پہنچاتا ہے۔
- باطل کی مثال دی ہے کہ وہ ایک ایسے درخت کی طرح ہے جس کی جڑیں کھوکھلی ہیں اور نہ اس کے شاخیں ہیں اور نہ اس پر پھل آتا ہے اور وہ کسی بھی طرح لوگوں کے لئے فائدہ مند نہیں ہے۔
- اس سورۃ میں قیامت کی ہولناکیوں کا اور مختلف قسم کے عذاب کا بھی ذکر ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اٰیاتہا ۵۲	۱۴ سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ ۷۲	رُكُوْعَاتُهَا ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ

الٓرٰ	كِتٰبٌ	اَنْزَلْنٰهُ	اِلَيْكَ	لِتُخْرِجَ	النَّاسَ	مِنَ	الظُّلُمٰتِ
الف لام را	ایک کتاب	ہم نے اسکو اتارا	تمہاری طرف	تاکہ تم نکالو	لوگ	سے	اندھیروں

الف لام را۔ یہ ایک کتاب ہے ہم نے تمہاری طرف اُتاری تاکہ تم لوگوں کو نکالو ان کے رب کے حکم سے

اِلٰى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿۱﴾ اللّٰهِ الَّذِيْ

اِلٰى	النُّوْرِ	بِاِذْنِ	رَبِّهِمْ	اِلٰى	صِرَاطِ	الْعَزِيْزِ	الْحَمِيْدِ	اللّٰهِ	الَّذِيْ
طرف	نور	حکم سے	ان کا رب	طرف	راستہ	غالب	خوبیوں والا	اللہ	وہ جو کہ

اندھیروں سے نور کی طرف غالب خوبیوں والے اللہ کے راستہ کی طرف اسی کے لئے

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ

لَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ	وَوَيْلٌ	لِّلْكٰفِرِيْنَ
اسی کیلئے	جو کچھ	آسمانوں میں	اور جو کچھ	زمین میں	اور خرابی	کافروں کے لئے

ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور زمین میں ہے اور کافروں کے لئے سخت

مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدِ ۙ﴿۲﴾

مِنْ	عَذَابٍ	شَدِيْدِ
سے	عذاب	سخت

عذاب سے خرابی ہے۔

سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ اِلَّآ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ اٰيَتَيْنِ اِحْدٰى اَوْ ثِنْتَانِ اَوْ اَرْبَعٌ اَوْ خَمْسٌ وَخَمْسُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سورۂ ابراہیم مکی ہے مگر یہ دو آیتیں اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ کُفْرًا آخر تک اس سورت میں اکیاون یا باون یا چون یا پچپن آیتیں ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۱) الٓرٰ ۔ اللہ زیادہ جانتا ہے جو اس نے ان حروف سے ارادہ کیا

toobaa-elibrary.blogspot.com

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ يٰمُحَمَّدُ لِتُخْرِجَ
النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ اِلٰى
النُّوْرِ الْاِيْمَانِ بِاِذْنِ اَمْرِ رَبِّهِمْ
وَيُبْدِلُ مِنَ اِلَى النُّوْرِ اِلٰى صِرَاطِ
الْعَزِيْزِ الْغَالِبِ الْحَمِيْدِ ۝ اَلْمَحْمُوْدِ
(۲) اَللّٰهِ بِالْجَرِّ بَدَلٌ اَوْ عَطْفُ بَيَانٍ وَمَا
بَعْدَهٗ صِفَةٌ وَالرَّفْعِ مُبْتَدَاٌ
خَبَرُهٗ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِي الْاَرْضِ مُلْكًا وَخَلْقًا
وَعَبِيْدًا وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ
مِنْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ۝

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ الخ یہ قرآن ایک کتاب ہے کہ ہم نے اسکو تم پر اے محمد اتارا تاکہ تم لوگوں کو کفر کی اندھیریوں سے نکالکر نور ایمان کی طرف پہنچاؤ ان کے رب کے حکم سے جو راستہ اللہ غالب تعریف کی گئی کا ہے

(۲) وہ اللہ کہ اسی کی ملک اور مخلوق اور بندے ہیں جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

اور کافروں کے لئے خرابی ہے عذاب سخت سے۔

تشریح

(۱) قرآن بڑی شان والی عظیم مقصد والی کتاب ہے | اے محمد! یہ کتاب جو ہم تمہاری طرف نازل کر رہے ہیں اس کی عظمت شان یہ ہے کہ یہ ہماری طرف سے تمہارے اوپر نازل کی جارہی ہے۔ اتارنے والے ہم اور جن پر اُتر رہی ہے وہ آپ، قرآن پاک کی عظمت شان کا اندازہ اسی سے کیا جاسکتا ہے۔ قرآن مجید کے نازل کرنے کا مقصد نہایت بلند اور ارفع و اعلیٰ ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ اللہ کے تمام بندے چاہے وہ کسی طبقے سے تعلق رکھتے ہوں بادشاہ ہوں، سردار ہوں۔ عرب کے ہوں یا عجم کے، کالے ہوں یا گورے سب اللہ کی راہ پہچانیں اور اس کے نور علم سے منور ہوں۔ جس نے اپنے رب کی راہ کو پالیا وہ علم کی روشنی میں آگیا اور ایمان و یقین معرفت و بصیرت حاصل کرکے جہالت کے اندھیرے سے نکل آیا لیکن اس سے فائدہ وہی اٹھاتا ہے جسکو پروردگار عالم توفیق دیتے ہیں اور پروردگار عالم توفیق اسی کو دیتے ہیں جو خود ہدایت کا طالب ہو۔ ہٹ دھرمی اور تعصب سے پاک ہو کھلی آنکھوں سے دیکھے، کھلے کانوں سے سُنے، صاف دماغ سے سوچے اور معقول بات کو تسلیم کرلینے کے لئے تیار ہو تو یہ کتاب بھی عظیم ہے اور اس کا مقصد بھی عظیم ہے کیونکہ یہ کتاب اللہ غالب وستودہ صفات کی راہ کی نشاندہی کرتی ہے۔

(۲) حق کا یہ راستہ شہنشاہ کائنات کا راستہ ہے اس پر نہ چلنے والے سزا کا انتظار کریں۔ | حق کا یہ راستہ جس کی معرفت قرآن دے رہا ہے اور رسول اس کی دعوت دے رہے ہیں اس شہنشاہ کائنات کا ہے کہ زمین و آسمان کی ساری موجودات اس کی ملکیت ہیں۔ یہ راستہ پروردگار کے مقام رضا تک پہنچانے والا ہے جو اس راہ پر چلنے سے انکار کرے گا وہ تباہ کن سزا کا منتظر رہے کیونکہ یہ راہ جو پروردگار کی راہ ہے یقینی طور پر حق و صداقت کا راستہ ہے کوئی ظن و تخمین کی بات نہیں ہے بے شک ماننا نہ ماننا اس کی آزادی اللہ نے انسان کو دی ہے مگر جب حق پوری طرح واضح ہو چکا تو نہ ماننے والوں کے لئے کوئی گنجائش نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ

الَّذِيْنَ	يَسْتَحِبُّوْنَ	الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا	عَلَى	الْاٰخِرَةِ	وَيَصُدُّوْنَ
وہ جو کہ	پسند کرتے ہیں	زندگی	دُنیا	پر	آخرت	اور روکتے ہیں

جو دنیا کی زندگی کو پسند کرتے ہیں آخرت پر اور اللہ کے راستے سے

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ③

عَنْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	وَيَبْغُوْنَهَا	عِوَجًا	اُولٰۗىِٕكَ	فِيْ	ضَلٰلٍۢ	بَعِيْدٍ
سے	راستہ	اللہ	اور اسمیں ڈھونڈتے ہیں	کجی	وہی لوگ	میں	گمراہی	دُور

روکتے ہیں، اور اس میں کجی ڈھونڈھتے ہیں۔ یہی لوگ دُور کی گمراہی میں ہیں۔

③ اِلَّذِيْنَ نَعْتٌ يَسْتَحِبُّوْنَ يَخْتَارُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَيَصُدُّوْنَ النَّاسَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ دِيْنِ الْاِسْلَامِ وَيَبْغُوْنَهَا اَيِ السَّبِيْلَ عِوَجًا مُعْوَجَّةً اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ عَنِ الْحَقِّ

③ وہ کافر جو دنیا کی زندگی کو آخرت پر پسند کرتے ہیں اور لوگوں کو دین اسلام سے روکتے ہیں اور ٹیڑھا راستہ چاہتے ہیں۔ یہی لوگ ہیں گمراہی میں حق سے دور۔

تشریح

③ آخرت کے مقابلے میں دنیا کو ترجیح دینا ٹیڑھا پن ہے | اسلام کی سیدھی سادھی دعوت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس زمین پر انسان کو ایک محدود مدّت کے لئے امتحان و آزمائش کی غرض سے بھیجا ہے۔ امتحان اس کا ہے کہ انسان اپنے ارادے اور اختیار سے کام لیکر رب کی فرماں برداری کے راستے پر قدم اٹھاتا ہے یا نافرمانی کی راہ پر چلتا ہے۔ اسلام بتاتا ہے کہ اس دنیا سے جانے کے بعد موت کے راستے سے گذر کر یہ انسان ایک اور دنیا میں پہنچتا ہے جس کو عالم آخرت کہتے ہیں۔ آخرت عالم پائیدار ہے وہاں کی راحتیں اور وہاں کی تکلیفیں دونوں نہ ختم ہونے والی ہیں اس لئے عقلمند انسان وہ ہے جو دنیا کی زندگی کو اپنی آخرت کے بنانے اور سنوارنے کا ذریعہ بنائے۔ اس دنیا میں گم ہوکر اس کو اپنا مقصد حیات نہ بنالے اب جو لوگ آخرت کے مقابلے میں دنیا کو ترجیح دیتے ہیں آخرت سے کم اور دنیا سے زیادہ محبت کرتے ہیں ان کا اوڑھنا بچھونا جو کچھ ہے بس یہی دنیا ہے خود بھی بھٹکے ہوئے ہیں اور دوسروں کو بھی ہدایت کے راستے سے روکتے ہیں الٹا یہ فکر رہتی ہے کہ اللہ کے دین میں کوئی کمی نکالیں اور سیدھے کو ٹیڑھا ثابت کردیں انکی خواہش یہ رہتی ہے کہ ہم دین کے پیچھے چلیں دین ہمارے پیچھے چلے ایسے لوگ گمراہی میں بہت دور نکل گئے ہیں انکے واپس آنے کی امید نہیں ہے جب اللہ کی مار پڑیگی تبھی انکی آنکھیں کھلیں گی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ۭ فَيُضِلُّ

وَ	مَآ اَرْسَلْنَا	مِنْ رَّسُوْلٍ	اِلَّا	بِلِسَانِ	قَوْمِهٖ	لِيُبَيِّنَ	لَهُمْ	فَيُضِلُّ
اور	ہم نے نہیں بھیجا	کوئی رسول	مگر	زبان میں	اسکی قوم	تاکہ کھول کر بیان کرے	انکے لئے	پھر گمراہ کرتا ہے

اور ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اس کی قوم کی زبان میں تاکہ وہ انکے لئے (اللہ کے احکام) کھول کر بیان کرے۔ پھر اللہ

اللّٰهُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۴

اللّٰهُ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَيَهْدِيْ	مَنْ يَّشَاۗءُ	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ
اللہ	جسکو وہ چاہتا ہے	اور ہدایت دیتا ہے	جس کو چاہتا ہے	اور وہ	غالب	حکمت والا

جس کو چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور وہ غالب، حکمت والا ہے۔

۴ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ فَيُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ فِيْ مُلْكِهٖ الْحَكِيْمُ ○ فِيْ صُنْعِهٖ

۴ اور ہم نے ہر ایک پیغمبر کو اس کی قوم کی لغت اور زبان میں بھیجا تاکہ وہ ان کو سمجھا دے وہ احکام جو ان کے پاس لایا۔ سو اللہ گمراہ کرتا ہے جس کو چاہے اور راہ دکھلاتا ہے جس کو چاہے اور وہ غالب ہے اپنے ملک میں حکمت والا ہے اپنے افعال میں۔

تشریح

۴ اللہ کی ہدایت کو واضح طور پر سمجھنے کے لئے ہر پیغمبر اپنی قوم کی زبان میں بات کرتا آیا ہے۔

آغاز سے لے کر اللہ تعالیٰ کا دستور یہ رہا ہے کہ اس نے جس پیغمبر کو بھی راہِ ہدایت دکھانے کے لئے مقرر کیا اس پر وحی اسی قوم کی زبان میں آئی اور اس نے اسی قوم کی زبان میں کھول کھول کر بات سمجھائی تاکہ یہ عذر نہ رہے کہ آپ جس زبان میں بات کر رہے ہیں وہ ہمارے لئے ناقابل فہم ہے۔

حضرت محمد ﷺ اگرچہ تمام عالم کے لئے آخری پیغمبر ہیں لیکن آپ کے اولین مخاطب عرب کے لوگ تھے اسلئے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید عربی زبان میں نازل کیا۔ حضرت محمد ﷺ کی مادری زبان عربی تھی عرب کے لوگ اپنی مادری زبان عربی کو سمجھتے تھے اس لئے ان کے لئے یہ عذر نہیں تھا کہ قرآن کی یا پیغمبر کی زبان ہمارے لئے ناقابل فہم ہے جب ان لوگوں نے اپنی زبان میں اللہ کے دین کو سمجھ لیا تو ان کے ذریعے سے تمام اقوام عالم تک اللہ کا دین پہنچا اور دوسری قوموں نے بھی عربی زبان میں اہل زبان کی طرح مہارت حاصل کرلی بلکہ قرآنی علوم کی تشریح میں غیر عرب عربوں سے بھی آگے نکل گئے۔ اگر عربی زبان کی خوبیوں پر غور کیا جائے تو بلند خیالات کو ادا کرنے اور نہایت نازک اور لطیف معنی کو سمجھنے اور سمجھانے کے لئے یہ زبان نہایت موزوں ہے اس زبان میں وہ زور اور شیرینی ہے جو انسان کے دل و دماغ کو مسحور کر دیتی ہے۔ مادری زبان میں ہدایت کے راستے کی وضاحت کے باوجود ہدایت وہی حاصل کرتا ہے جو ہدایت حاصل کرنا چاہتا ہے اور جو ہدایت نہیں حاصل کرنا چاہتا اللہ تعالیٰ بھی اس کو ہدایت نہیں بخشتا وہ بالادست بھی ہے اور حکمت والا بھی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ

وَلَقَدْ	اَرْسَلْنَا	مُوْسٰى	بِاٰيٰتِنَآ	اَنْ	اَخْرِجْ	قَوْمَكَ	مِنَ الظُّلُمٰتِ
اور البتہ	ہم نے بھیجا	موسیٰ	اپنی نشانیوں کے ساتھ	کہ	تو نکال	اپنی قوم	اندھیروں سے

اور البتہ ہم نے موسیٰؑ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ بھیجا کہ اپنی قوم کو اندھیروں سے روشنی کی

اِلَى النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ

اِلَى + النُّوْرِ	وَذَكِّرْهُمْ	بِاَيّٰىمِ + اللّٰهِ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّكُلِّ +
نور کی طرف	اور یاد دلا انہیں	اللہ کے دن	بیشک	میں	اس	البتہ نشانیاں	ہر صبر کرنیوالے

طرف نکال اور انہیں اللہ کے (عظیم واقعات کے) دن یاد دلا۔ بیشک اسمیں ہر صبر کرنے والے شکر کرنے

صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝۵ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ

صَبَّارٍ	شَكُوْرٍ	وَاِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِقَوْمِهِ	اذْكُرُوْا	نِعْمَةَ + اللّٰهِ
کے لئے	شکر گزار	اور جب	کہا	موسیٰ	اپنی قوم کو	تم یاد کرو	اللہ کی نعمت

والے کیلئے نشانیاں ہیں۔ اور (یاد کرو) جب کہا موسیٰؑ نے اپنی قوم کو تم اپنے اوپر اللہ کی نعمت

عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْۗءَ الْعَذَابِ وَ

عَلَيْكُمْ	اِذْ + اَنْجٰىكُمْ	مِّنْ	اٰلِ فِرْعَوْنَ	يَسُوْمُوْنَكُمْ	سُوْۗءَ	الْعَذَابِ	وَ
اپنے اوپر	جب اس نے نجات دی تمہیں	سے	فرعون کی قوم	وہ تمہیں پہنچاتے تھے	برا	عذاب	اور

یاد کرو، جب اس نے تمہیں فرعون کی قوم سے نجات دی وہ تمہیں برا عذاب پہنچاتے تھے اور

يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَاۗءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَاۗءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ

يُذَبِّحُوْنَ	اَبْنَاۗءَكُمْ	وَيَسْتَحْيُوْنَ	نِسَاۗءَكُمْ	وَفِيْ	ذٰلِكُمْ	بَلَاۗءٌ
ذبح کرتے تھے	تمہارے بیٹے	اور زندہ چھوڑتے تھے	تمہاری عورتیں	اور میں	اس	آزمائش

تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے تھے اور تمہاری عورتوں (لڑکیوں) کو زندہ چھوڑ دیتے تھے اور اس میں تمہارے رب کی

مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝۶ ع وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَىِٕنْ شَكَرْتُمْ ع ۱ ۶ ۱۳

مِّنْ	رَّبِّكُمْ	عَظِيْمٌ	وَاِذْ + تَاَذَّنَ	رَبُّكُمْ	لَىِٕنْ	شَكَرْتُمْ
سے	تمہارا رب	بڑی	اور جب آگاہ کیا	تمہارا رب	البتہ اگر	تم شکر کروگے

طرف سے بڑی آزمائش تھی۔ اور جب تمہارے رب نے آگاہ کیا، البتہ اگر تم شکر کرو گے

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝۷

لَاَزِيْدَنَّكُمْ	وَلَئِنْ	كَفَرْتُمْ	اِنَّ	عَذَابِيْ	لَشَدِيْدٌ
میں ضرور تمہیں اور زیادہ دونگا	اور البتہ اگر	تم نے ناشکری کی	بیشک	میرا عذاب	بڑا سخت

تو میں ضرور تمہیں اور زیادہ دونگا، البتہ اگر تم نے ناشکری کی تو بے شک میرا عذاب بڑا سخت ہے

۵ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ وَذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ۝

۵ بلاشبہ ہم نے موسیٰ کو نو نشانیاں اپنی طرف سے دیکر بھیجا اور اس سے کہا کہ بنی اسرائیل کو کفر کی اندھیریوں سے نکال کر نور ایمان کی طرف لاؤ اور ان کو اللہ کی نعمتیں یاد دلا بیشک اس یاد دلانے میں بڑی نشانیاں ہیں ہر ایک نعمتوں پر شکر کرنے والے اور اللہ کے حکم ماننے والے کے لئے

۶ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْۗءَ الْعَذَابِ وَيُذَبِّحُوْنَ اَبْنَاۗءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَاۗءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَاۗءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝

۶ اور یاد کرو جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو کہ یاد کرو اللہ کی نعمتوں کو جو تم پر ہوئی جبکہ اس نے تم کو نجات دی فرعون اور اس کے لشکر سے جو تم کو چکھاتے تھے سخت عذاب اور ذبح کرتے تھے تمہارے بیٹوں کو جو پیدا ہوتے تھے، اور تمہاری لڑکیوں کو باقی رکھتے تھے کیونکہ بعض نجومیوں نے کہا تھا کہ بنی اسرائیل میں ایک لڑکا پیدا ہوگا جو ملک فرعون کے جانے کا سبب ہوگا
اور اس نجات دینے میں تمہارے رب کا بڑا انعام تم پر ہوا۔ اس عذاب اور تکلیف دینے میں تمہارے رب کی طرف سے بڑی آزمائش تم پر ہوئی۔

۷ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝

۷ اور جبکہ بتلادیا تمہارے رب نے کہ بیشک اگر تم میری نعمت کا شکر کروگے اسطرح کہ میری بندگی کروگے اور مجھ کو واحد جانوگے تو میں تم پر زیادہ انعام کرونگا اور بلاشبہ اگر تم میری نعمت کی ناشکری کروگے اور کفر اور معصیت اختیار کروگے تو تم پر عذاب بھیجوں گا بیشک میرا عذاب نہایت سخت ہے۔

۷ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝

toobaa-elibrary.blogspot.com

تشریح

⑤ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی ہدایت کے لئے ہمیشہ رسول بھیجتا رہا ہے | رسولوں کی بعثت کا سلسلہ کوئی نیا نہیں ہے اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہی اپنے بندوں کی رہبری کے لئے رسول مقرر کرتے رہے ہیں۔ حضرت محمدؐ سے پہلے حضرت عیسیٰؑ اور ان سے پہلے حضرت موسیٰؑ کو بھی اپنی کھلی کھلی نشانیوں کے ساتھ مبعوث فرما چکے ہیں جن کو اللہ کی آیتوں پر مشتمل عظیم کتاب تورات عطا کی گئی تھی اور ان کی صداقت کے ثبوت کے طور پر بہت سے معجزے بھی دیے گئے تھے جو آیاتِ تسع (نو نشانیاں) کے نام سے جانے جاتے تھے۔ ان کو بھی اللہ نے یہ حکم دیا تھا کہ اپنی قوم کو تاریخ کے واقعات یاد دلاؤ کیونکہ ان تاریخی واقعات میں ایسی نشانیاں اور دلیلیں موجود ہیں جن سے آدمی جان سکتا ہے کہ ایک اللہ ہی الٰہِ برحق ہے اور اس کا بنایا ہوا یہ نظام کائنات حق اور باطل کے امتیاز پر قائم ہے یعنی ایسا نہیں ہے کہ حق اور باطل میں کوئی نمایاں فرق نہ ہو۔ ایک آدمی حق کے اوپر اپنی زندگی کی عمارت تعمیر کرتا ہے تو اس کے بہترین نتائج اس کے سامنے آنے چاہئیں اور ایک آدمی باطل عقیدوں اور غلط عمل پر زندگی کی عمارت کھڑی کرتا ہے تو اس کے بُرے نتیجے بھی اس کے سامنے آنے چاہئیں۔ حق اور باطل کے پورے پورے نتیجے کے لئے ایک ایسے عالم کی ضرورت ہے جہاں مکافات کے عالمگیر قانون کا پورا پورا اظہار ہو سکے۔ انسانی تاریخ کے واقعات اسی عبرت اور نصیحت کے پہلو کو روشن کرتے ہیں اسلئے اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبروں کو حکم دیا کہ اپنی قوم کو تاریکیوں سے نکال کر روشنیوں میں لاؤ اور اس کے لئے ان کو تاریخ الٰہی کے سبق آموز واقعات بھی سناؤ تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں ان واقعات میں ایک صابر و شاکر انسان کے لئے بڑی بڑی نشانیاں ہیں۔ جو لوگ اللہ کی نعمتوں کو محسوس کر کے اس کا شکر ادا کرتے والے ہوں اور آزمائش کی راہ سے صبر اور پامردی کے ساتھ گذرنے والے ہوں۔ صبر اور شکر پرندے کے دو بازوؤں کی طرح ہیں جس طرح پرندے کے دو بازو اس کو بلندی پر لے جاتے ہیں اسی طرح انسان میں صبر اور شکر کی صفات اس کو اخلاقی بلندیوں پر پہنچاتی ہیں اور اخلاقی بلندی ہی وہ پسندیدہ صفت ہے جو انسان کے لئے دائمی راحت کے دروازے کھولتی ہے اللہ اپنے بندوں پر بڑے مہربان ہیں اور چاہتے ہیں کہ میرے بندے بلند سے بلند مقام تک پہنچیں دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی فلاح و کامرانی اسی راہ سے انسان کی منتظر ہے۔

⑥ قومِ موسیٰ سخت آزمائش سے گذری | حضرت موسیٰؑ کی قوم بنی اسرائیل جب مصر میں آباد تھی تو فرعون والوں نے ان پر بڑے ستم ڈھائے اس میں ایک بڑا ظلم یہ تھا کہ بنی اسرائیل میں جو بھی لڑکا پیدا ہوتا تھا اس کو قتل کر دیتے تھے اور اگر لڑکی پیدا ہوتی تھی تو اس کو زندہ رکھتے تھے اس طرح ان کی پوری نسل کو تباہ و برباد کرنے پر تلے ہوئے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے انکی نجات کے لئے حضرت موسیٰؑ کو اپنا نبی مقرر کیا فرعون مع اپنے لاؤ لشکر کے دریا میں غرق ہو گیا اور قوم بنی اسرائیل کو اس ستم سے نجات ملی۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ ذرا اپنی قوم کو ہماری یہ نعمت بھی یاد دلاؤ کہ اگر اللہ تعم تمہیں فرعونیوں کے چنگل سے نہ چھڑاتے تو تمہاری مدد کرنیوالا کوئی نہ تھا۔ فرعونیوں سے نجات دینا یہ بڑی نعمت تھی اور بنی اسرائیل پر لازم ہے کہ وہ اللہ کی اس نعمت کے شکر گذار بن کر اسکی فرماں برداری میں لگے رہیں۔

⑦ شکر سے نعمتیں بڑھتی ہیں اور ناشکری سزا کا سبب بنتی ہے | اللہ تعم کا قانون یہ ہے کہ اگر انسان اپنے رب کا شکر گزار بن کر رہے تو وہ اور زیادہ اپنی نعمتوں سے نوازتا ہے۔ اور اگر کفرانِ نعمت کرے، ناشکرا پن دکھائے اللہ تعم کے احسانات کو محسوس نہ کرے تو پھر اللہ کا عذاب بھی بڑا سخت ہوتا ہے۔

اللہ تعم نے اہل مکہ پر یہ احسان کیا کہ اس نے انکی رہبری کے لئے انہی میں سے ایک رسول حضرت محمدؐ کو مقرر کیا۔ اگر وہ اس نعمت کی قدر نہیں کریں گے تو وہ بھی بنی اسرائیل کے انجام کو سامنے رکھیں کہ ناشکری کا عذاب کتنا سخت ہوتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا

وَقَالَ	مُوْسٰٓى	اِنْ	تَكْفُرُوْٓا	اَنْتُمْ	وَمَنْ	فِى	الْاَرْضِ	جَمِيْعًا
اور کہا	موسیٰ	اگر	ناشکری کروگے	تم	اور جو	میں	زمین	سب

اور موسیٰ ؑ نے کہا اگر ناشکری کروگے تم اور جو زمین میں ہیں سب کے سب

فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِىٌّ حَمِيْدٌ ۝۸ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ

فَاِنَّ	اللّٰهَ	لَغَنِىٌّ	حَمِيْدٌ	اَلَمْ + يَاْتِكُمْ	نَبَؤُا	الَّذِيْنَ	مِنْ +
تو بیشک	اللہ	بے نیاز	سب خوبیوں والا	کیا تمہیں نہیں آئی	خبر	وہ لوگ جو	تم سے

تو بیشک اللہ بے نیاز سب خوبیوں والا ہے۔ کیا تمہیں ان لوگوں کی خبر نہیں آئی جو تم سے

قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۛ وَالَّذِيْنَ مِنْ بَعْدِهِمْ ۛ لَا

قَبْلِكُمْ	قَوْمِ + نُوْحٍ	وَّعَادٍ	وَّثَمُوْدَ	وَالَّذِيْنَ	مِنْ + بَعْدِهِمْ	لَا
پہلے	نوحؑ کی قوم	اور عاد	اور ثمود	اور وہ جو	ان کے بعد	نہیں

پہلے تھے (مثلاً) قوم نوح ، عاد اور ثمود اور وہ جو اُن کے بعد ہوئے، انکی خبر

يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ۭ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ

يَعْلَمُهُمْ	اِلَّا اللّٰهُ	جَاۗءَتْهُمْ	رُسُلُهُمْ	بِالْبَيِّنٰتِ	فَرَدُّوْٓا	اَيْدِيَهُمْ
ان کی خبر	سوائے اللہ	انکے پاس آئے	ان کے رسول	نشانیوں کیساتھ	تو انہوں نے لوٹائے	اپنے ہاتھ

(کسی کو) نہیں اللہ کے سوا ، ان کے پاس ان کے رسول نشانیوں کے ساتھ آئے تو انہوں نے اپنے ہاتھ

فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ

فِيْٓ	اَفْوَاهِهِمْ	وَقَالُوْٓا	اِنَّا + كَفَرْنَا	بِمَآ	اُرْسِلْتُمْ	بِهٖ	وَاِنَّا	لَفِيْ
میں	ان کے منہ	اور وہ بولے	بیشک ہم نہیں مانتے	وہ جو	تمہیں بھیجا گیا	اسکے ساتھ	اور بیشک ہم	البتہ میں

انکے منہ میں لوٹائے (خاموش کردیا) اور بولے تمہیں جس رسالت کے ساتھ بھیجا گیا ہے ہم نہیں مانتے، اور البتہ تم ہمیں

شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝۹

شَكٍّ	مِّمَّا	تَدْعُوْنَنَآ	اِلَيْهِ	مُرِيْبٍ
شک	اس سے جو	تم ہمیں بلاتے ہو	اسکی طرف	تردد میں ڈالتے ہوئے

جس کی طرف بلاتے ہو ہم شک میں ہیں تردد ڈالتے ہوئے

الثلثین

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۸) وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا فَاِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝ مَحْمُوْدٌ فِيْ صُنْعِهٖ ۝

(۸) اور موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا کہ اگر تم اور تمام زمین کے رہنے والے کفر کرو تو اللہ غنی ہے اس کی اپنی مخلوق کی کچھ پرواہ نہیں وہ لائق حمد ہے ہر کام میں جو ان کے ساتھ کرتا ہے۔

(۹) اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۛ وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۛ لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ۛ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝

(۹) کیا تم لوگوں کو ان کی خبر نہیں پہنچی جو تم سے پہلے تھے یعنی قوم عادؑ اور نوحؑ اور قوم صالحؑ کی اور ان لوگوں کی جو ان کے بعد ہوئے کہ ان کی تعداد کو بجز اللہ کے کوئی نہیں جانتا بوجہ ان کی کثرت کے ان کے پیغمبر ان کے پاس اپنے صدق کی ظاہر دلیلیں لائے۔ ان امتیوں نے شدت غصہ میں اپنے ہاتھ اپنے منہ میں پہنچائے اور غیظ کے سبب اپنی انگلیاں کاٹیں اور کہا کہ بیشک ہم نہیں مانتے ان احکام کو جو موافق تمہارے زعم کے تم کو دیکر بھیجا گیا یعنی جن امور کی نسبت تم کہتے ہو کہ اللہ نے ہم کو یہ احکام دیکر بھیجا ہے ہم ان کو نہیں مانتے۔ اور بے شبہ ہم سخت تردد اور شک میں ہیں اس سے جس کی طرف تم ہمکو بلاتے ہو۔

مُوْقِعٍ لِلرِّيْبِ ۔

تشریح

(۸) انسان کی شکر گذاری یا ناشکری سے اللہ تعالیٰ کو کوئی فائدہ یا نقصان نہیں ہوتا | یہ جو بار بار خبردار کیا جا رہا ہے کہ انسان اپنے رب کا شکر گذار بن کر رہے اور شکر گزاری یہ ہے کہ وہ اپنے رب کی فرماں برداری کرے کفران نعمت یا ناشکری سے بچے جس کا نتیجہ پروردگار کی نافرمانی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات والاصفات پر انسان کی شکر گزاری یا ناشکری سے کوئی اثر نہیں پڑتا وہ بے نیاز ہے خود اپنی ذات میں قابل تعریف ہے چاہے کوئی اس کی تعریف کرے یا نہ کرے اگر زمین کے سارے رہنے والے ناشکرے اور نافرمان بن جائیں تو بھی اللہ تعالیٰ کا کچھ نہیں بگڑتا یہ سب ہدایتیں انسان کے اپنے فائدے کے لئے اور اس کو نقصان سے بچانے کے لئے ہیں۔

حدیث شریف میں ایک مضمون آتا ہے کہ ایک سائل آنحضرتؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپؐ سے سوال کیا آپؐ نے اسے ایک کھجور عنایت فرمادی۔ وہ سائل کھجور پھینک کر چلا گیا۔

اس کے بعد ایک دوسرا سائل آیا آپؐ نے اس کو بھی ایک کھجور عطا فرمادی اس نے بڑے احترام کے ساتھ قبول کرتے ہوئے عرض کیا:۔ سبحان اللہ! یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تبرک اور تحفہ ہے۔

اس کی شکر گذاری سے خوش ہو کر آپ نے کنیز کو حکم دیا کہ ام سلمیٰ کے پاس جو چالیس درہم رکھے ہیں وہ اس سائل کو دے دیئے جائیں۔

پہلا سائل ناشکری کر کے محروم رہا۔ دوسرے سائل کو شکر گذاری کے صلے میں اور بھی کچھ ملا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اگر دنیا کے سارے انسان اللہ کے ناشکرے اور نافرمان ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ کا کچھ نہیں بگڑتا۔ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہیں وہ اپنی ذات میں قابل تعریف ہیں کسی کی تعریف اور ستائش کے محتاج نہیں ہیں۔

حضرت موسیٰ ؑ یہ پتے کی بات اپنی قوم کو سمجھاتے رہے۔ صحیح مسلم میں حدیث قدسی ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ:

"اے میرے بندو! اگر تمہارے اگلے پچھلے، جن و انس اعلیٰ درجے کے متقی اور پرہیزگار بن جائیں تو اس سے میری بادشاہت میں اضافہ نہیں ہوتا۔ اور اگر سب مل کر ناشکرے اور نافرمان ہو جائیں تو میری بادشاہت میں ذرہ برابر کمی نہیں ہوتی۔"

(۹) اللہ بے نیاز ہیں مگر ان کی رحمت کا تقاضا ہے کہ ہر دور میں رہبری کا انتظام کیا جاتا رہے

بے شک اللہ تعالیٰ بے نیاز ہیں کسی کی نافرمانی اور فرمانبرداری سے ان کی حاکمیت پر کوئی اثر نہیں پڑتا لیکن چونکہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر شفیق و مہربان ہیں اور چاہتے ہیں کہ میرے بندے اچھے سے اچھے بن کر بلند مراتب حاصل کریں۔ اس لئے حضرت محمد ﷺ سے پہلے بھی بہت ساری قومیں گذری ہیں جن میں اللہ کے پیغمبر آئے اور انہوں نے اپنی قوم کو اللہ کی ہدایت سے باخبر کیا۔ بہت سی قومیں وہ ہیں جو جانی پہچانی ہیں ان کے حالات تاریخ میں محفوظ ہیں اور بہت سی ایسی قومیں بھی ہیں جو حالات کی گرد میں گم ہو گئیں جن کی صحیح گنتی اللہ ہی کو معلوم ہے۔ لیکن ہر پیغمبر کے آنے پر یہ بات مشترک رہی ہے کہ جب بگڑی ہوئی قوم میں وہ پیغمبر اللہ کے دین کی دعوت لے کر آئے اور ان کے پاس کھلی کھلی نشانیاں تھیں جو اُن کی صداقت کا ثبوت تھیں اور انہوں نے اللہ کے دین کی صاف صاف باتیں بتائیں تو ان کی باتیں سُنکر اس بگڑی ہوئی قوم نے حیرانی اور پریشانی سے کانوں پر ہاتھ رکھ لئے، دانتوں میں انگلیاں دبالیں اور ان کے سمجھ میں نہ آیا کہ ان کھری کھری دل موہ لینے والی باتوں کا کیا جواب دیں۔ بس یہ کہہ کر رہ گئے کہ ہم تمہاری باتوں سے بڑی پریشانی میں پڑ گئے ہیں۔

ان قوموں میں قوم موسےٰ و عیسیٰ کے علاوہ قوم نوح، عاد اور ثمود وہ قومیں ہیں جو مکّے کے لوگوں کے لئے اجنبی نہیں تھیں اور ان کے حالات و واقعات زبان زد تھے۔

غور کرنے کی بات یہ ہے کہ اللہ کی دعوت کو ٹھکرانے کے بعد ان ترقی یافتہ قوموں کا انجام کیا ہوا؟ آج صفحۂ ہستی سے ان کا نام و نشان مٹ چکا ہے اور عبرت و نصیحت کے لئے کچھ نشانات باقی رہ گئے ہیں جو اُن کی عظمتِ رفتہ اور بربادی کی داستانیں بیان کرنے کے لئے موجود ہیں۔

---

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِی اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

قَالَتْ	رُسُلُهُمْ	اَفِی اللّٰهِ	شَكٌّ	فَاطِرِ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
کہا	ان کے رسول	کیا اللہ میں	شبہ	بنانے والا	آسمانوں	اور زمین

ان کے رسولوں نے کہا کیا تمہیں زمین اور آسمانوں کے بنانے والے اللہ کے بارے میں شبہ ہے؟

يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى

يَدْعُوْكُمْ	لِيَغْفِرَ + لَكُمْ	مِّنْ	ذُنُوْبِكُمْ	وَيُؤَخِّرَكُمْ	اِلٰٓى
وہ تمہیں بلاتا ہے	تاکہ بخش دے تمہیں	سے (کچھ)	تمہارے گناہ	اور مہلت دے تمہیں	تک

وہ تمہیں بلاتا ہے تاکہ تمہارے کچھ گناہ بخش دے۔ اور ایک مدت مقررہ تک

اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا تُرِيْدُوْنَ

اَجَلٍ	مُّسَمًّى	قَالُوْٓا	اِنْ	اَنْتُمْ	اِلَّا	بَشَرٌ	مِّثْلُنَا	تُرِيْدُوْنَ
ایک مدت	مقررہ	وہ بولے	نہیں	تم	صرف	آدمی	ہم جیسے	تم چاہتے ہو

تمہیں مہلت دے۔ وہ بولے تم صرف ہم جیسے آدمی ہو، تم چاہتے ہو

اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ

اَنْ	تَصُدُّوْنَا	عَمَّا	كَانَ + يَعْبُدُ	اٰبَآؤُنَا	فَاْتُوْنَا	بِسُلْطٰنٍ
کہ	ہمیں روک دو	اس سے جو	پوجتے تھے	ہمارے باپ دادا	پس لاؤ ہمارے پاس	دلیل، معجزہ

کہ ہمیں اُن سے روک دو جن کو ہمارے باپ دادا پوجتے تھے پس ہمارے پاس روشن دلیل

مُّبِيْنٍ ⑩ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا بَشَرٌ

مُّبِيْنٍ	قَالَتْ	لَهُمْ	رُسُلُهُمْ	اِنْ	نَّحْنُ	اِلَّا	بَشَرٌ
روشن	کہا	ان سے	ان کے رسول	نہیں	ہم	صرف	آدمی

(معجزہ) لاؤ۔ ان کے رسولوں نے ان سے کہا (بیشک) ہم صرف تم جیسے آدمی

مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ

مِّثْلُكُمْ	وَلٰكِنَّ	اللّٰهَ	يَمُنُّ	عَلٰى + مَنْ يَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖ
تم جیسے	اور لیکن	اللہ	احسان کرتا ہے	جس پر چاہے	سے	اپنے بندے

ہیں۔ لیکن اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے احسان کرتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا كَانَ لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ

وَمَا كَانَ	لَنَآ	اَنْ	نَّاْتِيَكُمْ	بِسُلْطٰنٍ	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ
اور نہیں ہے	ہمارے لئے	کہ	تمہارے پاس لائیں	کوئی دلیل	مگر (بغیر)	اللہ کے حکم سے

اور ہمارے لئے (ہمارا کام) نہیں کہ اللہ کے حکم کے بغیر تمہارے پاس کوئی دلیل (معجزہ) لائیں

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ⑪

وَعَلَى + اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُؤْمِنُوْنَ	
اور اللہ پر	پس بھروسہ کرنا چاہیئے	مومن (جمع)	

اور مومنوں کو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیئے۔

⑩ قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ
اِسْتَفْهَامُ اِنْكَارٍ اَيْ لَا شَكَّ فِيْ تَوْحِيْدِهٖ
لِدَلَائِلِهِ الظَّاهِرَةِ عَلَيْهِ فَاطِرِ خَالِقِ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَدْعُوْكُمْ اِلٰى
طَاعَتِهٖ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ
مِنْ زَائِدَةٌ فَاِنَّ الْاِسْلَامَ يَغْفِرُ بِهٖ مَا
قَبْلَهٗ اَوْ تَبْعِيْضِيَّةٌ لِاِخْرَاجِ حُقُوْقِ
الْعِبَادِ وَيُؤَخِّرَكُمْ بِلَا عَذَابٍ اِلٰى
اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اَجَلِ الْمَوْتِ قَالُوْٓا اِنْ مَّا
اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا تُرِيْدُوْنَ اَنْ
تَصُدُّوْنَا عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا مِنَ
الْاَصْنَامِ فَاْتُوْنَا بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ○
حُجَّةٍ ظَاهِرَةٍ عَلٰى صِدْقِكُمْ

⑩ ان کے پیغمبروں نے ان کو جواب دیا کیا اللہ کے ایک ہونے میں کچھ شک ہے یعنی اس کی توحید میں کچھ تردد اور شک نہیں کہ دلیلیں روشن اس پر قائم ہیں وہ اللہ جو پیدا کرنے والا ہے آسمانوں کا اور زمینوں کا بلاتا ہے تمکو اپنی بندگی کی طرف تاکہ تمہارے گناہوں کو بخشے (من ذنوبکم میں من زائد ہے کیونکہ اسلام لانے سے سب پچھلے گناہ بخشے جاتے ہیں یا من تبعیضیہ ہے اس صورت میں بندوں کے حق اس سے خارج ہونگے کہ وہ بخشے نہیں جاتے اور بدون ادا کرنے کے معاف کرنے صاحب حق کے معاف نہیں ہوتے اور تاکہ موت کے وقت تک تم کو مہلت اور تاخیر دیوے بدون عذاب کے وہ بولے کہ نہیں ہو تم مگر آدمی ہم جیسے، تم یہ چاہتے ہو کہ ہمکو بتوں کی عبادت سے روکو جن کو ہمارے باپ دادے پوجتے چلے آئے ہیں تو تم اگر سچے ہونے کا دعویٰ کرتے ہو تو کوئی دلیل ظاہر اس پر لاؤ

⑪ قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ
اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ كَمَا قُلْتُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
يَمُنُّ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ بِالنُّبُوَّةِ
وَمَا كَانَ مَا يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ
بِسُلْطٰنٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ بِاَمْرِهٖ لِاَنَّا عَبِيْدٌ
مَرْبُوْبُوْنَ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ○
يَثِقُوْا بِهٖ

⑪ ان کے پیغمبروں نے ان سے کہا بیشک ہم تم جیسے ہی آدمی ہیں جیسا کہ تم کہتے ہو لیکن اللہ جس پر چاہے اپنے بندوں میں سے احسان فرماتا ہے اور پیغمبر بناتا ہے اور ہم کو یہ لائق نہیں کہ ہم بدون حکم الٰہی کوئی دلیل اور حجت تمہارے پاس لاسکیں کیونکہ ہم بندے مملوک ہیں سو چاہیئے کہ اللہ ہی پر بھروسہ کریں اہل ایمان۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تشریح

(۱۰) انبیاء کرام کی طرف سے توحید و رسالت کی دعوت | اللہ تعالیٰ نے جتنے بھی رسول بھیجے انہوں نے سب سے پہلے توحید الٰہی کی دعوت دی۔ اور فطری دلیلوں سے سمجھایا کہ زمین اور آسمان اور کائنات میں جتنی بھی چیزیں ہیں یہ بغیر کسی کے بنائے نہیں بنیں ان کو پیدا کرنے والی ذات ایک اور صرف ایک ہے جس کا نام اللہ ہے۔ جس طرح وہ اپنی ذات کے اعتبار سے یکتا ہے اسی طرح اپنی صفات میں بھی بے مثال ہے۔

کیونکہ وہ ہر چیز پر قادر ہے اس لئے کسی چیز کو پیدا کرنے کے لئے اس کو کسی کی مدد کی ضرورت نہیں ہے اس کے ساتھ کسی کو شریک بنانا اس کے ساجھی سمجھنا یا اس کا قرب حاصل کرنے کے لئے کسی واسطے کو ضروری سمجھنا بالکل غلط ہے اس کا ہر مخلوق کے ساتھ اور ہر مخلوق کا اس کے ساتھ براہِ راست تعلق ہے وہ سب کی بغیر کسی واسطے کے سنتا ہے ہر چیز کو جانتا ہے سب کی حاجت روائی کرتا ہے۔

پیغمبروں نے بتایا کہ ہم تمہارے سامنے اسی رب کی دعوت کو پیش کر رہے ہیں۔ اس نے ایک مدت مقرر کر دی ہے جو امتحان و آزمائش کی مہلت ہے وہ تمہارے قصور معاف کرنا اور تمہارے رتبے بلند کرنا چاہتا ہے بشرطیکہ تم خود بھی اس کا ارادہ کرو۔ توحید کی دعوت کے جواب میں ان قوموں کا جواب یہ تھا کہ چلو یہ تو ٹھیک ہے مگر تم جو پیغمبری کا دعویٰ لے کر اٹھے ہو ہمارے سمجھ میں نہیں آتا کہ تم میں ہم سے الگ کونسی بات ہے تم بھی ایسے ہی انسان ہو جیسے ہم ہیں اور اگر واقعی تمہارا دعویٰ سچا ہے تو پھر ہمیں کوئی ایسی بات دکھاؤ جس سے ہمیں یقین آجائے ورنہ ہم یہ سمجھیں گے کہ جن ہستیوں کی بندگی ہمارے باپ دادا کے زمانے سے چلی آرہی ہے تم ہمیں ان کی بندگی سے روکنا چاہتے ہو۔

(۱۱) اسلام میں رسول کا تصور | اسلام میں رسول کا صحیح تصور یہ ہے کہ وہ ہوتا تو بشر ہی ہے نہ وہ فرشتہ ہوتا ہے اور نہ کوئی اور مخلوق لیکن بشر ہونے کے باوجود وہ بشر کامل ہوتا ہے آخر خود انسانوں میں ہی اللہ تعالیٰ نے جسمانی دماغی اور مختلف صلاحیتوں کے اعتبار سے انسانوں میں فرق رکھا ہے اور اس طرح بعض انسان دوسرے انسانوں پر فضیلت رکھتے ہیں تو اگر اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے کسی بندے کو منتخب کر کے اس کی فطری قابلیت اعلیٰ صلاحیت کو پروان چڑھا کر روحانی کمال اور باطنی قرب کے اس مقام تک پہنچا دے جسکو مقام نبوت کہتے ہیں اور اسے علم حق اور کامل بصیرت عطا فرما دیں تو آخر اسمیں کونسی حیرت کی بات ہے اس لئے رسولوں نے کہا اور بڑا معقول اور مناسب جواب دیا کہ بیشک ہم بشر ہیں تمہاری ہی طرح لیکن اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اسکو نواز دیتا ہے اور یہ کوئی اپنے اختیار کی بات نہیں ہوتی کہ ہم نے نبی بننا چاہا تو ہمیں نبی بنا دیا بلکہ یہ صرف پروردگار کے اختیار میں ہے۔ رہا یہ معاملہ کہ ہمارا دعویٰ نبی ہونے کا سچا ہے یا نہیں تو جو اس کی روشن نشانیاں ہیں وہ ہماری صداقت کو ثابت کرنے کے لئے کافی ہیں مگر یہ ہمارے بس کی بات نہیں ہے کہ تمہاری ہر فرمائش کو ہم پورا کر سکیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی حکمت کے مطابق جو سند اور نشانی چاہیں گے وہ ہم اس کے حکم سے پیش کر دیں گے اور جو ایمان لانے والے ہیں ان کا بھروسہ تو اللہ کی مہربانی پر ہی ہونا چاہیئے کہ وہ اپنی عنایت سے طالب ہدایت کو ہدایت بخش دیتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ

وَمَا لَنَآ	اَلَّا + نَتَوَكَّلَ	عَلَى اللّٰهِ	وَقَدْ هَدٰىنَا	سُبُلَنَا	وَلَنَصْبِرَنَّ
اور کیا ہمارے لئے	کہ ہم نہ بھروسہ کریں	اللہ پر	اور اس نے ہمیں دکھا دیں	ہماری راہیں	اور ہم ضرور صبر کرینگے

اور ہمیں کیا ہوا؟ کہ ہم اللہ پر بھروسہ نہ کریں، اور اس نے ہمیں ہماری راہیں دکھا دیں، اور تم جو ہمیں ایذا

عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۱۲﴾ ع

ع ۲ ۶ ۱۴

عَلٰى	مَآ	اٰذَيْتُمُوْنَا	وَعَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ	الْمُتَوَكِّلُوْنَ
پر	جو	تم ہمیں ایذا دیتے ہو	اور اللہ پر	پس بھروسہ کرنا چاہیئے	بھروسہ کرنے والے

دیتے ہو ہم اس پر ضرور صبر کریں گے۔ اور بھروسہ کرنے والوں کو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیئے۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ

وَقَالَ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	لِرُسُلِهِمْ	لَنُخْرِجَنَّكُمْ	مِّنْ	اَرْضِنَآ	اَوْ
اور کہا	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	اپنے رسولوں کو	ضرور ہم تمہیں نکال دینگے	سے	اپنی زمین	یا

اور کافروں نے اپنے رسولوں سے کہا ہم تمہیں ضرور نکال دیں گے اپنی زمین (ملک) سے۔ یا

لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ لا

لَتَعُوْدُنَّ	فِيْ + مِلَّتِنَا	فَاَوْحٰٓى	اِلَيْهِمْ	رَبُّهُمْ	لَنُهْلِكَنَّ	الظّٰلِمِيْنَ
تم لوٹ آؤ	ہمارے دین میں	تو وحی بھیجی	انکی طرف	انکا رب	ضرور ہم ہلاک کر دینگے	ظالم (جمع)

تم ہمارے دین میں لوٹ آؤ، تو ان کے رب نے انکی طرف وحی بھیجی کہ ہم ظالموں کو ضرور ہلاک کر دیں گے

وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾

وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ	الْاَرْضَ	مِنْۢ بَعْدِهِمْ	ذٰلِكَ	لِمَنْ	خَافَ	مَقَامِيْ	وَخَافَ	وَعِيْدِ
اور البتہ ہم تمہیں آباد کرینگے	زمین	انکے بعد	یہ	اسکے لئے جو	ڈرا	میرے روبرو کھڑا ہونا	اور ڈرا	وعید (اعلان عذاب)

اور البتہ ہم تمہیں انکے بعد زمین میں آباد کر دیں گے۔ یہ اس کے لئے ہے جو ڈرا میرے روبرو کھڑا ہونے سے اور ڈرا میرے اعلان عذاب سے

(۱۲) وَمَا لَنَآ اَنْ لَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ اَيْ لَا مَانِعَ لَنَا مِنْ ذٰلِكَ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا عَلٰى اَذَاكُمْ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ○

(۱۲) اور ہم کو کیا چیز منع کرتی ہے اس سے کہ اللہ پر بھروسہ کریں اور حال یہ ہے کہ بلا شبہ اس نے ہم کو ہمارے طریقے دکھلائے اور راہ نمائی فرمائی یعنی کوئی چیز ہم کو اللہ پر بھروسہ کرنے سے مانع نہیں بلکہ اسکی مقتضی ہے اور البتہ ہم صبر کریں گے اس تکلیف پر جو تم نے ہمکو پہنچائی پس چاہیئے کہ اللہ ہی پر بھروسہ کریں بھروسہ کرنے والے۔

(۱۳) وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ

(۱۳) وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ الخ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فیصل

مِنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ۭ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ اَلْكٰفِرِيْنَ

اور کافروں نے اپنے پیغمبروں سے کہا کہ بیشک ہم تم کو اپنی زمین سے نکالیں گے یا تم لوٹو اور رجوع کرو ہمارے مذہب میں سو وحی کی پیغمبروں پر ان کے رب نے کہ بیشک ہم ہلاک کر ڈالینگے

(۱۴) وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ۝ بِالْعَذَابِ

(۱۴) اور البتہ بعد انکے ہلاک کرنے کے ان کی زمین میں تم کو رکھینگے۔ یہ مدد کرنا اور زمین کا وارث بنانا اس کیلئے ہے جو میرے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرے اور میرے عذاب سے خوف کرے۔

تشریح

(۱۲) **انبیاء کرام کا اللہ پر بھروسہ اور ثابت قدمی** | انبیاء کرام کی صداقت کی یہ بھی ایک کھلی دلیل ہے کہ ان کا بھروسہ اللہ پر رہتا ہے کیونکہ اللہ ہی انکی رہنمائی کرنے والا ہے انکو جھٹلانے والے خواہ کتنی بھی تکلیفیں پہنچائیں انکے صبر اور پائے ثبات میں ذرا سی لغزش نہیں آتی۔ جو صحیح معنی میں بھروسہ کرنے والے ہیں ان کا بھروسہ اللہ ہی پر ہونا چاہیئے کیونکہ وہی ایک ذات بھروسے کے لائق ہے اس لئے تمام پیغمبروں نے صاف طور پر جواب دے دیا کہ ہمارا بھروسہ اللہ پر ہے وہی ہمارا رہنما ہے تم خواہ کتنی ہی مخالفتیں کرو ہم اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہوئے تمام تکلیفوں پر صبر کرتے رہینگے۔

(۱۳) **نبوت کے دعوے کے بعد کش مکش کا آغاز** | اللہ تعالیٰ اپنے جن بندوں کو نبوت اور رسالت کے لئے منتخب کرتا رہا ہے اگرچہ نبوت کے دعوی سے پہلے بھی ان کی زندگی پاکیزہ صاف ستھری اور ہر لحاظ سے معیاری ہوتی تھی لیکن چونکہ انکی طرف سے نہ کوئی دعویٰ ہوتا تھا اور نہ اصلاح کی کوئی کوشش۔ ایک خاموش انسان کی طرح اپنی قوم میں رہتے سہتے تھے اور قوم انکو اپنے میں سے ہی ایک سمجھتی تھی ان کی عزت کرتی تھی انکو پسند کرتی تھی۔ اصل کش مکش نبوت کے دعوے کے بعد شروع ہوتی تھی اور منصب نبوت پر سرفراز ہونے کے بعد ایک دوسرا ہی انسان نظر آتا تھا وہی خاموش خاموش سا نظر آنے والا انسان مقام نبوت پر آنے کے بعد ہر طرح کے حالات سے نمٹنے کے لئے تیار۔ ہر طرح کے مصائب سہہ کر اپنے دعوے سے دستبردار نہ ہونے والا ثابت قدم، صابر و صاحب استقامت، ایک ہی انسان کے یہ دو رُخ ایک ہی کی زندگی میں صاف طور پر دیکھے جا سکتے ہیں اس لئے نبیوں کی اس نئی حیثیت کے سامنے آنے کے بعد ان کی صداقت کا انکار کرنیوالوں نے یہ بھی دھمکیاں دی ہیں کہ یا تو پہلے کی طرح ہم میں شامل رہو اور اپنی تبلیغ و دعوت اٹھا کر ایک طرف رکھو ورنہ ہم تمہیں اپنی بستی سے باہر نکال دینگے لیکن اللہ کے نبی ان کی اس دھمکی سے مرعوب نہیں ہوئے اسلئے کہ ان کا بھروسہ اللہ پر تھا اور اللہ تعالیٰ نے انکو بتایا کہ ہم ایسے ظالموں کو جو تمہارے ساتھ زیادتیاں کر رہے ہیں زندہ رہنے نہیں دیں گے۔

(۱۴) **اللہ کی زمین اللہ والوں کی ہے** | اللہ کے وہ بندے جو اس کے فرماں بردار ہیں اس سے ڈرنے والے ہیں اور اس کے بنائے ہوئے نظام کو اس کی زمین پر قائم کرنے والے ہیں وہی اللہ کی زمین کے حقیقی وارث ہیں اگرچہ کچھ عرصے کے لئے ظالم بھی اپنا زور دکھاتے ہیں لیکن آخر وہ وقت آکر رہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ظالموں کا زور توڑ دیتے ہیں اور اللہ کے نیک بندے غالب آجاتے ہیں اگر ایسا نہ ہو تو اللہ کی یہ زمین ظالموں کے ظلم سے بھر جائے اسلئے جب پیغمبروں کی دعوت کے جواب میں اللہ کے دین کا انکار کرنے والوں نے دھمکیاں دیں کہ یا تو پہلے طریقے پر واپس آجاؤ ورنہ ہم تمہیں اس سرزمین سے نکال باہر کر دیں گے تو اللہ تعالیٰ نے تسلی دی کہ یہ ظالم تمہیں کیا باہر نکالیں گے ہم ان ظالموں کو ہی ختم کر دیں گے اور ان کے بعد زمین پر وہ لوگ آباد ہونگے جو اللہ کے مخلص وفادار ہوں گے اللہ کے سامنے جواب دہی کا خوف رکھنے والے اور اس کی وعید سے ڈرنے والوں کے لئے اللہ کا یہ خاص انعام و کرم ہے کہ اس طرح وہ اپنے وفادار بندوں کو ظالموں کے چنگل سے نجات دیتا ہے۔ چنانچہ مکے میں بھی یہ سب پیش آیا کہ اس پیشین گوئی پر پندرہ برس بھی نہ گذرے تھے کہ سرزمین عرب پر اللہ کے نیک بندوں کا غلبہ ہو گیا اور ایک بھی مشرک باقی نہ رہا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۱۵﴾ مِّنْ وَّرَآئِهٖ

وَاسْتَفْتَحُوْا	وَخَابَ	كُلُّ	جَبَّارٍ	عَنِيْدٍ	مِنْ + وَّرَآئِهٖ
اور انہوں نے فتح مانگی	اور نامراد ہوا	ہر	سرکش	ضدی	اس کے پیچھے

اور انہوں نے (انبیاء نے) فتح مانگی اور نامراد ہوا ہر سرکش ضدی۔ اس کے پیچھے

جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾

جَهَنَّمُ	وَيُسْقٰى	مِنْ	مَّآءٍ	صَدِيْدٍ	
جہنم	اور اُسے پلایا جائیگا	سے	پانی	پیپ والا	

جہنم ہے اور اُسے پیپ کا پانی پلایا جائے گا۔

﴿۱۵﴾ وَاسْتَفْتَحُوْا اِسْتَنْصَرُوا الرُّسُلُ بِاللّٰهِ عَلٰى قَوْمِهِمْ وَخَابَ خَسِرَ كُلُّ جَبَّارٍ مُتَكَبِّرٍ عَنْ طَاعَةِ اللّٰهِ عَنِيْدٍ ○ مُعَانِدٍ لِلْحَقِّ

﴿۱۵﴾ اور پیغمبروں نے اللہ سے مدد چاہی اپنی قوم پر اور ٹوٹے میں پڑا ہر ایک تکبر کرنے والا اللہ کی بندگی سے خلاف کرنے والا حق سے۔

﴿۱۶﴾ مِنْ وَّرَآئِهٖ اَیْ اَمَامَهٗ جَهَنَّمُ يُدْخَلُهَا وَيُسْقٰى فِيْهَا مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ ○ هُوَ مَاءٌ يَسِيْلُ مِنْ جُرُوْحِ اَهْلِ النَّارِ مُخْتَلِطًا بِالْقَيْحِ وَالدَّمِ

﴿۱۶﴾ اس کے آگے دوزخ ہے کہ وہ اس میں داخل ہوگا اور پلایا جائیگا وہ پانی جو اہل دوزخ کے پیٹ سے نکلے گا پیپ اور خون ملا ہوا۔

تشریح

﴿۱۵﴾ ہر ظالم کا انجام یہی ہے | وہ فیصلہ چاہتے تھے آخر اللہ کا فیصلہ آگیا اور اللہ کا فیصلہ یہی تھا کہ ہر جابر و ظالم دشمن حق کو منہ کی کھانی پڑی۔

○ حضرت نوح ؑ نے درخواست کی تھی کہ فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ یعنی میرے اور میری قوم کے درمیان میرے رب فیصلہ فرما دیجئے اور مجھے ان سے نجات دیجئے۔ اور قوم نوح نے کہا تھا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ آپ جس چیز کا وعدہ کر رہے ہیں اسے لے آئیے۔ چنانچہ ساری قوم سوائے چند وفاداروں کے طوفانِ نوح میں غرق ہوگئی۔

○ حضرت لوط ؑ نے درخواست کی رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ۔ اور اے رب مجھے اور میرے لوگوں کو جو یہ لوگ کر رہے ہیں اس سے چھٹکارا دلائیے چنانچہ قوم لوط پر آسمان سے پتھر برسے اور سارے منکرین حق ہلاک ہوگئے۔

○ حضرت شعیب ؑ نے عرض کیا تھا رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ۔ اے میرے رب میرے اور میری قوم کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ فرما دیجئے۔ اور قوم شعیب نے کہا تھا فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا۔ قوم شعیب بھی عذاب میں مبتلا ہوئی۔

○ حضرت موسیٰ ؑ نے دعا کی رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ۔ قوم فرعون کا انجام بھی سب کے سامنے ہے غرض یہ کہ ہر سرکش ضدی نامراد ہو کر رہ گیا اور ایک ہی پکڑ میں ساری اکڑفوں کافور ہوگئی۔

﴿۱۶﴾ ظالموں کا آخرت میں انجام | دنیا میں جو ظالموں کا انجام ہوا وہ سب کے سامنے ہے اور آخرت میں ایسے لوگوں کا کیا ہوگا۔ ان کے آگے جہنم ہے جہاں ان کو پیاس کے وقت پینے کے لئے پانی نہیں بلکہ کچ لہو اور پیپ ملے گی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَتَجَرَّعُهُ وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهُ وَيَأْتِيهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ

يَتَجَرَّعُهُ	وَلَا	يَكَادُ +	يُسِيغُهُ	وَيَأْتِيهِ	الْمَوْتُ	مِنْ	كُلِّ
اسے گھونٹ گھونٹ پئے گا	اور نہ	گلے سے اُتار سکے گا		اور آئیگی اُسے	موت	سے	ہر

وہ اُسے گھونٹ گھونٹ پیئے گا، اور اسے گلے سے نہ اتار سکے گا اور اسے موت آئے گی ہر طرف

مَكَانٍ وَمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ۚ وَمِنْ وَرَائِهِ عَذَابٌ غَلِيظٌ ﴿١٧﴾

مَكَانٍ	وَمَا هُوَ	بِمَيِّتٍ ۚ	وَمِنْ وَرَائِهِ	عَذَابٌ	غَلِيظٌ
طرف	اور نہ وہ	مرنے والا	اور اس کے پیچھے	عذاب	سخت

سے اور وہ مرے گا نہیں اور اس کے پیچھے سخت عذاب ہے۔

﴿١٧﴾ يَتَجَرَّعُهُ يَبْتَلِعُهُ مَرَّةً بَعْدَ مَرَّةٍ لِمَرَارَتِهِ وَلَا يَكَادُ يُسِيغُهُ يَزْدَرِدُهُ لِقُبْحِهِ وَكَرَاهَتِهِ وَيَأْتِيهِ الْمَوْتُ أَيْ أَسْبَابُهُ الْمُقْتَضِيَةُ لَهُ مِنْ أَنْوَاعِ الْعَذَابِ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ وَمِنْ وَرَائِهِ بَعْدَ ذٰلِكَ الْعَذَابِ عَذَابٌ غَلِيظٌ ○ قَوِيٌّ مُتَّصِلٌ

۱۷ اس پانی کی بوجہ اس کی تلخی کے تھوڑا تھوڑا نگلنا چاہے گا اور نہیں قریب ہے کہ اس کو آسانی سے نگل جاوے۔ بسبب قبیح ہونے اور بُرا سمجھنے اس کے کے اور ہر طرف سے سامان موت کے اسپر آوینگے یعنی طرح طرح کی تکلیفیں اسکو دی جاوینگی جو چاہنے والے ہیں موت کو اور یہ نہ ہوگا کہ وہ مرجاوے اور چھوٹ جاوے اور پیچھے اس تکلیف کے عذاب سخت ہے۔ برابر اس پر رہے گا۔

تشریح

﴿١٧﴾ دوزخ کا بھیانک عذاب | دوزخ کے بھیانک عذاب میں سے ایک عذاب یہ ہوگا کہ جب اسے خون اور پیپ ملا ہوا کچ لہو پینے کے لئے دیا جائیگا تو وہ اس سے پیا نہیں جائے گا۔ فرشتے لوہے کے گرز سر پر مار کر زبردستی منہ میں ڈالیں گے اور جب وہ گرم گرم کچ لہو منہ میں آئے گا تو حرارت کی شدت سے دماغ کی کھال اتر کر نیچے لٹک پڑے گی یہ کچ لہو گلے میں پھنس جائیگا ایک گھونٹ پیتے ہی آنتیں کٹ کر باہر آجائیں گی۔ سورۂ محمد میں ہے وَسُقُوْا مَاءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ أَمْعَاءَهُمْ۔ انہیں ایسا گرم پانی پلایا جائے گا جو اُن کی آنتیں تک کاٹ دیگا ——— سورۂ کہف آیت 99 میں ہے وَإِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۔ بِئْسَ الشَّرَابُ ۔ وَسَاءَتْ مُرْتَفَقًا۔ وہاں اگر وہ پانی مانگیں گے تو ایسے پانی سے ان کی تواضع کی جائے گی جو تیل کی تلچھٹ جیسا ہوگا اور ان کا منہ بھون ڈالے گا، بدترین پینے کی چیز اور بہت بری آرام گاہ۔

ہر طرف موت چھائی ہوگی مگر وہ مرنے نہیں پائے گا اور اس سے آگے بھی ایک سخت عذاب اس کی جان سے چمٹا رہے گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ نِ اشْتَدَّتْ بِهِ

مَثَلُ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا	بِرَبِّهِمْ	اَعْمَالُهُمْ	كَرَمَادِ	نِ اشْتَدَّتْ	بِهِ
مثال	وہ لوگ	جو منکر ہوئے	اپنے رب کے	ان کے عمل	راکھ کی طرح	زور کی چلی	اس پر

ان لوگوں کی مثال جو اپنے رب کے منکر ہوئے، ان کے عمل راکھ کی طرح ہیں کہ اس پر آندھی کے

الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰى شَيْءٍ ؕ

الرِّيْحُ	فِيْ	يَوْمٍ	عَاصِفٍ	لَا يَقْدِرُوْنَ	مِمَّا	كَسَبُوْا	عَلٰى + شَيْءٍ
ہوا	میں	دن	آندھی والا	انہیں دسترس نہ ہوگی	اس سے جو	انہوں نے کمایا	کسی چیز پر

دن زور کی ہوا چلی (اور سب اڑا لے گئی) جو انہوں نے کمایا انہیں اس سے کسی چیز پر دسترس نہ ہوگی۔

ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ﴿۱۸﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

ذٰلِكَ	هُوَ	الضَّلٰلُ	الْبَعِيْدُ	اَلَمْ تَرَ	اَنَّ	اللّٰهَ	خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ
یہ	وہ	گمراہی	دُور	کیا تو نے نہ دیکھا	کہ	اللہ	پیدا کیا	آسمانوں

یہی ہے دُور کی (پرلے درجے کی) گمراہی۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۹﴾

وَالْاَرْضَ	بِالْحَقِّ	اِنْ	يَّشَاْ	يُذْهِبْكُمْ	وَيَاْتِ	بِخَلْقٍ	جَدِيْدٍ
اور زمین	حق کے ساتھ	اگر	وہ چاہے	تمہیں لیجائے	اور لائے	مخلوق	نئی

کیا ہے حق کے ساتھ (ٹھیک ٹھیک) اگر وہ چاہے تمہیں لے جائے اور لے آئے نئی مخلوق۔

﴿۱۸﴾ مَثَلُ صِفَةِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ مُبْتَدَاٌ وَيُبْدَلُ مِنْهُ اَعْمَالُهُمُ الصَّالِحَةُ كَصِلَةٍ وَصَدَقَةٍ فِيْ عَدَمِ الْاِنْتِفَاعِ بِهَا كَرَمَادٍ اِشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ شَدِيْدِ هُبُوْبِ الرِّيْحِ فَجَعَلَتْهُ هَبَاءً مَنْثُوْرًا لَا يَقْدِرُ عَلَيْهِ وَالْمَجْرُوْرُ خَبَرُ الْمُبْتَدَاِ لَا يَقْدِرُوْنَ اَيِ الْكُفَّارُ مِمَّا كَسَبُوْا عَمِلُوْا فِي الدُّنْيَا عَلٰى شَيْءٍ اَيْ لَا يَجِدُوْنَ لَهُ ثَوَابًا لِعَدَمِ شَرْطِهِ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْهَلَاكُ

﴿۱۸﴾ حال ان لوگوں کا جو اپنے رب کے منکر ہوئے یہ ہے کہ انکے نیک عمل جیسے صلہ رحمی اور صدقہ ان کے کچھ کام نہ آوینگے اور ایسے رائیگاں اور بے فائدہ ضائع ہونگے جیسے سخت آندھی کے دن راکھ پر تیز ہوا چلے اور وہ اس کو اڑا کر ذرہ ذرہ متفرق کردے اور کوئی اس کو جمع نہ کرسکے اسی طرح کافروں کے عمل لکھے جاویں گے اور ان کو کچھ نفع نہ دیں گے جو کچھ انہوں نے دنیا میں کیا اس کے ثواب سے محروم رہینگے کیونکہ اس میں ایمان نہیں جو شرط قبولیت کی ہے۔ یہ ہے غایت درجہ کی ہلاکی اور گمراہی

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْبَعِيْدُ ○

(۱۹) اَلَمْ تَرَ تَنْظُرْ يَا مُخَاطَبُ اِسْتِفْهَامُ تَقْرِيْرٍ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ مُتَعَلِّقٌ بِخَلَقَ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ○ بَدَلَكُمْ

(۱۹) کیا تو نے اے مخاطب نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمانوں اور زمینوں کو ٹھیک اور درست بنایا۔ اے لوگو! اگر وہ چاہے تو تم کو ہلاک کر دے اور تمہاری جگہ نئی مخلوق پیدا فرما دے۔

تشریح

(۱۸) **ایمان کے بغیر اعمال کی کوئی قدر و قیمت نہیں** | اگر راکھ کا ایک بڑا سا ڈھیر ہو جو اکٹھا ہوتے ہوتے ایک ٹیلے کی صورت بن گیا ہو، اچانک زور کی آندھی چلے اور وہ راکھ کا ڈھیر ہوا میں اُڑ جائے۔ تو ہوا میں اڑنے کے بعد وہ راکھ ختم ہو جاتی ہے۔ یہ مثال ہے ان لوگوں کے اعمال کی جنھوں نے اپنے رب کے ساتھ بیوفائی کی۔ جس طرح اس کو ماننا چاہیئے تھا اس طرح اس کو نہیں مانا۔ پروردگار کی صحیح معرفت اس کو حاصل نہ ہوئی۔ اگر کسی انداز میں پروردگار کی پوجا پاٹھ کی بھی تو اطاعت و بندگی کا وہ طریقہ اختیار نہیں کیا جس کی دعوت اللہ کے نبیوں نے دی ہے۔ ایسے شخص نے اگر کچھ اچھے کام کئے بھی تو وہ بے روح اور بے وزن ہیں آخرت میں ان کی کوئی قدر و قیمت نہیں ہے۔

ذرا خیال کیجیے کہ فرد ہو یا قوم اگر وہ راہِ ہدایت پر نہیں ہیں تو ان کی شاندار تہذیب میدان صنعت میں ان کی حیرت انگیز ترقی، ان کے علوم و فنون ان کی ظاہری نیکیاں بڑے بڑے خیراتی ادارے جن پر وہ دنیا میں فخر کرتے تھے سب کے سب راکھ کا ایک ڈھیر ثابت ہوں گے جسے قیامت کے وقت کی آندھی ذرہ ذرہ کر کے بکھیر دے گی اور پروردگار کی میزان میں ان اعمال کا کوئی وزن نہ ہوگا۔ جس وقت انسان نیک اعمال کا سب سے زیادہ محتاج ہوگا اس وقت یہ لوگ نیکیوں سے خالی دامن ہوں گے یہ سب سے بڑی گمراہی ہے کہ انسان کو یہ شعور نہ ہو کہ جس کو وہ سب کچھ سمجھ رہا ہے وہ کچھ بھی نہیں۔

(۱۹) **کائنات کا نظام حق پر قائم ہے** | اللہ کی بنائی ہوئی اس کائنات کے نظام پر اگر غور کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اللہ کی تخلیق کا سارا کارخانہ حق کی بنیاد پر قائم ہے جو کچھ ہے واقعیت پر مبنی ہے یہاں ریت پر محل کھڑا نہیں کیا گیا اور نہ کوئی چیز نقش بر آب ہے۔ یہاں قیاس گمان اور وہم پر تعمیر نہیں ہے بلکہ اس حق کے اوپر زمین و آسمان کی تخلیق ہے کہ اسکو بنانے والا اور چلانے والا وہ رب اعلیٰ ہے جو ہر چیز پر پوری پوری قدرت رکھتا ہے وہ عادل و منصف ہے وہ حکیم و بصیر، علیم و خبیر ہے۔ وہ اس بات پر بھی قادر ہے کہ ایسی ہی ایک دنیا جیسی یہ ہے اسکو ختم کر کے دوبارہ ایک نئی دنیا بنا دے وہ اس بات پر بھی قادر ہے کہ تم لوگوں کو مٹا کر تمہاری جگہ ایک نئی مخلوق پیدا کر دے۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ جس نے یہ زمین و آسمان یہ چاند اور سورج ایک خاص مقصد اور حکمت کے ساتھ بنائے ہیں اور اس کائنات کے ذرے ذرے سے اس کی حکمتوں کا اظہار ہو رہا ہے کوئی انسان جیسی مخلوق کو یونہی پیدا کر دے جس کا کوئی مقصد نہ ہو یہاں باطل پرست اور غلط کار کی اگر فوراً پکڑ نہیں ہے تو اس ڈھیل دینے میں بھی اس کی حکمتیں پوشیدہ ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَّمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۲۰﴾ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا

وَمَا	ذٰلِكَ	عَلَى اللّٰهِ	بِعَزِيْزٍ	وَبَرَزُوْا	لِلّٰهِ	جَمِيْعًا
اور نہیں	یہ	اللہ پر	کچھ دشوار	اور وہ حاضر ہونگے	اللہ کے آگے	سب

اور یہ اللہ پر کچھ دشوار نہیں ۔ وہ سب اللہ کے آگے حاضر ہوں گے

فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ

فَقَالَ	الضُّعَفٰٓؤُا	لِلَّذِيْنَ	اسْتَكْبَرُوْا	اِنَّا + كُنَّا	لَكُمْ
پھر کہا	کمزور	ان لوگوں سے جو	بڑے بنتے تھے	بیشک ہم تھے	تمہارے

پھر کہیں گے کمزور ان لوگوں سے جو بڑے بنتے تھے بیشک ہم تمہارے تابع

تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قَالُوْا

تَبَعًا	فَهَلْ	اَنْتُمْ	مُّغْنُوْنَ	عَنَّا	مِنْ	عَذَابِ اللّٰهِ	مِنْ شَيْءٍ	قَالُوْا
تابع	تو کیا	تم	دفع کرتے ہو	ہم سے	سے	اللہ کا عذاب	کسی قدر	وہ کہیں گے

تھے تو کیا تم ہم سے دفع کر سکتے ہو؟ کسی قدر اللہ کا عذاب ، وہ کہیں گے

لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ ۭ سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ

لَوْ	هَدٰىنَا	اللّٰهُ	لَهَدَيْنٰكُمْ	سَوَآءٌ	عَلَيْنَا	اَجَزِعْنَا	اَمْ
اگر	ہمیں ہدایت کرتا	اللہ	البتہ ہم ہدایت کرتے تمہیں	برابر	ہم پر (لئے)	خواہ ہم گھبرائیں	یا

اگر اللہ ہمیں ہدایت کرتا تو البتہ ہم تمہیں ہدایت کرتے ۔ اب ہمارے لئے برابر ہے خواہ ہم گھبرائیں یا

ع ۳ ۹ ۱۵ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ﴿۲۱﴾ ع

صَبَرْنَا	مَا لَنَا	مِنْ مَّحِيْصٍ
ہم صبر کریں	نہیں ہمارے لئے	کوئی چھٹکارا

صبر کریں ، ہمارے لئے کوئی چھٹکارا نہیں۔

﴿۲۰﴾ وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ○ شَدِيْدٍ۔

﴿۲۰﴾ اور یہ امر اللہ پر سخت اور دشوار نہیں ۔

﴿۲۱﴾ وَبَرَزُوْا اَىْ الْخَلَائِقُ وَالتَّغْيِيْرُ

﴿۲۱﴾ اور تمام مخلوق اللہ کے سامنے پیش ہوگی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فِيهِ وَفِيمَا بَعْدَهُ بِالْمَاضِي
لِتَحَقُّقِ وُقُوعِهِ لِلّٰهِ جَمِيعًا
فَقَالَ الضُّعَفَاءُ لِلْاَتْبَاعِ
لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا الْمَتْبُوعِينَ
إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا جَمْعُ
تَابِعٍ فَهَلْ أَنْتُمْ
مُغْنُونَ دَافِعُونَ عَنَّا
مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ
مِنَ الْأُولَى لِلتَّبْيِينِ وَ
الثَّانِيَةُ لِلتَّبْعِيضِ قَالُوا
أَيِ الْمَتْبُوعُونَ لَوْ هَدَانَا اللّٰهُ
لَهَدَيْنَاكُمْ لَدَعَوْنَاكُمْ إِلَى
الْهُدَى سَوَاءٌ عَلَيْنَا أَجَزِعْنَا
أَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ زَائِدَةٌ
مَّحِيصٍ ○ مَلْجَأٍ

سو ضعیف لوگ جو دوسروں کے تابع ہوئے ان متکبروں سے کہیں گے جن کے تابع اور مطیع ہوئے تھے کہ بیشک ہم تمہارے تابع اور پیرو تھے سو کیا تم ہم سے عذاب الٰہی میں سے کچھ دفع کر سکتے ہو اور ہم کو کچھ بچا سکتے ہو ؟۔

وہ جواب دینگے کہ اگر ہمکو اللہ راہ دکھلاتا تو ہم تمکو راہ پر لاتے۔ اب ہمارے لئے دونوں حالتیں برابر ہیں ہم گھبرادیں یا صبر کریں ہمارے لئے کوئی جائے پناہ نہیں۔

تشریح

(۲۰) اللہ کے لئے کچھ بھی دشوار نہیں | اللہ کے لئے انسان کو دوبارہ پیدا کرنا یا ایک اور عالم برپا کر دینا جہاں اس دنیا کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائے کچھ بھی دشوار نہیں ہے جو ایک بار انسان کو پیدا کر سکتا ہے یا اس کائنات کو بنا سکتا ہے وہ دوبارہ ایسا کیوں نہیں کر سکتا۔

(۲۱) آج کے یہ جھوٹے پیشوا آخرت میں کچھ کام نہ آسکیں گے | دنیا میں عام طور پر لوگ ان کے پیچھے چلتے ہیں جو دنیاوی اعتبار سے کوئی بڑی حیثیت رکھتے ہوں۔ یہ نہیں دیکھتے کہ یہ لوگ جو دنیاوی اعتبار سے سرآوردہ ہیں خود بھی ہدایت پر ہیں یا نہیں۔ اس طرح کے غلط رہنماؤں کے پیچھے لگنے کا انجام آخرت میں یہ سامنے آئے گا کہ اللہ کے سامنے پیشی کے وقت جب سارے پردے اٹھ جائیں گے ہر چیز کھل کر سامنے آجائے گی اور دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی الگ الگ ہو جائیگا تو دنیاوی اعتبار سے وہ کمزور لوگ جو غلط رہبروں کے پیچھے لگ کر یہ سمجھتے تھے کہ یہ لوگ دنیا میں بھی کچھ نہ کچھ ہمارے کام آتے تھے آخرت میں ان سے کہیں گے کہ ہم تو آپ کے پیچھے لگے ہوئے تھے اب ہمیں اللہ کے عذاب سے بچانے کے لئے کچھ کروا سکے جواب میں یہ جھوٹے رہبر کہیں گے کہ اب تو ہم اور تم سب پھنسے ہوئے ہیں نکلنے کا کوئی راستہ نہیں ہے۔ روئیں، چلائیں یا صبر کریں کچھ فرق پڑنے والا نہیں ہے۔ غلط لوگوں کے پیچھے آنکھ بند کر کے چلنے کا یہ انجام سب کے سامنے آجائے گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ

وَقَالَ	الشَّيْطٰنُ	لَمَّا	قُضِيَ	الْاَمْرُ	اِنَّ + اللّٰهَ	وَعَدَكُمْ	وَعْدَ الْحَقِّ
اور بولا	شیطان	جب	فیصلہ ہوگیا	امر	بیشک اللہ	وعدہ کیا تم سے	سچا وعدہ

اور (روزِ حساب) جب تمام امور (کاموں) کا فیصلہ ہو گیا شیطان بولا بیشک اللہ نے تم سے سچا وعدہ کیا تھا

وَّوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ؕ وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ

وَوَعَدْتُّكُمْ	فَاَخْلَفْتُكُمْ	وَمَا	كَانَ	لِيَ	عَلَيْكُمْ	مِّنْ + سُلْطٰنٍ
اور میں نے وعدہ کیا تم سے	پھر میں نے اسکے خلاف کیا تم سے	اور نہیں	تھا	میرا	تم پر	کوئی زور

اور میں نے (بھی) تم سے وعدہ کیا، پھر میں نے تم سے اس کے خلاف کیا، اور نہ تھا میرا تم پر کوئی زور

اِلَّاۤ اَنْ دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ

اِلَّاۤ	اَنْ	دَعَوْتُكُمْ	فَاسْتَجَبْتُمْ	لِيْ	فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ	وَلُوْمُوْۤا	اَنْفُسَكُمْ
مگر	یہ کہ	میں نے بلایا تمہیں	پس تم نے کہا مان لیا	میرا	لہذا نہ لگاؤ الزام مجھ پر	اور تم الزام لگاؤ	اپنے اوپر

مگر یہ کہ میں نے تمہیں بلایا اور تم نے میرا کہا مان لیا لہذا مجھ پر کچھ الزام نہ لگاؤ، الزام اپنے اوپر لگاؤ

مَاۤ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَاۤ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ ؕ اِنِّيْ كَفَرْتُ بِمَاۤ

مَاۤ اَنَا	بِمُصْرِخِكُمْ	وَمَاۤ	اَنْتُمْ	بِمُصْرِخِيَّ	اِنِّيْ	كَفَرْتُ	بِمَاۤ
نہیں میں	فریادرسی کرسکتا تمہاری	اور نہ	تم	فریادرسی کرسکتے ہو میری	بیشک میں	انکار کرتا ہوں	اس سے جو

نہ میں تمہاری فریادرسی کرسکتا ہوں اور نہ تم میری فریادرسی کرسکتے ہو، بیشک میں انکار کرتا ہوں اس کا جو

اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ؕ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۲﴾

اَشْرَكْتُمُوْنِ	مِنْ قَبْلُ	اِنَّ	الظّٰلِمِيْنَ	لَهُمْ	عَذَابٌ + اَلِيْمٌ
تم نے شریک بنایا مجھے	اس سے قبل	بیشک	ظالم (جمع)	انکے لئے	دردناک عذاب

تم نے اس سے قبل مجھے شریک بنایا، بیشک ظالموں کے لئے دردناک عذاب ہے۔

﴿۲۲﴾ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ اِبْلِيْسُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ وَاُدْخِلَ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ وَاَهْلُ النَّارِ النَّارَ وَاجْتَمَعُوْا عَلَيْهِ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ بِالْبَعْثِ

﴿۲۲﴾ وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ الخ اور جس وقت امر الٰہی پورا ہو جاوے گا اور جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں چلے جاویں گے اور سب دوزخی شیطان کے پاس اکٹھے ہو کر اس کو ملامت کریں گے اس وقت

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَالْجَزَاءِ فَصَدَقْتُكُمْ وَوَعَدْتُّكُمْ
اَنَّهٗ غَيْرُ كَائِنٍ فَاَخْلَفْتُكُمْ
وَمَا كَانَ لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ
زَائِدَةٌ سُلْطَانٍ قُوَّةٍ وَ
قُدْرَةٍ اُقْهِرُكُمْ عَلٰى مُتَابَعَتِيْ
اِلَّا لٰكِنْ اَنْ دَعَوْتُكُمْ
فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ فَلَا تَلُوْمُوْنِيْ
وَلُوْمُوْا اَنْفُسَكُمْ عَلٰى اِجَابَتِيْ
مَآ اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ بِمُغِيْثِكُمْ
وَمَآ اَنْتُمْ بِمُصْرِخِيَّ بِفَتْحِ
الْيَاءِ وَكَسْرِهَا اِنِّيْ كَفَرْتُ
بِمَآ اَشْرَكْتُمُوْنِ بِاِشْرَاكِكُمْ
اِيَّايَ مَعَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ
فِي الدُّنْيَا. قَالَ تَعَالٰى اِنَّ
الظّٰلِمِيْنَ الْكٰفِرِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ
اَلِيْمٌ ○ مُؤْلِمٌ

شیطان کہے گا کہ بیشک اللہ نے جو تم سے وعدہ حشر و نشر اور جزاء و سزا کا کیا تھا وہ سچ تھا اور میں نے جو تم سے وعدہ کیا تھا کہ یہ چیزیں نہ ہوں گی سو میں نے تم سے جھوٹ کہا تھا اور مجھ کو تم پر کوئی قوت اور قدرت نہ تھی کہ زبردستی تم کو اپنا پیرو بناؤں لیکن میں نے تم کو بلایا سو تم نے میری بات مان لی۔ پس نہ ملامت کرو مجھ کو اور اپنی جانوں کو ملامت کرو کہ کیوں تم نے میری پیروی کی، میں تمہاری فریاد رسی نہیں کر سکتا اور نہ تم میری فریاد کو پہنچ سکتے ہو بیشک میں منکر ہوں اس کا جو تم نے مجھ کو دنیا میں اللہ کا شریک بنایا۔

فرمایا اللہ تعالیٰ نے بیشک کافروں کے لئے عذاب دردناک تیار ہے۔

تشریح

(۲۲) دوزخیوں کے مہان لیڈر ابلیس کی دوزخیوں کے سامنے تقریر | آیت بالا میں گمراہ رہبروں کا ذکر کیا گیا کہ وہ کس طرح خود بھی بھٹکتے ہیں اور لوگوں کو بھی اپنے پیچھے لگا کر غلط راستے پر چلاتے ہیں۔ گمراہوں اور دوزخیوں کے سب سے بڑے لیڈر ابلیس کی ایک بڑی مدلل تقریر اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں نقل فرمائی ہے ——— ہوگا یہ کہ عالم آخرت میں جب سارا کیا دھرا سامنے آئیگا تو دوزخ والے ابلیس کو الزام دیں گے کہ مردود تو نے ہمیں دنیا میں بڑا گمراہ کیا اور ہمیں اس مصیبت میں پھنسا دیا۔ اس کے جواب میں ابلیس ذیل کے ساتھ تقریر کرتے ہوئے کہے گا کہ دیکھو ایک دعوت تمہارے سامنے اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبروں اور کتابوں کے ذریعہ پیش کی، دوسری طرف میں نے نیکی کے مقابلے میں آپ لوگوں کو بدی اور بغاوت کی دعوت دی، سچ کے مقابلے میں جھوٹ کی طرف بلایا۔ لیکن یہ بتاؤ کہ کیا میں نے کوئی زبردستی کی۔ کیا میں نے جبر سے اپنی بات منوائی یا آپ لوگوں نے اپنے اختیار سے ایک راہ اختیار کی۔ آپ کے سامنے دونوں راستے تھے جھوٹ کا راستہ اور سچ کا راستہ۔ آپ کو پروردگار نے اچھے برے کی تمیز اور پرکھ عطا کی اب یہ آپ کا کام تھا کہ آپ اچھائی یا برائی میں تمیز کریں۔ بیشک میرا یہ قصور ہے کہ میں نے جھوٹ بولا آپ سے جھوٹے وعدے کئے آپکو سہانے سپنے دکھائے آپکی نفسانی خواہشات کو ابھار کر آپکو گمراہ کیا لیکن کوئی بھی کام زور زبردستی سے نہیں ہوا میں نے آپکا ہاتھ پکڑ کر غلط راستے پر نہیں چلایا بیشک میں نے خوشنما توقعات کے جال میں پھنسایا، فائدوں کا لالچ دیا لیکن فیصلہ آپ نے خود کیا میں نے کب کہا تھا کہ آپ مجھے خدائی میں شریک کریں آپنے اپنی حماقت میں مجھے خدائی میں شریک ٹھیرایا بلکہ غیر حق کی یعنی میری عبادت تک کر ڈالی میری باتوں کے سامنے اس طرح سر تسلیم خم کیا جو پروردگار کے احکام کے سامنے کرنا چاہیئے تھا اب میں نہ اپنے لئے کچھ کر سکتا ہوں نہ تمہارے لئے میں اپنے کئے کی سزا بھگت رہا ہوں آپ لوگ اپنے کئے کی سزا بھگتیں۔ ظالموں کے لئے دردناک سزا یقینی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

وَاُدْخِلَ	الَّذِيْنَ + اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا	الصّٰلِحٰتِ	جَنّٰتٍ	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	
اور داخل کئے گئے	جو لوگ ایمان والے	اور انہوں نے عمل کئے	نیک	باغات	بہتی ہیں	انکے نیچے	

اور داخل کئے گئے وہ لوگ جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کئے باغات میں انکے نیچے نہریں بہتی

الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۭ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ﴿۲۳﴾ اَلَمْ

الْاَنْهٰرُ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	بِاِذْنِ	رَبِّهِمْ	تَحِيَّتُهُمْ	فِيْهَا	سَلٰمٌ	اَلَمْ
نہریں	وہ ہمیشہ رہینگے	اسمیں	حکم سے	اپنا رب	ان کا تحفہ ملاقات	اسمیں	سلام	کیا نہیں

ہیں وہ ہمیشہ رہیں گے اسمیں اپنے رب کے حکم سے، اس میں ان کا تحفہ ملاقات "سلام" ہے۔ کیا تم نے

تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا

تَرَ	كَيْفَ	ضَرَبَ + اللّٰهُ	مَثَلًا	كَلِمَةً + طَيِّبَةً	كَشَجَرَةٍ	طَيِّبَةٍ	اَصْلُهَا
تم نے دیکھا	کیسی	بیان کی اللہ نے	مثال	کلمہ طیبہ (پاک بات)	جیسے درخت	پاکیزہ	اسکی جڑ

نہیں دیکھا؟ اللہ نے کیسی مثال بیان کی ہے پاک بات کی جیسے پاکیزہ درخت اس کی جڑ

ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ ﴿۲۴﴾ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۭ

ثَابِتٌ	وَّفَرْعُهَا	فِي	السَّمَآءِ	تُؤْتِيْٓ	اُكُلَهَا	كُلَّ + حِيْنٍ	بِاِذْنِ	رَبِّهَا
مضبوط	اور اسکی شاخیں	میں	آسمان	وہ دیتا ہے	اپنا پھل	ہر وقت	حکم سے	اپنا رب

مضبوط اور اس کی شاخ آسمان میں وہ دیتا ہے ہر وقت اپنا پھل اپنے رب کے حکم سے

وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۵﴾

وَيَضْرِبُ	اللّٰهُ	الْاَمْثَالَ	لِلنَّاسِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَذَكَّرُوْنَ
اور بیان کرتا ہے	اللہ	مثالیں	لوگوں کے لئے	تاکہ وہ	وہ غور و فکر کریں

اور اللہ لوگوں کے لئے مثالیں بیان کرتا ہے تاکہ وہ غور و فکر کریں۔

﴿۲۳﴾ وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ حَالٌ مُقَدَّرَةٌ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۭ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا مِنَ اللّٰهِ وَمِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ وَفِيْمَا بَيْنَهُمْ سَلٰمٌ ۝

﴿۲۴﴾ اَلَمْ تَرَ تَنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

﴿۲۳﴾ اور داخل کئے جاویں گے وہ لوگ جو ایمان لائے اور اچھے عمل کئے ایسے باغوں میں کہ ان کے نیچے نہریں جاری ہیں وہ انمیں ہمیشہ رہیں گے اپنے رب کے حکم سے اللہ اور فرشتوں کی طرف سے انکو سلام پہنچے گا اور وہ آپس میں ایک دوسرے کو سلام کریں گے۔

﴿۲۴﴾ کیا تم نے نہیں دیکھا کیوں کر بیان کی اللہ نے مثال کلمہ طیبہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيُبْدَلُ مِنْهُ كَلِمَةً طَيِّبَةً أَيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ هِيَ النَّخْلَةُ أَصْلُهَا ثَابِتٌ فِي الْأَرْضِ وَفَرْعُهَا غُصْنُهَا فِي السَّمَاءِ ○

یعنی لا الٰہ الا اللہ کی کہ وہ مثل درخت پاکیزہ یعنی کھجور کے درخت کی۔ جڑ اس کی زمین میں ثابت ہے اور شاخیں اس کی آسمان میں

(۲۵) تُؤْتِي أُكُلَهَا ثَمَرَهَا كُلَّ حِينٍ بِإِذْنِ رَبِّهَا بِإِرَادَتِهِ كَذٰلِكَ كَلِمَةُ الْإِيمَانِ ثَابِتَةٌ فِي قَلْبِ الْمُؤْمِنِ وَعَمَلُهُ يَصْعَدُ إِلَى السَّمَاءِ وَيَنَالُهُ بَرَكَتُهُ وَثَوَابُهُ كُلَّ وَقْتٍ وَيَضْرِبُ يُبَيِّنُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ○ يَتَّعِظُونَ فَيُؤْمِنُونَ

(۲۵) ہر وقت اس پر پھل لگتا ہے اس کے رب کے حکم اور ارادہ سے اسی طرح کلمۂ ایمان کا مسلمان کے دل میں ثابت ہے اور اس کے عمل آسمان کی طرف چڑھتے ہیں اور اس کی برکت اور ثواب اس وقت ہر وقت پہنچتا رہتا ہے۔ اور اللہ لوگوں کے لئے مثالیں بیان فرماتا ہے کہ ان کو نصیحت ہو اور وہ ایمان قبول کریں

تشریح

(۲۳) اہل دوزخ کے مقابلے میں اہل ایمان پر اللہ تعالیٰ کے انعامات | اس کے مقابلے میں جو لوگ دنیا میں اللہ پر ایمان لائے ہیں اور ایمان کے تقاضوں کو سمجھ کر اپنی پوری زندگی میں اللہ کے فرماں بردار رہے ہیں، عبادت، اخلاق، معاشرت، معیشت، معاملات جملہ امور میں احکام الٰہیہ پر ان کی نظر رہی ہے ان کا جنت میں خیر مقدم کیا جائے گا اور ان کا استقبال سلامتی کی مبارکباد سے ہوگا۔ جنت کے وہ عالیشان باغات جن کے نیچے بہتے پانی کی نہریں ہونگی اپنے رب کے حکم سے وہ ہمیشہ جنت کے باغوں میں رہیں گے اور راحت وعیش ہمیشہ ہمیشہ انکے ہمکنار رہے گا وہ سکون واطمینان وہ روحانی ترقی اور بلندی جس کا تصور نہیں کیا جاسکتا۔ ہر روز روز عید، ہر شب شب برأت۔ ہر طرف سلامتی ہی سلامتی، اطمینان ہی اطمینان۔

(۲۴) کلمۂ طیبہ کی مثال | کلمہ طیبہ یعنی وہ قول حق اور صالح کلمہ جو سراسر صداقت پر مبنی ہے جس میں اللہ کی توحید کا اقرار پیغمبروں کی صداقت کا یقین اور آخرت پر ایمان شامل ہے۔ یہ پاکیزہ کلمہ اس مضبوط درخت کیطرح ہے جس کی جڑیں زمین میں گہرائی تک جمی ہوئی ہیں اور شاخیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں یہ ستھری اور سچی بات ایسی ہے کہ جس پر سارا نظام کائنات قائم ہے کوئی صداقت اس سے ٹکراتی نہیں ہے اس لئے دل اور زبان سے لے کر زمین وآسمان تک ہر ہر چیز اسی صداقت کا اعلان ہے کہ اس کائنات کا بنانے والا چلانے والا وہی ہے جس کا نام "اللہ" ہے اس کے سوا کوئی نہیں ہے۔ یہ وہ صداقت ہے جو سراسر راستی پر قائم ہے قانون فطرت اسی کا تقاضا کرتا ہے۔

(۲۵) کلمہ طیبہ کے مفید نتائج | یہ پاکیزہ کلمہ ایسا ہے کہ جو شخص اور قوم اس کی بنیاد پر اپنی زندگی کا نظام تعمیر کرے اس کے بہترین نتائج اس کے سامنے آئیں گے اس کے نتیجے میں اخلاق میں پاکیزگی، روح کی لطافت، معاملات کی سچائی، کلام میں صداقت معاشرت میں حسن سلوک، معیشت میں عدل وانصاف سیاست میں دیانت اور جنگ میں شرافت پیدا ہوتی ہے اگر کوئی ٹھیک اس کلمے کو اس کے تقاضوں کے مطابق سمجھ کر قبول کرلے تو وہ کندن بن جاتا ہے اس کے بہترین اور مفید نتائج سارے عالم کو نوازتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ یہ مثالیں سبق حاصل کرنے کے لئے دے رہے ہیں تاکہ لوگ سمجھیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةِ ِ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ

وَمَثَلُ	كَلِمَةٍ + خَبِيثَةٍ	كَشَجَرَةٍ	خَبِيثَةِ	ِ اجْتُثَّتْ	مِنْ	فَوْقِ
اور مثال	ناپاک بات	مانند درخت	ناپاک	اکھاڑ دیا گیا	سے	اوپر

اور ناپاک بات کی مثال ناپاک درخت کی طرح ہے جسے زمین کے اوپر سے اُکھاڑ

الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ﴿٢٦﴾ يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا

الْأَرْضِ	مَا لَهَا	مِنْ قَرَارٍ	يُثَبِّتُ	اللَّهُ	الَّذِينَ + آمَنُوا
زمین	نہیں اسکے لئے	کچھ بھی قرار	مضبوط رکھتا ہے	اللہ	وہ لوگ جو ایمان لائے (مومن)

دیا گیا اس کے لئے کچھ بھی قرار نہیں۔ اللہ مومنوں کو مضبوط بات سے

بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ

بِالْقَوْلِ	الثَّابِتِ	فِي الْحَيَاةِ	الدُّنْيَا	وَفِي الْآخِرَةِ	وَيُضِلُّ
بات سے	مضبوط	میں زندگی	دنیا	اور آخرت میں	اور بھٹکا دیتا ہے

رکھتا ہے دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں (بھی) اور اللہ ظالموں کو

ع ۴ ۶ ۱۶ اللَّهُ الظَّالِمِينَ ۚ وَيَفْعَلُ اللَّهُ مَا يَشَاءُ ﴿٢٧﴾ ع

اللَّهُ	الظَّالِمِينَ	وَيَفْعَلُ	اللَّهُ	مَا يَشَاءُ
اللہ	ظالم (جمع)	اور کرتا ہے	اللہ	جو چاہتا ہے

بھٹکا دیتا ہے اور اللہ کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے۔

﴿٢٦﴾ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ هِيَ كَلِمَةُ الْكُفْرِ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ هِيَ الْحَنْظَلَةُ اجْتُثَّتْ اُسْتُوْصِلَتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ○ مُسْتَقَرٌّ وَثُبَاتٌ كَذٰلِكَ كَلِمَةُ الْكُفْرِ لَا ثَبَاتَ لَهَا وَلَا فَرْعَ وَلَا بَرَكَةَ

﴿٢٦﴾ اور کلمۂ کفر کی مثال ایسی ہے جیسے حنظل کا درخت کہ وہ جڑ سے اکھاڑا گیا ہو زمین سے اوپر اس کو ثبات و قرار نہیں۔ اسی طرح کلمۂ کفر کہ اس کو قرار ہے اور نہ اس کی شاخیں اور نہ اس میں برکت

﴿٢٧﴾ يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ هُوَ كَلِمَةُ التَّوْحِيدِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ أَيْ فِي الْقَبْرِ لَمَّا يَسْأَلُهُمُ الْمَلَكَانِ

﴿٢٧﴾ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو کلمۂ توحید پر ثابت رکھتا ہے دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں یعنی قبر میں جبکہ دو فرشتے منکر و نکیر ان سے پوچھیں گے کہ تمہارا

toobaa-elibrary.blogspot.com

عَنْ رَّبِّهِمْ وَدِيْنِهِمْ وَنَبِيِّهِمْ فَيُجِيْبُوْنَ بِالصَّوَابِ كَمَا فِيْ حَدِيْثِ الشَّيْخَيْنِ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ الْكُفَّارَ فَلَا يَهْتَدُوْنَ بِجَوَابٍ بِالصَّوَابِ بَلْ يَقُوْلُوْنَ لَا نَدْرِيْ كَمَا فِي الْحَدِيْثِ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ○

رب کون ہے اور تمہارا مذہب کیا تھا اور پیغمبر کون تھے تو اس وقت وہ ٹھیک جواب دیں گے جیسا کہ بخاری و مسلم کی حدیث میں ہے۔ اور کافروں کو اللہ گمراہ کرتا ہے سو وہ ٹھیک جواب نہ دے سکیں گے بلکہ کہیں گے کہ ہم نہیں جانتے جیسا کہ حدیث میں ہے۔

اور اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔

تشریح

(۲۶) نظام باطل کلمۂ خبیثہ کیطرح ہے | کلمۂ طیبہ کی مثال ایک پاکیزہ درخت سے دی گئی ہے جس کی جڑیں زمین میں گہری اور شاخیں آسمان سے باتیں کرتی ہوئی۔ ہر زمانے میں یہ پاکیزہ بات ایک اچھے بار آور درخت کی طرح لوگوں کے لئے مفید اور نفع بخش۔

؎ یہ نغمہ فصل گل و لالہ کا نہیں پابند ❊ بہار ہو کہ خزاں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

اب اس کے مقابلے میں نظام باطل اور ہر وہ بات جو اللہ کی مرضی کے خلاف ہو ایک خبیث درخت کی طرح ہے جس کی نہ جڑیں ہیں اور نہ اسے استحکام ہے۔ بودہ اور ناپائیدار، جھوٹ پر قائم ایسا کلمۂ خبیثہ کہ جس میں لوگوں کے لئے فائدہ کے بجائے نقصان اور گھاٹا ہی گھاٹا ہے۔ یہ نظام جہاں قائم ہوتا ہے مشکلات اور مصائب کے جھاڑ جھنکار کے سوا کچھ نہیں ملتا۔ اس کے کڑوے کسیلے پھل حنظل (اندرائن) کی طرح ہیں جنہیں تلخی کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔ زمین و آسمان کی قوتیں اسکو قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں لیکن چونکہ اللہ تعالےٰ نے اس دنیا میں امتحان و آزمائش کے لئے آزادی دی ہے اس لئے خرابیوں کے باوجود اسکو بھی موقع دیا جاتا ہے کیوں کہ یہ حق و صداقت کے بجائے جھوٹ پر قائم ہے اس لئے نہ اس سے انسانی روحوں کو سکون ملتا ہے اور نہ فطرت اسکو قبول کرتی ہے خلافِ فطرت ہونیکی وجہ سے اسکو استحکام حاصل نہیں ہے۔

(۲۷) کلمہ توحید اہل ایمان کی قوت ہے | کلمہ توحید اللہ تعالیٰ کی وحدانیت دل سے اس پر یقین اور زبان سے اس کا اقرار ایک مضبوط نقطۂ فکر ہے اور ایک مکمل اور جامع نظام کی شاہ کلید ہے جو ہر عقدے کو حل کرتی ہے ہر گتھی کو سلجھاتی ہے کیونکہ اس کلمۂ توحید سے سیرت کی وہ مضبوطی، اخلاق کی وہ استواری حاصل ہوتی ہے جس کو زمانے کی کوئی گردش ہلا نہیں سکتی۔ اس کلمہ کے ذریعے ایک فرد کو دل کا سکون اور دماغ کا اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ سعی عمل کی راہ میں ٹھوکریں کھانے سے بچتا ہے اسکی بنیاد پر ایک مضبوط اجتماعی نظام قائم ہوتا ہے جس سے ایک پاکیزہ سوسائٹی بنتی ہے۔ اس کلمے کے نتیجے میں جب انسان موت کی سرحد پار کر کے عالم آخرت میں قدم رکھتا ہے تو وہاں کے سارے مرحلے اس کے لئے جانے پہچانے ہوتے ہیں جن کے لئے وہ پہلے سے تیار ہوتا ہے۔ اس کے مقابلے میں کلمۂ خبیثہ جو توحید کے خلاف ہے ذہن کو پراگندہ کرتا ہے دل کا سکون چھینتا ہے دماغ غیر مطمئن رہتا ہے اور جب ایسا انسان موت کی سرحد پار کر کے عالم آخرت میں قدم رکھے گا تو ہر چیز اس کے لئے انجانی ہوگی۔ دنیا میں بھی بھٹکتا رہا اور یہاں بھی بھٹکا رہی۔ اللہ با اختیار ہیں جو چاہتے ہیں کرتے ہیں اور اس کا ہر معاملہ حکیمانہ ہوتا ہے۔ حق و باطل کے اس امتحان میں بھی اس کی بے شمار حکمتیں پوشیدہ ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ

اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	بَدَّلُوْا	نِعْمَتَ + اللّٰهِ	كُفْرًا	وَّاَحَلُّوْا	قَوْمَهُمْ
کیا تم نے نہیں دیکھا	کو	وہ جنہوں نے	بدل دیا	اللہ کی نعمت	ناشکری سے	اور اُتارا	اپنی قوم

کیا تم نے نہیں دیکھا ان لوگوں کو جنہوں نے اللہ کی نعمت کو ناشکری سے بدل دیا اور اپنی قوم کو اتارا

دَارَ الْبَوَارِ ﴿۲۸﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۭ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۲۹﴾

دَارَ الْبَوَارِ	جَهَنَّمَ	يَصْلَوْنَهَا	وَبِئْسَ	الْقَرَارُ
تباہی کا گھر	جہنم	اسمیں داخل ہونگے	اور بُرا	ٹھکانا

تباہی کے گھر میں۔ وہ جہنم ہے۔ وہ اس میں داخل ہونگے اور وہ بُرا ٹھکانا ہے۔

﴿۲۸﴾ اَلَمْ تَرَ تَنْظُرْ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اَيْ شُكْرَهَا كُفْرًا هُمْ كُفَّارُ قُرَيْشٍ وَّاَحَلُّوْا اَنْزَلُوْا قَوْمَهُمْ بِاَضْلَالِهِمْ اِيَّاهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ۝ اَلْهَلَاكِ

﴿۲۹﴾ جَهَنَّمَ عَطْفُ بَيَانٍ يَصْلَوْنَهَا يَدْخُلُوْنَهَا وَبِئْسَ الْقَرَارُ ۝ اَلْمُقَرُّ هِيَ

﴿۲۸﴾ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ كُفْرًا الخ کیا تم نے اے محمدؐ نہیں دیکھا ان لوگوں کو جنہوں نے اللہ کی نعمتوں پر بجائے شکر کے ناشکری کی (وہ کفار قریش ہیں) اور انہوں نے اپنی قوم کو گمراہ کر کے ہلاکی کے گھر یعنی دوزخ میں پہنچایا

﴿۲۹﴾ وہ اس میں داخل ہونگے اور وہ برا ٹھکانہ ہے۔

تشریح

﴿۲۸﴾ **دین حق کی نعمت کی ناشکری کرنے والے** | اللہ کے رسول حضرت محمدؐ کو اللہ تعالیٰ نے قبیلۂ قریش اور بنی ہاشم میں پیدا کیا۔ اللہ تعالیٰ کا یہ ان پر بہت بڑا احسان تھا کہ ان کی اور پوری دنیا کی ہدایت کے لئے پیغمبر آخرالزماں خاتم الانبیاء اور امام انبیا عرب میں اور عرب کے شہر مکہ میں اور مکہ کے قبیلۂ قریش میں پیدا ہوئے۔ اللہ نے ان پر اپنا کلام قرآن مجید نازل کیا قبیلۂ قریش کو اپنے حرم کا متولی بنایا جس کی وجہ سے سارے عرب میں ان کی عزت کی جاتی ہے۔ ان کے احترام کا حال یہ تھا کہ اگر کسی کا رواں کے بارے میں معلوم ہو جائے کہ یہ قافلہ مکہ کا ہے تو کوئی اس پر حملہ نہیں کرتا تھا اور بے خوف و خطر امن کے ساتھ ان کے قافلے کی آمد و رفت ہوتی تھی، اللہ نے ان کو عرب کی سرداری دی سارے احسانات اور اللہ کی نعمتیں ایسی تھیں کہ وہ ان کا شکر ادا کرتے اور آگے بڑھ کر حق کو دل و جان سے گلے لگاتے مگر خود بھی تباہ ہوئے اور اپنی قوم کو بھی ہلاکت میں مبتلا کر دیا۔

﴿۲۹﴾ **وہ ہلاکت کا گھر جہنم کا عذاب ہے** | یہ ناشکرے اور اللہ کے دین کو جھٹلانے والے جو دنیا میں بھی ہلاکت میں مبتلا ہیں آخرت میں اُن کے لئے بڑا سخت عذاب ہے وہ عذاب ہے جہنم کا جو بڑا برا ٹھکانہ ہے۔ اللہ نے ان کو جہنم سے بچانے کا سامان کیا تھا وہ چاہتے تو اللہ کے دین کو قبول کر کے اس عذاب سے بچ سکتے تھے مگر انہوں نے خود ہی کفرانِ نعمت کر کے اپنے آپ کو عذاب کا مستحق بنا لیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ

وَجَعَلُوْا	لِلّٰهِ	اَنْدَادًا	لِيُضِلُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِهٖ	قُلْ	تَمَتَّعُوْا	فَاِنَّ
اور انہوں نے ٹھہرائے	اللہ کیلئے	شریک	تاکہ وہ گمراہ کریں	سے	اس کا راستہ	کہدیں	فائدہ اٹھالو	پھر بیشک

اور انہوں نے اللہ کیلئے شریک ٹھہرائے تاکہ وہ اس کے راستہ سے گمراہ کریں۔ آپ کہدیں فائدہ اٹھالو، بیشک

مَصِيْرَكُمْ اِلَى النَّارِ ﴿۳۰﴾ قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا

مَصِيْرَكُمْ	اِلَى	النَّارِ	قُلْ	لِّعِبَادِيَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	يُقِيْمُوا
تمہارا لوٹنا	طرف	جہنم	کہدیں	میرے بندوں سے	وہ جو کہ	ایمان لائے	قائم کریں

تمہارا لوٹنا (بازگشت) جہنم کی طرف ہے۔ آپ میرے ان بندوں سے کہدیں جو ایمان لائے کہ وہ نماز

الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ

الصَّلٰوةَ	وَيُنْفِقُوْا	مِمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	سِرًّا	وَّعَلَانِيَةً	مِّنْ قَبْلِ
نماز	اور خرچ کریں	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	چھپا کر	اور ظاہر	اس سے قبل

قائم کریں اور اس میں سے خرچ کریں جو میں نے انہیں دیا ہے چھپا کر اور ظاہری طور پر، اس سے قبل

اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ

اَنْ	يَّاْتِيَ	يَوْمٌ	لَّا بَيْعٌ	فِيْهِ	وَلَا خِلٰلٌ	اَللّٰهُ	الَّذِيْ	خَلَقَ
کہ	آجائے	وہ دن	نہ خرید فروخت	اسمیں	اور نہ دوستی	اللہ	وہ جو	اس نے پیدا کیا

کہ وہ دن آجائے جس میں نہ خرید و فروخت ہوگی اور نہ دوستی۔ اللہ ہے جس نے آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَاَنْزَلَ	مِنَ	السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَخْرَجَ	بِهٖ
آسمان (جمع)	اور زمین	اور اتارا	سے	آسمان	پانی	پھر نکالا	اس سے

زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے پانی اتارا پھر اس سے نکالا تمہارے

مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي

مِنَ	الثَّمَرٰتِ	رِزْقًا	لَّكُمْ	وَسَخَّرَ	لَكُمُ	الْفُلْكَ	لِتَجْرِيَ	فِي
سے	پھل (جمع)	رزق	تمہارے لئے	اور مسخر کیا	تمہارے لئے	کشتی	تاکہ چلے	میں

لئے پھلوں سے رزق، اور تمہارے لئے کشتی کو مسخر (تابع فرمان) کیا تاکہ اس

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْبَحْرُ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ﴿۳۲﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ

البحر	بامرہ	وسخر	لکم	الانہر	وسخر	لکم	الشمس	والقمر
دریا	اسکے حکم سے	اور مسخر کیا	تمہارے لئے	نہریں (ندیاں)	اور مسخر کیا	تمہارے لئے	سورج	اور چاند

(اللہ) کے حکم سے دریا میں چلے اور مسخر کیا تمہارے لئے نہروں کو۔ اور تمہارے لئے مسخر کیا سورج اور چاند کو

دَآئِبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ﴿۳۳﴾

دآئبین	وسخر	لکم	الیل	والنہار	
ایک دستور پر چلنے والے	اور مسخر کیا	تمہارے لئے	رات	اور دن	

کہ وہ ایک دستور پر چل رہے ہیں اور تمہارے لئے مسخر کیا رات اور دن کو

﴿۳۰﴾ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوْا بِفَتْحِ الْيَاءِ وَضَمِّهَا عَنْ سَبِيْلِهٖ دِيْنِ الْاِسْلَامِ قُلْ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا بِدُنْيَاكُمْ قَلِيْلًا فَاِنَّ مَصِيْرَكُمْ مَرْجِعَكُمْ اِلَى النَّارِ ○

﴿۳۰﴾ اور انہوں نے اللہ کے شریک بنائے تاکہ لوگوں کو راہ حق یعنی دین اسلام سے گمراہ کریں ان سے کہدو کہ دنیا میں تھوڑی مدت تم نفع اٹھاؤ پس بیشک تم کو جانا ہے دوزخ میں

﴿۳۱﴾ قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ○ مُخَالَةٌ اَيْ صَدَاقَةٌ تَنْفَعُ هُوَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ

﴿۳۱﴾ میرے بندوں ایمان والوں سے کہدو کہ نماز پڑھتے رہیں اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا اس میں سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کریں پہلے اس دن کے آنے سے کہ اس میں نہ عوض دیکر چھٹکارا ہوسکے گا نہ کسی کی دوستی کام آوے۔

﴿۳۲﴾ اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِالرُّكُوْبِ وَالْحَمْلِ بِاَمْرِهٖ بِاِذْنِهٖ وَ

﴿۳۲﴾ اللہ وہ ہے کہ اس نے آسمانوں اور زمینوں کو بنایا اور آسمان سے پانی اتارا سو اس پانی سے تمہارے کھانے کے لئے پھل نکالے اور کشتیوں کو تمہارے تابع کیا تاکہ وہ حکم الٰہی سے دریا میں چلیں اور تم ان میں سوار ہو اور بوجھ رکھو

﴿۳۳﴾ سَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ○ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ۚ جَارِيَيْنِ فِيْ فَلَكِهِمَا لَا يَفْتُرَانِ

﴿۳۳﴾ اور نہروں کو تمہارے تابع کیا اور سورج اور چاند کو تمہارے تابع کیا کہ وہ دونوں چلتے ہیں اپنے اپنے آسمان میں سست نہیں ہوتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ ○ لِتَبْتَغُوْا فِيْهِ مِنْ فَضْلِهٖ

اور رات کو تمہارے آرام کے لئے بنایا اور دن کو اس لئے کہ اس میں روزی تلاش کرو۔

تشریح

(۳۰) علم حقیقی سے بغاوت | اللہ تعالیٰ تمام نعمتوں کے عطا کرنے والے ہیں دین اور دنیا کی جتنی بھلائیاں ہیں سب اللہ کے قبضے میں ہیں۔ ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ اس کے احسانات کو مان کر اس کی شکر گزاری اور اطاعت شعاری میں مشغول ہوتے اس کے بجائے الٹا بغاوت پر آمادہ ہو گئے۔ اللہ کے ساتھ کچھ فرضی معبودوں کو شریک کر کے اللہ کے مقابلے پر کھڑا کر دیا کسی دیوی دیوتا کو اولاد دینے والا، کسی کو رزق دینے والا کسی کو حاجت روا کسی کو بچانے والا مان کر ان کو اپنی نیازمندیوں اور عبادت کا مستحق سمجھ لیا اس طرح کچھ فرضی چیزوں کو اللہ تعالیٰ کا ہمسر تجویز کر کے لوگوں کو اللہ کے راستے سے بھٹکایا۔ چند روز دنیا کی زندگی میں اپنا دل خوش کر لو اور بظاہر دنیا کے مزے اڑالو آخر تمہیں دوزخ میں ہی پلٹ کر جانا ہے کیونکہ ان کرتوتوں کا انجام یہی ہے۔

(۳۱) اہل ایمان کی روش | کفرانِ نعمت کرنے والے ناشکروں کے مقابلے میں اہل ایمان کی روش یہ ہونی چاہیئے کہ وہ اپنے رب کے احسانات پر اس کے شکر گزار رہیں اور شکر گذاری کی عملی صورت یہ ہے کہ نماز قائم کریں اور اللہ نے جو اُن کو مال دیا ہے اسے کھلے چھپے اللہ کی راہ میں خرچ کریں اس طرح خالق کی عبادت اور مخلوق کی خدمت کر کے اللہ کی نعمتوں کے اور زیادہ مستحق بنیں اس لئے کہ اس دنیا کی زندگی کے بعد وہ دن آنے والا ہے جہاں نہ خرید و فروخت ہوگی کہ کچھ دے دلا کر نجات خریدی جا سکے اور نہ وہاں کسی کی دوستی کام آئے گی جو خدا کی پکڑ سے بچا سکے۔ اس دن یہ نیکیاں ہی کام آئیں گی جو انسان اس دنیا کی زندگی میں جمع کر لے گا۔

(۳۲) اللہ کی کچھ بڑی بڑی نعمتوں کا تذکرہ | اللہ کے احسانات کے مقابلے میں ناشکری کرنے والوں کا ذکر کرنے کے بعد مومنین کی شکر گزاری کا تذکرہ کیا گیا۔ اب اللہ تعالیٰ کی ان بڑی بڑی نعمتوں کا تذکرہ جو تمام انسانوں کے لئے عام ہیں اور ہر انسان ان سے فائدہ اٹھاتا ہے تاکہ ان کو سن کر اللہ کا انکار کرنے والے بھی غور کریں، اور مومنین بھی مزید شکر گزار بننے کی کوشش کریں۔ کس کی نعمت کی ناشکری کی جا رہی ہے کس کی اطاعت اور بندگی سے منہ موڑا جا رہا ہے؟ اس اللہ کی جس نے زمین و آسمان پیدا کئے! جس نے آسمان سے پانی برسایا پھر بارش کے ذریعے تمہیں رزق پہنچانے کے لئے طرح طرح کے پھل پیدا کرتا ہے! جس نے جہازوں اور کشتیوں کو تمہارے لئے مسخر کر دیا کہ اس کے حکم سے سمندر میں بہتے ہیں! جس نے دریاؤں کو تمہارے لئے مسخر کر دیا کہ جن کے پانی سے تم فائدہ اٹھاتے ہو!! ۔ یہ سب نعمتیں تمہیں کون دیتا ہے ذرا غور تو کرو

(۳۳) اللہ نے چاند سورج دن رات تمہارے لئے بنا دیئے | اللہ تعالیٰ نے کشتی اور جہاز کی طرح اور پانی کی طرح سورج اور چاند کو ایسے قوانین کا پابند بنا دیا جن کی وجہ سے یہ سب چیزیں انسان کے لئے نفع بخش بن گئیں سورج اور چاند روز و شب کے ضابطوں میں اس طرح بندھے ہوئے ہیں کہ انسان کے لئے زمین پر زندگی گزارنا اور راحت و آرام سے رہنا ممکن ہو گیا ہے اور ان فطری قوانین کی بدولت انسانی تمدن پھلتا پھولتا اور آگے بڑھتا ہے یہ قوانینِ فطرت اتنے صحیح طریقے پر کام کرتے ہیں کہ ان کے ضابطے میں ذرہ برابر فرق نہیں آتا۔ اور اس طرح وہ تمہاری خدمت میں لگے ہوئے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ؕ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ

وَاٰتٰىكُمْ	مِّنْ كُلِّ	مَا	سَاَلْتُمُوْهُ	وَاِنْ	تَعُدُّوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ	لَا تُحْصُوْهَا	اِنَّ
اور اس نے تمہیں دی	ہر چیز سے	جو	تم نے اس سے مانگی	اور اگر	گننے لگو	نعمت	اللہ	اس کو شمار میں نہ لا سکو گے	بیشک

اور اس نے تمہیں دی ہر چیز جو تم نے اس سے مانگی اور اگر تم اللہ کی نعمت گننے لگو تم اُسے شمار میں نہ لا سکو گے بیشک

ع ۵ ۱۷ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ﴿۳۴﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ

الْاِنْسَانَ	لَظَلُوْمٌ	كَفَّارٌ	وَاِذْ	قَالَ	اِبْرٰهِيْمُ	رَبِّ	اجْعَلْ	هٰذَا	الْبَلَدَ
انسان	بیشک بڑا ظالم	ناشکرا	اور جب	کہا	ابراہیم	اے میرے رب	بنا دے	یہ	شہر

انسان بڑا ظالم ناشکرا ہے ۔ اور جب ابراہیم نے کہا اے ہمارے رب بنا دے اس شہر کو امن

اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿۳۵﴾ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا

اٰمِنًا	وَّاجْنُبْنِيْ	وَبَنِيَّ	اَنْ	نَّعْبُدَ	الْاَصْنَامَ	رَبِّ	اِنَّهُنَّ	اَضْلَلْنَ	كَثِيْرًا
امن کی جگہ	اور مجھے دور رکھ	اور میری اولاد	کہ	ہم پرستش کریں	بت (جمع)	اے میرے رب	بیشک وہ	انہوں نے گمراہ کیا	بہت

کی جگہ اور مجھے اور میری اولاد کو اس سے دور رکھ کہ ہم بتوں کی پرستش کرنے لگیں ۔ اے میرے رب ! بیشک انہوں نے بہت سے لوگوں کو

مِّنَ النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۶﴾

مِنَ	النَّاسِ	فَمَنْ	تَبِعَنِيْ	فَاِنَّهٗ	مِنِّيْ	وَمَنْ	عَصَانِيْ	فَاِنَّكَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
سے	لوگ	پس جو جس	میری پیروی کی	بیشک وہ	مجھ سے	اور جو جس	میری نافرمانی کی	تو بیشک تو	بخشنے والا	نہایت مہربان

گمراہ کیا پس جس نے میری پیروی کی بیشک وہ مجھ سے ہے ۔ اور جس نے میری نافرمانی کی تو بیشک تو بخشنے والا نہایت مہربان ہے ۔

﴿۳۴﴾ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ عَلٰى حَسَبِ مَصَالِحِكُمْ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ بِمَعْنٰى اِنْعَامِهٖ كَلَا تُحْصُوْهَا لَا تُطِيْقُوْا عَدَّهَا اِنَّ الْاِنْسَانَ الْكَافِرَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ۝ كَثِيْرَ الظُّلْمِ لِنَفْسِهٖ بِالْمَعْصِيَةِ وَالْكُفْرِ لِنِعْمَةِ رَبِّهٖ ﴿۳۵﴾ وَاذْكُرْ اِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ مَكَّةَ اٰمِنًا ذَا اَمْنٍ وَقَدْ اَجَابَ اللّٰهُ تَعَالٰى دُعَاءَهٗ فَجَعَلَهٗ حَرَمًا لَا يُسْفَكُ فِيْهِ دَمُ اِنْسَانٍ وَلَا يُظْلَمُ فِيْهِ اَحَدٌ وَلَا يُصَادُ صَيْدُهٗ وَلَا يُخْتَلٰى خَلَاهُ وَاجْنُبْنِيْ بَعِّدْنِيْ وَبَنِيَّ عَنْ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ۝ ﴿۳۶﴾ رَبِّ اِنَّهُنَّ اَيِ الْاَصْنَامُ اَضْلَلْنَ

﴿۳۴﴾ اور جو تم نے اللہ سے مانگا اس نے تم کو اس میں سے دیا موافق تمہاری حاجت اور ضرورت کے اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرو تو ان کو گن نہ سکو۔ بیشک کافر آدمی اپنی جان پر بہت ظلم کرنے والا ہے گناہ کر کے اور اپنے رب کی نعمتوں کا شکر ادا نہیں کرتا

﴿۳۵﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا الخ اور یاد کر جبکہ ابراہیمؑ نے عرض کیا کہ اے میرے اس شہر یعنی مکہ کو صاحب امن کر۔ اور بیشک اللہ نے اسکی دعا قبول فرمائی کہ مکہ کو حرم کر دیا نہ وہاں کسی آدمی کو قتل کیا جاوے اور نہ کسی پر ظلم کیا جاوے اور نہ وہاں کا جانور شکار کیا جاوے اور نہ وہاں کی گھاس کاٹی جاوے اور اے میرے رب دور رکھ مجھکو اور میرے بیٹوں کو بتوں کی پرستش سے

﴿۳۶﴾ اے میرے رب بے شبہ ان بتوں نے بہت آدمیوں کو گمراہ کیا کہ وہ انکو

toobaa-elibrary.blogspot.com

كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ فَمَن تَبِعَنِي فَإِنَّهُ مِنِّي وَمَنْ عَصَانِي فَإِنَّكَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ○ رَبَّنَا إِنِّي أَسْكَنتُ مِن ذُرِّيَّتِي بِوَادٍ غَيْرِ ذِي زَرْعٍ عِندَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيمُوا الصَّلَاةَ فَاجْعَلْ أَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِي إِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُم مِّنَ الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُونَ ○ رَبَّنَا إِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِي وَمَا نُعْلِنُ وَمَا يَخْفَىٰ عَلَى اللَّهِ مِن شَيْءٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ○ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي وَهَبَ لِي عَلَى الْكِبَرِ إِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ إِنَّ رَبِّي لَسَمِيعُ الدُّعَاءِ ○ رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيمَ الصَّلَاةِ وَمِن ذُرِّيَّتِي رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاءِ ○ رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ○

پوچھنے لگے سو جو شخص میری پیروی کرے اور توحید حق تعالیٰ کا قائل ہو پس وہ میرے مذہب والوں میں ہے اور جو شخص میرا حکم نہ مانے پس بیشک تو بخشنے والا مہربان ہے۔ یہ کہنا ابراہیم ؑ کا اس امر کے جاننے سے پہلے ہے کہ اللہ تعالیٰ شرک کو نہیں بخشتا۔

تشریح

(۳۴) فطرت کی ہر مانگ کو پورا کرنے والی اللہ کی بیشمار نعمتیں | یہ تو صرف چند بڑی بڑی نعمتوں کا ذکر ہے۔ انسان کی فطرت جس چیز کو طلب کرتی ہے اس کی راحت اور زندگی کے لئے جو جو چیز ضروری ہے انسان کی بقا اور ترقی کے لئے جن جن وسائل کی ضرورت ہے پروردگار نے وہ سب مہیا کر دیئے۔ اگر انسان اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہے تو وہ اتنی بے شمار ہیں کہ ان کو گن نہیں سکتا مگر انسان بڑا بے انصاف اور ناشکرا ہے۔ اگر وہ اپنی اس کمزوری پر نظر کرے اور اس کو دور کرنے کی کوشش کرے تو اسے اندازہ ہوگا کہ وہ محسن حقیقی کے احسانات میں دبا ہوا ہے۔

(۳۵) مکہ کی تاریخ اور حضرت ابراہیم کی دعاؤں اور تمناؤں کو یاد کرو | قریش جو آج عرب کے سردار بنے ہوئے ہیں اور حرم محترم کعبہ سے پورے عرب میں ان کا سکہ چلتا ہے، وہ ذرا یاد کریں کہ یہ شہر مکہ کس طرح آباد ہوا تھا اور پھر جب حضرت ابراہیم نے یہاں خانہ کعبہ کی بنیاد رکھی تھی تو کیا کیا دعائیں اور تمنائیں کی تھیں۔ انہوں نے دعا کی تھی کہ پروردگار اس شہر کو امن کا شہر بنائیو مجھے اور میری اولاد کو بت پرستی سے بچائیو۔ آج اسی کعبہ کو تم نے توحید کے مرکز کے بجائے بت پرستی کا گڑھ بنا لیا ہے۔ یہ صنم پرستی جو نظام شرک کی بنیاد ہے جو پروردگار سے بغاوت ہے جو رب العالمین کی ناشکری اور کفران نعمت ہے۔

(۳۶) صنم پرستی نے بہت سوں کو گمراہ کیا ہے | یہ صنم پرستی کوئی معمولی بات نہیں ہے۔ یہ دراصل نظام حق کے مقابلے میں نظام باطل کا اعلان اور رب حقیقی سے بغاوت ہے۔ حضرت ابراہیم نے دعا کی تھی کہ اے پروردگار جو میرے طریقے پر چلیگا اور توحید کو اختیار کرے گا وہی حقیقت میں میرا ہے اور جو اس کے خلاف طریقہ اختیار کرے گا تو پھر معاملہ آپ کے حوالے ہے اور آپ بہت درگذر کرنے والے اور مہربان ہیں آپ جو کچھ معاملہ کریں گے وہ شفقت کے ساتھ ہی فرمائیں گے ان میں طلب ہدایت پیدا ہو جائے، تو ان کو توبہ کی توفیق دے سکتے ہیں آپ کی مہربانی ہو تو وہ ایمان لا کر آپ کی رحمت کے مستحق بن سکتے ہیں۔ حضرات پیغمبر علیہ السلام میں ایسی نرم دلی اور نوع انسانی کے لئے شفقت ہوتی ہے کہ وہ آخر وقت تک اللہ تعالیٰ سے عفو و درگذر کی التجا کرتے رہتے ہیں جیسا کہ سورۂ مائدہ آیت ۱۱۸ میں حضرت عیسیٰ ؑ کی دعا ہے کہ "اگر حضور ان کو سزا دیں تو یہ آپ کے بندے ہیں اور اگر معاف کر دیں تو آپ بالادست اور حکیم ہیں"۔ آپ اپنے بندوں پر بے جا ظلم اور سختی نہیں کر سکتے۔ اگر آپ ان کو سزا دیں گے تو عین عدل و حکمت کے مطابق ہوگی اور اگر معاف کر دیں تو یہ معافی عاجز ہونے کی وجہ سے نہیں ہوگی کیونکہ آپ عزیز و غالب ہیں کوئی مجرم آپ کے قبضۂ قدرت سے بھاگ کر نکل نہیں سکتا اور چونکہ آپ حکمت والے ہیں اسلئے یہ بھی ممکن نہیں کہ کسی مجرم کو یونہی بے موقع چھوڑ دیں بہرحال جو بھی فیصلہ آپ ان مجرمین کے حق میں کریں گے وہ بالکل حکیمانہ اور قادرانہ و قدرت والا ہوگا۔ حضرت عیسیٰ ؑ کا یہ کلام چونکہ میدان حشر میں ہوگا اس لئے آپنے عزیز حکیم فرمایا۔ حضرت ابراہیم ؑ کی یہ دعا کیونکہ دنیا میں ہوئی ہے اسلئے عزیز حکیم کے بجائے غفور رحیم فرمایا کہ ابھی موقع ہے کہ تو اپنی رحمت سے توبہ کی توفیق دے اور پچھلے گناہوں کو معاف فرما دے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَبَّنَآ اِنِّیۡۤ اَسۡکَنۡتُ مِنۡ ذُرِّیَّتِیۡ بِوَادٍ غَیۡرِ ذِیۡ زَرۡعٍ عِنۡدَ

رَبَّنَآ	اِنِّیۡۤ	اَسۡکَنۡتُ	مِنۡ	ذُرِّیَّتِیۡ	بِوَادٍ	غَیۡرِ	ذِیۡ زَرۡعٍ	عِنۡدَ
اے ہمارے رب	بیشک میں	میں نے بسایا	سے کچھ	اپنی اولاد	میدان	بغیر	کھیتی والے	نزدیک

اے ہمارے رب! بیشک میں نے اپنی کچھ اولاد کو ایک بغیر کھیتی والے میدان میں بسایا ہے تیرے احترام والے

بَیۡتِکَ الۡمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِیُقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ فَاجۡعَلۡ اَفۡئِدَۃً مِّنَ

بَیۡتِکَ	الۡمُحَرَّمِ	رَبَّنَا	لِیُقِیۡمُوا	الصَّلٰوۃَ	فَاجۡعَلۡ	اَفۡئِدَۃً	مِّنَ
تیرا گھر	احترام والا	اے ہمارے رب	تاکہ قائم کریں	نماز	پس کردے	دل (جمع)	سے

گھر کے نزدیک۔ اے ہمارے رب! تاکہ وہ نماز قائم کریں، پس لوگوں کے دلوں کو (ایسا)

النَّاسِ تَہۡوِیۡۤ اِلَیۡہِمۡ وَارۡزُقۡہُمۡ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّہُمۡ یَشۡکُرُوۡنَ ﴿۳۷﴾

النَّاسِ	تَہۡوِیۡۤ	اِلَیۡہِمۡ	وَارۡزُقۡہُمۡ	مِّنَ	الثَّمَرٰتِ	لَعَلَّہُمۡ	یَشۡکُرُوۡنَ
لوگ	وہ مائل ہوں	انکی طرف	اور انہیں رزق دے	سے	پھل (جمع)	تاکہ وہ	شکر کریں

کردے کہ وہ ان کی طرف مائل ہوں، اور انہیں پھلوں سے رزق دے تاکہ وہ شکر کریں۔

رَبَّنَاۤ اِنَّکَ تَعۡلَمُ مَا نُخۡفِیۡ وَمَا نُعۡلِنُ ؕ وَمَا یَخۡفٰی عَلَی اللّٰہِ

رَبَّنَاۤ	اِنَّکَ	تَعۡلَمُ	مَا نُخۡفِیۡ	وَمَا	نُعۡلِنُ	وَمَا	یَخۡفٰی	عَلَی اللّٰہِ
اے ہمارے رب	بیشک تو	تو جانتا ہے	جو ہم چھپاتے ہیں	اور جو	ہم ظاہر کرتے ہیں	اور نہیں	چھپی ہوئی	اللہ پر

اے ہمارے رب! بیشک تو تو جانتا ہے جو ہم چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں۔ اور اللہ پر کوئی چیز چھپی ہوئی

مِنۡ شَیۡءٍ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ ﴿۳۸﴾

مِنۡ	شَیۡءٍ	فِی الۡاَرۡضِ	وَلَا	فِی	السَّمَآءِ
سے کوئی	چیز	زمین میں	اور نہ	میں	آسمان

نہیں زمین میں اور نہ آسمان میں۔

﴿۳۷﴾ رَبَّنَاۤ اِنِّیۡۤ اَسۡکَنۡتُ مِنۡ ذُرِّیَّتِیۡ اَیۡ بَعۡضَہَا وَہُوَ اِسۡمٰعِیۡلُ مَعَ اُمِّہٖ ہَاجَرَ بِوَادٍ غَیۡرِ ذِیۡ زَرۡعٍ ہُوَ مَکَّۃُ عِنۡدَ بَیۡتِکَ الۡمُحَرَّمِ الَّذِیۡ کَانَ قَبۡلَ الطُّوۡفَانِ رَبَّنَا لِیُقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ فَاجۡعَلۡ اَفۡئِدَۃً

﴿۳۷﴾ اے ہمارے رب بیشک میں نے اپنی بعض اولاد یعنی اسمٰعیل کو معہ اسکی والدہ ہاجرہ کے غیر کھیتی والے جنگل یعنی مکہ میں تیرے گھر حرمت والے کے پاس رکھا جو طوفان کے آنے سے پہلے بنا ہوا تھا۔ اے ہمارے رب انکو اسلئے یہاں رکھا کہ وہ نماز قائم کریں سو تو لوگوں کے دل انکی طرف متوجہ فرما کہ وہ یہاں آویں

toobaa-elibrary.blogspot.com

فُلُوْبًا مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ○ وَقَدْ نَقَلَ بِنَقْلِ الطَّائِفِ اِلَيْهِ

(۳۸) رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا نُعْلِنُ ۭ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ ○ يَحْتَمِلُ اَنْ يَّكُوْنَ مِنْ كَلَامِهٖ تَعَالٰى اَوْ كَلَامِ اِبْرٰهِيْمَ ؑ

فیصل

اور رہیں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر اللہ تعالیٰ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ کے بجائے اَفْئِدَةَ النَّاسِ فرماتے بغیر مِنْ کے تو فارس اور روم کے رہنے والے اور تمام جہان کے آدمی مکہ کی طرف مائل اور متوجہ ہوتے اور وہاں آتے اور روزی دے اے میرے رب انکو میوے اور پھل تاکہ وہ تیرے شکرگزار ہوں چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ایسا ہی کیا کہ طائف کو منتقل کرکے مکہ پاس آباد کیا۔

(۳۸) اے ہمارے رب بیشک تو جانتا ہے جو ہمارے دل میں ہے اور جو ہم ظاہر کرتے ہیں اور اللہ پر کوئی چیز زمین و آسمان کی پوشیدہ نہیں۔ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ الخ مقول ابراہیم ؑ کا ہے یا کلام جناب باری ہے۔ اسمیں دونوں احتمال ہیں۔

تشریح

(۳۷) حضرت اسماعیل ؑ کے ذریعے مکے کی آبادی اور حضرت ابراہیم ؑ کی دعا | حضرت ابراہیم ؑ نے اللہ کے حکم سے شیرخوارگی کی حالت میں اپنے اکلوتے بیٹے اسماعیل ؑ اور ان کی والدہ ہاجرہ کو اس چٹیل بے آب و گیاہ وادی میں چھوڑ دیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص کرم سے یہاں زمزم کا چشمہ جاری کیا جس کو دیکھ کر قبیلۂ جُرہم کے کچھ لوگ وہاں پہنچ گئے اور حضرت ہاجرہ کی اجازت سے وہیں بس گئے۔ حضرت اسماعیل بڑے ہوئے تو اسی قبیلہ میں ان کی شادی ہوئی اس طرح مکے کی بستی بس گئی۔ حضرت ابراہیم ؑ نے حضرت اسماعیل ؑ سے مل کر خانۂ کعبہ کی تعمیر کی اور اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ رب العالمین میں نے اپنی اولاد کو آپ کے مقدس گھر کے پاس اس لئے آباد کیا ہے کہ یہ لوگ یہاں نماز قائم کریں آپکی عبادت اور بندگی سے آپ کا یہ محترم گھر آباد ہو۔ پروردگار لوگوں کے دلوں کو اس گھر کی طرف راغب کردے اور ان کی دل جمعی کے لئے غیب سے ایسا سامان کردے کہ عمدہ میوے، غلہ، پانی جس چیز کی ضرورت ہو وہ یہاں ان کو ملتا رہے تاکہ یہ دلجمعی کے ساتھ آپ کی عبادت کریں اور آپ کے شکرگزار بندے بنیں۔ معلوم ہوا کہ روئے زمین پر یہ سب سے پہلے عبادت گاہ اللہ کی بندگی کے لئے بطور مرکز تعمیر کی گئی تھی۔ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ۔

؎ دنیا کے بتکدے میں پہلا وہ گھر خدا کا ؎ ہم اس کے پاسباں ہیں وہ پاسباں ہمارا

حق تعالیٰ نے حضرت ابراہیم ؑ کی یہ دعائیں قبول فرمائیں ہر سال ہزاروں لاکھوں آدمی کھنچ کھنچ کر وہاں پہنچتے ہیں کھانے پینے کی چیزوں کی جو افراط اتنے بڑے مجمع میں نظر آتی ہے یہ حضرت ابراہیم ؑ کی دعا کی قبولیت کی صاف علامت ہے۔ حضرت ابراہیم ؑ نے اپنی دعا میں اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ (کچھ آدمیوں کے دل) فرمایا تھا ورنہ شاید سارا جہاں ٹوٹ پڑتا۔

(۳۸) اللہ تو ہر چیز سے باخبر ہے | حضرت ابراہیم ؑ نے عرض کیا کہ اے پروردگار جو ہم چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں یعنی جو ہماری زبان پر ہے اور جو ہمارے دل کے جذبات ہیں آپ سب سے واقف ہیں واقعہ یہی ہے کہ زمین و آسمان میں کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو اللہ تعالیٰ سے چھپی ہوئی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَهَبَ لِیْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیْ	وَهَبَ + لِیْ	عَلَى	الْكِبَرِ	اِسْمٰعِیْلَ	وَاِسْحٰقَ	اِنَّ	رَبِّیْ	لَسَمِیْعُ
تمام تعریفیں	اللہ کیلئے	وہ جو جس	بخشا مجھے	پر میں	بڑھاپا	اسمٰعیل	اور اسحٰق	بیشک	میرا رب	البتہ سننے والا

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے بڑھاپے میں بخشا اسمٰعیل ؑ اور اسحٰق ؑ بیشک میرا رب دعا سننے

الدُّعَآءِ ﴿۳۹﴾ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾

الدُّعَآءِ	رَبِّ	اجْعَلْنِیْ	مُقِیْمَ	الصَّلٰوةِ	وَمِنْ	ذُرِّیَّتِیْ	رَبَّنَا	وَتَقَبَّلْ	دُعَآءِ
دعا	اے میرے رب	مجھے بنا	قائم کرنیوالا	نماز	اور سے کو	میری اولاد	اے ہمارے رب	اور قبول فرما	دعا

والا ہے اے میرے رب! مجھے بنا نماز قائم کرنے والا اور میری اولاد کو بھی، اے ہمارے رب میری دعا قبول فرمالے۔

﴿۳۹﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَهَبَ لِیْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَسَمِیْعُ الدُّعَآءِ ○

﴿۳۹﴾ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ وَهَبَ لِیْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ الخ جمع حمد اس اللہ کو جس نے مجھکو بڑھاپے میں دو بیٹے اسمٰعیل و اسحٰق عطا فرمائے جس وقت اسمٰعیل پیدا ہوا عمر ابراہیم کی ننانوے برس کی تھی اور جب اسحٰق پیدا ہوا عمر انکی ایک سو بارہ برس کی تھی بیشک میرا رب سننے والا ہے دعا کو۔

﴿۴۰﴾ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○ اَلْمَذْكُوْرِ

﴿۴۰﴾ اے میرے رب کر مجھ کو نماز قائم کرنے والا اور کر میری اولاد میں سے نماز پڑھنے والے (مِنْ ذُرِّیَّتِیْ اسلئے کہا تاکہ معلوم ہوجائے کہ کل ذریۃ مسلمان نہ ہوگی بعض انمیں سے کافر ہونگے)

اے ہمارے رب یہ ہماری دعا قبول فرما

تشریح

﴿۳۹﴾ اولاد کی نعمت پر حضرت ابراہیم ؑ کی شکرگزاری | حضرت ابراہیم ؑ نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ اس نے بڑھاپے کی عمر میں جبکہ حضرت ابراہیم ؑ کی عمر تقریباً ۸۷ سال تھی دوسری بیوی حضرت ہاجرہ کے بطن سے حضرت اسمٰعیل اور اسکے بعد تقریباً ۹۹ سال کی عمر میں پہلی بیوی حضرت سارہ کے بطن سے حضرت اسحاق ؑ عطا فرمائے ..... حضرت ابراہیم ؑ نے اللہ کے سامنے عرض کیا کہ بے شک آپ دعاؤں کے سننے والے ہیں جس طرح آپ نے میری اس دعا کو قبول کیا میری دیگر دعاؤں کو بھی قبول فرمالیجئے۔

﴿۴۰﴾ اولاد کے لئے دین پر قائم رہنے کی دعا | حضرت ابراہیم نے یہ بھی دعا کی کہ اے میرے پروردگار مجھے نماز کا قائم کرنے والا بنا اور میری اولاد سے بھی ایسے لوگ اٹھیں جو نمازوں کو ٹھیک طور پر قائم رکھیں۔ آپ کے دین پر خود بھی عمل کریں اور دوسروں کو بھی عمل کی دعوت دیں۔ (وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ) میں اشارہ پیغمبر آخرالزماں کیطرف ہے اور یہ بات حضرت ابراہیم ؑ کے قلب مبارک میں موجود تھی۔

ہوئی پہلوئے آمنہ سے ہویدا ؎ دعائے خلیل و نوید مسیحا

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ ع ۶ ۱۸

رَبَّنَا	اغْفِرْ لِیْ	وَلِوَالِدَیَّ	وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ	یَوْمَ	یَقُوْمُ	الْحِسَابُ
اے ہمارے رب	مجھے بخشدے	اور میرے ماں باپ کو	اور مومنوں کو	جس دن	قائم ہوگا	حساب

اے ہمارے رب جس دن حساب قائم ہوگا (روزحساب) مجھے اور میرے ماں باپ کو اور مومنوں کو بخشدے

وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا یَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۬ؕ اِنَّمَا

وَلَا	تَحْسَبَنَّ	اللّٰهَ	غَافِلًا	عَمَّا	یَعْمَلُ	الظّٰلِمُوْنَ	اِنَّمَا
اور نہ	تم ہرگز گمان کرنا	اللہ	بے خبر	اس سے جو	وہ کرتے ہیں	ظالم (جمع)	صرف

اور تم ہرگز گمان نہ کرنا کہ اللہ اس سے بے خبر ہے جو وہ ظالم کرتے ہیں وہ صرف انہیں

یُؤَخِّرُهُمْ لِیَوْمٍ تَشْخَصُ فِیْهِ الْاَبْصَارُ ﴿۴۲﴾ لا مُهْطِعِیْنَ

یُؤَخِّرُهُمْ	لِیَوْمٍ	تَشْخَصُ	فِیْهِ	الْاَبْصَارُ	مُهْطِعِیْنَ
انہیں مہلت دیتا ہے	اس دن تک	کھلی رہ جائینگی	اس میں	آنکھیں	وہ دوڑتے ہوں گے

اس دن تک مہلت دیتا ہے جس میں کھلی رہ جائیں کی آنکھیں وہ اپنے سر (اوپر کو) اُٹھائے

مُقْنِعِیْ رُءُوْسِهِمْ لَا یَرْتَدُّ اِلَیْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَاَفْـِٕدَتُهُمْ هَوَآءٌ ﴿۴۳﴾ ط

مُقْنِعِیْ	رُءُوْسِهِمْ	لَا یَرْتَدُّ	اِلَیْهِمْ	طَرْفُهُمْ	وَاَفْـِٕدَتُهُمْ	هَوَآءٌ
اٹھائے ہوئے	اپنے سر	نہ لوٹ سکیں گی	انکی طرف	انکی نگاہیں	اور انکے دل	اُڑے ہوئے

دوڑتے ہوں گے ان کی نگاہیں ان کی طرف نہ لوٹ سکیں گی اور ان کے دل (خوف سے) اُڑے ہوئے ہونگے

﴿۴۱﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ هٰذَا قَبْلَ اَنْ یَّتَبَیَّنَ لَهٗ عَدَاوَتُهُمَا لِلّٰهِ وَقِیْلَ اَسْلَمَتْ اُمُّهٗ وَقُرِئَ وَالِدِیَّ مُفْرَدًا وَّوَلَدِیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ یُثْبِتُ الْحِسَابُ ○

﴿۴۲﴾ قَالَ تَعَالٰی وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا یَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۬ؕ اَلْكَافِرُوْنَ مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ اِنَّمَا یُؤَخِّرُهُمْ بِلَا عَذَابٍ لِیَوْمٍ تَشْخَصُ فِیْهِ الْاَبْصَارُ ○ لِهَوْلِ مَا تَرٰی یُقَالُ شَخَصَ بَصَرُ فُلَانٍ اَیْ فَتَحَهٗ فَلَمْ یَغْمِضْهُ

﴿۴۱﴾ اے ہمارے رب مجھ کو بخش اور میرے ماں باپ کی مغفرت فرما یہ دعا ابراہیم کی پہلے ظاہر ہونے اس امر کے ہے کہ وہ دونوں اللہ کے دشمن ہیں۔ اور بعض نے کہا کہ ابراہیم کی ماں مسلمان ہوگئی تھی اور بعض قرأت میں وَالِدِیَّ بصیغہ مفرد ہے اور بعض میں وَوَلَدِیَّ ہے یعنی بخش مجھ کو اور میری اولاد کو اور اہل ایمان کو جس روز کہ ہوگا حساب۔

﴿۴۲﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا یَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ اور کافروں یعنی مکہ والوں کے افعال سے اللہ کو بے خبر نہ سمجھو۔ بات یہ ہے کہ اس نے کافروں کو بدون عذاب کے مہلت دے رکھی ہے اس دن کے لئے کہ اس میں آنکھیں پھٹی رہ جائینگی بسبب دہشت اس خبر کے کہ دیکھا جاوے گا (محاورہ عرب میں بولا جاتا ہے شَخَصَ بَصَرُہٗ جبکہ آنکھ کو کھولے پھر بند نہ کرے)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۴۳) مُهْطِعِينَ مُقْنِعِي رُءُوسِهِمْ لَا يَرْتَدُّ إِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ وَأَفْئِدَتُهُمْ هَوَاءٌ ۝ خَالِيَةً مِنَ الْعَقْلِ لِفَزَعِهِمْ

(۴۳) اس حال میں کہ جلدی کرنے والے ہونگے اور اپنے سروں کو آسمان کی طرف اٹھانے والے انکی بینائی انکی طرف نہ لوٹے گی یعنی آنکھ کھل رہ جائیگی اور ان کے دل عقل سے خالی ہو جائیں گے بسبب خوف کے

تشریح

(۴۱) **حضرت ابراہیمؑ کی اپنے والدین کے لئے دعا** | حضرت ابراہیمؑ جب اپنے وطن اُرّ (بابل) جو کہ عراق کا ایک مرکزی مقام تھا سے نکلے اور اپنا وطن چھوڑنے کا فیصلہ کیا۔ قرآن مجید سورۂ صٰفّٰت پ۲۳ میں ہے وَقَالَ إِنِّي ذَاهِبٌ إِلَىٰ رَبِّي سَيَهْدِينِ (اور ابراہیم نے کہا میں اپنے رب کی طرف جاتا ہوں وہی میری رہنمائی کریگا) انہوں نے اپنے والد سے وعدہ کیا تھا کہ :- سَأَسْتَغْفِرُ لَكَ رَبِّي (مریم۔ ۴۷) (میں آپ کے لئے اپنے رب سے مغفرت کی درخواست کرونگا) اس وعدے کے تحت انہوں نے دیگر اہل ایمان کے ساتھ اپنے والد کی مغفرت کی بھی درخواست کی مگر جب انہیں احساس ہوا کہ اللہ کے ساتھ شریک بنانا ناقابل معافی ہے تو انہوں نے فوراً اپنی بے زاری کا اظہار فرمایا جیسا کہ سورۂ توبہ آیت ۱۱۴ میں ہے کہ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَن مَّوْعِدَةٍ وَعَدَهَا إِيَّاهُ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ أَنَّهُ عَدُوٌّ لِّلَّهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ۔ ابراہیم نے اپنے والد کے لئے جو مغفرت کی دعا کی تھی وہ تو اس وعدے کی وجہ سے تھی جو انہوں نے اپنے والد سے کیا تھا مگر جب انہیں معلوم ہو گیا کہ اللہ کے ساتھ شریک کرنا پروردگار کے ساتھ دشمنی ہے اور مشرک اللہ کا دشمن ہوتا ہے تو وہ کسی کی محبت میں حد سے آگے بڑھنے والے نہ تھے انہوں نے فوراً اپنی بیزاری کا اظہار کیا بیشک حضرت ابراہیمؑ بہت نرم دل اور اپنے مزاج پر قابو رکھنے والے تھے۔

(۴۲) **اللہ کے یہاں دیر ہے اندھیر نہیں** | اللہ تعالیٰ نے مذکورہ بالا آیات سے پہلے اپنی بہت سی نعمتوں کا ذکر فرمایا۔ حضرت ابراہیمؑ کے واقعہ کا ذکر کر کے مکہ کے لوگوں کو وہ خصوصی نعمتیں یاد دلائیں جو حضرت ابراہیم کی دعاؤں کے نتیجے میں اہل مکہ کو حاصل ہوئیں اللہ کی نعمتوں پر شکر گزاری کے بجائے ان کے کفران نعمت کی طرف اشارہ فرمایا۔ اب اس آیت میں ارشاد فرمایا کہ اگر ظالموں کو ان کے ظلم کی سزا ملنے میں دیر ہو تو یہ مت سمجھو کہ اللہ تعالیٰ ان کی حرکتوں سے غافل اور بے خبر ہیں۔ اللہ کی عادت ہے کہ وہ بڑے سے بڑے ظالم کو مہلت دیتے ہیں تاکہ یا تو وہ اپنے ظلم سے باز آجائے یا اسکا جرم اتنا نمایاں ہو جائے کہ کوئی یہ نہ کہہ سکے کہ اس کو موقعہ نہیں دیا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی سزا کو اس دن کے لئے ٹال رکھا ہے جب آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی یعنی قیامت کا ہولناک منظر سامنے ہوگا۔

(۴۳) محشر کے میدان میں ظالموں کی حالت کیا ہوگی | خوف اور حیرت سے سر کو اوپر اٹھائے ٹکٹکی باندھے دیکھتے ہوئے بھاگے چلے جا رہے ہوں گے ایسا معلوم ہوگا کہ آنکھیں پتھرا گئی ہیں نہ پلک جھپکے گی نہ نظر ہٹے گی۔ خوف و دہشت سے دل اُڑے چلے جا رہے ہوں گے ظالموں کے لئے وہ دن بڑی حسرت کا دن ہوگا جبکہ اہل ایمان سکون و اطمینان کے ساتھ ہونگے جیسا کہ سورۂ انبیاء میں ارشاد ہوا ہے لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْأَكْبَرُ وَتَتَلَقَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ (آیت ۱۰۳) انتہائی گھبراہٹ کا وقت ان کو ذرا پریشان نہ کرے گا اور فرشتے آگے بڑھ کر ان کو ہاتھوں میں لے لیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ

وَاَنْذِرِ	النَّاسَ	يَوْمَ	يَاْتِيْهِمُ	الْعَذَابُ	فَيَقُوْلُ	الَّذِيْنَ	ظَلَمُوْا	رَبَّنَآ
اور ڈراؤ	لوگ	وہ دن	اُن پر آئیگا	عذاب	تو کہیں گے	وہ لوگ۔ جو	انہوں نے ظلم کیا (ظالم)	اے ہمارے رب

اور لوگوں کو اس دن سے ڈراؤ جب اُن پر عذاب آئے گا تو کہیں گے ظالم اے ہمارے رب!

اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ اَوَلَمْ

اَخِّرْنَآ	اِلٰٓى	اَجَلٍ	قَرِيْبٍ	نُّجِبْ	دَعْوَتَكَ	وَنَتَّبِعْ	الرُّسُلَ	اَوَلَمْ
ہمیں مہلت دے	طرف	ایک دن	تھوڑی	ہم قبول کریں	تیری دعوت	اور ہم پیروی کریں	رسول (جمع)	یا کیا نہ

ہمیں ایک تھوڑی مدت کے لئے مہلت دیدے کہ ہم تیری دعوت قبول کریں اور ہم پیروی کریں رسولوں کی۔ کیا تم

تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿۴۴﴾

تَكُوْنُوْٓا	اَقْسَمْتُمْ	مِّنْ قَبْلُ	مَا لَكُمْ	مِّنْ	زَوَالٍ
تم تھے	تم قسمیں کھاتے	اس سے قبل	تمہارے لئے نہیں	کوئی	زوال

اس سے قبل قسمیں نہ کھاتے تھے؟ کہ تمہارے لئے کوئی زوال نہیں۔

﴿۴۴﴾ وَاَنْذِرْ خَوِّفْ يَا مُحَمَّدُ النَّاسَ الْكُفَّارَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ هُوَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اَبْقِنَا نُرَدَّ نَا اِلَى الدُّنْيَا اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ بِالتَّوْحِيْدِ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ فَيُقَالُ لَهُمْ تَوْبِيْخًا اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ حَلَفْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فِي الدُّنْيَا مَا لَكُمْ مِّنْ زَائِدَةٌ زَوَالٍ ۝ عَنْهَا اِلَى الْاٰخِرَةِ

﴿۴۴﴾ اور ڈرا تو اے محمدؐ کافروں کو اس دن سے کہ ان پر عذاب آوے۔ (وہ دن قیامت کا ہے)

سو کافر کہیں گے اے ہمارے رب ہم کو مہلت دے ایک قریب مدت تک یعنی دنیا میں پھر واپس بھیج اور تھوڑی مدت تک ہم کو وہاں چھوڑ کہ ہم تیرے امر کو مانیں اور توحید کے قائل ہوں اور پیغمبروں کی اطاعت کریں سو ان کو از راہ سرزنش کہا جاویگا کیا تم اس سے پہلے دنیا میں قسم کھا کر یہ نہ کہا کرتے تھے کہ ہم کو دنیا سے آخرت کی طرف جانا نہیں۔

تشریح

﴿۴۴﴾ بس تھوڑی سی مہلت اور | یہ ناشکرے اور حق کے منکر لوگ جب ان کی موت کا وقت آئے گا تو موت کی سختی سے گھبرا کر یا اللہ کا عذاب جب ان کو گھیر لے گا تو اس وقت پریشان ہو کر کہیں گے کہ ہمیں تھوڑی سی مہلت اور دیدو اب ہم رب کی دعوت کو مانیں گے ..... اور اللہ کے بھیجے ہوئے پیغمبروں کی پیروی کریں گے مگر جواب میں ان سے کہا جائے گا کہ تم وہی تو ہو کر بڑے غرور کے ساتھ کہا کرتے تھے کہ ہماری شان و شوکت کبھی ختم نہ ہوگی اور قسمیں کھاتے تھے کہ ہم پر کبھی زوال نہ آئے گا۔ اے پیغمبر آپ ان کو اس دن سے ڈرائیں تاکہ یہ لوگ باز آ کر وہ دن آنے سے پہلے اپنی روش کو بدل لیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَسَكَنتُمْ فِي مَسَاكِنِ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ

وَسَكَنتُمْ	فِي	مَسَاكِنِ	الَّذِينَ	ظَلَمُوا	أَنفُسَهُمْ	وَتَبَيَّنَ	لَكُمْ	كَيْفَ
اور تم رہے تھے	میں	گھر (جمع)	جن لوگوں نے	ظلم کیا تھا	اپنی جانوں پر	اور ظاہر ہو گیا	تم پر	کیسا

اور تم رہے تھے ان لوگوں کے گھروں میں جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا اور تم پر ظاہر ہو گیا تھا کہ ہم نے اُن

فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْأَمْثَالَ ﴿٤٥﴾ وَقَدْ مَكَرُوا مَكْرَهُمْ وَ

فَعَلْنَا	بِهِمْ	وَضَرَبْنَا	لَكُمُ	الْأَمْثَالَ	وَقَدْ + مَكَرُوا	مَكْرَهُمْ	وَ
ہم نے (سلوک) کیا	ان سے	اور ہم نے بیان کیں	تمہارے لئے	مثالیں	اور انہوں نے داؤ چلے	اپنے داؤ	اور

سے کیسا سلوک کیا۔ ہم نے تمہارے لئے مثالیں بیان کیں اور انہوں نے اپنے داؤ چلے اور اللہ کے

عِندَ اللَّهِ مَكْرُهُمْ ۚ وَإِن كَانَ مَكْرُهُمْ لِتَزُولَ مِنْهُ الْجِبَالُ ﴿٤٦﴾

عِندَ اللَّهِ	مَكْرُهُمْ	وَإِن	كَانَ	مَكْرُهُمْ	لِتَزُولَ	مِنْهُ	الْجِبَالُ
اللہ کے آگے	ان کا داؤ	اور اگرچہ	تھا	ان کا داؤ	کہ ٹل جاتے	اس سے	پہاڑ

آگے ہیں اُن کے داؤ۔ اور اگرچہ اُن کا داؤ ایسا تھا کہ اس سے پہاڑ ٹل جاتے

فَلَا تَحْسَبَنَّ اللَّهَ مُخْلِفَ وَعْدِهِ رُسُلَهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ ذُو انتِقَامٍ ﴿٤٧﴾

فَلَا تَحْسَبَنَّ	اللَّهَ	مُخْلِفَ	وَعْدِهِ	رُسُلَهُ	إِنَّ	اللَّهَ	عَزِيزٌ	ذُو انتِقَامٍ
پس تو ہرگز خیال نہ کر	اللہ	خلاف کریگا	اپنا وعدہ	اپنے رسول	بیشک	اللہ	زبردست	بدلہ لینے والا

پس تو ہرگز خیال نہ کر کہ اللہ خلاف کرے گا اپنے رسولوں سے اپنا وعدہ بیشک اللہ زبردست بدلہ لینے والا ہے۔

﴿٤٥﴾ وَسَكَنتُمْ فِيهَا فِي مَسَاكِنِ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ بِالْكُفْرِ مِنَ الْأُمَمِ السَّابِقَةِ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ مِنَ الْعُقُوبَةِ فَلَمْ تَنْزَجِرُوا وَضَرَبْنَا بَيِّنًا لَكُمُ الْأَمْثَالَ فِي الْقُرْآنِ فَلَمْ تَعْتَبِرُوا

﴿٤٥﴾ اور تم دنیا میں ان لوگوں کے گھروں میں رہے جنہوں نے اپنی جانوں پر ظلم کیا بسبب کفر کے (مراد ان سے پہلی امتیں ہیں) اور تم پر ظاہر ہو چکا جو ہم نے ان کے ساتھ کیا اور انکو گرفتار عذاب کیا سو تم پھر بھی متنبہ نہ ہوئے اور ہم نے تمہارے لئے قرآن میں طرح طرح کی مثالیں بیان کیں سو تم نے عبرت نہ پکڑی۔

﴿٤٦﴾ وَقَدْ مَكَرُوا بِالنَّبِيِّ صَلَّعَمْ مَكْرَهُمْ حَيْثُ أَرَادُوا قَتْلَهُ أَوْ تَقْيِيدَهُ أَوْ إِخْرَاجَهُ وَعِندَ اللَّهِ مَكْرُهُمْ أَيْ عِلْمُهُ أَوْ جَزَاؤُهُ وَإِنْ مَا كَانَ مَكْرُهُمْ وَإِنْ عَظُمَ لِتَزُولَ مِنْهُ الْجِبَالُ ○ الْمَعْنَى لَا يَعْبَأُ

﴿٤٦﴾ اور بیشک کافروں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ برطرح کے مکر کئے اس طرح کہ ان کے مار ڈالنے یا قید کرنے یا نکالنے کا ارادہ کیا اور اللہ ان کے مکر کو جانتا ہے اس کا بدلہ ان کو ملیگا اور ان کا مکر اگرچہ کتنا ہی بڑا ہو پہاڑوں کو نہیں ٹلا سکتا۔ مراد یہ ہے کہ ان کے مکر قابلِ التفات نہیں انکی پرواہ نہ کرنی چاہیئے۔ اور ان کا مکر انھیں کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِهٖ وَلَا يَضُرُّ اِلَّا اَنْفُسَهُمْ وَالْمُرَادُ بِالْجِبَالِ هُنَا قِيْلَ حَقِيْقَتُهَا وَقِيْلَ شَرَائِعُ الْاِسْلَامِ الْمُشَبَّهَةُ بِهَا فِي الْقَرَارِ وَالثَّبَاتِ وَفِيْ قِرَاءَةٍ بِفَتْحِ لَامِ لِتَزُوْلَ وَرَفْعِ الْفِعْلِ فَاِنْ مُخَفَّفَةٌ وَالْمُرَادُ تَعْظِيْمُ مَكْرِهِمْ وَقِيْلَ الْمُرَادُ بِالْمَكْرِ كُفْرُهُمْ وَيُنَاسِبُهٗ عَلَى الثَّانِيَةِ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا۔ وَعَلَى الْاُوْلٰى مَا قُرِئَ وَمَا كَانَ

جانوں کو نقصان پہنچاویگا۔ اور مراد پہاڑوں سے بعض نے کہا یہی پہاڑ حقیقی ہیں اور بعض نے کہا کہ مراد پہاڑوں سے احکام اسلام ہیں جو پہاڑوں کے ساتھ تشبیہ دیے گئے ہیں استحکام اور استقرار میں اور ایک قرأت میں لِتَزُوْلَ کے لام کو فتح ہے اور فعل مرفوع ہے تو اس صورت میں لفظ اِنْ مخفف ہے اِنَّ مشدد سے اور حاصل یہ ہے کہ ان کا مکر نہایت بڑا ہے جو پہاڑوں کو ٹلا دے۔ اور بعض نے کہا کہ مراد مکر سے ان کا کفر ہے اور اِنْ مخفف کی قرأت کے مناسب ہے، آیت تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا اور ان نافیہ کے مناسب ہے، وہ جو اس آیت میں ہے اَنْ كَانَ وَمَا كَانَ پڑھا گیا ہے۔

(۴۷) فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَالِبٌ لَا يُعْجِزُهٗ شَيْءٌ ذُو انْتِقَامٍ ○ مِنْ عَصَاهُ

(۴۷) فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ الخ پس تم اللہ کو وعدہ خلاف کرنے والا اپنے پیغمبروں سے دربارہ فتح اور غلبہ دینے کے نہ سمجھو اللہ فرد اُنکی مدد فرمائیگا اور اُنکو غلبہ دیگا بیشک اللہ غالب ہے کوئی چیز اسکو عاجز نہیں کر سکتی وہ بدلہ لینے والا ہے ان لوگوں سے جو اس کی نافرمانی کرتے ہیں۔

تشریح

(۴۵) **عبرت کے سامان تمہارے آس پاس ہی تھے** آج تم پچھتا رہے ہو جبکہ پچھتانے کا وقت ختم ہو چکا، موت سامنے ہے، اللہ کا عذاب تمہیں گھیرے ہوئے ہے۔ حالانکہ تمہارے آس پاس ہی وہ بستیاں تھیں کہ جہاں وہ لوگ آباد تھے جنہوں نے ظالمانہ رویہ اختیار کر کے خود اپنے اوپر زیادتی کی تھی اور تمہارے اوپر یہ بات کھل چکی تھی، تاریخ اور متواتر روایات کے ذریعہ۔ ایسے ظالموں کو ہم نے کیسی سزا دی تھی اور انبیاء کے ذریعہ ایسے لوگوں کی مثالیں دے کر اور ان کے واقعات سنا کر ہم تمہیں سمجھا بھی چکے تھے مگر تم نے نصیحت اور عبرت حاصل کرنے کے بجائے انہی کے انداز اختیار کر لئے اور اپنی سرکشی عناد اور عداوت پر اڑے رہے۔

(۴۶) **ان کی چالوں کی شکست بھی تم دیکھ چکے تھے** جن لوگوں نے انبیاء کرام کی دعوتِ حق کو ٹھکرایا اور ان کی دعوت کو ناکام کرنے کے لئے ہر طرح کی چالیں چل کر دیکھیں مگر ان کی ہر چال اُلٹی پڑتی رہی حالاں کہ ان کی چالیں ایسی غضب کی تھیں کہ پہاڑ بھی ٹل جائیں مگر اللہ کی چال ان کی ساری چالوں کو ناکام کرتی رہی۔ حق کو آنا تھا وہ آکر رہا جھوٹ کا پردہ چاک ہونا تھا وہ ہو کر رہا۔ یہ سب کچھ دیکھنے کے باوجود آنے والے یہی سمجھتے رہے کہ پچھلے لوگوں کی چالیں تو ناکام ہوئیں مگر ہم ضرور کامیاب ہوں گے۔

(۴۷) **اللہ کے وعدے پورے ہو کر رہیں گے** اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں سے وعدہ کیا ہے کہ وہ ضرور کامیاب ہونگے اور ہم ان کی مدد کریں گے۔ پہلے بھی اللہ نے اپنے رسولوں سے جو وعدے کئے وہ پورے کئے اور ان کے مخالفوں کو نیچا دکھایا۔ آج بھی اے محمد! اللہ جو آپ سے وعدے کر رہا ہے وہ پورے ہو کر رہیں گے اور جو آپ کی مخالفت کر رہے ہیں، حق کے راستے میں روڑے اٹکا رہے ہیں، غرور اور تکبر کے نشے میں مست ہیں وہ تہس نہس ہو کر رہیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ

يَوْمَ	تُبَدَّلُ	الْأَرْضُ	غَيْرَ الْأَرْضِ	وَالسَّمٰوٰتُ	وَبَرَزُوْا	لِلّٰهِ
جس دن	بدل دیجائیگی	زمین	اور زمین	اور آسمان (جمع)	وہ نکل کھڑے ہونگے	اللہ کے آگے

جس دن (اس) زمین سے بدل دی جائے گی اور زمین اور (بدلے جائینگے) آسمان، اور وہ سب اللہ یکتا وغالب

الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۴۸﴾ وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ مُّقَرَّنِيْنَ فِي

الْوَاحِدِ	الْقَهَّارِ	وَتَرَى	الْمُجْرِمِيْنَ	يَوْمَئِذٍ	مُّقَرَّنِيْنَ	فِي
یکتا	غالب	اور تو دیکھے گا	مجرم (جمع)	اس دن	باہم جکڑے ہوئے	میں

کے سامنے نکل کھڑے ہونگے، اور تو دیکھے گا مجرم اس دن باہم زنجیروں میں جکڑے

الْأَصْفَادِ ﴿۴۹﴾ سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ

الْأَصْفَادِ	سَرَابِيْلُهُمْ	مِّنْ	قَطِرَانٍ	وَّتَغْشٰى	وُجُوْهَهُمُ
زنجیریں	ان کے کرتے	سے کے	گندھک	اور ڈھانپ لیگی	ان کے چہرے

ہوں گے۔ ان کے کرتے گندھک کے ہوں گے اور آگ ان کے چہرے ڈھانپے

النَّارُ ﴿۵۰﴾ لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

النَّارُ	لِيَجْزِيَ	اللّٰهُ	كُلَّ + نَفْسٍ	مَّا كَسَبَتْ	اِنَّ	اللّٰهَ	سَرِيْعُ +
آگ	تاکہ بدلہ دے	اللہ	ہر جان	جو اس نے کمایا (کمائی)	بیشک	اللہ	جلد

ہوگی تاکہ اللہ ہر جان کو اس کی کمائی (اعمال) کا بدلہ دے بیشک اللہ جلد حساب لینے

الْحِسَابِ ﴿۵۱﴾ هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ وَلِيَعْلَمُوْٓا

الْحِسَابِ	هٰذَا	بَلٰغٌ	لِّلنَّاسِ	وَلِيُنْذَرُوْا	بِهٖ	وَلِيَعْلَمُوْٓا
حساب لینے والا	یہ	پہنچا دینا (پیغام)	لوگوں کیلئے	اور تاکہ وہ ڈرائے جائیں	اس سے	اور تاکہ وہ جان لیں

والا ہے۔ یہ (قرآن) لوگوں کے لئے پیغام ہے اور تاکہ وہ اس سے ڈرائے جائیں اور تاکہ وہ جان لیں

ع ۱۱ ۱۹

اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۵۲﴾ ع

اَنَّمَا + هُوَ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	وَّلِيَذَّكَّرَ	اُولُوا الْاَلْبَابِ	
اس کے سوا نہیں وہ	معبود	یکتا	اور تاکہ نصیحت پکڑیں	عقل والے	

کہ وہی معبود یکتا ہے اور تاکہ عقل والے نصیحت پکڑیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۴۸) أُذْكُرْ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ هُوَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ فَيُحْشَرُ النَّاسُ عَلٰى أَرْضٍ بَيْضَاءَ نَقِيَّةٍ كَمَا فِي حَدِيثِ الصَّحِيحَيْنِ وَرَوٰى مُسْلِمٌ حَدِيثَ سُئِلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْنَ النَّاسُ يَوْمَئِذٍ قَالَ عَلَى الصِّرَاطِ وَبَرَزُوا خَرَجُوا مِنَ الْقُبُورِ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ○

(۴۸) یاد کرو اس دن کو کہ بدلی جاوے گی زمین غیر اس زمین کے اور بدلے جاویں گے آسمان (مراد اس دن سے روز قیامت ہے) کہ اس میں آدمی جمع کئے جاویں گے زمین سفید صاف پر جیسا کہ بخاری و مسلم کی حدیث میں ہے اور مسلم نے روایت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے پوچھا کہ اس دن آدمی کہاں ہونگے آپ نے فرمایا صراط پر، اور تمام آدمی قبروں سے نکل کر اللہ واحد غالب کے پاس جاویں گے

(۴۹) وَتَرَى يَا مُحَمَّدُ تُبْصِرُ الْمُجْرِمِينَ الْكَافِرِينَ يَوْمَئِذٍ مُقَرَّنِينَ مُشَدُّودِينَ مَعَ شَيَاطِينِهِمْ فِي الْأَصْفَادِ ○ الْقُيُودُ أَوِ الْأَغْلَالُ

(۴۹) اور دیکھو گے تم اے محمدؐ اس دن کافروں کو کہ بیڑیوں اور زنجیروں میں بندھے ہوئے ہونگے اپنے شیطانوں کے ساتھ

(۵۰) سَرَابِيلُهُمْ قُمُصُهُمْ مِنْ قَطِرَانٍ لِأَنَّهُ أَبْلَغُ لِاشْتِعَالِ النَّارِ وَتَغْشٰى تَعْلُو وُجُوهَهُمُ النَّارُ ○

(۵۰) ان کے کرتے گندھک کے ہوں گے کہ اس میں آگ زیادہ بھڑکتی ہے۔ اور چہروں کے اوپر آگ ہوگی۔

(۵۱) لِيَجْزِيَ مُتَعَلِّقٌ بِبَرَزُوا اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ مِنْ خَيْرٍ وَشَرٍّ إِنَّ اللّٰهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ ○ يُحَاسِبُ جَمِيعَ الْخَلْقِ فِي قَدْرِ نِصْفِ نَهَارٍ مِنْ أَيَّامِ الدُّنْيَا لِحَدِيثِ بِذٰلِكَ۔

(۵۱) وہ قبروں سے اسلئے نکلیں گے کہ اللہ ہر شخص کو اس کے بھلے برے عملوں کا بدلہ دیوے بیشک اللہ جلد حساب لینے والا ہے کہ اپنی تمام مخلوق کا حساب بقدر آدھے دن کے ایام دنیا سے لیگا چنانچہ یہ مضمون حدیث میں وارد ہے۔

(۵۲) هٰذَا الْقُرْآنُ بَلَاغٌ لِلنَّاسِ أُنْزِلَ لِتُبَلَّغَهُمْ وَلِيُنْذَرُوا بِهِ وَلِيَعْلَمُوا بِمَا فِيهِ مِنَ الْحُجَجِ إِنَّمَا هُوَ أَيِ اللّٰهُ إِلٰهٌ وَاحِدٌ وَلِيَذَّكَّرَ بِإِدْغَامِ التَّاءِ فِي الْأَصْلِ فِي الذَّالِ يَتَّعِظُ أُولُوا الْأَلْبَابِ ○ أَصْحَابُ الْعُقُولِ۔

(۵۲) یہ قرآن اسلئے اتارا گیا کہ لوگوں کو احکام الٰہی پہنچاوے اور تاکہ وہ قرآن سے ڈرائے جاویں اور تاکہ جان لیویں جو کچھ اس میں ہے دلیلیں۔ بیشک بات یہ ہے کہ وہ اللہ معبود واحد ہے اور تاکہ نصیحت پکڑیں عقل والے۔

تشریح

(۴۸) جب ایک دوسرا عالم برپا ہوگا | قیامت کا آغاز پہلے صور کے پھونکنے سے ہوگا جس کے بعد اس موجودہ عالم اور نظام طبعی کو درہم برہم کر دیا جائے گا زمین اور آسمان کی موجودہ ہیئت اور شکل وصورت بدل دی جائے گی اور ایک دوسرا نظام طبعی دوسرے قوانین فطرت کے ساتھ بنایا جائیگا۔ وہی عالم آخرت ہوگا۔ پھر دوسرا صور پھونکنے کے ساتھ وہ تمام انسان جو حضرت آدمؑ کی پیدائش سے لیکر قیامت تک پیدا ہوئے انہیں از سر نو زندہ کیا جائیگا یہ زندگی محض روحانی نہیں ہوگی بلکہ جسم اور روح کے ساتھ اسی طرح کی زندگی ہوگی

toobaa-elibrary.blogspot.com

جس طرح آج ہے اور ہر شخص اپنی اسی شخصیت کے ساتھ موجود ہوگا جس طرح وہ دنیا سے رخصت ہوا تھا۔ یہ سب انسان دوبارہ زندہ ہوکر جسم و روح کی مکمل شخصیت کے ساتھ اللہ کے حضور میں پیش ہونگے۔ اسی پیشی کا نام قرآن کی زبان میں حشر ہے۔ حشر اسی زمین پر برپا ہوگا یہیں اللہ کی عدالت قائم ہوگی اور قصہ زمین برسر زمین چکایا جائیگا ہر ایک کو اسکے اعمال کا پورا پورا بدلہ ملے گا ——— اے نبی! ان لوگوں کو اس دن کے آنے سے ڈراؤ جب سب اللہ واحد و قہار کے سامنے بے نقاب ہوجائیں گے۔

(۴۹) میدان حشر میں مجرموں کا حال | میدان حشر میں مجرموں کا یہ حال ہوگا کہ ان کے ہاتھ پاؤں زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہوں گے ایک ایک نوعیت کے کئی کئی مجرم اکٹھے زنجیروں میں بندھے ہونگے جیسا کہ سورۂ صٰفّٰت (پارہ ۲۳) میں ہے اُحْشُرُوا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ (گھیر لاؤ سب ظالموں اور ان کے ساتھیوں کو) اور دوبارہ زندگی کے بارے میں ارشاد فرمایا:۔ وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ (پارہ ۳۰ سورۂ التکویر آیت ۷) اور جب جانیں جسموں سے جوڑ دی جائیں گی۔ یعنی جسم اور روح ملکر اس طرح زندہ ہوجائیں گے جسطرح موت سے پہلے تھے۔

(۵۰) اہل دوزخ کا لباس | اہل دوزخ کو جو لباس پہنایا جائیگا وہ تارکول کا ہوگا جو جلدی سے آگ پکڑلے آگ کے شعلوں سے ان کے چہرے چھپے ہوں گے اس طرح وہ سخت عذاب میں گرفتار ہوں گے چہرے پر آگ کیوجہ سے بدحواسی ہوگی اور چہرہ جو انسان کے اعضاء میں قابل احترام حصہ ہے اس پر آگ لگنے سے ذلت کا احساس ہوگا اور اس بدبو اور تعفن، ذلت کا عذاب ان لوگوں کے لئے ہوگا جنہوں نے دنیا میں حق کو ٹھکرایا اور اس کا مقابلہ کیا۔

(۵۱) ہر انسان کو اس کے اعمال کا بدلہ ملیگا | غرض انسان نے جیسی کمائی کی جیسے اعمال کئے اس کے مطابق حساب کتاب کے بعد پورا پورا بدلہ دیدیا جائیگا کیونکہ وہ دن بدلے کا ہوگا اور اللہ کا حساب لیتے کچھ دیر نہیں لگتی سارا حساب کتاب جلدی سے نمٹ جائے گا دنیا کی عدالتوں کی طرح تاریخوں پر تاریخیں نہیں پڑیں گی۔

(۵۲) یہ دین اللہ کا پیغام ہے | یہ دین جو اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبروں کے ذریعے تمام انسانوں کے لئے بھیجا ہے یہ اللہ کا پیغام ہے اللہ نے یہ دین اسلئے اتارا ہے کہ لوگ غفلت کی نیند سے جاگیں اور یہ حقیقت سمجھ لیں کہ اللہ ایک ہے اس کے ساتھ کوئی ساجھی اور شریک نہیں ہے۔ عقل و فکر سے کام لیکر اس نصیحت پر کاربند ہوں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

۱۵

سُوْرَۃُ الْحِجْرِ

تعارف

ترتیب تلاوت: ۱۵	ترتیبِ نزول: ۵۴
مکّی / مدنی: مکّی	تعداد رکوعات: ۶
تعداد آیات: ۹۹	تعداد الفاظ: ۶۶۳
تعداد حروف: ۲۹۰۷	

○ اس سورۃ کی آیت ۸۰ وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ میں لفظ اَلْحِجْر سے لے کر اس سورت کا نام رکھا گیا ہے۔ حجر دراصل ایک شہر کا نام ہے قوم ثمود کی بستی میں یہ ایک مرکزی شہر تھا اور اس کے کھنڈرات مدینہ منورہ کے شمال مغرب میں موجودہ شہر اَلْعُلٰی سے چند میل کے فاصلے پر ہیں مدینے سے تبوک جاتے ہوئے یہ شہر سڑک کے کنارے واقع ہے۔ اسی لفظ کو اس سورت کا عنوان بنایا گیا ہے۔ ۹ھ میں تبوک جاتے ہوئے رسول اللہ ﷺ اس بستی سے گذرے تھے اور آپ ﷺ نے فرمایا تھا یہ وہ جگہ ہے جہاں قوم ثمود پر اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی وجہ سے عذاب نازل ہوا تھا یہاں سے جلدی گذرو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

- اس سورت کے مضامین میں بتایا گیا ہے کہ قرآن اللہ کی واضح حجت ہے جو لوگ اس کو جھٹلا رہے ہیں ایک وہ دن آئے گا کہ ان کو اپنی بدقسمتی پر افسوس ہوگا۔ اللہ کی طرف سے مہلت کا ایک دن مقرر ہے جب وہ وقت پورا ہو جائے گا تو اللہ کی گرفت سے کوئی بچ نہیں سکے گا۔
- نبی ﷺ ایک عرصے سے لوگوں کو سمجھا رہے ہیں مگر آپ کے مخاطب ہیں کہ مسلسل ہٹ دھرمی سے کام لے رہے ہیں۔ اللہ کے رسول دل شکستہ ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ آپ کو حوصلہ دیتے ہیں۔ اور بتاتے ہیں کہ قرآن کی شکل میں اللہ نے جو نعمت آپ کو دی ہے وہ آپ کے لئے کافی ہے۔ آپ ان انکار کرنے والوں کی پرواہ نہ کریں، اب اس اندھیری رات کے بعد صبح ہونے میں زیادہ دیر نہیں ہے۔
- اللہ تعالیٰ نے اس سورت میں حضرت آدم ؑ کی تخلیق کا ذکر کرتے ہوئے انسان کی حیثیت اور مقام کو بتانے کے لئے فرشتوں کے ان کے سامنے سجدہ ریز ہونے کا ذکر کیا ہے۔
- ابلیس کا سجدے سے انکار اور پھر قیامت تک اس پر اللہ کی پھٹکار اور بندوں کی طرف سے اس پر لعنت، اس کا ذکر کہ شیطان اور اس کے ساتھیوں کا ٹھکانا دوزخ ہے۔
- اللہ نے اہل ایمان کے لئے جنت کی نعمتوں کا ذکر کیا ہے۔ اس کے ساتھ حضرت ابراہیم ؑ کا بھی ذکر ہے کہ اللہ نے ان کو بڑھاپے میں اولاد کی بشارت دی۔
- قوم لوط پر عذاب کا ذکر، ان کی بدبختی اور بدکاری، ان کے واقعہ میں عبرت و نصیحت کے پہلو اور یہ کہ اہل ایمان کو ملول نہیں ہونا چاہیئے ان کے پاس جو دولت ہے وہ ہر دولت سے بڑھ کر ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اٰیاتُہا: ۹۹	۱۵ :— سُوْرَۃُ الْحِجْرِ مَکِّیَّۃٌ —: ۵۴	رُکُوْعَاتُہا: ۶

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ①

الٓرٰ	تِلْكَ	اٰيٰتُ	الْكِتٰبِ	وَ	قُرْاٰنٍ	مُّبِيْنٍ
الف لام را	یہ	آیتیں	کتاب	اور	قرآن	واضح۔ روشن

الف۔ لام۔ را، یہ آیتیں ہیں کتاب کی اور واضح (روشن) قرآن کی۔

سُوْرَۃُ الْحِجْرِ مَکِّیَّۃٌ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ اٰیَۃً

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

① الٓرٰ اَنَا اللّٰہُ اَعْلَمُ بِمُرَادِہٖ بِذٰلِكَ تِلْكَ ھٰذِہِ الْاٰیَاتُ اٰیٰتُ الْکِتٰبِ الْقُرْاٰنِ وَالْاِضَافَۃُ بِمَعْنٰی مِنْ وَقُرْاٰنٍ مُّبِیْنٍ ○ مُظْھِرٍ لِّلْحَقِّ مِنَ الْبَاطِلِ عَطْفُ بِزِیَادَۃِ صِفَۃٍ۔

سورۂ حجر مکی ہے اس میں ننانوے ۹۹ آیتیں ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

① الٓرٰ اللہ زیادہ جانتا ہے جو اس نے ان حروف سے ارادہ کیا۔ یہ آیتیں کتاب اور قرآن ظاہر کی آیتیں ہیں۔ اضافت آیاتُ الکتاب میں بمعنی مِنْ کے ہے۔

تشریح

قرآن کی عظمت اور اس کی خصوصیت یہ اس عظیم الشان کتاب کی آیتیں ہیں جس کی عظمت کا مقابلہ کوئی کتاب نہیں کرسکتی۔ قرآن کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ اپنا مدعا اور مقصد صاف صاف بیان کرتا ہے اس کی دلیلیں انتہائی روشن ہوتی ہیں اس کے احکام نہایت معقول اور فیصلہ کن ہوتے ہیں اور اس کا اندازِ بیان نہایت شگفتہ اور واضح ہوتا ہے لہٰذا اب جو کچھ کہا جارہا ہے اس کو توجہ سے سننا چاہیئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

toobaa-elibrary.blogspot.com

رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِينَ ﴿۲﴾

رُبَمَا	يَوَدُّ	الَّذِينَ + كَفَرُوا	لَوْ	كَانُوا	مُسْلِمِينَ
بسا اوقات	آرزو کرینگے	وہ لوگ جو کافر ہوئے	کاش	وہ ہوتے	مسلمان

بسا اوقات کافر آرزو کرینگے کاش وہ مسلمان ہوتے۔

﴿۲﴾ رُبَمَا بِالتَّشْدِيدِ وَالتَّخْفِيفِ يَوَدُّ يَتَمَنَّى الَّذِينَ كَفَرُوا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ إِذَا عَايَنُوا حَالَهُمْ وَحَالَ الْمُسْلِمِينَ لَوْ كَانُوا مُسْلِمِينَ ○ وَرُبَّ لِلتَّكْثِيرِ فَإِنَّهُ يَكْثُرُ مِنْهُمْ تَمَنِّي ذٰلِكَ وَقِيلَ لِلتَّقْلِيلِ فَإِنَّ الْأَهْوَالَ تَدْهَشُهُمْ فَلَا يُفِيقُونَ حَتّٰى يَتَمَنَّوْا ذٰلِكَ إِلَّا فِي أَحْيَانٍ قَلِيلَةٍ

﴿۲﴾ رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِينَ الخ بسا اوقات کافرین قیامت کو آرزو کریں گے جبکہ اپنی حالت اور مسلمانوں کی کیفیت کو دیکھیں گے کہ کاش ہم بھی اسلام لاتے۔ رُبَمَا میں رُبَّ ساتھ تشدید اور بدون تشدید کے ہر دو طرح پڑھا گیا ہے۔ اور معنی رب کے زیادتی کے ہیں کیونکہ مسلمان ہونے کی آرزو ان سے بہت مرتبہ ظاہر ہوگی۔ اور بعض نے کہا کہ معنی رب کے کمی کے ہیں کیونکہ ہول قیامت انکو مدہوش کردے گی وہ ہوش میں نہ آوینگے کہ اسلام کی تمنا کریں مگر بعض اوقات میں۔

تشریح

﴿۲﴾ منکرین حق کا پچھتاوا | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلامی دعوت کا آغاز فرمایا تو چاروں طرف سے مخالفت کا ایک طوفان کھڑا ہوگیا کیونکہ اسلام کی دعوت اپنے تمام دنیوی مفادات قربان کرکے پروردگار کے سامنے سر تسلیم خم کرنے کی دعوت ہے۔ جن جن لوگوں کے مفادات پر زد پڑتی تھی وہ سب اسلام دشمنی کے لئے اکھٹے ہو گئے اور جو لوگ کھلے دل کے ساتھ دعوت حق قبول کرکے اس دین میں داخل ہوئے تھے اُن پر ظلم وستم کے پہاڑ ٹوٹنے لگے۔ ان مخالفین کو یہ اندازہ نہیں تھا کہ دین اسلام کی دعوت ایسے فطری اور مستحکم اصولوں پر قائم ہے جس کو دنیا کی کوئی طاقت ہلا نہیں سکتی۔ غزوۂ بدر سے لیکر فتح مکہ تک جب جب غلبۂ اسلام کا موقع آیا ان منکرین کو کف افسوس ملنا پڑا کہ کاش ہم مخالفت کے بجائے اس کی تائید میں شامل ہوتے تو آج جو عزت اور سرفرازی اس دین کے قبول کرنے والوں کو مل رہی ہے ہم بھی اس میں حصے دار ہوتے پھر جب اس دنیا سے رخصت ہوتے وقت وہ ساری باتیں جن پر ایمان لانے کی دعوت دی جاتی ہے وہ آنکھوں کے سامنے آئیں گی تو پھر افسوس ہوگا اور حسرت ہوگی کہ کاش موت کے وقت سے پہلے سچائی کو مان لیا ہوتا اور اس عذاب سے بچے رہتے۔ تیسرا موقع پچھتاوے کا جب ہوگا جب اہل ایمان اپنے گناہوں کی سزا کے بعد دوزخ سے نکالے جائیں گے اور منکرین افسوس کریں گے کہ کاش ہم بھی اسی طرح عذاب سے چھوٹ سکتے۔ اور بس یہ آخری موقعہ ہوگا یاس و حسرت کا اور کف افسوس ملنے کا۔ نبی کریم ﷺ نے اسی موقعہ پر مذکورہ آیت تلاوت فرمائی کہ رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِينَ (بعید نہیں ایک وقت وہ آجائے جب منکرین پچھتا کر کہیں گے کہ کاش ہم نے ایمان قبول کرلیا ہوتا)

toobaa-elibrary.blogspot.com

ذَرْهُمْ يَأْكُلُوا وَيَتَمَتَّعُوا وَيُلْهِهِمُ الْأَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿٣﴾

ذَرْهُمْ	يَأْكُلُوا	وَيَتَمَتَّعُوا	وَيُلْهِهِمُ	الْأَمَلُ	فَسَوْفَ	يَعْلَمُونَ
انہیں چھوڑ دو	وہ کھائیں	اور فائدہ اٹھالیں	اور غفلت میں رکھے انہیں	امید	پس عنقریب	وہ جان لیں گے

انہیں چھوڑ دو وہ کھائیں اور فائدہ اٹھائیں اور امید انہیں غفلت میں ڈالے رکھے پس عنقریب وہ جان

وَمَا أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ إِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَعْلُومٌ ﴿٤﴾

وَمَا	أَهْلَكْنَا	مِنْ	قَرْيَةٍ	إِلَّا	وَلَهَا	كِتَابٌ	مَعْلُومٌ	
اور نہیں	ہم نے ہلاک کیا	کسی	بستی	مگر	اسکے لئے	ایک لکھا ہوا	مقررہ وقت	

لیں گے اور نہیں ہلاک کیا ہم نے کسی بستی کو مگر اس کے ایک لکھا ہوا وقت مقرر تھا

﴿٣﴾ ذَرْهُمْ اُتْرُكِ الْكُفَّارَ يَا مُحَمَّدُ يَأْكُلُوا وَيَتَمَتَّعُوا بِدُنْيَاهُمْ وَيُلْهِهِمْ يُشْغِلْهُمُ الْأَمَلُ بِطُوْلِ الْعُمُرِ وَغَيْرِهٖ عَنِ الْاِيْمَانِ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ○ عَاقِبَةَ اَمْرِهِمْ وَهٰذَا قَبْلَ الْاَمْرِ بِالْقِتَالِ

﴿٣﴾ اے محمدؐ! کافروں کو چھوڑو کہ وہ کھا دیں اور دنیا سے فائدہ اٹھا دیں اور درازیٔ عمر وغیرہ کی آرزو میں ایمان سے غافل رہیں۔ سو عنقریب وہ اپنا انجام جان لینگے۔ (یہ حکم جہاد کے حکم سے پہلا ہے)

﴿٤﴾ وَمَا اَهْلَكْنَا مِنْ زَائِدَةٍ قَرْيَةٍ اُرِيْدَ اَهْلُهَا اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ اَجَلٌ مَّعْلُوْمٌ ○ مَحْدُوْدٌ لِهَلَاكِهَا

﴿٤﴾ اور ہم نے جن گاؤں والوں کو ہلاک کیا اسی وقت کیا جو انکی ہلاکی کی حد مقرر ہو چکی تھی۔

تشریح

﴿٣﴾ ان کو جھوٹی امیدوں کے سہارے جینے دو | جب سچائی ان کے سامنے کھول کھول کر رکھی جا رہی ہے لیکن یہ ہیں کہ کوئی نصیحت ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں۔ تو انہیں ان کے حال پر چھوڑیں، کھائیں پئیں مزے کریں اور جھوٹی امیدوں کے سہارے وقت گزارتے رہیں۔ مستقبل کے لئے لمبی چوڑی تمنائیں کرتے رہیں وقت اور حقیقت کھل جائے گی، کچھ دنیا میں اور کچھ آخرت میں۔

﴿٤﴾ ہمارا دستور مہلت دینے کا ہے | اللہ تعالیٰ کا طریقہ یہ ہے کہ وہ ہر قوم کو مہلت دیتا ہے۔ نادان لوگ غلط فہمی سے یہ سمجھ لیتے ہیں کہ چونکہ انہیں کوئی سزا نہیں مل رہی ہے اس لئے ہم اسیطرح آزادی کے ساتھ جو کرتے ہیں کرتے رہیں گے۔ مگر اللہ کے یہاں ایک مہلت متعین ہے، جب وہ وقت آجاتا ہے تو مقررہ عذاب اپنی گرفت میں لے لیتا ہے اور پھر دیر نہیں لگتی اور اس کی سزا سے کوئی بچ نہیں پاتا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝٥ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا

مَا تَسْبِقُ	مِنْ اُمَّةٍ	اَجَلَهَا	وَ مَا	يَسْتَاْخِرُوْنَ	وَقَالُوْا	يٰٓاَيُّهَا
نہ سبقت کرتی ہے	کوئی امت	اپنا مقررہ وقت	اور نہ	وہ پیچھے رہتے ہیں	اور وہ بولے	اے وہ

نہ کوئی امت سبقت کرتی ہے اپنے مقررہ وقت سے اور نہ وہ پیچھے رہتے ہیں اور وہ (کافر) بولے اے

الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ۝٦

الَّذِيْ	نُزِّلَ	عَلَيْهِ	الذِّكْرُ	اِنَّكَ	لَمَجْنُوْنٌ
وہ جو کہ	اتارا گیا	اس پر	یاددہانی (قرآن)	بیشک تو	دیوانہ	

وہ شخص جس پر قرآن اتارا گیا بیشک تو دیوانہ ہے۔

۵ مَا تَسْبِقُ مِنْ زَائِدَةٌ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ○ يَتَاَخَّرُوْنَ عَنْهُ

۵ کوئی گروہ اپنے وقت سے پہلے نہیں مرسکتے اور نہ اس سے پیچھے رہ سکے۔

۶ وَقَالُوْا اَیْ كُفَّارُ مَكَّةَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ اَلْقُرْاٰنُ فِيْ زَعْمِهٖ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ○

۶ اور مکہ کے کافروں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ اے وہ شخص جو دعویٰ کرتا ہے کہ مجھ پر قرآن اتارا گیا ہے بے شبہ تو دیوانہ ہے۔

تشریح

۵ **وقت سے پہلے سزا ملتی نہیں اور وقت کے بعد ٹلتی نہیں** ہمیشہ سے اللہ تعالیٰ کا طریقہ یہی ہے کہ اس مقررہ فیصلے کے وقت سے پہلے کسی کو سزا نہیں ملتی جتنی چاہے من مانی کئے چلا جاتا ہے اور جب وہ مقررہ وقت آجاتا ہے تو اس کے بعد چھوڑا نہیں جاتا۔ ہر قوم کے عروج وزوال کیلئے اللہ تعالیٰ کا پیمانہ یہی ہے۔

۶ **دیوانگی کے طعنے** اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لئے نبی مقرر فرمائے اور ان پر اپنا کلام نازل فرمایا تاکہ وہ لوگوں کو یاد دلائیں کہ تمہیں اللہ تعالیٰ نے کس مقصد کے لئے دنیا میں یہ چند روزہ زندگی عطا فرمائی ہے اللہ کی نازل کی ہوئی تمام کتابیں اسی سبق کو یاد دلاتی ہیں جو انسان کی فطرت کے اندر موجود ہے یعنی معرفت حق جو فطرت کا تقاضہ ہے اور باہر بھی چپہ چپہ پر اس کی نشانیاں موجود ہیں سب سے آخر میں پیغمبر آخر الزماں پر قرآن مجید نازل ہوا تو وہاں کے بگڑے ہوئے لوگوں کی مشکل یہ تھی کہ ایک طرف تو قرآن کی دعوت حق تھی اور دوسری طرف ان کے اپنے دنیوی مفادات تھے۔ قرآن کی دعوت کو قبول کرنے کا مطلب اپنے سارے مفادات اور جھوٹی چودھراہٹوں سے دستبرداری تھی جس کے لئے وہ تیار نہ تھے ان کے سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اس سچائی کا مقابلہ کس طرح کریں اسلئے استہزاء کرنا، ہنسی اڑانا، ایسی ایسی حرکتیں کرتے تھے کہ بات کسی طرح اپنے اوپر نہ آئے۔ اسیطرح کی ایک بات یہ بھی تھی کہ اے شخص جس پر ذکر یعنی قرآن نازل ہوا ہے تو یقیناً دیوانہ ہے۔ یہ بات بالکل اسی طرح سے ہے جیسے فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت حق سننے کے بعد درباریوں سے کہا تھا کہ یہ صاحب جو تمہاری طرف پیغمبر بنا کر بھیجے گئے ہیں ان کا دماغ صحیح نہیں ہے۔ اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْٓ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَوْ مَا تَأْتِينَا بِالْمَلَائِكَةِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ⑦ مَا

لَوْ	مَا تَأْتِينَا	بِالْمَلَائِكَةِ	إِنْ	كُنْتَ	مِنَ	الصَّادِقِينَ	مَا +
کیوں	تو ہمارے پاس نہیں لے آتا	فرشتوں کو	اگر	تو ہے	سے	سچے	ہم نہیں

تو ہمارے پاس فرشتوں کو کیوں نہیں لے آتا؟ اگر تو سچوں میں سے ہے۔ ہم نازل

نُنَزِّلُ الْمَلَائِكَةَ إِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوا إِذًا مُنْظَرِينَ ⑧

نُنَزِّلُ	الْمَلَائِكَةَ	إِلَّا	بِالْحَقِّ	وَمَا كَانُوا	إِذًا	مُنْظَرِينَ
نازل کرتے	فرشتے	مگر	حق کے ساتھ	اور نہ ہوں گے	اسوقت	مہلت دیے گئے

نہیں کرتے فرشتے مگر حق کے ساتھ، اور وہ اس وقت تک مہلت نہ دیے جائیں گے۔

⑦ لَوْ مَا هَلَّا تَأْتِينَا بِالْمَلَائِكَةِ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ○ فِي قَوْلِكَ إِنَّكَ نَبِيٌّ وَإِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ تَعَالٰى

⑦ اگر تو اپنے اس قول میں سچا ہے کہ میں پیغمبر ہوں اور یہ قرآن اللہ کے پاس سے آیا ہے تو ہمارے پاس فرشتہ کیوں نہیں لاتا جو تیرے سچے ہونے کی گواہی دیوے۔

⑧ قَالَ تَعَالٰى مَا نُنَزِّلُ فِيهِ حَذْفُ إِحْدَى التَّاءَيْنِ الْمَلَائِكَةَ إِلَّا بِالْحَقِّ بِالْعَذَابِ وَمَا كَانُوا إِذًا أَيْ حِينَ نُزُولِ الْمَلَائِكَةِ بِالْعَذَابِ مُنْظَرِينَ ○ مُؤَخَّرِينَ

⑧ فرمایا اللہ تعالیٰ نے ہم فرشتوں کو اسوقت اتارتے ہیں جسوقت کسی کو عذاب دینا منظور ہوتا ہے۔ اور جب فرشتے عذاب الٰہی لیکر آجاتے ہیں اسوقت لوگوں کو مہلت نہیں دیجاتی۔

تشریح

⑦ اگر یہ سچے رسول ہیں تو ان کے ساتھ فرشتے کیوں نہیں آتے؟ اسی طرح ایک بات یہ کہتے تھے کہ اگر واقعی یہ رسول سچے ہیں تو فرشتے ہمارے سامنے آئیں جو کھلم کھلا آکر آپ کی تصدیق کریں اور بتائیں کہ یہ سچے رسول ہیں گویا صداقت کا معیار یہ ہوا کہ فرشتے آکر تصدیق کریں۔

⑧ فرشتوں کا نزول اللہ کی حکمت کے ساتھ ہوتا ہے جہاں تک حق و صداقت کی نشانیوں کا تعلق ہے اس کے نشانات سمجھنے والوں کے لئے ہر طرف موجود ہیں جو اپنے خالق کے وجود اس کی یکتائی اور قدرت کی گواہی دے رہے ہیں۔ سمجھنے والوں کے لئے سچائی کا سمجھنا مشکل نہیں ہے مگر جن کا ارادہ ماننے کا ہی نہ ہو ان کے لئے سورج کی طرح روشن دلیل بھی ناکافی ہے رہا فرشتوں کا زمین پر نازل ہونا تو فرشتے اترتے ہیں مگر حق کے ساتھ اترتے ہیں اور جب اترتے ہیں تو وہ فیصلہ چکانے کا آخری وقت ہوتا ہے پھر اس کے بعد مہلت نہیں دی جاتی اسلئے کہ امتحان جب تک ہے جب تک حقیقت بے نقاب نہیں ہوتی اور جب حقیقت بے نقاب ہو گئی تو پھر ایمان معتبر نہیں ہے۔ وہ لمحہ ہوتا ہے جب باطل کو مٹا کر حق قائم کرنے کا فیصلہ ہو جاتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۝٩ وَلَقَدْ

إِنَّا	نَحْنُ	نَزَّلْنَا	الذِّكْرَ	وَإِنَّا	لَهُ	لَحَافِظُونَ	وَلَقَدْ
بیشک	ہم	ہم نے نازل کیا	یاددہانی (قرآن)	اور بیشک ہم	اسکے	نگہبان	اور یقیناً

بیشک ہم ہی نے قرآن نازل کیا اور بیشک ہم ہی اس کے نگہبان ہیں اور یقیناً

أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ فِي شِيَعِ الْأَوَّلِينَ ۝١٠

أَرْسَلْنَا	مِن	قَبْلِكَ	فِي	شِيَعِ	الْأَوَّلِينَ	
ہم نے بھیجے	سے	تم سے پہلے	میں	گروہ	پہلے	

ہم نے تم سے پہلے گروہوں میں رسول بھیجے۔

(۹) إِنَّا نَحْنُ تَاكِيدٌ لِاسْمِ إِنَّ أَوْ فَصْلٌ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ الْقُرْآنَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ○ مِنَ التَّبْدِيلِ وَالتَّحْرِيفِ وَالزِّيَادَةِ وَالنَّقْصِ۔

(۹) بیشک ہم نے ہی اتارا قرآن کو اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں کہ کوئی شخص اسمیں تبدل اور تغیر اور کمی بیشی نہ کرسکے۔

(۱۰) وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ رُسُلًا فِي شِيَعِ فِرَقِ الْأَوَّلِينَ ○

(۱۰) اور ہم نے تجھ سے پہلے پیغمبر بھیجے پہلی جماعتوں میں۔

تشریح

(۹) قرآن ہم نے نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں | اس لئے خوب سمجھ لو کہ یہ ذکر یعنی قرآن ہم نے نازل کیا ہے یہ اس شخص کا لایا ہوا نہیں ہے جسکو تم مجنوں کہہ رہے ہو نہ ہی اس نے یہ گھڑا ہے نہ بنایا ہے اور یہ بھی سمجھ لو کہ تمہاری کوئی کوشش اللہ کے اس کلام کو مٹانے میں کامیاب نہیں ہوگی نہ آئیں کوئی ردوبدل ہوسکے گا اسلئے کہ اسکی حفاظت کی ذمہ داری خود پروردگار عالم کی ہے۔ جس شان کے ساتھ یہ اترا ہے بغیر کسی تبدیلی کے اسی طرح چار دانگ عالم میں اسکی آواز گونجتی رہیگی اور تاقیامت ہر طرح کی لفظی، معنوی تحریف وردوبدل سے محفوظ رہیگی۔ اس کے احکام اسی طرح سے باقی رہینگے، زمانے کے تغیر وتبدل سے ان پر کوئی اثر نہیں پڑیگا اسکی زبان کی فصاحت وبلاغت اسکے مضامین کی علم وحکمت اسی طرح باقی رہے گی زمانہ شاہد ہے کہ یہ دعویٰ نرا دعویٰ نہیں ہے بلکہ حقیقت کی ترجمانی ہے۔ آج کوئی کتاب ایسی ہے جو ہزاروں لاکھوں انسانوں کے سینے میں اس طرح محفوظ ہو جسطرح قرآن سینوں میں محفوظ ہے۔ اسکا رسم الخط اس کے الفاظ کی ادائیگی، کون سی چیز ہے جو اسیطرح باقی نہ ہو جسطرح وہ اللہ کیطرف سے پیغمبر آخر الزماں حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوا اور آپ نے سینوں کے ساتھ سفینوں میں بھی محفوظ فرمادیا کوئی کتاب دنیا میں ایسی ہے جس کی اسطرح خدمت کی گئی ہو جسطرح قرآن کی کیگئی ہے اور کی جارہی ہے اس طرح اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد بالکل صحیح اور درست ہے کہ یہ کلام اللہ نے اتارا ہے اور اسی نے یہ ذمہ داری لی ہے۔

(۱۰) رسول بہت سی گذری ہوئی قوموں میں بھیجے گئے ہیں۔ | اللہ کا دنیا کے آغاز سے یہ طریقہ رہا ہے کہ لوگوں تک اللہ کا دین پہنچانے کے لئے رسول مقرر کئے گئے ہیں جنھوں نے اپنے قول وعمل سے اللہ کا دین لوگوں کے سامنے پیش کیا کیونکہ رسولوں کو عمل کرکے بھی دکھانا تھا اسلئے اللہ نے انسانوں میں سے ہی کسی انسان کو اس منصب کے لئے منتخب کیا۔ اسلئے حضرت محمد ﷺ سے پہلے بھی بہت سی گذری ہوئی قوموں میں رسول بھیجے جاچکے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا يَأْتِيهِم مِّن رَّسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ﴿١١﴾

وَمَا يَأْتِيهِم	مِّن رَّسُولٍ	إِلَّا	كَانُوا	بِهِ	يَسْتَهْزِءُونَ
اور نہیں آیا انکے پاس	کوئی رسول	مگر	وہ تھے	اس سے	ہنسی کرتے

اور ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا مگر وہ اس سے ہنسی کرتے تھے۔

كَذَٰلِكَ نَسْلُكُهُ فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ ﴿١٢﴾

كَذَٰلِكَ	نَسْلُكُهُ	فِي	قُلُوبِ	الْمُجْرِمِينَ
اسی طرح	ہم اسے ڈالدیتے ہیں	میں	دل (جمع)	گنہگاروں

اسی طرح ہم اسے ڈال دیتے ہیں گنہگاروں کے دل میں

(۱۱) وَمَا كَانَ يَأْتِيهِم مِّن رَّسُولٍ إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ○ اِسْتِهْزَاءُ قَوْمِكَ بِكَ وَهٰذَا تَسْلِيَةٌ لِّلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(۱۱) اور جب کوئی پیغمبر انکے پاس آتا تھا وہ لوگ اس سے استہزار اور مذاق کرتے تھے جیسا کہ تمہاری قوم تمہارے ساتھ کرتی ہے۔ اس میں حضرتؐ کو تسلی دینا منظور ہے۔

(۱۲) كَذَٰلِكَ نَسْلُكُهُ أَيْ مِثْلَ إِدْخَالِنَا التَّكْذِيبَ فِي قُلُوبِ أُولٰئِكَ نَدْخُلُهُ فِي قُلُوبِ الْمُجْرِمِينَ ○ أَيْ كُفَّارِ مَكَّةَ

(۱۲) ہم نے جس طرح پہلی امتوں کے دل میں تکذیب ڈالی اسی طرح مکہ کے کافروں کے دل میں یہ ڈالتے ہیں کہ وہ تکذیب کریں۔

تشریح

(۱۱) **ہر رسول کا مذاق اڑایا گیا** آج جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پیش آرہا ہے کہ ان کو مجنون اور پاگل کہا جارہا ہے یہ بات ہر رسول کے ساتھ ہوئی ہے اس لئے کہ رسول جس ماحول میں آتا ہے وہ اک بگڑا ہوا ماحول ہوتا ہے اور رسول آتا ہی جب ہے جب بگاڑ اپنی حد کو پہنچ جاتا ہے اور اصل دین باقی نہیں رہتا اس لئے جب اس بگڑے ہوئے ماحول میں رسول آتا ہے اور حق و صداقت کی آواز بلند کرتا ہے تو جن لوگوں کے پاس اس کی دعوت کو رد کرنے کا کوئی معقول جواب نہیں ہوتا وہ اس کے ساتھ استہزار کرتے ہیں اس کا مذاق اڑاتے ہیں اس پر زیادتیاں کرتے ہیں اس کو مجنون اور پاگل بتلاتے ہیں اس لئے جو کچھ حضرت محمد ﷺ کے ساتھ ہو رہا ہے وہ کوئی نئی بات نہیں ہے پہلے سے ہی ایسے ہوتا چلا آرہا ہے۔

(۱۲) **حق کے جھٹلانے والوں کے دلوں میں اللہ کا کلام تیر بن کر لگتا ہے۔** جب اللہ تعالیٰ رسولوں کے ذریعے اپنا کلام اتارتے ہیں تو جن کے دل سچائی قبول کرنے کے لئے کشادہ ہیں ان کے لئے اللہ کا دین اور پروردگار کا کلام ٹھنڈک بن کر دلوں میں اترتا ہے اور چاندنی کی طرح انکے دلوں کو روشن کرتا ہے اور انکی روح کی غذا بن کر طاقت دیتا ہے اسکے برخلاف جنکے دل حق و صداقت کیلئے تنگ ہیں ان کے دلوں میں یہ تیر کی طرح چبھتا ہے جب وہ اللہ کا کلام سنتے ہیں تو بجائے خوش ہونیکے ایسا لگتا ہے کہ لوہے کی گرم سلاخ سے ان کے دلوں کو چھیدا جارہا ہے اور تلملا کر رہ جاتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَا يُؤْمِنُونَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَلَوْ

لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِهٖ	وَقَدْ + خَلَتْ	سُنَّةُ	الْاَوَّلِيْنَ	وَلَوْ
وہ ایمان نہیں لائینگے	اس پر	اور بیت چکی ہے	رسم	پہلے	اور اگر

وہ اس (قرآن) پر ایمان نہیں لائیں گے ، اور یہ پہلوں کی رسم پڑ چکی ہے اور اگر

فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ﴿۱۴﴾

فَتَحْنَا	عَلَيْهِمْ	بَابًا	مِّنَ	السَّمَآءِ	فَظَلُّوْا	فِيْهِ	يَعْرُجُوْنَ
ہم کھولدیں	ان پر	کوئی دروازہ	سے	آسمان	وہ رہیں	اسمیں	چڑھتے

ہم ان پر آسمان کا کوئی دروازہ کھول دیں اور وہ اسمیں (دن بھر) چڑھتے رہیں

﴿۱۳﴾ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ○ اَيْ سُنَّةُ اللّٰهِ فِيْهِمْ مِنْ تَعْذِيْبِهِمْ بِتَكْذِيْبِهِمْ اَنْبِيَآءَهُمْ وَهٰؤُلَآءِ مِثْلُهُمْ

﴿۱۳﴾ پھر لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر ایمان نہ لاویں اور بیشک پہلی امتوں میں یہ طریقہ گذر چکا ہے کہ بسبب انکے جھٹلانے کے اللہ نے انکو عذاب میں گرفتار کیا۔ اور کافر بھی مثل ان کے ہیں۔ ان پر بھی عذاب آویگا

﴿۱۴﴾ وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ فِي الْبَابِ يَعْرُجُوْنَ ○ يَصْعَدُوْنَ

﴿۱۴﴾ اور ہم کھولدیں ان پر دروازہ آسمان کا کہ یہ اس میں چڑھ جاویں۔

تشریح

﴿۱۳﴾ حق کے جھٹلانے والوں کا طریقہ یہی چلا آرہا ہے | حق کے جھٹلانے والوں کا شروع سے یہی دستور رہا ہے کہ کتنی ہی دلیلیں پیش کرو حق کو کھول کھول کر ان کے سامنے رکھ دو مگر یہ اس قماش کے لوگ ہیں کہ ایمان لاکر نہیں دیتے اور حق بہرحال غالب آتا ہے اور باطل کا مقدر تباہی و بربادی ہے۔

﴿۱۴﴾ جن کو نہیں ماننا ہے وہ کسی حال میں نہیں مانیں گے | جب حق کے لئے دل کے دروازے بند ہو جاتے ہیں تو انسان کا حال یہ ہوتا ہے کہ اگر ان کے سامنے آسمان کا کوئی دروازہ کھل جائے اور اس دروازے سے ان کو آسمان پر چڑھایا جائے تو یہی لوگ جو آج کہہ رہے ہیں کہ فرشتے کیوں نہیں اترتے یہ تب بھی مان کر نہیں دینگے۔ غرض جن کو نہیں ماننا ہے وہ نہیں مانیں گے اور ماننے والوں کے لئے سب کچھ سامنے ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ

لَقَالُوْٓا	اِنَّمَا	سُكِّرَتْ	اَبْصَارُنَا	بَلْ	نَحْنُ	قَوْمٌ
تو کہیں گے	اسکے سوا نہیں	باندھ دی گئی	ہماری آنکھیں	بلکہ	ہم	لوگ

تو (یہی) کہیں گے کہ اس کے سوا نہیں کہ ہماری آنکھیں باندھ دی گئی ہیں (ہماری نظر بندی کر دی گئی ہے)

ع ۱۵ ۱ مَّسْحُوْرُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا

مَّسْحُوْرُوْنَ	وَلَقَدْ + جَعَلْنَا	فِي	السَّمَآءِ	بُرُوْجًا
جادہ زدہ	اور یقیناً ہم نے بنائے	میں	آسمان	بُرج (جمع)

بلکہ ہم جادو زدہ ہیں۔ اور یقیناً ہم نے آسمانوں میں بُرج بنائے۔

وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ

وَّزَيَّنّٰهَا	لِلنّٰظِرِيْنَ	وَحَفِظْنٰهَا	مِنْ	كُلِّ	شَيْطٰنٍ
اور اُسے زینت دی	دیکھنے والوں کے لئے	اور ہم نے حفاظت کی اسکی	سے	ہر	شیطان

اور اُسے دیکھنے والوں کے لئے زینت دی اور ہم نے ہر مردود شیطان سے اس کی

رَّجِيْمٍ ﴿۱۷﴾ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾

رَّجِيْمٍ	اِلَّا	مَنِ	اسْتَرَقَ	السَّمْعَ	فَاَتْبَعَهٗ	شِهَابٌ	مُّبِيْنٌ
مردود	مگر	جو	چوری کرے	سُننا	تو اسکا پیچھا کرتا ہے	شعلہ	چمکتا ہوا

حفاظت کی مگر جو چوری کر کے (چوری سے) سُن لے تو چمکتا ہوا شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے۔

﴿۱۵﴾ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ○ يُخَيَّلُ اِلَيْنَا ذٰلِكَ۔

﴿۱۵﴾ البتہ کہیں گے کہ بات یہ ہے کہ ہماری بینائیاں بند کر دی گئی ہیں بلکہ ہم پر جادو کر دیا گیا ہے کہ ہم کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ آسمانوں پر چڑھے۔

﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا اِثْنَيْ عَشَرَ الْحَمْلُ وَالثَّوْرُ وَالْجَوْزَآءُ وَالسَّرَطَانُ وَالْاَسَدُ وَالسُّنْبُلَةُ وَالْمِيْزَانُ وَالْعَقْرَبُ وَالْقَوْسُ وَالْجَدْيُ وَالدَّلْوُ وَالْحُوْتُ وَهِيَ الْمَنَازِلُ الْكَوَاكِبُ السَّبْعَةُ السَّيَّارَةُ الْمِرِّيْخُ وَلَهُ الْحَمْلُ وَ

﴿۱۶﴾ وَلَقَدْ جَعَلْنَا الخ اور بلاشبہ ہم نے آسمان میں بارہ برج بنائے۔ حمل اور ثور اور جوزا اور سرطان اور اسد اور سنبلہ اور میزان اور عقرب اور قوس اور جدی اور دلو اور حوت۔

اور یہ بارہ برج منزلیں ہیں سات ستاروں چلنے والوں کی مریخ کی منزل حمل اور عقرب ہے اور زہرہ کے لئے ثور اور میزان اور عطارد کے لئے جوزا اور سنبلہ اور قمر کے لئے سرطان

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْعَقْرَبُ وَالزُّهْرَةُ وَلَهُ الثَّوْرُ وَالْمِيزَانُ وَعُطَارِدُ وَلَهُ الْجَوْزَاءُ وَالسُّنْبُلَةُ وَالْقَمَرُ وَلَهُ السَّرَطَانُ وَالشَّمْسُ وَلَهُ الْأَسَدُ وَالْمُشْتَرِي وَلَهُ الْقَوْسُ وَالْحُوتُ وَزُحَلُ وَلَهُ الْجَدِيُ وَالدَّلْوُ

اور سورج کے لئے اسد اور مشتری کے لئے قوس اور حوت اور زحل کے لئے جدی اور دلو

وَزَيَّنَّاهَا لِلنَّاظِرِينَ ○

اور ہم نے آسمانوں کو زینت دی ساتھ ستاروں کے دیکھنے والوں کے لئے

(۱۷) وَحَفِظْنَاهَا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ ○ مَرْجُومٍ

(۱۷) اور ان کو بچایا ہر شیطان مردود سے ساتھ ستاروں ٹوٹنے والوں کے۔

(۱۸) إِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ مُبِينٌ ○ كَوْكَبٌ مُضِيءٌ يُحْرِقُهُ أَوْ يَثْقُبُهُ أَوْ يُخَبِّلُهُ

(۱۸) لیکن جو کوئی شیطان چھپ کر آسمان پر جا کر کوئی بات سننا چاہتا ہے سو اس سے جا ملتا ہے ستارہ روشن کہ وہ اسکو جلا دیتا ہے اور پارہ پارہ کر دیتا ہے اور اسکو دیوانہ کر دیتا ہے۔

تشریح

(۱۵) کہیں گے کہ ہم پر جادو ہے | اگر خود ان لوگوں کو آسمان پر چڑھا دیا جائے تو ماننا تو درکنار یہی کہیں گے کہ ہماری آنکھوں کو دھوکا ہو رہا ہے ہماری نظر بندی کر دی گئی ہے یا ہم پر جادو کر دیا گیا ہے۔ تو معاملہ یہ نہیں ہے کہ حق واضح نہیں ہے بلکہ یہ ہے کہ حق کو ماننا نہیں ہے۔

(۱۶) کائنات کی بناوٹ اس کے بنانے والے کا پتہ دیتی ہے | جو لوگ بار بار نشانیاں طلب کرتے ہیں، مانگ کرتے ہیں کہ آسمان سے فرشتے اتریں جو ہم سے کہیں کہ یہ دین حق ہے یہ اللہ کے پیغمبر ہیں۔ وہ ذرا آنکھیں کھول کر اللہ کی نشانیوں میں سے آسمان اور اسمیں روشن ستاروں کو دیکھ لیں کہ ہم نے کس طرح اس فضائے بسیط میں ایسے محفوظ خطے بنا دئے ہیں کہ کوئی سیارہ مجال ہے کہ دوسرے سیارے سے ٹکرا جائے یہ محفوظ خطے اتنی باریکی سے بنائے گئے ہیں کہ ہر سیارہ صرف اپنے محور پر گھومتا ہے اور بال برابر ادھر سے اُدھر نہیں ہوتا۔ نہ چاند سورج کو پکڑ سکتا ہے اور نہ سورج چاند سے ٹکرا سکتا ہے اس استحکام اور مضبوطی کے ساتھ ذرا ان جگمگاتے ستاروں کو دیکھو، رات کی تاریکی میں یہ ٹمٹماتے ہوئے چراغ اپنے بنانے والے کی صناعی کاریگری اور اس کے پاکیزہ جمالیاتی ذوق کی روشن دلیل ہیں۔ کیا یہ سب پھیلی ہوئی نشانیاں نہیں ہیں کہ تمہیں مزید نشانیوں کی ضرورت پڑتی ہے۔

(۱۷) عالم بالا یا غیب کی خبروں تک کسی کی رسائی نہیں ہے | جس طرح اس زمین کی مخلوقات زمین کے خطے میں محدود و مقید ہیں عالم بالا تک جہاں تکوینی امور انجام پاتے ہیں انکی رسائی نہیں ہے اس طرح اللہ تعالیٰ نے عالم بالا کو شیطان مردود سے محفوظ کر دیا ہے۔ غیب کی باتوں تک ان کی کوئی رسائی نہیں ہے اس لئے یہ سمجھنا کہ یہ شیطان جنکو مؤکل کہہ کر یہ سمجھا جاتا ہے کہ ہم نے انکو تابع کر لیا ہے اور وہ ہمیں غیب کی خبریں بتاتے ہیں یہ بالکل وہم و گمان اور جھوٹ ہے عالم غیب تک کسی کی رسائی نہیں ہے۔

(۱۸) غیب کی سن گن لینے والے کو روشن شعلے سے بھگا دیا جاتا ہے | فضا میں ایسے محفوظ قلعہ نما خطے بنے ہوئے ہیں جو ہر طرح سے اس زمین کی اور اس فضا میں رونما ہونیوالے حادثوں سے انسانوں کی حفاظت کرتے ہیں اگر کوئی شیطان قسم کا جن عالم غیب کی باتوں کا پتہ چلانے کے لئے کوئی سن گن لینے کی کوشش کرتا ہے تو شہاب ثاقب اس کا پیچھا کرتے ہیں۔ غرض یہ کہ یہ پوری کائنات ایک محفوظ قلعے کی طرح ہے جس پر پروردگار عالم کی پوری گرفت ہے وہ جو بات ظاہر کرنا چاہتے ہیں ظاہر کرتے ہیں اور جو ظاہر کرنا نہیں چاہتے کسی کی مجال نہیں ہے کہ اس کا پتہ لگا سکے۔ اس طرح جو غیب کی باتیں بتانے والوں پر اعتماد کرتے ہیں وہ جہالت اور حماقت کے سوا کچھ نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا

وَالْاَرْضَ	مَدَدْنٰهَا	وَاَلْقَيْنَا	فِيْهَا	رَوَاسِيَ	وَاَنْۢبَتْنَا	فِيْهَا
اور زمین	ہم نے اسکو پھیلایا	اور ہم نے رکھے	اسمیں (پر)	پہاڑ	اور ہم نے اگائی	اس میں

اور ہم نے زمین کو پھیلا دیا اور ہم نے اس پر پہاڑ رکھے اور ہم نے اسمیں

مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ﴿۱۹﴾ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ

مِنْ	كُلِّ شَيْءٍ	مَّوْزُوْنٍ	وَجَعَلْنَا	لَكُمْ	فِيْهَا	مَعَايِشَ
سے	ہر چیز	موزوں	اور ہم نے بنائے	تمہارے لئے	اسمیں	سامانِ معیشت

ہر چیز موزوں اُگائی۔ اور ہم نے اس میں تمہارے لئے سامانِ معیشت بنائے

وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا

وَمَنْ	لَّسْتُمْ	لَهٗ	بِرٰزِقِيْنَ	وَاِنْ	مِّنْ شَيْءٍ	اِلَّا	عِنْدَنَا
اور جو جس	تم نہیں	اسکے لئے	رزق دینے والے	اور نہیں	کوئی چیز	مگر	ہمارے پاس

(اور اس کیلئے بھی) جسے تم رزق دینے والے نہیں۔ اور کوئی چیز نہیں جسکے خزانے ہمارے پاس

خَزَآئِنُهٗ وَمَا نُنَزِّلُهٗٓ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾

خَزَآئِنُهٗ	وَمَا	نُنَزِّلُهٗٓ	اِلَّا	بِقَدَرٍ	مَّعْلُوْمٍ
اس کے خزانے	اور نہیں	ہم اسکو اُتارتے	مگر	اندازہ سے	مناسب۔معلوم

نہ ہوں اور ہم نہیں اُتارتے مگر ایک مناسب اندازہ سے۔

﴿۱۹﴾ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا بَسَطْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ جِبَالًا ثَوَابِتَ لِئَلَّا تَتَحَرَّكَ بِاَهْلِهَا وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ○ مَعْلُوْمٍ مُّقَدَّرٍ

﴿۱۹﴾ اور ہم نے زمین کو بچھایا اور اس پر پہاڑ بھاری ڈالے تاکہ زمین کو اور اس کے رہنے والوں کو حرکت نہ ہو۔

اور ہم نے زمین میں ہر چیز اندازہ سے جمائی۔

﴿۲۰﴾ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ بِالْيَاءِ مِنَ الثِّمَارِ وَالْحُبُوْبِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ مَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرَازِقِيْنَ ○ مِنَ الْعَبِيْدِ

﴿۲۰﴾ اور تمہارے لئے اس میں سامانِ معیشت پیدا کیا یعنی پھل اور غلہ اور تم کو غلام اور جانور دیئے جن کو تم روزی نہیں دیتے بلکہ اللہ ان کو رزق دیتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَالدَّوَابِّ وَالْاَنْعَامِ فَاِنَّمَا
یَرْزُقُهُمُ اللّٰهُ

(۲۱) وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ ۫ وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ○ عَلٰی حَسَبِ الْمَصَالِحِ

(۲۱) اور ہر چیز کے خزانوں کی کنجیاں ہمارے پاس ہیں اور ہم نہیں نازل کرتے کوئی چیز مگر موافق اندازۂ مقررہ حسب مصلحت اور ضرورت کے۔

تشریح

(۱۹) قدرت کے نظام میں ضبط و توازن اس کی قدرت کی نشانی ہے | اللہ کی اس زمین پر حیرت انگیز ضبط و توازن نظر آتا ہے چنانچہ نباتات کی ہر قسم میں بڑھنے کی اتنی زبردست طاقت موجود ہے کہ اگر ایک پودے کی نسل کو بڑھنے کا موقع مل جائے تو تھوڑے عرصے میں وہ ایک قسم کا پودا ہی اتنی جگہ لے لیگا کہ دوسری قسم کی نباتات کے لئے جگہ نہیں رہیگی۔ بیسویں صدی کے شروع کی بات ہے کہ آسٹریلیا میں کھیتوں میں باڑھ بنانے کے لئے ناگ پھنی کی قسم کا ایک پودا لگایا گیا وہ ناگ پھنی اتنی تیزی سے بڑھنی شروع ہوئی کہ شہروں دیہاتوں میں گھستی چلی گئی کھیتوں کو ویران کر دیا اور کسی قسم کی کاشت کو ناممکن بنا دیا گویا ناگ پھنی کیا تھی ایک ایسی فوج تھی جو پورے ملک پر حملہ آور ہو گئی تھی۔ ماہرین نے اس کا توڑ تلاش کرنا شروع کیا تو ایک ایسا کیڑا ملا جو صرف ناگ پھنی کھا کر زندہ رہتا تھا اور اس کیڑے کا کوئی دوسرا دشمن بھی نہیں تھا اس نے بڑی تیزی کے ساتھ ناگ پھنی کو ختم کر دیا۔

اسی طرح نباتات کی ہر قسم اپنے جسم کے اعتبار سے اور پھیلاؤ کے اعتبار سے ایک حد پر ختم ہو جاتی ہے۔ یہ ضبط و توازن (Cheques and Balance) ——— اللہ کی قدرت کی نشانی ہے۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے زمین کو پانی کے اوپر پھیلا دیا اس میں توازن (Balance) ——— قائم رکھنے کے لئے پہاڑوں کو میخوں کی طرح گاڑ دیا۔ ہر ہر چیز کا نپا تلا پیدا ہونا اور ایک توازن و بیلنس اور نظم و ضبط یہ سب اللہ کی قدرت اور اس کی حکمت کے اہم نشانات ہیں۔

(۲۰) تمہارے لئے زمین میں اسباب معیشت پیدا کئے | اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ بھی ہے کہ اس نے زمین میں انسان کے لئے اسباب معیشت فراہم کر دیئے ہیں جن سے انسان فائدے حاصل کرتا ہے۔ اللہ نے انسانوں میں جو روزی کا فرق رکھا ہے کہ کسی کے پاس اسباب معاش زیادہ ہیں کسی کے پاس کم ہیں اس فرق میں بھی اللہ تعالیٰ کی بڑی حکمت ہے جن کے پاس اسباب و وسائل کی کمی ہے وہ مالداروں کی خدمت کرتے ہیں اور اس کے ذریعہ انکو روزی روٹی ملتی ہے مالدار لوگوں کو نوکر چاکر اور ایسے حیوانات گھوڑے بیل گائے وغیرہ جو ان کی خدمت گذاری کرتے ہیں اور ان جانوروں کی روزی کا بھی اللہ تعالیٰ انتظام فرماتے ہیں۔

(۲۱) اللہ کے پاس ہر چیز کے خزانے ہیں | معاملہ صرف نباتات تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ ہوا، پانی، روشنی، گرمی، سردی، جمادات حیوانات غرض ہر چیز کے اللہ کے پاس بے شمار خزانے ہیں مگر ان خزانوں میں سے ہر چیز اتنی ہی مقدار میں نکالی جاتی ہے جتنی ضرورت کے مطابق ہے۔ صحیح اندازے کے مطابق بلا کم و کاست ہر ہر چیز کا وقت پر موجود ہونا یہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کی نشانی ہے اور اس بات کی دلیل ہے کہ کائنات کا یہ پورا نظام ایک پروردگار کے قبضے میں ہے وہی صحیح صحیح طریقے پر ہر ہر چیز کا انتظام کرتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَآ

وَاَرْسَلْنَا	الرِّيٰحَ	لَوَاقِحَ	فَاَنْزَلْنَا	مِنَ	السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ
اور ہم نے بھیجیں	ہوائیں	بھری ہوئی	پھر ہم نے اتارا	سے	آسمان	پانی	پھر وہ ہم نے تمہیں پلایا

وَمَآ

اور نہیں

اور ہم نے ہوائیں بھیجیں (پانی سے) بھری ہوئیں پھر ہم نے آسمان سے پانی اُتارا پھر وہ ہم نے تمہیں پلایا اور تم اسکے

اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾

اَنْتُمْ	لَهٗ	بِخٰزِنِيْنَ	وَاِنَّا	لَنَحْنُ	نُحْيٖ	وَنُمِيْتُ	وَنَحْنُ	الْوٰرِثُوْنَ
تم	اسکے	خزانہ کرنے والے	اور بیشک ہم	البتہ ہم	زندگی دیتے ہیں	اور ہم مارتے ہیں	اور ہم	وارث (جمع)

خزانے (جمع) کرنے والے نہیں۔ اور بیشک ہم (ہی) زندگی دیتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہم ہی وارث ہیں۔

﴿۲۲﴾ وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ○ اَيْ لَيْسَتْ خَزَائِنُهٗ بِاَيْدِيْكُمْ

﴿۲۲﴾ اور ہم نے بھیجا ہواؤں کو کہ وہ بادلوں کو پانی سے بھرتی ہیں سو ہم اتارتے ہیں ابر سے بارش پس پلاتے ہیں ہم تم کو وہ پانی اور اس کے خزانے تمہارے اختیار میں نہیں۔

﴿۲۳﴾ وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ○ اَلْبَاقُوْنَ نَرِثُ جَمِيْعَ الْخَلْقِ

﴿۲۳﴾ اور بیشک ہم ہی زندہ کرتے ہیں اور مارتے ہیں اور ہم ہی باقی رہنے والے ہیں کہ وارث ہونگے تمام مخلوق کے۔

تشریح

﴿۲۲﴾ **پانی کا حیرت انگیز نظام** | ذرا غور کیجئے کہ اللہ تبارک تعالیٰ نے انسان کے لئے پانی کا کیسا حیرت انگیز نظام قائم کیا ہے سمندر سے بادل اٹھتے ہیں ہواؤں کے دوش پر سوار ہو کر یہ بھاری بھاری بادل پانی کی مشکوں کو لئے ہوئے فضا میں چھا جاتے ہیں پھر ان سے پانی برستا ہے نہروں چشموں تالابوں میں جمع ہوتا ہے۔ یہی پانی پہاڑ کی بلندیوں پر برف کی صورت میں جم جاتا ہے پھر گرمی کے زمانے میں برف پگھلتی ہے اور پانی کے خزانوں میں سے دریاؤں کے ذریعے زمین کو سیراب کرتا ہوا یہ پانی انسان کو اور زمین کو زندگی دیتا ہے۔ کیا اللہ کے سوا اس طرح پانی کا ذخیرہ کوئی جمع کر سکتا ہے کہ پورے سال یہ شیریں اور صاف ستھرا پانی ہماری پیاس بجھاتا ہے۔ کیا یہ اس بات کی علامت نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کس طرح اپنی قدرت سے یہ سب انتظام کرتا ہے نہ بارش برسانا انسان کے قبضے میں ہے نہ چشمے اور کنوئیں انسان کے بس میں ہیں اگر اللہ تعم چاہے تو ان کنوؤں کا پانی خشک ہو جائے اور انسان پانی سے محروم ہو جائے۔ کیا اللہ کے وجود اور اس کی قدرت کے لئے یہ نشانی کافی نہیں ہے۔

﴿۲۳﴾ **موت و حیات ہمارے قبضے میں ہے** | پھر دیکھو کہ زندگی اور موت کس کے قبضے میں ہے کون ہے جو زندگی دیتا ہے اور موت آجائے تو کون ہے جو بچا سکتا ہے۔ پھر جو چیزیں ہم نے انسانوں کو دی ہیں موت کے ساتھ ہی وہ ساری چیزیں اس کے قبضے سے نکل جاتی ہیں۔ اسی طرح ہر ہر چیز فنا ہونے والی ہے ایک اللہ اپنی کامل صفات کے ساتھ باقی رہنے والا ہے جو تمام چیزوں کا وارث ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾

وَلَقَدْ عَلِمْنَا	الْمُسْتَقْدِمِيْنَ	مِنْكُمْ	وَلَقَدْ عَلِمْنَا	الْمُسْتَاْخِرِيْنَ
اور تحقیق ہمیں معلوم ہیں	آگے گزرنے والے	تم میں سے	اور تحقیق ہمیں معلوم ہیں	پیچھے رہ جانے والے

اور تحقیق ہمیں معلوم ہیں تم میں سے آگے گزرنے والے ، اور تحقیق ہمیں معلوم ہیں پیچھے رہ جانے والے

وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ ع ۲/۱۰ ۲

وَاِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	يَحْشُرُهُمْ	اِنَّهٗ	حَكِيْمٌ	عَلِيْمٌ	وَلَقَدْ
اور بیشک	تیرا رب	وہ	انہیں جمع کریگا	بیشک وہ	حکمت والا	علم والا	اور تحقیق

اور بیشک تیرا رب (ہی) انہیں (روز قیامت) جمع کرے گا ۔ بیشک وہ حکمت والا علم والا ہے ۔ اور تحقیق ہم نے

خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾ وَ ج

خَلَقْنَا	الْاِنْسَانَ	مِنْ	صَلْصَالٍ	مِّنْ + حَمَاٍ	مَّسْنُوْنٍ	وَ
ہم نے پیدا کیا	انسان	سے	کھنکھناتا ہوا	سیاہ گارے سے	سڑا ہوا	اور

انسانوں کو پیدا کیا ایک کھنکھناتے ہوئے سیاہ سڑے ہوئے گارے سے ۔ اور

الْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾

الْجَآنَّ	خَلَقْنٰهُ	مِنْ قَبْلُ	مِنْ	نَّارِ + السَّمُوْمِ	
جن (جمع)	ہم نے اسے پیدا کیا	اس سے پہلے	سے	آگ بے دھوئیں کی	

جنوں کو اس سے پہلے ہم نے بے دھوئیں کی آگ سے پیدا کیا۔

(۲۴) وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ اَیْ مَنْ تَقَدَّمَ مِنَ الْخَلْقِ مِنْ لَّدُنْ اٰدَمَ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ○ اَلْمُتَاَخِّرِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

(۲۴) اور بیشک ہم جانتے ہیں پہلوں کو تم میں سے جو زمانہ آدم علیہ السلام سے گذرے اور بیشک ہم جانتے ہیں پچھلوں کو یعنی جو قیامت تک ہونگے ۔

(۲۵) وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ فِيْ صُنْعِهٖ عَلِيْمٌ ○ بِخَلْقِهٖ

(۲۵) اور بیشک تیرا رب ان سب کو جمع کریگا بیشک وہ حکمت والا ہے اپنے کاموں میں جاننے والا ہے اپنی مخلوق کو ۔

(۲۶) وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ اٰدَمَ مِنْ صَلْصَالٍ طِيْنٍ يَابِسٍ يُسْمَعُ لَهٗ صَلْصَلَةٌ اَیْ صَوْتٌ اِذَا نُقِرَ مِنْ

(۲۶) وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ اور بیشک ہم نے آدم کو کھنکھناتے اور سیاہ بدبودار گارے سے بنایا (صلصال خشک گارے کو کہتے ہیں جسمیں سے آواز نکلے

toobaa-elibrary.blogspot.com

حَمَإٍ مَّسْنُوْنٍ ○ (جب بجایا جائے)

مُتَغَيِّرٍ

(۲۷) وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ اَبَا الْجِنِّ وَهُوَ اِبْلِيْسُ خَلَقْنَا اٰدَمَ مِنْ قَبْلُ اَیْ قَبْلَ خَلْقِ اٰدَمَ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ○ هِیَ نَارٌ لَا دُخَانَ لَهَا تَنْفُذُ فِی الْمَسَامِ

(۲۷) اور ابوالجن یعنی ابلیس کو ہم نے آدم کے پیدا کرنے سے پہلے آگ جلانے والی سے پیدا کیا (سموم اس آگ کو کہتے ہیں جس میں دھواں نہ ہو مسام میں گھس جاوے)

تشریح

(۲۴) پہلے والے بعد والے سب ہماری نگاہ میں ہیں | جو لوگ پہلے گزر چکے ہیں ان کو بھی ہم نے دیکھ لیا ہے وہ بھی ہمارے احاطہ علمی سے باہر نہیں ہیں اور جو لوگ بعد میں آنے والے ہیں وہ بھی ہماری نگاہ میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو ازل سے ابد تک ہر ہر چیز کا مکمل علم ہے اسی کے علم کے مطابق جو کچھ ہوتا ہے پیش آتا ہے اور اسی کے علم کے مطابق آخرت میں سب کے ساتھ عدل و انصاف کا معاملہ کیا جائیگا۔

(۲۵) اللہ تعالیٰ ایک دن سب کو ایک جگہ اکٹھا کرلے گا | جب اس کی حکمت کا تقاضہ ہوگا تو وہ سب کو بیک وقت فیصلے کے لئے اکٹھا کرلیگا اُسے ان کے پیدا کرنے میں اور جمع کرنے میں کوئی دشواری نہ ہوگی چاہے کوئی قبر کی مٹی میں ہو جانوروں کے پیٹ میں ہو سمندر کی تہہ میں ہو یا فضا میں جہاں بھی ہوگا اُسے اپنی قدرت کاملہ سے جمع کردیگا وہ حکیم بھی ہے علیم بھی ہے جو کچھ ہوگا اس کی حکمت کے مطابق ہوگا اور کوئی چیز اس کے علم سے باہر ہے نہ ہوگی۔

(۲۶) اللہ نے انسان کو کیسے پیدا کیا؟ | انسان بدن اور روح دو چیزوں کا مجموعہ ہے روح لطیف ہے اور بدن مادی ہے جو مختلف مادوں سے مل کر بنا ہے۔ اللہ نے انسان کا یہ مادی بدن کیسے بنایا ہے اس کے بارے میں ارشاد ہوا ہے کہ ہم نے انسانوں کے باپ آدم کو بدبودار سڑے ہوئے گارے کے خمیر سے بنایا ہے۔ اس کے بعد جب وہ خشک ہوکر کھنکتی ہوئی مٹی بن گیا تو اس کو آگ میں پکایا گیا (کَالْفَخَّارِ) پھر ہم نے اس کے اندر روح پھونک دی۔

اوپر کی آیات میں اللہ کی ان قدرتی نشانیوں کا ذکر آیا ہے جو اس زمین اور کائنات میں پھیلی ہوئی ہیں جن کو آفاق کہتے ہیں۔ اب اس آیت میں اللہ کی اس نشانی کا ذکر ہے جو خود انسان کی بناوٹ میں پائی جاتی ہے یعنی اَنْفُس اس طرح آفاق اور اَنْفُس دونوں طرح کی نشانیوں سے یہ ثابت کرتا ہے کہ اس کائنات کو بنانے اور چلانے والی وہ ہستی ہے جس کو کامل قدرت حاصل ہے اور جو نہایت حکیم و علیم ہے۔ مٹی سے بنے ہوئے انسان کو اللہ تعالیٰ نے کیسے کیسے کمالات عطا فرمادیئے اور اس کو تمام مخلوقات پر فضیلت عطا فرمادی۔

(۲۷) جنات کو آگ کی لپٹ سے پیدا کیا گیا | انسان کو پیدا کرنے سے پہلے فرشتوں کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے ایک اور مخلوق بنائی جس کا نام جنّ ہے جس طرح انسان کی تخلیق میں اصل جز مٹی ہے جنات کی بناوٹ میں اصل جزء آگ کی لپٹ ہے سورۂ رحمٰن میں ارشاد ہوا ہے کہ خَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ (پارہ ۲۷) یعنی آگ کی طرح گرم لُو۔ مطلب یہ ہے کہ جنوں کے باپ کی تخلیق میں ناری عنصر غالب ہے۔ ابلیس بھی جنات میں سے ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ

وَاِذْ	قَالَ	رَبُّكَ	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اِنِّيْ	خَالِقٌۢ	بَشَرًا	مِّنْ	صَلْصَالٍ	مِّنْ	حَمَاٍ
اور جب	کہا	تیرا رب	فرشتوں کو	بیشک میں	بنانیوالا	انسان	سے	کھنکتا ہوا	سے	سیاہ گارا

اور جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا بیشک میں انسان کو بنانے والا ہوں ایک کھنکھناتے ہوئے سیاہ سڑے ہوئے

مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۲۹﴾

مَّسْنُوْنٍ	فَاِذَا	سَوَّيْتُهٗ	وَنَفَخْتُ	فِيْهِ	مِنْ + رُّوْحِيْ	فَقَعُوْا	لَهٗ	سٰجِدِيْنَ
سڑا ہوا	پھر جب	میں اسے درست کرلوں	اور پھونکوں	اسمیں	اپنی روح سے	تو گر پڑو	اسکے لئے	سجدہ کرتے ہوئے

گارے سے۔ پھر جب میں اسے درست کرلوں اور اسمیں اپنی روح پھونک دوں تو اس کے لئے سجدہ میں گر پڑو۔

﴿۲۸﴾ وَاذْكُرْ اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ○

﴿۲۸﴾ اور یاد کر جب کہ تیرے رب نے فرشتوں سے کہا کہ بیشک پیدا کرنے والا ہوں آدم کو بولنے والے گارے سنے ہوئے سے

﴿۲۹﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَاَتْمَمْتُهٗ وَنَفَخْتُ جَرَيْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَصَارَ حَيًّا وَاِضَافَةُ الرُّوْحِ اِلَيْهِ تَشْرِيْفٌ لِاٰدَمَ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ○ سُجُوْدَ تَحِيَّةٍ بِالْاِنْحِنَاءِ

﴿۲۹﴾ سو جس وقت میں اس کو بنالوں اور اس میں اپنی روح داخل کروں کہ جس سے وہ زندہ ہوجائے پس گرو تم سب واسطے اس کے سجدہ کرنے والے جھک کر بطور سلام کے (روحی میں روح کو اللہ تعالیٰ نے اپنی طرف نسبت فرمایا بوجہ شرافت آدم کے)

تشریح

﴿۲۸﴾ فرشتوں کو تخلیق انسانی کی اطلاع اور..... اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو باخبر کیا کہ دیکھو میں سڑی ہوئی مٹی کے سوکھے گارے سے ایک بشر پیدا کر رہا ہوں یعنی نوع انسانی کے باپ آدم کا پتلا تیار کر رہا ہوں جسمیں اصل حصہ مٹی کا ہے اور دیکھو جب یہ پتلا تیار ہوجائے اور.....

﴿۲۹﴾ مٹی کا پتلا تیار ہوکر اسمیں روح انسانی داخل ہوجائے تو تم سب اسکو سجدہ کرنا جب نوع انسانی کے باپ آدم کا پتلا تیار ہوکر ٹھیک ٹھاک ہوجائے اور اسمیں روح انسانی داخل ہوجائے تو تم سب اس کے سامنے سجدہ ریز ہوجانا۔ اللہ تعالیٰ نے انسانی روح کو اپنی روح فرما کر ایک تو انسان کی تکریم اور اسکے شرف کا اظہار کیا ہے دوسرے یہ بتایا ہے کہ انسان میں جو روح ڈالی گئی ہے اس روح کی صفات میں اللہ کی صفات کا پرتو یا عکس ہے۔ جیسے انسان میں حیات ہے علم ہے قدرت ہے ارادہ اور اختیار ہے یہ ساری صفات اللہ کی صفات کا ایک عکس ہیں اور اسی پرتو کی وجہ سے انسان زمین پر اللہ کا خلیفہ ہے اور فرشتوں سمیت تمام زمین پر پائی جانیوالی مخلوقات کا مسجود قرار دیا گیا ہے۔ یوں تو دیکھا جائے تو ہر مخلوق میں کچھ نہ کچھ اثر اللہ کی کسی نہ کسی صفت کا ہے مگر جس جامعیت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی صفات کا اثر انسان میں ہے کسی دوسری مخلوق میں نہیں ہے یہ ایسا ہی ہے جیسے سورج کی روشنی اتنے فاصلے پر ہونے کے باوجود زمین پر اپنا فیض پہنچاتی ہے مگر سورج کی روشنی کا کوئی حصہ نہ تو کم ہوتا ہے نہ زمین کے اندر داخل ہوتا ہے بس یہ سورج کا فیضان ہے جو روشنی اور حرارت کی صورت میں زمین تک پہنچتا ہے اسیطرح انسان میں پائی جانے والی صفات اللہ کی صفات کا عکس اور اس کا فیضان ہیں انسان اپنی استعداد کے مطابق نفع حاصل کرتا ہے نہ اللہ تعالیٰ اسمیں سماتے ہیں نہ حلول کرتے ہیں کہ اسکے اندر داخل ہوتے ہیں اسکی الوہیت اس سے بہت بلند ہے کہ کسی مخلوق میں اس کا ادنیٰ سا شائبہ ممکن ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ۙ﴿۳۰﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ

فَسَجَدَ	الْمَلٰٓئِكَةُ	كُلُّهُمْ	اَجْمَعُوْنَ	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	اَبٰٓى	اَنْ	يَّكُوْنَ
پس سجدہ کیا	فرشتوں	وہ سب	سب کے سب	سوائے	ابلیس	اُس نے انکار کیا	کہ	وہ ہو

پس سجدہ کیا سب کے سب فرشتوں نے ابلیس کے سوا اس نے انکار کیا کہ وہ سجدہ کرنے

مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۱﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۲﴾

مَعَ	السّٰجِدِيْنَ	قَالَ	يٰٓاِبْلِيْسُ	مَا لَكَ	اَلَّا + تَكُوْنَ	مَعَ	السّٰجِدِيْنَ
ساتھ	سجدہ کرنے والے	اس نے فرمایا	اے ابلیس	تجھے کیا ہوا	کہ تو نہ ہوا	ساتھ	سجدہ کرنیوالے

والوں کے ساتھ ہو۔ اللہ نے فرمایا اے ابلیس! تجھے کیا ہوا کہ تو سجدہ کرنے والوں کے ساتھ نہ ہوا ؟

قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ

قَالَ	لَمْ اَكُنْ	لِّاَسْجُدَ	لِبَشَرٍ	خَلَقْتَهٗ	مِنْ	صَلْصَالٍ	مِّنْ	حَمَاٍ
اس نے کہا	میں نہیں ہوں	کہ سجدہ کروں	انسان کو	تو نے اسکو پیدا کیا	سے	کھنکھناتا ہوا	سے	سیاہ گارا

اس نے کہا میں (وہ) نہیں ہوں کہ سجدہ کروں انسان کو، تو نے اسکو کھنکھناتے ہوئے سیاہ سڑے ہوئے گارے

مَّسْنُوْنٍ ﴿۳۳﴾ قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ۙ﴿۳۴﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ

مَّسْنُوْنٍ	قَالَ	فَاخْرُجْ	مِنْهَا	فَاِنَّكَ	رَجِيْمٌ	وَّاِنَّ	عَلَيْكَ
سڑا ہوا	اس نے کہا	پس نکل جا	یہاں سے	بیشک تو	مردود	اور بیشک	تجھ پر

سے پیدا کیا ہے۔ اللہ نے فرمایا پس یہاں (جنت) سے نکل جا بیشک تو مردود ہے اور بیشک تجھ پر روز انصاف

اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳۵﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۳۶﴾

اللَّعْنَةَ	اِلٰى	يَوْمِ	الدِّيْنِ	قَالَ	رَبِّ	فَاَنْظِرْنِيْٓ	اِلٰى	يَوْمِ + يُبْعَثُوْنَ
لعنت	تک	دن	انصاف	اس نے کہا	اے میرے رب	مجھے مہلت دے	تک	جس دن (مُردے) اٹھائے جائیں

(قیامت) تک لعنت ہے۔ اس نے کہا اے میرے رب! مجھے اس دن تک مہلت دے جس دن مُردے اٹھائے جائیں گے۔

﴿۳۰﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ۙ

فِيْهِ تَاْكِيْدَانِ

﴿۳۱﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ هُوَ اَبُو الْجِنِّ كَانَ بَيْنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اَبٰٓى اِمْتَنَعَ مِنْ اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ۝

﴿۳۰﴾ سو تمام فرشتوں نے اکٹھے ہو کر سجدہ کیا۔

﴿۳۱﴾ سوائے ابلیس کے (ابلیس ابوالجن ہے جو فرشتوں میں رہتا تھا فرشتہ نہ تھا) وہ رُکا اس سے کہ ہووے سجدہ کرنے والوں کیساتھ

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۳۲) قَالَ تَعَالٰی یٰۤاِبْلِیْسُ مَا لَكَ مَا مَنَعَكَ اَنْ لَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِیْنَ ۝

(۳۲) اللہ تعالٰے نے فرمایا اے ابلیس کس چیز نے تجھکو منع کیا اس سے کہ ہووے تو ساتھ سجدہ کرنے والوں کے۔

(۳۳) قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ۝

(۳۳) وہ بولا کہ میرے لائق نہیں کہ میں سجدہ کروں واسطے آدم کے جس کو تو نے بنایا بولنے والے گارے سڑے ہوئے سے

(۳۴) قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِیْمٌ ۝ وَّاِنَّ عَلَیْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ۝

(۳۴) اللہ تعالٰے نے فرمایا پس نکل تو جنت سے اور کہا گیا کہ مراد یہ ہے کہ نکل تو آسمانوں سے کہ بیشک تو مردود ہے اور بیشک (۳۵) تجھ پر لعنت ہے روز جزا تک۔

(۳۶) قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِیْۤ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ ۝

(۳۶) وہ بولا اے میرے رب پس مہلت دے مجھ کو اس دن تک کہ اٹھیں تمام زندہ ہوں گے۔

تشریح

(۳۰) اللہ کے حکم کے مطابق سب آدم کے سامنے سجدہ ریز ہو گئے | چنانچہ جب اللہ نے انسان کے باپ آدم کا پتلا سڑے ہوئے گارے اور مٹی سے تیار کر کے اس میں جان ڈالی اور اپنی اعلیٰ صفات کا فیضان اس تک پہنچایا تو اللہ تعالٰے کے حکم کے مطابق تمام فرشتے آدم کے سامنے سجدہ ریز ہو گئے۔

(۳۱) ابلیس کا سجدہ کرنے سے انکار | ان تمام مخلوقات میں اور فرشتوں میں جنّات کا ایک فرد ابلیس تھا جس نے سجدہ کرنے والوں کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا۔

(۳۲) تم نے سجدہ کیوں نہیں کیا؟ | اللہ تعالٰے نے ابلیس سے پوچھا کہ کیا بات ہے کہ تو نے سجدہ کرنے والوں کا ساتھ نہیں دیا اور میرے حکم کے خلاف کیا۔؟

(۳۳) سجدے سے انکار کی دلیل | سجدہ سے انکار کی جو دلیل ابلیس نے پیش کی وہ یہ تھی کہ آپنے اس بشر کو سڑی ہوئی مٹی کے سوکھے گارے سے پیدا کیا ہے اور میری تخلیق آگ کی لپٹ سے ہوئی ہے۔ آگ میں بلندی ہے اور مٹی میں پستی ہے ایک بلند ایک پست کے سامنے کیسے جھک سکتا ہے۔ ابلیس کی یہ دلیل بڑی بودی تھی اسلئے کہ یہاں سوال مادۂ تخلیق کا نہیں تھا بلکہ اللہ کے حکم کی تعمیل کا تھا دوسرے شرفِ انسانی کا اظہار تھا اور انسان کی صفات میں اللہ کی صفات کا پرتو ہے۔

(۳۴) ابلیس کو نکال دیا گیا | ابلیس کو بارگاہ الٰہی سے باہر نکال دیا گیا۔ حکم ہوا کہ تو مردود ہے۔ کیونکہ تو نے ہمارا حکم ماننے سے انکار کیا ہے اس نافرمانی کے بعد تو اس مقام عالی کے قابل نہیں ہے۔ نہ تو اس قابل ہے کہ تیرا گذر جنت یا آسمان میں ہو۔

(۳۵) لعنت یوم قیامت تک | اللہ تعالٰے نے فرمایا کہ قیامت تک تو یوں ہی ملعون رہیگا۔ جب تک اللہ کی عدالت قائم ہو۔ جزا سزا ہو اور تجھے تیری نافرمانی کی سزا دی جائے۔ تیرے تکبر کی وجہ سے تجھ پر ہمیشہ لعنت برستی رہے گی۔

(۳۶) ابلیس کی درخواست کہ مجھے مہلت دی جائے | ابلیس نے اللہ تعالٰے سے درخواست کی کہ مجھے اس دن تک مہلت دی جائے جب انسان دوبارہ اٹھائے جائینگے یعنی میری حیات قیامت تک لمبی کر دی جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۳۸﴾

قَالَ	فَاِنَّكَ	مِنَ	الْمُنْظَرِيْنَ	اِلٰى	يَوْمِ	الْوَقْتِ	الْمَعْلُوْمِ
اُس نے کہا	بیشک تو	سے	مہلت دیے جانیوالے	تک	دن	وقت	معلوم (مقرر)

اُس نے فرمایا بیشک تو مہلت دیے جانے والوں میں سے ہے اس دن تک جس کا وقت مقرر ہے۔

قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَ

قَالَ	رَبِّ	بِمَآ	اَغْوَيْتَنِيْ	لَاُزَيِّنَنَّ	لَهُمْ	فِي	الْاَرْضِ	وَ
اُسنے کہا	اے میرے رب	جیسا کہ	تونے مجھے گمراہ کیا	تو میں ضرور آراستہ کرونگا	انکے لئے	میں	زمین	اور

اس نے کہا اے میرے رب! جیسا کہ تونے مجھے گمراہ کیا تو میں ضرور ان کے لئے (گناہ کو) آراستہ کروں گا زمین میں اور

لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۳۹﴾

لَاُغْوِيَنَّهُمْ	اَجْمَعِيْنَ
میں ضرور گمراہ کروں گا	سب

میں ضرور ان سب کو گمراہ کروں گا۔

(۳۷) قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ○ — اللہ تو نے فرمایا کہ بیشک تو مہلت دیا گیا ہے۔

(۳۸) اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ○ وَقْتِ النَّفْخَةِ الْاُوْلٰى۔ — نفخۂ اولے کے وقت تک

(۳۹) قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ اَيْ بِاِغْوَائِكَ لِيْ وَالْبَاءُ لِلْقَسَمِ وَجَوَابُهٗ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ الْمَعَاصِيَ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ○ — شیطان نے کہا کہ اے میرے رب قسم تیری گمراہ کرنے کو مجھکو کہ بلاشبہ میں لوگوں کو زمین میں گناہوں کی رغبت دونگا اور انکی نظر میں اچھا کردوں گا اور بیشک ان سب کو گمراہ کروں گا۔

تشریح

(۳۷) ابلیس کی درخواست منظور ہوئی | اللہ تعالیٰ نے ابلیس کی یہ درخواست کہ روز قیامت تک اس کو زندگی دے دی جائے اللہ تعالیٰ نے منظور فرمالی ارشاد ہوا کہ تجھے مہلت دی جاتی ہے۔

(۳۸) مہلت کی مدت قیامت کے دن تک ہے | اور یہ مہلت جو ابلیس کو دی گئی اس دن تک ہے جس کا وقت اللہ ہی کو معلوم ہے یعنی روزِ قیامت۔

(۳۹) ابلیس کا چیلنج | ابلیس نے قیامت تک مہلت حاصل کرنے کے بعد چیلنج کیا کہ جس مخلوق (انسان) کی وجہ سے میں اس حالت کو پہنچا ہوں اب میں اسکو بھی بھٹکانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑوں گا وہ حقیر اور کمتر مخلوق انسان جس کو سجدہ کرنے کا حکم دیکر آپنے مجھے حکم عدولی پر مجبور کردیا اب میں اس انسان کو ایسا دھوکا دونگا کہ دنیا کی زندگی اور اس کی لذتیں اور وہاں کے عارضی فائدے اسکو اپنے خوشنما معلوم ہوں گے کہ وہ آخرت کو بھول جائیگا وہ بھول جائیگا کہ اُسے اپنی ذمہ داریاں ادا کرکے دوبارہ جنت میں واپس آنا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ ﴿۴۰﴾ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيمٌ ﴿۴۱﴾

إِلَّا	عِبَادَكَ	مِنْهُمُ	الْمُخْلَصِينَ	قَالَ	هٰذَا	صِرَاطٌ	عَلَيَّ	مُسْتَقِيمٌ
سوائے	تیرے بندے	انمیں سے	مخلص (جمع)	اس نے کہا	یہ	راستہ	مجھ تک	سیدھا

سوائے ان میں سے جو تیرے مخلص بندے ہیں۔ اس نے فرمایا یہ راستہ سیدھا مجھ تک (آتا ہے)

إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ إِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغَاوِينَ ﴿۴۲﴾

إِنَّ	عِبَادِي	لَيْسَ + لَكَ	عَلَيْهِمْ	سُلْطَانٌ	إِلَّا	مَنِ	اتَّبَعَكَ	مِنَ	الْغَاوِينَ
بیشک	میرے بندے	نہیں تیرے لئے (تیرا)	ان پر	کوئی زور	مگر	جو جس	تیری پیروی کی	سے	بہکے ہوئے (گمراہ)

بیشک وہ میرے بندے ہیں ان پر تیرا کوئی زور نہیں، مگر گمراہوں میں سے جس نے تیری پیروی کی۔

﴿۴۰﴾ إِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِينَ ○ اَیِ الْمُؤْمِنِينَ

﴿۴۰﴾ مگر ان کو جو تیرے خالص بندے مسلمان ہیں۔

﴿۴۱﴾ قَالَ تَعَالٰی هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيمٌ ○

﴿۴۱﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ سیدھا راستہ ہے جو میری طرف آتا ہے۔

﴿۴۲﴾ وَهُوَ اِنَّ عِبَادِي اَیِ الْمُؤْمِنِينَ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ قُوَّةٌ اِلَّا لٰكِنَّ مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْغَاوِينَ ○ اَلْكَافِرِينَ

﴿۴۲﴾ اور وہ یہ ہے کہ میرے بندوں مسلمانوں پر تجھکو قدرت نہیں لیکن وہ لوگ جو کافروں میں سے تیری پیروی کریں۔

تشریح

﴿۴۰﴾ آپ کے مخلص بندے شاید میرے جال میں نہ پھنسیں | ابلیس نے دعویٰ کیا کہ میری چالیں ایسی ہونگی کہ اس سے کوئی بچ نہ پائیگا مگر ان بندوں پر شاید میرا داؤ نہ چل سکے گا جو آپ کے مخلص اور وفادار ہیں

﴿۴۱﴾ صراط مستقیم پر قائم رہنے والے | اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ بے شک اخلاص وفاداری اور صرف میری ہی بندگی وہ سیدھا اور صاف راستہ ہے جو کسی، سیر پھیر کے بغیر براہِ راست مجھ تک پہنچتا ہے جو لوگ اس راستے کو پکڑے رہیں گے وہ شیطان کی چالوں سے بچے رہیں گے۔

﴿۴۲﴾ میرے بندوں پر تیری زبردستی نہیں چلے گی | کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت اور مصلحت کے تحت بندوں کو ایک محدود دائرے میں آزادی دی ہے اختیار دیا ہے کہ وہ اچھائی اور برائی میں جس کو چننا چاہیں اپنی مرضی سے چن سکتے ہیں ابلیس کو یہ آزادی تو اللہ نے دی ہے کہ وہ اپنی طرف سے بہکانے کی کوشش کرے، دھوکا دے اور دنیا کی لذتوں کو خوشنما بنا کر انسانوں کو بھٹکانے کی کوشش کرے لیکن اسکو زور زبردستی کرنے کا کوئی حاکمانہ اقتدار حاصل نہیں ہے وہ ہاتھ پکڑ کر زبردستی اپنے راستہ پر نہیں لگا سکتا۔ اور جو اللہ کے حقیقی بندے ہیں جنھوں نے اللہ تعالیٰ کو واقعتاً اپنا معبود مانا ہے ان پر شیطانی داؤ چل نہ سکے گا شیطانی داؤ انہیں پر چلے گا جو خود ہی بہکنا چاہتے ہیں شیطان ان کو مزید بہکا دے گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۳﴾ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ

وَاِنَّ	جَهَنَّمَ	لَمَوْعِدُهُمْ	اَجْمَعِيْنَ	لَهَا	سَبْعَةُ	اَبْوَابٍ
اور بیشک	جہنم	انکے لئے وعدہ گاہ	سب	اسکے لئے	سات	دروازے

اور بے شک ان سب کے لئے جہنم ایک وعدہ گاہ ہے اس کے سات دروازے ہیں

لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿۴۴﴾

لِكُلِّ ۔ بَابٍ	مِّنْهُمْ	جُزْءٌ	مَّقْسُوْمٌ
ہر دروازہ کے لئے	ان سے	ایک حصہ	تقسیم شدہ

ہر دروازہ کے لئے ان کا ایک حصہ تقسیم شدہ ہے

﴿۴۳﴾ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝
اَیْ مَنِ اتَّبَعَكَ مَعَكَ

﴿۴۳﴾ اور بیشک دوزخ تیرا اور ان سب کا جو تیرے پیرو ہیں وعدہ گاہ ہے

﴿۴۴﴾ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ اَطْبَاقٍ لِكُلِّ بَابٍ مِنْهَا مِنْهُمْ جُزْءٌ نَصِيْبٌ مَّقْسُوْمٌ ۝

﴿۴۴﴾ اس کے سات درجہ ہیں ہر ہر درجہ کے لئے انہیں سے ایک حصہ تقسیم کیا گیا ہے۔

تشریح

﴿۴۳﴾ **گمراہوں کے لئے دوزخ کی وعید** ایسے لوگ جو شیطانی بہکاوے میں آکر شیطان کا راستہ اختیار کریں گے وہ خوب سمجھ لیں کہ ایسے سب لوگوں کے لئے دوزخ کی وعید ہے۔ انسان کو سمجھنا چاہیئے کہ شیطان اس کا ازلی دشمن ہے اس دشمنی نے اس کو نوع انسانی کے انتقام کے لئے آمادہ کیا ہے وہ چاہتا ہے کہ جس انسان کی وجہ سے مجھے جنت سے نکالا گیا میں اسے بھی جنت سے نکال کر دوزخ میں دھکیل دوں۔

﴿۴۴﴾ **دوزخ کے سات دروازے** جس دوزخ کی وعید ابلیس اور اس کے پیچھے چلنے والوں کو دی گئی ہے اس کے سات دروازے یا طبقے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضؓ نے دوزخ کے طبقوں کے نام اس طرح گنوائے ہیں:
۱۔ جہنم ۲۔ سعیر ۳۔ لظیٰ ۴۔ حطمہ ۵۔ سقر ۶۔ جحیم ۷۔ ہاویہ
جہنم دوزخ کا ایک طبقہ بھی ہے اور سارے طبقوں کے مجموعے پر بھی جہنم کا لفظ بولا جاتا ہے۔
دوزخ کے سات دروازوں سے مراد یہ ہے کہ جن گناہوں اور معصیتوں میں کوئی شخص زیادہ نمایاں ہوگا اس کے لئے گناہ کا وہ دروازہ داخلے کے لئے مخصوص ہوگا جیسے کوئی شرک کے راستے سے دوزخ میں جائیگا تو اس کے لئے مخصوص دروازہ ہوگا، نفاق کے راستے سے جائیگا تو اس کے لئے الگ دروازہ ہوگا، اسی طرح ظالموں کے لئے ایک دروازہ ہوگا، نفس پرستی میں مبتلا لوگوں کے لئے دوزخ کا ایک طبقہ ہوگا دوزخ کے یہ دروازے ان بڑے بڑے گناہوں کے لئے ہونگے کہ جنمیں یہ شیطانی راہ پر چلنے والا زیادہ ممتاز ہوگا جسطرح حدیث میں جو بخاری و مسلم میں حضرت سہل بن سعد رضؓ سے مروی ہے کہ جنت کے آٹھ دروازے ہونگے انمیں ایک دروازے کا نام باب ریان ہے کہ اس دروازے سے وہ روزہ دار داخل ہونگے جن کی نیکیوں میں روزے کی عبادت زیادہ نمایاں ہوگی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ﴿٤٥﴾ ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ آمِنِينَ ﴿٤٦﴾

اِنَّ	الْمُتَّقِيْنَ	فِيْ	جَنّٰتٍ	وَّعُيُوْنٍ	اُدْخُلُوْهَا	بِسَلٰمٍ	اٰمِنِيْنَ
بیشک	پرہیزگار	میں	باغات	اور چشمے	تم ان میں داخل ہو	سلامتی کیساتھ	بے خوف وخطر

بیشک پرہیزگار باغوں اور چشموں میں (ہوں گے) تم ان میں سلامتی کے ساتھ بے خوف وخطر داخل ہو

وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِم مِّنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُّتَقَابِلِينَ ﴿٤٧﴾

وَنَزَعْنَا	مَا	فِيْ	صُدُوْرِهِمْ	مِّنْ	غِلٍّ	اِخْوَانًا	عَلٰى	سُرُرٍ	مُّتَقٰبِلِيْنَ
اور ہم نے کھینچ لیا	جو	میں	ان کے سینے	سے	کینہ	بھائی بھائی	پر	تخت (رجمع)	آمنے سامنے

اور ہم نے ان کے سینوں سے کھینچ لئے کینے بھائی بھائی (بن کر) تختوں پر آمنے سامنے (بیٹھے ہوئے)

لَا يَمَسُّهُمْ فِيهَا نَصَبٌ وَمَا هُم مِّنْهَا بِمُخْرَجِينَ ﴿٤٨﴾ نَبِّئْ

لَا يَمَسُّهُمْ	فِيْهَا	نَصَبٌ	وَّمَا	هُمْ	مِّنْهَا	بِمُخْرَجِيْنَ	نَبِّئْ
انہیں نہ چھوئے گی	اسمیں	کوئی تکلیف	اور نہ	وہ	اس سے	نکالے جائیں گے	خبر دیدو

اس میں انہیں کوئی تکلیف نہ چھوئے گی اور نہ وہ اس سے نکالے جائیں گے۔ میرے

عِبَادِي أَنِّي أَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ﴿٤٩﴾

عِبَادِيْٓ	اَنِّيْٓ	اَنَا	الْغَفُوْرُ	الرَّحِيْمُ
میرے بندے	کہ بیشک	میں	بخشنے والا	نہایت مہربان

بندوں کو خبر دیدو کہ بیشک میں بخشنے والا نہایت مہربان ہوں۔

(۴۵) إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي جَنَّاتٍ وَعُيُونٍ ۝ ادْخُلُوهَا بِسَلَامٍ آمِنِينَ ۝ وَ

(۴۶) نَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِم مِّنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُّتَقَابِلِينَ ۝ لَا

(۴۷) يَمَسُّهُمْ فِيهَا نَصَبٌ وَمَا هُم مِّنْهَا بِمُخْرَجِينَ ۝ نَبِّئْ

(۴۵) بیشک جو لوگ اللہ سے ڈرتے ہیں وہ باغوں اور چشموں میں ہوں گے وہاں رہتے ہیں۔

(۴۶) اور انکو کہا جاویگا کہ تم داخل ہو جاؤ باغوں میں سلامت رہنے والے اور امن والے ہو کر رہے۔

(۴۷) اور ہم نے نکالدیا ان کے ہر سینے سے ہر ایک عداوت اور کینہ کو اس حال میں کہ وہ بھائی بھائی ہیں تختوں پر بیٹھے ہوئے ایک دوسرے کے مقابل یعنی کوئی کسی کی پشت نہ دیکھے گا کہ انکے تخت ہر طرف پھرتے رہتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۴۸) لَا يَمَسُّهُمْ فِيهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِينَ ○ أَبَدًا

(۴۸) ان کو جنتوں میں کوئی رنج اور مصیبت نہ پہونچے گی اور نہ وہ ان سے نکالے جاویں گے۔

(۴۹) نَبِّئْ عِبَادِي أَنِّي أَنَا الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ○ وَأَنَّ عَذَابِي هُوَ الْعَذَابُ الْأَلِيمُ

(۴۹) اے محمدؐ! میرے بندوں کو خبر کر دو کہ بیشک میں ایمان والوں کو بخشنے والا ہوں ان پر مہربان ہوں۔

تشریح

(۴۵) **پرہیزگاروں کیلئے جنت کی نعمتیں** شیطانی راہ پر چلنے والوں کے برخلاف وہ لوگ جنہوں نے رحمانی طریق اختیار کیا پرہیزگاری کے ساتھ زندگی بسر کی گناہوں سے اپنے آپ کو بچاتے ہوئے نیکی کی صراط مستقیم پر گامزن رہے انکو جنت کی بہترین نعمتیں عطا کی جائینگی جس میں باغات ہونگے پانی کے چشمے رواں ہوں گے دل خوش کرنے والے مناظر ہوں گے۔

(۴۶) **نیک لوگوں کو کہا جائیگا کہ تم بے فکر ہو کر جنت میں داخل ہو جاؤ** ایسے پرہیزگار اور نیک لوگ جنھوں نے دنیا میں کوئی مشکل اللہ کے راستے میں آئی تو اس کو برداشت کیا اور اللہ کے راستے کو نہیں چھوڑا اُن سے کہا جائیگا کہ تمہیں اب پریشان ہونے کی اور گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے تم بے فکر ہو کر جنت میں داخل ہو جاؤ یہاں تم ہر طرح کی آفات سے بیماریوں سے بالکل مامون ہو۔ اللہ کے مخلص بندوں کے لئے اللہ کی جنت ان کی نیکیوں کا بہترین انعام ہوگی۔

(۴۷) **جنت والوں کے دل ایک دوسرے کی طرف سے صاف ہونگے** دنیا کی زندگی میں انسانوں کے باہمی تعلقات میں کبھی کبھی کچھ رنجشیں بدمزگیاں اور ایک دوسرے کے خلاف غلط فہمیاں بھی پیدا ہو جاتی ہیں جو کبھی کبھی اذیت کا باعث بنتی ہیں۔ اب ہوگا یہ کہ اللہ کے یہ نیک مخلص بندے جب جنت میں داخل ہونگے تو ان کے دل ایک دوسرے کی طرف سے بالکل بے غبار ہو جائیں گے کوئی رنجش کوئی غلط فہمی باقی نہ رہے گی وہاں ایک دوسرے سے کوئی حسد اور کوئی جلن باقی نہ رہیگی بلکہ بہت صاف دلی کے ساتھ بھائی بھائی بن کر آمنے سامنے اپنی اپنی نشستوں پر بیٹھے ہوئے ایک دوسرے سے سرور ہونگے۔ اخوت کا عالم یہ ہوگا کہ کسی کی نشست اوپر اور کسی کی نیچے نہ ہوگی جس سے کمتری اور برتری کا احساس ہو بلکہ ایک دوسرے کے آمنے سامنے بیٹھے ہوئے باہم باتیں کرتے ہونگے۔

(۴۸) **جنت میں کوئی مشقت نہ ہوگی** جنت میں جانے کے بعد ہمیشہ تندرستی رہیگی بیماری پاس نہ آئے گی نہ وہاں کوئی مشقت نہ کوئی مشکل ہوگی اور نہ وہاں موت کا کھٹکا ہوگا ہمیشہ ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ نہ روزی حاصل کرنے کے لئے سفر کی کلفتیں ہونگی نہ ان کو جنت سے نکالا جائے گا۔ حدیث میں آتا ہے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ

يُقَالُ لِأَهْلِ الْجَنَّةِ إِنَّ لَكُمْ أَنْ تَصِحُّوا فَلَا تَسْقَمُوا أَبَدًا وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَعِيشُوا فَلَا تَمُوتُوا أَبَدًا وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تَشِبُّوا فَلَا تَهْرَمُوا أَبَدًا وَإِنَّ لَكُمْ أَنْ تُقِيمُوا فَلَا تَظْعَنُوا أَبَدًا

اہل جنت سے کہہ دیا جائیگا کہ اب تم ہمیشہ تندرست رہو گے کبھی بیمار نہ پڑو گے اور اب تم ہمیشہ زندہ رہو گے کبھی موت تمکو نہ آئیگی اور اب تم ہمیشہ جوان رہو گے کبھی بڑھاپا تم پر نہ آئیگا۔ اب تم ہمیشہ مقیم رہو گے کبھی کوچ کرنے کی تم کو ضرورت نہ ہوگی۔

(۴۹) **اللہ تعالیٰ کی صفت رحمت** اللہ تعالیٰ کی صفت رحمت کا عالم یہ ہے کہ وہ تمام مخلوق پر انتہائی مہربان ہے اس کی شفقت اپنے بندوں پر اولاد پر ماں باپ کی شفقت سے کہیں زیادہ ہے اس کی محبت کا عالم یہ ہے کہ وہ چاہتا ہے میرے بندے میری فرمانبرداری کی راہ پر چل کر میری رحمت اور بخشش سے خوب خوب فائدہ اٹھائیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاَنَّ عَذَابِیْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِیْمُ ﴿۵۰﴾ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَیْفِ

وَاَنَّ	عَذَابِیْ	هُوَ	الْعَذَابُ	الْاَلِیْمُ	وَنَبِّئْهُمْ	عَنْ	ضَیْفِ
اور یہ کہ	میرا عذاب	وہ (ہی)	عذاب	دردناک	اور انہیں خبر دو (سنا دو)	سے۔کا	مہمان

اور یہ کہ میرا ہی عذاب دردناک عذاب ہے۔ اور انہیں ابراہیمؑ کے مہمانوں کا (حال)

اِبْرٰهِیْمَ ﴿۵۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَیْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ

اِبْرٰهِیْمَ	اِذْ	دَخَلُوْا	عَلَیْهِ	فَقَالُوْا	سَلٰمًا	قَالَ	اِنَّا	مِنْكُمْ
ابراہیم	جب	وہ داخل ہوئے (آئے)	اس پر (پاس)	تو انہوں نے کہا	سلام	اس نے کہا	ہم	تم سے

سنا دو جب وہ اس کے پاس آئے تو انہوں نے سلام کہا، اس نے کہا ہمیں تم سے ڈر

وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِیْمٍ ﴿۵۳﴾

وَجِلُوْنَ	قَالُوْا	لَا تَوْجَلْ	اِنَّا + نُبَشِّرُكَ	بِغُلٰمٍ	عَلِیْمٍ
ڈرنے والے (ڈرتے) ہیں	انہوں نے کہا	ڈرو نہیں	بیشک ہم تمہیں خوشخبری دیتے ہیں	ایک لڑکا	علم والا

لگتا ہے انہوں نے کہا ڈرو نہیں، ہم تمہیں ایک لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں۔

﴿۵۰﴾ وَاَنَّ عَذَابِیْ لِلْعُصَاةِ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِیْمُ ○ اَلْمُعْلِمُ

﴿۵۱﴾ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَیْفِ اِبْرٰهِیْمَ ○ وَهُمْ مَلٰٓئِكَةُ اِثْنَا عَشَرَ اَوْ عَشَرَةٌ اَوْ ثَلَاثَةٌ مِنْهُمْ جِبْرَئِیْلُ

﴿۵۲﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَیْهِ فَقَالُوْا سَلَامًا ؕ اَیْ هٰذَا اللَّفْظُ قَالَ اِبْرَاهِیْمُ لَمَّا عَرَضَ عَلَیْهِمُ الْاَكْلَ فَلَمْ یَاْكُلُوْا اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ○ خَائِفُوْنَ

﴿۵۰﴾ اور بیشک میرا عذاب نافرمانوں کے لئے تیار ہے جو سخت دردناک ہے۔

﴿۵۱﴾ اور ان کو خبر کر دو ابراہیم کے مہمانوں کی جو بارہ ۱۲ یا دس ۱۰ یا تین ۳ فرشتے تھے کہ ان میں جبریل بھی تھے۔

﴿۵۲﴾ جبکہ وہ ابراہیم کے پاس آئے پس سلام کیا، ابراہیم نے جبکہ ان کے سامنے کھانا پیش کیا اور انہوں نے نہ کھایا یہ کہا کہ بیشک ہم تجھ سے ڈرتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۵۳) قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ○ ذِيْ عِلْمٍ كَثِيْرٍ هُوَ اِسْحٰقُ كَمَا ذُكِرَ فِيْ هُوْدَ

(۵۳) وہ بولے تو خوف نہ کر بیشک ہم تیرے رب کے بھیجے ہوئے ہیں تجھکو خوشی سنانے آئے ہیں ایک لڑکے بہت علم والے کے پیدا ہونے کی (مراد اس سے اسحٰق ہے جیسا کہ سورۂ ہود میں مذکور ہے۔)

تشریح

(۵۰) اللہ کی صفت غضب | لیکن اللہ کے وہ بندے جو اس کی نافرمانی پر اڑے رہتے ہیں شرارت سے باز نہیں آتے ان کو سزا دینے میں اللہ تعالےٰ بہت سخت بھی ہیں اور اس کا عذاب نہایت دردناک ہے جب وہ سزا دیتا ہے تو ایسی سخت ہوتی ہے جس کے رد کرنے کی کوئی تدبیر نہیں اسلئے انسان کو جہاں اس کی صفت مغفرت و رحمت سے پُر امید رہنا چاہیئے اور کبھی مایوس نہ ہونا چاہیئے وہاں اسکی پکڑ سے بچنا بھی چاہیئے۔

(۵۱) جب فرشتے مہمان بن کر حضرت ابراہیمؑ کے پاس آئے | مکّے کے لوگ بار بار نبیؐ سے مطالبہ کرتے تھے کہ اگر آپ واقعی سچے نبی ہیں تو ہمارے سامنے فرشتوں کو لیکر کیوں نہیں آتے تاکہ ہمیں معلوم ہو جائے کہ آپ واقعی اللہ کے مقرر کئے ہوئے سچے رسول ہیں، چنانچہ سورۂ حجر آیت ۷ میں ان کے اس مطالبے کا ذکر ہے کہ لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (اگر آپ سچے ہیں تو ہمارے سامنے فرشتوں کو کیوں لے کر نہیں آتے ہو) اس کے جواب میں اللہ تعالےٰ نے ارشاد فرمایا کہ، مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ (ہم فرشتوں کو یوں ہی نہیں اتار دیا کرتے وہ جب اترتے ہیں تو حق کے ساتھ اترتے ہیں اور پھر لوگوں کو مہلت نہیں دی جاتی۔ یعنی فرشتوں کی آمد اس بات کا اعلان ہوتی ہے کہ فیصلے کی گھڑی آپہنچی۔ اب اسی جواب کی تفصیل حضرت ابراہیمؑ کے یہاں مہمانوں کی شکل میں فرشتوں کی آمد اور حضرت ابراہیم کو یہ معلوم ہو کر کہ یہ مہمان نہیں بلکہ مہمانوں کی صورت میں فرشتے ہیں تو ان کا خوفزدہ ہونا اور پھر قوم لوطؑ کا ذکر کہ فرشتے ان پر عذاب کیلئے آئے ہیں تو ایک آمد تو فرشتوں کی حضرت ابراہیمؑ کے پاس ایک حق کی بشارت کیلئے تھی دوسری آمد قوم لوط پر عذاب کے لئے تھی۔ تمہاری بدکرداری نے بشارت کا حق تو ختم کر دیا ہے اب بتاؤ کون سے فرشتوں کی آمد چاہتے ہو، رحمت کے یا عذاب کے؟ جو قوم لوط کے لئے آئے تھے۔

(۵۲) انسانی شکل میں فرشتوں کی حضرت ابراہیم سے ملاقات | فرشتے انسانی شکل میں حضرت ابراہیمؑ کی خدمت میں سلام پیش کرتے ہوئے حاضر ہوئے حضرت ابراہیمؑ نے سمجھ کر کہ یہ کوئی اجنبی مہمان ہیں انکے لئے کھانے کا انتظام کیا بھنا ہوا بچھڑا انکی ضیافت کیلئے تیار کیا جب کھانا سامنے آیا اور مہمان فرشتوں نے کھانے کی طرف ہاتھ بڑھانے میں تامل کیا تو حضرت ابراہیم دل دل میں خوفزدہ سے ہوئے شاید یہ آنے والے قوم لوط پر عذاب کا پیغام لائے ہیں۔ انکے چہرے پر خوف کے جذبات واضح تھے حضرت ابراہیم نے اس کا اظہار کیا کہ مجھے آپ لوگوں سے ڈر سا لگتا ہے۔

(۵۳) حضرت اسحاقؑ کی بشارت | حضرت ابراہیمؑ کو معلوم ہو گیا کہ یہ انسانی شکل میں اللہ کے فرشتے ہیں۔ تب فرشتوں نے کہا کہ ابراہیمؑ! آپ ڈریں نہیں ہم آپ کے لئے خوشخبری لے کر آئے ہیں اور وہ خوشخبری یہ ہے کہ تمہارے ایک بیٹا ہوگا اور بیٹا بھی کیسا جس کو اللہ تعالیٰ علم عطا فرما کر نبوت کے منصب پر فائز کریں گے سورۂ صٰفّٰت آیت ۱۱۲ میں ہے وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ۔ (اور ہم نے اسے اسحٰق کی بشارت دی ایک نبی اور صالحین میں سے) سورۂ ہود آیت ۷۱ میں فرمایا فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ (پھر ہم نے اس کو یعنی حضرت سارہ کو اسحٰق کی خوشخبری دی) حضرت اسمٰعیلؑ کی قربانی کے واقعہ کے بعد حضرت اسحٰقؑ کی ولادت کی بشارت ایک بڑی خوشخبری تھی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِیْ عَلٰٓی اَنْ مَّسَّنِیَ الْکِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿۵۴﴾ قَالُوْا

قَالَ	اَبَشَّرْتُمُوْنِیْ	عَلٰٓی	اَنْ	مَّسَّنِیَ	الْکِبَرُ	فَبِمَ	تُبَشِّرُوْنَ	قَالُوْا
اسنے کہا	کیا تم مجھے خوشخبری دیتے ہو	پر میں	کہ	مجھے پہنچ گیا	بڑھاپا	سو کس بات	تم خوشخبری دیتے ہو	وہ بولے

اس (ابراہیمؑ) نے کہا کیا تم مجھے اس حال میں خوشخبری دیتے ہو کہ مجھے بڑھاپا پہنچ گیا ہے۔ سو کس بات کی خوشخبری دیتے ہو؟ وہ بولے

بَشَّرْنٰکَ بِالْحَقِّ فَلَا تَکُنْ مِّنَ الْقٰنِطِیْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ وَمَنْ

بَشَّرْنٰکَ	بِالْحَقِّ	فَلَا تَکُنْ	مِّنَ	الْقٰنِطِیْنَ	قَالَ	وَمَنْ
ہم نے تمہیں خوشخبری دی	سچائی کیساتھ	آپ نہ ہوں	سے	مایوس ہونے والے	اس نے کہا	اور کون

ہم نے تمہیں خوشخبری دی ہے سچائی کے ساتھ، آپ مایوس ہونے والوں میں سے نہ ہوں۔ اس نے کہا اپنے رب کی رحمت سے

یَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُکُمْ

یَقْنَطُ	مِنْ	رَّحْمَةِ	رَبِّهٖٓ	اِلَّا	الضَّآلُّوْنَ	قَالَ	فَمَا + خَطْبُکُمْ
مایوس ہوگا	سے	رحمت	اپنا رب	سوائے	گمراہ (جمع)	اس نے کہا	پس کیا ہے تمہارا کام (مہم)

کون مایوس ہوگا؟ گمراہوں کے سوا۔ اس نے کہا اے فرشتو! پس تمہاری

اَیُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰی قَوْمٍ مُّجْرِمِیْنَ ﴿۵۸﴾

اَیُّهَا	الْمُرْسَلُوْنَ	قَالُوْٓا	اِنَّآ	اُرْسِلْنَآ	اِلٰی	قَوْمٍ	مُّجْرِمِیْنَ
اے	بھیجے ہوئے (فرشتو)	وہ بولے	ہم بیشک	بھیجے گئے	طرف	ایک قوم	مجرم (جمع)

مہم کیا ہے؟ وہ بولے بیشک ہم بھیجے گئے ہیں مجرموں کی ایک قوم کی طرف

اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِیْنَ ﴿۵۹﴾

اِلَّآ	اٰلَ + لُوْطٍ	اِنَّا	لَمُنَجُّوْهُمْ	اَجْمَعِیْنَ
سوائے	گھر والے لوط کے	ہم	البتہ انہیں بچا لیں گے	سب

سوائے لوطؑ کے گھر والوں کے، البتہ ہم ان سب کو بچا لیں گے۔

﴿۵۴﴾ قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِیْ بِالْوَلَدِ عَلٰٓی اَنْ مَّسَّنِیَ الْکِبَرُ حَالٌ اَیْ مَعَ مَسِّهٖ اِیَّایَ فَبِمَ فَبِاَیِّ شَیْءٍ تُبَشِّرُوْنَ ○ اِسْتِفْهَامُ تَعَجُّبٍ

﴿۵۴﴾ ابراہیمؑ نے کہا کیا تم مجھے لڑکے کی خوشی سناتے ہو بڑھاپے میں سو یہ کیا وقت ہے اس بشارت کا۔

﴿۵۵﴾ قَالُوْا بَشَّرْنٰکَ بِالْحَقِّ بِالصِّدْقِ فَلَا

﴿۵۵﴾ وہ بولے ہم تجھ کو سچی بشارت دینے آئے ہیں سو تو ناامید

toobaa-elibrary.blogspot.com

تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ○ اَلْاٰيِسِيْنَ

نہ ہو۔

(۵۶) قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ○ اَنْكِرُوْنَ

(۵۶) ابراہیمؑ نے کہا اللہ کی رحمت سے سوائے کافران گمراہوں کے کوئی ناامید نہیں ہوتا۔

(۵۷) قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ○

(۵۷) پھر کہا کہ تمہارا کیا مطلب ہے اور کس لئے آئے ہو اے اللہ کے بھیجے ہوئے فرشتو۔

(۵۸) قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ○ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ○ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ○ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ○ فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ○ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ○ وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ○ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ لَظٰلِمِيْنَ ○ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ○ وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ○ وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ○ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ○ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ○ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ○ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ○ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ○ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَقُلْ اِنِّيْٓ اَنَا النَّذِيْرُ الْمُبِيْنُ ○ كَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ○ الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ○ فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ○ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ○ اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ○ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ○ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ○ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ○ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ○

(۵۸) وہ بولے کہ بیشک ہم بھیجے گئے ہیں کافروں کی طرف یعنی قوم لوطؑ کے ہلاک کرنے کو۔

(۵۹) اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ۭ اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ○ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۙ قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ○

(۵۹) سوا لوط کے کنبے کے جو مسلمان ہیں کہ بیشک ہم انکو نجات دینگے۔ بوجہ ان کے ایمان کے۔

تشریح

(۵۴) **بیٹے کی بشارت پر حضرت ابراہیمؑ کی حیرت** | حضرت ابراہیمؑ کی عمر تقریباً ننانوے سال کو پہونچ رہی تھی آپ کی پہلی بیوی حضرت سارہ بھی بوڑھی ہوگئی تھیں اس عمر میں دوسرے بیٹے حضرت اسحٰق کی حضرت سارہ کے بطن سے ہونیکی بشارت سن کر حضرت ابراہیمؑ حیرت میں پڑ گئے اور انہوں نے فرشتوں سے کہا کہ کیا تم اس بڑھاپے میں مجھے اولاد کی بشارت دیتے ہو ذرا سوچو تو سہی کہ تم کیا کہہ رہے ہو کیونکہ اپنی اور اپنی بیوی کی پیرانہ سالی کو دیکھتے ہوئے ظاہری اسباب کے اعتبار سے یہ بات بڑی حیرت انگیز معلوم ہو رہی تھی اور اس مسرت انگیز خلاف توقع بشارت کو سنکر جیسے حضرت ابراہیمؑ کو اپنے کانوں پر یقین نہیں آرہا تھا۔

(۵۵) **ملائکہ کا جواب کہ آپ مایوس نہ ہوں** | اس پر فرشتوں نے حضرت ابراہیم سے کہا کہ آپ اپنی اور بیوی کے بڑھاپے کو دیکھ کر اور ظاہری اسباب پر نظر کرکے اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہوں ہم جو بشارت آپ کو دے رہے ہیں وہ برحق ہے اور ایسا ہی ہوگا۔

(۵۶) **اللہ کی رحمت سے مایوسی گمراہی ہے** | حضرت ابراہیم نے کہا کہ میں اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہوں البتہ مجھے حیرت ہو رہی تھی اللہ کی رحمت سے مایوس تو گمراہ لوگ ہی ہوا کرتے ہیں سچے مومن کی آس اللہ سے لگی رہتی ہے اور وہ جانتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی سبب کے محتاج نہیں ہیں ظاہری اسباب سے اوپر اٹھ کر اللہ تعالیٰ جسطرح چاہیں اپنے بندے کو نواز سکتے ہیں اسلئے بندۂ مومن اللہ کی پکڑ سے نڈر اور اسکی رحمت سے مایوس نہیں ہوتا۔

(۵۷) **فرشتوں سے حضرت ابراہیمؑ کا سوال کہ آپکی مہم کیا ہے** | حضرت ابراہیم نے فرشتوں سے پوچھا کہ کیا آپ صرف یہ خوشخبری دینے کے لئے ہی آئے ہیں یا آپ کے آنے کا کچھ اور مقصد بھی ہے کیونکہ حضرت ابراہیم محسوس کر رہے تھے کہ فرشتوں کا انسانی شکل میں آنا ہمیشہ غیر معمولی حالات میں ہوتا ہے اور کسی بڑی مہم کے لئے ہی انکو بھیجا جاتا ہے اسی لئے حضرت ابراہیم دل دل میں خوف بھی محسوس کر رہے تھے جس کا اظہار انہوں نے اپنی گفتگو میں کیا۔ بشارت کی خوشی اور خوف کا احساس یہ دونوں کیفیات ملی جلی سی تھیں۔

(۵۸) **فرشتوں نے کہا کہ ہم قوم لوط پر عذاب کے لئے بھیجے گئے ہیں** | قوم لوط ایسے گھناؤنے جرائم میں مبتلا تھی کہ دنیا میں پہلی بار انہوں نے اس غیر فطری عمل کو اختیار کیا تھا اور عورتوں کے بجائے مردوں سے جنسی تعلق پر فخر کرتے تھے اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کے بھتیجے حضرت لوطؑ بن حاران کو اس قوم کی اصلاح کے لئے مقرر فرمایا تھا حضرت لوطؑ کے لاکھ سمجھانے بجھانے کے باوجود یہ لوگ اپنی حرکتیں چھوڑنے کے لئے تیار نہیں تھے اور اس مجرم قوم کے گناہوں کا پیمانہ لبریز ہو چکا تھا اسلئے فرشتوں نے کہا کہ ہم ایک مجرم قوم یعنی قوم لوط پر عذاب کے لئے بھیجے گئے ہیں۔

(۵۹) **حضرت لوط کے گھر والے عذاب سے محفوظ رہیں گے** | اللہ کا یہ عذاب پوری قوم پر مسلط ہوگا مگر ہمیں حکم ہے کہ ہم لوط کے گھر والوں کو اس عذاب سے بچالیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِلَّا امْرَأَتَهُ قَدَّرْنَا ۙ إِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ ع ۴ ۱۶

اِلَّا	امْرَاَتَهٗ	قَدَّرْنَآ	اِنَّهَا	لَمِنَ	الْغٰبِرِيْنَ	فَلَمَّا	جَآءَ	اٰلَ
سوائے	اسکی عورت	ہمنے فیصلہ کرلیا ہے	بیشک وہ	سے	پیچھے رہ جانیوالے	پس جب	آئے	لوط کے

سوائے اس کی عورت کے ، ہم نے فیصلہ کرلیا ہے کہ وہ بیشک پیچھے رہ جانیوالوں میں سے ہے۔ پس جب فرشتے لوط ع

لُوْطِ ِۨالْمُرْسَلُوْنَ ﴿٦١﴾ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿٦٢﴾

لُوْطِ	ِۨالْمُرْسَلُوْنَ	قَالَ	اِنَّكُمْ	قَوْمٌ	مُّنْكَرُوْنَ
گھر والے	بھیجے ہوئے (فرشتے)	اس نے کہا	بیشک تم	لوگ	اوپرے (ناآشنا)

کے گھر والوں کے پاس آئے اس نے کہا بیشک تم ناآشنا لوگ ہو۔

(٦٠) إِلَّا امْرَأَتَهُ قَدَّرْنَا إِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ○ اَلْبَاقِيْنَ فِي الْعَذَابِ بِكُفْرِهَا

(٦٠) بجز اس کی بیوی کے کہ وہ ضرور عذاب میں رہنے والی ہے بسبب اس کے کفر کے

(٦١) فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِۨالْمُرْسَلُوْنَ اَیْ لُوْطًا ِۨالْمُرْسَلُوْنَ ○

(٦١) فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِۨالْمُرْسَلُوْنَ الخ سو جب آئے لوط کے پاس ہمارے بھیجے ہوئے۔

(٦٢) قَالَ لَهُمْ اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ○ لَا اَعْرِفُكُمْ

(٦٢) وہ ان سے کہنے لگا کہ بیشک تم نئے لوگ ہو میں تمہیں نہیں پہچانتا۔

تشریح

(٦٠) لوط کے گھر والوں میں انکی بیوی شامل نہیں ہے | حضرت لوط کی بیوی در پردہ مجرمین کے ساتھ ملی ہوئی تھی اور انہوں نے ہی خوب صورت لڑکوں کے جو کہ حقیقت میں انسانی شکل میں فرشتے تھے گھر میں آنے کی خبر لوگوں تک پہنچائی تھی اسلئے فرشتوں نے حضرت ابراہیم کو بتایا کہ لوط کے گھر والے عذاب سے محفوظ رہیں گے مگر ہم نے اللہ کے حکم سے فیصلہ کرلیا ہے کہ گھر والوں میں ان کی بیوی شامل نہیں ہے وہ ان پیچھے رہنے والوں میں شامل رہے گی جن پر اللہ کا عذاب نازل ہوگا۔

(٦١) فرشتے انسانی شکل میں حضرت لوط کے گھر پہنچے | حضرت ابراہیم سے ملاقات کے بعد ان کو حضرت اسحٰق کی بشارت دیکر یہ فرشتے انسانی شکل میں حضرت لوط کے گھر پہنچے۔

(٦٢) فرشتے اجنبی شکل میں تھے | یہ فرشتے جو انسانی شکل میں حضرت لوط کے گھر آئے اجنبی شکل میں تھے اور چونکہ نہایت خوبصورت لڑکوں کی شکل میں تھے حضرت لوط اپنی قوم کی بدکاری کا حال جانتے تھے اسلئے ان کو انسان سمجھ کر حضرت لوط بڑے پریشان ہوئے اور کہا کہ آپ اجنبی معلوم ہوتے ہو اس شہر کے رہنے والے نہیں ہو یہاں کے لوگوں کی بری عادت تمہیں معلوم نہیں ہے اجنبی ہونے کے علاوہ تم میں کچھ غیر معمولی پن سا بھی محسوس ہوتا ہے حضرت لوط ان کو انسان سمجھ کر آخیر تک ان کو بچانے کی کوشش کرتے رہے۔ اور گھبرا کر ان مہمانوں سے کہنے لگے تم بڑے عجیب آدمی ہو میں تمہیں بچانے کی کوشش کر رہا ہوں اور تم ذرا بھی میری مدد نہیں کرتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿٦٣﴾ وَاٰتَيْنٰكَ

قَالُوْا	بَلْ	جِئْنٰكَ	بِمَا + كَانُوْا	فِيْهِ	يَمْتَرُوْنَ	وَاٰتَيْنٰكَ
وہ بولے	بلکہ	ہم آئے ہیں تمہارے پاس	اسکے ساتھ جو وہ تھے	اسمیں	شک کرتے	اور ہم تمہارے پاس آئے ہیں

وہ بولے بلکہ ہم تمہارے پاس اس عذاب کے ساتھ آئے ہیں جسمیں وہ شک کرتے تھے اور ہم تمہارے پاس حق کے

بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿٦٤﴾ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ

بِالْحَقِّ	وَاِنَّا	لَصٰدِقُوْنَ	فَاَسْرِ	بِاَهْلِكَ	بِقِطْعٍ	مِّنَ
حق کے ساتھ	اور ہم بیشک	البتہ سچے	پس لے نکلیں	اپنے گھر والوں کو	ایک حصہ	سے

ساتھ آئے ہیں اور بیشک ہم سچے ہیں پس اپنے گھر والوں کو رات کے ایک حصہ میں (کچھ رات رہے) لے نکلیں

الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا

الَّيْلِ	وَاتَّبِعْ	اَدْبَارَهُمْ	وَلَا	يَلْتَفِتْ	مِنْكُمْ	اَحَدٌ	وَّامْضُوْا
رات	اور خود چلیں	ان کے پیچھے	اور نہ	پیچھے مڑکر دیکھے	تم میں سے	کوئی	اور چلے جاؤ

اور خود انکے پیچھے پیچھے چلیں اور نہ تم میں سے کوئی پیچھے مڑکر دیکھے اور چلے جاؤ جیسے

حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ﴿٦٥﴾ وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ

حَيْثُ	تُؤْمَرُوْنَ	وَقَضَيْنَآ	اِلَيْهِ	ذٰلِكَ	الْاَمْرَ	اَنَّ	دَابِرَ
جیسے	تمہیں حکم دیا گیا	اور ہم نے فیصلہ بھیجا	اسکی طرف	اس	بات	کہ	جڑ

تمہیں حکم دیا گیا ہے اور ہم نے اس کی طرف اس بات کا فیصلہ بھیج دیا کہ صبح ہوتے

هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ﴿٦٦﴾ وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿٦٧﴾

هٰٓؤُلَآءِ	مَقْطُوْعٌ	مُّصْبِحِيْنَ	وَجَآءَ	اَهْلُ + الْمَدِيْنَةِ	يَسْتَبْشِرُوْنَ
یہ لوگ	کٹی ہوئی	صبح ہوتے	اور آئے	شہر والے	خوشیاں مناتے

ان لوگوں کی جڑ کٹ جائے گی ۔ اور شہر والے خوشیاں مناتے آئے

﴿٦٣﴾ قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ قَوْمُكَ يَمْتَرُوْنَ ○ يَشُكُّوْنَ وَهُوَ الْعَذَابُ

﴿٦٤﴾ وَاٰتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ○ فِيْ قَوْلِنَا

﴿٦٥﴾ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ اَمْشِ خَلْفَهُمْ وَلَا

﴿٦٣﴾ وہ بولے ہم تیرے پاس آئے ہیں وہ عذاب لیکر جسمیں تیری قوم کو شک تھا۔

﴿٦٤﴾ اور ہم تیرے پاس امر حق لے کر آئے ہیں اور بیشک ہم اپنے کلام میں سچے ہیں۔

﴿٦٥﴾ سو لے جا تو اپنے گھر والوں کو رات میں اندھیرے سے اور تو ان کے پیچھے پیچھے چل ۔ اور چاہیے کہ کوئی تم میں سے پیچھے کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا مَآ اَصَابَهُمْ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ الصُّبْحُ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ۝

پھر کوئی نہ دیکھے کہ اس سخت عذاب کو نہ دیکھیں جو ان پر اترے گا اور چلے جاؤ تم جس جگہ کا تم کو حکم ہے یعنی شام کے ملک میں

فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ۝ وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝

(۶۶) اور ہم نے وحی بھیجی لوط کیطرف اس امر کی کہ بے شبہ صبح کے وقت انکی جڑ کاٹ جائے گی اور یہ بالکل نیست و نابود ہو جائیں گے۔

(۶۷) اور شہر سدوم کے رہنے والوں یعنی لوط کی قوم کو جب یہ خبر معلوم ہوئی کہ لوط کے گھر امرد خوبصورت لڑکے آئے ہیں اور حقیقت میں وہ فرشتے تھے وہ خوش ہوتے ہوئے بدفعلی کی طمع میں آئے۔

قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ۝ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ۝ قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝

تشریح

(۶۳) فرشتوں نے کہا کہ ہم عذاب لیکر آئے ہیں | حضرت لوط کی گھبراہٹ دیکھ کر فرشتوں نے اپنے آپ کو ظاہر کر دیا اور کہا کہ آپ گھبرائیں نہیں ہم انسان نہیں بلکہ فرشتے ہیں اور وہی چیز لے کر آئے ہیں یعنی مہلک عذاب جس کے بارے میں یہ لوگ تم سے جھگڑا کرتے تھے تمہیں دھمکی دیتے تھے اور انکار کرتے تھے کہ ایسا کچھ نہیں ہوگا۔

(۶۴) ہم سچے ہیں حق کے ساتھ آئے ہیں | فرشتوں نے کہا کہ ہم جو کچھ کہہ رہے ہیں وہ بالکل سچ ہے ہم اسی حق کے ساتھ تمہارے پاس آئے ہیں جو جھٹلانے والوں کے لئے مقرر ہے اللہ کا وہ عذاب جو گناہوں کا پیمانہ لبریز ہونے کے بعد آکر رہتا ہے لہٰذا آپ مطمئن ہو جائیے یہ بالکل سچی اور اٹل بات ہے جسمیں جھوٹ کا کوئی امکان نہیں ہے۔

(۶۵) حضرت لوط کو حکم کہ آپ اپنے گھر والوں کے ساتھ بستی چھوڑ کر چلے جائیں | فرشتوں نے حضرت لوط کو بتایا کہ اللہ کا حکم یہ ہے کہ جب تھوڑی رات باقی ہو آپ اپنے گھر والوں کو بستی سے لے کر نکل جائیں گھر والے آگے آگے ہوں اور خود آپ ان کے پیچھے ہوں تاکہ پورا اطمینان ہو جائے کہ گھر کا کوئی آدمی رہ تو نہیں گیا یا راستہ سے واپس تو نہیں ہو گیا اس سے آپ کا دل مطمئن رہیگا اور اللہ کے ذکر میں مشغول رہتے ہوئے ساتھیوں پر نظر رکھ سکیں گے اور کوئی پیچھے پلٹ کر نہ دیکھے کہ شور و غل سن کر تماشبینوں کی طرح ٹھہر جائے یہ وقت ان باتوں کا نہیں ہے بس سیدھے سیدھے جہاں جانے کا حکم دیا گیا ہے جو اللہ نے امن کی جگہ مقرر کی ہے وہاں چلے جائیں۔

(۶۶) صبح تک ساری قوم کا نام و نشان مٹ جائیگا | فرشتوں کے ذریعہ ہم نے یہ فیصلہ حضرت لوط کو پہنچا دیا کہ عذاب اب دور نہیں ہے صبح ہوتے ہوتے ساری قوم کی جڑ کاٹ دی جائیگی اور اسکو صفحۂ ہستی سے نیست و نابود کر دیا جائے گا۔

(۶۷) خوبصورت لڑکوں کے بارے میں سن کر قوم لوط کی بے تابی | قوم لوط کی گراوٹ کا یہ عالم تھا کہ جب انہیں معلوم ہوا کہ حضرت لوط کے یہاں خوبصورت لڑکے مہمان بن کر آئے ہیں تو خوشی کے مارے بیتاب ہو کر حضرت لوط کے گھر پر چڑھ آئے اور مطالبہ کرنے لگے کہ ان لڑکوں کو ہمارے حوالے کر دو۔ پوری آبادی میں تھوڑا سا عنصر بھی ایسا باقی نہ تھا جو اس گندی حرکت سے ان کو روک سکے علی الاعلان بدکاری کا مطالبہ تھا اور کوئی شرم نہیں تھی کہ حضرت لوط جیسے محترم انسان کے مہمانوں کے ساتھ یہ گندہ سلوک کیا جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿۶۸﴾ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

قَالَ	اِنَّ	هٰٓؤُلَآءِ	ضَيْفِيْ	فَلَا تَفْضَحُوْنِ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ
اسنے کہا	کہ	یہ لوگ	میرے مہمان	پس مجھے رسوا نہ کرو	اور ڈرو	اللہ

اس (لوط) نے کہا یہ میرے مہمان ہیں۔ مجھے رسوا نہ کرو اور اللہ سے ڈرو

وَلَا تُخْزُوْنِ ﴿۶۹﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ

وَلَا تُخْزُوْنِ	قَالُوْٓا	اَوَلَمْ + نَنْهَكَ	عَنِ	الْعٰلَمِيْنَ	قَالَ
اور مجھے خوار نہ کرو	وہ بولے	کیا ہم نے منع نہیں کیا تجھے	سے	سارے جہان	اس نے کہا

اور مجھے خوار نہ کرو وہ بولے کیا ہم نے تجھے سارے جہان (کی حمایت) سے منع نہیں کیا؟ اس نے کہا

هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۷۱﴾ لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ

هٰٓؤُلَآءِ	بَنٰتِيْٓ	اِنْ	كُنْتُمْ	فٰعِلِيْنَ	لَعَمْرُكَ	اِنَّهُمْ	لَفِيْ
یہ	میری بیٹیاں	اگر	تم ہو	کرنیوالے (کرنا ہے)	تمہاری جان کی قسم	بیشک	البتہ میں

یہ میری بیٹیاں ہیں (ان سے نکاح کرلو) اگر تمہیں کرنا ہے۔ (اے محمد) تمہاری جان کی قسم یہ لوگ بیشک

سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۲﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾

سَكْرَتِهِمْ	يَعْمَهُوْنَ	فَاَخَذَتْهُمُ	الصَّيْحَةُ	مُشْرِقِيْنَ
اپنے نشہ	مدہوش تھے	پس انہیں آلیا	چنگھاڑ	سورج نکلتے وقت

اپنے نشہ میں مدہوش تھے پس انہیں سورج نکلتے چنگھاڑ نے آلیا۔

﴿۶۸﴾ قَالَ لُوْطٌ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ۝

﴿۶۸﴾ لوطؑ نے کہا بیشک یہ میرے مہمان ہیں سو تم مجھ کو رسوا نہ کرو

﴿۶۹﴾ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا تُخْزُوْنِ ۝ بِقَصْدِكُمْ اِيَّاهُمْ بِفِعْلِ الْفَاحِشَةِ بِهِمْ

﴿۶۹﴾ اور اللہ سے ڈرو اور ان مہمانوں کے ساتھ بدفعلی کا ارادہ کرکے مجھ کو شرمندہ نہ کرو

﴿۷۰﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ عَنْ اِضَافَتِهِمْ

﴿۷۰﴾ وہ بولے کیا ہم نے تجھ کو منع نہیں کیا تھا کہ لوگوں کو اپنا مہمان نہ بنا۔

﴿۷۱﴾ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝ مَا تُرِيْدُوْنَ مِنْ

﴿۷۱﴾ لوطؑ نے کہا یہ میری بیٹیاں موجود ہیں اگر تم شہوت پورا کرنی چاہتے ہو۔ جس کا تم ارادہ کرکے آئے ہو تو ان سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَضَاءِ الشَّهْوَةِ فَتَزَوَّجُوهُنَّ

نکاح کر لو۔

(۷۲) قَالَ تَعَالٰى لَعَمْرُكَ خِطَابٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْ وَحَيَاتِكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ○ يَتَرَدَّدُوْنَ

(۷۲) اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کر کے فرمایا قسم ہے تیری جان کی کہ بیشک قوم لوط اپنے نشہ میں حیران ہیں۔

(۷۳) فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ صَيْحَةُ جِبْرَئِيْلَ مُشْرِقِيْنَ ○ وَقْتَ شُرُوْقِ الشَّمْسِ

(۷۳) پس پکڑا ان کو آواز سخت جبرئیل نے آفتاب کے نکلنے کے وقت۔

تشریح

(۶۸) حضرت لوط نے کہا یہ لوگ میرے مہمان ہیں کچھ تو خیال کرو | قوم لوط کے لوگ ان خوبصورت لڑکوں کو دیکھ کر حضرت لوط کے گھر پر چڑھ آئے تھے حضرت لوط اس خیال سے کانپ اٹھے کہ میرے مہمانوں کی رسوائی ہوگی جو میری فضیحت ہے اور میرے لئے بڑی ذلت کی بات ہے کہ میرے مہمانوں کے ساتھ بدسلوکی کی جائے انہوں نے قوم کو سمجھانے کی بہت کوشش کی۔

(۶۹) حضرت لوط نے کہا اللہ سے ڈرو | حضرت لوط نے قوم کو اللہ کا واسطہ دیا کہ دیکھو اللہ سے ڈرو مجھے رسوا نہ کرو میری آبرو کا تمہیں کچھ خیال ہونا چاہیئے کہ میرے مہمانوں کی نظر میں میری کیا عزت رہ جائے گی یہ لوگ کیا کہیں گے کہ بستی میں کوئی ان کا کہنا نہیں مانتا اور ان کی کوئی عزت نہیں کرتا۔

(۷۰) قوم لوط کی ڈھٹائی | لیکن قوم لوط اتنی ڈھیٹ ہو چکی تھی کہ ان پر حضرت لوط کی باتوں کا کوئی اثر نہیں ہوا۔ بلکہ الٹا حضرت لوط سے کہنے لگے کہ ہم تمہیں کتنی مرتبہ کہہ چکے ہیں کہ تم دنیا بھر کے ٹھیکے دار نہ بنو۔ اجنبی مہمانوں کو اپنا مہمان مت بنایا کرو ہم جو چاہیں کریں تم ہمیں روکنے والے کون ہوتے ہو؟۔

(۷۱) حضرت لوط نے سمجھانے کی کوشش کی | قوم لوط کی ڈھٹائی اور ان کے کورے جواب کے باوجود حضرت لوط نے ان کو سمجھانے کی کوشش کی کہ دیکھو نفس کی شہوت جائز طریقے سے پوری کرنے کے لئے قوم کی بیٹیاں جو تمہاری بیویاں ہیں اور میری بیٹیوں کے برابر ہیں موجود ہیں تمہاری حاجت براری کے لئے وہ کافی ہیں حلال اور پاکیزہ چیز کو چھوڑ کر حرام اور گندگی میں کیوں مبتلا ہوتے ہو۔ قضائے شہوت کا جو فطری طریقہ ہے کیا اس کے جائز مواقع موجود نہیں ہیں جو تم اس گندی حرکت میں مبتلا ہوتے ہو۔ شادی کے لئے میری بیٹیاں بھی موجود ہیں پھر میرے مہمانوں کے معاملے میں مجھے کیوں رسوا کرنے پر تلے ہوئے ہو؟

(۷۲) قوم لوط اپنے نشے میں مدہوش تھی | ایک طرف حضرت لوط نصیحت کر رہے تھے اور نہایت نرمی اور لجاجت کے ساتھ ان کو سمجھا رہے تھے مگر قوم لوط کی لاپروائی کا عالم یہ تھا کہ اے محمد! آپ کی جان کی قسم وہ اس وقت شہوت پرستی اور اپنی طاقت کے نشے میں مدہوش تھے اور ان پر ایک نشہ سا طاری تھا جس میں وہ آپے سے باہر ہوئے جاتے تھے ان کو اندازہ ہی نہیں تھا کہ ہلاکت کی گھڑی ان کے سر پر منڈلا رہی ہے۔

(۷۳) آخر عذاب نے انکو اپنی لپیٹ میں لے لیا | آخر پو پھٹتے ہی ایک زبردست دھماکہ ہوا اور اللہ کے عذاب نے جس سے وہ بے خبر تھے اور اپنی مستی میں مدہوش تھے ان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ ﴿٧٤﴾ إِنَّ

فَجَعَلْنَا	عَالِيَهَا	سَافِلَهَا	وَأَمْطَرْنَا	عَلَيْهِمْ	حِجَارَةً	مِّن	سِجِّيلٍ	إِنَّ
پس ہم نے اسے کر دیا	اسکے اوپر کا حصہ	اسکے نیچے کا حصہ	اور ہم نے برسائے	ان پر	پتھر	سے	سنگِ گل (کھنگر)	بیشک

پس ہم نے اس (بستی) کا اوپر کا حصہ نیچے (تہ و بالا) کر دیا اور ہم نے ان پر کھنگر کے پتھر برسائے۔ بیشک اس

فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِينَ ﴿٧٥﴾ وَإِنَّهَا لَبِسَبِيلٍ مُّقِيمٍ ﴿٧٦﴾ إِنَّ فِي

فِي	ذَٰلِكَ	لَآيَاتٍ	لِّلْمُتَوَسِّمِينَ	وَإِنَّهَا	لَبِسَبِيلٍ	مُّقِيمٍ	إِنَّ	فِي
میں	اس	نشانیاں	غور و فکر کرنے والوں کیلئے	اور بیشک وہ	راستہ پر	سیدھا	بیشک	میں

میں غور و فکر کرنے والوں کے لئے نشانیاں ہیں اور بیشک وہ (بستی) سیدھے راستے پر (واقع) ہے بیشک اس

ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّلْمُؤْمِنِينَ ﴿٧٧﴾ وَإِن كَانَ أَصْحَابُ الْأَيْكَةِ لَظَالِمِينَ ﴿٧٨﴾

ذَٰلِكَ	لَآيَةً	لِّلْمُؤْمِنِينَ	وَإِن	كَانَ	أَصْحَابُ + الْأَيْكَةِ	لَظَالِمِينَ
اس	نشانی	ایمان والوں کے لئے	اور تحقیق	تھے	ایکہ (بن) والے (قوم شعیب)	ظالم (جمع)

میں ایمان والوں کے لئے نشانی ہے۔ اور تحقیق قوم شعیبؑ کے لوگ ظالم تھے۔

(۷۴) فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا أَيْ تُرَاهُمْ سَافِلَهَا بِأَنْ رَفَعَهَا جِبْرَئِيلُ إِلَى السَّمَاءِ وَأَسْقَطَهَا مَقْلُوبَةً إِلَى الْأَرْضِ وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ ○ طِينٍ طُبِخَ بِالنَّارِ

(۷۴) سو ہم نے ان قریوں کی اوپر کی جانب نیچے کر دی اس طرح کہ جبرئیلؑ نے انکو آسمان کی طرف اٹھایا اور الٹ کر زمین کی طرف ڈالدیا اور ہم نے ان پر برسائیں کنکریاں مثل پتھروں کے جو آگ میں پکے ہوئے تھے۔

(۷۵) إِنَّ فِي ذَٰلِكَ الْمَذْكُورِ لَآيَاتٍ دَلَالَاتٍ عَلَى وُحْدَانِيَّتِهِ تَعَالَى لِّلْمُتَوَسِّمِينَ ○ لِلنَّاظِرِينَ الْمُعْتَبِرِينَ

(۷۵) بیشک اس مذکور میں بڑی نشانیاں ہیں اللہ کی توحید کی ان لوگوں کے لئے جو نظر عبرت سے دیکھتے ہیں۔

(۷۶) وَإِنَّهَا أَيْ تُرَى قَوْمِ لُوطٍ لَبِسَبِيلٍ مُّقِيمٍ ○ طَرِيقِ قُرَيْشٍ إِلَى الشَّامِ لَمْ يَنْدَرِسْ أَفَلَا يَعْتَبِرُونَ بِهِمْ

(۷۶) اور بے شبہ قوم لوط کی بستیاں قریش کے راستہ میں ہیں جبکہ وہ شام کو جاویں۔ وہ راستے ابھی پرانے اور معدوم نہیں ہوئے سو کیا یہ لوگ ان کے حال سے عبرت نہیں پکڑتے

(۷۷) إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لَعِبْرَةً لِّلْمُؤْمِنِينَ ○

(۷۷) بیشک اسمیں عبرت ہے مسلمانوں کے لئے۔

(۷۸) وَإِن مُّخَفَّفَةٌ أَيْ إِنَّهُ كَانَ

(۷۸) اور بیشک حال یہ ہے کہ ایکہ کے رہنے والے قریب شہر

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَصْحٰبُ الْاَیْكَةِ هِیَ غَیْضَةُ شَجَرٍ بِقُرْبِ مَدْیَنَ وَهُمْ قَوْمُ شُعَیْبٍ لَظٰلِمِیْنَ ○ بِسَكَذِیْهِمْ شُعَیْبًا

مدین کے جو شعیبؑ کی قوم ہے ظلم کرنے والے تھے کہ انہوں نے شعیبؑ کو جھٹلایا (ایکہ درختوں کے مجموعے کو کہتے ہیں اس میں شعیبؑ کی قوم رہتی تھی مدین کے پاس۔

تشریح

(۷۴) قوم لوط پر عذاب کی صورت | قوم لوط پر عذاب کی صورت یہ تھی کہ ایک زبردست دھماکہ ہوا اور زلزلے کے ساتھ ساری بستی تلپٹ ہوگئی۔ زلزلے کے ساتھ ہی آتش فشاں مادے کے پھٹنے سے مٹی کے پتھروں کا پتھراؤ ہوا، جیسے پتھروں کی بارش برستی ہے۔ کہتے ہیں کہ بحر لوط کے جنوب اور مشرق کے علاقے میں اب تک اس آتش فشانی مادے کے پھٹنے کے آثار پائے جاتے ہیں۔ سورۂ ہود کی آیت ۸۲ اور ۸۳ میں بھی اس کا بیان گزر چکا ہے۔

(۷۵) ان واقعات میں عبرت کے پہلو ہیں | اہل فہم کے لئے پچھلی قوموں کے یہ حالات اور ان کے غلط رویے کی وجہ سے ان پر عذاب ان سب میں بڑی نشانیاں ہیں اور عبرت کے سامان ہیں اور ان واقعات کے بیان کرنے کا مقصد بھی یہی ہے کہ لوگ ان سے عبرت حاصل کریں اور جو غلطی پچھلی قومیں کر چکی ہیں موجودہ لوگ ان سے بچنے کی کوشش کریں۔

(۷۶) قوم لوط پر عذاب کی جگہ عام گذرگاہ پر واقع ہے | یہ علاقہ مکے سے شام کو جاتے ہوئے اور عراق سے مصر جاتے ہوئے عام گذرگاہ پر واقع ہے جہاں اس الٹی ہوئی بستی کے کھنڈرات قوم لوط کی عبرت کی داستان بیان کر رہے ہیں یہ علاقہ جس کو بحر لوط اور بحر مردار بھی کہتے ہیں اس کے جنوبی حصے کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہاں اب تک وحشت اور ویرانی معلوم ہوتی ہے۔ سورۂ صٰفّٰت میں ارشاد ہوا ہے وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَیْهِمْ مُّصْبِحِیْنَ وَبِالَّیْلِ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (پارہ ۲۳ آیت ۱۳۸-۱۳۷) (تم شب و روز ان کے اجڑے دیار پر سے گزرتے ہو کیا تم سمجھتے نہیں ہو؟)
قریش کے تاجر عام طور پر اس گذرگاہ سے گذرتے تھے جہاں قوم لوط کی تباہ شدہ بستیاں واقع ہیں۔

(۷۷) اہل ایمان کے لئے سامان عبرت | یہ کھنڈرات اور یہ واقعات دیکھ کر اللہ پر ایمان لانے والوں کو عبرت ہوتی ہے کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ اس قوم کی بدکاری اور سرکشی کی وجہ سے ان پر یہ عذاب نازل ہوا۔ دوسرے لوگ ممکن ہے کہ ان واقعات کو ایک حادثہ سمجھ کر گذر جائیں مگر اہل ایمان ایسی چیزوں سے لرز جاتے ہیں۔

(۷۸) ایکہ والوں کا ظالمانہ رویہ | تبوک کا پرانا نام ایکہ ہے۔ یہاں حضرت شعیب کی قوم کے لوگ رہتے تھے۔ حضرت شعیبؑ کی ایک قوم کا نام بنی مدیان تھا۔ ان کے مرکزی شہر کا نام بھی مدین تھا اور اس پورے علاقے کو بھی مدین یا مدیان کہا جاتا تھا اس کے قریب ہی ایک گھنا جنگل تھا اسلئے ان کو ایکہ والے بھی کہا جاتا تھا یہ مدین اور اصحاب الایکہ کا علاقہ بھی مکہ سے فلسطین اور شام جاتے ہوئے راستہ میں پڑتا تھا جس راستے پر قوم لوط کی بستیاں تھیں ان سے ذرا نیچے اتر کر قوم شعیب کا مسکن بھی تھا۔ آنے جانے والوں کو دونوں کے آثار نظر آتے تھے اگر مدین والے اور ایکہ والے الگ الگ قوموں کے نام بھی ہوں تب بھی ان دونوں قوموں کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت شعیب کو نبی مقرر فرمایا۔
حضرت شعیب کی قوم کا ذکر سورۂ ہود کی آیت ۸۴ سے آیت ۹۵ تک موجود ہے جیسا کہ سورۂ ہود میں آچکا ہے قوم شعیب پر جو عذاب نازل ہوا تھا وہ ان کے ناپ تول میں کمی کرنے اور کاروبار میں بے ایمانی کی وجہ سے ہوا تھا۔ یہ اخلاقی گراوٹ خود ان کا اپنے اوپر ظلم تھا کیونکہ جب کوئی قوم اخلاقی اعتبار سے زوال میں مبتلا ہوتی ہے تو اس کا نقصان سبھی لوگوں کو پہنچتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۘ وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۹﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ ع ۵ ۱۹

فَانْتَقَمْنَا	مِنْهُمْ	وَاِنَّهُمَا	لَبِاِمَامٍ	مُّبِيْنٍ	وَلَقَدْ كَذَّبَ
ہم نے بدلہ لیا	ان سے	اور بیشک وہ دونوں	راستہ پر	کھلے	اور البتہ جھٹلایا

اور ہم نے ان سے بدلہ لیا، اور وہ دونوں (بستیاں واقع ہیں) ایک کھلے راستہ پر۔ اور البتہ

اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۸۰﴾

	اَصْحٰبُ + الْحِجْرِ	الْمُرْسَلِيْنَ	
	حجر والے	رسول (جمع)	

"حجر" کے رہنے والوں نے رسولوں کو جھٹلایا۔

﴿۷۹﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ بِاَنْ اَهْلَكْنٰهُمْ بِشِدَّةِ الْحَرِّ وَاِنَّهُمَا اَیْ قُرٰی قَوْمِ لُوْطٍ وَالْاَیْكَةُ لَبِاِمَامٍ طَرِیْقٍ مُّبِیْنٍ ۝ وَاضِحٍ اَفَلَا یَعْتَبِرُ بِهِمْ اَهْلُ مَكَّةَ.

﴿۷۹﴾ سو ہم نے ان سے بدلہ لیا کہ ان کو سخت گرمی میں ہلاک کیا اور بیشک قوم لوط کی بستیاں اور ایکہ ظاہر راستہ پر ہیں سو کیا مکہ والے ان سے عبرت نہیں پکڑتے۔

﴿۸۰﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ وَادِ بَیْنَ الْمَدِیْنَةِ وَالشَّامِ وَهُمْ ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِیْنَ ۝ بِتَكْذِیْبِهِمْ صَالِحًا لِاَنَّهٗ تَكْذِیْبٌ لِبَاقِی الرُّسُلِ لِاشْتِرَاكِهِمْ فِی الْمَجِیْءِ بِالتَّوْحِیْدِ

﴿۸۰﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِیْنَ الخ

اور بیشک حجر والوں یعنی ثمود نے پیغمبروں کو جھٹلایا کہ انہوں نے صالحؑ کو جھٹلایا اور اس کا جھٹلانا سب پیغمبروں کا جھٹلانا ہے کیونکہ توحید میں سب شریک ہیں۔ (حجر ایک جنگل کا نام ہے درمیان مدینہ اور شام کے)

تشریح

﴿۷۹﴾ ایکہ والوں پر عذاب | مدین اور ایکہ والوں کے علاقے جو کھلے راستے پر حجاز سے فلسطین جانے والوں کو نظر آتے ہیں اللہ کے انتقام اور عذاب کی کھلی تصویر ہیں کہ جب کوئی قوم گمراہی کے راستے کو چھوڑنے کیلئے تیار نہیں ہوتی تو پھر اس کا انجام کیا ہوتا ہے۔

﴿۸۰﴾ حجر والوں کا انجام | حجر قوم ثمود کا مرکزی شہر تھا جو مدینے سے شمال مغرب کی طرف ہے اور موجودہ شہر العلاء سے چند میل کی دوری پر ہے مدینہ سے تبوک جاتے ہوئے حجر کا مقام عام راستے پر ہے اس قوم کی طرف اللہ نے حضرت صالح کو نبی بنا کر بھیجا تھا انہوں نے حضرت صالح کو جھٹلایا اور ایک پیغمبر کا جھٹلانا سارے پیغمبروں کا جھٹلانا ہے اسلئے اللہ تعالیٰ نے مرسلین کا لفظ استعمال کیا ہے کہ پیغمبروں کو جھٹلایا کیونکہ ہر پیغمبر کی دعوت ایک ہے اسلئے ایک کی دعوت کا انکار سب کی دعوت کا انکار ہے۔ یہ قوم پتھر کی چٹانیں تراش تراش کر عمارتیں اور نقش و نگار بناتی تھی۔ مدینہ اور تبوک کے درمیان حجاز ریلوے پر ایک اسٹیشن پڑتا ہے جسے مدائن صالح کہتے ہیں پرانے زمانے میں اسی کا نام حجر تھا۔ سورہ اعراف کی آیت ۷۳ میں اس کا بیان گزر چکا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿٨١﴾ وَكَانُوْا

وَاٰتَيْنٰهُمْ	اٰيٰتِنَا	فَكَانُوْا	عَنْهَا	مُعْرِضِيْنَ	وَ	كَانُوْا
اور ہم نے انہیں دیں	اپنی نشانیاں	پس وہ تھے	اس سے	منہ پھیرنے والے	اور	تھے وہ

اور ہم نے انہیں اپنی نشانیاں دیں پس وہ ان سے منہ پھیرنے والے تھے اور وہ پہاڑوں

يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ﴿٨٢﴾

يَنْحِتُوْنَ	مِنَ	الْجِبَالِ	بُيُوْتًا	اٰمِنِيْنَ	
تراشتے	سے	پہاڑ (جمع)	گھر	بے خوف وخطر	

سے بے خوف و خطر گھر تراشتے تھے۔

(۸۱) وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فِي النَّاقَةِ فَكَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝ لَا يَتَفَكَّرُوْنَ فِيْهَا

(۸۱) اور ہم نے انکے پاس اپنی نشانیاں یعنی اونٹنی بھیجی سو انہوں نے اس سے منہ پھیرا اور اس میں غور اور فکر نہ کیا۔

(۸۲) وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا اٰمِنِيْنَ ۝

(۸۲) اور حال یہ تھا کہ وہ لوگ امن سے پہاڑوں میں گھر بنایا کرتے تھے

تشریح

(۸۱) ہم نے اُن کو اپنی نشانیاں دکھائیں | اللہ تعالیٰ نے قوم ثمود کی ہدایت کے لئے حضرت صالح ؑ کو پیغمبر مقرر کیا۔ قوم ثمود نے فرمائش کی کہ ہمیں اپنی نشانیاں دکھائیں جس سے معلوم ہو کہ آپ واقعی اللہ کے سچے پیغمبر ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی ایک نشانی ان کے پاس بھیجی کہ پتھر سے اونٹنی کو پیدا کیا مگر وہ ان سب نشانیوں کو نظر انداز کرتے رہے۔

(۸۲) یہ لوگ پہاڑ کو تراش کر مکانات بناتے تھے | قوم ثمود اپنے وقت میں اتنی ترقی یافتہ تھی کہ پہاڑوں کو تراش تراش کر خوبصورت مکانات اور نقش ونگار بناتے تھے اور اپنی جگہ بالکل مطمئن اور بے خوف تھے کہ ہمارا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ آٹھویں صدی ہجری میں مشہور مسلم سیاح ابن بطوطہ یہاں سے گذرے تو انہوں نے دیکھا کہ سرخ رنگ کے پہاڑوں میں قوم ثمود کی عمارتیں موجود تھیں جو چٹانوں کو تراش تراش کر بنائی گئی تھیں اور ان کے نقش ونگار ایسے تازہ تھے جیسے آج ہی بنائے گئے ہیں اپنے اس فن پر ان کو ناز تھا اور آخرت کی طرف سے غافل اور بے فکر تھے۔ دنیا کے فائدے ہی کو سب کچھ سمجھتے تھے۔ ان کا نظام معیشت اللہ کی ہدایات کے بالکل خلاف تھا جس میں حلال وحرام کا کوئی لحاظ نہیں تھا اور یہ اس بات کو ماننے کے لئے تیار نہ تھے کہ دین کا مطلب یہ ہے کہ نظام معیشت میں بھی اللہ کے احکام کی تابعداری کی جائے۔ عبادت کا ایک بہت ہی محدود تصور ان کے یہاں تھا اس لئے انہوں نے اعتراض کیا تھا کہ کیا تمہاری نماز یہ سکھاتی ہے کہ ہم کاروبار میں بھی رب کی ہدایات کو تسلیم کریں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ﴿۸۳﴾ فَمَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا

فَاَخَذَتْهُمُ	الصَّيْحَةُ	مُصْبِحِيْنَ	فَمَآ اَغْنٰى	عَنْهُمْ	مَّا كَانُوْا
پس انہیں آلیا	چنگھاڑ	صبح ہوتے	تو نہ کام آیا	ان کے	جو تھے

پس انہیں صبح ہوتے چنگھاڑ نے آلیا، تو جو وہ کمایا کرتے تھے (ان کا کیا دھرا) ان کے

يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ

يَكْسِبُوْنَ	وَمَا	خَلَقْنَا	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	وَمَا	بَيْنَهُمَآ
وہ کمایا کرتے	اور نہیں	پیدا کیا ہم نے	آسمان (جمع)	اور زمین	اور جو	ان کے درمیان

کام نہ آیا۔ اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو اُن کے درمیان ہے نہیں پیدا کیا مگر حق

اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿۸۵﴾

اِلَّا	بِالْحَقِّ	وَاِنَّ	السَّاعَةَ	لَاٰتِيَةٌ	فَاصْفَحِ	الصَّفْحَ	الْجَمِيْلَ
مگر	حق کے ساتھ	اور بیشک	قیامت	ضرور آنے والی	پس درگزر کرو	درگزر کرنا	اچھا

(حکمت) کے ساتھ، اور بیشک قیامت ضرور آنے والی ہے پس اچھی طرح درگزر کرو

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۶﴾

اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	الْخَلّٰقُ	الْعَلِيْمُ
بیشک	تمہارا رب	وہ	پیدا کرنیوالا	جاننے والا

بیشک تمہارا رب ہی پیدا کرنے والا جاننے والا ہے

(۸۳) فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ○ وَقْتَ الصَّبَاحِ

(۸۳) سو اس تکذیب کے سبب ان کو ہلاک ایک آواز سخت نے آسمان سے صبح کے وقت۔

(۸۴) فَمَآ اَغْنٰى دَفَعَ عَنْهُمْ اَلْعَذَابَ مَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ○ مِنْ بِنَاءِ الْحُصُوْنِ وَجَمْعِ الْمَالِ

(۸۴) پس انکو عذاب سے نہ بچایا قلعوں کے بنانے اور مالوں کے اکٹھا کرنے نے

(۸۵) وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ

(۸۵) اور ہم نے آسمانوں اور زمینوں کو اور جو کچھ ان میں ہے پیدا کیا ساتھ حق کے اور بالیقین قیامت آنے والی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَاٰتِيَةٌ ۭ لَا مُحَالَةَ فَيُجَازِيْ كُلَّ اَحَدٍ بِعَمَلِهٖ فَاصْفَحِ يَا مُحَمَّدُ عَنْ قَوْمِكَ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ○ اَعْرِضْ عَنْهُمْ اِعْرَاضًا لَا جَزَعَ فِيْهِ وَهٰذَا مَنْسُوْخٌ بِاٰيَةِ السَّيْفِ

سو ہر ایک کو اس کے کئے کا عوض ملے گا۔ پس اعراض کر اے محمد ﷺ اپنی قوم سے اچھی طرح اعراض کرنا کہ جس میں گھبراہٹ نہ ہو (یہ حکم منسوخ ہے آیت سیف سے۔)

(۸۶) اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلَّاقُ لِكُلِّ شَيْءٍ الْعَلِيْمُ ○ بِكُلِّ شَيْءٍ

(۸۶) بیشک تیرا رب ہر چیز کا بنانے والا ہر شے کو جاننے والا ہے۔

تشریح

(۸۳) آخر اللہ کے عذاب نے ان کو آپکڑا | آخر اصحاب حجر یا قوم ثمود ان کو اللہ کے عذاب نے آپکڑا۔ صبح ہوتے ہوتے ایک زبردست دھماکہ ہوا اور سب کچھ تہس نہس ہو گیا۔ نبی کریم ﷺ تبوک سے جاتے ہوئے جب وادی حجر سے گزرے تو آپ نے اپنا سر ڈھانپ لیا۔ سواری کی رفتار تیز کر دی اور صحابہ سے فرمایا کہ جب ان قوموں کی بستیوں پر سے گزرو جن پر اللہ کا عذاب نازل ہوا تھا تو لرزاں اور ترساں عبرت حاصل کرتے ہوئے جلد از جلد وہاں سے نکل جاؤ یہ عبرت کی جگہ ہے کھیل تماشے کی جگہ نہیں ہے۔

(۸۴) مضبوط عمارتیں ان کے کچھ کام نہ آئیں | وہ مضبوط عمارتیں جو پہاڑوں کو کاٹ کاٹ کر خوبصورت نقش و نگار کے ساتھ تعمیر کی گئی تھیں ان کے کسی کام نہ آئیں اور اللہ کے عذاب سے ان کو بچا نہ سکیں۔

(۸۵) زمین و آسمان کی تخلیق حق پر ہوئی ہے | زمین و آسمان کا یہ پورا نظام حق پر تعمیر ہوا ہے اس کو چلانے والا ایک مدبر ہے جو ہر چیز کا مناسب تدارک کرنے والا ہے۔ مکمل اور آخری تدارک کا نام قیامت ہے اس کائنات کی فطرت حق کے ساتھ مناسبت رکھتی ہے باطل کا غلبہ کوئی مستقل چیز نہیں ہے یہ سب عارضی باتیں ہیں اسلئے حق کے راستے میں جو مشکلات پیش آئیں ان سے گھبرانا نہیں چاہیئے اور اہل باطل کی بے ہودگیوں سے درگزر کرنا چاہیئے ان لوگوں کے ساتھ زیادہ جھگڑنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپنے اپنا فرض ادا کر دیا بس آپ بری الذمہ ہیں۔

(۸۶) رب کو سب کچھ علم ہے | اللہ تعالیٰ ہر چیز کے خالق ہیں تمہارے بھی اور کائنات کی ایک ایک چیز کے سب کچھ اس کے علم میں ہے آپ کو جو ایذا پہنچ رہی ہے اور اس پر آپ صبر کر رہے ہیں پروردگار کو اس کا بھی علم ہے وقت آنے پر ٹھیک ٹھیک انصاف کے مطابق فیصلہ کر دیا جائیگا۔ اشارہ اس طرف بھی ہے کہ باوجود اجزا کے منتشر ہونے کے اللہ تعالیٰ سب کو جمع کر دیگا کیونکہ اسکو ہر چیز کی خبر ہے اور منتشر اجزا کو جمع کرنا اور دوبارہ پیدا کرنا اسکے لئے مشکل نہیں ہے پھر اس زندگی میں دنیا کے اعمال کا پورا پورا بدلہ دیا جائیگا۔ جیسے کہ دوسری جگہ ارشاد ہوا ہے اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ۭ بَلٰى وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۭ (سورہ یٰس آیت ۸۱ پارہ ۲۳)

(کیا وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اس پر قادر نہیں ہے کہ ان جیسوں کو پیدا کر سکے، کیوں نہیں، جب کہ وہ ماہر خلاق ہے۔)

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿۸۷﴾ لَا تَمُدَّنَّ

وَلَقَدْ	اٰتَيْنٰكَ	سَبْعًا	مِّنَ	الْمَثَانِيْ	وَالْقُرْاٰنَ	الْعَظِيْمَ	لَا تَمُدَّنَّ
اور تحقیق	ہم نے تمہیں دیں	سات	سے	بار بار دہرائی جانے والی	اور قرآن	عظمت والا	ہرگز نہ بڑھائیں

اور تحقیق ہم نے تمہیں (سورۂ فاتحہ کی) بار بار دہرائی جانیوالی سات (آیات) دیں اور عظمت والا قرآن۔ اور ہرگز اپنی آنکھیں

عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَ

عَيْنَيْكَ	اِلٰى	مَا مَتَّعْنَا	بِهٖۤ	اَزْوَاجًا	مِّنْهُمْ	وَلَا تَحْزَنْ	عَلَيْهِمْ	وَ
اپنی آنکھیں	طرف	جو ہم نے برتنے کو دیا	اسکو	کئی جوڑے	ان کے	اور نہ غم کھائیں	اُن پر	اور

نہ بڑھائیں (آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھیں ان چیزوں کی) طرف جو ہم نے انکے کئی جوڑوں (گروہوں) کو دیں اور ان پر غم نہ کھائیں، اور اپنے

اخْفِضْ جَنَاحَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۸﴾ وَقُلْ اِنِّيْۤ اَنَا النَّذِيْرُ

اخْفِضْ	جَنَاحَكَ	لِلْمُؤْمِنِيْنَ	وَقُلْ	اِنِّيْۤ	اَنَا	النَّذِيْرُ
جھکا دیں	اپنے بازو	مومنوں کے لئے	اور کہدیں	بیشک میں	میں	ڈرانے والا

بازو جھکا دیں مومنوں کے لئے۔ اور کہہ دیں بے شک میں علانیہ ڈرانے والا

الْمُبِيْنُ ﴿۸۹﴾ كَمَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَى الْمُقْتَسِمِيْنَ ﴿۹۰﴾

الْمُبِيْنُ	كَمَاۤ	اَنْزَلْنَا	عَلَى	الْمُقْتَسِمِيْنَ
علانیہ	جیسے	ہم نے نازل کیا	پر	تقسیم کرنے والے

ہوں۔ جیسے ہم نے تقسیم کرنے والوں (تفرقہ پردازوں) پر عذاب نازل کیا

﴿۸۷﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِيَ الْفَاتِحَةُ رَوَاهُ الشَّيْخَانِ لِاَنَّهَا تُثَنّٰى فِيْ كُلِّ رَكْعَةٍ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ○

﴿۸۸﴾ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖۤ اَزْوَاجًا اَصْنَافًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ اَلِنْ جَانِبَكَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ ○

﴿۸۷﴾ اور بیشک ہم نے تجھ کو سات آیتیں مثانی کی دیں (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ الحمد ہے روایت کیا اسکو بخاری و مسلم نے۔ سورۂ الحمد کو مثانی اسلئے فرمایا کہ وہ نماز میں بار بار یعنی ہر رکعت میں پڑھی جاتی ہے) اور دیا ہم نے تجھکو بڑا قرآن۔

﴿۸۸﴾ نہ پھیلا تو آنکھیں اپنی ان چیزوں کی طرف جو قسم قسم کی اشیاء ہم نے ان کو دیں اور اگر وہ ایمان نہ لاویں تو ان پر غم نہ کر اور اپنے بازو اور جانب کو نرم کر مسلمانوں کے لئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۸۹) وَقُلْ اِنِّیْٓ اَنَا النَّذِیْرُ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ اَنْ یُّنَزَّلَ عَلَیْكُمْ الْمُبِیْنُ ○ اَلْبَیِّنُ الْاِنْذَارُ

(۸۹) اور کہدے کہ بیشک میں ظاہر ڈرانے والا ہوں عذاب الٰہی سے کہ وہ تم پر آپہنچے۔

(۹۰) كَمَآ اَنْزَلْنَا الْعَذَابَ عَلَى الْمُقْتَسِمِیْنَ ○ الَّذِیْنَ هُوْدٍ وَ النَّصَارٰی

(۹۰) جیسا کہ اتارا ہم نے عذاب تقسیم کرنے والوں پر یعنی یہود اور نصاریٰ پر۔

تشریح

(۸۷) سبع مثانی اور قرآن عظیم کی دولت | ایک طرف قریش کے بڑے بڑے سردار رئیس اور مالدار لوگ تھے جو ہر طرح سے خوشحالی کی زندگی گزار رہے تھے اور پورے عرب پر ان کا دبدبہ تھا دوسری طرف خستہ حال مٹھی بھر اہل اسلام تھے جو حق و صداقت کا علم بلند کرنے کیلئے باطل کی زبردست قوت سے ٹکر لے رہے تھے ایسے حالات میں اللہ تعالیٰ آنحضرت ﷺ اور ان کے ساتھیوں کو حوصلہ دیتے ہوئے ارشاد فرما رہے ہیں کہ یہ دنیا کی دولت یہ سونا چاندی اور یہ ظاہری نعمتیں اس بڑی نعمت اور دولت کے مقابلے میں کچھ بھی حیثیت نہیں رکھتی جو تمہیں عطا کی گئی ہیں تمہیں سورۂ فاتحہ کی وہ سات قیمتی آیتیں دی گئی ہیں جو بار بار دہرائی جاتی ہیں نماز کی ہر رکعت میں ان کو پڑھا جاتا ہے یہ سورت جو اُمّ القرآن ہے پورے قرآن کا خلاصہ اور متن ہے پھر تمہیں قرآن کریم عطا کیا گیا ہے یہ علمی اور اخلاقی دولت اتنی لائق قدر ہے کہ اس کے مقابلے میں دنیا کی ساری دولت بھی کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ آپ اللہ کے سامنے یہ دولت لیکر آئینگے اور اہل باطل اپنی دنیا کی دولت کو دنیا ہی میں چھوڑ کر ایک مفلس کی حیثیت سے رب کے سامنے پیش ہوں گے اسلئے آپ شکستہ خاطر نہ ہوں جو روحانی اور جسمانی تکلیفیں آپ کو دی جارہی ہیں ان سب کا بہترین بدلہ آپ کو اپنے رب کی طرف سے ملنے والا ہے۔

(۸۸) ان کی دولت پر نظر نہ کرو | اہل باطل کو جو چند روزہ زندگی کا سامان ملا ہوا ہے اسکو نظر اٹھا کر بھی مت دیکھو یہ تو حقیر متاع دنیا ہے تمہیں اللہ نے دین کی وہ دولت عطا کی ہے جس کے آگے سب کچھ گرد ہے جو لوگ اپنے خیر خواہوں کو دشمن سمجھ رہے ہیں اور جب ان کی اخلاقی خرابیوں پر ان کو ٹوکا جاتا ہے تو وہ سن کر نہیں دیتے اور ہلاکت کے راستے پر چلے جارہے ہیں انکی طرف زیادہ جھکنے اور ان کے حال پر اپنا دل کڑھانے کی ضرورت نہیں ہے آپ ان کے لئے اپنے آپ کو فکر و غم میں مبتلا نہ کریں آپ کی شفقت اور ہمدردی کے مستحق وہ اہل ایمان ہیں جنھوں نے خلوص دل کے ساتھ اللہ کے دین کو قبول کیا ہے آپ ان کے ساتھ نرمی ملاطفت اور شفقت و محبت کا برتاؤ کرتے رہیں۔

(۸۹) آپ کا کام خبردار کرنا ہے | نہ ماننے والوں سے صاف صاف کہہ دیں کہ بھئی تم مانو یا نہ مانو میں تو صاف صاف خبردار کرنے کیلئے آیا ہوں میرا کام دل کا پھیر دینا نہیں ہے میرا کام باخبر کرنا ہے کہ حق و صداقت کو جھٹلانے کا انجام کیا ہوگا

(۹۰) دین کے ٹکڑے ٹکڑے کرنے والوں کو بھی ہم نے اسی طرح خبردار کیا تھا | یہود اور نصاریٰ جنھوں نے اللہ کی کتاب اور اس کے نازل کئے ہوئے دین کے ٹکڑے کر دیئے تھے کہ ایک ٹکڑے کو مان لیا اپنے مطلب کی بات کو تسلیم کر لیا اور دوسری بات جو اپنے مطلب کی نہیں ہے اسکو چھوڑ دیا اسطرح انہوں نے دین کو تقسیم کر دیا بعض باتوں کو مانا بعض باتوں کو نہ مانا دین میں تفرقہ پھیلایا پارٹی بندیاں کیں اور دین کا حلیہ بگاڑ کر رکھ دیا جیسا کہ ارشاد ہوا ہے کہ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ (سورۂ بقرہ آیت ۸۵) (کیا تم کتاب اللہ کی بعض باتوں پر ایمان لاتے ہو اور بعض باتوں کا انکار کرتے ہو)

toobaa-elibrary.blogspot.com

الَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِيْنَ ﴿۹۱﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ

اَلَّذِيْنَ	جَعَلُوْا	الْقُرْاٰنَ	عِضِيْنَ	فَوَرَبِّكَ	لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ
وہ لوگ جو	انہوں نے کر دیا	قرآن	ٹکڑے ٹکڑے	سو تیرے رب کی قسم	ہم ضرور پوچھیں گے ان سے

جن لوگوں نے قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا (کچھ کو مانا کچھ کو نہ مانا) سو تیرے رب کی قسم ہم ان سب سے ضرور

الربع

اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۲﴾ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

اَجْمَعِيْنَ	عَمَّا	كَانُوْا + يَعْمَلُوْنَ	
سب	اسکی بابت جو	وہ کرتے تھے	

پوچھیں گے اس کی بات جو وہ کرتے تھے۔

﴿۹۱﴾ اَلَّذِيْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ اَیْ كُتُبَهُمُ الْمُنْزَلَةَ عَلَيْهِمْ عِضِيْنَ ۝ اَجْزَاءً حَيْثُ اٰمَنُوْا بِبَعْضٍ وَكَفَرُوْا بِبَعْضٍ وَقِيْلَ الْمُرَادُ بِهِمُ الَّذِيْنَ اقْتَسَمُوْا طُرُقَ مَكَّةَ يَصُدُّوْنَ النَّاسَ عَنِ الْاِسْلَامِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ فِي الْقُرْاٰنِ سِحْرٌ وَبَعْضُهُمْ كَهَانَةٌ وَبَعْضُهُمْ شِعْرٌ

﴿۹۱﴾ جنھوں نے قرآن کو یعنی اپنی کتابوں کو جو ان پر اتاری گئیں ٹکڑے ٹکڑے کر لیا۔ اس طرح کہ بعض احکام پر ایمان لائے اور بعض کا انکار کیا۔ اور بعض مفسرین نے کہا کہ مراد مقتسمین سے وہ لوگ ہیں کہ جنھوں نے مکہ کے راستوں کو تقسیم کر لیا تھا کہ ہر ایک راہ پر بیٹھ کر لوگوں کو اسلام سے روکتے تھے۔ اور بعض نے کہا کہ مراد تقسیم سے یہ ہے کہ قرآن کو کوئی جادو کہتا تھا اور کوئی کہانت اور کوئی شعر۔

﴿۹۲﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ سَوَالَ تَوْبِيْخٍ

﴿۹۲﴾ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

﴿۹۲﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ الخ سو قسم ہے تیرے رب کی کہ ہم ان سے پوچھیں گے از راہِ سرزنش اور توبیخ کے۔

﴿۹۳﴾ ان امور سے جو وہ کرتے تھے۔

تشریح

﴿۹۱﴾ اہل قرآن کو تنبیہ | جس طرح یہود و نصاریٰ کو خبردار کیا گیا تھا کہ دیکھو دین کو تقسیم مت کرنا کہ کچھ باتوں کو مان لیا اور کچھ باتوں کو نہیں مانا اسی طرح ہم آج ان لوگوں کو تنبیہ کر رہے ہیں جنھوں نے قرآن کو ٹکڑے کر دیا ہے

﴿۹۲﴾ سوال ان سب سے ہوگا | پچھلی امتیں ہوں یا موجودہ جو بھی دین میں ردّوبدل کریگا اس سے سوال ضرور کیا جائے گا حساب و کتاب سے کوئی بچ نہیں پائیگا۔

﴿۹۳﴾ عمل کے بارے میں سوالات ہونگے | پوچھا جائے گا کہ دنیا میں رہتے ہوئے کیا کرتے رہے ہو کس کی عبادت کی تھی پیغمبروں کے ساتھ کیا سلوک کیا تھا غرض سارے اعمال کا محاسبہ ہوگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ ﴿٩٤﴾ إِنَّا كَفَيْنَاكَ

فَاصْدَعْ	بِمَا	تُؤْمَرُ	وَأَعْرِضْ	عَنِ	الْمُشْرِكِينَ	إِنَّا	كَفَيْنَاكَ
پس صاف صاف کہدیں	جس کا	تمہیں حکم دیا گیا	اور اعراض کریں	سے	مشرک (جمع)	بیشک ہم	کافی ہیں تمہارے لئے

پس جس بات کا تمہیں حکم دیا گیا ہے صاف صاف کہدیں اور مشرکوں سے اعراض کریں (منہ پھیر لیں) بیشک مذاق اڑانے والوں (کے خلاف) تمہارے

الْمُسْتَهْزِئِينَ ﴿٩٥﴾ الَّذِينَ يَجْعَلُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ﴿٩٦﴾

الْمُسْتَهْزِئِينَ	الَّذِينَ	يَجْعَلُونَ	مَعَ اللَّهِ	إِلَٰهًا	آخَرَ	فَسَوْفَ	يَعْلَمُونَ
مذاق اڑانے والے	جو لوگ	بناتے ہیں	اللہ کے ساتھ	معبود	کوئی دوسرا	پس عنقریب	وہ جان لیں گے

لئے ہم کافی ہیں۔ جو لوگ اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود بناتے ہیں پس وہ عنقریب جان لیں گے۔

﴿٩٤﴾ فَاصْدَعْ يَا مُحَمَّدُ بِمَا تُؤْمَرُ أَيْ اجْهَرْ بِهِ وَامْضِهْ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ ○ هٰذَا قَبْلَ الْأَمْرِ بِالْجِهَادِ

﴿٩٤﴾ سو ظاہر کر دو اور کھول کر کہہ دو اے محمدؐ جو تم کو حکم ہوا ہے اور مشرکوں سے منہ پھیر دو (یہ حکم جہاد سے پہلا ہے)

﴿٩٥﴾ إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ ○ بِكَ بِأَنْ أَهْلَكْنَا كُلًّا مِنْهُمْ بِآفَةٍ وَهُمُ الْوَلِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ وَالْعَاصُ بْنُ وَائِلٍ وَعَدِيُّ بْنُ قَيْسٍ وَالْأَسْوَدُ بْنُ الْمُطَّلِبِ وَالْأَسْوَدُ بْنُ عَبْدِ يَغُوثَ

﴿٩٥﴾ ہم کافی ہوئے تمہاری طرف سے ان کافروں کے لئے جو تمہارے ساتھ تمہاری استہزار کرتے ہیں اس طرح کہ ہم نے انہیں سے ہر ایک کو ہلاک کیا اور وہ استہزار کرنے والے یہ لوگ تھے ولید بن مغیرہ اور عاص بن وائل اور عدی بن قیس اور اسود بن عبد المطلب اور اسود بن عبد یغوث۔

﴿٩٦﴾ الَّذِينَ يَجْعَلُونَ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ صِفَةٌ وَقِيلَ مُبْتَدَأٌ وَلِتَضَمُّنِهِ مَعْنَى الشَّرْطِ دَخَلَتِ الْفَاءُ فِي خَبَرِهِ وَهُوَ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ○ عَاقِبَةَ أَمْرِهِمْ

﴿٩٦﴾ یہ وہ ہیں کہ جنہوں نے اللہ کے ساتھ دوسرا معبود بنایا سو عنقریب وہ جان لیں گے اپنے کام کے انجام کو (بعض مفسرین نے فرمایا الَّذِينَ يَجْعَلُونَ الخ مبتدا ہے اور خبر اس کی فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ ہے چونکہ مبتدا میں معنی شرط ہیں اس لئے خبر میں فا لائی گئی۔

تشریح

﴿٩٤﴾ آپ اللہ کا پیغام پہنچاتے رہیں | اے نبیؐ آپ ان مخالفین کی ذرا بھی پروا نہ کریں یہ آپ کا کچھ بگاڑ نہ سکیں گے آپ اپنی ذمہ داری کو پورے طور پر ادا کرتے رہیں اور اللہ کا پیغام کھول کھول کر لوگوں کو سناتے رہیں آپ اس میں ذرا کوتاہی نہ کریں اور نتیجہ اللہ پر چھوڑ دیں۔

﴿٩٥﴾ مذاق اڑانے والوں کی خبر لینے کیلئے ہم کافی ہیں | جو لوگ آپ کا مذاق اڑا رہے ہیں آپ کے ساتھ ٹھٹھا کرتے ہیں ہم ان سے دنیا میں بھی نمٹ لینگے اور آخرت میں بھی ان کو سزا ملے گی آپ بے خوف و خطر دین کی تبلیغ کرتے رہیں۔

﴿٩٦﴾ اللہ کے ساتھ شرک کرنے والے جلد ہی دیکھ لیں گے | جو لوگ اللہ کے ساتھ دوسروں کو شریک کرتے ہیں اور ان کو بھی اپنا معبود بنا رکھا ہے وہ جلد ہی اپنا انجام دیکھ لیں گے اور انہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ انکی ان حرکتوں کا کیا نتیجہ ہوتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

وَلَقَدْ + نَعْلَمُ	اَنَّكَ	يَضِيْقُ	صَدْرُكَ	بِمَا	يَقُوْلُوْنَ	فَسَبِّحْ	بِحَمْدِ	رَبِّكَ
اور البتہ ہم جانتے ہیں	بیشک تم	تنگ ہوتا ہے	تمہارا سینہ (دل)	اس سے	جو وہ کہتے ہیں	تو تسبیح کریں	تعریف کیساتھ	اپنا رب

اور البتہ ہم جانتے ہیں کہ وہ جو کہتے ہیں اس سے تمہارا دل تنگ ہوتا ہے | تو تسبیح کریں (پاکیزگی بیان کریں) اپنے رب کی حمد کیساتھ

ع ۶ ۲۰ ۶ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾

وَكُنْ	مِّنَ	السّٰجِدِيْنَ	وَاعْبُدْ	رَبَّكَ	حَتّٰى	يَاْتِيَكَ	الْيَقِيْنُ
اور ہو	سے	سجدہ کرنے والے	اور عبادت کریں	اپنا رب	یہانتک کہ	آئے تمہارے پاس	یقینی بات

اور سجدہ کرنے والوں میں سے ہوں۔ اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہیں یہانتک کہ تمہارے پاس یقینی بات (موت) آجائے

﴿۹۷﴾ وَلَقَدْ لِلتَّحْقِيْقِ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ○ مِنَ الْاِسْتِهْزَاءِ وَالتَّكْذِيْبِ

﴿۹۷﴾ اور البتہ بالیقین ہم جانتے ہیں کہ تمہارا سینہ تنگ ہوتا ہے اس سے کہ جو وہ تمکو کہتے ہیں یعنی جھٹلاتے ہیں اور استہزار کرتے ہیں۔

﴿۹۸﴾ فَسَبِّحْ مُتَلَبِّسًا بِحَمْدِ رَبِّكَ اَیْ قُلْ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ○ الْمُصَلِّيْنَ

﴿۹۸﴾ پس پاکی بیان کرو اللہ کی ساتھ حمد رب اپنے کے یعنی یہ کہو سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ اللہ پاک ہے اور وہی حمد کے لائق ہے اور ہو تم نماز پڑھنے والوں میں سے۔

﴿۹۹﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ○ اَلْمَوْتُ۔

﴿۹۹﴾ اور اپنے رب کی عبادت کرو یہاں تک کہ تم کو موت آوے۔

تشریح

﴿۹۷﴾ ہم جانتے ہیں کہ آپ کے دل کو ان کی حرکتوں سے تکلیف ہوتی ہے — ہمیں معلوم ہے کہ جب یہ لوگ آپ پر باتیں بناتے ہیں ہٹ دھرمی اختیار کرتے ہیں اور آپ کی بات سنکر نہیں دیتے تو اس سے آپ کے دل کو سخت کوفت ہوتی ہے۔

﴿۹۸﴾ آپ کی پریشانی کا علاج اللہ کا ذکر ہے — آپ کی اس پریشانی کا علاج یہ ہے کہ ان کی طرف سے توجہ ہٹا کر آپ ہمہ تن اللہ کی تسبیح اور اس کی حمد میں مشغول رہیں اللہ کا ذکر "نماز" اللہ کے سامنے سجدہ کرنا یہ وہ چیزیں ہیں جن کے اثر سے دل مطمئن رہتا ہے اور فکر و غم دور ہوتے ہیں۔

﴿۹۹﴾ آپ اخیر تک بندگیٔ رب میں لگے رہیں — ان لوگوں کی حرکتوں اور بدتمیزیوں کا علاج یہ ہے کہ آپ آخری گھڑی تک جس کا آنا یقینی ہے اپنے رب کی بندگی میں لگے رہیں اللہ کی بندگی آپ کی تسلی کا باعث ہوگی آپ میں صبر اور استقامت پیدا کریگی اور یہ حوصلہ دیگی کہ آپ ساری مخالفتوں اور مزاحمتوں کے باوجود اس خدمت کو انجام دینے میں لگے رہیں جس میں آپ کے رب کی رضا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱۶)

اَلنَّحل

ترتیب تلاوت ۱۶	ترتیب نزول ۷۰
مکّی / مدنی مکّی	تعداد رکوعات ۱۶
تعداد آیات ۱۲۸	تعداد الفاظ ۱۸۷۱
تعداد حروف ۷۹۷۴	

- نحل کے معنیٰ "شہد کی مکھی" کے ہیں۔ یہ نام بطور علامت اس سورت کی آیت ۶۸ سے لیا گیا ہے :۔ وَاَوْحٰی رَبُّكَ اِلَی النَّحْلِ (اور تمہارے رب نے شہد کی مکھی پر یہ بات وحی کر دی)
- سورت کے مضامین سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ سورت مکی زندگی کے آخری دنوں میں نازل ہوئی ہے۔
- اس سورت کا موضوع اور مرکزی مضمون توحید کا اثبات اور پیغمبر کی دعوت کو نہ ماننے کے نتائج اور حق کی مخالفت پر تنبیہ کرنا ہے۔
- گذشتہ سورت "سورۃ الحجر" کا آخری حصہ نبی ﷺ کی تسلی پر ختم ہوا تھا اور فرمایا گیا تھا کہ آپ ان کی باتوں سے دل برداشتہ نہ ہوں، ان سے نمٹنے کے لئے اللہ کافی ہے۔ سورۂ نحل کے آغاز میں ہی بغیر کسی تمہید کے سخت تنبیہ کے انداز میں ارشاد ہوا ہے کہ، جس عذاب کی تم بار بار دُہائی دیتے ہو وہ عذاب تو بس

toobaa-elibrary.blogspot.com

آ ہی پہنچا ہے اور تمہارے سروں کے اوپر کھڑا ہوا ہے۔ اب تو تمہیں جو تھوڑی سی مہلت ہے اس سے فائدہ اٹھا کر اپنا رویہ بدلنا چاہیئے اور حق کے سامنے سر جھکا دینا چاہیئے۔

- اس سورت میں توحید کے ثبوت کے لئے انفس و آفاق کی شہادتوں کے ذریعے سمجھایا گیا ہے کہ توحید ایک برحق عقیدہ اور زندگی کی بنیاد ہے۔
- منکرین کے ایک ایک اعتراض کا بھرپور جواب دیا گیا ہے۔
- خبردار کیا گیا ہے کہ باطل پر اصرار کرنا اور حق کے مقابلے پر اڑنا اس کے بڑے بُرے نتیجے سامنے آتے ہیں
- یہ بتایا گیا ہے کہ اللہ کا دین کس طرح کی اخلاقی زندگی کی تعمیر کرنا چاہتا ہے اس کے تقاضے کیا ہیں اور اس کے فائدے دنیا اور آخرت میں کس طرح ظاہر ہوں گے۔
- آخیر میں نبی م اور آپ کے ساتھیوں کو حوصلہ دلایا گیا ہے کہ وہ ذرا بھی دل شکستہ نہ ہوں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

رکوعاتها ۱۶	سورة النحل مکیة	ایاتها ۱۲۸
	بسم اللہ الرحمن الرحیم	
	اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے	

اَتٰۤی اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰی

اَتٰی	اَمْرُ	اللّٰهِ	فَلَا	تَسْتَعْجِلُوْهُ	سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰی
آپہنچا	حکم	اللہ	سو نہ	جلدی کرو اس کی	وہ پاک	اور برتر

آپہنچا اللہ کا حکم سو اس کی جلد نہ کرو وہ پاک ہے اور اس سے برتر

عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ﴿۱﴾ یُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ

عَمَّا	یُشْرِكُوْنَ	یُنَزِّلُ	الْمَلٰٓئِكَةَ	بِالرُّوْحِ
اس سے جو	وہ شریک بناتے ہیں	وہ نازل کرتا ہے	فرشتے	وحی کے ساتھ نازل

جو وہ (اللہ کا) شریک بناتے ہیں، وہ فرشتے اپنے حکم سے وحی کے ساتھ

مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰی مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اَنْ اَنْذِرُوْۤا

مِنْ	اَمْرِهٖ	عَلٰی	مَنْ	یَّشَآءُ	مِنْ	عِبَادِهٖۤ	اَنْ	اَنْذِرُوْۤا
سے	اپنے حکم	پر	جسے	چاہتا ہے	سے	اپنے بندے	کہ	تم ڈراؤ

کرتا ہے اپنے بندوں میں سے جس پر وہ چاہتا ہے کہ تم ڈراؤ کہ

اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ﴿۲﴾

اَنَّهٗ	لَاۤ	اِلٰهَ	اِلَّاۤ	اَنَا	فَاتَّقُوْنِ
کہ وہ	نہیں	کوئی معبود	سوائے	میرے	پس مجھ سے ڈرو

میرے سوا کوئی معبود نہیں پس مجھ ہی سے ڈرو۔

سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ اِلَّا وَاِنْ عَاقَبْتُمْ اِلٰۤى اٰخِرِهَا مِائَةٌ وَّثَمَانٌ وَّعِشْرُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

﴿۱﴾ لَمَّا اسْتَبْطَاَ الْمُشْرِكُوْنَ الْعَذَابَ نَزَلَ اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ اَیِ السَّاعَةُ وَاُتِیَ بِصِیْغَةِ الْمَاضِیْ لِتَحَقُّقِ وُقُوْعِهٖ

سورۃ النحل مکی ہے مگر وَاِنْ عَاقَبْتُمْ الخ آخر آیت تک
ایک سو اٹھائیس آیتیں ہیں
بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿۱﴾ اَتٰۤی اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ الخ مشرکین جبکہ عذاب الٰہی میں دیر سمجھے، یہ آیت نازل ہوئی کہ جلدی نہ کرو قیامت نزدیک ہے۔ "آگئی" قیامت کے آنے کو بصیغۂ ماضی تعبیر کیا اس لئے کہ ان کا آنا ضرور ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَيْ قُرْبَ فَلَا تَسْتَعْجِلُوهُ تَطْلُبُوهُ قَبْلَ حِينِهِ فَإِنَّهُ وَاقِعٌ لَا مُحَالَةَ سُبْحَانَهُ تَنْزِيهًا لَهُ وَتَعَالَى عَمَّا يُشْرِكُونَ ○ بِهِ غَيْرَهُ

پس اس کے وقت سے پہلے اس کو طلب نہ کرو کہ بیشک وہ ضرور آنے والی ہے۔ اللہ پاک ہے اور بلند ہے غیروں کو اس کے ساتھ شریک بنانے سے۔

② يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ أَيْ جِبْرِيلَ بِالرُّوحِ بِالْوَحْيِ مِنْ أَمْرِهِ بِإِرَادَتِهِ عَلٰى مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَهُمُ الْأَنْبِيَاءُ أَنْ مُفَسِّرَةٌ أَنْذِرُوا خَوِّفُوا الْكَافِرِينَ بِالْعَذَابِ وَاعْلَمُوهُمْ أَنَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنَا فَاتَّقُونِ ○ خَافُونِ

② اللہ فرشتوں کو اتارتا ہے یعنی جبرئیل کو وحی دیکر بھیجتا ہے اپنے ارادہ سے جس پر چاہے اپنے بندوں میں سے۔ مراد ان بندوں سے پیغمبر ہیں

اللہ تعالیٰ یہ وحی بھیجتا ہے کہ مشرکین کو عذاب سے ڈراؤ اور ان کو بتلاؤ کہ بیشک میں اکیلا معبود ہوں کوئی میرے سوا معبود نہیں۔ سو مجھ سے ڈرو۔

تشریح

① **فیصلے کی گھڑی آپہنچی** اب جلدی مچانے کی ضرورت نہیں ہے کہ اللہ کا فیصلہ کیوں نہیں آتا جس کا ڈراوا دیا جاتا ہے اور بار بار کہا جاتا ہے کہ حق کے انکار کا نتیجہ یہ ہوگا اور وہ ہوگا اگر واقعی یہی دین برحق ہے جس کو حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پیش کر رہے ہیں تو پھر اس کے انکار کے نتیجے میں جو آفت آنی ہے وہ آ کیوں نہیں جاتی۔ فرمایا کہ اللہ کے فیصلے میں تاخیر کی وجہ یہ نہیں ہے کہ یہ دین برحق نہیں ہے اور اللہ کے ساتھ کوئی اور شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ شرک سے بہت بلند اور ہر طرح کی کمزوری سے پاک ہیں۔ تاخیر کی وجہ اللہ کی مصلحت ہے کہ وہ بندوں کو موقع دینا چاہتا ہے مگر اب اس فیصلے کا وقت آچکا ہے ہجرت مدینہ کے نتیجہ میں فتح مندی اور اہل حق کا غالب اور منصور ہونا اور اہل باطل کا ذلیل و خوار ہونا اس کے فیصلے کا وقت آچکا ہے۔ جب حق کا انکار آخری حدوں کو پہنچ جاتا ہے تبھی اللہ تعالیٰ آخری فیصلہ فرماتے ہیں۔ ہجرت کے نتیجے میں اسلام کی فتحمندی اور اس کا غلبہ آٹھ دس سال کے اندر اندر ہی سامنے آ گیا اور باطل کو اس طرح جڑ سے اکھاڑ کر پھینک دیا گیا کہ عرب کی سرزمین میں اس کو کہیں پناہ کا موقعہ نہ مل سکا۔ رہا آخری فیصلہ قیامت کا وہ بھی کچھ دور نہیں ہے۔

② **اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں اپنا رسول مقرر کرتے ہیں اور اس پر اپنی وحی نازل کرتے ہیں۔** اپنا نبی یا رسول مقرر کرنا اللہ تعالیٰ کی اپنی حکمت اور فیصلے کے مطابق ہوتا ہے وہ اپنے بندوں میں سے جس کو چاہتا ہے اپنا رسول منتخب کر لیتا ہے اور اس پر اپنی وحی اور اپنا کلام اپنے حکم سے ملائکہ کے ذریعے نازل کرتا ہے اور اس وحی کے ذریعہ وہ پیغمبروں کو ہدایت دیتا ہے کہ تم لوگوں کو آگاہ کر دو کہ میرے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے لہذا اسی کا حق ہے کہ اس کی ناراضگی سے ڈرا جائے اور اس کی نافرمانی سے بچا جائے۔

انسان کی زندگی میں اللہ کے دین کا وہی مقام ہے جو جسم میں روح کا ہوتا ہے جسطرح بدن بغیر روح کے بیکار ہے اسی طرح انسان کی زندگی بھی بغیر اللہ کی ہدایت کے جسدِ بے روح کی طرح ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ﴿۳﴾ خَلَقَ

خَلَقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	بِالْحَقِّ	تَعٰلٰی	عَمَّا	یُشْرِکُوْنَ	خَلَقَ
اسنے پیدا کئے	آسمان (جمع)	اور زمین	حق (حکمت) کیساتھ	برتر	اس سے جو	وہ شریک کرتے ہیں	پیدا کیا اسنے

اس نے پیدا کئے آسمان اور زمین حکمت کے ساتھ وہ اس سے برتر ہے جو وہ شریک کرتے ہیں۔ اس نے انسان کو

الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ ﴿۴﴾

الْاِنْسَانَ	مِنْ	نُّطْفَةٍ	فَاِذَا	هُوَ	خَصِیْمٌ	مُّبِیْنٌ
انسان	سے	نطفہ	پھر ناگہاں	وہ	جھگڑالو	کھلا

پیدا کیا نطفے سے پھر وہ کھلا جھگڑالو ہوگیا۔

﴿۳﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ اَیْ مُحِقًّا تَعَالٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ○ بِهٖ مِنَ الْاَصْنَامِ

﴿۳﴾ اللہ نے پیدا کیا آسمانوں کو اور زمینوں کو ساتھ حق کے بلند ہے وہ اس سے کہ بتوں کو اس کا شریک ٹھیراتے ہیں۔

﴿۴﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ مَنِیٍّ اِلٰی اَنْ صَیَّرَهٗ قَوِیًّا شَدِیْدًا فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ شَدِیْدُ الْخُصُوْمَةِ مُّبِیْنٌ ○ بَیِّنَهَا فِیْ نَفْیِ الْبَعْثِ قَائِلًا مَنْ یُّحْیِ الْعِظَامَ وَهِیَ رَمِیْمٌ ۔

﴿۴﴾ اللہ نے آدمی کو مٹی سے بنایا یہاں تک کہ اسکو قوت والا مضبوط کر دیا پس ناگاہ وہ بہت جھگڑا کرتا ہے کھلم کھلا قیامت کے انکار میں (چنانچہ کہتا ہے کہ پرانی ہڈیوں کو کون زندہ کر سکتا ہے۔)

تشریح

﴿۳﴾ **زمین و آسمان کا نظام اللہ کی گواہی دے رہا ہے** | اللہ کے مقرر کئے ہوئے پیغمبر جس معبود کیطرف لوگوں کو دعوت دیتے ہیں وہ معبود برحق ہے زمین و آسمان کا پورا کارخانہ اسکی گواہی دے رہا ہے کہ اسکو بنانے اور چلانے والا اعلیٰ درجے کا حکیم و مدبر ہے پورے کارخانے میں ایک ایک چیز کی بناوٹ پر غور کرو گے تو وہ اپنے بنانیوالے کی کاریگری کی مجسم شہادت نظر آئیگی پھر جسطرح صحیح صحیح پوری کائنات کا نظام چل رہا ہے وہ بتا رہا ہے کہ اسکے چلانے میں ایک ذات واحد کے علاوہ کسی دوسرے کی کوئی شرکت نہیں ہے لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا (سورۂ انبیاء آیت ۲۲)۔ (اگر آسمان اور زمین میں ایک اللہ کے سوا دوسرے خدا بھی ہوتے تو زمین و آسمان دونوں کا نظام بگڑ جاتا) ایک معمولی گھر کا نظام بھی چند دن چلنا مشکل ہے اگر اس کے دو صاحب خانہ ہوں۔ کائنات کا نظم خود ناظم کی وحدت کا گواہ ہے۔

﴿۴﴾ **ذرا انسان اپنی تخلیق پر تو غور کرے** | انسان اگر اپنی تخلیق پر غور کرے تو اللہ تعالیٰ کی کاریگری کا عجیب و غریب رُخ سامنے آئیگا۔ انسان کی اصلیت کیا ہے نطفے کی حقیر سی بوند سے اسکو پیدا کیا جس میں نہ احساس تھا نہ حرکت تھی نہ شعور اور ارادہ تھا نہ وہ بات کرنے کے قابل تھا نہ وہ بحث کر کے اپنی بات منوانے کے قابل تھا۔ اللہ نے اس قطرۂ ناچیز کو کیا سے کیا بنا دیا کیسی اچھی صورت عطا کی کیسی صلاحیتیں اور کمالات دئے کیسی اس کو زبان دی جو بولنے کے قابل نہ تھا وہ حجت بازیاں کرنے لگا عقلی گھوڑے دوڑانے لگا یہاں تک کہ خالق کے مقابلے میں بھی کھڑا ہوگیا یہ بھی یاد نہ رکھا کہ اسکی اصل کیا تھی کس راستے سے ہو کر دنیا میں آیا کن مرحلوں سے گزرتا ہوا شباب کو پہنچا اگر وہ غور کریگا تو اس کو خود اپنی تخلیق میں خالق کی نشانیاں نظر آئیں گی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝۵ وَلَكُمْ

وَالْاَنْعَامَ	خَلَقَهَا	لَكُمْ	فِيْهَا	دِفْءٌ	وَّمَنَافِعُ	وَمِنْهَا	تَاْكُلُوْنَ	وَلَكُمْ
اور چوپائے	اس نے انکو پیدا کیا	تمہارے لئے	انمیں	گرم سامان	اور فائدے (جمع)	اور انمیں سے	تم کھاتے ہو	اور تمہارے لئے

اور اس نے جو پائے پیدا کئے تمہارے لئے: ان میں گرم سامان (جڑاؤں) اور فائدے ہیں اور انمیں سے (بعض کو) تم کھاتے ہو اور

فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ۝۶

فِيْهَا	جَمَالٌ	حِيْنَ	تُرِيْحُوْنَ	وَحِيْنَ	تَسْرَحُوْنَ
ان میں	خوبصورتی شان	جسوقت	شام کو چراکر لاتے ہو	اور جس وقت	صبح کو چرانے جاتے ہو

تمہارے لئے انمیں خوبصورتی اور شان ہے جسوقت شام کو چراکر لاتے ہو، اور جس وقت صبح کو چرانے جاتے ہو۔

۵ وَالْاَنْعَامَ الْاِبِلَ وَالْبَقَرَ وَالْغَنَمَ وَ نَصَبُهٗ بِفِعْلٍ يُفَسِّرُهٗ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيْ جُمْلَةِ النَّاسِ فِيْهَا دِفْءٌ مَا تَسْتَدْفِئُوْنَ بِهٖ مِنَ الْاَكْسِيَةِ وَالْاَرْدِيَةِ مِنْ اَشْعَارِهَا وَاَصْوَافِهَا وَّمَنَافِعُ مِنَ النَّسْلِ وَالدَّرِّ وَالرُّكُوْبِ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ○ قُدِّمَ الظَّرْفُ لِلْفَاصِلَةِ.

۵ اور اللہ نے اونٹ اور گائے اور بکری کو پیدا کیا تمہارے اور تمام آدمیوں کے واسطے۔ ان کے بالوں اور اُون سے لباس اور چادریں بنتی ہیں جس سے تم گرمی حاصل کرو اور آرام اٹھاؤ اور تم کو ان جانوروں سے یہ نفع ہے کہ ان سے اولاد ہو جس سے ان کی نسل جاری ہو اور ان کا دودھ پیو اور ان پر سواری کرو اور یہ کہ ان کا گوشت کھاتے ہو (منہا کو مقدم کیا رعایت فاصلہ سے نہ بسبب تخصیص کے۔

۶ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ زِيْنَةٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ تَرُدُّوْنَهَا اِلٰى مَرَاحِهَا بِالْعَشِيِّ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ○ تُخْرِجُوْنَهَا اِلَى الْمَرْعٰى بِالْغَدَاةِ

۶ اور تمہارے لئے ان جانوروں میں زینت اور زیبائش ہے جبکہ تم ان کو شام کے وقت ان کے آرام گاہ میں لاتے ہو اور جبکہ صبح کو چراگاہ کی طرف نکالتے ہو۔

تشریح

۵ مختلف جانوروں کے فائدے | اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزوں میں جہاں خود انسان اشرف المخلوقات اللہ کی قدرت اس کی حکمت و کاریگری کا شاہکار ہے اسکے ساتھ وہ مختلف چیزیں جن کو انسان استعمال کرتا ہے انکی بناوٹ میں بھی اللہ کی نشانیاں ہیں مثلاً کچھ جانور ایسے ہیں جن کا گوشت بطور غذا استعمال کیا جاتا ہے اور انکی کھال سے پوشاک کا کام لیا جاتا ہے جو سردی سے بچنے کے کام میں آتا ہے کسی کے بال یا اون سے کمبل بنتے ہیں ڈیرے اور خیمے بنائے جاتے ہیں کسی کو ہل میں جوتا جاتا ہے، کسی جانور کا دودھ پیا جاتا ہے اور اس کے دودھ سے گھی مکھن تیار ہوتا ہے۔ غرض کتنے ہی فائدے اور منافع ان جانوروں سے حاصل ہوتے ہیں۔

۶ جانوروں کے چرنے کیلئے جانے آنے میں بھی ایک خاص رونق ہوتی ہے۔ | جانوروں سے جہاں بہت سے مختلف فائدے حاصل ہوتے ہیں انکے جنگل چرنے کے لئے جانے اور شام کو واپس آنے کا ایک خاص منظر ہوتا ہے جس میں رونق ہے جمال ہے اور چہل پہل ہے، اور زمینداروں کی خوشحالی کا اظہار بھی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ

وَتَحْمِلُ	اَثْقَالَكُمْ	اِلٰى	بَلَدٍ	لَّمْ تَكُوْنُوْا	بٰلِغِيْهِ
اور وہ اٹھاتے ہیں	تمہارے بوجھ	حرف	شہر (جمع)	نہ تھے تم	ان تک پہونچنے والے

اور وہ تمہارے بوجھ ان شہروں تک اٹھالے جاتے ہیں جہاں جانیں ہلکان کئے بغیر تم

اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ

اِلَّا	بِشِقِّ	الْاَنْفُسِ	اِنَّ	رَبَّكُمْ	لَرَءُوْفٌ
بغیر	ہلکان کرکے	جانیں	بیشک	تمہارا رب	البتہ مہربان

پہونچنے والے نہ تھے۔ بیشک تمہارا رب مہربان نہایت رحم

رَّحِيْمٌ ۝۷ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا

رَّحِيْمٌ	وَالْخَيْلَ	وَالْبِغَالَ	وَالْحَمِيْرَ	لِتَرْكَبُوْهَا
رحم کرنے والا	اور گھوڑے	اور خچر	اور گدھے	تاکہ تم ان پر سوار ہو

والا ہے۔ اور گھوڑے اور خچر اور گدھے تاکہ تم ان پر سوار ہو اور

وَزِيْنَةً ؕ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۸

وَزِيْنَةً	وَيَخْلُقُ	مَا	لَا تَعْلَمُوْنَ
اور زینت	اور وہ پیدا کرتا ہے	جو	تم نہیں جانتے

زینت کیلئے (پیدا کئے) اور وہ پیدا کرتا ہے جو تم نہیں جانتے۔

۷ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ بِكُمْ

۷ اور وہ تمہارے بوجھ اٹھاتے ہیں اس شہر تک کہ تم وہاں تک بدون اونٹ کے نہیں پہنچ سکتے مگر دشواری سے۔ بیشک تمہارا رب تم پر مہربان ہے کہ تمہارے لئے جانور پیدا کردیئے۔

۸ وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ؕ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

۸ اور اللہ نے پیدا کئے گھوڑے اور خچریں اور گدھے تاکہ تم ان پر

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَالْخَيْلَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ۭ مَفْعُوْلٌ لَّهٗ وَالتَّعْلِيْلُ بِهِمَا لِتَعْرِيْفِ النِّعَمِ لَا يُنَافِيْ خَلْقَهَا لِغَيْرِ ذٰلِكَ كَالْاَكْلِ فِي الْخَيْلِ الثَّابِتِ بِحَدِيْثِ الصَّحِيْحَيْنِ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ○ مِنَ الْاَشْيَاءِ الْعَجِيْبَةِ الْغَرِيْبَةِ

سوار ہو اور وہ تمہارے لئے زیبائش ہیں (گھوڑے کے پیدا کرنے کا سبب سواری اور ان سے زینت حاصل ہونا بیان کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ اس کے سوا اور کوئی نفع اس سے نہ ہو کیونکہ گھوڑے کا کھانا حدیث بخاری اور مسلم سے ثابت ہے

اور اللہ پیدا کرتا ہے وہ عجیب وغریب چیزیں کہ تم نہیں جانتے۔

تشریح

⑦ **جانوروں سے باربرداری کا فائدہ بھی ہوتا ہے** اللہ تعالیٰ نے جانور انسان کے فائدے کے لئے پیدا کئے ہیں ان میں بہت سے جانور باربرداری کے کام آتے ہیں اور ایسی ایسی جگہ پر بوجھ ڈھو کر لے جاتے ہیں جہاں کسی اور طریقے سے سامان پہنچانا ممکن نہیں ہوتا مثلاً اونچے اونچے پہاڑوں پر گھوڑوں اور خچروں کے ذریعے سامان پہنچایا جاتا ہے بڑی بڑی وزنی چیزیں ہاتھی اپنی پیٹھ پر لاد کر دریاؤں کو پار کر جاتے ہیں۔ اگر جانور نہ ہوتے تو ان سامانوں کا پہنچانا انسان کے لئے بہت مشکل ہوتا۔ یہ بھی اللہ کی شفقت اور مہربانی ہے کہ اس نے ان جانوروں کو ہماری خدمت پر مامور کر دیا۔

⑧ **بہت سے جانور سواری کے کام آتے ہیں** بوجھ ڈھونے کے علاوہ کتنے جانور وہ بھی ہیں جو سواری کے کام آتے ہیں اور ان سے عزت اور شان معلوم ہوتی جیسے گھوڑے اور خچر اور گدھے اور اس کے علاوہ بھی بہت ساری چیزیں ہیں جو اللہ تعالیٰ نے انسان کے فائدے کے لئے پیدا کی ہیں اور انسان کی بھلائی کے لئے کام کر رہی ہیں جن کا انسان کو پتہ بھی نہیں ہے کہ وہ کیا کیا خدمت انجام دے رہی ہیں اور آگے کتنی چیزیں ایجاد ہوں گی جن کو انسان اللہ کی دی ہوئی صلاحیتوں سے کام لیکر تیار کریگا آج وہ جنکے بارے میں جانتا تک نہیں ہے۔ چنانچہ انسان کی تخلیقی صلاحیت سمندروں اور فضاؤں کو مسخر کرتی ہوئی آگے بڑھتی چلی جا رہی ہے۔ آواز سے تیز ہوائی جہاز سمندروں میں تیرتے ہوئے محلات وغیرہ وغیرہ۔

ہر جاندار کی بناوٹ اور فطری صلاحیتوں سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اسکے پیدا کرنے کا مقصد کیا ہے۔ جانور کی جسمانی بناوٹ بتا دیتی ہے کہ ان سے انسان کیا کام لے سکتا ہے مثلاً بکری یا بھیڑ کی جسمانی ساخت بتا رہی ہے کہ یہ جانور باربرداری کے کام کا نہیں ہے اور گھوڑے کی جسمانی ساخت ظاہر کرتی ہے کہ یہ جانور سواری یا باربرداری کے لئے ہے۔ اسی طرح مختلف قسم کے پھل اور سبزیاں اپنے فائدوں کی بدولت وضاحت کر دیتی ہیں کہ انہیں کیوں اور کیسے استعمال کرنا چاہیئے۔ جب دیگر حیوانات اور نباتات کی ظاہری ساخت اور طبعی خصوصیات سے انکی تخلیق کے مقصد کی نقاب کشائی ہوتی ہے تو انسان کی صلاحیتوں کو بھی دیکھ کر اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اسکو پروردگار عالم نے کس مقصد کیلئے پیدا کیا ہے۔ انسان کی عقل و فراست بزم گیتی میں اسکے تصرف کی قوت اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہیں کہ انسان کو اس لئے وجود عطا کیا گیا ہے کہ وہ احکام خداوندی کی روشنی میں روئے زمین کو اپنی بے پناہ صلاحیتوں سے معمور کر دے۔

چونکہ انسان اشرف المخلوقات اور زمین پر خدا کا نائب بنا کر بھیجا گیا ہے اس لئے اس کا مقصد زندگی اللہ کی ہدایات کی پیروی اور بجا آوری ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ؕ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹﴾ ع ۱ ع ۹ ۷

وَعَلَى + اللّٰهِ	قَصْدُ	السَّبِيْلِ	وَمِنْهَا	جَآئِرٌ	وَلَوْ + شَآءَ	لَهَدٰىكُمْ	اَجْمَعِيْنَ
اور اللہ پر	سیدھی	راہ	اور اس سے	ٹیڑھی	اور اگر وہ چاہے	تو وہ تمہیں ہدایت دیتا	سب

اور سیدھی راہ اللہ تک پہونچتی ہے اور ان میں سے کوئی راہ ٹیڑھی ہے اور اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت دے دیتا

﴿۹﴾ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ اَیْ بَیَانُ الطَّرِیْقِ الْمُسْتَقِیْمِ وَمِنْهَا اَیِ السَّبِیْلِ جَآئِرٌ ؕ حَائِدٌ عَنِ الْاِسْتِقَامَةِ وَلَوْ شَآءَ هِدَایَتَكُمْ لَهَدٰىكُمْ اِلٰى قَصْدِ السَّبِیْلِ اَجْمَعِیْنَ ○ فَتَهْتَدُوْنَ اِلَیْهِ بِاخْتِیَارٍ مِّنْكُمْ

﴿۹﴾ اور اللہ بیان کرتا ہے سیدھا راستہ اور بعض راستے ٹیڑھے ہیں مستقیم نہیں۔ اور اگر اللہ تم کو راہ دکھلانا چاہتا تو سیدھی راہ کی طرف پہنچاتا جس کے سبب تم سب اپنے اختیار سے سیدھی راہ پر پہنچ جاتے۔

تشریح

﴿۹﴾ مادی زندگی کے لئے انتظامات کے ساتھ اللہ نے انسان کی ہدایت کا بھی انتظام فرمایا ہے

جس طرح اللہ تعالیٰ نے انسان کی دنیوی زندگی کی بقا اور راحت و آسائش کے لئے انتظامات فرمائے ہیں جو اللہ تعالیٰ کی ربوبیت کی دلیل ہے کہ وہ نہ صرف یہ کہ پیدا کرنے والا ہے بلکہ پالن ہار بھی ہے اسی طرح اس نے انسان کی ہدایت کا انتظام بھی کیا ہے۔ ہدایت کا ایک طریقہ تو یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ انسان کو ایسا بناتے کہ وہ سوائے نیکی کے کسی دوسرے راستے پر چل ہی نہ سکتا جیسے اسکی مخلوق فرشتے ہیں کہ ان سے صرف نیکیوں کا صدور ہوتا ہے برائیوں کا تصور بھی ان کے پاس نہیں آتا مگر اللہ تعالیٰ کی حکمت کا تقاضہ یہ تھا کہ وہ ایسی ایک مخلوق پیدا کرے جو اپنے علم شعور ارادے اور خواہش سے سیدھا راستہ اختیار کرے اللہ تعالیٰ نے اسکو سیدھا راستہ بتانے کے لئے اندرونی اور بیرونی ہر طرح کے انتظامات کئے ہیں نبیوں اور رسولوں کو مقرر کیا کتابیں نازل کیں کہ وہ بہت سے ٹیڑھے راستوں میں سے اپنے علم سے کام لیکر صحیح راستے کا انتخاب کرے اب یہ کیسے ممکن ہے کہ انسان کی ضروریات پوری کرنے کے لئے قدرت سارے اسباب مہیا کردے لیکن انسان کا جو اصل مقصدِ وجود ہے جس کی وجہ سے اس کو دنیا میں بھیجا گیا ہے اس مقصد پر پردا پڑا رہے اور انسان اندھیروں میں بھٹکتا رہے جب حیوانی زندگی کی ایک ایک ضرورت کو پورا کرنے کے لئے اتنے وسیع انتظامات ہیں تو کیسے ممکن ہے کہ انسان کی روحانی زندگی اس کی سب سے بڑی اور اصل ضرورت کو پورا کرنے کا بندوبست نہ کیا گیا ہو۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ فکر و عمل کے بہت سے ٹیڑھے میڑھے راستوں میں سے صحیح اور سیدھا راستہ کون سا ہے۔ ظاہر ہے کہ سارے راستے بیک وقت حق نہیں ہو سکتے سچائی صرف ایک ہے اور زندگی کا صحیح نظریہ وہی ہے جو اس صداقت کے مطابق ہو صداقت کیا ہے؟ صداقت یہ ہے کہ ہمیں عدم سے وجود میں لانے والا ہمارا پروردگار بلا شرکتِ غیرے ایک ہے ہم پر لازم ہے کہ ہم اسکی اور صرف اسی کی اطاعت کریں اسکی رضا حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ اس نے اپنی رضا کا راستہ اپنے نمایندوں یعنی نبیوں اور رسولوں کو بتایا ہے ان پر اپنا کلام نازل کیا ہے۔

ہم یہ تو کر سکتے ہیں کہ رسولوں کی صداقت کے پرکھنے کے جو بھی معیار ہیں اس پر ان کو پرکھ کر دیکھیں ان کی سچائی معلوم ہونے کے بعد اب اس کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے کہ انسان ان کے بتائے ہوئے راستے پر چلے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

هُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ

هُوَ	الَّذِیْٓ	اَنْزَلَ	مِنَ	السَّمَآءِ	مَآءً	لَّكُمْ	مِّنْهُ	شَرَابٌ	وَّمِنْهُ	شَجَرٌ
وہی	جس نے	نازل کیا (برسایا)	سے	آسمان	پانی	تمہارے لئے	اس سے	پینا	اور اس سے	درخت

وہی ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا اس سے تمہارے لئے پینے کو ہے اور اس سے درخت

فِیْهِ تُسِیْمُوْنَ ﴿۱۰﴾ یُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّیْتُوْنَ وَالنَّخِیْلَ

فِیْهِ	تُسِیْمُوْنَ	یُنْۢبِتُ	لَكُمْ	بِهٖ	الزَّرْعَ	وَالزَّیْتُوْنَ	وَالنَّخِیْلَ
اسمیں	تم چراتے ہو	وہ اگاتا ہے	تمہارے لئے	اس سے	کھیتی	اور زیتون	اور کھجور

(سیراب ہوتے ہیں) اور اسی میں (مویشی) چرتے ہیں، وہ اس سے تمہارے لئے اگاتا ہے کھیتی، اور زیتون، اور کھجور

وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ

وَالْاَعْنَابَ	وَمِنْ	كُلِّ	الثَّمَرٰتِ	اِنَّ	فِیْ	ذٰلِكَ	لَاٰیَةً	لِّقَوْمٍ
اور انگور	اور سے۔کے	ہر	پھل (جمع)	بیشک	میں	اس	البتہ نشانیاں	لوگوں کے لئے

اور انگور اور ہر قسم کے پھل۔ بیشک اس میں غور وفکر کرنے والوں کے لئے

یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ

یَّتَفَكَّرُوْنَ	وَسَخَّرَ	لَكُمُ	الَّیْلَ	وَالنَّهَارَ	وَالشَّمْسَ	وَالْقَمَرَ
غور وفکر کرتے ہیں	اور مسخر کیا	تمہارے لئے	رات	اور دن	اور سورج	اور چاند

نشانیاں ہیں اور اس نے تمہارے لئے مسخر کیا رات اور دن کو اور سورج اور چاند کو

وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ

وَالنُّجُوْمُ	مُسَخَّرٰتٌۢ	بِاَمْرِهٖ	اِنَّ	فِیْ	ذٰلِكَ	لَاٰیٰتٍ
اور ستارے	مسخر	اس کے حکم سے	بیشک	میں	اس	البتہ نشانیاں

اور ستارے مسخر (کام میں لگے ہوئے) ہیں اسکے حکم سے۔ بیشک اس میں عقل سے کام لینے والے

لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۲﴾

لِّقَوْمٍ	یَّعْقِلُوْنَ
لوگوں کیلئے	وہ عقل سے کام لیتے ہیں۔

لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱۰) هُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِیْهِ تُسِیْمُوْنَ ○

(۱۰) وہ ذات جس نے آسمان سے پانی برسایا کہ تم اس کو پیتے ہو اور اس کے سبب سے درخت جمتے ہیں کہ جن میں تم اپنے جانوروں کو چراتے ہو۔

(۱۱) یُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّیْتُوْنَ وَالنَّخِیْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ○

(۱۱) اللہ اس پانی سے تمہارے لئے کھیتی پیدا کرتا ہے اور زیتون اور کھجوریں انگور اور ہر قسم کے پھل پیدا کرتا ہے بیشک اس میں جو مذکور ہوا اللہ کے واحد ہونے کی دلیل ہے ان لوگوں کے لئے جو اس کی حکمتوں میں غور کرتے ہیں پس ایمان لاتے ہیں۔

(۱۲) وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ○

(۱۲) اور اللہ نے تمہارے تابع کیا رات اور دن کو اور سورج اور چاند کو اور ستارے فرماں بردار ہیں اس کے حکم اور ارادے کے۔ وَالشَّمْسُ کو زبر بھی پڑھا گیا ہے اور پیش بھی۔ زبر کی صورت میں ماقبل پر عطف ہو کر مفعول سخر کا ہے اور پیش کی صورت میں مبتدا ہے اور یہی احتمالات وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ میں ہیں مُسَخَّرٰتٌ کو نصب ہے بوجہ حال ہونے کے اور پیش ہے بسبب خبر ہونے کے بیشک اس میں نشانیاں ہیں ان لوگوں کو جو غور و فکر کرتے ہیں۔

تشریح

(۱۰) اللہ آسمان سے پانی برساتا ہے | یہ پانی جسے تم پیتے ہو اور جس سے درخت گھاس وغیرہ اُگتے ہیں جو تمہارے جانوروں کے لئے بطور چارہ کام آتے ہیں یہ پانی آسمان سے اللہ تعالیٰ ہی برساتے ہیں۔ پانی کے اس نظام پر غور کیا جائے تو اللہ تعالیٰ کی بے پناہ حکمت اور اس کی قدرت کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کس طرح سمندر سے ابخارات اٹھتے ہیں بادل بن کر برستے ہیں پہاڑوں پر وہ پانی برف کی شکل میں جم جاتا ہے پھر پگھل کر دریاؤں کی شکل میں زمین پر بہتا ہوا اور سیراب کرتا ہوا رواں دواں ہوتا ہے پانی کا اس طرح ذخیرہ کرنا اور پھر بوقت ضرورت انسان کو پہنچانا اللہ کی حکمت کا ایک نمونہ ہے۔

(۱۱) پانی کے اس نظام میں غور کرنے والوں کے لئے اللہ کی نشانیاں موجود ہیں | دیکھو وہی ایک پانی ہے جو آسمان سے برستا ہے اور زمین سے نکلتا ہے اس پانی سے اللہ تعالیٰ کھیتیاں اگاتا ہے۔ زیتون، کھجور، انگور اور دوسرے طرح طرح کے پھل پیدا کرتا ہے ایک ہی پانی سے مختلف قسم کے پھل میوے جن کی شکل و صورت الگ رنگ و بو الگ مزہ اور تاثیر الگ، پھر اسی پانی سے رنگ برنگے پھول ایک ہی زمین سے پیدا ہوتے ہیں غور و فکر کرنے والوں کے لئے اس میں ایک بڑی نشانی ہے۔

(۱۲) دن رات کا ہونا چاند سورج کا مسخر ہونا یہ بھی اللہ کی نشانی ہے | اگر انسان عقل اور سمجھ سے کام لے تو وہ دیکھے گا کہ رات اور دن کس طرح ایک دوسرے کے پیچھے چلے آ رہے ہیں تاکہ دن میں دنیا کا کاروبار چلے اور رات کو لوگ آرام حاصل کریں۔ چاند اور سورج کس طرح ایک متعین قانون کے تحت نکلتے ہیں اور ڈوبتے ہیں اسی طرح ستارے جو اللہ کے حکم سے بندھے ہوئے ہیں ان سب کا ایک متعین قانون پر چلنا اور انسانوں کو اس سے بے شمار فائدے حاصل ہونا عقل والوں کے لئے اس میں بڑی نشانیاں ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

وَمَا	ذَرَاَ	لَكُمْ	فِي	الْاَرْضِ	مُخْتَلِفًا	اَلْوَانُهٗ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ
اور جو	پیدا کیا	تمہارے لئے	میں	زمین	مختلف	اسکے رنگ	بیشک	میں	اس

اور تمہارے لئے زمین میں پیدا کیں مختلف (چیزیں) رنگ برنگ کی۔ بیشک (۱) میں سوچنے والے

لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾ وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ

لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ	يَّذَّكَّرُوْنَ	وَهُوَ	الَّذِيْ	سَخَّرَ	الْبَحْرَ
البتہ نشانیاں	لوگوں کیلئے	وہ سوچتے ہیں	اور وہی	جو۔ جس	مسخر کیا	دریا

لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔ اور وہی ہے جس نے دریا کو مسخر کیا تاکہ

لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ

لِتَاْكُلُوْا	مِنْهُ	لَحْمًا	طَرِيًّا	وَّتَسْتَخْرِجُوْا	مِنْهُ	حِلْيَةً	تَلْبَسُوْنَهَا
تاکہ تم کھاؤ	اس سے	گوشت	تازہ	اور تم نکالو	اس سے	زیور	تم وہ پہنتے ہو

تم اس سے (مچھلیوں کا) تازہ گوشت کھاؤ اور اس سے زیور نکالو جو تم پہنتے ہو

وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ

وَتَرَى	الْفُلْكَ	مَوَاخِرَ	فِيْهِ	وَلِتَبْتَغُوْا	مِنْ	فَضْلِهٖ	وَلَعَلَّكُمْ
اور تم دیکھتے ہو	کشتی	پانی چیرنے والی	اس میں	اور تاکہ تلاش کرو	سے	اس کا فضل	اور تاکہ تم

اور تم دیکھتے ہو اس میں کشتیاں پانی کو چیر کر چلتی ہیں اور تاکہ تم اس کا فضل تلاش کرو اور تاکہ

تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۴﴾ وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ

تَشْكُرُوْنَ	وَاَلْقٰى	فِي + الْاَرْضِ	رَوَاسِيَ	اَنْ تَمِيْدَ	بِكُمْ
شکر کرو	اور ڈالے (رکھے)	زمین میں۔ پر	پہاڑ	کہ جھک نہ پڑے	تمہیں لے کر

تم شکر کرو۔ اور اس نے زمین میں پہاڑ رکھے کہ تمہیں لے کر (زمین) جھک نہ پڑے۔ اور

وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ لا

وَاَنْهٰرًا	وَّسُبُلًا	لَّعَلَّكُمْ	تَهْتَدُوْنَ
اور نہریں	اور راستے	تاکہ تم	راہ پاؤ

نہریں اور راستے (بنائے) تاکہ تم راہ پاؤ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱۳) وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ○

(۱۳) اور تمہارے تابع کیا ان چیزوں کو جو تمہارے لئے زمین میں پیدا کئے جانوروں اور درختوں کو اور گھاس وغیرہ سے کہ جنکے رنگ مختلف ہیں کوئی سرخ کوئی سبز کوئی زرد وغیرہ بے شبہ اس میں نشانی ہے نصیحت سننے والوں کو۔

(۱۴) وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○

(۱۴) اور اللہ وہ ہے جس نے دریا کو تمہارا محکوم کیا کہ اس میں سوار ہوتے ہو اور گھستے ہو تاکہ اس میں سے مچھلی کا تر و تازہ گوشت کھاؤ اور اس سے زیور نکالو جس کو تم پہنتے ہو یعنی موتی اور مونگا اس میں سے نکالتے ہو۔ اور دیکھے تو کشتیوں کو کہ دریا میں چلتی ہیں پانی کو چیر کر آگے اور پیچھے ایک ہوا سے اور اس نے دریا کو تمہارا محکوم کیا اس لئے کہ اس میں تجارت کرو اور اللہ کا فضل طلب کرو اور تاکہ تم اس پر اللہ کا شکر ادا کرو۔

(۱۵) وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ○ وَعَلٰمٰتٍ ۭ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ○

(۱۵) اور اس نے زمین میں پہاڑ بھاری بنائے کہ وہ تمہارے ساتھ نہ ہلے۔ اور اللہ نے زمین میں نہریں بنائیں جیسے نیل مصر اور راستے بنائے تاکہ تم اپنی حاجتوں کی طرف راہ پاؤ۔

تشریح

(۱۳) **زمین میں تمہارے لئے طرح طرح کی مخلوقات ہیں** | آسمان کے بعد اب ذرا زمین پر نظر ڈالو تو زمین پر تمہیں طرح طرح کی مخلوقات نظر آئیں گی جو اپنی خاصیت شکل وصورت میں الگ الگ ہیں انہیں حیوانات بھی ہیں نباتات بھی ہیں جمادات بھی ہیں۔ سبق حاصل کرنے والوں کے لئے انہیں اللہ کی نشانیاں ہیں۔

(۱۴) **اب ذرا سمندری مخلوقات پر نظر ڈالو** | آسمان اور زمین کے بعد اب ذرا سمندر اور اس کی مخلوقات کو دیکھو، اس سمندر میں تمہارے جہاز اور کشتیاں چلتی ہیں اس سمندر سے تمہیں ایسے جانور ملتے ہیں جن کا تر و تازہ گوشت کھاتے ہو لذیذ مچھلیوں سے لطف اندوز ہوتے ہو۔ پھر اس سمندر سے موتی مونگا نکالتے ہو جس سے قیمتی زیور تیار ہوتے ہیں۔ سمندر کی پہاڑ جیسی موجوں کو چیرتے ہوئے جہاز اور کشتیاں ان سب میں تمہارے لئے نشانی ہے کہ تم حلال طریقے سے اپنا رزق حاصل کرنے اور رب کا شکر ادا کرتے رہو۔

(۱۵) **پہاڑوں اور دریائی راستوں کو دیکھو** | آسمان، زمین اور سمندروں کے بعد دیکھو کہ ہم نے کس طرح زمین میں پہاڑوں کی میخیں گاڑ دیں تاکہ زمین اپنی جگہ قائم رہے اور تم کو لیکر ڈھلک نہ جائے اس نے پہاڑوں میں دریا جاری کئے جو راستہ بناتے ہوئے آگے بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ یہ ندیاں نالے بہتے ہوئے، لوگوں کو فائدہ پہنچاتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ

وَعَلٰمٰتٍ	وَبِالنَّجْمِ	هُمْ	يَهْتَدُوْنَ	اَفَمَنْ يَّخْلُقُ
اور علامتیں	اور ستارہ	وہ	راستہ پاتے ہیں	کیا پس جو پیدا کرے

اور علامتیں (بنائیں) اور وہ ستاروں سے راستہ پاتے ہیں۔ کیا جو (اللہ) پیدا کرتا ہے۔ اس جیسا

كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۷﴾

كَمَنْ	لَّا + يَخْلُقُ	اَفَلَا + تَذَكَّرُوْنَ
اس جیسا جو	پیدا نہیں کرتا	کیا پس تم غور نہیں کرتے۔

ہے جو پیدا نہیں کرتا۔ پس کیا تم غور نہیں کرتے۔

﴿۱۶﴾ وَعَلَامَاتٍ ؕ تَسْتَدِلُّوْنَ بِهَا عَلَى الطُّرُقِ كَالْجِبَالِ بِالنَّهَارِ وَبِالنَّجْمِ بِمَعْنَى النُّجُوْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ○ إِلَى الطُّرُقِ وَالْقِبْلَةِ بِاللَّيْلِ

﴿۱۶﴾ اور نشان بنائے جس سے تم دن کو راہ حاصل کرو جیسے پہاڑ کہ ان سے دن میں وہ راستہ پاتے ہیں اور ستاروں سے وہ لوگ رات میں راہ پاتے ہیں اور قبلہ کو پہچانتے ہیں۔

﴿۱۷﴾ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ وَهُوَ اللّٰهُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ وَهُوَ الْاَصْنَامُ حَيْثُ تُشْرِكُوْنَهَا مَعَهُ فِي الْعِبَادَةِ لَا اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ○ هٰذَا فَتُؤْمِنُوْنَ

﴿۱۷﴾ سو کیا وہ ذات جو خالق ہے یعنی اللہ مانند بتوں کے ہو سکتا ہے جو کچھ پیدا نہیں کر سکتے کہ تم ان کو عبادت میں اللہ کا ساجھی بناؤ ہرگز وہ برابر ان کے نہیں۔ سو کیا تم اس میں غور نہیں کرتے۔ اور اس سے نصیحت حاصل نہیں کرتے کہ ایمان قبول کرو۔

تشریح

﴿۱۶﴾ زمین میں مختلف قسم کی علامتیں اور رہنمائی کیلئے ستارے | اللہ نے یہ زمین ایسی بنائی ہے کہ اس میں کہیں پہاڑ ہیں کہیں چشمے ہیں کہیں جنگلات کہیں ریت کے ٹیلے ہیں۔ غرض مختلف قسم کی ایسی علامتیں قائم کر دی ہیں جن سے مسافروں کے قافلے راستوں کا پتہ لگا سکیں اسی طرح ستاروں سے سمتِ سفر کا اندازہ ہوتا ہے۔ صحراؤں اور سمندروں میں یہ ستارے رہنمائی کا ایک فطری انتظام ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے مادی زندگی میں رہنمائی کے لئے یہ سب انتظام کئے ہیں تو کیا وہ انسان کی ہدایت کے نظام سے غافل ہو سکتا ہے

﴿۱۷﴾ پھر کیا خالق و مخلوق برابر ہو سکتے ہیں | آسمان، زمین، بر و بحر میں کتنی چیزیں ہیں جو اللہ نے پیدا کی ہیں پھر بتاؤ کیا خالق پیدا کرنے والا اور وہ جنھوں نے کچھ بھی پیدا نہیں کیا بلکہ خود مخلوق ہیں کیا ایک سطح پر ہو سکتے ہیں۔ جب اس کائنات کے نظام میں ساری چیزیں اللہ کی پیدا کی ہوئی ہیں تو خالق اور غیر خالق کے اختیارات برابر کیسے ہو سکتے ہیں کیسے ممکن ہے کہ خالق کو جو حقوق حاصل ہیں وہی مخلوق کے بھی ہوں کیا خالق اور غیر خالق کی صفات ایک جیسی ہو سکتی ہیں۔ یہ ایسی کھلی ہوئی بات ہے جس کو ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ خالق و مخلوق یکساں نہیں ہیں۔ پھر کیا تم اتنا بھی نہیں سمجھتے۔؟

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸﴾

وَاِنْ	تَعُدُّوْا	نِعْمَةَ اللّٰهِ	لَا تُحْصُوْهَا	اِنَّ	اللّٰهَ	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
اور اگر	تم شمار کرو	اللہ کی نعمت	اسکو پورا نہ گن سکو گے	بیشک	اللہ	البتہ بخشنے والا	نہایت مہربان

اور اگر تم اللہ کی نعمتیں شمار کرو تو انہیں پورا نہ سکو گے بیشک اللہ بخشنے والا، نہایت مہربان ہے

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	مَا تُسِرُّوْنَ	وَمَا	تُعْلِنُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ
اور اللہ	جانتا ہے	جو تم چھپاتے ہو	اور جو	تم ظاہر کرتے ہو	اور جنہیں	وہ پکارتے ہیں

اور اللہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو تم ظاہر کرتے ہو اور وہ جنہیں پکارتے ہیں

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۲۰﴾

مِنْ ۔ دُوْنِ	اللّٰهِ	لَا يَخْلُقُوْنَ	شَيْـًٔا	وَّهُمْ	يُخْلَقُوْنَ
سوائے	اللہ	وہ پیدا نہیں کرتے	کچھ بھی	اور وہ (خود)	پیدا کیے گئے

اللہ کے سوا وہ کچھ بھی پیدا نہیں کرتے بلکہ وہ خود پیدا کیے گئے ہیں

اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ

اَمْوَاتٌ	غَيْرُ	اَحْيَآءٍ	وَمَا يَشْعُرُوْنَ	اَيَّانَ
مُردے	نہیں	زندہ	اور وہ نہیں جانتے	کب

مُردے ہیں زندہ نہیں (بے جان ہیں) اور وہ نہیں جانتے وہ کب

يُبْعَثُوْنَ ﴿۲۱﴾ ع ۱۲ ۸

يُبْعَثُوْنَ
وہ اٹھائے جائیں گے۔

اٹھائے جائیں گے۔

﴿۱۸﴾ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا تَضْبِطُوْهَا فَضْلًا اَنْ تُطِيْقُوْا شُكْرَهَا اِنَّ اللّٰهَ

﴿۱۸﴾ اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرو تو ان کو ضبط نہ کر سکو چہ جائیکہ اس کا شکر کرو۔ بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ حَيْثُ يُنْعِمُ عَلَيْكُمْ مَعَ تَقْصِيْرِكُمْ وَ عِصْيَانِكُمْ

چنانچہ باوجود تمہاری کوتاہی اور گناہوں کے تم پر انعام فرماتا ہے

(۱۹) وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ○

(۱۹) اور اللہ جانتا ہے جو تم چھپاتے ہو اور جو کچھ ظاہر کرتے ہو۔

(۲۰) وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ بِالتَّاءِ وَالْيَاءِ تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَهُوَ الْاَصْنَامُ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ○ يُصَوِّرُوْنَ مِنَ الْحِجَارَةِ وَغَيْرِهَا

(۲۰) اور جن کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو یعنی بتوں کو وہ کسی چیز کو پیدا نہیں کر سکتے۔

اور وہ خود بنائے جاتے ہیں پتھروں وغیرہ سے۔

(۲۱) اَمْوَاتٌ لَا رُوْحَ فِيْهِمْ خَبَرُ ثَانٍ غَيْرُ اَحْيَاءٍ تَاْكِيْدٌ وَمَا يَشْعُرُوْنَ اَيِ الْاَصْنَامُ اَيَّانَ وَقْتَ يُبْعَثُوْنَ ○ اَيِ الْخَلْقُ فَكَيْفَ يَعْبُدُوْنَ اِذْ لَا يَكُوْنُ اِلٰهًا اِلَّا الْخَالِقُ الْحَيُّ الْعَالِمُ بِالْغَيْبِ

(۲۱) وہ مردے ہیں ان میں روح نہیں (اموات دوسری خبر ہے لفظ ہُمْ کی غَيْرُ اَحْيَاءٍ پر تاکید ہے یعنی وہ زندہ نہیں) اور نہ ان بتوں کو خبر ہے کہ مخلوق کب زندہ ہو کر اٹھے گی سو یہ کافر ایسے بتوں کو کیونکر معبود بناتے ہیں کیونکہ معبود وہی ہو سکتا ہے جو پیدا کرنے والا زندہ قیامت کو جاننے والا ہو۔

تشریح

(۱۸) **اللہ کی نعمتیں اَن گنت ہیں** اللہ تعالیٰ نے اتنی نعمتیں پیدا کی ہیں کہ اگر اس کی نعمتوں کو آدمی گننا چاہے تو گن نہیں سکتا وہ محسن جو بے شمار نعمتوں سے نوازتا ہے بجائے اسکے کہ اس کے احسانات کا شکر ادا کیا جائے اس منعم کی نعمتوں کا اعتراف کیا جائے اس کے ساتھ بے وفائی، غداری، نمک حرامی کرنا کہاں تک جائز ہے مگر وہ ایسا حلیم و بردبار ہے کہ سب کچھ نظر انداز کر کے ہر بات کو درگذر کرتا ہے اپنے بندوں پر رحم کرتا ہے اور ناشکری کرنے کے باوجود نعمتیں دینے میں کمی نہیں کرتا بیشک اللہ تعالیٰ بڑے غفور الرحیم ہیں انسان کو چاہیئے کہ ایسے آقا کا سراپا وفادار شکر گذار اور اطاعت گزار رہے۔

(۱۹) **یہ فیاضی ہے بے خبری نہیں** نافرمانی اور ناشکری کے باوجود نعمتوں کے سلسلے کا جاری رہنا اللہ تعالیٰ کی بے پناہ فیاضی ہے بے خبری نہیں ہے اللہ تعالیٰ تمہارے کھلے چھپے ہر چیز سے واقف ہے ظاہری اور باطنی احوال سے باخبر ہے وہ اچھی طرح جانتا ہے کہ کون شخص اس کی نعمتوں کو پا کر دل سے حق نعمت ادا کرتا ہے اور کون شخص سب کچھ جان کر بھی غافل و بے پروا رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا بنایا ہوا یہ نظام کوئی اندھی بانٹ نہیں ہے ہر چیز کا فیصلہ بڑی حکمت کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

(۲۰) **یہ کیسے معبود ہیں جو خود مخلوق ہیں** جن کو لوگ معبود بنائے بیٹھے ہیں ان کی بندگی کرتے ہیں ان کے سامنے سر نیاز جھکاتے ہیں وہ کسی چیز کے خالق نہیں ہیں انہوں نے تو ایک مکھی بھی پیدا نہیں کی بلکہ وہ خود بھی خالق کی مخلوق ہیں۔ بھلا سوچو مخلوق خالق کے برابر معبود کیسے ہو سکتا ہے۔

(۲۱) **بھلا مُردوں کی پوجا جنھیں یہ بھی معلوم نہیں کہ انہیں کب زندہ کر کے اٹھایا جائے گا** مُردوں کے آگے سر جھکانا جن میں وہ لوگ مدفون ہیں جن پر موت طاری ہو چکی ہے یا ان لوگوں کی پرستش جنکو موت آنی ہے اور جنھیں یہ بھی معلوم نہیں کہ قیامت کب آئے گی، مرنے کے بعد کب انہیں دوبارہ زندہ کر کے اٹھایا جائیگا آخر کہاں کی عقلمندی ہے۔ یہ بناوٹی معبود کیا پرستش کے لائق ہیں۔؟

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ

اِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	فَالَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	قُلُوْبُهُمْ
تمہارا معبود	معبود	ایک (یکتا)	پس جو لوگ	ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر	انکے دل

تمہارا معبود، معبود یکتا ہے ، پس جو لوگ ایمان نہیں رکھتے آخرت پر ان کے دل

مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ

مُّنْكِرَةٌ	وَّهُمْ	مُّسْتَكْبِرُوْنَ	لَا جَرَمَ	اَنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا يُسِرُّوْنَ
منکر (انکار کرنیوالے)	اور وہ	تکبر کرنیوالے (مغرور)	یقینی بات	کہ	اللہ	جانتا ہے	جو وہ چھپاتے ہیں

منکر ہیں اور وہ مغرور ہیں۔ یقینی بات ہے اللہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں

وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿۲۳﴾

وَمَا يُعْلِنُوْنَ	اِنَّهٗ	لَا يُحِبُّ	الْمُسْتَكْبِرِيْنَ
اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں	بیشک وہ	پسند نہیں کرتا	تکبر کرنے والے

اور جو وہ ظاہر کرتے ہیں۔ بیشک وہ تکبر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

﴿۲۲﴾ اِلٰهُكُمْ اَلْمُسْتَحِقُّ لِلْعِبَادَةِ مِنْكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا نَظِيْرَ لَهٗ فِيْ ذَاتِهٖ وَلَا فِيْ صِفَاتِهٖ وَهُوَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ جَاحِدَةٌ لِّلْوَحْدَانِيَّةِ وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ○ مُتَكَبِّرُوْنَ عَنِ الْاِيْمَانِ بِهَا

﴿۲۲﴾ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ الخ تمہارا معبود جو مستحق تمہاری پرستش کا ہے ایک معبود ہے اسکی ذات اور صفات میں کوئی اس کا شریک نہیں اور وہ اللہ تعالیٰ ہے۔ سو جو لوگ آخرت کا یقین نہیں رکھتے انکے دل توحید کے منکر ہیں اور وہ ایمان سے تکبر کرتے ہیں۔

﴿۲۳﴾ لَا جَرَمَ حَتْمًا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۭ فَيُجَازِيْهِمْ بِذٰلِكَ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ○ بِمَعْنٰى اَنَّهٗ يُعَاقِبُهُمْ

﴿۲۳﴾ بے شبہ اللہ جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں پس وہ ان کو اس کا عوض دیگا بیشک اللہ دوست نہیں رکھتا مکر کرنے والے کو۔ یعنی وہ ان کو سزا دیگا۔

تشریح

﴿۲۲﴾ اللہ کی وحدانیت کی روشن اور ناقابلِ انکار دلیلیں موجود ہیں مگر..... ہر طرف اللہ کے خالق اور واحد ہونے کی نشانیاں بکھری ہوئی ہیں مگر انکار کرنے والے دنیا کی زندگی میں ایسے مست ہیں کہ نہ انکو موت یاد ہے اور نہ مرنیکے بعد کی زندگی کا خیال ہے اپنے گھمنڈ میں یہ سمجھے ہوئے ہیں کہ جس روش پر وہ چل رہے ہیں وہی ٹھیک ہے وہ یہ سوچنے کے لئے تیار ہی نہیں ہیں کہ صداقت کیا ہے کہ حقیقت کی تلاش کریں سچائی کا انکار انکے دلوں میں رچ بس گیا ہے۔

﴿۲۳﴾ ان کا گھمنڈ انکو لے ڈوبے گا جو لوگ اپنے اس جھوٹے گھمنڈ میں مبتلا ہیں خوب سمجھ لیں کہ اللہ تعالیٰ انکے سارے کرتوت اچھی طرح جانتے ہیں وہ بھی جو کھلے ہیں اور وہ بھی جو چھپے ہوئے ہیں غرور نفس میں مبتلا لوگوں کو اللہ تعالیٰ ہرگز پسند نہیں کرتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ لِيَحْمِلُوْٓا

وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُمْ	مَّاذَآ	اَنْزَلَ	رَبُّكُمْ	قَالُوْٓا	اَسَاطِيْرُ	الْاَوَّلِيْنَ	لِيَحْمِلُوْٓا
اور جب	کہا جائے	ان سے	کیا	نازل کیا	تمہارا رب	وہ کہتے ہیں	کہانیاں	پہلے لوگ	انجام کار وہ اٹھائیں گے

اور جب ان سے کہا جائے کیا نازل کیا تمہارے رب نے؟ تو وہ کہتے ہیں پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں۔ انجام کار وہ اپنے پورے بوجھ

اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ

اَوْزَارَهُمْ	كَامِلَةً	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ	وَمِنْ	اَوْزَارِ	الَّذِيْنَ	يُضِلُّوْنَهُمْ	بِغَيْرِ
اپنے بوجھ (گناہ)	پورے	قیامت کے دن	اور کچھ	بوجھ	انکے جنہیں	وہ گمراہ کرتے ہیں	بغیر

اٹھائیں گے قیامت کے دن، اور کچھ ان کے بوجھ جنہیں وہ بغیر علم کے گمراہ کرتے ہیں۔

ع ۳ ۴ ۹ عِلْمٍ ۭ اَلَا سَاۗءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۲۵﴾ قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ

عِلْمٍ	اَلَا	سَاۗءَ	مَا يَزِرُوْنَ	قَدْ مَكَرَ	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	فَاَتَى	اللّٰهُ
علم	خوب سن لو	برا	جو وہ لادتے ہیں	تحقیق مکاری کی	وہ لوگ جو	ان سے پہلے	پس آیا	اللہ

خوب سن لو برا ہے جو وہ لادتے ہیں۔ جو ان سے پہلے تھے انہوں نے مکاری کی پس ان کی عمارت پر

بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ

بُنْيَانَهُمْ	مِّنَ	الْقَوَاعِدِ	فَخَرَّ	عَلَيْهِمُ	السَّقْفُ	مِنْ	فَوْقِهِمْ	وَاَتٰىهُمُ
انکی عمارت	سے	بنیاد (جمع)	پس گر پڑی	ان پر	چھت	سے	ان کے اوپر	اور آیا ان پر

(کا عذاب) بنیادوں سے آیا پس چھت اُن پر ان کے اوپر سے گر پڑی اور ان پر عذاب

الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾

الْعَذَابُ	مِنْ	حَيْثُ	لَا	يَشْعُرُوْنَ
عذاب	سے	جہاں سے	نہ	تھا انہیں خیال

آیا جہاں سے انھیں خیال نہ تھا۔

﴿۲۴﴾ وَنَزَلَ فِي النَّضْرِ بْنِ الْحَارِثِ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّا اسْتِفْهَامِيَّةٌ ذَا مَوْصُوْلَةٌ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ قَالُوْٓا هُوَ اَسَاطِيْرُ اَكَاذِيْبُ الْاَوَّلِيْنَ ۙ اَضْلَالًا لِّلنَّاسِ

﴿۲۴﴾ اور نضر بن حارث کی شان میں نازل ہوئی یہ آیت وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ الخ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ تمہارے رب نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کیا اتارا ہے وہ کہتے ہیں جھوٹے قصے پہلوں کے۔ یہ بات وہ لوگوں کے گمراہ کرنے کو کہتے ہیں۔

﴿۲۵﴾ لِيَحْمِلُوْٓا فِيْ عَاقِبَةِ الْاَمْرِ اَوْزَارَهُمْ ذُنُوْبَهُمْ كَامِلَةً لَّمْ يُكَفَّرْ مِنْهَا شَيْءٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ

﴿۲۵﴾ تاکہ انجام کار وہ اپنے گناہوں کا پورا بوجھ اٹھا دیں دن قیامت میں اس حال میں کہ ان میں سے کچھ معاف نہ ہوا ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

بَعْضِ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ
لِاَنَّهُمْ دَعَوْهُمْ اِلَى الضَّلَالِ فَاتَّبَعُوْهُمْ
فَاشْتَرَكُوْا فِى الْاِثْمِ اَلَا سَآءَ بِئْسَ مَا
يَزِرُوْنَ ○ يَحْمِلُوْنَ حَمْلَهُمْ هٰذَا

اور اٹھاویں بعض گناہ ان لوگوں کے جنکو یہ گمراہ کرتے ہیں بدون سمجھے کیونکہ انہوں نے ان کو گمراہی کی طرف بلایا ہے سو وہ انکے پیچھے ہو لئے اور گناہ میں دونوں شریک ہوئے۔ آگاہ رہو برا بوجھ ہے جسکو وہ اٹھاتے ہیں

(۲۶) قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ○ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِىَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ○ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ○ وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ قَالُوْا خَيْرًا لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ○ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ كَذٰلِكَ يَجْزِى اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ○ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِىَ اَمْرُ رَبِّكَ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ○ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ○ وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَىْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَىْءٍ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ○ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِىْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ فَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ○ اِنْ تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِىْ مَنْ يُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ○ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ○ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَىْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ○ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِى اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ○ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ○ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِىْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ○ اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ○ اَوْ يَاْخُذَهُمْ فِىْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ○ اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى تَخَوُّفٍ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَىْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ○ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ○ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ○ وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ○ وَلَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ○ وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْئَرُوْنَ ○ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ○ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَتَمَتَّعُوْا فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ○ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ○ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ○ وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ○ يَتَوٰرٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ○ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ○ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ○ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ○ وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ○ وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ○ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِىْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ○ ثُمَّ كُلِىْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِىْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ○ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ○ وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِى الرِّزْقِ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَآدِّىْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ○ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ○ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ○ فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَىْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا هَلْ يَسْتَوٗنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَىْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ هَلْ يَسْتَوِىْ هُوَ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ○ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○ اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِىْ جَوِّ السَّمَآءِ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ○ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ○ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ○ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ○ وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ○ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ○ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ○ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ السَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ○ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِىْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَىْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ○ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِى الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْىِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ○ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ○ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِىْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِىَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ○ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَّعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ○ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ○ وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ○ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ لِّسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ○ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ اِنَّمَا يَفْتَرِى الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ○ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ○ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ○ لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ○ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ يَوْمَ تَاْتِىْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ○ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ○ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ○ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ○ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ○ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ○ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيْفًا وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهِ اجْتَبٰهُ وَهَدٰهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ وَاٰتَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ○ اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ○ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ○ وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ○ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ○ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ○

تشریح

(۲۴) منکرین حق کا قرآن کے ساتھ مذاق | نبی ﷺ نے جب اللہ کے دین کی دعوت پیش کرنی شروع کی اور اللہ نے جو کلام آپ پر نازل کیا آپ اسکو سناتے تھے اور لوگوں میں آپکی باتوں کا چرچا ہونے لگا تو حق کے انکار کرنے والے پریشان ہو اٹھے اور جب ان سے پوچھا جاتا تھا یا آپسمیں باتیں ہوتی تھیں کہ یہ صاحب جو نبی ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں کیا تعلیم دیتے ہیں اور جو کلام وہ سناتے ہیں وہ کیسا ہے۔ تو یہ لوگ جواب دیتے تھے اجی اس کلام میں رکھا ہی کیا ہے ؟ پرانے زمانے کے کچھ قصے کہانیاں ہیں۔ مقصد یہ ہوتا تھا کہ نبی ﷺ اور آپ کی تعلیم کے بارے میں لوگوں کے دلوں میں شکوک وشبہات پیدا کردئے جائیں۔

(۲۵) منکرین حق اپنے ساتھ دوسروں کا بوجھ بھی ڈھو رہے ہیں | حق کا یہ انکار کرنے والے خود تو گمراہ ہو ہی رہے ہیں دوسروں کو بھی گمراہ کرکے انکا بوجھ بھی ڈھونے میں لگے ہوئے ہیں تاکہ جب قیامت کے دن اللہ کے سامنے پیشی ہو تو اپنے اعمال کے علاوہ ان کے اعمال کی بھی سزا ملے جو ان کی وجہ سے گمراہ ہوئے ہیں۔ جو لوگ لاعلمی کی وجہ سے ان کی باتوں میں آکر غلط راستہ اختیار کریں گے اس کی بھی جوابدہی ان کے ذمہ ہوگی کتنی بڑی ذمہ داری ہے جو یہ لوگ اپنے سر پر لے رہے ہیں۔ جیسا کہ دوسری جگہ ارشاد ہوا ہے وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ اَثْقَالِهِمْ (العنکبوت - ۱۲) اب ضرور وہ اپنے بوجھ بھی اٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے ساتھ دوسرے بہت بوجھ بھی)

(۲۶) حق کے خلاف یہ مکاریاں نئی نہیں ہیں | آج جو لوگ اللہ کے دین کو نیچا دکھانے کے لئے اور لوگوں کو اس سے روکنے کے لئے طرح طرح کی گھٹیا حرکتیں کر رہے ہیں یہ باتیں کوئی نئی نہیں ہیں اس سے پہلے بھی بہت سے لوگ حق کو نیچا دکھانے کیلئے لوگوں کو گمراہ کرنے اور پیغام حق کو دب

ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ

ثُمَّ	يَوْمَ + الْقِيٰمَةِ	يُخْزِيْهِمْ	وَيَقُوْلُ	اَيْنَ	شُرَكَآءِيَ	الَّذِيْنَ
پھر	قیامت کے دن	وہ انہیں رسوا کریگا	اور کہے گا	کہاں	میرے شریک	وہ جو کہ

پھر قیامت کے دن وہ انہیں رسوا کریگا اور کہے گا کہاں ہیں ؟ میرے وہ شریک جنکے

كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ

كُنْتُمْ	تُشَآقُّوْنَ	فِيْهِمْ	قَالَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا + الْعِلْمَ	اِنَّ
تم تھے	جھگڑتے	ان (کے بارہ) میں	کہیں گے	وہ لوگ جو	دیئے گئے علم (علم والے)	بیشک

بارہ میں تم جھگڑتے تھے ، علم والے کہیں گے بیشک آج کے دن

الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْۗءَ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿۲۷﴾

الْخِزْيَ	الْيَوْمَ	وَالسُّوْۗءَ	عَلَي	الْكٰفِرِيْنَ
رسوائی	آج	اور برائی	پر	کافر (جمع)

رسوائی اور برائی ہے کافروں پر۔

﴿۲۷﴾ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيُذِلُّهُمْ وَيَقُوْلُ لَهُمُ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ الْمَلٰٓئِكَةِ تَوْبِيْخًا اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ تُخَالِفُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْهِمْ فِيْ شَاْنِهِمْ قَالَ اَيْ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنَ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْۗءَ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ۝ يَقُوْلُوْنَهٗ شَمَاتَةً بِهِمْ

﴿۲۷﴾ پھر بروز قیامت اللہ انکو ذلیل کرے گا اور توبیخ و سرزنش کی راہ سے فرشتوں کی زبان پر ان سے فرمادیگا کہ کہاں ہیں میرے شریک تمہارے زعم کے مطابق جن کے بارے میں تم مسلمانوں سے جھگڑتے تھے۔

جنکو علم دیا گیا ہے یعنی پیغمبر اور ایمان والے انکی ذلت پر خوش ہوکر کہیں گے کہ بیشک آج کے دن برائی اور رسوائی کافروں پر ہے۔

تشریح

﴿۲۷﴾ قیامت کے دن بھی یہ لوگ رسوا ہونگے | یہ حال تو ان کا دنیا میں ہے کہ ان کے فریب کے سارے تانے بانے بکھر کر رہ گئے۔ روز قیامت میں یہ لوگ ذلیل و خوار ہونگے۔ اللہ تعالےٰ میدانِ حشر میں ان سے سوال کریں گے کہ بتاؤ میرے ساتھ جنکو تم شریک کیا کرتے تھے اور جنکی وجہ سے تم اہل حق سے جھگڑا کیا کرتے تھے بتاؤ وہ کہاں ہیں۔ اللہ تعالےٰ کے اس سوال پر حشر کے میدان میں سناٹا چھا جائیگا۔ حق کا انکار کرنیوالوں کی زبانیں جو آج قینچی کی طرح چلتی ہیں گنگ ہوجائیں گی اور وہ دم بخود کھڑے رہ جائیں گے۔ البتہ جن لوگوں کو حقیقت کا علم تھا اہلِ علم و خبر اور انبیائے کرام وہ کہیں گے کہ آج کا دن منکرین کے لئے رسوائی اور بدبختی کا دن ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۠ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا

اَلَّذِيْنَ	تَتَوَفّٰىهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	ظَالِمِيْٓ	اَنْفُسِهِمْ	فَاَلْقَوُا	السَّلَمَ	مَا كُنَّا
وہ جو کہ	جان نکالتے ہیں	فرشتے	ظلم کرتے ہوئے	اپنے اوپر	پس ڈالیں گے	پیغام اطاعت	ہم نہ تھے

وہ جن کی جان فرشتے (اس حال میں) نکالتے ہیں کہ وہ اپنے اوپر ظلم کر رہے ہوتے ہیں پھر وہ اطاعت کا پیغام ڈالیں گے کہ ہم

نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ۭ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ فَادْخُلُوْٓا

نَعْمَلُ	مِنْ + سُوْٓءٍ	بَلٰٓى	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	بِمَا	كُنْتُمْ + تَعْمَلُوْنَ	فَادْخُلُوْٓا
کرتے	کوئی برائی	ہاں ہاں	بیشک	اللہ	جاننے والا	وہ جو	تم کرتے تھے	سو تم داخل ہو

کوئی برائی نہ کرتے تھے، ہاں ہاں اللہ جاننے والا ہے جو تم کرتے تھے۔ سو تم جہنم کے

اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۲۹﴾

اَبْوَابَ	جَهَنَّمَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	فَلَبِئْسَ	مَثْوَى	الْمُتَكَبِّرِيْنَ
دروازے	جہنم	ہمیشہ رہو گے	اس میں	البتہ برا	ٹھکانا	تکبر کرنے والے

دروازوں میں داخل ہو اس میں ہمیشہ رہو گے، البتہ تکبر کرنے والوں کا برا ٹھکانہ ہے۔

(۲۸) اَلَّذِيْنَ يَتَوَفّٰىهُمُ بِالتَّاءِ وَالْيَاءِ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ بِالْكُفْرِ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ اِنْقَادُوْا وَاسْتَسْلَمُوْا عِنْدَ الْمَوْتِ قَائِلِيْنَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ شِرْكٍ فَيَقُوْلُ الْمَلٰٓئِكَةُ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ فَيُجَازِيْكُمْ بِهٖ وَيُقَالُ لَهُمْ

(۲۹) فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا فَلَبِئْسَ مَثْوَى مَاْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝

(۲۸) جنکو فرشتے بوقت موت پاتے ہیں ظلم کرنے والے اپنی جانوں پر سو وہ کافرین بنیاد صلح کی ڈالیں گے اور بوقتِ موت فرمانبرداری ظاہر کرکے کہیں گے کہ ہم کبھی شرک نہ کرتے تھے پس فرشتے ان سے کہیں گے کہ بیشک تم شرک کرتے تھے البتہ اللہ خوب جانتا ہے تمہارے عملوں کو سو وہ تم کو ان کا عوض دیگا۔ اور کافروں سے کہا جائے گا کہ:-

(۲۹) داخل ہو جاؤ تم دوزخ میں ہمیشہ کو اس میں رہنے والے۔ پس برا ٹھکانا ہے تکبر کرنے والوں کا۔

تشریح

(۲۸) حق کے انکار پر ڈٹے رہے آخر اسی حالت میں موت کا وقت آگیا | آج جن کو میدانِ قیامت میں رسوائی کا سامنا ہے یہ لوگ آخر وقت تک اپنی حرکتوں سے باز نہیں آئے اور اسی حالت میں انکی موت کا وقت آگیا۔ موت کو دیکھ کر ساری فوں فاں بھول گئے اور اپنی وفاداری کا اظہار کرنے لگے۔ فرشتے اسوقت کہیں گے کہ اللہ تمہاری حرکتوں سے خوب واقف ہے کوئی مکر اور جھوٹ آج تمہیں اللہ کی سزا سے نہیں بچا سکتا۔

(۲۹) جاؤ اپنے ٹھکانے پر جہنم میں | فرشتے کہیں گے کہ اب ان باتوں سے کوئی فائدہ نہیں ہے عمل کا وقت گزر چکا ہے۔ اب تو جاؤ اپنی کرتوتوں کا مزہ چکھو۔ سدا کے لئے جہنم میں پڑے رہو گے۔ اکڑ بازوں کے لئے یہ بڑا ہی برا ٹھکانہ ہے موت کے وقت اور موت کے بعد عالم برزخ میں روح انسانی اس کیفیت سے گزریگی کہ اس کا احساس و شعور اسی طرح موجود ہوگا اور خواب جیسی ملی جلی کیفیت میں وہ اس تجربے سے گزرے گی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوْا خَيْرًا ۭ

وَقِيْلَ	لِلَّذِيْنَ + اتَّقَوْا	مَاذَآ	اَنْزَلَ	رَبُّكُمْ	قَالُوْا	خَيْرًا
اور کہا گیا	ان لوگوں سے جنہوں نے پرہیزگاری کی	کیا	اُتارا	تمہارا رب	وہ بولے	بہترین

اور پرہیزگاروں سے کہا گیا تمہارے رب نے کیا اُتارا؟ وہ بولے بہترین (کلام)

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ

لِلَّذِيْنَ	اَحْسَنُوْا	فِيْ	هٰذِهِ	الدُّنْيَا	حَسَنَةٌ	وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ
انکے لئے جو لوگ	بھلائی کی	میں	اس	دُنیا	بھلائی	اور آخرت کا گھر

جن لوگوں نے بھلائی کی ان کے لئے اس دنیا میں بھلائی ہے اور آخرت کا گھر (اس سے)

خَيْرٌ ۭ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ۝۳۰

خَيْرٌ	وَلَنِعْمَ	دَارُ الْمُتَّقِيْنَ
بہتر	اور کیا خوب	پرہیزگاروں کا گھر

بہتر ہے اور کیا خوب ہے پرہیزگاروں کا گھر۔

(۳۰) وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا الشِّرْكَ مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۭ قَالُوْا خَيْرًا ۭ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْاِيْمَانِ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ حَيَاةٌ طَيِّبَةٌ ۭ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ اَيِ الْجَنَّةُ خَيْرٌ ۭ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا قَالَ تَعَالٰى فِيْهَا وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ۝

(۳۰) اور ان لوگوں سے کہا جائیگا جو شرک سے بچے کہ تمہارے رب نے کیا اتارا؟ وہ کہیں گے کہ اللہ نے خیر اُتاری ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور بھلائی کی ان کے لئے اس دنیا میں زندگی عمدہ ہے اور البتہ پچھلا گھر یعنی جنت بہتر ہے دنیا سے اور جو کچھ اسمیں ہے۔ اللہ تعالےٰ نے فرمایا اس کے حال میں وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ اور بے شبہ عمدہ ہے گھر پرہیزگاروں کا۔

تشریح

(۳۰) پرہیزگاروں کا حال | متکبرین اور منکرین کے مقابلے میں خدا سے ڈرنے والوں کا حال یہ ہے کہ جب ان سے پوچھا جاتا ہے کہ یہ کتاب جو تمہارے رب نے نازل کی ہے کیسی ہے؟ تو نہایت عقیدت اور ادب سے کہتے ہیں کہ یہ نہایت عمدہ کتاب ہے جو سراپا خیر و برکت ہے۔ ایسے نیکوکاروں کے لئے دنیا میں بھی بھلائی ہے کہ ان کی دنیا کی زندگی سکون و آرام سے بسر ہوگی اور اللہ کے احکام پر چل کر دنیا میں بھی خوشگوار پھل ملیگا اور آخرت کا تو کہنا ہی کیا وہ تو ایسے نیک لوگوں کے حق میں بہتر ہی بہتر ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو خود بھی اللہ کے دین کی قدر کرتے ہیں اور جب لوگ ان سے نبیؐ اور آپکی لائی ہوئی تعلیم کے بارے میں سوال کرتے ہیں تو وہ صحیح بات لوگوں کو بتاتے ہیں اور آپ کی زندگی اور آپ کی تعلیم کی تعریف کرتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ

جَنّٰتُ	عَدْنٍ	يَّدْخُلُوْنَهَا	تَجْرِيْ	مِنْ تَحْتِهَا	الْاَنْهٰرُ	لَهُمْ	فِيْهَا	مَا يَشَآءُوْنَ
باغات	ہمیشگی	وہ انمیں داخل ہونگے	بہتی ہیں	انکے نیچے سے	نہریں	انکے لئے	وہاں	جو وہ چاہیں گے

ہمیشگی کے باغات جنمیں وہ داخل ہونگے، ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ ان کے لئے ہوگا وہاں جو وہ چاہیں گے۔

كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ۙ﴿۳۱﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ

كَذٰلِكَ	يَجْزِي	اللّٰهُ	الْمُتَّقِيْنَ	الَّذِيْنَ	تَتَوَفّٰىهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	طَيِّبِيْنَ
ایسی ہی	جزا دیتا ہے	اللہ	پرہیزگار (جمع)	وہ جو کہ	انکی جانیں نکالتے ہیں	فرشتے	پاک ہوتے ہیں

اللہ پرہیزگاروں کو ایسی ہی جزا دیتا ہے۔ وہ جن کی جان فرشتے (اس حال میں) نکالتے ہیں کہ وہ پاک ہوتے ہیں

يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۲﴾ هَلْ

يَقُوْلُوْنَ	سَلٰمٌ	عَلَيْكُمُ	ادْخُلُوا	الْجَنَّةَ	بِمَا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ	هَلْ
وہ کہتے ہیں	سلامتی	تم پر	تم داخل ہو	جنت	اسکے بدلے جو	تم کرتے تھے (اعمال)	کیا

وہ (فرشتے) کہتے ہیں تم پر سلامتی ہو اپنے اعمال کے جنت میں داخل ہو۔ کیا وہ صرف (یہ)

يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ كَذٰلِكَ فَعَلَ

يَنْظُرُوْنَ	اِلَّآ	اَنْ	تَاْتِيَهُمُ	الْمَلٰٓئِكَةُ	اَوْ يَاْتِيَ	اَمْرُ	رَبِّكَ	كَذٰلِكَ	فَعَلَ
وہ انتظار کرتے ہیں	مگر (صرف)	یہ کہ	انکے پاس آئیں	فرشتے	یا آئے	حکم	تیرا رب	ایسا ہی	کیا

انتظار کرتے ہیں کہ ان کے پاس فرشتے آئیں، یا تیرے رب کا حکم آئے، ایسا ہی ان لوگوں نے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۳۳﴾

الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِهِمْ	وَمَا ظَلَمَهُمُ	اللّٰهُ	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ	يَظْلِمُوْنَ
وہ لوگ جو	ان سے پہلے	اور نہیں ظلم کیا ان پر	اللہ	بلکہ	وہ تھے	اپنی جانیں	ظلم کرتے

کیا جو ان سے پہلے تھے، اور اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔

(۳۱) هِيَ جَنّٰتُ عَدْنٍ اِقَامَةٍ مُبْتَدَأٌ اُخْبِرَ عَنْهُ يَدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ كَذٰلِكَ الْجَزَاءَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ○

(۳۱) وہ باغ ہمیشہ رہنے کے ہیں کہ انمیں متقی داخل ہونگے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں ان کے لئے وہاں وہ سامان تیار ہیں جو وہ چاہیں اللہ پرہیزگاروں کو ایسے ہی جزا دیتا ہے۔

(۳۲) اَلَّذِيْنَ نَعْتٌ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ طَاهِرِيْنَ مِنَ الْكُفْرِ يَقُوْلُوْنَ

(۳۲) وہ پرہیزگار کہ فرشتے ان کو وفات دیں گے درآنحالیکہ وہ کفر سے پاک ہونگے۔ بوقت موت فرشتے کہیں گے کہ تم پر

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَهُمُ عِنْدَ الْمَوْتِ سَلَمٌ عَلَيْكُمُ وَيُقَالُ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○

سلام ہو اور آخرت میں ان سے کہا جائیگا کہ داخل ہو جاؤ تم جنت میں بسبب اپنے عملوں کے۔

(۳۳) هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ○ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ○

(۳۳) کافر اسی کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس فرشتے آویں انکی روح قبض کرنے کو یا تیرے رب کا عذاب ان پر آوے یا قیامت آجاوے جو عذاب کو شامل ہے۔

جیسا انہوں نے کیا ایسا ہی ان سے پہلے امتوں نے کیا تھا کہ انہوں نے اپنے پیغمبروں کو جھٹلایا جس کی سزا میں وہ ہلاک کیے گئے۔ اور اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا کہ بغیر گناہ کے ان کو ہلاک کیا ہو لیکن وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے کفر کرکے۔

تشریح

(۳۱) نیک لوگوں کے لئے جنت کی نعمتیں | ایسے نیک لوگ جو اللہ کے دین پر سچائی سے چلتے ہیں وہ ہمیشہ ہمیشہ جنت کے ان باغوں میں رہیں گے جن کے نیچے رواں دواں نہریں ہونگی وہاں ان کے سارے ارمان پورے ہونگے ہر کام ان کی خواہش کے مطابق ہوگا ان کی ہر چاہت عمل میں آئے گی۔ کوئی کام ان کی مرضی اور پسند کے خلاف نہ ہوگا اس سے بڑھ کر انسان کیلئے کیا نعمت ہو سکتی ہے کہ جو وہ چاہے وہ اس کو مل جائے۔ نیک بندوں کو اللہ تعالیٰ ایسے ہی نوازتے ہیں۔

(۳۲) موت کے وقت نیک لوگوں کا اکرام | ایسے فرمانبردار، متقی اور پرہیزگار لوگ جب ان کی موت کا وقت آئے گا تو انکی پاکیزہ روحیں اللہ کے فرشتے قبض کرتے ہوئے کہیں گے سلام ہو تم پر جاؤ تم جنت میں داخل ہونے کے لائق ہو ان نیکیوں کی وجہ سے جو تم نے کی ہیں اور تم پر اللہ کی رحمت ہے۔ اس طرح موت کے وقت سے ہی ان کی عزت اور ان کا اکرام شروع ہو جائیگا اور ہر مرحلے پر اسی طرح برکتوں کے جلو میں چلتے ہوئے آگے بڑھتے رہیں گے۔

(۳۳) منکرین حق کو بہت سمجھایا جا چکا۔ اب موت کے انتظار کے سوا رہ کیا گیا ہے | جہاں تک سمجھنے سمجھانے کی بات ہے ہر طرح دلائل سے ایک ایک حقیقت پوری پوری کھول کر سامنے رکھ دی گئی ہے۔ اس کائنات کے نظام سے ہر شہادت پیش کر دی گئی ہے۔ اب سمجھنے والے کے لئے سمجھانے کو اس سے زیادہ کچھ باقی نہیں رہا تو کیا اب ان کو اس بات کا انتظار ہے کہ موت کا فرشتہ جان نکالنے کے لئے ان کے سامنے آکر کھڑا ہو جائے۔ یا اللہ کے حکم کے مطابق قیامت آجائے یا مجرموں کو عذاب دینے کا فیصلہ ہو جائے۔ کیا یہ اس وقت اپنے آپ کو سدھاریں گے مگر اس وقت تو کوئی فائدہ نہ ہوگا کیونکہ وقت گزر چکا ہوگا۔ اس طرح جس طرح سے یہ لوگ ڈھٹائی دکھا رہے ہیں پہلے بھی یہ لوگ ایسا کر چکے ہیں مگر انکی ضد اور ہٹ کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا انہوں نے خود ہی اپنے اوپر ظلم کیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ

فَاَصَابَهُمْ	سَيِّاٰتُ	مَا عَمِلُوْا	وَحَاقَ	بِهِمْ	مَّا	كَانُوْا	بِهٖ
پس انہیں پہنچیں	برائیاں	جو انہوں نے کیا (اعمال)	اور گھیر لیا	ان کو	جو	وہ تھے	اس کا

پس اُنہیں پہنچیں ان کے اعمال کی برائیاں، اور انھیں گھیر لیا اس (عذاب) نے جس کا وہ مذاق

يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ ع ۴ ۹ ۱۰

يَسْتَهْزِءُوْنَ	وَقَالَ	الَّذِيْنَ	اَشْرَكُوْا	لَوْ	شَآءَ اللّٰهُ
مذاق اڑاتے	اور کہا	وہ لوگ جو	انہوں نے شرک کیا	اگر	چاہتا اللہ

اڑاتے تھے اور کہا جن لوگوں نے شرک کیا (مشرکوں نے) اگر اللہ چاہتا تو

مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا

مَا	عَبَدْنَا	مِنْ + دُوْنِهٖ	مِنْ شَيْءٍ	نَّحْنُ	وَلَا	اٰبَآؤُنَا	وَلَا
نہ	ہم پرستش کرتے	اس کے ساتھ	کوئی۔کسی۔شے	ہم	اور نہ	ہمارے باپ دادا	اور نہ

نہ ہم پرستش کرتے اور نہ ہمارے باپ دادا اس کے ساتھ کسی شے کی، اور ہم اس

حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ

حَرَّمْنَا	مِنْ دُوْنِهٖ	مِنْ شَيْءٍ	كَذٰلِكَ	فَعَلَ	الَّذِيْنَ	مِنْ +
حرام ٹھیراتے ہم	اسکے (حکم کے) سوا	کوئی شے	اسی طرح	کیا	وہ لوگ جو	ان سے

کے حکم کے سوا کوئی شے حرام نہ ٹھیراتے، اسی طرح ان لوگوں نے کیا جو ان سے

قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۵﴾ وَلَقَدْ

قَبْلِهِمْ	فَهَلْ	عَلَى	الرُّسُلِ	اِلَّا	الْبَلٰغُ	الْمُبِيْنُ	وَلَقَدْ
پہلے	پس کیا	پر (ذمے)	رسول (جمع)	مگر	پہنچادینا	صاف صاف	اور تحقیق

پہلے تھے۔ پس کیا ہے رسولوں کے ذمے مگر صاف صاف پہنچادینا۔ اور تحقیق ہم نے

بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَ

بَعَثْنَا	فِيْ	كُلِّ اُمَّةٍ	رَّسُوْلًا	اَنِ	اعْبُدُوا	اللّٰهَ	وَ
ہم نے بھیجا	میں	ہر اُمت	کوئی رسول	کہ	عبادت کرو	اللہ	اور

بھیجا ہر اُمت میں کوئی نہ کوئی رسول کہ اللہ کی عبادت کرو اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

اجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ

اجْتَنِبُوا	الطَّاغُوتَ	فَمِنْهُمْ	مَّنْ + هَدَى	اللّٰهُ	وَمِنْهُمْ
بچو	سرکش	سوانمیں سے بعض	جسے ہدایت دی	اللہ	اور انمیں سے

سرکش سے بچو، سو ان میں سے کسی کو اللہ نے ہدایت دی، اور ان میں سے

مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ۚ فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا

مَّنْ	حَقَّتْ	عَلَيْهِ	الضَّلٰلَةُ	فَسِيرُوا	فِي الْأَرْضِ	فَانْظُرُوا
بعض	ثابت ہوگئی	اس پر	گمراہی	پس چلو پھرو	زمین میں	پھر دیکھو

بعض پر گمراہی ثابت ہو گئی، پس زمین میں چلو پھرو پھر دیکھو

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ﴿٣٦﴾

كَيْفَ	كَانَ	عَاقِبَةُ	الْمُكَذِّبِينَ
کیسا	ہوا	انجام	جھٹلانے والے

کیسا انجام ہوا جھٹلانے والوں کا۔

(۳۴) فَأَصَابَهُمْ سَيِّئَاتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ○ أَيِ الْعَذَابُ

(۳۴) سو ان کے عملوں کی برائی اور سزا ان کو پہنچی اور ان پر انکے استہزار کرنے کا بدلہ یعنی عذاب نازل ہوا۔

(۳۵) وَقَالَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُونِهِ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُونِهِ مِنْ شَيْءٍ ۚ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ إِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ○ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ۖ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ۚ فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ○ إِنْ تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰهُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي مَنْ يُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِينَ ○ وَأَقْسَمُوا بِاللّٰهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوتُ ۚ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ○ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي يَخْتَلِفُونَ فِيهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّهُمْ كَانُوا كٰذِبِينَ ○ إِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ إِذَا أَرَدْنٰهُ أَنْ نَّقُولَ لَهُ كُنْ فَيَكُونُ ○ وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۖ وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ○ الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ○ وَمَا أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ إِلَّا رِجَالًا نُّوحِي إِلَيْهِمْ ۚ فَاسْأَلُوا أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ○ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ۗ وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ○ أَفَأَمِنَ الَّذِينَ مَكَرُوا السَّيِّئَاتِ أَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْأَرْضَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ○ أَوْ يَأْخُذَهُمْ فِي تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِينَ ○ أَوْ يَأْخُذَهُمْ عَلٰى تَخَوُّفٍ ۚ فَإِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ○ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ يَّتَفَيَّأُ ظِلٰلُهُ عَنِ الْيَمِينِ وَالشَّمَائِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُونَ ○ وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ○ يَخَافُونَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ ○ وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوا إِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۖ إِنَّمَا هُوَ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ ○ وَلَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَلَهُ الدِّينُ وَاصِبًا ۚ أَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُونَ ○ وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ إِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَإِلَيْهِ تَجْـَٔرُونَ ○ ثُمَّ إِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ إِذَا فَرِيقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُونَ ○ لِيَكْفُرُوا بِمَا آتَيْنٰهُمْ ۚ فَتَمَتَّعُوا فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ ○ وَيَجْعَلُونَ لِمَا لَا يَعْلَمُونَ نَصِيبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ۗ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُونَ ○ وَيَجْعَلُونَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهُ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُونَ ○ وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُمْ بِالْأُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهُ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيمٌ ○ يَتَوٰرٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوٓءِ مَا بُشِّرَ بِهِ ۚ أَيُمْسِكُهُ عَلٰى هُونٍ أَمْ يَدُسُّهُ فِي التُّرَابِ ۗ أَلَا سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ○ لِلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۖ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْأَعْلٰى ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ إِلٰٓى أَجَلٍ مُّسَمًّى ۖ فَإِذَا جَآءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُونَ ○ وَيَجْعَلُونَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُونَ ۖ وَتَصِفُ أَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ أَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ۚ لَا جَرَمَ أَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَأَنَّهُمْ مُّفْرَطُونَ ○ تَاللّٰهِ لَقَدْ أَرْسَلْنَا إِلٰٓى أُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ أَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ○ وَمَا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ إِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوا فِيهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُونَ ○ وَاللّٰهُ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۗ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُونَ ○ وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُّسْقِيكُمْ مِّمَّا فِي بُطُونِهِ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِينَ ○ وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيلِ وَالْأَعْنَابِ تَتَّخِذُونَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ۗ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُونَ ○ وَأَوْحٰى رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ بُيُوتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ ○ ثُمَّ كُلِي مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِي سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۚ يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۗ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُونَ ○ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰكُمْ ۗ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ إِلٰٓى أَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ۗ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ قَدِيرٌ ○ وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِينَ فُضِّلُوا بِرَآدِّي رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيهِ سَوَآءٌ ۚ أَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُونَ ○ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ أَنْفُسِكُمْ أَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ أَزْوَاجِكُمْ بَنِينَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُونَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُونَ ○ وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْتَطِيعُونَ ○ فَلَا تَضْرِبُوا لِلّٰهِ الْأَمْثَالَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ○ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ۖ هَلْ يَسْتَوٗنَ ۚ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ○ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ أَحَدُهُمَآ أَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ أَيْنَمَا يُوَجِّهْهُ لَا يَأْتِ بِخَيْرٍ ۖ هَلْ يَسْتَوِي هُوَ ۙ وَمَنْ يَّأْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ○ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَمَآ أَمْرُ السَّاعَةِ إِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ أَوْ هُوَ أَقْرَبُ ۚ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○ وَاللّٰهُ أَخْرَجَكُمْ مِّنْ بُطُونِ أُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُونَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْـِٔدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ○ أَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِي جَوِّ السَّمَآءِ ۚ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا اللّٰهُ ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُونَ ○ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ بُيُوتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُودِ الْأَنْعَامِ بُيُوتًا تَسْتَخِفُّونَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ إِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ أَصْوَافِهَا وَأَوْبَارِهَا وَأَشْعَارِهَآ أَثَاثًا وَّمَتَاعًا إِلٰى حِينٍ ○ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ أَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيلَ تَقِيكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيلَ تَقِيكُمْ بَأْسَكُمْ ۚ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُونَ ○ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِينُ ○ يَعْرِفُونَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُونَهَا وَأَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُونَ ○ وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِينَ كَفَرُوا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ○ وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ○ وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ أَشْرَكُوا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِينَ كُنَّا نَدْعُو مِنْ دُونِكَ ۖ فَأَلْقَوْا إِلَيْهِمُ الْقَوْلَ إِنَّكُمْ لَكٰذِبُونَ ○ وَأَلْقَوْا إِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ السَّلَمَ ۖ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ○ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا يُفْسِدُونَ ○ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ أَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۚ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِينَ ○ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ○ وَأَوْفُوا بِعَهْدِ اللّٰهِ إِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيلًا ۚ إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ○ وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا ۚ تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ أَنْ تَكُونَ أُمَّةٌ هِيَ أَرْبٰى مِنْ أُمَّةٍ ۚ إِنَّمَا يَبْلُوكُمُ اللّٰهُ بِهِ ۚ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ○ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِي مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ○ وَلَا تَتَّخِذُوا أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌ بَّعْدَ ثُبُوتِهَا وَتَذُوقُوا السُّوٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ ۖ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ○ وَلَا تَشْتَرُوا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۚ إِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ○ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ ۖ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ۗ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِينَ صَبَرُوا أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۖ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○ فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْءَانَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ ○ إِنَّهُ لَيْسَ لَهُ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِينَ ءَامَنُوا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ○ إِنَّمَا سُلْطٰنُهُ عَلَى الَّذِينَ يَتَوَلَّوْنَهُ وَالَّذِينَ هُمْ بِهِ مُشْرِكُونَ ○ وَإِذَا بَدَّلْنَآ ءَايَةً مَّكَانَ ءَايَةٍ ۙ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوٓا إِنَّمَآ أَنْتَ مُفْتَرٍ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ○ قُلْ نَزَّلَهُ رُوحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِينَ ءَامَنُوا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِينَ ○ وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّهُمْ يَقُولُونَ إِنَّمَا يُعَلِّمُهُ بَشَرٌ ۗ لِّسَانُ الَّذِي يُلْحِدُونَ إِلَيْهِ أَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِينٌ ○ إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِـَٔايٰتِ اللّٰهِ لَا يَهْدِيهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ○ إِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِـَٔايٰتِ اللّٰهِ ۖ وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُونَ ○ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْ بَعْدِ إِيمَانِهِ إِلَّا مَنْ أُكْرِهَ وَقَلْبُهُ مُطْمَئِنٌّ بِالْإِيمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ○ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْآخِرَةِ ۙ وَأَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِينَ ○ أُولٰٓئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ ۚ وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُونَ ○ لَا جَرَمَ أَنَّهُمْ فِي الْآخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُونَ ○ ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ هَاجَرُوا مِنْ بَعْدِ مَا فُتِنُوا ثُمَّ جٰهَدُوا وَصَبَرُوٓا ۙ إِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ○ يَوْمَ تَأْتِي كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ○ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ ءَامِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّأْتِيهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِأَنْعُمِ اللّٰهِ فَأَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوا يَصْنَعُونَ ○ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُولٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُونَ ○ فَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَاشْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ ○ إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ وَمَآ أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهِ ۖ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ○ وَلَا تَقُولُوا لِمَا تَصِفُ أَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۚ إِنَّ الَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُونَ ○ مَتَاعٌ قَلِيلٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ○ وَعَلَى الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۖ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوٓا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ○ ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ عَمِلُوا السُّوٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَأَصْلَحُوٓا ۙ إِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ○ إِنَّ إِبْرٰهِيمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيفًا ۚ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ○ شَاكِرًا لِّأَنْعُمِهِ ۚ اجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ○ وَءَاتَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۚ وَإِنَّهُ فِي الْآخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِينَ ○ ثُمَّ أَوْحَيْنَآ إِلَيْكَ أَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ إِبْرٰهِيمَ حَنِيفًا ۖ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ○ إِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِيهِ ۚ وَإِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ○ ادْعُ إِلٰى سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ ۖ وَجٰدِلْهُمْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ ۖ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ○ وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوا بِمِثْلِ مَا عُوقِبْتُمْ بِهِ ۖ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِينَ ○ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ○ إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوْا وَّالَّذِينَ هُمْ مُّحْسِنُونَ ○

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۳۶) وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ۚ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ○ رُسُلَهُمْ مِّنَ الْهُلَاكِ

(۳۶) اور بے شک ہم نے ہر جماعت میں ایک پیغمبر بھیجا جیسا کہ تم کو اے محمد ہم نے ان لوگوں میں بھیجا یہ حکم دیکر کہ اللہ کی توحید کا اقرار کرو اور بتوں کی پرستش سے بچو۔ سو بعض ان میں سے وہ ہیں جنکو اللہ نے ہدایت کی پس وہ ایمان لائے اور بعض انمیں سے وہ ہیں جن کے لئے علم خدا میں گمراہ ہونا ثابت ہو چکا سو وہ ایمان نہ لائے

پس اے مکہ کے کافرو زمین میں چلو پھرو سو دیکھو کیونکر ہوا انجام ان لوگوں کا جنھوں نے اپنے پیغمبر کو جھٹلایا کہ وہ ہلاک کئے گئے۔

تشریح

(۳۴) ان کے کرتوتوں کی خرابیاں ان کے سامنے آئیں | جو خرابیاں ان کے سامنے آئیں وہ ان کے اپنے اعمال اور اپنے کرتوتوں کیوجہ سے تھیں جس چیز کا وہ مذاق اڑاتے تھے وہی چیز ان کے سامنے آئی جب اللہ کے عذاب نے گھیرا تو جان بچانے کا کوئی راستہ نہ مل سکا۔

(۳۵) اللہ نے انسان کو با ارادہ اور با اختیار مخلوق بنایا ہے | انسان اگر اپنی تخلیق پر غور کرے تو اسے معلوم ہوگا کہ دوسری مخلوقات پر انسان کو جو امتیاز حاصل ہے وہ یہ ہے کہ اللہ نے اس کو ایک محدود دائرے میں اپنے ارادے سے عمل کرنے کی آزادی دی ہے کہ وہ چاہے تو ایک کام کرے اگر نہ چاہے تو نہ کرے اللہ تعالیٰ نے اس کو مجبور محض نہیں بنایا۔ اب اگر انسان اپنے ارادے سے غلط راستہ اختیار کرتا ہے اللہ کے ساتھ دوسری ہستیوں کو شریک بناتا ہے ان کی عبادت کرتا ہے۔ یا اللہ نے جس چیز کو حرام نہیں ٹھیرایا اسکے حکم کے بغیر اسکو حرام ٹھہراتا ہے تو یہ سب وہ اپنے ارادے اور اللہ کے دئیے ہوئے اختیار سے کر رہا ہے اسلئے اس کی ذمہ داری اسی پر ہے، یہ بہانے بازیاں ہیں کہ اگر اللہ چاہتا تو ہم اور ہمارے باپ دادا ایسا نہ کرتے۔ اس سے پہلے لوگ بھی اسی طرح کی باتیں بناتے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حق اور ناحق اچھائی اور برائی بتلانے کے لئے اپنے پیغمبر بھیجے ہیں وہ اپنا کام انجام دیتے رہے ہیں۔

(۳۶) اللہ کے رسولوں نے سمجھانے میں کمی نہیں کی | اللہ تعالیٰ ہر امت اور ہر قوم میں اپنے پیغمبر بھیجتے رہے ہیں جو بندوں کو آگاہ کرتے رہے ہیں کہ دیکھو تم صرف اللہ کی بندگی کرو اور طاغوت کی بندگی سے بچو۔ پیغمبروں کی یہ بات سن کر کچھ لوگوں نے ہدایت کے راستے کو قبول کر لیا اور کسی نے ان کی بات کو نہیں مانا۔ جنھوں نے اللہ کے پیغمبروں کی بات نہیں مانی ذرا زمین میں چل پھر کر دیکھو کہ ان کا انجام کیا ہوا اصل میں جو غلط فہمی پیدا ہوتی ہے وہ اس بات سے پیدا ہوتی ہے کہ ایک ہے اللہ کی مشیت اور دوسرے ہے اس کی رضا۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی ذی اختیار مخلوق انسان اور جنات کو آزادی دے رکھی ہے کہ وہ خیر اور شر میں سے جسکو چاہیں منتخب کر لیں اگر کوئی شر کے راستے کو اختیار کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو زبردستی روکتے نہیں، اس زبردستی نہ روکنے کا نام "مشیت" ہے اور اگر کوئی اپنی مرضی سے خیر کا راستہ اختیار کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کو روکتے نہیں بلکہ توفیق دیتے ہیں کہ وہ کرے تو اسمیں مشیت کے ساتھ اللہ کی رضا بھی شامل ہے یعنی اللہ تعالیٰ اس سے خوش ہیں کہ میرے بندے نے خیر کا راستہ اختیار کیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنْ تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰىهُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ

إِنْ	تَحْرِصْ	عَلٰى + هُدٰى + هُمْ	فَإِنَّ + اللّٰهَ	لَا يَهْدِيْ	مَنْ
اگر	تم للچاؤ	ان کی ہدایت کے لئے	تو بیشک اللہ	ہدایت نہیں دیتا	جسے

اگر تم ان کی ہدایت کے لئے للچاؤ تو بیشک اللہ ہدایت نہیں دیتا جسے وہ

يُضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَأَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ

يُضِلُّ	وَمَا لَهُمْ	مِّنْ	نّٰصِرِيْنَ	وَأَقْسَمُوْا	بِاللّٰهِ	جَهْدَ
وہ گمراہ کرتا ہے	اور نہیں انکے لئے	کوئی	مددگار	اور انہوں نے قسم کھائی	اللہ کی	اپنی سخت

گمراہ کرتا ہے اور ان کا کوئی مددگار نہیں۔ اور انہوں نے اللہ کی قسم کھائی اپنی سخت (پُرزور)

أَيْمَانِهِمْ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ۭ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا

أَيْمَانِهِمْ	لَا يَبْعَثُ	اللّٰهُ	مَنْ	يَّمُوْتُ	بَلٰى	وَعْدًا	عَلَيْهِ	حَقًّا
قسم	نہیں اٹھائے گا	اللہ	جو	مرجاتا ہے	کیوں نہیں	وعدہ	اس پر	سچا

قسم کہ جو مرجاتا ہے اسے اللہ (روز قیامت) نہیں اٹھائے گا۔ کیوں نہیں؟ اس پر اس کا وعدہ سچا ہے

وَّلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ

وَلٰكِنَّ	أَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَعْلَمُوْنَ	لِيُبَيِّنَ	لَهُمُ	الَّذِيْ	يَخْتَلِفُوْنَ
اور لیکن	اکثر	لوگ	نہیں جانتے	تاکہ ظاہر کردے	انکے لئے	جو	اختلاف کرتے ہیں

لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ تاکہ ان کے لئے ظاہر کردے جسمیں وہ اختلاف کرتے ہیں

فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا أَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿۳۹﴾

فِيْهِ	وَلِيَعْلَمَ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا	أَنَّهُمْ	كَانُوْا	كٰذِبِيْنَ
اسمیں	اور تاکہ جان لیں	جن لوگوں نے کفر کیا (کافر)	کہ وہ	تھے	جھوٹے۔

اور تاکہ کافر جان لیں کہ وہ جھوٹے تھے۔

﴿۳۷﴾ إِنْ تَحْرِصْ يَا مُحَمَّدُ عَلٰى هُدٰىهُمْ وَقَدْ أَضَلَّهُمُ اللّٰهُ لَا تَقْدِرُ عَلٰى ذٰلِكَ فَإِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ بِالْيَاءِ لِلْمَفْعُوْلِ وَالْفَاعِلِ مَنْ يُّضِلُّ مَنْ يُّرِيْدُ إِضْلَالَهٗ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ○

﴿۳۷﴾ تم اے محمدؐ اگر حرص کرو اس کی کہ وہ راہ پر آویں حالانکہ اللہ نے ان کو گمراہ کیا تو تم میں یہ طاقت نہیں پس بے شبہ جس کو اللہ گمراہ کرنا چاہتا ہے اس کو راہ نہیں دکھلاتا اور کافروں کے لئے کوئی بچانے والا عذاب الٰہی سے نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَا نَعْبُدُهُمْ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ

(۳۸) وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ اَىْ غَايَةَ اِجْتِهَادِهِمْ فِيْهَا لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ قَالَ تَعَالٰى بَلٰى يَبْعَثُهُمْ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا مَصْدَرَانِ مُؤَكِّدَانِ مَنْصُوْبَانِ بِفِعْلِهِمَا الْمُقَدَّرِ اَىْ وَعَدَ ذٰلِكَ وَعْدًا وَحَقَّهُ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ اَىْ اَهْلَ مَكَّةَ لَا يَعْلَمُوْنَ ○ ذٰلِكَ

(۳۹) لِيُبَيِّنَ مُتَعَلِّقٌ بِيَبْعَثُهُمُ الْمُقَدَّرِ لَهُمُ الَّذِىْ يَخْتَلِفُوْنَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْهِ مِنْ اَمْرِ الدِّيْنِ بِتَعْذِيْبِهِمْ وَاِثَابَةِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ○ فِىْ اِنْكَارِ الْبَعْثِ

(۳۸) اور انہوں نے بڑی پکی پکی قسمیں اللہ کی کھائیں کہ خدا تعالیٰ زندہ نہ کریگا ان کو جو مرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا بالضرور اللہ ان کو زندہ کرکے اٹھاویگا۔ یہ اللہ کا وعدہ ہے سچا ضرور پورا ہونے والا ولیکن اکثر آدمی یعنی اہل مکہ اسکو نہیں جانتے۔

(۳۹) اللہ ان کو اٹھاویگا تاکہ ظاہر فرمادے انکے لئے وہ باتیں متعلق مذہب کے جن میں مسلمانوں کے ساتھ اختلاف کرتے تھے اسطرح کہ کافروں کو گرفتار عذاب کرے اور ایمان والوں کو اچھا عوض عطا فرماوے، اور تاکہ جان لیں کافر یہ کہ وہ حشر ونشر کے انکار میں جھوٹے تھے۔

تشریح

(۳۷) انسان خود ارادہ نہ کرے تو اللہ بھی ہدایت نہیں دیتے | جب یہ معلوم ہوگیا کہ انسان ایک باارادہ اور با اختیار مخلوق ہے تو ہدایت کے لئے شرط ہے کہ انسان خود بھی ارادہ کرے۔ جب انسان ارادہ کریگا تبھی اللہ کی توفیق شامل ہوکر اسکو راہِ ہدایت پر لائے گی۔ اگر انسان خود ہدایت کا طلبگار نہ ہو تو اللہ کے پیغمبر اس کی ہدایت کے لئے چاہے کتنے بھی خواہشمند ہوں اس کو ہدایت نصیب نہیں ہوگی جو آدمی خود بھٹک جاتا ہے اللہ اس کو ہدایت نہیں دیتا اور نہ اس طرح کے لوگوں کی مدد کرتا ہے۔

(۳۸) حیات بعد الموت کا انکار لاعلمی ہے | بہت سے لوگ لاعلمی اور جہالت کی وجہ سے قسمیں کھاکھا کر مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے کا انکار کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ایسا کیوں نہیں کریگا مرنے والوں کو پھر سے زندہ کرکے کیوں نہیں اٹھائے گا۔ یہ تو ایک حقیقت ہے اور اللہ کا وعدہ ہے جسے وہ پورا کرکے رہیگا۔

(۳۹) حیات بعد الموت ایک عقلی اور اخلاقی ضرورت ہے | موت کے بعد انسان کا دوبارہ زندہ ہونا اور ان کے اعمال کا آخری فیصلہ ہونا اس کی ضرورت عقل کے اعتبار سے بھی ہے کیونکہ انسان جب سے دنیا میں آیا ہے حقیقت کے بارے میں بے شمار اختلافات پائے جاتے ہیں سچائی کیا ہے باطل کیا ہے حق کیا ہے کبھی تو کوئی دن آئے کہ اس کا فیصلہ ہو کہ حق حقیقت میں کیا ہے دنیا میں اس کا فیصلہ اسلئے نہیں کیا جاسکتا کہ یہ عالم نتیجے کا نہیں ہے بلکہ یہ دُنیا عمل کی ہے اسلئے ایک اور عالم برپا ہونا چاہیئے جہاں سچائی کے چہرے سے نقاب اٹھا دیا جائے اور منکرین حق کو معلوم ہوجائے کہ وہ جھوٹے تھے۔

عقل کے علاوہ اخلاق کا بھی تقاضہ ہے کہ اچھے اور برے عمل کا پورا پورا بدلہ ملنا ہی چاہیئے یہ دنیا کیوں کہ محدود ہے اسلئے پوری سزا یا پوری جزا اعمال کی ممکن نہیں ہے اسلئے ایک ایسا عالم برپا ہونا چاہیئے جہاں ہر ایک کو اس کے کئے کا پورا پورا نتیجہ مل سکے اس لئے موت کے بعد زندگی اور عالم آخرت ایک عقلی تقاضہ بھی ہے اور اخلاقی ضرورت بھی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ع ۱۱ إِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ إِذَا أَرَدْنَاهُ أَنْ نَّقُولَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ﴿۴۰﴾

إِنَّمَا	قَوْلُنَا	لِشَيْءٍ	إِذَا + أَرَدْنَاهُ	أَنْ + نَّقُولَ	لَهُ	كُن	فَيَكُونُ
اسکے سوانہیں	ہمارا فرمانا	کسی چیز کو	جب ہم اسکا ارادہ کریں	کہ ہم کہتے ہیں	اسکو	"ہوجا"	تو وہ ہوجاتا ہے

جب ہم کسی چیز کا ارادہ کریں تو ہمارا فرمانا اس کے سوانہیں کہ ہم اس کو کہتے ہیں کہ "ہوجا" تو وہ ہوجاتا ہے

وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي اللَّهِ مِن بَعْدِ مَا ظُلِمُوا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي

وَالَّذِينَ	هَاجَرُوا	فِي اللَّهِ	مِن + بَعْدِ	مَا ظُلِمُوا	لَنُبَوِّئَنَّهُمْ	فِي
اور وہ لوگ جو	انہوں نے ہجرت کی	اللہ کیلئے	اس کے بعد	کہ ان پر ظلم کیا گیا	ضرور ہم انہیں جگہ دینگے	میں

اور جن لوگوں نے اللہ کے لئے ہجرت کی اس کے بعد کہ ان پر ظلم کیا گیا، ہم انہیں ضرور جگہ دینگے

الدُّنْيَا حَسَنَةً ۖ وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿۴۱﴾

الدُّنْيَا	حَسَنَةً	وَلَأَجْرُ	الْآخِرَةِ	أَكْبَرُ	لَوْ	كَانُوا يَعْلَمُونَ
دنیا	اچھی	اور بیشک اجر	آخرت	بہت بڑا	کاش	وہ جانتے

دنیا میں اچھی اور بیشک آخرت کا اجر بہت بڑا ہے۔ کاش (وہ ہجرت سے رہ جانیوالے) جانتے

الَّذِينَ صَبَرُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ﴿۴۲﴾

الَّذِينَ	صَبَرُوا	وَعَلَىٰ + رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُونَ
وہ لوگ جو	انہوں نے صبر کیا	اور اپنے رب پر	بھروسہ کرتے ہیں

جن لوگوں نے صبر کیا اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔

(۴۰) إِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ إِذَا أَرَدْنَاهُ أَيْ أَرَدْنَا إِيجَادَهُ وَقَوْلُنَا مُبْتَدَأٌ خَبَرُهُ أَنْ نَّقُولَ لَهُ كُن فَيَكُونُ ○ أَيْ فَهُوَ يَكُونُ وَفِي قِرَاءَةٍ بِالنَّصْبِ عَطْفًا عَلَى نَقُولَ وَالْآيَةُ لِتَقْرِيرِ الْقُدْرَةِ عَلَى الْبَعْثِ

(۴۰) بات یہ ہے کہ ہم جس چیز کو پیدا کرنا چاہتے ہیں اس کو یہ کہدیتے ہیں کہ موجود ہو سو وہ ہوجاتی ہے۔ (یَکُوْنُ کو رفع ہو تو خبر ہے۔ مبتدا اسکی فیکون کی اصل فہو یکون ہے۔ اور اگر نصب ہو تو عطف نقول پر۔ اور اس آیت میں حق تعالیٰ کی قدرت کا بیان ہے مُردوں کو زندہ کرنے کے بارہ میں ہے۔

(۴۱) وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي اللَّهِ لِإِقَامَةِ دِينِهِ مِن بَعْدِ مَا ظُلِمُوا بِالْأَذَى مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ وَهُمُ النَّبِيُّ

(۴۱) وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الخ اور جن لوگوں نے اللہ کے دین کے قائم کرنے کو اسکی راہ میں ہجرت کی بعد اسکے کہ ان پر ظلم ہوا یعنی مکہ والوں نے ان کو تکالیف پہنچائیں مراد ان سے رسول اللہ صلی اللہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهٗ لَنُبَوِّئَنَّهُمْ نُزُلًا فِي الدُّنْيَا دَارًا حَسَنَةً ۚ هِيَ الْمَدِيْنَةُ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَيِ الْجَنَّةُ اَكْبَرُ مِمَّا عَظُمَ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ○ اَيِ الْكُفَّارُ اَوِ الْمُتَخَلِّفُوْنَ عَنِ الْهِجْرَةِ مَا لِلْمُهَاجِرِيْنَ مِنَ الْكَرَامَةِ لَوَافَقُوْهُمْ

علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کرام ہیں، بیشک ہم انکو دنیا میں اچھا گھر رہنے کو دینگے مراد اس سے مدینہ ہے اور بیشک آخرت کا ثواب یعنی جنت زیادہ بڑی ہے۔ اگر کافرین یا وہ لوگ جو ہجرت سے پیچھے رہے اس ثواب سے واقف ہوتے جو مہاجرین کے لئے تیار ہے تو ان کے ساتھ ہجرت کرتے پیچھے نہ رہتے۔

(۴۲) هُمُ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا عَلٰٓى اَذَى الْمُشْرِكِيْنَ وَالْهِجْرَةِ لِاِظْهَارِ الدِّيْنِ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ○ فَيَرْزُقُهُمْ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُوْنَ

(۴۲) جن لوگوں نے اہل شرک کے تکالیف پہنچانے پر صبر کیا اور دین کے پھیلانے اور ظاہر کرنے کے لئے ہجرت کی اور اس پر جمے رہے اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں سو ان کو اللہ روزی دیگا اس جگہ سے کہ انکو وہاں کا گمان بھی نہ ہوگا۔

تشریح

(۴۰) **اللہ کے لئے دوبارہ پیدا کرنا کوئی مشکل نہیں** | رہی یہ بات کہ اللہ تعالیٰ مُردوں کو کس طرح دوبارہ زندہ کریں گے اور کس طرح تمام اگلے پچھلے انسانوں کو دوبارہ زندہ کرکے اٹھائیں گے تو معلوم ہونا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہیں اپنے کسی کام کو پورا کرنے کے لئے ان کو نہ کسی سبب کی ضرورت ہے اور نہ سروسامان اور وسیلے کی اس کے ایک حکم سے اسباب و وسائل بھی پیدا ہو جاتے ہیں اور جو وہ کرنا چاہتا ہے آناً فاناً وہ چیز وجود میں آجاتی ہے جس طرح اس نے اس عالم کو اپنے ایک حکم سے پیدا کیا ہے اسی طرح وہ اپنے ایک حکم اور قدرت سے دوسرا عالم بھی برپا کر لیگا۔

(۴۱) **اللہ کی خاطر ہجرت کرنے والوں کے مرتبے** | انسان کے اعمال اطاعت وفاداری اور معصیت و نافرمانی کا پورا نتیجہ سامنے لانے کے لئے ایک اور عالم "عالم آخرت" کا برپا ہونا عقل، اخلاق اور انصاف کا تقاضہ ہے۔ کتنے ہی اللہ کے وفادار بندے کیسی کیسی مشکلات جھیلتے ہوئے دنیا سے چلے جاتے ہیں کیا انکی قربانیوں کو ضائع کیا جاسکتا ہے جن لوگوں نے حق کی حمایت اور اللہ کی رضاجوئی کے لئے سختیاں برداشت کیں ظلم وستم جھیلے یہاں تک کہ مجبور ہو کر اللہ کے لئے اپنا گھر بار چھوڑ کر ہجرت کر گئے اس کا صلہ ان کو مل کر رہیگا۔ دنیا میں بھی ان کو عزت کا مقام حاصل ہوگا اور آخرت کا اجر تو ہے ہی بہت بڑا۔ سب سے پہلی ہجرت مکہ مکرمہ سے حبشہ کی طرف ہوئی تقریباً اسّی حضرات مکہ چھوڑ کر حبشہ چلے گئے۔ مکہ کے لوگوں کی جفاکاریوں کے بعد مظلوموں کی دادرسی کے لئے ایک اور عالم ہونا ہی چاہیئے جہاں ان کی نیکیوں کے مطابق مرتبے عطا کئے جائیں۔

(۴۲) **اللہ کی خاطر صبر کرنے والوں کا مقام** | جو لوگ ظالموں کے ظلم سے ذرا نہیں گھبرائے، صبر و ہمت سے کام لیا وطن اور رشتہ داروں کے چھوٹنے کی پروا نہیں کی اللہ ہی پر بھروسہ رکھا اور اس کی امداد اور وعدوں کے سہارے سب کچھ برداشت کرتے رہے۔ اللہ تعالیٰ بھی ایسے لوگوں کو نظر انداز نہیں کرینگے اور ان کو بلند مقام عطا کیا جائیگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ

وَمَآ	اَرْسَلْنَا	مِنْ قَبْلِكَ	اِلَّا رِجَالًا	نُّوْحِيْٓ	اِلَيْهِمْ	فَسْئَلُوْٓا	اَهْلَ
اور نہیں	ہم نے بھیجے	تم سے پہلے	مردوں کے سوا	ہم وحی کرتے ہیں	انکی طرف	پس پوچھو	یاد رکھنے

اور ہم نے تم سے پہلے بھی مردوں کے سوا (رسول) نہیں بھیجے، ہم وحی کرتے ہیں انکی طرف، یاد رکھنے والوں سے

الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۳﴾ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ۭ وَاَنْزَلْنَآ

الذِّكْرِ	اِنْ كُنْتُمْ	لَا تَعْلَمُوْنَ	بِالْبَيِّنٰتِ	وَالزُّبُرِ	وَاَنْزَلْنَآ
والے	اگر تم ہو	نہیں جانتے	نشانیوں کے ساتھ	اور کتابیں	اور ہم نے نازل کی

پوچھو اگر تم نہیں جانتے (ان رسولوں کو ہم نے بھیجا تھا) نشانیوں اور کتابوں کے ساتھ، اور ہم نے تمہاری طرف

اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ

اِلَيْكَ	الذِّكْرَ	لِتُبَيِّنَ	لِلنَّاسِ	مَا نُزِّلَ	اِلَيْهِمْ	وَلَعَلَّهُمْ
تمہاری طرف	یادداشت (کتاب)	تاکہ واضح کردو	لوگوں کیلئے	جو نازل کیا گیا	انکی طرف	اور تاکہ وہ

کتاب نازل کی ہے تاکہ لوگوں کے لئے واضح کردو جو اُن کی طرف نازل کیا گیا ہے تاکہ وہ غور و

يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۴﴾ اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ

يَتَفَكَّرُوْنَ	اَفَاَمِنَ	الَّذِيْنَ	مَكَرُوا	السَّيِّاٰتِ	اَنْ يَّخْسِفَ
غور و فکر کریں	کیا بیخوف ہوگئے ہیں	جن لوگوں نے	داؤ کئے	برے	کہ دھنسادے

فکر کریں ۔ جن لوگوں نے بُرے داؤ کئے کیا وہ اس سے بے خوف ہوگئے ہیں کہ اللہ ان کو

اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا

اللّٰهُ	بِهِمُ	الْاَرْضَ	اَوْ يَاْتِيَهُمُ	الْعَذَابُ	مِنْ حَيْثُ	لَا
اللہ	ان کو	زمین	یا ان پر آئے	عذاب	اس جگہ سے	نہیں

زمین میں دھنسا دے؟ یا ان پر عذاب آجائے جہاں سے ان کو خبر ہی

يَشْعُرُوْنَ ﴿۴۵﴾ اَوْ يَاْخُذَهُمْ فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۴۶﴾ اَوْ

يَشْعُرُوْنَ	اَوْ	يَاْخُذَهُمْ	فِيْ	تَقَلُّبِهِمْ	فَمَا هُمْ	بِمُعْجِزِيْنَ	اَوْ
وہ خبر رکھتے	یا	انہیں پکڑلے	میں	انکو چلتے پھرتے	پس نہیں	وہ عاجز کرنیوالے	یا

نہ ہو یا انہیں پکڑلے چلتے پھرتے، پس وہ (اللہ کو) عاجز کرنے والے نہیں ۔ یا

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَأْخُذَهُمْ عَلٰى تَخَوُّفٍ ؕ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۴۷﴾

يَأْخُذَهُمْ	عَلٰى	تَخَوُّفٍ	فَاِنَّ	رَبَّكُمْ	لَرَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ
انہیں پکڑ لے	پر (بعد)	ڈرانا	پس بیشک	تمہارا رب	مہربان	نہایت رحم کرنے والا

انہیں ڈرانے کے بعد پکڑ لے، پس بیشک تمہارا رب مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔

﴿۴۳﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ لَا مَلَائِكَةً فَاسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اَلْعُلَمَاءَ بِالتَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ ذٰلِكَ فَاِنَّهُمْ يَعْلَمُوْنَهٗ وَاَنْتُمْ اِلٰى تَصْدِيْقِهِمْ اَقْرَبُ مِنْ تَصْدِيْقِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

﴿۴۳﴾ اور ہم نے تم سے پہلے آدمیوں ہی کو پیغمبر بنا کر بھیجا جن پر ہم نے وحی بھیجی فرشتوں کو نہیں بھیجا سو تم پوچھ لو توراہ اور انجیل کے جاننے والوں سے اگر تم اس کو نہیں جانتے کیونکہ وہ اس کو جانتے ہیں اور تم ان کے صادق سمجھنے کے زیادہ نزدیک ہو مسلمانوں کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سچا سمجھنے سے۔

﴿۴۴﴾ بِالْبَيِّنٰتِ مُتَعَلِّقٌ بِمَحْذُوْفٍ اَيْ اَرْسَلْنَاهُمْ بِالْحُجَجِ الْوَاضِحَةِ وَالزُّبُرِ اَلْكُتُبِ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ اَلْقُرْاٰنَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ فِيْهِ مِنَ الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ فِيْ ذٰلِكَ فَيُعْتَبَرُوْنَ

﴿۴۴﴾ ہم نے پیغمبروں کو ظاہر دلیلیں اور کتابیں دیکر بھیجا اور ہم نے تیری طرف قرآن اتارا تاکہ تم لوگوں سے بیان کر دو وہ جو انکی طرف حلت وحرمت کے احکام اتارے گئے اور تاکہ وہ اس میں فکر کریں اور عبرت پکڑیں۔

﴿۴۵﴾ اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا الْمَكَرَاتِ السَّيِّاٰتِ بِالنَّبِيِّ فِيْ دَارِ النَّدْوَةِ مِنْ تَقْيِيْدِهٖ اَوْ قَتْلِهٖ اَوْ اِخْرَاجِهٖ كَمَا ذُكِرَ فِي الْاَنْفَالِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ كَقَارُوْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝ اَيْ مِنْ جِهَةٍ لَا تَخْطُرُ بِبَالِهِمْ وَقَدْ اُهْلِكُوْا بِبَدْرٍ وَلَمْ يَكُوْنُوْا يَقْدِرُوْا ذٰلِكَ

﴿۴۵﴾ سو کیا وہ لوگ جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ برے مکر اور دار ندوہ میں آپ کے قید یا قتل کرنے یا نکالنے کا مشورہ کیا اس سے امن میں ہیں کہ انکو اللہ زمین میں اتار دے، جیسے قارون کو یا اُن پر عذاب آوے اس طرف سے کہ ان کے دل میں اس کا خطرہ بھی نہ گذرے، اور بیشک اللہ نے ان کو بدر کی لڑائی میں ہلاک کیا حالانکہ ان کے خیال میں نہ تھا کہ ایسا ہو جائیگا

﴿۴۶﴾ اَوْ يَاْخُذَهُمْ فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فِيْ اَسْفَارِهِمْ لِلتِّجَارَةِ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝

﴿۴۶﴾ یا اللہ ان کو پکڑے اسوقت جب وہ تجارت کے لئے سفر کریں سو وہ عذاب الٰہی سے بچ نہیں سکتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِفَائِتِيْنَ الْعَذَابَ

(۴۷) اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى تَخَوُّفٍ ؕ تَنْقُصُ شَيْئًا فَشَيْئًا حَتّٰى يُهْلِكُ الْجَمِيْعَ حَالٌ مِّنَ الْفَاعِلِ اَوِ الْمَفْعُوْلِ فَاِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○ حَيْثُ لَمْ يُعَاجِلْهُمْ بِالْعُقُوْبَةِ

(۴۷) یا ان کو پکڑے آہستہ تھوڑا تھوڑا یہاں تک کہ سب ہلاک ہو جاویں پس بلاشبہ تمہارا رب مہربان رحمت والا ہے کہ انکو جلد عذاب میں نہیں پکڑتا۔

تشریح

(۴۳) رسول ہر زمانے میں بھیجے جاتے رہے ہیں | رسولوں کی آمد کوئی نئی بات نہیں ہے اے محمدؐ آپ سے پہلے بھی جو رسول آئے ہیں وہ انسان ہی تھے جن پر ہم اپنے پیغامات وحی کے ذریعہ بھیجتے تھے اسلئے کسی انسان کا پیغمبر ہونا اور اس پر وحی کا نازل ہونا کوئی نئی بات نہیں ہے۔ اگر تمہیں معلوم نہیں ہے تو ان لوگوں سے جو پہلے انبیاء کی سرگذشت اور آسمانی کتابوں کی تعلیمات سے واقف ہوں ان سے پوچھ سکتے ہو کہ فی الواقع پہلے بھی انسان ہی پیغمبری کے منصب پر فائز کئے گئے تھے جو بات آدمی کو خود معلوم نہ ہو دوسرے جاننے والوں سے اس کو معلوم کر لینا چاہیئے۔

(۴۴) رسول ہر زمانے کے لئے نمونہ رہے ہیں | اللہ کے جتنے بھی نبی اور رسول آئے ہیں وہ روشن نشانیاں لیکر آئے ہیں اور اللہ نے ان پر اپنا کلام اور کتابیں نازل کی ہیں تاکہ وہ اپنی زبان اور اپنے عمل سے اللہ کی ہدایت کی ترجمانی کریں اور عملاً اس کا دین قائم کرنے کی کوشش کریں اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے آخری پیغمبر حضرت محمدؐ کو بھیجا گیا ہے۔ اور اے محمدؐ ہم نے تمہارے اوپر یہ قرآن نازل کیا ہے تاکہ تم اپنی زبان اور اپنے عمل سے ہمارے منشا کی وضاحت کرتے جاؤ اور لوگ اللہ کی اس تعلیم پر غور و فکر کریں اور کچھ سمجھنا چاہیں اور پوچھنا چاہیں تو تم ان کے سامنے اس کی وضاحت کر سکو۔ اگر صرف کتاب نازل کی جائے اور کتاب کے ساتھ پیغمبر نہ ہوں تو کتاب کے منشا کو نہیں سمجھا جا سکتا اسلئے یہ تو ہوا ہے کہ پیغمبر آئے مگر کتاب نہیں آئی مگر یہ کبھی نہیں ہوا کہ کتاب آئی ہو اور اس کے ساتھ پیغمبر نہ ہو پھر یہ کہ پیغمبر کا کام اللہ کے منشا کی وضاحت کے ساتھ ساتھ یہ بھی ہے کہ وہ عملاً اللہ کے دین کو قائم کرے اور لوگوں کے سامنے عملی نمونہ پیش کرے تاکہ لوگ سنیں بھی اور دیکھیں بھی۔ یہ حقیقت ہے کہ انسان کانوں سے نہیں آنکھوں سے بنتا ہے اسلئے اسکے سامنے عملی نمونہ ہونا ضروری ہے اور انسانوں کے لئے انسان ہی نمونہ ہو سکتا ہے۔

(۴۵) کیا منکرین حق اللہ کے عذاب سے نڈر ہو گئے ہیں | تاریخ اس بات پر شاہد ہے کہ جب اللہ نے اپنے پیغمبر بھیجے اور انہوں نے اللہ کے دین کی دعوت دی تو حق کا انکار کرنے والوں کا انجام بڑا عبرتناک ہوا ہے۔ یہ سب معلوم ہونے کے بعد آج جو لوگ پیغمبر کی پیش کی ہوئی سچی دعوت کے خلاف الٹی سیدھی چالیں چل رہے ہیں کیا بالکل ہی اس بات سے بے خوف اور نڈر ہو گئے ہیں۔ قارون کی طرح ان کو زمین میں دھنسا دیا جائے یا ایسے گوشے سے عذاب انکو آگھیرے جہاں سے انکو وہم و گمان بھی نہ ہو۔ کیا خیال ہو سکتا تھا کہ مٹھی بھر وہ لوگ جن کو وطن چھوڑنے پر مجبور کیا گیا تھا اپنے سے بڑی طاقت کا مقابلہ اسطرح سے کریں گے کہ ان کے دانت کھٹے کر دیں۔

(۴۶) اللہ تعالیٰ کسی وقت بھی پکڑ سکتے ہیں | اللہ کی پکڑ کسی وقت بھی اور کسی طرح بھی آسکتی ہے آدمی اچھا خاصا چلتا پھرتا ہو یا آرام سے بستر پر کروٹیں بدل رہا ہو اس حالت میں بھی اللہ کی پکڑ آسکتی ہے اللہ تم پر پوری طرح قادر ہے تم اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔

(۴۷) قدرت کے باوجود اللہ تعہ مہربان ہیں | اللہ تعہ کو سب کچھ قدرت ہے وہ اچانک بھی پکڑ سکتا ہے اور اس طرح بھی کہ انہیں آنیوالی مصیبت کا کھٹکا لگا ہو اور وہ اس سے بچنے کی کوشش میں چوکنے ہوں اور بچنے کی تدبیریں بھی کر رہے ہوں مگر اللہ تعہ اس حالت میں بھی ان کو پکڑ سکتا ہے۔ اسکے باوجود ڈھیل دینے میں اللہ کی بہت سی حکمتیں ہیں اور اس میں شک نہیں کہ تمہارا رب بڑا ہی نرم خو اور مہربان ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَىٰ مَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ يَتَفَيَّأُ ظِلَالُهُ عَنِ

أَوَ	لَمْ يَرَوْا	إِلَىٰ	مَا خَلَقَ	اللَّهُ	مِن شَيْءٍ	يَتَفَيَّأُ	ظِلَالُهُ	عَنِ
کیا	انہوں نے نہیں دیکھا	طرف	جو پیدا کیا	اللہ	جو چیز	ڈھلتے ہیں	اسکے سائے	سے

کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ جو چیز اللہ نے پیدا کی ہے، اس کے سائے ڈھلتے ہیں دائیں سے

الْيَمِينِ وَالشَّمَائِلِ سُجَّدًا لِّلَّهِ وَهُمْ دَاخِرُونَ ﴿٤٨﴾ وَلِلَّهِ

الْيَمِينِ	وَالشَّمَائِلِ	سُجَّدًا	لِلَّهِ	وَهُمْ	دَاخِرُونَ	وَلِلَّهِ
دائیں	اور بائیں	سجدہ کرتے ہوئے	اللہ کیلئے	اور وہ	عاجزی کرنے والے	اور اللہ کے لئے

اور بائیں سے، اللہ کے لئے سجدہ کرتے ہوئے، اور وہ عاجزی کرنے والے ہیں اور

يَسْجُدُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مِن دَابَّةٍ وَّ

يَسْجُدُ	مَا فِي	السَّمَاوَاتِ	وَمَا	فِي	الْأَرْضِ	مِن	دَابَّةٍ	وَّ
سجدہ کرتا ہے	جو میں	آسمانوں	اور جو	میں	زمین	سے	جاندار	اور

اللہ کو سجدہ کرتا ہے جو بھی آسمانوں میں اور جو بھی جانداروں میں سے زمین میں ہے اور

الْمَلَائِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ﴿٤٩﴾ يَخَافُونَ رَبَّهُم

الْمَلَائِكَةُ	وَهُمْ	لَا يَسْتَكْبِرُونَ	يَخَافُونَ	رَبَّهُم
فرشتے	اور وہ	تکبر نہیں کرتے	وہ ڈرتے ہیں	اپنا رب

فرشتے بھی اور وہ تکبر نہیں کرتے وہ اپنے رب سے ڈرتے ہیں

السجدة ع ۶ ۱۲ ۸

مِّن فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُونَ مَا يُؤْمَرُونَ ﴿٥٠﴾

مِّن	فَوْقِهِمْ	وَيَفْعَلُونَ	مَا يُؤْمَرُونَ	
سے	ان کے اوپر	اور (وہ) وہی کرتے ہیں	جو انہیں حکم دیا جاتا ہے	

جو اُن کے اوپر ہے اور وہ وہی کرتے ہیں جو انہیں حکم دیا جاتا ہے۔

﴿٤٨﴾ أَوَلَمْ يَرَوْا إِلَىٰ مَا خَلَقَ اللَّهُ مِن شَيْءٍ لَّهُ ظِلٌّ كَشَجَرٍ وَجَبَلٍ يَتَفَيَّأُ يَمِيلُ ظِلَالُهُ عَنِ الْيَمِينِ وَ الشَّمَائِلِ جَمْعُ شِمَالٍ أَيْ عَنْ

﴿٤٨﴾ اور کیا وہ لوگ نہیں دیکھتے ان سایہ دار چیزوں کی طرف جو اللہ نے پیدا کیں جیسے درخت اور پہاڑ کہ ان کا سایہ صبح اور شام کو دائیں اور بائیں طرف مائل ہوتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

جَانِبَيْهَا اَوَّلَ النَّهَارِ وَاٰخِرَهٗ سُجَّدًا لِّلّٰهِ حَالٌ اَیْ خَاضِعِیْنَ بِمَا یُرَادُ مِنْهُمْ وَهُمْ اَیِ الظِّلَالُ دَاخِرُوْنَ ○ صَاغِرُوْنَ نُزِّلُوْا مَنْزِلَةَ الْعُقَلَاءِ

وہ اللہ کے حکم کے تابع اور اس کے سامنے ذلیل ہیں۔ (چونکہ سجدہ کرنا عقل والوں کی صفت ہے اس لئے ان چیزوں کو بمنزلہ عقلا کے ٹھیرا کر جمع واؤ و نون کے ساتھ لائی گئی)

(۴۹) وَلِلّٰهِ یَسْجُدُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ اَیْ نَسَمَةٍ تَدُبُّ عَلَیْهَا اَیْ یَخْضَعُ لَهٗ بِمَا یُرَادُ مِنْهُ وَغُلِّبَ فِی الْاِتْیَانِ بِمَا لَا یَعْقِلُ لِكَثْرَتِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ خَصَّهُمْ بِالذِّكْرِ تَفْضِیْلًا وَهُمْ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ ○ یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ

(۴۹) اور اللہ کے لئے سجدہ کرتی ہیں جو چیزیں آسمان میں ہیں اور جانور چلتے ہیں زمین پر یعنی جو کچھ ان سے ارادہ کیا جاتا ہے اس کے تابع ہیں۔ ان دونوں آیتوں میں لفظ مَا لایا گیا جو غیر ذوی العقول کے ہے بوجہ کثرت ان کی کے۔

اور فرشتہ بھی حکم الٰہی کے تابع ہیں۔ فرشتوں کو بالخصوص علیحدہ ذکر فرمایا بوجہ انکی شرافت اور بندگی کے اور وہ اللہ کی عبادت سے تکبر نہیں کرتے۔

(۵۰) یَخَافُوْنَ اَیِ الْمَلٰٓئِكَةُ حَالٌ مِنْ ضَمِیْرِ یَسْتَكْبِرُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ حَالٌ مِّنْ هُمْ اَیْ عَالِیًا عَلَیْهِمْ بِالْقَهْرِ وَیَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ ○ بِهٖ

(۵۰) ڈرتے ہیں اپنے رب سے جو اُن پر غالب اور قاہر ہے اور جو حکم ہوتا ہے اس کو پورا کرتے ہیں۔

تشریح

(۴۸) **ہر چیز اللہ کے قانون سے بندھی ہے** | کیا تم نہیں دیکھتے کہ جتنی مادی اور جسمانی اشیاء ہیں جن کا سایہ دائیں بائیں پڑتا ہے یہ سب اللہ کے حضور سجدہ ریز ہیں سب اللہ کے قانون سے بندھی جکڑی ہیں اور سب چیزیں اس کے سامنے اپنی عاجزی کا اظہار کر رہی ہیں جب دن ڈھلتا ہے سایہ جھکنے لگتا ہے اور شام تک جھکتے جھکتے پوری طرح جھک جاتا ہے جسطرح انسان نماز میں قیام کرتا ہے پھر رکوع کرتا ہے پھر سجدہ کرتا ہے اسی طرح ہر چیز نماز میں جھکنے کی طرح اپنے سائے سے جھکتی ہے۔

(۴۹) **زمین و آسمان کی تمام چیزیں اللہ کے سامنے سجدہ ریز ہیں** | بے جان چیزوں کی طرح زمین و آسمان میں جتنی جاندار چیزیں ہیں اور فرشتے ہیں جو اللہ کی مقرب ہستیاں ہیں وہ سب اللہ کے سامنے سجدہ ریز ہیں اپنے مالک کے آگے سر جھکائے ہوئے ہیں ان میں کوئی بڑائی اور غرور نہیں ہے وہ اپنے مالک کی فرماں بردار ہیں۔

(۵۰) **فرشتے اپنے رب سے بچتے ہیں اور اس کا حکم بجالاتے ہیں** | فرشتے جو معصوم ہیں اللہ کے مقرب ہیں وہ بھی پروردگار کے جلال سے لرزاں اور ترساں رہتے ہیں اور ان کو جو حکم دیا جاتا ہے اس کو بجالاتے ہیں۔ یہ آیت آیت سجدہ ہے انسان اللہ کے سامنے سجدہ کرکے اپنے عمل سے بھی گواہی دے کہ وہ بھی اللہ کی ہر مخلوق کی طرح اللہ کا فرماں بردار ہے اور اپنے ارادے سے اللہ کے سامنے سر اطاعت جھکاتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ

وَقَالَ	اللّٰهُ	لَا تَتَّخِذُوْٓا	اِلٰهَيْنِ	اثْنَيْنِ	اِنَّمَا + هُوَ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ
اور کہا	اللہ	نہ بناؤ	دو معبود	دو	اسکے سوا نہیں کہ وہ	معبود	یکتا

اور اللہ نے کہا کہ نہ بناؤ دو معبود۔ اس کے سوا نہیں کہ وہ معبودِ یکتا ہے۔

فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾ وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ

فَاِيَّايَ	فَارْهَبُوْنِ	وَلَهٗ	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَلَهُ
پس مجھی سے	مجھ سے ڈرو	اور اسی کے لئے	جو	آسمانوں میں	اور زمین	اور اسی کیلئے

پس مجھ ہی سے ڈرو اور اسی کے لئے ہے جو آسمانوں اور جو زمین میں ہے۔ اور اسی کے لئے

الدِّيْنُ وَاصِبًا ۭ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَا بِكُمْ مِّنْ

الدِّيْنُ	وَاصِبًا	اَفَغَيْرَ + اللّٰهِ	تَتَّقُوْنَ	وَمَا	بِكُمْ	مِّنْ
اطاعت وعبادت	لازم	تو کیا اللہ کے سوا	تم ڈرتے ہو	اور جو	تمہارے پاس	کوئی

اطاعت وعبادت لازم ہے۔ تو کیا اللہ کے سوا (کسی اور سے) تم ڈرتے ہو؟ اور تمہارے پاس جو کوئی

نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْــَٔرُوْنَ ۚ ﴿۵۳﴾ ثُمَّ

نِّعْمَةٍ	فَمِنَ + اللّٰهِ	ثُمَّ	اِذَا	مَسَّكُمُ	الضُّرُّ	فَاِلَيْهِ	تَجْــَٔرُوْنَ	ثُمَّ
نعمت	سو اللہ کی طرف سے	پھر	جب	تمہیں پہنچتی ہے	تکلیف	تو اسی کی طرف	تم روتے چلاتے ہو	پھر

نعمت ہے سو اللہ کی طرف سے ہے، پھر جب تمہیں تکلیف پہنچتی ہے تو اسی کی طرف تم روتے چلاتے ہو پھر

لَا اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾

اِذَا	كَشَفَ + الضُّرَّ	عَنْكُمْ	اِذَا	فَرِيْقٌ	مِّنْكُمْ	بِرَبِّهِمْ	يُشْرِكُوْنَ
جب	کھولدے (دور کردیتا ہے) سختی	تم سے	(اسوقت) جب	ایک فریق	تم میں سے	اپنے رب کے ساتھ	وہ شریک کرتا ہے

جب وہ تم سے سختی دور کردیتا ہے تو تم میں سے ایک فریق اسوقت اپنے رب کے ساتھ شریک کرنے لگتا ہے۔

﴿۵۱﴾ وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ تَاْكِيْدٌ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ اُتِيَ بِهٖ لِاِثْبَاتِ الْاُلُوْهِيَّةِ وَالْوَحْدَانِيَّةِ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ○ خَافُوْنِ دُوْنَ غَيْرِيْ وَفِيْهِ اِلْتِفَاتٌ عَنِ الْغَيْبَةِ

﴿۵۱﴾ وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ الخ اور فرمایا اللہ نے کہ دو خدا نہ بنو صرف وہ اکیلا معبود ہے (اس سے غرض ثابت کرنا معبودیت اور وحدانیت اللہ کا ہے) پس مجھ سے ہی ڈرو اور کسی سے نہ ڈرو (اس آیہ میں غیبت سے طرف تکلم کے التفات واقع ہوا ہے)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۵۲) وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مُلْكًا وَّخَلْقًا وَّعَبِيْدًا وَلَهُ الدِّيْنُ الطَّاعَةُ وَاصِبًا دَائِمًا حَالٌ مِّنَ الدِّيْنِ وَالْعَامِلُ فِيْهِ مَعْنَى الظَّرْفِ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ○ وَهُوَ الْاِلٰهُ الْحَقُّ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُهٗ وَالْاِسْتِفْهَامُ لِلْاِنْكَارِ وَالتَّوْبِيْخِ

(۵۲) اور اللہ ہی کی ملک اور مخلوق اور بندے ہیں جو آسمانوں اور زمینوں میں ہیں اور ہمیشہ اسی کی طاعت کرنا چاہیئے۔ سو کیا تم اللہ کے علاوہ کسی اور سے ڈرتے ہو حالانکہ وہ معبود سچا ہے کوئی اسکے سوا معبود نہیں (استفہام واسطے انکار اور توبیخ کے ہے)۔

(۵۳) وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ اَيْ لَا يَاْتِيْ بِهَا غَيْرُهٗ وَمَا شَرْطِيَّةٌ اَوْ مَوْصُوْلَةٌ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ اَصَابَكُمُ الضُّرُّ الْفَقْرُ وَالْمَرَضُ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ ○ تَرْفَعُوْنَ اَصْوَاتَكُمْ بِالْاِسْتِغَاثَةِ وَالدُّعَاءِ وَلَا تَدْعُوْنَ غَيْرَهٗ

(۵۳) اور جو کچھ تم پر انعام ہے سو اللہ کی طرف سے ہے یعنی اس کے سوا کوئی نعمت دینے والا نہیں ہے (ما شرطیہ یا موصولہ ہے) پھر جب تم کو افلاس اور بیماری پیش آتی ہے تو اسی کو پکارتے ہو اور اس سے ہی فریاد چاہتے ہو اس کے سوا کسی اور کو نہیں پکارتے۔

(۵۴) ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ○

(۵۴) سو جب اللہ تم سے اس مرض وغیرہ کو دفع فرماتا ہے فوراً ایک جماعت تم میں سے اپنے رب کا شریک ٹھہراتے ہیں۔

تشریح

(۵۱) **ایک سے زیادہ معبود نہیں ہو سکتے** آسمان اور زمین میں جتنی مخلوقات ہیں سب ایک خدا کے سامنے بغیر کسی اختیار کے اسکے قانون کی پابند اور اس کے سامنے عاجز ہیں تو پھر اس کی عبادت میں دوسرا شریک کیسے ہو سکتا ہے اسی ایک کی عبادت ہونی چاہیئے اور اسی سے ڈرنا چاہیئے جو سارے جہان کا خالق و مالک ہے اور وہ تنہا حقیقت میں قابلِ اطاعت ہے اسلئے نہ دو خدا ہیں اور نہ اس سے زیادہ ہو سکتے ہیں۔

(۵۲) **ساری کائنات کا دین ایک ہے** زمین اور آسمانوں میں جو کچھ ہے وہ سب اللہ کا ہے اور تکوینی طور پر ہر ہر چیز اس کی فرمانبرداری پر مجبور ہے لہٰذا عبادت بھی اسی کی ہونی چاہیئے جو دین ساری کائنات کا ہے وہی دین انسان کا بھی ہونا چاہیئے۔ پھر کیا اللہ کو چھوڑ کر کسی اور کا خوف اور کسی اور کی ناراضگی سے بچنے کا جذبہ تمہاری زندگی کی بنیاد بن سکتا ہے۔

(۵۳) **توحید کی ایک شہادت یہ بھی ہے کہ انسان مصیبت کے وقت اللہ ہی کو پکارتا ہے** جتنی بھی نعمتیں تمہارے پاس ہیں وہ سب اللہ ہی کی دی ہوئی ہیں بھلائی بھی اسی کے قبضے میں ہے اور برائی اور سختی کا دور کرنا بھی اسی کے بس میں ہے اللہ کی توحید کی ایک اندرونی شہادت انسان کا یہ جذبہ بے اختیار ہے کہ جب کوئی سخت وقت آتا ہے انسان کسی پریشانی یا مصیبت میں گھر جاتا ہے تو صرف ایک اللہ ہی کو پکارتا ہے یہ انسانی فطرت کی ایسی شہادت ہے جو بتاتی ہے کہ اللہ کی الوہیت اور اس کی معبودیت میں کوئی شریک ہو ہی نہیں سکتا۔

(۵۴) **مصیبت ٹل جاتی ہے تو اللہ کو بھول جاتا ہے** مصیبت میں گھرا ہوا انسان بے اختیار اللہ ہی کی طرف لپکتا ہے اور اس سے دعا کرتا ہے کہ اے پروردگار میری پریشانی کو دور کر دے۔ جب اللہ تعالیٰ اس مصیبت کو ٹال دیتے ہیں تو ایسے بھی لوگ ہیں جو منعم حقیقی کو بھول کر بے حیائی کے ساتھ خدائی کے حصے بخرے کرنے لگتے ہیں اور اللہ کی شکر گزاری کے ساتھ کسی بزرگ کسی دیوی دیوتا کے سامنے بھی نذرانے کی نیازیں پیش کرنی شروع کر دیتے ہیں۔ گویا اللہ کی مہربانی میں انکی مہربانیوں کا بھی کچھ حصہ تھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لِيَكْفُرُوا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ فَتَمَتَّعُوْا ۣ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝۵۵ وَ

لِيَكْفُرُوْا	بِمَآ	اٰتَيْنٰهُمْ	فَتَمَتَّعُوْا	فَسَوْفَ	تَعْلَمُوْنَ	وَ
تاکہ وہ ناشکری کریں	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	تو تم فائدہ اٹھالو	پس عنقریب	تم جان لوگے	اور

تاکہ وہ اس کی ناشکری کریں جو ہم نے انہیں دیا، تو تم فائدہ اٹھالو، پس عنقریب تم جان لوگے۔ اور

يَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ۭ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ

يَجْعَلُوْنَ	لِمَا	لَا يَعْلَمُوْنَ	نَصِيْبًا	مِّمَّا	رَزَقْنٰهُمْ	تَاللّٰهِ	لَتُسْـَٔلُنَّ
وہ مقرر کرتے ہیں	اسکے لئے جو	وہ نہیں جانتے	حصہ	اس سے جو	ہم نے انہیں دیا	اللہ کی قسم	تم سے ضرور پوچھا جائیگا

جو ہم نے انہیں دیا اسمیں سے وہ ان کے لئے حصہ مقرر کرتے ہیں۔ جن (معبودوں) کو وہ نہیں جانتے اللہ

عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ۝۵۶ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ

عَمَّا	كُنْتُمْ + تَفْتَرُوْنَ	وَيَجْعَلُوْنَ	لِلّٰهِ	الْبَنٰتِ
اس سے جو	تم جھوٹ باندھتے تھے	اور وہ بناتے (ٹھہراتے)	اللہ کیلئے	بیٹیاں

کی قسم تم سے اس (کے بارے) میں ضرور پوچھا جائے گا جو تم جھوٹ باندھتے تھے۔ اور وہ اللہ کے لئے بیٹیاں ٹھہراتے ہیں

سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ۝۵۷

سُبْحٰنَهٗ	وَلَهُمْ	مَّا	يَشْتَهُوْنَ
وہ پاک ہے	اور اپنے لئے	جو	ان کا دل چاہتا ہے

وہ پاک ہے اور اپنے لئے وہ جو اُن کا دل چاہتا ہے۔

۵۵ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۭ مِنَ النِّعْمَةِ فَتَمَتَّعُوْا ۣ بِاجْتِمَاعِكُمْ عَلٰى عِبَادَةِ الْاَصْنَامِ اَمْرُ تَهْدِيْدٍ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ○ عَاقِبَةَ ذٰلِكَ۔

۵۶ وَيَجْعَلُوْنَ اَيِ الْمُشْرِكُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا لَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ وَهِيَ الْاَصْنَامُ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ۭ مِنَ الْحَرْثِ

۵۵ تاکہ جو نعمت اس نے انکو دی ہے اسکی ناشکری کریں سو تم اکھٹے ہوکر بتوں کو پوجو پس نزدیک ہے کہ اس کا انجام تم جان لوگے (یہ امر ڈرانے کے لئے ہے)

۵۶ اور مقرر کرتے ہیں یہ مشرکین بتوں کے لئے جنکو نہیں جانتے کہ یہ نفع نہیں پہنچا سکتے اور نہ نقصان پہنچا سکتے ہیں حصہ ہماری عطا کی ہوئی کھیتی اور جانوروں میں سے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَالْاَنْعَامِ بِقَوْلِهِمْ هٰذَا لِلّٰهِ وَ هٰذَا لِشُرَكَآئِنَا تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ○ وَقِيْلَ اِلْتِفَاتٌ عَنِ الْغَيْبَةِ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ○ عَلَى اللّٰهِ مِنْ اٰلِهَةٍ اَمَرَكُمْ بِذٰلِكَ ۔

اس طرح کہ کہتے ہیں کہ یہ اللہ کے لئے ہے اور یہ ہمارے بتوں کے واسطے ہے ۔ قسم ہے اللہ کی بیشک تم سے پوچھا جائیگا جو کچھ تم اللہ پر بہتان باندھتے تھے کہ اس نے تم کو اس کا حکم کیا ہے ۔ (اس آیت میں غیبت سے طرف خطاب کے التفات ہے)

(۵۷) وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ تَنْزِيْهًا لَّهٗ عَمَّا زَعَمُوْا وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ○ اَيِ الْبَنُوْنَ وَالْجُمْلَةُ فِيْ مَحَلِّ رَفْعٍ اَوْ نَصْبٍ بِيَجْعَلُ الْمَعْنٰى يَجْعَلُوْنَ لَهُ الْبَنَاتِ الَّتِيْ يَكْرَهُوْنَهَا وَهُوَ مُنَزَّهٌ عَنِ الْوَلَدِ وَيَجْعَلُوْنَ لَهُمُ الْاَبْنَآءَ الَّذِيْنَ يَخْتَارُوْنَهُمْ فَيَخْتَصُّوْنَ بِالْاَبْنَآءِ لِقَوْلِهٖ فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنَاتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ

(۵۷) اور کافرین اللہ کے واسطے بیٹیاں ثابت کرتے ہیں چنانچہ کہتے ہیں کہ فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں وہ پاک ہے ان کے گمان فاسد سے ۔ اور ان کے لئے وہ ہیں جو وہ چاہتے ہیں یعنی بیٹے ۔ اس صورت میں جملہ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ محل رفع میں ہے اور اگر محل نصب میں کہا جائے ساتھ يَجْعَلُوْنَ کے تو اس وقت معنی یہ ہونگے کہ کافرین اللہ کے واسطے تو بیٹیاں ٹھیراتے ہیں جنکو خود پسند نہیں کرتے حالانکہ وہ اولاد سے برتر اور پاک ہے اور اپنے واسطے بیٹے ثابت کرتے ہیں جو اُن کو پسند ہیں پس وہ مخصوص ہوتے ہیں ساتھ بیٹوں کے چنانچہ دوسری آیت میں مذکور ہے کہ پوچھ ان سے آیا تیرے رب کے واسطے بیٹیاں ہیں اور انکے لئے بیٹے ۔

تشریح

(۵۵) **دوسروں کی نیازمندی اللہ کی ناشکری ہے** | دوسروں کے ساتھ نذر و نیاز کا معاملہ اللہ کے احسان کی ناشکری ہے ۔ بھلا جن کو نیازیں پیش کی جارہی ہیں جن کی منتیں مانی جارہی ہیں جن پر نذریں چڑھائی جارہی ہیں ان کا کیا حصہ ہے انسان کی پریشانیوں کے دور کرنے میں اور اسکی مصیبتوں کے ٹالنے میں ۔ یہ چند روز کی مہلت ہے دنیا کے مزے اڑالو عنقریب معلوم ہوجائیگا کہ تمہاری ناشکری کی کیا سزا ملتی ہے ۔

(۵۶) **بلادلیل اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانے کی سزا مل کر رہیگی** | اللہ تعالیٰ بلاشرکت غیرے ساری کائنات کے خالق حاکم اور معبود ہیں کوئی دلیل نہیں ہے کہ انہوں نے اپنی سلطنت میں اور اپنے اختیارات میں کسی کو ساجھی یا شریک بنایا ہو پھر بلادلیل خدا کی خدائی میں غیروں کو شریک کرنا اور ان کی نذر و نیاز کرنا ان سے کچھ مانگنا کیا معنی رکھتا ہے ۔ اللہ تعالیٰ کے یہاں پوچھا جائیگا کہ آخر یہ جھوٹ تم نے کیسے گھڑ لئے تھے اور اس کی سزا ان کو مل کر رہے گی ۔

(۵۷) **اپنے لئے بیٹے اللہ کے لئے بیٹیاں** | اللہ کے ساتھ جن ہستیوں کو شریک و ساجھی بنا رکھا تھا ان میں دیویاں زیادہ تھیں ۔ فرشتوں کے بارے میں یہ عقیدہ گھڑ رکھا تھا کہ وہ اللہ کی بیٹیاں ہیں آج بھی مشرکانہ مذہبوں میں مختلف قسم کی دیویاں پوجی جاتی ہیں اس بات پر طنز کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ عجیب تقسیم ہے کہ اللہ کے لئے تو بیٹیاں گھڑی ہیں حالانکہ وہ ان سب چیزوں سے پاک ہے اور خود اپنے لئے کیا چاہتے ہیں؟ بیٹے ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ

وَاِذَا	بُشِّرَ	اَحَدُهُمْ	بِالْاُنْثٰى	ظَلَّ	وَجْهُهٗ	مُسْوَدًّا	وَّ	هُوَ
اور جب	خوشخبری دیجائے	انمیں سے کسی کو	لڑکی کی	ہوجاتا (پڑجاتا ہے)	اس کا چہرہ	سیاہ	اور	وہ

اور جب انمیں سے کسی کو لڑکی کی خوشخبری دی جاتی ہے تو اس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے اور وہ

كَظِيْمٌ ﴿۵۸﴾ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ

كَظِيْمٌ	يَتَوَارٰى	مِنَ	الْقَوْمِ	مِنْ	سُوْٓءِ	مَا	بُشِّرَ
غصہ سے بھرجاتا ہے	چھپتا پھرتا ہے	سے	قوم (لوگ)	سے سبب	برائی	جو	خوشخبری دیگئی

غصہ سے بھرجاتا ہے، لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے اس "برائی" کی خوشخبری کے سبب جو اُسے دی گئی (اب سوچتا ہے)

بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ اَلَا

بِهٖ	اَيُمْسِكُهٗ	عَلٰى	هُوْنٍ	اَمْ	يَدُسُّهٗ	فِى التُّرَابِ	اَلَا
جس کی	یا اس کو رکھے	پر (ساتھ)	رسوائی	یا	دبادے (دفن کردے)	مٹی میں	یادرکھو

آیا اس کو رسوائی کے ساتھ رکھے، یا اس کو مٹی میں دفن کردے۔ یاد رکھو،

سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ

سَآءَ	مَا يَحْكُمُوْنَ	لِلَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ
برا ہے	جو وہ فیصلہ کرتے ہیں	جو لوگ	ایمان نہیں رکھتے	آخرت پر

برا ہے جو وہ فیصلہ کرتے ہیں۔ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کا

مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۶۰﴾ ع ۱۰ ۱۳

مَثَلُ	السَّوْءِ ۚ	وَلِلّٰهِ	الْمَثَلُ	الْاَعْلٰى	وَهُوَ	الْعَزِيْزُ	الْحَكِيْمُ
حال	برا	اور اللہ کیلئے	شان	بلند	اور وہ	غالب	حکمت والا

حال برا ہے اور اللہ کی شان بلند ہے اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

(۵۸) وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى
تُوْلِدُ لَهٗ ظَلَّ صَارَ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا
مُتَغَيِّرًا تَغَيُّرَ مُغْتَمٍّ وَّهُوَ
كَظِيْمٌ ○ مُمْتَلِئٌ غَمًّا فَكَيْفَ
تُنْسَبُ الْبَنَاتُ اِلَيْهِ تَعَالٰى

(۵۸) اور جب ان میں سے کسی کو لڑکی پیدا ہونے کی خوشخبری سنائی جاتی ہے تو اس کا چہر سیاہ اور متغیر ہوجاتا ہے جیسے غمگین کا چہرہ اور وہ غصہ میں بھرجاتا ہے پھر کیونکر اللہ کی طرف بیٹیوں کی نسبت کرتا ہے جبکہ خود اسطرح ان کو برا سمجھتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۵۹) يَتَوَارٰى يَخْتَفِيْ مِنَ الْقَوْمِ اَيْ قَوْمِهٖ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ۚ خَوْفًا مِنَ التَّعْيِيْرِ مُتَرَدِّدًا فِيْمَا يُفْعَلُ بِهٖ اَيُمْسِكُهٗ اَيَتْرُكُهٗ بِلَا قَتْلٍ عَلٰى هُوْنٍ هَوَانٍ وَّذُلٍّ اَمْ يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ بِاَنْ يَّئِدَهٗ اَلَا سَآءَ بِئْسَ مَا يَحْكُمُوْنَ ○ حُكْمُهُمْ هٰذَا حَيْثُ نَسَبُوْا لِخَالِقِهِمُ الْبَنَاتِ اللَّاتِيْ هُنَّ عِنْدَهُمْ بِهٰذَا الْمَحَلِّ

(۵۹) شرم کے سبب اس کا یہ حال ہوتا ہے کہ اپنی قوم سے چھپتا ہے اس بری خبر کی وجہ سے جو اس کو پہنچی اسمیں متردد ہے کہ اسکو کیا کرے آیا اسی ذلت اور خواری کے ساتھ اسکو زندہ رکھے یا زندہ کو زمین میں گاڑ دے۔

آگاہ رہو برا حکم ہے ان کا جو وہ حکم کرتے ہیں کہ اپنے خالق کی طرف بیٹیوں کو نسبت کرتے ہیں جو ان کے نزدیک ایسے ذلیل اور باعث عار ہیں۔

(۶۰) لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَيِ الْكُفَّارِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ اَيِ الصِّفَةُ السُّوْٓءٰى بِمَعْنَى الْقَبِيْحَةِ وَهِيَ وَأْدُهُمُ الْبَنَاتِ مَعَ احْتِيَاجِهِمْ اِلَيْهِنَّ لِلنِّكَاحِ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ۚ اَلصِّفَةُ الْعُلْيَا وَهُوَ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَهُوَ الْعَزِيْزُ فِيْ مُلْكِهِ الْحَكِيْمُ ○ فِيْ خَلْقِهٖ

(۶۰) ان لوگوں کے لئے جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے یعنی کافر بری مثل ہے کہ بیٹیوں کو زندہ درگور کرتے ہیں حالانکہ خود عورتوں کے محتاج ہیں نکاح کے واسطے۔

اور اللہ کی صفت اونچی اور بات بلند ہے اور وہ یہ کہ اس کا کوئی شریک نہیں وہ ایک معبود برحق ہے اور وہ اپنے ملک میں غالب اپنے فعل میں حکمت والا ہے۔

تشریح

(۵۸) بیٹی پیدا ہونے کی خبر پر چہرہ اُتر جاتا ہے | خود اپنا حال تو یہ ہے کہ اگر کسی کو بیٹی ہونے کی بشارت دیجائے تو چہرہ اُتر جاتا ہے منہ پر سیاہی سی چھا جاتی ہے اور خون کا گھونٹ پی کر رہ جاتا ہے دل گھٹتا ہے کہ یہ مصیبت کہاں سے سر پر آپڑی۔

(۵۹) خدا کے لئے بیٹیاں، یہ کہاں کا انصاف ہے | حالانکہ اللہ کی طرف اولاد کی نسبت کرنا چاہے بیٹا ہو یا بیٹی شدید جہالت اور گستاخی ہے تاہم خود اپنا حال یہ ہے کہ اگر کسی کے گھر بیٹی پیدا ہو جائے تو اسکو اپنے لئے ننگ و عار کا سبب سمجھتا ہے لوگوں سے منہ چھپاتا ہے کسی کو منہ دکھانا نہیں چاہتا سوچتا ہے کہ ذلت کے ساتھ اس بیٹی کو لئے بیٹھا رہے یا مٹی میں دبا دے چنانچہ اسلام سے پہلے عرب کے لوگ لڑکیوں کو زندہ زمین میں گاڑ دیتے تھے ان کا یہ فیصلہ جتنا ظالمانہ تھا اس سے زیادہ ظالمانہ فیصلہ یہ ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے اولاد تجویز کی جائے لیکن جس لڑکی سے خود اتنا گھبراتے ہیں اس کی نسبت اللہ کی طرف کرتے میں ذرا بھی عار محسوس نہیں ہوتی۔ کیسے بُرے فیصلے ہیں کیسی بے انصافی ہے، کیسی جرأت اور گستاخی ہے۔

(۶۰) یہ وہ لوگ ہیں جن کا آخرت پر ایمان نہیں ہے | یہ گستاخ اور بدتمیز وہ لوگ ہیں جن کو اپنی گستاخیوں کے انجام پر یقین نہیں ہے اگر آخرت پر اور اس کے حساب کتاب پر ان کا ایمان ہوتا تو کبھی ایسی بات سوچ بھی نہیں سکتے تھے۔ اولاد کا محتاج ہونا کمزوری کی علامت ہے اللہ تعالیٰ ان تمام چیزوں سے برتر ہے وہ زبردست ہیں چاہیں تو تمہیں فوراً سزا دے سکتے ہیں لیکن وہ حکمت والے ہیں اس لئے سزا دینے میں جلدی نہیں کرتے کہ شاید یہ لوگ سمجھیں اور اپنی حرکتوں سے باز آجائیں اس لئے موقع دیتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ

وَلَوْ	يُؤَاخِذُ	اللّٰهُ	النَّاسَ	بِظُلْمِهِمْ	مَّا + تَرَكَ	عَلَيْهَا	مِنْ
اور اگر	گرفت کرے	اللہ	لوگ	انکے ظلم کے سبب	نہ چھوڑے وہ	اس (زمین) پر	کوئی

اور اگر اللہ گرفت کرے لوگوں کی ان کے ظلم کے سبب تو وہ زمین پر کوئی چلنے والا نہ

دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ

دَآبَّةٍ	وَّلٰكِنْ	يُّؤَخِّرُهُمْ	اِلٰٓى	اَجَلٍ	مُّسَمًّى	فَاِذَا	جَآءَ
چلنے والا	اور لیکن	وہ ڈھیل دیتا ہے انہیں	تک	ایک مدت	مقررہ	پھر جب	آگیا

چھوڑے لیکن وہ انہیں ڈھیل دیتا ہے ایک مدتِ مقررہ تک پھر جب ان کا

اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٦١﴾ وَ

اَجَلُهُمْ	لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ	سَاعَةً	وَّ	لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ	وَ
ان کا وقت	نہ پیچھے ہٹیں گے	ایک گھڑی	اور	نہ آگے بڑھیں گے	اور

وقت آگیا نہ وہ ایک گھڑی پیچھے ہٹیں گے ، اور نہ آگے بڑھیں گے ۔ اور وہ

يَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ

يَجْعَلُوْنَ	لِلّٰهِ	مَا يَكْرَهُوْنَ	وَتَصِفُ	اَلْسِنَتُهُمُ	الْكَذِبَ	اَنَّ لَهُمُ
وہ بناتے (ٹھہراتے) ہیں	اللہ کیلئے	جو وہ اپنے لئے ناپسند کرتے ہیں	اور بیان کرتی ہیں	ان کی زبانیں	جھوٹ	کہ انکے لئے

اللہ کے لئے ٹھہراتے ہیں جو اپنے لئے ناپسند کرتے ہیں اور ان کی زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں کہ انکے لئے

الْحُسْنٰى ۭ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿٦٢﴾

الْحُسْنٰى	لَا جَرَمَ	اَنَّ	لَهُمُ	النَّارَ	وَاَنَّهُمْ	مُّفْرَطُوْنَ
بھلائی	لازمی بات	کہ	انکے لئے	جہنم	اور بیشک وہ	آگے بھیجے جائیں گے

بھلائی ہے لازمی بات ہے کہ ان کے لئے جہنم ہے بیشک وہ (جہنم میں) آگے بھیجے جائیں گے

﴿٦١﴾ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ○ عَلَيْهِ۔

﴿٦١﴾ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَا تَرَكَ عَلَيْهَا اَيِ الْاَرْضِ بِالْمَعَاصِيْ مَا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ نَسَمَةٍ تَدُبُّ عَلَيْهَا وَلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ○ عَلَيْهِ۔

﴿٦١﴾ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى الخ اور اگر اللہ لوگوں کو انکے گناہوں پر پکڑے تو زمین پر کوئی جاندار چلنے والا باقی نہ رکھے ولیکن اللہ نے انکو مہلت دی ایک مدت متعینہ تک سو جو وقت وہ وقت آویگا اس سے ایک لحظہ نہ پیچھے ہٹ سکیں گے نہ آگے بڑھ سکیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۶۲) وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ لِاَنْفُسِهِمُ الْبَنٰتِ وَالشَّرِيْكَ فِي الرِّيَاسَةِ وَاِهَانَةِ الرُّسُلِ وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ وَهُوَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ۭ عِنْدَ اللّٰهِ اَيِ الْجَنَّةُ كَقَوْلِهٖ وَلَىِٕنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى قَالَ تَعَالٰى لَاجَرَمَ حَقًّا اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ○ مُتْرَكُوْنَ فِيْهَا اَوْ مُقَدَّمُوْنَ اِلَيْهَا وَفِيْ قِرَاءَةٍ بِكَسْرِ الرَّاءِ مُتَجَاوِزُوْنَ الْحَدَّ

(۶۲) اور اللہ کے واسطے وہ امور ثابت کرتے ہیں جنکو خود برا سمجھتے ہیں جیسے بیٹیوں کا ہونا اور اپنی ریاست میں کسی کو شریک بنانا اور پیغمبروں کی اہانت۔
اور انکی زبانیں جھوٹ بولتی ہیں وہ یہ کہ ہمارے لئے اللہ کے پاس بھلائی ہے یعنی جنت (چنانچہ کافر کا قول اللہ تعالیٰ نے دوسری جگہ نقل فرمایا وَلَىِٕنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ الخ یعنی اور البتہ اگر میں جاؤں گا اپنے رب کے پاس تو بیشک میرے لئے وہاں بھلائی ہے) اللہ تعالیٰ نے فرمایا ضرور ہے یہ بات کہ ان کے لئے دوزخ کی آگ ہے اور بے شبہ وہ اس میں چھوڑے جاوینگے یا اس کی طرف بڑھائے جاوینگے۔ ایک قرارت میں مُفْرَطُوْنَ ساتھ کسرہ راء کے ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ بیشک وہ حد سے بڑھنے والے ہیں۔

تشریح

(۶۱) **ڈھیل تو ہے مگر مقررہ مدت تک** اللہ تعالیٰ نے کیونکہ یہ دنیا امتحان اور آزمائش کے لئے بنائی ہے اور اس امتحان کی وجہ سے انسان کو ایک محدود دائرے میں کچھ آزادی دی ہے کہ اگر وہ چاہے اپنی مرضی سے نیکی کا راستہ اختیار کرے اور چاہے بدی کے راستے پر چلے اللہ کی دی ہوئی اس آزادی سے ناجائز فائدہ اٹھا کر انسانی آبادی کا بہت بڑا حصہ ظلم اور بدکاری میں مبتلا ہے اگر اللہ تعالیٰ ان ظالموں اور بدکاروں کو ان کی خطاؤں پر بغیر مہلت دیئے فوراً سزا دینا شروع کردے تو روئے زمین پر بہت کم متنفس باقی رہ جائیں گے اور جو نیک لوگ باقی رہ جائیں گے ان کے لئے پیغمبر بھیجنے کی بھی ضرورت نہ ہوگی۔ پھر جب زمین پر تھوڑے سے انسان ہی رہ جائیں گے تو ان کے لئے زمین پر حیوانات نباتات اور دوسری چیزوں کی بھی ضرورت نہ رہیگی ان سب مصلحتوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ظالموں کو ڈھیل دیتا ہے لیکن یہ ڈھیل مقررہ مدت کے لئے ہے جب وہ مقررہ گھڑی آجاتی ہے تو آگے پیچھے نہیں ہوتی اسلئے کہ اگر اللہ تعالیٰ ظالموں کو ڈھیل دینے کے باوجود ان پر گرفت نہ کریں تو دنیا ظلم وستم سے بھر جائے گی اور اللہ کی زمین پر اللہ کے نیک بندوں کا جینا مشکل ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ اپنے علم وحکمت کی بنا پر اللہ تعالیٰ مجرموں کو توبہ کرنے کا اور اپنی اصلاح کرنے کا موقع بھی دیتے ہیں۔

(۶۲) **جھوٹی آرزوئیں جھوٹے خواب** حال یہ ہے کہ جو چیزیں اپنے لئے پسند نہیں کرتے وہ بلا تکلف اللہ کے لئے تجویز کردیتے ہو مثلاً اپنے لئے بیٹیاں پسند نہیں مگر فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں بنا دیا ہے۔ یا اپنے لئے کوئی پسند نہیں کرتا کہ میری ملکیت یا میرے اختیارات میں کوئی دوسرا شریک ہو مگر اللہ کی ملکیت اور اختیارات میں مفروضہ ہستیوں کو شریک بنانے میں کوئی تکلف نہیں ہوتا یا اپنے لئے کوئی پسند نہیں کرتا کہ میرے ساتھ کوئی ذلت کا معاملہ کرے یا مجھے نیچا دکھائے مگر اللہ کی شانِ بزرگی کے خلاف کسی نسبت میں کوئی باک نہیں ہوتا ان تمام گستاخیوں کے باوجود دعویٰ یہی ہے کہ ہم دنیا میں بھی اس لائق ہیں کہ اچھی سے اچھی چیز ہمارے لئے ہو اور اگر آخرت کی باتیں درست ہیں تو ہمیں وہاں بھی مزے اڑانے کا موقع ملنا چاہیئے۔ یہ جھوٹی آرزوئیں جھوٹے خواب خود بتا رہے ہیں کہ ان کے لئے کوئی خوبی تو کیا ہوتی البتہ دوزخ کا عذاب تیار ہے جس کی طرف وہ بڑھتے چلے جا رہے ہیں۔ ابدالآباد تک اللہ کی نظرِ کرم سے محروم عذاب بھگتتے رہیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ

تَاللّٰهِ	لَقَدْ + اَرْسَلْنَآ	اِلٰٓى	اُمَمٍ	مِّنْ + قَبْلِكَ	فَزَيَّنَ	لَهُمُ	الشَّيْطٰنُ
اللہ کی قسم	تحقیق ہم نے بھیجے	طرف	اُمتیں	تم سے پہلے	پھر اچھا کر دکھایا	انکے لئے	شیطان

اللہ کی قسم! تحقیق ہم نے بھیجے تم سے پہلے امتوں کی طرف (رسول) پھر شیطان نے ان کے عمل انہیں اچھے

اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾

اَعْمَالَهُمْ	فَهُوَ	وَلِيُّهُمُ	الْيَوْمَ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ
ان کے اعمال	پس وہ	انکا رفیق	آج	اور ان کیلئے	عذاب	دردناک

کر دکھائے پس آج وہ ان کا رفیق ہے اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔

﴿۶۳﴾ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۝

﴿۶۳﴾ قسم اللہ کی بلاشبہ ہم نے بھیجے پیغمبر تم سے پہلی امتوں کی طرف سو شیطان نے انکو اچھے کر دکھلائے انکے برے عمل پس جھٹلایا انہوں نے پیغمبروں کو سو دنیا میں انکے کاموں کا بندوبست کرنے والا وہی ہے۔ اسی کے سپرد ہیں ان کے سب کام اور آخرت میں ان کے لئے عذاب دردناک ہے (اور بعض نے فرمایا الیوم سے مراد قیامت کا دن ہے بطور حکایت حال آئندہ کے۔ اس صورت میں مطلب یہ ہے کہ کافروں کے لئے بجز شیطان کے کوئی ولی اور مددگار نہیں سو وہ اپنی مدد سے بھی عاجز ہے دوسروں کی کیا خبر لیگا۔

تشریح

﴿۶۳﴾ ہر دور میں پیغمبروں کو جھٹلایا گیا ہے | اللہ تعالیٰ نے آج جس طرح اے محمد ﷺ آپ کو اپنا رسول مقرر کیا ہے اسی طرح ہر دور میں آپ سے پہلی امتوں کے لئے نبی اور رسول بھیجے گئے ہیں اور جس طرح یہ لوگ آج آپ کو جھٹلا رہے ہیں اور آپ کے ساتھ گستاخی کے ساتھ پیش آتے ہیں اس طرح پہلے پیغمبروں کے ساتھ بھی ہو چکا ہے اصل میں ایسے لوگوں کے پیچھے شیطان لگا رہتا ہے جو اُن کے برے کرتوتوں کو خوشنما بنا کر دکھاتا ہے اور اس طرح وہ رسولوں کی بات سُنی ان سُنی کر کے شیطان کو اپنا سرپرست بنا لیتے ہیں پہلے بھی ایسا ہی ہوا ہے اور آج بھی ایسا ہی ہو رہا ہے۔ ایسے لوگوں کے لئے جو راہِ ہدایت کو چھوڑ کر شیطانی راستہ اپناتے ہیں دردناک سزا کے سوا کچھ نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا

وَمَآ	اَنْزَلْنَا	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	اِلَّا	لِتُبَيِّنَ	لَهُمُ	الَّذِي	اخْتَلَفُوْا
اور نہیں	اتاری ہم نے	تم پر	کتاب	مگر	اسلئے کہ تم واضح کردو	انکے لئے	جو۔جس	انہوں نے اختلاف کیا

اور ہم نے تم پر کتاب نہیں اتاری مگر (صرف) اس لئے کہ ان کے لئے تم واضح کردو جسمیں انھوں نے اختلاف

فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ

فِيْهِ	وَهُدًى	وَّرَحْمَةً	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ	وَاللّٰهُ	اَنْزَلَ
اسمیں	اور ہدایت	اور رحمت	ان لوگوں کے لئے	وہ ایمان لائے	اور اللہ	اتارا

کیا ، اور ہدایت و رحمت ان کے لئے جو ایمان لائے ۔ اور اللہ نے آسمانوں سے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ فِيْ

مِنَ	السَّمَآءِ	مَآءً	فَاَحْيَا	بِهِ	الْاَرْضَ	بَعْدَ	مَوْتِهَا	اِنَّ	فِيْ
سے	آسمان	پانی	پھر زندہ کیا	اس سے	زمین	بعد	اسکی موت	بیشک	میں

پانی اُتارا پھر اس سے زمین کو اس کی موت (بنجر ہونے) کے بعد زندہ کیا ۔ بیشک اس میں

ع ۸ ۵ ۱۴ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿٦٥﴾ ع وَاِنَّ لَكُمْ

ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ	يَّسْمَعُوْنَ	وَ	اِنَّ	لَكُمْ
اس	نشانی	لوگوں کیلئے	وہ سنتے ہیں	اور	بیشک	تمہارے لئے

ان لوگوں کے لئے نشانی ہے جو سُنتے ہیں اور بیشک تمہارے لئے

فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ

فِي	الْاَنْعَامِ	لَعِبْرَةً	نُسْقِيْكُمْ	مِّمَّا	فِيْ	بُطُوْنِهٖ
میں	چوپائے	البتہ عبرت	ہم پلاتے ہیں تم کو	اس سے جو	میں	ان کے پیٹ (جمع)

چوپایوں میں (مقام) عبرت ہے۔ ہم تمہیں پلاتے ہیں دودھ خالص اس سے جو

مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿٦٦﴾

مِنْۢ	بَيْنِ	فَرْثٍ	وَّدَمٍ	لَّبَنًا	خَالِصًا	سَآئِغًا	لِّلشّٰرِبِيْنَ
سے	درمیان	گوبر	اور خون	دودھ	خالص	خوشگوار	پینے والوں کے لئے

گوبر اور خون کے درمیان ان کے پیٹوں میں ہے پینے والوں کے لئے خوش گوار

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا

وَمِنْ	ثَمَرٰتِ	النَّخِيْلِ	وَالْاَعْنَابِ	تَتَّخِذُوْنَ	مِنْهُ	سَكَرًا	وَّرِزْقًا
اور سے	پھل (جمع)	کھجور	اور انگور	تم بناتے ہو	اس سے	شراب	اور رزق

اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے (رس) تم اس سے شراب بناتے ہو اور اچھا رزق (حاصل

حَسَنًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾

حَسَنًا	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ	يَّعْقِلُوْنَ
اچھا	بیشک	میں	اس	نشانی	لوگوں کے لئے	عقل رکھتے ہیں

کرتے ہو) بیشک اس میں نشانی ہے ان لوگوں کے لئے جو عقل رکھتے ہیں

﴿۶۴﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

﴿۶۴﴾ اور ہم نے تیری طرف قرآن کو اس لئے اتارا کہ لوگوں پر ظاہر کر دو جن امور دین کے جنہیں اختلاف کرتے تھے اور یہ قرآن راہ بتلاتا ہے اور رحمت ہے ان کے واسطے جو اس پر ایمان لاتے ہیں۔

﴿۶۵﴾ وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ۝

﴿۶۵﴾ اور اللہ نے آسمان سے پانی اتارا پس زندہ کیا بسبب اس کے زمین کو بعد اس کے خشک ہو جانے کے یعنی سبزہ جمایا بیشک اس مذکور میں نشانی ہے زندہ ہو کر اٹھنے کی ان لوگوں کیلئے جو غور سے سنتے ہیں۔

﴿۶۶﴾ وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَاۗىِٕغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝

﴿۶۶﴾ اور بیشک تم کو عبرت پکڑنی چاہیے چارپایوں کو دیکھ کر اس عبرت کا بیان اس آیت میں ہے نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ الخ ہم ان کے پیٹ میں سے گوبر اور خون سے نکال کر تم کو خالص دودھ پلاتے ہیں جس میں نہ گوبر اور خون کا مزہ نہ رنگ اور نہ بُو حالانکہ وہ انہیں میں سے نکلتا ہے جو پینے والوں کے گلوں میں آسانی سے اتر جاتا ہے جو خوشگوار ہے حلق میں نہیں اٹکتا۔

﴿۶۷﴾ وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ۭ

﴿۶۷﴾ اور کھجور اور انگور کے پھلوں میں وہ پھل ہے جس سے شراب بناتے ہو (سکر اصل میں مصدر ہے خمر کا نام رکھ دیا گیا جو بمعنی مسکر ہے اور یہ حکم قبل تحریم خمر کے ہے) ۔ بناتے ہو ان پھلوں سے عمدہ رزق جیسے چھوارے اور مربّی اور سرکہ اور شیرہ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَالدِّبْسِ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ الْمَذْكُوْرِ لَاٰیَةً عَلٰی قُدْرَتِهٖ تَعَالٰی لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ○ یَتَدَبَّرُوْنَ

بیشک اس مذکور میں اللہ کی قدرتِ کاملہ کی علامت ہے ان لوگوں کے لئے جو سمجھتے ہیں اور غور کرتے ہیں۔

تشریح

(۶۴) قرآن صداقت کی پائیدار بنیاد سامنے رکھتا ہے | لوگ اپنے اپنے غلط گمانوں میں مبتلا رہتے ہیں اور باپ دادا سے جو غلط چیزیں چلی آرہی ہیں ان کی تقلید چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہوتے اور اس طرح وہ مختلف مسلکوں اور مذہبوں میں بٹ جاتے ہیں۔ ہم نے جو قرآن نازل کیا ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کے سامنے صداقت کی ایک شاہراہ آجائے اور حقیقت وسچائی کی مضبوط بنیاد پر وہ اپنی زندگی کی تعمیر کریں۔ یہ قرآن ہدایت ہے اور جو لوگ واقعی راہِ ہدایت کے متلاشی ہیں ان کے لئے اللہ کی رحمت ہے۔ اب اس کے بعد بھی اگر کوئی تسلیم نہیں کرتا تو یہ اس کا اپنا فعل ہے وہ جانے اور اس کا کام جانے۔

(۶۵) مردہ زمین کی طرح مردہ انسانوں کو بھی دوبارہ زندہ کیا جائیگا | پچھلے پیغمبروں کی طرح حضور نبی کریم ﷺ جس دین یعنی اسلام کی طرف لوگوں کو بلا رہے تھے اس میں وحدتِ الٰہ اور رسالت کے علاوہ دعوت کا تیسرا ستون یہ تھا کہ اس دنیا کی زندگی گذارنے کے بعد جب انسان موت کی آغوش میں چلا جائیگا تو اللہ تعالےٰ اسکو عالم آخرت میں دوبارہ زندگی عطا کریں گے۔ موت کے بعد زندگی کیونکہ سامنے نظر نہیں آتی اسلئے سمجھانے کیلئے ایک دل نشین مثال پیش کی گئی ہے کہ ہر سال تمہارے سامنے یہ منظر آتا ہے کہ خشک زمین بارش کے چھینٹے پڑتے ہی سرسبز وشاداب نظر آنے لگتی ہے اور زمین کی تہہ میں دبی ہوئی بے شمار جڑیں برسات کے ساتھ ہی ہری ہو جاتی ہیں کہ جس طرح اللہ تعہ مردہ زمین کو برسات کے پانی سے زندگی دیتے ہیں اسی طرح اللہ کی یہ کتاب قرآن مجید تمہارے مردہ دلوں کو زندگی دے سکتی ہے اور تمہاری جہالت کو علم سے بدل سکتی ہے اور اللہ تعہ تمام انسانوں کو مرنے کے بعد زندہ کر سکتے ہیں۔ جب برسات کے پانی سے مردہ زمین کو زندگی میں بدلا جا سکتا ہے تو اس میں حیرت کی کیا بات ہے کہ اللہ تعہ موت کے بعد پھر زندگی دیدیں اور اگر تم دل کے کانوں سے نبی کی بات کو سنو تو تمہارے مردہ دل زندہ ہو اٹھیں۔ سننے والوں کے لئے اسمیں ایک نشانی موجود ہے۔

(۶۶) اللہ کی قدرت کے نشان چوپائے میں بھی پائے جاتے ہیں | اللہ تعہ کی قدرت اور اس کی حکمت کے نشانات چپے چپے پر موجود ہیں۔ ذرا ان چوپاؤں پر بھی نظر ڈالو جو تمہارے گھروں میں پلتے ہیں۔ یہ اونٹ گائے بھینس بکریاں گھاس وغیرہ کی شکل میں جو چارہ کھاتے ہیں وہ ان کے پیٹ میں پہنچ کر تین طرح کی چیزوں میں تقسیم ہو جاتا ہے۔ ایک طرف تو ان کی غذا اور چارے سے خون بنتا ہے۔ دوسری طرف فُضلہ جو باہر نکل جاتا ہے اور ان میں جو مادہ جانور ہیں اسی چارے اور غذا سے ایک نہایت صاف وشفاف اور پاکیزہ چیز تیار ہوتی ہے اور وہ ہے دودھ جو اُن کے بچوں کی ضرورت پوری کرنے کے بعد انسان کے لئے بہترین غذ فراہم کرتا ہے۔ اس دودھ سے کیسی کیسی چیزیں بنتی ہیں پنیر، دہی اور کس کس طرح سے یہ دودھ انسانوں کے کام آتا ہے کبھی تم نے غور کیا کہ اللہ اپنی قدرت سے اور اپنی حکمت سے ان جانوروں سے کیسی پاک طیب اور خوشگوار غذا تمہارے لئے فراہم کرتا ہے۔ کیا اس میں اللہ کی نشانی موجود نہیں ہے۔؟

(۶۷) پھلوں کی پیداوار میں بھی اللہ کی نشانی موجود ہے | اب ذرا پھلوں کی طرف آؤ کھجور کے درخت اور انگور کی بیلوں سے جہاں تم رزق حاصل کرتے ہو وہیں ان چیزوں کو غلط استعمال کر کے نشہ آور چیزیں بنا لیتے ہو۔ اللہ تعالےٰ نے ان پھلوں میں وہ مادہ پیدا کر دیا ہے جو انسان کے لئے حیات بخش غذا بن جاتا ہے اور اگر آدمی ان کو غلط استعمال کرنا چاہے تو ان کو سڑا کر الکحل میں تبدیل کر کے شراب بھی بنا لیتا ہے یہ انسان کا اپنا انتخاب ہے کہ وہ ان چیزوں کو اچھے استعمال میں لاتا ہے یا برے استعمال میں۔ بہرحال اس میں سمجھدار لوگوں کے لئے نشانیاں موجود ہیں اب اگر کوئی اپنی عقل کو نشے کے ذریعہ زائل کر لے تو یہ اس کا اپنا فعل ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا

وَاَوْحٰى	رَبُّكَ	اِلَى	النَّحْلِ	اَنِ	اتَّخِذِيْ	مِنَ	الْجِبَالِ	بُيُوْتًا
اور الہام کیا	تمہارا رب	طرف کو	شہد کی مکھی	کہ	بنا لے	سے میں	پہاڑ (جمع)	گھر (جمع)

اور تمہارے رب نے شہد کی مکھی کو الہام کیا کہ پہاڑوں میں گھر بنا لے

وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿۶۸﴾

وَّ	مِنَ	الشَّجَرِ	وَمِمَّا	يَعْرِشُوْنَ	
اور	سے میں	درخت	اور اس سے جو	چھتریاں بناتے ہیں	

اور درختوں میں، اور اس جگہ جہاں وہ چھتریاں بناتے ہیں

﴿۶۸﴾ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ وَحْيَ الْاِلْهَامِ اَنِ مُفَسِّرَةٌ اَوْ مَصْدَرِيَّةٌ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا تَاْوِيْ اِلَيْهَا وَمِنَ الشَّجَرِ بُيُوْتًا وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ○ اَيِ النَّاسُ يَبْنُوْنَ لَكِ مِنَ الْاَمَاكِنِ وَالْاَلْمِ تَاْوِيْ اِلَيْهَا

﴿۶۸﴾ وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا الخ اور تیرے رب نے شہد کی مکھی کو الہام فرمایا کہ پہاڑوں میں اپنے رہنے کو گھر بناوے اور درختوں میں اور ان مکانات اور ٹیلوں میں جو آدمی تیرے رہنے کو بناتے ہیں۔

تشریح

﴿۶۸﴾ شہد کی مکھی میں اللہ کی نشانیاں موجود ہیں | شہد کی مکھی ایک چھوٹا سا جانور ہے یہ پہاڑوں میں درختوں میں اور انگور وغیرہ کی بیل چڑھانے میں جو ٹٹیاں باندھتے ہیں اور عمارتوں میں اپنا چھتہ بناتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فطری تعلیم کے ذریعہ اسکو یہ بات سکھائی ہے کہ وہ ایک معمولی جانور ہونے کے باوجود بڑی کاریگری سے اپنا چھتہ تیار کرتی ہے اور وہ چھتہ "مسدس متساوی الاضلاع" کی طرح ہوتا ہے یعنی چھ کونوں والا ایسا گھر جس کے تمام خانے بالکل برابر ہوتے ہیں بغیر مسطر اور پرکار کے اس کا گھر ٹھیک ایک ہی شکل کا ہوتا ہے یہ چھ گوشہ گھر اس طرح ہوتا ہے کہ درمیان میں کوئی جگہ خالی نہیں رہتی ان میں اتنا ڈسپلن ہوتا ہے کہ ساری مکھیاں ایک بڑی مکھی کے ماتحت پوری فرمانبرداری کے ساتھ کام کرتی ہیں وہ بڑی مکھی جو اُن کی ملکہ ہوتی ہے اسکو نیشوب کہا جاتا ہے۔ فطرت کی یہ تعلیم جس کو قرآن پاک میں وحی سے تعبیر کیا گیا ہے یہ اللہ کی طرف سے اپنی مخلوق کو دی گئی وہ تعلیم ہے جو کسی سکول اور مدرسے میں نہیں دی جاتی بظاہر کوئی معلم اور طالب علم نظر نہیں آتا جو کچھ سکھایا جاتا ہے ظاہری اسباب کے بغیر ہوتا ہے اس لئے اس کو وحی کہتے ہیں یہ وحی جب اللہ کے پیغمبروں پر نازل ہوتی ہے تو اس میں پیغمبر کو پورا شعور ہوتا ہے کہ یہ وحی اللہ کی طرف سے آرہی ہے۔ وحی اسلئے نازل ہوتی ہے کہ نبی اس کے ذریعے انسانوں کی رہنمائی کا فریضہ انجام دیتا ہے۔ پیغمبروں کے علاوہ دوسری چیزوں پر جو وحی ہوتی ہے ان میں ان کو وحی کا شعور نہیں ہوتا بس بات ان تک پہنچ جاتی ہے اور وہ اس کے مطابق کرنے لگتے ہیں۔ اسی کو فطرت کہتے ہیں۔ غرض وحی کی کئی قسمیں ہیں۔ انسان غور و فکر کے بعد جب کسی صحیح نتیجے پر پہنچتا ہے تو وہ بھی ایک طرح کی وحی ہوتی ہے۔ بڑے بڑے کارنامے انجام دینے والے اچانک کسی بات کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں جیسے کسی نے کوئی بات ان کے دل میں ڈال دی ہو۔ یہ بھی وحی ہوتی ہے۔ شہد کی مکھی کا اس طرح گھر بنانا یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے جو غور و فکر کی دعوت دیتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ثُمَّ كُلِي مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِي سُبُلَ رَبِّكِ

ثُمَّ	كُلِي	مِنْ	كُلِّ + الثَّمَرٰتِ	فَاسْلُكِي	سُبُلَ	رَبِّكِ
پھر	کھا	سے۔کے	ہر قسم کے پھل	پھر چل	راستے	اپنا رب

پھر کھا ہر قسم کے پھل پھر اپنے رب کے نرم و ہموار راستوں

ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ

ذُلُلًا	يَخْرُجُ	مِنْ	بُطُوْنِهَا	شَرَابٌ	مُّخْتَلِفٌ
نرم و ہموار	نکلتی ہے	سے	انکے پیٹ (جمع)	پینے کی ایک چیز	مختلف

پر چل۔ ان کے پیٹوں سے پینے کی ایک چیز نکلتی ہے (شہد) اس کے

اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

اَلْوَانُهٗ	فِيْهِ	شِفَآءٌ	لِّلنَّاسِ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ
اس کے رنگ	اس میں	شفاء	لوگوں کیلئے	بیشک	میں	اس

رنگ مختلف ہوتے ہیں اس میں لوگوں کے لئے شفا ہے۔ بیشک اس میں اُن

لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ

لَاٰيَةً	لِّقَوْمٍ	يَّتَفَكَّرُوْنَ	وَاللّٰهُ	خَلَقَكُمْ	ثُمَّ
نشانی	لوگوں کیلئے	سوچتے ہیں	اور اللہ	پیدا کیا تمہیں	پھر

لوگوں کے لئے نشانی ہے جو سوچتے ہیں اور اللہ نے تمہیں پیدا کیا پھر وہ تمہیں

يَتَوَفّٰىكُمْ ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ

يَتَوَفّٰىكُمْ	وَ	مِنْكُمْ	مَّنْ	يُّرَدُّ + اِلٰٓى	اَرْذَلِ	الْعُمُرِ
وہ موت دیتا ہے تمہیں	اور	تم میں سے بعض	جو	لوٹایا (پہنچایا) جاتا ہے طرف	ناکارہ۔ناقص	عمر

موت دیتا ہے اور تم میں سے بعض کو ناکارہ عمر کی طرف پہنچایا جاتا ہے۔

ع ۹ ۵ ۱۵ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۷۰﴾

لِكَيْ	لَا + يَعْلَمَ	بَعْدَ	عِلْمٍ	شَيْـًٔا	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلِيْمٌ	قَدِيْرٌ
تاکہ	وہ بے علم ہو جائے	بعد	علم	کچھ	بیشک	اللہ	جاننے والا	قدرت والا

تاکہ وہ بے علم ہو جائے کچھ علم کے بعد بیشک اللہ جاننے والا، قدرت والا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۶۹) ثُمَّ كُلِي مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ فَاسْلُكِي اُدْخُلِي سُبُلَ رَبِّكِ طُرُقَهُ فِي طَلَبِ الْمَرْعٰى ذُلُلًا جَمْعُ ذَلُوْلٍ حَالٌ مِنَ السُّبُلِ اَيْ مُسَخَّرَةٌ لَكِ فَلَا تَعْسُرُ عَلَيْكِ وَاِنْ تَوَعَّرَتْ وَلَا تَضِلِّي عَنِ الْعَوْدِ مِنْهَا وَاِنْ بَعُدَتْ وَقِيْلَ حَالٌ مِنَ الضَّمِيْرِ فِي اُسْلُكِي اَيْ مُنْقَادَةً لِمَا يُرَادُ مِنْكِ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ هُوَ الْعَسَلُ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهُ فِيْهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ مِنَ الْاَوْجَاعِ قِيْلَ لِبَعْضِهَا كَمَا دَلَّ عَلَيْهِ تَنْكِيْرُ شِفَاءٍ اَوْ لِكُلِّهَا بِضَمِيْمَةٍ اِلٰى غَيْرِهِ اَقُوْلُ وَبِدُوْنِهَا بِنِيَّةٍ وَقَدْ اَمَرَ بِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَطْلَقَ بَطْنَهُ رَوَاهُ الشَّيْخَانِ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُوْنَ ○ فِيْ صُنْعِهِ تَعَالٰى

(۶۹) پھر کھا تو ہر قسم کے پھلوں سے اور گھس جا تو اپنے رب کے راستوں میں خوراک کی تلاش میں وہ راستے تیرے لئے آسان کر دئے گئے ہیں اس لئے باوجود دشواری کے تجھکو وہاں جانا دشوار نہ ہوگا اور باوجود دور ہونے کے واپس ہونے میں تو راستہ نہ بھولی اور بعض مفسرین نے کہا ذُلُلًا حال ہے ضمیر اسکی سے اسوقت معنی یہ ہیں کہ تو تابع ہے حکم الٰہی کے جو تجھ سے ارادہ کیا جاوے۔

ان کے پیٹ سے شہد نکلتا ہے جس کا رنگ مختلف ہے اسمیں شفاء ہے آدمیوں کو تکلیفوں اور بیماریوں سے۔ بعض مفسرین نے کہا کہ مراد بعض بیماریاں ہیں جیسا کہ شفا کے نکرہ لانے سے معلوم ہوتا ہے۔ یا تمام بیماریوں سے شفاء ہے اس کے ساتھ اور دوائیں ملا کر۔ میں کہتا ہوں کہ ملانے کی بھی کچھ ضرورت نہیں اگر نیت خالص ہو۔ اور بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہد کے کھانے کا حکم فرمایا اس شخص کو جس کا پیٹ چلتا تھا دستوں سے روایت کیا اسکو بخاری و مسلم نے۔

بیشک اس میں نشانی ہے ان لوگوں کے لئے جو صنعتِ الٰہی میں فکر کرتے ہیں۔

(۷۰) وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَلَمْ تَكُوْنُوْا شَيْئًا ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ عِنْدَ انْقِضَاءِ اٰجَالِكُمْ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ اَيْ اَخَسِّهِ مِنَ الْهَرَمِ وَالْخَرَفِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْئًا قَالَ عِكْرِمَةُ مَنْ قَرَأَ الْقُرْاٰنَ لَمْ يَصِرْ بِهٰذِهِ الْحَالَةِ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِتَدْبِيْرِ خَلْقِهِ قَدِيْرٌ ○ عَلٰى مَا يُرِيْدُهُ۔

(۷۰) اور اللہ نے تم کو پیدا کیا حالانکہ تم کوئی چیز نہ تھے پھر وہ تم کو وفات دیویگا جبکہ موت کا وقت آجاوے گا اور تم میں سے بعض وہ ہیں جو نکمی عمر تک پہنچائے جاتے ہیں یعنی بوڑھے ہو کر انکے حواس درست نہیں رہتے تاکہ نہ جانے کوئی چیز بعد اسکے کہ سب کچھ جانتا تھا۔ عکرمہ کہتے ہیں جس نے قرآن پڑھا وہ اس حالت کو نہیں پہونچیگا۔

بیشک اللہ اپنی مخلوق کی تدبیر کو جانتا ہے قدرت والا ہے جو چاہے کرے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تشریح

(۶۹) شہد کی مکھی کے نظام اور طریقۂ کار میں اللہ کی نشانی پائی جاتی ہے

شہد کی مکھی جس طرح مختلف قسم کے پھولوں سے رس چوستی ہے اور یہ پورا مکھیوں کا گروہ منظم طریقے سے کام کرتا ہے اس مقررہ نظام میں اللہ کی نشانی موجود ہے کہ اس نے کس طرح ایک چھوٹے سے جانور میں یہ فطری صلاحیت رکھ دی ہے۔ اور پھولوں کا رس حاصل کرنے کے لئے وہ دور دور تک چلی جاتی ہے اور پھر بلا تکلف اپنے چھتے پر واپس آتی ہے اور راستہ بھولتی نہیں ہے پھر اس سے جو شہد تیار ہوتا ہے وہ ایک مزیدار غذا ہونے کے علاوہ بہت سی بیماریوں کے لئے باعث شفاء ہے۔ شہد میں یہ عجیب خاصیت ہے کہ وہ نہ خود سڑتا ہے اور جس چیز میں شہد ملا ہو اُسے سڑنے نہیں دیتا اسلئے اطبا مختلف قسم کے معجونوں اور خمیروں میں شہد استعمال کرتے ہیں۔ شربتوں اور مختلف لکوئیڈ دواؤں میں شہد میں آمیزش اسلئے ہوتی ہے کہ وہ ان چیزوں کو سڑنے نہیں دیتا۔

حضرت شاہ عبدالقادر رح نے ایک بڑے لطیف نکتے کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان آیتوں میں کہ جانور کے پیٹ میں جو غذا پہنچتی ہے اس سے خون اور گوبر کے علاوہ پاک وصاف دودھ نکلتا ہے۔ انگور اور کھجور جہاں اس سے نشہ پیدا ہوتا ہے وہاں پاک روزی بھی ملتی ہے اور مکھی کے پیٹ سے صاف اور پاکیزہ شہد نکلتا ہے اس سے اشارہ ہے کہ برائی میں سے بھی بھلائی نکل سکتی ہے، جاہلوں کی اولاد بھی عالم ہوسکتی ہے، گمراہی سے بھی ہدایت ابھر سکتی ہے جیسا کہ تاریخ میں بارہا ہوا ہے کہ بروں کی اولاد نیک، جاہلوں کی اولاد عالم اور گمراہوں کی نسل سے ہدایت یافتہ لوگ پیدا ہوئے ہیں۔

(۷۰) موت وحیات اور انسانی وجود کے مختلف مرحلوں میں اللہ کی نشانیاں پائی جاتی ہیں

حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی دینی دعوت میں سب سے اہم بنیاد یہ تھی کہ صرف ایک اللہ ہی انسانوں کا معبود ہے وہی ہے جس کی اطاعت کی جانی چاہیئے وہی سب کا مشکل کشا اور فریاد رس ہے اس کے مقابلے میں شرکیہ نظام بالکل بے بنیاد اور پھُس پھُسا ہے جسمیں سوائے اوہام اور تخیلات کے کوئی صداقت نہیں ہے۔ آپ کی دعوت کی دوسری اہم بنیاد آخرت کی زندگی کا تصور ہے۔ آخرت کی زندگی کا یہ تصور پورے نظام اخلاق کو اس بنیاد پر قائم کرتا ہے کہ انسان اپنے اعمال کے لئے اللہ کے سامنے جوابدہ ہے، مرنے کے بعد وہ دوبارہ زندہ ہوگا اور اس کو اپنے کئے ہوئے کا حساب دینا پڑیگا۔ اس کے لئے توجہ دلائی گئی کہ کائنات کے آثار پر نظر ڈال کر دیکھو جو پکار پکار کر کہہ رہے ہیں کہ ان سب چیزوں کا پیدا کرنے والا تمہارے لئے بہترین غذائیں فراہم کرنے والا وہی حکیم ورحیم رب ہے جس نے تمہیں بھی پیدا کیا ہے اور ان تمام چیزوں کو بھی۔ دھیان دلایا گیا کہ جس طرح بارش سے مردہ زمین زندہ ہوجاتی ہے۔ اسی طرح تمہیں بھی مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔ حقیقت یہ ہے کہ پرورش کا سارا انتظام ہی نہیں زندگی اور موت کا سارا نظام اللہ کے قبضے میں ہے اسی نے پیدا کیا ہے وہی موت دیتا ہے۔ پھر ذرا اپنے وجود کو دیکھو ایسے بھی لوگ ہیں جو بڑھاپے کی عمر کو پہنچ جاتے ہیں۔ جوانی میں جو علم حاصل کیا عہد شباب میں جو طاقتور اور صاحب عقل تھا کس طرح بڑھاپے میں پہنچ کر وہ سب کچھ فراموش کر دیتا ہے اور گوشت کا ایک لوتھڑا بن کر رہ جاتا ہے۔ جو علم اللہ نے دیا تھا وہی اس کو چھین بھی لیتا ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ اپنے علم اور قدرت میں ہر طرح سے کامل ہے جتنا چاہے جس کو دے اور جب چاہے واپس لے لے۔

حضرت شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ کامل کے بعد ناقص کا ہونا، جوانی کے بعد بڑھاپے کا آنا، علم کے بعد پھر علم کا چھن جانا اس طرف اشارہ کرتا ہے کہ اس امت میں کامل لوگوں کے بعد پھر ناقص لوگ پیدا ہونے لگیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ

وَاللّٰهُ	فَضَّلَ	بَعْضَكُمْ	عَلٰى	بَعْضٍ	فِي	الرِّزْقِ
اور اللہ	فضیلت دی	تم میں سے بعض	پر	بعض	میں	رزق

اور اللہ نے فضیلت دی تم میں سے بعض کو بعض پر رزق میں۔

فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَآدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ

فَمَا	الَّذِيْنَ	فُضِّلُوْا	بِرَآدِّيْ	رِزْقِهِمْ	عَلٰى	مَا مَلَكَتْ
پس نہیں	وہ لوگ جو	فضیلت دیئے گئے	لوٹا دینے والے	اپنا رزق	پر کو	جو مالک ہوئے

پس جن لوگوں کو فضیلت دی گئی وہ اپنا رزق لوٹانے (دینے والے) نہیں انہیں جن کے

اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۷۱﴾

اَيْمَانُهُمْ	فَهُمْ	فِيْهِ	سَوَآءٌ	اَفَبِنِعْمَةِ	اللّٰهِ	يَجْحَدُوْنَ
ان کے ہاتھ	پس وہ	اس میں	برابر	پس کیا۔ نعمت سے	اللہ	وہ انکار کرتے ہیں

مالک ان کے ہاتھ ہیں (اپنے مملوکوں کو) کہ وہ اس میں برابر ہو جائیں، پس کیا وہ اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں؟

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّنْ	اَنْفُسِكُمْ	اَزْوَاجًا	وَّجَعَلَ	لَكُمْ
اور اللہ	بنایا	تمہارے لئے	سے	تم میں سے	بیویاں	اور بنایا (پیدا کیا)	تمہارے لئے

اور اللہ نے تم میں سے تمہارے لئے تمہاری بیویاں بنائیں اور تمہاری عورتوں سے تمہارے

مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ مِّنَ

مِّنْ	اَزْوَاجِكُمْ	بَنِيْنَ	وَحَفَدَةً	وَّرَزَقَكُمْ	مِّنَ
سے	تمہاری بیویاں	بیٹے	اور پوتے	اور تمہیں عطا کیا	سے

لئے پیدا کئے بیٹے اور پوتے۔ اور تمہیں پاک چیزیں

الطَّيِّبٰتِ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ

الطَّيِّبٰتِ ۭ	اَفَبِالْبَاطِلِ	يُؤْمِنُوْنَ	وَبِنِعْمَتِ	اللّٰهِ	هُمْ
پاک چیزیں	تو کیا باطل کو	وہ مانتے ہیں	اور نعمت	اللہ	وہ

عطا کیں تو کیا وہ باطل کو مانتے ہیں؟ اور وہ اللہ کی نعمت کا انکار

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ

يَكْفُرُوْنَ	وَ	يَعْبُدُوْنَ	مِنْ	دُوْنِ	اللّٰهِ	مَا	لَا يَمْلِكُ	لَهُمْ
انکار کرتے ہیں	اور	پرستش کرتے ہیں	سے	سوا	اللہ	جو	اختیار نہیں	انکے لئے

کرتے ہیں اور اللہ کے سوا ان کی پرستش کرتے ہیں جنہیں اختیار نہیں ان کے

رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۷۳﴾

رِزْقًا	مِنَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	شَيْـًٔا	وَّلَا	يَسْتَطِيْعُوْنَ
رزق	سے	آسمانوں	اور زمین	کچھ	اور نہ	وہ قدرت رکھتے ہیں

لئے رزق کا آسمانوں اور زمین سے کچھ بھی ، اور نہ وہ قدرت رکھتے ہیں ۔

﴿۷۱﴾ وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا بِرَآدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ ۭ اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً

﴿۷۱﴾ اور اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر روزی میں بڑائی دی کہ بعض تم میں سے دولتمند ہیں اور بعض محتاج اور بعض مالک اور بعض مملوک ، سو جنکو بزرگی سرداری دی گئی وہ اپنی روزی اپنے غلاموں کو نہیں دیتے یعنی اپنے مالوں وغیرہ میں اپنے غلاموں کو شریک نہیں کرتے کہ غلام اور آقا برابر کے شریک ہو جاویں ۔

حاصل یہ ہے کہ جب آدمیوں کی یہ کیفیت ہے کہ ان کے غلام ان کے مالوں میں شریک نہیں ہو سکتے تو پھر اللہ کے بندوں کو اس کا شریک کیونکر ٹھیراتے ہیں ۔

پس کیا یہ لوگ اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کرتے ہیں ۔ کہ اسکے لئے شریک بتلاتے ہیں ۔

﴿۷۲﴾ اور اللہ نے تمہارے لئے تمہاری جانوں سے تمہاری بیبیاں پیدا کیں چنانچہ حوا کو آدم ؑ کی پسلی سے بنایا اور تمام آدمی مردوں اور عورتوں کے نطفوں سے بنائے اور تمہارے لئے تمہاری بیویوں سے بیٹے اور پوتے پوتیاں اور نواسے نواسیاں پیدا کیں ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ۝

اور تم کو عمدہ چیزیں کھانے کو دیں یعنی ہر قسم کے پھل اناج اور جانور تمہارے کھانے کو پیدا کیے۔ پس کیا وہ لوگ بت پر ایمان لاتے ہیں اور اللہ کی نعمتوں کا انکار کرتے ہیں اس کے لیے شریک بنا کر۔

وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ۝ فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

(۷۳) اور کافر اللہ کے سوا ان کو پوجتے ہیں جو نہ آسمان سے پانی برسا کر ان کو روزی پہنچا سکتے ہیں نہ زمین سے اناج وغیرہ پیدا کر کے ان کو کچھ کھلا سکتے ہیں اور کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتے (مراد اُن سے بت ہیں۔)

تشریح

(۷۱) **کیا مالک اور غلام برابر ہیں؟** دنیا میں ہم دیکھتے ہیں کہ اللہ نے رزق کے معاملے میں بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے کسی کو ڈھیر سارا مال دے دیا۔ کتنے ہی نوکر چاکر اس کے یہاں کام کر رہے ہیں کیا کبھی دیکھا ہے کہ کوئی مال کا مالک اپنا سارا مال اپنے نوکروں کو دیدے کہ دونوں برابر کے حصے دار بن جائیں۔ جب دنیا میں مالک اور مملوک آقا اور غلام مالک اور نوکر کا فرق ہے تو پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ غلام اور آقا کو ایک سطح پر رکھا جائے لیکن اللہ تعالیٰ کے معاملے میں بجائے اس کے کہ مالک کو مالک سمجھا جائے اور اس کی شکر گزاری کی جائے غلاموں کی شکر گزاری کو جو بہر حال اللہ کی مخلوق اور اس کے بندے ہیں کیسے درست سمجھا جائے۔ اللہ کی نعمتوں کا شکریہ غیر اللہ کو ادا کرنا دراصل اللہ کی نعمتوں کا انکار ہے۔

جسطرح روزی اور دوسرے معاملات میں اللہ نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے اگر علم و عرفان اور کمالات نبوت میں کسی شخص کو اللہ نے ممتاز کر دیا ہے تو اس کو اللہ کی حکمت اور اس کی مصلحت ہی سمجھنا چاہیئے کوئی وجہ نہیں کہ کوئی ہٹ دھرمی کر کے اس کی فضیلت کا انکار کرے۔

(۷۲) **اللہ تعالیٰ کے احسانات** اللہ تعالیٰ کے بے شمار احسانات میں سے ایک احسان یہ بھی ہے کہ اس نے تمہاری جنس سے تمہارے جوڑے بنائے تاکہ تم ایک دوسرے کی رفاقت میں سکون حاصل کرو۔ پھر تمہیں ان بیویوں سے بیٹے اور پوتے عطا کیے اور تمہیں اچھی اچھی چیزیں کھانے کو دیں ان سب چیزوں کو دیکھتے ہوئے بھی کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ تمہاری قسمتوں کو بنانا اور بگاڑنا تمہاری مرادیں بر لانا تمہاری دعائیں سننا تمہیں اولاد دینا اللہ کے سوا کسی اور کے قبضے میں ہے۔ یا اللہ کے ساتھ ان نعمتوں کے عطا کرنے میں کوئی دوسرا بھی شریک ہے؟ پھر تم دنیا کی زندگی میں حسن و بقا کے لئے ان چیزوں کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہو تو یہ بھی تسلیم کرو کہ آخرت کی کامیابی کے لئے اللہ نے تمہیں اپنے دین کی نعمت اپنی کتابوں اور نبیوں کے ذریعے عطا کی ہے۔

اللہ کے ساتھ دوسروں کو ان نعمتوں کی عطا میں کسی حیثیت سے بھی شریک کرنا دراصل اللہ کے احسانات کا انکار ہے۔

(۷۳) **اللہ کے سوا کوئی اور عبادت کا مستحق کیسے ہو سکتا ہے؟** جب اللہ کے سوا کوئی رزق کا مالک نہیں ہے، آسمان سے بارش وہی برساتا ہے اور زمین سے غلہ وہی اگاتا ہے تو پھر قادر مطلق کی عبادت میں کوئی کیسے شریک ہو سکتا ہے جبکہ یہ کام اللہ کے سوا کسی کے بس میں ہی نہیں ہے۔ نہ اس وقت ان کو کوئی اختیار حاصل ہے اور نہ آئندہ حاصل کرنے کی قدرت رکھتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا

فَلَا تَضْرِبُوْا	لِلّٰهِ	الْاَمْثَالَ	اِنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	وَاَنْتُمْ	لَا
پس نہ چسپاں کرو	اللہ کیلئے۔پر	مثالیں	بیشک	اللہ	جانتا ہے	اور تم	نہیں

پس چسپاں نہ کر اللہ پر مثالیں بے شک اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۴﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى

تَعْلَمُوْنَ	ضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا	عَبْدًا	مَّمْلُوْكًا	لَّا يَقْدِرُ	عَلٰى
جانتے	بیان کیا	اللہ	ایک مثال	ایک غلام	ملک میں آیا ہوا	وہ اختیار نہیں رکھتا	پر

اللہ نے ایک مثال بیان کی (کسی کی) ملک میں آئے ہوئے غلام کی جو کسی چیز پر اختیار

شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ؕ

شَيْءٍ	وَّمَنْ	رَّزَقْنٰهُ	مِنَّا	رِزْقًا	حَسَنًا	فَهُوَ	يُنْفِقُ	مِنْهُ	سِرًّا	وَّجَهْرًا
کسی چیز	اور جو	ہم نے اسے رزق دیا	اپنی طرف سے	رزق	اچھا	سو وہ	خرچ کرتا ہے	اس سے	پوشیدہ	اور ظاہر

نہیں رکھتا اور (دوسرا) وہ جسے ہم نے اچھا رزق دیا سو وہ اس سے پوشیدہ اور ظاہر خرچ کرتا ہے

هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾

هَلْ	يَسْتَوٗنَ	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	بَلْ	اَكْثَرُهُمْ	لَا يَعْلَمُوْنَ
کیا	وہ برابر ہیں	تمام تعریف اللہ کے لئے	بلکہ	ان میں سے اکثر	نہیں جانتے

کیا وہ (دونوں) برابر ہیں؟ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، بلکہ (لیکن) انہیں سے اکثر نہیں جانتے

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ

وَضَرَبَ	اللّٰهُ	مَثَلًا	رَّجُلَيْنِ	اَحَدُهُمَآ	اَبْكَمُ
اور بیان کیا	اللہ	ایک مثال	دو آدمی	ان میں سے ایک	گونگا

اور اللہ نے دو آدمیوں کی ایک مثال بیان کی ان میں سے ایک گونگا ہے۔ وہ

لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا

لَا يَقْدِرُ	عَلٰى + شَيْءٍ	وَّهُوَ	كَلٌّ	عَلٰى	مَوْلٰىهُ	اَيْنَمَا
وہ اختیار نہیں رکھتا	کسی چیز پر	اور وہ	بوجھ	پر	اپنا آقا	جہاں کہیں

اختیار نہیں رکھتا کسی چیز پر، اور وہ اپنے آقا پر بوجھ ہے۔ وہ جہاں کہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

يُوَجِّهْهُ لَا يَأْتِ بِخَيْرٍ ۭ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ

يُوَجِّهْهُ	لَا يَأْتِ	بِخَيْرٍ	هَلْ	يَسْتَوِيْ	هُوَ	وَمَنْ	يَّاْمُرُ
وہ بھیجے اسکو	وہ نہ لائے	کوئی بھلائی	کیا	برابر	وہ۔یہ	اور جو	حکم دیتا ہے

اسے بھیجے وہ کوئی بھلائی نہ لائے۔ کیا برابر ہے یہ اور وہ جو انصاف کا حکم

ع ۱۰ ۶ ۱۶

بِالْعَدْلِ ۙ وَهُوَ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۷۶

بِالْعَدْلِ	وَهُوَ	عَلٰي	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ
انصاف کے ساتھ	اور وہ	پر	راہ	سیدھی

دیتا ہے اور وہ سیدھی راہ پر ہے۔

(۷۴) فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ ذٰلِكَ

(۷۴) سو اللہ کے واسطے شریک نہ بناؤ اور اس کے مثل کسی کو نہ سمجھو بیشک اللہ جانتا ہے کہ اس کا کوئی مثل نہیں اور تم اس کو نہیں جانتے۔

(۷۵) ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰي شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ۭ هَلْ يَسْتَوٗنَ ۭ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

(۷۵) اللہ نے تمہارے لیے مثال بیان فرمائی ایک غلام مملوک کی جو کچھ قدرت نہیں رکھتا کیونکہ وہ کسی چیز کا مالک نہیں۔

اور آزاد شخص کے جسکو ہم نے اپنے پاس سے عمدہ روزی دی۔ سو وہ اس میں سے خرچ کرتا ہے چھپا کر اور ظاہر یعنی اس مال میں جسطرح چاہتا ہے تصرف کرتا ہے (اول مثل بتوں کی ہے یعنی غلام اور دوسرا یعنی آزاد شخص مثال اللہ تعالیٰ کی ہے)

کیا برابر ہو سکتے ہیں غلام عاجز اور آزاد شخص جو ہر طرح کے تصرف کا اختیار رکھتا ہے۔ ہرگز نہیں۔
جمیع تعریف اللہ اکیلے کو ہے بلکہ اکثر آدمی یعنی مکہ والے اس کو نہیں جانتے کہ انکو کیسی مصیبت پیش آنے والی ہے اسی لئے وہ شرک کرتے ہیں۔

(۷۶) وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ

(۷۶) اور اللہ نے مثال بیان فرمائی دو آدمیوں کی کہ ایک انمیں سے گونگا ہے پیدائشی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَخْرَسَ لَا يَقْدِرُ عَلَىٰ شَيْءٍ لِأَنَّهُ
لَا يَفْهَمُ وَلَا يُفْهِمُ وَهُوَ كَلٌّ
ثَقِيلٌ عَلَىٰ مَوْلَاهُ وَلِيِّ أَمْرِهِ
أَيْنَمَا يُوَجِّهْهُ يَأْتِ بِخَيْرٍ هَلْ
يَسْتَوِي هُوَ أَيِ الْأَبْكَمُ الْمَذْكُورُ وَمَنْ
يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ أَيْ وَمَنْ هُوَ نَاطِقٌ نَافِعٌ
لِلنَّاسِ حَيْثُ يَأْمُرُ بِهِ وَيَحُثُّ عَلَيْهِ
وَهُوَ عَلَىٰ صِرَاطٍ طَرِيقٍ مُسْتَقِيمٍ ○
وَهُوَ الثَّانِي الْمُؤْمِنُ لَا وَقِيلَ هٰذَا
مَثَلُ اللّٰهِ تَعَالَىٰ وَالْأَبْكَمُ لِلْأَصْنَامِ
وَالَّذِي قَبْلَهُ فِي الْكَافِرِ وَالْمُؤْمِنِ

کہ کسی امر کو نہیں کر سکتا کیونکہ نہ کچھ سمجھتا ہے نہ سمجھا سکتا ہے اور وہ اپنے سردار پر لو جھ ہے۔

وہ جس جگہ اس کو بھیجتا ہے اس سے کوئی بھلائی حاصل نہیں ہوتی اور مقصد پورا نہیں ہوتا۔ اور یہ مثال کافر کی ہے۔ کیا یہ گونگا اور وہ شخص جو انصاف کا حکم کرتا ہے یعنی گویا ہے لوگوں کو نفع پہنچانے والا کام حکم کرتا ہے بھلائی کا اور لوگوں کو اس پر برانگیختہ کرتا ہے اور وہ سیدھے راستے پر ہے، برابر ہو سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں!

یہ دوسری مثال مسلمان کی ہے۔ اور بعض نے کہا یہ مثال اللہ تعالیٰ کی ہے اور گونگا مثال بتوں کی ہے اور وہ مثل جو پہلے گذری مومن اور کافر کی ہے۔

تشریح

(۷۴) **اللہ کو دنیوی بادشاہوں پر قیاس مت کرو** | جس طرح دنیا میں بادشاہ ہوتے ہیں کہ وہ اپنے مصاحبوں کے، مقربین بارگاہ کے اور ملازمین کے محتاج ہوتے ہیں کہ ان کے ذریعے سے ہی کوئی درخواست نیچے سے اوپر کو جاتی ہے اس طرح اللہ تعالیٰ کے لئے مثالیں نہ گھڑو وہ بغیر کسی واسطے کے براہ راست سنتا ہے جانتا ہے اور دعائیں قبول کرتا ہے اس کا تعلق ہر مخلوق کے ساتھ براہ راست ہے اور مخلوق بھی اس کے ساتھ بغیر کسی وسیلے سے براہ راست تعلق قائم کر سکتی ہے اسکو دنیوی بادشاہوں پر قیاس مت کرو وہ ہر طرح سے یکتا اور بے مثال ہے۔

(۷۵) **اللہ تعالیٰ مثال کے ذریعے ہمیں بات سمجھاتا ہے** | مثال سے ہی بات سمجھی ہے تو اللہ تعالیٰ تمہیں مثال کے ذریعے بات سمجھاتے ہیں دیکھو مثلاً ایک شخص غلام ہے دوسرے کا مملوک ہے خود اس کو کوئی اختیار نہیں ہے۔ ایک دوسرا شخص ہے جس کو پروردگار نے خوب کشادہ رزق دے رکھا ہے وہ اللہ کے دیئے ہوئے مال میں سے کھلے چھپے خوب خرچ کرتا ہے۔

تو بتاؤ وہ پہلا بے اختیار اور دوسرا با اختیار کیا دونوں برابر ہیں ——— ظاہر ہے کہ نہیں۔ الحمدللہ بات سمجھ میں آئی؟ ——— مگر اکثر لوگ یہ سیدھی سی بات بھی نہیں سمجھتے۔ با اختیار اور بے اختیار میں جو فرق ہے اسکو محسوس نہیں کرتے۔ ایک وہ ہستی ہے جو خزانوں کی مالک ہے با اختیار ہے، جیسے چاہے کرے۔ دوسری وہ ہے جو خود مخلوق ہے بے اختیار ہے بھلا دونوں برابر کیسے ہو سکتے ہیں۔

(۷۶) **دوسری مثال** | اللہ تعالیٰ ایک اور مثال دے کر بات کو اچھی طرح کھول کر سمجھاتے ہیں۔ دیکھو ایک شخص ہے جو گونگا ہے بہرا ہے کوئی کام نہیں کر سکتا اپنے آقا پر بوجھ بنا ہوا ہے، آقا کہیں بھیجے تو کوئی ڈھنگ سے کام نہیں کرتا۔

اب ایک دوسرا شخص ہے جو باہوش و حواس ہے انصاف کا حکم دیتا ہے اور خود راہِ راست پر ہے۔ بتاؤ کیا یہ دونوں ایک جیسے ہیں۔؟

بس اسی طرح ایک معبود حقیقی ہے جو بہترین صفات کا مالک ہے، عادل و منصف ہے، حکیم و دانا ہے ہر چیز کا پورا علم رکھتا ہے۔ دوسری طرف وہ بناوٹی معبود ہیں جو کوئی اختیار نہیں رکھتے نہ سن سکتے ہیں نہ دیکھ سکتے ہیں نہ کوئی جواب دے سکتے ہیں کسی طرح کا کوئی اختیار نہیں رکھتے۔ بتاؤ کیا یہ دونوں برابر ہیں۔؟

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا

وَلِلّٰهِ	غَيْبُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ ؕ	وَمَآ	اَمْرُ + السَّاعَةِ	اِلَّا
اور اللہ کیلئے	پوشیدہ باتیں	آسمانوں	اور زمین	اور نہیں	کام (آنا) قیامت	مگر (صرف)

اور اللہ کے لئے ہیں آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں، اور قیامت کا آنا صرف ایسے ہے جیسے

كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

كَلَمْحِ + الْبَصَرِ	اَوْ	هُوَ	اَقْرَبُ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ
جیسے جھپکنا آنکھ	یا	وہ	اس سے بھی قریب	بیشک	اللہ	پر	ہر	شے

آنکھ کا جھپکنا، یا وہ اس سے بھی زیادہ قریب ہے، بیشک اللہ ہر شے پر قدرت

قَدِيْرٌ ﴿۷۷﴾ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ

قَدِيْرٌ	وَاللّٰهُ	اَخْرَجَكُمْ	مِّنْ	بُطُوْنِ	اُمَّهٰتِكُمْ	لَا تَعْلَمُوْنَ
قدرت والا	اور اللہ	تمہیں نکالا	سے	پیٹ (جمع)	تمہاری مائیں	تم نہ جانتے تھے

والا ہے۔ اور اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے نکالا۔ تم کچھ بھی نہ جانتے

شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ

شَيْـًٔا	وَّجَعَلَ	لَكُمُ	السَّمْعَ	وَالْاَبْصَارَ	وَالْاَفْـِٕدَةَ	لَعَلَّكُمْ
کچھ بھی	اور اس نے بنایا	تمہارے لئے	کان	اور آنکھیں	اور دل (جمع)	تاکہ تم

تھے، اور اللہ نے تمہارے کان بنائے اور آنکھیں اور دل تاکہ تم

تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ

تَشْكُرُوْنَ	اَلَمْ + يَرَوْا	اِلَى	الطَّيْرِ	مُسَخَّرٰتٍ	فِيْ	جَوِّ السَّمَآءِ	مَا يُمْسِكُهُنَّ
تم شکر ادا کرو	کیا انہوں نے نہیں دیکھا	طرف	پرندہ	حکم کے پابند	میں	آسمان کی فضا	نہیں تھامتا انہیں

شکر ادا کرو۔ کیا انہوں نے پرندوں کو نہیں دیکھا آسمان کی فضا میں حکم کے پابند، انہیں (کوئی)

اِلَّا اللّٰهُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۷۹﴾

اِلَّا	اللّٰهُ	اِنَّ	فِيْ	ذٰلِكَ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ	يُّؤْمِنُوْنَ
سوائے	اللہ	بیشک	میں	اس	نشانیاں	لوگوں کیلئے	ایمان لاتے ہیں۔

نہیں تھامتا سوائے اللہ کے، بیشک اس میں ایمان لانے والے لوگوں کے لئے نشانیاں ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۷۷) وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَیْ عِلْمُ مَا غَابَ فِيْهِمَا وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ مِنْهُ لِاَنَّهٗ بِلَفْظِ كُنْ فَيَكُوْنُ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ○

(۷۷) وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الخ اور اللہ کو معلوم ہے جو کچھ چھپا ہوا ہے آسمانوں اور زمینوں میں اور حال قیامت کے آنے کا مثل پلک جھپکنے کے ہے یا اس سے بھی نزدیک زیادہ اس لئے کہ وہ لفظ کُنْ کہتے ہوجاوے گی بیشک اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

(۷۸) وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ بِمَعْنَى الْاَسْمَاعِ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ اَلْقُلُوْبَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○

(۷۸) اور اللہ نے تمکو تمہاری ماں کے پیٹ سے نکالا اس حال میں کہ تم کچھ نہ جانتے تھے اور تم کو کان اور آنکھیں اور دل دئے تاکہ تم اس کا شکر کرو اور ایمان لاؤ۔

عَلٰى ذٰلِكَ فَتُؤْمِنُوْنَ

(۷۹) اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ مُّذَلَّلَاتٍ لِلطَّيَرَانِ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ۭ اَیِ الْهَوَاءِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ مَا يُمْسِكُهُنَّ عِنْدَ قَبْضِ اَجْنِحَتِهِنَّ وَبَسْطِهَا اَنْ يَّقَعْنَ اِلَّا اللّٰهُ ۭ بِقُدْرَتِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○ هِيَ خَلَقَهَا بِحَيْثُ يُمْكِنُهَا الطَّيَرَانُ وَخَلَقَ الْجَوَّ بِحَيْثُ يُمْكِنُ الطَّيَرَانُ فِيْهِ وَاِمْسَاكُهَا۔

(۷۹) کیا یہ لوگ نہیں دیکھتے پرند کو کہ کیونکر درمیان آسمان اور زمین کے اڑتے ہیں اور حکم الٰہی کے مسخر ہیں۔ ان کو زمین پر گرنے سے بوقت کھولنے اور بند کرنے پروں کے اللہ ہی اپنی قدرت سے روکتا ہے۔ بیشک اس میں بڑی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں۔ نشانیاں اس میں یہ ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے جانوروں کو اس طرح پیدا فرمایا کہ وہ اڑ سکیں اور مابین آسمان اور زمین کو اس لائق بنایا کہ اس میں پرند اڑ سکیں اور ان کا مابین آسمان اور زمین کے روکنا یہ سب نشانیاں اللہ کی قدرت کی ہیں۔

تشریح

(۷۷) غیب کا علم صرف اللہ کو ہے قیامت کے وقت کا بھی اسی کو پتہ ہے | اللہ تو ہر ڈھکی چھپی بات کا علم رکھتے ہیں کوئی چیز اس کے علم سے باہر نہیں ہے ہر ایک کے دل کا حال اللہ کو معلوم ہے انسانوں کے حالات کے مطابق اللہ تعالیٰ ان سے معاملہ فرمائیں گے۔ قیامت کب آئیگی اسکا صحیح وقت بھی صرف اللہ کو معلوم ہے اور وہ وقت دور نہیں ہے جب قیامت آئیگی بس ایک لمحے کی بات ہوگی اور سب کچھ الٹ پلٹ ہوجائیگا اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہیں انکے لئے ایسا کرنا کچھ مشکل نہیں ہے۔

(۷۸) انسان اپنے وجود پر غور کرے اسمیں بھی اللہ کی بیشمار نشانیاں ہیں | انسان اگر اپنے وجود پر غور کرے اور دیکھے کہ جب وہ ماں کے پیٹ سے باہر آتا ہے تو کتنا بے بس اور بے خبر ہوتا ہے اس وقت اس کو نہ کسی چیز کا پتہ ہوتا ہے اور نہ وہ کچھ کرسکتا ہے پھر اللہ کے دئے ہوئے ذرائع سے ترقی کرکے تمام مخلوقات پر حکومت کرنے لگتا ہے۔ ذرا وہ غور کرے کہ یہ کان اسکو کس نے دئے ہیں جس سے وہ سنتا ہے یہ آنکھیں کس کی دی ہوئی ہیں جن سے وہ دیکھتا ہے یہ دھڑکنے والا دل اور یہ سوچنے والا دماغ کس کا دیا ہوا ہے۔ کیا ستم ہے کہ جس نے کان دئے اسکی بات نہ سنے جس نے آنکھیں دیں ان آنکھوں سے اسکی نشانیاں نہ دیکھے جس نے دماغ دیا عقل دی اس سے سب کچھ سوچے مگر نہ سوچے تو اپنے محسن کی بات نہ سوچے۔ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ وہ یہ سب نعمتیں پاکر نعمت دینے والے کا شکر گزار بن کر رہتا۔

(۷۸) فضا میں اڑتے ہوئے پرندے ان میں بھی اللہ کی نشانیاں ہیں | ذرا فضا میں اڑتے ہوئے پرندوں کو دیکھو کہ کس طرح اللہ نے ان میں فطری قوتیں دی ہیں کہ وہ ہوا میں بلا تکلف اڑتے رہتے ہیں۔ پروردگار نے انکی بناوٹ ہی ایسی بنائی ہے کہ وہ بلا تکلف فضا میں تیرتے رہتے ہیں۔ کہیں اڑنے کی تعلیم حاصل نہیں کرتے خود بخود انکی فطرت ہی اس طرف رہنمائی کرتی ہے کیا اس میں ایمان لانے والوں کے لئے بہت سی نشانیاں نہیں ہیں کہ وہ کس طرح اڑتے ہیں اپنی غذا حاصل کرتے ہیں کون انکو کھانے کے لئے دیتا ہے۔ غور کرنے والوں کے لئے اسمیں بھی کتنے ہی پہلو موجود ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ

وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِنْ	بُيُوْتِكُمْ	سَكَنًا	وَّجَعَلَ	لَكُمْ	مِنْ	جُلُوْدِ	الْاَنْعَامِ
اور اللہ	بنایا	تمہارے لئے	سے	تمہارے گھروں	(سکونت کی جگہ رہنے کی جگہ)	اور بنایا	تمہارے لئے	سے	کھالیں	چوپائے

اور اللہ نے تمہارے لئے بنایا تمہارے گھروں کو رہنے کی جگہ اور تمہارے لئے چوپایوں کی کھالوں سے ڈیرے بنائے

بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا

بُيُوْتًا	تَسْتَخِفُّوْنَهَا	يَوْمَ ظَعْنِكُمْ	وَيَوْمَ	اِقَامَتِكُمْ	وَمِنْ	اَصْوَافِهَا
گھر (ڈیرے)	تم ہلکا پاتے ہو انہیں	اپنے کوچ کے دن	اور دن	اپنا قیام	اور سے	انکی اون

جنہیں تم ہلکا پاتے ہو اپنے کوچ کے دن اور اپنے قیام کے دن اور اُن کی اون

وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۸۰﴾

وَاَوْبَارِهَا	وَاَشْعَارِهَا	اَثَاثًا	وَّمَتَاعًا	اِلٰى	حِيْنٍ
اور انکی پشم	اور ان کے بالوں	سامان	اور برتنے کی چیزیں	تک	ایک وقت (مدت)

اور پشم اور ان کے بالوں سے (بنائے) سامان اور برتنے کی چیزیں ایک مدت مقررہ تک

﴿۸۰﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا مَّوْضَعًا تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا كَالْخِيَامِ وَالْقِبَابِ تَسْتَخِفُّوْنَهَا لِلْحَمْلِ يَوْمَ ظَعْنِكُمْ سَفَرِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ وَمِنْ اَصْوَافِهَا اَيِ الْغَنَمِ وَاَوْبَارِهَا اَيِ الْاِبِلِ وَاَشْعَارِهَا اَيِ الْمَعْزِ اَثَاثًا مَّتَاعًا لِبُيُوْتِكُمْ كَبُسُطٍ وَاَكْسِيَةٍ وَّمَتَاعًا تَتَمَتَّعُوْنَ بِهٖٓ اِلٰى حِيْنٍ ۝ تُبْلٰى فِيْهِ

﴿۸۰﴾ اور اللہ نے تمہارے لئے تمہارے گھروں کو آرام اٹھانے کی جگہ بنایا اور چوپایوں کے چمڑوں سے تمہارے واسطے گھر بنائے کہ تم اسکے خیمے کھڑے کرتے ہو جن کا اٹھانا تم کو بھاری نہیں بوقت سفر کرنے اور قیام کرنے کے یعنی ہر حال میں ان کا اٹھانا اور کھڑا کرنا سہل ہے اور بھیڑ بکریوں اور اونٹوں کے اور بالوں سے اپنے گھروں کا سامان تیار کرتے ہو جیسے بچھاؤنے اور چادریں اور اپنے نفع کی چیزیں پرانی ہونے تک۔

تشریح

﴿۸۰﴾ انسانوں کے رہنے کے لئے ٹھکانا اس میں بھی اللہ کی نشانی ہے

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کے رہنے کے لئے دو طرح کے ٹھکانے دیئے ہیں ایک تو پختہ مکانات دیئے ہیں جن میں وہ آرام کے ساتھ رہتے ہیں۔ اللہ نے ان کے لئے ایسے مکان بنانے کا بھی ذریعہ بنایا ہے کہ وہ خیموں کی شکل میں جہاں چاہتے ہیں اپنے ساتھ اپنے مکانوں کو لے جاتے ہیں۔ جانوروں کی کھالیں اس میں انکے کام آتی ہیں اور ہلکے پھلکے مکانوں کو جہاں چاہتے ہیں کھڑا کر لیتے ہیں۔ ان جانوروں کے اون سے کتنی ہی چیزیں بنائی جاتی ہیں انکے بال کتنی ہی چیزوں میں کام آتے ہیں اسطرح برتنے کی کتنی ہی چیزیں ہیں جو انسان اللہ کی دی ہوئی عقل سے تیار کرتا ہے کیا اس میں اللہ کی نشانیاں نہیں ہیں ؟

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ

وَاللّٰهُ	جَعَلَ	لَكُمْ	مِّمَّا	خَلَقَ	ظِلٰلًا	وَّجَعَلَ	لَكُمْ	مِّنَ
اور اللہ	بنایا	تمہارے لئے	اس سے جو	اس نے جو پیدا کیا	سائے	اور بنایا	تمہارے لئے	سے

اور اللہ نے جو پیدا کیا اس سے تمہارے لئے سائے بنائے اور تمہارے لئے بناتیں پہاڑوں

الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ

الْجِبَالِ	اَكْنَانًا	وَّجَعَلَ	لَكُمْ	سَرَابِيْلَ	تَقِيْكُمُ	الْحَرَّ
پہاڑوں	پناہ گاہیں	اور بنایا	تمہارے لئے	کرتے	بچاتے ہیں تمہیں	گرمی

سے پناہ گاہیں اور تمہارے لئے کرتے بنائے جو تمہارے لئے گرمی کا بچاؤ ہیں

وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ

وَسَرَابِيْلَ	تَقِيْكُمْ	بَاْسَكُمْ	كَذٰلِكَ	يُتِمُّ	نِعْمَتَهٗ
اور کرتے	بچاتے ہیں تمہیں	تمہاری لڑائی	اسی طرح	وہ مکمل کرتا ہے	اپنی نعمت

اور کرتے (زرہیں) جو تمہارے لئے بچاؤ ہیں تمہاری لڑائی ہیں، اسی طرح وہ تم پر اپنی نعمت مکمل کرتا ہے

عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ

عَلَيْكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تُسْلِمُوْنَ	فَاِنْ	تَوَلَّوْا	فَاِنَّمَا	عَلَيْكَ	الْبَلٰغُ
تم پر	تاکہ تم	فرمانبردار بنو	پھر اگر	وہ پھر جائیں	تو اسکے ذمہ نہیں	تم پر	پہونچا دینا

تاکہ تم فرماں بردار بنو۔ پھر اگر وہ پھر جائیں تو اس کے سوا نہیں کہ تم پر

ع ۱۱ ۱۷ الْمُبِيْنُ ﴿۸۲﴾ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع

الْمُبِيْنُ	يَعْرِفُوْنَ	نِعْمَتَ	اللّٰهِ	ثُمَّ	يُنْكِرُوْنَهَا	وَاَكْثَرُهُمُ	الْكٰفِرُوْنَ
کھول کر (اضافت)	وہ پہچانتے ہیں	نعمت	اللہ	پھر	منکر ہو جاتے ہیں اسکے	اور ان کے اکثر	کافر (جمع) ناشکرے

(تمہارا ذمہ) صرف کھول کر پہنچا دینا ہے۔ وہ اللہ کی نعمت پہچانتے ہیں پھر اس کے منکر ہو جاتے ہیں اور ان میں سے اکثر ناشکرے ہیں۔

(۸۱) وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۲﴾ يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۳﴾

(۸۱) اور اللہ نے تمہارے واسطے گھروں اور درختوں اور ابر کو پیدا فرما کر سامان سایہ کا تیار کیا کہ جو تم کو دھوپ سے بچاوے اور پہاڑوں میں سے تمہارے لئے جگہ چھپنے کی بنائی جیسے غار اور تہہ خانہ۔

اور تمہارے لئے کرتے اور لباس بنائے کہ جو تم کو گرمی

toobaa-elibrary.blogspot.com

سَرَابِيلَ قُمُصًا تَقِيكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيلَ تَقِيكُمْ بَأْسَكُمْ كَذَٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُونَ ○ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ الْمُبِينُ ○ يَعْرِفُونَ نِعْمَتَ اللَّهِ ثُمَّ يُنْكِرُونَهَا وَأَكْثَرُهُمُ الْكَافِرُونَ ○

اور جاڑے سے بچاویں اور لڑائی میں کام آویں یعنی نیزہ بازی اور مار پیٹ سے بچانے کے واسطے زرہ اور جوشن بنائے جیسے اللہ نے تمہارے لئے یہ چیزیں بنائیں اسی طرح وہ تم پر اپنی نعمت دنیا میں پوری فرماتا ہے جس چیز کی تم کو ضرورت ہوتی ہے اسکو پیدا کرتا ہے تاکہ تم اے اہل مکہ اسلام لاؤ اور توحید کا اقرار کرو۔

(۸۲) سو اگر اس پر بھی وہ ایمان نہ لاویں تو تمہارا کام اے محمد ﷺ ظاہر پہنچا دینا ہے (یہ حکم جہاد کے حکم سے پہلا ہے)

(۸۳) وہ لوگ اللہ کی نعمتوں کو پہچانتے ہیں اور اس امر کا اقرار کرتے ہیں کہ یہ اسی کی طرف سے ہے پھر ان کا انکار کرتے ہیں اور اللہ کے لئے شریک بناتے ہیں اور انمیں سے اکثر کافر اور ناشکر ہیں۔

تشریح

(۸۱) موسم کے لحاظ سے سردی گرمی سے بچانے والی بہت سی چیزیں اللہ تعالیٰ نے بنائی ہیں | اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو ایسی عقل اور سمجھ دی اور ایسی نعمتیں عطا کیں جو انسانی ضروریات کو پورا کرسکیں مثلاً دھوپ سے بچانے کیلئے انتظام پہاڑوں میں پناہ گاہیں ایسے لباس جو سردی گرمی سے بچا سکیں، لڑائی میں حفاظت کیلئے زرہ بکتر۔ اسطرح اللہ تعالیٰ نے ہر پہلو سے اپنی نعمتوں کی تکمیل کی ہے چاہے وہ رہنے سے متعلق ہوں یا پہننے سے یا کھانے پینے سے تاکہ انسان ان چیزوں پر اللہ کا شکر ادا کرے اور اسکا فرمانبردار بن کر رہے۔

(۸۲) پیغمبر کی ذمہ داری پہنچانا ہے کوئی مانے یا نہ مانے | ان تمام احسانات کے باوجود اگر کوئی نہیں مانتا تو نہ مانے پیغمبر کا کام اتنا ہی ہے کہ وہ حق کا پیغام صاف صاف پہنچا دے اسکے علاوہ اس پر کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔ البتہ سوچنے کی بات تو ہے کہ جس پروردگار نے انسان کی مادی اور جسمانی ضروریات کے لئے اتنا کچھ انتظام کیا ہے کیا وہ روحانی ضرورت کی تکمیل کے لئے کوئی انتظام نہیں کریگا اس کی رحمت اور شفقت کا تقاضہ ہے کہ وہ اپنے بندوں کی ضروریات پوری کرنے کیلئے جسم کی ضروریات کے ساتھ اسکی روحانی ترقی اور تربیت کا بھی انتظام کرے چنانچہ اس مقصد کیلئے اپنے پیغمبروں کو مبعوث فرمایا ان پر اپنی کتابیں اتاریں اور انسان کی ہدایت کے لئے مکمل انتظام کیا۔ اب یہ انسان کا کام ہے کہ وہ مادی ضروریات سے فائدہ اٹھانے کے ساتھ اللہ کی ان نعمتوں کی قدر بھی جانے اور اس کا فرماں بردار اور شکر گزار بن کر زندگی گزارے تاکہ دنیا اور آخرت دونوں جہان میں بامراد ہو سکے۔

(۸۳) اللہ کے احسانوں کو پہچاننے کے بعد بھی اکثر اس کے منکر ہیں | اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو جو نعمتیں عطا فرمائیں ہیں اور جو احسانات اللہ کے اپنے بندوں پر ہیں ان کو سب سمجھتے ہیں مانتے بھی ہیں مگر اکثر لوگوں کا حال یہ ہے کہ وہ یہ سمجھتے ہیں کہ بے شک یہ نعمتیں دینے والا اللہ تعالیٰ ہے مگر یہ نعمتیں ہمیں اپنے بزرگوں اور دیوی دیوتاؤں کے طفیل سے ملی ہیں اس لئے وہ ان احسانات کے لئے ان ہستیوں کے بھی شکر گزار رہتے ہیں اور ان کی نذر و نیاز اور چڑھاوے کے ذریعے ان کو بھی خوش رکھتے ہیں۔ مگر جب ان نعمتوں میں ان ہستیوں کا کوئی دخل نہیں ہے تو ان کی احسان مندی کس لئے؟ جس کا حق ہے اس کا احسان مند ہونا چاہیئے اور وہ بلاشرکت غیرے ایک ہی با اختیار ہستی ہے جس کا نام اللہ ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِينَ كَفَرُوا

وَيَوْمَ	نَبْعَثُ	مِنْ	كُلِّ	أُمَّةٍ	شَهِيدًا	ثُمَّ	لَا يُؤْذَنُ	لِلَّذِينَ + كَفَرُوا
اور جس دن	ہم اٹھائینگے	سے	ہر	امت	ایک گواہ	پھر	نہ اجازت دیجائیگی	وہ لوگ انہوں نے کفر کیا (کافر)

اور جس دن ہر امت سے ہم ایک گواہ اٹھائیں گے پھر نہ اجازت دی جائے گی کافروں کو اور

وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ﴿٨٤﴾ وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا

وَلَا هُمْ	يُسْتَعْتَبُونَ	وَإِذَا	رَأَى	الَّذِينَ	ظَلَمُوا	الْعَذَابَ	فَلَا
اور نہ وہ	عذر قبول کئے جائینگے	اور جب	دیکھیں گے	وہ لوگ جو	انہوں نے ظلم کیا (ظالم)	عذاب	پس نہ

نہ ان سے عذر قبول کئے جائیں گے۔ اور (یاد کرو) جب ظالم عذاب دیکھیں گے پھر نہ ان سے

يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ﴿٨٥﴾ وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ أَشْرَكُوا

يُخَفَّفُ	عَنْهُمْ	وَلَا هُمْ	يُنْظَرُونَ	وَإِذَا	رَأَى	الَّذِينَ	أَشْرَكُوا
ہلکا کیا جائیگا	ان سے	اور نہ وہ	مہلت دیجائیگی	اور جب	دیکھینگے	وہ لوگ جو	انہوں نے شرک کیا (مشرک)

(عذاب) ہلکا کیا جائے گا اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی اور (یاد کرو) جب مشرک اپنے شریکوں کو

شُرَكَاءَهُمْ قَالُوا رَبَّنَا هَٰؤُلَاءِ شُرَكَاؤُنَا الَّذِينَ كُنَّا نَدْعُو مِنْ

شُرَكَاءَهُمْ	قَالُوا	رَبَّنَا	هَٰؤُلَاءِ	شُرَكَاؤُنَا	الَّذِينَ	كُنَّا + نَدْعُو	مِنْ
اپنے شریک	وہ کہیں گے	اے ہمارے رب	یہ ہیں	ہمارے شریک	وہ جو کہ	ہم پکارتے تھے	تیرے

دیکھیں گے تو وہ کہیں گے اے ہمارے رب! یہ ہیں ہمارے شریک جنہیں ہم تیرے سوا پکارتے تھے

الثلثة

دُونِكَ فَأَلْقَوْا إِلَيْهِمُ الْقَوْلَ إِنَّكُمْ لَكَاذِبُونَ ﴿٨٦﴾

دُونِكَ	فَأَلْقَوْا	إِلَيْهِمُ	الْقَوْلَ	إِنَّكُمْ	لَكَاذِبُونَ
سوا	پھر وہ ڈالیں گے	انکی طرف	قول	بیشک تم	البتہ تم جھوٹے

پھر وہ (انکے شریک) ان کی طرف ڈالیں گے قول (جواب دینگے) کہ بیشک تم جھوٹے ہو۔

(۸۴) وَاذْكُرْ يَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا هُوَ نَبِيُّهَا يَشْهَدُ لَهَا وَعَلَيْهَا وَهُوَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِينَ كَفَرُوا فِي الِاعْتِذَارِ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ○ لَا تُطْلَبُ مِنْهُمُ الْعُتْبَى أَيِ الرُّجُوعُ إِلَى مَا لَا يَرْضَى اللّٰهُ

(۸۵) وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ ظَلَمُوا كَفَرُوا الْعَذَابَ النَّارَ

(۸۴) وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا الخ اور یاد کر اس دن کو کہ اٹھاویں گے ہم ہر گروہ سے ایک گواہ کو یعنی ہر ایک امت کا پیغمبر قیامت کو ان کے نفع یا ضرر کی گواہی دیگا پھر کافروں کو یہ اجازت نہ ملے گی کہ وہ عذر کرسکیں اور نہ ان سے یہ بات طلب کی جاویگی کہ اللہ کو راضی کریں اور توبہ کریں۔

(۸۵) اور جب ظلم کرنے والے یعنی کافر دوزخ کے عذاب کو دیکھیں گے تو پھر

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ ○
يُسْقَوْنَ عَنْهُ إِذَا رَأَوْهُ

ان سے عذاب کم نہ ہوگا اور نہ بعد دیکھنے عذاب کے انکو مہلت دی جاوے گی۔

(۸۶) وَإِذَا رَأَى الَّذِينَ أَشْرَكُوا شُرَكَاءَهُمْ
مِنَ الشَّيَاطِينِ وَغَيْرِهَا قَالُوا رَبَّنَا
هَؤُلَاءِ شُرَكَاؤُنَا الَّذِينَ كُنَّا
نَدْعُو مِنْ دُونِكَ
فَأَلْقَوْا إِلَيْهِمُ الْقَوْلَ إِنَّكُمْ لَكَاذِبُونَ ○ فَ
وَأَلْقَوْا إِلَى اللَّهِ يَوْمَئِذٍ السَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَا
كَانُوا يَفْتَرُونَ ○ الَّذِينَ كَفَرُوا وَصَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ
زِدْنَاهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوا يُفْسِدُونَ ○

(۸۶) اور جب مشرکین شیاطین وغیرہ کو دیکھیں گے جنکو اللہ کا شریک بناتے تھے کہیں گے اے ہمارے رب یہ ہمارے شریک ہیں جنکو ہم تیرے سوا پوجتے تھے۔

سو وہ انکو جواب دینگے کہ بیشک تم اپنی اس بات میں جھوٹے ہو کہ ہماری عبادت کرتے تھے۔ جیسا کہ دوسری آیت میں اللہ نے ان کا قول نقل فرمایا کہ وہ ہماری عبادت نہ کرتے تھے عنقریب وہ انکار کرینگے ان کی عبادت کا۔

تشریح

(۸۴) **فیصلے کے دن کا انتظار کرو** جب فیصلے کا دن آئے گا حشر کے میدان میں دنیا کے تمام انسان جو دنیا کی پیدائش سے لیکر قیامت تک دنیا میں آئے وہ سب احکم الحاکمین کی عدالت میں پیش ہوں گے ہر امت کے نبی یا نبی کے بعد خدا پرستی کی دعوت دینے والے ذمے دار شخص کو گواہ کے طور پر بلایا جائیگا اور وہ شہادت دے گا کہ میں نے اللہ کا پیغام لوگوں تک پہنچا دیا تھا۔ اب انہوں نے جو کچھ کیا جان بوجھ کر کیا۔ اس وقت حجتیں پیش کرنے کا کوئی موقع نہ ہوگا کیونکہ مقدمہ بالکل صاف ہوگا ناقابل انکار شہادتیں موجود ہونگی جسمیں صفائی کی کوئی گنجائش نہ ہوگی اور نہ اس وقت توبہ و استغفار کا موقع ہوگا کیونکہ توبہ کی گنجائش دنیا کی حد تک ہے جو دار العمل ہے جب تک موت کے آثار طاری نہیں ہوتے اور انسان موت کی سرحد میں داخل نہیں ہوتا اس کے لئے توبہ واستغفار کا موقع ہے اور جیسے ہی موت کے آثار شروع ہوئے مہلت عمل ختم ہوگئی یہ دنیا دار العمل ہے اور آخرت دار الجزا ہے یہاں عمل کرنا ہے اور وہاں عمل کا نتیجہ سامنے آنا ہے۔

(۸۵) **اللہ کا فیصلہ آخری فیصلہ ہوگا** اللہ تعالیٰ کے فیصلے کے بعد اب کوئی مہلت نہیں دی جائے گی کسی طرح کی ڈھیل نہ ہوگی عذاب کے سامنے آنے کے بعد اب اس میں تخفیف نہ ہوگی کیونکہ اس دنیا میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے حجت تمام ہو چکی ہے۔ اللہ نے انسانی فطرت کے ذریعے، اپنی نازل کی ہوئی کتابوں کے ذریعے، اور اپنے پیغمبروں کے ذریعے حق کا راستہ بتا دیا ہے اچھی طرح واضح کر دیا ہے اس کے بعد بھی اگر کوئی تسلیم نہیں کرتا تو یہ اس کا اپنا معاملہ ہے۔ اللہ نے انسان کو اس دنیا میں عمل کی آزادی دی ہے وہ اس آزادی کا صحیح استعمال کرے یا غلط یہ اسکو دیکھنا چاہیئے۔

(۸۶) **معبودانِ باطل وہاں کچھ کام نہ آئیں گے** دنیا میں جن ہستیوں کو بغیر کسی دلیل کے گھڑ گھڑ کے اپنا معبود بنا رکھا ہے مگر کسی نے دیوی دیوتاؤں، کسی نے پیر پیغمبر کو، کسی نے شیطانی قوتوں کو جب وہ میدان قیامت میں ان کو دکھائی دینگے تو اللہ کے ساتھ شریک کرنے والے پکار اٹھیں گے کہ یہی تو ہیں جن کو ہم مشکل کشا سمجھ کر پکارا کرتے تھے۔ اس وقت وہ ساری ہستیاں یہ کہہ کر الگ ہو جائیں گی کہ ہم نے تم سے کب کہا تھا کہ تم ہم سے حاجتیں مانگو یا ہمیں فریادرس سمجھو جو کچھ تم نے کیا تھا تم خود اس کے ذمہ دار ہو اب اس کی سزا بھی تم خود ہی بھگتو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِۨالسَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۸۷﴾ اَلَّذِيْنَ

وَاَلْقَوْا	اِلَى	اللّٰهِ	يَوْمَئِذِ	ِۨالسَّلَمَ	وَضَلَّ	عَنْهُمْ	مَّا كَانُوْا + يَفْتَرُوْنَ	اَلَّذِيْنَ
اور وہ ڈالینگے	طرف (سامنے)	اللہ	اس دن	عاجزی	اور گم ہوجائیگا	ان سے	جو افترا کرتے (جھوٹ گھڑتے تھے)	وہ لوگ جو

اور وہ اس دن اللہ کے سامنے عاجزی (کا پیغام) ڈالیں گے اور ان سے گم ہوجائے گا (بھول جائینگے جو وہ جھوٹ گھڑتے تھے ۔ اور جن لوگوں

كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا

كَفَرُوْا	وَصَدُّوْا	عَنْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	زِدْنٰهُمْ	عَذَابًا	فَوْقَ	الْعَذَابِ	بِمَا	كَانُوْا
انہوں نے کفر کیا	اور روکا	سے	راہ	اللہ	ہم بڑھادینگے انہیں	عذاب	پر	عذاب	کیونکہ	تھے وہ

نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا ہم انکے لئے عذاب پر عذاب بڑھادیں گے کیوں کہ وہ فساد کرتے

يُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَ

يُفْسِدُوْنَ	وَيَوْمَ	نَبْعَثُ	فِيْ	كُلِّ + اُمَّةٍ	شَهِيْدًا	عَلَيْهِمْ	مِّنْ + اَنْفُسِهِمْ	وَ
فساد کرتے	اور جس دن	ہم اٹھائینگے	میں	ہر امت	ایک گواہ	ان پر	ان ہی میں سے	اور

تھے اور جس دن ہم اٹھائیں گے ہر امت میں ان پر ایک گواہ ان ہی میں سے اور ہم

جِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّ

جِئْنَا	بِكَ	شَهِيْدًا	عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ	وَنَزَّلْنَا	عَلَيْكَ	الْكِتٰبَ	تِبْيَانًا	لِّكُلِّ + شَيْءٍ	وَّ
ہم لائینگے	آپکو	گواہ	ان سب پر	اور ہم نے نازل کی	آپ پر	الکتاب (قرآن)	(مفصل) بیان	ہر شے کا	اور

آپ کو ان سب پر گواہ لائیں گے ۔ اور ہم نے آپ پر قرآن مجید نازل کیا ہر شے کا مفصل بیان اور

ع ۱۲ ۶ ۱۸

هُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۸۹﴾ ع

هُدًى	وَّ	رَحْمَةً	وَّبُشْرٰى	لِلْمُسْلِمِيْنَ
ہدایت	اور	رحمت	اور خوشخبری	مسلمانوں کے لئے

ہدایت و رحمت اور خوش خبری مسلمانوں کے لئے

﴿۸۷﴾ وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِۨالسَّلَمَ اَىْ اِسْتَسْلَمُوْا لِحُكْمِهٖ وَضَلَّ غَابَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○ مِنْ اَنَّ اٰلِهَتَهُمْ تَشْفَعُ لَهُمْ

﴿۸۷﴾ اور وہ اس دن اللہ کے حکم کے تابع ہوجاوینگے اور گم ہوجاوینگے ان سے وہ جن کے بارے میں وہ جھوٹ باندھتے تھے کہ ہمارے بُت ہماری سفارش کرینگے

﴿۸۸﴾ اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوا النَّاسَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ دِيْنِهٖ زِدْنَاهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ الَّذِيْ اِسْتَحَقُّوْهُ بِكُفْرِهِمْ

﴿۸۸﴾ جو لوگ کافر ہوئے اور لوگوں کو اللہ کے دین سے روکا ہم ان پر عذاب بڑھادیں گے علاوہ اس عذاب کے جس کے وہ مستحق ہوئے بسبب کفر کے ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَقَارِبُ اَنْیَابُهَا كَالنَّخْلِ الطِّوَالِ بِمَا كَانُوْا یُفْسِدُوْنَ ○ بِصَدِّهِمِ النَّاسَ عَنِ الْاِیْمَانِ

ابن مسعودؓ فرماتے ہیں کہ مراد اس عذاب سے بچھو ہیں کہ دانت ان کے لمبے لمبے کھجور کے درختوں کی برابر ہونگے بسبب انکے فساد کے اور لوگوں کو ایمان سے روکنے کے۔

(۸۹) وَاذْكُرْ یَوْمَ نَبْعَثُ فِیْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِیْدًا عَلَیْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِیْدًا عَلٰی هٰٓؤُلَآءِ وَنَزَّلْنَا عَلَیْكَ الْكِتٰبَ تِبْیَانًا لِّكُلِّ شَیْءٍ وَّهُدًی وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰی لِلْمُسْلِمِیْنَ ○

(۸۹) اور یاد کر اس دن کو کہ اٹھاویں گے ہم ہر ایک جماعت سے ایک گواہ ان پر انہیں میں سے۔ مراد گواہ سے ان کا پیغمبر ہے۔ اور لاویں گے ہم تم کو اے محمدؐ تمہاری قوم کا گواہ بنا کر۔ اور ہم نے تم پر قرآن اتارا جس میں بیان ہے ہر چیز کا جس کی دین میں ضرورت ہو۔ اور ہدایت ہے گمراہی سے اور رحمت اور خوش خبری ہے اسلام لانے والوں توحید کے ماننے والوں کو۔

تشریح

(۸۷) وہاں سب لن ترانیاں بھول جائیں گے | اہل باطل جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی بھی حیثیت سے دوسروں کو ساجھی بناتے تھے چاہے شرکت انکی ذات میں ہو یا صفات میں یا عبادت میں یا اس کے اختیارات میں یا اللہ کی عظمت میں کسی کو شریک کیا ہو جب اللہ کے سامنے پیش ہوں گے تو ساری لن ترانیاں بھول جائیں گے۔ جن سہاروں پر دنیا میں بھروسہ تھا وہی پتے ہوا دینے لگیں گے اور کوئی بھی ان کی مدد کے لئے تیار نہ ہوگا یہاں تک کہ جن کو دنیا میں پکارتے تھے یا ان کی اطاعت شعاری کرتے تھے اللہ کی عدالت میں سبھی اپنے آپ کو بری الذمہ یہ کہہ کر کرلیں گے کہ ہم نے ان سے کب کہا تھا کہ تم ہمیں مانو۔

(۸۸) راہ خدا میں روکنے کی وجہ سے ان کو دوگنا عذاب دیا جائے گا | اہل باطل خود تو گمراہی میں پڑے ہی اپنی صلاحیتوں اور اثر و رسوخ سے کام لیکر دوسروں کو بھی اللہ کے راستے سے روکا اس لئے ان کو دوگنا عذاب ہوگا۔ ایک تو خود انکار حق کا دوسرے دوسروں کو راہ خدا سے روکنے کا جسطرح جنت میں درجات ہونگے اسی طرح دوزخ میں بھی عذاب کے مختلف درجے اور مرحلے ہوں گے کسی کو کم عذاب دیا جائیگا کسی کو زیادہ یہ سب ان کے گناہوں کے مطابق ہوگا۔

(۸۹) اللہ کی عدالت میں ہر پیغمبر کی اور آنحضرتؐ کی اپنی امت کے لئے شہادت | اللہ تعالیٰ کی عدالت میں جب امتیں پیش ہونگی تو ہر امت میں سے اسی پیغمبر کو گواہی کے لئے بلایا جائیگا جو اللہ کے سامنے گواہی دیگا کہ میں نے آپ کا پیغام اس امت کو جس کے لئے آپ نے مجھے مقرر کیا تھا پورا پورا پہنچا دیا ہے۔ آنحضرتؐ کی گواہی اپنی امت کے لئے بھی ہوگی اور ہو سکتا ہے کہ دوسری امتوں کے گواہی دینے والوں کی آپ تصدیق فرمائیں کہ بے شک انہوں نے بھی اپنا فرض منصبی اچھی طرح ادا کیا اور آپ کا دین من وعن پہنچایا۔ اے پیغمبر ہم نے جو آپ کو کتاب دی ہے وہ ان تمام چیزوں کی اچھی طرح وضاحت کرتی ہے جس پر ہدایت و گمراہی کا مدار ہے اور جس کا جاننا ضروری ہے۔ یہ کتاب حق اور باطل کو نمایاں کرکے پیش کرتی ہے اسلئے اب وہاں یہ کہنے کے لئے کوئی عذر نہ ہوگا کہ ہمیں حق و باطل کا پتہ نہ تھا۔ اس ہدایت کو نہ ماننے والے جب اللہ کے سامنے کھڑے ہوں گے تو قرآن ان کے اوپر حجت بن جائیگا اور بتائیگا کہ حق و باطل کو صاف صاف کھول کر بتا دیا گیا تھا۔ حقیقت میں ماننے والوں کے لئے یہ کتاب نہ صرف یہ کہ ہدایت کا ذریعہ ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی رحمت اور کامیابی کی اس میں بشارت ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ

إِنَّ	اللّٰهَ	يَأْمُرُ	بِالْعَدْلِ	وَالْإِحْسَانِ	وَإِيتَآئِ	ذِي الْقُرْبٰى	وَيَنْهٰى	عَنِ
بیشک	اللہ	حکم دیتا ہے	عدل کا	اور احسان کا	اور دینا	رشتہ دار	اور منع کرتا ہے	سے

بیشک اللہ عدل و احسان کا حکم دیتا ہے، اور رشتہ داروں کو (ان کے حقوق) دینے کا، اور منع کرتا ہے

الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ﴿٩٠﴾

الْفَحْشَآءِ	وَالْمُنْكَرِ	وَالْبَغْيِ	يَعِظُكُمْ	لَعَلَّكُمْ	تَذَكَّرُونَ	
بے حیائی	اور ناشائستہ	اور سرکشی	تمہیں نصیحت کرتا ہے	تاکہ تم	دھیان کرو	

بے حیائی سے اور ناشائستہ کاموں سے اور سرکشی سے، تمہیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم دھیان کرو۔

﴿٩٠﴾ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ التَّوْحِيدِ أَوِ الْإِنْصَافِ وَالْإِحْسَانِ أَدَاءِ الْفَرَائِضِ أَوْ أَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ كَمَا فِي الْحَدِيثِ وَإِيتَآئِ إِعْطَاءِ ذِي الْقُرْبٰى الْقَرَابَةِ خَصَّهُ بِالذِّكْرِ اهْتِمَامًا بِهِ وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ الزِّنَا وَالْمُنْكَرِ شَرْعًا مِنَ الْكُفْرِ وَالْمَعَاصِي وَالْبَغْيِ الظُّلْمِ لِلنَّاسِ خَصَّهُ بِالذِّكْرِ اهْتِمَامًا كَمَا بَدَأَ بِالْفَحْشَآءِ لِذٰلِكَ يَعِظُكُمْ بِالْأَمْرِ وَالنَّهْيِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ○ تَتَّعِظُونَ وَفِيهِ إِدْغَامُ التَّاءِ فِي الْأَصْلِ فِي الذَّالِ وَفِي الْمُسْتَدْرَكِ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ هٰذِهِ أَجْمَعُ آيَةٍ فِي الْقُرْآنِ لِلْخَيْرِ وَالشَّرِّ

﴿٩٠﴾ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ الخ بیشک اللہ حکم فرماتا ہے توحید کا اور انصاف کا اور احسان کا یعنی ادا کرنے فرائض کا اور اس کا کہ تو اللہ کی عبادت اسطرح کرے کہ گویا اس کو دیکھتا ہے جیسا کہ حدیث میں احسان کے یہ معنی مروی ہیں، اور اہل قرابت کو دینے کا۔ ذی قربیٰ کا بالتخصیص ذکر کرنا بسبب اسکے کہ اس کا اہتمام معلوم ہو۔ اور منع فرماتا ہے زنا سے اور خلاف شرع سے جیسے گناہ اور کفر، اور منع فرماتا ہے لوگوں پر ظلم کرنے سے۔ ظلم کو علیحدہ منع فرمانا بسبب اسکے اہتمام کے ہے جیسا کہ زنا سے شروع کرنا بھی اسی غرض سے تھا۔ اللہ تم کو اس امر اور نہی سے نصیحت کرتا ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو (تَذَكَّرُونَ میں تا کو ذال میں ادغام کیا گیا ہے) اور مستدرک میں ابن مسعودؓ سے مروی ہے کہ یہ آیت بہ نسبت تمام قرآن کے زیادہ جمع کرنیوالی ہے خیر اور شر کو)

تشریح

﴿٩٠﴾ **انسانی معاشرے کی فلاح کے لئے تین بنیادی چیزیں** اسلام یہ چاہتا ہے کہ انسانی معاشرہ نیکی اور بھلائی پر چل کر ترقی کرے انسانی سماج برائیوں سے محفوظ رہے۔ انفرادی اور اجتماعی طور پر انسان دنیا اور آخرت میں بامراد رہے اس کیلئے تین باتوں کے کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور تین برائیوں سے روکا گیا ہے۔ پہلی چیز جس کے کرنے کا حکم دیا گیا ہے وہ عدل یعنی جس کا جو حق ہے وہ اس کو ملے کوئی کسی کا حق نہ چھینے اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے حقوق میں توازن اور تناسب قائم کیا ہے تاکہ ہر انسان کو اس کا اخلاقی حق بھی حاصل ہو اور معاشرتی طور پر جو اسکے حقوق ہیں وہ بھی اس کو ملیں اور قانونی اور سیاسی میدان میں جس کا جو حق ہے وہ پوری ایمانداری کے ساتھ اسکو ادا کیا جائے۔

دوسری چیز جس کے کرنے کا حکم دیا گیا ہے وہ احسان ہے یعنی ایسا نیک برتاؤ جس میں فیاضی ہو ایثار ہو درگذر ہو۔ یہ عدل سے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اوپر کی چیز ہے۔ عدل جہاں یہ تقاضہ کرتا ہے کہ جس کا جو حق ہے وہ اس کو ملے وہاں احسان یہ تقاضہ کرتا ہے کہ حقوق کے معاملے میں فیاضی سے کام لیا جائے اور محبت اور شکر گذاری کے جذبات اور خیر خواہی کی قدریں اس طرح سے پروان چڑھیں کہ ہر آدمی اپنے حق میں سے دوسرے کو دینے کیلئے تیار رہے اگرچہ عدل کا تقاضہ یہ ہے کہ جس کا جو حق ہے وہ ناپ تول کر اس کو پورا پورا ملے لیکن عملی زندگی میں ہر وقت ناپ تول سے بات نہیں بنتی۔ عملی زندگی کی حلاوت اس میں ہے کہ ہر آدمی فیاضی سے کام لے اور اپنے سے زیادہ دوسرے کو سمجھے۔

تیسری چیز جسکا حکم دیا گیا ہے وہ ہے صلہ رحمی یعنی اپنے قرابتداروں رشتے داروں کے ساتھ حسن سلوک۔ انسان اپنے عزیز و اقربا کے شریک حال ہو انکا حامی و مددگار ہو، اگر وہ مالی مدد کے مستحق ہوں تو آگے بڑھ کر انکی مدد کرے۔ اسلام ایسے معاشرے کو پسند نہیں کرتا کہ ایک آدمی خود تو عیش کرتا رہے اور اسکے بھائی بند بنیادی ضروریات سے بھی محروم ہوں اسلئے وہ ہدایت کرتا ہے کہ اپنے مال میں اپنے بھائیوں کو بھی شریک کرو۔ جو جتنا تم سے نسبت کے اعتبار سے زیادہ قریب ہو اتنا ہی اسکا زیادہ حق ہے مثلاً آدمی کے والدین بیوی بچوں کے علاوہ بھائی بہن پھر اور دوسرے رشتے دار جو کسی بھی طرح سے ہماری مدد کے محتاج ہوں انکی مدد کے لئے خود آگے بڑھنا تاکہ ایسا خوشحال معاشرہ قائم ہو سکے جسمیں اخلاقی بلندی ہو، پاکیزگی ہو، ایک دوسرے کے لئے ہمدردی اور غمگساری کے جذبات ہوں۔

یہ تین باتیں ہیں جن کے کرنیکا حکم دیا گیا ہے۔ اب ان کے مقابلے میں وہ تین باتیں ہیں جن سے روکا گیا ہے۔ یہ ایسی برائیاں ہیں جو اگر ایک انسان میں ہوں تو اسکو شخصی اور انفرادی طور پر نقصان پہنچاتی ہیں اور اگر معاشرے میں ہوں تو پورے معاشرے کو برباد کر کے رکھ دیتی ہیں۔

ان میں سے پہلی چیز فاحشہ ہے۔ فاحشہ سے مراد وہ تمام بے ہودہ اور شرمناک باتیں ہیں جو اپنی ذات میں انتہائی قبیح اور بری ہیں مثلاً ننگا پن عریانی خواہ مرد میں ہو یا عورت میں، اسی طرح نشہ آور اشیاء کا استعمال، غصے میں گالی گلوچ اور بدکلامی، برائیوں کو پھیلانا جیسے جھوٹا پروپیگنڈہ کرنا کسی پر تہمت اور جھوٹا الزام لگانا، چھپے ہوئے گناہوں کو عام لوگوں کے سامنے لانا، اسی طرح ایسے افسانے ڈرامے جو برائیوں کی طرف لیجانے والے ہوں، ننگی تصویریں، عورتوں کا سج دھج کر مردوں کے سامنے آنا، عورت اور مرد کا اختلاط، سٹیج پر ناچنا یہ تمام برائیاں فاحشہ کے مفہوم میں داخل ہیں جو انفرادی اور اجتماعی طور پر انتہائی نقصان دہ ہیں۔ گویا عدل میں اگر اعتدال اور توازن ہے تو فاحشہ میں بے اعتدالی ہے۔

دوسری برائی جس سے روکا گیا ہے "منکر" ہے منکر کا لفظ معروف کے مقابلے میں بولا جاتا ہے ہر وہ نامعقول کام جس کا فطرت سلیمہ اور عقل صحیح انکار کرے وہ منکر ہے۔ معروف وہ اچھائیاں ہیں جنکو ہر زمانے میں اچھا سمجھا گیا ہے اور منکر وہ برائی ہے جسکو ہر زمانے میں برا سمجھا گیا ہے مثلاً سچ بولنا معروف ہے، جھوٹ بولنا منکر ہے، کسی پر الزام لگانا منکر ہے کسی کی پردہ پوشی کرنا معروف ہے۔ منکرات وہ برائیاں ہیں جنکو اللہ کی شریعتوں میں سے ہر شریعت نے برا کہا ہے۔ گویا احسان میں اگر خوش خلقی ہے تو منکر میں بداخلاقی ہے۔ احسان میں اگر ایک دوسرے کا لحاظ و پاس ہے مروت ہے تو منکر میں بد لحاظی اور بے مروتی ہے۔

تیسری چیز وہ برائی ہے جس کو قرآن پاک نے لفظ بغی سے تعبیر کیا ہے اس کا مطلب ہے اپنی حد سے آگے بڑھنا اور دوسرے کے حق پر ڈاکہ ڈالنا۔ چاہے وہ حق خالق کا ہو یا مخلوق کا، دوسرے پر ظلم و زیادتی کرنا دوسرے کے مال و جان اور آبرو پر دست درازی کرنا۔ گویا اگر صلہ رحمی میں حق ادا کرنا ہے تو بغی میں حق چھیننا ہے۔ بغی میں دہشت گردی بھی شامل ہے جسمیں دوسرے کو خوفزدہ کیا جاتا ہے دہشت زدہ کر کے اسکا بنیاد دھبر کر دیا جاتا ہے۔

اوپر ارشاد ہوا تھا کہ یہ کتاب قرآن مجید اس میں ہر اس چیز کی وضاحت ہے جس پر ہدایت و گمراہی اور فلاح و خسران کا مدار ہے۔ یہ آیت گویا اس کی تفسیر ہے کہ انتہائی جامعیت کے ساتھ ان باتوں کی نشاندہی کر دی گئی ہے جو انسان کی ہدایت اور گمراہی کی بنیاد بنتی ہے۔ اللہ تعالے خلیفہ راشد حضرت عمر بن عبدالعزیز پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے کہ انھوں نے جمعہ کے خطبہ کے اخیر میں اس آیت کو درج کر کے ایک بہترین مثال قائم کر دی۔ آیت اپنی جگہ اتنی جامع ہے کہ اس کی تشریح کیلئے ایک کتاب بھی ناکافی ہوگی۔ بہرحال یہ اللہ کی نہایت اہم نصیحت سبق حاصل کرنے کے لئے کافی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ

وَاَوْفُوْا	بِعَهْدِ اللّٰهِ	اِذَا	عٰهَدْتُّمْ	وَلَا تَنْقُضُوا	الْاَيْمَانَ	بَعْدَ	تَوْكِيْدِهَا	وَ
اور پورا کرو	اللہ کا عہد	جب	تم عہد کرو	اور نہ توڑو	قسمیں	بعد	انکو پختہ کرنا	اور

اور جب تم پختہ عہد کرلو تو اللہ کا عہد پورا کرو اور قسمیں پختہ کرنے کے بعد نہ توڑو ، اور

جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۹۱﴾

قَدْ جَعَلْتُمُ	اللّٰهَ	عَلَيْكُمْ	كَفِيْلًا	اِنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا تَفْعَلُوْنَ
تحقیق تم نے بنایا	اللہ	اپنے اوپر	ضامن	بیشک	اللہ	جانتا ہے	جو تم کرتے ہو

تحقیق تم نے اپنے اوپر اللہ کو ضامن بنایا ہے بیشک اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔

﴿۹۱﴾ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ مِنَ الْبَيْعَةِ وَالْاَيْمَانِ وَغَيْرِهِمَا اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا تَوْثِيْقِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا بِالْوَفَاءِ حَيْثُ حَلَفْتُمْ بِهٖ وَالْجُمْلَةُ حَالٌ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ تَهْدِيْدٌ لَهُمْ

﴿۹۱﴾ اور اللہ سے تم نے جو اقرار کیا اسکو پورا کرو یعنی بیعت کو نہ توڑو اور ایمان لانے کا وعدہ پورا کرو اور کسی امر میں خلاف عہد نہ کرو جبکہ تم کسی سے کوئی عہد کرو اور مضبوط قسمیں کھا کر نہ توڑو حالانکہ تم نے اس کے پورا کرنے پر اللہ کو ضامن کیا یعنی قسمیں کھائیں بیشک اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ (یہ کافروں کے لئے تہدید ہے)

تشریح

﴿۹۱﴾ **عہد کی پابندی** مذکورہ بالا آیت میں جن تین باتوں کے کرنے اور تین باتوں کے چھوڑنے کا حکم تھا ان باتوں میں سے بعض باتوں کو خصوصیت کے ساتھ ذکر کرتے ہوئے ارشاد ہوا ہے کہ عدل یعنی حقوق میں توازن قائم رکھنے کا جو حکم دیا گیا ہے ان میں سے ایک حکم یہ ہے کہ:۔

۱۔ اللہ کے ساتھ جو عہد کیا ہے اُسے پورا کرو مثلاً ہمارا اللہ کے ساتھ یہ عہد ہے کہ ہم نے ایمان قبول کرکے اس کی فرماں برداری کا وعدہ کیا ہے اور اسی کو اپنا معبود مانا ہے تو اللہ کے اس عہد کو پوری طرح ادا کیا جائے اور اس عہد کی اس کے تقاضوں کے ساتھ تکمیل کی جائے۔

۲۔ اگر کسی سے وعدہ کیا ہے کوئی عہد باندھا ہے اور تاکید کیلئے اس پر اللہ کی قسم بھی کھائی ہے تو اس وعدے کو پورا کرنا ضروری ہے کیونکہ اللہ کی قسم کھانے کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے اس معاملے میں اللہ کو گواہ یا ضامن بنا لیا ہے اگر ہم نے بدعہدی کی تو گویا خیانت کے مرتکب ہوئے۔

دونوں طرح کے عہد کی پابندی اجتماعی زندگی میں بھی بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ حکومتوں اور ملکوں کے درمیان معاہدے ہوتے ہیں اگر ان معاہدوں کا لحاظ نہ رکھا جائے ان کی پابندی نہ کی جائے تو حکومتوں کی ساکھ پر ان کا بہت برا اثر پڑتا ہے اور وہ قوم بدعہد شمار ہوتی ہے۔ اسلام کی تاریخ میں اسکی بہت سی سنہری مثالیں موجود ہیں کہ وعدے کی پابندی کے لئے کسی نقصان کی پرواہ نہیں کی گئی۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر جب ابھی معاہدہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور قریش کے درمیان تیاری کے مرحلے میں تھا اس پر دستخط نہیں ہوئے تھے تو ابوجندل رضؓ پابہ زنجیر لائے گئے اور نبی ﷺ نے عہد کی پابندی کا لحاظ رکھتے ہوئے انہیں قریش کے حوالے کر دیا۔ حضرت معاویہؓ کی اسلامی حکومت اور روم کی حکومت کے درمیان ایک مدت کے لئے ناجنگ معاہدہ ہوا۔ معاہدے کی مدت ختم ہونے کو تھی کہ حضرت امیر معاویہؓ نے اسلامی فوجیں روم کی سرحد پر جمع کرنی شروع کر دیں اور جیسے ہی مدت ختم ہوئی اسلامی فوجوں نے حملہ کر دیا۔ ایک صحابی نے اعتراض کیا کہ فوجوں کا پہلے جمع کر لینا یہ بھی معاہدے کی خلاف ورزی ہے۔ حضرت معاویہؓ نے فوراً فوجوں کو واپس بلایا اور مفتوحہ علاقے بھی چھوڑ دیئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا ط

وَ	لَا تَكُونُوا	كَالَّتِي	نَقَضَتْ	غَزْلَهَا	مِنْ بَعْدِ	قُوَّةٍ	أَنْكَاثًا
اور	تم نہ ہو جاؤ	اس عورت کی طرح	اس نے توڑا	اپنا سوت	بعد	قوت (مضبوطی)	ٹکڑے ٹکڑے

اور تم اس عورت کی طرح نہ ہو جانا جس نے اپنا سوت مضبوط کرنے (کاتنے) کے بعد ٹکڑے ٹکڑے توڑ ڈالا

تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ أَنْ تَكُونَ أُمَّةٌ هِيَ

تَتَّخِذُونَ	أَيْمَانَكُمْ	دَخَلًا	بَيْنَكُمْ	أَنْ	تَكُونَ	أُمَّةٌ	هِيَ
تم بناتے ہو	اپنی قسمیں	دخل کا بہانہ	اپنے درمیان	کہ	ہو جائے	ایک گروہ	وہ

تم بناتے ہو اپنی قسموں کو اپنے درمیان دخل دینے کا بہانہ کہ ایک گروہ دوسرے گروہ

أَرْبَىٰ مِنْ أُمَّةٍ ط إِنَّمَا يَبْلُوكُمُ اللَّهُ بِهِ ط وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ

أَرْبَىٰ	مِنْ	أُمَّةٍ	إِنَّمَا	يَبْلُوكُمُ	اللَّهُ	بِهِ	وَلَيُبَيِّنَنَّ	لَكُمْ
بڑھا ہوا (غالب)	سے	دوسرا گروہ	اسکے سوا نہیں	آزماتا ہے تمہیں	اللہ	اس سے	اور وہ ضرور ظاہر کریگا	تم پر

پر غالب آ جائے ، اس کے سوا نہیں کہ اللہ تمہیں اس سے آزماتا ہے ، اور وہ روز قیامت

يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٩٢﴾

يَوْمَ	الْقِيَامَةِ	مَا	كُنْتُمْ	فِيهِ	تَخْتَلِفُونَ
روز	قیامت	جو	تم تھے	اس میں	اختلاف کرتے

تم پر ضرور ظاہر کر دے گا جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔

﴿٩٢﴾ وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ أَنْسَدَتْ غَزْلَهَا مَا غَزَلَتْهُ مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ إِحْكَامِهِ لَهُ وَبَرْمٍ أَنْكَاثًا حَالٌ جَمْعُ نِكْثٍ وَهُوَ مَا يُنْكَثُ أَيْ يُحَلُّ أَحْكَامَهُ وَهِيَ امْرَأَةٌ حُمْقَاءُ مِنْ مَكَّةَ كَانَتْ تَغْزِلُ طُوَلَ يَوْمِهَا ثُمَّ تَنْقُضُهُ تَتَّخِذُونَ حَالٌ مِنْ ضَمِيرِ تَكُونُوا أَيْ لَا تَكُونُوا مِثْلَهَا فِي إِتِّخَاذِكُمْ أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا هُوَ مَا يُدْخَلُ فِي الشَّيْءِ وَلَيْسَ مِنْهُ أَيْ فَسَادًا أَوْ خَدِيعَةً بَيْنَكُمْ بِأَنْ تَنْقُضُوهَا أَنْ أَيْ لِأَنْ تَكُونَ

﴿٩٢﴾ اور نہ ہو جاؤ تم مثل عورت کے جس نے اپنا کاتا ہوا سوت مضبوط کرنے اور بٹنے کے بعد کھول ڈالا اور توڑ ڈالا۔ یہ ایک عورت تھی مکہ میں بے وقوف کہ تمام دن کات کر اسکو توڑ ڈالتی تھی۔ نہ ہو تم مثل اس عورت کے اس امر میں کہ اپنی قسموں کو فساد اور دھوکا کا سامان کرو آپس میں قسم کھا کر توڑو اس سبب سے کہ ایک گروہ کو زیادہ پاؤ دوسرے سے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أُمَّةٌ جَمَاعَةٌ هِيَ أَرْبَىٰ أَكْثَرُ
مِنْ أُمَّةٍ ۚ وَكَانُوا يُحَالِفُونَ الْحُلَفَاءَ
فَإِذَا وَجَدُوا أَكْثَرَ مِنْهُمْ وَأَعَزَّ
نَقَضُوا حِلْفَ أُولَٰئِكَ وَحَالَفُوهُمْ
إِنَّمَا يَبْلُوكُمُ يَخْتَبِرُكُمُ اللَّهُ بِهِ ۚ
أَيْ بِمَا أَمَرَ بِهِ مِنَ الْوَفَاءِ بِالْعَهْدِ
لِيَنْظُرَ الْمُطِيعَ مِنْكُمْ وَالْعَاصِيَ
أَوْ تَكُونَ أُمَّةٌ أَرْبَىٰ لِيَنْظُرَ أَتَفُونَ
أَمْ لَا وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ
مَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ○ فِي
الدُّنْيَا مِنْ أَمْرِ الْعَهْدِ وَغَيْرِهِ بِأَنْ
يُعَذِّبَ النَّاكِثَ وَيُثِيبَ الْوَافِيَ

اور ان کی عادت تھی کہ ایک جماعت کی مدد اور ساتھ دینے کی قسمیں کھاتے تھے پھر جب دوسرے گروہ کو ان سے زیادہ اور زور آور پاتے پہلوں کی قسمیں توڑ کر دوسرے گروہ سے قسمیں کھاتے اور انکے ساتھ ہو جاتے تھے۔

بات یہ ہے کہ اللہ تم کو آزماتا ہے کہ جو کچھ اس نے وعدے کو پورا کرنے کا حکم فرمایا کون اس کو مانتا ہے اور کون خلاف کرتا ہے یا مطلب یہ ہے کہ ایک جماعت کو زیادہ قوت والی کر کے تم کو آزماتا ہے کہ تم وعدہ پورا کرتے ہو یا نہیں۔

اور البتہ بیان فرما دیگا اللہ تم سے قیامت کو وہ باتیں جنمیں تم دنیا میں جھگڑتے تھے عہد وغیرہ کے بارے میں اسطرح کہ عہد توڑنے والے کو عذاب اور عہد پورا کرنے والے کو ثواب عطا فرمائے گا۔

تشریح

(۹۲) عہد و پیمان تمہارے کردار کی آزمائش ہیں | اوپر ان چیزوں کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا جن کے کرنے اور چھوڑنے پر کسی معاشرے کی درستی کا انحصار ہے پھر ان کرنے والی اور نہ کرنیوالی باتوں میں سے خاص طور پر عہد و پیمان کی پابندی اور عہد شکنی سے روکا گیا ہے اور اس میں تین قسم کے معاہدوں کو الگ الگ بیان کر کے اب انکی پابندی کی تاکید کی جا رہی ہے۔ یہ تینوں ہی معاہدے اور عہد و پیمان اپنی اپنی جگہ اہمیت رکھتے ہیں ایک عہد و پیمان وہ ہے جو بندہ اپنے پروردگار سے اسکی تابعداری کا کرتا ہے یہ سب سے اہم عہد و پیمان ہے دوسرا عہد و پیمان وہ ہے جو ایک انسان دوسرے انسان کے ساتھ یا ایک قوم دوسری قوم کے ساتھ کرتی ہے اور اس پر اللہ کی قسم کھا کر پابندی کا یقین دلایا جاتا ہے۔

تیسرا عہد و پیمان وہ ہے جو ایک انسان دوسرے انسان سے یا ایک قوم دوسری قوم سے کرتی ہے اگرچہ اس میں کوئی قسم نہیں کھائی جاتی لیکن پابندی عہد کے لحاظ سے اس کی خلاف ورزی بھی روا نہیں ہے۔ دراصل عہد و پیمان قوموں کے کردار اور عمل کی آزمائش ہیں اگر کوئی ان پر کھرا نہیں اترتا تو یہ سمجھو کہ وہ اپنے سارے اعمال کو اکارت کر دیتا ہے، ٹھیک اس عورت کی طرح جو سارے دن بڑی محنت و مشقت سے سوت کاتتی ہے اور جب اس کی پونیاں تیار ہو جاتی ہیں تو خود ہی ان کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیتی ہے۔ اسی طرح معاہدوں کا توڑنا انسان کی ساکھ اور اس کے اعتماد کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالتا ہے اگرچہ بعض اوقات اس میں وقتی فائدہ نظر آتا ہے لیکن انجام کے اعتبار سے یہ بہت نقصان دہ ہوتا ہے۔

اگر کسی قوم سے ہمارا اختلاف بھی ہو خواہ وہ عقیدے کا ہو مذہب کا ہو یا کوئی اور اختلاف ہو اپنے مخالف کے ساتھ بھی معاہدہ کرنے کے بعد اس کی خلاف ورزی کرنا کسی طرح درست نہیں ہے۔ مذہبوں کے اختلاف کا آخری فیصلہ تو قیامت میں ہوگا لیکن اس دنیا میں اپنے حریف کے ساتھ عہد شکنی مکر و فریب اور کذب و افترا کی کسی طرح اجازت نہیں ہے۔ اپنے مخالف کے ساتھ بھی معاملے میں صداقت، امانت اور پاس عہد کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ عرب کے یہودیوں کا یہ خیال تھا کہ جو غیر یہودی ہیں ان کے ساتھ بدعہدی اور دھوکا دہی کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے انکا خانہ ساز عقیدہ تھا جس کو قرآن نے بیان کیا ہے کہ لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْأُمِّيِّينَ سَبِيلٌ یعنی مشرکین عرب کے معاملے میں جن کو وہ (اُمّی) ان پڑھ کہتے تھے ہم پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ بدعہدی کا ایک بڑا واضح نقصان یہ ہے کہ لوگ اس مکروہ کردار کو دیکھ کر حق کے قبول کرنے میں پیچھے رہ جاتے ہیں اور یہ اشاعت حق کی راہ میں رکاوٹ بن جاتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ

وَلَوْ	شَآءَ اللّٰهُ	لَجَعَلَكُمْ	اُمَّةً وَّاحِدَةً	وَّلٰكِنْ	يُّضِلُّ	مَنْ
اور اگر	اللہ چاہتا	تو البتہ بنا دیتا تمہیں	ایک اُمت	اور لیکن	گمراہ کرتا ہے	جسے

اور اگر اللہ چاہتا تو البتہ تمہیں ایک اُمت بنا دیتا ، لیکن وہ گمراہ کرتا ہے جس کو

يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

يَّشَآءُ	وَيَهْدِيْ	مَنْ يَّشَآءُ	وَلَتُسْـَٔلُنَّ	عَمَّا	كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ
وہ چاہتا ہے	اور ہدایت دیتا ہے	جس کو وہ چاہتا ہے	اور تم سے ضرور پوچھا جائیگا	اسکی بابت	جو تم کرتے تھے

وہ چاہتا ہے اور ہدایت دیتا ہے جس کو وہ چاہتا ہے اور تم سے اس کی بابت ضرور پوچھا جائیگا جو تم کرتے تھے ۔

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا	اَيْمَانَكُمْ	دَخَلًۢا	بَيْنَكُمْ	فَتَزِلَّ	قَدَمٌۢ	بَعْدَ
اور نہ بناؤ	اپنی قسمیں	دخل کا بہانہ	اپنے درمیان	کہ پھسلے	کوئی قدم	بعد

اور اپنی قسموں کو نہ بناؤ اپنے درمیان دخل کا بہانہ کہ کوئی اپنے قدم جم جانے کے بعد

ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

ثُبُوْتِهَا	وَتَذُوْقُوا	السُّوْٓءَ	بِمَا	صَدَدْتُّمْ	عَنْ	سَبِيْلِ اللّٰهِ
اپنے جم جانے کے	اور تم چکھو	برائی (وبال)	اسلئے کہ	روکا تم نے	سے	اللہ کا راستہ

پھسل جائے اور تم اس کے نتیجے میں وبال چکھو کہ تم نے روکا اللہ کے راستہ سے ،

وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۹۴﴾ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا

وَلَكُمْ	عَذَابٌ	عَظِيْمٌ	وَلَا	تَشْتَرُوْا	بِعَهْدِ اللّٰهِ	ثَمَنًا
اور تمہارے لئے	عذاب	بڑا	اور نہ	تم لو	اللہ کے عہد کے بدلے	مول

اور تمہارے لئے بڑا عذاب ہے ۔ اور تم اللہ کے عہد کے بدلے نہ لو تھوڑا مول

قَلِيْلًا ؕ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۵﴾

قَلِيْلًا	اِنَّمَا	عِنْدَ اللّٰهِ	هُوَ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ
تھوڑا	بیشک جو	اللہ کے ہاں	وہی	بہتر	تمہارے لئے	اگر	تم جانو

(مال دنیا) بے شک جو اللہ کے پاس ہے اگر تم جانو تو وہی تمہارے لئے بہتر ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا

مَا	عِنْدَكُمْ	يَنْفَدُ	وَمَا	عِنْدَ اللّٰهِ	بَاقٍ	وَلَنَجْزِيَنَّ	الَّذِيْنَ	صَبَرُوْٓا
جو	تمہارے پاس	ختم ہو جاتا ہے	اور جو	اللہ کے پاس	باقی رہنے والا	اور ہم ضرور دینگے	وہ لوگ جو	انہوں نے صبر کیا

جو تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جاتا ہے اور جو اللہ کے پاس ہے وہ (ہمیشہ) باقی رہنے والا ہے۔ اور جن لوگوں نے صبر کیا ہم ضرور

اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾

اَجْرَهُمْ	بِاَحْسَنِ	مَا	كَانُوْا	يَعْمَلُوْنَ	
ان کا اجر	اس سے بہتر	جو	وہ تھے	وہ کرتے	

انہیں اُن کا اجر دیں گے اس سے بہت بہتر جو وہ (اعمال) کرتے تھے۔

﴿۹۳﴾ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○

﴿۹۳﴾ اور اگر اللہ چاہتا تو تم کو ایک مذہب پر کر دیتا ولیکن وہ گمراہ کرتا ہے جسکو چاہے اور راہ پر لاتا ہے جس کو چاہے اور بیشک تم سے پوچھا جائیگا قیامت کے دن از راہِ توبیخ ان کاموں سے جو تم کرتے تھے تاکہ تم کو اس کا بدلہ دیا جائے۔

لِتَجَازَوْا اَعْلَيْهِ

﴿۹۴﴾ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○

﴿۹۴﴾ اور نہ بناؤ تم اپنی قسموں کو آپس میں فساد اور دھوکہ ایسا نہ ہو کہ پھسل جاویں تمہارے قدم طریق اسلام سے بعد استقامت کے اس پر اور چکھو تم عذاب بسبب روکنے تمہارے کے راہِ خدا سے کہ جب تم نے اللہ کے عہد کو پورا نہ کیا اور لوگ تم کو دیکھ کر ایسا ہی کریں گے تو گویا تم نے ان کو عہد پورا کرنے سے منع کیا اور آخرت میں تمہارے لئے بڑا عذاب ہے۔

اَىْ اَنْ اَمَرَكُمْ عَنْ مُّجَّةِ الْاِسْلَامِ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا اِسْتِقَامَتِهَا عَلَيْهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ الْعَذَابَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ اَىْ بِصَدِّكُمْ عَنِ الْوَفَاءِ بِالْعَهْدِ اَوْ بِصَدِّكُمْ غَيْرَكُمْ عَنْهُ لِاَنَّهٗ يَسْتَنُّ بِكُمْ وَلَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○ فِى الْاٰخِرَةِ

﴿۹۵﴾ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ

﴿۹۵﴾ اور نہ خرید و تم اللہ کے عہد کے عوض دنیا کی تھوڑی سی قیمت کو کہ عہد توڑ کر مالِ دنیا حاصل کرو بیشک اللہ کے پاس جو ثواب تیار ہے وہ بہتر ہے تمہارے لئے مالِ دنیا سے اگر تم اس کو جانتے تو عہد کو نہ توڑتے۔

لِاَجْلِهٖ ۚ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الثَّوَابِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ مِّمَّا فِى الدُّنْيَا اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ ذٰلِكَ فَلَا تَنْقُضُوْا

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۹۶) مَا عِنْدَكُمْ مِنَ الدُّنْيَا يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ اَحْسَنُ بِمَعْنٰى حَسَنٍ

(۹۶) جو کچھ مالِ دنیا تمہارے پاس ہے سب فنا ہونے والا ہے اور جو اللہ کے پاس ہے ہمیشہ رہنے والا ہے اور بلاشبہ ہم بدلہ دیں گے ان لوگوں کو جنھوں نے صبر کیا یعنی عہد کو نہ توڑا ان کے اچھے عملوں کا ثواب۔

تشریح

(۹۳) انسانی آزادی اور اختیار کو چھیننے کا کسی کو حق نہیں ہے | اللہ تبارک و تعالیٰ نے انسان کی ہدایت کیلئے مکمل انتظام فرما کر اسکو اختیار دیدیا ہے کہ وہ چاہے تو اس صحیح راستے پر چلے اور چاہے دوسرا راستہ اختیار کرے کسی صاحب حق کو جو دین حق کا پیرو ہو اللہ تعالیٰ نے یہ حق نہیں دیا کہ وہ زور زبردستی یا غلط ہتھکنڈے اپنا کر دوسروں کو راہِ حق پر لانے کی کوشش کرے۔ راہ حق کے لئے معقول طریقہ اختیار کرنا حکمت کے ساتھ بات کو سمجھانا، نرمی کے ساتھ ترغیب دینا ایک صحیح طریقہ ہے لیکن جوش میں آکر تبلیغ دین کے لئے غلط راستے اپنانا اس کی اجازت اللہ تعالیٰ نے نہیں دی اور صاف طور پر فرمادیا کہ اگر زور زبردستی سے ہی کام لینا ہوتا تو اللہ تعالیٰ سب کو ایک ہی مذہب پر قائم کردیتا لیکن اس نے آزادی دی ہے جو خود گمراہی کی طرف جانا چاہتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کو روکتے نہیں اور جو ہدایت کے راستے پر چلنا چاہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی بھی مدد کرتے ہیں اور ہدایت کے راستے ہموار کردیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہر بات سے باخبر ہیں ڈھکی چھپی ہر بات کو جانتے ہیں ہمارے اعمال کی ہم سے باز پرس ہوکر رہیگی۔

(۹۴) اخلاق اور معاملات کی خرابی دین حق کی راہ میں رکاوٹ بن سکتی ہے | ایک صاحب ایمان کی یہ بھی ذمہ داری ہے کہ وہ اللہ کی قسمیں کھا کھا کر آپس میں ایک دوسرے کو دھوکا نہ دیں کہ قسم کھالی، دوسرے کو یقین دلا دیا اور بعد میں بدعہدی کر بیٹھے۔ اسطرح غیر اخلاقی حرکتیں دوسروں کے لئے دین کی راہ میں رکاوٹ بن جاتی ہیں وہ یہ سوچتا ہے کہ جب یہ لوگ آپس میں ہی ایک دوسرے کو دھوکا دے دیتے ہیں تو غیروں کو کیوں دھوکا نہیں دینگے اس طرح تم راہِ حق میں رکاوٹ کا سبب بنوگے اور تمہیں اس کی سخت سزا بھگتنی پڑیگی۔

(۹۵) آخرت کی بے بہا دولت کو حقیر دنیا کے بدلے میں مت بیچو | ایمان دراصل اللہ سے قول و قرار ہے کہ ہم آپ کی فرماں برداری کرینگے آپ ہمارے معبود ہمارے آقا اور ہمارے حاکم ہیں ہمیں آپ کے سامنے پیش ہونا ہے اور اپنے دنیا میں کئے ہوئے کاموں کا حساب دینا ہے ہمیں یقین ہے کہ دنیا فانی ہے اور آخرت باقی رہنے والی ہے۔ آخرت کے مقابلے میں یہ دنیا بہت حقیر ہے، اس عہد کو سامنے رکھ کر یاد دلایا جارہا ہے کہ دیکھو اللہ سے کئے ہوئے اس عہد کو حقیر دنیا کے فائدے کے بدلہ میں بیچ مت دینا اللہ سے کئے ہوئے وعدے کو پورا کرنے کا جو اجر تمہیں ملے گا وہ اس دنیا کے مقابلہ میں کہیں بہتر ہے۔ بخاری و مسلم کی ایک حدیث میں جسکو حضرت ابوہریرہ رضؓ نے روایت کیا ہے حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ جنت میں ایک کوڑے (چابک) کی جگہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہے عقلمندی یہی ہے کہ اس سچائی کو سمجھا جائے۔

(۹۶) حسن عمل کے بہترین نتائج آخرت میں سامنے آئیں گے | کیونکہ اللہ تعالیٰ نے دنیا میں انسان کو آزمائش و امتحان کے واسطے بھیجا ہے اسلئے ایسا بھی ہوتا ہے کہ دنیا کے کسی کام میں بظاہر بہت فائدہ نظر آتا ہے اسوقت ہماری خواہش اور نفسانی جذبہ یہ ہوتا ہے کہ ہاتھ بڑھا کر وہ فائدہ حاصل کرلیا جائے اور اسکے مقابلہ میں آخرت کے نقصان کو گوارہ کرلیا جائے مثلاً اگر کسی چیز میں ملاوٹ کی جائے اور اس کو خالص کہہ کر بیچا جائے تو بظاہر دنیا کا نفع ہے مگر گناہ ہونے کی وجہ سے آخرت کا نقصان ہے، اس موقعہ پر یہ سمجھنا چاہیئے کہ یہ فائدہ ضرور ہے مگر عارضی ہے اور آخرت کا فائدہ یا نقصان دائمی ہے اسوقت میں ہر لالچ اور نفسانی خواہش کے مقابلہ میں راست بازی پر قائم رہنا اور ہر دنیاوی فائدے کو ٹھکرا دینا وہ حسن عمل ہے جس کے بہترین نتائج آخرت میں سامنے آئیں گے۔

خالص دنیاوی نقطۂ نظر سے بھی غور کیا جائے تو بددیانتی لالچ اور نفسانی خواہشات کی پیروی دنیا میں بھی بدترین نتائج پیدا کرتی ہے دل کا سکون و اطمینان غارت ہوجاتا ہے، معاشرے میں بے اعتمادی پیدا ہوجاتی ہے اور فساد برپا ہوجاتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ

مَنْ	عَمِلَ	صَالِحًا	مِّنْ ذَكَرٍ	اَوْ	اُنْثٰى	وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَلَنُحْيِيَنَّهٗ
جو جس	عمل کیا	کوئی نیک	مرد ہو	یا	عورت	جبکہ وہ	مومن	تو ہم اسے ضرور زندگی دینگے

جس نے کوئی نیک عمل کیا وہ مرد ہو یا عورت جبکہ ہو وہ مومن تو ہم ضرور اسے (دنیا میں)

حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا

حَيٰوةً	طَيِّبَةً	وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ	اَجْرَهُمْ	بِاَحْسَنِ	مَا	كَانُوْا
زندگی	پاکیزہ	اور ہم ضرور انہیں دینگے	ان کا اجر	اس سے بہتر	جو	وہ تھے

پاکیزہ زندگی دیں گے اور (آخرت میں) ان کا اجر ضرور اس سے بہتر دیں گے جو (اعمال) وہ

يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ

يَعْمَلُوْنَ	فَاِذَا	قَرَاْتَ	الْقُرْاٰنَ	فَاسْتَعِذْ	بِاللّٰهِ
کرتے	پس جب	تم پڑھو	قرآن	تو پناہ لو	اللہ کی

کرتے تھے۔ پس جب تم قرآن پڑھو تو اللہ کی پناہ لو

مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۹۸﴾ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ

مِنَ	الشَّيْطٰنِ	الرَّجِيْمِ	اِنَّهٗ	لَيْسَ	لَهٗ	سُلْطٰنٌ	عَلَى	الَّذِيْنَ
سے	شیطان	مردود	بیشک وہ	نہیں	اسکے لئے	کوئی زور	پر	وہ لوگ جو

شیطان مردود سے بے شک اس کا کوئی زور نہیں ان لوگوں پر جو

اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۹۹﴾

اٰمَنُوْا	وَعَلٰى	رَبِّهِمْ	يَتَوَكَّلُوْنَ
ایمان لائے	اور پر	اپنا رب	وہ بھروسہ کرتے ہیں۔

ایمان لائے اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔

﴿۹۷﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ قِيْلَ هِيَ حَيٰوةُ الْجَنَّةِ وَقِيْلَ فِي الدُّنْيَا بِالْقَنَاعَةِ

﴿۹۷﴾ جو کوئی مرد اور عورت نیک عمل کرے اور وہ مسلمان ہو تو بیشک ہم اس کو نیک زندگانی عطا کرینگے بعضوں نے کہا کہ مراد اس زندگانی سے جنت کی عیش ہے اور بعض کا قول ہے کہ مراد یہ ہے کہ دنیا میں انکو قناعت اور حلال روزی دینگے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَالرِّزْقِ الْحَلَالِ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُمْ بِأَحْسَنِ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ○

اور البتہ ہم انکو ان کے اچھے عملوں کا ثواب دیں گے۔

(۹۸) فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ○ إِنَّهُ لَيْسَ لَهُ سُلْطَانٌ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ○

(۹۸) سو جس وقت تو قرآن پڑھنے کا ارادہ کرے تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ طلب کر یعنی یہ کہہ "اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم"

(۹۹) بیشک بات یہ ہے کہ شیطان کو غلبہ نہیں ان لوگوں پر جو ایمان لائے اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔

تشریح

(۹۷) **پاکیزہ زندگی آخرت کے ساتھ دنیا میں بھی کامیابی لاتی ہے**

عمل صالح پاکیزہ زندگی اور ستھرا کردار خواہ مرد کا ہو یا عورت کا دونوں جہاں میں کامیابی لے کر آتا ہے جو لوگ ایمان دار پاکباز اور معاملہ کے کھرے ہوتے ہیں اپنی بے داغ سیرت اور کردار کی وجہ سے لوگوں میں ان کی عزت ہوتی ہے لوگ دل سے ان کو پسند کرتے ہیں سماج میں ان کا اعتبار اور ساکھ ہوتی ہے۔ ایسے باکردار لوگوں سے مل کر جو سماج بنے گا وہ کتنا بلند سماج ہوگا اس کا اندازہ کرنا دشوار نہیں ہے خود اپنے آپ کو جو دل کا سکون اور اطمینان قلب حاصل ہوگا وہ ہر دولت سے بڑھ کر ہے۔ غرض انفرادی اور اجتماعی طور پر پاکیزہ زندگی میں فائدے ہی فائدے ہیں۔ کردار مضبوط ہو، روزی حلال ہو اس سے جو قناعت، طمانینت اور ذکر و عبادت کی لذت ملتی ہے اس کا مقابلہ دنیا کے قیمتی سے قیمتی سامان سے نہیں کیا جا سکتا۔

پھر عالم آخرت جسکی پہلی منزل قبر اور عالم برزخ ہے وہاں جاکر اس کا رنگ کچھ اور نکھر جاتا ہے یہاں تک کہ اعمال صالحہ اور نیک کاموں کا جو بہترین بدلہ اور اجر و ثواب اللہ تعالیٰ کی رضا اور اسکے انعامات کی صورت میں ملیگا وہ پاکیزہ کردار مرد و عورت دونوں کیلئے دونوں جہاں کی کامیابی ہوگی۔

(۹۸) **قرآن مجید سے رہنمائی کے لئے شیطان سے اللہ کی پناہ مانگو** اوپر کی آیت میں بتایا گیا ہے کہ جو مومن مرد و عورت عمل صالح کی راہ اختیار کریں گے وہ دونوں جہاں میں بامراد رہیں گے قرآن مجید عمل صالح کا راستہ بتاتا ہے۔ جب انسان قرآن کی طرف رجوع کرتا ہے اسکی تلاوت کرتا ہے اس سے رہنمائی حاصل کرنیکی کوشش کرتا ہے تو شیطان مردود اسکے دل میں وسوسے پیدا کرتا ہے اس کے خیالات پر اپنی خیالی قوت کے ذریعہ اثر انداز ہونے کی کوشش کرتا ہے۔ اور یہ چاہتا ہے کہ اسکے دل میں غلط اور بیجا شکوک و شبہات پیدا کردے تاکہ وہ قرآن کو اسکی صحیح روشنی میں نہ دیکھ سکے۔ اس لئے اللہ کی اس کتاب کو پڑھتے ہوئے بہت چوکنا رہنا چاہیئے اور اللہ سے مدد مانگتے رہنا چاہیئے کہیں شیطان کی دراندازیاں اسے اس ہدایت کے فیض سے محروم نہ کردیں کیونکہ جسے یہاں سے ہدایت نہ ملی وہ کہیں سے ہدایت نہ پا سکے گا اس لئے دل میں یہ خواہش ہو اور عملاً یہ کوشش ہو اور زبان سے اس کا اظہار ہو کہ شیطان کی دسیسہ کاریوں سے بچاکر مجھے اللہ اپنی پناہ میں لے لے۔

(۹۹) **اللہ پر بھروسہ کرنے والوں پر شیطان کا زور نہیں چل سکتا۔** اللہ تعالیٰ سب سے عظیم ہیں ہر چیز ان کے قبضے میں ہے جب ایک انسان اپنے آپ کو اللہ کی پناہ میں دیتا ہے اپنے رب پر پورا یقین رکھتا ہے اور اسی پر بھروسہ رکھتا ہے اس پر شیطان کا زور نہیں چل سکتا اگر بشری تقاضے کے مطابق کبھی شیطان کے چکمے میں آ بھی جائے تو جلد ہی غفلت سے نکل آتا ہے اسلئے انسان کو اللہ سے مدد مانگنی چاہیئے اور اسی پر بھروسہ رکھنا چاہیئے اسلئے کہ ہر شر سے حفاظت کرنے والا وہی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ

إِنَّمَا	سُلْطٰنُهٗ	عَلَى	الَّذِيْنَ	يَتَوَلَّوْنَهٗ	وَالَّذِيْنَ	هُمْ + بِهٖ
اسکے سوانہیں	اسکا زور	پر	وہ لوگ جو	اس کو دوست بناتے ہیں	اور وہ لوگ جو	وہ اس (اللہ) کیساتھ

اس کے سوانہیں کہ اس کا زور ان لوگوں پر ہے جو اس کو دوست بناتے ہیں اور جو لوگ اللہ کے ساتھ

مُشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَإِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ ع ۱۳ ۱۱ ۱۹

مُشْرِكُوْنَ	وَ	إِذَا	بَدَّلْنَآ	اٰيَةً	مَّكَانَ	اٰيَةٍ	وَّاللّٰهُ
شریک ٹھہراتے ہیں	اور	جب	ہم بدلتے ہیں	کوئی حکم	جگہ	دوسرا حکم	اور اللہ

شریک ٹھہراتے ہیں اور جب ہم کوئی حکم کسی دوسرے حکم کی جگہ بدلتے ہیں، اور اللہ خوب

أَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا إِنَّمَآ أَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ أَكْثَرُهُمْ

أَعْلَمُ	بِمَا	يُنَزِّلُ	قَالُوْٓا	إِنَّمَآ	أَنْتَ	مُفْتَرٍ	بَلْ	أَكْثَرُهُمْ
خوب جانتا ہے	اسکو جو	وہ نازل کرتا ہے	وہ کہتے ہیں	اسکے سوانہیں	تو	تم گھڑ لیتے ہو	بلکہ	انمیں اکثر

جانتا ہے اسکو جو وہ نازل کرتا ہے، وہ (کافر) کہتے ہیں اس کے سوانہیں کہ تم (خود) گھڑ لیتے ہو (نہیں) بلکہ ان میں اکثر

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ

لَا يَعْلَمُوْنَ	قُلْ	نَزَّلَهٗ	رُوْحُ + الْقُدُسِ	مِنْ رَّبِّكَ	بِالْحَقِّ
علم نہیں رکھتے	آپ کہہ دیں	اسے اتارا ہے	روح القدس (جبرئیل)	تمہارے رب (کیطرف) سے	حق کیساتھ

علم نہیں رکھتے۔ آپ کہہ دیں کہ اسے جبرئیل امین نے تمہارے رب کی طرف سے اتارا ہے حق کے ساتھ

لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

لِيُثَبِّتَ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَهُدًى	وَّبُشْرٰى	لِلْمُسْلِمِيْنَ
تاکہ ثابت قدم کرے	وہ لوگ جو	ایمان لائے (مومن)	اور ہدایت	اور خوش خبری	مسلمانوں کے لئے

تاکہ مومنوں کو ثابت قدم رکھے اور مسلمانوں کے لئے ہدایت و خوشخبری ہے۔

﴿۱۰۰﴾ إِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ بِطَاعَتِهٖ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ أَيِ اللّٰهِ تَعَالٰى مُشْرِكُوْنَ ○

﴿۱۰۱﴾ وَإِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ بِنَسْخِهَا وَإِنْزَالِ غَيْرِهَا لِلْمَصْلَحَةِ الْعِبَادِ

﴿۱۰۰﴾ اس کا غلبہ تو انہیں پر ہے جو اس کے دوست ہیں اس کی اطاعت کرتے ہیں اور ان پر ہے جو اللہ کے لئے شریک ٹھہراتے ہیں۔

﴿۱۰۱﴾ وَإِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا إِنَّمَآ أَنْتَ مُفْتَرٍ الخ اور جب ہم بدلتے ہیں ایک آیت کو دوسری آیت کی جگہ یعنی ایک کو منسوخ کر کے دوسری اس کی جگہ اتارتے ہیں بندوں کی

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

اور اللہ کو خوب معلوم ہے جو کچھ وہ اتارتا ہے تو کافرین پیغمبر صاحب سے کہتے ہیں کہ تو محض جھوٹا ہے تو نے اپنے جی سے بنا لیا ہے بلکہ بات یہ ہے کہ اکثر کافرین حقیقت قرآن کو نہیں جانتے اور منسوخ ہونے کے فائدوں کو نہیں پہچانتے۔

(۱۰۲) قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝

(۱۰۲) ان سے کہہ دو کہ قرآن کو جبرئیل نے اللہ کے پاس سے اتارا ہے ساتھ حق کے تاکہ ایمان والوں کو بسبب انکے ایمان لانیکے اپنے اوپر ثابت قدم رکھے اور ہدایت اور بشارت ہے مسلمانوں کے واسطے۔

تشریح

(۱۰۰) **شیطان کی سرپرستی** شیطان کے بہکانے کا طریقہ یہ ہے کہ وہ انسان کے خیالات پر اپنی قوت خیالیہ سے اثر انداز ہونیکی کوشش کرتا ہے اگر انسان ارادے کا کمزور ہو اور نفس کی بیجا خواہشات کی رو میں بہہ جائے تو وہ شیطان کے زیر اثر آکر شیطانی راہ پر چل پڑتا ہے اس طرح وہ لوگ شیطان کو اپنا رفیق اور سرپرست بنا لیتے ہیں اور پروردگار کی اطاعت میں دوسروں کو یا خود اپنے نفس کو شریک کر لیتے ہیں۔ بس جب ایک مرتبہ اس راہ پر چل پڑتے ہیں تو پھر شیطان بھی انکو انگلیوں پر خوب نچاتا ہے البتہ جب انسان اپنے ارادے کی قوت سے کام لیکر اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی سرپرستی میں دیدے تو پھر شیطان بے بس ہو جاتا ہے۔

(۱۰۱) **قرآن مجید میں احکام کے مختلف پہلو پائے جاتے ہیں** مذکورہ بالا آیات میں یہ حکم دیا تھا کہ قرآن کی طرف رجوع کرتے ہوئے شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگا کرو کہ کہیں وہ تمہارے دل میں طرح طرح کے وسوسے اور خیالات ڈال کر قرآن سے ہدایت حاصل کرنے میں رکاوٹ نہ ڈالدے قرآن سے رہنمائی حاصل کرنے میں مخالفین کی طرف سے ایک بات یہ بھی آتی تھی کہ قرآن میں ایک ہی شرعی حکم سے متعلق مختلف انداز پائے جاتے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قرآن اللہ کا کلام نہیں ہے بلکہ تم لوگ خود گھڑ لیتے ہو۔ اس شبہ کو دور کرتے ہوئے ارشاد ہوا ہے کہ کیونکہ قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے نازل ہوا ہے اور اس وقت جو بات جس طرح بتانی مناسب تھی اسی طرح بتائی گئی ہے اسلئے کبھی بات مجمل ہے اور کبھی مفصل ہے کبھی ایک دلیل ہے کبھی کوئی اور دلیل ہے، کبھی کسی پہلو کو کبھی کسی دوسرے پہلو کو سامنے لایا گیا ہے یہ بالکل ایسا ہی ہے جیسے کوئی بیمار کسی حکیم یا ڈاکٹر کے پاس جاتا ہے اسوقت کی حالت کے مطابق وہ دوا تجویز کرتا ہے اور اس کی مقدار بھی مریض کی حالت کے مطابق ہوتی ہے اسی طرح اللہ تبارک و تعالیٰ نے بندوں کے حالات پر نظر رکھتے ہوئے ان کو کبھی اجمالی طور پر کبھی تفصیلی طور پر کبھی ایک انداز میں کبھی دوسرے انداز سے بات کو سمجھایا ہے ایک ہی قصے کو بار بار سمجھایا ہے اور اس کے مختلف پہلو اجاگر کئے ہیں یہ اس کتاب کی حکمت اور حسن ہے نہ کہ اس کا عیب کیونکہ اکثر لوگ حقیقت سے واقف نہیں ہوتے اسلئے وہ اعتراض جڑ دیتے ہیں۔

(۱۰۲) **قرآن بلاشبہ اللہ کا کلام ہے** قرآن مجید کی آیات اور انکے احکام جو وقتاً فوقتاً موقعہ بموقعہ تھوڑے تھوڑے کر کے نازل ہوتے رہے ہیں اس کا مقصد یہ ہے کہ تھوڑی تھوڑی کر کے بات جو اس موقع کے مناسب ہو بتائی جائے اور وہ دل میں اتر جائے۔ اور اس قرآن کے نازل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اہل ایمان اس سے ہدایت حاصل کریں یہ انکے لئے اللہ کی رحمت ہے اور عظیم بشارت ہے جو انکو سیدھی راہ کیطرف چلانے والی ہے اس کو اللہ تعالیٰ نے روح القدس کے ذریعے اتارا ہے روح القدس جس کا ترجمہ پاکیزہ روح ہے حضرت جبرئیل کا لقب ہے۔ حضرت جبرئیل کے نام کے بجائے ان کا لقب روح القدس استعمال کر کے یہ بتانا ہے کہ اس کلام کو لانے والی وہ پاکیزہ روح ہے جو انسانی کمزوریوں سے پاک و صاف ہے وہ پوری امانت کے ساتھ جوں کا توں اللہ کے کلام کو حضرت محمد تک پہنچاتی ہے اسلئے بلاشبہ یہ اللہ کا نازل کردہ کلام برحق ہے۔ یہ کلام اللہ کی راہ پر چلنے والوں پر فلاح و سعادت کی بشارت دیتا ہے انکو حوصلہ اور ہمت دیتا ہے کہ وہ باطل کے مقابلے میں حق پر ثابت قدم رہیں۔ اور آخرت کی نعمتوں سے سرفراز ہوں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ۭ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ

وَ	لَقَدْ نَعْلَمُ	اَنَّهُمْ	يَقُوْلُوْنَ	اِنَّمَا	يُعَلِّمُهٗ	بَشَرٌ	لِسَانُ	الَّذِيْ	يُلْحِدُوْنَ
اور	ہم خوب جانتے ہیں	کہ وہ	وہ کہتے ہیں	اسکے سوا نہیں	اسکو سکھاتا ہے	ایک آدمی	زبان	وہ جو کہ	کجراہی (نسبت اکرتے ہیں

اور ہم خوب جانتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں کہ اس کے سوا نہیں کہ اسے ایک آدمی سکھاتا ہے جس کی طرف وہ نسبت کرتے ہیں

اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۳﴾

اِلَيْهِ	اَعْجَمِيٌّ	وَّ هٰذَا	لِسَانٌ	عَرَبِيٌّ	مُّبِيْنٌ
اس کیطرف	عجمی	اور یہ	زبان	عربی	واضح

اس کی زبان عجمی (غیر عربی) ہے اور یہ واضح عربی زبان ہے۔

﴿۱۰۳﴾ وَلَقَدْ لِلتَّحْقِيْقِ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ الْقُرْاٰنَ بَشَرٌ ۭ وَهُوَ تَيْنِ نَصْرَانِيٌّ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ عَلَيْهِ قَالَ تَعَالٰى لِسَانُ لُغَةُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ يَمِيْلُوْنَ اِلَيْهِ اَنَّهٗ يُعَلِّمُهٗ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا الْقُرْاٰنُ لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ○ ذُوْ بَيَانٍ وَ فَصَاحَةٍ فَكَيْفَ يَعْلَمُهٗ اَعْجَمِيٌّ

﴿۱۰۳﴾ اور بیشک ہم جانتے ہیں کہ بالیقین کفار کہتے ہیں کہ محمدؐ کو قرآن آدمی سکھلاتا ہے اور وہ آدمی ایک لوہار نصرانی تھا جس کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جایا کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا زبان اس شخص کی جس کی نسبت کہتے ہیں کہ وہ سکھلاتا ہے عجمی ہے اور یہ قرآن عربی زبان ظاہر اور بافصاحت ہے پس عجمی آدمی کیونکر اس کو سکھلا سکتا ہے۔

تشریح

﴿۱۰۳﴾ **قرآن میں کسی بشر کا کوئی دخل نہیں** قرآن مجید اپنے انداز بیان اپنے اسلوب اور اپنے اعلیٰ مضامین کے اعتبار سے جس اونچے درجے کی کتاب ہے اس کا مقابلہ دنیا کی کسی کتاب سے نہیں کیا جا سکتا خود حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی سے لکھنا پڑھنا نہیں سیکھا تھا۔ آپ قرآن مجید سناتے تھے تو عرب کے بڑے بڑے ادیب شاعر اور دانشور حیرت میں پڑ جاتے تھے کہ یہ اعلیٰ درجہ کا ادب، یہ انداز کی ندرت آج تک نہ دیکھی نہ سنی۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دعویٰ یہ تھا کہ یہ میرا کلام نہیں ہے اللہ نے مجھے اپنا رسول مقرر کیا ہے اور اپنا یہ کلام مجھ پر نازل کیا ہے۔ کسی پیغمبر پر وحی کا آنا اور اللہ کا اپنا کلام نازل کرنا دنیا میں کوئی پہلا واقعہ نہیں تھا اس سے پہلے بھی اللہ تعالیٰ پیغمبر مقرر کرتے رہے ہیں اور ان پر اپنا کلام نازل کرتے رہے ہیں۔ اب یہ بات تو ہو سکتی تھی اور یہ غیر معقول نہ ہوتی کہ لوگ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کے دعویٰ نبوت کی دلیل طلب کرتے۔ دنیا میں کسی چیز کے جانچنے کے اور کسی کی صداقت معلوم کرنے کے جو طریقے ہیں اس پر ان کے دعویٰ کو پرکھ کر دیکھتے مثلاً یہ شخص نبوت کے دعوے سے پہلے جھوٹ بولتا ہو تو کہا جا سکتا ہے کہ اس کا یہ دعویٰ بھی جھوٹا ہوگا۔ اگر نبوت کے دعوے سے پہلے اگر ایک شخص کی تمنا رہی ہو کہ مجھے سرداری مل جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ یہ اپنی سرداری جمانے کیلئے ایسے دعویٰ کر رہا ہے۔ لیکن یہاں معاملہ یہ تھا کہ حضرت محمدؐ کی سادی صاف ستھری پاکیزہ زندگی سب کے سامنے تھی جس کی صداقت کے اعتراف میں انھیں صادق کا لقب ملا تھا جنکی دیانت داری پر انہیں امین کہہ کر پکارا جاتا ہے کیسے کہہ دیا جاتا کہ یہ شخص جھوٹا اور خائن ہے ——— اسلئے ایسے الٹے سیدھے اعتراض ہوتے تھے جن کا کوئی سر پیر نہ ہو۔ مثلاً یہ فلاں شخص سے سیکھ کر آتے ہیں، فلاں سے لکھواتے ہیں۔ جس کا نام لیا جاتا تھا وہ عجمی تھا اس کی مادری زبان بھی عربی نہ تھی۔ اتنے اعلیٰ درجہ کا ادب جس پر بڑے بڑے ادیب سر دھنتے تھے کیا ایسے شخص سے ممکن ہے۔ وہ مضامین کیا ایسے ذہن کی پیداوار تھے جو صرف انجیل پڑھ لیتا تھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ لَا يَهْدِيهِمُ اللَّهُ وَلَهُمْ

إِنَّ	الَّذِينَ	لَا يُؤْمِنُونَ	بِآيَاتِ + اللَّهِ	لَا يَهْدِيهِمْ	اللَّهُ	وَلَهُمْ
بیشک	وہ لوگ جو	ایمان نہیں لاتے ہیں	اللہ کی آیتیں	ہدایت نہیں دیتا انہیں	اللہ	اور انکے لئے

بیشک جو لوگ ایمان نہیں لاتے اللہ کی آیتوں پر اللہ انہیں ہدایت نہیں دیتا اور ان کے لئے

عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿۱۰۴﴾ إِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ

عَذَابٌ	أَلِيمٌ	إِنَّمَا	يَفْتَرِي	الْكَذِبَ	الَّذِينَ	لَا يُؤْمِنُونَ
عذاب	دردناک	اسکے سوا نہیں	بہتان باندھتا ہے	جھوٹ	وہ لوگ	جو ایمان نہیں لاتے

دردناک عذاب ہے۔ اس کے سوا نہیں کہ وہی لوگ جھوٹ بہتان باندھتے ہیں جو اللہ کی آیتوں

بِآيَاتِ اللَّهِ ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْكَاذِبُونَ ﴿۱۰۵﴾

بِآيَاتِ + اللَّهِ	وَأُولَٰئِكَ	هُمُ	الْكَاذِبُونَ	
اللہ کی آیتیں	اور یہی لوگ	وہ	جھوٹے	

پر ایمان نہیں رکھتے اور وہی لوگ جھوٹے ہیں۔

(۱۰۴) إِنَّ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ لَا يَهْدِيهِمُ اللَّهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ○ مُؤْلِمٌ

(۱۰۴) بیشک جو لوگ اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے ان کو حق تعالیٰ راہ نہیں بتلاتا اور ان کے لئے عذاب دردناک ہے۔

(۱۰۵) إِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ ۚ الْقُرْآنِ بِقَوْلِهِمْ هٰذَا مِنْ قَوْلِ الْبَشَرِ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْكَاذِبُونَ ○ وَالتَّاكِيدُ بِالتَّكْرَارِ وَإِنَّ وَغَيْرُهُمَا رَدٌّ لِقَوْلِهِمْ إِنَّمَا أَنْتَ مُفْتَرٍ

(۱۰۵) بات یہ ہے کہ جھوٹ وہی باندھتے ہیں جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے یعنی قرآن کو کہتے ہیں کہ یہ آدمی کا قول ہے اور وہی لوگ ہیں جھوٹے (کافروں کے رد میں تاکید ساتھ انّ اور تکرار وغیرہ کے اس لئے کی گئی کہ ان کا قول بھی تاکید کے ساتھ تھا اِنَّمَا اَنْتَ مُفْتَرٍ۔

تشریح

(۱۰۴) کھلی نشانیوں کے باوجود جو شخص سچائی کو نہیں مانتا اللہ بھی اسکو زبردستی ہدایت نہیں دیتے

اللہ تعالیٰ کا دستور یہ ہے کہ وہ حق اور باطل کو واضح کر دیتے ہیں یہ ہدایت کا کھلا روشن راستہ ہے اور وہ گمراہی ہے اسکے باوجود اگر کوئی مان کر نہ دے اور دل میں ٹھان لے کہ میں سمجھ کر بھی نہیں سمجھونگا تو اللہ تعالیٰ اسکو زبردستی راہ ہدایت پر نہیں لاتے اور اسکو توفیق نہیں دیتے۔ اصل میں توفیق طلب اور ارادے سے جڑی ہوئی ہے اگر انسان میں طلب ہوگی ہدایت حاصل کرنے کا ارادہ کریگا تو اللہ تعالیٰ بھی توفیق دینگے اور اسکی مدد کرینگے وہ خود ہی بھٹکنا چاہے تو بھٹکتا پھرے اللہ کو بھی اسکی پرواہ نہیں ہے ایسے شخص کے لئے دردناک عذاب مقدر ہے۔

(۱۰۵) اللہ کی نشانیوں کو نہ ماننے والے جھوٹ گھڑا کرتے ہیں

کیا تمہیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی انکا طور طریق ایسا نظر آتا ہے کہ وہ اتنا بڑا جھوٹ گھڑ کر تمہارے سامنے رکھدیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں اور میرے اوپر اللہ کا کلام نازل ہوتا ہے۔ جھوٹے لوگ تو الگ طرح کے ہوتے ہیں اصل میں جو لوگ اللہ کی کھلی کھلی نشانیاں دیکھتے ہیں اور پھر مان کر نہیں دیتے وہ جھوٹ گھڑا کرتے ہیں جھوٹ گھڑنے والے کہاں اللہ کی آیتوں کو مانتے ہیں وہ تو اپنے جھوٹ کے فریب میں ہی گم رہتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَ

مَنْ	كَفَرَ	بِاللّٰهِ	مِنْۢ بَعْدِ	اِيْمَانِهٖٓ	اِلَّا	مَنْ	اُكْرِهَ	وَ
جو	منکر ہوا	اللہ کا	بعد	اسکے ایمان	سوائے	جو	مجبور کیا گیا	جبکہ

جو اللہ کا منکر ہوا اس (اللہ) پر ایمان کے بعد، سوائے اس کے جو مجبور کیا گیا جبکہ

قَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا

قَلْبُهٗ	مُطْمَئِنٌّۢ	بِالْاِيْمَانِ	وَلٰكِنْ	مَّنْ	شَرَحَ	بِالْكُفْرِ	صَدْرًا
اس کا دل	مطمئن	ایمان پر	اور لیکن (بلکہ)	جو	کشادہ کرے	کفر کے لئے	سینہ

اس کا دل مطمئن ہو ایمان پر۔ بلکہ جو کفر کے لئے سینہ کشادہ کرے (من مرضی سے

فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾ ذٰلِكَ

فَعَلَيْهِمْ	غَضَبٌ	مِّنَ + اللّٰهِ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ + عَظِيْمٌ	ذٰلِكَ
تو ان پر	غضب	اللہ کا	اور انکے لئے	بڑا عذاب	یہ

کفر کرے) تو ان پر اللہ کا غضب ہے اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔ یہ اس لئے

بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ

بِاَنَّهُمُ	اسْتَحَبُّوا	الْحَيٰوةَ	الدُّنْيَا	عَلَى	الْاٰخِرَةِ	وَاَنَّ	اللّٰهَ
اسلئے کہ وہ	انہوں نے پسند کیا	زندگی	دنیا	پر	آخرت	اور یہ کہ	اللہ

ہے کہ انھوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت پر پسند کیا۔ اور یہ کہ اللہ تعالیٰ

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۷﴾

لَا يَهْدِي	الْقَوْمَ	الْكٰفِرِيْنَ
ہدایت نہیں دیتا	لوگ	کافر (جمع)

ہدایت نہیں دیتا کافر لوگوں کو۔

(۱۰۶) مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ عَلَى التَّلَفُّظِ بِالْكُفْرِ فَتَلَفَّظَ بِهٖ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَمَنْ مُبْتَدَاٌ اَوْ شَرْطِيَّةٌ وَالْخَبَرُ اَوِ الْجَوَابُ

(۱۰۶) جو شخص ایمان کے بعد کافر ہو اور اللہ کا انکار کرے ان کے لئے سخت مصیبت ہے بجز اس شخص کے کہ اس سے زبردستی کوئی کلمۂ کفر کہلا دے اور اس کا دل مطمئن ہو ساتھ ایمان کے وہ عذاب سے محفوظ ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

لَهُمْ وَعِيدٌ شَدِيدٌ دَلَّ عَلَيْهِ هٰذَا وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا لَّهٗ اَیْ فَتَحَهٗ وَوَسَّعَهٗ بِمَعْنٰى طَابَتْ بِهٖ نَفْسُهٗ فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○

ولیکن جس کے دل میں کفر آجاوے اور اس کو وہ بھلا معلوم ہو سو ان کے اوپر اللہ کا غصہ ہے اور ان کے لئے سخت عذاب ہے۔

(۱۰۷) ذٰلِكَ الْوَعِيْدُ لَهُمْ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا اخْتَارُوْهَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ○

(۱۰۷) یہ ان پر عذاب کا آنا اس لئے کہ انہوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت پر پسند کیا۔ اور بیشک اللہ کافروں کو راہ ہدایت نہیں دکھلاتا

تشریح

(۱۰۶) سب کچھ سہہ کر ایمان پر قائم رہنا اعلیٰ درجہ ہے مگر رخصت کی گنجائش بھی ہے | ایک قسم کے لوگ تو وہ ہیں جو واضح اور روشن دلیلوں کے باوجود سچائی کو قبول کرنے کو تیار نہیں ہیں یہ بھی مجرم ہیں مگر ان سے بڑھ کر وہ مجرم ہیں جنھوں نے سچائی کو پرکھا مانا اس کو قبول کیا اور پھر شیطانی وسوسوں اور شکوک وشبہات میں گھر کر صداقت سے منہ پھیر لیا عبداللہ بن ابی سرح بھی ایسے لوگوں میں سے ایک تھا۔

ایک قسم کا انسان وہ ہے کہ اس نے آگے بڑھ کر صداقت کو قبول کر لیا ہے مگر حالات کا اتنا شدید دباؤ ہے اتنے اس پر مظالم ڈھائے جارہے ہیں اتنا اس کو ڈرایا دھمکایا جارہا ہے اتنا اس کو مجبور کیا جارہا ہے آخر مجبور ہو کر دلی ایمان اور مکمل یقین کے باوجود وہ زبان سے وہ بات کہہ دیتا ہے جو اس کے دل میں تو نہیں ہے مگر مجبور ہو کر کہنی پڑ رہی ہے۔ یہ مقام رخصت ہے اور اسلام کی وسیع النظری ہے کہ وہ اس کے عذر کو قبول کرتا ہے اس کے ضعف اور کمزوری کی رعایت کرتا ہے۔ اس سے عزیمت اور اعلیٰ درجہ کا مطالبہ نہیں کرتا۔ اس کی مثال حضرت عمار بن یاسر ہیں۔ ان کی آنکھوں کے سامنے ان کے ماں باپ کو سخت اذیت دے کر شہید کر دیا گیا، پھر خود ان کو اتنی سخت سزا دی گئی کہ اسکی اذیت سے بچنے کے لئے جو مخالفین کہلوانا چاہتے تھے انہوں نے کہدیا اور روتے ہوئے حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یارسول اللہ "مَا تُرِكْتُ حَتّٰى سَبَبْتُكَ وَذَكَرْتُ اٰلِهَتَهُمْ بِخَيْرٍ" مجھے چھوڑا نہ گیا جب تک میں نے آپ کی شان میں برائی کے الفاظ اور ان کے معبودوں کی تعریف نہیں کر دی۔ آنحضرتؐ نے پوچھا، كَيْفَ تَجِدُ قَلْبَكَ ؟ اپنے دل کا کیسا حال پاتے ہو؟ حضرت عمارؓ نے عرض کیا مُطْمَئِنًّا بِالْاِيْمَانِ ایمان پر پوری طرح مطمئن ہوں۔ اس پر حضورؐ نے ارشاد فرمایا، اِنْ عَادُوْا فَعُدْ اگر وہ پھر اسیطرح ظلم کریں تو تم پھر جان بچانیکے لئے یہی کہدینا جو اب کہا ہے ــ عزیمت اور سب کچھ سہہ کر کلمۂ حق کے اعلان کی بھی شاندار نظیریں اسلامی تاریخ میں ملتی ہیں: خباب بن ارت، بلال حبشی صہیب بن زید بن عاصم انصاری حضرت عبداللہ بن حذافہ جنھوں نے ہر تکلیف برداشت کی مگر زبان سے بھی خلاف حق کہنے کیلئے تیار نہیں ہوئے۔

(۱۰۷) فیصلہ یہ کرنا ہے کہ دنیا پسند ہے یا آخرت | اگر آدمی دنیا کے مقابلے میں آخرت کو ترجیح دیتا ہے اور وہیں کی زندگی کو حقیقی زندگی سمجھتا ہے تو وہ دنیا کی تکلیفوں سے گھبراتا نہیں ہے اگر ڈر کی وجہ سے زبان سے کہہ بھی دیگا تو توبہ واستغفار کر کے اپنے آپ کو حق پرستوں میں شامل کر لیگا۔ لیکن اگر ایسا نہیں ہے اور دنیا ہی اس کا مقصد حیات ہے تو اسکے لئے ایمان کی کوئی قدر وقیمت نہیں ہے اور نہ وہ ہدایت کی روشنی سے فائدہ اٹھانا چاہتا ہے اللہ تو بھی ایسے ناشکروں کا ساتھ نہیں دیتے اور ان کو ہدایت سے نہیں نوازتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ ۚ وَأُولَٰئِكَ

أُولَٰئِكَ	الَّذِينَ	طَبَعَ اللَّهُ	عَلَىٰ	قُلُوبِهِمْ	وَسَمْعِهِمْ	وَأَبْصَارِهِمْ	وَأُولَٰئِكَ
یہی لوگ	وہ جو کہ	اللہ نے مہر لگادی	پر	ان کے دل	اور انکے کان	اور انکی آنکھیں	اور یہی لوگ

یہی لوگ ہیں اللہ نے مُہر لگادی ہے جن کے دلوں پر اور ان کے کانوں پر اور ان کی آنکھوں پر اور یہی لوگ

هُمُ الْغَافِلُونَ ﴿١٠٨﴾ لَا جَرَمَ أَنَّهُمْ فِي الْآخِرَةِ هُمُ الْخَاسِرُونَ ﴿١٠٩﴾ ثُمَّ

هُمُ	الْغَافِلُونَ	لَا جَرَمَ	أَنَّهُمْ	فِي الْآخِرَةِ	هُمُ	الْخَاسِرُونَ	ثُمَّ
وہ	غافل (جمع)	کچھ شک نہیں	کہ وہ	آخرت میں	وہ	خسارہ اٹھانے والے	پھر

غافل کچھ شک نہیں کہ یہی لوگ آخرت میں خسارے (نقصان) اٹھانے والے ہیں۔ پھر

إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ هَاجَرُوا مِنْ بَعْدِ مَا فُتِنُوا ثُمَّ جَاهَدُوا وَصَبَرُوا

إِنَّ	رَبَّكَ	لِلَّذِينَ	هَاجَرُوا	مِنْ بَعْدِ	مَا فُتِنُوا	ثُمَّ	جَاهَدُوا	وَصَبَرُوا
بیشک	تمہارا رب	ان لوگوں کے لئے	انہوں نے ہجرت کی	اسکے بعد	وہ ستائے گئے	پھر	انہوں نے جہاد کیا	اور انہوں نے صبر کیا

بیشک تمہارا رب ان لوگوں کیلئے جنھوں نے ہجرت کی، اسکے بعد کہ وہ ستائے گئے اور پھر انہوں نے جہاد کیا، اور صبر کیا

ع ۱۴ ۱۴ ۲۰

إِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿١١٠﴾ ع يَوْمَ تَأْتِي كُلُّ نَفْسٍ

إِنَّ	رَبَّكَ	مِنْ بَعْدِهَا	لَغَفُورٌ	رَحِيمٌ	يَوْمَ	تَأْتِي	كُلُّ	نَفْسٍ
بیشک	تمہارا رب	اسکے بعد	البتہ بخشنے والا	نہایت مہربان	جس دن	آئیگا	ہر	شخص

بیشک تمہارا رب اس کے بعد بخشنے والا نہایت مہربان ہے جس دن ہر شخص اپنی (ہی) طرف سے جھگڑا کرتا

تُجَادِلُ عَنْ نَفْسِهَا وَتُوَفَّىٰ كُلُّ نَفْسٍ مَا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ﴿١١١﴾

تُجَادِلُ	عَنْ	نَفْسِهَا	وَتُوَفَّىٰ	كُلُّ	نَفْسٍ	مَا	عَمِلَتْ	وَهُمْ	لَا يُظْلَمُونَ
جھگڑا کرتا ہے	سے	اپنی طرف	اور پورا دیا جائیگا	ہر	شخص	جو	اس نے کیا	اور وہ	ظلم نہ کیے جائینگے

آئے گا اور ہر شخص کو پورا دیا جائے گا جو اس نے کیا اور ان پر ظلم نہ کیا جائیگا۔

﴿١٠٨﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ ○ عَمَّا يُرَادُ بِهِمْ

﴿١٠٨﴾ یہی لوگ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں اور کانوں اور آنکھوں پر مہر لگادی اور یہی ہیں بے خبر اس سے جو ان سے ارادہ کیا جاتا ہے۔

﴿١٠٩﴾ لَا جَرَمَ حَقًّا أَنَّهُمْ فِي الْآخِرَةِ

﴿١٠٩﴾ یہ یقینی امر ہے کہ آخرت میں یہی ٹوٹے والے ہیں کہ رجوع

toobaa-elibrary.blogspot.com

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ○ لِمَصِيْرِهِمْ
اِلَى النَّارِ اَلْمُؤَبَّدَةِ عَلَيْهِمْ

ان کا دوزخ کی طرف ہے جس میں یہ ہمیشہ رہینگے۔

(۱۱۰) ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا
اِلَى الْمَدِيْنَةِ مِنْ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا
عُذِّبُوْا وَتَفَظَّوْا بِالْكُفْرِ وَفِيْ قِرَاءَةٍ
بِالْبِنَاءِ لِلْفَاعِلِ اَيْ كَفَرُوْا اَوْ فَتَنُوْا
النَّاسَ عَنِ الْاِيْمَانِ ثُمَّ جَاهَدُوْا
وَصَبَرُوْا عَلَى الطَّاعَةِ اِنَّ رَبَّكَ
مِنْ بَعْدِهَا اَيِ الْفِتْنَةِ لَغَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ○ بِهِمْ وَخَبَرُ اِنَّ الْاُوْلٰى
دَلَّ عَلَيْهِ خَبَرُ الثَّانِيَةِ

(۱۱۰) بیشک تیرا رب بخشنے والا مہربان ہے ان لوگوں پر جنہوں نے مدینہ کی طرف ہجرت کی بعد اس کے کہ انکو تکالیف پہنچائی گئیں، اور انہوں نے کلمہ کفر بمجبوری زبان سے نکالا۔ ایک قرأت میں فتنوا بصیغہ معروف ہے اس صورت میں مطلب یہ ہے کہ انہوں نے ہجرت کی بعد اس کے کہ کافر ہوئے اور لوگوں کو ایمان سے روکا اور تکالیف پہنچائی، پھر جہاد کیا اور عبادت کی اور فرمانبرداری حق تعالیٰ پر ثابت رہے بے شک تیرا رب بعد اس مصیبت یا کفر وغیرہ کے انکو ضرور بخشنے والا ان پر مہربان ہے۔

(۱۱۱) اُذْكُرْ يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ
تُحَاجُّ عَنْ نَّفْسِهَا لَا يُهِمُّهَا غَيْرُهَا
وَهُوَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ
جَزَاءَ مَا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ○
شَيْئًا

(۱۱۱) یوم تاتی کل نفس تجادل عن نفسہا وتوفی کل نفس ما عملت وھم لا یظلمون الخ یاد کر قیامت کے دن کو جس دن کہ ہر ایک آدمی اپنی ہی شان میں جھگڑیگا کسی دوسرے کی طرف اسکو توجہ نہ ہوگی اور ہر ایک آدمی اپنے کئے کا بدلہ پورا پورا پاویگا اور ان پر بالکل ظلم نہ ہوگا۔

تشریح

(۱۰۸) دنیا کی محبت نے انکے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت ختم کر دی ہے | دنیا طلبی اور ہوا پرستی کے نشے میں مست ہو کر اپنے انجام سے ایسے غافل ہیں کہ اب انکے کان حق کی آواز نہیں سنتے، ان کی آنکھیں سچائی کی نشانیاں نہیں دیکھتیں، ان کے دل صداقت کی بات سمجھنے سے قاصر ہیں انکے سوچنے سمجھنے کی توفیق سلب ہو چکی ہے۔

(۱۰۹) یہ دنیا کا ہی نہیں آخرت کا بھی نقصان ہے | یہ لوگ جو حق کے راستے کی دشواریوں سے گھبرا کر باطل قوتوں سے جا ملے ہیں اپنی بے اعتدالیوں سے اللہ کی دی ہوئی صلاحیتوں کو بیکار کر لیا ہے اور دنیا ہی کو اپنا مقصد بنا لیا ہے یہ آخرت میں بھی سخت نقصان میں رہینگے۔ گویا دنیا میں بھی کوئی عزت کا مقام حاصل نہ ہو سکا۔ اعتماد بھروسہ کھو چکے اور آخرت بھی برباد کر ڈالی۔

(۱۱۰) وہ بھی ہیں جنھوں نے وطن چھوڑ دیا مگر ایمان نہیں چھوڑا | اللہ پر ایمان اتنی قیمتی دولت ہے کہ اسکے مقابلے میں وطن کی گھر بار کی یہاں تک کہ اپنی جان کی بھی کوئی قیمت نہیں ہے حضرت یاسرؓ اسلام کے پہلے شہید تھے جنھوں نے جان دیدی مگر ایمان نہیں دیا، انکی بیوی سمیہ ایک خاتون ہوتے ہوئے اپنے ایمان کو بچانے کیلئے انہوں نے اپنی جان قربان کرنی گوارا کی، ان دونوں کی اولاد تھے حضرت عمار، بیٹے کے سامنے باپ اور ماں کو شہید کیا گیا اسوقت ڈر کی وجہ سے زبان سے جو کہلوانا چاہتے تھے کہہ دیا مگر دل اسی طرح ایمان سے منور تھا۔ روتے ہوئے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ماجرا بیان کیا آپؐ نے تسلی دی، اس کے بعد ان کی قربانیوں نے ثابت کر دیا کہ واقعی وہ سچے مومن تھے، گھر بار چھوڑ کر ہجرت فرما گئے وطن چھوڑ کر حبشہ چلے گئے اور اتنے بڑے بڑے کام کئے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے انکے صبر و ہمت کو قبول کیا اور انکی کوتاہی کو معاف فرما دیا بیشک وہ بہت مغفرت کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

(۱۱۱) پورا پورا بدلہ اللہ کے یہاں ملیگا | دنیا میں ظالم نے ظلم کر لیا اور مظلوم نے ظلم سہہ لیا ایک دن وہ آئیگا جب کوئی کسی پر ظلم تو کیا کرتا ہر ایک کو اپنی اپنی پڑی ہوگی ہر ایک اپنے بچاؤ کی فکر میں لگا ہوگا اس دن اللہ کے یہاں انصاف ہوگا اور ہر ایک کو اسکے عمل کا پورا پورا بدلہ دیا جائیگا کسی پر ذرہ برابر زیادتی نہ ہوگی نہ کسی کی نیکی ثواب میں کمی کی جائیگی اور نہ برائی کا بدلہ اسکی سزا سے زیادہ ملیگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا

وَ	ضَرَبَ اللّٰهُ	مَثَلًا	قَرْيَةً	كَانَتْ	اٰمِنَةً	مُّطْمَئِنَّةً	يَّاْتِيْهَا
اور	بیان کی اللہ نے	ایک مثال	ایک بستی	وہ تھی	بے خوف	مطمئن	اسکے پاس آتا تھا

اور اللہ نے ایک بستی کی مثال بیان کی وہ مطمئن بے خوف تھی ، ہر جگہ سے اس کے پاس

رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ

رِزْقُهَا	رَغَدًا	مِّنْ	كُلِّ مَكَانٍ	فَكَفَرَتْ	بِاَنْعُمِ	اللّٰهِ
اس کا رزق	بافراغت	سے	ہر جگہ	پھر اسنے ناشکری کی	نعمتوں سے	اللہ

رزق بافراغت آجاتا تھا ، پھر اس نے ناشکری کی اللہ کی نعمتوں کی

فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا

فَاَذَاقَهَا	اللّٰهُ	لِبَاسَ	الْجُوْعِ	وَالْخَوْفِ	بِمَا	كَانُوْا
تو چکھایا اس کو	اللہ	لباس	بھوک	اور خوف	اسکے بدلے جو	وہ تھے

تو اللہ نے اسکے بدلے جو وہ کرتے تھے اس کو بھوک اور خوف کے لباس کا مزہ

يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ

يَصْنَعُوْنَ	وَلَقَدْ	جَآءَهُمْ	رَسُوْلٌ	مِّنْهُمْ	فَكَذَّبُوْهُ
کرتے	اور بیشک	ان کے پاس آیا	ایک رسول	ان میں سے	سو انہوں نے اسے جھٹلایا

چکھا یا (بھوک اور خوف انکا لبادہ بن گیا) اور بیشک ان کے پاس ان ہی سے ایک رسول آیا ، سو انہوں نے اسے جھٹلایا

فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

فَاَخَذَهُمُ	الْعَذَابُ	وَهُمْ	ظٰلِمُوْنَ
تو انہیں آپکڑا	عذاب	اور وہ	ظالم (جمع)

تو عذاب نے انہیں آپکڑا اور وہ ظالم تھے ۔

﴿۱۱۲﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا وَّيُبْدَلُ مِنْهُ قَرْيَةٌ هِيَ مَكَّةُ وَالْمُرَادُ اَهْلُهَا كَانَتْ اٰمِنَةً مِّنَ الْغَارَاتِ لِاَنَّهَا مُطْمَئِنَّةٌ لَا تَحْتَاجُ اِلَى الْاِنْتِقَالِ عَنْهَا لِضِيْقٍ اَوْ خَوْفٍ يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا

﴿۱۱۲﴾ اور اللہ نے بیان کی مثال ایک شہر کی یعنی مکہ کی (مراد مکہ سے اس کے رہنے والے ہیں) کہ وہ شہر لوٹ وغیرہ سے امن میں تھا کوئی شخص بارادہ لڑائی وہاں نہ آتا تھا وہاں کے رہنے والے اطمینان سے بسر کرتے تھے کوئی تنگی اور خوف ان کو نہ تھا جس کی وجہ سے اس کو چھوڑ کر کہیں جانے کی حاجت ہوتی ہر طرف سے روزی بکثرت اسکے

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَغَدًا وَاسِعًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ○

پاس پہنچتی تھی سو انہوں نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جھٹلایا پس چکھایا اللہ نے ان کو لباس بھوک کا کہ سات برس تک ان پر قحط رہا اور ان پر خوف ڈالا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لشکروں سے۔ بسبب ان کے افعال بد کے۔

(۱۱۳) وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ○

(۱۱۳) اور بیشک ان کے پاس ایک پیغمبر انہیں میں سے آیا یعنی محمد صلے اللہ علیہ وسلم، سو انہوں نے اس کو جھٹلایا پس ان پر بصیت خوف اور بھوک کی پڑی درآں حالیکہ وہ ظالم تھے۔

تشریح

(۱۱۲) **اللہ کی نعمتوں کی ناقدری کا نتیجہ** | اللہ تعالیٰ ایک بستی کی مثال دیکر سمجھاتے ہیں۔ ہو سکتا ہے بقول حضرت ابن عباسؓ وہ بستی مکہ مکرمہ ہو کہ وہاں کے رہنے والے خوش حال زندگی گزار رہے تھے امن چین کی زندگی تھی، نہ باہر سے کسی کا ڈر تھا اور نہ اندر سے کوئی خوف، بے فکری کی زندگی تھی ہر طرف سے بافراغت رزق پہنچ رہا تھا۔ جیسا کہ ارشاد ہے: اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ کیا یہ واقعہ نہیں ہے کہ ہم نے ایک پُرامن حرم کو ان کے لئے جائے قیام بنا دیا جس کی طرف ہر طرح کے پھل کھنچے چلے آتے ہیں (پ القصص۔ ۵۷) ——— بستی والوں نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری شروع کر دی۔ دنیا کے مزے میں پڑ کر ایسے غافل ہوئے کہ منعم حقیقی کو بھول گئے بلکہ اس کے مقابلے پر سرکشی اور بغاوت کا ایسا رویہ اختیار کیا کہ قسم قسم کے معبود بنا کر کھڑے کر لئے تب اللہ نے ان کے کرتوتوں کا یہ مزہ چکھایا کہ بھوک اور خوف کی مصیبتوں میں مبتلا ہو گئے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے بعد مکہ والے سات سال تک سخت قحط میں مبتلا رہے جس میں کتے اور مردار تک کھانے کی نوبت آگئی۔ کہاں وہ خوشحالی اور کہاں کفرانِ نعمت کی وجہ سے یہ بدحالی۔

(۱۱۳) **اللہ کی عظیم نعمت بعثتِ رسولؐ** | بافراغت رزق اور خوش حالی کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے اس بستی والوں کو ایک بہت بڑی نعمت سے سرفراز فرمایا اور وہ عظیم نعمت تھی مکہ ہی کے رہنے والے ایک صالح انسان حضرت محمد ابن عبداللہ ابن عبدالمطلب کا بحیثیت رسول انتخاب ہونا، تو یہ چاہیئے تھا کہ اہل مکہ اس نعمت کی قدر کرتے مگر انہوں نے آپکی قدر نہ جانی آپ کو جھٹلایا اور نہ صرف یہ کہ جھٹلایا اور آپ پر ایمان نہیں لائے اور آپ کی صداقت پر یقین نہیں کیا بلکہ آپ کو ذہنی اور جسمانی تکلیفیں پہنچائیں۔ جیسا کہ قرآن حکیم میں ذکر ہے:۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ۔ (پارہ ۱۳ سورۂ ابراہیم۔ ۲۸)

کیا تم نے نہیں دیکھا ان لوگوں کو جنھیں اللہ کی نعمت ملی اور اسے کفرانِ نعمت سے بدل ڈالا اور اپنی قوم کو بھی ہلاکت میں مبتلا کر دیا۔

ہدایت کی اس نعمت کی ناقدری کا نتیجہ یہ ہوا کہ اپنی زیادتیوں کی وجہ سے عذاب میں گرفتار ہوئے۔ وہ عذاب تھا شکست کا، ذلت آمیز ہار کا کہ بڑے بڑے سورما غزوۂ بدر میں بے سروسامان لوگوں کے سامنے سرنگوں نظر آئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

فَكُلُوْا	مِمَّا	رَزَقَكُمُ + اللّٰهُ	حَلٰلًا	طَيِّبًا	وَّاشْكُرُوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ
پس تم کھاؤ	اس سے جو	تمہیں دیا اللہ نے	حلال	پاک	اور شکر کرو	نعمت	اللہ

پس جو اللہ نے تمہیں دیا ہے اس میں سے حلال اور پاک کھاؤ اور اللہ کی نعمت کا شکر کرو،

اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ

اِنْ	كُنْتُمْ	اِيَّاهُ	تَعْبُدُوْنَ	اِنَّمَا	حَرَّمَ	عَلَيْكُمُ	الْمَيْتَةَ
اگر	تم ہو	اس کی	تم عبادت کرتے ہو	اسکے سوانہیں	حرام کیا	تم پر	مردار

اگر تم اس کی عبادت کرتے ہو۔ اس کے سوانہیں کہ اللہ نے تم پر حرام کیا ہے مردار

وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ

وَالدَّمَ	وَلَحْمَ	الْخِنْزِيْرِ	وَمَا	اُهِلَّ	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ	فَمَنِ
اور خون	اور گوشت	خنزیر	اور جو	پکارا جائے	اللہ کے علاوہ	اس پر	پس جو

اور خون اور خنزیر کا گوشت اور جس پر اللہ کے علاوہ (کسی اور) کا نام پکارا جائے۔ پس جو

اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا

اضْطُرَّ	غَيْرَ بَاغٍ	وَّلَا عَادٍ	فَاِنَّ + اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَ	لَا تَقُوْلُوْا
لاچار ہوا	نہ سرکشی کرنیوالا	اور نہ حد سے بڑھنے والا	تو بیشک اللہ	بخشنے والا	نہایت مہربان	اور	تم نہ کہو

لاچار ہو جائے، نہ سرکشی کرنیوالا ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا تو بیشک اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔ اور نہ کہو تم

لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى

لِمَا	تَصِفُ	اَلْسِنَتُكُمُ	الْكَذِبَ	هٰذَا	حَلٰلٌ	وَّهٰذَا	حَرَامٌ	لِّتَفْتَرُوْا	عَلَى
وہ جو	بیان کرتی ہیں	تمہاری زبانیں	جھوٹ	یہ	حلال	اور یہ	حرام	کہ بہتان باندھو	پر

وہ جو تمہاری زبانیں جھوٹ بیان کرتی ہیں کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے کہ تم اللہ پر جھوٹ بہتان

اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۱۱۶﴾

اللّٰهِ	الْكَذِبَ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَفْتَرُوْنَ	عَلَى	اللّٰهِ	الْكَذِبَ	لَا يُفْلِحُوْنَ
اللہ	جھوٹ	بیشک	وہ لوگ جو	بہتان باندھتے ہیں	پر	اللہ	جھوٹ	فلاح نہ پائیں گے۔

باندھو، بیشک جو لوگ اللہ پر جھوٹ بہتان باندھتے ہیں وہ فلاح (دو جہاں میں کامیابی) نہ پائیں گے

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۱۱۴) فَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّاشْكُرُوا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ○

(۱۱۴) سو تم اے مسلمانو کھاؤ اس روزی سے کہ تم کو اللہ نے حلال پاک عطا فرمائی اور اسکی نعمت کا شکر کرو اگر تم اسی کو پوجتے ہو۔

(۱۱۵) اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○

(۱۱۵) بات یہ ہے کہ اس نے تم پر صرف مردار اور خون اور خنزیر کے گوشت کا کھانا اور وہ جانور جس پر اللہ کے سوا کسی دوسرے کا نام لیا گیا حرام کیا ہے۔ سو جو کوئی بحالتِ مجبوری ایسی سے کھا لیوے، نہ بہ نیت معصیت اور نہ حد سے تجاوز کرنے والا تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

(۱۱۶) وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ○

(۱۱۶) اور نہ کہو تم جھوٹ بیان کرکے کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے اس چیز کو کہ اللہ نے اس کو حلال اور حرام نہیں کیا تاکہ اللہ پر جھوٹ باندھو اسکو نسبت کرکے اسکی طرف۔

بیشک جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں ان کو فلاح اور نجات نہ ہوگی۔

تشریح

(۱۱۴) **اللہ کی بندگی کا تقاضا شکرِ نعمت** | جو واقعی اللہ کی بندگی کرنے والا ہو اسی کو اپنا معبود مانتا ہو اسپر لازم ہے کہ وہ اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرتا رہے اللہ نے جس چیز کو حرام قرار دیدیا ہے اس کو حرام سمجھے جس چیز کو حلال کہا ہے اسکو حلال جانے اس کی نعمتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے نعمت دینے والے کو فراموش نہ کرے اس کے بھیجے ہوئے پیغمبروں پر ایمان لائے پیغمبروں کی بات کو مانے جنھوں نے پیغمبروں کی بات مانی انکی حمایت کے لئے تکلیفیں برداشت کیں اپنا گھر بار چھوڑا اللہ نے ان کے لئے رزق کے دروازے کھول دئے انکو عزت عطا کی یہاں تک کہ وہ دنیا کی قوموں کے امام بن گئے۔

(۱۱۵) **حلال و حرام میں اللہ کی اطاعت** | اللہ اور اسکے رسول کے احکام کی پابندی کا تقاضا یہ ہے کہ جس چیز کو اللہ نے حرام کیا ہے اسکو حرام جانے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اس جانور کو حرام قرار دیا ہے جو آپ اپنی موت مرجائے اسیطرح خون کو حرام قرار دیا ہے اور خنزیر کا گوشت حرام ہے اسیطرح وہ جانور یا وہ کھانا جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا ہو۔ البتہ حرام چیزوں کے استعمال کی اجازت تین شرطوں کے ساتھ دیگئی ہے۔ ایک تو یہ کہ بھوک پیاس سے جان پر بنگئی ہو یا بیماری کیوجہ سے جان کو خطرہ ہو اور حرام چیز کے علاوہ دوسری چیز میسر نہ ہو۔ دوسرے یہ کہ اللہ کے قانون کو توڑنے کا دل میں کوئی خیال نہ ہو۔ تیسرے یہ کہ ضرورت سے زیادہ استعمال نہ ہو۔ اگر ان تین شرطوں کا خیال رکھا جائے تو صرف بحالتِ مجبوری حرام چیز کے استعمال کی اجازت ہے۔ یہ حکم پہلے بھی تین جگہ بیان ہو چکا ہے۔ (۱) سورہ بقرہ آیت ۱۷۳ پ ۲۔ (۲) سورۂ مائدہ آیت ۳ پ ۶۔ (۳) سورۂ انعام آیت ۱۴۵ پ ۸۔

(۱۱۶) **حرمت و حلت کا اختیار صرف اللہ کو ہے** | کون سی چیز حرام ہے کون سی حلال ہے۔ یہ حکم بتانا اللہ کا کام ہے اللہ تعالیٰ حاکم ہیں اور شارع ہیں شریعت کے احکام اللہ نے ہی نازل کئے ہیں اور وہ پیغمبروں کے ذریعہ جائے جاتے ہیں خود پیغمبر کو بھی اختیار نہیں ہوتا کہ وہ اللہ کے بغیر حلال و حرام کا فیصلہ کرسکیں اسلئے یونہی زبانیں چلاکر اللہ پر افترا پردازی مت کیا کرو جو لوگ اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں وہ کبھی فلاح یاب نہیں ہوسکتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَتَاعٌ قَلِيلٌ ۖ وَّلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا

مَتَاعٌ	قَلِيْلٌ	وَّلَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ	وَعَلَى	الَّذِيْنَ ۔ هَادُوْا	حَرَّمْنَا
فائدہ	تھوڑا	اور انکے لیے	عذاب	دردناک	اور پر	جو لوگ یہودی ہوئے (یہودی)	ہمنے حرام کیا

(ان کیلئے) تھوڑا فائدہ ہے اور انکے لیے عذاب دردناک ہے اور یہودیوں پر ہم نے حرام کیا تھا

مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

مَا قَصَصْنَا	عَلَيْكَ	مِنْ قَبْلُ	وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ	وَلٰكِنْ	كَانُوْٓا	اَنْفُسَهُمْ
جو ہم نے بیان کیا	تم پر (سے)	اس سے قبل	اور نہیں ہم نے ظلم کیا ان پر	بلکہ	وہ تھے	اپنے اوپر

جو اس سے قبل ہم نے تم سے بیان کیا ہے اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ اپنے اوپر ظلم کرتے

يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ

يَظْلِمُوْنَ	ثُمَّ	اِنَّ	رَبَّكَ	لِلَّذِيْنَ	عَمِلُوا	السُّوْٓءَ	بِجَهَالَةٍ
ظلم کرتے	پھر	بیشک	تمہارا رب	ان لوگوں کے لیے جو	عمل کئے	برے	نادانی سے

تھے، پھر بے شک تمہارا رب ان لوگوں کے لئے جنھوں نے نادانی سے برے عمل کئے

ثُمَّ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْ

ثُمَّ ۔ تَابُوْا	مِنْ بَعْدِ	ذٰلِكَ	وَ	اَصْلَحُوْٓا	اِنَّ	رَبَّكَ	مِنْ ۔
پھر انہوں نے توبہ کی	اس کے بعد	اس	اور	انہوں نے اصلاح کی	بیشک	تمہارا رب	اس

پھر اسکے بعد انہوں نے توبہ کی اور اصلاح کر لی۔ بیشک تمہارا رب اس کے بعد

ع ۱۵ ۹ ۲۱

بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ ع

بَعْدِهَا	لَغَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ
کے بعد	بخشنے والا	نہایت مہربان.

بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

﴿۱۱۷﴾ لَهُمْ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ اَلِيْمٌ مُؤْلِمٌ

﴿۱۱۸﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا اَيِ الْيَهُوْدُ حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ فِيْ اٰيٰتٍ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ اِلٰى اٰخِرِهَا وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ

﴿۱۱۷﴾ ان کے لئے دنیا میں چند دن فائدہ اٹھانا ہے اور آخرت میں انکے لئے عذاب دردناک ہے۔

﴿۱۱۸﴾ اور یہودیوں پر حرام کیا وہ جو تم پر ہم پہلے بیان کر چکے ہیں اس آیت میں وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ

اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا ان چیزوں کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِتَحْرِيْمِ ذٰلِكَ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ○ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا
السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ
ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○

حرام کرکے۔ ولیکن وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے گناہوں میں مبتلا ہوکر ہو باعث اس حرمت کے ہوئے۔

(۱۱۹) پھر جن لوگوں نے اپنی نادانی سے شرک کیا بعد اس کے پھر اس سے رجوع کیا اور اچھے عمل کئے بیشک تیرا رب بعد اس جہالت کے جو ان سے سرزد ہوئی یا بعد توبہ کے بالفرور انکو بخشنے والا ان پر مہربان ہے۔

تشریح

(۱۱۷) دنیا کا عیش چند روزہ ہے | دنیا کمانیکے لئے شریعت کے متعلق دروغ بیانی کرنا اور حلال کو حرام اور حرام کو حلال بنانا بڑی جسارت کی بات ہے دنیا کا عیش چند دن کا دنیا کمانے کے لئے ایسی حرکت کرنا دردناک عذاب کا باعث ہے۔

(۱۱۸) بعض اوقات کوئی چیز کسی حکمت کی بنا پر وقتی طور پر حرام کردیجاتی ہے | چونکہ اللہ تعالیٰ حاکم اعلیٰ ہونے کے علاوہ حکیم بھی ہیں اس لئے ان کے ہر حکم میں حکمت کا پہلو موجود ہے۔ بنی اسرائیل کے مزاج کی خاص بناوٹ کی وجہ سے وقتی طور پر اللہ تعالیٰ نے بعض ان چیزوں کو جو شریعت ابراہیمی میں حلال تھیں بنی اسرائیل پر حرام کردیا تھا جیسا کہ سورۃ انعام آیت ۱۴۶ پارہ ۸ میں ارشاد ہے:۔ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَا اِلَّا مَا حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَا اَوِ الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ۔

"اور جن لوگوں نے یہودیت کو اختیار کرلیا ان پر ہم نے سب ناخن والے جانور حرام کردئے تھے اور گائے اور بکری کی چربی بھی سوائے اس چربی کے جو ان کی پیٹھ یا آنتوں سے لگی ہوئی ہو یا ہڈی سے لگی رہ جائے۔ یہ ہم نے ان کی سرکشی کی انہیں سزا دی تھی۔"

شریعت محمدی اور یہودی فقہ میں بعض جانوروں کی غذاؤں کے حلال اور حرام ہونے میں جو فرق ہے وہ دو وجہ سے ہے:۔ ایک تو یہ کہ تورات کے نازل ہونے سے بہت پہلے حضرت یعقوب (اسرائیل) نے بعض چیزوں کا استعمال چھوڑ دیا تھا۔ ان چیزوں میں اونٹ، خرگوش اور ساقان شامل ہیں بعد میں انکی اولاد نے بھی ان چیزوں کو استعمال نہیں کیا حالانکہ وہ حرام نہیں تھیں۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ اللہ کی نازل کی ہوئی شریعت سے ہٹ کر جب یہودی خود شارع بن گئے اور بہت سی پاک چیزوں کو اپنی موشگافیوں سے خود ہی حرام کرلیا تو اللہ تعالیٰ نے بھی انہیں اس غلط فہمی میں مبتلا رہنے دیا۔ ان چیزوں میں ایک تو ناخن والے جانور ہیں جیسے شتر مرغ، قاز، بط وغیرہ۔ دوسرے گائے اور بکری کی چربی۔ یہ خود ان ہی کی زیادتی تھی جو وہ اپنے اوپر کر رہے تھے، اللہ تعالیٰ کسی کے ساتھ زیادتی نہیں فرماتے۔

(۱۱۹) نادانی کی وجہ سے نافرمانی کر بیٹھے اور پھر توبہ کرلے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کر لیتے ہیں ——— ! | اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اگرچہ ایک بڑا گناہ ہے لیکن اگر نافرمانی کی وجہ لاعلمی اور جہالت ہو اور بعد میں احساس ہوجائے کہ میں نے جو کچھ کیا غلط ہے اور پھر توبہ کرلے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرمالیتے ہیں جیسا کہ سورۂ نساء آیت ۱۷ پارہ ۴ میں ارشاد ہوا ہے:۔

اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ
فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

(اللہ تعالیٰ توبہ ان کی قبول کرتے ہیں جو نادانی سے برائی کر بیٹھتے ہیں اور پھر جلدی سے توبہ کرلیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ غفور الرحیم ہیں۔)

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّ إِبْرٰهِيمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيفًا ۖ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿١٢٠﴾

إِنَّ	إِبْرٰهِيمَ	كَانَ	أُمَّةً	قَانِتًا	لِّلّٰهِ	حَنِيفًا	وَلَمْ يَكُ	مِنَ	الْمُشْرِكِينَ
بیشک	ابراہیم	تھے	ایک جماعت (امام)	فرمانبردار	اللہ کے	یک رُخ	اور نہ تھے	سے	مشرک (جمع)

بیشک ابراہیمؑ امام تھے، اللہ کے فرماں بردار، یک رُخ (سب کو چھوڑ کر ایک اللہ کے ہو رہنے والے) اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے۔

شَاكِرًا لِّأَنْعُمِهِ ۚ اجْتَبٰهُ وَهَدٰهُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿١٢١﴾

شَاكِرًا	لِّأَنْعُمِهِ	اجْتَبٰهُ	وَهَدٰهُ	إِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيمٍ
شکر گزار	اسکی نعمتوں کے لئے	اس نے اُسے چن لیا	اور اسکی رہنمائی کی	طرف	راہ	سیدھی

اسکی نعمتوں کے شکر گذار (اللہ نے) انہیں چن لیا، اور ان کی رہنمائی کی سیدھی راہ کی طرف

﴿١٢٠﴾ إِنَّ إِبْرٰهِيمَ كَانَ أُمَّةً إِمَامًا قُدْوَةً جَامِعًا لِخِصَالِ الْخَيْرِ قَانِتًا مُّطِيعًا لِلّٰهِ حَنِيفًا مَّائِلًا إِلَى الدِّينِ الْقَيِّمِ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ○

﴿١٢١﴾ شَاكِرًا لِّأَنْعُمِهِ ۚ اجْتَبٰهُ اصْطَفَاهُ وَهَدٰهُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ○

﴿١٢٠﴾ إِنَّ إِبْرٰهِيمَ كَانَ أُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيفًا وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِينَ الخ بیشک ابراہیم ایک امام تھا پیشوا تمام خیر کی باتیں جمع کرنے والا خوبیوں والا اللہ کا فرمانبردار، سب مذہبوں کو چھوڑ کر دین مستقیم کی طرف متوجہ ہونے والا اور نہ تھا وہ مشرک۔

﴿١٢١﴾ اللہ کی نعمتوں کا شکر کرنے والا، اس کو اللہ نے پسند کیا اور اپنا خاص بنایا اور راہِ مستقیم اسکو دکھلائی۔

تشریح

﴿١٢٠﴾ **حضرت ابراہیمؑ اپنی ذات میں ایک امت تھے** کیوں کہ عرب کے لوگ اپنی نسبت حضرت ابراہیمؑ کی طرف کرتے تھے اور خود مکہ والوں کا بھی دعویٰ تھا کہ وہ دین ابراہیمی پر ہیں اسلئے ان کو بتایا جا رہا ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نہ صرف یہ کہ خود توحید پرست تھے اور شرک سے ان کا دُور کا بھی واسطہ نہ تھا بلکہ وہ اپنی ذات میں ایک امت تھے انہوں نے اکیلے تن تنہا وہ کام کیا جو ایک امت کے کرنے کا تھا وہ اکیلے ہی پورا ادارہ تھے جنھوں نے اللہ کے دین کو پھیلانے کا بیڑا اٹھایا، اللہ کے فرماں بردار اور سب سے کٹ کر ایک اللہ کے ہو گئے تھے اور حضرت محمدؐ اسی ملت ابراہیمی اور دین ابراہیمی کو لیکر چل رہے ہیں۔ اب جن کا دعویٰ یہ ہو کہ وہ حضرت ابراہیمؑ کو مانتے ہیں تو انہیں یقیناً حضرت محمدؐ کی تعلیم پر اور انکی شریعت پر عمل کرنا چاہیئے۔ موجودہ دور میں بھی دو بڑے مذاہب یہودیت اور عیسائیت' ابراہیمی ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں حضرت ابراہیمؑ موحدین کے امام تھے توحید خالص کے علمبردار تھے اگر ان کا ابراہیمی ہونے کا دعویٰ سچا ہے تو انہیں قرآن اور حضرت محمدؐ کی شریعت کی پیروی کرنی چاہیئے

﴿١٢١﴾ **حضرت ابراہیمؑ اللہ کے شاکر بندے اور صراطِ مستقیم پر قائم تھے۔** حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شان یہ تھی کہ وہ ہر حال میں اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو منتخب کیا اور اپنا پیغمبر چنا اور انہیں سیدھا راستہ دکھایا۔ حضرت ابراہیمؑ اسی سیدھے راستے پر چلتے رہے اور دنیا کو اس راستے پر چلانے کی کوشش کرتے رہے وہ تسلیم و رضا کا ایک دلکش پیکر تھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاٰتَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ۭ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ

وَ اٰتَيْنٰهُ	فِي	الدُّنْيَا	حَسَنَةً	وَاِنَّهٗ	فِي	الْاٰخِرَةِ	لَمِنَ
اور اسکو دی ہم نے	میں	دنیا	بھلائی	اور بیشک وہ	میں	آخرت	سے

اور ہم نے انہیں دنیا میں بھلائی دی اور بیشک وہ آخرت میں نیکوکاروں

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ

الصّٰلِحِيْنَ	ثُمَّ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	اَنِ	اتَّبِعْ	مِلَّةَ	اِبْرٰهِيْمَ
نیکوکار (جمع)	پھر	وحی بھیجی ہم نے	تمہاری طرف	کہ	پیروی کرو	دین	ابراہیم

میں سے ہیں پھر ہم نے تمہاری طرف وحی بھیجی کہ ہر ایک سے جدا ہو کر رہنے والے (یک رُخ)

حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِنَّمَا جُعِلَ

حَنِيْفًا	وَمَا كَانَ	مِنَ	الْمُشْرِكِيْنَ	اِنَّمَا	جُعِلَ
یک رُخ	اور نہ تھے وہ	سے	مشرک (جمع)	اسکے سوا نہیں	مقرر کیا گیا

ابراہیم کی پیروی کرو اور وہ مشرکوں سے نہ تھے۔ اس کے سوا نہیں کہ ہفتہ

السَّبْتُ عَلَي الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ

السَّبْتُ	عَلَي	الَّذِيْنَ	اخْتَلَفُوْا	فِيْهِ	وَاِنَّ	رَبَّكَ	لَيَحْكُمُ
ہفتہ کا دن	پر	وہ لوگ جو	انہوں نے اختلاف کیا	اسمیں	اور بیشک	تمہارا رب	البتہ فیصلہ کریگا

ان لوگوں پر (عظمت کا دن) مقرر کیا گیا جنھوں نے اس میں اختلاف کیا تھا، اور بیشک تمہارا رب البتہ قیامت

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۲۴﴾

بَيْنَهُمْ	يَوْمَ	الْقِيٰمَةِ	فِيْمَا	كَانُوْا	فِيْهِ	يَخْتَلِفُوْنَ
ان کے درمیان	روز	قیامت	اسمیں جو	وہ تھے	اسمیں	اختلاف کرتے

کے دن ان کے درمیان اس (بات) میں فیصلہ کردے گا جس میں وہ اختلاف کرتے تھے۔

(۱۲۲) وَاٰتَيْنَاهُ فِيْهِ الْتِفَاتٌ عَنِ الْغَيْبَةِ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً هِيَ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ فِيْ كُلِّ اَهْلِ الْاَدْيَانِ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

(۱۲۲) اور ہم نے اس کو دنیا میں بھلائی عطا کی کہ تمام مذہب والے اس کی تعریف کرتے ہیں۔ (وَاٰتَيْنٰهُ میں التفات ہے غائب سے طرف خطاب کے۔)

اور بیشک وہ آخرت میں نیک لوگوں میں سے ہے جن کے واسطے

toobaa-elibrary.blogspot.com

الَّذِيْنَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى

بلند درجے تیار کئے گئے ہیں۔

(۱۲۳) ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ يٰمُحَمَّدُ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ كَرَدًّا عَلٰى زَعْمِ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى اَنَّهُمْ عَلٰى دِيْنِهٖ

(۱۲۳) پھر ہم نے تیری طرف اے محمدؐ یہ وحی بھیجی کہ ابراہیمؑ کے مذہب کا اتباع کر جو سیدھی راہ پر تھا اور شرک کرنے والا نہ تھا۔ اس کو دوبارہ بیان کیا یہود و نصاریٰ پر رد کرنے کے لئے کیونکہ وہ کہتے تھے کہ ابراہیم ہمارے مذہب پر تھا۔

(۱۲۴) اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ فُرِضَ تَعْظِيْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۭ عَلٰى نَبِيِّهِمْ ۭ وَهُمُ الْيَهُوْدُ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّتَفَرَّغُوْا لِلْعِبَادَةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَقَالُوْا لَا نُرِيْدُهٗ وَاخْتَارُوا السَّبْتَ نَسُدُّ عَلَيْهِمْ فِيْهِ ۭ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ مِنْ اَمْرِهٖ بِاَنْ يُّثِيْبَ الطَّاۗئِعَ وَيُعَذِّبَ الْعَاصِيَ بِاِنْتِهَاكِ حُرْمَتِهٖ

(۱۲۴) بات یہ ہے کہ ہفتہ کی تعظیم انہی لوگوں پر فرض کی گئی تھی جنھوں نے اس کے بارے میں اپنے پیغمبر سے اختلاف کیا مراد اُن سے یہودی ہیں کہ ان کو یہ حکم ہوا تھا کہ جمعہ کے دن کو صرف عبادت کے لئے خالی رکھیں اور کچھ کام نہ کریں سو وہ بولے کہ ہم جمعہ کے دن کو صرف اس کام کے لئے خاص کرنا نہیں چاہتے اور ہفتہ کو پسند کیا اسلئے ان پر اس دن میں سختی کی گئی۔ اور بے شبہ تیرا رب قیامت کو انمیں فیصلہ کردیگا جو کچھ وہ ہفتہ کے بارے میں اختلاف کرتے تھے اس طرح کہ فرمانبردار کو ثواب عطا فرمائیگا اور جس نے اسکی حرمت توڑی اور نافرمانی کی اس کو عذاب میں گرفتار کریگا۔

تشریح

(۱۲۲) **حضرت ابراہیمؑ کو دنیا اور آخرت کی بھلائیاں دی گئیں** حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اللہ نے دنیا میں بھی نوازا اللہ نے ان کو اولاد دی، وجاہت اور مقبولیت دی، فراخ روزی عطا فرمائی، ہر مذہب والے ان کی تعظیم کرتے ہیں اور اپنا سلسلہ ان سے ملاتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ نے ان کو جسطرح دنیا میں نوازا آخرت میں بھی وہ صالحین میں شمار ہونگے اور اللہ کی نعمتوں سے سرفراز کئے جائیں گے۔

(۱۲۳) **اللہ کی شریعت میں تضاد نہیں حضرت محمدؐ حضرت ابراہیمؑ کے طریقے پر ہیں۔** اللہ تعالیٰ نے جو قانونِ شریعت مختلف پیغمبروں کے ذریعہ بھیجا ہے اس میں باہم کوئی تضاد نہیں ہے یہودیوں کو صرف انکی نافرمانیوں کی وجہ سے چند نعمتوں سے محروم کردیا گیا تھا اللہ تعالےٰ نے حضرت محمدؐ کو حضرت ابراہیمؑ کے طریقے کی پیروی کا حکم دیا صحیح معنی میں امت محمدیہ ملت ابراہیم کے طریقے پر ہے اور جسطرح حضرت ابراہیم خالص موحد تھے انکے یہاں شرک کا کوئی شائبہ نہیں تھا اسیطرح حضرت محمدؐ اور امت محمدیہ توحید کے طریقے پر ہے جیسا کہ قرآنمجید میں سورۂ انعام آیت ۱۶۱ پارہ ۸ میں ارشاد ہے کہ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ (دین صحیح جس میں کوئی ٹیڑھ نہیں، ابراہیم کا طریقہ جسے اس نے یکسو ہو کر اختیار کیا تھا اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھا)

(۱۲۴) **سبت کا قانون** سبت کے معنی ہفتہ کے آتے ہیں یہودیوں پر ہفتے کے روز اس دن کی تعظیم کیلئے شکار کرنے سے روک دیا گیا تھا یہ حکم اصل ملت ابراہیم میں نہیں تھا یہود نے جب اپنے پیغمبر حضرت موسیٰ کے ارشاد سے اختلاف کرکے اپنے لئے یہ دن خود ہی منتخب کرلیا تو حکم ہوا کہ اچھا اسی دن کی تعظیم کرلیا کرو اور اس میں مچھلی کا شکار مت کرو۔ جن لوگوں نے اس حکم کو نہیں مانا وہ دنیا میں بندر اور سؤر بنا دئے گئے آخرت میں جو فیصلہ ہوگا وہ ہوگا ہی اور ایک یہ ہی کیا وہاں تو سارے جھگڑے نمٹا دئے جائیں گے اور سارے اختلافات کا فیصلہ ہو جائیگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ

اُدْعُ	اِلٰى	سَبِيْلِ	رَبِّكَ	بِالْحِكْمَةِ	وَالْمَوْعِظَةِ	الْحَسَنَةِ
بلاؤ	طرف	راستہ	اپنا رب	حکمت (دانائی) سے	اور نصیحت	اچھی

اپنے رب کے راستہ کی طرف بلاؤ دانائی سے اور اچھی نصیحت سے

وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ

وَجَادِلْهُمْ	بِالَّتِيْ	هِيَ	اَحْسَنُ	اِنَّ	رَبَّكَ	هُوَ	اَعْلَمُ
اور بحث کرو اُن سے	ایسے جو	وہ	سب سے بہتر	بیشک	تمہارا رب	وہ	خوب جاننے والا

اور ان سے ایسے بحث کرو جو سب سے بہتر ہو، بیشک تمہارا رب اس کو خوب جاننے والا ہے

بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَ

بِمَنْ	ضَلَّ	عَنْ	سَبِيْلِهٖ	وَهُوَ	اَعْلَمُ	بِالْمُهْتَدِيْنَ	وَ
اس کو جو	گمراہ ہوا	سے	اس کا راستہ	اور وہ	خوب جاننے والا	راہ پانے والوں کو	اور

جو اللہ کے راستہ سے گمراہ ہوا، اور وہ راہ پانے والوں کو خوب جاننے والا ہے اور

اِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ۭ وَلَىِٕنْ

اِنْ	عَاقَبْتُمْ	فَعَاقِبُوْا	بِمِثْلِ	مَا عُوْقِبْتُمْ	بِهٖ	وَلَىِٕنْ
اگر	تم تکلیف دو	تو انہیں تکلیف دو	ایسی	جو تمہیں تکلیف دی گئی	اس سے	اور اگر

اگر تم تکلیف دو تو ایسی ہی تکلیف دو جیسی تمہیں تکلیف دی گئی تھی اور اگر تم

صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۲۶﴾

صَبَرْتُمْ	لَهُوَ	خَيْرٌ	لِّلصّٰبِرِيْنَ	
تم صبر کرو	تو وہ	بہتر	صبر کرنے والوں کیلئے	

صبر کرو تو یہ صبر کرنے والوں کے لئے بہتر ہے

(۱۲۵) اُدْعُ النَّاسَ يَا مُحَمَّدُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ دِيْنِهٖ بِالْحِكْمَةِ بِالْقُرْاٰنِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ مَوَاعِظِهٖ اَوِ الْقَوْلِ الرَّقِيْقِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ اَيْ بِالْمُجَادِلَةِ الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ

(۱۲۵) اے محمدؐ! لوگوں کو اپنے رب کے دین کی طرف بلاؤ ساتھ حکمت اور عمدہ نصیحت کے۔ مراد حکمت سے قرآن ہے اور مواعظ حسنہ، قرآن کی نصیحتیں یا نرم بات۔
اور ان سے مناظرہ کرو جس طریق سے بہتر ہو یعنی ان کو اللہ کی طرف بلاؤ اس کی آیتیں سنا کر اور دلیلوں

toobaa-elibrary.blogspot.com

كَالدُّعَاءِ إِلَى اللّٰهِ بِآيَاتِهٖ وَالدُّعَاءِ
إِلٰى حُجَجِهٖ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ
أَيْ عَالِمٌ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ
سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ○
فَيُجَازِيْهِمْ وَهٰذَا قَبْلَ الْأَمْرِ بِالْقِتَالِ
وَنَزَلَ لَمَّا قُتِلَ حَمْزَةُ وَمُثِّلَ بِهٖ فَقَالَ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ رَآهُ لَأُمَثِّلَنَّ
بِسَبْعِيْنَ مِنْهُمْ مَكَانَكَ

(۱۲۶) وَإِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا
عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ۭ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ
عَنِ الْانْتِقَامِ لَهُوَ أَيِ الصَّبْرُ خَيْرٌ
لِّلصّٰبِرِيْنَ ○ فَكَفَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ وَكَفَّرَ عَنْ يَمِيْنِهٖ رَوَاهُ الْبَزَّارُ

کی طرف بلا کر۔
بیشک تیرا رب خوب جانتا ہے اس شخص کو جو اس کے راستہ سے بہکا۔ اور وہ خوب جانتا ہے راہ پانے والوں کو پس ان کو عوض دیگا (اور یہ حکم لڑائی کے حکم سے پہلا ہے اور جسوقت حمزہؓ شہید کئے گئے اور انکو مثلہ کیا گیا یعنی ان کے اعضاء جدے جدے کردئے گئے اسوقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک میں حمزہ کے عوض کافروں میں سے ستر آدمیوں کو مثلہ کرونگا) اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

(۱۲۶) وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ الخ اور اگر تم کافروں کو سزا دو تو مثل اسکے جو تمکو تکلیف دیگئی اور البتہ اگر تم صبر کرو اور بدلہ نہ کو تو بیشک صبر کرنا بہتر ہے صبر کرنیوالوں کے لئے۔ اس حکم کے نازل ہونے پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بدلہ لینے سے رک گئے اور اپنی قسم کا کفارہ دیا۔ روایت کیا

تشریح

(۱۲۵) **دعوت و تبلیغ میں تین اصولوں کا لحاظ رکھا جائے** مذکورہ آیات میں بتایا گیا کہ یہ پیغمبر ملت ابراہیمی کے مطابق چلانے کے لئے آئے ہیں اس طریقہ پر دعوت دینے کے لئے دعوت و تبلیغ کے تین بنیادی اصولوں کا لحاظ رکھا جائے

سب سے پہلا بنیادی اصول یہ ہے کہ دین کی دعوت میں حکمت کا خیال رہے یعنی مخاطب کی استعداد اس کی ذہنیت اور موقع محل کو دیکھ کر مناسب طریقے پر حکیمانہ انداز میں دین کی دعوت پیش کی جائے۔

دوسرا اصول یہ ہے کہ نصیحت عمدہ طریقے سے ہو مؤثر اور رقت آمیز انداز میں ہو جس میں دلائل سے صرف دماغ کو مطمئن نہ کیا جائے بلکہ جذبات کو بھی اپیل کی جائے۔ داعی کے دل میں دلسوزی ہو مخاطب کے دل میں خیر خواہی ہو اور تڑپ اور لگن ہو جس سے پتھر بھی موم ہو جاتے ہیں۔

تیسرا اصول یہ ہے کہ اگر بحث کی ضرورت ہو تو بحث میں شائستگی تہذیب، حق شناسی اور انصاف کی بات ہو کوئی جگر خراش بات نہ ہو کوئی ایسی بات نہ ہو جس سے مخاطب میں ضد پیدا ہو۔ کوئی مناظرے بازی اور کج بحثی نہ ہو۔

ان مذکورہ تین بنیادی اصولوں کا لحاظ رکھتے ہوئے مخاطب کو دین کی دعوت دی جائے کوئی مانے یا نہ مانے تم اپنا کام عمدہ طریقے سے کرو باقی اللہ کے سپرد کردو وہی راہ پر آنے والوں اور نہ آنے والوں کو بہتر جانتا ہے۔

(۱۲۶) **بدلے کی گنجائش ہے مگر صبر بہتر ہے** اللہ کے دین کی دعوت و تبلیغ کے راستے میں یقیناً مشکلات بھی آئیں گی تمہیں تکلیفوں کا سامنا بھی کرنا پڑیگا۔ جب تم غالب حیثیت میں آجاؤ تو برابر سرابر کا بدلہ لینے کی گنجائش ہے کہ تم پر جتنی زیادتی ہوئی ہے تم بھی اپنے مخالف سے زیادتی کے مطابق بدلہ لے سکو۔ لیکن انتقامی کاروائی کے مقابلے میں صبر بہتر ہے اور یہ صبر اپنے نتیجے کے اعتبار سے صبر کرنے والوں کے حق میں ہی بہتر ہوگا۔ اور خود زیادتی کرنے والوں کے حق میں بھی یہی بہتر ہوگا کہ تم انتقام کے بجائے معافی سے کام لو اس کے نتیجے میں ان کے سردوں کے ساتھ ان کے دل بھی تمہارے سامنے جھک جائیں گے اور وہ حق کو قبول کرنے کے لئے دل سے آمادہ ہو جائیں گے جو ان کے حق میں بہتر ہوگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ

وَاصْبِرْ	وَمَا	صَبْرُكَ	إِلَّا	بِاللَّهِ	وَلَا تَحْزَنْ	عَلَيْهِمْ
اور صبر کرو	اور نہیں	تمہارا صبر	مگر	اللہ کی مدد سے	اور غم نہ کھاؤ	ان پر

اور صبر کرو اور تمہارا صبر اللہ ہی کی مدد سے ہے اور غم نہ کھاؤ ان پر

وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ﴿۱۲۷﴾ إِنَّ اللَّهَ مَعَ

وَلَا تَكُ	فِي	ضَيْقٍ	مِّمَّا	يَمْكُرُونَ	إِنَّ	اللَّهَ	مَعَ
اور نہ ہو	میں	تنگی	اس سے جو	وہ فریب کرتے ہیں	بیشک	اللہ	ساتھ

اور وہ جو فریب کرتے ہیں اس سے تنگی میں (دل تنگ) نہ ہو بیشک اللہ ان لوگوں کے ساتھ

ع ۱۶ ۹ ۲۲

الَّذِينَ اتَّقَوا وَّالَّذِينَ هُم مُّحْسِنُونَ ﴿۱۲۸﴾

الَّذِينَ	اتَّقَوْا	وَّالَّذِينَ	هُم	مُّحْسِنُونَ
وہ لوگ جو	انہوں نے پرہیزگاری کی	اور وہ لوگ جو	وہ	نیکوکار (جمع)

ہے جنہوں نے پرہیزگاری کی اور وہ لوگ جو نیکوکار ہیں۔

﴿۱۲۷﴾ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ بِتَوْفِيقِهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ أَيِ الْكُفَّارِ إِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوا لِحِرْصِكَ عَلَى إِيمَانِهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ○ أَيْ لَا تَهْتَمَّ بِمَكْرِهِمْ فَإِنَّا نَاصِرُكَ عَلَيْهِمْ

۱۲۷ اور صبر کرو تمہارا صبر کرنا اے محمد اللہ ہی کی توفیق سے ہے۔ اور کافرین اگر ایمان نہ لادیں تو ان پر غم نہ کرو۔ چونکہ آپ کو ان کے ایمان لانے کی بہت خواہش تھی اسلئے فرمایا کہ اگر وہ ایمان نہ لادیں تو غم نہ کرو۔ اور جو کچھ وہ مکر کرتے ہیں اس کے سبب دل تنگ نہ ہوں۔ اور رنج نہ کرو کہ میں تمہاری مدد کرنے والا ہوں انکے مقابلہ میں۔

﴿۱۲۸﴾ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوْا الْكُفْرَ وَالْمَعَاصِيَ وَّالَّذِينَ

۱۲۸ بیشک اللہ کی مدد ان کے ساتھ ہے جو کفر اور گناہوں سے بچتے ہیں۔ ——— اور جو لوگ

toobaa-elibrary.blogspot.com

هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ○ نیکوکار ہیں۔

بِالطَّاعَةِ وَالصَّبْرِ حق تعالیٰ کی طاعت کرتے ہیں،

بِالْعَوْنِ وَالنَّصْرِ۔ اور صبر کرتے ہیں۔

تشریح

(۱۲۷) ان کی چالبازیوں سے تنگ دل مت ہو | بے شک مخالفین بڑی چالبازیاں کرتے ہیں ان کی حرکتوں پر بڑی تکلیف پہونچتی ہے اور اس پر صبر کرنا آسان نہیں ہوتا۔ لیکن اللہ مدد فرمائے تو یہ مشکل بھی آسان ہوجاتی ہے اور صبر کی توفیق ملتی ہے۔

(۱۲۸) اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے | وہ لوگ جو پرہیزگاری کا رویہ اختیار کرتے ہیں، تقویٰ سے کام لیتے ہیں خدا سے ڈر کے اپنے نیک رویئے پر قائم رہتے ہیں، ہر قسم کے برے طریقے سے پرہیز کرتے ہیں برائی کا جواب برائی سے نہیں دیتے بلکہ بھلائی سے دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ایسے ہی لوگوں کے ساتھ ہے اور ایسے ہی لوگ اللہ کو محبوب ہیں۔

یا اللہ اپنی رحمت سے اس مبارک مہینہ کی برکت سے محسنین و متقین کے ساتھ اپنے اس بندہ کا بھی حشر فرمائیو۔ (فضیل الرحمٰن)

ملائیشیا کوٹلہ۔ ۸ رمضان المبارک ۱۴۲۷ھ مطابق ۲ اکتوبر ۲۰۰۶ء

toobaa-elibrary.blogspot.com

پارہ ۱۵

۱۷ بنی اسرائیل

تعارف

ترتیبِ تلاوت ——— ۱۷	ترتیب نزول ——— ۵۰
مکّی / مدنی ——— مکّی	تعداد رکوعات ——— ۱۲
تعداد آیات ——— ۱۱۱	تعداد الفاظ ——— ۱۵۸۲
تعداد حروف ——— ۶۷۱۰	

○ اس سورت کا نام "بنی اسرائیل" اسی سورت کی آیت "وَقَضَيْنَا إِلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ فِي الْكِتَابِ" (آیت ۴) میں لفظ بنی اسرائیل سے ماخوذ ہے

○ اس سورت کا ایک دوسرا نام "اسریٰ" بھی ہے جو پہلی آیت "سُبْحَانَ الَّذِي أَسْرَىٰ" میں لفظ "اسریٰ" سے لیا گیا ہے۔

○ یہ نام قرآن پاک کی دوسری سورتوں کی طرح صرف بطور علامت ہیں۔

○ سورت کے آغاز سے ہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ سورت واقعۂ معراج کے موقع پر نازل ہوئی ہے ۔ معراج کا واقعہ ہجرت مدینہ سے ایک سال پہلے پیش آیا ہے ——— نبی ﷺ کو اسلام کی دعوت دیتے ہوئے بارہ سال گذر چکے تھے۔ تمام مخالفتوں کے باوجود عرب کا کوئی گوشہ ایسا نہ تھا جہاں آپ کی آواز نہ پہنچی ہو۔ ہر قبیلے میں ایسے لوگ موجود تھے جنھوں نے آپ کی دعوت کی صداقت کو تسلیم کیا تھا۔ خود مدینے میں جو دو بڑے طاقتور قبیلے اوس اور خزرج تھے ان میں بڑی تعداد دین اسلام کے ماننے والوں کی پیدا ہو چکی تھی طائف کے تکلیف دہ واقعہ کے بعد معراج کا واقعہ پیش آیا تھا۔ طائف کا واقعہ دراصل مخالفت اور مزاحمت کی ایک انتہائی کوشش تھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

جس نے خود حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صبر کو اپنی انتہا پر پہونچا دیا تھا اور آپکی اخلاقی بلندی کو کھول کر رکھ دیا تھا۔ معراج کے واقعہ نے یہ ظاہر کر دیا تھا کہ عرب کے لوگ چاہے کچھ بھی کرتے رہیں لیکن اللہ تبارک و تعالیٰ کا منصوبہ کامیاب ہو کر رہیگا اور اس نور کو بجھانے کی ہر کوشش ناکامی پر ختم ہوگی۔

یہ سورت بتا رہی ہے کہ اب وہ وقت دور نہیں ہے کہ اسلام ایک منظم ریاست کی صورت میں قائم ہوگا۔ اسلامی ریاست جن رہنما اصولوں پر قائم ہوگی وہ اصول اس سورت میں بتا دئے گئے ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں:۔

(۱) بندگی صرف اللہ کی کی جائے۔ یہ اسلامی ریاست کی سب سے اہم بنیادی دفعہ ہے جس میں اقتدار اعلیٰ صرف اللہ کا ہے۔
(۲) تمدن میں خاندن کی اہمیت۔
(۳) سوسائٹی کے غریب اور معذور افراد کو بے وسیلہ نہ چھوڑا جائے۔ (یہ گویا ویلفیئر اسٹیٹ کا پہلا تصور ہے)
(۴) دولت کو فضول ضائع نہ کیا جائے۔
(۵) اخراجات میں اعتدال کا خیال رکھا جائے (سوسائٹی کو بے جا اسراف سے بچانے کی کوشش۔)
(۶) رزق کی تقسیم کا قدرتی نظام جو اللہ نے بنایا ہے اس میں دخل اندازی نہ کی جائے۔
(۷) معاشی مشکلات کے خوف سے تحدید نسل نہ کی جائے۔
(۸) زنا کو روکا جائے۔
(۹) انسانی جان کی حرمت کا خیال رکھا جائے۔
(۱۰) یتیموں کے مال کی حفاظت کی جائے۔
(۱۱) عہد و پیمان کو پورا کیا جائے۔
(۱۲) تجارتی معاملات میں سچائی اور ناپ تول صحیح ہونا چاہیئے۔
(۱۳) جس چیز کا تمہیں علم نہ ہو اس کی پیروی نہ کرو۔
(۱۴) تکبر اور غرور اللہ کو سخت ناپسند ہے۔

یہ چودہ رہنما اصول وہ تھے جس پر اسلامی سوسائٹی کی تعمیر ہونی تھی۔ یہ چودہ اصول اس سورت میں بیان کئے گئے ہیں۔

اس سورت میں مکّے کے ان لوگوں کو جنہوں نے اسلام کی مخالفت کی، تنبیہ کی گئی ہے کہ دوسری قوموں کے انجام سے سبق لو۔ بڑے دل نشین انداز میں بتایا گیا ہے کہ انسانی سعادت اور شقاوت کا مدار کن چیزوں پر ہے۔

اصلاح نفس کے لئے نماز کی تاکید کی گئی ہے۔ معراج سے واپسی کے بعد یہ پہلا موقعہ ہے کہ پنج وقتہ نماز اوقات کی پابندی کے ساتھ مسلمانوں پر فرض کی گئی۔ اس سورت کے مضامین سے واضح ہوتا ہے کہ ہجرت کا وقت اب زیادہ دور نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

معراج کے واقعہ پر ایک نظر

معراج حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے اہم واقعات میں سے ہے۔ معراج کے واقعہ کا ذکر جو قرآن میں آیا ہے وہ معراج کے مقصد پر روشنی ڈالتا ہے۔ اور حدیثوں میں معراج کے سفر کی تفصیلات ملتی ہیں۔ تقریباً تیس صحابہؓ سے معراج کے واقعات منقول ہیں جن میں سات راوی وہ ہیں جو خود معراج کے زمانہ میں موجود تھے۔ اور باقی حضرات وہ ہیں جنھوں نے نبی ﷺ کی زبان مبارک سے اس واقعہ کو سنا ہے۔

حضرت انس بن مالکؓ، حضرت مالک بن صعصعہؓ، حضرت ابوذر غفاریؓ، حضرت ابوہریرہؓ، حضرت عمرؓ حضرت علیؓ، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ، حضرت عبداللہ بن عباسؓ، حضرت ابوسعید خدریؓ، حضرت حذیفہ بن یمانؓ، حضرت عائشہؓ، نے تفصیل اور اجمال کے ساتھ روایات بیان کی ہیں۔

مکے میں اسلام کی تبلیغ کرتے ہوئے آپؐ کو بارہ۱۲ سال گذر چکے تھے۔ اس وقت آپ کی عمر باون سال کی تھی۔ عام روایت یہ ہے کہ ۲۷ رجب کی شب میں جب آپؐ حرم کعبہ میں سو رہے تھے۔ حضرت جبرئیلؑ نے آکر آپکو جگایا۔ آپؐ کو زمزم کے پاس لے گئے، سینہ چاک کیا زمزم کے پانی سے اس کو دھویا اور اسے حلم و بردباری، دانائی اور ایمان و یقین سے بھر دیا۔

سواری کے لئے آپ کی خدمت میں براق پیش کیا گیا جس کا رنگ سفید تھا اس کا قد خچر سے کچھ چھوٹا تھا۔ تیز رفتاری کی وجہ سے اس کا نام براق تھا۔ جو برق سے بنا ہے جس کے معنیٰ بجلی کے آتے ہیں۔ جب آپ سوار ہونے لگے تو براق تھوڑا سا چمکا، حضرت جبرئیلؑ نے اس کو تھپکی دی اور کہا تیرے اوپر آج تک کوئی اتنی بڑی شخصیت سوار نہیں ہوئی جتنی آج ہو رہی ہے۔ یہ حضرت محمدؐ حبیبِ خدا ہیں۔ براق روانہ ہوا جبرئیلؑ ہمرکاب تھے پہلی منزل مدینہ تھی جہاں اُتر کر آپؐ نے نماز پڑھی۔ جبرئیلؑ نے بتایا آپ یہاں ہجرت کرکے آئیں گے۔ آگے چلے تو دوسری منزل طورِ سینا تھی، جہاں حضرت موسیٰؑ کی اللہ تعالےٰ سے ہم کلامی ہوئی تھی۔ وہاں سے آگے بڑھے تو بیت اللحم میں تھے جو حضرت عیسیٰؑ کی جائے ولادت ہے اور چوتھی منزل بیت المقدس جو براق کے سفر کی آخری منزل تھی۔

مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک کے اس سفر میں کئی اور واقعات بھی پیش آئے۔ ایک جگہ کسی پکارنے والے نے پکارا۔ آپ نے توجہ نہیں کی جبرئیلؑ نے بتایا کہ یہ آپ کو یہودیت کی طرف بلا رہا تھا۔ پھر ایک جگہ پکارنے والے نے آپکو آواز دی۔ آپ نے اس آواز کو بھی اَن سُنا کر دیا۔ جبرئیلؑ نے بتایا کہ یہ آپکو عیسائیت کی طرف دعوت دے رہا تھا۔ ایک جگہ ایک بنی سنوری عورت نے آپکو اپنی طرف متوجہ کیا، آپ نے نگاہیں پھیر لیں۔ جبرئیلؑ نے بتایا کہ یہ دنیا تھی جو آپ کو اپنی طرف بلا رہی تھی۔ ایک بہت بوڑھی عورت آپ کے سامنے آئی۔ جبرئیل نے بتایا کہ اس بوڑھی کو دیکھ کر آپ دنیا کی عمر کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ ایک اور شخص نے آپ کو پکارا۔ آپ نے اس کی طرف بھی توجہ نہیں فرمائی۔ جبرئیل نے بتایا کہ یہ شیطان تھا جو آپکو بھٹکانا چاہتا تھا۔

براق بیت المقدس پہنچا، آپ براق سے نیچے اُترے۔ بیت المقدس کے پاس ایک کنڈے سے آپ نے براق کو باندھ دیا اس کنڈے سے پہلے بھی انبیاء کرام اپنی سواری کو باندھا کرتے تھے۔ براق سے اتر کر آپ ہیکل سلیمانی میں داخل ہوئے تو حضرت آدمؑ

toobaa-elibrary.blogspot.com

سے لیکر حضرت عیسیٰ ؑ تک تمام پیغمبر آپ کی پیشوائی کے لئے جمع تھے نماز کے لئے صفیں باندھی گئیں۔ جبرئیل ؑ نے آپکا ہاتھ پکڑ کر امامت کے لئے آپ کو آگے بڑھایا اور امام الانبیاء نے تمام انبیاء کی امامت فرمائی۔

○ نماز سے فارغ ہوئے تو تین پیالے آپکی خدمت میں پیش کئے گئے، ایک پیالے میں پانی تھا دوسرے میں شراب تیسرے میں دودھ۔ آپنے دودھ کا پیالہ اٹھا لیا۔ حضرت جبرئیل نے فرمایا اے اللہ کے رسول مبارک ہو آپ نے دودھ کا پیالہ لے کر فطرت کی راہ کو چُنا ہے۔

یہاں تک اسریٰ کا سفر ختم ہوتا ہے اور اس سے آگے بیت المقدس سے سدرۃ المنتہیٰ تک معراج کا سفر شروع ہوتا ہے۔

○ یہاں سے ایک سیڑھی کے ذریعہ آپ حضرت جبرائیل کے ساتھ آسمان کی طرف روانہ ہوئے۔ معراج کے معنی سیڑھی کے ہیں کیونکہ بیت المقدس سے یہ سفر اللہ تعالیٰ کی طرف سے بھیجی گئی خاص سیڑھی سے ہوا۔ اس لئے اس کو معراج کہتے ہیں۔ پہلے آسمان کے دروازے پر پہنچے۔ حضرت جبرائیل نے بند دروازے پر دستک دی۔ پہلے آسمان کی حفاظت کرنے والے فرشتوں نے آنے والوں کے نام پوچھے، حضرت جبرائیل نے اپنا اور حضرت محمدؐ کا نام بتایا اور کہا کہ آپؐ کو اللہ نے بلایا ہے۔ فرشتوں نے ایک معزز مہمان کی طرح آپ کا استقبال کیا۔ پہلے آسمان پر مقیم نمایاں شخصیتوں سے آپ کا تعارف کرایا گیا ان میں فرشتے بھی تھے اور انسانی روحیں بھی تھیں ان میں ممتاز شخصیت ایک ایسے بزرگ کی تھی جو انسانی بناوٹ کا ایک بہترین نمونہ نظر آرہے تھے۔ آپؐ نے جبرئیل سے انکے بارے میں پوچھا تو جبرئیل نے بتایا کہ یہ نسل انسانی کے مورثِ اعلیٰ حضرت آدمؑ ہیں۔ حضورؐ نے دیکھا کہ ان کے دائیں اور بائیں دونوں طرف بہت سارے لوگ ہیں جب آپ داہنی طرف دیکھتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں اور بائیں طرف دیکھتے ہیں تو غمگین ہوجاتے ہیں۔ دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ داہنی طرف نسلِ آدم کے وہ لوگ ہیں جو نیک اور پرہیزگار ہیں اور بائیں طرف ایسے لوگ ہیں جنہوں نے گناہوں میں زندگی گزاری۔ اپنی نیک اولاد کو دیکھ آدم خوش ہوتے ہیں اور بری اولاد کو دیکھ کر غمگین ہوجاتے ہیں۔

یہاں آپ کو تمثیلی انداز میں کچھ واقعات دکھائے گئے۔

○ آپنے دیکھا کچھ لوگ کھیتی کاٹنے میں لگے ہوئے ہیں مگر جتنی کاٹتے ہیں اتنی ہی وہ پھر بڑھ جاتی ہے۔ بتایا گیا کہ یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے اللہ کے راستے میں جہاد کیا تھا، یہ کھیتی گویا ان کا اجر و ثواب ہے ان کی محنتوں کا ثمرہ ہے جو کبھی ختم نہ ہوگا۔

○ آپنے دیکھا کہ کچھ لوگوں کے سر پتھروں سے کچلے جارہے ہیں۔ آپؐ نے دریافت کیا کہ ان کے ساتھ ایسا کیوں ہورہا ہے؟ بتایا گیا کہ یہ لوگ صبح کی نماز کے لئے نہیں اٹھتے تھے، اللہ کے حکم کو نظر انداز کرکے نیند کے مزے لیتے تھے اور اسی جرم کی سزا بھگت رہے ہیں۔

○ کچھ لوگ ایسے نظر آئے جن کے کپڑوں میں ہر جگہ پیوند لگے ہوئے تھے۔ اور وہ چوپائے کی طرح ہر جگہ گھاس چرتے پھر رہے تھے۔ آپؐ نے حیرت کے ساتھ پوچھا یہ لوگ کون ہیں؟ بتایا گیا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے مال کی مالدار ہونے کے باوجود زکوٰۃ نہیں نکالتے تھے اور اللہ کی راہ میں خرچ کرنے میں کنجوسی کھاتے تھے۔

○ آپؐ نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ بہت ساری لکڑیاں جمع کرکے ان کا گٹھا بناتا ہے اور اس گٹھے کو اٹھانے کی کوشش کررہا ہے۔ وہ گٹھا اس سے اٹھتا نہیں ہے مگر بجائے اس کے کہ وہ لکڑیاں کم کرکے گٹھے کو ہلکا کرے، اس میں اور لکڑیاں ڈال کر بھاری کرلیتا ہے۔ آپؐ نے پوچھا یہ احمق آدمی کون ہے جس سے بوجھ اٹھ نہیں رہا ہے اور بوجھ بڑھاتا چلا جارہا ہے؟

toobaa-elibrary.blogspot.com

بتایا گیا کہ یہ وہ شخص ہے جس پر اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کا اتنا بوجھ تھا کہ اس سے اٹھائے نہ اٹھ رہا تھا مگر وہ دنیا میں اپنی ذمہ داریوں کو کم کرنے کے بجائے اور زیادہ ذمہ داریوں کا وزن اپنے اوپر لاد رہا تھا۔

○ کچھ لوگ ایسے نظر آئے جن کی زبانیں اور ہونٹ قینچیوں سے کاٹے جا رہے تھے آپ نے دریافت کیا کہ یہ لوگ کون ہیں؟۔ بتایا گیا کہ یہ وہ مقرر ہیں جو غیر ذمہ داری کی باتیں کرتے تھے اور فتنہ پھیلاتے تھے۔

○ آپؐ نے دیکھا کہ ایک بڑا سا پتھر ہے اس میں چھوٹا سا شگاف پڑ گیا ہے اس چھوٹے سے شگاف میں سے موٹا سا بیل نکلا اب وہ بیل اسی شگاف میں سے واپس اندر جانا چاہتا ہے مگر واپسی ممکن نہیں ہو رہی ہے۔ دریافت کرنے پر آپ کو بتایا گیا کہ یہ اس شخص کی مثال ہے جو غیر ذمہ داری کے ساتھ ایک غلط بات منہ سے نکال دیتا ہے اس بات کی وجہ سے فتنہ پھیل جاتا ہے اب وہ چاہتا ہے کہ اپنی بات واپس لے لوں مگر بات جو زبان سے نکل چکی ہے اس تیر کی طرح ہے جو کمان سے نکل چکا ہو اب بات واپس نہیں آسکتی۔

○ آپ ایک مقام پر سے گذرے تو دیکھا کہ کچھ لوگ ہیں جو اپنا گوشت کاٹ کاٹ کر کھا رہے ہیں۔ آپؐ نے حیرت سے انکے بارے میں پوچھا، بتایا گیا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو دوسروں پر طعنہ زنی کرتے تھے۔

○ کچھ لوگ ایسے نظر آئے جن کے ناخن تانبہ کے تھے اور وہ ان سے اپنا منہ اور سینہ نوچ رہے تھے، بتایا گیا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو دوسروں کی غیبت کرتے تھے۔

○ ایسے لوگ نظر آئے جن کے چہرے انسانوں کے تھے مگر ان کے ہونٹ اونٹوں کی طرح تھے اور وہ آگ کھا رہے تھے۔ بتایا گیا کہ یہ لوگ یتیموں کا مال کھایا کرتے تھے۔

○ آپؐ نے دیکھا کہ کچھ لوگوں کے پیٹ مٹکوں کی طرح بڑے بڑے ہیں اور اتنے بڑے پیٹ ہیں کہ وہ چل نہیں سکتے زمین پر پڑے رہتے ہیں۔ اور ان کے پیٹوں میں سانپ بھرے ہوئے ہیں۔ آنے جانے والے لوگ ان کو روندتے ہوئے گزر رہے ہیں مگر ان کے پیٹ اتنے بڑے ہیں کہ اپنی جگہ سے ہل نہیں سکتے۔ آپؐ کو بتایا گیا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو سود کا مال کھایا کرتے تھے۔

○ آپؐ نے ایسے لوگوں کو دیکھا جن کے ایک طرف بہت عمدہ قسم کا گوشت رکھا ہوا تھا جس سے خوشبو آرہی تھی اور دوسری طرف سڑا ہوا گوشت رکھا تھا جس سے بدبو پھیل رہی تھی مگر یہ لوگ اس عمدہ گوشت کو چھوڑ کر وہ سڑا ہوا بدبودار گوشت کھا رہے تھے۔ بتایا گیا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو حلال طریقے کے بجائے حرام راستے سے اپنے نفس کی خواہش پوری کرتے تھے اور بدکاریاں کیا کرتے تھے۔

○ کچھ عورتیں نظر آئیں جو چھاتیوں کے بل لٹکی ہوئی تھیں۔ بتایا گیا کہ یہ وہ عورتیں ہیں جنھوں نے دوسروں کے بچے اپنے شوہر کے سر منڈھ دیئے تھے۔

○ آپ کی ملاقات ایک فرشتہ سے ہوئی جو آپؐ کے ساتھ ترش روئی سے ملا۔ آپؐ نے جبرئیل سے پوچھا کہ اس فرشتے کی بداخلاقی کی وجہ کیا ہے؟ حضرت جبرئیل نے بتایا کہ یہ دوزخ کا فرشتہ ہے ۔ آپؐ نے دوزخ دیکھنے کی خواہش ظاہر کی، آپکی نگاہوں کے سامنے سے پردہ ہٹا دیا گیا اور دوزخ اپنے تمام خوفناک انداز کے ساتھ آپکی نگاہوں کے سامنے تھی۔

○

پہلے آسمان کی اس سیر کے بعد اب آپؐ دوسرے آسمان پر پہنچے۔ یہاں بھی آپ کا تعارف مختلف فرشتوں اور انسانی روحوں سے کرایا گیا، یہاں جن لوگوں سے آپکی ملاقات ہوئی ان میں دو نوجوان سب سے ممتاز نظر آئے۔ آپؐ

toobaa-elibrary.blogspot.com

ان نوجوانوں کے بارے میں معلوم کیا تو معلوم ہوا کہ ان میں ایک یحییٰ ؑ ہیں اور دوسرے عیسیٰ ؑ ہیں۔

اب آپ تیسرے آسمان پر پہنچے تو وہاں آپ کی ملاقات ایک ایسے حسین وجمیل بزرگ سے ہوئی جن کا حسن چودہویں رات کے چاند کو شرما رہا تھا۔ معلوم ہوا کہ یہ اللہ کے پیغمبر حضرت یوسف ؑ ہیں۔

چوتھے آسمان پر پہنچے تو حضرت ادریس ؑ سے ملاقات ہوئی ـــــ پھر پانچویں پر حضرت ہارون ؑ ملے ـــــ چھٹے آسمان پر حضرت موسیٰ ؑ سے ملاقات ہوئی۔ اور ساتویں آسمان پر آپ ؐ نے دیکھا کہ ایک عظیم الشان محل ہے۔ بتایا گیا کہ اس محل کا نام بیت المعمور ہے۔ بے شمار فرشتے بیت المعمور میں آرہے تھے اور جارہے تھے ـــــ بیت المعمور کے پاس ایک بزرگ بیٹھے ہوئے ملے جن کی شکل وشباہت بہت زیادہ آپ ؐ سے ملتی جلتی تھی۔ معلوم ہوا کہ آپ حضرت ابراہیم ؑ ہیں۔

ساتویں آسمان سے آپ آپ سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچ گئے۔ سدرۃ المنتہیٰ ایک مقام کا نام ہے۔ سدرہ کے معنی بیری کے آتے ہیں اس مقام پر بیری کا ایک بڑا درخت ہے۔ سدرۃ المنتہیٰ ایک سرحد ہے کہ جہاں جا کر فرشتے رک جاتے ہیں۔ اس مقام پر پہنچے تو حضرت جبرئیل نے عرض کیا یا رسول اللہ! اب میں اس مقام سے آگے آپ کے ساتھ نہیں جاسکتا اگر میں اس سے آگے بڑھنے کی کوشش کروں گا تو تجلیات الٰہی سے میرے پر جل جائیں گے۔ آپ تن تنہا آگے بڑھے تو اس جگہ کے قریب آپ کو جنت کا نظارہ کرایا گیا جنت کی بے شمار نعمتیں آپ کی نگاہوں کے سامنے تھیں جو اللہ نے اپنے صالح بندوں کے لئے مہیا کر رکھی تھیں۔

ذرا بلند ہموار سطح پر پہنچے تو بارگاہ جلال آپ کے سامنے تھی، یہاں اللہ رب العزت سے ہم کلامی کا شرف حاصل ہوا۔ اس موقعہ پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے چار چیزیں عطا کی گئیں:۔

(۱) دن رات کے لئے پچاس نمازیں فرض کی گئیں۔

(۲) سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے لے کر عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ تک اس موقع پر تعلیم فرمائی گئیں۔

(۳) علاوہ شرک کے تمام گناہوں کی معافی کا توبہ کرنے پر امکان ظاہر کیا گیا۔

(۴) اللہ کی طرف سے ارشاد ہوا کہ جو شخص نیکی کا ارادہ کرے اس کے حق میں ارادے کے ساتھ ہی ایک نیکی لکھی جائے گی۔ اور اگر وہ نیکی کے ارادے پر عمل کرے گا تو اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیوں کا اجر وثواب لکھا جائے گا۔ اگر کوئی برائی کا ارادہ کرے گا تو صرف ارادہ کرنے پر کچھ نہیں لکھا جائیگا اور اگر برائی پر عمل کرے گا تو ایک ہی برائی لکھی جائے گی۔

واپس تشریف لائے تو حضرت موسیٰ ؑ سے ملاقات ہوئی اور آپ ؐ نے اللہ کی پیشی کی پوری روداد حضرت موسیٰ ؑ کو سنائی۔ حضرت موسیٰ ؑ نے فرمایا کہ مجھے بنی اسرائیل کے متعلق بڑا تلخ تجربہ ہو چکا ہے۔ آپ نمازوں میں اللہ تعالیٰ سے کمی کے لئے درخواست کیجئے۔ آپ پھر واپس تشریف لے گئے! اللہ تعالیٰ نے دس نمازیں کم کر دیں واپس تشریف لائے تو حضرت موسیٰ ؑ نے کہا کہ اور کم کرائیں ابھی زیادہ ہیں۔ ہر بار نمازیں کم ہوتی رہیں آخر میں پانچ نمازوں کی فرضیت کا حکم ہوا اور فرمایا گیا کہ یہی پانچ پچاس کے برابر سمجھی جائیں گی۔

جس سیڑھی سے آپ تشریف لے گئے تھے، اسی سیڑھی سے واپس بیت المقدس تشریف لائے۔ یہاں تمام پیغمبر حضرت آدم ؑ سے لے کر حضرت عیسیٰ ؑ تک اسی طرح جمع تھے جس طرح جاتے ہوئے آپ سے ملے تھے۔ روانگی کی طرح واپسی پر بھی

toobaa-elibrary.blogspot.com

آپ نے تمام پیغمبروں کو نماز پڑھائی اور غالباً یہ فجر کی نماز تھی۔ اس کے بعد آپ براق پر سوار ہوئے اور واپس مکہ مکرمہ تشریف لائے۔

صبح آپ نے سب سے پہلے اپنی چچا زاد بہن اُمّ ہانی کو اس سفر کی ساری باتیں بتائیں۔ اور ارادہ ظاہر کیا میں باہر جا کر دوسرے لوگوں کو بھی یہ باتیں بتاؤں گا۔ امّ ہانی نے آپ کو روکتے ہوئے چادر پکڑی اور کہا کہ آپ ایسا نہ کریں، لوگ مذاق اڑائیں گے۔ آپؐ نے کہا کہ کچھ بھی ہو میں یہ باتیں بتا کر رہوں گا۔

حرم کعبہ میں پہنچ کر ابوجہل اور دوسرے لوگوں کے سامنے آپ نے تمام واقعات بیان کیے۔ دیکھتے دیکھتے یہ خبر پورے مکّے میں پھیل گئی۔ مکے سے شام کا سفر دو مہینے میں طے ہوتا تھا۔ ایک رات میں بیت المقدس اور آسمانوں کی سیر کر کے آپ کیونکر واپس آگئے۔ یہ بات سب کے لیے حیران کن تھی۔ کچھ لوگوں نے جا کر یہ بات حضرت ابوبکرؓ سے بتائی۔ آپؓ نے سُن کر کہا کہ اگر رسولؐ یہ بات فرما رہے ہیں تو اس کے سچ ہونے میں کوئی شک نہیں ہے۔

اس واقعہ کی تصدیق پر ابوبکرؓ کو صدیق کا لقب عطا ہوا۔ حضرت ابوبکرؓ نے یہ تدبیر کی کہ حرم میں آ کر آپؐ سے بیت المقدس کا نقشہ دریافت کیا۔ آپ نے جو نقشہ بتایا وہ بالکل ٹھیک ٹھیک تھا۔ مکّے کے کتنے ہی لوگ بیت المقدس جاتے رہتے تھے وہ بھی آپ کی سچائی کے قائل ہو گئے۔ مزید ثبوت کے لیے آپؐ نے بتایا کہ میں فلاں مقام پر فلاں قافلے کے پاس سے گزرا تھا اور قافلے والوں کے پاس ایسا ایسا سامان تھا۔ قافلے کے اونٹ براق کو دیکھ کر بھڑک گئے اور ایک اونٹ فلاں وادی کی طرف نکل گیا۔ میں نے قافلہ والوں کو اس اونٹ کا پتہ بتایا۔

آپؐ نے بتایا کہ میں فلاں وادی میں فلاں قافلے کے پاس سے گزرا تھا قافلے والے سو رہے تھے میں نے ان کے برتن سے پانی پیا اور علامت کے طور پر کٹورے کو ٹیڑھا رکھ دیا تاکہ معلوم ہو جائے کہ اس برتن سے پانی پیا گیا ہے۔ ایسے ہی کچھ اور باتیں بطور ثبوت بتائیں۔ آنے والے قافلوں سے آپ کی باتوں کی تصدیق ہوتی رہی ——— یہ تھا معراج کا وہ سفر جو اسلامی تاریخ میں ایک اہم موڑ کی نشاندہی کرتا ہے۔

لوگوں کا اس پر مخالفت کرنا اور اس کا انکار کرنا، پھر قرآن مجید کا اس اہتمام کے ساتھ اس واقعہ کو بیان کرنا اس بات کی دلیل ہے کہ معراج کا یہ واقعہ نہ تو خواب تھا اور نہ روحانی تھا بلکہ آپ جسم اطہر کے ساتھ تشریف لیگئے تھے، اور یہ معراج جسمانی تھی جو ایک ہی مرتبہ پیش آئی ہے۔ اس کے بعد خواب میں بھی اگر ایسا ہوا ہو تو اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

۱۷: سُوْرَةُ بَنِیْ اِسْرَآئِیْلَ مَکِّیَّةٌ : ۵

اٰیَاتُهَا ۱۱۱	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط	رُکُوْعَاتُهَا ۱۲

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ

سُبْحٰنَ	الَّذِیْٓ	اَسْرٰی	بِعَبْدِهٖ	لَیْلًا	مِّنَ	الْمَسْجِدِ
پاک	وہ جو	لے گیا	اپنے بندہ کو	راتوں رات	سے	مسجد

پاک ہے وہ جو اپنے بندے کو راتوں رات مسجد حرام (خانہ کعبہ سے)

الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَهٗ

الْحَرَامِ	اِلَی	الْمَسْجِدِ	الْاَقْصَا	الَّذِیْ	بٰرَکْنَا	حَوْلَهٗ
حرام	تک	مسجد	اقصیٰ	وہ جو	برکت دی ہم نے	اسکے اردگرد

مسجد اقصیٰ (بیت المقدس) تک لے گیا جس کے اردگرد (اطراف) کو ہم نے برکت دی ہے

لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا ط اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ①

لِنُرِیَهٗ	مِنْ	اٰیٰتِنَا	اِنَّهٗ	هُوَ	السَّمِیْعُ	الْبَصِیْرُ
تاکہ دکھاویں ہم اسکو	سے	اپنی نشانیاں	بیشک وہ	وہ	سننے والا	دیکھنے والا

تاکہ ہم اسے اپنی نشانیاں دکھلاویں بیشک وہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔

سُوْرَةُ الْاَسْرَاءِ مَکِّیَّةٌ اِلَّا وَاِنْ کَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَكَ اَلْاٰیٰتُ الثَّمَانُ مِائَةٌ وَعَشْرُ اٰیَاتٍ اَوْ اِحْدٰی عَشْرَةَ اٰیَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

① سُبْحَانَ تَنْزِیْهٌ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ مُحَمَّدٍ لَیْلًا نَصْبٌ عَلَی الظَّرْفِ وَالْاِسْرَاءُ سَیْرُ اللَّیْلِ وَفَائِدَةُ ذِکْرِهٖ الْاِشَارَةُ بِتَنْکِیْرِهٖ اِلٰی تَقْلِیْلِ مُدَّتِهٖ مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَیْ مَکَّةَ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی بَیْتِ الْمُقَدَّسِ لِبُعْدِهٖ مِنْهُ الَّذِیْ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سورۃ الاسراء مکی ہے مگر یہ آٹھ آیتیں وَاِنْ کَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَكَ آخر تک اسمیں ایک سو دس یا ایک سو گیارہ آیتیں ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بہت بخشنے والا اور نہایت مہربان ہے۔

① سُبْحَانَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الخ پاک ہے وہ ذات کہ اپنے بندے محمدؐ کو رات میں مسجد حرام یعنی مکہ سے مسجد اقصیٰ یعنی بیت المقدس کیطرف لے گیا۔ بیت المقدس کو بعضے بوجہ دور ہونیکے مسجد حرام سے کہا، اسریٰ رات کے لیجانے کو کہتے ہیں۔ اس غرض سے ہے کہ لیلاً کے نکرہ آنے سے اشارہ ہے تقلیل مدت کیطرف یعنی رات کے تھوڑے حصہ میں اسریٰ واقع ہوا وہ مسجد اقصیٰ کہ جس کے ہر طرف

toobaa-elibrary.blogspot.com

بَارَكْنَا حَوْلَهٗ بِالثِّمَارِ وَالْاَنْهَارِ لِنُرِيَهٗ
مِنْ اٰيٰتِنَا ۭ عَجَائِبَ قُدْرَتِنَا اِنَّهٗ
هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ○ اَيِ الْعَالِمُ
بِاَقْوَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
وَاَفْعَالِهٖ فَاَنْعَمَ عَلَيْهِ بِالْاِسْرَاءِ
الْمُشْتَمِلِ عَلٰى اِجْتِمَاعِهٖ بِالْاَنْبِيَاءِ وَ
عُرُوْجِهٖ اِلَى السَّمَاءِ وَرُؤْيَتِهٖ
عَجَائِبَ الْمَلَكُوْتِ وَمُنَاجَاتِهٖ تَعَالٰى
فَاِنَّهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
اُتِيْتُ بِالْبُرَاقِ وَهُوَ دَابَّةٌ اَبْيَضُ
فَوْقَ الْحِمَارِ وَدُوْنَ الْبَغْلِ يَضَعُ
حَافِرَهٗ عِنْدَ مُنْتَهٰى طَرْفِهٖ فَرَكِبْتُهٗ
فَسَارَ بِيْ حَتّٰى اَتَيْتُ بَيْتَ الْمَقْدِسِ
فَرَبَطْتُ الدَّابَّةَ بِالْحَلْقَةِ الَّتِيْ
يَرْبِطُ فِيْهِ الْاَنْبِيَاءُ ثُمَّ دَخَلْتُ
فَصَلَّيْتُ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجْتُ
فَجَاءَنِيْ جِبْرَئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ
بِاِنَاءٍ مِنْ خَمْرٍ وَاِنَاءٍ مِنْ لَبَنٍ
فَاخْتَرْتُ اللَّبَنَ فَقَالَ جِبْرَئِيْلُ
اَصَبْتَ الْفِطْرَةَ قَالَ ثُمَّ عَرَجَ بِيْ
اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَاسْتَفْتَحَ جِبْرَئِيْلُ
قِيْلَ لَهٗ مَنْ اَنْتَ فَقَالَ جِبْرِيْلُ
قِيْلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيْلَ
وَقَدْ اُرْسِلَ اِلَيْهِ قَالَ قَدْ اُرْسِلَ
اِلَيْهِ فَفُتِحَ لَنَا فَاِذَا اَنَا بِاٰدَمَ
فَرَحَّبَ بِيْ وَدَعَا لِيْ بِخَيْرٍ ثُمَّ
عَرَجَ بِنَا اِلَى السَّمَاءِ الثَّانِيَةِ
فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ فَقِيْلَ مَنْ اَنْتَ
فَقَالَ جِبْرِيْلُ قِيْلَ وَمَنْ مَعَكَ
قَالَ مُحَمَّدٌ قِيْلَ وَقَدْ بُعِثَ اِلَيْهِ
قَالَ قَدْ بُعِثَ اِلَيْهِ فَفُتِحَ لَنَا فَاِذَا اَنَا

ہم نے برکت دی تھی پھلوں سے اور نہروں سے اپنے بندے کو ہم وہاں اسلئے لیگئے کہ اس کو قدرت کے عجائبات اور نشانیاں دکھلائیں بیشک وہ سننے والا بینا ہے یعنی پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال اور افعال کو جانتا ہے پس اس نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ انعام فرمایا کہ انکو رات میں مسجد اقصیٰ تک پہنچایا جہاں آپکی ملاقات پیغمبروں سے ہوئی اور انکو آسمان کی طرف چڑھایا اور عجیب نشانیاں اپنی قدرت اور بادشاہت کی دکھلانے والے اور فرشتوں کی سیر کرائی اور حق تعالے سے انکے بھید کی باتیں ہوئیں سو بالتحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے پاس براق لایا گیا وہ ایک سفید جانور ہے گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا اور قدم وہاں تک پڑتا ہے جہاں تک اس کی نظر پہنچے۔ سو میں اس پر سوار ہوا پس وہ مجھکو لے گیا یہانتک کہ میں بیت المقدس میں پہنچا وہاں میں نے اپنی سواری کو اس حلقہ سے باندھا جس میں انبیاء اپنی سواریاں باندھتے تھے پھر میں مسجد میں داخل ہوا اور اسمیں دو رکعت نماز پڑھی پھر میں نکلا۔ سو لائے میرے پاس جبرئیل علیہ السلام ایک برتن شراب کا اور ایک دودھ کا سو میں نے دودھ کو پسند کیا جبرئیل علیہ السلام نے کہا تم کو فطرت اسلامی پر استقامت نصیب ہوئی

آپنے فرمایا پھر وہ مجھ آسمان دنیا کی طرف لے کر چڑھا۔ سو جبریل نے دروازہ کھلوایا اس سے کہا گیا تو کون ہے اس نے کہا جبریل۔ کہا گیا تیرے ساتھ کون ہے وہ بولا محمدؐ کہا گیا کہ وہ پیغمبر بنائے گئے جبریلؑ نے کہا ہاں بنائے گئے سو اس نے دروازہ کھول دیا۔

ہمارے لئے ناگاہ وہاں آدم علیہ السلام موجود تھے۔ انہوں نے مجھ کو مرحبا کہا اور میرے لئے دعائے خیر کی۔

پھر وہ براق ہم کو لے کر دوسرے آسمان کی طرف چڑھا سو جبریل نے دروازہ کھلوایا وہاں سے کسی نے کہا تو کون ہے اس نے کہا میں جبریل ہوں کہا گیا تیرے ساتھ کون ہے۔ جبریل نے کہا محمدؐ۔ کہا گیا کیا وہ پیغمبر بنائے گئے، جبریل نے کہا بنائے گئے سو اس نے ہمارے لئے دروازہ کھولدیا۔ وہاں مجھے

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَا بُنَيَّ الْخَالَةِ يَحْيٰى وَعِيسٰى فَرَحَّبَا بِيْ
وَدَعَوْا لِيْ بِخَيْرٍ ثُمَّ عَرَجَ بِنَا إِلَى
السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ
فَقِيْلَ مَنْ أَنْتَ قَالَ جِبْرِيْلُ فَقِيْلَ
وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ فَقِيْلَ
وَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ قَالَ قَدْ أُرْسِلَ
إِلَيْهِ فَفُتِحَ لَنَا فَإِذَا أَنَا بِيُوْسُفَ وَ
إِذَا هُوَ قَدْ أُعْطِيَ شَطْرَ الْحُسْنِ فَرَحَّبَ
بِيْ وَدَعَا لِيْ بِخَيْرٍ ثُمَّ عَرَجَ بِنَا
إِلَى السَّمَاءِ الرَّابِعَةِ فَاسْتَفْتَحَ
جِبْرِيْلُ فَقِيْلَ مَنْ أَنْتَ قَالَ
جِبْرِيْلُ فَقِيْلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ
مُحَمَّدٌ فَقِيْلَ وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ
قَالَ قَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ فَفُتِحَ لَنَا فَإِذَا
أَنَا بِإِدْرِيْسَ فَرَحَّبَ بِيْ وَدَعَا لِيْ
بِخَيْرٍ ثُمَّ عَرَجَ إِلَى السَّمَاءِ الْخَامِسَةِ
فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ فَقِيْلَ مَنْ أَنْتَ
فَقَالَ جِبْرِيْلُ فَقِيْلَ وَمَنْ مَعَكَ
قَالَ مُحَمَّدٌ فَقِيْلَ وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ
قَالَ قَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ فَفُتِحَ لَنَا فَإِذَا
أَنَا بِهَارُوْنَ فَرَحَّبَ بِيْ وَدَعَا لِيْ بِخَيْرٍ
ثُمَّ عَرَجَ بِنَا إِلَى السَّمَاءِ السَّادِسَةِ
فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيْلُ فَقِيْلَ مَنْ أَنْتَ
قَالَ جِبْرِيْلُ قِيْلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ
مُحَمَّدٌ قِيْلَ وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ قَالَ
قَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ فَفُتِحَ لَنَا فَإِذَا أَنَا بِمُوْسٰى
فَرَحَّبَ بِيْ وَدَعَا لِيْ بِخَيْرٍ ثُمَّ عَرَجَ
بِنَا إِلَى السَّمَاءِ السَّابِعَةِ فَاسْتَفْتَحَ
جِبْرِيْلُ فَقِيْلَ مَنْ أَنْتَ قَالَ جِبْرِيْلُ
فَقِيْلَ وَمَنْ مَعَكَ قَالَ مُحَمَّدٌ قِيْلَ
وَقَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ قَالَ قَدْ بُعِثَ إِلَيْهِ

دونوں خالہ زاد بھائی یحییٰ اور عیسیٰ ملے انہوں نے مجھکو مرحبا کہا اور میرے لئے دعائے خیر کی۔ پھر براق ہم کو لیکر تیسرے آسمان کیطرف چڑھا۔ سو جبریل نے دروازہ کھلوایا۔ پوچھا گیا تو کون ہے اس نے کہا جبرئیل۔ پوچھا گیا تیرے ساتھ کون ہے۔ جبریل نے کہا محمدؐ پوچھا گیا وہ پیغمبر بنائے گئے اس نے کہا ہاں بنائے گئے پس ہمارے لئے دروازہ کھول دیا وہاں یوسفؑ سے ملاقات ہوئی۔ اس کو دیکھا کہ بڑا حصہ حسن کا اس کو دیا گیا سو اس نے مجھ کو مرحبا کہا اور میرے لئے دعائے خیر کی۔ پھر براق ہم کو لے کر چوتھے آسمان کی طرف چڑھا جبریل نے دروازہ کھلوایا کہنے والے نے کہا تو کون ہے اس نے کہا میں جبریل ہوں۔ کہا گیا تیرے ساتھ کون ہے اس نے کہا محمدؐ۔ پوچھا گیا کیا وہ رسول ہو گئے جبریل نے کہا ہاں ہو گئے۔ پس ہمارے لئے دروازہ کھول دیا گیا وہاں ادریسؑ سے ملاقات ہوئی اس نے مجھ کو مرحبا کہا اور میرے لئے دعائے خیر کی۔ پھر براق نے ہمکو چڑھایا پانچویں آسمان کی طرف جبریل نے دروازہ کھلوایا، پوچھا گیا تو کون ہے اس نے کہا جبریل پھر پوچھا گیا تیرے ساتھ کون ہے جبریل نے کہا محمدؐ کہا گیا کیا وہ پیغمبر بنائے گئے جبریل نے کہا بنائے گئے سو اس نے دروازہ کھول دیا ناگاہ وہاں ہارونؑ موجود تھے ان سے ملاقات ہوئی سو اس نے مجھکو مرحبا کہا اور میرے لئے دعائے خیر کی پھر وہ براق ہم کو لے چڑھا چھٹے آسمان کی طرف سو جبریل نے دروازہ کھلوایا پوچھا گیا تو کون ہے وہ بولا جبریل پوچھا گیا تیرے ساتھ اور کون ہے اس نے کہا محمدؐ کہا گیا کیا وہ پیغمبر بنائے گئے کہا ہاں بنائے گئے پس کھول دیا اس نے دروازہ وہاں موسیٰؑ سے ملاقات ہوئی اس نے مجھکو مرحبا کہا اور میرے لئے دعائے خیر کی۔ پھر وہ ہم کو لے چڑھا ساتویں آسمان کیطرف جبریل نے دروازہ کھلوایا کہا گیا تو کون ہے وہ بولا جبریل پوچھا تیرے ساتھ اور کون ہے اس نے کہا محمدؐ کہا گیا کیا وہ پیغمبر ہو گئے کہا ہاں، سو اس نے دروازہ کھولدیا ناگاہ وہاں حضرت ابراہیمؑ کے پاس پہونچا سو وہ بیت المعمور سے ٹیکہ لگائے ہوئے تھے۔ بیت المعمور اور بیت المعمور میں ہر ایک دن ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے تھے پھر

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَفُتِحَ لَنَا فَإِذَا أَنَا بِإِبْرَاهِيمَ فَإِذَا هُوَ
مُسْتَنِدٌ إِلَى الْبَيْتِ الْمَعْمُورِ وَإِذَا هُوَ
يَدْخُلُهُ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ
ثُمَّ لَا يَعُودُونَ إِلَيْهِ ثُمَّ ذُهِبَ بِي
إِلَى سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى فَإِذَا وَرَقُهَا كَآذَانِ
الْفِيَلَةِ وَإِذَا ثَمَرُهَا كَالْقِلَالِ فَلَمَّا
غَشِيَهَا مِنْ أَمْرِ اللَّهِ مَا غَشِيَهَا تَغَيَّرَتْ فَمَا
أَحَدٌ مِنْ خَلْقِ اللَّهِ يَسْتَطِيعُ أَنْ يَصِفَهَا
مِنْ حُسْنِهَا فَأَوْحَى إِلَيَّ مَا أَوْحَى
وَفَرَضَ عَلَيَّ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ خَمْسِينَ
صَلَاةً فَنَزَلْتُ حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلَى
مُوسَى فَقَالَ مَا فَرَضَ رَبُّكَ عَلَى
أُمَّتِكَ قُلْتُ خَمْسِينَ صَلَاةً كُلَّ
يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ قَالَ ارْجِعْ إِلَى رَبِّكَ
فَسَلْهُ التَّخْفِيفَ فَإِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِيقُ
ذَلِكَ وَإِنِّي قَدْ بَلَوْتُ بَنِي إِسْرَائِيلَ
وَخَبَرْتُهُمْ قَالَ فَرَجَعْتُ إِلَى رَبِّي فَقُلْتُ
أَيْ رَبِّ خَفِّفْ عَنْ أُمَّتِي فَحَطَّ عَنِّي
خَمْسًا فَرَجَعْتُ إِلَى مُوسَى قَالَ مَا
فَعَلْتَ قُلْتُ قَدْ حَطَّ عَنِّي خَمْسًا
قَالَ إِنَّ أُمَّتَكَ لَا تُطِيقُ ذَلِكَ فَارْجِعْ
إِلَى رَبِّكَ فَسَلْهُ التَّخْفِيفَ لِأُمَّتِكَ
قَالَ فَلَمْ أَزَلْ أَرْجِعُ بَيْنَ رَبِّي
وَبَيْنَ مُوسَى وَيَحُطُّ عَنِّي خَمْسًا
خَمْسًا حَتَّى قَالَ يَا مُحَمَّدُ هِيَ خَمْسُ
صَلَوَاتٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ بِكُلِّ صَلَاةٍ
عَشْرٌ فَتِلْكَ خَمْسُونَ صَلَاةً وَمَنْ هَمَّ
بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةً فَإِنْ
عَمِلَهَا كُتِبَتْ لَهُ عَشْرًا وَمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ وَلَمْ
يَعْمَلْهَا لَمْ تُكْتَبْ فَإِنْ عَمِلَهَا كُتِبَتْ سَيِّئَةً
وَاحِدَةً فَنَزَلْتُ حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلَى مُوسَى

دوبارہ انکو نوبت داخل ہونے کی نہ پہنچتی تھی۔ پھر میں پہنچا سدرۃ المنتہیٰ تک اس کے پتے ایسے جیسے ہاتھی کے کان اور اس کے پھل ایسے جیسے مٹکے۔ جب اس بیری کے درخت کو گھیر لیا امر الٰہی سے اس چیز نے جس نے گھیر لیا وہ متغیر ہوگیا اور اس کی صورت اور ہیئت بدل گئی۔ سو مخلوق الٰہی سے کوئی اس کے حسن کی صفت بیان نہیں کر سکتا۔

آپ نے فرمایا میری طرف جو کچھ وحی ہوئی وہ ہوئی قابل اظہار نہیں اور مجھ پر ہر دن رات میں پچاس نمازیں فرض کی گئیں۔ سو میں اترا یہاں تک کہ موسیٰ ؑ کے پاس پہنچا اس نے پوچھا تیرے رب نے تیری امت پر کس قدر نمازیں فرض کی ہیں میں نے کہا ہر دن رات میں پچاس نمازیں۔ موسیٰ نے کہا تو پھر اپنے رب کے پاس جا سو اس سے تخفیف طلب کر کہ بیشک تیری امت سے یہ نہ ہو سکے گا اور بیشک میں بنی اسرائیل کو خوب آزما چکا ہوں اور ان کا امتحان لے چکا ہوں۔ آپ نے فرمایا کہ میں پھر اپنے رب کے پاس حاضر ہوا اور عرض کیا کہ اے میرے رب میری امت پر تخفیف فرما پس کم کر دی اللہ نے مجھ سے پانچ نمازیں۔ پھر میں پہنچا موسیٰ کے پاس اس نے پوچھا کیا کر لائے میں نے کہا کہ پانچ نمازیں میرے اوپر سے کم کر دیگئی۔ موسیٰ نے کہا کسی طرح سے تیری امت سے یہ نہ ہو سکیگا سو تو پھر واپس جا اپنے رب کے پاس اور اس سے اپنی امت کے لئے آسانی طلب کر۔ آپ نے فرمایا کہ میں اسی طرح برابر اپنے رب کے اور موسیٰ ؑ کے پاس جاتا آتا رہا اور میرا رب ہر دفعہ مجھ سے پانچ پانچ نمازیں کم کرتا رہا یہاں تک کہ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ اے محمد اب ہر دن رات میں تجھ پر پانچ نمازیں فرض رہیں ہر نماز کے عوض دس نمازوں کا ثواب تجھ کو ملیگا پس ثواب کے اعتبار سے یہ پچاس نمازیں ہوگئیں اور جو کوئی نیکی کا قصد کرے پھر اسکو نہ کرے تو اسکے لئے ایک نیکی لکھی جائیگی اور جو ایک نیکی کر لیوے تو دس نیکیوں کا ثواب اسکو ملے گا اور جو کوئی بدی کا ارادہ کرے اور اس کو نہ کرے تو وہ بدی نہ لکھی جائے گی پس اگر اسکو کر لیوے تو ایک بدی لکھی جائیگی۔ پھر میں نیچے

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَاَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ اِرْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَاسْئَلْهُ التَّخْفِيْفَ لِاُمَّتِكَ فَاِنَّ اُمَّتَكَ لَا تُطِيْقُ ذٰلِكَ فَقُلْتُ قَدْ رَجَعْتُ اِلٰى رَبِّيْ حَتّٰى اِسْتَحْيَيْتُ رَوَاهُ الشَّيْخَانِ وَاللَّفْظُ لِمُسْلِمٍ وَرَوَى الْحَاكِمُ فِي الْمُسْتَدْرَكِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ رَبِّيْ عَزَّوَجَلَّ

اترا یہاں تک کہ موسیٰ ؑ کے پاس پہنچا سو میں نے اسکو سب قصہ سنایا وہ بولا کہ پھر جا کر اپنے رب سے اپنی امت کے لئے آسانی طلب کر کہ بے شبہ تیری امت سے یہ بھی نہ ہوسکے گا میں نے جواب دیا کہ میں بہت دفعہ اپنے رب کے پاس جا چکا ہوں اب مجھکو شرم آتی ہے اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا اور یہ لفظ مسلم کے ہیں اور حاکم نے مستدرک میں ابن عباس رض سے روایت کی وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے اپنے رب عزوجل کو دیکھا ہے۔

تشریح

(۱) اسریٰ کا لفظ جسمانی معراج کی دلیل ہے۔ اسریٰ یعنی لے جایا گیا، فرما کر بتا دیا گیا کہ وہ بندہ خود نہیں گیا بلکہ اس کو لے جایا گیا۔ اور جب معاملہ اللہ کی قدرت کا آجائے تو پھر یہ بات نہیں کہی جا سکتی کہ ایسا کیونکر ہوا اسلئے کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہیں انکو قدرت ہے کہ وہ مہینوں کا سفر لمحوں میں طے کرا دیں۔ اللہ تعالیٰ کی حضوری اور اس کی پیشی میں پیش ہونے کا تعلق کیونکہ بندے کے ساتھ ہے اور بندہ اپنی ذات میں اطلاقی شان نہیں رکھتا بلکہ محدود ہے اسلئے بندہ خالق کے حضور باریابی کے لئے اس کا محتاج ہے کہ خالق اپنی تجلیات کو کسی ایک جگہ پر مرکوز کر دے۔

معراج کا مقصد جیسا بتایا گیا ہے ملکوت السمٰوٰت والارض کا مشاہدہ کرانا اور مادی حجابات درمیان میں سے ہٹا کر آنکھوں سے ان حقیقتوں کا دکھلانا جو غیب کے پردے میں چھپی ہوئی ہیں۔ پارہ ۲۷ سورۂ والنجم آیت ۱۳ تا ۱۸ میں اس کا ذکر موجود ہے وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى

" اور ایک مرتبہ پھر اس نے سدرۃ المنتہیٰ کے پاس اس کو اترتے دیکھا جہاں پاس ہی جنت الماویٰ ہے اس وقت سدرہ پر چھا رہا جو کچھ چھا رہا تھا، نگاہ نہ چندھیائی نہ حد سے تجاوز ہوئی اور اس نے اپنے رب کی بڑی نشانیاں دیکھیں۔"

غیب کی ان حقیقتوں کا مشاہدہ اپنے اپنے منصب کی مناسبت سے ہر ایک نبی اور رسول کو کرایا گیا ہے۔ اور یہ نکتہ ہے جو ایک پیغمبر اور ایک فلسفی کے مقام کو الگ الگ کرتا ہے۔ — فلسفی اور مفکر قیاس اور گمان سے بات کرتا ہے اور پیغمبر اپنے مشاہدے کو سامنے رکھتا ہے۔ "پیمبر ہر چہ گوید دیدہ گوید۔"

مسجد اقصیٰ جس ملک میں واقع ہے وہاں اللہ تعالیٰ نے بہت سی ظاہری اور باطنی برکتیں رکھی ہیں۔ مادی حیثیت سے یہ بڑا شاداب ملک ہے اور روحانی حیثیت سے بھی کیونکہ بہت سے نبیوں کا مسکن رہا ہے اس لئے سرچشمۂ فیض و انوار ہے۔ نبی ؐ کو بیت المقدس لیجانے کا یہ مقصد بھی ہو سکتا ہے کہ جو کمالات پچھلے نبیوں کو دئے گئے تھے اب وہ سب آپ میں جمع کر دئے جائیں۔ آپ کی امامت میں سب کا نماز پڑھنا یہ بھی اسی طرف اشارہ ہے کہ آپ جامع کمالات اور خاتم الانبیاء ہیں۔

بے شک اصل سننے اور دیکھنے والا تو اللہ تعالیٰ ہی ہے لیکن اپنی قدرت سے وہ جس کو چاہتا ہے اپنی نشانیاں دکھا دیتا ہے۔ آخر اس نے اپنے حبیب کو وہ بڑی نشانیاں دکھائیں جو آپ کی کامل استعداد اور بلند شان کے مناسب تھیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ

وَ	اٰتَيْنَا	مُوْسَى	الْكِتٰبَ	وَجَعَلْنٰهُ	هُدًى	لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اَلَّا تَتَّخِذُوْا	مِنْ
اور	ہم نے دی	موسیٰ	کتاب	اور ہم نے بنایا اُسے	ہدایت	بنی اسرائیل کے لئے	کہ نہ ٹھہراؤ	سوا

اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور اُسے بنی اسرائیل کے لئے ہدایت بنایا کہ میرے سوا (کسی کو) کارساز نہ

دُوْنِيْ وَكِيْلًا ۝۲ ذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۭ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ۝۳

دُوْنِيْ	وَكِيْلًا	ذُرِّيَّةَ	مَنْ	حَمَلْنَا	مَعَ نُوْحٍ	اِنَّهٗ	كَانَ	عَبْدًا	شَكُوْرًا
سوا	کارساز	اولاد	جو جس	ہم نے سوار کیا	نوحؑ کیساتھ	بیشک وہ	تھا	بندہ	شکر گزار

ٹھہراؤ۔ اے (ان لوگوں کی) اولاد! جنکو ہم نے نوحؑ کے ساتھ سوار کیا، بے شک وہ شکر گزار بندہ تھا۔

۲ قَالَ تَعَالٰى وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ التَّوْرٰىةَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنْ لَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِيْ وَكِيْلًا ۝ يَفُوْضُوْنَ اِلَيْهِ اَمْرَهُمْ وَفِيْ قِرَاءَةٍ تَتَّخِذُوْنَ بِالْفَوْقَانِيَّةِ الْتِفَاتًا فَاِنْ زَائِدَةٌ وَالْقَوْلُ مُضْمَرٌ

۲ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وَاٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اور ہم نے موسیٰؑ کو توراۃ عطا کی اور اسکو باعث ہدایت بنی اسرائیل بنایا تاکہ وہ میرے سوا کسی کو اپنا وکیل نہ بناویں جس کے سپرد اپنے کاروبار کریں اور ایک قرأت میں تتخذوا ساتھ تا کے ہے اس صورت میں التفات ہے غیبت سے طرف التفات کے پس ان زائدہ اور قول مضمر مانا جاویگا یعنی ہم انکو کہا کہ نہ بناؤ میرے سوا کسی

۳ يٰذُرِّيَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ۭ فِي السَّفِيْنَةِ اِنَّهٗ كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ۝ كَثِيْرَ الشُّكْرِ لَنَا حَامِدًا فِيْ جَمِيْعِ اَحْوَالِهٖ

۳ اے اون لوگوں کی ہم نے انکو نوحؑ کے ساتھ کشتی میں سوار کیا بیشک نوح بندہ بہت شکر کرنیوالا ہماری حمد کرنیوالا تھا تمام احوال میں۔

تشریح

۲ حضرت موسیٰؑ کے ذریعہ ہم نے بتایا تھا کہ اپنے معاملات صرف اللہ کے سپرد کرنا | واقعہ معراج کے ذریعہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت اور آپ کے شرف کا ذکر کر کے سلسلۂ کلام مسجد اقصیٰ کے قدیم متولیوں یعنی بنی اسرائیل کی طرف موڑ دیا گیا ہے تاکہ بنی اسرائیل پر عروج و زوال کے جو مختلف دور گزرے ہیں ان کو امت محمدیہ کی عبرت اور بنی اسرائیل کی نصیحت کے لئے بیان کیا جائے۔

معراج کا واقعہ دراصل اس کی طرف اشارہ ہے کہ رسولؐ کی امت ہی اب اس امانت کی امین بننے والی ہے جو بنی اسرائیل کے سپرد کی گئی تھی اور جس میں حضرت موسیٰ کے ذریعے دی ہوئی کتاب میں یہ ہدایت اور رہنمائی کی گئی تھی کہ دیکھو اپنے جملہ معاملات خواہ دینی ہوں یا دنیاوی صرف اللہ کے سپرد کر دینا اور خالص توحید پر قائم رہتے ہوئے اللہ کے سوا کسی کو اپنا کارساز مت بنانا۔

۳ تم کشتی نوح میں سوار ہونے والوں کی اولاد ہو | حضرت نوحؑ کے زمانہ میں جب باد و باراں کا طوفان آیا تو اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر حضرت نوحؑ کو ایک کشتی بنانے کا حکم دیا جو لوگ اس کشتی میں سوار ہو گئے وہ بچ گئے باقی تمام نسل انسانی ختم ہو گئی۔ دوبارہ ان ہی لوگوں کے ذریعہ جو کشتی میں سوار ہو گئے تھے اللہ تعالیٰ نے دنیا کو آباد کیا اسلئے حضرت نوحؑ کو آدم ثانی بھی کہا جاتا ہے کیونکہ نسل انسانی دوبارہ ان ہی کے ذریعہ چلی ہے اس احسان کو یاد دلاتے ہوئے کہا جا رہا ہے کہ نوحؑ ایک شکر گزار بندے تھے اللہ کے احسان شناس تھے تم انکی اولاد ہو جو نوحؑ کیساتھ کشتی پر سوار ہو کر عذاب الٰہی سے محفوظ رہے تھے تمہارے شایان شان یہی ہے کہ تم بھی اپنے بڑوں کیطرح ایک اللہ ہی کو اپنا وکیل و کارساز بناؤ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقَضَيْنَآ إِلَىٰ بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ فِى ٱلْكِتَٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِى ٱلْأَرْضِ

وَقَضَيْنَآ	إِلَىٰ	بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ	فِى الْكِتٰبِ	لَتُفْسِدُنَّ	فِى	الْأَرْضِ
اور صاف کہدیا ہم نے	طرف کو	بنی اسرائیل	کتاب میں	البتہ تم فساد کروگے	میں	زمین

اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں صاف کہہ سنایا کہ البتہ تم فساد کروگے زمین میں

مَّرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيرًا ④

مَّرَّتَيْنِ	وَلَتَعْلُنَّ	عُلُوًّا + كَبِيرًا
دو مرتبہ	اور تم ضرور زور پکڑو گے	بڑا زور

دو مرتبہ اور تم ضرور زور پکڑو گے (سرکشی کروگے)

④ وَقَضَيْنَآ أَوْحَيْنَآ إِلَىٰ بَنِىٓ إِسْرَٰٓءِيلَ فِى الْكِتٰبِ التَّوْرٰىةِ لَتُفْسِدُنَّ فِى الْأَرْضِ أَرْضَ الشَّامِ بِالْمَعَاصِى مَرَّتَيْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِيرًا ○ تَبْغُونَ بَغْيًا عَظِيمًا

④ اور ہم نے توراۃ میں وحی کی بنی اسرائیل کی طرف کہ بے شبہ تم شام کی زمین میں دو مرتبہ فساد پھیلاؤ گے گناہوں میں مبتلا ہوکر اور البتہ تم بہت بڑی سرکشی کروگے۔

تشریح

④ بنی اسرائیل کو تنبیہ | ہم نے اپنی نازل کردہ کتابوں میں بنی اسرائیل کو تنبیہ کی تھی کہ تم دو مرتبہ زمین میں بڑا فساد برپا کروگے اور ظلم وتکبر کا شیوہ اختیار کرکے سرکشی دکھاؤ گے۔

○ اس پہلے فساد پر سب سے پہلے تنبیہ بنی اسرائیل کے نبی حضرت داؤدؑ نے کی تھی۔ ملاحظہ ہو بائیبل ۱۰۶ آیات ۲۴ تا ۴۱۔ اس فساد کے بعد جو تباہی آنے والی تھی اس کی خبر حضرت یسعیاہ نے دی۔ ملاحظہ ہو بائیبل باب ۱ آیت ۴۔ ۵، آیت ۳۱۔ ۲۴۔ باب ۲۔ آیت ۶۔ ۸، باب ۳، آیات ۱۶۔ ۲۶، باب ۵، آیت ۷، باب ۳۰، آیت ۹۔ ۱۴، باب ۲۲، آیت ۵۔ ۲۸، باب ۳ آیت ۶۔ ۹، باب ۵ آیت ۱۵۔ ۱۷، باب ۷، آیت ۲۳۔ ۲۴، باب ۱۵ آیت ۲۔ ۳۔

عین تباہی کے وقت حزقی ایل نبی اٹھے اور انہوں نے یروشلم شہر کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اے شہر تو اپنے اندر خونریزی کرتا ہے تاکہ تیرا وقت آجائے۔ ان کا یہ خطبہ بائبل ۲۲ آیت ۳۔ ۱۶ میں موجود ہے۔ یہ تنبیہات پہلے فسادِ عظیم کے موقع پر کی گئیں۔

○ پھر دوسرے فسادِ عظیم اور اس کے خطرناک نتائج پر حضرت عیسیٰ نے ان کو خبردار کیا ملاحظہ ہو انجیل متی باب ۲۳ آیت ۲۷۔ ۳۸۔ حضرت مسیح کی زبان مبارک سے نکلا جیسے اس فتنے کے خطرناک نتیجے پر تنبیہ کرتے ہوئے آپؑ نے ارشاد فرمایا کہ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ یہاں کسی پتھر پر پتھر باقی نہ رہیگی جو گرایا نہ جائے۔ انجیل متی باب ۲۴ آیت ۲۔ اسی طرح حضرت عیسیٰؑ کی تنبیہ انجیل لوقا باب ۲۳ آیت ۲۸۔ ۳۰ میں موجود ہے۔ جب رومی حکومت کے اہلکار حضرت عیسیٰ کو سولی پر چڑھانے کیلئے لیجا رہے تھے اور مرد وخواتین کی ایک بھیڑ انکے پیچھے روتی پیٹتی جارہی تھی تو انہوں نے اس مجمع کو آخری خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ

"اے یروشلم کی بیٹیو! میرے لئے نہ روؤ بلکہ اپنے لئے اور اپنے بچوں کے لئے روؤ، کیونکہ دیکھو وہ دن آنے والے ہیں جب لوگ یہ کہیں گے کہ مبارک ہیں وہ پیٹ جنہوں نے بچے نہ جنے اور مبارک ہیں وہ چھاتیاں جنہوں نے دودھ نہیں پلایا، اس وقت وہ پہاڑوں سے کہیں گے کہ ہم پر گر پڑو اور ٹیلوں سے کہیں گے کہ ہمیں چھپالو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ أُولَاهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَا أُولِي بَأْسٍ

فَاِذَا	جَآءَ	وَعْدُ	اُوْلٰهُمَا	بَعَثْنَا	عَلَيْكُمْ	عِبَادًا + لَّنَا	اُولِيْ بَاْسٍ
پس جب	آیا	وعدہ	دو میں سے پہلا	ہم نے بھیجے	تم پر	اپنے بندے	لڑائی والے

پس جب دونوں میں سے پہلے وعدہ (کا وقت) آیا تو ہم نے تم پر اپنے سخت لڑائی والے بندے

شَدِيدٍ فَجَاسُوا خِلَالَ الدِّيَارِ ۚ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُولًا ﴿٥﴾

شَدِيْدٍ	فَجَاسُوْا	خِلٰلَ + الدِّيَارِ	وَ	كَانَ	وَعْدًا	مَّفْعُوْلًا
سخت	تو وہ گھس پڑے	شہروں کے اندر	اور	تھا	ایک وعدہ	پورا ہونے والا

بھیجے، وہ شہروں کے اندر گھس گئے (پھیل گئے) اور یہ ایک وعدہ تھا پورا ہو کر رہنے والا۔

ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَأَمْدَدْنَاكُمْ بِأَمْوَالٍ

ثُمَّ	رَدَدْنَا	لَكُمُ	الْكَرَّةَ	عَلَيْهِمْ	وَاَمْدَدْنٰكُمْ	بِاَمْوَالٍ
پھر	ہم نے پھیر دی	تمہارے لئے	باری	ان پر	اور ہم نے تمہیں مدد دی	مالوں سے

پھر ہم نے ان پر تمہاری باری پھیر دی (تمہیں غلبہ دے دیا) اور مالوں سے اور بیٹوں سے ہم نے

وَبَنِينَ وَجَعَلْنَاكُمْ أَكْثَرَ نَفِيرًا ﴿٦﴾

وَّبَنِيْنَ	وَجَعَلْنٰكُمْ	اَكْثَرَ	نَفِيْرًا	
اور بیٹے	اور ہم نے تمہیں کر دیا	زیادہ	جتھا (لشکر)	

تمہیں مدد دی اور ہم نے تمہیں بڑا جتھا (لشکر) کر دیا۔

﴿٥﴾ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ أُولَاهُمَا بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَا أُولِي بَأْسٍ شَدِيدٍ فَجَاسُوا خِلَالَ الدِّيَارِ ۚ وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُولًا ﴿٥﴾ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَأَمْدَدْنَاكُمْ بِأَمْوَالٍ وَبَنِينَ وَجَعَلْنَاكُمْ أَكْثَرَ نَفِيرًا ﴿٦﴾ إِنْ أَحْسَنْتُمْ أَحْسَنْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ ۖ وَإِنْ أَسَأْتُمْ فَلَهَا ۚ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ الْآخِرَةِ لِيَسُوءُوا وُجُوهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوهُ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَلِيُتَبِّرُوا مَا عَلَوْا تَتْبِيرًا ﴿٧﴾ عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَنْ يَرْحَمَكُمْ ۚ وَإِنْ عُدْتُمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ حَصِيرًا ﴿٨﴾

﴿٥﴾ سو جس وقت پہلے فساد کا وقت آوے گا اور تم فساد کرو گے تو ہم تمہاری سرکوبی کو اپنے بندے قوت والے زور آور لڑائی میں مسلط کریں گے وہ تمہارے گھروں میں گھس کر تمکو تلاش کر کے قتل و قید کریں گے اور یہ وعدہ ضرور پورا ہونے والا ہے۔ چنانچہ بنی اسرائیل نے اول مرتبہ یہ فساد کیا کہ زکریا پیغمبر کو قتل کیا اس پر جالوت اور اس کے لشکر کو ان پر مسلط کیا سو انہوں نے بنی اسرائیل کو قتل کیا اور انکی اولاد کو قید کیا اور بیت المقدس کو خراب کیا۔

﴿٦﴾ پھر ہم نے تم کو ان پر حکومت اور غلبہ دیا سو برس کے بعد کہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْغَلَبَةَ عَلَيْهِمْ بَعْدَ مِائَةِ سَنَةٍ بِقَتْلِ جَالُوْتَ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَاَكْثَرْنٰكُمْ نَفِيْرًا ۝ عَشِيْرَةً

جالوت کو قتل کیا اور تمہاری مدد کی مال اور اولاد سے اور تم کو بڑے کنبے والا کیا۔

تشریح

(۵) بنی اسرائیل کا جرم اور اسکی سزا | بنی اسرائیل ایک حامل کتاب امت ہیں جنکو اللہ تعالیٰ نے امامت کے منصب پر فائز کیا تھا۔ یہاں ان کے جرائم میں سے اس پہلے جرم کو بیان کیا جارہا ہے جس کی وجہ سے آخر بنی اسرائیل کو امامت کے منصب سے الگ ہونا پڑا اور وہ ایک شکست خوردہ ..... اور پسماندہ قوم بن کر رہ گئی

○ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے انتقال کے بعد جب بنی اسرائیل فلسطین میں داخل ہوئے تو یہاں ایسی مختلف قومیں آباد تھیں جن میں بدترین قسم کا شرک پایا جاتا تھا۔ بنی اسرائیل کا یہ فرض تھا کہ وہ فلسطین پر غلبہ حاصل کرکے ان قوموں کی اصلاح کرتے۔ لیکن ان کی اصلاح کرنے اور ان کو ہدایت و تبلیغ کے بجائے بنی اسرائیل کے ہر قبیلے نے اپنی اپنی الگ الگ ریاستیں قائم کرلیں اور اس تفرقہ کی وجہ سے وہ اپنی اصل ذمہ داری کو ادا نہ کرسکے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ خود بنی اسرائیل کے اندر شرک کے جراثیم داخل ہوگئے اور ان کو ان قبائل کے مقابلے میں پسپا ہونا پڑا یہاں تک کہ خداوند کے عہد کا صندوق تابوت سکینہ بھی ان سے چھن گیا۔

آخر بنی اسرائیل نے محسوس کرلیا کہ اس کے سوا چارہ نہیں ہے کہ متحدہ محاذ قائم کیا جائے چنانچہ ان کی درخواست پر حضرت سموئیل نبی نے ۱۰۲۰ء قبل مسیح میں طالوت کو ان کا بادشاہ بنایا۔ اس کی تفصیل سورۂ بقرہ آیت ۲۴۶ تا ۲۵۰ میں آچکی ہے۔ (ملاحظہ ہو روح القرآن جلد اول صفحہ ۲۲۰ تا ۲۲۷) اس متحدہ سلطنت کی فرمانروائی یکے بعد دیگرے تین لوگوں کے ہاتھوں میں رہی ۱ حضرت طالوت (۱۰۲۰ تا ۱۰۰۴ ق م) ۲ حضرت داؤد علیہ السلام (۱۰۰۴ یا ۹۶۵ ق م) ۳ اور حضرت سلیمان علیہ السلام (۹۶۵ تا ۹۲۶ ق م)۔ ان حضرات نے اس کام کو مکمل کیا جسے بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ کے بعد ادھورا چھوڑ دیا تھا۔

حضرت سلیمان کے بعد بنی اسرائیل پھر اسی دنیا پرستی میں مبتلا ہوگئے جسکی وجہ سے انکا زوال ہوا تھا آخر اشوریوں کی شکل میں اللہ کا غضب بنی اسرائیل پر نازل ہونا شروع ہوا یہاں تک کہ ۷۲۱ء قم میں اشور کے ظالم بادشاہ سارگون نے دولت اسرائیل کا خاتمہ کردیا اسرائیلی تتر بتر ہوگئے اور بچے کھچے لوگ اپنی تہذیب سے بیگانے ہوتے چلے گئے۔ یہ حال تو بنی اسرائیل کی سلطنت سامری کا ہوا۔ دوسری ریاست جو بنی اسرائیل نے یہودیہ کے نام سے قائم کی تھی یہ بھی اپنی بداخلاقی کی بدولت پستی میں گرتی چلی گئی اور اشوریوں کی باجگذار بنگئی۔ آخر ۵۸۷ء قبل مسیح میں بخت نصر نے یہودیہ ریاست کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ یہ تھا وہ پہلا فساد جس سے بنی اسرائیل کو باخبر کیا گیا تھا اور یہ پہلی سزا تھی جو اُن کے جرائم کی وجہ سے انکو دی گئی تھی۔

(۶) بنی اسرائیل کو ایک موقع اور دیا گیا | اوپر بتایا گیا کہ بنی اسرائیل کی دونوں بڑی بڑی ریاستیں سامریہ اور یہودیہ یکے بعد دیگرے تباہ و برباد ہوگئیں۔ سامریہ ریاست کو اشوریوں نے ۷۲۱ء قبل مسیح میں اور یہودیہ کو بخت نصر نے ۵۹۸ء قبل مسیح میں پوری طرح پامال کردیا۔ اللہ تعالیٰ نے اہل یہودیہ کو ایک بار پھر موقع دیا۔ انکے باشندوں میں ایک ایسا عنصر موجود تھا جو خود بھی خیر پر قائم رہا اور دوسروں کو بھی رجوع الی اللہ کی دعوت دی۔ بابل کی اسیری سے نکلنے کے بعد لوگوں کو کچھ کام کرنے کا موقع ملا اور اللہ کی رحمت انکی طرف متوجہ ہوئی۔ بابل کی سلطنت کا زوال شروع ہوگیا اور ۵۳۹ء قبل مسیح میں ایران کے فاتح خسرو نے بابل کو فتح کرنے کے بعد دوسرے سال احکام جاری کردئے کہ بنی اسرائیل کو اپنے وطن میں دوبارہ آباد کیا جائے۔ اس حکم نامہ کے جاری ہوتے ہی یہودیوں کے قافلے کے قافلے یہودیہ پہنچنے شروع ہوگئے ان کو ہیکل سلیمانی کی، سائرس نے تعمیر نو کی اجازت بھی دیدی ۴۵۸ء قبل مسیح میں حضرت عزیرؑ یہودیہ پہنچے اور ایران کے بادشاہ اردشیر نے حضرت عزیرؑ کو اجازت دی کہ وہ یہودیہ میں شریعت موسوی کو جاری کریں چنانچہ حضرت عزیر نے اس موقع سے فائدہ اٹھاکر بڑے پیمانے پر تجدید و اصلاح کا کام کیا۔ حضرت عزیر کی برپا کی ہوئی اصلاحی تحریک بڑی جاندار تھی اللہ تعالیٰ نے ایک بار پھر بنی اسرائیل کو انکی توبہ اور انابت الی اللہ کی وجہ سے غلبہ کا موقع دیا انمیں خوش حالی آئی اور انکی آبادی میں بھی اضافہ ہوا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنْ أَحْسَنْتُمْ أَحْسَنْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ ۖ وَإِنْ أَسَأْتُمْ فَلَهَا ۚ فَإِذَا

إِنْ	أَحْسَنْتُمْ	أَحْسَنْتُمْ	لِأَنْفُسِكُمْ	وَإِنْ	أَسَأْتُمْ	فَلَهَا	فَإِذَا
اگر	تم نے بھلائی کی	تم نے بھلائی کی	اپنی جانوں کیلئے	اور اگر	تم نے برائی کی	تو انکے لئے	پھر جب

اگر تم نے بھلائی کی تو اپنی جانوں کے لئے ، اور اگر تم نے برائی کی تو اُن (اپنی جانوں) کیلئے۔ پھر

جَاءَ وَعْدُ الْآخِرَةِ لِيَسُوءُوا وُجُوهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ

جَاءَ	وَعْدُ	الْآخِرَةِ	لِيَسُوءُوا	وُجُوهَكُمْ	وَلِيَدْخُلُوا	الْمَسْجِدَ
آیا	وعدہ	دوسرا	کہ وہ بگاڑ دیں	تمہارے چہرے	اور وہ گھس جائیں	مسجد

(یاد کرو) جب دوسرے وعدہ (کا وقت) آیا کہ وہ (دشمن) تمہارے چہرے بگاڑ دیں، اور وہ مسجدِ (اقصیٰ) میں گھس جائیں

كَمَا دَخَلُوهُ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَلِيُتَبِّرُوا مَا عَلَوْا تَتْبِيرًا ﴿٧﴾ عَسَىٰ

كَمَا	دَخَلُوهُ	أَوَّلَ	مَرَّةٍ	وَلِيُتَبِّرُوا	مَا عَلَوْا	تَتْبِيرًا	عَسَىٰ
جیسے	وہ گھسے	پہلی	بار	اور برباد کر ڈالیں	جہاں غلبہ پائیں	پوری طرح برباد	امید ہے

جیسے وہ پہلی بار گھسے تھے اور یہ کہ جہاں غلبہ پائیں پوری طرح برباد کر ڈالیں۔ امید ہے (بعید نہیں)

رَبُّكُمْ أَنْ يَرْحَمَكُمْ ۚ وَإِنْ عُدْتُمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا

رَبُّكُمْ	أَنْ	يَرْحَمَكُمْ	وَإِنْ	عُدْتُمْ	عُدْنَا	وَجَعَلْنَا
تمہارا رب	کہ	وہ تم پر رحم کرے	اور اگر	تم پھر (وہی) کروگے	ہم (وہی) کرینگے	اور ہم نے بنایا

کہ تمہارا رب تم پر رحم کرے۔ اور اگر تم پھر وہی کروگے تو ہم (بھی) وہی کریں گے اور ہم نے

جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ حَصِيرًا ﴿٨﴾

جَهَنَّمَ	لِلْكَافِرِينَ	حَصِيرًا
جہنم	کافروں کے لئے	قید خانہ

جہنم کافروں کے لئے قید خانہ بنایا۔

﴿٧﴾ وَقُلْنَا إِنْ أَحْسَنْتُمْ بِالطَّاعَةِ أَحْسَنْتُمْ لِأَنْفُسِكُمْ لِأَنَّ ثَوَابَهُ لَهَا وَإِنْ أَسَأْتُمْ بِالْفَسَادِ فَلَهَا أَسَاءَتْكُمْ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ الْمَرَّةِ الْآخِرَةِ بَعَثْنَاهُمْ لِيَسُوءُوا وُجُوهَكُمْ بِالْقَتْلِ وَالسَّبْيِ حُزْنًا يَظْهَرُ فِي وُجُوهِكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ بَيْتَ الْمَقْدِسِ فَيُخَرِّبُوهُ

﴿٧﴾ اور ہم نے کہا اگر تم نیکوئی اور بندگی کروگے تو اپنی ہی جانوں کے لئے کروگے کیونکہ ثواب اس کا تمہاری جانوں کو ہی پہنچیگا اور اگر بدی کروگے اور فساد پھیلاؤ گے تو اپنے ہی لیے برائی کروگے۔ پھر جب آئیگا وعدہ دوسری مرتبہ فساد کا ہم تم پر دشمنوں پر مسلط کریں گے تاکہ وہ تمہاری صورتیں بگاڑیں ساتھ قتل اور قید کے اور تم کو غم میں ڈالیں جسکا اثر تمہارے چہروں پر ظاہر ہو اور وہ بیت المقدس میں گھس کر اسکو خراب کریں

toobaa-elibrary.blogspot.com

كَمَا دَخَلُوْهُ وَلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ۝ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝

جیسا اول مرتبہ اس کو خراب کیا تھا اور تاکہ ہلاک کریں وہ اس کو جس پر غالب ہوں ہلاک کرنا چنانچہ بنی اسرائیل نے دوسری مرتبہ فساد کیا کہ یحییٰ پیغمبر کو قتل کیا جس کے سبب ان پر بخت نصر کو مسلط کیا اس نے انہیں سے ہزاروں لوگوں کو مار ڈالا اور ان کی اولاد کو قید کر لیا اور بیت المقدس کو خراب و ویران کر دیا۔ اور ہم نے توراۃ میں کہا: کہ اس دوسری مرتبہ کے فساد کے بعد بھی اگر تم توبہ کر دگے تو عنقریب تمہارا رب تم پر مہربان ہوگا اور رحمت فرماویگا اور اگر تم فساد کرو گے تو ہم پھر تم کو سزا دینگے چنانچہ انھوں نے پھر فساد کیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جھٹلایا حق تعالےٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ان پر مسلط کیا اور بنی نظیر کو جلاوطن کیا اور ان پر جزیہ مقرر کیا۔

اور ہم نے کافروں کے لئے دوزخ قید خانہ بنایا۔

تشریح

(۷) جتنا تم نے اچھا کیا تھا اس کا اچھا نتیجہ تمہارے سامنے آیا اب دوبارہ بگڑے ہو تو اس کا نتیجہ بھی بھگتو!

حضرت عزیر کی اصلاحی تحریک کے اثرات جب تک قائم رہے بنی اسرائیل غالب رہے انکی دینداری اور اخلاقی خوبیوں کا فائدہ ان کو پہنچا۔ لیکن یہ اصلاحی تحریک جس کو مکابی تحریک کہتے ہیں آہستہ آہستہ اس کی حقیقی روح فنا ہوتی گئی اور ایک بے جان ظاہری دینداری باقی رہ گئی۔ آخر رومی فاتح "پومپی" نے بیت المقدس پر حملہ کر کے یہودیوں کی آزادی کو فنا کر دیا۔ غلامی نے اس قوم کا حال یہ کر دیا تھا کہ انکی آنکھوں کے سامنے حضرت یحییٰ علیہ السلام جیسے پاکیزہ سیرت انسان کو قتل کیا گیا تو اس ظلم کے خلاف ایک آواز بلند نہ ہو سکی۔ حضرت عیسیٰ مسیح علیہ السلام کی تنقیدوں سے تنگ آکر پوری قوم کے مذہبی پیشواؤں نے سوائے چند راست باز لوگوں کے حضرت مسیح علیہ السلام کی موت کا مطالبہ کیا۔

طریقہ یہ تھا کہ عید کے دن سزائے موت کے مستحق مجرموں میں سے ایک کو رہا کیا جا سکتا تھا، موت کی سزا کے لئے "برابا" نامی ڈاکو بھی جیل میں تھا اور حضرت مسیحؑ بھی۔ پوچھا گیا کہ دونوں میں سے کس کو رہا کیا جائے؟ تو یہودی مجمع کا جواب تھا: برابا کو۔ بس یہ آخری حد تھی جہاں تک یہ قوم گر سکتی تھی۔

رومی سلطنت نے ۷۰ء میں یہودیوں کی بغاوت کو کچل کر یروشلم کو فتح کر لیا قتل عام میں ایک لاکھ تینتیس ہزار آدمی مارے گئے۔ ستر ہزار غلام بنائے گئے۔ تمام لڑکیاں فاتحین کو دیدی گئیں۔ یروشلم کے شہر اور ہیکل کو مسمار کر کے پیوند خاک کر دیا گیا۔ فلسطین سے یہودی اقتدار اور اثرات کا نام و نشان ایسا مٹا کہ دو ہزار برس تک کسی کو سر اٹھانے کا موقعہ نہ ملا۔ یہ تھی وہ سزا جو دوسرے فساد پر بنی اسرائیل کو ملی۔

(۸) اپنی روش نہ بدلی تو پھر یہی ہوتا رہے گا

اللہ تعالیٰ کا ایک مقررہ قانون ہے کہ اس کی بنائی اس زمین پر شر و فساد کو ایک حد سے آگے بڑھنے نہیں دیا جاتا۔ اگر ایسا ہونے لگے تو ساری زمین فساد سے بھر جائے گی اور بھلے لوگوں کا جینا دوبھر ہو جائے گا۔ بنی اسرائیل نے شرارت کی ذلیل و خوار ہوئے۔ کوئی اور قوم پھر اسی طرح اللہ کے اخلاقی قوانین کو توڑے گی اور ظلم کریگی تو اس کو بھی سزا ملے گی۔ یہاں کے علاوہ آخرت میں بھی جہنم کا قید خانہ تیار ہے۔ البتہ اپنی روش ٹھیک کر لو گے حق کی طرف لوٹ آؤ گے تو اللہ تعالیٰ بھی تم پر رحم فرمائیں گے۔ پچھلی خطائیں معاف فرما دیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ

اِنَّ	هٰذَا	الْقُرْاٰنَ	يَهْدِيْ	لِلَّتِيْ	هِيَ	اَقْوَمُ	وَيُبَشِّرُ	الْمُؤْمِنِيْنَ	الَّذِيْنَ
بیشک	یہ	قرآن	رہنمائی کرتا ہے	اسکے لئے جو	وہ	سب سے سیدھی	اور بشارت دیتا ہے	مومن (جمع)	وہ لوگ جو

بیشک یہ قرآن اس راہ کی رہنمائی کرتا ہے جو سب سے سیدھی ہے، اور ان مومنوں کو بشارت دیتا ہے جو

يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۙ وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا

يَعْمَلُوْنَ	الصّٰلِحٰتِ	اَنَّ	لَهُمْ	اَجْرًا كَبِيْرًا	وَّاَنَّ	الَّذِيْنَ	لَا
عمل کرتے ہیں	اچھے	کہ	انکے لئے	بڑا اجر	اور یہ کہ	جو لوگ	نہیں

اچھے عمل کرتے ہیں کہ ان کے لئے بڑا اجر ہے۔ اور یہ کہ جو لوگ آخرت پر ایمان

يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝١٠ وَيَدْعُ ع ١٢

يُؤْمِنُوْنَ	بِالْاٰخِرَةِ	اَعْتَدْنَا	لَهُمْ	عَذَابًا	اَلِيْمًا	وَيَدْعُ
ایمان لاتے	آخرت پر	ہم نے تیار کیا	انکے لئے	عذاب	دردناک	اور دعا کرتا ہے

نہیں لاتے، ہم نے ان کے لئے تیار کیا ہے عذاب دردناک اور انسان برائی

الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ۝١١

الْاِنْسَانُ	بِالشَّرِّ	دُعَآءَهٗ	بِالْخَيْرِ	وَكَانَ	الْاِنْسَانُ	عَجُوْلًا
انسان	برائی کی	اسکی دعا	بھلائی	اور ہے	انسان	جلد باز

کی دعا کرتا ہے، جیسے وہ بھلائی کی دعا کرتا ہے، اور انسان جلد باز ہے۔

⑨ إِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ
اَيْ لِلطَّرِيْقَةِ الَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ
اَعْدَلُ وَاَصْوَبُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ
الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ
لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۝ وَّيُخْبِرُ
⑩ اَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ
بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا اَعْدَدْنَا
لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ مُؤْلِمًا هُوَ النَّارُ
⑪ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ عَلٰى نَفْسِهٖ

⑨ بیشک یہ قرآن اس راہ پر لاتا ہے جو سیدھی اور درست ہے۔ اور اہل ایمان کو جو نیک عمل کرتے ہیں اس کی بشارت سناتا ہے کہ بالضرور ان کے واسطے بڑا اجر ہے

اور اس امر کی خبر دیتا ہے کہ

⑩ بے شبہ ہم نے سخت عذاب دردناک اور دوزخ تیار کر رکھی ہے ان لوگوں کے لئے جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے

⑪ وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالْخَيْرِ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاَهْلِهٖ اِذَا اضْجَرَ دُعَآءَهٗ اَیْ کَدُعَائِهٖ لَهٗ بِالْخَیْرِ وَکَانَ الْاِنْسَانُ الْجِنْسُ عَجُوْلًا ○ بِالدُّعَاءِ عَلٰی نَفْسِهٖ وَعَدَمِ النَّظَرِ فِیْ عَاقِبَتِهٖ

اور آدمی جب تنگ ہوتا ہے اپنے اور اپنے گھر والوں کیلئے برائی مانگتا ہے اور بددعا کرتا ہے ایسی طرح کہ جیسے بھلائی کی دعا کرے اور بیشک آدمی بہت جلدی کرنے والا ہے اپنی جان پر بددعا کرنے میں اور انجام میں نظر نہ کرنے میں۔

تشریح

(۹) قرآن سارے عالم انسانیت کی رہنمائی کرتا ہے | اللہ تعالیٰ نے حضرت محمدؐ سے پہلے جو نبی مقرر فرمائے ان کا تعلق خاص قوموں اور خاص علاقوں سے تھا۔ ان پر جو کتابیں نازل کیں وہ بھی ایک محدود وقت کے لئے تھیں۔ جیسا کہ توریت کے بارے میں ارشاد ہوا کہ هُدًى لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ (تورات بنی اسرائیل کی ہدایت کے لئے تھی) حضرت محمدؐ پیغمبر عالم ہیں اور آپ پر اللہ نے جو کتاب قرآن مجید نازل کی وہ سارے عالم انسانیت کی رہنمائی کے لئے ہے۔ یہ قرآن بالکل سیدھا سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔ لیکن یہ رہبری ان ہی کے لئے ہے جو اسکو اللہ کی کتاب مانیں اور اس پر عمل کرنے کے لئے تیار ہوں۔ جو لوگ اس کو مانکر اس پر عمل کریں گے ان کو اجر عظیم کی بشارت سنائی گئی ہے۔

(۱۰) آخرت پر ایمان کی اہمیت | شروع سے اللہ تعالیٰ کے تمام پیغمبر اور اللہ کی نازل کی ہوئی کتابیں لوگوں کو توحید رسالت اور آخرت کی دعوت دیتی رہی ہیں۔ اگر کوئی شخص آخرت پر ایمان نہیں رکھتا اور یہ نہیں مانتا کہ مرنے کے بعد اس کو دوبارہ زندہ ہونا ہے اور دنیا میں اپنے کئے ہوئے کاموں کا اللہ کے سامنے حساب دینا ہے تو نہ وہ پیغمبروں کی دعوت سے کوئی فائدہ اٹھا سکتا ہے اور نہ اللہ کی نازل کی ہوئی کتابوں کی تعلیم اس کے لئے مفید ہوسکتی ہے۔ آخرت کے نہ ماننے والوں کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اللہ نے ان کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ جب انسان کو آخرت کی جوابدہی کی فکر نہیں ہوتی تو دنیا میں بھی انسان آزاد رہتا ہے اور جو جی میں آتا ہے کرتا ہے اس طرح اس کی دنیا بھی برباد ہوجاتی ہے۔ ایسے لوگوں کو بنی اسرائیل کے حالات سے سبق حاصل کرنا چاہیئے کہ فکر آخرت چھوڑ کر جب وہ دنیا کی لذتوں میں گم ہوئے تو دنیا میں بھی ذلیل و خوار ہوکر رہ گئے۔

(۱۱) ناعاقبت اندیش انسان خیر کے بجائے شر مانگتا ہے | یہ انسان بھی کیسا ناعاقبت اندیش ہے جلد بازی اس کی فطرت میں شامل ہے یہ قرآن لوگوں کو بھلائی کی طرف بلاتا ہے، ان کی دنیا اور آخرت سنوارنے کی کوشش کرتا ہے مگر انسان اس کی تعلیم کو ٹھکرا کر بجائے خیر حاصل کرنے کے کہتا ہے کہ لے آؤ وہ عذاب جس سے تم ہمیں ڈراتے تھے۔ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ (خداوندا! اگر پیغمبر اپنے دعویٰ میں سچے ہیں تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا دیجئے یا کوئی سخت عذاب نازل کیجئے۔)

بعض اوقات اہل اسلام بھی مخالفین کی سختیوں سے گھبرا کر کہنے لگتے تھے کہ ان ظالموں پر اللہ تعالیٰ اپنا عذاب کیوں نازل نہیں کرتے۔ یہ انسان کی بے صبری فطرت ہے کہ جلد بازی میں آدمی ایسی بات کہہ جاتا ہے۔ کتنے ہی لوگ ہیں جن کو اللہ نے ان میں سے جو اپنے وقت پر مخالف تھے توفیق عطا فرمائی اور اسلام میں بڑے کارآمد ثابت ہوئے۔ غرض معاملہ عمل کا ہو یا اللہ کے عذاب کا انسان کی جلد بازفطرت اس کو اکساتی ہے۔ انسان کو صبر سے اور تحمل سے کام لینا چاہیئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَا

وَجَعَلْنَا	الَّيْلَ	وَالنَّهَارَ	اٰيَتَيْنِ	فَمَحَوْنَآ	اٰيَةَ	الَّيْلِ	وَجَعَلْنَا
اور ہم نے بنایا	رات	اور دن	دو نشانیاں	پھر ہم نے مٹادیا	نشانی	رات	اور ہم نے بنایا

اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا، پھر ہم نے رات کی نشانی کو مٹا دیا (ماند کردیا) اور ہم نے

اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا

اٰيَةَ + النَّهَارِ	مُبْصِرَةً	لِتَبْتَغُوْا	فَضْلًا	مِّنْ + رَّبِّكُمْ	وَلِتَعْلَمُوْا
دن کی نشانی	دکھانے والی	تاکہ تم تلاش کرو	فضل	اپنے رب سے (کا)	اور تاکہ تم معلوم کرو

دن کی نشانی کو دکھانے والی بنایا تاکہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو، اور تاکہ برسوں کی

عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ تَفْصِيْلًا ﴿۱۲﴾

عَدَدَ	السِّنِيْنَ	وَالْحِسَابَ	وَكُلَّ	شَيْءٍ	فَصَّلْنٰهُ	تَفْصِيْلًا
گنتی	برس (جمع)	اور حساب	اور ہر	چیز	ہم نے بیان کیا ہے	تفصیل کے ساتھ

گنتی اور حساب معلوم کرو۔ اور ہر چیز کو ہم نے تفصیل کے ساتھ بیان کر دیا ہے

وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰۗىِٕرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ۭ وَنُخْرِجُ لَهٗ

وَكُلَّ	اِنْسَانٍ	اَلْزَمْنٰهُ	طٰۗىِٕرَهٗ	فِيْ + عُنُقِهٖ	وَنُخْرِجُ	لَهٗ
اور ہر	انسان	اسکو گادی (لٹکادی)	اسکی قسمت	اس کی گردن سے	اور ہم نکالیں گے	اسکے لئے

اور ہم نے ہر انسان کی قسمت اس کی گردن میں لٹکا دی۔ اور ہم اس کے لئے نکالینگے

يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾

يَّوْمَ	الْقِيٰمَةِ	كِتٰبًا	يَّلْقٰىهُ	مَنْشُوْرًا
روزِ	قیامت	ایک نوشتہ	اور اُسے پائیگا	کھلا ہوا

روزِ قیامت ایک نوشتہ وہ اُسے کھلا ہوا پائے گا۔

(۱۲) وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ
دَالَتَيْنِ عَلٰى قُدْرَتِنَا فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ
الَّيْلِ طَمَسْنَا نُوْرَهَا بِالظَّلَامِ لِتَسْكُنُوْا
فِيْهِ وَالْاِضَافَةُ لِلْبَيَانِ وَجَعَلْنَا
اٰيَةَ النَّهَارِ مُبْصِرَةً اَیْ مُبْصِرًا

(۱۲) اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں اپنی قدرت کی بتائیں سو رات کی نشانی کو ہم نے مٹادیا کہ ان کی روشنی کو مٹا کر اس میں اندھیرا رکھدیا تاکہ اس میں آرام حاصل کرو (آیۃ اللیل میں اضافت بیانیہ ہے) اور دن کی نشانی کو ہم نے روشن کیا تاکہ اس میں سب چیزیں نظر آدیں۔ اور تم اس میں

toobaa-elibrary.blogspot.com

فِيهَا بِالضَّوْءِ لِتَبْتَغُوا فِيهِ فَضْلًا مِنْ رَبِّكُمْ بِالْكَسْبِ وَلِتَعْلَمُوا بِهِمَا عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ ۚ لِلْأَوْقَاتِ وَكُلَّ شَيْءٍ يُحْتَاجُ إِلَيْهِ فَصَّلْنَاهُ تَفْصِيلًا ○ أَيْ بَيَّنَّاهُ تَبْيِينًا

بذریعہ معاش اپنے رب کا فضل تلاش کرو اور تاکہ دن اور رات کے سبب تم برسوں کی شمار اور وقتوں کا حساب جانو۔ اور ہم نے ہر ضروری چیز کو جس کی حاجت پڑے بالتفصیل بیان کر دیا۔

(۱۳) وَكُلَّ إِنْسَانٍ أَلْزَمْنَاهُ طَائِرَهُ عَمَلَهُ يَحْمِلُهُ فِي عُنُقِهِ خُصَّ بِالذِّكْرِ لِأَنَّ الرُّزُومَ فِيهِ أَشَدُّ وَقَالَ مُجَاهِدٌ مَا مِنْ مَوْلُودٍ يُولَدُ إِلَّا وَفِي عُنُقِهِ وَرَقَةٌ مَكْتُوبٌ فِيهَا شَقِيٌّ أَوْ سَعِيدٌ وَنُخْرِجُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كِتَابًا مَكْتُوبًا فِيهِ عَمَلُهُ يَلْقَاهُ مَنْشُورًا ○ صِفَتَانِ لِكِتَابًا

(۱۳) اور ہم نے ہر ایک انسان پر اس کا برا بھلا عمل لازم کر دیا کہ اسکو اپنی گردن میں اٹھا دے گا گردن کو خاص طور پر ذکر کیا کہ اسمیں لازم ہونا سخت تر ہے اور مجاہد نے کہا کہ نہیں ہے کوئی بچہ مگر اس کی گردن میں ایک کاغذ ہوتا ہے کہ اس میں لکھا ہوا ہوتا ہے کہ یہ بدبخت ہے یا نیک بخت۔

اور ہم اس کے لئے قیامت میں اس کا عمل نامہ جس میں اسکے تمام کام لکھے ہوئے ہوں گے نکالیں گے کہ جس کو وہ دیکھے گا کھلا ہوا۔

تشریح

(۱۲) یکسانی اور یک رنگی کے لئے بے چین نہ ہو | نیکی اور بدی کا وجود اللہ کی حکمت پر مبنی ہے۔ اس پوری کائنات کا نظام ہی دو مختلف قسم کی چیزوں پر قائم ہے۔ دیکھو رات اور دن دونوں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ رات بے نور ہے۔ اللہ تعالیٰ اندھیرے کی چادر پھیلا کر انسان کے لئے سکون و راحت کا سامان کرتے ہیں۔ دن روشن ہے تاکہ انسان روزی روٹی کے لئے جدوجہد کر سکے اور سورج کے طلوع و غروب سے مہینوں کا اور سالوں کا حساب رکھ سکے اسی طرح ہر چیز میں اختلاف اللہ کی نشانی ہے اور اس کی حکمت ہے۔ اسی طرح انسانی مزاجوں میں اختلاف ان سب میں اللہ کی مصلحت ہے اسی طرح خیر و شر کا وجود اپنے اندر بے شمار حکمتیں رکھتا ہے اس لئے یہ سمجھنا کہ سب کے سب ایک رنگ میں رنگ جائیں اور سب میں یکسانیت پیدا ہو جائے اللہ کی مصلحت کے خلاف ہے۔ اچھائی برائی کے ٹکراؤ سے انسانی قوتیں بیدار ہوتی ہیں انسان اپنی صلاحیت سے کام لیکر شر کا مقابلہ کرتا ہے اور اس کو اپنی قوت کے آزمانے کا موقع ملتا ہے ——— اس لئے جلد بازی نہ کرنا چاہیئے اور انتظار کرنا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ ہر کام اپنے وقت پر پورا فرماتے ہیں۔

(۱۳) خوش نصیبی اور بدبختی کے اسباب خود انسان کے اندر ہیں | اللہ تعالیٰ نے انسان کو قوت تمیز عطا کی ہے اپنی قوت فیصلہ سے وہ خود ہی اپنے آپ کو سعادت یا شقاوت کا مستحق بناتا ہے۔ اس کی بدبختی یا بدنصیبی کوئی باہر سے نہیں آتی بلکہ اس کے اندر ہی سے آتی ہے اگر وہ صحیح فیصلہ کرتا ہے تو سعادت کا مستحق بن جاتا ہے۔ غلط فیصلہ کرتا ہے تو بدبختی اس کے سامنے آکر کھڑی ہو جاتی ہے۔ قیامت کے دن یہی اعمال جو اس کی قوت و فیصلہ کے نتیجے میں صادر ہوئے ہیں کھلی کتاب کی طرح اس کے سامنے آئیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾ مَنِ اهْتَدٰى

اِقْرَاْ	كِتٰبَكَ	كَفٰى	بِنَفْسِكَ	الْيَوْمَ	عَلَيْكَ	حَسِيْبًا	مَنِ	اهْتَدٰى
پڑھ لے	اپنی کتاب (نامۂ اعمال)	کافی ہے	تو خود	آج	اپنے اوپر	حساب لینے والا	جس	ہدایت پائی

اپنا نامۂ اعمال پڑھ لے، آج تو خود اپنے اوپر کافی ہے حساب لینے والا (محتسب) جس نے ہدایت پائی

فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ؕ وَلَا تَزِرُ

فَاِنَّمَا	يَهْتَدِيْ	لِنَفْسِهٖ	وَمَنْ	ضَلَّ	فَاِنَّمَا	يَضِلُّ	عَلَيْهَا	وَلَا تَزِرُ
تو صرف	اس نے ہدایت پائی	اپنے لئے	اور جو	گمراہ ہوا	تو صرف	گمراہ ہوا	اپنے اوپر (اپنے برے کو)	اور بوجھ نہیں اٹھاتا

اس نے صرف اپنے لئے ہدایت پائی، اور جو کوئی گمراہ ہوا تو وہ گمراہ ہوا صرف اپنے برے کو، اور کوئی بوجھ اٹھانے

وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ

وَازِرَةٌ	وِّزْرَ	اُخْرٰى	وَمَا كُنَّا	مُعَذِّبِيْنَ	حَتّٰى	نَبْعَثَ
کوئی اٹھانیوالا	بوجھ	دوسرا	اور ہم نہیں	عذاب دینے والے	جب تک	ہم (نہ) بھیجیں

والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا، اور جب تک ہم کوئی رسول نہ بھیجیں ہم عذاب دینے والے نہیں۔

رَسُوْلًا ﴿۱۵﴾ وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا

رَسُوْلًا	وَاِذَآ	اَرَدْنَآ	اَنْ نُّهْلِكَ	قَرْيَةً	اَمَرْنَا	مُتْرَفِيْهَا
کوئی رسول	اور جب	ہم نے چاہا	کہ ہم ہلاک کریں	کوئی بستی	ہم نے حکم بھیجا	اس کے خوشحال لوگ

اور جب ہم نے کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہا تو ہم نے اس کے خوش حال لوگوں کو حکم بھیجا

فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿۱۶﴾

فَفَسَقُوْا	فِيْهَا	فَحَقَّ	عَلَيْهَا	الْقَوْلُ	فَدَمَّرْنٰهَا	تَدْمِيْرًا	
تو انہوں نے نافرمانی کی	اس میں	پھر پوری ہوگئی	ان پر	بات	پھر ہم نے انہیں ہلاک کیا	پوری طرح ہلاک۔	

تو انہوں نے اس میں نافرمانی کی، پھر ان پر پوری ہوگئی بات (حکم ثابت ہوگیا) پھر ہم نے انہیں بری طرح ہلاک کر دیا۔

﴿۱۴﴾ وَيُقَالُ لَهٗ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ۝ مُحَاسِبًا

﴿۱۴﴾ اور اس کو کہا جاویگا کہ پڑھ تو اپنا اعمال نامہ تو خود اپنا حساب لینے کو کافی ہے۔

﴿۱۵﴾ مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ؕ لِاَنَّ ثَوَابَ اِهْتِدَائِهٖ لَهٗ

﴿۱۵﴾ جس نے راہ پایا اس نے اپنے نفع کے لیے ہی راہ پایا کہ ثواب اسکی راہ یابی کا اسی کو ہے اور جو بہکا وہ اپنی جان پر بہکا کیوں وبال اُس کا اسی پر ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اِثْمَهٗ عَلَيْهَا وَلَا تَزِرُ نَفْسٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۭ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ۝ وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ۝ وَكَاَيِّنْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ۭ

اور کوئی جان گنہ گار دوسری جان کا گنہ نہیں اٹھاتی اور ہم کسی کو عذاب نہیں دیتے جب تک کہ ہم بھیجیں پیغمبر کہ جو اُن پر ظاہر کردے جو کچھ ان پر واجب ہے۔

(۱۶) اور جب ہم ارادہ کرتے ہیں کہ ہلاک کریں کسی گاؤں کو تو اس شہر کے رئیسوں امیروں کو بندگی کا حکم کرتے ہیں رسولوں کی معرفت۔ سو وہ ان شہروں میں ہمارے حکم کا خلاف کرتے ہیں۔ پس لازم ہوجاتا ہے ان پر وعدہ عذاب کا پس ہلاک کر ڈالتے ہیں ہم انکو ہلاک کرنا اور ان شہروں کو ویران کردیتے ہیں۔

تشریح

(۱۴) **پڑھو اپنا اعمال نامہ** | یہی کھلی کتاب اور نامۂ اعمال اس کے سامنے رکھ دیا جائیگا اور کہا جائیگا کہ لو خود ہی اپنا نامۂ اعمال پڑھ لو تمہارے حساب کے لئے یہی نامۂ اعمال کافی ہے۔ عمر بھر جو کام کئے انمیں کوئی کمی بیشی تو نہیں۔ ہر آدمی اس وقت یقین کریگا کہ ہر چھوٹا بڑا اچھا بُرا ہر عمل اس میں موجود ہے۔ شب و روز کے حساب کے بعد قیامت کے حساب کا ذکر فرمایا جو اُسی لیل و نہار کے اعمال پر بطور نتیجہ مرتب ہوتا ہے۔

(۱۵) **ہر شخص اپنے عمل کا خود ذمہ دار ہے** | ہدایت و گمراہی کا تعلق خود انسان کے ساتھ ہے جو ہدایت اختیار کرتا ہے وہ اپنا ہی فائدہ کرتا ہے اور جو گمراہی میں مبتلا ہوتا ہے وہ اپنا ہی نقصان کرتا ہے۔ اللہ اور رسول اور سچائی کا راستہ بتانے والے لوگ انسانوں کی خیر خواہی اور بھلائی کے لئے کوشش کرتے ہیں کہ انسان اچھائی کا راستہ اختیار کرے ان کی اپنی کوئی غرض نہیں ہوتی سمجھداری کی بات یہ ہے کہ جب سچائی سامنے آجائے تو آدمی اس کو اختیار کرلے۔

اللہ تعالےٰ نے ہر انسان کو اپنے اعمال کا ذمہ دار بنایا ہے۔ وہ اپنی شخصی حیثیت میں اللہ تعالےٰ کے سامنے جوابدہ ہے اس کی ذاتی ذمے داری میں کوئی دوسرا شریک نہیں ہے۔ اللہ تعالےٰ کے یہاں جزا یا سزا ہر ایک کو اپنے اعمال کے مطابق ملیگی یہ بات بھی واضح کردی گئی ہے کہ اللہ کی طرف سے حجت پوری ہونے کے بعد ہی کوئی فیصلہ ہوتا ہے۔ اللہ تعالےٰ اپنے رسولوں کو بھیجتے ہیں ان کو اپنی ہدایت سے نوازتے ہیں جو شخص ان کے پیغام کو قبول کرلیتا ہے اس کو بہترین جزا ملے گی اور جو سچائی سے منہ موڑتا ہے اس کا بدلہ اس کو مل کر رہے گا۔ جب سے دنیا آباد ہوئی ہے اللہ تعالیٰ کا دستور رہا ہے کہ حق و باطل کا فرق سمجھانے کے لئے اپنے پیغمبروں کو مقرر کرتا رہا ہے۔

(۱۶) **جب اصلاح کی کوئی تدبیر باقی نہیں رہتی تب اللہ کی طرف سے عذاب کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔** | اللہ تعالیٰ کا دستور یہ ہے کہ لوگوں کو موقع دیتے ہیں کہ وہ اپنے آپ کو درست کرلیں، پیغمبروں کو بھیجا جاتا ہے وہ لوگوں کو سمجھاتے ہیں اور اصلاح کی امکانی کوشش کرتے ہیں کیونکہ اللہ تبارک و تعالےٰ معاشرے کے فساد کو پسند نہیں کرتے اگر ظلم و فساد عام ہو جائے تو اچھے لوگوں کا جینا دوبھر ہوجائے گا اس لئے پہلے تو اللہ تعالیٰ موقع دیتے ہیں لیکن جب دیکھتے ہیں کہ اصلاح کے تمام دروازے بند ہو چکے ہیں اور سماج کا بااثر طبقہ اپنے آپ کو بدلنے کے لئے تیار نہیں ہے تو اتمام حجت کے بعد عذاب الٰہی کا فیصلہ ہوتا ہے اور اس بستی کو تباہ و برباد کردیا جاتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ

وَكَمْ	اَهْلَكْنَا	مِنَ	الْقُرُوْنِ	مِنْۢ بَعْدِ	نُوْحٍ	وَكَفٰى	بِرَبِّكَ
اور کتنی	ہم نے ہلاک کردیں	سے	بستیاں	بعد	نوح ؑ	اور کافی	تیرا رب

اور ہم نے نوح ؑ کے بعد کتنی ہی بستیاں ہلاک کر دیں۔ اور تیرا رب کافی ہے

بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۱۷﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ

بِذُنُوْبِ	عِبَادِهٖ	خَبِيْرًۢا	بَصِيْرًا	مَنْ	كَانَ ۔ يُرِيْدُ
گناہوں کو	اپنے بندے	خبر رکھنے والا	دیکھنے والا	جو کوئی	چاہتا ہے

اپنے بندوں کے گناہوں کی خبر رکھنے والا دیکھنے والا ہے۔ جو کوئی جلدی (دنیا میں) چاہتا

الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ

الْعَاجِلَةَ	عَجَّلْنَا	لَهٗ ۔ فِيْهَا	مَا نَشَآءُ	لِمَنْ	نُّرِيْدُ	ثُمَّ	جَعَلْنَا	لَهٗ
جلدی	ہم جلد دیدینگے	اُس کو اس (دنیا میں)	جتنا ہم چاہیں	جس کو	ہم چاہیں	پھر	ہم نے بنادیا	اسکے لئے

ہے ہم اس کو جتنا چاہیں جلدی (دنیا میں) دیدیں گے، پھر ہم نے اس کے لئے جہنم

جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۱۸﴾ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى

جَهَنَّمَ	يَصْلٰىهَا	مَذْمُوْمًا	مَّدْحُوْرًا	وَمَنْ	اَرَادَ	الْاٰخِرَةَ	وَسَعٰى
جہنم	وہ داخل ہوگا اس میں	مذمت کیا ہوا	دور کیا ہوا (دھکیلا ہوا)	اور جو	چاہے	آخرت	اور کوشش کی اسنے

بنادیا ہے وہ اس میں داخل ہوگا مذمت کیا ہوا دھکیلا ہوا۔ اور جو کوئی آخرت چاہے اور اس کے لئے

لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۱۹﴾

لَهَا	سَعْيَهَا	وَهُوَ	مُؤْمِنٌ	فَاُولٰٓئِكَ	كَانَ	سَعْيُهُمْ	مَّشْكُوْرًا
اسکے لئے	اسکی سی کوشش	اور شرطیکہ (وہ)	مومن	پس یہی لوگ	ہے ہوئی	ان کی کوشش	قدر کی ہوئی (مقبول)

اسکی سی کوشش کرے، بشرطیکہ وہ مومن ہو، پس یہی لوگ ہیں جن کی کوشش مقبول ہوئی۔

﴿۱۷﴾ وَكَمْ اَيْ كَثِيْرًا اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ
الْاُمَمِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ
بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ۝ عَالِمًا
بِبَوَاطِنِهَا وَظَوَاهِرِهَا وَبِهٖ يَتَعَلَّقُ بِذُنُوْبِ
﴿۱۸﴾ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ بِعَمَلِهِ الْعَاجِلَةَ

﴿۱۷﴾ اور ہم نے ہلاک کیا بہت امتوں کو نوح کے بعد اور تیرا رب اپنے بندوں کے گناہوں سے خوب واقف ہے ظاہر و پوشیدہ گناہوں کو جانتا اور دیکھتا ہے

﴿۱۸﴾ جو کوئی اپنے عمل سے دُنیا چاہے تو ہم جس کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَیِ الدُّنْیَا عَجَّلْنَا لَهٗ فِیْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِیْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ یَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ○ وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْیَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْیُهُمْ مَّشْكُوْرًا ○ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ○ اُنْظُرْ كَیْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِیْلًا ○ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ○ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِیَّاهُ وَبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا اِمَّا یَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِیْمًا ○ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا ○

دنیا چاہتے ہیں اس کو جو چاہیں دنیا میں دیتے ہیں پھر آخرت میں اس کے واسطے دوزخ تیار کرتے ہیں کہ جس میں وہ داخل ہوگا اس طرح سے کہ اس پر ہر طرف سے ملامت برسے گی۔ اور رحمت الٰہی سے دور ہوگا۔

(۱۹) اور جو کوئی آخرت کا ارادہ کرتا ہے اور اس کے موافق اس کے لئے سعی کرتا ہے یعنی وہ عمل کرتا ہے جو وہاں کے لائق ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ مسلمان ہے تو یہی لوگ ہیں جنکی کوشش عنداللہ مقبول ہے ان کو ان پر ثواب حاصل ہوگا۔

تشریح

(۱۷) حضرت نوح کی قوم اور اس کے بعد کتنی ہی قومیں اسی طرح ہلاکت میں مبتلا ہوئیں۔

تاریخ اٹھا کر دیکھو تو قوم نوح کی عام تباہی کے بعد کتنی ہی قومیں اور نسلیں اسی طرح تباہی سے دوچار ہوتی رہیں۔ قوم عاد، قوم ثمود یہ وہ قومیں تھیں جو اپنے اپنے وقت میں نہایت طاقتور مہذب اور ممتاز سمجھی جاتی تھیں مگر جب انھوں نے اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کی ناشکری کی اور اللہ کی دی ہوئی قوتوں کا غلط استعمال کرکے کمزوروں پر ظلم کرنا شروع کیا تو پھر انکو بھی ایسا ہلاک کردیا گیا کہ آج ان کی تہذیب کے نشانات عبرت کا نشان بنے ہوئے ہیں۔ اس دنیا کو چلانے والا پروردگار بے خبر نہیں ہے وہ بندوں کے گناہوں سے پوری طرح باخبر ہے اور سب کچھ دیکھ رہا ہے۔ نہ کسی کو بے قصور پکڑتا ہے اور نہ غیر مناسب سزا دیتا ہے۔

(۱۸) دنیا کے طلبگار کو دنیا اور آخرت کے طالب کو آخرت ملے گی

دنیا میں دو قسم کے انسان پائے جاتے ہیں۔ ایک وہ ہیں جو دنیا پرست ہیں دنیا کے طالب ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُسے اس کی طلب کے مطابق متاعِ دنیا اپنی حکمت اور مصلحت کے مطابق دے دیتے ہیں تاکہ اس کی جدوجہد اور جو اس نے دنیا کے لئے اچھے کام کئے ہیں ان کا بدلہ یہیں دنیا میں مل جائے اور اس کو ڈھیل اور موقع بھی دیتے ہیں فوراً پکڑ نہیں کرتے البتہ دنیا کا طلبگار آخرت کی نعمتوں سے محروم رہتا ہے بلکہ آخرت کی جوابدہی سے اس کی لاپرواہی عذابِ آخرت کا مستحق بنا دیتی ہے۔

(۱۹) وہ مومن جو آخرت کے طلبگار ہیں

وہ صاحبِ ایمان لوگ جو سچے دل سے ایمان لائے ہیں نیک نیتی اور اخلاص کے ساتھ اللہ کی رضا کے لئے اور آخرت کے اجر و ثواب کے لئے نیک عمل کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے کام کی قدردانی کرتے ہیں اور ان کی کوشش کے مطابق ان کو آخرت میں ان کے عمل کا پھل یقیناً ملے گا، ان کی کوشش ضائع نہ ہونگی بلکہ بارگاہِ الٰہی میں حسنِ قبول سے سرفراز ہوں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۭ وَ

كُلًّا	نُّمِدُّ	هٰٓؤُلَآءِ	وَ هٰٓؤُلَآءِ	مِنْ	عَطَآءِ	رَبِّكَ	وَ
ہر ایک	ہم دیتے ہیں	اِن کو بھی	اور اُن کو بھی	سے	بخشش	تیرا رب	اور

ہم تیرے رب کی بخشش سے اِن کو بھی اور اُن کو بھی ہر ایک کو دیتے ہیں اور

مَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ﴿۲۰﴾ اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا

مَا كَانَ	عَطَآءُ	رَبِّكَ	مَحْظُوْرًا	اُنْظُرْ	كَيْفَ	فَضَّلْنَا
نہیں ہے	بخشش	تیرا رب	روکی جانے والی	دیکھو	کس طرح	ہم نے فضیلت دی

تیرے رب کی بخشش (کسی پر) روکی جانے والی نہیں۔ دیکھو! ہم نے کس طرح اُن کے ایک کو

بَعْضَهُمْ عَلٰي بَعْضٍ ۭ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّ

بَعْضَهُمْ	عَلٰي	بَعْضٍ	وَلَلْاٰخِرَةُ	اَكْبَرُ + دَرَجٰتٍ	وَّ
اُنکے بعض (ایک)	پر	بعض (دوسرا)	اور البتہ آخرت	سب سے بڑے درجے	اور

دوسرے پر فضیلت دی اور البتہ آخرت کے درجے سب سے بڑے اور

اَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ﴿۲۱﴾ لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ

اَكْبَرُ	تَفْضِيْلًا	لَا تَجْعَلْ	مَعَ + اللّٰهِ	اِلٰهًا + اٰخَرَ
سب سے برتر	فضیلت میں	نہ ٹھہرا	اللہ کے ساتھ	کوئی دوسرا معبود

فضیلت میں سب سے برتر ہیں۔ اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود نہ ٹھہرا

ع ۲ ۱۲ ۲

فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿۲۲﴾

فَتَقْعُدَ	مَذْمُوْمًا	مَّخْذُوْلًا
پس تو بیٹھ رہیگا	مذمت کیا ہوا	بے بس ہو کر

پس تو بیٹھ رہے گا مذمت کیا ہوا، بے بس ہو کر۔

﴿۲۰﴾ كُلًّا مِّنَ الْفَرِيْقَيْنِ نُمِدُّ نُعْطِيْ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ بَدَلٌ مِّنْ مُتَعَلِّقِ نُمِدُّ عَطَآءِ رَبِّكَ ۭ فِي الدُّنْيَا وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ فِيْهَا مَحْظُوْرًا ۝ مَمْنُوْعًا

﴿۲۰﴾ دونوں جماعتوں میں سے ہر ایک کو یعنی اِن کو اور اُن کو ہم تیرے رب کی عطا سے حصہ دیتے ہیں دنیا میں اور دنیا میں تیرے رب کی عطا کسی سے روکی گئی نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

عَنْ اَحَدٍ

(۲۱) اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۭ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ○

(۲۱) تو دیکھ کہ ہم نے کس طرح بعض کو بعض پر بڑائی دی روزی اور مرتبہ میں اور بے شبہ آخرت بڑی ہے باعتبار درجات کے اور دنیا پر اس کو بہت زیادہ فضیلت ہے سو اسی کی طرف توجہ اور قصد چاہیئے۔ نہ کہ دنیا کی طرف۔

لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ○

(۲۲) اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود شریک نہ بنا اگر ایسا کریگا تو کوئی تیرا مددگار اور ساتھی نہ رہیگا اور سب تیری مذمت اور عیب کریں گے۔

تشریح

(۲۰) دنیا میں سامانِ زندگی سب کو دیا جارہا ہے | اللہ تبارک وتعالیٰ کی عطا و بخشش کا خزانہ کھلا ہوا ہے۔ دنیا پرستوں کو دنیا مل رہی ہے اور آخرت کے طلبگاروں کو آخرت کا حصہ ملے گا۔ لیکن جہاں تک سامانِ زندگی کا تعلق ہے وہ دونوں کو ملتا ہے دنیا پرست ہوں یا آخرت کے طلبگار، سامانِ زیست سب کے لئے ہے اس میں نیک و بد کی کوئی شرط نہیں ہے اللہ کی عطا کو کوئی روکنے والا نہیں ہے، نہ دنیا والوں میں یہ طاقت ہے کہ وہ آخرت کے طلبگاروں کو اللہ کے رزق سے محروم کر دیں اور نہ آخرت کے طلب گار دنیا والوں کو اللہ کی نعمتوں سے محروم کرنے کی قدرت رکھتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کی رضا اور چیز ہے اور دنیا کی خوشحالی اور ہے۔ دنیا میں خوشحالی کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آخرت میں بھی اللہ کی رضا حاصل ہے آخرت میں اللہ کی رضا اسی کو حاصل ہے جو واقعی آخرت کا طلب گار ہے۔

(۲۱) دنیا کی طرح آخرت میں بھی فضیلت کے مراتب ہوں گے | دنیا میں ہم دیکھتے ہیں کہ کچھ لوگوں کو اللہ تعالیٰ دنیا کے سامان خوب عطا کر دیتے ہیں دنیا کی زندگی میں ان کے پاس مال و دولت ہے عزت و حکومت ہے، اولاد ہے۔ کچھ لوگ ان سب چیزوں سے محروم ہیں۔ کسی کے پاس کوئی ایک چیز ہے تو دوسری نہیں ہے، کسی کو اللہ نے اولاد دی ہے تو اس کے ساتھ غربت ہے، کسی کے پاس مال و دولت ہے تو اولاد نہیں ہے۔ غرض دنیا میں مختلف قسم کے لوگ اپنے مراتب وغیرہ کے اعتبار سے پائے جاتے ہیں۔

ٹھیک اسی طرح آخرت میں اعمال کے اعتبار سے فرقِ مراتب ہوگا جس نے دنیا میں اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کو ٹھیک ٹھیک استعمال کیا حلال راستے سے کمایا حلال راستے سے خرچ کیا اجر آخرت کا طلبگار رہا اللہ تعالیٰ اس کو آخرت کے اعلیٰ مراتب عطا فرمائیں گے۔ آخرت کے اعلیٰ مراتب حاصل کرنے کا طریقہ کیا ہے کن راہوں پر چل کر انسان آخرت کے بلند مراتب حاصل کر سکتا ہے اس کی نشاندہی آنے والی آیتوں میں کی جارہی ہے۔

(۲۲) آخرت کی کامیابی کی پہلی شرط توحید پر ایمان | آخرت کی کامیابی کے لئے سب سے پہلی اور بنیادی شرط یہ ہے کہ اللہ کے ساتھ کسی دوسری ہستی کو کسی طرح سے بھی شریک نہ کیا جائے اسکا ساجھی نہ بنایا جائے اسلامی زندگی کی پوری بنیاد وحدتِ الٰہ پر قائم ہے کہ اللہ ہی ہمارا معبود ہے وہی ہمارا مقصود ہے اسکی ذات و صفات میں کوئی دوسرا شریک اور ساجھے دار نہیں ہے وہ اپنی عظمت اپنی رفعت اور اپنی ذات و صفات اور کبریائی ہر اعتبار سے یکتا اور بے مثال ہے انسان کسی کو بھی اسکے ساتھ کسی طرح سے اسکی خدائی میں شریک نہ کرے صرف اسی کو مطاعِ حقیقی مانے اسکی فرمانبرداری اور اطاعت کرتا رہے ورنہ بے یار و مددگار رہ جائیگا اور کوئی نیک عمل اسکے کام نہ آئیگا۔ اسلامی زندگی کی عمارت کی یہ بنیادی اینٹ ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ

وَقَضٰى	رَبُّكَ	اَلَّا + تَعْبُدُوْٓا	اِلَّآ + اِيَّاهُ	وَبِالْوَالِدَيْنِ	اِحْسَانًا
اور حکم فرمادیا	تیرا رب	کہ نہ عبادت کرو	اس کے سوا	اور ماں باپ سے	حسن سلوک

اور تیرے رب نے حکم فرمادیا کہ اس کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ سے حسن سلوک کرو

اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا

اِمَّا + يَبْلُغَنَّ	عِنْدَكَ	الْكِبَرَ	اَحَدُهُمَآ	اَوْ	كِلٰهُمَا
اگر وہ پہنچ جائیں	تیرے سامنے	بڑھاپا	انمیں سے ایک	یا	وہ دونوں

اور ان میں سے ایک یا وہ دونوں تیرے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں

فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا

فَلَا تَقُلْ	لَّهُمَا	اُفٍّ	وَّلَا تَنْهَرْهُمَا	وَقُلْ	لَّهُمَا	قَوْلًا
تو نہ کہہ	انہیں	اُف	اور نہ جھڑکو انہیں	اور کہو	ان سے	بات

نہ کہو اُف (بھی) اور انہیں نہ جھڑکو، اور ان سے ادب کے ساتھ بات

كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ

كَرِيْمًا	وَاخْفِضْ	لَهُمَا	جَنَاحَ	الذُّلِّ	مِنَ	الرَّحْمَةِ
ادب کے ساتھ	اور جھکادے	انکے لئے	بازو	عاجزی	سے	مہربانی

کہو (کرو) اور ان کے لئے عاجزی کے (ساتھ) بازو جھکا دو مہربانی سے

وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾

وَقُلْ	رَّبِّ	ارْحَمْهُمَا	كَمَا	رَبَّيٰنِيْ	صَغِيْرًا	
اور کہو	اے میرے رب	ان دونوں پر رحم فرما	جیسے	انہوں نے میری پرورش کی	بچپن	

اور کہو اے میرے رب! ان دونوں پر رحم فرما جیسے انہوں نے بچپن میں میری پرورش کی۔

﴿۲۳﴾ وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا الخ

اور تیرے رب نے حکم فرمایا کہ اس کے سوا کسی کو نہ پوجو اور ماں باپ کے ساتھ سلوک انکی اطاعت کرو۔

﴿۲۳﴾ وَقَضٰى اَمْرَ رَبُّكَ اَنْ اَىْ
بِاَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ
وَاَنْ تُحْسِنُوْا بِالْوَالِدَيْنِ
اِحْسَانًا ؕ بِاَنْ تَبَرُّوْهُمَا
اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ

اگر انمیں سے ایک دونوں تیرے سامنے بوڑھے ہوجادیں تو

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَحَدُهُمَآ أَوْ كِلَاهُمَا فَلَا تَقُل لَّهُمَآ أُفٍّ وَلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُل لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيمًا ۝

اُن کو اُف بھی نہ کہہ اور بد دعا اور برائی انکی نہ کر اور دونوں کو برا نہ کہہ اور نہ جھڑک اور ان کے سامنے نرمی اور عاجزی کی بات کر

وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُل رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا ۝

(۲۴) اور ان کے سامنے ذلیل ہو جا نرم ہو کر اور نظر محبت والفت سے ان کو دیکھ اور کہہ کہ میرے رب ان پر مہربانی فرما جیسے انھوں نے مجھ پر مہربانی کی جبکہ مجھ کو پالا اور پرورش کیا چھوٹی عمر میں۔

تشریح

(۲۳) اسلامی زندگی کا دوسرا اصول عبادت واطاعت صرف اللہ کی اور والدین کے ساتھ حسن سلوک

اسلامی زندگی کی پہلی بنیاد توحید کو بنایا گیا ہے۔ اسلامی زندگی کا دوسرا اصول یہ ہے کہ عبادت اور اطاعت صرف اللہ کی، نہ اس کی اطاعت میں کوئی شریک ہو اور نہ اس کی اطاعت سے کوئی دوسری اطاعت ٹکرائے۔ انسان کا سر صرف اللہ کی چوکھٹ پر جھکے اور بے چون وچرا انسان صرف اللہ کی اطاعت کرے اللہ ہی کے قانون کو قانون مانے اور اس کے اقتدارِ اعلیٰ پر اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کی عمارت کھڑی کرے۔

اسلامی زندگی کی تیسری بنیاد والدین کے ساتھ حسن سلوک ہے کیونکہ انسانی رشتوں میں یہ وہ رشتہ ہے کہ اللہ کے احسان کے بعد والدین کا احسان اپنی اولاد پر سب سے زیادہ ہے اسلئے اللہ کی شکر گزاری کے ساتھ بندوں میں سب سے اہمیت والدین کی اطاعت انکے ساتھ حسن سلوک ان کا احترام اور ان کے جذبات کا لحاظ و پاس ہے اگر وہ دونوں یا دونوں میں سے ایک بوڑھے ہو جائیں اور بڑھاپے میں مزاج میں تبدیلی آجاتی ہے کچھ تلخی بھی پیدا ہو جاتی ہے تو حکم یہ ہے کہ انہیں اُف تک نہ کہو انہیں جھڑک کر جواب نہ دو۔

(۲۴) والدین کی پوری تعظیم کرو

والدین کے ساتھ احترام کے ساتھ پیش آؤ رحمدلی اور نرمی کے ساتھ ان کے سامنے جھک جاؤ اور ان کے لئے دعا کیا کرو کہ پروردگار میں اپنے والدین کی خدمت وتعظیم کا پورا حق ادا نہیں کرسکتا۔ آپ میرے والدین پر رحم فرمائیں جسطرح انہوں نے بچپن میں میرے ساتھ رحمت وشفقت کا سلوک کیا ہے آپ بھی ان کے ساتھ اچھا سلوک کریں حدیث میں ہے نبی ﷺ نے فرمایا کہ وہ شخص خاک میں مل گیا جس نے اپنے والدین کو پایا اور ان کی خدمت کر کے جنت حاصل نہ کی والدین کا اولاد پر یہ بھی حق ہے کہ ان کے انتقال کے بعد ان کی مغفرت کی دعا کرتا رہے اور ان کے دوستوں اور رشتہ داروں کے ساتھ اچھی طرح پیش آئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا فِي نُفُوسِكُمْ ۚ إِنْ تَكُونُوا صَالِحِينَ فَإِنَّهُ كَانَ لِلْأَوَّابِينَ

رَبُّكُمْ	أَعْلَمُ	بِمَا	فِي نُفُوسِكُمْ	إِنْ	تَكُونُوا	صَالِحِينَ	فَإِنَّهُ	كَانَ	لِلْأَوَّابِينَ
تمہارا رب	خوب جانتا ہے	جو	تمہارے دلوں میں	اگر	تم ہوگے	نیک (جمع)	تو بیشک وہ	ہے	رجوع کرنیوالوں کیلئے

تمہارا رب خوب جانتا ہے جو تمہارے دلوں میں ہے، اگر تم نیک ہو گے تو بیشک وہ رجوع کرنے والوں کو

غَفُورًا ﴿٢٥﴾ وَآتِ ذَا الْقُرْبَىٰ حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ

غَفُورًا	وَآتِ	ذَا الْقُرْبَىٰ	حَقَّهُ	وَالْمِسْكِينَ	وَابْنَ السَّبِيلِ
بخشنے والا	اور دو	قرابت دار	اسکا حق	اور مسکین	اور مسافر

بخشنے والا ہے۔ اور دو قرابت دار کو اس کا حق اور مسکین اور مسافر کو،

وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيرًا ﴿٢٦﴾ إِنَّ الْمُبَذِّرِينَ كَانُوا إِخْوَانَ

وَلَا تُبَذِّرْ	تَبْذِيرًا	إِنَّ	الْمُبَذِّرِينَ	كَانُوا	إِخْوَانَ
اور نہ فضول خرچی کرو	اندھا دھند	بیشک	فضول خرچ (جمع)	ہیں	بھائی (جمع)

اور اندھا دھند فضول خرچی نہ کرو بیشک فضول خرچ شیطانوں کے بھائی

الشَّيَاطِينِ ۖ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهِ كَفُورًا ﴿٢٧﴾

الشَّيَاطِينِ	وَكَانَ	الشَّيْطَانُ	لِرَبِّهِ	كَفُورًا
شیطان (جمع)	اور ہے	شیطان	اپنے رب کا	ناشکرا

ہیں اور شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔

﴿٢٥﴾ رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا فِي نُفُوسِكُمْ ۚ
مِنْ إِضْمَارِ الْبِرِّ وَالْعُقُوقِ
إِنْ تَكُونُوا صَالِحِينَ طَائِعِينَ
لِلَّهِ تَعَالَىٰ فَإِنَّهُ كَانَ لِلْأَوَّابِينَ
الرَّجَّاعِينَ إِلَىٰ طَاعَتِهِ غَفُورًا ○
لِمَا صَدَرَ مِنْهُمْ فِي حَقِّ الْوَالِدَيْنِ
مِنْ بَادِرَةٍ وَهُمْ لَا يُضْمِرُونَ
﴿٢٦﴾ وَآتِ أَعْطِ ذَا الْقُرْبَىٰ الْقَرَابَةِ حَقَّهُ
مِنَ الْبِرِّ وَالصِّلَةِ وَالْمِسْكِينَ
وَابْنَ السَّبِيلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيرًا ○

﴿٢٥﴾ تمہارا رب خوب جانتا ہے جو تمہارے جی میں پوشیدہ ہے ماں باپ کی فرماں برداری یا نافرمانی اگر تم نیک رہو گے اللہ کے فرماں بردار تو بے شبہ وہ ان لوگوں کو بخشنے والا ہے جو اس کی طرف رجوع کرتے ہیں اور اسکے فرماں بردار ہیں یعنی جو کچھ ان سے ماں باپ کے حق میں گستاخی اور زیادتی سرزد ہو گئی بھول اور غصہ میں اور انکے دل میں نافرمانی والدین کی نہیں تو ہم ان کا یہ گناہ بخشدینگے۔

﴿٢٦﴾ اور رشتہ دار کو اس کا حق دے یعنی جیسا اس کے ساتھ معاملہ چاہیے وہ کر اور اس کی خبر لے اور کچھ دینا رہ اور مسکین اور مسافر کو ان کا حق دے اور بیجا خرچ نہ کر۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِالْاِنْفَاقِ فِیْ غَیْرِ طَاعَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی

(۲۷) اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ ؕ اَیْ عَلٰی طَرِیْقَتِهِمْ وَ كَانَ الشَّیْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ۝ شَدِیْدَ الْكُفْرِ لِنِعَمِهٖ نَكَذٰلِكَ اَخُوْهُ الْمُبَذِّرُ

یعنی جس جگہ حکم الٰہی خرچ کرنے کا نہیں وہاں کچھ نہ دے۔

(۲۷) بیشک فضول خرچ شیطانوں کے طریق پر ہیں اور شیطان اپنے رب کی نعمتوں کا بہت ناشکر ہے تو جو اس کے طریق پر وہ بھی ایسا ہی ہے۔

تشریح

(۲۵) والدین کی تعظیم اخلاصِ نیت سے ہونی چاہیئے | والدین کے ساتھ حسن سلوک ان کی عزت اور ان کا احترام یہ سب دل کی گہرائی سے اخلاص اور لگن کے ساتھ ہونا چاہیئے کیونکہ ہمارا رب ہمارے دلوں کا حال خوب جانتا ہے۔ اگر ہم واقعی نیک بن کر رہیں گے تو اللہ تعالیٰ ہماری کوتاہیوں کو نظر انداز فرما دیں گے اور اگر ہم اپنی کوتاہیوں پر نظر کر کے بندگی کے رویئے کی طرف پلٹ آئیں گے تو اللہ تعالیٰ بھی درگزر کرنے والے ہیں۔

(۲۶) اسلامی زندگی کا تیسرا اور چوتھا اصول رشتے داروں کے حقوق اور فضول خرچی سے ممانعت | اسلامی زندگی کا تیسرا اصول یہ ہے کہ رشتے داروں کو ان کا حق دیا جائے۔ صلۂ رحمی کی جائے اپنے ضرورت مند رشتہ داروں کی ضرورتوں کا خیال رکھا جائے اسی طرح مسکین و غریب جو معاشرے کے کمزور لوگ ہیں ان کی مدد کی جائے تاکہ وہ بھی دوسرے لوگوں کے ساتھ زندگی کی دوڑ میں برابر شامل ہو سکیں، اسلامی معاشرے میں مسافر کا بھی حق ہے۔ سفر میں کوئی ایسی صورتِ حال پیش آجاتی ہے کہ آدمی مدد کا محتاج ہوتا ہے اس صورت میں آگے بڑھ کر اسکی مدد کی جائے تاکہ وہ دیارِ غیر میں اپنے آپ کو بے سہارا محسوس نہ کرے۔ یہ انسانی ہمدردی کا تقاضہ ہے۔ اسلامی زندگی کا چوتھا اصول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے مال کو فضول نہ اڑایا جائے مال و دولت بھی جو حلال راستے سے کمایا جائے اللہ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے اسلام اسکی اجازت نہیں دیتا کہ حق حلال کی کمائی کو لغویات میں اڑایا جائے۔

(۲۷) فضول خرچ شیطان کے بھائی ہیں | کیونکہ مال جو حلال راستے سے آئے اللہ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے اور اس نعمت پر نعمت دینے والے کا شکر گزار ہونا لازم ہے۔ شکر گزاری یہ ہے کہ مال کو ضرورت کے مطابق صحیح جگہ پر خرچ کیا جائے۔ مال سے عبادت میں دلجمعی پیدا ہوتی ہے لیکن مال کا حق یہ ہے کہ وہ صرف اپنے ہی لئے مخصوص نہ ہو بلکہ دوسروں کے بھی کام آئے اور جہاں ضرورت ہے وہیں مناسب طور پر خرچ ہو فضول خرچی قوموں کو برباد کر دیتی ہے اور اس سے اقتصادی توازن بگڑ جاتا ہے۔ افراد ہوں یا قومیں انہیں اللہ کی دی ہوئی دولت تخریب کے بجائے تعمیری راستے پر لگانی چاہیئے اور تعمیر بھی وہ جس کی قوموں کے بنانے کے لئے ضرورت ہے مثلاً بڑی بڑی عمارتیں اور مقبرے بنانے کے بجائے اور بے ہودہ رسموں میں نام و نمود کے لئے دولت کو خرچ کرنے کے بجائے قوم کی تعلیم اور ان کی مالی حالت کو سنوارنے میں لگایا جائے۔

فضول مال خرچ کرنے کو قرآن مجید میں اسراف اور تبذیر سے تعبیر کیا گیا ہے۔ اسراف کا مطلب یہ ہے کہ حلال مال کو حلال جگہ پر خرچ کیا مگر بے ضرورت کیا اسکے لئے قرآن مجید میں ارشاد ہے کہ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ الْمُسْرِفِیْنَ ۝ (اللہ تعالیٰ مسرفین کو یعنی بے ضرورت خرچ کرنیوالوں کو پسند نہیں فرماتے) تبذیر کا مطلب یہ ہے کہ مال حلال کو حرام راستے پر خرچ کیا جائے اس کو قرآن نے شیطان کی حرکت کہا ہے فرمایا:۔ اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ (یعنی فضول خرچ لوگ شیطان کے بھائی ہیں) اور شیطان کے بارے میں ارشاد ہوا ہے کہ وہ اپنے رب کا ناشکرا ہے۔ مالِ حلال کو حرام راستے پر لگانا بھی رب کی ناشکری ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ

وَاِمَّا	تُعْرِضَنَّ	عَنْهُمُ	ابْتِغَآءَ	رَحْمَةٍ	مِّنْ	رَّبِّكَ	تَرْجُوْهَا	فَقُلْ
اور اگر	تو منہ پھیرلے	ان سے	انتظار میں	رحمت	سے	اپنا رب	تو اسکی امید رکھتا ہے	تو کہہ

اور اگر تو اپنے رب کی رحمت (فراخ دستی) کے انتظار میں جسکی تو امید رکھتا ہے ان سے منہ پھیرلے تو ان سے کہہ

لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿۲۸﴾ وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً

لَّهُمْ	قَوْلًا	مَّيْسُوْرًا	وَلَا تَجْعَلْ	يَدَكَ	مَغْلُوْلَةً
ان سے	بات	نرمی	اور نہ رکھ	اپنا ہاتھ	بندھا ہوا

دیا کر نرمی کی بات۔ اور اپنا ہاتھ اپنی گردن تک بندھا ہوا نہ رکھ (کنجوس

اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا

اِلٰى	عُنُقِكَ	وَلَا	تَبْسُطْهَا	كُلَّ الْبَسْطِ	فَتَقْعُدَ	مَلُوْمًا
تک سے	اپنی گردن	اور نہ	اسے کھول	پوری طرح کھولنا	پھر تو بیٹھا رہ جائے	ملامت زدہ

نہ ہو جا) اور نہ اُسے کھول پوری طرح (بالکل ہی) کہ پھر تو ملامت زدہ تھکا ہارا

مَّحْسُوْرًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ

مَحْسُوْرًا	اِنَّ	رَبَّكَ	يَبْسُطُ	الرِّزْقَ	لِمَنْ يَّشَآءُ	وَ
تھکا ہوا	بیشک	تیرا رب	فراخ کردیتا ہے	روزی	جس کی وہ چاہتا ہے	اور

بیٹھا رہ جائے بیشک تیرا رب جس کی چاہتا ہے روزی فراخ کردیتا ہے اور (جسکی چاہتا ہے)

ع ۳ ۲

يَقْدِرُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿۳۰﴾ ع

يَقْدِرُ	اِنَّهٗ	كَانَ	بِعِبَادِهٖ	خَبِيْرًۢا	بَصِيْرًا
تنگ کردیتا ہے	بیشک وہ	ہے	اپنے بندوں سے	خبر رکھنے والا	دیکھنے والا۔

تنگ کردیتا ہے، بیشک وہ اپنے بندوں کی خبر رکھنے والا دیکھنے والا ہے

﴿۲۸﴾ وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ اَيِ الْمَذْكُوْرِيْنَ مِنْ ذِي الْقُرْبٰى وَمَا بَعْدَهٗ فَلَمْ تُعْطِهِمْ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا اَيْ لِطَلَبِ رِزْقٍ

﴿۲۸﴾ اور اگر تو ان سے منہ پھیرے یعنی رشتہ داروں وغیرہ سے جن کا ذکر اوپر ہوا کہ ان کو کچھ نہ دے اس امید پر کہ اللہ اپنی رحمت سے کچھ بھیجدیوے تو اسمیں سے انکو کچھ دیوے یعنی کسی جگہ سے کچھ آمدنی کی امید ہے اور تجھ کو یہ خیال ہے کہ اگر اللہ وہاں سے کچھ بھیجدیوے تو اُن کو دوں ایسی

toobaa-elibrary.blogspot.com

تَنْتَظِرَنَّهُمُ ابْتِغَاءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُورًا ○ لَيِّنًا سَهْلًا بِأَنْ تَعِدَهُمْ بِالْعَطَاءِ عِنْدَ مَجِيءِ الرِّزْقِ

صورت میں چاہیئے کہ ان سے نرم سہولت سے بات کرے۔ سخت جواب نہ دے یعنی ان سے یہ وعدہ کرلے کہ جس وقت کچھ آجائے گا میں تم کو دوں گا۔

(۲۹) وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُولَةً إِلَىٰ عُنُقِكَ أَيْ لَا تُمْسِكْهَا عَنِ الْإِنْفَاقِ كُلَّ الْمَسْكِ وَلَا تَبْسُطْهَا فِي الْإِنْفَاقِ كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُومًا رَاجِعٌ لِلْأَوَّلِ مَّحْسُورًا ○ مُنْقَطِعًا لَا شَيْءَ عِنْدَكَ رَاجِعٌ لِلثَّانِي۔

(۲۹) اور اپنا ہاتھ اپنی گردن سے بندھا نہ رکھ یعنی ہاتھ کو بالکل نہ روک اور بخیل نہ بن اور نہ بالکل ہاتھ کو خرچ کرنے میں کشادہ کر کہ بخل کی صورت میں سب تجھ کو ملامت کریں گے اور برا کہیں گے اور کل مال لٹا دینے کی حالت میں تو محتاج رہ جاویگا کہ تیرے پاس کچھ باقی نہ رہے گا۔

(۳۰) إِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ط يُضَيِّقُهُ لِمَنْ يَشَاءُ إِنَّهُ كَانَ بِعِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ○ عَالِمًا بِبَوَاطِنِهِمْ وَظَوَاهِرِهِمْ فَرَزَقَهُمْ عَلَىٰ حَسَبِ مَصَالِحِهِمْ

(۳۰) بیشک تیرا رب روزی فراخ کرتا ہے جس پر چاہے اور تنگ کرتا ہے جس پر چاہے بیشک وہ اپنے بندوں کے ظاہر و باطن کو دیکھتا جانتا ہے۔ موافق حکمت اور مصلحت کے ان کو رزق دیتا ہے۔

تشریح

(۲۸) سوال کرنے والے کا سوال پورا کرنے کی گنجائش نہ ہو تو نرمی سے جواب دے دو

سخاوت کے جذبے کے باوجود بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ آدمی کا ہاتھ تنگ ہوتا ہے اور خرچ کرنے کی گنجائش نہیں ہوتی اسلامی زندگی کا پانچواں اصول یہ ہے کہ سائل کے ساتھ سختی اور بداخلاقی سے پیش مت آؤ اس کو نرمی کے ساتھ اور میٹھے انداز میں معذرت کرتے ہوئے جواب دیدو کہ اللہ ہمیں دے گا تو ضرور ہم آپ کی خدمت کریں گے۔ اس ہدایت کا منشا یہ ہے کہ انسانوں کے درمیان باہمی ہمدردی اور مودت کے رشتے بدستور قائم رہیں اور ایسی اخلاقی فضا بنی رہے جس میں فیاضی، ہمدردی اور تعاون کی روح

toobaa-elibrary.blogspot.com

جاری و ساری رہے چنانچہ انہی بنیادوں پر اسلامی معاشرے میں صدقاتِ واجبہ، زکوٰۃ فطرہ وغیرہ اور صدقاتِ نافلہ کے احکام دیئے گئے جس میں باقاعدہ خرچ کی مدیں متعین کی گئیں جس میں غریب، مسکین مسافر اور اسی طرح معاشرے کے مختلف طبقات کو شامل کیا گیا۔

(۲۹) **خرچ میں اعتدال** اوپر کی آیات میں فضول خرچی سے روکا گیا تاکہ معاشی طاقت فضول خرچی میں ضائع نہ ہو۔ اسلامی زندگی کے اس چھوٹے اصول میں یہ ہدایت کی گئی ہے کہ نہ تو اتنے کنجوس بن جاؤ کہ ضرورت پر بھی خرچ نہ کرو، اور نہ خرچ کرنے میں اتنے آگے بڑھو کہ اپنی طاقت سے زیادہ خرچ کرنے لگو بلکہ خرچ میں میانہ روی اور اعتدال ہونا چاہیئے۔ ایسی سخاوت بھی نہ ہو کہ آمدنی سے زیادہ خرچ کر کے ضرورت پڑنے پر دوسروں کے آگے ہاتھ پھیلانے پڑیں اور پچھتاوا ہو کہ ہم نے ایسے وقت کے لئے بچا کر کیوں نہ رکھا۔ الفاظ کی تعبیر بڑی خوبصورت ہے کہ نہ تو اپنا ہاتھ گردن سے باندھ کر رکھو یعنی کنجوس مکھی چوس بن کر رہجاؤ اور نہ خرچ کرنے کے لئے اتنا ہاتھ پھیلاؤ کہ کچھ بھی باقی نہ رہے۔ اسی بات کو حدیث نبویؐ میں اس طرح بیان کیا گیا ہے:۔

"عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْاِقْتِصَادُ فِي النَّفَقَةِ نِصْفُ الْمَعِيْشَةِ

(رواہ البیہقی فی شعب الایمان مشکوٰۃ، مطبوعہ نور محمد ص ۴۳۰)

(حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو میانہ روی کے ساتھ خرچ کرنا آگیا اس کو عمدہ زندگی بسر کرنے کا نصف طریقہ ہاتھ آگیا۔)

نبیؐ نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ "مَا عَالَ مَنِ اقْتَصَدَ" (جس نے میانہ روی اختیار کی محتاج نہیں ہوا)

خرچ میں میانہ روی دراصل خوشحالی کا راز ہے۔ آمد و خرچ میں توازن نہ ہو آمدنی کم ہو خرچ زیادہ ہو تو اس کا نتیجہ زیرباری کے سوا کیا ہوگا ـــــ انفرادی زندگی ہو یا اجتماعی زندگی میں، فرد کے معاملے میں ہو یا ملک و قوم کے ـــ فرد کا بجٹ ہو یا ایک ریاست کا، آمدنی اور خرچ کا عدم توازن ایک نہ ایک دن لے ڈوبتا ہے۔

(۳۰) **اسلام نے معاشی فرق کو اس طرح قائم رکھا ہے کہ وہ بے انصافی کے بجائے اخلاقی فائدوں کا ذریعہ بن جائے** اللہ کی بنائی ہوئی اس دنیا میں امیر بھی ہیں غریب بھی ہیں۔ انسان اگر بخل کرے تو اس کی کنجوسی اسے مالدار نہیں بنا سکتی اور نہ دینے سے دوسرا فقیر نہیں ہو جاتا۔ انسان اگر سخاوت کرے تو فقیر مالدار نہیں بن جاتا اور سخاوت کرنے والا فقیر نہیں ہو جاتا اصل میں یہ معاشی فرق اللہ کی بنائی ہوئی حکمت اور مصلحت کے تحت ہے۔ اسلام نے اس فطری فرق کو اپنی جگہ باقی رکھتے ہوئے سوسائٹی میں ایسی قدروں کو فروغ دیا کہ یہ معاشی فرق دو طبقوں کے درمیان یعنی امیر و غریب کے مابین ظلم و بے انصافی کے بجائے ان سے اخلاقی، روحانی اور تمدنی فائدے حاصل کئے جائیں اور خیال کیجئے کہ اگر سب لوگ معاشی اعتبار سے برابر ہوں تو سوسائٹی کو کام کرنے والے مختلف قسم کے لوگ کہاں سے ملیں گے مزدور کہاں سے حاصل ہوں گے اور اس طرح تمدن کی گاڑی کس طرح چل سکے گی۔ اسلام نے اس فرق کو باقی رکھتے ہوئے امیر کو حکم دیا کہ وہ اپنی دولت میں غریبوں کا حق سمجھے اور غریب کو سکھایا کہ وہ دولت ہی کو زندگی کا مقصد نہ بنائے تنگدستی میں بھی اچھا انسان بن سکتا ہے۔ سوسائٹی کی تعمیر اس طرح کی کہ امیری غریبی کسی فخر اور ذلت کا سبب نہ رہے بلکہ اصل چیز جو قابل عزت ہو وہ دولت نہیں بلکہ انسان کا کردار اس کے اخلاق اور اعمال بن جائیں بیشک اس نے جدوجہد کی ترغیب دی لیکن رزق کے دروازے ہر ایک کے لئے کھلے رکھ کر یہ بھی بتا دیا کہ ہر ایک کو اس کا حصہ اسکی تقدیر کے مطابق پہنچے گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَ

وَلَا تَقْتُلُوْٓا	اَوْلَادَكُمْ	خَشْيَةَ	اِمْلَاقٍ	نَحْنُ	نَرْزُقُهُمْ	وَ
اور نہ قتل کرو	اپنی اولاد	ڈر	مفلسی	ہم	ہم رزق دیتے ہیں انہیں	اور

اور اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو ہم ہی انہیں رزق دیتے ہیں اور

اِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ﴿۳۱﴾

اِيَّاكُمْ	اِنَّ	قَتْلَهُمْ	كَانَ	خِطْاً	كَبِيْرًا	
تم کو	بیشک	ان کا قتل	ہے	گناہ	بڑا	

تم کو (بھی) بیشک ان کا قتل بڑا گناہ ہے۔

﴿۳۱﴾ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ بِالْوَادِ خَشْيَةَ مَخَافَةَ اِمْلَاقٍ نَقْدٍ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً اِثْمًا كَبِيْرًا ۝ عَظِيْمًا

﴿۳۱﴾ وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ اِمْلَاقٍ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا الخ اور تم اپنے بچوں کو افلاس کے خوف سے زندہ زمین میں دفن کر کے نہ مارو تمکو اور انکو ہم روزی پہنچاتے ہیں بیشک ان کو مار ڈالنا بڑا گناہ ہے۔

تشریح

﴿۳۱﴾ غربت کے خوف سے اولاد کا قتل مت کرو | اسلامی زندگی کا ساتواں اصول یہ ہے کہ رزق کی تنگی کے خوف سے قتلِ اولاد کا گھناؤنا کام انسانیت کے لئے باعثِ شرم ہے۔

اسلام کہتا ہے کہ رزق دینے والا اللہ ہے وہ تمہیں بھی کھانے پینے کا سامان دے گا اور آنے والوں کو بھی۔ تنگ دستی کے اندیشے سے نسلِ انسانی پر روک لگانا قانونِ فطرت کے خلاف ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کو کھانے کے لئے ایک منہ دیا ہے تو کام کرنے کے لئے دو ہاتھ دیئے ہیں۔ اللہ کے رزق کے خزانوں میں سے وہ اپنے دونوں ہاتھ سے اپنا حصہ خود حاصل کرے گا۔ البتہ معاشی نظام ایسا ہونا چاہیئے کہ ہر شخص کو اپنی محنت اور صلاحیت کو بروئے کار لانے کا موقع ملے اور آزادی کے ساتھ وہ اپنی روزی کما سکے

کوئی طبقہ معاشی استحصال کرنے والا نہ ہو۔ اور اسی لئے اس نے سود پر پابندی لگائی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا تَقْتُلُوا

وَلَا تَقْرَبُوا	الزِّنٰٓى	اِنَّهٗ	كَانَ	فَاحِشَةً	وَسَآءَ	سَبِيْلًا	وَلَا تَقْتُلُوا
اور نہ قریب جا	زنا	بیشک یہ	ہے	بے حیائی	اور برا	راستہ	اور نہ قتل کرو

اور زنا کے قریب نہ جا بیشک یہ بے حیائی ہے اور بُرا راستہ اور اس جان کو قتل نہ کرو

النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا

النَّفْسَ	الَّتِىْ	حَرَّمَ اللّٰهُ	اِلَّا	بِالْحَقِّ	وَمَنْ	قُتِلَ	مَظْلُوْمًا	فَقَدْ جَعَلْنَا
جان	وہ جو کہ	اللہ نے حرام کیا	مگر	حق پر	اور جو	مارا گیا	مظلوم	تو تحقیق ہم نے کر دیا

جسے (قتل کرنا) اللہ نے حرام کیا ہے مگر حق پر، اور جو مظلوم مارا گیا تو تحقیق ہم نے اس کے

لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا يُسْرِفْ فِّى الْقَتْلِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ

لِوَلِيِّهٖ	سُلْطٰنًا	فَلَا يُسْرِفْ	فِى الْقَتْلِ	اِنَّهٗ	كَانَ	مَنْصُوْرًا	وَلَا تَقْرَبُوْا	مَالَ
اسکے وارث کیلئے	ایک اختیار	پس حد سے نہ بڑھ	قتل میں	بیشک وہ	ہے	مدد دیا گیا	اور پاس نہ جاؤ	مال

وارث کے لئے ایک اختیار (قصاص) دیا ہے پس حد سے نہ بڑھو قتل میں بیشک وہ مدد دیا گیا ہے اور یتیم کے مال کے پاس نہ

الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ

الْيَتِيْمِ	اِلَّا	بِالَّتِىْ	هِىَ	اَحْسَنُ	حَتّٰى	يَبْلُغَ	اَشُدَّهٗ	وَاَوْفُوْا	بِالْعَهْدِ
یتیم	مگر	اس طریقہ سے	وہ	سب سے بہتر	یہانتک کہ	وہ پہنچ جائے	اپنی جوانی	اور پورا کرو	عہد کو

جاؤ (تصرف نہ کرو) مگر اس طریقہ سے جو سب سے بہتر ہو یہاں تک کہ وہ اپنی جوانی کو پہونچ جائے اور عہد کو پورا کرو

اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا ﴿۳۴﴾

اِنَّ	الْعَهْدَ	كَانَ	مَسْئُوْلًا
بیشک	عہد	ہے	پرسش کیا جانے والا

بیشک عہد ہے پرسش کیا جانے والا (ضرور پرسش ہوگی)

﴿۳۲﴾ وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اَبْلَغُ مِنْ لَا تَاْتُوْهُ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً ؕ قَبِيْحًا وَسَآءَ بِئْسَ سَبِيْلًا ؕ طَرِيْقًا هُوَ

﴿۳۲﴾ اور زنا کے پاس نہ جاؤ بیشک یہ بدکاری ہے اور بری راہ ہے۔

﴿۳۳﴾ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ لِوَارِثِهٖ سُلْطٰنًا تَسَلُّطًا عَلَى الْقَاتِلِ فَلَا يُسْرِفْ يَتَجَاوَزْ الْحَدَّ فِى الْقَتْلِ ؕ بِاَنْ يَّقْتُلَ غَيْرَ قَاتِلِهٖ اَوْ بِغَيْرِ مَا

﴿۳۳﴾ اور جس جان کو اللہ نے حرام کیا اس کو نہ مارو مگر حق پر اور جو کوئی ظلماً مارا جائے ہم نے اسکے وارث کو قاتل پر اختیار دیا سو اسکو چاہیئے کہ قتل کرنے میں حد سے نہ بڑھے یعنی قاتل کے سوا کسی دوسرے کو نہ مار ڈالے اور جس چیز سے اسنے مارا تھا اس کے سوا کسی چیز۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُتِلَ بِهٖ اِنَّهٗ كَانَ مَنْصُوْرًا ○

(۳۴) وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ وَ اَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا ○

نہ مارے بیشک اسکی مدد خدا تعالیٰ کی طرف سے کی جاویگی۔

(۳۴) اور تم یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ اسمیں کوئی تصرف نہ کرو مگر عمدہ طور سے یہاں تک کہ وہ اپنی قوت کو پہنچ جاوے یعنی بالغ ہو جاوے اور جب کسی آدمی سے یا اللہ سے کوئی عہد کرو اس کو پورا کرو بیشک عہد کا سوال ہوگا۔

عنہ

تشریح

(۳۲) زنا کے پاس بھی مت پھٹکو | اسلامی زندگی کا آٹھواں اصول یہ ہے کہ عورت اور مرد ناجائز تعلقات اور جنسی بے راہ روی سے پرہیز کریں کیونکہ زنا بہت ہی بُرا فعل اور بڑا بُرا راستہ ہے۔ اگر یہ راہ نکل پڑی تو ایک شخص دوسرے کی عورت پر نظر کریگا اور کوئی دوسرا اس کی عورت پر بُری نظر کرے گا اسطرح ناجائز تعلقات کا یہ رشتہ انسانی نسب کو بکھیر کر رکھ دیگا اور اس سے جھگڑوں کی بنیاد پڑیگی ایک شخص نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ مجھے زنا کی اجازت دیدیں۔ لوگ اسکو بُرا بھلا کہنے لگے کہ تم آنحضرت ؐ کے سامنے ایسی بات کہتے ہو۔ آپ نے شفقت کے ساتھ اس کو اپنے قریب بلایا اور فرمایا کیا تم پسند کرتے ہو کہ تمہاری بہن یا بیٹی کے ساتھ ایسا ہو؟ عرض کیا نہیں! فرمایا پھر جس سے تم یہ فعل کرو گے وہ بھی کسی کی بیٹی یا بہن ہوگی۔ اس نے توبہ کی اور عہد کیا کہ آئندہ وہ ایسا خیال بھی نہیں کریگا ——— آیت میں یہ فرما کر کہ زنا کے پاس بھی مت پھٹکو یہ ہدایت کی گئی ہے کہ وہ چیزیں جو بدکاری کی طرف لیجانیوالی ہیں جو زنا کا مقدمہ اور اس کا محرک بنتی ہیں اس سے بھی بچا جائے۔ عورت مرد کا آزادانہ میل جول، مخلوط تعلیم (Co-Education) اسی طرح بے حیائی اور بے پردگی یہ وہ چیزیں ہیں جو بسا اوقات ناجائز تعلقات کا پیش خیمہ بن جاتی ہیں۔ اور اس کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کہ اخلاق خرابیوں کے علاوہ ایڈز جیسی مہلک بیماری کی وجہ ایک یہ بھی ہوتی ہے۔ جس کی بنیاد پر مستقل فوجداری قانون زنا کی سخت سزائی صورت میں بنایا گیا۔ نکاح کو آسان کیا گیا، فواحشات کو روکا گیا تاکہ ایک پاکیزہ باعصمت معاشرہ قائم ہوسکے۔

(۳۳) انسانی جان کی حرمت | اسلامی زندگی کا نواں اصول انسانی جان کی حرمت ہے انسانی جان اپنی ہو یا دوسرے کی ہر لحاظ سے قابل احترام ہے اسلام قتل ناحق پر سخت پابندی لگاتا ہے اور یہ ہدایت دیتا ہے کہ خون ناحق ایک انسان کا بھی دراصل پوری انسانیت کا قتل ہے البتہ انسان کی جان حق کے ساتھ لینے کی اجازت ہے۔ کسی نے کسی کو جان بوجھ کر قتل کیا تو قصاص میں اس کا قتل کرنا یہ حق کے ساتھ قتل کرنا ہے۔ اسی طرح ایک شادی شدہ شخص اسلام کے پاکیزہ ماحول میں زنا کا مرتکب ہوتا ہے تو اس کا قتل کرنا حق کے ساتھ قتل کرنا ہے اسی طرح مرتد کی سزا بھی قتل حق میں شامل ہے۔ اگر کسی کو مظلومانہ قتل کیا گیا ہو تو مقتول کے اولیا کو قتل کے مطالبے کا حق ہے لیکن قاتل کے قتل میں حد سے گزرنے کی اپنے ہاتھوں میں قانون لینے کی اجازت نہیں ہے۔ یہ بھی اجازت نہیں ہے کہ مقتول کے ولی خون بہا لے لیں اور پھر بھی قاتل کو قتل کریں بے شک مقتول کی مدد کی جائیگی اور قانون کے مطابق اسکو سزا دی جائے گی۔

(۳۴) یتیم کا مال بے جا طور پر نہ کھاؤ اپنے وعدے پورے کرو | اسلامی زندگی کا دسواں اصول یہ ہے کہ وہ یتیم بچے جن کے سر سے باپ کا سایہ اٹھ گیا ہے اور وہ ہماری سوسائٹی کا کمزور حصہ ہیں اگر ان کے ماں باپ کچھ مال چھوڑ کر گئے ہیں تو بچوں کے رشتے داران کا مال اڑانے کی کوشش نہ کریں اگر ضرورت سمجھیں تو اس کو مناسب طریقے پر خرچ کریں اور ان کے مال کی حفاظت کریں جب تک وہ خود اپنے پیروں پر کھڑے نہ ہو جائیں اور اپنے اچھے بُرے کو نہ سمجھنے لگیں۔

اسلامی زندگی کا گیارہواں اصول یہ ہے کہ جو وعدہ کیا جائے اسکو پورا کیا جائے۔ وعدہ کے بارے میں اللہ کے یہاں جوابدہی ہوگی اسلامی زندگی کی اس دفعہ کے مطابق داخلی اور خارجی معاہدوں کی پابندی کا قانون بنایا گیا اور خارجہ پالیسی کا یہ سنگ بنیاد بنی کہ دوسرے ملکوں سے جو معاہدے کئے جائیں انکی دیانتداری کے ساتھ پوری پوری پابندی کی جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ؕ

وَاَوْفُوا	الْكَيْلَ	اِذَا + كِلْتُمْ	وَزِنُوْا	بِالْقِسْطَاسِ	الْمُسْتَقِيْمِ
اور پورا کرو	پیمانہ	جب تم ماپ کرو	اور وزن کرو	ترازو کے ساتھ	سیدھی

اور جب تم ماپ کرو تو پیمانہ پورا کرو اور وزن کرو سیدھی ترازو کے ساتھ

ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۳۵﴾ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ

ذٰلِكَ	خَيْرٌ	وَّ اَحْسَنُ	تَاْوِيْلًا	وَلَا تَقْفُ	مَا لَيْسَ
یہ	بہتر	اور سب سے اچھا	انجام کے اعتبار سے	اور پیچھے نہ پڑ	جس کا نہیں

یہ بہتر ہے اور سب سے اچھا ہے انجام کے اعتبار سے اور اس کے پیچھے نہ پڑ جس کا

لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ

لَكَ	بِهٖ	عِلْمٌ	اِنَّ	السَّمْعَ	وَالْبَصَرَ	وَالْفُؤَادَ	كُلُّ	اُولٰٓئِكَ
تیرے لئے/تجھے	اس کا	علم	بیشک	کان	اور آنکھ	اور دل	ہر ایک	یہ

تجھے علم نہیں، بیشک کان اور آنکھ اور دل ان میں سے ہر ایک

كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ﴿۳۶﴾ وَلَا تَمْشِ فِى الْاَرْضِ مَرَحًا اِنَّكَ

كَانَ	عَنْهُ	مَسْئُوْلًا	وَلَا تَمْشِ	فِى	الْاَرْضِ	مَرَحًا	اِنَّكَ
ہے	اس سے	پرسش کیا جانے والا	اور نہ چل	میں	زمین	اکڑ کر (اتراتا ہوا)	بیشک تو

پرسش کیا جانے والا ہے (ہر ایک کی پرسش ہوگی) اور زمین میں اِتراتا ہوا نہ چل بیشک تو

لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ﴿۳۷﴾

لَنْ + تَخْرِقَ	الْاَرْضَ	وَلَنْ	تَبْلُغَ	الْجِبَالَ	طُوْلًا
ہرگز نہ چیر ڈالے گا	زمین	اور ہرگز نہ	پہونچیگا	پہاڑ	بلندی

زمین کو ہرگز نہ چیر ڈالے گا اور نہ پہاڑ کی بلندی کو پہونچے گا۔

﴿۳۵﴾ وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ؕ اَلْبِيْزَانِ السَّوِيِّ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ○ مَالَا

﴿۳۵﴾ اور جب ناپو، پورا ناپو اور صحیح ترازو سے تولو، یہ بہتر ہے اور اس کا انجام عمدہ ہے

﴿۳۶﴾ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ

﴿۳۶﴾ اور جس بات کی تجھے خبر نہیں اس کے پیچھے نہ پڑ بیشک

toobaa-elibrary.blogspot.com

عِلْمٌ ۭ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَ
الْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰۗىِٕكَ كَانَ
عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ○
صَاحِبُهٗ مَاذَا فَعَلَ بِهٖ

کان اور آنکھ اور دل ان سب کا آدمی سے سوال ہوگا۔ کہ ان کے ساتھ کیا کیا۔

(۳۷) وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ
مَرَحَ بِالْكِبْرِ وَالْخُيَلَاءِ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ
الْاَرْضَ تَشْقُّهَا حَتّٰى تَبْلُغَ اٰخِرَهَا بِكِبْرِكَ
وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ○ اَلْمَعْنٰى اِنَّكَ
لَا تَبْلُغُ هٰذَا الْمَبْلَغَ فَكَيْفَ تَخْتَالُ

(۳۷) اور زمین میں اترا کر متکبرانہ نہ چل کہ تو اپنے تکبر کے سبب کسی طرح زمین کو چیر نہیں سکتا کہ اس کے انتہا کو پہنچ جائے اور تو پہاڑ کے برابر اونچا اور دراز نہیں ہو سکتا۔ حاصل یہ ہے کہ جب تو اس مرتبہ تک نہیں پہنچ سکتا تو پھر کس وجہ سے تکبر کرتا ہے

تشریح

(۳۵) ناپ تول میں کمی مت کرو | تجارت اور معاشی معاملات میں بے ایمانی اور حق تلفی کرنا ناپ تول میں کمی کرنا باہمی اعتماد کو مجروح کرتا ہے اور انجام کے اعتبار سے اس سے کاروبار بھی متاثر ہوتا ہے اس کے علاوہ آخرت کا بھی نقصان ہے کہ آخرت کی فلاح کا مدار ایمان اور خدا ترسی پر ہے اسلئے اسلامی زندگی کا یہ بارہواں اصول تجارتی اعتبار سے اور باہمی تعلقات اعتماد کے لحاظ سے بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ ترازو بالکل صحیح ہونی چاہیئے ناپ تول میں کمی نہ ہو۔ قوم شعیب پر اللہ کا عذاب نازل ہوا تھا اور ان کو ہلاک کر دیا گیا تھا، انکی وجہ انکی یہی دغا بازیاں تھیں کہ وہ کاروبار میں بے ایمانی کرتے تھے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ طیبہ ہجرت فرمانے کے بعد ایک آزاد منڈی قائم کی اس کی خصوصیت یہ تھی کہ آپ بہ نفس نفیس نگرانی فرماتے تھے کہ کسی طرح کی کوئی حق تلفی نہ ہونے پائے کسی قوم کی خوشحالی کا راز کاروباری ترقی ہے اور کاروباری ترقی کیلئے ایمانداری صرف بطور پالیسی کے ہی نہیں بلکہ اللہ کے سامنے جوابدہی کے عقیدے کے ساتھ وابستہ ہے۔ کاروبار میں دیانت داری ایک قوم کے اخلاق کا پیمانہ بھی ہے۔

(۳۶) ہر معاملے میں حقیقت تک رسائی کی کوشش کرو | اسلامی زندگی کا تیرہواں اصول یہ ہے کہ ہر معاملے میں حقیقت تک رسائی کی کوشش کرو کسی سنی سنائی بات کو بغیر جانچے تولے تسلیم مت کرو بے تحقیق کوئی بات زبان سے مت نکالو۔ افواہوں کے اوپر مت چلو۔ بے دلیل بات کی اندھا دھند پیروی مت کرو۔ کان آنکھ اور دل و دماغ کی تمام صلاحیتوں کو کام میں لاکر بات کی تہہ تک پہنچنے کی کوشش کرو بے سوچے سمجھے کسی کے متعلق کوئی بات مت کہو کیونکہ جو بات تم زبان سے نکالو گے یا جو کوئی جھوٹی بات سن کر عمل کرو گے یا بلا تحقیق کسی بات پر یقین کر لو گے تو ان سب باتوں کے لئے تمہیں اللہ کے سامنے جواب دینا پڑے گا۔

(۳۷) اکڑ اور تکبر سے بچو | اسلامی زندگی کا چودہواں اصول یہ ہے کہ انسان کی چال ڈھال اور طرز عمل میں تکبر اور اکڑ نہ ہو۔ متکبرانہ روش چاہے انفرادی زندگی میں ہو یا قومی رویئے میں اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے اسلئے ارشاد ہوا کہ متکبروں کی چال چلنا انسان کو زیبا نہیں دیتا نہ تو زور سے پاؤں زمین پر مارنے سے انسان زمین کو پھاڑ سکتا ہے اور نہ گردن اونچی کر کے سینہ تاننے سے پہاڑوں کے برابر ہو سکتا ہے انسان کو اپنے ضعف اور کمزوری پر نظر رکھتے ہوئے عاجزانہ طریقہ اختیار کرنا چاہیئے اسلئے اسلامی معاشرے میں عام برتاؤ میں انکساری تواضع ہمیشہ پسندیدہ رہی ہے۔ حدیث میں ہے کہ:۔ مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ (جو اللہ کے لئے تواضع اختیار کریگا اللہ تعالیٰ اسکو بلندی عطا فرمائیں گے) تکبر اور اکڑ ہی وہ برائی ہے جس نے شیطان کو ذلیل کیا۔

تکبر عزازیل را خوار کرد
بہ زندانِ لعنت گرفتار کرد

(تکبر نے شیطان کو ذلیل کر دیا اور ہمیشہ کے لئے وہ لعنت میں مبتلا ہو گیا)

toobaa-elibrary.blogspot.com

كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ مِمَّآ

كُلُّ	ذٰلِكَ	كَانَ	سَيِّئُهٗ	عِنْدَ	رَبِّكَ	مَكْرُوْهًا	ذٰلِكَ	مِمَّآ
تمام	یہ	ہے	اس کی برائی	نزدیک	تیرا رب	ناپسندیدہ	یہ	اس سے جو

یہ تمام برائیاں تیرے رب کے نزدیک ناپسندیدہ ہیں۔ یہ حکمت کی (ان باتوں)

اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ؕ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ

اَوْحٰى	اِلَيْكَ	رَبُّكَ	مِنَ الْحِكْمَةِ	وَلَا تَجْعَلْ	مَعَ اللّٰهِ
وحی کی	تیری طرف	تیرا رب	حکمت سے	اور نہ بنا	ساتھ اللہ

میں سے سے جو تیرے رب نے تیری طرف وحی کی ہے۔ اور نہ بنا اللہ کے ساتھ

اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِىْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿۳۹﴾

اِلٰهًا	اٰخَرَ	فَتُلْقٰى	فِىْ	جَهَنَّمَ	مَلُوْمًا	مَّدْحُوْرًا
معبود	کوئی اور	پھر تو ڈالا جائے	میں	جہنم	ملامت زدہ	دھکیلا ہوا

کوئی اور معبود کر پھر تو جہنم میں ڈال دیا جائے ملامت زدہ دھکیلا ہوا۔

(۳۸) كُلُّ ذٰلِكَ الْمَذْكُوْرِ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ○

(۳۸) ان تمام چیزوں کی برائی اللہ کو ناپسند ہے۔

(۳۹) ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰٓى اِلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ؕ اَلْمَوْعِظَةِ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِىْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ○ مَطْرُوْدًا عَنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ

(۳۹) یہ وہ ہے جو اے محمد تیری طرف تیرے رب نے وحی بھیج کر حکمت کی باتیں سکھلائی اور نصیحت فرمائی اور تو اللہ کا ساجھی کوئی معبود نہ بنا اگر ایسا کریگا تو اللہ کی رحمت سے دور ہو کر دوزخ میں ڈالا جائیگا اور سب تجھکو ملامت کرینگے۔

تشریح

(۳۸) اوپر بیان کردہ احکام کی پابندی کی جائے | مذکورہ بالا آیات میں جو چودہ احکام اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمائے ہیں ان میں جن چیزوں کے کرنے سے منع کیا ہے ان کا کرنا اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے اور جن باتوں کے کرنے کا حکم دیا ہے ان کے نہ کرنے میں اللہ کی ناپسندیدگی ہے یعنی جو احکام اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں ان کی پوری پوری پابندی کی جائے اور ان سے بال برابر اِدھر اُدھر نہ ہٹا جائے۔

(۳۹) یہ سب حکیمانہ باتیں ہیں اور دیکھو کہیں اللہ کے سوا کسی اور کو معبود نہ بنا لینا | اوپر جو نصیحتیں کی گئی ہیں اور جو بطور وحی بلاواسطہ نبی ﷺ کو اور نبی ﷺ کے واسطے سے امت کو بتائی گئی ہیں یہ بڑی پُرمغز علم و حکمت اور تہذیب اخلاق کی وہ باتیں ہیں جن کو عقل سلیم قبول کرتی ہے۔ کوئی بات ایسی نہیں ہے جو عقل و فہم کے مطابق نہ ہو اور جس میں انسانوں کا دنیا اور آخرت میں بھلا نہ ہو۔ یہ سب باتیں تمہارے رب کی طرف سے ہیں اسکے علاوہ کسی اور کو اپنا معبود اور مقصود نہ بنا لینا ورنہ نتیجہ یہ ہوگا کہ تم ہر بھلائی سے محروم ہو کر قابل ملامت بن جاؤ گے ان نصیحتوں کا آغاز بھی توحید سے ہوا تھا اور کلام کا خاتمہ بھی توحید پر ہو رہا ہے کیونکہ تمام نیکیوں کا آغاز اور انجام توحید خالص پر ہے اس کے بغیر کوئی عمل قابل قبول نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَفَأَصْفَاكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِينَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ إِنَاثًا

أَفَأَصْفَاكُمْ	رَبُّكُمْ	بِالْبَنِينَ	وَاتَّخَذَ	مِنَ	الْمَلَائِكَةِ	إِنَاثًا
کیا تمہیں چن لیا	تمہارا رب	بیٹوں کیلئے	اور بنا لیا	سے۔کو	فرشتے	بیٹیاں

کیا تمہیں چن لیا تمہارے رب نے بیٹوں کے لئے؟ اور اپنے لئے فرشتوں کو بیٹیاں بنا لیا

ع ۴ ۱۰ ۴ إِنَّكُمْ لَتَقُولُونَ قَوْلًا عَظِيمًا ﴿۴۰﴾ ع وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي

إِنَّكُمْ	لَتَقُولُونَ	قَوْلًا	عَظِيمًا	وَلَقَدْ + صَرَّفْنَا	فِي
بیشک تم	البتہ کہتے ہو (بولتے ہو)	بول	بڑا	اور البتہ ہم نے طرح طرح سے بیان کیا	میں

بیشک تم بڑا بول بولتے ہو۔ اور ہم نے اس قرآن میں طرح طرح سے بیان

هَٰذَا الْقُرْآنِ لِيَذَّكَّرُوا ۚ وَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا نُفُورًا ﴿۴۱﴾

هَٰذَا	الْقُرْآنِ	لِيَذَّكَّرُوا	وَمَا يَزِيدُهُمْ	إِلَّا	نُفُورًا
اس	قرآن	تاکہ وہ نصیحت پکڑیں	اور نہیں بڑھتی ان کو	مگر	نفرت

کیا ہے۔ تاکہ وہ نصیحت پکڑیں اور (اس سے) انہیں نہیں بڑھتی مگر نفرت

قُلْ لَوْ كَانَ مَعَهُ آلِهَةٌ كَمَا يَقُولُونَ إِذًا لَابْتَغَوْا إِلَىٰ

قُلْ	لَوْ كَانَ	مَعَهُ	آلِهَةٌ	كَمَا	يَقُولُونَ	إِذًا	لَابْتَغَوْا	إِلَىٰ
کہدیں	اگر ہوتے	اس کے ساتھ	اور معبود	جیسا کہ	وہ کہتے ہیں	اس صورت میں	وہ ضرور ڈھونڈتے	طرف

کہدیں، اگر جیسے وہ کہتے ہیں اس کے ساتھ اور معبود ہوتے تو اس صورت میں وہ عرش کے مالک

ذِي الْعَرْشِ سَبِيلًا ﴿۴۲﴾

ذِي + الْعَرْشِ	سَبِيلًا
عرش کا مالک	کوئی راستہ

کی طرف ضرور ڈھونڈتے کوئی راستہ

﴿۴۰﴾ أَفَأَصْفَاكُمْ أَخْلَصَكُمْ يَا أَهْلَ مَكَّةَ رَبُّكُمْ بِالْبَنِينَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلَائِكَةِ إِنَاثًا ۚ بَنَاتًا لِنَفْسِهِ بِزَعْمِكُمْ إِنَّكُمْ لَتَقُولُونَ بِذٰلِكَ قَوْلًا عَظِيمًا ○

﴿۴۰﴾ کیا اے مکہ والو تمکو تمہارے رب نے بیٹوں کے واسطے خاص کیا اور تمہارے گمان فاسد کے مطابق خود فرشتوں میں سے بیٹیاں ٹھہرائیں بیشک تم یہ بات بڑی کہتے ہو۔

﴿۴۱﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي هٰذَا الْقُرْآنِ لِيَذَّكَّرُوا ۚ وَمَا يَزِيدُهُمْ إِلَّا نُفُورًا ○

﴿۴۱﴾ اور بالتحقیق ہم نے اس قرآن میں مثالیں اور وعدہ اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَتَّعِظُوْا وَمَا يَزِيْدُهُمْ ذٰلِكَ اِلَّا نُفُوْرًا ۝ عَنِ الْحَقِّ

وعید بیان کئے تاکہ لوگوں کو نصیحت ہو اور ان کو اس سے کچھ نفع نہ ہوا بلکہ حق سے نفرت، بڑھ گئی۔

(۴۲) قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ۝

(۴۲) ان سے کہدو اگر اللہ کے شریک اور معبود ہوتے جیسے وہ کہتے ہیں تو اس صورت میں وہ معبود صاحب عرش یعنی اللہ سے مقابلہ کرتے اور لڑائی کا طریق ڈھونڈتے۔

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۝

تشریح

(۴۰) کیسی گستاخی ہے اللہ کے لئے اولاد اور وہ بھی بیٹیاں | اس کائنات کی ایک ایک چیز اور ان میں باقاعدگی اس بات کی کھلی گواہی ہے کہ اللہ ہے اور ایک ہے وہ ہر کمزوری اور ہر عیب سے پاک ہے نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ اس کے کوئی اولاد ہے۔ کائنات کی اس کھلی گواہی کے باوجود شرک میں مبتلا ہونا اللہ کے لئے اولاد تجویز کرنا اللہ کے فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں قرار دینا کتنا بڑا ستم ہے کیسی گستاخی ہے کتنا بڑا جھوٹ ہے جو زبانوں سے نکالنے میں کوئی باک نہیں ہوتا۔ خود اپنے لئے بیٹیوں کو حقیر سمجھتے ہیں بیٹی پیدا ہو جائے تو شرماتے ہیں بیٹی کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں اور اللہ کی طرف بیٹیوں کی نسبت کرنے میں کوئی شرم نہیں آتی۔ توحید خالص یہ ہے کہ اللہ کو اس طرح مانا جائے جس طرح ماننے کا حق ہے اس کے ساتھ کسی طرح کی کوئی شرکت اس کی ذات میں اسکی صفات میں اس کے احکام میں اس کی عظمت و کبریائی میں اسکے ساتھ محبت اور تعلق میں نہ ہو۔ خالص توحید کے بغیر عمل کی کوئی بنیاد قائم نہیں ہوتی اس لئے جیسا بتایا گیا کلام کا آغاز بھی توحید سے ہوا تھا اور اس کا اختتام بھی توحید پر ہو رہا ہے۔

(۴۱) قرآن مختلف انداز میں حقیقت کو پیش کرتا ہے | اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر مقرر کرنے کے ساتھ ان پر اپنی کتابیں بھی نازل کی ہیں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے پیغمبر آخر الزماں بنایا اور ان پر اپنی کتاب قرآن مجید نازل کی جو اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ تمام کتابوں کی جامع ہے یہ کتاب قرآن کریم مختلف عنوانات سے طرح طرح کی مثالوں اور دلیلوں سے حقیقت کو سمجھاتا ہے اور بتلاتا ہے کہ اس پوری کائنات کے نظام میں ایک سے زیادہ معبود کی گنجائش ہی نہیں ہے مگر نہ ماننے والوں کا حال یہ ہے کہ سمجھنے کے بجائے حق سے اور دور ہی بھاگے جا رہے ہیں۔

(۴۲) اللہ کے ایک ہونے کی عقلی دلیل | اللہ تعالیٰ کے ایک ہونے کی ایک بہت مضبوط عقلی دلیل پیش کرتے ہوئے ارشاد ہوتا ہے کہ اگر واقعی اس کائنات کے کئی خدا ہوتے اور وہ سب اپنی اپنی جگہ با اختیار ہوتے تو وہ کسی ایک کے محکوم رہنا کیوں پسند کرتے اور سب مل کر اللہ کے تختِ سلطنت کو الٹ کر خود فرماں روائی کے تخت پر بیٹھ جاتے اور یہ کئی خدا عاجز ہیں کچھ کر نہیں سکتے تو عاجز مخلوق کو معبود ماننا کون سی عقل کی بات ہے۔

اگر اس کائنات کے نظام پر غور کیا جائے تو گھاس کا ایک تنکہ بھی اس وقت تک پیدا نہیں ہوتا جب تک کائنات کی ساری قوتیں مل کر کام نہ کریں۔ اگر کئی خود مختار یا نیم خود مختار خدا مل کر اس کائنات کے نظام کو چلا رہے ہوتے تو کیا ان سب میں اتنی ہم آہنگی ممکن ہے کہ کبھی بھی کائنات کے نظام میں کوئی خلل واقع نہ ہو اس نظام کی ہم آہنگی پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ اس پوری کائنات کو بنانے والا بھی ایک ہے اور چلانے والا بھی ایک ہے وحدہٗ لاشریک لہٗ وہ یکتا اور بے مثال ہے کوئی ذرا بھی اس کا ساجھی نہیں۔ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ

toobaa-elibrary.blogspot.com

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ﴿۴۳﴾ تُسَبِّحُ

سُبْحٰنَهٗ	وَتَعٰلٰى	عَمَّا	يَقُوْلُوْنَ	عُلُوًّا	كَبِيْرًا	تُسَبِّحُ
وہ پاک ہے	اور برتر	اس سے جو	وہ کہتے ہیں	برتر	بہت بڑا (بے نہایت)	پاکیزگی بیان کرتے ہیں

وہ اس سے بے نہایت پاک ہے اور برتر جو وہ کہتے ہیں۔ اس کی پاکیزگی بیان

لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ وَاِنْ

لَهُ	السَّمٰوٰتُ	السَّبْعُ	وَالْاَرْضُ	وَمَنْ	فِيْهِنَّ	وَاِنْ
اسکی	آسمان (جمع)	سات	اور زمین	اور جو	ان میں	اور نہیں

کرتے ہیں ساتوں آسمان اور زمین، اور جو ان میں ہے۔ کوئی چیز

مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ

مِّنْ شَیْءٍ	اِلَّا	يُسَبِّحُ	بِحَمْدِهٖ	وَلٰكِنْ	لَّا	تَفْقَهُوْنَ
کوئی چیز	مگر	پاکیزگی بیان کرتی ہے	اسکی حمد کیساتھ	اور لیکن	نہیں	تم سمجھتے

نہیں مگر (ہر شے) پاکیزگی بیان کرتی ہے اس کی حمد کے ساتھ لیکن تم ان کی تسبیح

تَسْبِيْحَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قَرَاْتَ

تَسْبِيْحَهُمْ	اِنَّهٗ	كَانَ	حَلِيْمًا	غَفُوْرًا	وَاِذَا	قَرَاْتَ
ان کی تسبیح	بیشک وہ	ہے	بردبار	بخشنے والا	اور جب	تم پڑھتے ہو

نہیں سمجھتے، بیشک وہ بردبار، بخشنے والا ہے۔ اور جب تم قرآن

الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

الْقُرْاٰنَ	جَعَلْنَا	بَيْنَكَ	وَ	بَيْنَ	الَّذِيْنَ	لَا يُؤْمِنُوْنَ
قرآن	ہم کردیتے ہیں	تمہارے درمیان	اور	درمیان	وہ لوگ جو	ایمان نہیں لاتے

پڑھتے ہو ہم تمہارے اور ان کے درمیان جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے کردیتے (ڈال دیتے) ہیں

بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ﴿۴۵﴾

بِالْاٰخِرَةِ	حِجَابًا	مَّسْتُوْرًا
آخرت پر	ایک پردہ	چھپا ہوا

ایک چھپا ہوا (دبیز) پردہ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۴۳) سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ○

(۴۳) وہ پاک ہے اور بہت بلند ان شریکوں سے جن کو یہ لوگ اللہ کا ساجھی بتلاتے ہیں۔

(۴۴) تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ○ حَيْثُ لَمْ يُعَاجِلْكُمْ بِالْعُقُوْبَةِ۔

(۴۴) ساتوں آسمان اور زمین اس کی پاکی اور حمد کرتے ہیں یعنی یہ کہتے ہیں سبحان اللہ وبحمدہ، ولیکن تم ان کی تسبیح کو نہیں سمجھتے کہ وہ تمہاری زبان میں نہیں بیشک اللہ بردبار بہت بخشنے والا ہے کہ تم پر عذاب بھیجنے میں جلدی نہیں فرماتا۔

(۴۵) وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ○ اَيْ سَاتِرًا لَكَ عَنْهُمْ فَلَا يَرَوْنَكَ وَنَزَلَ فِيْمَنْ اَرَادَ الْفَتْكَ بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(۴۵) اور جب تو اے محمد قرآن پڑھتا ہے ہم تیرے اور ان لوگوں کے بیچ میں جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ایک پردہ ڈال دیتے ہیں جو تجھ کو ان سے چھپا لیتا ہے وہ تجھ کو دیکھ نہیں سکتے اور اس شخص کے بارے میں جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دھوکہ سے ناگاہ مار ڈالنا چاہا تھا یہ آیت نازل ہوئی۔

تشریح

(۴۳) **کائنات کی ہر شے اپنے مکمل وجود سے حقیقت کی گواہ ہے** | کائنات کی ایک ایک شے اپنی بناوٹ اور اپنے مکمل وجود کے ساتھ پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ اس کو پیدا کرنے والا اور اس کی نگہبانی کرنے والا ہر عیب سے پاک ایک پروردگار ہے جو تمام کمزوریوں سے بلند و بالا ہے۔

(۴۴) **کائنات کی ایک ایک چیز اللہ تعالیٰ کے کمالات کا اظہار کر رہی ہے** | ساتوں آسمان اور زمین اور ان کے درمیان جو کچھ ہے تمام چیزیں اپنے پیدا کرنے والے کے کمالات کا اظہار کر رہی ہیں ایک ایک چیز کے وجود پر نظر ڈالو تو وہ پکار پکار کر کہہ رہی ہے کہ میرا بنانے والا اور میرا منتظم وہ ہے جس پر سارے کمالات ختم ہو گئے۔ کائنات کی معنویت خود کہہ رہی ہے کہ اس کا بنانے والا ایک لامحدود ذہن ہے۔

اس حقیقت کے باوجود اس کو نہ ماننے والے نہ صرف یہ کہ اس کو مانتے نہیں بلکہ اس کی جناب میں گستاخیاں کرتے ہیں اور طرح طرح کی بہتان تراشیاں کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے مگر وہ ایسا بردبار ہے کہ درگذر کیے جاتا ہے نہ روزی کے دروازے بند کرتا ہے نہ اپنی نعمتوں سے محروم کرتا ہے بڑے سے بڑے مجرم کو سنبھلنے کا موقع دیتا ہے اور ایسا درگذر کرنے والا ہے کہ کوئی اپنی غلطی کو محسوس کر کے راستے پر آجائے تو ساری خطاؤں کو معاف کر دیتا ہے۔

(۴۵) **ایمان نہ لانے والوں پر معنوی پردہ پڑ جاتا ہے** | سچائی سامنے ہو دلائل موجود ہوں قرآن پڑھا جا رہا ہو اور قرآن سنانے والے خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہوں لیکن جب آخرت پر ایمان نہ لانے کا ارادہ ہی نہ ہو تو سامنے ایک فکری اور معنوی پردہ سا پڑ جاتا ہے اور اُسے آنحضرت ؐ کے حالات اور آپ کی باتوں پر غور کرنے کی طرف توجہ ہی نہیں ہوتی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِذَا ذَكَرْتَ

وَجَعَلْنَا	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	اَكِنَّةً	اَنْ	يَّفْقَهُوْهُ	وَ	فِيْٓ	اٰذَانِهِمْ	وَقْرًا	وَاِذَا	ذَكَرْتَ
اور ہم نے ڈالدیے	پر	انکے دل	پردے	کہ	وہ سمجھیں اسے	اور	میں	انکے کان	گرانی	اور جب	تم ذکر کرتے ہو

اور ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیے کہ وہ اسے نہ سمجھیں اور ان کے کانوں میں گرانی ہے۔ اور جب تم قرآن میں

رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ۝۴۶ نَحْنُ اَعْلَمُ

رَبَّكَ	فِي	الْقُرْاٰنِ	وَحْدَهٗ	وَلَّوْا	عَلٰٓى	اَدْبَارِهِمْ	نُفُوْرًا	نَحْنُ	اَعْلَمُ
اپنا رب	میں	قرآن	یکتا	وہ بھاگتے ہیں	پر	اپنی پیٹھ (جمع)	نفرت کرتے ہوئے	ہم	خوب جانتے ہیں

اپنے یکتا رب کا ذکر کرتے ہو تو وہ پیٹھ پھیر کر نفرت کرتے ہوئے بھاگ جاتے ہیں ہم خوب جانتے ہیں

بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ

بِمَا	يَسْتَمِعُوْنَ	بِهٖٓ	اِذْ	يَسْتَمِعُوْنَ	اِلَيْكَ	وَاِذْ هُمْ	نَجْوٰٓى	اِذْ + يَقُوْلُ
جس غرض سے	وہ سنتے ہیں	اس کو	جب	وہ کان لگاتے ہیں	تیری طرف	اور جب وہ	سرگوشی کرتے ہیں	جب کہتے ہیں

کہ وہ اس کو کس غرض سے سنتے ہیں جب وہ تمہاری طرف کان لگاتے ہیں اور جب وہ سرگوشی کرتے ہیں (یعنی) جب کہتے ہیں

الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝۴۷

الظّٰلِمُوْنَ	اِنْ	تَتَّبِعُوْنَ	اِلَّا	رَجُلًا	مَّسْحُوْرًا
ظالم (جمع)	نہیں	تم پیروی کرتے	مگر	ایک آدمی	سحر زدہ

ظالم کہ تم پیروی نہیں کرتے مگر ایک سحر زدہ آدمی کی۔

(۴۶) وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ مِنْ اَنْ يَّفْهَمُوا الْقُرْاٰنَ اَنَّ اَىْ فَلَا يَفْهَمُوْنَهٗ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ثِقْلًا فَلَا يَسْمَعُوْنَهٗ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ○ عَنْهُ

(۴۶) وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ الخ اور ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈالدیے کہ وہ قرآن کو سمجھ نہیں سکتے اور ان کے کانوں میں بوجھ ڈالدیا یعنی انکو بہرہ کردیا کہ وہ قرآن کو سُن نہیں سکتے۔
اور جس وقت تو اپنے رب اکیلے کا ذکر قرآن میں پڑھتا ہے کافرین اس سے نفرت کرکے پشت پھیر کر بھاگتے ہیں۔

(۴۷) نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ بِسَبَبِهٖ مِنَ الْهَزْءِ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ قِرَاءَتَكَ

(۴۷) ہم خوب جانتے ہیں جس نیت سے وہ قرآن کو سنتے ہیں کہ غرض انکی ٹھٹہ کرنا ہوتا ہے۔ اور ہم جانتے ہیں جب وہ تیرے پڑھنے پر کان لگاتے ہیں اور جب وہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝

باہم مشورہ اور باتیں کرتے ہیں۔

جب یہ ظالم اپنے مشورہ میں کہتے ہیں کہ تم ایک جادوگر مسلوب العقل کی پیروی کرتے ہو۔

تشریح

(۴۶) قرآن کی قوت تاثیر کے باوجود نہ ماننے والوں پر اثر کیوں نہیں | اوپر بیان ہوا تھا کہ پیغمبرؐ کے سامنے ہوتے ہوئے بھی ان کی صداقت کو کیوں سمجھ نہیں پاتے اور اب بتایا جارہا ہے کہ قرآن کی قوتِ تاثیر کے باوجود ان کے دلوں پر کیوں اثر نہیں ہوتا قرآن کا اثر اسلئے نہیں ہوتا کہ قرآن کی دعوت یہ ہے کہ اس زندگی کو سامنے رکھو جو مرنے کے بعد آنے والی ہے دنیا کی زندگی کے ظاہری پہلو سے دھوکہ کھا کر یہ مت سمجھو کہ کوئی تمہیں پوچھنے والا اور حساب لینے والا نہیں ہے۔ یہ مت سمجھو کہ حساب طلبی اور جواب دہی اس کی کوئی حقیقت نہیں ہے بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اللہ کا ایک اٹل اخلاقی قانون ہے جو مرنے کے بعد دوسری زندگی میں سامنے آئے گا اور جیسا کیا ہے ویسا بھرنا پڑے گا اس عارضی زندگی پر فریفتہ مت ہو اللہ کے قانون کے مطابق موت کے بعد کی زندگی میں قطعی اور آخری فیصلے ہونگے۔ لیکن جن کا اعتماد ہی اس دنیا کے ظاہر پر ہے وہ قرآن کی اس دعوت کو نہیں سمجھ سکتے قرآن کی آواز ان کے کانوں سے ٹکرا کر واپس آئے گی اور دل کی گہرائی تک نہ پہونچ سکے گی جیسے کسی نے دل پر غلاف چڑھا دیا ہو ان کو قرآن سننے سے گرانی محسوس ہوگی اور وہ قرآن میں ایک ہی رب کا ذکر سن کر نفرت سے منہ موڑتے نظر آئیں گے اللہ واحد کے ذکر سے بدکتے ہوئے پیٹھ پھیرتے ہوئے بھاگیں گے جیسا کہ ارشاد ہے:۔ وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ (زمر آیت ۴۵ پ ۲۴) جب اکیلے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو آخرت پر ایمان نہ رکھنے والوں کے دل کڑھنے لگتے ہیں اور جب اس کے سوا دوسروں کا ذکر ہوتا ہے تو یکایک وہ خوشی سے کھل اُٹھتے ہیں۔ آخرت کے انجام سے بے فکر رہنے والوں کا کیا حال ہوتا ہے۔ قرآن کہتا ہے کہ وہ بڑے فخر سے یہ بات کرتے ہیں کہ: وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْ بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ (حٰمٓ السجدہ آیت ۵ پارہ ۲۴) کہتے ہیں جس چیز کی طرف تو ہمیں بلا رہا ہے اس کے لئے ہمارے دلوں پر غلاف چڑھے ہوئے ہیں ہمارے کان بہرے ہوگئے ہیں ہمارے اور تیرے درمیان ایک حجاب حائل ہوگیا ہے تو اپنا کام کر ہم اپنا کام کئے جائیں گے۔

اگر سورج پوری تابانی کے ساتھ چمک رہا ہو مگر کوئی شخص کمرے کے سارے دروازے بند کرکے کالے پردے ڈال کر اندر بیٹھا رہے تو قصور سورج کی روشنی کا نہیں ہے کمی اس میں ہے جو سورج کی روشنی سے فائدہ اٹھانا نہیں چاہتا۔

(۴۷) قرآن کو فائدہ اٹھانے کیلئے نہیں سنتے اور تمہیں بہکی بہکی باتیں کرنے والا بتاتے ہیں | نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کی مخالفت کرنے والے اب اس مقام پر پہنچ چکے ہیں کہ جب وہ قرآن اور رسول کی باتیں سنتے ہیں تو اسلئے نہیں سنتے کہ اس سے فائدہ اٹھائیں گے بلکہ مقصد یہ ہوتا ہے کہ آپ کی باتوں کا مذاق اڑائیں اور جب آپس میں سرگوشیاں ہوتی ہیں باد دیکھتے ہیں کہ کوئی آپکی باتوں سے متاثر ہورہا ہے تو کہتے ہیں کہ یہ بہکی بہکی باتیں کرنے والا سحر زدہ سا آدمی ہے اس کی باتوں میں کیا آنا گویا قرآن اور رسول کی دعوت جو انسان کیلئے دونوں جہاں کی فلاح کا ذریعہ ہے اور جو انسانی مسائل کی گتھی سلجھانے کیلئے اللہ نے سنہری اصول بتائے ہیں وہ انکی نظر میں بہکی بہکی باتیں کرنے والے سحر زدہ آدمی کی کچھ لایعنی سی باتیں ہیں جن پر سنجیدگی سے توجہ کرنے کی ضرورت نہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۴۸﴾ وَ

اُنْظُرْ	كَيْفَ	ضَرَبُوْا	لَكَ	الْاَمْثَالَ	فَضَلُّوْا	فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ	سَبِيْلًا	وَ
دیکھو	کیسی انہوں نے چسپاں کیں		تمہارے لئے	مثالیں	سو وہ گمراہ ہوگئے	پس وہ نہیں پاتے	کوئی راہ	اور

دیکھو! انھوں نے تم پر کیسی مثالیں چسپاں کیں سو وہ گمراہ ہوئے، پس وہ کوئی اور راہ نہیں پاتے، اور

قَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۴۹﴾

قَالُوْٓا	ءَاِذَا	كُنَّا	عِظَامًا	وَّرُفَاتًا	ءَاِنَّا	لَمَبْعُوْثُوْنَ	خَلْقًا	جَدِيْدًا
وہ کہتے ہیں	کیا جب	ہم ہوگئے	ہڈیاں	اور ریزہ ریزہ	کیا ہم	پھر جی اٹھیں گے	پیدائش	نئی

وہ کہتے ہیں کہ کیا جب ہم ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہوگئے، کیا ہم پھر نئی پیدائش (از سرِ نو) جی اٹھیں گے ؟

﴿۴۸﴾ قَالَ تَعَالٰى اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ بِالْمَسْحُوْرِ وَالْكَاهِنِ وَالشَّاعِرِ فَضَلُّوْا بِذٰلِكَ عَنِ الْهُدٰى فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا طَرِيْقًا اِلَيْهِ

﴿۴۸﴾ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے محمد دیکھو وہ تمہارے لئے کیسی کیسی مثالیں بیان کرتے ہیں کبھی جادوگر بتلاتے ہیں کبھی نجومی کبھی شاعر سو اس وجہ سے وہ راہ سے بے راہ ہوئے پس وہ اس طرف چلنے کی طاقت نہیں رکھتے

﴿۴۹﴾ وَقَالُوْٓا مُنْكِرِيْنَ لِلْبَعْثِ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ۝

﴿۴۹﴾ اور کافروں نے قیامت کے انکار میں کہا، کیا جبکہ ہم پرانی ہڈیاں اور بوسیدہ ہو جاویں گے اس وقت نئے سرے سے پیدا ہوں گے۔

تشریح

﴿۴۸﴾ **حقیقت میں یہ خود بہکے ہوئے ہیں** آپکی مخالفت میں طرح طرح کے الزام لگانے والے یہ لوگ خود ہی بہکے ہوئے ہیں کبھی آپ کو جادوگر کہتے ہیں کبھی کہتے ہیں کہ آپ پر کسی نے جادو کر دیا ہے آپ سحر زدہ ہیں اسلئے بہکی بہکی باتیں کر رہے ہیں کبھی آپکو شاعر کہتے ہیں کبھی مجنون بتاتے ہیں کبھی کاہن کہتے ہیں انکی یہ بہکی بہکی متضاد باتیں بتا رہی ہیں کہ وہ خود ہی اپنی کسی ایک بات پر مطمئن نہیں ہیں۔ ایک الزام لگاتے ہیں اور سوچتے ہیں کہ یہ تو چسپاں نہیں ہو رہا ہے تو پھر دوسرا الزام لگا دیتے ہیں۔ غرض ان کی بات میں صداقت نہیں عداوت ہے۔

﴿۴۹﴾ **موت کے بعد دوبارہ جی اٹھنے پر حیرانی** جو پیغمبر یہ بتاتا ہو کہ انسان جب مرجاتا ہے اور اس کی ہڈیاں چورا چورا ہو کر مٹی میں مل جاتی ہیں اور قبر میں اس کا سارا بدن خاک در خاک ہو جاتا ہے تو پھر وہ دوبارہ جی اٹھتا ہے۔ بھلا کیا ہم نئے سرے سے پیدا کر کے اٹھائے جائینگے اس طرح کی باتیں کرنے والے کو کیا یہ کہا جائے گا کہ اسکی دماغی صحت ٹھیک ہے — یہ تھی وہ دلیل جو پیغمبر کو مجنون اور بہکی بہکی باتیں کرنے والا ثابت کرنے کے لئے پیش کی جاتی تھیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ﴿۵۰﴾ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ

قُلْ	كُوْنُوْا	حِجَارَةً	اَوْ	حَدِيْدًا	اَوْ	خَلْقًا	مِّمَّا	يَكْبُرُ
کہدیں	تم ہوجاؤ	پتھر	یا	لوہا	یا	اور مخلوق	اس سے جو	بڑی ہو

کہہ دیں تم پتھر، یا لوہا ہو جاؤ یا کوئی اور مخلوق جو تمہارے خیالوں میں

فِيْ صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ۭ قُلِ الَّذِيْ

فِيْ	صُدُوْرِكُمْ	فَسَيَقُوْلُوْنَ	مَنْ	يُّعِيْدُنَا	قُلِ	الَّذِيْ
میں	تمہارے سینے (خیال)	پھر اب کہیں گے	کون	ہمیں لوٹائیگا	فرمادیں	وہ جس نے

اس سے بھی بڑی ہو پھر اب کہیں گے ہمیں کون لوٹائے گا؟ فرمادیں وہ جس نے تمہیں

فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَ

فَطَرَكُمْ	اَوَّلَ	مَرَّةٍ	فَسَيُنْغِضُوْنَ	اِلَيْكَ	رُءُوْسَهُمْ	وَ
تمہیں پیدا کیا	پہلی	بار	تو وہ ہلائیں گے (مٹکائینگے)	تمہاری طرف	اپنے سر	اور

پیدا کیا پہلی بار تو وہ تمہاری طرف اپنے سر مٹکائیں گے اور

يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ۭ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ﴿۵۱﴾ يَوْمَ

يَقُوْلُوْنَ	مَتٰى	هُوَ	قُلْ	عَسٰٓى	اَنْ	يَّكُوْنَ	قَرِيْبًا	يَوْمَ
کہیں گے	کب	وہ۔یہ	فرمادیں	شاید	کہ	وہ ہو	نزدیک	جس دن

کہیں گے یہ کب ہوگا۔ (قیامت کب آئیگی؟) آپ فرمادیں شاید کہ نزدیک ہی ہو جس دن وہ

يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا

يَدْعُوْكُمْ	فَتَسْتَجِيْبُوْنَ	بِحَمْدِهٖ	وَتَظُنُّوْنَ	اِنْ	لَّبِثْتُمْ	اِلَّا
وہ پکاریگا تمہیں	تو تم جواب دوگے (تعمیل کروگے)	اسکی تعریف کیساتھ	اور تم خیال کروگے	کہ	تم رہے	صرف

تمہیں پکارے گا تو تم اس کی تعریف کے ساتھ تعمیل کروگے (قبروں سے نکل آؤگے) اور تم خیال کروگے کہ تم (دنیا میں) رہے ہو

قَلِيْلًا ﴿۵۲﴾ وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ ع ۱۲ ۵

قَلِيْلًا	وَقُلْ	لِّعِبَادِيْ	يَقُوْلُوا	الَّتِيْ	هِيَ	اَحْسَنُ	اِنَّ
تھوڑی دیر	اور فرمادیں	میرے بندوں کو	وہ کہیں	وہ جو	وہ	سب سے اچھی	بیشک

صرف تھوڑی دیر اور میرے بندوں کو فرمادیں کہ (بات) وہ کہیں جو سب سے اچھی ہو۔ بے شک

toobaa-elibrary.blogspot.com

الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ۝۵۳

الشَّيْطٰنَ	يَنْزَغُ	بَيْنَهُمْ	اِنَّ	الشَّيْطٰنَ	كَانَ	لِلْاِنْسَانِ	عَدُوًّا	مُّبِيْنًا
شیطان	فساد ڈالتا ہے	ان کے درمیان	بیشک	شیطان	ہے	انسان کا	دشمن	کھلا

شیطان ان کے درمیان فساد ڈال دیتا ہے بیشک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے

۵۰ قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ۝

۵۰ ان سے کہدو کہ تم پتھر ہو جاؤ یا لوہا

۵۱ اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِيْ صُدُوْرِكُمْ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ۭ قُلِ الَّذِيْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ۭ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ۝

۵۱ اور کوئی مخلوق جو تمہارے نزدیک زیادہ سخت ہوں حیات کو قبول نہ کر سکے ہڈیوں اور بوسیدہ چیزوں کی ان کے سامنے کیا حقیقت ہے پس بالضرور تم میں دوبارہ روح ڈالی جائے گی۔

سو عنقریب کافر کہیں گے کہ ہم کو کون دوبارہ زندہ کریگا کہدو وہ جس نے تم کو اول دفعہ پیدا کیا جبکہ تم کوئی چیز نہ تھے کیونکہ جو اول مرتبہ پیدا کرنے پر قدرت رکھتا ہے وہ دوبارہ پیدا کرنے پر ضرور قدرت رکھیگا بلکہ دوبارہ پیدا کرنا سہل تر ہے۔

پس عنقریب کافر تیرے سامنے اپنے سر ہلا دیں گے تعجب سے اور ازراہِ استہزار کہیں گے قیامت کب ہے۔

ان سے کہدو کہ وہ نزدیک آنے والی ہے۔

۵۲ يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۝

۵۲ جس دن کہ اللہ تم کو زبانی اسرافیل کے قبروں سے بلا دیگا سو تم اللہ کے حکم سے قبروں سے نکلو گے یا یہ کہتے ہوئے نکلو گے کہ تمام تعریفیں اللہ کو ہیں اور تم گمان کرو گے کہ دنیا میں بہت کم ٹھہرے قیامت کی دہشت سے یہ حال ہو جائیگا

۵۳ وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ۝

۵۳ اور اے محمد میرے بندوں ایمان والوں سے کہدو کہ وہ کافروں سے وہ بات کہیں

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۚ إِنَّ الشَّيْطَانَ كَانَ لِلْإِنْسَانِ عَدُوًّا مُبِينًا ﴿٥٣﴾ بِينُ الْعَدَاوَةِ

جو اچھی ہے بیشک شیطان ان کے درمیان فساد ڈالتا ہے بلاشبہ شیطان آدمی کا کھلا دشمن ہے۔

تشریح

(۵۰) مٹی ہی کیوں پتھر یا لوہا بن کر دیکھ لو | اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے پیغمبر ان کی اُلٹی سیدھی دلیلوں کا جواب انکو یہ دو کہ تمہیں دوبارہ زندہ ہونے پر اسلئے حیرانی ہے کہ تمہارا بدن جس میں مٹی شامل ہے مرنے کے بعد مٹی میں ملکر مٹی ہوگیا اور اب اسمیں دوبارہ زندگی کہاں سے آجائیگی۔ یہ ریزہ اور چورا تو بہرحال انسانی بدن کا ہے جس میں کبھی زندگی رہ چکی ہے اور مٹی کے ذرّوں میں بھی زندگی کے آثار پائے جاتے ہیں اے پیغمبر ان سے کہو کہ میں تمہیں اجازت دیتا ہوں کہ ہڈیوں کا چورا نہیں ممکن ہو تو پتھر یا لوہا بن جاؤ جو زندگی کے آثار قبول کرنے سے قطعی محروم نظر آتے ہیں۔

(۵۱) جس نے پہلی بار پیدا کیا وہی دوبارہ زندگی دیگا | اللہ تعالےٰ نے انسان کو عقل دی ہے فہم اور شعور دیا ہے انسان اپنی عقل سے غور کرے کہ پیدا کرنیوالے نے جب اسکو پہلی بار پیدا کیا تو کیسے پیدا کیا ناپاک پانی کا ایک قطرہ جو رحم مادر میں منتقل ہوگیا وہاں وہ جما ہوا خون بنا، گوشت کا لوتھڑا بنا، اسکے بدن کے حصے تیار ہوئے پھر پروردگار نے اسمیں جان ڈالی اسکے باہر آنے کا راستہ بنا اسکی پرورش ہوئی اور وہ ایک مکمل انسان کی صورت میں اس زمین پر چلنے پھرنے لگا۔ یہ ہے اس کی زندگی کا آغاز جس نے اسکو ایک قطرہ سے جیتا جاگتا انسان بنا دیا، کیا وہ خاک کے ذروں سے اس کو دوبارہ پیدا کرنے پر قادر نہیں ہے؟

پتھر اور لوہا کیا اس سے بھی زیادہ کوئی سخت چیز جو تمہارے ذہن میں ایسی ہو جو زندگی کو قبول نہ کرتی ہو وہ بن کر دیکھ لو اس کے باوجود بھی تم ضرور دوبارہ اٹھ کر رہو گے۔

وہ پوچھیں گے، کیوں صاحب ہمیں کون دوبارہ زندہ کرے گا؟

کہو وہی، جس نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا ——— پھر وہ سر مٹکا مٹکا کر کہیں گے، اچھا اچھا تو یہ ہوگا۔

اچھا صاحب یہ سب کب ہوگا، کب بوسیدہ ہڈیوں میں جان پڑے گی، کب قبروں سے حساب کتاب کے لئے اٹھائے جائینگے۔؟

آپ کہیں قیامت کا صحیح وقت تو اللہ نے کسی کو نہیں بتایا مگر کیا عجب وہ وقت قریب ہی آ لگا ہو۔

(۵۲) موت اور نئی زندگی کے درمیان فاصلہ بہت کم محسوس ہوگا | دنیا میں مرنے کے وقت سے لے کر قیامت میں اٹھنے کے وقت تک کی مدت چند گھنٹوں سے زیادہ محسوس نہ ہوگی اسوقت ایسا لگے گا کہ ذرا سوئے پڑے تھے کہ صور محشر نے جگا دیا جیسا کہ قرآن مجید میں ہے کہ مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا (سورہ یٰسین آیت ۵۲ پارہ ۲۳) کس نے ہماری خوابگاہ سے ہمیں اٹھا کھڑا کیا۔ پس ایک آواز لگے گی اور سب زمین سے نکل نکل کر اللہ کی تعریف کرتے ہوئے حشر کے میدان میں جمع ہو جائیں گے پہلی زندگی میں جن لوگوں کو اللہ پر اعتقاد اور یقین تھا وہ اس لئے اللہ کی حمد و ثنا کریں گے کہ زندگی میں انکا وظیفہ ہی یہ تھا۔ اور جنکو پہلی زندگی میں اللہ پر یقین اور اعتقاد نہیں تھا وہ اس لئے اللہ کی حمد و ثنا کریں گے کہ انکی فطرت یہی تھی اور اصل فطرت کے مطابق بلا ارادہ حمد و ثنا انکی زبان پر جاری ہو جائے گی مگر یہ حمد و ثنا کیونکہ پہلی زندگی میں انکے عقیدے میں شامل نہ تھی اس لئے انکی نجات کیلئے مفید نہیں۔

(۵۳) مخالفین کی دل آزاری کے جواب میں تحمل سے کام لیں | مخالفین کی جاہلانہ اور مذاق اڑانے والی باتوں کو سننا ممکن ہے کہ کسی کو غصہ آجائے اسلئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ یہ نصیحت کی جارہی ہے کہ ناگوار سے ناگوار بات سننا بھی آپے سے باہر نہ ہو اور مخالفین کی گفتگو کے جواب میں تیز کلامی نہ کریں کوئی بات خلافِ حق زبان سے نہ نکلنی چاہئے ان کی ہر بات جچی تلی برحق اور ان کی دعوت کے وقار کے مطابق ہونی چاہئے۔ اس میں شیطان غصہ کی آگ بھڑکا کر باہم فساد پیدا کرنا چاہتا ہے تاکہ لوگ اصلاح کا کام چھوڑ کر باہمی جھگڑوں میں الجھ کر رہ جائیں کیونکہ شیطان تو انسان کا کھلا دشمن ہے جھگڑے میں بڑی خرابی یہ پیدا ہوتی ہے کہ مخاطب کے اندر ضد اور عداوت قائم ہو جاتی ہے اور پھر وہ ٹھیک بات کو سمجھنے سے رُک جاتا ہے اور یہی شیطان کا منشا ہے اسلئے ایک مصلح اور داعی کو بڑے تحمل سے کام لینا چاہئے اور بڑے سے بڑے مخالف کے سامنے تنگدلی کا پہلو اختیار نہیں کرنا چاہئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِكُمْ ۚ إِنْ يَشَأْ يَرْحَمْكُمْ أَوْ إِنْ يَشَأْ يُعَذِّبْكُمْ ۚ وَمَا

رَبُّكُمْ	أَعْلَمُ	بِكُمْ	إِنْ	يَشَأْ	يَرْحَمْكُمْ	أَوْ	إِنْ	يَشَأْ	يُعَذِّبْكُمْ	وَمَا
تمہارا رب	خوب جانتا ہے	تمہیں	اگر	وہ چاہے	تم پر رحم کرے	یا	اگر	وہ چاہے	تمہیں عذاب دے	اور نہیں

تمہارا رب تمہیں خوب جانتا ہے اگر وہ چاہے تو تم پر رحم کرے، یا اگر وہ چاہے تو تمہیں عذاب دے اور ہم نے

أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ وَكِيلًا ﴿٥٤﴾ وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ

أَرْسَلْنَاكَ	عَلَيْهِمْ	وَكِيلًا	وَرَبُّكَ	أَعْلَمُ	بِمَنْ	فِي	السَّمَاوَاتِ	وَالْأَرْضِ
ہم نے تمہیں بھیجا	ان پر	داروغہ	اور تمہارا رب	خوب جانتا ہے	جو کوئی	میں	آسمان (جمع)	اور زمین

تمہیں ان پر داروغہ (بنا کر) نہیں بھیجا اور تمہارا رب خوب جانتا ہے جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہے

وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيِّينَ عَلَىٰ بَعْضٍ وَآتَيْنَا دَاوُودَ زَبُورًا ﴿٥٥﴾

وَلَقَدْ + فَضَّلْنَا	بَعْضَ	النَّبِيِّينَ	عَلَىٰ + بَعْضٍ	وَآتَيْنَا	دَاوُودَ	زَبُورًا
اور تحقیق ہم نے فضیلت دی	بعض	نبی (جمع)	بعض پر	اور ہم نے دی	داؤد ؑ	زبور

اور تحقیق ہم نے بعض نبیوں کو بعض پر فضیلت دی۔ اور ہم نے داؤد ؑ کو زبور دی۔

قُلِ ادْعُوا الَّذِينَ زَعَمْتُمْ مِنْ دُونِهِ فَلَا يَمْلِكُونَ

قُلِ	ادْعُوا	الَّذِينَ	زَعَمْتُمْ	مِنْ + دُونِهِ	فَلَا يَمْلِكُونَ
کہدیں	پکارو	وہ جن کو	تم گمان کرتے ہو	اس کے سوا	پس وہ اختیار نہیں رکھتے

کہہ دیں پکارو اُنہیں جن کو تم اس کے سوا (معبود) گمان کرتے ہو۔ پس وہ اختیار نہیں رکھتے

كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيلًا ﴿٥٦﴾

كَشْفَ	الضُّرِّ	عَنْكُمْ	وَ	لَا	تَحْوِيلًا
دور کرنا	تکلیف	تم سے	اور	نہ	بدلنا

تم سے تکلیف دور کرنے کا، اور نہ بدلنے کا۔

﴿٥٤﴾ وَالْكَلِمَةُ الَّتِي هِيَ أَحْسَنُ هِيَ رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِكُمْ ۚ إِنْ يَشَأْ يَرْحَمْكُمْ بِالتَّوْبَةِ وَالْإِيمَانِ أَوْ إِنْ يَشَأْ تُعَذِّبْكُمْ يُعَذِّبْكُمْ ۚ بِالْمَوْتِ عَلَى الْكُفْرِ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ وَكِيلًا ○ فَتُجْبِرُهُمْ عَلَى الْإِيمَانِ. وَهٰذَا قَبْلَ الْأَمْرِ بِالْقِتَالِ

﴿٥٤﴾ اور وہ بات جو اچھی ہے یہ ہے رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِكُمْ الخ تمہارا رب تم کو خوب جانتا ہے اگر وہ چاہیگا تم پر رحمت کرے گا توبہ اور ایمان کی توفیق عطا فرمائیگا اگر چاہے گا عذاب دیوے گا اس طرح کہ تم کو کفر پر مار دیگا۔
اور ہم نے تم کو اے محمد ؐ ان کا ذمہ دار نہیں کیا کہ تم ان کو زبردستی مسلمان کرو یہ حکم امر قتال سے پہلا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۵۵) وَرَبُّكَ أَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۝

(۵۵) اور تیرا رب آسمان اور زمین والوں کو خوب جانتا ہے موافق ان کے حال کے جس کو جو چاہتا ہے عطا فرماتا ہے دوسرے کو نہیں دیتا اور بیشک ہم نے بعض پیغمبروں کو بعض پر بزرگی دی یعنی ہر ایک پیغمبر کو ایک خاص بزرگی عطا فرمائی جو دوسرے کو نہیں دی جیسے موسیٰ ؑ کو کلام کے ساتھ مخصوص کیا، اور ابراہیم ؑ کو مقام خلت عطا فرمایا اور محمد علیہ السلام کو معراج عطا فرمائی اور ہم نے داؤد کو زبور دی۔

(۵۶) قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ عَذَابَهٗ ۗ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوْرًا ۝

(۵۶) کافروں سے کہہ دو کہ ان کو پکار دیکھو تم اللہ کے سوا معبود سمجھتے ہو جیسے فرشتہ، عیسیٰ اور عزیر۔ سو یہ معبود اتنا اختیار نہیں رکھتے کہ تم سے نقصان دور کر سکیں یا دوسری جگہ اس کو بدل سکیں۔

تشریح

(۵۴) آخری فیصلہ اللہ کے اختیار میں ہے | اللہ تعالیٰ ہر ایک کے اندر کے حال کا پورا پورا علم رکھتے ہیں کوئی چیز ان سے ڈھکی چھپی نہیں ہے آخری فیصلہ بھی اللہ کے اختیار میں ہے جسکے ساتھ چاہیں رحم کا معاملہ فرمائیں جسکو چاہیں سزا عطا فرمائیں کسی کو حق نہیں ہے کہ اپنے یا دوسرے کے بارے میں جنتی یا دوزخی ہونے کا فیصلہ سنائے اس چیز کا فیصلہ اللہ کے اختیار میں ہے وہی سب انسانوں کے ظاہر و باطن اور ان کے حال اور مستقبل کو جانتا ہے انسان اصولی حیثیت سے یہ تو کہہ سکتا ہے کہ اللہ کی کتاب کے مطابق کس طرح کے انسان رحمت کے مستحق ہیں اور کس قسم کے لوگ عذاب کے قابل ہیں مگر کسی انسان کو یہ کہنے کا حق نہیں ہے کہ فلاں کو عذاب دیا جائیگا اور فلاں کو بخشا جائیگا۔ مستقبل کے بارے میں کون جانتا ہے کہ کیا ہونے والا ہے۔ ایک پیغمبر کی ذمہ داری بھی یہ ہے کہ وہ دین کی دعوت دیتا رہے سمجھاتا بجھاتا رہے کس کو ہدایت نصیب ہوتی ہے کس کو نہیں یہ اسکی ذمہ داری نہیں ہے۔

(۵۵) پیغمبروں کے مراتب کی بلندی | اللہ تعالیٰ زمین و آسمان کی ہر چیز کا علم رکھتے ہیں کس کو کیا مرتبہ دینا ہے کیا چیز کس کے لئے مناسب ہے ان سب باتوں کا اللہ کو علم ہے اور وہ حکمت کے ساتھ تمام فیصلے فرماتے ہیں کیونکہ وہ کائنات کی سلطنت کے بادشاہ ہیں ان کا ہر حکم آخری ہوتا ہے اور ہر فیصلہ نہایت مناسب۔ اس نے اپنے پیغمبروں کو طرح طرح کے مراتب اور فضیلتوں سے نوازا ہے۔ حضرت داؤد اسکے پیغمبر ایک سلطنت کے بادشاہ بھی تھے اور صاحب کتاب بھی ان کو اللہ نے اپنی کتاب زبور عطا کی اس طرح وہ اپنے شاہی فرائض بھی ادا کرتے تھے اور پیغمبرانہ ذمہ داری کو بھی نبھاتے تھے کسی پیغمبر کا گھر بار والا ہونا اسکے لئے پیغمبرانہ فرائض میں کوئی رکاوٹ نہیں ڈالتا بلکہ دنیاوی کام اس کے دعوتی کام کے لئے ایک اچھا عملی نمونہ پیش کرتے ہیں۔ مثلاً پیغمبر کہتا ہے امانت دار بنو معاملات میں سچائی اور دیانت داری اختیار کرو۔ اور وہ لوگوں کے ساتھ معاملہ کرکے اپنی دیانت داری اور صداقت کا عملی نمونہ پیش کرتا ہے۔ پیغمبر کہتا ہے اپنے بیوی بچوں کے حقوق ادا کرو اور وہ خود بیوی بچوں والا ہو کر ان کے حقوق ادا کرکے دکھاتا ہے۔ اصل میں پیغمبر دنیا سے کٹا ہوا کوئی الگ تھلگ انسان نہیں ہوتا بلکہ وہ اسی دنیا کے انسانوں میں سے ایک انسان ہوتا ہے اور اس کی زندگی انسانوں کے لئے عملی نمونہ ہوتی ہے۔

(۵۶) معبود وہ ہے جو کامل قدرت والا ہو | حقیقت میں معبود تو وہ ہے جس کا علم لامحدود ہو اور اس کی قدرت کامل ہو جس پر چاہے مہربانی فرمائے جس کو چاہے فضیلت اور انعامات سے نوازے جس کی چاہے کارسازی کرے جس کی چاہے حاجت روائی کرے۔ اب ذرا اپنے ان جھوٹے معبودوں کو دیکھو کیا ان میں سے کوئی بھی ایسا مستقل اختیار رکھتا ہے کہ تمہاری تکلیف کو دور کر سکے کسی بری حالت کو اچھی حالت سے بدل دے کسی ضعیف اور عاجز مخلوق کو اپنا معبود بنا لینا کہاں تک روا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يَدْعُونَ يَبْتَغُونَ إِلَىٰ رَبِّهِمُ الْوَسِيلَةَ

أُولَٰئِكَ	الَّذِينَ	يَدْعُونَ	يَبْتَغُونَ	إِلَىٰ	رَبِّهِمُ	الْوَسِيلَةَ
وہ لوگ	جنہیں	وہ پکارتے ہیں	ڈھونڈتے ہیں	طرف	اپنا رب	وسیلہ

وہ لوگ جنہیں یہ پکارتے ہیں وہ (خود) ڈھونڈتے ہیں اپنے رب کی طرف وسیلہ

أَيُّهُمْ أَقْرَبُ وَيَرْجُونَ رَحْمَتَهُ وَيَخَافُونَ عَذَابَهُ ۚ إِنَّ

أَيُّهُمْ	أَقْرَبُ	وَيَرْجُونَ	رَحْمَتَهُ	وَيَخَافُونَ	عَذَابَهُ	إِنَّ
انمیں سے کون	زیادہ قریب	اور وہ امید رکھتے ہیں	اس کی رحمت	اور وہ ڈرتے ہیں	اس کا عذاب	بیشک

کہ ان سے کون زیادہ قریب ہے اور وہ امید رکھتے ہیں اس کی رحمت کی اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں بیشک

عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُورًا ﴿٥٧﴾

عَذَابَ	رَبِّكَ	كَانَ	مَحْذُورًا
عذاب	تیرا رب	ہے	ڈر کی بات

تیرے رب کا عذاب ڈر (ہی) کی بات ہے۔

﴿٥٧﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ يَدْعُونَ هُمْ إِلٰهَهُ يَبْتَغُونَ يَطْلُبُونَ إِلَىٰ رَبِّهِمُ الْوَسِيلَةَ الْقُرْبَةَ بِالطَّاعَةِ أَيُّهُمْ بَدَلٌ مِنْ وَاوِ يَبْتَغُونَ أَيْ يَبْتَغِيهَا الَّذِي هُوَ أَقْرَبُ إِلَيْهِ فَكَيْفَ بِغَيْرِهِ وَيَرْجُونَ رَحْمَتَهُ وَيَخَافُونَ عَذَابَهُ كَغَيْرِهِمْ فَكَيْفَ يَدْعُونَهُمْ إِلٰهَهُ إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُورًا ۝

﴿٥٧﴾ جن کو یہ کافر پکارتے ہیں یعنی ان کے معبود، ان کا حال یہ ہے کہ اللہ کی بندگی کر کے اس کی نزدیکی چاہتے ہیں جو انمیں سے زیادہ مقرب وہ زیادہ نزدیکی ڈھونڈھتا ہے تو دوسروں کا کیا حال ہوگا اور وہ امیدوار ہیں اللہ کی رحمت کے اور ڈرتے ہیں اس کے عذاب سے جیسے اور مخلوق میں یہ باتیں ہیں ان میں بھی ہیں سو ان کو کیونکر معبود سمجھتے ہیں بیشک تیرے رب کا عذاب بڑے ڈر کی چیز ہے۔

تشریح

﴿٥٧﴾ تمہارے خیالی معبود خود اپنے رب سے حاجت روائی کے طالب ہیں | تمہارے وہ معبود جن کو تم نے اپنے خیال میں معبود بنا رکھا ہے چاہے وہ جنات میں سے ہوں، فرشتے ہوں، انبیاء و اولیاء ہوں وہ خود اپنی حاجت روائی کے لئے اللہ کے محتاج ہیں اس کا زیادہ سے زیادہ قرب حاصل کرنے کے وسائل تلاش کر رہے ہیں، اللہ کی رحمت کے امیدوار اور اس کے عذاب سے سہمے ہوئے ہیں | اور اللہ کا عذاب ہے ہی ڈرنے کے قابل۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ

وَ اِنْ	مِّنْ	قَرْيَةٍ	اِلَّا	نَحْنُ	مُهْلِكُوْهَا	قَبْلَ
اور نہیں	کوئی	بستی	مگر	ہم	اسے ہلاک کرنیوالے	پہلے

اور کوئی (نافرمان) بستی نہیں مگر ہم اسے ہلاک کرنے والے ہیں قیامت

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ

يَوْ مَ	الْقِيٰمَةِ	اَوْ	مُعَذِّبُوْهَا	عَذَابًا	شَدِيْدًا
دن	قیامت	یا	اُسے عذاب دینے والے	عذاب	سخت

کے دن سے پہلے یا اُسے سخت عذاب دینے والے ہیں

كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾

كَانَ	ذٰلِكَ	فِي	الْكِتٰبِ	مَسْطُوْرًا
ہے	یہ	میں	کتاب	لکھا ہوا

یہ کتاب میں ہے لکھا ہوا۔

﴿۵۸﴾ وَاِنْ مَّا مِّنْ قَرْيَةٍ اُرِيْدَ اَهْلُهَا اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ بِالْمَوْتِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِيْدًا بِالْقَتْلِ وَغَيْرِهٖ ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ مَسْطُوْرًا ۝ مَكْتُوْبًا

﴿۵۸﴾ اور قیامت سے پہلے ہم تمام بستی والوں کو ہلاک کردیں گے کسی پر موت بھیجیں گے اور کسی کو عذاب سے ماریں گے۔

یہ امر لوح محفوظ میں لکھا ہوا ہے۔

تشریح

﴿۵۸﴾ **اللہ کے سوا کوئی چیز باقی نہیں رہے گی** بقائے دوام اللہ کے سوا کسی کو نہیں ہے ہر چیز فنا ہونے والی ہے ہر قریہ ہر بستی یا تو طبعی اور فطری طور پر ختم ہو جائے گی یا گنہگار ہیں تو خدا کے عذاب سے ہلاک کر دیے جائیں گے نہ کوئی انسان ہمیشہ باقی رہے گا اور نہ کوئی مخلوق ہمیشہ زندہ رہے گی یہ اللہ تعالیٰ کا اٹل قانون ہے جو نوشتۂ الٰہی میں لکھا ہوا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ

وَمَا مَنَعَنَآ	اَنْ	نُّرْسِلَ	بِالْاٰيٰتِ	اِلَّآ	اَنْ	كَذَّبَ	بِهَا	الْاَوَّلُوْنَ
اور نہیں ہمیں روکا	کہ	ہم بھیجیں	نشانیاں	مگر	یہ کہ	جھٹلایا	انکو	اگلے لوگ (جمع)

اور ہمیں نشانیاں بھیجنے سے نہیں روکا، مگر (اس بات نے) کہ ان کو اگلوں نے جھٹلایا

وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ؕ وَمَا نُرْسِلُ

وَاٰتَيْنَا	ثَمُوْدَ	النَّاقَةَ	مُبْصِرَةً	فَظَلَمُوْا	بِهَا	وَمَا نُرْسِلُ
اور ہم نے دی	ثمود	اونٹنی	دکھانے کو (ذریعۂ بصیرت)	انہوں نے اس پر ظلم کیا		اور ہم نہیں بھیجتے

اور ہم نے ثمود کو اونٹنی دی ذریعۂ بصیرت وعبرت، انہوں نے اس پر ظلم کیا، اور ہم نشانیاں نہیں

بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ﴿۵۹﴾ وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ

بِالْاٰيٰتِ	اِلَّا	تَخْوِيْفًا	وَاِذْ	قُلْنَا	لَكَ	اِنَّ	رَبَّكَ	اَحَاطَ
نشانیاں مگر	مگر	ڈرانے کو	اور جب	ہمنے کہا	تم سے	بیشک	تمہارا رب	احاطہ کئے ہوئے

بھیجتے مگر (صرف) ڈرانے کو اور جب ہم نے تم سے کہا کہ بیشک تمہارا رب لوگوں کو (احاطہ

بِالنَّاسِ ؕ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً

بِالنَّاسِ	وَمَا جَعَلْنَا	الرُّءْيَا	الَّتِيْٓ	اَرَيْنٰكَ	اِلَّا	فِتْنَةً
لوگوں کو	اور ہم نے نہیں کیا	دکھاوا	وہ جو کہ	ہمنے تمہیں دکھایا	مگر	آزمائش

قابو کئے ہوئے ہے۔ اور جو دکھاوا ہم نے تمہیں دکھایا وہ ہم نے نہیں کیا مگر لوگوں کی آزمائش

لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِى الْقُرْاٰنِ ؕ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ

لِّلنَّاسِ	وَالشَّجَرَةَ	الْمَلْعُوْنَةَ	فِى	الْقُرْاٰنِ	وَنُخَوِّفُهُمْ
لوگوں کیلئے	اور (تھوہر کا) درخت	جس پر لعنت کی گئی	میں	قرآن	اور ہم ڈراتے ہیں انہیں

کے لئے، اور تھوہر کا درخت جس پر قرآن میں لعنت کی گئی ہے اور ہم انہیں ڈراتے ہیں

ع ۶ ۶ فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿۶۰﴾ ع

فَمَا	يَزِيْدُهُمْ	اِلَّا	طُغْيَانًا	كَبِيْرًا
تو نہیں	بڑھتی انہیں	مگر (صرف)	سرکشی	بڑی

تو انہیں بڑھتی ہے صرف بڑی سرکشی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۵۹) وَمَا مَنَعَنَآ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰيٰتِ اِلَّآ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ۭ وَاٰتَيْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰيٰتِ اِلَّا تَخْوِيْفًا ۝

(۵۹) اور مکہ والوں نے جو نشانیاں طلب کیں وہ ہم نے اسلئے نہیں بھیجیں کہ پہلے لوگوں نے ان نشانیوں کو جو ہم نے ان کے پاس بھیجیں جھٹلایا اور اس پر ہم نے ان کو ہلاک کر ڈالا تو اگر ان کے پاس بھی نشانیاں آتیں تو یہ ضرور انکو جھٹلاتے اور مستحق ہلاک کر ڈالنے کے ہو جاتے حالانکہ ہم نے بالتحقیق ان کو مہلت دی ہے ابھی ان پر عذاب نہ بھیجیں گے تاکہ دین محمدی پورا ہو جائے۔
اور ہم نے ثمود کی طرف ناقہ کو بھیجا جو ظاہر نشانی تھی سو انہوں نے اس کا انکار کیا پس وہ ہلاک کئے گئے

اور ہم معجزے اور نشانیاں بندوں کے ڈرانے کو بھیجتے ہیں تاکہ وہ ایمان لادیں۔

(۶۰) وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ۭ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِي الْقُرْاٰنِ ۭ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ۝

(۶۰) اور یاد کر جبکہ ہم نے تجھ کو کہا کہ بیشک تیرے رب کا علم اور قدرت سب آدمیوں کو گھیرے ہوئے ہے سو وہ سب اللہ کی مٹھی میں ہیں تو ان کو احکام الٰہی پہنچا اور کسی سے خوف نہ کر کہ اللہ تجھ کو ان کے شر سے بچا دے گا اور جو کچھ ہم نے تجھ کو معراج کی رات میں ظاہر آنکھ سے دکھلایا وہ اہل مکہ کے لئے آزمائش اور فتنہ تھا کیونکہ انہوں نے ان باتوں کی تکذیب کی اور ان میں بعض اسلام سے پھر گئے جس وقت آپ نے انکو خبر ان امور کی پہنچائی

اور درخت زقوم کو جس پر قرآن میں لعنت ہوئی ہم نے ان کی آزمائش کے لئے بنایا کیونکہ وہ دوزخ کے نیچے اوگتا ہے تو کافروں نے اس پر یہ اعتراض کیا کہ آگ درخت کو جلاتی ہے تو اس میں درخت کس طرح اُوگ سکتا ہے۔
اور ہم ان چیزوں سے لوگوں کو ڈراتے ہیں سو ہمارا ڈرانا ان کی سرکشی کو ہی بڑھاتا ہے۔

تشریح

(۵۹) **معجزے دکھانے کی فرمائش پوری کیوں نہیں کی گئی** معجزہ اللہ کی ایسی نشانی ہے جو پیغمبر کی صداقت کی دلیل ہوتی ہے معجزہ ایک ایسی علامت ہے جسکو دیکھکر نبی اور رسول کی نبوت اور رسالت کا آسانی سے یقین حاصل ہو سکتا ہے کیونکہ نبی اپنی دعوت میں اُس عالم کو ماننے کی دعوت دیتا ہے جو عام نظروں سے محسوس نہیں ہوتا، وہ یہ بتاتا ہے کہ اس عالم کے سوا دوسرا عالم بھی ہے جو اس عالم سے کہیں زیادہ وسیع پائدار اور عجائبات سے بھرا ہوا ہے وہ یہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

بھی بتاتا ہے کہ یہ سارے عالم ایسی ہستی کی مخلوق ہیں جو ان سارے جہانوں سے ماورا ہے اور اس کے قبضے میں سارے عالموں کا ذرہ ذرہ ہے ان سارے عالموں کا وجود اور ان کا عدم ان کا ہونا نہ ہونا سب کچھ اس کے قبضے میں ہے وہ یہ دعوی کرتے ہیں کہ وہ اسی عظیم ہستی کی طرف سے اسکے پیغمبر ہیں اور دونوں جہان کی فوز و فلاح صرف انکی پیروی میں ہے۔ کیونکہ انسان عام طور پر اسی بات کا یقین کرتا ہے جسکو وہ آنکھوں سے دیکھ لے یا تجربہ کرلے اسلئے پیغمبروں کی ان غائبانہ باتوں پر یقین کرنے کے لئے اسے کسی سائنٹیفک طریقہ کی تلاش ہوتی ہے۔ معجزہ دراصل اسی سائنٹیفک اور جدید طریقۂ استدلال کا نام ہے جو عالم غیب پر ایمان لانے کے لئے انسان کو مطمئن کرسکے جب انسان اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتا ہے کہ چیزوں کی خاصیت اور تاثیر کا وہ اصول جس سے وہ مانوس تھا اس کے سامنے ٹوٹ پھوٹ گیا ہے تو اب اس میں ایسی بالاتر طاقت کے مان لینے کی قابلیت پیدا ہو جاتی ہے جو خود تمام خاصیتوں کا بھی خالق ہو اور جب وہ یہ دیکھتا ہے کہ ان عجائبات کا رشتہ انبیاء علیہم السلام کے ساتھ جڑا ہوا ہے تو اس کے لئے انکی رسالت کے دعوے کو ماننے اور غیب کے ترجمان ہونے میں بھی کسی شک کی گنجائش نہیں رہتی۔

پچھلی قوموں نے اللہ کے نبیوں سے معجزوں کی فرمائش کی انکی فرمائش مان لی گئی لیکن جب فرمائش کے مطابق معجزہ دکھایا گیا تب بھی انہوں نے نہیں مانا۔ قوم ثمود نے اللہ کے پیغمبر حضرت صالح علیہ السلام سے فرمائش کی کہ سامنے جو چٹان ہے اس سے اونٹنی پیدا کرکے دکھاؤ تو ہم اللہ کی طاقت کو اور تمہارے پیغمبر ہونے کو مانیں گے۔ اللہ نے علانیہ ثمود کو اونٹنی لاکر دی، چٹان پھٹی اور اس میں سے اونٹنی برآمد ہو گئی۔ قوم ثمود نے اونٹنی پر ظلم کیا۔ ایسا معجزہ دیکھ لینے کے بعد جب لوگ اس کو جھٹلاتے ہیں تو پھر ان پر اللہ کا عذاب آتا ہے۔ اسلئے یہ اللہ کی رحمت ہے کہ وہ تمہاری الٹی سیدھی فرمائشوں پر معجزے نہیں بھیج رہا ہے اور تمہیں سنبھلنے اور سمجھنے کی مہلت دے رہا ہے کیا تم معجزوں کا مطالبہ کرکے یہ چاہتے ہو کہ تمہارا انجام بھی قوم ثمود جیسا ہو؟ معجزے دکھانے کا مقصود تماشہ گری نہیں ہوتا معجزوں کا مقصود تو یہ ہوتا ہے کہ لوگ اس کو دیکھ کر سمجھ لیں کہ پیغمبر کی پشت پر وہ طاقت ہے جو قدرت کاملہ رکھتی ہے۔

جہاں تک ہدایت کا تعلق ہے اس کے لئے فرمائشی نشانیوں کی ضرورت نہیں ہے کہ صفا پہاڑ کو سونے کا بنا دو پہاڑوں کو ہٹا کر زمینوں کو ہموار کردو وغیرہ۔ ہدایت کے لئے اللہ کی نشانیاں چپے چپے پر موجود ہیں انسان کے اندر بھی اور باہر بھی۔

(۶۰) **اللہ کے فیصلے نافذ ہوکر رہیں گے** | ممکن ہے اے محمدؐ آپ کو خیال ہو کہ جن معجزوں اور نشانیوں کی آپ کے مخالف فرمائشیں کررہے تھے ان کے نہ دکھلانے پر آپ کے مخالفوں کو یہ کہنے کا موقع ملیگا کہ جی اگر سچے ہوتے تو ہمارے کہنے کے مطابق نشانیاں دکھاتے، تو اے پیغمبرؐ آپ مطمئن رہیں اور یاد کریں کہ ہم نے آپ سے شروع میں ہی کہہ دیا تھا کہ اللہ تعالیٰ کے فیصلے ان کی لاکھ مخالفتوں کے باوجود نافذ ہوکر رہیں گے اللہ کے علم اور قدرت نے ان کو گھیر رکھا ہے آپکی دعوت اللہ کی حفاظت میں ہے اور معراج میں جو کچھ آپؐ نے اپنی آنکھ سے نظارہ دیکھا وہ بھی لوگوں کیلئے ایک آزمائش تھی کہ وہ سچا جان کر آپکی تصدیق کرتے ہیں یا جھٹلاتے ہیں۔ ۴۳ تا ۴۶

اور قرآن میں جس درخت زقوم کے بارے میں خبر دیگئی ہے کہ وہ دوزخ کی تہ میں پیدا ہوگا اور دوزخ کے لوگ اسے کھائیں گے جیسا کہ سورۂ دخان آیت میں ارشاد ہوا ہے اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ۝ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ۝ كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ۝ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ۝ (زقوم کا درخت گنہگار کا کھاجہ ہوگا تیل کی تلچھٹ جیسا پیٹ میں وہ اس طرح جوش کھائیگا جیسے کھولتا ہوا پانی جوش کھاتا ہے)۔ اس درخت کے بارے میں جو کہ اللہ کی لعنت کی نشانی اور ملعون لوگوں کا کھانا ہے آپ کے مخالفین کا مذاق اڑانا کہ لیجئے صاحب دوزخ کی آگ میں ہرا درخت پیدا ہوگا۔

ان دونوں مثالوں سے اندازہ کریں کہ جنکے دل خدا کے خوف سے خالی ہوں انہیں تنبیہ پر تنبیہ کیجارہی ہو مگر ہر تنبیہ انکی سرکشی میں اضافہ کرتی ہو ان سے کیا امید کی جاسکتی ہے کہ وہ فرمائشی نشان دیکھنے پر بھی حق کو قبول کرلیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ قَالَ

وَاِذْ	قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ	قَالَ
اور جب	ہمنے کہا	فرشتوں سے	تم سجدہ کرو	آدم کو	تو انہوں نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس	اس نے کہا

اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کو سجدہ کرو تو ابلیس کے سوا ان سب نے سجدہ کیا۔ اس نے کہا

ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ﴿۶۱﴾ قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ

ءَاَسْجُدُ	لِمَنْ	خَلَقْتَ	طِيْنًا	قَالَ	اَرَءَيْتَكَ	هٰذَا	الَّذِيْ
کیا میں سجدہ کروں	اسکو جسے	تونے پیدا کیا	مٹی سے	اس نے کہا	بھلا تو دیکھ	یہ	وہ جسے

کیا میں اسے سجدہ کروں جسے تونے مٹی سے پیدا کیا۔ اس نے کہا بھلا دیکھ تو یہ ہے وہ ؟ جسے تونے

كَرَّمْتَ عَلَيَّ ۫ لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ

كَرَّمْتَ	عَلَيَّ	لَئِنْ	اَخَّرْتَنِ	اِلٰى	يَوْمِ	الْقِيٰمَةِ	لَاَحْتَنِكَنَّ	ذُرِّيَّتَهٗٓ
تونے عزت دی	مجھ پر	البتہ اگر	تو مجھے ڈھیل دے	تک	روز	قیامت	جڑ سے اکھاڑ دونگا	اسکی اولاد

مجھ پر عزت دی ہے۔ البتہ اگر تو مجھے روزِ قیامت تک ڈھیل دے تو میں چند ایک کے سوا اسکی

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۲﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ

اِلَّا	قَلِيْلًا	قَالَ	اذْهَبْ	فَمَنْ	تَبِعَكَ	مِنْهُمْ	فَاِنَّ	جَهَنَّمَ
سوائے	چند ایک	اسنے فرمایا	جا	پس جس	تیری پیروی کی	انمیں سے	تو بیشک	جہنم

اولاد کو جڑ سے اکھاڑ دونگا۔ اس نے فرمایا جا پس ان میں سے جس نے تیری پیروی کی تو بے شک جہنم

جَزَآءُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ﴿۶۳﴾

جَزَآءُكُمْ	جَزَآءً	مَّوْفُوْرًا
تمہاری سزا	سزا	بھرپور

تمہاری سزا ہے سزا بھی بھرپور

﴿۶۱﴾ وَاذْكُرْ اِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ سُجُوْدَ تَحِيَّةٍ بِالْاِنْحِنَاءِ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِيْنًا ۝ نُصِبَ بِنَزْعِ الْخَافِضِ اَيْ مِنْ طِيْنٍ

﴿۶۱﴾ وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ الخ اور یاد کر جب کہ ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کے سامنے جھک کر سلام کرو سو سب نے سجدہ کیا سوا شیطان کے وہ بولا کیا میں جھکوں اس کے سامنے جس کو تونے مٹی سے بنایا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۶۲) قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا

(۶۲) کہنے لگا مجھکو بتلا یہ ہے وہ جس کو تو نے مجھ پر بڑائی دی کہ مجھکو اس کے سامنے جھکنے کا حکم کیا حالانکہ میں اس سے بہتر ہوں کہ تو نے مجھے آگ سے بنایا ہے۔ بخدا اگر تو مجھ کو قیامت تک مہلت دیوے تو میں آدم کی اولاد کو گمراہ کر کے تباہ اور ان کی بیخ کنی کر دوں گا سوا چند آدمیوں کے انمیں سے جنکو تو بچا دیگا۔

(۶۳) قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً مَّوْفُوْرًا ○ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۭ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ○ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ۚ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا

(۶۳) اللہ تعالیٰ نے فرمایا جا تجھ کو مہلت ہے نفخۂ اولیٰ کے وقت تک سو جو کوئی انمیں سے تیری پیروی کریگا پس دوزخ بالضرور تیرا اور ان کا پورا بدلہ ہے۔

تشریح

(۶۱) مخالفین کا ماننے سے انکار ایسا ہی ہے جیسے ابلیس نے آدم کو سجدہ کرنے سے انکار کیا تھا۔

آج لوگ تمہیں جھٹلا رہے ہیں پیغمبر کا مذاق اڑا رہے ہیں اور اس کو ماننے سے انکار کر رہے ہیں ان کا یہ انکار ابلیس کے سجدہ کرنے سے انکار کی طرح ہے۔ جب اللہ تعالےٰ نے حضرتِ آدم کو پیدا کیا اور ان کو زمین کی خلافت عطا کی، اور فرشتوں سے کہا کہ تم سب آدم کے سامنے جھک جاؤ تو سب فرشتوں نے اللہ کے حکم کی تعمیل کی مگر ابلیس نے اللہ کا حکم ماننے سے انکار کر دیا اور دلیل یہ دی کہ آپ نے آدم کو مٹی سے بنایا ہے اور مجھے آگ سے پیدا کیا ہے آگ مٹی سے افضل ہے اسلئے میں آدم کو سجدہ نہیں کروں گا فرشتوں نے بے چون وچرا اللہ کا حکم مانا اور شیطان نے انکار کر کے لعنت مول لے لی آج ان مخالفین کا انکار اور کج روی انسان کے ازلی دشمن شیطان کی پیروی ہے۔

(آدم وابلیس کے واقعے کی تفصیل مندرجہ ذیل آیات میں آچکی ہے۔ ○ سورۃ بقرہ آیت ۳۰ تا ۳۹ ○ النساء آیت ۱۱۷ تا ۱۲۱ ○ الاعراف آیت ۱۱ تا ۲۵ ○ الحجر آیت ۲۶ تا ۴۲ ○ الابراہیم آیت ۲۲)

(۶۲) ابلیس کا تکبر اور چیلنج | آدم کو سجدہ کرنے سے انکار کرتے ہوئے ابلیس نے بڑے تکبر سے کہا تھا ذرا دیکھ تو سہی کیا یہ اس قابل تھا کہ تو نے اسے مجھ پر فضیلت دی اگر آپ مجھے قیامت تک مہلت دیدیں تو تھوڑے سے لوگوں کو چھوڑ کر سب کو ایسا قابو میں کرلوں گا جیسے گھوڑے کو لگام دیکر قابو میں کیا جاتا ہے۔ یہ میرے سامنے اتنا کمزور ہے کہ اسکو جڑ سے اکھاڑ پھینکونگا اور پھر دیکھوں گا کہ خلافت کا جو مقام اس کو ملا ہے اسپر کسطرح قائم رہتا ہے۔

(۶۳) اللہ کی طرف سے ابلیس کو مہلت | اللہ تعالےٰ نے تا قیامت ابلیس کو مہلت دی اور فرمایا جا جتنا زور لگا سکتا ہے لگا لے تیرے لئے اور تیرے پیروکاروں کے لئے جہنم کی بھرپور جزا ہے جو تیرا ساتھ دینگے تیرے بہکاوے میں آکر میری اطاعت سے روگردانی کریں گے اور اپنے اصل مقام کو بھول کر تیرے ساتھ لگیں گے ان سب کے لئے جیل خانہ تیار ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَأَجْلِبْ عَلَيْهِمْ

وَاسْتَفْزِزْ	مَنِ	اسْتَطَعْتَ	مِنْهُمْ	بِصَوْتِكَ	وَأَجْلِبْ	عَلَيْهِمْ
اور پھسلا لے	جو جس	تیرا بس چلے	انمیں سے	اپنی آواز سے	اور چڑھا لا	ان پر

اور پھسلا لے جس پر ان میں سے اپنی آواز سے، تیرا بس چلے، اور ان پر اپنے سوار اور

بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ۚ

بِخَيْلِكَ	وَرَجِلِكَ	وَشَارِكْهُمْ	فِي	الْأَمْوَالِ	وَالْأَوْلَادِ	وَعِدْهُمْ
اپنے سوار	اور پیادے	اور ان سے ساجھا کر لے	میں	مال (جمع)	اور اولاد	اور وعدہ کر ان سے

پیادے چڑھا لا اور ان سے ساجھا کر لے مال اور اولاد میں اور ان سے وعدہ کر

وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ إِلَّا غُرُورًا ﴿٦٤﴾

وَمَا	يَعِدُهُمُ	الشَّيْطَانُ	إِلَّا	غُرُورًا	
اور نہیں	ان سے وعدہ کرتا	شیطان	مگر (صرف)	دھوکا	

اور ان سے شیطان کا وعدہ کرنا صرف دھوکا ہے۔

﴿٦٤﴾ وَاسْتَفْزِزْ اِسْتَخِفَّ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ بِدُعَائِكَ بِالْغِنَاءِ وَالْمَزَامِيرِ وَكُلِّ دَاعٍ إِلَى الْمَعْصِيَةِ وَأَجْلِبْ صِحْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ وَرَجِلِكَ وَهُمُ الرُّكَّابُ وَالْمُشَاةُ فِي الْمَعَاصِي وَشَارِكْهُمْ فِي الْأَمْوَالِ الْمُحَرَّمَةِ كَالرِّبَا وَالْغَصْبِ وَالْأَوْلَادِ مِنَ الزِّنَا وَعِدْهُمْ بِأَنْ لَا بَعْثَ وَلَا جَزَاءَ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطَانُ بِذٰلِكَ إِلَّا غُرُورًا ○ بَاطِلًا

﴿٦٤﴾ اور بہکا اور لغزش دے جسکو انمیں سے بہکا سکے اپنی آواز سے یعنی راگ اور باجے اور ہر سامانِ گناہ سے جو معصیت کیطرف بلاوے۔ آدمیوں کو گمراہ کر اور اپنے سواروں اور پیادوں سے انکو گناہوں کی طرف کھینچ اور ان کے مالوں میں جو طریق حرام سے انہوں نے کمایا جیسے سود اور غصب اور اولاد میں جو حرام کاری سے پیدا ہوئے شریک ہو اور ان سے وعدہ کر کہ نہ قیامت ہوگی نہ جزا و سزا حالانکہ شیطان کا یہ وعدہ ان سے کرنا محض دھوکہ اور غلط ہے۔

تشریح

﴿٦٤﴾ **شیطانی جال اور اسکے سبز باغ** شیطان اپنے جال میں پھنسانے کیلئے کیسے کیسے حربے استعمال کرتا ہے کسی کو دلکش اور خوبصورت آواز کے ذریعے تو کسی کو اپنی ظاہر فریب دعوت کے ذریعے پھسلاتا ہے، کہیں ایسے مختلف حرام کاموں میں لوگوں کو مبتلا کرتا ہے، جیسے کوئی ڈاکوؤں کا سردار اپنے لشکر کے ذریعہ غارت گری کیا کرتا ہے، کہیں لوگوں سے غلط کام لیکر ان کے مال اور اولاد میں حصہ دار بن جاتا ہے، کہیں ان کو غلط امیدیں دلا کر جھوٹی توقعات کے سبز باغ دکھاتا ہے حالانکہ شیطان کے وعدے دھوکے کے سوا کچھ بھی نہیں ہیں۔ قرآن مجید میں ہے کہ شیطان خود اس کا اقرار کریگا کہ میں نے تم سے جھوٹے وعدے کئے تھے (وَقَالَ الشَّيْطَانُ لَمَّا قُضِيَ الْأَمْرُ إِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُكُمْ فَأَخْلَفْتُكُمْ (سورۃ ابراہیم آیت ۲۲ پارہ ۱۳) اور جب فیصلہ چکا دیا جائیگا تو شیطان کہے گا حقیقت یہ ہے کہ اللہ نے جو وعدے تم سے کئے تھے وہ سب سچے تھے اور میں نے جتنے وعدے کئے ان میں سے کوئی وعدہ بھی پورا نہیں کیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّ عِبَادِي لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ ۚ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ وَكِيلًا ﴿٦٥﴾

إِنَّ	عِبَادِي	لَيْسَ	لَكَ	عَلَيْهِمْ	سُلْطَانٌ	وَكَفَىٰ	بِرَبِّكَ	وَكِيلًا
بیشک	میرے بندے	نہیں	تیرا	ان پر	زور۔ غلبہ	اور کافی	تیرا رب	کارساز

بیشک میرے بندوں پر تیرا کوئی زور نہیں ۔ اور تیرا رب کافی ہے کارساز

رَبُّكُمُ الَّذِي يُزْجِي لَكُمُ الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوا مِن

رَبُّكُمُ	الَّذِي	يُزْجِي	لَكُمُ	الْفُلْكَ	فِي الْبَحْرِ	لِتَبْتَغُوا	مِن
تمہارا رب	وہ جو کہ	چلاتا ہے	تمہارے لئے	کشتی	دریا میں	تاکہ تم تلاش کرو	سے

تمہارا رب ہے جو کہ تمہارے لئے دریا میں کشتی چلاتا ہے تاکہ تم اس کا فضل (روزی)

فَضْلِهِ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ﴿٦٦﴾ وَإِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ

فَضْلِهِ	إِنَّهُ	كَانَ	بِكُمْ	رَحِيمًا	وَإِذَا	مَسَّكُمُ	الضُّرُّ
اس کا فضل	بیشک وہ	ہے	تم پر	نہایت مہربان	اور جب	تمہیں چھوتی (پہنچتی) ہے	تکلیف

تلاش کرو ، بیشک وہ تم پر نہایت مہربان ہے اور جب تمہیں دریا میں تکلیف پہنچتی ہے ۔

فِي الْبَحْرِ ضَلَّ مَن تَدْعُونَ إِلَّا إِيَّاهُ ۖ فَلَمَّا نَجَّاكُمْ إِلَى الْبَرِّ

فِي الْبَحْرِ	ضَلَّ	مَن	تَدْعُونَ	إِلَّا إِيَّاهُ	فَلَمَّا	نَجَّاكُمْ	إِلَى الْبَرِّ
دریا میں	گم ہو جاتے ہیں	جو	تم پکارتے تھے	اس کے سوا	پھر جب	وہ تمہیں بچا لایا	خشکی کی طرف

گم ہو جاتے ہیں (بھول جاتے ہیں) جنہیں اس کے سوا تم پکارتے تھے ۔ پھر جب وہ تمہیں بچا لایا خشکی کی طرف

أَعْرَضْتُمْ ۚ وَكَانَ الْإِنسَانُ كَفُورًا ﴿٦٧﴾

أَعْرَضْتُمْ	وَكَانَ	الْإِنسَانُ	كَفُورًا
تم پھر جاتے ہو	اور ہے	انسان	بڑا ناشکرا

تو تم پھر جاتے ہو اور انسان بڑا ناشکرا ہے ۔

﴿٦٥﴾ إِنَّ عِبَادِي الْمُؤْمِنِينَ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطَانٌ تَسَلُّطًا وَقُوَّةً ۚ وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ وَكِيلًا ○ حَافِظًا لَهُمْ مِنْكَ ۔

﴿٦٥﴾ بیشک میرے بندے مسلمان تجھ کو ان پر غلبہ اور قدرت نہیں اور تیرا رب ان کا نگہبان کافی ہے بہ نسبت تیرے یعنی تیری حفاظت کی ضرورت نہیں حق تعالیٰ کی حفاظت کافی ہے ۔

﴿٦٦﴾ رَبُّكُمُ الَّذِي يُزْجِي يُجْرِي لَكُمْ

﴿٦٦﴾ تمہارا رب وہ ہے جو تمہارے لئے دریا میں کشتیاں چلاتا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْفُلْكَ السَّفْنَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا
مِنْ فَضْلِهٖ ؕ تَعَالٰى يَا لِتِّجَارَةِ اِنَّهٗ
كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ○ فِيْ تَسْخِيْرِهَا لَكُمْ

تاکہ تم تجارت کرکے اللہ کا فضل طلب کرو، بے شک وہ تم پر بہت مہربان ہے، کہ دریا و کشتیوں کو تمہارے تابع کیا۔

(۶۷) وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ الشِّدَّةُ فِي
الْبَحْرِ خَوْفَ الْغَرْقِ ضَلَّ غَابَ
عَنْكُمْ مَنْ تَدْعُوْنَ تَعْبُدُوْنَ
مِنَ الْاٰلِهَةِ فَلَا تَدْعُوْنَهٗ اِلَّا
اِيَّاهُ ۚ تَعَالٰى فَاِنَّكُمْ تَدْعُوْنَهٗ
وَحْدَهٗ لِاَنَّكُمْ فِيْ شِدَّةٍ لَا يَكْشِفُهَا
اِلَّا هُوَ فَلَمَّا نَجّٰكُمْ مِنَ الْغَرْقِ وَاَوْصَلَكُمْ
اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ عَنِ التَّوْحِيْدِ وَكَانَ
الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ○ مَجْحُوْدًا لِلنِّعَمِ

(۶۷) اور جس وقت تم کو دریا میں کوئی سختی پیش آتی ہے یعنی خوف ڈوبنے کا تو اس وقت تم سے پوشیدہ ہوجاتے ہیں وہ معبود جن کو تم پوجتے ہو یعنی اس وقت ان کو نہیں پکارتے بلکہ اللہ اکیلے ہی کو پکارتے ہو کیونکہ تم ایسی مصیبت میں ہوتے ہو کہ اس کو وہی دور کرسکتا ہے پھر جب تم کو اللہ نجات دیتا ہے ڈوبنے سے اور تم کو خشکی کی طرف پہنچاتا ہے تو تم اس کی توحید سے منہ پھیرتے ہو اور آدمی بڑا ناشکرا نعمتوں کا انکار کرنے والا ہے۔

تشریح

(۶۵) مخلص بندے شیطان کے قابو میں نہ آئینگے | شیطان بہکا سکتا ہے پھسلا سکتا ہے، غلط مشورے دے سکتا ہے اور جھوٹے وعدے کرسکتا ہے مگر شیطان کا بندوں پر ایسا قابو نہیں ہے کہ وہ ان پر زبردستی کرسکے، اور جو اللہ کے مخلص بندے ہیں اس کے بہکاوے میں بھی نہیں آئینگے، کمزور ارادے کے لوگ دھوکا کھا سکتے ہیں لیکن نیکی پر چلنے کا پختہ ارادہ کرنے والے ثابت قدم رہینگے اور جن کا اللہ پر اعتماد ہے ان کے لئے اللہ کی دستگیری کافی ہے۔

(۶۶) سمندر کے سینے پر دوڑتی ہوئی کشتیاں اللہ کی کارسازی کا نمونہ ہیں | ہر انسان کھلی آنکھوں سے دیکھ سکتا ہے کہ کیسے کیسے وزنی جہاز اور کشتیاں دیاؤں اور سمندروں پر تیرتے ہوئے دوڑے چلے جاتے ہیں جن سے انسان ادھر سے اُدھر کا سفر کرتا ہے اور اللہ کے فضل سے روزی حاصل کرتا ہے۔ کیا اللہ کی کارسازی کا یہ ایسا نمونہ نہیں ہے کہ سارے کمزور اور عارضی سہاروں کو چھوڑ کر اللہ کے حقیقی سہاروں کو تھاما جائے؟ کیا اللہ کی کارسازی میں کسی اور ہستی کی ساجھے داری کی کوئی گنجائش نظر آتی ہے؟ اس راہ راست کو چھوڑ کر انسان جو راستہ بھی اختیار کریگا شیطان کے پھندے سے بچ نہ سکے گا شیطان روز اول سے اولاد آدم کے پیچھے لگا ہوا ہے تاکہ اسکو جھوٹی آرزوؤں اور تمناؤں کے جال میں پھنسا کر راہ راست سے ہٹا دے اور یہ ثابت کردے کہ وہ اس مقام خلافت کا مستحق نہیں ہے جو اُسے عطا کیا گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ انسان کے حال پر بڑا مہربان ہے کہ اس نے انسان کو ہدایت کا راستہ دکھایا ہے، انسان کی اصل منزلِ مقصود آخرت ہے اور دنیا کی خوشحالی اسکو بطور فضل وزیادتی کے ملتی ہے۔

(۶۷) مصیبت کے وقت انسان کی فطرت بے نقاب ہوجاتی ہے | انسان اپنی حقیقی فطرت اور بناوٹ کے اعتبار سے اللہ کی ربوبیت کا اقرار اسکی فہرست میں گوندھا ہوا ہے۔ انسان کے دل کی گہرائیوں میں یہ شعور موجود ہے کہ نفع نقصان کا حقیقی اختیار صرف ایک ہی ہستی کو ہے جو ہمارا پروردگار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب کسی مصیبت یا پریشانی کا وقت آتا ہے تو انسان سب کو بھول کر صرف اسی رب حقیقی کو پکارتا ہے۔ سمندر میں سفر کرتے ہوئے طوفان میں گھرے ہوئے انسان کو صرف اللہ یاد آتا ہے اور وہ اسی کو پکارتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ جب وہ اس کو بچا کر خشکی میں لے آتا ہے تو انسان پھر اس کو بھول جاتا ہے۔ یہ اس کا ناشکرا پن ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَفَأَمِنتُمْ أَن يَخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ أَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ

أَفَأَمِنتُمْ	أَنْ	يَخْسِفَ	بِكُمْ	جَانِبَ	الْبَرِّ	أَوْ	يُرْسِلَ	عَلَيْكُمْ
سو کیا تم نڈر ہو گئے ہو	کہ	دھنسا دے	تمہیں	طرف	خشکی	یا	بھیجے	تم پر

سو کیا تم نڈر ہو گئے ہو کہ وہ زمین میں دھنسا دے تمہیں خشکی کیطرف (لیجا کر) یا تم پر بھیجے

حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ وَكِيلًا ﴿٦٨﴾ أَمْ أَمِنتُمْ

حَاصِبًا	ثُمَّ	لَا تَجِدُوا	لَكُمْ	وَكِيلًا	أَمْ	أَمِنتُمْ
پتھر برسانے والی ہوا	پھر	تم نہ پاؤ	اپنے لئے	کوئی کارساز	یا	تم بے فکر ہو گئے ہو

برسانے والی ہوا بھیجے پھر تم اپنے لئے کوئی کارساز نہ پاؤ۔ یا تم بے فکر ہو گئے ہو

أَن يُعِيدَكُمْ فِيهِ تَارَةً أُخْرَىٰ فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ

أَنْ	يُعِيدَكُمْ	فِيهِ	تَارَةً + أُخْرَىٰ	فَيُرْسِلَ	عَلَيْكُمْ
کہ	وہ تمہیں لے جائے	اس میں	دوبارہ	پھر بھیجدے	تم پر

کہ وہ تمہیں دوبارہ اس (دریا) میں لے جائے پھر تم پر ہوا کا سخت جھونکا

قَاصِفًا مِّنَ الرِّيحِ فَيُغْرِقَكُم بِمَا كَفَرْتُمْ

قَاصِفًا	مِّنَ	الرِّيحِ	فَيُغْرِقَكُمْ	بِمَا	كَفَرْتُمْ
سخت جھونکا	سے۔کا	ہوا	پھر تمہیں غرق کر دے	بدلہ میں	تم نے ناشکری کی

(طوفان) بھیج دے پھر تمہیں ناشکری کے بدلے میں غرق کر دے

ثُمَّ لَا تَجِدُوا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهِ تَبِيعًا ﴿٦٩﴾ وَلَقَدْ

ثُمَّ	لَا تَجِدُوا	لَكُمْ	عَلَيْنَا	بِهِ	تَبِيعًا	وَلَقَدْ
پھر	تم نہ پاؤ	اپنے لئے	ہم پر (ہمارا)	اس پر	پیچھا کرنیوالا	اور تحقیق

پھر تم اپنے لئے اس پر ہمارا کوئی پیچھا کرنے والا نہ پاؤ اور تحقیق

كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ وَحَمَلْنَاهُمْ فِي الْبَرِّ وَ

كَرَّمْنَا	بَنِي	آدَمَ	وَ	حَمَلْنَاهُمْ	فِي + الْبَرِّ	وَ
ہم نے عزت بخشی	اولاد	آدم ؑ	اور	ہم نے انہیں سواری دی	خشکی میں	اور

ہم نے اولادِ آدم ؑ کو عزت بخشی اور ہم نے انہیں خشکی اور دریا میں سواری

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى

الْبَحْرِ	وَرَزَقْنٰهُمْ	مِّنَ	الطَّيِّبٰتِ	وَ	فَضَّلْنٰهُمْ	عَلٰى
دریا	اور ہم نے انہیں رزق دیا	سے	پاکیزہ چیزیں	اور	ہم نے انہیں فضیلت دی	پر

دی اور ہم نے انہیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا اور ہم نے انہیں اپنی بہت سی

كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴿٧٠﴾ ع ۱۰

كَثِيْرٍ	مِّمَّنْ	خَلَقْنَا	تَفْضِيْلًا
بہت سی	اس سے جو	ہم نے پیدا کیا (اپنی مخلوق)	بڑائی دیکر

مخلوق پر بڑائی دے کر فضیلت دی

﴿٦٨﴾ اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ﴿٦٨﴾ حَافِظًا مِّنْهُ

﴿٦٨﴾ سو کیا تم بے خوف ہوئے اس سے کہ اللہ تم کو زمین میں دھنسا دے جیسے قارون کو، یا تم پر پتھر کنکریاں برساؤ جیسے قوم لوط پر پھر تم کوئی بچانے والا اس کے عذاب سے نہ پاؤ گے۔

﴿٦٩﴾ اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا كَفَرْتُمْ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿٦٩﴾ نَصِيْرًا اَوْ

﴿٦٩﴾ یا تم بے خوف ہوئے اس سے کہ پھر دوبارہ تم کو دریا میں لے جاوے اور تم پر سخت ہوا بھیجے جو ہر چیز کو توڑ دے جس سے تمہاری کشتیاں ٹوٹ جاویں پھر تم کو دریا میں غرق کر دے بسبب تمہارے کفر کے پھر تم کوئی اپنا مددگار ہمارے مقابلہ میں نہ پاؤ گے جو ہم سے ہمارے فعل پر مطالبہ کرے۔

﴿٧٠﴾ وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴿٧٠﴾

﴿٧٠﴾ اور بے شک ہم نے اولادِ آدم کو بزرگی دی ساتھ علم اور گویائی اور معتدل پیدائش کے اور اس کے سوا اور بزرگیاں دیں۔ انہیں میں سے ہے یہ کہ مرنے کے بعد انکو پاک صاف رکھا اور انکو خشکی

toobaa-elibrary.blogspot.com

عَلَى الدَّوَابِّ وَالْبَحْرِ عَلَى السُّفُنِ وَرَزَقْنَاهُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيلًا ۝ فَمَنْ بِمَعْنَى مَا أَوْ عَلَى بَابِهَا وَتَشْتَمِلُ الْمَلَائِكَةُ وَالْمُرَادُ تَفْضِيلُ الْجِنْسِ وَلَا يَلْزَمُ تَفْضِيلُ آحَادِهِ إِذْ هُمْ أَفْضَلُ مِنَ الْبَشَرِ غَيْرِ الْأَنْبِيَاءِ

میں چہار پایوں اور دریا میں کشتیوں پر سوار کیا اور پاک ستھری چیزیں انکو کھانے کو دیں اور ان کو بہت سی اپنی مخلوق پر بزرگی دی جیسے چہار پایوں اور وحشی جانوروں پر بزرگی دینا۔ پس مَنْ کا لفظ بمعنے مَا کے ہے یا اپنے اصلی معنی پر ہے اس صورت میں فرشتے بھی اس میں داخل ہونگے اور مراد بزرگی دینا جنس بشر کو جنس ملائکہ پر ہے اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ہر ایک آدمی کو فرشتہ پر بزرگی ہو کیونکہ فرشتے پیغمبروں کے سوا سب آدمیوں سے افضل ہیں۔

تشریح

(۶۸) کیا خشکی پر خدا نہیں ہے؟ سمندر کے طوفان میں گھرا ہوا انسان جب حفاظت کے ساتھ ساحل پر پہنچ جاتا ہے اور بھول جاتا ہے کہ اسکو طوفانوں سے بچا کر لانے والا کون ہے — کیا وہ یہ سمجھتا ہے کہ خشکی پر خدا نہیں ہے؟ کیا سمندر جیسی کوئی آفت زمین پر نہیں آسکتی؟ کیا ایسا نہیں ہوسکتا کہ زمین پھٹے اور انسان اسمیں دھنس جائے؟ کیا زمین پر آندھی اور طوفان نہیں آسکتے؟ یہاں تمہیں بچانے والا کون ہے؟ یہاں بھی تمہیں بچانے والا صرف وہی ہے جو سمندروں میں تمہاری حفاظت کرتا ہے۔

(۶۹) کیا پھر تم دوبارہ سمندروں میں نہیں گھر سکتے | سمندر کے جس طوفان سے بچ کر انسان زمین پر آیا یہ بھی تو ہوسکتا ہے کہ اسے پھر دوبارہ سمندر کا سفر کرنا پڑے اور وہ طوفان میں گھر کر غرق ہوجائے اور کسی کو اس کے انجام کا پتہ بھی نہ لگے کس کی مجال ہے کہ پوچھے کہ کس کا کیا بنا؟ — حقیقت یہ ہے کہ بر و بحر میں ہر جگہ انسان خطرے سے دوچار ہے۔ اس کے نفع و نقصان کا مالک بس وہی ایک ہے اسی کی جناب میں سرنگوں رہے اسی کا شکر گزار رہے۔

(۷۰) اولادِ آدم کا مقامِ فضیلت | اللہ تعالےٰ نے انسان کو حسن صورت عطا کیا عقل و فہم شعور و تدبیر عطا کی لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ۔ ہم نے انسان کو بہترین اندازے پر پیدا کیا۔ اللہ نے انسان کو عقل و حواس دیئے، اچھے برے نفع نقصان کی تمیز دی اس کے لئے ہر طرف ترقی کے راستے کھلے ہوئے ہیں، اللہ نے اس کو تصرف کا اختیار دیا کہ دوسری مخلوقات کو قابو میں کرکے اس سے کام لیتا ہے۔ خشکی کے جانور اس کی باربرداری اور سواری کے کام آتے ہیں سمندروں اور دریاؤں کا سینہ چیرتے ہوئے اس کے جہاز اور کشتیاں دوڑتی ہیں — طرح طرح کے کھانوں، کپڑوں اور مکانوں سے لطف اندوز ہوتا ہے آرام حاصل کرتا ہے۔ انہیں انسانوں میں سے سب سے پہلے انسان حضرت آدمؑ کو اللہ نے مسجود ملائکہ بنایا اور پیغمبر آخر الزماں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام مخلوقات کی سرداری دی۔ غرض نوع انسانی کو اللہ نے عزت عطا فرما کر اپنی بہت سی مخلوقات پر فضیلت عطا کی ہے۔ یہ وہی انسان ہے جس کے بارے ابلیس نے کہا تھا کہ

" هٰذَا الَّذِي كَرَّمْتَ عَلَيَّ "

(یہی ہے جس کو آپ نے مجھ پر فضیلت دی ہے۔) انسان اپنے مقامِ فضیلت کو سمجھے اور اس فضیلت کے دینے والے کا شکر گزار بن کر رہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ ۚ فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ

يَوْمَ	نَدْعُوْا	كُلَّ + اُنَاسٍ	بِاِمَامِهِمْ	فَمَنْ	اُوْتِيَ	كِتٰبَهٗ	بِيَمِيْنِهٖ
جس دن	ہم بلائیں گے	تمام لوگ	انکے پیشواؤں کیساتھ	پس جو	دیا گیا	اسکی کتاب	اسکے دائیں ہاتھ میں

جس دن ہم تمام لوگوں کو بلائیں گے انکے پیشواؤں کے ساتھ، پس جس کو اسکی کتاب (اعمالنامہ) دائیں ہاتھ میں دی گئی

فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۷۱﴾

فَاُولٰٓئِكَ	يَقْرَءُوْنَ	كِتٰبَهُمْ	وَلَا يُظْلَمُوْنَ	فَتِيْلًا
تو وہ لوگ	پڑھیں گے	اپنا اعمالنامہ	اور نہ وہ ظلم کئے جائیں گے	ایک دھاگے برابر

تو وہ لوگ اپنا اعمال نامہ پڑھیں گے اور وہ ظلم نہ کئے جائیں گے ایک دھاگے کے برابر (بھی)

﴿۷۱﴾ اُذْكُرْ يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ بِنَبِيِّهِمْ فَيُقَالُ يَا اُمَّةَ فُلَانٍ اَوْ بِكِتَابِ اَعْمَالِهِمْ فَيُقَالُ يَا صَاحِبَ الْخَيْرِ وَيَا صَاحِبَ الشَّرِّ وَهُوَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ فَمَنْ اُوْتِيَ مِنْهُمْ كِتَابَهٗ بِيَمِيْنِهٖ وَهُمُ السُّعَدَاءُ اُولُوا الْبَصَائِرِ فِي الدُّنْيَا فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ كِتَابَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ يُنْقَصُوْنَ مِنْ اَعْمَالِهِمْ فَتِيْلًا ۝ قَدْرَ قِشْرَةِ النَّوَاةِ

﴿۷۱﴾ یَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ الخ یاد کر اُس دن کو کہ ہم تمام آدمیوں کو ان کے پیغمبروں کے ساتھ پکاریں گے اس طرح کہیں گے اے امت فلاں پیغمبر کی۔ یا مراد ان کا اعمالنامہ ہے یہ کہہ کر پکارا جائے گا اے صاحب خیر اور اے صاحب شر۔ اور وہ قیامت کا دن ہوگا۔ سو جسکو اس کا اعمال نامہ داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا مراد ان سے نیک لوگ ہیں جو دنیا میں صاحب عقل اور ہوشیار تھے سو یہی لوگ ہیں کہ پڑھیں گے اپنے اعمالنامے کو اور ان پر بالکل ظلم نہ کیا جائے گا یعنی مقدار چھلکے گٹھلی کھجور کے بھی ان کے عمل کم نہ کئے جاویں گے۔

تشریح

﴿۷۱﴾ اپنے مقام فضیلت کا پاس رکھنے والے قیامت میں بھی سُرخ رو ہونگے اللہ تعالیٰ نے فطری طور پر انسان کو فضیلت اور بڑائی کا جو مقام عطا کیا ہے اور جو عزو شرف اسکو دیا ہے جس نے اس کا پاس و لحاظ رکھا پروردگار کا شکر گذار اور فرمانبردار بنکر زندگی گزاری وہ روز حشر بھی جب تمام انسان ایک جگہ اکٹھے کئے جائیں گے سُرخ رو ہوگا۔ ہر گروہ اپنے اپنے پیشوا کے ہمراہ میدان قیامت میں آئیگا وہاں جو لوگ اللہ کے نبیوں اور سچے لوگوں کے تابعدار ہوں گے انکی سرفرازی اور مقبول بارگاہ ہونے کی جسمی علامت یہ ہوگی کہ ان کا اعمال نامہ ان کے داہنے ہاتھ میں دیا جائیگا یہ وہ لوگ ہونگے جنھوں نے حق کو قبول کر کے اپنی فطری شرافت اور انسانی کرامت کو قائم رکھا اس دن وہ خوشی سے پھولے نہ سمائیں گے اور اپنا اعمالنامہ مسرت کے ساتھ دوسروں کو دکھاتے پھریں گے اور کہیں گے هَاۤؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ (سورۃ الحاقہ آیت ۱۹ پارہ ۲۹)۔ سورۃ انشقاق میں ہے، وَيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا (آیت ۹ پارہ ۳۰) اور وہ اپنے لوگوں کیطرف خوش خوش پلٹے گا۔ ان لوگوں کو انکے اعمال کی پوری پوری جزا ملے گی انکی محنت کا پورا بلکہ زیادہ ہی پھل ملیگا اور ایک دھاگے کے برابر بھی ان کے ساتھ کوئی زیادتی نہ ہوگی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ

وَمَنْ	كَانَ	فِيْ + هٰذِهٖٓ	اَعْمٰى	فَهُوَ	فِي	الْاٰخِرَةِ
اور جو	رہا	اس (دنیا) میں	اندھا	پس وہ	میں	آخرت

اور جو اس دنیا میں اندھا رہا پس وہ آخرت میں (بھی) اندھا

اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۷۲﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ

اَعْمٰى	وَاَضَلُّ	سَبِيْلًا	وَاِنْ	كَادُوْا	لَيَفْتِنُوْنَكَ
اندھا	اور بہت بھٹکا ہوا	راستہ سے	اور تحقیق	وہ قریب تھا	کہ تمہیں پھسلا دیں

اُٹھے گا اور راستہ سے بہت بھٹکا ہوا۔ اور اس وحی سے جو ہم نے تمہاری طرف کی ہے قریب تھا کہ وہ تمہیں

عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۫ وَاِذًا

عَنِ	الَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	لِتَفْتَرِيَ	عَلَيْنَا	غَيْرَهٗ
سے	وہ لوگ جو	ہم نے وحی کی	تمہاری طرف	تاکہ تم جھوٹ باندھو	ہم پر	اسکے سوا

اس سے بچلا دیں (پھسلا دیں) تاکہ ہم پر اس (وحی) کے سوا تم جھوٹ باندھو۔

لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا ﴿۷۳﴾ وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ

لَّاتَّخَذُوْكَ	خَلِيْلًا	وَلَوْلَآ	اَنْ	ثَبَّتْنٰكَ	لَقَدْ
البتہ وہ تمہیں بنا لیتے	دوست	اور اگر نہ	یہ کہ	ہم تمہیں ثابت قدم رکھتے	البتہ

اور اس صورت میں البتہ وہ تمہیں دوست بنا لیتے۔ اور اگر ہم تمہیں ثابت قدم نہ رکھتے تو البتہ

كِدْتَّ تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا قَلِيْلًا ﴿۷۴﴾

كِدْتَّ + تَرْكَنُ	اِلَيْهِمْ	شَيْـًٔا	قَلِيْلًا
تم جھکنے لگتے	ان کی طرف	کچھ	تھوڑا

تم ان کی طرف جھکنے لگتے کچھ تھوڑا سا۔

﴿۷۲﴾ وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَيِ الدُّنْيَا اَعْمٰى عَنِ الْحَقِّ فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى عَنْ طَرِيْقِ النَّجَاةِ وَقِرَاءَةِ الْكِتَابِ وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ○ اَبْعَدُ

﴿۷۲﴾ اور جو شخص اس دنیا میں حق سے اندھا رہا وہ آخرت میں بھی طریق نجات اور پڑھنے اعمال نامہ سے اندھا رہیگا۔ اور اس سے بھی زیادہ بے راہ ہوگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

طَرِيقًا عَنْهُ وَنَزَلَ فِي ثَقِيفٍ وَقَدْ سَأَلُوهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُحَرِّمَ وَادِيَهُمْ وَ الْحَوْا عَلَيْهِ

اور بنی ثقیف کے بارے میں جنھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کیا تھا کہ ہمارے جنگل کو حرم بنا دو اور اس پر اصرار کیا یہ آیت نازل ہوئی۔

(۷۳) وَإِنْ كَادُوا لَيَفْتِنُونَكَ عَنِ الَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهُ ۖ وَإِذًا لَاتَّخَذُوكَ خَلِيلًا ۝

(۷۳) اور بیشک کافر قریب تھے کہ تجھکو پھسلا دیں اس سے جو ہم نے تیری طرف وحی کی تاکہ تو ہم پر جھوٹ باندھے غیر وحی کو ہماری طرف نسبت کرے اور تم اگر ایسا کرتے تو بیشک وہ تم کو دوست خالص بنا لیتے۔

(۷۴) وَلَوْلَا أَنْ ثَبَّتْنَاكَ لَقَدْ كِدْتَ تَرْكَنُ إِلَيْهِمْ شَيْئًا قَلِيلًا ۝ إِذًا لَأَذَقْنَاكَ ضِعْفَ الْحَيَاةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيرًا ۝

(۷۴) اور اگر ہم تجھ کو حق پر ثابت قدم نہ رکھتے اور نہ بچاتے تو نزدیک تھا کہ تو انکی طرف کسی قدر مائل ہو جاتا ان کے زیادہ حیلہ جوئی اور اصرار کی وجہ سے (اور یہ آیت بالتصریح اس پر دلالت کرتی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہ انکی طرف مائل ہوئے نہ اس کے نزدیک ہوئے۔

(۷۵) إِنَّ الَّذِينَ يَرْجُونَ لِقَاءَنَا لَا يَأْتُونَ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَأْتُونَ إِلَّا بِالْبَاطِلِ ۝

(۷۵) بیشک جو لوگ ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے اور ہم سے ملنے کی امید نہیں رکھتے وہ حق کے سوا کچھ نہیں کہتے اور باطل کے سوا کچھ نہیں کہتے۔

تشریح

(۷۲) جسے یہاں نظر نہیں آیا اسے وہاں بھی راہ نہ سوجھے گی | اس دنیا میں چپے چپے پر اللہ کی نشانیاں اور ہدایت کا سامان موجود ہے جو اس دنیا کی زندگی میں آنکھیں ہوتے ہوئے بھی اندھا ہے اور اسکو ہدایت کی راہ نظر نہیں آتی مرنیکے بعد آخرت میں جاکر بھی اسے جنت کا راستہ نہ ملیگا بلکہ راستہ پانے میں اندھے سے بھی زیادہ ناکام رہیگا کیونکہ یہاں تو تلافی کا موقع ہے وہاں جاکر تلافی کا امکان بھی باقی نہیں رہیگا اور وہ اندھوں کی طرح ٹھوکریں کھاتا پھریگا۔

(۷۳) خود تو اندھے ہیں ہی دوسروں کو بھی بھلانا چاہتے ہیں | دنیا اور آخرت کے اندھوں میں بعض ایسے شرارتی اور چالاک ہیں کہ خود تو راہ پر آتے نہیں دوسروں کو بھی راستے سے بھلانا چاہتے ہیں جسارت دیکھئے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ڈورے ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں کہ آپ ذرا کچھ نرمی برتیے اللہ کے احکام اور وحی میں آپ اتنی سختی نہ کریں کہ مصالحت کی کوئی گنجائش ہی نہ رہے کچھ ہمارا بھی تو خیال کیجئے آپ کچھ نرم پڑیں اور ذرا لچک دکھائیں تو ہمیں بھی کچھ کہنے سننے کا موقع ملیگا۔ اگر آپ کہیں ایسا کر لیتے تو وہ آپکو اپنا دوست بنا لیتے، لیکن ہر پیشکش کے جواب میں آپکا جواب یہ تھا کہ اگر تم میرے ایک ہاتھ پر سورج اور دوسرے ہاتھ پر چاند بھی لاکر رکھدو تب بھی میں اپنی دعوت کے کام سے بال برابر بھی ادھر ادھر نہیں ہونگا اور جس کام پر مجھے اللہ نے مقرر کیا ہے اُسے بے کم و کاست جوں کا توں پیش کرتا رہوں گا۔

آج بھی اہل باطل کی طرف سے بڑی معصومانہ پیش کش ہے کہ آپ ذرا رواداری برتیں اتنا سخت موقف اختیار نہ کریں اور دین کو صرف انفرادی زندگی تک محدود رکھیں اجتماعی زندگی کے ساتھ اسے جوڑنے کی کوشش نہ کریں اور یہ نہ کہیں کہ یہ دین ایک مکمل نظام حیات ہے جو گود سے لیکر گور تک انسان کی پوری زندگی کو اپنے رنگ میں رنگ کر ایک خاص نصب العین کیطرف لے جانا چاہتا ہے، تو سمجھوتے کی بہت کچھ گنجائش موجود ہے۔

(۷۴) اللہ کی توفیق اور مدد نے انکی فریب بازیوں سے بچائے رکھا | کیونکہ اللہ کے پیغمبروں کی طرف اللہ کی خاص عنایت متوجہ رہتی ہے جو اُن کو اللہ کی حکم برداری پر مستعد رکھتی ہے اور اس سے ذرا سا بھی ادھر ادھر ہونے سے دور رکھتی ہے اس لئے ان چالاک شریروں کی فریب بازیوں سے آپ محفوظ رہے ورنہ ہو سکتا تھا کہ ذرا ادنیٰ سا جھکاؤ ان کی طرف ہو جاتا مگر اللہ نے آپ کو ثابت قدم رکھا اور آپ کی حفاظت کی کہ اس کا خیال تک آپ کے پاس تک نہیں پھٹکا کہ انکی بات مان کر اپنے رویے اور موقف میں ذرا سی بھی تبدیلی لائیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِذًا لَّأَذَقْنَاكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ

إِذًا	لَّأَذَقْنَاكَ	ضِعْفَ	الْحَيٰوةِ	وَضِعْفَ	الْمَمَاتِ	ثُمَّ	لَا تَجِدُ
اس صورت میں	ہم تمہیں چکھاتے	دوگنی	زندگی	اور دوگنی	موت	پھر	تم نہ پاتے

اس صورت میں ہم تمہیں زندگی میں دوگنی (سزا) چکھاتے اور دوگنی موت (کے بعد) پھر تم اپنے لئے نہ

لَكَ عَلَيْنَا نَصِيرًا ﴿٧٥﴾

لَكَ	عَلَيْنَا	نَصِيرًا
اپنے لئے	ہم پر (ہمارے مقابلہ میں)	کوئی مددگار

پاتے ہمارے مقابلہ میں کوئی مددگار

﴿٧٥﴾ إِذًا لَّأَذَقْنَاكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَيْنَا نَصِيرًا ۝ مَانِعًا مِّنْهُ

﴿٧٥﴾ اگر تم انکی طرف مائل ہو جاتے تو ہم تمکو دونا عذاب زندگی کا اور دونا عذاب مرنے کا چکھاتے یعنی جیسا تمہارے سوا اوروں کو دنیا اور آخرت میں عذاب ہو اس کا دونا تم کو عذاب پہنچاتے پھر کوئی منع کرنے والا عذاب کا اپنے لئے نہ پاتے۔

تشریح

﴿٧٥﴾ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عزم و شرف کہ آپ نصرت الٰہی سے پہاڑ کی طرح ثابت قدم رہے

ایک طرف مخالفین کی یہ ریشہ دوانیاں تھیں خوبصورت چالیں تھیں کہ آپ ذرا تھوڑی سی لچک رکھیں، ہم توحید منکر نہیں اللہ کو تو ہم بھی مانتے ہیں مگر یہ ہمارے بزرگ انکے لئے گنجائش رکھیں۔ اسکے باوجود اللہ پر پورا بھروسہ رکھتے ہوئے نصرت الٰہی سے آپ کی ثابت قدمی کہ آپ اپنی دعوت کے صحیح موقف پر پوری طرح ڈٹے رہے اگر کہیں آپ کا معمولی سا جھکاؤ بھی ہو جاتا تو اللہ کے دوہرے عذاب سے آپ بچ نہ پاتے لیکن آپ کا مقام بلند اس سے ظاہر ہے کہ اللہ کی مدد اس کی توفیق سے کوئی سیلاب بلا آپ کو بال برابر جگہ سے نہ ہٹا سکا۔

جن کے مقام اونچے ہوتے ہیں انکی ذرا سی کوتاہی پر عتاب بھی زیادہ ہوتا ہے جیسے امہات المومنین کے بارے میں ارشاد ہوا ہے کہ

يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ (سورۂ احزاب آیت ۳۰ پارہ ۲۱)

(نبیؐ کی بیویوں، تم میں سے جو کسی صریح فحش کا ارتکاب کرے گی، اسے دوہرا عذاب دیا جائیگا) یعنی تمہارا مقام جس قدر بلند ہے اس کے لحاظ سے تمہاری ذمہ داریاں بھی زیادہ ہیں۔

آیت مذکورہ بالا میں ایک لطیف انداز میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فضل و شرف کا اظہار ہے کہ باوجود فریب و لالچ اور دھمکیوں کے آپ پوری طرح جمے رہے اگر سمجھوتے کے انداز میں آپ کا کچھ جھکاؤ ہو جاتا تو ممکن ہے بگڑی قوم آپ سے خوش ہو جاتی، لیکن اللہ کا غضب بھڑک اٹھتا اور اللہ کے مقابلے میں کوئی مددگار میسر نہ آتا اسلئے نبی ﷺ سے یہ دعا منقول ہے جو آپ نے خود بھی اللہ سے مانگی ہے اور امت کو تعلیم دی ہے کہ یوں اللہ سے دعا کیا کرو:۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ

(اے اللہ چشم زدن برابر (ذرا سی دیر کیلئے) بھی مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کیجئو) آپ مجھے ہمیشہ اپنی حفاظت اور کفالت میں رکھیو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ

وَاِنْ	كَادُوْا	لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ	مِنَ	الْاَرْضِ	لِيُخْرِجُوْكَ
اور تحقیق	قریب تھا	کہ تمہیں پھسلا ہی دیں	سے	زمین (مکہ)	تاکہ وہ تمہیں نکال دیں

اور تحقیق قریب تھا کہ وہ تمہیں سرزمین مکہ سے پھسلا ہی دیں تاکہ وہ تمہیں یہاں سے نکال دیں

مِنْهَا وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۷۶﴾ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا

مِنْهَا	وَاِذًا	لَّا يَلْبَثُوْنَ	خِلٰفَكَ	اِلَّا	قَلِيْلًا	سُنَّةَ	مَنْ	قَدْ اَرْسَلْنَا
یہاں سے	اور اس صورت میں	وہ نہ ٹھہر پاتے	تمہارے پیچھے	مگر	تھوڑا	سنت	جو	ہم نے بھیجا

اور اس میں وہ تمہارے پیچھے نہ ٹھہر پاتے مگر تھوڑا (عرصہ) آپ سے پہلے جو رسول ہم نے

قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ﴿۷۷﴾

قَبْلَكَ	مِنْ	رُّسُلِنَا	وَلَا تَجِدُ	لِسُنَّتِنَا	تَحْوِيْلًا
آپ سے پہلے	سے	اپنے رسول (جمع)	اور تم نہ پاؤ گے	ہماری سنت میں	کوئی تبدیلی

بھیجے (یہی) سنت (چلی آرہی) ہے اور تم ہماری سنت میں کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔

﴿۷۶﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَاِذًا لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ○ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا تَبِيْعًا

﴿۷۷﴾ سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ○

﴿۷۶﴾ اور جب یہود نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ اگر تو سچا پیغمبر ہے تو ملک شام میں جا رہ کیونکہ وہ پیغمبروں کے رہنے کی جگہ ہے۔ اور بیشک کافر نزدیک تھے تم کو مدینے میں نہ جمنے دیں اور تم کو وہاں سے نکالیں اور اگر وہ تم کو نکالتے تو تمہارے بعد وہ بھی مدینہ میں نہ رہ سکتے مگر تھوڑے دنوں تک پھر ہلاک کئے جاتے۔

﴿۷۷﴾ یہ ہی طریق گذرا ہمارا پیغمبروں میں جنکو ہم نے تم سے پہلے بھیجا کہ جس نے انکو نکالا وہ ہلاک کئے گئے اور ہمارے طریق کو تم بدلا ہوا نہ پاؤ گے۔

تشریح

﴿۷۶﴾ اگر یہ آپکو نکالیں گے تو خود بھی زیادہ دیر تک رہ پائیں گے | اللہ پر آپکے توکل آپکی ثابت قدمی اور آپکے پختہ عزم کیساتھ اللہ کی مدد کہ آپکے مخالفین زچ ہو کر رہ جاتے اور کچھ نہ کر پاتے آخر ایسے حالات پیدا ہو گئے جس نے آپکو وطن چھوڑنے پر مجبور کر دیا مگر آپکا ترک وطن دراصل اسلام کی فتح کا عنوان تھا۔ ہجرت مدینہ کے بعد میدان بدر میں اہل ایمان غازی بنکر ابھرے، بڑے بڑے نامور سردار بدر کے میدان میں ذلت کے ساتھ ہلاک ہوئے اور چند سال کے بعد ہی آپ فاتح کی حیثیت سے مکہ میں داخل ہوئے۔ وہی سرزمین مکہ جو اپنی وسعت کے باوجود اللہ کے نبی پر تنگ ہو گئی تھی آج فاتح مکہ کا والہانہ استقبال کر رہی تھی فتح مکہ کے دو سال کے اندر اندر پورا جزیرۃ العرب اسلام کے سامنے سرنگوں ہو چکا تھا کوئی مخالف ٹک نہ سکا۔

﴿۷۷﴾ اللہ کی سنت۔ جس بستی میں پیغمبر کو نہ رہنے دیا بستی والے خود نہ رہے | اللہ کی سنت یہی ہے اور اس کا دستور یہ رہا ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے بھی تمام نبیوں اور رسولوں کے بارے میں ہوا ہے کہ جب کسی قوم نے نبی کو قتل کیا یا اسکو ملا وطن کیا تو وہ قوم خود بھی زیادہ دیر قائم نہ رہ سکی یا تو اللہ نے عذاب دیکر اس قوم کو ہلاک کر دیا یا کسی دوسری دشمن قوم کو اس کے اوپر مسلط کر دیا یا پھر نبی کے ماننے والوں نے اس قوم یا بستی کو فتح کر لیا۔ اللہ کے اس مستقل طریقہ کار میں تم کبھی کوئی تغیر نہ پاؤ گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ

اَقِمِ	الصَّلٰوةَ	لِدُلُوْكِ	الشَّمْسِ	اِلٰى	غَسَقِ	الَّيْلِ	وَقُرْاٰنَ
قائم کریں	نماز	ڈھلنے سے	سورج	تک	اندھیرا	رات	اور قرآن

سورج ڈھلنے سے رات کے اندھیرے تک نماز قائم کریں۔ اور صبح کا

الْفَجْرِ ؕ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿۷۸﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ

الْفَجْرِ	اِنَّ	قُرْاٰنَ + الْفَجْرِ	كَانَ	مَشْهُوْدًا	وَمِنَ	الَّيْلِ	فَتَهَجَّدْ
صبح	بیشک	صبح کا قرآن	ہے	حاضر کیا گیا (فرشتوں کو)	اور کچھ حصہ	رات	سو بیدار رہیں

قرآن بیشک صبح کا قرآن (پڑھنے میں فرشتے) حاضر ہوتے ہیں اور رات کا کچھ حصہ قرآن کی تلاوت کے ساتھ

بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿۷۹﴾

بِهٖ	نَافِلَةً	لَّكَ	عَسٰى	اَنْ	يَّبْعَثَكَ	رَبُّكَ	مَقَامًا	مَّحْمُوْدًا
اس (قرآن) کے ساتھ	زائد	تمہارے لئے	قریب	کہ	تمہیں کھڑا کرے	تمہارا رب	مقام	محمود

بیدار رہیں، یہ تمہارے لئے زائد ہے۔ قریب ہے کہ تمہارا رب تمہیں مقام محمود میں کھڑا کردے

﴿۷۸﴾ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اَیْ مِنْ وَقْتِ زَوَالِهَا اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ اِقْبَالِ ظُلْمَتِهٖ اَیِ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ صَلٰوةَ الصُّبْحِ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ۝ تَشْهَدُهٗ مَلٰٓئِكَةُ الَّيْلِ وَمَلٰٓئِكَةُ النَّهَارِ

﴿۷۸﴾ اقیم الصلوٰۃ لدلوک الشمس الی غسق اللیل وقرآن الفجر الخ اے محمد نماز پڑھ سورج کے ڈھلنے سے اندھیرے کے آنے تک یعنی ظہر اور عصر اور مغرب اور عشاء۔ اور پڑھ نماز صبح کی بیشک صبح کا قرآن پڑھنا وقت حاضر ہونے فرشتوں کا ہے کہ رات اور دن کے فرشتے اس وقت موجود ہوتے ہیں۔

﴿۷۹﴾ وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ فَصَلِّ بِهٖ بِالْقُرْاٰنِ نَافِلَةً لَّكَ ۚ فَرِيْضَةً زَائِدَةً لَّكَ دُوْنَ اُمَّتِكَ اَوْ فَضِيْلَةً عَلَى الصَّلَوَاتِ الْمَفْرُوْضَةِ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ يُقِيْمُكَ رَبُّكَ فِى الْاٰخِرَةِ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ۝ يَحْمَدُكَ فِيْهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ وَهُوَ مَقَامُ الشَّفَاعَةِ فِىْ فَصْلِ الْقَضَاءِ۔

﴿۷۹﴾ اور رات سے نماز تہجد میں قرآن پڑھ یہ نماز خاص تم پر زائد فرض کی گئی ہے تمہاری امت پر فرض نہیں۔ یا مراد نافلۃ لک سے یہ ہے کہ نماز تہجد ایک فضیلت ہے اور نمازوں سے زائد ہے عنقریب آخرت میں تیرا رب تجھکو مقام محمود میں کھڑا کریگا کہ جس جگہ پہلے اور پچھلے سب تیری حمد اور صفت کرینگے اور مراد مقام محمود سے مقام شفاعت ہے بروز قیامت کے جو دن ہے فیصلہ اور قضاء کا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

تشریح

(۷۸) مشکلاتِ زندگی میں نماز سے مدد | اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ۔ سورۂ بقرہ آیت ۴۵ پارہ ۱ (صبر اور نماز سے مدد لو) یعنی نیکی کے راستے پر چلنے میں تمہیں دو چیزوں سے مدد ملے گی، صبر اور نماز، مشکلات و مصائب کے ذکر کے بعد نماز قائم کرنے کا حکم دیکر اشارہ فرمایا کہ وہ ثابت قدمی، مشکلات کے طوفانوں میں جس کی ضرورت ہے وہ نماز قائم کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔

○ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ (سورج کا ڈھلنا یا اس کا زوال) اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ (رات کے اندھیرے تک) اس میں ظہر کی نماز سے لیکر عشار کی نماز تک چار نمازوں کے اوقات کا اجمالی بیان آگیا۔

○ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ (اور فجر کے قرآن کا بھی التزام کرو) اس میں فجر کی نماز آگئی۔ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا (کیونکہ قرآنِ فجر مشہود ہوتا ہے) اشارہ ہے کہ نماز فجر میں قرآن مجید کی قرأت ذرا طویل کرو تو بہتر ہے کیونکہ اللہ کے فرشتے اسمیں خصوصیت سے گواہ بنتے ہیں اور صبح کے وقت فضا کے سکون میں قرآن مجید کی تلاوت دل کو بڑی بھاتی ہے۔

○ پانچ وقت کی نمازیں جو معراج کے موقعہ پر فرض کی گئی تھیں ان کی طرف قرآن مجید کی مذکورہ آیت میں اشارہ کردیا گیا ـــــ اس حکم کی تشریح کے لئے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو بھیجا گیا۔ جنھوں نے نماز کے ٹھیک ٹھیک اوقات کی تعلیم دیکر قرآن مجید کے اجمالی حکم کی وضاحت فرمادی

عَنْ ابن عباس قال ـ قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اتانی جبریل عند البیت مرتین فصلّٰی بی الظہر حین زالت الشمس وکانت قدر الشراك وصلّٰی بی العصر حین صار ظل کل شیٔ مثلہ وصلّٰی بی المغرب حین افطر الصائم وصلّٰی بی العشاء حین غاب الشفق وصلی بی الفجر حین حرّم الطعام والشراب علی الصائم۔ فلما کان الغد صلّٰی بی الظہر حین کان ظلہ مثلہ وصلی بی العصر حین کان ظلہ مثلیہ وصلی بی المغرب حین افطر الصائم وصلی بی العشاء الی ثلث اللیل وصلّٰی بی الفجر فاسفر ثم التفت الیّ فقال یا محمد ھذا وقت الانبیاء من قبلك والوقت مابین ھذین الوقتین۔ رواہ ابوداؤد والترمذی (مشکوٰۃ باب المواقیت الفصل الثانی صفحہ ۵۹ مطبوعہ نور محمد)

حضرت ابن عباسؓ روایت کرتے ہیں کہ جبرئیل علیہ السلام نے مجھے بیت اللہ کے قریب لے جاکر دو مرتبہ نماز پڑھائی ـــ پہلے دن ظہر کی نماز سورج ڈھلتے ہی پڑھائی جبکہ جوتی کے تسمے کے برابر ہی ہوا تھا ـــــ عصر کی نماز ایسے وقت پڑھائی جبکہ ہر چیز کا سایہ اسکی اپنی لمبائی کے برابر تھا (یعنی ایک مثل) مغرب کی نماز اس وقت پڑھائی جسوقت روزہ دار روزہ افطار کرتا ہے (یعنی سورج ڈوبتے ہی) ـــــ عشار کی نماز شفق ڈوبتے ہی پڑھادی۔ فجر کی نماز اس وقت پڑھائی جس وقت روزہ دار کھانا پینا حرام ہوجاتا ہے (یعنی صبح صادق کے فوراً بعد)

دوسرے دن ـــــ ظہر کی نماز اسوقت پڑھائی جب ہر چیز کا سایہ اسکی لمبائی کے برابر تھا (یعنی ایک مثل پر جو ظہر کا آخری وقت ہے) ـــ عصر کی نماز اسوقت پڑھائی جبکہ ہر چیز کا سایہ اس کی لمبائی سے دوگنا تھا (یعنی دو مثل پر) ـــــ مغرب کی نماز اس وقت پڑھائی جب روزہ دار روزہ افطار کرتا ہے (یعنی سورج ڈوبنے پر) ـــــ عشار کی نماز ایک تہائی رات گذر جانے پر پڑھائی ـــــ فجر کی نماز اچھی طرح روشنی ہوجانے پر۔

پھر میری طرف مڑکر کہا کہ اے محمد انبیاء کے نماز پڑھنے کے آپ سے پہلے بھی یہی اوقات ہیں اور نمازوں کے صحیح اوقات ان دو دنوں کے وقتوں کے درمیان ہیں (یعنی پہلے دن جو نماز پڑھائی وہ اسوقت کے نماز کے وقت کی ابتداء ہے اور دوسرے دن وقت نماز کی انتہا ہے)

(۷۹) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز تہجد کا حکم اور مقام محمود کی بشارت | پانچ وقت کی فرض نمازوں کے بعد جو کہ ہر مسلمان پر فرض ہیں چھٹی نفل نماز نماز تہجد کے لئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تاکید کی گئی کہ آپ کچھ دیر سونے کے بعد اٹھ کر نماز تہجد میں قرآن کی تلاوت کیا کریں یہ تمہارے اوپر فرض نمازوں کے زائد چھٹی نماز ہے یہ حکم اسلئے تجویز کیا ہے کہ تمہیں اللہ تعالیٰ ایک بڑا مرتبہ مقام عطا کرنا چاہتے ہیں تاکہ تم دنیا اور آخرت میں ایک قابلِ تعریف ہستی بنکر رہو۔ دنیا کی فضا تمہاری مدح وستائش سے گونج اٹھے، اور آخرت میں بھی مقامِ شفاعت پر کھڑے ہوکر تمہاری شان کا پورا پورا ظہور ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ اَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّ

وَقُلْ	رَّبِّ	اَدْخِلْنِیْ	مُدْخَلَ	صِدْقٍ	وَّ اَخْرِجْنِیْ	مُخْرَجَ	صِدْقٍ	وَّ
اور کہیں	اے میرے رب	مجھے داخل کر	داخل کرنا	سچا	اور مجھے نکال	نکالنا	سچا	اور

اور کہیں اے میرے رب! مجھے داخل کر سچا داخل کرنا اور مجھے نکال سچا نکالنا (اچھی طرح) اور

اجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿۸۰﴾

اجْعَلْ	لِّیْ	مِنْ ۔ لَّدُنْكَ	سُلْطٰنًا	نَّصِیْرًا
عطا کر	میرے لئے	اپنی طرف سے	غلبہ	مدد دینے والا

اپنی طرف سے میرے لئے عطا کر غلبہ ، مدد دینے والا۔

﴿۸۰﴾ وَنَزَلَ لَمَّا اُمِرَ بِالْهِجْرَةِ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ اَلْمَدِیْنَةَ مُدْخَلَ صِدْقٍ اَیْ اِدْخَالًا مَّرْضِیًّا لَّا اَرٰی فِیْهِ مَا اَكْرَهُ وَّ اَخْرِجْنِیْ مِنْ مَّكَّةَ مُخْرَجَ صِدْقٍ اِخْرَاجًا لَّا اَلْتَفِتُ بِقَلْبِیْ اِلَیْهَا وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ۝ قُوَّةً تَنْصُرُنِیْ بِهَا عَلٰۤی اَعْدَآئِكَ ۔

﴿۸۰﴾ اور جس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہجرت کا حکم ہوا یہ آیت نازل ہوئی وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ الخ اور کہہ تو کہ اے میرے رب مجھ کو مدینہ میں داخل فرما داخل کرنا پسندیدہ کہ وہاں مجھ کو کوئی برائی پیش نہ آئے اور نکال مجھکو کہ ایسی طرح کہ میرا دل اس طرف متوجہ نہ رہے اور مجھے ایک قوت دے اپنی طرف سے کہ جسکے سبب میں تیرے دشمنوں پر غلبہ پاؤں۔

تشریح

﴿۸۰﴾ **عزت و غلبۂ حق کی دعا** اللہ تعالیٰ نے آپکو ایک خاص دعا کی تلقین کی کہ آپ یہ دعا کیا کریں کہ اے پروردگار مجھے تو جہاں بھی لیجائے عزت و آبرو کے ساتھ لیجا کہ صداقت کا دامن چھوٹنے نہ پائے اور جہاں سے بھی آپ مجھے نکالیں میرا نکلنا آبرو اور خوش اسلوبی کے ساتھ ہو کہ پائی کا ساتھ چھوٹنے نہ پائے۔ اور مجھے غلبہ اور تسلط عنایت فرما تا کہ حق کا بول بالا رہے۔ قانونِ عدل جاری کرنے کیلئے حکومت کی مدد بھی ضروری ہے بغیر قوت و طاقت کے صرف اخلاق کے ذریعہ قانون کا نفاذ ممکن نہیں۔ قرآن مجید میں دوسری جگہ ہے لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَیِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِیْزَانَ لِیَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ وَاَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ فِیْهِ بَاْسٌ شَدِیْدٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ (سورۂ حدید آیت ۲۵ پ ۲۷) ہم نے اپنے رسولوں کو صاف صاف نشانیوں اور ہدایات کے ساتھ بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور میزان نازل کی تاکہ لوگ انصاف پر قائم ہو اور لوہا اتارا جس میں بڑا زور ہے اور لوگوں کے لئے منافع ہیں۔

یعنی اللہ کے رسول اپنے ساتھ جو چیزیں لے کر آتے ہیں پہلی چیز بینات یعنی وہ کھلی کھلی نشانیاں جو ان کی رسالت کی دلیل ہوتی ہیں، دوسرے کتاب جس میں انسان کی ہدایت کے لئے ساری تعلیمات ہوتی ہیں۔ تیسرے میزان جو حق و باطل کو ٹھیک ٹھیک تولکر بتادے۔ ان تین چیزوں کے ساتھ ان کے آنے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ اس نظامِ زندگی کو عملاً نافذ کرنے کی کوشش کی جائے جس کے لئے طاقت و قوت کی ضرورت ہے۔ "عصا نہ ہو تو کلیمی ہے کارِ بے بنیاد۔"

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے :۔ "اِنَّ اللّٰهَ لَیَزَعُ بِالسُّلْطَانِ مَا لَا یَزَعُ بِالْقُرْاٰنِ" اللہ تعالیٰ حکومت کی طاقت کے ذریعے ان بہت سی چیزوں کو ختم فرما دیتے ہیں جن کا ختم کرنا صرف قرآن سے ممکن نہیں ہوتا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾

وَقُلْ	جَآءَ	الْحَقُّ	وَزَهَقَ	الْبَاطِلُ	اِنَّ	الْبَاطِلَ	كَانَ	زَهُوْقًا
اور کہدیں	آیا	حق	اور نابود ہوگیا	باطل	بیشک	باطل	ہے ہی	مٹنے والا

اور کہہ دیں حق آیا اور باطل نا بود ہوگیا ۔ بیشک باطل ہے ہی مٹنے والا (نیست و نابود ہونے والا)

﴿۸۱﴾ وَقُلْ عِنْدَ دُخُوْلِكَ مَكَّةَ جَاءَ الْحَقُّ الْاِسْلَامُ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ، بَطَلَ الْكُفْرُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ○ مُضْمَحِلًّا زَائِلًا ۔ وَقَدْ دَخَلَهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَوْلَ الْبَيْتِ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَسِتُّوْنَ صَنَمًا فَجَعَلَ يَطْعَنُهَا بِعُوْدٍ فِيْ يَدِهٖ وَيَقُوْلُ جَاءَ الْحَقُّ الخ حَتّٰى سَقَطَتْ رَوَاهُ الشَّيْخَانِ

﴿۸۱﴾ اور جس وقت مکہ میں داخل ہو یہ کہہ اسلام آیا اور کفر جاتا رہا بیشک کفر جانے والا اور گم ہونے والا ہے

اور بالتحقیق داخل ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں اور اس وقت خانہ کعبہ کے گرد تین سو ساٹھ بُت تھے ۔

آپ کے ہاتھ میں لکڑی تھی سو آپ اس سے ہر ایک بُت کو چھوتے تھے اور یہ فرماتے تھے :۔ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ الخ یہانتک کہ وہ سب بُت گر گئے روایت کیا اس کو بخاری اور مُسلم نے ۔

تشریح

﴿۸۱﴾ غلبۂ حق کی بشارت | یہ بشارت کہ حق آگیا اور باطل مٹ گیا، باطل تو مٹنے ہی والا ہے، آپؐ کی زبان مبارک پر اس وقت جاری ہوئی جب بظاہر حالات انتہائی ناموافق تھے اور غلبۂ حق کے آثار کہیں دور دور تک نظر نہ آتے تھے ۔ اللہ تعالیٰ کی اس پیشینگوئی میں پیغمبرانہ اعتماد صاف صاف نظر آتا ہے کہ پیغمبر کو اپنی دعوت کے حق ہونے کا اتنا یقین ہوتا ہے کہ وہ ظلمتِ شب میں صبح کے آثار دیکھنے لگتا ہے اس کا دل مطمئن ہوتا ہے کہ قرآن کی دعوت حق ہے اور باطل اسکے سامنے ٹک نہیں سکے گا چنانچہ نو برس ہی گذرے تھے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم شہر مکہ میں ایک فاتح کی حیثیت سے داخل ہوئے اور آپ نے خانہ کعبہ میں جا کر تین سو ساٹھ بتوں کی صورت میں سجے ہوئے باطل کو اوندھے منہ گرا دیا حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کی روایت ہے کہ جس دن مکہ فتح ہوا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چھڑی سے بتوں کی طرف اشارہ کرتے تھے اور آپکی زبان اقدس پر یہ الفاظ جاری تھے :۔ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا اور بت اوندھے منہ گر جاتا تھا ۔ قرآن کی یہ پیشین گوئی پوری ہوئی ۔ اور دوسری بشارت سنادی گئی کہ :۔ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيْدُ حق غالب آچکا ہے اور اب کبھی باطل لوٹ کر یہاں واپس نہ آئیگا ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَ

وَنُنَزِّلُ	مِنَ	الْقُرْاٰنِ	مَا	هُوَ شِفَآءٌ	وَّرَحْمَةٌ	لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَ
اور ہم نازل کرتے ہیں	سے	قرآن	جو	وہ شفا	اور رحمت	مومنوں کے لئے اور

اور قرآن نازل کرتے ہیں جو مومنوں کے لئے شفا اور رحمت ہے اور

لَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾

لَا يَزِيْدُ	الظّٰلِمِيْنَ	اِلَّا	خَسَارًا
نہیں زیادہ ہوتا	ظالم (جمع)	سوائے	گھاٹا

ظالموں کے لئے زیادہ نہیں ہوتا گھاٹے کے سوا

﴿۸۲﴾ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝

﴿۸۲﴾ اور ہم قرآن میں ایسے حکم اتارتے ہیں جو شفا ہیں گمراہی سے اور جو لوگ اس پر ایمان رکھتے ہیں ان کے لئے رحمت ہے اور کافروں میں اس سے ٹوٹا ہی بڑھتا ہے کیونکہ وہ اس کا انکار کرتے ہیں

تشریح

﴿۸۲﴾ قرآن مجید کی رہنمائی شفا اور رحمت ہے | جس طرح دن کی روشنی سے اندھیرا دور ہوتا ہے حق کے آنے سے باطل ختم ہو جاتا ہے اسی طرح قرآن کی رہنمائی سے ہر طرح کی اخلاقی، نفسیاتی، بیمار یا دور ہو کر روحانی اور قلبی شفا حاصل ہوتی ہے غلط عقیدے بُرے اخلاق شکوک و شبہات کے روگ مٹ کر باطنی صحت حاصل ہوتی ہے ماننے والوں کے لئے یہ اللہ کی رحمت ہے وہ ظالم جو اس کی رہنمائی سے منہ موڑتے ہیں انکے لئے خسارہ پر خسارہ نقصان پر نقصان ہے قرآن کے نازل ہونے سے پہلے کہا جا سکتا تھا کہ جہالت ہے لاعلمی ہے حقیقت کا پتہ نہیں ہے مگر جب قرآن نے نازل ہو کر حق اور باطل کا فرق سامنے رکھ دیا تو اب حق کو نہ ماننا جہالت نہیں شرارت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اَلْقُرْاٰنُ حُجَّةٌ لَّكَ اَوْ عَلَيْكَ یہ قرآن یا تو قیامت میں تمہارے لئے حجت اور دلیل بنکر آئے گا کہ تم نے اس سے رہنمائی حاصل کی یا پھر تمہارے خلاف حجت بنے گا کہ تم نے اس کی ہدایت سے منہ موڑا۔

جو لوگ ایمان لا کر اس نسخۂ شفا سے فائدہ اٹھائیں گے وہ قلبی اور روحانی بیماریوں سے نجات پا کر اللہ کی خصوصی رحمت اور ظاہری و باطنی نعمتوں سے سرفراز ہونگے جو لوگ اس سے منہ موڑیں گے ان کے دل کی بیماریاں انکے روحانی روگ پڑھتے ہی چلے جائینگے یہ قرآن کا نہیں خود ان کا اپنا ہی قصور ہوگا وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ (سورہ توبہ آیت ۱۲۵ پارہ ۱۱)

جن کے دلوں کو روگ لگا ہوا تھا ان کی سابق نجاست پر ایک اور نجاست کا اضافہ کر دیا اور وہ مرتے دم تک حق کے منکر ہی رہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَإِذَآ أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنسَانِ أَعْرَضَ وَنَا بِجَانِبِهٖ ۚ وَإِذَا مَسَّهُ

وَاِذَآ	اَنْعَمْنَا	عَلَى	الْاِنْسَانِ	اَعْرَضَ	وَنَا + بِجَانِبِهٖ	وَاِذَا	مَسَّهٗ
اور جب	ہم نعمت بخشتے ہیں	پر کو	انسان	وہ روگردان ہو جاتا ہے	اور پہلو پھیر لیتا ہے	اور جب	اسے پہنچتی ہے

اور جب ہم انسان کو نعمت بخشتے ہیں وہ روگردان ہو جاتا ہے، اور پہلو پھیر لیتا ہے اور جب اُسے برائی پہنچتی

الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ﴿٨٣﴾ قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ۚ فَرَبُّكُمْ

الشَّرُّ	كَانَ	يَـُٔوْسًا	قُلْ	كُلٌّ	يَعْمَلُ	عَلٰى	شَاكِلَتِهٖ	فَرَبُّكُمْ
برائی	وہ ہو جاتا ہے	مایوس	کہدیں	ہر ایک	کام کرتا ہے	پر	اپنا طریقہ	سو تمہارا پروردگار

ہے تو وہ مایوس ہو جاتا ہے۔ کہدیں ہر ایک اپنے طریقہ پر کام کرتا ہے، سو تمہارا پروردگار

ع ۹ ۹

أَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ أَهْدٰى سَبِيْلًا ﴿٨٤﴾

اَعْلَمُ	بِمَنْ + هُوَ	اَهْدٰى	سَبِيْلًا	
خوب جانتا ہے	کہ وہ کون	زیادہ صحیح	راستہ	

خوب جانتا ہے کہ کون زیادہ صحیح راستہ پر ہے

(۸۳) وَإِذَآ أَنْعَمْنَا عَلَى الْإِنسَانِ أَعْرَضَ وَنَا بِجَانِبِهٖ وَنَا بِجَانِبِهٖ ثَنٰى عِطْفَهٗ مُتَبَخْتِرًا ۚ وَإِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ۝ فَنُوْطًا مِّنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ

(۸۳) اور ہم جس وقت کافر پر انعام کرتے ہیں وہ شکر سے منہ پھیرتا ہے اور تکبر کر کے پشت پھیرتا ہے اور اترا کر چلتا ہے اور جب اسکو افلاس اور سختی پیش آتی ہے اس وقت اللہ کی رحمت سے ناامید ہوتا ہے۔

(۸۴) قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ۚ فَرَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ أَهْدٰى سَبِيْلًا ۝ طٰرِيْقَتِهٖ

(۸۴) کہدو کہ ہر ایک ہم میں سے اور تم میں سے اپنے طریق پر کام کرتا ہے سو تمہارا رب خوب جانتا ہے اس کو جو ٹھیک راہ پر ہے۔ پس اس کو جزائے نیک دیوے گا۔

تشریح

(۸۳) غفلت و مایوسی انسان کی عجیب خصلتیں ہیں | انسان کا بھی بڑا عجیب حال ہے اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے نوازتے ہیں نعمتیں عطا کرتے ہیں تو بجائے اس کا شکر ادا کرنے کے منعم حقیقی سے غافل ہو جاتا ہے اور جب کوئی برا وقت آتا ہے کسی مصیبت سے دوچار ہونے لگتا ہے تو مایوس ہو کر بیٹھ جاتا ہے اللہ تعالیٰ نے قرآن کی نعمت عطا کی تو اس نعمت پر شکر کرنے اور اس کی قدر کرنے کی بجائے اس کی تعلیم سے منہ موڑ لیا اور جب اس ناشکری اور اعراض کا نتیجہ سامنے آئیگا تو مایوس ہو کر بیٹھ جاویگا۔

(۸۴) ہر ایک اپنے رنگ ڈھنگ میں سیدھی راہ کا علم اللہ کو ہے | ہر شخص اپنے اپنے طریقے اپنے اپنے انداز اور اپنے اپنے مذہب میں مگن ہے انمیں سے کون سیدھی راہ پر ہے کس میں کتنی کجروی ہے اس کا صحیح علم اللہ کو ہے اللہ تعالیٰ اسی کے مطابق اس کے ساتھ برتاؤ کریگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ۭ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَ

وَ	يَسْئَلُوْنَكَ	عَنِ	الرُّوْحِ	قُلِ	الرُّوْحُ	مِنْ	اَمْرِ	رَبِّيْ	وَ
اور	آپ سے پوچھتے ہیں	سے متعلق	روح	کہدیں	روح	سے	حکم	میرا رب	اور

اور آپ سے روح کے متعلق پوچھتے ہیں، آپ کہدیں روح میرے رب کے حکم سے ہے اور

مَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۸۵

مَآ اُوْتِيْتُمْ	مِنَ	الْعِلْمِ	اِلَّا	قَلِيْلًا
تمہیں دیا گیا	سے	علم	مگر	تھوڑا سا

تمہیں علم نہیں دیا گیا مگر تھوڑا سا

۸۵ وَيَسْئَلُوْنَكَ اَيِ الْيَهُوْدُ عَنِ الرُّوْحِ ۭ اَلَّذِيْ يُحْيٰى بِهِ الْبَدَنُ قُلِ لَهُمُ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ اَيْ عِلْمُهٗ لَا تَعْلَمُوْنَهٗ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ○ بِالنِّسْبَةِ اِلٰى عِلْمِهٖ تَعَالٰى

۸۵ وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ اور یہودی تم سے اس روح کا حال پوچھتے ہیں جس سے بدن کی حیاۃ ہے ان سے کہدو کہ روح کا علم اللہ تعالےٰ کو ہے تم اس کو نہیں جانتے اور جو کچھ تم کو علم دیا گیا ہے وہ بہ نسبت اللہ کے علم کے بہت تھوڑا ہے۔

تشریح

۸۵ **قرآنی وحی کی روح سے باطنی زندگی حاصل کرنی چاہیئے** قرآنی وحی کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تک پہونچنے کا ذریعہ کیا ہے؟ روح الامین حضرت جبرئیلؑ وحی کس طرح لاتے ہیں، وہ قلب محمدیؐ پر کس طرح القار ہوتی ہے، وحی کیا چیز ہے؟ اس کا طریقہ کیا ہے؟ — یہ سوالات جو انسانی فہم سے بلند بھی ہیں اور غیر ضروری بھی، ان میں الجھنے کی بجائے قرآن کے اصل پیغام پر غور کرنا چاہیئے۔ انسانی ملخت کے کلام اور وحی ربانی کے فرق کو سمجھنا چاہیئے، وحی قرآنی کی روح سے باطنی زندگی حاصل کرنی چاہیئے اور اس نسخۂ شفا سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔

○ جہاں تک وحی کا تعلق ہے، وحی انسان کے لئے وہ اعلیٰ ترین اور مستند ترین ذریعہ علم ہے جو اسے اس کی زندگی سے متعلق ان سوالات کے جوابات مہیا کرتا ہے جو عقل اور حواس کے ذریعہ حل کرنا ممکن نہیں ہے لیکن ان کا معلوم کرنا انسان کے لئے ضروری ہے — کیونکہ وحی اللہ اور رسول کے درمیان ایک مقدس علمی رابطہ ہے۔ ہمارے لئے اس کا ٹھیک ٹھیک ادراک ممکن نہیں ہے۔

روح بمعنی وحی قرآن مجید میں متعدد جگہ آیا ہے۔ سورۂ شوریٰ میں ہے:-

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ۭ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ

(آیت ۵۲ پارہ ۲۵) اور اسی طرح ہم نے اپنے حکم سے ایک روح تمہاری طرف وحی کی ہے تمہیں کچھ پتہ نہ تھا کہ کتاب کیا ہوتی ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

اور ایمان کیا ہوتا ہے"۔ ــــــ سورۂ نحل میں ارشاد ہے :۔

يُنَزِّلُ الْمَلَآئِكَةَ بِالرُّوحِ مِنْ أَمْرِهِ عَلَىٰ مَنْ يَشَآءُ مِنْ عِبَادِهِ (آیت ۲ پارہ ۱۴)

(وہ اس روح کو اپنے جس بندے پر چاہتا ہے اپنے حکم سے ملائکہ کے ذریعہ نازل فرما دیتا ہے۔)

سورۂ مومن میں فرمایا :۔ يُلْقِي الرُّوحَ مِنْ أَمْرِهِ عَلَىٰ مَنْ يَشَآءُ مِنْ عِبَادِهِ لِيُنذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ۔ آیت ۱۵ پ ۲۴

(وہ اپنے حکم سے اپنے جس بندے پر چاہتا ہے روح نازل کرتا ہے تاکہ وہ لوگوں کے اکٹھے ہونے کے دن سے آگاہ کرے)

○ روح بمعنی جان اور روح حیات۔ اس کی حقیقت تک پہنچنا انسان کے لئے آسان نہیں ہے کیونکہ روح مادے سے بھی زیادہ لطیف اور خفی شے ہے۔ اتنا جاننا کافی ہے کہ اللہ کے حکم سے ایک چیز بدن میں داخل ہوئی وہ جی اٹھا اور جب وہ چیز نکل گئی تو وہ مر گیا ــــــ قرآنی آیات سے روح کے متعلق اتنا معلوم ہوتا ہے کہ انسان میں اس مادی جسم کے علاوہ کوئی اور چیز موجود ہے جسے روح کہتے ہیں۔ وہ عالم "امر" کی چیز ہے اور خدا کے حکم سے انسانی بدن میں فائض ہوتی ہے۔ سورۂ آل عمران میں ارشاد ہے

خَلَقَهُ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ كُن فَيَكُونُ (آیت ۵۹ پارہ ۳)

(اللہ نے اسے مٹی سے پیدا کیا اور حکم دیا کہ ہو جا اور وہ ہو گیا)۔ سورۃ المومنون میں ہے :۔ ثُمَّ أَنشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ (آیت ۱۴ پ ۱۸) (پھر اسے ایک دوسری ہی مخلوق بنا کر کھڑا کیا)

سورۃ النحل میں ہے :۔ إِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ إِذَا أَرَدْنَاهُ أَن نَّقُولَ لَهُ كُن فَيَكُونُ (آیت ۴۰ پارہ ۱۴)

(ہمیں کسی چیز کو وجود میں لانے کے لئے اس سے زیادہ کچھ کرنا نہیں ہوتا کہ اسے حکم دیں ہو جا اور بس وہ ہو جاتی ہے)

روح میں صفت علم بھی ہے اور شعور بھی ہے اور یہ علم اور شعور آہستہ آہستہ اعمال صالحہ کے ذریعہ کمال کو پہنچتے ہیں۔ روح میں کمال حاصل کرنے کے اعتبار سے مراتب کا بھی فرق ہے یہاں تک کہ ایک روح اللہ کی تربیت سے ایسے اعلیٰ مقام تک پہنچ جاتی ہے جہاں دوسری روحوں کی رسائی نہیں ہو سکتی جیسے روح محمدؐ کہ اس کے اعلیٰ مرتبے تک پہنچنا کسی دوسری روح کے لئے ممکن نہیں ہے ــــ تیسری بات قرآن کے اشارے سے معلوم ہوتی ہے کہ روح کے کمالات ذاتی نہیں ہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے عطا کئے ہوئے ہیں اور یہ کمالات لامحدود نہیں ہیں محدود ہیں۔ اس لئے روح انسانی اپنے علم اور شفافیت کے اعتبار سے کتنی بھی ترقی کر جائے پھر بھی اسکی صفات محدود رہتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی صفات کی طرح روح کی صفات لامحدود نہیں ہو سکتیں۔

○ قرآن مجید کی مذکورہ آیت "قُلِ الرُّوحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّي" میں لفظ "امر" کو "خلق" کے مقابلے پر رکھ کر غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ خلق اور امر میں فرق ہے۔ سورۂ اعراف میں ارشاد ہوا ہے :۔ أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ آیت ۵۴ پارہ ۸ (خبردار رہو اسی کی خلق ہے اور اسی کا امر ہے)۔ یہاں اللہ تعالیٰ نے خلق کو امر کے مقابلے میں رکھا ہے۔ خلق اور امر میں کیا فرق ہے ــــــ سورۂ اعراف میں ارشاد ہوا ہے :۔ "إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ" آیت ۵۴ پارہ ۸ (درحقیقت تمہارا رب اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا)۔ اس کے بعد فرمایا :۔ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ۔ آیت ۵۴ پارہ ۸ (جو رات کو دن پر ڈھانپ دیتا ہے اور پھر دن رات کے پیچھے دوڑا چلا آتا ہے۔ جس نے سورج اور چاند اور تارے پیدا کئے، سب اس کے فرمان کے تابع ہیں۔) یعنی ان مخلوقات کو ایک معین اور محکم نظام پر چلاتے رہنا امر ہے۔

سورۂ الطلاق میں ارشاد ہے :۔ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ وَمِنَ الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ يَتَنَزَّلُ الْأَمْرُ بَيْنَهُنَّ آیت ۱۲ پارہ ۲۸ (اللہ وہ ہے جس نے سات آسمان بنائے اور زمین کی قسم سے بھی ان ہی کے مانند ان کے درمیان حکم نازل ہوتا رہتا ہے)

toobaa-elibrary.blogspot.com

گویا دنیا کو ایک بڑے کارخانے کی طرح سمجھو جس میں مختلف قسم کی مشینیں لگی ہوئی ہیں۔ کوئی مشین کپڑا بُن رہی ہے، کسی مشین میں آٹا پس رہا ہے کسی مشین میں کتابیں چھپ رہی ہیں، کسی مشین سے شہر میں روشنی پہنچ رہی ہے کہیں بلب جل رہے ہیں اور پنکھے چل رہے ہیں ——— ساری مشینوں کے پُرزے جوڑ کر مشینوں کو فٹ کیا جاتا ہے جب ساری مشینیں فٹ ہوگئیں تو ان میں بجلی کا کرنٹ چھوڑ دیا گیا، ہر مشین اپنی بناوٹ کے مطابق گھومنے لگی، بلب میں اس کی بناوٹ کے مطابق روشنی پہنچی پنکھے میں اس کی ساخت کے مطابق حرکت ہونے لگی بس یوں سمجھو کہ اللہ تعالےٰ نے اول آسمان و زمین کی تمام مشینیں بنائیں جنکو خلق کہتے ہیں۔ ہر چھوٹا بڑا پُرزہ ٹھیک اندازے کے مطابق فٹ کیا جس کو "تقدیر" کہتے ہیں۔ پھر سب پُرزوں کو جوڑ کر مشین کو فٹ کیا جس کو تصویر کہتے ہیں۔ آخر اس مشین کو چلانے کے لئے امرِ الٰہی کی بجلی چھوڑ دی گئی جس کو روح کہتے ہیں اور سارا کارخانہ حرکت میں آ گیا۔

اِدھر حکم ہوا "چل" فوراً چلنے لگی۔ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ (سورۂ یٰس آیت ۸۲ پارہ ۲۳)
(وہ تو جب کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو اس کا کام بس یہ ہے کہ اسے حکم دے کہ "ہو جا" اور وہ ہو جاتی ہے۔)

یہ خیال ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا کلام جو لفظ "کُن" ہے ظاہر ہو رہا ہے یہ لفظ نورانی یا لطیف جسم کی شکل میں جسکو روح کہتے ہیں کیسے منتقل ہو سکتا ہے۔

اس بات کو سمجھنے کے لئے خواب کی مثال کو سامنے رکھا جائے کہ بعض اوقات ہم اپنے خیالات کو جب خواب میں دیکھتے ہیں تو وہ ہمارے خیالات دریا پہاڑ وغیرہ مختلف شکلوں میں نظر آتے ہیں اور بعض اوقات جاگنے کے بعد بھی ان کا اثر ختم نہیں ہوتا۔ تو غور کرنے کی بات یہ ہے کہ جب آدمی کے تصور کی قوت میں اتنی طاقت ہے کہ غیر مجسم خیالات جسمانی سانچے میں ڈھل جائیں اور ان میں وہی آثار پیدا ہو جائیں جو جاگنے کی حالت میں ہے اور جاگنے کے بعد بھی ان کا ذہنی وجود اسی طرح قائم رہے۔

تو کیا اس مثال اور نمونے کو سامنے رکھ کر ہم یہ نہیں سمجھ سکتے کہ قادرِ مطلق کا ایک لفظ "کُن" متعدد صورتوں میں جلوہ گر ہو اور ان صورتوں کو ہم روحوں کے نام سے یا فرشتوں کے نام سے یا کسی اور نام سے پکاریں وہ روح اور فرشتے حادث و فانی ہوں اور امرِ الٰہی اسی طرح قدیم اور لافانی رہے۔ اسی طرح روحِ انسانی امرِ ربی کی مظہر ہے لیکن یہ ضروری نہیں کہ اس پر اس ذاتِ لافانی کے سارے احکام جاری و ساری ہوں۔

یہ روح جو اپنا مستقل وجود رکھتی ہے مادی بدن سے جُدا بھی ہو جاتی ہے مثلاً سونے کی حالت میں روح بدن سے نکل جاتی ہے مگر سورج کیطرح اکثر کرنیں بدنی زندگی کو قائم رکھتی ہیں جیسا کہ ارشاد ہے۔ اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ (سورۃ الزمر آیت ۴۲ پارہ ۲۴)
(وہ اللہ ہی ہے جو موت کے وقت روحیں قبض کرتا ہے! اور جو ابھی نہیں مرا اس کی روح نیند میں قبض کر لیتا ہے پھر جس پر وہ موت کا فیصلہ نافذ کرتا ہے اُسے روک لیتا ہے اور دوسروں کی روحیں ایک وقتِ مقررہ کے لئے واپس بھیج دیتا ہے اس میں بڑی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو غور و فکر کرنے والے ہیں۔

حاصل یہ ہے کہ لفظ "کُن" کی مخاطب ہر چیز میں روحِ حیات پائی جاتی ہے مگر وہ ہر مخلوق کی استعداد کے مطابق ہے جس کام کے لئے جو چیز پیدا کی گئی ہے اس کا ڈھانچہ تیار کر کے اس کو حکم دینا "کُن" اس کام میں لگ جا یہی اس کی روحِ حیات ہے۔ جب تک یہ اپنی تخلیق کی غرض کو پورا کرے گی اس وقت تک زندہ سمجھی جائے گی۔ اور جب مقصدِ تخلیق سے دور ہو کر معطل ہو جائے گی تو وہ موت سے نزدیک اور مردہ کہلائے گی۔

(خلاصہ افادات حضرت علامہ شبیر احمد عثمانی رح)

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿٨٦﴾

وَلَئِنْ	شِئْنَا	لَنَذْهَبَنَّ	بِالَّذِيْٓ	اَوْحَيْنَآ	اِلَيْكَ	ثُمَّ لَا تَجِدُ	لَكَ	بِهٖ	عَلَيْنَا	وَكِيْلًا
اور اگر	ہم چاہیں	تو البتہ ہم لے جائیں	وہ جو کہ	ہم نے وحی کی	تمہاری طرف	پھر تم نہ پاؤ	اپنے واسطے	اسکے لئے	ہمارے مقابلہ میں	کوئی مددگار

اور اگر ہم چاہیں تو البتہ ہم لے جائیں (سلب کر لیں) جو وحی ہم نے تمہاری طرف کی ہے، پھر تم اسکے لئے اپنے واسطے نہ پاؤ ہمارے مقابلہ میں

اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿٨٧﴾

اِلَّا	رَحْمَةً	مِّنْ ۔ رَّبِّكَ	اِنَّ	فَضْلَهٗ	كَانَ	عَلَيْكَ	كَبِيْرًا
مگر	رحمت	تمہارے رب سے	بیشک	اس کا فضل	ہے	تم پر	بڑا

کوئی مددگار مگر تمہارے رب کی رحمت سے ہے (کہ ایسا نہیں ہوتا) بیشک تم پر اس کا بڑا فضل ہے۔

﴿٨٦﴾ وَلَئِنْ لَامُ قَسَمٍ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَيِ الْقُرْاٰنِ بِاَنْ نَمْحُوَهٗ مِنَ الصُّدُوْرِ وَالْمَصَاحِفِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ○

﴿٨٦﴾ اور البتہ اگر ہم چاہتے تو قرآن سینوں اور اوراق سے مٹا دیتے اور نکال لیتے پھر تو کسی کو اس کا ذمہ دار نہ پاتا جو ہم سے اس کا مطالبہ کرے

﴿٨٧﴾ اِلَّا لٰكِنَّ اَبْقَيْنَاهُ رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ○ عَظِيْمًا حَيْثُ اَنْزَلَهٗ عَلَيْكَ وَاَعْطَاكَ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَغَيْرَ ذٰلِكَ مِنَ الْفَضَائِلِ

﴿٨٧﴾ لیکن ہم نے اس کو اپنی رحمت سے باقی رکھا اور سینوں سے نہ نکالا۔ بیشک اللہ کا فضل تجھ پر بڑا ہے کہ قرآن تجھ پر اُتارا اور مقام محمود تجھ کو عطا کیا اور اس کے سوا بہت بزرگیاں دیں۔

تشریح

﴿٨٦﴾ کسی مخلوق کے کمالات ذاتی نہیں عطیۂ خداوندی ہیں | اللہ تعالیٰ نے جس مخلوق میں بھی کوئی خوبی اور کمال دیا ہے وہ اسکا ذاتی کمال نہیں ہے اللہ کا عطیہ ہے کیسی ہی کامل روح ہو اسمیں جو کمالات ہیں وہ خالق کامل کے دیئے ہوئے ہیں وہ اسکے اپنے نہیں ہیں۔ یہ قرآن جو ہم نے نازل کیا ہے اور وحی کے ذریعے بھیجا ہے اگر ہم چاہیں تو اسکو واپس بھی لے سکتے ہیں یہ نعمتِ عظمیٰ جو انسانوں کے لئے باعثِ رحمت ہے چھینی بھی جا سکتی ہے اور اسوقت تمہیں کوئی ایسا حامی بھی نہیں ملے گا جو دوبارہ اُسے واپس لا سکے۔ اس لئے انسان کو یہ خیال رہنا چاہیئے کہ اس کی کوئی ظاہری اور باطنی خوبی ایسی نہیں ہے جو اس کی اپنی ہو۔

﴿٨٧﴾ قرآن پیغمبر کا گھڑا ہوا کلام نہیں ہے یہ ہم نے عطا کیا ہے | قرآن جو تمہیں اللہ کی رحمت سے ملا ہے یہ اس کا بہت بڑا فضل ہے یہ پیغمبر کا گھڑا ہوا یا کسی اور کا بنایا ہوا کلام نہیں ہے یہ ہم نے نازل کیا ہے۔ کس کی طاقت ہے کہ وہ ایسا کلام تصنیف کر کے لا سکے، نہ کسی میں یہ طاقت ہے کہ وہ پیغمبر کو ایسا معجزانہ کلام پیش کرنے کے قابل بنا سکے۔ حقیقت یہ ہے کہ آپ پر اللہ کا بہت بڑا فضل ہے اور اس کی رحمت ہے کہ اس نے آپکو یہ کتابِ عظیم عطا کی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى

قُلْ	لَّئِنِ	اجْتَمَعَتِ	الْاِنْسُ	وَ	الْجِنُّ	عَلٰٓى
کہہ دیں	اگر	جمع ہو جائیں	تمام انسان	اور	جن	پر

آپؐ کہہ دیں اگر تمام انسان اور جنّ (اس بات پر) جمع ہو جائیں کہ وہ اس

اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ

اَنْ	يَّاْتُوْا	بِمِثْلِ	هٰذَا	الْقُرْاٰنِ	لَا يَاْتُوْنَ
کہ	وہ لائیں	مانند	اس	قرآن	نہ لاسکیں گے

قرآن کے مانند لے آئیں تو وہ اس کے مانند نہ لاسکیں

بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿۸۸﴾

بِمِثْلِهٖ	وَلَوْ كَانَ	بَعْضُهُمْ	لِبَعْضٍ	ظَهِيْرًا	
اس کے مانند	اور اگرچہ ہو جائیں	ان کے بعض	بعض کے لئے	مددگار	

گے اگرچہ ان کے بعض بعض کیلئے (وہ ایک دوسرے کے) مددگار ہو جائیں۔

﴿۸۸﴾ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ فِي الْفَصَاحَةِ وَالْبَلَاغَةِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ○ مُعِيْنًا نَزَلَ رَدًّا لِقَوْلِهِمْ لَوْ نَشَاءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَا

﴿۸۸﴾ کہدے اگر تمام آدمی اور جن اس امر پر اکٹھے ہوں کہ اس قرآن کی مثل فصاحت اور بلاغت میں لاویں تو وہ اس کی مثل نہ لاسکیں اگرچہ وہ باہم ایک دوسرے کی مدد کریں۔

یہ آیت کافروں کے قول کے رد کرنے کو نازل ہوئی کہ وہ کہتے تھے اگر ہم چاہیں تو قرآن کی مثل کہہ لیں۔

تشریح

﴿۸۸﴾ قرآن کا چیلنج، تمام جن وانس مل کر بھی قرآن جیسی کتاب نہیں بنا سکتے

قرآن کے ایک طالب علم کو جو بات سب سے زیادہ متاثر کرتی ہے وہ قرآن کا یہ چیلنج ہے جو قرآن کے نازل ہونے سے لے کر آج تک دنیا کے سامنے ہے مگر دنیا میں آج تک تمام مخالفتوں اور مزاحمتوں کے باوجود اس کا جواب آج تک نہیں دیا جا سکا۔ قرآن نے بار بار یہ چیلنج کیا کہ جو لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ قرآن اللہ کے سوا کسی انسان کی تصنیف ہے وہ ایسی کتاب بنا کر پیش کریں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

سورۂ بقرہ میں ہے:۔ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (پارہ ۱ آیت ۲۳)

"اپنے بندے پر جو کلام ہم نے اُتارا ہے اگر اس کے کلامِ الٰہی ہونے کے بارے میں تمہیں شبہ ہے تو اس کے جیسی ایک سورۃ لکھ کر لے آؤ اور خدا کے سوا اپنے تمام ہمنواؤں کو بھی بلا لو اگر تم اپنے خیال میں سچے ہو۔"

سورۂ یونس میں ہے:۔ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ۔ (آیت ۳۸ پارہ ۱۱)

کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے اسے خود تصنیف کر لیا ہے کہو اگر تم اپنے اس الزام میں سچے ہو تو ایک سورت اس جیسی تصنیف کر لاؤ اور ایک خدا کو چھوڑ کر جسکو مدد کے لئے بلا سکتے ہو بلا لو۔"

سورۂ ہود میں ہے:۔ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ (آیت ۱۳ پارہ ۱۲)

"کیا یہ کہتے ہیں کہ پیغمبر نے یہ کتاب خود گھڑ لی ہے کہو اچھا یہ بات ہے تو اس جیسی گھڑی ہوئی دس سورتیں تم بھی بنا لاؤ اور اللہ کے سوا تمہارے جو معبود ہیں ان کو مدد کے لئے بلا سکتے ہو بلا لو، اگر تم انہیں معبود سمجھنے میں سچے ہو۔"

انسانی تاریخ کا یہ حیرت انگیز دعویٰ ہے۔ ہر انسانی تصنیف کے مقابلے میں دوسری تصنیف تیار کی جا سکتی ہے جو پہلی تصنیف کے مقابلے میں کہیں زیادہ بہتر ہو۔ لیکن اس چیلنج کا جواب دینے پر قادر نہ ہونا قطعی طور پر ثابت کر دیتا ہے کہ یہ ایک غیر انسانی کلام ہے۔

قرآن نے اپنے کلام الٰہی ہونے کے لئے تین ٹھوس اور مضبوط دلیلیں دی ہیں۔

پہلی دلیل یہ ہے کہ قرآن مجید اپنی زبان اور اسلوب کے اعتبار سے اپنے طرزِ استدلال اپنے مضامین اپنے مباحث اور تعلیمات غیب کی خبروں اور پیشگوئیوں کے حساب سے ایک معجزہ ہے جس کی نظیر اور مثال پیش کرنا انسان کی قدرت سے باہر ہے۔

دوسری دلیل یہ ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اچانک کہیں سے آکر تمہارے درمیان نہیں رہنے لگے ہیں بلکہ قرآن کے نازل ہونے سے چالیس سال پہلے تمہارے درمیان رہتے سہتے چلے آرہے ہیں کیا قرآن کے نازل ہونے سے پہلے کبھی ان کی زبان سے تم نے اس طرح کا کلام سُنا ہے کیا یہ ممکن ہے کہ اچانک کسی شخص کی زبانی خیالات اور طرزِ بیان میں راتوں رات اتنی بڑی تبدیلی ہو جائے۔ کیا یہ ممکن ہے کہ ایک شخص جس نے کبھی چالیس سال میں کوئی ایک بات بھی زبان سے غلط نہ نکالی ہو اتنا بڑا جھوٹ گھڑ لے کہ میں اللہ کا پیغمبر ہوں اور مجھ پر اس کا کلام نازل ہوا ہے۔

تیسری دلیل یہ ہے کہ تم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے ان کی باتیں اور ان کی تقریریں بھی سنتے ہو اور انہیں کی زبان سے قرآن بھی سنتے ہو کیا یہ ممکن ہے کہ کوئی شخص ایک ہی وقت میں دو طرح کے اندازِ بیان اختیار کر سکے قرآن کے اسلوب اور حدیثِ رسول ؐ کے اسلوب میں نمایاں فرق اس وقت بھی تھا اور آج بھی کوئی شخص حدیث اور قرآن کی زبان میں یہ کھلا فرق صاف سمجھ سکتا ہے۔

ان ٹھوس اور مضبوط دلائل کی بنیاد پر قرآن کا یہ چیلنج آج بھی آواز دے رہا ہے کہ جن و انس سب مل کر قرآن جیسی کتاب بنانا چاہیں تو نہیں بنا سکتے۔ قرآن رسول کا نمائندہ بھی ہے اور رسول کے برحق ہونے کی دلیل بھی ـــــ اور کیونکہ قرآن تا قیامت باقی رہے گا اس لئے رسالتِ محمدی ؐ بھی باقی رہے گی۔

---

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا	لِلنَّاسِ	فِيْ	هٰذَا الْقُرْاٰنِ	مِنْ	كُلِّ مَثَلٍ	فَاَبٰٓى	اَكْثَرُ
اور ہم نے طرح طرح بیان کیا	لوگوں کیلئے	میں	اس قرآن	سے	ہر مثال	پس قبول نہ کیا	اکثر

اور ہم نے لوگوں کے لئے اس قرآن میں طرح طرح سے بیان کری ہے ہر مثال ، پس اکثر لوگوں نے

النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۸۹﴾ وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى

النَّاسِ	اِلَّا	كُفُوْرًا	وَقَالُوْا	لَنْ نُّؤْمِنَ	لَكَ	حَتّٰى
لوگ	سوائے	ناشکری	اور وہ بولے	ہم ہرگز ایمان نہیں لائیں گے	تجھ پر	یہاں تک کہ

ناشکری کے سوا قبول نہ کیا اور وہ بولے کہ ہم تجھ پر ہرگز ایمان نہیں لائیں گے ، یہاں تک کہ

تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾

تَفْجُرَ	لَنَا	مِنَ	الْاَرْضِ	يَنْۢبُوْعًا	
تو رواں کردے	ہمارے لئے	سے	زمین	کوئی چشمہ	

تو ہمارے لئے زمین سے کوئی چشمہ رواں کردے ۔

﴿۸۹﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا بَيَّنَّا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ صِفَةٌ لِمَحْذُوْفٍ اَيْ مَثَلًا مِّنْ جِنْسِ كُلِّ مَثَلٍ لِيَتَّعِظُوْا فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اَيْ اَهْلُ مَكَّةَ اِلَّا كُفُوْرًا ○ جُحُوْدًا لِلْحَقِّ

﴿۸۹﴾ اور بے شک ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لئے ہر قسم کی مثال بیان کی تاکہ ان کو نصیحت ہو سو مکہ والوں نے حق کا انکار ہی کیا۔

﴿۹۰﴾ وَقَالُوْا اعْطُفْ عَلٰى اَبٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ○ عَيْنًا يَنْۢبُعُ مِنْهَا الْمَآءُ

﴿۹۰﴾ اور یہ کہا کہ ہم ہرگز تیری بات کا یقین نہ کریں گے یہاں تک کہ تو ہمارے لئے زمین سے ایک چشمہ جاری کرے جس میں سے پانی نکلے۔

تشریح

﴿۸۹﴾ قرآن مختلف پیرائے میں صداقت پیش کرتا ہے | اللہ تبارک و تعالیٰ کیونکہ اپنے بندوں کے خیر خواہ ہیں، رحیم و شفیق ہیں اور قرآن اللہ کا کلام ہے اسلئے اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام میں انداز بدل بدل کر مختلف پیرائے میں طرح طرح کی مثالوں سے اور واقعات کے ذریعے سمجھاتے ہوئے حق و صداقت کو اپنے بندوں کے سامنے رکھا ہے قرآن میں مضامین کے تکرار کی وجہ بھی یہی ہے کہ کبھی کسی طریقے سے کبھی کسی طریقے سے بات کو سمجھانے کی دماغوں میں اتارنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اللہ کے اس احسان پر بندوں کو شکر گزار ہونا چاہیئے تھا اب یہ بات اور ہے کہ اکثر احمق لوگ شکر گزار ہونے کی بجائے ناشکری اور انکار پر تلے ہوئے ہیں۔

﴿۹۰﴾ احمقانہ مطالبے | اس وقت بھی جب قرآن نازل ہو رہا تھا اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کی دعوت پیش کر رہے تھے۔ جن لوگوں کو ماننا نہیں تھا وہ ایسی عجیب فرمائشیں کرتے تھے جنکو حماقت کے سوا کوئی نام نہیں دیا جاسکتا۔ کہتے تھے کہ ہم آپ پر اس وقت تک ایمان نہیں لائینگے جب تک آپ یہ نہ دکھادیں کہ زمین پھٹے اور ہمارے سامنے اس میں سے پانی کا چشمہ جاری ہو جائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَوْ تَكُونَ لَكَ جَنَّةٌ مِّن نَّخِيلٍ وَعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْأَنْهَارَ

أَوْ تَكُونَ	لَكَ	جَنَّةٌ	مِّن	نَّخِيلٍ	وَعِنَبٍ	فَتُفَجِّرَ	الْأَنْهَارَ
یا ہو جائے	تیرے لئے	ایک باغ	سے۔ کا	کھجور (جمع)	اور انگور	پس تو رواں کر دے	نہریں

یا تیرے لئے کھجوروں اور انگور کا ایک باغ ہو پس تو اس کے درمیان بہتی نہریں

خِلَالَهَا تَفْجِيرًا ﴿٩١﴾ أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا

خِلَالَهَا	تَفْجِيرًا	أَوْ	تُسْقِطَ	السَّمَاءَ	كَمَا + زَعَمْتَ	عَلَيْنَا	كِسَفًا
اس کے درمیان	بہتی ہوئی	یا	تو گرا دے	آسمان	جیسا کہ تو کہا کرتا ہے	ہم پر	ٹکڑے

رواں کر دے ، یا جیسے تو کہا کرتا ہے ہم پر آسمان کے ٹکڑے گرا دے

أَوْ تَأْتِيَ بِاللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ قَبِيلًا ﴿٩٢﴾

أَوْ	تَأْتِيَ	بِاللَّهِ	وَالْمَلَائِكَةِ	قَبِيلًا
یا	لے آوے	اللہ کو	اور فرشتے	رو برو

یا اللہ کو اور فرشتوں کو روبرو لے آ۔

﴿٩١﴾ أَوْ تَكُونَ لَكَ جَنَّةٌ مِّن نَّخِيلٍ وَعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْأَنْهَارَ خِلَالَهَا تَفْجِيرًا ۝

﴿٩١﴾ یا تیرے پاس ایک باغ کھجور اور انگور کا ہو کہ اس میں تو پانی کی نہریں جاری کرے۔

﴿٩٢﴾ أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا أَوْ تَأْتِيَ بِاللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ قَبِيلًا ۝ مُقَابِلَةً وَعِيَانًا فَنَرَاهُمْ

﴿٩٢﴾ یا ہمارے اوپر آسمان کو گرا دے ٹکڑے کر کے جیسا کہ تو کہتا ہے۔ یا اللہ اور فرشتوں کو ہمارے سامنے ظاہر کر دے کہ ہم ان کو دیکھیں۔

تشریح

﴿٩١﴾ کھجوروں کے باغ میں نہریں بہتی دکھائی دیں۔ یہ بھی مطالبہ تھا ایسا ہی ایک مطالبہ یہ بھی سامنے رکھا جاتا تھا کہ آپ کے لئے کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ پیدا ہو اور آپ اس میں نہریں پیدا کر کے دکھائیں۔

﴿٩٢﴾ آسمان ہمارے اوپر گر پڑے۔ اللہ تعالیٰ اور فرشتے ہمارے سامنے آ کر کھڑے ہو جائیں حق و صداقت کا انکار کرنیوالوں کی باتیں بھی بڑی عجیب عجیب قسم کی تھیں۔ قرآن مجید کی سورۃ السبا میں ہے اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ (آیت ۹ پارہ ۲۲) "ہم چاہیں تو انہیں زمین میں دھنسا دیں یا آسمان کے کچھ ٹکڑے ان پر گرا دیں، درحقیقت اس میں ایک نشانی ہے اس بندے کیلئے جو خدا کی طرف رجوع کرنے والا ہو۔"

یعنی جو واقعی ہدایت کی طلب رکھتا ہو اس کے لئے زمین و آسمان کے اس نظام کو دیکھ کر سبق حاصل کرنا کچھ مشکل نہیں ہے کہ ایک بڑی طاقت اس پورے نظام کو تھامے ہوئے ہے وہ چاہے زمین کو پھاڑ کر سب کو اس میں دھنسا دے وہ چاہے تو آسمان کے کچھ ٹکڑے ان پر گرا دے اس کی طاقت ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے اس چیز سے سبق حاصل کرنے کے بجائے وہ پیغمبر سے فرمائشیں کر رہے ہیں کہ انگلی اٹھاؤ اور تمہارے اشارے سے تمہارے جھٹلانے والوں پر آسمان ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گر جائے، ایک آواز دو اور ہمارے سامنے خدا اور اس کے فرشتے آ کر کھڑے ہوں اور بتائیں کہ ہم نے ہی اس شخص کو رسول بنا کر بھیجا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَوْ يَكُونَ لَكَ بَيْتٌ مِّن زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقَىٰ فِي السَّمَاءِ ۗ

أَوْ	يَكُونَ	لَكَ	بَيْتٌ	مِّن	زُخْرُفٍ	أَوْ	تَرْقَىٰ	فِي السَّمَاءِ
یا	ہو	تیرے لئے	ایک گھر	سے۔کا	سونا	یا	تو چڑھ جائے	آسمانوں میں

یا تیرے لئے سونے کا ایک گھر ہو، یا تو آسمان میں چڑھ جائے۔

وَلَن نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتَّىٰ تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتَابًا نَّقْرَؤُهُ ۗ قُلْ

وَلَن	نُّؤْمِنَ	لِرُقِيِّكَ	حَتَّىٰ	تُنَزِّلَ	عَلَيْنَا	كِتَابًا	نَّقْرَؤُهُ	قُلْ
اور ہم ہرگز نہ مانیں گے	تیرا چڑھنا	یہانتک کہ	تو اُتارے	ہم پر	ایک کتاب	ہم پڑھ لیں جسے	آپ کہدیں

اور ہم ہرگز تیرا چڑھنا نہ مانیں گے جب تک تو ہم پر ایک کتاب نہ اُتارے جسے ہم پڑھ لیں۔ آپ کہہ دیں

ع ۱۰ ۹ ۱۰ سُبْحَانَ رَبِّي هَلْ كُنتُ إِلَّا بَشَرًا رَّسُولًا ﴿٩٣﴾ ع

سُبْحَانَ	رَبِّي	هَلْ + كُنتُ	إِلَّا	بَشَرًا	رَّسُولًا
پاک ہے	میرا رب	نہیں ہوں میں	مگر صرف	ایک آدمی	رسول

پاک ہے میرا رب، میں صرف ایک آدمی ہوں (اللہ کا) رسول۔

﴿٩٣﴾ أَوْ يَكُونَ لَكَ بَيْتٌ مِّن زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقَىٰ فِي السَّمَاءِ ۖ وَلَن نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتَّىٰ تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتَابًا نَّقْرَؤُهُ ۗ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّي هَلْ كُنتُ إِلَّا بَشَرًا رَّسُولًا ﴿٩٣﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَن يُؤْمِنُوا إِذْ جَاءَهُمُ الْهُدَىٰ إِلَّا أَن قَالُوا أَبَعَثَ اللَّهُ بَشَرًا رَّسُولًا ﴿٩٤﴾ قُل لَّوْ كَانَ فِي الْأَرْضِ مَلَائِكَةٌ يَمْشُونَ مُطْمَئِنِّينَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِم مِّنَ السَّمَاءِ مَلَكًا رَّسُولًا ﴿٩٥﴾ قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ ۚ إِنَّهُ كَانَ بِعِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا ﴿٩٦﴾

﴿٩٣﴾ یا تیرے پاس سونے کا گھر ہو، یا آسمان میں سیڑھی لگا کر چڑھے اور ہم ہرگز تیرے چڑھنے کا یقین نہ کریں گے یہاں تک کہ تو ہمارے پاس ایک کتاب لاوے جسکو ہم پڑھیں کہ وہ تیری تصدیق کرے۔ ان سے کہہ دے تعجب کی راہ سے کہ میرا رب پاک ہے میں صرف ایک آدمی اللہ کا بھیجا ہوا ہوں جیسے اور پیغمبر گذرے اور وہ کوئی نشانی نہ لاتے تھے مگر حکم الٰہی سے۔

تشریح

﴿٩٣﴾ کیا کیا فرمائشیں۔ میں اللہ کا پیغام لانیوالا انسان ہوں | نہ ماننے والوں کی طرف سے اسی قسم کی الٹی سیدھی فرمائشیں ہوتی تھیں۔ مثلاً ہم جب مانیں گے کہ تمہارے لئے سونے کا ایک گھر بنجائے، یا تم آسمان پر چڑھ کر دکھاؤ۔ ہم چڑھنے کا بھی یقین نہ کرینگے جب تک ہمارے سامنے اوپر نہ چڑھو اور ایسی تحریر اتار کر نہ لاؤ جسے ہم خود پڑھیں اور سمجھیں ـــــ ان لمبے چوڑے مطالبات کا ایک جملہ میں جواب دیا گیا کہ اے پیغمبر آپ ان سے یہ کہیں کہ میرا پروردگار پاک ہے کیا میں ایک پیغام لانیوالے انسان کے سوا اور بھی کچھ ہوں۔

یعنی میں نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ میں اللہ کا پیغمبر ہوں تم میری صداقت کو جانچو میرے اخلاق میری زندگی میرے کام کو دیکھو اس پیغام کی صداقت اور معقولیت کو پرکھو جو میں پیش کر رہا ہوں۔ اسکو چھوڑ کر یہ کیا فرمائشیں ہیں کہ زمین پھاڑ کے دکھاؤ، آسمان گرا کر دکھاؤ۔ اس سے پہلے بھی فرمائشی معجزے اور نشانات دکھائے جا چکے ہیں جنکو نہیں ماننا تھا وہ انکو بھی دیکھ کر نہیں مانے جیسا کہ اسی سورہ بنی اسرائیل کی آیت ۵۹ میں گذر چکا ہے، «وَمَا مَنَعَنَا أَن نُّرْسِلَ بِالْآيَاتِ إِلَّا أَن كَذَّبَ بِهَا الْأَوَّلُونَ ۚ وَآتَيْنَا ثَمُودَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوا بِهَا ۚ وَمَا نُرْسِلُ بِالْآيَاتِ إِلَّا تَخْوِيفًا۔

«اور ہم کو نشانیاں بھیجنے سے نہیں روکا مگر اس بات نے کہ ان سے پہلے کے لوگ ان کو جھٹلا چکے ہیں چنانچہ دیکھ لو ثمود کو ہم نے علانیہ اونٹنی لا کر دی اور انھوں نے اس پر ظلم کیا اور ہم نشانیاں اسی لئے تو بھیجتے ہیں کہ لوگ انہیں دیکھ کر ڈریں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ

وَمَا	مَنَعَ	النَّاسَ	اَنْ + يُّؤْمِنُوْٓا	اِذْ	جَآءَهُمُ	الْهُدٰٓى	اِلَّآ	اَنْ
اور نہیں	روکا	لوگ (جمع)	کہ وہ ایمان لائیں	جب	انکے پاس آگئی	ہدایت	مگر	یہ کہ

اور لوگوں کو (کسی بات نے) نہیں روکا کہ وہ ایمان لائیں جب ان کے پاس ہدایت آگئی، مگر یہ کہ

قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۴﴾

قَالُوْٓا	اَبَعَثَ	اللّٰهُ	بَشَرًا	رَّسُوْلًا	
انہوں نے کہا	کیا بھیجا	اللہ	ایک آدمی	رسول	

انہوں نے کہا کیا اللہ نے ایک آدمی کو رسول (بنا کر) بھیجا ہے۔

﴿۹۴﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ○ وَلَمْ يَبْعَثْ مَلَكًا

﴿۹۴﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا۔ الخ اور لوگوں کے پاس جس وقت حق تعالیٰ کی طرف سے ہدایت آئی وہ اس وجہ سے ایمان سے رُکے کہ انہوں نے ازراہِ انکار یہ کہا کہ کیا اللہ نے آدمی کو پیغمبر بنا کر بھیجا اور فرشتہ کو نہ بھیجا۔

تشریح

﴿۹۴﴾ **بشر ہونا رسول کا ایک کمال ہے** | رسول انسان ہوتا ہے اور عام انسانوں پر اس کی برتری سمجھنے کے لئے اتنی بات کافی ہے کہ وہ اللہ کا فرستادہ ہے۔ اللہ تعالیٰ احکم الحاکمین اور شہنشاہ کائنات ہے بادشاہ اور اس کے سفیر کے درمیان نوازش و کرم کے علاوہ اور کیا تعلق ہو سکتا ہے۔

عالم کی ابتدا میں اولادِ آدم کو بنیادی طور پر جن باتوں کی تعلیم دی گئی تھی ان میں رسولوں کے انسان ہونے کا عقیدہ بھی شامل تھا جیسا کہ ارشاد ہے:۔ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ فَمَنِ اتَّقٰى وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (سورۂ اعراف آیت ۲ پارہ ۸)

("اے اولادِ آدم اگر تمہارے پاس تم ہی میں کے رسول آئیں جو تمہارے سامنے ہماری آیات پڑھ پڑھ کر سنائیں تو جو تقویٰ کی راہ اختیار کرے اور نیک رہے تو ان پر نہ کوئی خوف و ہراس اور نہ کوئی غم")

اس کے باوجود جاہل لوگ اس غلط فہمی میں مبتلا رہے کہ ایک بشر کبھی پیغمبر نہیں ہو سکتا اور انہوں نے کہا کہ یہ تو کھاتا پیتا ہے بیوی بچے رکھتا ہے گوشت پوست کا بنا ہوا ہے یہ پیغمبر نہیں ہو سکتا کیونکہ بشر ہے۔ اور جب وہ گذر گیا تو عقیدت مندوں میں ایسے لوگ پیدا ہوئے جو کہنے لگے وہ بشر نہیں تھا کیونکہ پیغمبر تھا، گویا بشریت اور پیغمبریت کا ایک جگہ جمع ہونا ممکن نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْأَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ

قُلْ	لَوْ كَانَ	فِي	الْأَرْضِ	مَلٰٓئِكَةٌ	يَّمْشُوْنَ	مُطْمَئِنِّيْنَ
کہدیں	اگر ہوتے	میں	زمین	فرشتے	چلتے پھرتے	اطمینان سے رہتے

آپ کہدیں، اگر ہوتے زمین میں فرشتے، چلتے پھرتے اطمینان سے رہتے،

لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿۹۵﴾

لَنَزَّلْنَا	عَلَيْهِمْ	مِنَ	السَّمَآءِ	مَلَكًا	رَّسُوْلًا	
ہم ضرور اتارتے	ان پر	سے	آسمان	فرشتہ	رسول	

تو ہم ضرور ان پر آسمانوں سے فرشتے رسول (بناکر) اتارتے

﴿۹۵﴾ قُلْ لَّهُمْ لَوْ كَانَ فِي الْأَرْضِ بَدَلَ الْبَشَرِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ○ إِذْ لَا يُرْسَلُ إِلٰى قَوْمٍ رَّسُوْلٌ إِلَّا مِنْ جِنْسِهِمْ لِيُمْكِنَهُمْ مُخَاطَبَتُهُ وَالْفَهْمُ عَنْهُمْ

﴿۹۵﴾ ان سے کہدو اگر زمین میں آدمیوں کے بدلے فرشتے اطمینان سے چلتے پھرتے تو ہم ان کے پاس پیغمبر بھی آسمان سے فرشتے اتارتے کیونکہ ہر ایک قوم کے پاس پیغمبر انہیں کا ہم جنس بھیجا جاتا ہے تاکہ وہ اس سے خطاب کرسکیں اور اس کی بات سمجھ سکیں۔

تشریح

﴿۹۵﴾ **رسول کو بشر ہی ہونا چاہیئے** رسول، اللہ کی طرف سے لوگوں کی اصلاح کے منصب پر فائز ہوتا ہے۔ اصلاح کے لئے صرف علم کافی نہیں، احساس کی بھی ضرورت ہے۔ جو غم نہیں کھاسکتا وہ ایک غمزدہ کی پوری تسلی بھی نہیں کرسکتا جو بھوک سے آزاد ہے وہ ایک بھوکے کیساتھ دلسوزی کرنا بھی نہیں جانتا۔ جو انسانی فطرت کی کمزوریوں سے آشنا نہیں وہ ان کمزوریوں پر چشم پوشی بھی نہیں کرسکتا اس لئے رسول کا انسان ہونا ضروری ہی نہیں بلکہ اللہ کا ایک انعام ہے۔ رسالت کا جو سلسلہ حضرت آدم سے شروع ہوکر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم ہوا اس میں کوئی رسول ایسا نہ تھا جو انسان نہ ہو۔ ایک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا معاملہ نصاریٰ کی نظروں میں کچھ مشتبہ تھا اس کو ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ کہہ کر صاف کردیا گیا۔ جیسا کہ ارشاد ہے اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ (آل عمران ع ۲۳ پ ۳)
"اللہ تعالیٰ نے پسند کیا آدمؑ کو اور نوحؑ کو اور خاندانِ ابراہیمؑ اور خاندانِ عمران کو تمام جہان پر جو ایک دوسرے کی اولاد ہیں۔"
یعنی جب وہ بھی انسانوں کی ہی اولاد تھے تو یقیناً ان کو بھی انسان ہونا چاہیئے۔ نسل انسانی پر یہ بڑا احسان ہوتا کہ اشرف المخلوقات کا مصلح و مربی کسی اور نوع میں پیدا کیا جائے۔ پیغمبر کا کام صرف پیغام سنانا ہی نہیں ہے بلکہ عمل کرکے دکھانا بھی ہے۔ انسانوں میں رہ کر انسانوں کی طرح کام کرنا انسان ہی کا کام ہے اسلئے ارشاد ہوا ہے کہ اگر زمین میں فرشتے انسانوں کی طرح چلتے پھرتے، رہتے سہتے تو ہم کسی فرشتے کو ان کے لئے پیغمبر بنا کر بھیجتے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ

قُلْ	كَفٰى	بِاللّٰهِ	شَهِيْدًا ۢ	بَيْنِيْ	وَبَيْنَكُمْ	اِنَّهٗ	كَانَ
کہدیں	کافی ہے	اللہ	گواہ	میرے درمیان	اور تمہارے درمیان	بیشک وہ	ہے

آپؐ کہدیں میرے اور تمہارے درمیان اللہ گواہ کافی ہے، بے شک وہ اپنے

بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا ۢ بَصِيْرًا ﴿۹۶﴾ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهَ فَهُوَ

بِعِبَادِهٖ	خَبِيْرًا	بَصِيْرًا	وَ	مَنْ	يَّهْدِ	اللّٰهِ	فَهُوَ
اپنے بندوں کا	خبر رکھنے والا	دیکھنے والا	اور	جسے	ہدایت دے	اللہ	پس وہی

بندوں کا خبر رکھنے والا، دیکھنے والا ہے۔ اور جسے اللہ ہدایت دے پس وہی

الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ مِنْ

الْمُهْتَدِ	وَمَنْ	يُّضْلِلْ	فَلَنْ تَجِدَ	لَهُمْ	اَوْلِيَآءَ	مِنْ +
ہدایت پانے والا	اور جسے	گمراہ کرے	پس تو ہرگز نہ پائے گا	انکے لئے	مددگار	اس

ہدایت پانے والا ہے اور جسے وہ گمراہ کرے پس تو انکے لئے اس کے سوا ہرگز کوئی مددگار

دُوْنِهٖ ؕ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ

دُوْنِهٖ	وَ	نَحْشُرُهُمْ	يَوْمَ + الْقِيٰمَةِ	عَلٰى	وُجُوْهِهِمْ
کے سوا	اور	ہم اٹھائیں گے انہیں	قیامت کے دن	پر۔ بل	ان کے چہرے

نہ پائے گا۔ اور ہم قیامت کے دن انہیں ان کے چہروں کے بل اٹھائیں گے

عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ؕ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ كُلَّمَا

عُمْيًا	وَّبُكْمًا	وَّصُمًّا	مَاْوٰىهُمْ	جَهَنَّمُ	كُلَّمَا
اندھے	اور گونگے	اور بہرے	ان کا ٹھکانا	جہنم	جب کبھی

اندھے اور گونگے اور بہرے۔ ان کا ٹھکانا جہنم ہے۔ جب کبھی

خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ﴿۹۷﴾

خَبَتْ	زِدْنٰهُمْ	سَعِيْرًا
بجھنے لگے گی	ہم انکے لئے زیادہ کردینگے	بھڑکانا

جہنم کی آگ بجھنے لگے گی ہم انکے لئے اور بھڑکا دیں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۹۶) قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا م بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ط عَلٰى صِدْقِيْ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًا بَصِيْرًا ○ عَالِمًا بِبَوَاطِنِهِمْ وَظَوَاهِرِهِمْ ۔

(۹۶) کہدو اللہ میرے اور تمہارے بیچ میں میرے سچے ہونے کا گواہ کافی ہے بیشک وہ اپنے بندوں کے ظاہر اور باطن حالات کو جانتا ہے اور دیکھتا ہے ۔

(۹۷) وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ط وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَآءَ يَهْدُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ط وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَاشِيْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ط مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ط كُلَّمَا خَبَتْ سَعِيْرًا ○ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ○

(۹۷) اور جس کو اللہ نے راہ بتلایا وہی راہ پر رہا اور جس کو اس نے گمراہ کیا ان کے لئے تو کوئی مددگار اللہ کے سوا نہ پائے گا جو ان کو راہ پر لاوے ۔ اور ہم کافروں کو قیامت کے دن اندھا اور گونگا اور بہرہ کر کے اٹھاویں گے کہ وہ اپنے چہروں کے بل چلتے ہونگے ان کا ٹھکانا دوزخ ہے کہ جب اس کا شعلہ بجھے گا ہم اس کو اور زیادہ بھڑکا دیں گے ۔

تشریح

(۹۶) رسالت محمدی پر فعلی شہادت | نہ ماننے والوں کی فرمائش یہ تھی کہ اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا (سورۃ بنی اسرائیل آیت ۹۲ پارہ ۱۵) یا خدا اور فرشتوں کو رُو در رُو ہمارے سامنے لے آ ۔ یعنی اللہ ہمارے سامنے آکر خود کہیں کہ ہم نے اس کو اپنا پیغمبر مقرر کیا ہے اللہ تعالیٰ اپنے فعل سے میری صداقت کی شہادت دے رہے ہیں وہ میرے نبوت کے دعوے کو بھی دیکھ رہے ہیں میرے ظاہر و باطن سے بھی باخبر ہیں میرے ذریعے وہ اپنی نشانیاں بھی ظاہر فرما رہا ہے اس کا جاننا اور دیکھنا میرے لئے فعلی شہادت ہے ۔ اور یہی کافی ہے ۔

(۹۷) جو خود ہدایت چاہتا ہے اسی سعادتمند کو اللہ تعالیٰ ہدایت سے نوازتے ہیں | اللہ تعالیٰ نے انسان کو کچھ محدود اختیارات کے ساتھ امتحان و آزمائش کیلئے اس دنیا میں بھیجا ہے ۔ ہدایت و گمراہی کے راستے اسکو بتا دیئے ہیں اب انسان کا اپنا ارادہ اور اختیار ہے کہ وہ جس راہ پر چلنا چاہئے چلے انسان جس راہ پر قدم رکھتا ہے اللہ تعالیٰ اسی کی توفیق اور دستگیری فرما دیتے ہیں ۔ اور جس نے اپنے اوپر ہدایت کے دروازے بند کر دیئے تو اس کے ہدایت نہ چاہنے کیوجہ سے جدھر وہ جانا چاہتا تھا اللہ نے بھی اُسے اُدھر کو ہی دھکیل دیا ۔ تو اب کون ہے جو اُسے راہِ راست پر لا سکے جس طرح انہوں نے دنیا میں حق کو دیکھ کر بھی نہ دیکھا، حق سنکر بھی نہ سنا، حق بات ان کی زبان سے نہ نکلی اندھے بہرے اور گونگے بنے رہے وہ قیامت میں بھی اسی حال میں اٹھائے جائیں گے اور انکو منہ کے بل گھسیٹ کر دوزخ میں پھینک دیا جائیگا ارشاد ہے :- يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ (آیت ۴۸ پارہ نمبر ۲۷) "جس روز یہ منہ کے بل آگ میں گھسیٹے جائیں گے"۔ دوزخ میں ان کا مقررہ عذاب کبھی کم نہ ہوگا جب کبھی اس کی آگ دھیمی ہونے لگے گی ہم اسے اور بھڑکا دیں گے بدن کی کھال جل جائیگی تو اس پر پھر نئی کھال چڑھا دی جائے گی تاکہ تکلیف میں کمی نہ ہو ۔ ارشاد ہے كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ (آیت ۵۶ پارہ ۵ سورۃ النساء) اور جب انکے بدن کی کھال جل جائے گی تو اس کی جگہ دوسری کھال پیدا کر دیں گے تاکہ وہ خوب عذاب کا مزہ چکھیں ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا

ذٰلِكَ	جَزَآؤُهُمْ	بِاَنَّهُمْ	كَفَرُوْا	بِاٰيٰتِنَا	وَقَالُوْٓا
یہ	ان کی سزا	کیونکہ وہ	انہوں نے انکار کیا	ہماری آیتوں کا	اور انہوں نے کہا

یہ ان کی سزا ہے کیونکہ انہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور انہوں نے کہا

ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا

ءَاِذَا	كُنَّا	عِظَامًا	وَّرُفَاتًا	ءَاِنَّا	لَمَبْعُوْثُوْنَ	خَلْقًا
کیا جب	ہوجائینگے ہم	ہڈیاں	اور ریزہ ریزہ	کیا ہم	ضرور اٹھائے جائیں گے	پیدا کرکے

کیا جب ہم ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہوجائیں گے، کیا ہم ازسرِ نو پیدا کرکے ضرور

جَدِيْدًا ﴿۹۸﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ

جَدِيْدًا	اَوَ	لَمْ يَرَوْا	اَنَّ	اللّٰهَ	الَّذِيْ	خَلَقَ
ازسرِ نو	کیا	انہوں نے نہیں دیکھا	کہ	اللہ	جس نے	پیدا کیا

اٹھائے جائیں گے؟ کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ جس نے آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ

السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضَ	قَادِرٌ	عَلٰٓى	اَنْ يَّخْلُقَ
آسمان (جمع)	اور زمین	قادر	پر	کہ وہ پیدا کرے

زمین کو پیدا کیا ہے اس پر قادر ہے کہ ان جیسے پیدا

مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ فَاَبَى

مِثْلَهُمْ	وَجَعَلَ	لَهُمْ	اَجَلًا	لَّا رَيْبَ	فِيْهِ	فَاَبَى
اُن جیسے	اور اس نے مقرر کیا	ان کے لئے	ایک وقت	نہیں شک	اس میں	تو قبول نہ کیا

کرے، اور اس نے ان کے لئے مقرر کیا ایک وقت اس میں کوئی شک نہیں، ظالموں نے

الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۹۹﴾

الظّٰلِمُوْنَ	اِلَّا	كُفُوْرًا
ظالم (جمع)	سوائے	ناشکری

ناشکری کے سوا قبول نہ کیا

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۹۸) ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ○

(۹۸) یہ ان کا بدلہ ہے بسبب اس کے کہ انہوں نے ہماری آیتوں کا انکار کیا اور قیامت کا انکار کر کے کہا کیا جس وقت کہ ہم ہڈیاں اور بوسیدہ ہو جاویں گے اسوقت ازسرنو پیدا کر کے اٹھائے جائیں گے۔

(۹۹) اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مَعَ عَظِيْمِهِمْ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۭ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ○

(۹۹) کیا وہ یہ بات نہیں جانتے کہ جس اللہ نے آسمانوں اور زمینوں کو باوجود اس قدر بڑے ہونے کے بنایا اس کو یہ قدرت ہے کہ آدمیوں جیسی چھوٹی چیز کو بنا دے اور اللہ نے آدمیوں کے مرنے اور زندہ ہو کر اٹھنے کیلئے ایک مدت مقرر کر دی ہے کہ جس میں کچھ شک نہیں پس ظالموں نے نہ مانا اور انکار ہی کیا۔

تشریح

(۹۸) **یہ سزا ہے موت کے بعد جی اٹھنے سے انکار کی** اس کائنات کا مزاج اور اس کی بناوٹ یہ تقاضہ کرتی ہے کہ انسان جیسی عقل و اختیار والی مخلوق کے تعلق سے اس کا اخلاقی حساب ضرور کیا جائے اور اس کے اعمال کی جزا اسکو دی جائے اس تقاضے کی تکمیل کے لئے ضروری ہے کہ ایک دن حساب کا مقرر ہو، انسان مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہو اور پوری نوع انسانی کو اکٹھا کر کے ان کا محاسبہ کیا جائے اس قادر مطلق کی قدرت پر یہ شک کرنا کہ وہ انسان کو ایک مرتبہ پیدا کرنیکے بعد دوبارہ پیدا کرنے پر کیسے قادر ہوگا پرلے درجے کی جہالت ہے۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اس کی ساری نشانیوں کو دیکھ کر پھر یہ سوال اٹھانا کہ کیا جب ہم صرف ہڈیاں اور خاک ہو کر رہ جائیں گے تو کیا ہمیں نئے سرے سے پیدا کر کے کھڑا کر دیا جائیگا ایک کھلی حقیقت کا انکار ہے۔ دنیا میں اس بات کو دلیل سے نہیں مانا تو آنکھوں سے دیکھ لوگے کہ کسطرح جل جل کر ازسرنو تیار کئے جا رہے ہو۔

(۹۹) **موت کے بعد زندگی کا انکار اللہ کی قدرت کا انکار ہے** اللہ تعالیٰ جس نے زمین و آسمان جیسی بڑی بڑی چیزیں اپنی قدرت سے بنائی ہیں کیا اس کے لئے انسان جیسی چھوٹی سی چیز کا دوبارہ پیدا کرنا کوئی مشکل ہے؟ ارشاد ہوا ہے لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (سورۂ مومن ع۸ پارہ ۲۴) "آسمان اور زمین کا پیدا کرنا انسان کو پیدا کرنے کی نسبت یقیناً زیادہ بڑا کام ہے مگر اکثر لوگ جانتے نہیں ہیں۔" لیکن سب کے لئے دوبارہ زندہ کرنے اور قبروں سے اٹھانے کا ایک وقت مقرر ہے جس کے آنے میں کوئی شک نہیں ہے وَمَا نُؤَخِّرُهٗٓ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ (سورۂ ہود آیت ۱۰۴ پارہ ۱۲) "ہم اس کے لانے میں کچھ بہت زیادہ تاخیر نہیں کر رہے ہیں بس ایک گنی چنی مدت اس کے لئے مقرر ہے۔" مگر ان کھلی دلیلوں کے باوجود ظالموں کو اصرار ہے کہ وہ انکار ہی کریں گے اور ان کی ناشکری بڑھتی ہی رہے گی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ

قُلْ	لَوْ	اَنْتُمْ	تَمْلِكُوْنَ	خَزَآئِنَ	رَحْمَةِ	رَبِّيْٓ	اِذًا	لَّاَمْسَكْتُمْ
آپ کہدیں	اگر	تم	مالک ہوتے	خزانے	رحمت	میرا رب	جب	تم ضرور بند رکھتے

آپ کہدیں اگر تم مالک ہوتے میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے تو تم خرچ ہو جانے

خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ﴿۱۰۰﴾ ع ۱۱

خَشْيَةَ	الْاِنْفَاقِ	وَ	كَانَ	الْاِنْسَانُ	قَتُوْرًا	
ڈر سے	خرچ ہو جانا	اور	ہے	انسان	تنگ دل	

کے ڈر سے ضرور بند رکھتے، اور انسان بہت تنگ دل ہے۔

﴿۱۰۰﴾ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّيْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا ۝

﴿۱۰۰﴾ ان سے کہدو اگر تم میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے مالک ہو یعنی روزی اور بارش کے خزانے تمہارے اختیار میں ہوں تو تم بخل کرو اس خوف سے کہ اگر خرچ کریں گے تو یہ تمام ہو جاویں گے اور ہم محتاج رہ جاویں گے اور آدمی اول سے ہی بخیل ہے۔

تشریح

﴿۱۰۰﴾ اللہ کے خزانے کھلے ہیں اس نے قرآن جیسی نعمت اور بندے کو اپنی رحمت سے نوازا | قرآن مجید عالم انسانیت کے لئے ایک عظیم الشان نعمت ہے جس نے ہدایت کے ٹھیک ٹھیک راستے کی نشاندہی کر کے انسانوں کو گمراہی سے بچایا ہے۔ اس کتاب کی دنیا میں کوئی نظیر نہیں ہے اگر جن و انس سب مل کر بھی اس قرآن جیسی کوئی چیز لانے کی کوشش کریں تو ایک دوسرے کی مدد کے باوجود اس جیسی کتاب نہیں لا سکیں گے۔ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا (بنی اسرائیل آیت ۸۸) اور یہ اللہ کی خاص رحمت ہے جس نے اپنے بندے کو اس بے نظیر دولت سے سرفراز فرمایا ہے۔ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا (بنی اسرائیل ۸۷) یہ اسی کی شان ہو سکتی ہے جس کے پاس رحمت کے نہ ختم ہونے والے خزانے ہوں اور کسی مستحق کو زیادہ دینے میں اپنے خالی ہو جانے کا خوف نہ ہو نہ اس بات کا ڈر ہو کہ دوسرا ہم سے لیکر ہمارے مقابلہ میں کھڑا نہ ہو جائے۔ کہیں تم جیسے تنگدل لوگوں کے ہاتھ میں رحمت کے یہ خزانے ہوتے تو تم تو خرچ ہو جانے کے خوف سے ان کو روک کر رکھ لیتے۔ تمہاری بخیلی کا حال تو یہ ہے کہ کسی کے واقعی مرتبے کا اقرار اور اعتراف کرتے ہوئے بھی تمہارا دل دکھتا ہے تم کسی کے واقعی شرف کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہو اگر اللہ کی رحمت کے خزانے کی کنجیاں تمہارے قبضے میں ہوتیں تو تم کسی کو کچھ بھی نہ دیتے۔ انسان بڑا ہی تنگ دل واقع ہوا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فیض ہے کہ جس میں جیسی صلاحیت دیکھی اس کے مناسب کمالات اس کو عطا کر دیئے۔ تمہاری تنگ دلی سے اللہ کا فضل رکنے والا نہیں ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ

وَلَقَدْ + اٰتَيْنَا	مُوْسٰى	تِسْعَ	اٰيٰتٍ + بَيِّنٰتٍ	فَسْـَٔلْ	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ	اِذْ
اور ہم نے دیں	موسیٰ	نو	کھلی نشانیاں	پس پوچھ	بنی اسرائیل	جب

اور ہم نے موسیٰ کو نو کھلی نشانیاں دیں، پس بنی اسرائیل سے پوچھ جب وہ

جَآءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ﴿۱۰۱﴾

جَآءَهُمْ	فَقَالَ	لَهٗ	فِرْعَوْنُ	اِنِّيْ	لَاَظُنُّكَ	يٰمُوْسٰى	مَسْحُوْرًا
انکے پاس آیا	تو کہا	اسکو	فرعون	بیشک میں	تجھ پر گمان کرتا ہوں	اے موسیٰ	جادو کیا گیا

(موسیٰ) انکے پاس آیا تو فرعون نے اس کو کہا بیشک میں گمان کرتا ہوں تم پر جادو کیا گیا ہے (سحر زدہ ہو)

قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

قَالَ	لَقَدْ + عَلِمْتَ	مَآ اَنْزَلَ	هٰٓؤُلَآءِ	اِلَّا	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
اس نے کہا	البتہ تو نے جان لیا	نہیں نازل کیا	اس کو	مگر	پروردگار	آسمانوں	اور زمین

اس نے کہا البتہ تو جان چکا ہے اس کو نازل نہیں کیا مگر زمین اور آسمان کے پروردگار نے بصیرت (سمجھ بوجھ

بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّيْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ﴿۱۰۲﴾

بَصَآئِرَ	وَاِنِّيْ	لَاَظُنُّكَ	يٰفِرْعَوْنُ	مَثْبُوْرًا	
(جمع) بصیرت	اور بیشک میں	تجھ پر گمان کرتا ہوں	اے فرعون	ہلاک شدہ	

کی باتیں) اور اے فرعون! بیشک میں تجھے گمان کرتا ہوں ہلاک شدہ (ہلاک ہوا چاہتا ہے)

﴿۱۰۱﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ وَاضِحَاتٍ وَهِيَ الْيَدُ وَالْعَصَا وَالطُّوْفَانُ وَالْجَرَادُ وَالْقُمَّلُ وَالضَّفَادِعُ وَالدَّمُ وَالطَّمْسُ وَالسِّنِيْنُ وَنَقْصٍ مِنَ الثَّمَرَاتِ فَاسْئَلْ يَا مُحَمَّدُ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْهُ سُؤَالَ تَقْرِيْرٍ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَلٰى صِدْقِكَ اَوْ قُلْنَا لَهٗ اِسْئَلْ وَفِيْ قِرَاءَةٍ بِلَفْظِ الْمَاضِيْ اِذْ

﴿۱۰۱﴾ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيَاتٍ بَيِّنَاتٍ الخ اور بے شبہ ہم نے موسیٰ کو نو نشانیاں ظاہر دیں ید بیضا اور عصا اور طوفان اور ٹڈیاں اور جھینگر اور مینڈک اور خون اور مالوں کا مٹانا اور قحط کے برس اور پھلوں کا کم ہونا

سوائے محمدؐ پوچھو بنی اسرائیل سے تاکہ مشرکین تمہارے سچے ہونے کا اقرار کریں۔ یا خطاب فسئل میں موسیٰ کو ہے یعنی ہم نے موسیٰ سے کہا کہ بنی اسرائیل سے پوچھ۔ ایک قراءۃ میں فسئل بلفظ ماضی ہے یعنی موسیٰ نے بنی اسرائیل سے پوچھا جبکہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

جَآءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّیْ لَاَظُنُّكَ یٰمُوْسٰی مَسْحُوْرًا ۝ قَدْ عَلِمْتَ مَاۤ اَنْزَلَ هٰۤؤُلَآءِ اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّیْ لَاَظُنُّكَ یٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ۝

وہ ان کے پاس پیغمبر ہو کر آیا سو فرعون نے اس سے کہا اے موسیٰ میرے خیال میں کسی نے تم پر جادو کر دیا ہے جس سے تمہاری عقل خبط ہو گئی ہے۔

(۱۰۲) موسیٰ ؑ نے کہا اے فرعون تو خوب جانتا ہے کہ ان آیتوں میں جو نشانیاں اور موجب عبرت ہیں آسمانوں اور زمین کے رب نے ہی اتارا ہے لیکن از راہِ عناد انکار کرتا ہے (ایک قرأۃ میں لقد علمتُ ساتھ ضم تار کے ہے) اور بیشک میں تجھ کو اے فرعون گمان کرتا ہوں ہلاک ہونے والا یا بھلائی سے دُور۔

تشریح

(۱۰۱) حضرت محمد ؐ کی طرح اللہ تعالیٰ حضرت موسیٰ کو بھی اپنی نشانیوں سے نواز چکے ہیں۔

جس طرح اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر مہربانیاں فرمائیں اور آپ کو اپنے فضل و رحمت سے قرآن جیسی نعمت سے نوازا، اسی طرح حضرت موسیٰ ؑ کو ان کی صداقت کے نو نشانات اور معجزے دے چکے ہیں۔ سورۂ اعراف میں ان نو نشانوں کا ذکر آچکا ہے۔ ۱ عصا، جو اژدہا کی صورت اختیار کر لیتا تھا۔ ۲ ید بیضاء جو بغل سے نکل کر سورج کی طرح چمکنے لگتا تھا۔ ۳ جادوگروں کو شکست دینا۔ ۴ سارے ملک میں قحط برپا ہونا۔ ۵ یکے بعد دیگرے طوفان آنا ۶ ٹڈی دل۔ ۷ سُرسُریوں کا پیدا ہونا۔ ۸ مینڈکوں کی مصیبت۔ ۹ خون کا نازل ہونا۔

ان واضح نشانیوں کے باوجود فرعونیوں کو نہیں ماننا تھا نہ مانے اس لئے جو لوگ آج حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے معجزات کی فرمائش کر رہے ہیں ان کی فرمائش کے مطابق معجزے دکھا بھی دئے گئے تو جن کو نہیں ماننا ہے وہ نہیں مانیں گے اگر چاہو تو بنی اسرائیل کے باخبر انصاف پسند علماء سے پوچھ لو کہ یہ واقعہ کہاں تک صحیح ہے کہ ـــ ان واضح نشانیوں کے باوجود جو ہم نے اپنے پیغمبر موسیٰ ؑ کو عطا کی تھیں جب وہ فرعون کے سامنے آئے تو فرعون نے ایمان لانے کے بجائے یہ کہا تھا کہ اے موسیٰ میں سمجھتا ہوں کہ تم ایک سحر زدہ آدمی ہو۔ بعینہٖ یہ الزام سحر زدہ ہونے کا حضرت محمد ؐ پر بھی لگایا جا رہا ہے۔

(۱۰۲) جادو نہیں اللہ کی نشانیاں

فرعون نے حضرت موسیٰ سے کہا تھا کہ مجھے تم سحر زدہ آدمی لگتے ہو۔ حضرت موسیٰ نے جواب دیا کہ تو زبان سے انکار کرتا ہے مگر تو دل سے جانتا ہے کہ یہ بصیرت افروز نشانیاں اللہ کی نازل کی ہوئی ہیں۔ سورۃ النمل میں ارشاد ہے:۔ وَجَحَدُوْا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَاۤ اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّعُلُوًّا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ (آیت ۱۴ پارہ ۱۹)

"انہوں نے سراسر ظلم اور غرور کی راہ سے ان نشانیوں کا انکار کیا حالانکہ دل ان کے قائل ہو چکے تھے"

حضرت موسیٰ ؑ کے اعلان کے مطابق کوئی بلائے عام مصر پر نازل ہوتی تھی تو فرعون حضرت موسیٰ ؑ سے کہتا تھا کہ تم اللہ سے کہہ کر اس بلا کو ٹلوا دو پھر جو کچھ تم کہتے ہو وہ ہم مان لیں گے مگر جب وہ بلا ٹل جاتی تھی تو پھر ہٹ دھرمی پر تُل جاتا تھا۔ یہ ایسے کھلے ہوئے معجزے تھے جن کا کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا تھا۔ اس لئے حضرت موسیٰ نے کہا کہ میں تو سحر زدہ نہیں ہوں البتہ تو شامت زدہ ہے کہ پے در پے نشانیاں دیکھنے کے بعد بھی مان کر نہیں دیتا۔ سب کچھ جانتے ہوئے بھی نہ ماننا اس کی دلیل ہے کہ اب تیری تباہی کا وقت قریب آچکا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ

فَاَرَادَ	اَنْ	يَّسْتَفِزَّهُمْ	مِّنَ	الْاَرْضِ	فَاَغْرَقْنٰهُ	وَمَنْ
پس اس نے ارادہ کیا	کہ	انہیں نکال دے	سے	زمین	تو ہم نے اسے غرق کر دیا	اور جو

پس اس نے ارادہ کیا کہ انہیں سرزمین (مصر) سے نکال دے تو ہم نے اسے اور جو اس کے ساتھ تھے

مَّعَهٗ جَمِيْعًا ﴿۱۰۳﴾ وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

مَّعَهٗ	جَمِيْعًا	وَّقُلْنَا	مِنْۢ بَعْدِهٖ	لِبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ
اسکے ساتھ	سب	اور ہم نے کہا	اس کے بعد	بنی اسرائیل کو

سب کو غرق کر دیا۔ اور ہم نے کہا اس کے بعد بنی اسرائیل کو

اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ

اسْكُنُوا	الْاَرْضَ	فَاِذَا	جَآءَ	وَعْدُ	الْاٰخِرَةِ	جِئْنَا	بِكُمْ
تم رہو	زمین (ملک)	پھر جب	آئیگا	وعدہ	آخرت	ہم لے آئینگے	تم کو

تم اس ملک میں رہو پھر جب آخرت کا وعدہ آئے گا ہم تم سب کو لے آئینگے

لَفِيْفًا ﴿۱۰۴﴾ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ

لَفِيْفًا	وَبِالْحَقِّ	اَنْزَلْنٰهُ	وَبِالْحَقِّ	نَزَلَ	وَمَآ
جمع کر کے	اور حق کے ساتھ	ہم نے اسے نازل کیا	اور سچائی کیساتھ	نازل ہوا	اور نہیں

جمع کر کے (سمیٹ کر) اور ہم نے اسے (قرآن کو) حق کے ساتھ نازل کیا اور وہ سچائی کے ساتھ نازل ہوا، اور ہم نے آپکو

اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾

اَرْسَلْنٰكَ	اِلَّا	مُبَشِّرًا	وَّنَذِيْرًا
ہم نے تمہیں بھیجا	مگر	خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والا

نہیں بھیجا مگر خوش خبری دینے والا، ڈر سنانے والا۔

(۱۰۳) فَاَرَادَ فِرْعَوْنُ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِيْعًا ○

(۱۰۴) وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِيْٓ

(۱۰۳) فرعون نے ارادہ کیا کہ موسیٰ ؑ اور اس کی قوم کو زمین مصر سے نکالے پس ہم نے اسکو اور ان سب کو جو اس کے ساتھ تھے دریا میں ڈبو دیا۔

(۱۰۴) اور اس کے ڈوبنے کے بعد بنی اسرائیل سے کہا کہ تم اس

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِسْرَآءِيلَ اسْكُنُوا الْأَرْضَ فَإِذَا جَآءَ وَعْدُ الْآخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ لَفِيفًا ○ جَمِيعًا

زمین میں رہو سو جب وعدہ قیامت کا آوے گا ہم تم سب کو اکٹھا کریں گے۔

(۱۰۵) وَبِالْحَقِّ أَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا ○ وَقُرْآنًا فَرَقْنَاهُ لِتَقْرَأَهُ عَلَى النَّاسِ عَلَى مُكْثٍ وَنَزَّلْنَاهُ تَنْزِيلًا ○ قُلْ آمِنُوا بِهِ أَوْ لَا تُؤْمِنُوا إِنَّ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهِ إِذَا يُتْلَى عَلَيْهِمْ يَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ سُجَّدًا ○ وَيَقُولُونَ سُبْحَانَ رَبِّنَا إِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُولًا ○ وَيَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ يَبْكُونَ وَيَزِيدُهُمْ خُشُوعًا

(۱۰۵) اور ہم نے قرآن کو ساتھ حق کے اُتارا اور وہ حق کے ساتھ نازل ہوا جس طرح اُتارا گیا تھا کوئی تغیر و تبدل اس میں نہیں ہوا۔ اور ہم نے تجھ کو اے محمد ایمان والوں کو جنت کی خوش خبری اور کافروں کو عذاب دوزخ سے ڈرانے کو بھیجا۔

تشریح

(۱۰۳) فرعون کا انجام اپنے ساتھیوں سمیت سمندر میں غرق ہوگیا | حضرت موسیٰ ؑ کے یہ معجزے اور نشانیاں دیکھ کر فرعون کو اندازہ ہوا کہ حضرت موسیٰ کی دعوت کا اثر بڑھتا جارہا ہے اس نے ارادہ کیا کہ موسیٰ اور بنی اسرائیل کو جڑ سے ختم کر دیا جائے۔ اور ان کو یہاں چین سے نہ رہنے دیا جائے۔ ہم نے اس کو چین سے رہنے نہیں دیا اور فرعون کو اپنے ساتھیوں سمیت سمندر میں ڈبو دیا۔ فرعون حضرت موسیٰ اور بنی اسرائیل کی جڑ کاٹنا چاہتا تھا، ہم نے فرعون اور اس کے ساتھیوں کی جڑ کاٹ دی۔

(۱۰۴) ہر فرعونے را موسیٰ | ہر دور میں اللہ تعالیٰ اپنی زمین کو ظالم کے ظلم سے پاک کرنے کے لئے ایک کو دوسرے کے لئے ختم کرتے رہے ہیں۔ فرعون بنی اسرائیل کو مٹانا چاہتا تھا اللہ تعالیٰ نے اس کو مٹا کر دکھا دیا کہ ہر زمانے کے فرعون کے لئے ایک موسیٰ بھی ہوتا ہے۔ اگرچہ ظالم و مظلوم کا پورا پورا فیصلہ قیامت کے دن ہوگا جب اللہ تعالیٰ تمام انسانوں کو ایک جگہ جمع کر کے عدل و انصاف فرمائیں گے۔ لیکن اس دارالعمل میں بھی اللہ تعالیٰ ایک حد تک ظالم کو ڈھیل دیتے ہیں اس کی رسی دراز کرتے ہیں اس کو سدھرنے اور سنبھلنے کا موقع دیتے ہیں۔ آخر پاپ کا گھڑا بھر جاتا ہے تو ڈوب جاتا ہے۔ فرعون کے خاتمے کے بعد اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو موقع دیا کہ وہ اللہ کی زمین میں امن و امان کے ساتھ رہیں بسیں۔ فرعون کی غلامی سے ان کو نجات دیکر موقع دیا کہ وہ اللہ کے غلام بن کر رہیں اس کی اطاعت و فرماں برداری کریں۔

ارشاد ہوا کہ جب آخرت کے وعدے کا وقت آئے گا تو پھر ایک مرتبہ تمہیں اور تمہارے تباہ شدہ دشمنوں کو اکٹھا کر کے اعمال کا آخری فیصلہ کر دیا جائے گا۔

(۱۰۵) معجزات موسوی اپنی جگہ سب سے بڑا علمی معجزہ یہ قرآن ہے | حضرت موسیٰ علیہ السلام کو جو نشانیاں اور معجزے دیئے گئے وہ اس وقت کے لحاظ سے بجا تھے لیکن اس وقت سب سے بڑا علمی معجزہ جو تا قیامت باقی رہنے والا ہے یہ قرآن ہے جو عین حکمت کے مطابق اعلیٰ درجے کی صداقت پر اُتارا ہے اور ٹھیک ٹھیک سچائی کے ساتھ آپ تک پہنچا ہے۔ اس میں کسی طرح کا کوئی تغیر و تبدل نہیں ہوا۔

فَاعْلَمُوا أَنَّمَا أُنْزِلَ بِعِلْمِ اللَّهِ وَأَنْ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ (سورۂ ہود — ۱۴ — پارہ ۱۲)

"تو جان لو کہ یہ کتاب اللہ کے علم سے نازل ہوئی ہے اور اللہ کے سوا کوئی حقیقی معبود نہیں ہے"

اب آپ کا کام یہ ہے کہ آپ لوگوں کے سامنے حق بات پیش کریں اور صاف صاف بتا دیں کہ جو اسے مانے گا وہ اپنا ہی بھلا کرے گا اور جو نہ مانے گا وہ بڑے انجام سے دوچار ہوگا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ

وَقُرْاٰنًا	فَرَقْنٰهُ	لِتَقْرَاَهٗ	عَلَى	النَّاسِ	عَلٰى + مُكْثٍ	وَنَزَّلْنٰهُ
اور قرآن	ہم نے جدا جدا کیا	تاکہ تم اسے پڑھو	پر	لوگ	ٹھہر ٹھہر کر	اور ہم نے اسے نازل کیا

اور قرآن ہم نے جدا جدا کرکے (تھوڑا تھوڑا) نازل کیا تاکہ تم لوگوں پر ٹھہر ٹھہر کر پڑھو، اور ہم نے اسے آہستہ آہستہ (بتدریج)

تَنْزِيْلًا ﴿۱۰۶﴾ قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖۤ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ

تَنْزِيْلًا	قُلْ	اٰمِنُوْا	بِهٖ	اَوْ	لَا تُؤْمِنُوْا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا + الْعِلْمَ
آہستہ آہستہ	آپ کہدیں	تم ایمان لاؤ	اس پر	یا	تم ایمان نہ لاؤ	بیشک	وہ لوگ جنہیں	علم دیا گیا

نازل کیا۔ آپ کہدیں تم اس پر ایمان لاؤ یا نہ لاؤ بیشک جنہیں اس سے قبل علم دیا گیا

مِنْ قَبْلِهٖۤ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ﴿۱۰۷﴾ وَّيَقُوْلُوْنَ

مِنْ قَبْلِهٖ	اِذَا	يُتْلٰى	عَلَيْهِمْ	يَخِرُّوْنَ	لِلْاَذْقَانِ	سُجَّدًا	وَّيَقُوْلُوْنَ
اس سے قبل	جب	وہ پڑھا جاتا ہے	انکے سامنے	وہ گر پڑتے ہیں	ٹھوڑیوں کے بل	سجدہ کرتے ہوئے	اور وہ کہتے ہیں

ہے جب وہ انکے سامنے پڑھا جاتا ہے تو وہ سجدہ کرتے ہوئے ٹھوڑیوں کے بل گر پڑتے ہیں اور وہ کہتے ہیں

سُبْحٰنَ رَبِّنَاۤ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾

سُبْحٰنَ	رَبِّنَاۤ	اِنْ	كَانَ	وَعْدُ	رَبِّنَا	لَمَفْعُوْلًا	
پاک ہے	ہمارا رب	بیشک	ہے	وعدہ	ہمارا رب	ضرور پورا ہو کر رہنے والا	

ہمارا رب پاک ہے بیشک ہمارے رب کا وعدہ ضرور پورا ہو کر رہنے والا ہے۔

﴿۱۰۶﴾ وَقُرْاٰنًا مَنْصُوْبٌ بِفِعْلٍ يُفَسِّرُهٗ فَرَقْنٰهُ نَزَّلْنٰهُ مُفَرَّقًا فِيْ عِشْرِيْنَ سَنَةً اَوْ وَثَلَاثٍ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ مُهْلٍ وَتُؤَدَةٍ لِيَفْهَمُوْهُ وَنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ۝ شَيْئًا بَعْدَ شَيْءٍ عَلٰى حَسْبِ الْمَصَالِحِ قُلْ لِكُفَّارِ مَكَّةَ اٰمِنُوْا بِهٖۤ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا تَهْدِيْدٌ لَهُمْ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖ قَبْلَ نُزُوْلِهٖ وَهُمْ مُؤْمِنُوْا اَهْلِ الْكِتَابِ اِذَا يُتْلٰى

﴿۱۰۶﴾ اور قرآن کو مدت تیئس سال میں بتفریق اسلئے اتارا کہ تو اس کو مہلت اور آہستگی سے لوگوں کو سنا دے تاکہ وہ اس کو سمجھیں۔ اور ہم نے اسے مصالح کے لحاظ سے تھوڑا تھوڑا کرکے اتارا ہے۔

﴿۱۰۷﴾ آپ کفار مکہ سے کہدیں چاہے تم ایمان لاؤ یا نہ لاؤ (یہ بطور دھمکی کے کہا ہے) بیشک جن لوگوں کو علم دیا گیا ہے اس کے اترنے سے پہلے مراد ان سے مومنین اہل کتاب ہیں ان کا حال یہ ہے کہ جب ان پر قرآن پڑھا جاتا ہے وہ ٹھوڑی کے بل سجدے میں گر پڑتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ
سُجَّدًا ۝

(۱۰۸) وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ۝

(۱۰۸) اور کہتے ہیں ہمارا رب خلافِ وعدہ کرنے سے پاک ہے بے شک ہمارے رب کا وعدہ قرآن کے اترنے اور پیغمبر آخرالزماں کے بھیجنے کا ہے ضرور ہونے والا ہے۔

تشریح

(۱۰۶) ذہن نشین کرانے کے لئے قرآن کو تھوڑا تھوڑا کرکے اُتارا گیا ہے | کیونکہ قرآن مجید کے نازل کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اس کے الفاظ اس کے معنیٰ، مطالب ذہن نشین ہوں اور اس کی دعوت حالات کے مطابق بروقت رہنمائی کرسکے اس لئے اس کو بیک وقت نازل کرنے کے بجائے تھوڑا تھوڑا کرکے اتارا گیا ہے اور اس کو سورتوں اور آیتوں میں تقسیم کیا گیا ہے تاکہ آسانی کے ساتھ الفاظ و معانی بھی ذہن نشین ہوجائیں اور بروقت مناسب ہدایات بھی حاصل ہوجائیں تاکہ وہ لوگ جنہیں دنیا کی رہنمائی کرنی ہے ہر آیت کے موقع محل کو سمجھ کر یاد کرسکیں اور وہ ساری چیزیں آنے والی نسلوں کو سکھا سکیں جیسا کہ ارشاد ہے کِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ (سورہ ص - ۲۹ - پ ۲۳)
"یہ ایک بڑی برکت والی کتاب ہے جو اے نبی ہم نے تمہاری طرف نازل کی ہے تاکہ یہ لوگ اسکی آیات پر غور کریں اور عقل و فکر رکھنے والے اس سے سبق لیں"۔ قرآن مجید کے حروف اس کے الفاظ سبھی بابرکت، اس انسان کے لئے یہ نہایت مفید کتاب ہے اور اس کی زندگی کو درست رکھنے کیلئے بہترین ہدایات دیتی ہے اس کی پیروی میں انسان کا نفع ہی نفع ہے۔

(۱۰۷) آسمانی کتابوں کو جاننے والے قرآن کو سُنکر اس کے سامنے جھک جاتے ہیں | اسلام کوئی نیا دین نہیں ہے اللہ تعالیٰ نے جب اس زمین پر سب سے پہلے انسان آدمؑ کو بھیجا تو ان کو اپنا دین سکھا کر بھیجا اور ان کو پیغام بر بنایا تاکہ وہ یہ دین اپنی اولاد کو سکھائیں یہ سلسلہ آگے بڑھا مختلف زمانوں میں اللہ تعالیٰ اپنے پیغمبر مقرر کرتے رہے اور آخری پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ سلسلہ تمام کردیا گیا۔ برگزیدہ انسانوں کا یہ گروہ الگ الگ شخصیت ہونے کی وجہ سے مختلف ناموں سے جانا جاتا ہے مگر ان سب کا ایک ہی مقصد اور ایک ہی سلسلہ کی کڑی ہونے کی وجہ سے ان کا نام "الرسول" ہے ان پر جو کتابیں مختلف زمانوں میں نازل کی گئیں الگ الگ کتابیں ہونے کی وجہ سے اگرچہ انکا نام زبور، تورات، انجیل قرآن وغیرہ ہے مگر یہ سب کتابیں بنیادی طور پر ایک ہی پیغام کا سلسلہ ہیں اور ان کا سرچشمہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذاتِ اقدس ہے اسلئے ان کا عنوان "الکتاب" ہے۔ یہ سب رسول اور یہ سب کتابیں ایک ہی چراغ کی روشنی ہیں اسلئے وہ لوگ جو پچھلی آسمانی کتابوں کی تعلیمات سے واقف ہیں اور ان کے انداز کلام کو پہچانتے ہیں وہ جب قرآن سنتے ہیں تو وہ منھ کے بل سجدہ میں گر جاتے ہیں کہ یہ قرآن اسی چراغ کی روشنی ہے جس سے زبور، تورات و انجیل کو روشنی ملی تھی۔ جاننے والوں کا رویہ تو یہی ہے، نہ جاننے والے اس کو مانیں یا نہ مانیں۔

(۱۰۸) وعدہ الٰہی کی تکمیل پر جھوم اٹھتے ہیں | قرآن کو سنکر وہ فوراً سمجھ جاتے ہیں کہ پچھلے انبیاء کے صحیفوں اور تورات کی کتاب استثنا میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زبان مبارک سے جو وعدہ کیا گیا تھا کہ "اے بنی اسرائیل میں تمہارے بھائیوں (یعنی بنی اسماعیل) میں سے ایک نبی اٹھاؤں گا جس کے منھ میں اپنا کلام ڈالوں گا"۔ تو وہ سمجھ جاتے ہیں کہ وہ نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) آگیا ہے اور قرآن وہی کلام ہے جس کی بشارت دی گئی تھی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ يَبْكُونَ وَيَزِيدُهُمْ خُشُوعًا ﴿١٠٩﴾ السجدة

وَيَخِرُّونَ	لِلْأَذْقَانِ	يَبْكُونَ	وَ	يَزِيدُهُمْ	خُشُوعًا
اور وہ گر پڑتے ہیں	ٹھوڑیوں کے بل	روتے ہوئے	اور	انہیں زیادہ کرتا ہے	عاجزی

اور وہ روتے ہوئے ٹھوڑیوں کے بل گر پڑتے ہیں اور یہ (قرآن) انہیں عاجزی اور زیادہ کرتا ہے

﴿١٠٩﴾ وَيَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ يَبْكُونَ عَطْفٌ بِزِيَادَةِ صِفَةٍ وَيَزِيدُهُمُ الْقُرْآنُ خُشُوعًا تَوَاضُعًا لِلّٰهِ

﴿١٠٩﴾ اور وہ ٹھوڑیوں کے بل گرتے ہیں روتے ہوئے (يَخِرُّونَ لِلْأَذْقَانِ يَبْكُونَ معطوف ہے ماقبل پر ساتھ زیادتی صفت کے) اور قرآن سے ان کی تواضع اور اللہ کے سامنے زیادہ ہوتی ہے۔

تشریح

﴿١٠٩﴾ صالحین اہل کتاب کا رد یہ | اہل کتاب میں سے جو لوگ منصف مزاج صالح اور نیک لوگ ہیں وہ جب قرآن کو سنتے تھے تو ان کے اوپر رقت طاری ہو جاتی تھی، عاجزی بڑھ جاتی تھی، اور اللہ کے سامنے روتے ہوئے سجدہ ریز ہو جاتے تھے جیسا کہ ارشاد ہے:۔

مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ أُمَّةٌ قَائِمَةٌ يَتْلُونَ آيَاتِ اللّٰهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُونَ (سورۂ آل عمران آیت ۱۱۳ پارہ ۴) "ان میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو راہِ راست پر قائم ہیں راتوں کو اللہ کی آیات پڑھتے ہیں اور اس کے آگے سجدہ ریز ہوتے ہیں"

دوسری جگہ ارشاد ہے: وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَمَنْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِمْ خَاشِعِينَ لِلّٰهِ۔ (سورۂ آل عمران ۱۹۹ پارہ ۴) "اہل کتاب میں بھی کچھ لوگ ایسے ہیں جو اللہ کو مانتے ہیں، اس کتاب پر ایمان لاتے ہیں جو تمہاری طرف بھیجی گئی ہے اور اس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو اس سے پہلے خود ان کی طرف بھیجی گئی تھی اللہ کے آگے جھکے ہوتے ہیں۔"

مزید ارشاد ہے: وَإِذَا سَمِعُوا مَا أُنْزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَى أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوا مِنَ الْحَقِّ يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ (سورۂ مائدہ آیت ۸۳ پارہ ۷) "جب وہ اس کلام کو سنتے ہیں جو رسول اللہ پر اترا ہے تو تم دیکھتے ہو کہ حق شناسی کے اثر سے انکی آنکھیں آنسوؤں سے تر ہو جاتی ہیں اور وہ بول اٹھتے ہیں کہ پروردگار ہم ایمان لائے ہمارا نام گواہی دینے والوں میں لکھ لیجئے۔"

اہل ایمان کو حکم ہے کہ وہ اس آیت کو تلاوت کرنے اور سننے پر اللہ تعالیٰ کے سامنے سجدہ کریں، تاکہ دل کے خشوع کے ساتھ عملی طور پر بھی اللہ کے سامنے جھکنے کا اظہار ہو۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ

قُلِ	ادْعُوْا	اللّٰهَ	اَوِ	ادْعُوْا	الرَّحْمٰنَ	اَيًّا مَّا	تَدْعُوْا	فَلَهُ
آپ کہہ دیں	تم پکارو	اللہ	یا	تم پکارو	رحمٰن	جو کچھ بھی	تم پکارو گے	سو اسی کیلئے

آپ کہہ دیں تم پکارو اللہ (کہہ کر) یا پکارو رحمٰن (کہہ کر) جو کچھ بھی پکارو گے اسی کے لئے ہیں

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا

الْاَسْمَآءُ + الْحُسْنٰى	وَلَا تَجْهَرْ	بِصَلَاتِكَ	وَلَا + تُخَافِتْ	بِهَا
سب سے اچھے نام	اور نہ بلند کرو	اپنی نماز میں	اور نہ بالکل پست کرو	اسمیں

سب سے اچھے نام اور نہ اپنی نماز میں (آواز بہت) بلند کرو اور نہ اس میں بالکل پست کرو

وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾

وَابْتَغِ	بَيْنَ + ذٰلِكَ	سَبِيْلًا	
اور ڈھونڈ	اس کے درمیان	راستہ	

(بلکہ) اس کے درمیان کا راستہ ڈھونڈو۔

﴿۱۱۰﴾ وَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ فَقَالُوْا اِنَّهُ يَنْهَانَا اَنْ نَّعْبُدَ اِلٰهَيْنِ وَهُوَ يَدْعُوْا اِلٰهًا اٰخَرَ مَعَهٗ فَنَزَلَ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيْ سَمُّوْهُ بِاَيِّهِمَا اَوْ نَادُوْهُ بِاَنْ تَقُوْلُوْا يَا اللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ اَيًّا شَرْطِيَّةٌ مَّا زَائِدَةٌ اَيْ اَيُّ شَيْءٍ مِّنْ هٰذَيْنِ تَدْعُوْا فَهُوَ حَسَنٌ دَلَّ عَلٰى هٰذَا فَلَهُ اَيْ لِمُسَمَّاهُمَا الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ وَهٰذَانِ مِنْهَا فَاِنَّهَا كَمَا فِي الْحَدِيْثِ اَللّٰهُ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْغَفَّارُ الْقَهَّارُ الْوَهَّابُ الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ الْقَابِضُ الْبَاسِطُ الْخَافِضُ الرَّافِعُ الْمُعِزُّ الْمُذِلُّ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ الْحَكَمُ الْعَدْلُ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ الْحَلِيْمُ الْعَظِيْمُ

﴿۱۱۰﴾ اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت تھی کہ آپ یہ کہا کرتے تھے یا اللہ یا رحمٰن، اس پر کافروں نے کہا کہ محمدؐ ہم کو تو دو معبودوں کی پرستش سے منع کرتا ہے اور خود اللہ کے ساتھ دوسرے معبود کو پکارتا ہے اس پر یہ آیت نازل ہوئی اے محمدؐ ان سے کہدو اللہ کو پکارو یا رحمٰن کو یعنی اس کا جو چاہو نام لو یا جس نام سے چاہو پکارو یعنی کہو یا اللہ یا رحمٰن انہیں سے جس نام سے پکارو عمدہ ہے کہ ان ناموں کے مسمّٰی یعنی ذات باری تعالیٰ کے اچھے نام ہیں اور یہ دونوں نام بھی انہیں میں سے ہیں کیونکہ وہ نام یہ ہیں جیسا کہ حدیث میں وارد ہے اللہ کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں رحمٰن رحیم یعنی بہت رحمت والا مہربان ملک یعنی بادشاہ قدوس پاکی والا سلام سلامتی والا مؤمن امن دینے والا مہیمن نگہبان عزیز غالب جبار زبردستی کا پورا کرنے والا متکبر بڑائی والا خالق بارئ پیدا کرنے والا مصور صورت بنانے والا غفار بخشنے والا قہار غالب وہاب عطا کرنے والا رزاق روزی دینے والا فتاح کھولنے والا علیم بہت جاننے والا قابض بند کرنیوالا باسط کھولنے والا خافض پست کرنیوالا رافع اٹھانیوالا معز عزت دینے والا مذل ذلت دینے والا سمیع سننے والا بصیر دیکھنے والا حکم حکم کرنیوالا عدل انصاف کرنیوالا لطیف لطف والا خبیر خبردار حلیم بردبار عظیم

toobaa-elibrary.blogspot.com

الْغَفُوْرُ الشَّكُوْرُ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ الْحَفِيْظُ الْمُقِيْتُ
الْحَسِيْبُ الْجَلِيْلُ الْكَرِيْمُ الرَّقِيْبُ الْمُجِيْبُ الْوَاسِعُ
الْحَكِيْمُ الْوَدُوْدُ الْمَجِيْدُ الْبَاعِثُ الشَّهِيْدُ الْحَقُّ
الْوَكِيْلُ الْقَوِيُّ الْمَتِيْنُ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ الْمُحْصِي
الْمُبْدِئُ الْمُعِيْدُ الْمُحْيِي الْمُمِيْتُ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ
الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ الْوَاحِدُ الصَّمَدُ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ
الْمُقَدِّمُ الْمُؤَخِّرُ الْاَوَّلُ الْاٰخِرُ الظَّاهِرُ الْبَاطِنُ
الْوَالِيْ الْمُتَعَالُ الْبَرُّ التَّوَّابُ الْمُنْتَقِمُ الْعَفُوُّ
الرَّؤُفُ مَالِكُ الْمُلْكِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ الْمُقْسِطُ
الْجَامِعُ الْغَنِيُّ الْمُغْنِيُّ الْمَانِعُ الضَّارُّ
النَّافِعُ النُّوْرُ الْهَادِيْ الْبَدِيْعُ
الْبَاقِيْ الْوَارِثُ الرَّشِيْدُ الصَّبُوْرُ
رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ قَالَ تَعَالٰى وَلَا تَجْهَرْ
بِصَلَاتِكَ بِقِرَاءَتِكَ فِيْهَا فَيَسْمَعُكَ الْمُشْرِكُوْنَ
فَيَسُبُّوْكَ وَيَسُبُّوا الْقُرْاٰنَ وَمَنْ اَنْزَلَهٗ وَلَا
تُخَافِتْ تُسِرْ بِهَا لِيَنْتَفِعَ اَصْحَابُكَ وَابْتَغِ
اُقْصُدْ بَيْنَ ذٰلِكَ الْجَهْرِ وَالْمَخَافَةِ سَبِيْلًا ○
طَرِيْقًا وَسَطًا

عظمت والا غفور[۳۵] بخشنے والا شکور[۳۶] شکر قبول کرنیوالا علی[۳۷] بلند کبیر[۳۸] بڑا حفیظ[۳۹] نگہبان مقیت[۴۰] روزی پیدا کرنیوالا حسیب[۴۱] کافی جلیل[۴۲] بزرگ کریم[۴۳] کرم والا رقیب[۴۴] محافظ مجیب[۴۵] قبول کرنیوالا واسع[۴۶] کھولنے والا حکیم[۴۷] حکمت والا ودود[۴۸] دوست رکھنے والا مجید[۴۹] بزرگی والا باعث[۵۰] اٹھانے والا شہید[۵۱] گواہ حق[۵۲] حق وکیل[۵۳] مددگار قوی[۵۴] طاقت والا متین[۵۵] نرمی والا ولی[۵۶] سہارا حمید[۵۷] تعریف کے لائق محصی[۵۸] احاطہ کرنیوالا مبدی[۵۹] ایجاد کرنے والا معید[۶۰] دوبارہ پیدا کرنیوالا محی[۶۱] زندہ کرنیوالا ممیت[۶۲] مارنے والا حی[۶۳] زندہ قیوم[۶۴] قائم رکھنے والا واجد[۶۵] پانیوالا ماجد[۶۶] بزرگی والا واحد[۶۷] جس کے سپرد سب کام ہیں صمد[۶۸] بے پرواہ قادر[۶۹] مقتدر[۷۰] قدرت والا مقدم[۷۱] موخر[۷۲] اول[۷۳] آخر[۷۴] ظاہر[۷۵] باطن[۷۶] والی[۷۷] متعالی[۷۸] بر[۷۹] احسان کرنے والا تواب[۸۰] توبہ قبول کرنیوالا منتقم[۸۱] بدلہ لینے والا عفو[۸۲] معاف کرنیوالا رؤف[۸۳] مہربان مالک الملک[۸۴] کائنات کا مالک ذوالجلال[۸۵] والاکرام عظمت و بزرگی والا مقسط[۸۶] انصاف والا جامع[۸۷] غنی[۸۸] مغنی[۸۹] مانع[۹۰] ضار[۹۱] نافع[۹۲] نور[۹۳] ہادی[۹۴] بدیع[۹۵] باقی[۹۶] وارث[۹۷] رشید[۹۸] صبور[۹۹] روایت کیا اس حدیث کو ترمذی نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا الخ اے محمدؐ نماز میں قرآن بہت پکار کر نہ پڑھ کہ مشرکین سنکر تجھ کو اور قرآن کو اور قرآن کے اُتارنیوالے کو بُرا کہیں اور نہ بہت آہستہ پڑھ تاکہ تیرے اصحاب سنیں اور نفع اٹھاویں جہر اور آہستگی کے بیچ میں پڑھ طریق متوسط اختیار کر۔

تشریح

(۱۱۰) مقصود ذاتِ باری ہو کسی بھی نام سے پکارو | ذات باری کے ذاتی اور صفاتی بہت سے پیارے پیارے نام ہیں اس کو اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر مقصود وہی خالق حقیقی ہونا چاہیئے جب خشوع و خضوع کے ساتھ اسکے سامنے جھکو تو اس کو کسی نام سے بھی یاد کرو مقصود تو وہی ہوگا نماز میں جب اس کا ذکر کرو تو جن نمازوں میں زور سے اس کا کلام پڑھا جاتا ہے تو نہ تو بہت چلّا چلّا کر پڑھو اور نہ بہت آہستہ پڑھو کہ دوسرے کو سنائی بھی نہ دے درمیانی آواز سے پڑھو گے تو دل پر اثر پڑیگا۔ مکہ کے لوگ خالق کے لئے اللہ کے لفظ سے مانوس تھے جبکہ یہود کے یہاں خالق کے لئے رحمٰن کا نام زیادہ بولا جاتا تھا۔ عبرانی میں بھی اللہ کے لئے رحمٰن کا لفظ عربی کی طرح مستعمل تھا یہاں بتادیا گیا کہ نام کئی ہونے سے الگ الگ ذات مراد نہیں ہوتی۔ منبع کمالات اور خالقِ حقیقی وہی ایک ذات ہے اس کو چاہے اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر بلاؤ مقصود وہی ایک ہے۔

اور جب اس کو پکارو تو بہت زیادہ چلانے کی ضرورت نہیں وہ سب سُنتا ہے۔ نماز میں دوسروں کو سنانا ہو تو درمیانی آواز بہتر ہے جس میں سبک پن، تأثر اور وقار پایا جاتا ہے۔

یہ بھی ہوتا تھا کہ بلند آواز سے قرآن پڑھنے میں مخالف ہنگامہ کرتے تھے اور قرآن کی آواز کو دبانے کے لئے شور مچاتے تھے۔ جب بہت آہستہ پڑھتے تھے تو ساتھیوں کو سننا بہت مشکل ہوتا تھا۔ اس لئے بھی یہ ہدایت دی گئی کہ اوسط درجے کے لہجے میں قرآن مجید کی تلاوت بہتر ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا

وَقُلِ	الْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِیْ	لَمْ یَتَّخِذْ	وَلَدًا
اور کہدیں	تمام تعریفیں	اللہ کے لئے	وہ جس نے	نہیں بنائی	کوئی اولاد

اور آپؐ کہہ دیں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، وہ جس نے کوئی اولاد نہیں بنائی

وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ

وَّلَمْ	یَكُنْ	لَّهٗ	شَرِیْكٌ	فِی	الْمُلْكِ
اور نہیں	ہے	اس کیلئے	کوئی شریک	میں	سلطنت

اور سلطنت میں اس کا کوئی شریک نہیں

وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا ﴿۱۱۱﴾ ع ۱۲

وَلَمْ یَكُنْ	لَّهٗ	وَلِیٌّ	مِّنَ	الذُّلِّ	وَكَبِّرْهُ	تَكْبِیْرًا
اور نہیں ہے	اسکا	کوئی مددگار	سے سبب	ناتوانی	اور اس کی بڑائی کرو	خوب بڑائی

اور نہ اس کا کوئی مددگار ہے ناتوانی کے سبب اور خوب اس کی بڑائی (بیان) کرو

﴿۱۱۱﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ یَنْصُرُهٗ مِنَ الذُّلِّ اَیْ لَمْ یَذِلَّ فَیَحْتَاجَ اِلٰی نَاصِرٍ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا ○ عَظِّمْهُ عَظَمَةً تَامَّةً عَنِ اتِّخَاذِ الْوَلَدِ وَالشَّرِیْكِ وَالذُّلِّ وَكُلِّ مَا لَا یَلِیْقُ بِهٖ

﴿۱۱۱﴾ اور کہہ کہ جمیع حمد اللہ کے لئے ہے جو اولاد سے پاک ہے اور اس کی خدائی میں کوئی اس کا شریک نہیں۔

اور اس کے لئے کوئی مددگار نہیں کہ اس کو ذلت سے بچاوے یعنی وہ ذلیل نہیں ہوا جو اس کو مددگار کی حاجت ہو

اور اے محمدؐ اسکی بڑائی بیان کر پوری طرح یعنی یہ کہہ کہ وہ اولاد سے اور شریک سے اور ذلیل ہونے سے اور جو امور اس کی ذات کے مناسب نہیں ان سے پاک ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَتَرْتِيبُ الْحَمْدِ عَلٰى ذٰلِكَ
لِلدَّلَالَةِ عَلٰى اَنَّهُ الْمُسْتَحِقُّ
لِجَمِيْعِ الْمَحَامِدِ لِكَمَالِ
ذَاتِهٖ وَتَفَرُّدِهٖ فِيْ صِفَاتِهٖ
رَوَى الْاِمَامُ اَحْمَدُ فِيْ
مُسْنَدِهٖ عَنْ مُعَاذِ الْجُهَنِيِّ
عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ اٰيَةُ الْعِزِّ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ
وَلَدًا اِلٰى اٰخِرِ السُّوْرَةِ وَ
اللّٰهُ اَعْلَمُ۔

قَالَ مُؤَلِّفُهٗ هٰذَا اٰخِرُ
مَا كَمَلَتْ بِهٖ تَفْسِيْرُ
الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ الَّذِيْ
اَلَّفَهُ الْاِمَامُ الْعَلَّامَةُ
الْمُحَقِّقُ جَلَالُ الدِّيْنِ
الْمَحَلِّيُّ الشَّافِعِيُّ رَضِيَ
اللّٰهُ عَنْهُ وَقَدْ اَفْرَغْتُ فِيْهِ
جُهْدِيْ وَبَذَلْتُ فِيْهِ فِكْرِيْ
فِيْ نَفَائِسَ اَرَاهَا اِنْ
شَاءَ اللّٰهُ تَجِدِيْ وَاَلَّفْتُهٗ
فِيْ مُدَّةٍ قَدْرِ مِيْعَادِ
الْكَلِيْمِ وَجَعَلْتُهٗ وَسِيْلَةً
لِلْفَوْزِ بِجَنَّاتِ النَّعِيْمِ
وَهُوَ فِي الْحَقِيْقَةِ مُسْتَفَادٌ
مِنَ الْكِتَابِ الْمُكَمَّلِ وَ
عَلَيْهِ فِي الْاٰيِ الْمُتَشَابِهَةِ
الْاِعْتِمَادُ وَالْمُعَوَّلُ فَرَحِمَ
اللّٰهُ اِمْرَأً نَظَرَ بِعَيْنِ
الْاِنْصَافِ اِلَيْهِ وَوَقَفَ
فِيْهِ عَلٰى خَطَاءٍ فَاَطْلَعَنِيْ

فیصل

اور حمد کو ان امور پر مرتب کرنا اس پر دلالت کرتا ہے کہ تمام تعریفوں کا استحقاق اسی کو ہے بوجہ کامل ہونے اس کی ذات کے اور یکتا ہونے کے صفات میں اس کے سوا کوئی مستحق عبادت نہیں۔ امام احمد نے اپنی مسند میں معاذ جہنی سے روایت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ فرماتے تھے یہ آیت عزت کی ہے الحمد للہ الذی لم یتخذ ولدا آخر سورت تک اور اللہ زیادہ جاننے والا ہے فقط۔ والحمد للہ وحدہٗ وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم تسلیماً کثیراً حسبنا اللہ ونعم الوکیل

تمام ہوئی تفسیر جلال الدین سیوطی کی اور سورۂ کہف سے تفسیر جلال الدین محلی شافعی کی شروع ہوتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

عَلَيْهِ. وَقَدْ قُلْتُ شِعْرًا ؎

حَمِدْتُ اللّٰهَ رَبِّيْ إِذْ هَدَانِيْ
لِمَا أَبْدَيْتُ مَعَ عَجْزِيْ وَضُعْفِيْ
فَمَنَّ لِيْ بِالْخَطَا فَارْدَعْ عَنْهُ
وَمَنَّ لِيْ بِالْقَبُوْلِ وَلَوْ بِحَرْفِ
هٰذَا وَلَمْ يَكُنْ قَطُّ فِيْ خَلَدِيْ
أَنْ أَتَعَرَّضَ لِذٰلِكَ لِعِلْمِيْ
بِالْعَجْزِ عَنِ الْخَوْضِ فِيْ
هٰذِهِ الْمَسَالِكِ وَعَسَى اللّٰهُ
أَنْ يَنْفَعَ بِهٖ نَفْعًا جَمًّا وَ
يُفْتَحَ بِهٖ قُلُوْبًا غُلْفًا وَ
أَعْيُنًا عُمْيًا وَآذَانًا صُمًّا وَ
كَانِّيْ بِمَنِ اعْتَادَ بِالْمُطَوَّلَاتِ
وَقَدْ أَضْرَبَ عَنْ هٰذِهِ
التَّكْمِلَةِ وَأَصْلِهَا حَسْمًا
وَعَدَلَ إِلٰى صَرِيْحِ الْعِنَادِ وَ
لَمْ يُوَجِّهْهُ إِلٰى دَقَائِقِهِمَا
فَهْمًا وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖ
أَعْمٰى فَهُوَ فِي الْآخِرَةِ
أَعْمٰى رَزَقَنَا اللّٰهُ بِهٖ
هِدَايَةً إِلٰى سَبِيْلِ الْحَقِّ
وَتَوْفِيْقًا وَاطِّلَاعًا عَلٰى دَقَائِقِ
كَلِمَاتِهٖ وَتَحْقِيْقًا وَجَعَلَنَا بِهٖ
مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمَ اللّٰهُ
عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَ
الصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَ
الصَّالِحِيْنَ وَحَسُنَ أُولٰٓئِكَ
رَفِيْقًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ وَ
صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ
وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا
وَحَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ مُؤَلِّفُهٗ عَامَلَهُ اللّٰهُ بِلُطْفِهٖ
فَرَغْتُ مِنْ تَالِيْفِهٖ يَوْمَ الْاَحَدِ
عَاشِرَ شَهْرِ شَوَّالٍ سَنَةَ سَبْعِيْنَ
وَثَمَانِ مِائَةٍ وَكَانَ الْاِبْتِدَاءُ
فِيْهِ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ مُسْتَهِلَّ
رَمَضَانَ مِنَ السَّنَةِ الْمَذْكُوْرَةِ
وَفَرَغَ مِنْ تَبْيِيْضِهٖ يَوْمَ
الْاَرْبِعَاءِ سَادِسَ صَفَرٍ
سَنَةَ اِحْدٰى وَسَبْعِيْنَ
وَثَمَانِمِائَةٍ

تشریح

(۱۱۱) **توحید خالص کو مضبوطی سے تھام لو** | اللہ تعالیٰ ساری خوبیوں اور تعریفوں کے مستحق ہیں وہ اپنی تمام صفات اور کمالات میں یکتا اور بے مثال ہے، ان میں کوئی کمزوری اور نقص نہیں ہے کہ جس کے لئے دوسرے سے مدد لینے کی ضرورت پڑے۔ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا اس نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا کہ باپ کی طرح بیٹے سے مدد لینی پڑے۔ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ، اس کی بادشاہی میں اس کا کوئی ساجھی اور شریک نہیں ہے کہ شریک کی طرح شریک سے مدد لینے کی ضرورت ہو وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ، اور نہ وہ عاجز ہے کہ اس کا کوئی پشتیبان ہو کہ کمزور کی طرح ذلت و مصیبت کے وقت اپنے سے بڑے کی مدد لینی پڑے۔ اس کی عظمت و کبریائی جو کمال درجہ کی ہے اسی کا ذکر کرو اسی کو پکارو، وہی اکیلا تمہارا مددگار اور حاجت روا ہے وہی خالق و معبود ہے وہی مقصود و محبوب۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

۱۸

اَلْکَہْف

ترتیب تلاوت	۱۸	ترتیب نزول	۶۹
مکّی / مدنی	مکّی	تعداد رکوعات	۱۲
تعداد آیات	۱۱۰	تعداد الفاظ	۱۶۰۸
		تعداد حروف	۶۶۲۰

تعارف

اس سورۃ کا نام "اَلْکَہْف" اسی سورۃ کی آیت ۹، ۱۰ سے لیا گیا ہے۔ اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْکَہْفِ (آیت ۹) "کیا تم سمجھتے ہو کہ غار والے" ــــ اِذْ اَوَی الْفِتْیَۃُ اِلَی الْکَہْفِ (آیت ۱۰) "وہ چند نوجوان غار میں پناہ گزین ہوئے"۔

یہ سورت مکہ کے اس دور میں نازل ہوئی ہے جب اسلامی دعوت کے مخالفین نے اہل اسلام پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا تھا اور کش مکش نے شدت اختیار کر لی تھی۔ اہل ایمان کو اصحاب کہف کا واقعہ سنا کر ان کو حوصلہ دیا گیا تاکہ انہیں معلوم ہو کہ اہل حق سچائی کی راہ میں اس سے پہلے بھی بہت کچھ جھیل چکے ہیں۔

اہل کتاب یہود و نصاریٰ کے مشورے سے مکہ کے ان لوگوں نے جو اسلام کے مخالف تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تین سوالات رکھے۔ یہ سوالات بنیادی طور پر یہود و نصاریٰ کی تاریخ سے تعلق رکھتے تھے۔ حجاز کے لوگ ان واقعات سے ناواقف تھے۔ یہود و نصاریٰ ان سوالات کے ذریعے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس دعویٰ کی قلعی کھولنا

toobaa-elibrary.blogspot.com

چاہتے تھے کہ آپ جو کچھ کہتے ہیں اللہ کی طرف سے کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے وحی کے ذریعے سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ صرف یہ کہ ان کے سوالات کے جوابات بتا دیئے بلکہ ان واقعات کو موجودہ حالات پر چسپاں کر کے ان کی زبانیں بھی بند کر دیں۔

- پہلا سوال اصحاب کہف کے متعلق تھا کہ یہ کون لوگ تھے؟ اللہ تعالیٰ نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے اس قصہ سے ثابت کر دیا کہ موت کے بعد بھی زندگی ہے جس کو تم جھٹلاتے ہو۔ اور اہل ایمان کو اس واقعے سے یہ سبق ملا کہ باطل کے ساتھ کش مکش کی صورت میں حق کو باطل کے سامنے جھکنا نہیں چاہیئے۔
- دوسرا سوال حضرت خضر سے متعلق تھا۔ حضرت موسیٰ خضرت خضر کا واقعہ بتا کر یہ سکھایا گیا کہ اللہ کا کارخانہ جن مصلحتوں پر چل رہا ہے وہ تمہاری نگاہوں سے چھپی ہوئی ہیں اور بظاہر جن چیزوں میں خرابی نظر آتی ہے ان میں بھی کوئی نہ کوئی خیر کا پہلو ہوتا ہے۔
- تیسرا سوال ذوالقرنین سے متعلق تھا اس کا واقعہ بتا کر یہ سبق دیا گیا کہ ذوالقرنین اپنی فرمانروائی اور فاتحانہ صلاحیتوں کے باوجود یہ نہیں بھولا تھا کہ وہ اللہ کا ایک عاجز بندہ ہے اور ہمیشہ اپنے خالق کے آگے سر تسلیم خم رکھتا تھا۔

خلاصۂ مضامین

- سورت کے آغاز میں بتایا گیا ہے کہ قرآن مجید میں کوئی ایسی بات نہیں ہے جو سمجھ سے باہر ہو۔ یہ کتاب اللہ کے فرمانبرداروں کو اچھے بدلے کی خوشخبری دیتی ہے اور نافرمانوں کو ان کے انجام سے باخبر کرتی ہے۔
- اصحاب کہف کے بارے میں بتایا گیا کہ یہ ہدایت یافتہ لوگ تھے اور مضبوط ارادے کے مالک تھے۔ یہ واقعہ لوگوں کو اسلئے بتایا گیا تاکہ لوگ سمجھ لیں کہ اللہ نے جو وعدہ کیا ہے وہ بالکل سچا ہے ان کی تعداد وغیرہ کے جھگڑے میں پڑنے کے بجائے اصل واقعہ کے نتیجہ پر نگاہ رکھنی چاہیئے۔
- یہ نصیحت کی گئی کہ جب کسی کام کے بارے میں ارادہ کرو کہ میں اسے کل کروں گا تو اس کے ساتھ انشاء اللہ کہا کرو کیونکہ اللہ کی مشیت اور اس کے چاہے بغیر کوئی کام پورا نہیں ہو سکتا۔
- اس سورت میں ان دو آدمیوں کا بیان کیا گیا ہے جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں سے نوازا، ایک نے اللہ کی ناشکری کی اور دوسرا اس کا شکر گذار ہو کر رہا اور دونوں کا انجام کیا ہوا۔
- بتایا گیا کہ قیامت کے دن سب انسانوں کو اللہ کے سامنے پیش ہونا ہوگا، دنیا میں کیے ہوئے کاموں کا پورا پورا حساب لیا جائیگا۔
- حضرت موسیٰ حضرت خضر کا واقعہ بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی مصلحتوں اور حکمتوں کے بہت سے پہلو اجاگر کیے گئے ہیں۔
- ذوالقرنین کا واقعہ بیان کرتے ہوئے اس کے عدل و انصاف اس کی سلطنت کے غیر معمولی اسباب وسائل اور یاجوج ماجوج کا ذکر کیا گیا ہے۔
- سورت کے آخر میں دوہرایا گیا ہے کہ توحید و آخرت سراسر حق ہیں۔ دنیا اور آخرت میں انسان کی بھلائی اسی میں ہے کہ وہ ان باتوں کو مان کر اپنی زندگی کا سفر طے کرے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اٰیاتہا ۱۱۰	۱۸:- سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ -:۶۹	رُكُوْعَاتُهَا ۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو رحم کرنے والا نہایت مہربان ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ

اَلْحَمْدُ	لِلّٰهِ	الَّذِيْٓ	اَنْزَلَ	عَلٰى	عَبْدِهِ	الْكِتٰبَ	وَلَمْ يَجْعَلْ	لَّهٗ
تمام تعریفیں	اللہ کیلئے	وہ جس نے	نازل کی	پر	اپنا بندہ	کتاب (قرآن)	اور نہ رکھی	اسمیں

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے اپنے بندہ پر (یہ) کتاب نازل کی، اور اس میں کوئی کجی نہ رکھی

عِوَجًا ؕ (۱) قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ

عِوَجًا	قَيِّمًا	لِّيُنْذِرَ	بَاْسًا	شَدِيْدًا	مِّنْ لَّدُنْهُ	وَيُبَشِّرَ	الْمُؤْمِنِيْنَ
کوئی کجی	ٹھیک سیدھی	تاکہ ڈر سنادے	عذاب	سخت	اس کی طرف سے	اور خوشخبری دے	مومنوں

ٹھیک سیدھی تاکہ ڈر سنادے اس کی طرف سے سخت عذاب سے، اور مومنوں کو خوشخبری دے

الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۙ (۲) مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ

الَّذِيْنَ	يَعْمَلُوْنَ	الصّٰلِحٰتِ	اَنَّ + لَهُمْ	اَجْرًا حَسَنًا	مَّاكِثِيْنَ	فِيْهِ
وہ جو	عمل کرتے ہیں	اچھے	کہ ان کے لئے	اچھا اجر	وہ رہیں گے	اس میں

جو اچھے عمل کرتے ہیں کہ ان کے لئے اچھا اجر ہے، وہ اس میں ہمیشہ رہیں

اَبَدًا ۙ (۳) وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا (۴)

اَبَدًا	وَّيُنْذِرَ	الَّذِيْنَ + قَالُوا	اتَّخَذَ + اللّٰهُ	وَلَدًا
ہمیشہ	اور وہ ڈرائے	وہ جن لوگوں نے کہا	اللہ نے بنالیا ہے	بیٹا

گے۔ اور وہ ان لوگوں کو ڈرائے جنہوں نے کہا اللہ نے بیٹا بنا لیا ہے۔

سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ اِلَّا وَاصْبِرْ نَفْسَكَ اٰلَايَةَ مِائَةٌ وَعَشْرُ اٰيَاتٍ اَوْ خَمْسَ عَشْرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ هُوَ الْوَصْفُ بِالْجَمِيْلِ ثَابِتٌ لِلّٰهِ

سورۂ کہف مکی ہے اسمیں ایک سو دس آیتیں ہیں اور بارہ رکوع ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱ شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بہت بخشنے والا اور نہایت مہربان ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَهَلِ الْمُرَادُ الْاِعْلَامُ بِذٰلِكَ لِلْاِيْمَانِ بِهٖ اَوِ الثَّنَاءُ بِهٖ اَوْ هُمَا اِحْتِمَالَاتٌ اَفْيَدُهَا الثَّالِثُ اَلَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهٖ مُحَمَّدٍ الْكِتٰبَ الْقُرْاٰنَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ اَيْ فِيْهِ عِوَجًا ۝ اِخْتِلَافًا وَتَنَاقُضًا وَالْجُمْلَةُ حَالٌ

(۲) مِنَ الْكِتَابِ قَيِّمًا مُسْتَقِيْمًا حَالٌ ثَابِتَةٌ مُؤَكَّدَةٌ لِّيُنْذِرَ يُخَوِّفَ بِالْكِتَابِ الْكَافِرِيْنَ بَاْسًا عَذَابًا شَدِيْدًا مِّنْ لَّدُنْهُ مِنْ قِبَلِ اللّٰهِ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۝

(۳) مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۝ هُوَ الْجَنَّةُ

(۴) وَيُنْذِرَ مِنْ جُمْلَةِ الْكَافِرِيْنَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝

جمیع تعریفیں ثابت ہیں اللہ کے واسطے جس نے اپنے بندہ محمدؐ پر قرآن اتارا اور اس میں اختلاف اور تناقض نہیں کیا (حمد کے معنی تعریف کرنا عمدہ اوصاف سے) جملہ الحمد للہ میں چند احتمالات ہیں یا یہ جملہ بمعنی خبر دینے کے لئے یعنی اللہ نے یہ خبر دی ہے تاکہ بندہ اس پر ایمان لاوے یا اس جملہ سے ثنا کرنا مقصود ہے یا دونوں باتوں کو شامل ہے زیادہ مفید ان احتمالات میں تیسرے معنی ہیں یعنی غرض اس جملہ سے خبر دینا ہے معہ ثنا کے اور جملہ ولم یجعل لہ عوجا حال ہے کتاب سے)

(۲) درآنحالیکہ وہ قرآن سیدھا راہ بتانے والا ہے۔ قرآن کو اسلئے اتارا تاکہ محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم قرآن کے مضامین سے کافروں کو سخت عذاب سے ڈراویں جو اللہ کی طرف سے آنے والا ہے اور خوشخبری سناویں مسلمانوں کو جو نیک عمل کرتے ہیں اس بات کی کہ ان کے واسطے اچھا بدلہ ہے یعنی جنت

(۳) وہ اسمیں ہمیشہ رہیں گے

(۴) اور ڈراویں کافروں میں سے ان لوگوں کو جو کہتے ہیں کہ اللہ کے اولاد ہے۔

تشریح

(۱) قرآن مجید خط مستقیم کی طرح ہے | زیادہ سے زیادہ تعریف اور شکر گزاری کا مستحق وہ پروردگار ہے جس نے اپنے محبوب بندے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ کتاب قرآن مجید نازل کی اور اہل دنیا کو اپنی نعمت سے سرفراز فرمایا۔ اس کتاب میں کوئی ایچ پیچ کی بات نہیں ہے کوئی بات حق وصداقت سے ہٹی ہوئی نہیں ہے۔ یہ کتاب ایک خطِ مستقیم کی طرح ہے بالکل سیدھی سیدھی بات تعلیم نہایت معتدل، بات نہایت متوازن جو عقل سلیم کے بالکل مطابق اور ہر زمانے اور ہر طبیعت کے مناسب جس کے ماننے میں کسی راستی پسند انسان کو کوئی تامل نہیں ہو سکتا۔

(۲) ماننے والوں کے لئے بشارت دینے والی نہ ماننے والوں کو خبردار کرنے والی | اللہ تعالیٰ کی نازل کی ہوئی یہ آخری کتاب قرآن مجید جو اس نے اپنے آخری پیغمبر پر نازل کی ہے یہ تمام سابقہ کتابوں کا نچوڑ ہے، ان کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور ان کتابوں کی اصولی تعلیمات کو رہتی دنیا تک قائم رکھنے والی ہے یہ کتاب دنیا اور آخرت کی رہنما ہے۔ اس کتاب کی تعلیمات میں بال برابر بھی کوئی کجی نہیں ملے گی جو حق وصداقت کو ماننے والے ہیں اور نیکیوں پر چلنے والے ہیں ان کو یہ بہترین اجر کی بشارت دیتی ہے اور سچائی کا انکار کرنے والوں خبردار کرتی ہے۔

(۳) آخرت کا اجر کبھی ختم نہ ہوگا | جو لوگ حق وصداقت کے سامنے سر جھکائیں گے اور اسی بنیاد پر اپنی زندگی کی تعمیر کریں گے وہ اپنی دنیا تو بنا ہی لیں گے اسلئے کہ اس بنیاد پر جو نظام قائم ہوگا وہ سب کے لئے عافیت کا باعث بنے گا ایسے لوگوں کو جو آخرت کا اجر و ثواب ملے گا جنت کی نعمتیں حاصل ہونگی وہ دائمی ہوں گی ابدی راحت ملے گی یہ لوگ ہمیشہ ہمیشہ جنت میں رہیں گے۔

(۴) اللہ کے لئے اولاد تجویز کرنے والوں کو خبردار کردو | جو لوگ اللہ تبارک و تعالیٰ کی طرف اولاد کی نسبت کرتے ہیں چاہے وہ عیسائی ہوں جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا بناتے ہیں۔ یا یہودیوں کے وہ فرقے ہوں جو حضرت عزیر کو اللہ کا بیٹا قرار دیتے ہیں یا عرب کے وہ مشرک جو فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں کہتے ہیں ان سب کو خبردار کردو کہ اللہ کی طرف یہ غلط باتیں منسوب نہ کریں اللہ کسی کی اولاد ہے اور نہ اللہ کے کوئی اولاد ہے۔ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ

مَا	لَهُمْ بِهٖ	مِنْ عِلْمٍ	وَّلَا	لِاٰبَآئِهِمْ	كَبُرَتْ	كَلِمَةً	تَخْرُجُ
نہیں	انکو اس کا	کوئی علم	اور نہ	انکے باپ دادا کو	بڑی ہے	بات	نکلتی ہے

اس کا نہ انہیں کوئی علم ہے ، نہ ان کے باپ دادا کو تھا ۔ بڑی ہے بات (جو) ان کے

مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ۝۵

مِنْ	اَفْوَاهِهِمْ	اِنْ	يَّقُوْلُوْنَ	اِلَّا	كَذِبًا
سے	ان کے منہ (جمع)	نہیں	وہ کہتے ہیں	مگر	جھوٹ

منہ سے نکلتی ہے ۔ وہ نہیں کہتے مگر جھوٹ ۔

⑤ مَا لَهُمْ بِهٖ بِهٰذَا الْقَوْلِ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ مِنْ قَبْلِهِمْ اَلْقَائِلِيْنَ لَهٗ كَبُرَتْ عَظُمَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ كَلِمَةٌ تَمْيِيْزٌ مُفَسِّرَةٌ لِلضَّمِيْرِ الْمُبْهَمِ وَالْمَخْصُوْصُ بِالذَّمِّ مَحْذُوْفٌ اَيْ مَقَالَتُهُمُ الْمَذْكُوْرَةُ اِنْ مَا يَقُوْلُوْنَ فِيْ ذٰلِكَ اِلَّا مَقُوْلًا كَذِبًا ۝

⑤ ان کو اور ان کے باپ دادوں کو جو ان سے پہلے یہ بات کہہ چکے ہیں حقیقت الامر کی خبر نہیں یہ بات جو ان کے منہ سے نکلے بہت بڑی ہے اس بارے میں جو کچھ وہ کہتے ہیں محض جھوٹ ہے ۔

تشریح

⑤ شرک کی بنیاد علم پر نہیں ہے | کسی بات کو ماننے کے لئے جاننا بھی ضروری ہوتا ہے اور اس کے علمی اور تحقیقی اصولوں کی روشنی میں دلائل سے بات ثابت کی جاتی ہے اللہ کے ساتھ شرک کرنے میں کہ فلاں خدا کا بیٹا ہے یا فلاں کو خدا نے بیٹا بنا لیا ہے اس کی بنیاد کسی علم و تحقیق پر نہیں ہے بلکہ عقیدت مندی کے غلو میں ایک من مانا حکم لگا رہے ہیں ۔ صحیح بات کا پتہ نہ ان کو ہے نہ ان کے باپ دادا کو تھا بس اندھی تقلید میں ایسی سخت بات زبان سے نکال رہے ہیں انکو کچھ احساس نہیں ہے کہ وہ کیسی سخت گمراہی کی بات کہہ رہے ہیں اور اللہ کی شانِ قدوسیت میں کیسی گستاخی کر رہے ہیں ۔ ایسی افتراء پردازی اللہ رب العزت کی جناب میں یہ لوگ جو کر رہے ہیں جب ان سے ثبوت مانگا جاتا ہے تو بس ایک بات کہہ دیتے ہیں کہ یہ ایک مذہب کا راز ہے جس تک انسانی فہم کی رسائی نہیں ہے ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝۶

فَلَعَلَّكَ	بَاخِعٌ	نَّفْسَكَ	عَلٰٓى	اٰثَارِهِمْ	اِنْ	لَّمْ يُؤْمِنُوْا	بِهٰذَا	الْحَدِيْثِ	اَسَفًا
تو شاید آپ	ہلاک کرنیوالا	اپنی جان	پر	انکے پیچھے	اگر	وہ ایمان نہ لائے	اس	بات	غم کے مارے

تو شاید آپ ان کے پیچھے اپنی جان کو ہلاک کرنے والے ہیں ، اگر وہ ایمان نہ لائے ، اس بات پر غم کے مارے

۶ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ مُّهْلِكٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ اَیْ بَعْدَ تَوَلِّيْهِمْ عَنْكَ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَلْمُقْتَرِنِ اَسَفًا ۝ غَيْظًا وَّحُزْنًا مِّنْكَ لِحِرْصِكَ عَلٰٓى اِيْمَانِهِمْ وَنَصْبُهٗ عَلَى الْمَفْعُوْلِ لَهٗ

۶ پس اگر وہ اس قرآن پر ایمان نہ لادیں تو شاید تو اے محمد اس غم اور غصہ میں اپنی جان کو ان کے ایمان نہ لانے کی وجہ سے ہلاک کرلے گا کہ تجھ کو ان کے ایمان لانے کی بہت حرص ہے ۔ (اسفًا منصوب ہے بوجہ مفعول لہٗ ہونے کے)

تشریح

۶ اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نتیجے کی ذمہ داری آپ پر نہیں ہے | رب العلمین نے بندوں پر اپنی شفقت کیوجہ سے یہ انتظام فرمایا ہے کہ میرے بندے ہدایت کا راستہ اختیار کر کے میری نعمتوں سے سرفراز ہوں اپنے بندوں کو راہِ راست پر لانے کے لئے اس نے ہر دور میں اپنے پیغمبر بھیجے اپنی کتابیں نازل کیں ۔ ان پیغمبروں نے پوری دردمندی کے ساتھ اللہ کے پیغام کو اللہ کے بندوں تک پہونچایا سب سے آخر میں رب العلمین نے خاتم الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو رحمۃ للعالمین بنا کر بندوں کی ہدایت کے لئے مقرر فرمایا ۔ پوری لگن کے ساتھ آپ کی کوشش یہ رہی کہ اللہ کے بندوں کو گمراہی اور اخلاقی پستی سے نکال کر انسانیت کے اعلیٰ مقام پر پہنچائیں مگر قوم تھی کہ کچھ لوگوں کو چھوڑ کر گمراہی پر ڈٹی ہوئی تھی اور کسی طرح اس پستی سے اوپر اٹھنے کے لئے تیار نہیں تھی ۔ آپ کو اپنی تکلیفوں کا غم نہ تھا آپ کو ان آلام کی پرواہ نہیں تھی جو اس راہ میں آپ کو اور آپ کے ساتھیوں کو اٹھانے پڑ رہے تھے بلکہ آپ اپنی شفقت و مرحمت کی وجہ سے قوم کو عذاب الٰہی سے بچانا چاہتے تھے اور اس کے لئے آپنے دن رات ایک کر رکھے تھے اور تبلیغ و دعوت کا فرض ادا فرما رہے تھے مگر جب آپ دیکھتے تھے کہ میری کاوشوں کے خاطر خواہ نتائج سامنے نہیں آرہے ہیں تو آپ دل دل میں گھٹتے تھے اور اندر اندر گھلتے رہتے تھے آپ کی اس جاں گسل کیفیت کا اندازہ اس حدیث سے ہوتا ہے جو بخاری و مسلم میں آپکے ان الفاظ کے ساتھ مذکور ہے کہ " میری اور تم سب لوگوں کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے روشنی کے لئے آگ لگائی مگر پروانے اس آگ میں جلنے کے لئے ٹوٹے پڑتے ہیں وہ کوشش کرتا ہے کہ انکو آگ سے بچائے ، ایسا ہی حال میرا ہے کہ میں تمہیں پکڑ پکڑ کر کھینچ رہا ہوں اور تم ہو کہ آگ میں کودے پڑتے ہو "

اللہ تعالےٰ نے آپ کو تسلی دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ میرے حبیب آپ ان کے غم میں اپنے آپ کو بالکل نہ گھلائیے ہمدردی اور شفقت کے ساتھ دعوت و تبلیغ کا جو کام آپ کر رہے ہیں وہ آپ کرتے رہیئے ۔ رہا اس کا نتیجہ کہ کون ایمان لاتا ہے کون نہیں لاتا یہ آپ کے اختیار میں نہیں ہے بس آپ اپنا فریضہ ادا کرتے جائیں ۔ کوئی بد بخت نہیں مانتا نہ مانے اس کا نتیجہ وہ خود ہی بھگتے گا ۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْأَرْضِ زِينَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ أَيُّهُمْ

إِنَّا	جَعَلْنَا	مَا	عَلَى الْأَرْضِ	زِينَةً	لَّهَا
بیشک ہم	ہم نے بنایا	جو	زمین پر	زینت	اسکے لئے

لِنَبْلُوَهُمْ	أَيُّهُمْ
تاکہ ہم انہیں آزمائیں	کون ان میں سے

بیشک ہم نے اسے اسکے لئے جو کچھ زمین میں ہے، زینت بنایا ہے تاکہ ہم انہیں آزمائیں کہ ان میں کون ہے

أَحْسَنُ عَمَلًا ﴿٧﴾ وَإِنَّا لَجَاعِلُونَ مَا عَلَيْهَا صَعِيدًا جُرُزًا ﴿٨﴾

أَحْسَنُ	عَمَلًا	وَإِنَّا	لَجَاعِلُونَ	مَا عَلَيْهَا	صَعِيدًا	جُرُزًا
بہتر	عمل میں	اور بیشک ہم	البتہ کرنیوالے	جو اس پر	صاف میدان	بنجر (چٹیل)

عمل میں بہتر اور جو کچھ اس (زمین) پر ہے بیشک ہم اسے (نابود کرکے) صاف چٹیل میدان کرنے والے ہیں۔

﴿٧﴾ إِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْأَرْضِ مِنَ الْحَيَوَانِ وَالنَّبَاتِ وَالشَّجَرِ وَالْأَنْهَارِ وَغَيْرِ ذَٰلِكَ زِينَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ لِنَخْتَبِرَ النَّاسَ نَاظِرِينَ إِلَىٰ ذَٰلِكَ أَيُّهُمْ أَحْسَنُ عَمَلًا ○ فِيهِ أَيْ أَزْهَدُ لَهُ

﴿٧﴾ بیشک جو کچھ زمین پر حیوانات اور نباتات اور درخت اور نہریں وغیرہ ہیں ہم نے ان اشیاء کو زمین کی زیبائش بنائی تاکہ لوگوں کو آزما دیں اور دیکھیں کون انمیں سے باعتبار عمل کے اچھا ہے یعنی دنیا میں زہد اور بے رغبتی سے بسر کرتا ہے۔

﴿٨﴾ وَإِنَّا لَجَاعِلُونَ مَا عَلَيْهَا صَعِيدًا زُلَقًا ○ أَوْ يَابِسًا لَا يُنْبِتُ

﴿٨﴾ اور بیشک کردینگے ان چیزوں کو جو زمین پر ہیں ٹکڑے ٹکڑے کہ سوکھ جائے اور نہ جمے۔

تشریح

﴿٧﴾ دنیا سامانِ عیش نہیں دارالامتحان ہے | روئے زمین پر طرح طرح کے سامان دیکھ کر انسان اس غلط فہمی میں مبتلا ہوجاتا ہے کہ یہ تمام چیزیں عیش وعشرت کے لئے ہیں اور ان میں کھو کر اپنے اصل مقصد کو بھول جاتا ہے۔ اسے معلوم ہونا چاہیئے کہ دل لبھانے کے یہ سامان مزے لوٹنے کے لئے نہیں بلکہ آزمائش کے لئے ہیں۔ انسان کا اصل مقام اپنے رب کی بندگی اس کی اطاعت وفرماں برداری اور اچھے عمل کرکے اس کی رضا حاصل کرنا ہے نہ کہ ان سروسامان میں کھو جانا۔ سمجھانے والا تمہیں سمجھا رہا ہے مگر تم اس رونقِ دنیا پر اتنے فریفتہ ہو کہ اس کی بات پر کان نہیں دھرتے اور بھول جاتے ہو کہ اصل ٹھکانا یہ دنیا نہیں بلکہ آخرت ہے۔

﴿٨﴾ یہ دنیا چٹیل میدان ہوجائیگی | یہ دنیا کی رونقیں یہاں کی لذتیں ہمیشہ رہنے والی نہیں ہیں قیامت آئے گی بساط الٹ دی جائیگی اور امتحان کا دور ختم ہوتے ہی یہ زمین ایک چٹیل میدان کے سوا اور کچھ نہ رہے گی۔

دنیا کے بارے میں صحیح طرزِ فکر یہ ہے کہ اس دنیا کو اور یہاں کی ترقیات کو آخرت کی ترقیات کا ذریعہ بنایا جائے اور دنیا کی چیزوں کو اللہ کی ہدایت کی روشنی میں ٹھیک ڈھنگ سے استعمال کیا جائے ابدی فلاح اور حقیقی اطمینان کا راستہ یہی ہے اپنے رب کی رضا کے لئے ہر فانی خوشی کو قربان کردینا راہِ حق پر چلنے کے لئے کسی مشکل سے نہ گھبرانا، یہی وہ راستہ ہے جو کٹھن ضرور ہے مگر منزل تک لیجانے والا ہے آگے آنے والا اصحاب کہف کا واقعہ اسی حقیقت کی نقاب کشائی کر رہا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اصحابِ کہف کے واقعہ پر ایک نظر

اصحابِ کہف۔ غار والے سات نوجوانوں کا واقعہ روم کے ایک شہر سے متعلق ہے جس شہر کا نام "افسس" (EPHESUS) تھا۔ یہ شہر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی آمد سے گیارہ سو سال پہلے تعمیر ہوا تھا، یہ شہر بت پرستی کا مرکز تھا یہاں چاند دیوی ڈائنا (DIANA) کی پوجا ہوتی تھی، ڈائنا کا عظیم الشان مندر آج بھی زمانۂ قدیم کے عجائباتِ عالم میں شمار کیا جاتا ہے۔ ایشیائے کوچک کے لوگ ڈائنا کی پرستش کرتے تھے اور رومی سلطنت نے بھی اس کو اپنے معبودوں میں شامل کر لیا تھا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد جب مسیحی دعوت روم کی سلطنت کے مختلف علاقوں میں پھیلنے لگی تو شہر "افی سوس" کے سات نوجوان خدائے واحد پر ایمان لے آئے روم کے بادشاہ قیصر ڈیسیئس (DECIUS) کی حکومت کا زمانہ سن ۲۴۱ عیسوی سے ۲۵۱ عیسوی تک ہے۔ اس کو ان نوجوانوں کی تبدیلیٔ مذہب کے بارے میں معلوم ہوا تو اس نے انکو اپنے دربار میں طلب کیا۔ اور ان سے پوچھا کہ تمہارا مذہب کیا ہے۔ ان نوجوانوں کو معلوم تھا کہ بادشاہ عیسائیوں کے خون کا پیاسا ہے مگر انہوں نے بغیر کسی خوف و خطر کے صاف صاف کہہ دیا کہ ہمارا رب وہ ہے جس نے زمین و آسمان بنائے ہیں۔ ان کی ایمانی جرأت اور ثابت قدمی نے سب کو حیران کر دیا۔ بادشاہ پہلے تو سخت غضبناک ہوا اور کہا کہ اپنی زبان بند کرو، ورنہ میں تمہیں ابھی قتل کرا دوں گا۔ پھر کچھ ٹھنڈا ہوا اور کہا کہ ابھی تم بچے ہو، میں تمہیں تین دن کی مہلت دیتا ہوں اگر تم باز نہ آئے تو تمہاری گردن ماردی جائے گی۔

اس مہلت سے فائدہ اٹھا کر یہ صاحبِ ایمان ساتوں نوجوان شہر سے بھاگ نکلے اور پہاڑوں کی راہ لی تاکہ کسی غار میں جا کر چھپ جائیں۔ راستہ میں ایک کتا ان کے ساتھ لگ گیا، انہوں نے اس کو بھگانے کی کوشش کی مگر وہ ان کے ساتھ ہی لگا رہا۔ شیخ سعدی نے اپنی کتاب گلستاں میں اس کتے کا ذکر اس طرح کیا ہے:۔

؎ سگِ اصحاب کہف روزے چند ❊ پئے نیکاں گرفت مردم شد

اصحاب کہف کے کتے نے چند دن نیکوں کی صحبت اختیار کی، آدمی بن گیا۔

آخر ایک بڑے غار کو اچھی جائے پناہ دیکھ کر وہ اس میں چھپ گئے اور کتا اس کے دہانے پر بیٹھ گیا۔ تھکے ماندے تھے، نیند آگئی۔ یہ واقعہ ۲۵۰ء کا ہے ایک سو ستانوے برس تک یہ لوگ سوتے رہے۔ سرکاری آدمیوں نے ان کو تلاش کیا جب یہ لوگ نہ ملے تو ان کے نام ایک سیسہ کی تختی پر لکھ کر خزانے میں رکھ دئے تاکہ آنے والی نسلیں اس بات کو یاد رکھیں۔

قیصر ڈیسیئس کے بعد قیصر تھیوڈوسیس ثانی (THEODOSIUS) کا زمانہ ۴۰۸ء سے ۴۵۰ء کا ہے۔ اس کی سلطنت کے اڑتیسویں سال میں یہ سات نوجوان بیدار ہوئے۔ اس وقت تک رومی سلطنت مسیحیت اختیار کر چکی تھی اور شہر افسس کے باشندے بھی بت پرستی چھوڑ چکے تھے۔

اس زمانے میں رومی باشندوں کے درمیان زندگی بعد موت اور حشر و نشر کے معاملے میں بڑی بحثیں چل رہی تھیں اور قیصر چاہتا تھا کہ کوئی ایسی نشانی سامنے آجائے جس کو دیکھ کر لوگ آخرت پر یقین کر لیں۔ اتفاق کی بات کہ اسی زمانہ میں یہ نوجوان نیند سے بیدار ہوئے ۔ بیدار ہو کر انھوں نے آپس میں پوچھا کہ ہم کتنی دیر سوئے ہونگے۔ کسی نے کہا دن بھر کسی نے کہا دن کا کچھ حصہ۔ پھر یہ کہہ کر سب خاموش ہو گئے کہ خدا ہی بہتر جانتا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

اس کے بعد انھوں نے اپنے ایک ساتھی کو جس کا نام "جین" (GEEN) تھا چاندی کے چند سکّے دیکر کھانا لانے کے لئے شہر بھیجا، اور اس سے کہا ذرا احتیاط سے کام لینا، کہیں لوگ تمہیں پہچان نہ جائیں انھیں ڈر تھا کہ اگر لوگوں کو ہمارا پتہ چل گیا تو وہ ہمیں پکڑ کر لے جائیں گے اور ڈائنا کی پرستش پر مجبور کریں گے۔

مگر جین جب شہر پہنچا تو یہ دیکھ کر حیران رہ گیا کہ یہاں تو دنیا ہی بدلی ہوئی ہے ایک دکان پر پہونچ کر اس نے کچھ روٹیاں خریدیں اور دوکاندار کو چاندی کا ایک سکّہ دیا جس پر قیصر ڈیسیئس کی تصویر تھی دوکاندار نے یہ سکّہ دیکھ کر حیرانی سے پوچھا یہ سکہ تمہیں کہاں سے ملا ہے۔ جین نے کہا یہ میرا اپنا مال ہے۔ دونوں میں تکرار ہونے لگی جس پر بہت سے لوگ جمع ہو گئے معاملہ کوتوال شہر تک پہنچ گیا۔ کوتوال شہر نے کہا کہ مجھے وہ دفینہ بتاؤ جہاں سے تم یہ سکّہ لائے ہو۔ جین نے جواب دیا کہ میں کسی دفینہ کو نہیں جانتا۔ کوتوال نے کہا کہ تمہاری یہ بات ماننے کے قابل نہیں ہے یہ صدیوں پرانا سکّہ ہے تم تو ابھی جوان لڑکے ہو ہمارے بڑے بوڑھوں نے بھی یہ سکہ نہیں دیکھا، یہ ضرور کوئی راز ہے۔

جین نے جب یہ سنا کہ قیصر ڈیسیئس کو مرے ہوئے زمانہ دراز گزر چکا ہے تو وہ دنگ رہ گیا اور کچھ دیر تک بالکل دم بخود رہا پھر آہستہ سے بولا کل ہی تو میں اور میرے چھ ساتھی شہر سے بھاگ کر گئے تھے اور ہم نے ایک غار میں پناہ لی تھی تاکہ ڈیسیس کے ظلم سے بچے رہیں

جین کی یہ بات سنکر کوتوال بھی حیران ہو گیا اور اس کو لیکر اس غار کی طرف چلا جہاں اس کے بیان کے مطابق یہ لوگ چھپے ہوئے تھے، لوگوں کا ایک بڑا مجمع ان کے ساتھ تھا وہاں پہونچ کر اس بات کی پوری تحقیق ہو گئی کہ یہ واقعی قیصر ڈیسیس کے زمانے کے لوگ ہیں

قیصر تھیوڈوسیس کو اس کی اطلاع دی گئی، وہ خود آکر ان سے ملا اور ان سے برکت لی، اس کے بعد یہ ساتوں آدمی غار میں جا کر لیٹے اور وفات پا گئے۔ اس کھلی نشانی کو دیکھ کر لوگ مان گئے کہ واقعی موت کے بعد زندگی برحق ہے پھر قیصر کے حکم سے اس غار پر ایک زیارت گاہ تعمیر کر دی گئی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَمْ حَسِبْتَ أَنَّ أَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا

أَمْ حَسِبْتَ	أَنَّ	أَصْحٰبَ الْكَهْفِ	وَالرَّقِيْمِ	كَانُوْا
کیا تم نے گمان کیا؟	کہ	اصحاب کہف (غار والے)	اور رقیم	تھے

کیا تم نے گمان کیا؟ کہ کہف (غار) اور رقیم والے ہماری نشانیوں

مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝۹ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ

مِنْ	اٰيٰتِنَا + عَجَبًا	اِذْ	اَوَى	الْفِتْيَةُ	اِلَى	الْكَهْفِ
سے	ہماری نشانیاں عجیب	جب	پناہ لی	جوان (جمع)	طرف۔میں	غار

سے عجیب تھے جب ان جوانوں نے غار میں پناہ لی

فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ

فَقَالُوْا	رَبَّنَآ	اٰتِنَا	مِنْ لَّدُنْكَ	رَحْمَةً	وَّهَيِّئْ
تو انہوں نے کہا	اے ہمارے رب	ہمیں دے	اپنی طرف سے	رحمت	اور مہیا کر

تو انہوں نے کہا، اے ہمارے رب! ہمیں اپنی طرف سے رحمت دے اور ہمارے کام

لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝۱۰ فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي

لَنَا	مِنْ + اَمْرِنَا	رَشَدًا	فَضَرَبْنَا	عَلٰٓى	اٰذَانِهِمْ	فِي
ہمارے لئے	ہمارے کام میں	درستی	پس ہم نے مارا (پردہ ڈالا)	پر	ان کے کان (جمع)	میں

میں درستی مہیا کر، پس ہم نے پردہ ڈالا ان کے کانوں پر (سلایا)

الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ۝۱۱

الْكَهْفِ	سِنِيْنَ + عَدَدًا
غار	کئی سال

غار میں کئی سال۔

۹ أَمْ حَسِبْتَ اَيْ اَظَنَنْتَ اَنَّ اَصْحَابَ الْكَهْفِ الْغَارِ فِي الْجَبَلِ وَالرَّقِيْمِ اللَّوْحِ الْمَكْتُوْبِ فِيْهِ اَسْمَاؤُهُمْ وَاَنْسَابُهُمْ وَقَدْ سُئِلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قِصَّتِهِمْ

۹ کیا اے محمد تو نے خیال کیا کہ اصحاب کہف اور رقیم کا قصہ ہماری نشانیوں میں سے زیادہ عجیب قصہ ہے یعنی اور نشانیاں ایسی عجیب نہیں صرف یہی قصہ عجیب ہے یہ بات نہیں بلکہ حق تعالیٰ کی نشانیاں تمام عجیب ہیں۔ اور حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کے قصہ کا حال پوچھا گیا تھا اس پر یہ آیتیں نازل

toobaa-elibrary.blogspot.com

كَانُوْا فِيْ قِصَّتِهِمْ مِنْ جُمْلَةِ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ○ خَبَرُ كَانَ وَمَا قَبْلَهٗ حَالٌ اَيْ كَانُوْا عَجَبًا دُوْنَ بَاقِي الْاٰيَاتِ اَوْ اَعْجَبَهَا لَيْسَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ

ہوئیں

عجبًا خبر کانوا کے متعلق ہے اور اس کا پہلا جملہ، من آیاتنا، ترکیب میں حال ہے کہ کیا یہی قصہ عجیب ہے باقی نشانیوں میں سے؟ ایسا نہیں ہے

(۱۰) اُذْكُرْ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ جَمْعُ فَتًى وَهُوَ الشَّابُّ الْكَامِلُ خَائِفِيْنَ عَلٰى اِيْمَانِهِمْ مِنْ قَوْمِهِمُ الْكُفَّارِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ مِنْ قِبَلِكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ اَصْلِحْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ○ هِدَايَةً

(۱۰) اے محمدؐ ان سے بتاؤ کہ قوم کافر سے ڈر کر ایمان کی حفاظت کے سبب سے چند جوانوں نے غار میں پناہ پکڑی (فتیۃ جمع فتیٰ کی ہے اور فتیٰ پورے جوان کو کہتے ہیں)

وہ جوان کہنے لگے کہ اے ہمارے رب ہمکو اپنے پاس سے رحمت عطا فرما اور ہم کو راہ راست پر رکھ۔ اور ہمارا کام درست فرما۔

(۱۱) فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ اَيْ اَنَمْنَاهُمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ○ مَعْدُوْدَةً

(۱۱) سو ہم نے انکو غار میں سُلایا چند برس تک۔

تشریح

(۹) اللہ کی قدرت کا ایک چھوٹا سا نمونہ اصحاب کہف کا واقعہ بھی ہے | یہود کے مشورے پر قریش نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تین سوال کئے تھے ان میں سے ایک سوال روح کے بارے میں تھا، اور دوسرا سوال اصحاب کہف سے متعلق تھا۔ اصحاب کہف کے قصے کو عجیب ہونے کی وجہ سے وہ بڑا اہم سمجھتے تھے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ یہ واقعہ اتنا عجیب اور اللہ کے لئے کوئی بڑا مشکل کام نہیں ہے جتنا تم اسکو سمجھتے ہو یہ کوئی بڑے اچنبھے کی بات نہیں ہے جسے حد سے زیادہ عجیب سمجھا جائے۔ اگر تم زمین آسمان، سورج چاند کی تخلیق پر غور کرو اور یہ دیکھو کہ کس طرح ان کا ایک محکم نظام قائم ہے تو تمہیں ان چیزوں کے مقابلے میں اصحاب کہف کا واقعہ کچھ بھی عجیب معلوم نہ ہوگا۔

(۱۰) اصحاب کہف اللہ کی رحمت کے امیدوار چند نوجوان تھے | یہ چند نوجوان تھے جو غار میں آکر پناہ گزیں ہوگئے اور انہوں نے اللہ سے دُعا کی کہ اے پروردگار ہمیں اپنی رحمتِ خاص سے نواز دیجئے اور ہمارے معاملے کو درست کر دیجئے ہم جس پریشانی اور مصیبت سے گھبرا کر اپنے گھر بار چھوڑ کر نکلے ہیں اس سے ہمیں نجات دے دیجئے ہمیں ان لوگوں کے ظلم و ستم سے بچا لیجئے جو ہمیں راہ حق سے بھٹکانا چاہتے ہیں۔

(۱۱) اللہ نے انکو تھپک کر غار میں سلا دیا | اللہ نے ان کی دعا قبول کی اور پہاڑ کے غار میں پہنچ کر جو لیٹے ہیں تو ایسے سوئے کہ گہری نیند میں صدیاں بیت گئیں باہر کی کوئی خبر ان کے کانوں میں نہیں پہنچتی تھی۔ ایسے بے خبر سو رہے تھے جیسے ماں اپنے بچے کو تھپک تھپک کر سلا دیتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَیُّ الْحِزْبَیْنِ اَحْصٰی لِمَا لَبِثُوْٓا

ثُمَّ	بَعَثْنٰهُمْ	لِنَعْلَمَ	اَیُّ	الْحِزْبَیْنِ	اَحْصٰی	لِمَا + لَبِثُوْٓا
پھر	ہم نے انہیں اٹھایا	تاکہ ہم دیکھیں	کون کس	دونوں گروہ	خوب یاد رکھا	کتنی دیر رہا

پھر ہم نے انہیں اٹھایا تاکہ ہم دیکھیں دونوں گروہوں میں سے کس نے خوب یاد رکھا ہے کہ وہ کتنی

ع ۱۲ ۱۳ اَمَدًا ﴿۱۲﴾ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَیْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ؕ اِنَّهُمْ

اَمَدًا	نَحْنُ	نَقُصُّ	عَلَیْكَ	نَبَاَهُمْ	بِالْحَقِّ	اِنَّهُمْ
مدت	ہم	بیان کرتے ہیں	تجھ سے	ان کا حال	ٹھیک ٹھیک	بیشک وہ

مدت (غار میں) رہا، ہم تجھ سے ٹھیک ٹھیک ان کا حال بیان کرتے ہیں۔ وہ چند

فِتْیَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًی ﴿۱۳﴾ قصلے

فِتْیَةٌ	اٰمَنُوْا	بِرَبِّهِمْ	وَزِدْنٰهُمْ + هُدًی
چند نوجوان	وہ ایمان لائے	اپنے رب پر	اور ہم نے اور زیادہ دی انہیں ہدایت

نوجوان تھے، وہ ایمان لائے اپنے رب پر، اور ہم نے انھیں ہدایت اور زیادہ دی۔

﴿۱۲﴾ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ اَیْ اَیْقَظْنَاهُمْ لِنَعْلَمَ عِلْمَ مُشَاهَدَةٍ اَیُّ الْحِزْبَیْنِ الْفَرِیْقَیْنِ الْمُخْتَلِفَیْنِ فِیْ مُدَّةِ لُبْثِهِمْ اَحْصٰی فِعْلٌ بِمَعْنٰی ضَبْطٍ لِمَا لَبِثُوْا لِلُبْثِهِمْ مُتَعَلِّقٌ بِمَا بَعْدَهٗ اَمَدًا ○ غَایَةً

﴿۱۲﴾ پھر انکو بیدار کیا تاکہ ہم دیکھیں کہ دونوں جماعتوں میں جو اُن کی مدتِ قیام غار میں مختلف ہیں کون زیادہ یاد رکھنے والی ہے ان کی مدت قیام کو۔

﴿۱۳﴾ نَحْنُ نَقُصُّ نَقْرَأُ عَلَیْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ بِالصِّدْقِ اِنَّهُمْ فِتْیَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًی ○

﴿۱۳﴾ نَحْنُ نَقُصُّ عَلَیْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ اِنَّهُمْ فِتْیَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَزِدْنٰهُمْ هُدًی وَرَبَطْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ اِلٰخِرِهٖ ثُمَّ تم

تشریح

﴿۱۲﴾ **نیند کی مدت کتنی تھی** غار والے یہ نوجوان کتنی مدت غار میں سوتے رہے جب اللہ نے ان کو جگایا تو انمیں آپس میں بھی یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ ہم کتنی دیر سوتے رہے ہیں اور باہر بھی چہ میگوئیاں تھیں کہ کتنی مدت گذر گئی ہے۔ ہر آدمی اپنا اپنا حساب لگا رہا تھا ہم انکو جگا کر دیکھنا چاہتے تھے کہ کون گروہ مدتِ قیام کا ٹھیک ٹھیک شمار کرتا ہے اور اس سچائی تک پہنچتا ہے کہ موت کے بعد زندہ ہونا اسطرح برحق ہے جس طرح سونے کے بعد جاگنا۔

﴿۱۳﴾ **اصحاب کہف کا اصل واقعہ اور انکی ثابت قدمی** یہود کے کہنے پر اے پیغمبر اہل قریش نے آپ سے اصحاب کہف کے بارے میں جو سوال کیا ہے اسکا اصل قصہ ہم آپکو سناتے ہیں یہ چند نوجوان تھے جو سچے دل سے اپنے رب پر ایمان لائے تھے۔ کیونکہ یہ لوگ اپنے ایمان میں مخلص تھے اسلئے ان کا ایمان اس درجہ پر پہنچ گیا کہ انہوں نے ہر خطرے کو گوارا کیا مگر باطل کے آگے نہ جھکے اور حق و صداقت پر قائم رہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

وَّ	رَبَطْنَا	عَلٰى	قُلُوْبِهِمْ	اِذْ + قَامُوْا	فَقَالُوْا	رَبُّنَا	رَبُّ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
اور ہم نے گرہ لگا دی	پر	انکے دل	جب وہ کھڑے ہوئے	تو انہوں نے کہا	ہمارا رب	پروردگار	آسمانوں	اور زمین

اور ہم نے ان کے دلوں پر گرہ لگا دی (دل پختہ کر دئے) جب وہ کھڑے ہوئے تو انہوں نے کہا ہمارا رب پروردگار ہے آسمانوں کا اور زمین کا

لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ⑭

لَنْ نَّدْعُوَا	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اِلٰهًا	لَقَدْ قُلْنَآ	اِذًا	شَطَطًا
ہم ہرگز نہ پکاریں گے	اس کے علاوہ	کوئی معبود	البتہ ہم نے کہی	اسوقت	بے جا بات

ہم اس کے سوا کسی کو معبود نہ پکاریں گے (ورنہ) البتہ اس وقت ہم نے بیجا بات کہی۔

⑭ وَرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا لَقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ○ اَیْ قَوْلًا ذَا شَطَطٍ اَیْ اِفْرَاطٍ فِی الْکُفْرِ اِنْ دَعَوْنَا اِلٰهًا غَیْرَ اللّٰهِ تَعَالٰی نَزْرًا

⑭ ہے ان کا واقعی حال بیان کرتے ہیں بیشک وہ چند جوان تھے جو اپنے رب پر ایمان لائے اور ہم نے انکی ہدایت زیادہ کی اور ان کے دلوں کو سچی بات کہنے میں قوی کیا جبکہ وہ اپنے زمانہ کے بادشاہ کے روبرو کھڑے ہوئے اور حال یہ کہ ان کے بادشاہ نے انکو بتوں کے لئے سجدہ کرنے کا حکم کیا تھا وہ بولے اسے ہمارے رب جو رب ہے آسمانوں اور زمینوں کا جس کے سوا ہم کسی کو معبود نہیں سمجھتے اگر ہم بالفرض اس کے سوا کسی کو معبود سمجھیں تو ہم نے ان سے بڑھ کر بات کہی اور کفر میں بڑھے

تشریح

⑭ غار والے نوجوانوں نے اللہ پر توکل کیا | اصحاب کہف کی استقامت نے ان کے دلوں کو مضبوط کر دیا اور انہوں نے اللہ پر بھروسہ کرتے ہوئے روم کے ظالم بادشاہ ڈیسس (دقیانوس) کے دربار میں صاف اعلان کر دیا کہ ہمارا رب تو وہی ہے جو زمین و آسمان کا خالق اور رب ہے ہم اسے چھوڑ کر کسی دوسرے کو اپنا معبود نہیں بنائیں گے۔

یہ بالکل ایسا ہی منظر تھا جیسے نمرود کے دربار میں اعلانِ حق کرتے ہوئے حضرت ابراہیم نے ارشاد فرمایا تھا کہ میرا رب وہ ہے جو موت و حیات کا مالک ہے اور جب نمرود نے کہا تھا کہ موت اور زندگی میرے اختیار میں ہے تو حضرت ابراہیم نے فرمایا تھا کہ میرا رب ہر روز سورج کو مشرق سے نکالتا ہے۔ اگر تو اپنے آپ کو رب کی طرح با اختیار سمجھتا ہے تو سورج کو مغرب سے نکال کے دکھا اور نمرود اپنا منہ تکتا لاجواب ہو کر رہ گیا۔

آج دینِ ابراہیمی پر چلنے والے یہ نوجوان سنت ابراہیمی کو زندہ کرتے ہوئے صاف صاف کہہ رہے تھے کہ اگر ہم اللہ کو چھوڑ کر کسی دوسرے کو معبود بنائیں گے تو یہ بالکل بیجا اور خلافِ حق بات ہوگی۔ سچائی یہ ہے کہ رب بھی وہی ہے اور الٰہ بھی وہی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

هٰٓؤُلَآءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ

هٰٓؤُلَآءِ	قَوْمُنَا	اتَّخَذُوْا	مِنْ دُوْنِهٖٓ	اٰلِهَةً	لَوْلَا	يَاْتُوْنَ	عَلَيْهِمْ
یہ ہے	ہماری قوم	انہوں نے بنالئے	اس کے سوا	اور معبود	کیوں نہیں	وہ لاتے	ان پر

یہ ہے ہماری قوم انہوں نے بنالئے اس کے سوا اور معبود وہ ان پر کوئی واضح دلیل

بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ؕ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝۱۵

بِسُلْطٰنٍۢ	بَيِّنٍ	فَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنِ	افْتَرٰى	عَلَى	اللّٰهِ	كَذِبًا
کوئی دلیل	واضح	پس کون	بڑا ظالم	اس سے جو	افترا کرے	پر	اللہ	جھوٹ

کیوں نہیں لاتے ؟ پس کون ہے اس سے بڑا ظالم جو اللہ پر جھوٹ افترا کرے ۔

وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ

وَاِذِ	اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ	وَمَا يَعْبُدُوْنَ	اِلَّا اللّٰهَ	فَاْوٗٓا	اِلَى	الْكَهْفِ
اور جب	تم نے ان سے کنارہ کرلیا	اور جو وہ پوجتے ہیں	اللہ کے سوا	تو پناہ لو	طرف میں	غار

اور جب تم نے ان سے اور جن کو وہ اللہ کے سوا پوجتے ہیں ان سے کنارہ کرلیا ہے تو غار میں پناہ لو

يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ۝۱۶

يَنْشُرْ لَكُمْ	رَبُّكُمْ	مِّنْ	رَّحْمَتِهٖ	وَيُهَيِّئْ	لَكُمْ	مِّنْ	اَمْرِكُمْ	مِّرْفَقًا
وہ پھیلا ئیگا تمہیں	تمہارا رب	سے	اپنی رحمت	مہیا کریگا	تمہارے لئے	سے	تمہارے کام	سہولت

تمہارا رب تمہارے لئے اپنی رحمت پھیلا دے گا اور تمہارے کام میں تمہارے لئے سہولت مہیا کرے گا۔

وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَ

وَتَرَى	الشَّمْسَ	اِذَا	طَلَعَتْ	تَّزٰوَرُ	عَنْ	كَهْفِهِمْ	ذَاتَ	الْيَمِيْنِ	وَ
اور تم دیکھوگے	سورج (دھوپ)	جب	وہ نکلتی ہے	بچ کر جاتی ہے	سے	ان کا غار		دائیں طرف	اور

اور تم دیکھو گے جب دھوپ نکلتی ہے وہ ان کے غار سے دائیں طرف بچ کر جاتی ہے ۔ اور

اِذَا غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ

اِذَا	غَرَبَتْ	تَّقْرِضُهُمْ	ذَاتَ	الشِّمَالِ	وَهُمْ	فِيْ	فَجْوَةٍ	مِّنْهُ	ذٰلِكَ
جب	وہ ڈھل جاتی ہے	ان سے کترا جاتی ہے	بائیں	طرف	اور وہ	میں	کھلی جگہ	اس (غار) کی	یہ

جب وہ ڈھلتی ہے تو ان سے بائیں طرف کو کترا جاتی ہے اور وہ غار کی کھلی جگہ میں ہیں۔ یہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ

مِنْ	اٰيٰتِ + اللّٰهِ	مَنْ	يَّهْدِ	اللّٰهُ	فَهُوَ الْمُهْتَدِ	وَمَنْ	يُّضْلِلْ
سے	اللہ کی نشانیاں	جو۔جسے	ہدایت دے	اللہ	پس وہ ہدایت یافتہ	اور جو۔جس	وہ گمراہ کرے

اللہ کی نشانیوں میں سے ہے جسے ہدایت دے اللہ سو وہی ہدایت یافتہ ہے اور جسے گمراہ کرے

فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ﴿۱۷﴾ ع ۱۴ ۲ ۵

فَلَنْ + تَجِدَ	لَهٗ	وَلِيًّا	مُّرْشِدًا
پس تو ہرگز نہ پائیگا	اسکے لئے	کوئی رفیق	سیدھی راہ دکھانیوالا

تو اس کے لئے ہرگز کوئی رفیق سیدھی راہ دکھانے والا نہ پائے گا۔

(۱۵) هٰٓؤُلَآءِ مُبْتَدَأٌ قَوْمُنَا عَطْفُ بَيَانٍ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً ؕ لَوْلَا هَلَّا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ عَلٰى عِبَادَتِهِمْ بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ؕ بِحُجَّةٍ ظَاهِرَةٍ فَمَنْ اَظْلَمُ اَیْ لَا اَحَدَ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۝ بِنِسْبَةِ الشَّرِيْكِ اِلَيْهِ تَعَالٰى۔

(۱۵) یہ ہماری قوم اللہ کے سوا اوروں کو پوجتے ہیں یہ لوگ ان کی پرستش پر کوئی دلیل ظاہر کیوں نہیں لاتے۔

سو اس سے زیادہ کوئی ناانصاف نہیں جو اللہ پر جھوٹ باندھے اس کا ساجھی دوسروں کو بنا دے۔

(۱۶) قَالَ بَعْضُ الْفِتْيَةِ لِبَعْضٍ وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَيُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ۝ بِكَسْرِ الْمِيْمِ وَفَتْحِ الْفَاءِ وَبِالْعَكْسِ مَا تَرْفُقُوْنَ بِهٖ مِنْ غَدَاءٍ وَّعَشَاءٍ۔

(۱۶) بعض جوانوں میں سے بعض سے کہنے لگا یعنی آپس میں ایک دوسرے سے کہا۔ اور جب تم نے ان کافروں کو اور ان کے معبودوں کو چھوڑا سوا اللہ کے تو اب تم چھپ جاؤ غار میں تمہارا رب اپنی رحمت تم پر فراخ کردیگا اور تمہارے لئے سامان راحت تیار کردیگا (مرفقا ساتھ کسرہ میم اور فتح فا کے ہے اور برعکس مراد اس سے وہ جو سامان نفع اٹھانے کا یعنی صبح شام کا کھانا)

(۱۷) وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ بِالتَّشْدِيْدِ وَالتَّخْفِيْفِ تَمِيْلُ عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ نَاحِيَتِهٖ وَاِذَا غَرَبَتْ تَقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ تَتْرُكُهُمْ وَتَجَاوُزُهُمْ تَلَا تُصِيْبُهُمْ الْبَتَّةَ وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ مُتَّسِعٍ مِّنَ الْكَهْفِ يَنَالُهُمْ بَرْدُ الرِّيْحِ وَ

(۱۷) اور جب سورج نکلتا ہے تو اس کو دیکھ کہ وہ ان کے غار سے داہنی طرف کو جھک کر نکلتا ہے اور جب غروب ہوتا ہے تو ان سے کترا جاتا ہے بائیں طرف یعنی ان کو چھوڑتا ہے اور متجاوز ہو جاتا ہے جس کے سبب ان پر دھوپ نہیں آتی اور وہ اس فراخ غار میں خوش و خرم ہیں ٹھنڈی خوش گوار ہوا انکو پہنچتی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِينِ وَذَاتَ الشِّمَالِ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿١٨﴾ وَكَذَٰلِكَ بَعَثْنَاهُمْ لِيَتَسَاءَلُوا بَيْنَهُمْ ۚ قَالَ قَائِلٌ مِنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ۖ قَالُوا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۚ قَالُوا رَبُّكُمْ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ۖ فَابْعَثُوا أَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هَٰذِهِ إِلَىٰ الْمَدِينَةِ فَلْيَنظُرْ أَيُّهَا أَزْكَىٰ طَعَامًا فَلْيَأْتِكُم بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ أَحَدًا ﴿١٩﴾ إِنَّهُمْ إِن يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوكُمْ أَوْ يُعِيدُوكُمْ فِي مِلَّتِهِمْ وَلَن تُفْلِحُوا إِذًا أَبَدًا ﴿٢٠﴾ وَكَذَٰلِكَ أَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوا أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَأَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيهَا إِذْ يَتَنَازَعُونَ بَيْنَهُمْ أَمْرَهُمْ ۖ فَقَالُوا ابْنُوا عَلَيْهِم بُنْيَانًا ۖ رَّبُّهُمْ أَعْلَمُ بِهِمْ ۗ قَالَ الَّذِينَ غَلَبُوا عَلَىٰ أَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِم مَّسْجِدًا ﴿٢١﴾ سَيَقُولُونَ ثَلَاثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۖ وَيَقُولُونَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۖ وَيَقُولُونَ سَبْعَةٌ وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ قُل رَّبِّي أَعْلَمُ بِعِدَّتِهِم مَّا يَعْلَمُهُمْ إِلَّا قَلِيلٌ ۗ فَلَا تُمَارِ فِيهِمْ إِلَّا مِرَاءً ظَاهِرًا ۖ وَلَا تَسْتَفْتِ فِيهِم مِّنْهُمْ أَحَدًا ﴿٢٢﴾ وَلَا تَقُولَنَّ لِشَيْءٍ إِنِّي فَاعِلٌ ذَٰلِكَ غَدًا ﴿٢٣﴾ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ ۚ وَاذْكُر رَّبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ عَسَىٰ أَن يَهْدِيَنِ رَبِّي لِأَقْرَبَ مِنْ هَٰذَا رَشَدًا ﴿٢٤﴾ وَلَبِثُوا فِي كَهْفِهِمْ ثَلَاثَ مِائَةٍ سِنِينَ وَازْدَادُوا تِسْعًا ﴿٢٥﴾ قُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوا ۖ لَهُ غَيْبُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ أَبْصِرْ بِهِ وَأَسْمِعْ ۚ مَا لَهُم مِّن دُونِهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا يُشْرِكُ فِي حُكْمِهِ أَحَدًا ﴿٢٦﴾ وَاتْلُ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِن كِتَابِ رَبِّكَ ۖ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ ۚ وَلَن تَجِدَ مِن دُونِهِ مُلْتَحَدًا ﴿٢٧﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُم بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ ۖ وَلَا تَعْدُ عَيْنَاكَ عَنْهُمْ تُرِيدُ زِينَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَلَا تُطِعْ مَنْ أَغْفَلْنَا قَلْبَهُ عَن ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوَاهُ وَكَانَ أَمْرُهُ فُرُطًا ﴿٢٨﴾ وَقُلِ الْحَقُّ مِن رَّبِّكُمْ ۖ فَمَن شَاءَ فَلْيُؤْمِن وَمَن شَاءَ فَلْيَكْفُرْ ۚ إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلظَّالِمِينَ نَارًا أَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۚ وَإِن يَسْتَغِيثُوا يُغَاثُوا بِمَاءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوهَ ۚ بِئْسَ الشَّرَابُ وَسَاءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿٢٩﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ إِنَّا لَا نُضِيعُ أَجْرَ مَنْ أَحْسَنَ عَمَلًا ﴿٣٠﴾ أُولَٰئِكَ لَهُمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَيَلْبَسُونَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّن سُندُسٍ وَإِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِئِينَ فِيهَا عَلَى الْأَرَائِكِ ۚ نِعْمَ الثَّوَابُ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿٣١﴾ وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ وَحَفَفْنَاهُمَا بِنَخْلٍ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ﴿٣٢﴾ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ آتَتْ أُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِم مِّنْهُ شَيْئًا ۚ وَفَجَّرْنَا خِلَالَهُمَا نَهَرًا ﴿٣٣﴾ وَكَانَ لَهُ ثَمَرٌ فَقَالَ لِصَاحِبِهِ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ أَنَا أَكْثَرُ مِنكَ مَالًا وَأَعَزُّ نَفَرًا ﴿٣٤﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهُ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهِ قَالَ مَا أَظُنُّ أَن تَبِيدَ هَٰذِهِ أَبَدًا ﴿٣٥﴾ وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِن رُّدِدتُّ إِلَىٰ رَبِّي لَأَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنقَلَبًا ﴿٣٦﴾ قَالَ لَهُ صَاحِبُهُ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ أَكَفَرْتَ بِالَّذِي خَلَقَكَ مِن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوَّاكَ رَجُلًا ﴿٣٧﴾ لَّٰكِنَّا۠ هُوَ اللَّهُ رَبِّي وَلَا أُشْرِكُ بِرَبِّي أَحَدًا ﴿٣٨﴾ وَلَوْلَا إِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَاءَ اللَّهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ ۚ إِن تَرَنِ أَنَا أَقَلَّ مِنكَ مَالًا وَوَلَدًا ﴿٣٩﴾ فَعَسَىٰ رَبِّي أَن يُؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّن جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَاءِ فَتُصْبِحَ صَعِيدًا زَلَقًا ﴿٤٠﴾ أَوْ يُصْبِحَ مَاؤُهَا غَوْرًا فَلَن تَسْتَطِيعَ لَهُ طَلَبًا ﴿٤١﴾ وَأُحِيطَ بِثَمَرِهِ فَأَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلَىٰ مَا أَنفَقَ فِيهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا وَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُشْرِكْ بِرَبِّي أَحَدًا ﴿٤٢﴾ وَلَمْ تَكُن لَّهُ فِئَةٌ يَنصُرُونَهُ مِن دُونِ اللَّهِ وَمَا كَانَ مُنتَصِرًا ﴿٤٣﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلَّهِ الْحَقِّ ۚ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَخَيْرٌ عُقْبًا ﴿٤٤﴾ وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَاءٍ أَنزَلْنَاهُ مِنَ السَّمَاءِ فَاخْتَلَطَ بِهِ نَبَاتُ الْأَرْضِ فَأَصْبَحَ هَشِيمًا تَذْرُوهُ الرِّيَاحُ ۗ وَكَانَ اللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿٤٥﴾ الْمَالُ وَالْبَنُونَ زِينَةُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ۖ وَالْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ خَيْرٌ عِندَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَخَيْرٌ أَمَلًا ﴿٤٦﴾ وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْأَرْضَ بَارِزَةً وَحَشَرْنَاهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ أَحَدًا ﴿٤٧﴾ وَعُرِضُوا عَلَىٰ رَبِّكَ صَفًّا لَّقَدْ جِئْتُمُونَا كَمَا خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ ۖ بَلْ زَعَمْتُمْ أَلَّن نَّجْعَلَ لَكُم مَّوْعِدًا ﴿٤٨﴾ وَوُضِعَ الْكِتَابُ فَتَرَى الْمُجْرِمِينَ مُشْفِقِينَ مِمَّا فِيهِ وَيَقُولُونَ يَا وَيْلَتَنَا مَالِ هَٰذَا الْكِتَابِ لَا يُغَادِرُ صَغِيرَةً وَلَا كَبِيرَةً إِلَّا أَحْصَاهَا ۚ وَوَجَدُوا مَا عَمِلُوا حَاضِرًا ۗ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ أَحَدًا ﴿٤٩﴾ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ ۖ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ أَمْرِ رَبِّهِ ۗ أَفَتَتَّخِذُونَهُ وَذُرِّيَّتَهُ أَوْلِيَاءَ مِن دُونِي وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ۚ بِئْسَ لِلظَّالِمِينَ بَدَلًا ﴿٥٠﴾ مَّا أَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلَا خَلْقَ أَنفُسِهِمْ ۖ وَمَا كُنتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّينَ عَضُدًا ﴿٥١﴾ وَيَوْمَ يَقُولُ نَادُوا شُرَكَائِيَ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُم مَّوْبِقًا ﴿٥٢﴾ وَرَأَى الْمُجْرِمُونَ النَّارَ فَظَنُّوا أَنَّهُم مُّوَاقِعُوهَا وَلَمْ يَجِدُوا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿٥٣﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِي هَٰذَا الْقُرْآنِ لِلنَّاسِ مِن كُلِّ مَثَلٍ ۚ وَكَانَ الْإِنسَانُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿٥٤﴾ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَن يُؤْمِنُوا إِذْ جَاءَهُمُ الْهُدَىٰ وَيَسْتَغْفِرُوا رَبَّهُمْ إِلَّا أَن تَأْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿٥٥﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوا بِهِ الْحَقَّ ۖ وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَمَا أُنذِرُوا هُزُوًا ﴿٥٦﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّن ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ فَأَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ ۚ إِنَّا جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ۖ وَإِن تَدْعُهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ فَلَن يَهْتَدُوا إِذًا أَبَدًا ﴿٥٧﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُورُ ذُو الرَّحْمَةِ ۖ لَوْ يُؤَاخِذُهُم بِمَا كَسَبُوا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۚ بَل لَّهُم مَّوْعِدٌ لَّن يَجِدُوا مِن دُونِهِ مَوْئِلًا ﴿٥٨﴾ وَتِلْكَ الْقُرَىٰ أَهْلَكْنَاهُمْ لَمَّا ظَلَمُوا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِم مَّوْعِدًا ﴿٥٩﴾ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِفَتَاهُ لَا أَبْرَحُ حَتَّىٰ أَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ أَوْ أَمْضِيَ حُقُبًا ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿٦١﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتَاهُ آتِنَا غَدَاءَنَا لَقَدْ لَقِينَا مِن سَفَرِنَا هَٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾ قَالَ أَرَأَيْتَ إِذْ أَوَيْنَا إِلَى الصَّخْرَةِ فَإِنِّي نَسِيتُ الْحُوتَ وَمَا أَنسَانِيهُ إِلَّا الشَّيْطَانُ أَنْ أَذْكُرَهُ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ عَجَبًا ﴿٦٣﴾ قَالَ ذَٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۚ فَارْتَدَّا عَلَىٰ آثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿٦٤﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَا آتَيْنَاهُ رَحْمَةً مِّنْ عِندِنَا وَعَلَّمْنَاهُ مِن لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿٦٥﴾ قَالَ لَهُ مُوسَىٰ هَلْ أَتَّبِعُكَ عَلَىٰ أَن تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿٦٦﴾ قَالَ إِنَّكَ لَن تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٦٧﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلَىٰ مَا لَمْ تُحِطْ بِهِ خُبْرًا ﴿٦٨﴾ قَالَ سَتَجِدُنِي إِن شَاءَ اللَّهُ صَابِرًا وَلَا أَعْصِي لَكَ أَمْرًا ﴿٦٩﴾ قَالَ فَإِنِ اتَّبَعْتَنِي فَلَا تَسْأَلْنِي عَن شَيْءٍ حَتَّىٰ أُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿٧٠﴾ فَانطَلَقَا حَتَّىٰ إِذَا رَكِبَا فِي السَّفِينَةِ خَرَقَهَا ۖ قَالَ أَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ أَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا إِمْرًا ﴿٧١﴾ قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَن تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٢﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِي بِمَا نَسِيتُ وَلَا تُرْهِقْنِي مِنْ أَمْرِي عُسْرًا ﴿٧٣﴾ فَانطَلَقَا حَتَّىٰ إِذَا لَقِيَا غُلَامًا فَقَتَلَهُ قَالَ أَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةً بِغَيْرِ نَفْسٍ لَّقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُّكْرًا ﴿٧٤﴾ قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكَ إِنَّكَ لَن تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿٧٥﴾ قَالَ إِن سَأَلْتُكَ عَن شَيْءٍ بَعْدَهَا فَلَا تُصَاحِبْنِي ۖ قَدْ بَلَغْتَ مِن لَّدُنِّي عُذْرًا ﴿٧٦﴾ فَانطَلَقَا حَتَّىٰ إِذَا أَتَيَا أَهْلَ قَرْيَةٍ اسْتَطْعَمَا أَهْلَهَا فَأَبَوْا أَن يُضَيِّفُوهُمَا فَوَجَدَا فِيهَا جِدَارًا يُرِيدُ أَن يَنقَضَّ فَأَقَامَهُ ۖ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَيْهِ أَجْرًا ﴿٧٧﴾ قَالَ هَٰذَا فِرَاقُ بَيْنِي وَبَيْنِكَ ۚ سَأُنَبِّئُكَ بِتَأْوِيلِ مَا لَمْ تَسْطِع عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٧٨﴾ أَمَّا السَّفِينَةُ فَكَانَتْ لِمَسَاكِينَ يَعْمَلُونَ فِي الْبَحْرِ فَأَرَدتُّ أَنْ أَعِيبَهَا وَكَانَ وَرَاءَهُم مَّلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ غَصْبًا ﴿٧٩﴾ وَأَمَّا الْغُلَامُ فَكَانَ أَبَوَاهُ مُؤْمِنَيْنِ فَخَشِينَا أَن يُرْهِقَهُمَا طُغْيَانًا وَكُفْرًا ﴿٨٠﴾ فَأَرَدْنَا أَن يُبْدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيْرًا مِّنْهُ زَكَاةً وَأَقْرَبَ رُحْمًا ﴿٨١﴾ وَأَمَّا الْجِدَارُ فَكَانَ لِغُلَامَيْنِ يَتِيمَيْنِ فِي الْمَدِينَةِ وَكَانَ تَحْتَهُ كَنزٌ لَّهُمَا وَكَانَ أَبُوهُمَا صَالِحًا فَأَرَادَ رَبُّكَ أَن يَبْلُغَا أَشُدَّهُمَا وَيَسْتَخْرِجَا كَنزَهُمَا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلْتُهُ عَنْ أَمْرِي ۚ ذَٰلِكَ تَأْوِيلُ مَا لَمْ تَسْطِع عَّلَيْهِ صَبْرًا ﴿٨٢﴾ وَيَسْأَلُونَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۖ قُلْ سَأَتْلُو عَلَيْكُم مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿٨٣﴾ إِنَّا مَكَّنَّا لَهُ فِي الْأَرْضِ وَآتَيْنَاهُ مِن كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿٨٤﴾ فَأَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٥﴾ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِي عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَوَجَدَ عِندَهَا قَوْمًا ۗ قُلْنَا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِمَّا أَن تُعَذِّبَ وَإِمَّا أَن تَتَّخِذَ فِيهِمْ حُسْنًا ﴿٨٦﴾ قَالَ أَمَّا مَن ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهُ ثُمَّ يُرَدُّ إِلَىٰ رَبِّهِ فَيُعَذِّبُهُ عَذَابًا نُّكْرًا ﴿٨٧﴾ وَأَمَّا مَنْ آمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُ جَزَاءً الْحُسْنَىٰ ۖ وَسَنَقُولُ لَهُ مِنْ أَمْرِنَا يُسْرًا ﴿٨٨﴾ ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٨٩﴾ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلَىٰ قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَل لَّهُم مِّن دُونِهَا سِتْرًا ﴿٩٠﴾ كَذَٰلِكَ ۖ وَقَدْ أَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا ﴿٩١﴾ ثُمَّ أَتْبَعَ سَبَبًا ﴿٩٢﴾ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِن دُونِهِمَا قَوْمًا لَّا يَكَادُونَ يَفْقَهُونَ قَوْلًا ﴿٩٣﴾ قَالُوا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِنَّ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلَىٰ أَن تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿٩٤﴾ قَالَ مَا مَكَّنِّي فِيهِ رَبِّي خَيْرٌ فَأَعِينُونِي بِقُوَّةٍ أَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿٩٥﴾ آتُونِي زُبَرَ الْحَدِيدِ ۖ حَتَّىٰ إِذَا سَاوَىٰ بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انفُخُوا ۖ حَتَّىٰ إِذَا جَعَلَهُ نَارًا قَالَ آتُونِي أُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿٩٦﴾ فَمَا اسْطَاعُوا أَن يَظْهَرُوهُ وَمَا اسْتَطَاعُوا لَهُ نَقْبًا ﴿٩٧﴾ قَالَ هَٰذَا رَحْمَةٌ مِّن رَّبِّي ۖ فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ رَبِّي جَعَلَهُ دَكَّاءَ ۖ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّي حَقًّا ﴿٩٨﴾ وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَمُوجُ فِي بَعْضٍ وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَجَمَعْنَاهُمْ جَمْعًا ﴿٩٩﴾ وَعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكَافِرِينَ عَرْضًا ﴿١٠٠﴾ الَّذِينَ كَانَتْ أَعْيُنُهُمْ فِي غِطَاءٍ عَن ذِكْرِي وَكَانُوا لَا يَسْتَطِيعُونَ سَمْعًا ﴿١٠١﴾ أَفَحَسِبَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَن يَتَّخِذُوا عِبَادِي مِن دُونِي أَوْلِيَاءَ ۚ إِنَّا أَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ نُزُلًا ﴿١٠٢﴾ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْأَخْسَرِينَ أَعْمَالًا ﴿١٠٣﴾ الَّذِينَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا ﴿١٠٤﴾ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهِ فَحَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا ﴿١٠٥﴾ ذَٰلِكَ جَزَاؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوا وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَرُسُلِي هُزُوًا ﴿١٠٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿١٠٧﴾ خَالِدِينَ فِيهَا لَا يَبْغُونَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿١٠٨﴾ قُل لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَن تَنفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَدًا ﴿١٠٩﴾ قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۖ فَمَن كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا ﴿١١٠﴾

وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِينِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ... يہ جو مذکور ہوا اللہ کی قدرت کی نشانیوں سے ہے۔

مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ ... جس کو اللہ راہ بتلاوے وہی راہ پانے والا ہے

وَمَنْ يُّضْلِلْ ... اور جس کو وہ گمراہ کرے تو اس کے لئے

وَلِيًّا مُّرْشِدًا ۝ ... کوئی دوست مددگار، راہنما نہ پاوے گا۔

تشریح

(۱۵) **شرک کی آخر دلیل کیا ہے** | یہ نوجوان آپس میں کہنے لگے کہ ہماری قوم رب کائنات کو چھوڑ کر دوسری ہستیوں کو اپنا معبود بنا بیٹھی ہے۔ توحید الٰہی کی واضح دلیل سامنے ہے کہ جس نے اس کائنات کو اور ساری مخلوقات کو پیدا کیا ہے اور وہ سب کا پالنہار ہے وہی تنہا بلاشرکت غیر سب کا معبود بھی ہے جو خالق ہے وہی رب ہے، جو رب ہے وہی معبود ہے۔ جب پیدا کرنے میں کوئی ساجھی اور شریک نہیں ہے تو عبادت میں کوئی ساجھی اور شریک کیسے ہو سکتا ہے اگر یہ شرک کرنے والے اپنے دعوی میں سچے ہیں تو یہ واضح دلیل کیوں نہیں لاتے۔ اس سے بڑا ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے تہمت لگائے، بے بنیاد الزام لگائے کہ اس کے ساتھ معبود ہونے میں دوسرے بھی کسی نہ کسی درجہ میں اس کے ساتھ ہیں۔

(۱۶) **شرک و اوہام پرستی کے اس ماحول میں ہمارا گذر نہ ہوگا** | یہ نوجوان آپس میں مشورہ کرنے لگے کہ جب ہماری قوم کے عقیدے ہم سے الگ ہیں تو شرک اور وہم پرستی کے اس ماحول میں ہمارا گذر کیسے ہوگا۔ اب تو بادشاہ نے ہمیں کچھ دن کی مہلت دیدی ہے اگر ہم ان کے قابو میں آگئے تو یہ ہمیں اپنے عقیدے منوانے پر مجبور کرینگے یہ ہمیں سنگسار کر دیں گے۔ بہتر یہ ہے کہ شہر چھوڑ کر چلیں اور فلاں غار میں جا کر پناہ لیں۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ کوئی نہ کوئی راہ ہمارے لئے نکال دیں گے ہمیں اپنی رحمت سے محروم نہ فرمائینگے اور کوئی نہ کوئی ذریعہ ایسا نکلیگا کہ ہم اللہ کے دین پر آزادی کے ساتھ عمل پیرا ہو سکیں گے۔

(۱۷) **وہ غار جس میں جوانوں نے پناہ لی** | آپس کے مشورے کے مطابق یہ نوجوان بادشاہ کے ظلم سے بچنے کے لئے پہاڑوں کے درمیان غار میں چھپنے کے لئے چلے۔

کہف اور غار دونوں عربی کے لفظ ہیں۔ عربی میں کہف ایسے غار کو کہتے ہیں جو کشادہ ہو اور غار کا لفظ تنگ کھوہ کیلئے استعمال کیا جاتا ہے مگر اردو میں یہ فرق ملحوظ نہیں ہوتا۔ یہ نوجوان جس غار میں پناہ لینے کے لئے چلے وہ بھی ایسی جگہ تھی جو کشادہ بھی تھی اور ہوادار بھی اس کا دہانہ شمال کی طرف تھا جس میں بقدر ضرورت سورج کی روشنی بھی پہنچتی تھی لیکن باہر سے گذرنے والے کو اندر کا حصہ نظر نہیں آتا تھا سورج نکلتا تھا تو غار کو چھوڑ کر دائیں جانب چڑھ جاتا تھا اور جب غروب ہوتا تھا تو بچ کر بائیں جانب اتر جاتا تھا۔ لوگوں کی نگاہوں سے بچکر وہ غار کے اندر کھلی جگہ میں آرام سے لیٹے رہے۔ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ بھی ہے کہ وہ ظاہری اور باطنی رہنمائی عطا فرماتا ہے۔

جب دنیا گمراہی میں تھی تو اصحاب کہف کو راہ ہدایت پر قائم رکھا اور ایسے غار کی طرف رہنمائی کی جہاں وہ حفاظت اور آرام سے رہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۚ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ

وَتَحْسَبُهُمْ	اَيْقَاظًا	وَّهُمْ	رُقُوْدٌ	وَّنُقَلِّبُهُمْ	ذَاتَ + الْيَمِيْنِ	وَذَاتَ +
اور تو انہیں سمجھے	بیدار	حالانکہ وہ	سوئے ہوئے	اور ہم بدلواتے ہیں انہیں	دائیں طرف	اور بائیں

اور تو انہیں بیدار سمجھے حالانکہ وہ سوئے ہوئے ہیں اور ہم انہیں دائیں طرف اور بائیں طرف (کروٹ)

الشِّمَالِ ۚ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ ۭ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ

الشِّمَالِ	وَكَلْبُهُمْ	بَاسِطٌ	ذِرَاعَيْهِ	بِالْوَصِيْدِ	لَوِ اطَّلَعْتَ	عَلَيْهِمْ
طرف	اور ان کا کتا	پھیلائے ہوئے	دونوں ہاتھ	دہلیز پر	اگر تو جھانکتا	ان پر

بدلواتے ہیں اور ان کا کتا دونوں ہاتھ (پنجے) پھیلائے ہوئے ہے دہلیز پر، اگر تو جھانکتا تو اُن سے

لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿۱۸﴾ وَكَذٰلِكَ

لَوَلَّيْتَ	مِنْهُمْ	فِرَارًا	وَّلَمُلِئْتَ	مِنْهُمْ	رُعْبًا	وَكَذٰلِكَ
تو پیٹھ پھیرتا	ان سے	بھاگتا ہوا	اور تو بھر جاتا	ان سے	دہشت میں	اور اسی طرح

پیٹھ پھیر کر بھاگتا اور ان سے دہشت میں بھر جاتا اور ہم نے اسی طرح

بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا بَيْنَهُمْ ۭ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ

بَعَثْنٰهُمْ	لِيَتَسَآءَلُوْا	بَيْنَهُمْ	قَالَ	قَآئِلٌ	مِّنْهُمْ	كَمْ +
ہم نے انہیں اٹھایا	تاکہ وہ ایک دوسرے سے سوال کریں	آپس میں	کہا	ایک کہنے والا	ان میں سے	تم کتنی

انہیں اٹھایا تاکہ وہ آپس میں ایک دوسرے سے سوال کریں۔ انہیں سے ایک کہنے والے نے کہا تم (یہاں) کتنی دیر

لَبِثْتُمْ ۭ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۭ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا

لَبِثْتُمْ	قَالُوْا	لَبِثْنَا	يَوْمًا	اَوْ	بَعْضَ + يَوْمٍ	قَالُوْا	رَبُّكُمْ	اَعْلَمُ	بِمَا
دیر رہے	انہوں نے کہا	ہم رہے	ایک دن	یا	ایک دن کا کچھ حصہ	انہوں نے کہا	تمہارا رب	خوب جانتا ہے	جتنی

رہے؟ انہوں نے کہا ہم رہے ایک دن یا ایک دن کا کچھ حصہ۔ انہوں نے کہا تمہارا رب خوب جانتا ہے تم

لَبِثْتُمْ ۭ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ

لَبِثْتُمْ	فَابْعَثُوْٓا	اَحَدَكُمْ	بِوَرِقِكُمْ	هٰذِهٖٓ	اِلَى	الْمَدِيْنَةِ	فَلْيَنْظُرْ	اَيُّهَآ
مدت تم رہے	پس بھیجو	اپنے میں سے ایک	اپنا روپیہ دیکر	یہ	طرف	شہر	پس وہ دیکھے	کونسا

کتنی مدت رہے ہو۔ پس اپنے میں سے ایک کو اپنا یہ روپیہ دیکر بھیجو شہر کی طرف پس وہ دیکھے کون سا

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَزْكَىٰ طَعَامًا فَلْيَأْتِكُم بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ

أَزْكَىٰ	طَعَامًا	فَلْيَأْتِكُمْ	بِرِزْقٍ	مِّنْهُ	وَلْيَتَلَطَّفْ
پاکیزہ تر	کھانا	تو وہ تمہارے لئے لے آئے	کھانا	اس سے	اور نرمی کرے

کھانا پاکیزہ تر ہے، تو وہ اس سے تمہارے لئے آئے اور نرمی کرے

وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ أَحَدًا ﴿١٩﴾

وَلَا يُشْعِرَنَّ	بِكُمْ	أَحَدًا
اور وہ خبر نہ دے بیٹھے	تمہاری	کسی کو

اور کسی کو تمہاری خبر نہ دے بیٹھے

﴿١٨﴾ وَتَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُودٌ ۚ وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِينِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُم بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ ۚ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿١٨﴾

أَيْ مُنْتَبِهِينَ لِأَنَّ أَعْيُنَهُمْ مُفَتَّحَةٌ جَمْعُ يَقِظٍ بِكَسْرِ الْقَافِ وَهُمْ رُقُودٌ نِيَامٌ جَمْعُ رَاقِدٍ وَنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِينِ وَذَاتَ الشِّمَالِ لِئَلَّا تَأْكُلَ الْأَرْضُ لُحُومَهُمْ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ يَدَيْهِ بِالْوَصِيدِ بِفِنَاءِ الْكَهْفِ وَكَانُوا إِذَا انْقَلَبُوا انْقَلَبَ وَهُوَ مِثْلُهُمْ فِي النَّوْمِ وَالْيَقَظَةِ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ بِالتَّخْفِيفِ وَالتَّشْدِيدِ مِنْهُمْ رُعْبًا ﴿١٨﴾ بِسُكُونِ الْعَيْنِ وَضَمِّهَا مَنَعَهُمُ اللَّهُ بِالرُّعْبِ مِنْ دُخُولِ أَحَدٍ

﴿١٨﴾ وَتَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُودٌ الخ اور اگر تو ان کو دیکھے تو بیدار سمجھے کیونکہ انکی آنکھیں کھلی ہوئی ہیں (ایقاظًا جمع یقظ کی ہے بکسر قاف) حالانکہ وہ سونے والے ہیں۔ اور ہم ان کو دائیں طرف اور بائیں طرف کروٹ دیتے رہتے ہیں تاکہ زمین انکے گوشت کو نہ کھالے اور ان کا کتا اپنے دونوں ہاتھ غار کے صحن یا دروازہ پر پھیلائے ہوئے ہے اور جس وقت وہ کروٹ لیتے ہیں کتا بھی ان کے ساتھ کروٹ لیتا ہے سو وہ انکی مانند سونے اور جاگنے میں ہے۔ اگر تو ان پر جھانکے تو پشت پھیر کر بھاگے اور تیرے دل میں خوف اور رعب ان کا بھر جاوے وہاں ٹھیر نہ سکے۔ اللہ نے رعب کے سبب انکو لوگوں کے جانے سے بچایا کوئی وہاں جا نہیں سکتا۔

﴿١٩﴾ عَلَيْهِمْ ۚ وَكَذَٰلِكَ كَمَا فَعَلْنَا بِهِمْ مَا ذَكَرْنَا بَعَثْنَاهُمْ أَيْ نَبَّهْنَاهُمْ لِيَتَسَاءَلُوا بَيْنَهُمْ عَنْ حَالِهِمْ وَمُدَّةِ لُبْثِهِمْ قَالَ قَائِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ لَبِثْتُمْ ۖ قَالُوا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ لِأَنَّهُمْ دَخَلُوا الْكَهْفَ عِنْدَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَبَعَثُوا عِنْدَ غُرُوبِهَا فَظَنُّوا أَنَّهُ غُرُوبُ يَوْمِ الدُّخُولِ ثُمَّ قَالُوا اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ ۚ قِفِينَ فِي ذَٰلِكَ رَبُّكُمْ

﴿١٩﴾ اور جیسا ہم نے یہ کیا جو ذکر کیا گیا اسی طرح ہم نے انکو جگایا تاکہ وہ آپس میں ایک دوسرے کا حال پوچھیں اور غار میں ٹھہرنے کی مدت دریافت کریں انمیں ایک کہنے والے نے کہا تم اس غار میں کسقدر مدت ٹھہرے ہو انہوں نے جواب دیا کہ ہم ایکدن یا ایک دن سے بھی کم ٹھیرے ہیں کیونکہ وہ سورج نکلنے کے وقت غار میں داخل ہوئے تھے اور جس وقت بیدار ہوئے غروب کا وقت تھا اسلئے گمان کیا کہ یہ وہی دن ہے جس میں ہم داخل

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَعْلَمُ بِمَا لَبِثْتُمْ فَابْعَثُوا أَحَدَكُمْ بِوَرِقِكُمْ هَٰذِهِ إِلَىٰ الْمَدِينَةِ فَلْيَنظُرْ أَيُّهَا أَزْكَىٰ طَعَامًا فَلْيَأْتِكُم بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ أَحَدًا ○

ہوئے تھے پھر انہیں کچھ تامل اور توقف کر کے کہا، تمہارا رب زیادہ جانتا ہے کہ تم کس قدر ٹھہرے۔ سو ہم میں سے ایک کو یہ چاندی دیکر جو تمہارے پاس ہے شہر میں۔ کہتے ہیں کہ وہ شہر وہ ہے جسکو اب طرطوس کہتے ہیں ساتھ فتح راء کے، سو چاہیئے کہ وہاں جاکر دیکھے کہ کس کے پاس حلال اور پاک کھانا ہے پس جو کوئی کھانا لینے جاوے اس میں سے لاوے" ولیتلطف" الخ اور چاہیئے کہ اپنے حال کو خوب چھپاوے اور تمہارے حال کی کسی کو خبر نہ ہو۔

تشریح

(۱۸) غار کا منظر | غار کے اندر یہ نوجوان سو رہے تھے لیکن کوئی اگر ان کو دیکھتا تو وہ سوتے ہوئے معلوم نہ ہوتے تھے آنکھیں کھلی ہوئی تھیں کروٹ بدلتے رہتے تھے، غار کے دہانے پر کتا ہاتھ پھیلائے بیٹھا تھا، مجموعی طور پر ایک ایسا منظر تھا جس سے ہیبت و جلال اور دہشت معلوم ہوتی تھی جس سے کوئی اندر جا نہیں سکتا تھا اور ان کے آرام میں کوئی خلل نہیں آسکتا تھا۔

سورۂ کہف کی ابتدائی دس آیتوں کے بارے میں ارشاد نبوی ہے کہ:۔

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَفِظَ عَشْرَ آيَاتٍ مِنْ أَوَّلِ سُورَةِ الْكَهْفِ عُصِمَ مِنَ الدَّجَّالِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو الدرداءؓ سے روایت ہے کہ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:۔ جو شخص سورۂ کہف کی ابتدائی دس آیتیں یاد کرے گا وہ دجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔ (مسلم)

دجال کا فتنہ بھی اسی قسم کا ہوگا جیسا ان نوجوانوں کو پیش آیا۔ اس لئے جس کے سامنے اصحاب کہف کی تمثال ہوگی اور وہ ان آیتوں کو یاد کر کے دل و دماغ میں بٹھالے گا وہ دجال کے فتنے سے متاثر نہیں ہوگا۔

(۱۹) اصحاب کہف جب نیند سے بیدار ہوئے | اصحاب کہف کا اتنی طویل مدت تک سوتے رہنا جس طرح قدرت کا کرشمہ تھا اسی طرح اتنی طویل مدت کے بعد ان کا جاگنا بھی قدرت کا عجیب و غریب کرشمہ تھا، وہ جاگے تو آپس میں کہنے لگے ہم کتنی دیر سوتے رہے، دوسرے نے کہا شاید دن بھر سوئے ہونگے یا اس سے بھی کچھ کم، دوسرے صاحب نے کہا کہ چھوڑو اس بات کو اس بحث سے کیا فائدہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ ہم کتنی دیر نیند کی حالت میں رہے، اب تو بھوک لگی ہے، ایسا کرو کسی کو چاندی کا یہ سکہ دیکر شہر بھیجتے ہیں اور وہ یہ دیکھے سب سے اچھا حلال و پاکیزہ کھانا کہاں ملتا ہے وہاں سے وہ کھانا لیکر آئے اور دیکھو جانے والا بڑی ہوشیاری سے اپنا کام کرے ایسا نہ ہو کسی کو ہمارے یہاں ہونے کی سن گن مل جائے۔

اتنی لمبی مدت سو کر جاگنے کے بعد ان کو وقت گذرنے کا احساس نہیں ہوا، یہ دنیا کی زندگی جو بظاہر بڑی طویل معلوم ہوتی ہے اور پھر برزخ کا قیام جو قیامت کے آنے تک بڑی طویل مدت ہوگی دوبارہ زندہ ہونے پر اس طویل مدت کا اسی طرح احساس نہ ہوگا جس طرح اصحاب کہف کو اتنی لمبی مدت تک سونے کا احساس نہیں ہوا۔ سورۃ المومنون میں ہے،

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْأَرْضِ عَدَدَ سِنِينَ ○ قَالُوا لَبِثْنَا يَوْمًا أَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَاسْأَلِ الْعَادِّينَ۔ (آیت ۱۱۲، ۱۱۳ پارہ ۱۸)

"اللہ تعالیٰ ان سے پوچھے گا بتاؤ زمین میں تم کتنے سال رہے، وہ کہیں گے ایک دن یا دن کا بھی کچھ حصہ ہم وہاں ٹھہرے ہیں شمار کرنے والوں سے پوچھ لیجئے۔"

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِنَّهُمْ إِن يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوكُمْ أَوْ يُعِيدُوكُمْ فِي

إِنَّهُمْ	إِن + يَظْهَرُوا	عَلَيْكُمْ	يَرْجُمُوكُمْ	أَوْ	يُعِيدُوكُمْ	فِي
بیشک وہ	اگر خبر پالیں گے	تمہاری	تمہیں سنگسار کردینگے	یا	تمہیں لوٹا لیں گے	میں

بیشک اگر وہ تمہاری خبر پالیں گے تو تمہیں سنگسار کر دیں گے یا تمہیں لوٹا لیں گے اپنی

مِلَّتِهِمْ وَلَن تُفْلِحُوا إِذًا أَبَدًا ﴿٢٠﴾ وَكَذَٰلِكَ أَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوا

مِلَّتِهِمْ	وَلَن + تُفْلِحُوا	إِذًا	أَبَدًا	وَكَذَٰلِكَ	أَعْثَرْنَا	عَلَيْهِمْ	لِيَعْلَمُوا
اپنی ملت	اور تم ہرگز فلاح نہ پاؤ گے	اس صورت میں	کبھی	اور اسی طرح	ہم نے خبردار کر دیا	ان پر	تاکہ وہ جان لیں

ملت میں، اور اس صورت میں تم ہرگز کبھی فلاح نہ پاؤ گے۔ اور اسی طرح ہم نے لوگوں کو ان پر خبردار کیا تاکہ وہ جان لیں

أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ وَأَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ فِيهَا إِذْ يَتَنَازَعُونَ

أَنَّ	وَعْدَ + اللَّهِ	حَقٌّ	وَأَنَّ	السَّاعَةَ	لَا رَيْبَ	فِيهَا	إِذْ	يَتَنَازَعُونَ
کہ	اللہ کا وعدہ	سچا	اور یہ کہ	قیامت	کوئی شک نہیں	اس میں	جب	وہ جھگڑتے تھے

کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور یہ کہ قیامت میں کوئی شک نہیں (یاد کرو) جب وہ ان کے معاملے میں آپس میں

بَيْنَهُمْ أَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوا عَلَيْهِم بُنْيَانًا ۖ رَّبُّهُمْ أَعْلَمُ بِهِمْ ۚ قَالَ الَّذِينَ

بَيْنَهُمْ	أَمْرَهُمْ	فَقَالُوا	ابْنُوا	عَلَيْهِمْ	بُنْيَانًا	رَّبُّهُمْ	أَعْلَمُ بِهِمْ	قَالَ	الَّذِينَ
آپس میں	ان کا معاملہ	تو انہوں نے کہا	بناؤ	ان پر	ایک عمارت	ان کا رب	خوب جانتا ہے انہیں	کہا	وہ لوگ

جھگڑتے تھے تو انہوں نے کہا ان پر ایک عمارت بناؤ، ان کا رب انہیں خوب جانتا ہے۔ جو لوگ اپنے

غَلَبُوا عَلَىٰ أَمْرِهِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِم مَّسْجِدًا ﴿٢١﴾

غَلَبُوا	عَلَىٰ	أَمْرِهِمْ	لَنَتَّخِذَنَّ	عَلَيْهِم	مَّسْجِدًا
جو غالب تھے	پر	اپنے کام	ہم ضرور بنائینگے	ان پر	ایک مسجد

کام پر غالب تھے انہوں نے کہا ہم ضرور بنائیں گے ایک مسجد (عبادت گاہ)

﴿٢٠﴾ إِنَّهُمْ إِن يَظْهَرُوا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوكُمْ أَوْ يُعِيدُوكُمْ فِي مِلَّتِهِمْ وَلَن تُفْلِحُوا إِذًا أَيْ إِنْ عُدْتُمْ فِي مِلَّتِهِمْ أَبَدًا ۝

﴿٢١﴾ وَكَذَٰلِكَ كَمَا بَعَثْنَاهُمْ أَعْثَرْنَا أَطْلَعْنَا عَلَيْهِمْ قَوْمَهُمُ الْمُؤْمِنِينَ لِيَعْلَمُوا أَيْ قَوْمُهُمْ أَنَّ وَعْدَ اللَّهِ بِالْبَعْثِ حَقٌّ بِطَرِيقِ أَنَّ الْقَادِرَ عَلَىٰ إِنَامَتِهِمْ الْمُدَّةَ الطَّوِيلَةَ وَإِبْقَائِهِمْ عَلَىٰ حَالِهِمْ

﴿٢٠﴾ کیونکہ وہ کافرین اگر تمہارے حال پر مطلع ہو جاویں گے تو تم کو سنگسار کریں گے یا تم کو اپنے مذہب میں لوٹا لیں گے اور اگر تم نے ان کا مذہب اختیار کیا تو کبھی نجات نہ پاؤ گے۔

﴿٢١﴾ اور ہم نے انکو جس طرح جگایا اسی طرح انکے حال کی انکی قوم کو اور ایمان والوں کو خبر کر دی تاکہ انکی قوم جانے کہ بیشک اللہ کا وعدہ قیامت کا سچا ہے کیونکہ جو قادر ہے مدت دراز تک انکو قائم رکھنے اور بلا غذا باقی رکھنے پر وہ بے شبہ قادر ہے مُردوں کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِلٰٓى ۚ اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَاَنَّ السَّاعَةَ
لَا رَيْبَ فِيْهَا ۙ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ
بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا
عَلَيْهِمْ بُنْيَانًا ۚ رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ
لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ۝ سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًۢا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۭ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۡ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مَرَآءً ظَاهِرًا ۠ وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ۝ وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ اِنِّىْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ۝ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ اللّٰهُ ۭ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ۝ وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ۝ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ۝ وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ۭ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ۝ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۚ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ۝ وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۡ فَمَنْ شَاۗءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَاۗءَ فَلْيَكْفُرْ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۭ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَاۗءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۭ بِئْسَ الشَّرَابُ ۭ وَسَاۗءَتْ مُرْتَفَقًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ۝ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـــِٕيْنَ فِيْهَا عَلَي الْاَرَاۗىِٕكِ ۭ نِعْمَ الثَّوَابُ ۭ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ۝

زندہ کرنے پر۔ اور یہ بات بھی جان لیں کہ قیامت ضرور آنیوالی ہے اسمیں کچھ تردد نہیں۔ جسوقت اصحاب کہف کا حال لوگوں پر ظاہر ہوگیا تو مسلمان اور کافر آپسمیں انکے بارے میں جھگڑتے تھے کہ ان کے گرد مکان بنایا جائے۔ کافروں نے کہا کہ انکے گرد مکان بناؤ جو اُن کو چھپالے۔ ان کا رب زیادہ جانتا ہے ان کے حال کو۔ ان لوگوں نے کہا جو اصحاب کہف کے بارہ میں غالب ہوئے مراد ان سے مسلمان ہیں کہ بیشک ہم ان کے پاس مسجد بنادیں گے کہ اس میں نماز ہوا کرے چنانچہ دروازہ غار پر مسجد بنائی گئی۔

تشریح

(۲۰) کسی کو ہماری سُن گن نہ لگے | بازار جانے والا اس طرح چھپ کر جائے کہ کسی کو ہمارا پتہ لگنے نہ پائے اگر کہیں کسی کو ہماری سُن گن بھی لگ گئی تو ہم پکڑے جائیں گے پھر یا تو وہ ہمیں سنگسار کردیں گے یا زبردستی اپنے میں شامل کرنے کی کوشش کرینگے ایسا ہوا تو جو اعلےٰ کامیابی اور فلاح ہم چاہتے ہیں وہ کبھی حاصل نہ ہو سکے گی اس لئے بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔

(۲۱) اصحاب کہف کے واقعے سے آخرت کی صداقت سامنے آگئی | مشورہ کے مطابق ان نوجوانوں میں سے ایک کچھ سکے لیکر احتیاط کے ساتھ شہر میں داخل ہوا، شہر کی ہر چیز اس کو اوپری اوپری سی لگی۔ زبان، تہذیب، لباس اور تمدن میں بڑا فرق ہوچکا تھا دو سو برس پہلے کا یہ آدمی اپنے انداز و لباس سے تماشہ بن گیا اور جب اس نے قیصر ڈیسیئس کے زمانے کا سکہ کھانا لینے کے لئے دوکاندار کو دیا تو وہ یہ سکہ دیکھ کر حیران ہوگیا اور اسے شبہ ہوا کہ اس کے کوئی دفینہ ہاتھ لگ گیا ہے۔ آس پاس سے لوگ جمع ہوگئے معاملہ حکام تک پہنچ گیا۔ پتہ لگا کہ یہ تو ان پیروانِ مسیح میں سے ہے جو دو سو برس پہلے اپنا ایمان بچانے کے لئے شہر سے نکل گئے تھے۔ آناً فاناً یہ خبر پوری آبادی میں پھیل گئی اور حکام کے ساتھ لوگوں کا ایک بڑا ہجوم ساتھ چلتے ہوئے غار تک پہنچ گیا۔

ٹھیک وہ وقت تھا جب قیامت اور آخرت کے تعلق سے آپسمیں زور کی بحثیں چھڑی ہوئی تھیں۔ اگرچہ روم کی سلطنت مسیحیت قبول کرچکی تھی اور اس کے اثر سے بہت سے لوگ عیسائی ہوگئے تھے مگر پھر بھی یونانی فلسفے کے اثرات موجود تھے اور بنیادی عقیدوں میں سے آخرت کے عقیدے پر بحث و مباحثے ہوتے رہتے تھے۔ عین اس وقت میں اصحاب کہف کا یہ واقعہ سامنے آیا اور اس واقعہ نے ثابت کردیا کہ موت کے بعد دوبارہ زندہ ہونا ناممکن نہیں ہے، اس واقعہ نے حقیقت سے پردہ اٹھا دیا اور لوگوں نے جان لیا کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت بے شک آکر رہے گی۔

یہ تھے اصحاب کہف جو دو سو سال کے بعد بیدار ہوئے۔ اس وقت جبکہ سوچنے کی بات یہ تھی کہ انسان موت کے بعد دوبارہ زندہ ہوگا اور اس کو اپنے اعمال کا اپنے رب کے سامنے حساب کتاب دینا ہوگا۔ اس وقت یہ لوگ آپس میں اس بات پر جھگڑ رہے تھے کہ ان نوجوانوں کے ساتھ کیا کیا جائے۔

کچھ لوگ کہہ رہے تھے کہ ان کے غار کے پاس کوئی مکان بطور یادگار تعمیر کردیا جائے۔ ان کا حال انکا رب ہی بہتر جانتا ہے کچھ بارسوخ لوگوں کی رائے یہ تھی کہ غار کے پاس عبادتگاہ بنادی جائے ——— اس واقعہ کا بنیادی نکتہ فکر بعث بعد الموت، موت کے بعد دوبارہ جی اٹھنا ہے جسکو اس واقعہ نے پوری طرح نکھار کر مشاہدہ کے طور پر پیش کردیا ہے۔ باقی باتیں سب اٹکل پچو ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ

سَيَقُوْلُوْنَ	ثَلٰثَةٌ	رَّابِعُهُمْ	كَلْبُهُمْ	وَ	يَقُوْلُوْنَ	خَمْسَةٌ
اب وہ کہیں گے	تین	ان کا چوتھا	ان کا کتا	اور	وہ کہیں گے	پانچ

اب (کچھ) کہیں گے وہ تین ہیں چوتھا ان کا کتا ہے ۔ اور (کچھ) کہیں گے وہ پانچ ہیں

سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ سَبْعَةٌ

سَادِسُهُمْ	كَلْبُهُمْ	رَجْمًا	بِالْغَيْبِ	وَيَقُوْلُوْنَ	سَبْعَةٌ
ان کا چھٹا	انکا کتا	بات پھینکنا	بن دیکھے	اور کہیں گے	سات

اور ان کا چھٹا ہے ان کا کتا۔ بن دیکھے بات پھینکتے ہیں (اٹکل کے تکے چلا رہے ہیں) کچھ کہیں گے وہ سات ہیں

وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۭ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ

وَّثَامِنُهُمْ	كَلْبُهُمْ	قُلْ	رَّبِّيْٓ	اَعْلَمُ	بِعِدَّتِهِمْ	مَّا يَعْلَمُهُمْ
اور ان کا آٹھواں	ان کا کتا	کہدیں	میرا رب	خوب جانتا ہے	انکی گنتی (تعداد)	انہیں نہیں جانتے ہیں

اور آٹھواں ان کا کتا ہے ۔ آپ کہہ دیں میرا رب خوب جانتا ہے ان کی تعداد، انہیں صرف تھوڑے

اِلَّا قَلِيْلٌ ۬ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ۠ وَّلَا

اِلَّا	قَلِيْلٌ	فَلَا تُمَارِ	فِيْهِمْ	اِلَّا	مِرَآءً	ظَاهِرًا	وَّلَا
مگر	تھوڑے	پس نہ جھگڑو	ان میں	سوائے	بحث	ظاہری (سرسری)	اور نہ

جانتے ہیں۔ پس سرسری بحث کے سوا ان کے (بارے میں) نہ جھگڑو اور نہ

ع ۳ ۵ ۱۵ تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿۲۲﴾ وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ

تَسْتَفْتِ	فِيْهِمْ	مِّنْهُمْ	اَحَدًا	وَلَا تَقُوْلَنَّ	لِشَايْءٍ
پوچھ	انکے (بارہ میں)	ان میں سے	کسی	اور ہرگز نہ کہنا	کسی کام کو

پوچھو ان کے بارے میں ان میں سے کسی سے اور ہرگز کسی کام کو نہ کہنا

اِنِّيْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ﴿۲۳﴾ لا

اِنِّيْ	فَاعِلٌ	ذٰلِكَ	غَدًا
کہ میں	کرنیوالا ہوں	یہ	کل

کہ میں کل کرنے والا ہوں (کل کردوں گا)

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۲۲) سَيَقُوْلُوْنَ اَيِ الْمُتَنَازِعُوْنَ فِيْ عَدَدِ الْفِتْيَةِ فِيْ زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْ يَقُوْلُ بَعْضُهُمْ هُمْ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ اَيْ بَعْضُهُمْ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ كَلْبُهُمْ وَالْقَوْلَانِ لِنَصَارٰى نَجْرَانَ رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۚ اَيْ ظَنًّا فِي الْغَيْبَةِ عَنْهُمْ وَهُوَ رَاجِعٌ اِلَى الْقَوْلَيْنِ مَعًا وَنَصْبُهٗ عَلَى الْمَفْعُوْلِ لَهٗ اَيْ لِظَنِّهِمْ ذٰلِكَ وَيَقُوْلُوْنَ اَيِ الْمُؤْمِنُوْنَ سَبْعَةٌ ۚ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ اَلْجُمْلَةُ مِنْ مُبْتَدَاٍ وَّخَبَرٍ صِفَةُ سَبْعَةٍ بِزِيَادَةِ الْوَاوِ وَقِيْلَ تَاْكِيْدٌ اَوْ دَلَالَةٌ عَلٰى لُصُوْقِ الصِّفَةِ بِالْمَوْصُوْفِ وَوَصْفُ الْاَوَّلَيْنِ بِالرَّجْمِ دُوْنَ الثَّالِثِ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّهٗ مَرْضِيٌّ وَّصَحِيْحٌ قُلْ رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۬ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَا مِنَ الْقَلِيْلِ وَذَكَرَهُمْ سَبْعَةً ۚ

فَلَا تُمَارِ تُجَادِلْ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا اِيْهَامًا اُنْزِلَ عَلَيْكَ وَلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ تَطْلُبُ الْفُتْيَا مِنْهُمْ مِنْ اَهْلِ الْكِتَابِ الْيَهُوْدَ اَحَدًا ۝

(۲۲) عنقریب کہیں گے وہ لوگ جو اصحاب کہف کی گنتی میں زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں جھگڑتے تھے یعنی بعض لوگ انمیں سے کہیں گے کہ وہ تین ہیں اور چوتھا انمیں کا انکا کتا ہے اور بعض کہیں گے کہ وہ پانچ ہیں چھٹا انمیں کا ان کا کتا، یہ دونوں قول نجران کے نصرانیوں کے ہیں

رَجْمًا بِالْغَيْبِ ۔ یعنی یہ بات ان دونوں گروہ کے غیب کا گمان اور اٹکل کی بات ہے۔ رجمًا کو نصب ہے بوجہ مفعول لہ ہونے کے۔

اور ایمان والے کہیں گے کہ وہ سات ہیں اور آٹھواں انکا کتا۔ جملہ وَثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ صفت سبعہ کی ہے ساتھ زیادتی واؤ کے۔

اور بعض نے کہا تاکید ہے یا اسلئے کہ دلالت کرے صفت کے اتصال پر ساتھ موصوف کے۔ اور اول دونوں باتوں کو رَجْمًا بِالْغَيْبِ یعنی اٹکل کی بات فرمانا اور تیسری بات کو نہ فرمانا اس پر دلالت کرتا ہے کہ یہ تیسرا قول یعنی اصحاب کہف کا سات ہونا اور آٹھواں ان کا کتا صحیح ہے اور پسندیدۂ حق تعالیٰ ہے۔ اے محمد کہدو میرا رب زیادہ جانتا ہے انکے شمار کو، نہیں جانتے انکی گنتی کو مگر تھوڑے آدمی۔ ابن عباس نے فرمایا کہ میں ان تھوڑوں میں سے ہوں جو جانتے ہیں اور کہا وہ سات ہیں۔

سو نہ جھگڑ تو انکے بارہ میں مگر جو کچھ انکے بارے میں تجھ پر ظاہر اتارا گیا ہے یعنی اسی قدر بیان کردے۔ اور نہ پوچھ ان کا حال اہل کتاب یعنی یہود میں سے کسی سے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۲۲) وَسَاَلَهٗۤ اَهۡلُ مَكَّةَ عَنۡ خَبَرِ اَهۡلِ الۡكَهۡفِ فَقَالَ اُخۡبِرُكُمۡ بِهٖ غَدًا وَّلَمۡ يَقُلۡ اِنۡ شَآءَ اللّٰهُ فَنَزَلَ وَلَا تَقُوۡلَنَّ لِشَاۡىءٍ اَىۡ لِاَجۡلِ شَىۡءٍ اِنِّىۡ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا ۝ اَىۡ فِيۡمَا يَسۡتَقۡبِلُ مِنَ الزَّمَانِ

(۲۳) وَلَا تَقُوۡلَنَّ لِشَاۡىءٍ اِنِّىۡ فَاعِلٌ ذٰلِكَ غَدًا اِلَّاۤ اَنۡ يَّشَآءَ اللّٰهُ الخ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اہل مکہ نے اصحاب کہف کا حال پوچھا۔ آپ نے فرمایا کہ کل کو میں تجھ سے ان کا حال بیان کروں گا اور آپ نے انشاء اللہ نہ کہا اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور نہ کہہ تو کسی چیز کی نسبت یہ کہ بیشک میں اسکو کل آئندہ میں کروں گا (مراد مطلق زمانہ آئندہ ہے)

تشریح

(۲۴) اصحاب کہف کی گنتی کتنی تھی | اس واقعہ کو سن کر لوگ اندازے لگائیں گے، کچھ لوگ کہیں گے کہ اصحاب کہف تین تھے چوتھا ان کا کتا تھا، کچھ دوسرے لوگ کہیں گے کہ نہیں پانچ تھے چھٹا ان کا کتا تھا۔ یہ سب اٹکل پچو کے تیر ہیں۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ سات تھے آٹھواں ان کا کتا تھا۔ اس واقعے کے تعلق سے مختلف کہانیاں لوگوں میں پھیلی ہوئی تھیں البتہ تیسرے قول کی کہ وہ سات تھے اور آٹھواں ان کا کتا تھا اللہ تعالیٰ نے تردید نہیں فرمائی ہے۔ اور پھر ثَامِنُهُمۡ كَلۡبُهُمۡ سے پہلے عطف کا واؤ بھی لائے ہیں اس لئے ہوسکتا ہے کہ یہی تعداد صحیح ہو۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی روایت بھی یہی ہے۔ عدد کے متعلق معلوم ہونے سے کیونکہ کوئی مقصد متعلق نہیں ہے۔ اس لئے اس کے درپے ہونے کی ضرورت نہیں ہے البتہ جو چیز اس واقعے کے ذریعہ بتائی ہے اصل چیز وہ سبق ہے جو اس واقعے سے ملتا ہے اس واقعے سے سبق ملتا ہے کہ

(۱) سچے مومن کو حق پر ڈٹے رہنا چاہیئے اور باطل کے آگے جھکنا نہیں چاہیئے۔

(۲) مومن کا بھروسہ اسباب پر نہیں مسبب الاسباب پر ہونا چاہیئے اسلئے کہ اسباب کا پیدا کرنے والا بھی وہی ہے۔

(۳) اس واقعے سے ایک بہت اہم چیز سامنے آتی ہے کہ عادتِ جاریہ قانونِ فطرت نہیں ہے مثلاً ماں اور باپ دونوں سے مل کر بچہ پیدا ہوتا ہے یہ عادت جاریہ عام عادت ہے کوئی فطرت کا قانون نہیں ہے کہ اس کے خلاف دنیا میں کچھ نہیں ہوسکتا اللہ تعالیٰ اس قانون کے پابند نہیں ہیں۔ جب اور جہاں چاہیں اس عادت کو بدل کر کوئی کام کرسکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس عادت کو بدل کر بغیر باپ کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پیدا کر دیا۔ ماں اور باپ دونوں کے بغیر حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا۔ وہ جب چاہے کسی کو چند گھنٹے سلا دے اور جب چاہے دو سو برس تک سلا دے اور سلا کر اٹھا کر بٹھا دے اور اس کی عمر شکل و صورت پر صدیوں کے گزرنے کا کوئی اثر نہ ہو۔

(۴) اس واقعے سے یہ بھی سبق ملتا ہے کہ تمام اگلے پچھلے انسانوں کو بیک وقت زندہ کر کے اٹھا دینا اللہ کی قدرت سے کچھ بھی بعید نہیں ہے۔

ان بنیادی چیزوں سے صرف نظر کر کے اس کھوج میں لگ جانا کہ اصحاب کہف کتنے تھے انکے کیا نام تھے انکے کتے کا رنگ کیسا تھا اس طرح کی باتیں ان لوگوں کا کام ہے جن کی نگاہ مغز کی بجائے چھلکوں پر رہتی ہے یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خود انکی صحیح تعداد بیان نہیں فرمائی تاکہ فضول باتوں کا شوق رکھنے والوں کی حوصلہ افزائی نہ ہو۔

(۲۳) بندہ اپنے افعال میں خود مختار نہیں ہے | بیشک اللہ تعالیٰ نے اپنی مصلحت و حکمت کے تحت ایک محدود دائرے میں انسان کو آزمائش کے لئے کچھ اختیار دئے ہیں مگر اس کو ایسا مختار کل نہیں بنایا کہ وہ جو چاہے کرسکے اس لئے اللہ تعالیٰ نے انسان کو ہدایت فرمائی ہے کہ وہ کسی بھی کام کے بارے یہ دعویٰ نہ کرے کہ میں فلاں کام کل کردونگا۔ کیا پتہ تم وہ کام کرسکو گے یا نہیں کیونکہ آنے والے کل کا تمہیں کچھ علم نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

إِلَّآ أَن يَشَآءَ ٱللَّهُ ۚ وَٱذْكُر رَّبَّكَ إِذَا نَسِيتَ وَقُلْ

إِلَّآ	أَنْ	يَشَآءَ	اللّٰهُ	وَاذْكُرْ	رَبَّكَ	إِذَا	نَسِيتَ	وَقُلْ
مگر	یہ کہ	چاہے	اللہ	اور یاد کر	اپنا رب	جب	تو بھول جائے	اور کہہ

مگر "یہ کہ اللہ چاہے" (انشاء اللہ) اور جب تو بھول جائے تو اپنے رب کو یاد کر اور کہو

عَسَىٰٓ أَن يَهْدِيَنِ رَبِّى لِأَقْرَبَ مِنْ هَٰذَا رَشَدًا ﴿٢٤﴾

عَسَىٰٓ	أَنْ	يَهْدِيَنِ	رَبِّىْ	لِأَقْرَبَ	مِنْ + هٰذَا	رَشَدًا
امید ہے	کہ	مجھے ہدایت دے	میرا رب	زیادہ قریب کی	اس سے	بھلائی

امید ہے کہ میرا رب مجھے ہدایت دے اس سے زیادہ قریب کی بھلائی کی

وَلَبِثُوا۟ فِى كَهْفِهِمْ ثَلَٰثَ مِا۟ئَةٍ سِنِينَ

وَلَبِثُوْا	فِىْ	كَهْفِهِمْ	ثَلٰثَ	مِائَةٍ	سِنِيْنَ
اور وہ رہے	میں	اپنا غار	تین	سو	سال

اور وہ اس غار میں تین سو (۳۰۰) سال رہے

وَٱزْدَادُوا۟ تِسْعًا ﴿٢٥﴾

وَ	ازْدَادُوْا	تِسْعًا
اور	ان کے اوپر	نو ۹

اور ان کے اوپر نو (۳۰۹ سال)۔

﴿٢٤﴾ إِلَّآ أَن يَشَآءَ ٱللَّهُ أَىْ إِلَّا مُتَلَبِّسًا بِمَشِيَّةِ اللّٰهِ بِأَنْ تَقُوْلَ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ وَاذْكُرْ رَبَّكَ أَىْ مَشِيَّتَهٗ مُعَلِّقًا بِهَا إِذَا نَسِيْتَ التَّعْلِيْقَ بِهَا وَيَكُوْنُ ذِكْرُهَا بَعْدَ النِّسْيَانِ كَذِكْرِهَا مَعَ الْقَوْلِ قَالَ الْحَسَنُ وَغَيْرُهٗ مَادَامَ فِى الْمَجْلِسِ وَقُلْ عَسَىٰٓ

﴿٢٤﴾ مگر اللہ کی مشیت پر حوالہ کر کے یعنی یہ کہہ کہ انشاء اللہ یہ کام کروں گا۔

اور اللہ کو یاد کر یعنی اسکی مشیت پر معلق کر، نہ بھول جا کہ تو اس کی مشیت پر معلق کرنے کو۔ اور انشاء اللہ کہنا بھولنے کے بعد ایسا ہے جیسے متصل کلام کے کہے حسن بصری وغیرہ نے فرمایا کہ جب تک اسی مجلس میں ہو۔

وَقُلْ عَسَىٰٓ أَنْ يَهْدِيَنِ رَبِّىْ لِأَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَنْ يَّهْدِيَنِ رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ○ هٰذَا اٰيَةً وَقَدْ فَعَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى

اور کہدے کہ نزدیک ہے کہ میرا رب اس سے بھی قریب تر مجھکو راہ ہدایت دکھلاوے یعنی اصحاب کہف کے قصہ سے زیادہ دلالت کرنے والا میری پیغمبری پر مجھکو دکھلاوے۔ اور بیشک اللہ نے ایسا ہی فرمایا۔

(۲۵) وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ○ ذٰلِكَ

(۲۵) اور اصحاب کہف اپنے غار میں تین سو برس تمہارے اندازے سے شمسی سال ہیں جو اہل کتاب کا حساب ہے اور قمری حساب سے جو اہل عرب کے نزدیک معتبر ہے نو برس زیادہ ہوئے۔

تشریح

(۲۴) ہر کام میں انشاء اللہ کہا کرو | انشاء اللہ کا مطلب ہے اگر اللہ نے چاہا اس جملہ کا تعلق دراصل اس عقیدے اور فکر سے ہے کہ ہمارے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا جب اللہ چاہیں گے تبھی یہ کام ہوگا اور ہمیں یہ بھی معلوم نہیں کہ ہم جس کام کے کرنے کا ارادہ کر رہے ہیں اس میں کوئی خیر ہے یا نہیں اسلئے اللہ پر بھروسہ کرتے ہوئے یہ کہا کرو کہ امید ہے میرا پروردگار صحیح طرز عمل کی طرف میری رہنمائی فرمائیگا اور ان شاء اللہ کہہ کر اس کام کے ہونے یا نہ ہونے کو اللہ کی طرف منسوب کیا کرو۔

موضح القرآن میں ہے کہ جب یہود کے سکھانے پر مشرکین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اصحاب کہف کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے اس خیال سے کہ جبرئیل آئیں گے تو دریافت کر کے جواب دوں گا وعدہ کر لیا کہ کل بتا دونگا جبرئیل پندرہ دن تک نہ آئے۔ آخر پندرہ دن کے بعد حضرت جبرئیل تشریف لائے اصحاب کہف کا واقعہ بھی بتایا اور یہ بھی نصیحت کی کہ آئندہ جب کوئی وعدہ کریں یا کسی کام کا ارادہ کریں تو ان شاء اللہ کہہ لیا کریں۔ اگر ایک وقت بھول جائیں تو پھر یاد کر لیں۔ امید رکھیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کے رتبے کو بلند فرمائیں گے اور آپ کو کامیاب کریں گے۔

(۲۵) اصحاب کہف کی نیند کی ٹھیک ٹھیک مدت کا معلوم ہونا کوئی اہمیت نہیں رکھتا | اصحاب کہف کے واقعے میں بنیادی بات جو بتانی ہے وہ یہ ہے کہ اصحاب کہف غیر معمولی طور پر ایک لمبی مدت تک سوتے رہے جس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اسی طرح موت کے بعد دوبارہ انسان کو زندہ کریں گے جس طرح اصحاب کہف پر لمبی مدت تک نیند طاری رہی اور وہ سو کر اٹھے تو یہی سمجھتے رہے کہ ہم ابھی سوئے تھے اس پورے واقعہ میں اصل نکتۂ فکر یہی ہے۔ اب رہی ان کی نیند کی ٹھیک ٹھیک مدت جسطرح ان کی تعداد کے بارے میں تخمینے اور اندازے ہیں، کچھ لوگ کہیں گے تین تھے چوتھا ان کا کتا تھا، کچھ کہیں گے پانچ تھے چھٹا ان کا کتا تھا۔ اسی طرح ان کی نیند کی مدت کے بارے میں بھی اٹکل پچو باتیں ہیں۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ وہ غار میں تین سو سال رہے۔ اور کچھ لوگ قمری حساب سے نو سال بڑھا کر کہتے ہیں کہ نہیں تین سو نو سال رہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

قُلِ	اللّٰهُ	اَعْلَمُ	بِمَا لَبِثُوْا	لَهٗ	غَيْبُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
کہدیں	اللہ	خوب جانتا ہے	کتنی مدت وہ ٹھہرے	اسی کو	غیب	آسمانوں	اور زمین

آپؐ کہدیں اللہ خوب جانتا ہے وہ کتنی مدت ٹھہرے ، اسی کو ہے آسمانوں اور زمین کا غیب

اَبْصِرْ بِهٖ وَاَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا

اَبْصِرْ بِهٖ	وَاَسْمِعْ	مَا لَهُمْ	مِّنْ - دُوْنِهٖ	مِنْ - وَّلِيٍّ	وَّلَا
کیا وہ دیکھتا ہے	اور کیا وہ سنتا ہے	انکے لئے نہیں	اس کے سوا	کوئی مددگار	اور نہیں

کیا (خوب) وہ دیکھتا ہے اور کیا (خوب) وہ سنتا ہے! اُن کے لئے اس کے سوا کوئی مددگار نہیں ۔ وہ اپنے

يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ

يُشْرِكُ	فِيْ - حُكْمِهٖٓ	اَحَدًا	وَاتْلُ	مَآ - اُوْحِيَ	اِلَيْكَ
وہ شریک کرتا	اپنے حکم میں	کسی کو	اور آپ پڑھیں	جو وحی کی گئی	آپ کی طرف

حکم میں کسی کو شریک نہیں کرتا۔ اور آپؐ پڑھیں جو آپؐ کی طرف آپؐ کے

مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَ

مِنْ	كِتَابِ	رَبِّكَ	لَا مُبَدِّلَ	لِكَلِمٰتِهٖ	وَ
سے	کتاب	آپ کا رب	نہیں کوئی بدلنے والا	اس کی باتیں	اور

رب کی کتاب وحی کیگئی ہے ۔ اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں ۔ اور تم

لَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾

لَنْ - تَجِدَ	مِنْ - دُوْنِهٖ	مُلْتَحَدًا
تم ہرگز نہ پاؤ گے	اس کے سوا	کوئی پناہ گاہ

ہرگز نہ پاؤ گے اس کے سوا کوئی پناہ گاہ

﴿۲۶﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا مِمَّنِ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَهُوَ مَا تَقَدَّمَ مَرْجِعُهٗ لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَیْ عِلْمُهٗ اَبْصِرْ بِهٖ اَیْ بِاللّٰهِ هِيَ صِيْغَةُ

﴿۲۶﴾ کہدو کہ اللہ زیادہ جانتا ہے جس قدر وہ ٹھیرے جو لوگ اس میں اختلاف کرتے ہیں جس کا ذکر پہلے گزرا ان کو خبر نہیں۔ اللہ کو آسمانوں اور زمینوں کے چھپی باتوں کی خبر ہے۔ وہ بہت دیکھنے والا اور سننے والا ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

تَعَجُّبٍ وَاَسْمِعْ ط بِهٖ كَذٰلِكَ بِمَعْنٰى مَا اَبْصَرَهٗ وَمَا اَسْمَعَهٗ وَهُمَا عَلٰى جِهَةِ الْمَجَازِ وَالْمُرَادُ اَنَّهٗ تَعَالٰى لَا يَغِيْبُ عَنْ بَصَرِهٖ وَسَمْعِهٖ شَيْءٌ مَا لَهُمْ لِاَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ نَّاصِرٍ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖ اَحَدًا ○ لِاَنَّهٗ غَنِيٌّ عَنِ الشَّرِيْكِ۔

اور حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی سمع اور بصر سے کوئی چیز غائب نہیں۔

آسمان والوں اور زمین والوں کا کوئی مددگار اس کے سوا نہیں۔

اور اس کے حکم میں کوئی اس کا ساجھی نہیں کیونکہ وہ شریک سے بے پرواہ ہے۔

(۲۶) وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ رَبِّكَ ط لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ج وَلَنْ تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ○ مَلْجَاً

(۲۶) اور پڑھ جو کچھ تیری طرف وحی بھیجی گئی تیرے رب کی کتاب سے۔ اس کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں اور تو اسکے سوا کوئی جائے پناہ نہ پائے گا۔

تشریح

(۲۶) اصحاب کہف کے سونے کی صحیح مدت کا علم اللہ کو ہے | اللہ تعالیٰ غیب کا حال جانتے ہیں زمین و آسمان کے تمام پوشیدہ حالات اس کو معلوم ہیں، کوئی راز اس کی آنکھ سے اوجھل نہیں ہے وہ ہر چیز کا دیکھنے والا اور ہر بات کا سننے والا ہے۔ زمین و آسمان کی تمام مخلوقات کی خبر گیری کرنے والا اس کے سوا کوئی نہیں ہے اس کی قدرت و اختیار میں کوئی شریک نہیں ہے اس لئے یہ بات کہ اصحاب کہف ٹھیک ٹھیک کتنی مدت تک غار میں سوتے رہے، اللہ ہی کو معلوم ہے۔ باقی تو لوگوں کی اپنی اپنی باتیں ہیں۔ اگر ٹھیک مدت کا معلوم ہونا ضروری ہوتا تو اللہ تعالیٰ اس کو ضرور ظاہر فرما دیتے۔ تین سو یا تین سو نو سال کی مدت لوگوں کا کہنا ہے۔ بقول حضرت عبداللہ بن عباس رض۔ اللہ کا قول ہوتا تو یہ کہنے کی ضرورت نہ تھی کہ اللہ ان کے قیام کی مدت زیادہ جانتے ہیں۔

(۲۷) آپ کے پاس کتاب محکم ہے اسکی تعلیمات کو پیش کرتے رہیے | اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا پیغمبر بنایا اور آپ کو ایسی محکم جامع و مانع شافی و کافی کتاب قرآن مجید عطا فرمائی جس میں کسی تبدیلی کی کبھی کوئی ضرورت نہ ہوگی، کسی میں طاقت نہیں ہے کہ اس کی کسی ایک بات کو بھی غلط ثابت کر سکے اس لئے بیکار اور غیر ضروری بحثوں میں الجھنے کی ضرورت نہیں ہے جیسا اسی سورۃ الکہف میں ارشاد ہوا ہے فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا (آیت ۲۲) آپ اپنے فرض منصبی کو ادا کرتے رہیے۔ اپنے وفاداروں کو پناہ دینے کے لئے اس کی رحمت کا دامن تنگ نہیں ہے۔ دیکھو اصحاب کہف کو جو حق پر جمے رہے، اللہ نے ان کی کیسی حفاظت فرمائی، اور کیسا مقام ان کو عطا ہوا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَ

وَاصْبِرْ	نَفْسَكَ	مَعَ	الَّذِيْنَ	يَدْعُوْنَ	رَبَّهُمْ	بِالْغَدٰوةِ وَ
اور روکے رکھو	اپنا نفس (اپنا آپ)	ساتھ	وہ لوگ جو	پکارتے ہیں	اپنا رب	صبح اور

اور اپنے آپ کو ان لوگوں کے ساتھ روکے (لگائے) رکھو جو اپنے رب کو پکارتے ہیں صبح اور

الْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ تُرِيْدُ

الْعَشِيِّ	يُرِيْدُوْنَ	وَجْهَهٗ	وَلَا تَعْدُ	عَيْنٰكَ	عَنْهُمْ تُرِيْدُ
شام	وہ چاہتے ہیں	اس کا چہرہ (رضا)	اور نہ دوڑیں (نہ پھریں)	تمہاری آنکھیں	ان سے نم طلبگار ہو جاؤ

شام، وہ اس کی رضا چاہتے ہیں، اور تمہاری آنکھیں ان سے نہ پھریں کہ تم دنیا کی

زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا قَلْبَهٗ عَنْ

زِيْنَةَ	الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَلَا تُطِعْ	مَنْ	اَغْفَلْنَا	قَلْبَهٗ عَنْ
آرائش	زندگی	دنیا	اور کہا نہ مانو	جو جس	ہم نے غافل کر دیا	اس کا دل سے

زندگی کی آرائش کے طلبگار ہو جاؤ اور اس کا کہا نہ مانو جس کا دل ہم نے اپنے ذکر سے غافل

ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾

ذِكْرِنَا	وَاتَّبَعَ	هَوٰىهُ	وَكَانَ	اَمْرُهٗ	فُرُطًا
اپنا ذکر	اور پیچھے پڑ گیا	اپنی خواہش	اور ہے	اس کا کام	حد سے بڑھا ہوا

کر دیا اور وہ اپنی خواہش کے پیچھے پڑ گیا، اور اس کا کام حد سے بڑھا ہوا ہے

﴿۲۸﴾ وَاصْبِرْ نَفْسَكَ اِحْبِسْهَا مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَجْهَهٗ تَعَالٰى لَا شَيْئًا مِّنْ اَغْرَاضِ الدُّنْيَا وَهُمُ الْفُقَرَآءُ وَلَا تَعْدُ تَنْصَرِفْ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ عَبِّرْ بِهَا عَنْ صَاحِبِهَا تُرِيْدُ زِيْنَةَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا

﴿۲۸﴾ اور اپنے آپ کو روک ان لوگوں کے ساتھ یعنی انکے ساتھ رہ جو اپنے رب کو صبح اور شام پکارتے ہیں اور اپنی عبادت سے اللہ کی رضا چاہتے ہیں اور کوئی چیز دنیا کی ان کا مقصد نہیں۔ مراد ان لوگوں سے فقرا ہیں۔

اور تیری آنکھیں ان سے نہ پھریں یعنی چاہیئے کہ تو ان سے جدا نہ ہو درانحالیکہ ارادہ کرے زیبائش زندگانی دنیا کا۔

اور ہرگز نہ بات مان تو ان لوگوں کی جن کے دل

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ○ اِسْرَافًا

کو ہم نے قرآن سے بے خبر کیا (مراد ان سے عیینہ بن حصین اور اسکے اصحاب ہیں) اور نہ اطاعت کرو اسکی جس نے اپنی خواہش کی پیروی کی اور اس کا کام حد سے بڑھا ہوا ہے۔ یعنی شرک میں گرفتار ہے۔

تشریح

(۲۸) قابل قدر وہ ہے جو پورے خلوص کے ساتھ اللہ اور اس کے رسول کی پیروی کرے

کسی دعوت اور تحریک کی اصل طاقت ان لوگوں سے ہوتی ہے جو خلوص دل کے ساتھ اس کے اصولوں کو تسلیم کریں اور پوری لگن کے ساتھ اس کے قافلے میں شریک ہو جائیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا رسول مقرر فرمایا اور جب آپ اپنی ذمہ داری کو پورا کرنے کے لئے اٹھے اور لوگوں کو دین کی دعوت دی تو اس دعوت کو قبول کرنے کے لئے آگے بڑھنے والے نہایت مخلص لوگ تھے اس لئے کہ اس مخالفانہ ماحول میں جس کا آغاز دعوت کے شروع ہی سے ہو چکا تھا، اسلام قبول کرنا اپنے آپ کو مصیبت میں پھنسانا تھا اسلئے جن لوگوں نے بھی اللہ کے اس دین کو قبول کیا وہ یہ سوچ کر قبول کیا کہ "ہر چہ باداباد ما کشتی در آب انداختیم" اب جو بھی کچھ ہو ہم نے کشتی پانی میں ڈال دی ہے، اور ہم ہر طوفان کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہیں۔ یہ لوگ اگرچہ مالی اعتبار سے تنگ دست تھے مگر ان کے دل اللہ اور رسول ؐ کی محبت سے بھرے ہوئے تھے۔ ان میں حبش کے کالے کلوٹے غلام حضرت بلال رضؓ بھی تھے جن کی جلد کا رنگ کالا تھا مگر دل نور ایمان سے منور تھا۔ روم کے رہنے والے غلام صہیب رضؓ رومی بھی تھے حضرت عمار ابن یاسر بھی تھے جن کی قربانیوں نے قربانی کی نئی تاریخ رقم کی تھی۔ حضرت خباب ابن الارت رضؓ بھی تھے جنکی پیٹھ نے دہکتے ہوئے انگاروں کو بجھنے پر مجبور کر دیا تھا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جانثار خادم حضرت عبداللہ ابن مسعود رضؓ بھی تھے جنھوں نے اپنے شب و روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کے لئے وقف کر دئے تھے۔ ایک طرف یہ مخلص اہل ایمان تھے اللہ ان سے راضی ہو، دوسری طرف مکہ کے بڑے بڑے سردار تھے جن کی گردنیں غرور و تکبر سے تنی ہوئی تھیں دنیوی حیثیت سے مالدار تھے مگر دل حق کے قبول کرنے کے لئے تنگ تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اے پیغمبر آپ ان بڑے لوگوں کی بڑائیوں کو چھوڑ کر ان لوگوں کی معیت پر مطمئن رہیں جو اپنے رب کی رضا کے طلبگار بن کر خلوص کے ساتھ عبادت میں مشغول رہتے ہیں صبح و شام اس کو پکارتے ہیں دنیا کی دلکشی اور ظاہری سجاوٹ سے صرف نظر کر کے آپ اپنے ان مخلص ساتھیوں کی طرف متوجہ رہیں کسی کے کہنے سننے کی پروا کئے بغیر ایسے مخلصین کو اپنے ساتھ رکھیئے اور کسی ایسے شخص کی بات پر دھیان مت دیجئے جس کا دل ہماری یاد سے غافل ہے جس نے اپنے کی خواہشات کو اپنا امام بنا لیا ہے اور جو اپنے نفس کا بندہ بن کر بے اعتدالی کے راستے پر چل پڑا ہے اس لئے کہ دین کی عزت اور اسلام کی رونق مادی خوش حالی سے نہیں بلکہ مضبوط ایمان و تقویٰ اور اعلیٰ درجہ کی خوش اخلاقی سے ہے۔ اسلام کی نظر میں اگر خوش اخلاقی نہ ہو تو خوش حالی بے معنیٰ ہے۔

اصحاب کہف کے واقعہ میں دونوں طرح کے انسانوں کا فرق سامنے آچکا ہے۔ ایک اللہ کے یاد کرنے والے تھے، دوسرے دنیا کے طلب گار تھے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۫ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ

وَقُلِ	الْحَقُّ	مِنْ	رَّبِّكُمْ	فَمَنْ	شَآءَ	فَلْيُؤْمِنْ	وَّمَنْ	شَآءَ
اور کہدیں	حق	سے	تمہارا رب	پس جو	چاہے	سو ایمان لائے	اور جو	چاہے

اور آپؐ کہدیں حق تمہارے رب کی طرف سے ہے، پس جو چاہے سو ایمان لائے اور جو چاہے

فَلْيَكْفُرْ ۚ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۭ

فَلْيَكْفُرْ	اِنَّآ	اَعْتَدْنَا	لِلظّٰلِمِيْنَ	نَارًا	اَحَاطَ	بِهِمْ	سُرَادِقُهَا
سو کفر کرے (نہ مانے)	بیشک ہم	ہم نے تیار کیا	ظالموں کے لئے	آگ	گھیر لیں گی	انہیں	اسکی قناتیں

سو نہ مانے ہم نے بیشک تیار کی ہے ظالموں کے لئے آگ اس کی قناتیں انہیں گھیر لیں گی

وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۭ بِئْسَ

وَاِنْ	يَّسْتَغِيْثُوْا	يُغَاثُوْا	بِمَآءٍ	كَالْمُهْلِ	يَشْوِي	الْوُجُوْهَ	بِئْسَ
اور اگر	وہ فریاد کریں گے	وہ دادرسی کئے جائینگے	پانی سے	پگھلے ہوئے تانبے کی مانند	وہ بھون ڈالے گا	منہ (جمع)	برا ہے

اور اگر وہ فریاد کریں گے تو پگھلے ہوئے تانبے کے مانند (کھولتے) پانی سے دادرسی کئے جائیں گے وہ انکے منہ بھون ڈالیگا

الشَّرَابُ ۭ وَسَاۗءَتْ مُرْتَفَقًا ۝۲۹ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

الشَّرَابُ	وَسَاۗءَتْ	مُرْتَفَقًا	اِنَّ	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	وَعَمِلُوا
پینا (مشروب)	اور بری	آرام گاہ	بیشک	جو لوگ	ایمان لائے	اور انہوں نے عمل کئے

برا ہے ان کا مشروب اور بری ہے (انکی) آرام گاہ (جہنم) بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے عمل کئے

الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ۝۳۰

الصّٰلِحٰتِ	اِنَّا	لَا نُضِيْعُ	اَجْرَ	مَنْ	اَحْسَنَ	عَمَلًا	
نیک	ہم	ہم ضائع نہیں کرینگے	اجر	جو جس	اچھا کیا	عمل	

نیک یقیناً ہم اس کا اجر ضائع نہیں کریں گے۔ جس نے اچھا عمل کیا۔

(۲۹) وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۚ تَهْدِيْدٌ لَّهُمْ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ اَيِ الْكَافِرِيْنَ

(۲۹) اور اس کو اس کے ساتھیوں کو کہدے کہ یہ قرآن سچا ہے تمہارے رب کا بھیجا ہوا سو جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کافر ہو۔ یعنی کافر اپنی سزا کو پہنچے گا بیشک ہم نے کافروں کے واسطے دوزخ تیار کر رکھی ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

نَارًا اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا
مَا اَحَاطَ بِهَا وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا
يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ
كَعَكَرِ الزَّيْتِ يَشْوِى الْوُجُوْهَ
بِئْسَ الشَّرَابُ ط هُوَ
وَسَآءَتْ اَيِ النَّارُ
مُرْتَفَقًا ○ تَمْيِيْزٌ مَنْقُوْلٌ
مِنَ الْفَاعِلِ اَيْ قَبُحَ
مُرْتَفَقُهَا وَهُوَ مُقَابِلٌ
لِقَوْلِهٖ الْاٰتِيْ فِي الْجَنَّةِ
وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا وَالْاِفْنَاءُ
اِرْتِفَاقٌ فِي النَّارِ

جو اُن کو گھیرے ہوئے ہے۔
اور اگر وہ فریاد چاہیں گے تو ان کی فریادرسی کیجائے گی ایسے پانی سے جو مثل تیل کی تلچھٹ کے ہے جو اس درجہ تیز گرم ہوگا کہ جس وقت اس کے پاس منہ کریں گے وہ ان کو جلا دیگا۔
بُری پینے کی چیز ہے یہ اور دوزخ بری آرام گاہ ہے (دوزخ کے لئے مرتفقا لانا بمقابل اگلے کلام کے ہے جو جنت کے بارے میں وارد ہے۔ ورنہ دوزخ میں آرام کی جگہ کہاں۔

(۳۰) اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ
مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ○ اَلْجُمْلَةُ
خَبَرُ اِنَّ الَّذِيْنَ وَفِيْهَا
اِقَامَةُ الظَّاهِرِ مَقَامَ الْمُضْمَرِ وَالْمَعْنٰى
اَجْرُهُمْ اَنْ يُّثِيْبَهُمْ بِمَا تَضَمَّنَهٗ.

(۳۰) بیشک جو لوگ ایمان لائے اور اچھے عمل کئے ضرور ہم نیکوکاروں کا بدلہ ضائع نہیں کریں گے۔ جملہ انا لا نضیع آخر تک خبر اِنَّ الذین کی ہے ضمیر کی جگہ اسم ظاہر لایا گیا حاصل یہ ہے کہ جو اچھے عمل والے ہیں ان کا بدلہ ہم ضائع نہ کریں گے اور ان کے لئے یہ ثواب تیار ہے جس کا بیان اس سے اگلی آیت میں ہے۔

تشریح

(۲۹) آپ حق بات کہتے رہیں | اللہ کا یہ دین حق ہے جن لوگوں نے اسکو حق سمجھ کر قبول کیا اور اس پر قائم رہے ان میں وہ نوجوان بھی تھے جو اصحاب کہف کے نام سے جانے گئے وہ سرخرو اور کامیاب رہے جن لوگوں نے اس دین کی مخالفت کی ان کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ آپ اے پیغمبر صاف صاف کہدیں کہ یہ دین اللہ کی طرف سے نازل ہوا ہے کسی کا گھڑا ہوا نہیں ہے سچا دین ہے جس کا دل چاہے مانے جس کا دل چاہے نہ مانے اس کی مرضی ہے لیکن سچائی سے منہ موڑنے والے اچھی طرح سمجھ لیں کہ ہم نے ایسے ظالموں کے لئے ایسی آگ تیار کر رکھی ہے جو انہیں گھیرے میں لے لیگی، وہ اس آگ کی لپیٹ میں آچکے ہیں وہاں ان کو ایسا عذاب ہوگا کہ جب وہ پیاس کی شدت سے گھبرا کر پانی مانگیں گے تو تیل کی تلچھٹ یا پیپ کی طرح کا گرم کھولتے ہوئے پانی سے ان کی تواضع کی جائیگی جو پیاس تو کیا بجھائے گا، الٹا منہ کو بھون کر رکھ دیگا بدترین پینے کی چیز اور بہت برا ٹھکانا۔

(۳۰) سچائی کو ماننے والے | سچائی سے منہ موڑنے والے بدنصیبوں کے مقابلے میں وہ حقیقت پسند اہل حق جنھوں نے آگے بڑھ کر اللہ کے دین کو قبول کیا اور اپنی عملی زندگی میں اس کو برت کر دکھایا ایسے نیکوکار لوگوں کا اجر ہم ضائع نہیں کریں گے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

أُولَٰئِكَ لَهُمْ جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهِمُ الْأَنْهَارُ

أُولَٰئِكَ	لَهُمْ	جَنَّاتُ	عَدْنٍ	تَجْرِي	مِن تَحْتِهِمُ	الْأَنْهَارُ
یہی لوگ	انکے لئے	باغات	ہمیشگی	بہتی ہیں	ان کے نیچے	نہریں

یہی لوگ ہیں ان کے لئے ہمیشگی کے باغات ہیں بہتی ہیں ان کے نیچے نہریں۔

يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِن ذَهَبٍ وَيَلْبَسُونَ ثِيَابًا

يُحَلَّوْنَ	فِيهَا	مِنْ	أَسَاوِرَ	مِن	ذَهَبٍ	وَيَلْبَسُونَ	ثِيَابًا
پہنائے جائینگے	اسمیں	سے	کنگن	سے	سونا	اور وہ پہنیں گے	کپڑے

اس میں انہیں سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور وہ کپڑے پہنیں گے

خُضْرًا مِّن سُندُسٍ وَإِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِئِينَ فِيهَا

خُضْرًا	مِّن	سُندُسٍ	وَ	إِسْتَبْرَقٍ	مُّتَّكِئِينَ	فِيهَا
سبز رنگ	سے کے	باریک ریشم	اور	دبیز ریشم	تکیہ لگائے ہوئے	اسمیں

سبز باریک ریشم کے اور دبیز ریشم کے اس میں مسہریوں پر تکیہ لگائے

عَلَى الْأَرَائِكِ ۚ نِعْمَ الثَّوَابُ ۚ وَحَسُنَتْ

عَلَى + الْأَرَائِكِ ۚ	نِعْمَ	الثَّوَابُ	وَ	حَسُنَتْ
تختوں (مسہریوں) پر	اچھا	بدلہ	اور	خوب ہے

ہوئے ہوں گے ، اچھا ہے بدلہ اور خوب ہے

مُرْتَفَقًا ﴿٣١﴾ وَاضْرِبْ لَهُم مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا ع ۴ ۹ ۱۶

مُرْتَفَقًا	وَاضْرِبْ	لَهُمْ	مَّثَلًا	رَّجُلَيْنِ	جَعَلْنَا
آرام گاہ	اور بیان کر	انکے لئے	مثال (حال)	دو آدمی	ہم نے بنائے

آرام گاہ اور ان کے لئے دو آدمیوں کا حال بیان کریں، ہم نے ان میں سے

لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ وَحَفَفْنَاهُمَا بِنَخْلٍ

لِأَحَدِهِمَا	جَنَّتَيْنِ	مِنْ	أَعْنَابٍ	وَحَفَفْنَاهُمَا	بِنَخْلٍ
انمیں ایک کے لئے	دو باغ	سے کے	انگور (جمع)	اور ہم نے انہیں گھیرلیا	کھجوروں کے درخت

ایک کے لئے دو باغ بنائے انگوروں کے اور ہم نے انہیں کھجوروں کے درختوں (کی باڑ) سے گھیرلیا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ﴿٣٢﴾ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ

وَجَعَلْنَا	بَيْنَهُمَا	زَرْعًا	كِلْتَا + الْجَنَّتَيْنِ	اٰتَتْ	اُكُلَهَا	وَلَمْ
اور بنادی (رکھی)	انکے درمیان	کھیتی	دونوں باغ	لائے	اپنے پھل	اور نہ

اور ان کے درمیان کھیتی رکھی دونوں باغ اپنے پھل لائے اور اس

تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ﴿٣٣﴾

تَظْلِمْ	مِّنْهُ	شَيْـًٔا	وَّفَجَّرْنَا	خِلٰلَهُمَا	نَهَرًا
کم کرتے تھے	اس سے	کچھ	اور ہم نے جاری کردی	دونوں کے درمیان	ایک نہر

(پیداوار) میں کچھ کمی نہ کرتے تھے اور ہم نے ان دونوں کے درمیان میں ایک نہر جاری کر دی

(۳۱) اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۭ نِعْمَ الثَّوَابُ ۭ وَحَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ۝

(۳۱) وہی لوگ ہیں کہ ان کے رہنے کو ایسے باغ ہیں کہ جنکے نیچے پانی کی نہریں جاری ہیں وہاں ان کو سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے اور سبز کپڑے باریک اور دبیز ریشم کے پھر پہنیں گے۔

تخت پر تکیہ لگانے والے ہوں گے (اراٰئک جمع اریکہ کی ہے اریکہ اس تخت کو کہتے ہیں جو دلہن کے رہنے کی جگہ ہو جو پردوں اور کپڑوں سے سجایا جاتا ہے۔ اچھا بدلہ ہے جنت اور عمدہ آرام گاہ ہے۔

(۳۲) وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ اَعْنَابٍ ۔۔۔ الخ اور کافروں سے بیان کر دو مثال مسلمانوں اور کافروں کی کہ ہم نے کافر کے لئے دو باغ انگور کے پیدا کئے۔

(۳۲) وَاضْرِبْ اجْعَلْ لَهُمْ لِلْكُفَّارِ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ بَدَلٌ وَهُوَ وَمَا بَعْدَهٗ تَفْسِيْرٌ لِلْمَثَلِ جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا الْكَافِرِ

toobaa-elibrary.blogspot.com

جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ وَحَفَفْنَاهُمَا بِنَخْلٍ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ○ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ آتَتْ أُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِنْهُ شَيْئًا وَفَجَّرْنَا خِلَالَهُمَا نَهَرًا ○ وَكَانَ لَهُ ثَمَرٌ فَقَالَ لِصَاحِبِهِ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ أَنَا أَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَأَعَزُّ نَفَرًا ○ وَدَخَلَ جَنَّتَهُ وَهُوَ ظَالِمٌ لِنَفْسِهِ قَالَ مَا أَظُنُّ أَنْ تَبِيدَ هَذِهِ أَبَدًا ○ وَمَا أَظُنُّ السَّاعَةَ قَائِمَةً وَلَئِنْ رُدِدْتُ إِلَىٰ رَبِّي لَأَجِدَنَّ خَيْرًا مِنْهَا مُنْقَلَبًا ○ قَالَ لَهُ صَاحِبُهُ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ أَكَفَرْتَ بِالَّذِي خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُطْفَةٍ ثُمَّ سَوَّاكَ رَجُلًا ○ لَٰكِنَّا هُوَ اللَّهُ رَبِّي وَلَا أُشْرِكُ بِرَبِّي أَحَدًا ○ وَلَوْلَا إِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَاءَ اللَّهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ إِنْ تَرَنِ أَنَا أَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَوَلَدًا ○ فَعَسَىٰ رَبِّي أَنْ يُؤْتِيَنِ خَيْرًا مِنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِنَ السَّمَاءِ فَتُصْبِحَ صَعِيدًا زَلَقًا ○ أَوْ يُصْبِحَ مَاؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيعَ لَهُ طَلَبًا ○ وَأُحِيطَ بِثَمَرِهِ فَأَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلَىٰ مَا أَنْفَقَ فِيهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا وَيَقُولُ يَا لَيْتَنِي لَمْ أُشْرِكْ بِرَبِّي أَحَدًا ○ وَلَمْ تَكُنْ لَهُ فِئَةٌ يَنْصُرُونَهُ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ○ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلَّهِ الْحَقِّ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَخَيْرٌ عُقْبًا ○ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَثَلًا رَجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ وَحَفَفْنَاهُمَا بِنَخْلٍ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا زَرْعًا ○ يَقْتَتَانُ

اور ان کے گرداگرد کھجور کے درخت جمائے، اور ان دونوں باغوں کے بیچ میں کھیتی اگائی جس سے قوت حاصل کی جاوے۔

(۳۲) كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ كِلْتَا مُفْرَدٌ يَدُلُّ عَلَى التَّثْنِيَةِ مُبْتَدَأٌ آتَتْ خَبَرُهُ أُكُلَهَا ثَمَرَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ تَنْقُصْ مِنْهُ شَيْئًا وَفَجَّرْنَا خِلَالَهُمَا نَهَرًا ○ يَجْرِي بَيْنَهُمَا

(۳۲) وہ دونوں باغ اپنا پھل لائے اور خوب پھلے کچھ نقصان اس میں نہ ہوا اور ان دونوں باغوں کے بیچ ہم نے نہر جاری کی۔

تشریح

(۳۱) جنت والوں کے لئے نعمتیں | صداقت کو قبول کرنے والے اور سچائی پر چلنے والوں کے لئے سدا بہار جنتیں ہونگی جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہونگی۔ دنیا میں مردوں کے لئے سونے کا استعمال کرنا جائز نہیں ہے۔ جنت میں اہل جنت بادشاہوں کی طرح سونے کے کنگنوں سے آراستہ ہونگے۔ دنیا میں مردوں کے لئے ریشمی کپڑا پہننے کی اجازت نہیں وہاں ان کے لئے ریشم اور اطلس و دیبا کے سبز شاہانہ لباس ہونگے، اونچی اونچی مسندوں پر تکیہ لگائے بیٹھے ہونگے بادشاہوں کی سی شان و شوکت بہترین اجرا اور اعلےٰ درجے کی جائے قیام۔

(۳۲) باغ والے دو آدمیوں کا قصہ ——— ایک دنیوی مال و دولت اور ظاہری شان و شوکت پر اترانے والا ——— دوسرا اللہ پر بھروسہ رکھنے والا | اکثر ایسا ہوتا ہے کہ جس آدمی کے پاس مال و دولت کی کثرت ہوتی ہے دنیا کی ظاہری شان و شوکت ہوتی ہے اور اس میں خوف خدا اور دینداری نہیں ہوتی تو وہ آپے سے باہر ہو جاتا ہے اور اپنے انجام کو بھول جاتا ہے ——— یہاں ایسے دو باغ والے آدمیوں کا قصہ بیان کیا جا رہا ہے۔ اور اس قصہ کا پس منظر یہ ہے جیسا کہ اسی سورۂ کہف آیت ۲۸ میں گذر چکا ہے کہ مکہ کے متکبر سرداروں نے غریب مسلمانوں کے ساتھ بیٹھنے سے انکار کر دیا تھا انھیں اپنی شان و شوکت پر ناز تھا بڑائی کے نشے میں چور تھے انھیں ان باغ والوں کا قصہ سنا کر بتایا جا رہا ہے کہ انسان کو اپنے انجام سے بے خبر نہیں رہنا چاہیئے ——— ارشاد ہوا کہ اے پیغمبر آپ ان کے سامنے ایک مثال پیش کریں کہ دو شخص تھے۔ ان میں سے ایک کو ہم نے انگور کے دو باغ عطا کئے۔ ان باغوں کے گرد کھجور کے درختوں کی باڑھ لگا دی اور بیچ میں کھیتی کی زمین چھوڑی تاکہ پھل بھی ملیں اور غلہ بھی حاصل ہو۔

(۳۳) باغ خوب پھلے پھولے | یہ دونوں باغ خوب پھلے پھولے، اچھی طرح پھل آئے باغوں کے بیچ میں ایک نہر جاری کر دی جس سے منظر بڑا خوب صورت نظر آتا تھا اور بارش نہ ہو تب بھی اس نہر سے باغوں کو پانی ملتا رہے اور خشکی سے باغ خراب نہ ہوں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَنَا

وَّكَانَ	لَهٗ	ثَمَرٌ	فَقَالَ	لِصَاحِبِهٖ	وَهُوَ	يُحَاوِرُهٗٓ	اَنَا
اور تھا	اسکے لئے	پھل	تو وہ بولا	اپنے ساتھی سے	اور وہ	اس سے باتیں کرتے ہوئے	میں

اور اس کے لئے (بہت) پھل تھا تو وہ اپنے ساتھی سے بولا اس سے باتیں کرتے ہوئے میں

اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ

اَكْثَرُ	مِنْكَ	مَالًا	وَّ + اَعَزُّ	نَفَرًا	وَدَخَلَ	جَنَّتَهٗ
زیادہ تر	تجھ سے	مال میں	اور زیادہ باعزت	آدمیوں کے لحاظ سے	اور وہ داخل ہوا	اپنا باغ

مال میں تجھ سے زیادہ تر ہوں، اور آدمیوں (جتھے) کے لحاظ سے زیادہ باعزت ہوں اور وہ اپنے باغ میں داخل ہوا

وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ

وَهُوَ	ظَالِمٌ	لِّنَفْسِهٖ	قَالَ	مَآ + اَظُنُّ	اَنْ	تَبِيْدَ	هٰذِهٖٓ
اور وہ	ظلم کر رہا تھا	اپنی جان پر	وہ بولا	میں گمان نہیں کرتا	کہ	برباد ہوگا	یہ

(اس حال میں کہ) وہ اپنی جان پر ظلم کر رہا تھا وہ بولا میں گمان نہیں کرتا کہ یہ کبھی برباد ہوگا

اَبَدًا ﴿۳۵﴾ وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ

اَبَدًا	وَّمَآ اَظُنُّ	السَّاعَةَ	قَآئِمَةً	وَّلَئِنْ	رُّدِدْتُّ
کبھی	اور میں گمان نہیں کرتا	قیامت	قائم (برپا)	اور اگر	میں لوٹایا گیا

اور میں گمان نہیں کرتا کہ قیامت برپا ہونے والی ہے اور اگر میں اپنے رب کی طرف

اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾ قَالَ

اِلٰى	رَبِّيْ	لَاَجِدَنَّ	خَيْرًا	مِّنْهَا	مُنْقَلَبًا	قَالَ
طرف	اپنا رب	میں ضرور پاؤں گا	بہتر	اس سے	لوٹنے کی جگہ	کہا

لوٹایا گیا تو میں ضرور اس سے بہتر لوٹنے کی جگہ پاؤں گا۔ اس کے ساتھی نے

لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ

لَهٗ	صَاحِبُهٗ	وَهُوَ	يُحَاوِرُهٗٓ	اَكَفَرْتَ	بِالَّذِيْ	خَلَقَكَ
اس سے	اس کا ساتھی	اور وہ	اس سے باتیں کر رہا تھا	کیا تو کفر کرتا ہے	اسکے ساتھ جس نے	تجھے پیدا کیا

اس سے کہا اور وہ اس سے باتیں کر رہا تھا کیا تو کفر کرتا ہے اس کے ساتھ جس نے تجھے

toobaa-elibrary.blogspot.com

مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ۲ لٰكِنَّا

مِنْ	تُرَابٍ	ثُمَّ	مِنْ	نُّطْفَةٍ	ثُمَّ	سَوّٰىكَ	رَجُلًا	لٰكِنَّا
سے	مٹی	پھر	سے	نطفہ	پھر	تجھے پورا بنایا	مرد	لیکن میں

مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ سے ، پھر تجھے بنایا (پورا) مرد لیکن میں (کہتا ہوں)

هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۳۸﴾

هُوَ	اللّٰهُ	رَبِّيْ	وَ	لَآ اُشْرِكُ	بِرَبِّيْٓ	اَحَدًا
وہ	اللہ	میرا رب	اور	میں شریک نہیں کرتا	اپنے رب کیساتھ	کسی کو

وہی اللہ میرا رب ہے اور میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔

﴿۳۴﴾ وَّكَانَ لَهٗ مَعَ الْجَنَّتَيْنِ ثَمَرٌ ۚ بِفَتْحِ الثَّاءِ وَالْمِيْمِ وَضَمِّهِمَا وَبِضَمِّ الْاَوَّلِ وَ سُكُوْنِ الثَّانِيْ وَهُوَ جَمْعُ ثَمَرَةٍ كَشَجَرَةٍ وَشَجَرٍ وَخَشَبَةٍ وَ خُشُبٍ وَبَدَنَةٍ وَبُدُنٍ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ الْمُؤْمِنِ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗ يُفَاخِرُهٗ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ۝ عَشِيْرَةً

﴿۳۴﴾ اور اس دونوں باغوں والے کے پاس خوب پھل ہوا (ثمر ساتھ فتحہ ثا و میم اور نیز دونوں حرف مضموم) اور اول کو ضمہ اور ثانی ساکن اور ہر سہ صورت میں یہ لفظ جمع ثمرہ کی ہے صورت اولیٰ کی مثال شجرۃ و شجر اور ثانیہ کی مثال خشبۃ و خشب اور ثالث کی مثال بدنۃ و بدن ہے۔ سو اس کافر نے اپنے ساتھی مسلمان سے ازراہِ فخر اثنا ر گفتگو میں کہا میں تجھ سے مال میں زیادہ ہوں اور میرا کنبہ اور جماعت زیادہ اور قوی ہے۔

﴿۳۵﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ بِصَاحِبِهٖ يَطُوْفُ بِهٖ فِيْهَا وَيُرِيْهِ اَثْمَارَهَا وَلَمْ يَقُلْ جَنَّتَيْهِ اِرَادَةً لِلرَّوْضَةِ وَقِيْلَ اِكْتَفٰى بِالْوَاحِدِ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ بِالْكُفْرِ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ تَنْعَدِمَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ۝

﴿۳۵﴾ اور وہ کافر اپنے ساتھی مسلمان کو باغ کی سیر کرانے اور اس کے پھل اور میوہ دکھلانے کو وہاں لے گیا۔ (ودخل جنتہ) فرمایا جَنَّتَيْهِ ساتھ صیغہ تثنیہ کا نہیں فرمایا حالانکہ مراد ہر دو باغ ہیں اس وجہ سے کہ روضہ مراد لیا ہے جو دونوں کو شامل ہے اور بعض نے کہا کہ ایک کے ذکر کرنے پر کفایت کی دوسرے سے۔ اور وہ کافر اپنی جان پر ظلم کرنے والا تھا ساتھ کفر کے کہنے لگا کہ میرا گمان یہ ہے کہ کبھی یہ باغ فنا نہ ہوگا۔

﴿۳۶﴾ وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ فِي الْاٰخِرَةِ عَلٰى زَعْمِكَ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ۝ مَرْجِعًا

﴿۳۶﴾ اور میرے نزدیک قیامت آنے والی نہیں اور البتہ اگر موافق تیرے گمان کے میں آخرۃ میں اپنے رب کی طرف لیجایا گیا تو بے شبہ وہاں اس سے بہتر قیام گاہ پاؤں گا۔

﴿۳۷﴾ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ يُجَادِلُهٗ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ لِاَنَّ

﴿۳۷﴾ اس کو اس کے ساتھ مسلمان نے جواب دیا کہ کیا تو منکر ہے اس ذات کا جس نے تجھ کو مٹی سے پیدا کیا (یہ اسلئے فرمایا کہ آدم مٹی

toobaa-elibrary.blogspot.com

اَدَمَ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ۝

سے پیدا کئے گئے ہیں) پھر بنایا تجھ کو نطفۂ منی سے پھر تجھکو برابر کرکے آدمی بنادیا۔

(۳۸) لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ میرا رب اللہ ہے اور میں کسی کو اپنے رب کا شریک نہیں بناتا۔

تشریح

(۳۴) **خوب کمائی ہوئی** | باغ سے بھی خوب نفع ملا اولاد بھی خوب ہوئی غرض خوب کمائی کی پھلا پھولا، اب مال و دولت کا نشہ چڑھ گیا ایک دن اپنے ہمسائے سے بات کرتے ہوئے کہنے لگا میں تجھ سے زیادہ مالدار ہوں اور میری نفری طاقت بھی تجھ سے زیادہ ہے یعنی میرے پاس مال و دولت بھی زیادہ ہے اور میرا کنبہ بھی بڑا ہے غرض تیرے مقابلہ میں ہر طرح سے برتر ہوں۔

(۳۵) **میری یہ دولت لافانی ہے** | اس طرح اپنے ہمسائے سے باتیں کرتا ہوا بڑے غرور و تکبر کے ساتھ اپنے باغ میں داخل ہوا اور کہنے لگا میں نہیں سمجھتا کہ میری یہ دولت کبھی فنا ہوگی میں اسی طرح شان و شوکت کے ساتھ زندگی گزارتا رہوں گا۔

(۳۶) **میں نہیں سمجھتا کہ کوئی دوسری زندگی بھی ہے اور اگر ہے تو وہاں بھی ٹھاٹ سے رہوں گا** | اور کہنے لگا اول تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ میرے یہ باغات ہی جنت ہیں اور میں ہمیشہ اس میں رہوں گا۔ اور اگر بالفرض کوئی دوسری زندگی ہے بھی تو میں وہاں اس سے زیادہ ٹھاٹ باٹ سے رہونگا کیونکہ میرا خوشحال ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ میں اللہ کا چہیتا ہوں جبھی تو مجھے اللہ نے نوازا ہے۔ یہ کشادگی یہ فراخی اور دولت یہ سامانِ عیش اس کی دلیل ہیں کہ میرا رب مجھے پسند کرتا ہے اور وہاں بھی وہ مجھے اسی طرح راحت و آرام سے رکھے گا۔

(۳۷) **پڑوسی نے کہا کیا تم رب کے اختیارات کے منکر ہو۔** | اس کے پڑوسی نے کہا ذرا اپنے وجود پر تو غور کرو کہ تمہارے رب نے تمہیں کیسے پیدا کیا پروردگار نے انسان کی تخلیق کا آغاز مٹی سے کیا تھا۔ حضرت آدم ؑ کو مٹی سے بنایا ان کا جوڑا تیار ہوا اور پھر یہ طریقہ جاری کردیا کہ نطفہ سے آدمی پیدا ہوتا ہے اور اس قطرۂ ناپاک سے ایک پورا آدمی بن کر تیار ہوجاتا ہے۔ وہ آقا اور مالک اور فرماں روا جس نے ساری کائنات کو اور انسان کو بنایا اس کے سامنے تکبر و غرور اور فخر کی مجال ہی کیا ہے وہ چاہے تو موت کے بعد دوبارہ زندہ کرسکتا ہے اس کو سب کچھ قدرت ہے یہ دولت اور شان و شوکت ہماری قوت اور قابلیت کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ اللہ کا عطیہ ہے اللہ تعالیٰ کو ان تمام حیثیتوں سے نہ ماننا گویا ایک طرح سے اس کا انکار ہی سمجھا جائیگا۔

(۳۸) **میں یقین رکھتا ہوں کہ وہی تنہا ہمارا رب ہے** | مجھے اس پر کامل یقین ہے کہ وہی تنہا ہم سب کا رب ہے اس کی خدائی میں کوئی حصہ دار نہیں ہے اس کے حکم و اختیار کے سامنے کوئی دم نہیں مار سکتا وہ اپنی دی ہوئی نعمتوں کو چھین بھی سکتا ہے وہ تنہا تمام اختیارات کا مالک ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ

وَلَوْلَآ	اِذْ	دَخَلْتَ	جَنَّتَكَ	قُلْتَ	مَا شَآءَ اللّٰهُ	لَا قُوَّةَ	اِلَّا	بِاللّٰهِ	اِنْ
اور کیوں نہ	جب	تو داخل ہوا	اپنا باغ	تو نے کہا	جو چاہے اللہ	نہیں قوت	مگر	اللہ کی	اگر

اور کیوں نہ جب تو داخل ہوا اپنے باغ میں، تو نے کہا "ماشاء اللہ" (جو اللہ چاہے وہی ہوتا ہے) کوئی قوت نہیں مگر اللہ کی (دی ہوئی) اگر

تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾

تَرَنِ	اَنَا	اَقَلَّ	مِنْكَ	مَالًا	وَّ	وَلَدًا
تو مجھے دیکھتا ہے	مجھے	کم	اپنے سے	مال میں	اور	اولاد میں

تو مجھے اپنے سے کم دیکھتا ہے مال میں اور اولاد میں

﴿۳۸﴾ وَلَوْلَآ هَلَّآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ عِنْدَ اِعْجَابِكَ بِهَا هٰذَا مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فِي الْحَدِيْثِ مَنْ اُعْطِيَ خَيْرًا مِنْ اَهْلٍ اَوْ مَالٍ فَيَقُوْلُ عِنْدَ ذٰلِكَ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لَمْ يَرَ فِيْهِ مَكْرُوْهًا اِنْ تَرَنِ اَنَا ضَمِيْرُ فَصْلٍ بَيْنَ الْمَفْعُوْلَيْنِ اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ۝

﴿۳۸﴾ اور تو جس وقت اپنے باغ میں گیا اور اس کو دیکھ کر خوش ہوا اسوقت تو نے یہ کیوں نہ کہا "ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ" یعنی جو اللہ چاہتا ہے وہ ہوتا ہے نہیں ہے قوت مگر ساتھ اللہ کے، حدیث شریف میں وارد ہے جسکو اللہ نے مال اور کنبہ دیا پھر وہ اسوقت کہے "ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ" تو وہ اپنے مال و اولاد میں کوئی مصیبت، اور برائی نہ دیکھے گا۔

تو مجھکو اگر دیکھتا ہے کہ میں تجھ سے مال اور اولاد میں کم ہوں

نشریح

﴿۳۹﴾ تمہیں باغ میں داخل ہوتے وقت ماشاء اللہ کہنا چاہیئے تھا۔

پڑوسی نے مزید کہا کہ جب تم باغ میں داخل ہو رہے تھے تو بجائے فخر و غرور کے اور یہ کہنے کے کہ مَا اَظُنُّ اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا (میں نہیں سمجھتا کہ یہ دولت کبھی فنا ہو جائے گی) تمہیں یہ کہنا چاہیئے تھا کہ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ (یعنی جو کچھ اللہ چاہے گا وہی ہوگا میرا اور کسی کا کچھ زور نہیں ہے) اس لئے کہ ہمارا اگر کچھ بس چل سکتا ہے تو اللہ ہی کی توفیق اس کی تائید اور مدد سے چل سکتا ہے۔ وہ چاہے تو ایک دم میں سب کچھ ختم کر دے اگر تم مجھے مال اور اولاد میں اپنے سے کمتر پاتے ہو تو یہ بھی اللہ تعالیٰ کی حکمت اور مصلحت ہے کہ کسی کو کم اور کسی کو زیادہ عطا فرماتے ہیں۔ جس کو اللہ نے زیادہ دیا ہے دیکھتے ہیں کہ وہ اللہ کا شکر گذار ہوتا ہے یا نہیں اور جسے کم دیا ہے اس کے صبر کا امتحان ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَ

فَعَسٰى	رَبِّيْٓ	اَنْ	يُّؤْتِيَنِ	خَيْرًا	مِّنْ	جَنَّتِكَ	وَ
تو قریب	میرا رب	کہ	مجھے دے	بہتر	سے	تیرا باغ	اور

تو قریب ہے کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے بہتر دے اور (اس تیرے باغ) پر

يُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا

يُرْسِلَ	عَلَيْهَا	حُسْبَانًا	مِّنَ	السَّمَآءِ	فَتُصْبِحَ	صَعِيْدًا
بھیجے	اس پر	آفت	سے	آسمان	پھر وہ ہو کر رہ جائے	مٹی کا میدان

آفت بھیجے آسمان سے پھر وہ مٹی کا چٹیل میدان ہو کر رہ

زَلَقًا ﴿۴۰﴾ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ

زَلَقًا	اَوْ	يُصْبِحَ	مَآؤُهَا	غَوْرًا	فَلَنْ + تَسْتَطِيْعَ	لَهٗ
چٹیل	یا	ہو جائے	اس کا پانی	خشک	پھر تو ہرگز نہ کر سکے گا	اس کو

جائے یا اس کا پانی خشک ہو جائے، اور تو ہرگز نہ کر سکے گا اس کو

طَلَبًا ﴿۴۱﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى

طَلَبًا	وَاُحِيْطَ	بِثَمَرِهٖ	فَاَصْبَحَ	يُقَلِّبُ	كَفَّيْهِ	عَلٰى
طلب (تلاش)	اور گھیر لیا گیا	اسکے پھل	پس وہ رہ گیا	وہ ملنے لگا	اپنے ہاتھ	پر

تلاش اور اس کے پھل (عذاب میں) گھیر لئے گئے اور اس میں جو اس نے خرچ کیا تھا وہ اس پر

مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا

مَآ	اَنْفَقَ	فِيْهَا	وَهِيَ	خَاوِيَةٌ	عَلٰى	عُرُوْشِهَا
جو	اس نے خرچ کیا	اسمیں	اور وہ	گرا ہوا	پر	اپنی چھتریاں

اپنے ہاتھ ملتا رہ گیا اور وہ باغ اپنی چھتریوں پر گرا ہوا تھا

وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿۴۲﴾

وَيَقُوْلُ	يٰلَيْتَنِيْ	لَمْ اُشْرِكْ	بِرَبِّيْ	اَحَدًا
اور وہ کہنے لگا	اے کاش	میں شریک نہ کرتا	اپنے رب کیساتھ	کسی کو

اور وہ کہنے لگا اے کاش میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۴۰) فَعَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا زَلَقًا ۙ (۴۰) تو نزدیک ہے کہ میرا رب مجھکو تیرے باغوں سے بہتر عطا فرمادے اور تیرے باغ پر آسمان سے بجلی بھیجدے جس کے سبب وہ صاف زمین ہوجاوے جس میں قدم پھسلیں۔

(۴۱) اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ۝ (۴۱) یا اس باغ کا پانی جو نہروں میں جاری ہے زمین میں اتر جاوے پھر تو کوئی حیلہ اس کے حاصل کرنے کا نہ پاوے

(۴۲) وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ۝ (۴۲) سو اس کا پھل مع باغ کے ہلاک کیا گیا۔ پس صبح کی اس کافر نے کہ ملتا تھا دونوں ہاتھ اپنے حیرت اور افسوس میں اس مال کے جو اس باغ کی عمارت میں صرف کیا تھا اور وہ باغ گرنے والا تھا اوپر چھتوں اور ستونوں انگوروں کے اس طرح کہ اول چھت اور ستون انگوروں کے گر گئے پھر وہ انگور کے درخت سے اوپر گر گئے اور اپنے ساتھی مسلمان کی نصیحت کو یاد کر کے کہتا تھا اے کاش میں اپنے رب کا کسی کو شریک نہ بناتا۔

تشریح

(۴۰) اللہ تعالیٰ بہتر سے بہتر بھی عطا فرما سکتے ہیں | آج اگر میں خوشحالی میں تم سے کم ہوں تو کوئی بات نہیں اللہ تعالیٰ کو یہ بھی قدرت ہے کہ وہ دنیا یا آخرت میں تمہارے باغوں سے بہتر باغ مجھے عطا فرمادے۔ اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ وہ آسمان سے کوئی آفت بھیج دے۔ اور تمہارے باغ تباہ ہو کر صاف چٹیل میدان بن کر رہ جائیں۔

(۴۱) تمہارے باغ کی نہر کا پانی خشک بھی ہوسکتا ہے | تمہارے باغ میں جاری یہ نہر کا پانی خشک بھی ہوسکتا ہے۔ زمین میں اس طرح اتر بھی سکتا ہے کہ دوبارہ جاری نہ ہو غرضیکہ کچھ بھی ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے اسلئے ہمیں ان چیزوں پر اترانا نہیں چاہیئے۔

(۴۲) سارا باغ تباہ ہوگیا | آخر وہی ہوا جو اس مرد صالح کی زبان سے نکلا تھا رات کو آندھی آئی سارا پھل مارا گیا اور وہ اپنے انگوروں کے باغ کو ٹٹیوں پر الٹا پڑا دیکھ کر اپنی لگائی ہوئی لاگت پر ہاتھ ملتا رہ گیا اور کہنے لگا، کاش میں نے اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ کیا ہوتا اور مجھے یہ نقصان نہ اٹھانا پڑتا۔ اس کی یہ ندامت خدا کے خوف کی وجہ سے نہیں بلکہ اپنے مال کے نقصان کی وجہ سے تھی۔

بہت سے لوگ پن کے کام رب کی رضا کیلئے نہیں بلکہ دنیاوی نقصان سے بچنے کے لئے کرتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾

وَلَمْ تَكُنْ	لَّهٗ	فِئَةٌ	يَّنْصُرُوْنَهٗ	مِنْ	دُوْنِ ۔ اللّٰهِ	وَمَا	كَانَ	مُنْتَصِرًا
اور نہ ہوئی	اسکے لئے	کوئی جماعت	اس کی مدد کرتی	سے	اللہ کے سوا	اور نہ	وہ تھا	بدلہ لینے کے قابل

اور اس کے لئے کوئی جماعت نہ ہوئی کہ اللہ کے سوا اس کی مدد کرتی اور وہ بدلہ لینے کے قابل نہ تھا۔

ع ۵ ۱۳/۱۷ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ۭ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿۴۴﴾

هُنَالِكَ	الْوَلَايَةُ	لِلّٰهِ	الْحَقِّ	هُوَ	خَيْرٌ	ثَوَابًا	وَّخَيْرٌ	عُقْبًا
یہاں	اختیار	اللہ کیلئے	برحق	وہ	بہتر	ثواب دینے میں	اور بہتر	بدلہ دینے میں

یہاں اختیار اللہ برحق کے لئے ہے۔ وہی بہتر ہے ثواب دینے میں، اور بہتر ہے بدلہ دینے میں

(۴۳) وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ بِالتَّاءِ وَالْيَاءِ فِئَةٌ جَمَاعَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ عِنْدَ هَلَاكِهَا وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ۝ عِنْدَ هَلَاكِهَا بِنَفْسِهٖ۔

(۴۳) اور جب اس کا باغ ہلاک ہوا تو کوئی جماعت اس کی مدد نہ کرسکی، اللہ کے سوا۔ اور نہ وہ خود بچ سکا۔

(۴۴) هُنَالِكَ اَیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ الْوَلَایَةُ بِفَتْحِ الْوَاوِ اَلنُّصْرَةُ وَبِكَسْرِهَا اَلْمُلْكُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ۭ بِالرَّفْعِ صِفَةُ الْوَلَایَةِ وَبِالْجَرِّ صِفَةُ الْجَلَالَةِ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا مِنْ ثَوَابِ غَيْرِهٖ لَوْ كَانَ يُثِيْبُ وَخَيْرٌ عُقْبًا ۝ بِضَمِّ الْقَافِ وَسُكُوْنِهَا عَاقِبَةً لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَنَصْبُهُمَا عَلَى التَّمْيِيْزِ۔

(۴۴) قیامت کے دن مدد اور بادشاہت اللہ سچے کی ہے۔ اس کا ثواب بہتر ہے ثواب غیر اس کے سے۔ اگر بالفرض کوئی اور ثواب دیتا۔ اور مسلمانوں کا انجام بہتر ہے۔

تشریح

(۴۳) اس مصیبت میں کوئی اس کے کام نہ آیا | وہ سارا جتھہ وہ اولاد وہ جھوٹے معبود کوئی بھی کام نہ آیا اور نہ خود اسکے اندر اتنی طاقت تھی کہ اس آفت کا مقابلہ کرسکتا۔ اس میں بدلہ کی قوت تھی اور اب پچھتانے سے کچھ حاصل بھی نہیں تھا۔

(۴۴) کارسازی کا اختیار صرف اللہ کا ہے | اس وقت معلوم ہوا کہ کارسازی کا اختیار اللہ کے سوا کسی کو نہیں ہے یہاں دنیا میں بھی اور وہاں آخرت میں بھی ہر جگہ اختیار اسی کا چلتا ہے کسی کی مجال نہیں کہ اس کے فیصلے میں دخل دے سکے۔ انعام وہی بہتر ہے جو وہ عطا کرے اور انجام وہی بخیر ہے جو وہ دکھائے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ

وَاضْرِبْ	لَهُمْ	مَّثَلَ	الْحَيٰوةِ ۔ الدُّنْيَا	كَمَآءٍ	اَنْزَلْنٰهُ	مِنَ
اور بیان کریں	انکے لئے	مثال	دنیا کی زندگی	جیسے ایک پانی	ہم نے اسکو اتارا	سے

اور ان کے لئے بیان کریں دنیا کی مثال (وہ ایسے ہے) جیسے ہم نے آسمان سے ایک پانی اتارا

السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ

السَّمَآءِ	فَاخْتَلَطَ	بِهٖ	نَبَاتُ ۔ الْاَرْضِ	فَاَصْبَحَ	هَشِيْمًا	تَذْرُوْهُ
آسمان	پس مل جل گیا	اس کے ذریعہ	زمین کی نباتات (سبزہ)	پھر ہوگیا	چورا چورا	اڑاتی ہے اسکو

پھر اس کے ذریعہ زمین کا سبزہ مل جل گیا (خوب گھنا اگا) پھر وہ چورا چورا ہوگیا کہ اسکو ہوائیں

الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ

الرِّيٰحُ	وَكَانَ	اللّٰهُ	عَلٰى ۔ كُلِّ ۔ شَيْءٍ	مُّقْتَدِرًا	اَلْمَالُ
ہوا (جمع)	اور ہے	اللہ	ہر شے پر	قدرت رکھنے والا	مال

اڑاتی ہیں، اور اللہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ مال

وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ

وَالْبَنُوْنَ	زِيْنَةُ	الْحَيٰوةِ ۔ الدُّنْيَا	وَالْبٰقِيٰتُ	الصّٰلِحٰتُ
اور بیٹے	زینت	دنیا کی زندگی	اور باقی رہنے والی	نیکیاں

اور بیٹے دنیا کی زندگی کی زینت ہیں اور باقی رہنے والی نیکیاں

خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾

خَيْرٌ	عِنْدَ ۔ رَبِّكَ	ثَوَابًا	وَّخَيْرٌ	اَمَلًا
بہتر	تیرے رب کے نزدیک	ثواب میں	اور بہتر	آرزو میں

تیرے رب کے نزدیک بہتر ہیں ثواب میں اور بہتر ہیں آرزو میں

﴿۴۵﴾ وَاضْرِبْ صَيِّرْ لَهُمْ لِقَوْمِكَ مَثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مَفْعُوْلٌ اَوَّلُ كَمَآءٍ مَفْعُوْلٌ ثَانٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ تَكَاثَفَ بِسَبَبِ نُزُوْلِ الْمَآءِ نَبَاتُ الْاَرْضِ وَ

﴿۴۵﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ الخ اور بیان کر اپنی قوم سے دنیا کی زندگی کی مثال مانند پانی کے کہ ہم نے اس کو آسمان سے اتارا، سو اس پانی کے اترنے سے زمین پر بہت سبزہ جما اور پانی سے مل کر تر و تازہ و خوشنما ہوگیا پھر وہ

toobaa-elibrary.blogspot.com

امْتَزَجَ الْمَاءُ بِالنَّبَاتِ فَرَوِيَ وَحَسُنَ فَأَصْبَحَ فَصَارَ النَّبَاتُ هَشِيمًا يَابِسًا مُتَفَرِّقَةً أَجْزَاؤُهُ تَذْرُوهُ تُثِيرُهُ وَتُفَرِّقُهُ الرِّيَاحُ، فَتَذْهَبُ بِهِ الْمَعْنَى شَبَّهَ الدُّنْيَا بِنَبَاتٍ حَسَنٍ فَيَبِسَ وَتَكَسَّرَ فَتَفَرَّقَتْهُ الرِّيَاحُ وَفِي قِرَاءَةٍ الرِّيحُ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ○ قَادِرًا۔

سبزہ سوکھ کر ٹکڑے ہو گیا کہ ہوائیں اسکو اڑا دیں اور متفرق کریں اور فنا کر دیویں۔ حاصل معنیٰ یہ ہوئے کہ اللہ تعالےٰ نے دنیا کو تشبیہ دی تر و تازہ گھاس سے کہ جو سوکھ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جاوے اور ہواؤں میں اُڑ جاوے (ایک قراءۃ میں ریح بجائے ریاح کے ہے)

اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے

(۴۶) اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا يُتَجَمَّلُ بِهِمَا فِيْهَا وَالْبَاقِيَاتُ الصَّالِحٰتُ هِيَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَزَادَ بَعْضُهُمْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ أَمَلًا ○ أَيْ مَا يَأْمُلُهُ الْإِنْسَانُ وَيَرْجُوهُ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى

(۴۶) مال اور بیٹے دنیا کی زندگی کی زینت ہے کہ دنیا میں آدمی ان سے زینت حاصل کرتا ہے اور نیک عمل جن کا ثواب باقی رہے تیرے رب کے نزدیک بہتر ہیں باعتبار ثواب اور امید کے۔ یعنی آدمی کو وہ عمل کرنے چاہئیں جن سے امید اور توقع ثواب اخروی کی عند اللہ ہو مراد باقیات صالحات سے یہ کلمات ہیں سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اور بعض نے یہ لفظ زیادہ کئے: ولا حول ولا قوۃ الا باللہ۔

تشریح

(۴۵) **دنیا کی زندگی کی شادابی اور زوال** | دنیا کی زندگی کو ایسا سمجھو جیسے سوکھی ہوئی مردہ زمین پر بارش برستی ہے اور وہ مردہ زمین جی اٹھتی ہے سرسبز و شاداب ہو جاتی ہے۔ دیکھنے والوں کو لہلہاتی کھیتیاں، ہرے بھرے درخت، سرسبز و شاداب میدان بھلے لگنے لگتے ہیں مگر چند دن کے بعد وہی کھیتی سوکھنی شروع ہو جاتی ہے۔ پھر اس کو کاٹ چھانٹ کر برابر کر دیا جاتا ہے اور وہ ریزہ ریزہ ہو جاتی ہے۔ بس یہی حال اس دنیا کا سمجھو۔ یہاں عروج بھی ہے عیش و خوش حالی بھی ہے، اور پھر زوال بھی ہے۔

وہی پروردگار زندگی بخشتا ہے وہی موت دیتا ہے، اسی کے حکم سے سب کچھ ملتا ہے اور وہی جب چاہے چھین بھی سکتا ہے وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

(۴۶) **وہ نیکیاں جو باقی رہیں گی** | دنیا کی زندگی میں خوش حالی مال و دولت، بیوی بچے یہ سب دنیا کی زندگی کی رونق ہیں جب تک آدمی اس دنیا میں ہے یہ چیزیں اس کے پاس ہیں۔ لیکن یہ سب چیزیں عارضی ہیں ساتھ چھوڑنے والی ہیں ـــــ وہ نیکیاں جو صدقہ جاریہ کے طور پر باقی رہتی ہیں اور مرنے کے بعد بھی ان کا اجر و ثواب ملتا رہتا ہے وہ اعمال حسنہ ہیں جو باقی رہنے والے ہیں۔ علمی کام اولاد کی اچھی تعلیم و تربیت جو بعد میں بھی والدین کے لئے باعث اجر و ثواب بنیں وہ نیک کام جو اللہ کے لئے کر کے جائے وہی نیکیاں ہیں جو باقی رہنے والی ہیں اور انسان کو ان ہی سے امیدیں باندھنی چاہئیں نہ کہ ختم ہونے والی خوش حالی پر۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْأَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ

وَيَوْمَ	نُسَيِّرُ	الْجِبَالَ	وَتَرَى	الْأَرْضَ	بَارِزَةً	وَّحَشَرْنٰهُمْ
اور جس دن	ہم چلائینگے	پہاڑ	اور تو دیکھے گا	زمین	کھلی ہوئی (صاف میدان)	اور ہم انہیں جمع کرینگے

اور جس دن ہم پہاڑ چلائیں گے اور تو زمین کو صاف میدان دیکھے گا۔ اور ہم انہیں جمع کر لیں گے

فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾

فَلَمْ نُغَادِرْ	مِنْهُمْ	اَحَدًا	
پھر نہ چھوڑیں گے ہم	ان سے	کسی کو	

پھر ہم ان میں سے کسی کو نہ چھوڑیں گے۔

﴿۴۷﴾ وَاذْكُرْ يَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ يُذْهِبُ بِهَا عَنْ وَجْهِ الْأَرْضِ فَتَصِيرُهَا هَبَاءً مُنْبَثًّا وَفِي قِرَاءَةٍ بِالنُّوْنِ وَكَسْرِ الْيَاءِ وَنَصْبِ الْجِبَالَ وَتَرَى الْأَرْضَ بَارِزَةً ظَاهِرَةً لَيْسَ عَلَيْهَا شَيْءٌ مِنْ جَبَلٍ وَلَا غَيْرِهِ وَحَشَرْنَاهُمْ الْمُؤْمِنِينَ وَالْكَافِرِينَ فَلَمْ نُغَادِرْ نَتْرُكْ مِنْهُمْ اَحَدًا ○

﴿۴۷﴾ اور یاد کر جبکہ پہاڑ ذرہ ذرہ ہو کر زمین سے اڑائے جاویں گے (ایک قرأت میں نُسیر الجبال ساتھ ضمہ نون اور کسرہ یاء و نصب الجبال کے) اور دیکھے گا تو زمین کو صاف ظاہر کہ اس پر پہاڑ وغیرہ کچھ باقی نہ رہیں گے۔ اور ہم اکٹھا کریں گے سب مسلمانوں اور کافروں کو سو ہم ان میں سے کسی کو باقی نہ چھوڑینگے

تشریح

﴿۴۷﴾ **قیامت کا وہ دن** یہ دنیا تو بہر حال فانی ہے ایک دن ختم ہو کر رہے گی اور یہاں کی ساری رونقیں بھی بے رونق ہو جائینگی فکر اس دن کی ہونی چاہیئے جب قیامت کا وہ دن آئے گا کہ پہاڑ جیسی سخت مخلوق بھی اپنی جگہ سے ہل کر زمین کی گرفت ڈھیلی ہو کر بادلوں کی طرح چلنے لگے گی اس کی بڑی بڑی چٹانیں دھنی ہوئی اون کی طرح فضا میں اڑتی ہوئی نظر آئینگی جیسا کہ سورۃ النمل میں ارشاد ہوا ہے وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ (آیت ۸۸ پارہ ۱۹) "تم پہاڑوں کو دیکھتے ہو اور سمجھتے ہو کہ یہ سخت جمے ہوئے ہیں مگر وہ چلیں گے اس طرح جیسے بادل چلتے ہیں۔"

زمین پر کوئی روئیدگی کوئی ہریالی کوئی اونچ نیچ اور کوئی عمارت باقی نہ رہے گی وہ ایک چٹیل میدان بن جائے گی جیسا کہ اسی سورت سورۃ الکہف کی آیت ۷ اور ۸ میں ارشاد ہوا ہے "اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْأَرْضِ زِينَةً لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا جُرُزًا۔" واقعہ یہ ہے کہ یہ جو کچھ سروسامان بھی زمین پر ہے اس کو ہم نے زمین کی زینت بنایا ہے تاکہ ان لوگوں کو آزمائیں ان میں کون بہتر عمل کرنے والا ہے آخر کار ان سب کو ہم ایک چٹیل میدان بے آب و گیاہ صحرا بنا دینے والے ہیں۔"

اور ہم اس چٹیل میدان میں تمام انسانوں کو اس طرح گھیر کر جمع کر دیں گے کہ اگلے پچھلوں میں سے ایک شخص بھی جو آدم سے لیکر قیامت کی آخری گھڑی تک پیدا ہوا ہے، خدا کی عدالت سے غیر حاضر نہ رہ سکے گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ

وَعُرِضُوْا	عَلٰى	رَبِّكَ	صَفًّا	لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا	كَمَا خَلَقْنٰكُمْ
اور وہ پیش کئے جائینگے	پر سامنے	تیرا رب	صف بستہ	البتہ تم ہمارے سامنے آگئے	جیسے ہم نے تمہیں پیدا کیا تھا

اور وہ تیرے رب کے سامنے صف بستہ پیش کئے جائیں گے (آخر) البتہ تم ہمارے سامنے آگئے جیسے ہم نے تمہیں

اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾

اَوَّلَ	مَرَّةٍ	بَلْ	زَعَمْتُمْ	اَلَّنْ + نَّجْعَلَ + لَكُمْ	مَّوْعِدًا
پہلی	بار	بلکہ (جبکہ)	تم سمجھتے تھے	کہ ہم ہرگز نہ ٹھہرائیں گے تمہارے لئے	کوئی وقتِ موعود

پہلی بار پیدا کیا تھا، جبکہ تم سمجھتے تھے کہ ہم تمہارے لئے ہرگز کوئی وقتِ موعود نہ ٹھہرائیں گے

﴿۴۸﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا حَالٌ اَیْ مُصْطَفِّیْنَ كُلُّ اُمَّةٍ صَفٌّ وَيُقَالُ لَهُمْ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ اَیْ فُرَادٰی خُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا وَيُقَالُ لِمُنْكِرِی الْبَعْثِ بَلْ زَعَمْتُمْ اَنْ مُخَفَّفَةٌ مِنَ الثَّقِيْلَةِ اَیْ اَنَّهٗ لَنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ○ لِلْبَعْثِ.

﴿۴۸﴾ اور وہ سب صف بصف پیش کئے جاویں اپنے رب کے سامنے یعنی ہر ایک امت ایک صف ہوگی اور ان سے کہا جاویگا کہ بیشک تم ہمارے سامنے تنہا تنہا ننگے پیر ننگے بدن غیر مختون آئے جیسا ہم نے تم کو اول دفعہ پیدا کیا تھا اور قیامت کے انکار کرنے والوں سے کہا جائے گا بلکہ تم گمان کرتے تھے کہ ہم نے تمہارے لئے وعدہ گاہ قیامت کو نہیں بنایا۔

تشریح

﴿۴۸﴾ قیامت کے دن موت کے بعد دوبارہ زندگی سامنے آجائے گی

دنیا کے آغاز سے لے کر دنیا کے خاتمے تک جب تمام انسانوں کو دوبارہ پیدا کیا جائے گا اور کوئی ایک شخص بھی چاہے اس نے دنیا میں ایک سانس ہی کیوں نہ لیا ہو باقی نہ رہے گا اور سب کے سب صف در صف گروہ در گروہ رب کے حضور میں پیش ہوں گے اس وقت اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے کہ تم موت کے بعد کی زندگی کو اور قیامت کے دن کو ایک ڈھکوسلہ سمجھتے تھے اور یہ سمجھتے تھے کہ ہم نے تمہارے لئے کوئی وعدے کا وقت مقرر ہی نہیں کیا ہے حالانکہ ہماری کتابیں تمہیں بتاتی رہیں، ہمارے پیغمبر تمہیں سمجھاتے رہے آخر دیکھ لو آج وہ وقت آگیا نا۔ اور تم ہمارے پاس اسی طرح آئے ہو جیسے ہم نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا۔ آخر وہ ساری باتیں سچی ثابت ہوئیں مگر تم اسے ماننے سے انکار کرتے تھے۔ اور یہ سمجھتے تھے کہ موت کے بعد کوئی زندگی نہیں ہے۔

دیکھ لو! اب تم دوبارہ پیدا ہو گئے ہو یا نہیں۔؟!

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ

وَوُضِعَ	الْكِتٰبُ	فَتَرَى	الْمُجْرِمِيْنَ	مُشْفِقِيْنَ
اور رکھی جائیگی	کتاب	سو تم دیکھو گے	مجرم (جمع)	ڈرتے ہوئے

اور رکھی جائے گی کتاب جو اس میں (لکھا ہوگا) سو تم مجرموں کو اس سے ڈرتے ہوئے دیکھو گے

مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا

مِمَّا	فِيْهِ	وَيَقُوْلُوْنَ	يٰوَيْلَتَنَا	مَالِ	هٰذَا	الْكِتٰبِ	لَا
اس سے جو	اس میں	اور وہ کہیں گے	ہائے ہماری شامت اعمال	کیسی ہے	یہ	کتاب (تحریر)	نہیں

اور وہ کہیں گے ہائے ہماری شامت اعمال! کیسی ہے یہ تحریر! یہ نہیں

يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا

يُغَادِرُ	صَغِيْرَةً	وَّ	لَا كَبِيْرَةً	اِلَّآ اَحْصٰىهَا	وَوَجَدُوْا
چھوڑتی یہ	چھوٹی بات	اور	نہ بڑی بات	مگر اسے گھیرے (قلمبند کئے) ہوئے	اور وہ پالیں گے

چھوڑتی، چھوٹی سی بات اور نہ بڑی بات مگر اسے قلم بند کئے ہوئے ہے اور وہ پالیں گے

مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۭ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ ع وَاِذْ ع ۶ ۵ ۱۸

مَا عَمِلُوْا	حَاضِرًا	وَلَا يَظْلِمُ	رَبُّكَ	اَحَدًا	وَاِذْ
جو انہوں نے کیا	سامنے	اور ظلم نہیں کریگا	تمہارا رب	کسی پر	اور جب

جو کچھ انہوں نے کیا (اپنے) سامنے اور تمہارا رب کسی پر ظلم نہیں کرے گا اور (یاد کرو) جب

قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ۭ

قُلْنَا	لِلْمَلٰٓئِكَةِ	اسْجُدُوْا	لِاٰدَمَ	فَسَجَدُوْٓا	اِلَّآ	اِبْلِيْسَ
ہم نے کہا	فرشتوں سے	تم سجدہ کرو	آدم کو	تو انہوں نے سجدہ کیا	سوائے	ابلیس

فرشتوں سے کہا تم سجدہ کرو آدم کو تو (ان) سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے

كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ۭ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ

كَانَ	مِنَ	الْجِنِّ	فَفَسَقَ	عَنْ	اَمْرِ رَبِّهٖ	اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ
وہ تھا	سے	جن	وہ (باہر) نکل گیا	سے	اپنے رب کا حکم	سو کیا تم اسکو بناتے ہو

وہ (قوم) جن سے تھا اور وہ اپنے رب کے حکم سے باہر نکل گیا سو کیا تم اس کو

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ؕ

وَذُرِّيَّتَهٗٓ	اَوْلِيَآءَ	مِنْ دُوْنِيْ	وَهُمْ	لَكُمْ	عَدُوٌّ
اور اس کی اولاد	دوست (جمع)	میرے سوا	اور وہ	تمہارے	دشمن

اور اس کی اولاد کو میرے سوا دوست بناتے ہو؟ اور وہ تمہارے دشمن ہیں

بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ۝۵۰

بِئْسَ	لِلظّٰلِمِيْنَ	بَدَلًا	
برا ہے	ظالموں کے لئے	بدلا	

برا ہے ظالموں کے لئے بدلا۔

(۴۹) وَوُضِعَ الْكِتٰبُ اَيْ كِتَابُ كُلِّ امْرِئٍ فِيْ يَمِيْنِهٖ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَفِيْ شِمَالِهٖ مِنَ الْكَافِرِيْنَ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ الْكَافِرِيْنَ مُشْفِقِيْنَ خَائِفِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ عِنْدَ مُعَايَنَتِهِمْ مَا فِيْهِ مِنَ السَّيِّئَاتِ يٰوَيْلَتَنِيْهِ وَيْلَتَنَا هٰذِهٖ كَلِمَتُنَا وَهُوَ مَصْدَرٌ لَا فِعْلَ لَهٗ مِنْ لَفْظِهٖ مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً مِنْ ذُنُوْبِنَآ اِلَّآ اَحْصٰهَا عَدَّهَا وَاَثْبَتَهَا تَعْجِبُوْا مِنْهُ فِيْ ذٰلِكَ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا مُثْبَتًا فِيْ كِتٰبِهِمْ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ۝ لَا يُعَاقِبُهٗ بِغَيْرِ جُرْمٍ وَلَا يَنْقُصُ مِنْ ثَوَابِ مُؤْمِنٍ

(۴۹) اور اعمالنامے پیش کئے جاویں گے مسلمان کو ان کا عمل نامہ داہنے ہاتھ میں اور کافر کے بائیں ہاتھ میں دیا جاویگا۔

سو تو دیکھے گا کافروں کو ڈرنے والے اس حالت سے جن میں وہ ہیں اور جب اپنے اعمال نامے کے گناہ دیکھیں گے تو کہیں گے اے ہماری خرابی اس عملنامہ کو کیا ہوا کہ ہر ایک گناہ چھوٹا بڑا اس میں ہے کوئی گناہ باقی نہیں رہا جو اس میں ثابت نہ ہو۔ (از راہِ تعجب وہ ایسا کہیں گے)

اور جو کچھ انہوں نے کیا اس کو اپنے اعمال نامے میں موجود پاویں گے۔ اور تیرا رب کسی پر ظلم نہیں کرتا یعنی بغیر گناہ کے کسی کو نہ پکڑے گا اور ایماندار کا ثواب کم نہ کرے گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۵۰) وَاِذْ مَنْصُوْبٌ بِاذْكُرْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ سُجُوْدَ اِشْحِنَاءٍ لَا وَضْعَ جَبْهَةٍ تَحِيَّةً لَهٗ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ مِنَ الْجِنِّ قَالَ هُمْ نَوْعٌ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ فَالْاِسْتِثْنَاءُ مُتَّصِلٌ وَقِيْلَ هُوَ مُنْقَطِعٌ وَ اِبْلِيْسُ اَبُو الْجِنِّ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ذُكِرَتْ مَعَهٗ بَعْدُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ لَا ذُرِّيَّةَ لَهُمْ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ اَیْ خَرَجَ عَنْ طَاعَتِهٖ بِتَرْكِ السُّجُوْدِ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَلْخِطَابُ لِاٰدَمَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَالْهَاءُ فِي الْمَوْضِعَيْنِ لِاِبْلِيْسَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ تُطِيْعُوْنَهُمْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ اَیْ اَعْدَاءٌ حَالٌ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ○ اِبْلِيْسَ وَذُرِّيَّتَهٗ فِيْ اِطَاعَتِهِمْ بَدَلَ اِطَاعَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى

(۵۰) وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ الخ اور یاد کر جبکہ ہم نے فرشتوں کو کہا کہ آدم کو سجدہ کرو جھک کر بطور سلام کے نہ یہ کہ سر زمین پر رکھ کر سو سب نے سجدہ کیا سوا شیطان کے کہ وہ جن تھا۔ بعض نے کہا یہ ایک قسم فرشتوں کی ہے اس صورت میں استثناء متصل ہے۔ اور کہا گیا کہ استثناء منقطع ہے اور ابلیس باپ جنوں کا ہے اس کی ذریت بھی ہے جس کا ذکر آگے آتا ہے اور فرشتوں کی ذریت نہیں سو چونکہ ابلیس جن تھا

اس لیے اپنے رب کی فرماں برداری نہ کی سجدہ سے انکار کیا سو کیا اے آدم اور اس کی اولاد تم شیطان کو اور اس کی ذریت کو اپنا دوست بناتے ہو۔ میرے سوا یعنی ان کی فرماں برداری کرتے ہو

حالاں کہ وہ تمہارے دشمن ہیں۔

ظالموں نے بُرا عوض اختیار کیا کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کے عوض شیطان اور اس کی ذریت کی اطاعت کی۔

تشریح

(۴۹) **میدان حشر میں مکافاتِ عمل** اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں خیر و شر نیکی اور بدی کا ایک نظام رکھا ہے اور انسان کو آزمائش اور امتحان کے لئے اس دنیا میں بھیجا ہے۔ جس طرح دنیا میں ہر چیز کی ایک خاصیت ہے اور اس کی تاثیر ہے، زہر کی تاثیر زندگی کا خاتمہ اور تریاق کی تاثیر صحت و شفا ہے اسی طرح نیکی بدی، طاعت اور معصیت اس کی بھی خاصیتیں اور آثار ہیں۔ جس طرح دنیا میں زہر اور تریاق کا الگ الگ اثر ظاہر ہوتا ہے اسی طرح آخرت میں نیکی اور بدی کے آثار اعلانیہ ظاہر ہو جائیں گے۔ ہر ایک کا نامۂ اعمال سامنے رکھ دیا

toobaa-elibrary.blogspot.com

جائے گا مجرم لوگ اپنی کتاب زندگی دیکھ کر کانپ رہے ہوں گے اور کہہ رہے ہوں گے ہائے ہماری بدنصیبی جو ہم نے کیا تھا چھوٹی بڑی کوئی حرکت ایسی نہیں جو اس میں درج نہ ہو، اپنا کیا دھرا سب اپنے حاضر پائیں گے تیرے رب کی طرف سے کسی پر کوئی زیادتی نہ ہوگی ایسا نہیں ہوگا کہ کسی نے کوئی جرم کیا نہ ہو اور وہ نامۂ اعمال میں لکھ دیا جائے یا جرم سے بڑھ کر سزا دی جائے یا بے گناہ کو پکڑا جائے ہر ایک کو اس کے عمل کا بدلہ بلا کم و کاست پورا پورا ملے گا۔

(۵۰) گمراہ انسان ازلی دشمن ابلیس کے پھندے میں ہیں | وہ انسان جو راستے سے بھٹکے ہوئے ہیں اور رحیم و شفیق پروردگار عالم اور سچے خیر خواہ اللہ کے پیغمبروں کو چھوڑ کر ازلی دشمن ابلیس کے پھندے میں پھنس رہے ہیں انھیں آدم و ابلیس کے اس واقعہ کو یاد کرنا چاہیئے کہ جب ابلیس نے آدم کو زمین پر اللہ کا خلیفہ ماننے سے انکار کر دیا تھا۔

ہوا یہ تھا کہ انسانوں سے پہلے اللہ کی بنائی ہوئی اس زمین پر ایک اور مخلوق آباد تھی اور وہ مخلوق جنات تھے جن بھی انسانوں کی طرح ایک ذی اختیار مخلوق ہے جسے فرماں برداری اور نافرمانی دونوں کی قدرت بخشی گئی ہے انہیں جنوں میں سے ایک جن شیطان تھا جس کا اصل نام عزازیل اور بعد میں ابلیس اور شیطان اس کا لقب پڑ گیا جب اللہ تعالیٰ نے یہ ارادہ فرمایا کہ (اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً) میں زمین پر اپنا ایک خلیفہ اور نائب بنانے والا ہوں، تو مخلوقات میں ہل چل مچ گئی کہ وہ کون ہوگا جس کے سر پر خلافت کا تاج رکھا جائیگا۔ جنوں میں سے عزازیل نام کا یہ جن بڑا عبادت گذار تھا اور اپنی نیکی کی وجہ سے فرشتوں کی جماعت میں شامل رہتا تھا یہ اعلان سنکر کہ پروردگار زمین پر اپنا نائب اور خلیفہ بنانے والے ہیں دل کی پنہائیوں میں چھپی ہوئی ایک تمنا ابھرنے لگی کہ تاج خلافت میرے سر پر کیوں نہ رکھا جائے۔ اُسے اپنی عبادت گذاری پر ناز تھا۔ جنات کی باہمی لڑائیوں میں عزازیل غیر جانبدار رہا تھا اور فساد برپا کرنے کی وجہ سے جنات کو قتل کیا جا رہا تھا اور ان سے زمین خالی کرائی جا رہی تھی تو عزازیل نے ان سب جھگڑوں سے اپنے آپکو الگ رکھا تھا اُسے امید تھی کہ یہ اعزاز اسے ملے گا۔

اللہ کا فیصلہ کچھ اور ہی تھا اللہ نے حضرت آدم کو پیدا کیا اور نوع انسان کو زمین کی خلافت عطا کی فرشتوں اور تمام مخلوقات ارضی کو جو کرۂ زمین کی عمل داری میں فرشتوں کے زیر انتظام آباد تھے سب کو حکم دیا کہ وہ آدم کو زمین پر ہمارا خلیفہ اور نائب تسلیم کر کے علامتی طور پر ان کے آگے جھک جائیں تمام فرشتے اور زمین کی مخلوقات آدم کے سامنے جھک گئیں اللہ کے فرمان کے مطابق آدم اور نوع آدم کو اللہ کا خلیفہ تسلیم کیا مگر عزازیل نے انکار کر دیا اس مایوسی اور نامرادی میں اس کا زخمی تکبر ایسا برانگیختہ ہوگیا کہ وہ جرم کا ارتکاب کرنے پر تُل گیا اس کی اس کیفیت کی وجہ سے عزازیل کا نام ابلیس اور شیطان پڑ گیا۔ اس نے پروردگار کو چیلنج کیا کہ میں انسانوں کو بھٹکاؤں گا انھیں گمراہ کر کے چھوڑوں گا اور یہ ثابت کر دوں گا کہ یہ مخلوق خلافت کی اہل نہیں ہے۔

اب جو لوگ اللہ کی اطاعت سے نکلتے ہیں وہ انسان کے ازلی دشمن ابلیس اور اس کی ذریت کو اپنا سرپرست بناتے ہیں۔ یہ کیسا ظلم اور کیسا بُرا بدل ہے کہ اللہ کو چھوڑ کر جو انسان پر رحیم و مہربان ہے دشمن کو اپنا سرپرست بنایا جائے

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ

مَآ	اَشْهَدْتُّهُمْ	خَلْقَ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَلَا خَلْقَ	اَنْفُسِهِمْ
نہیں	حاضر کیا میں نے انہیں	پیدا کرنا	آسمانوں	اور زمین	اور نہ پیدا کرنا	انکی جانیں (خود وہ)

میں نے انہیں نہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے (کے وقت) حاضر کیا (بلایا) اور نہ خود انہیں پیدا کرتے (وقت)

وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿۵۱﴾ وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ

وَمَا كُنْتُ	مُتَّخِذَ	الْمُضِلِّيْنَ	عَضُدًا	وَيَوْمَ يَقُوْلُ	نَادُوْا	شُرَكَآءِيَ
اور میں نہیں	بنانے والا	گمراہ کرنے والے	بازو	اور جس دن وہ فرمائیگا	بلاؤ	میرے شریک (جمع)

میں گمراہ کرنے والوں کو (دست وبازو) بنانے والا نہیں ہوں۔ اور جس دن وہ (اللہ) فرمائے گا بلاؤ میرے شریکوں کو

الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا

الَّذِيْنَ	زَعَمْتُمْ	فَدَعَوْهُمْ	فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا	لَهُمْ	وَجَعَلْنَا
اور وہ جنہیں	تم نے گمان کیا	پس وہ انہیں پکاریں گے	تو وہ جواب نہ دیں گے	انہیں	اور ہم بنادیں گے

جنہیں تم نے (معبود) گمان کیا تھا پس وہ انہیں پکاریں گے تو وہ جواب نہ دیں گے اور ہم ان کے درمیان ہلاکت

بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿۵۲﴾ وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ

بَيْنَهُمْ	مَّوْبِقًا	وَرَاَ	الْمُجْرِمُوْنَ	النَّارَ	فَظَنُّوْٓا	اَنَّهُمْ
ان کے درمیان	ہلاکت کی جگہ	اور دیکھیں گے	مجرم (جمع)	آگ	تو وہ سمجھ جائیں گے	کہ وہ

کی جگہ بنادیں گے اور دیکھیں گے مجرم آگ تو وہ سمجھ جائیں گے کہ وہ اس میں

مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿۵۳﴾ ع ۱۹

مُّوَاقِعُوْهَا	وَلَمْ يَجِدُوْا	عَنْهَا	مَصْرِفًا
گرنیوالے ہیں اس میں	اور وہ نہ پائیں گے	اس سے	کوئی راہ

گرنے والے ہیں اور وہ اس سے (بچ نکلنے کی) کوئی راہ نہ پائیں گے

(۵۱) مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ اَیْ اِبْلِيْسَ وَ ذُرِّيَّتَهٗ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ اَیْ لَمْ اُحْضِرْ بَعْضَهُمْ خَلْقَ بَعْضٍ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ الشَّيَاطِيْنَ

(۵۱) میں نے ابلیس اور اس کی ذریت کو آسمانوں اور زمینوں اور ان کے پیدا کرنے میں حاضر نہیں کیا کہ وہ اسوقت موجود ہوں اور

اور میں شیاطین کو جو گمراہ کرنے والے ہیں پیدا

toobaa-elibrary.blogspot.com

عَضُدًا ○ أَعْوَانًا فِي الْخَلْقِ فَكَيْفَ تُطِيعُونَهُمْ

کرنے میں مددگار بنانے والا نہیں ہوں پھر تم کیونکر انکی اطاعت کرتے ہو۔

(۵۲) وَيَوْمَ مَنْصُوبٌ بِاذْكُرْ يَقُولُ بِالْيَاءِ وَالنُّونِ نَادُوا شُرَكَائِيَ الْأَوْثَانَ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ لِيَشْفَعُوا لَكُمْ بِزَعْمِكُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيبُوا لَهُمْ لَمْ يُجِيبُوهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ بَيْنَ الْأَوْثَانِ وَعَابِدِيهَا مَوْبِقًا ○ وَادِيًا مِنْ أَوْدِيَةِ جَهَنَّمَ يَهْلِكُونَ فِيهَا جَمِيعًا وَهُوَ مِنْ وَبَقَ بِالْفَتْحِ هَلَكَ۔

(۵۲) اور یاد کرو کہ جس دن اللہ تعالیٰ فرمادیگا کہ بتوں کو پکارو جنکو تم میرا شریک گمان کرتے تھے تاکہ موافق تمہارے گمان کے وہ تمہاری سفارش کریں۔ سو وہ ان کو پکارینگے پس وہ ان کو کچھ جواب نہ دیں گے اور ہم بتوں کے اور ان کے پوجنے والوں کے درمیان ایک دوزخ کا گڑھا حائل کردینگے کہ وہ سب اس میں گر کر ہلاک ہوجاویں گے۔ (موبقا مشتق ہے وبق سے جس کے معنی ہیں ہلاک ہوا۔)

(۵۳) وَرَأَى الْمُجْرِمُونَ النَّارَ فَظَنُّوا أَيْ أَيْقَنُوا أَنَّهُمْ مُوَاقِعُوهَا أَيْ وَاقِعُونَ فِيهَا وَلَمْ يَجِدُوا عَنْهَا مَصْرِفًا ○ مَعْدِلًا۔

(۵۳) اور گناہگار دوزخ کو دیکھ کر یقین کریں گے کہ بے شبہ وہ اسمیں گرنے والے ہیں اور وہ کوئی جگہ بچنے کی اس سے نہ پاویں گے۔

تشریح

(۵۱) **بندگی کا مستحق صرف خالق ہے** | جو لوگ خالق کائنات اللہ رب العالمین کو چھوڑ کر شیطان اور اس کی ذریات کو اپنا سرپرست بناتے ہیں وہ یہ بتائیں کہ بندگی کا حقدار خالق ہے یا مخلوق جس نے سب کچھ بنایا اور پیدا کیا اسی کا حکم چلنا چاہیئے اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ جس نے پیدا کیا اسی کو حق پہنچتا ہے کہ اس کا حکم چلے اس کی اطاعت اور بندگی کی جائے، کیا یہ شیطان زمین و آسمان کی تخلیق میں شریک رہے ہیں؟ کیا میں نے زمین و آسمان پیدا کرتے وقت انکو مشورے اور مدد کے لئے بلایا تھا، خالق ہونے کی کونسی صفت انمیں ہے یہ تو خود مخلوق ہیں۔ زمین و آسمان کی پیدائش کے وقت یہ تو موجود بھی نہیں تھے۔ اول تو اللہ کو کسی کی مدد کی ضرورت نہیں ہے اور مان لو کہ اگر مدد لی بھی جاتی، تو کیا ان گمراہ کرنے والوں کی جو خود بھی بھٹکے ہوئے ہیں اور دوسروں کو بھی بھٹکانے کی کوشش کرتے ہیں۔

(۵۲) **اللہ کے مقابلے میں دوسروں کی پیروی کرنا بھی شرک ہے** | اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسری ہستیوں کو ساجھی اور شریک بنانے کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ اللہ کی ہدایات کو چھوڑ کر دوسروں کے احکام کی پیروی کرنا اور اللہ کی رہنمائی کے مقابلے میں ان کی رہبری اختیار کرنا قیامت کے روز یہ دوسری ہستیاں اپنے پیروکاروں کو چھوڑ کر الگ ہوجائینگی اور انکی کسی طرح سے مدد نہ کرسکیں گی اللہ کے سامنے جب پیشی ہوگی تو اللہ تعالے فرمائیں گے اب پکارو ان ہستیوں کو جنھیں تم میرا شریک بنائے بیٹھے تھے اور ان کی پیروی کررہے تھے مگر ان میں سے کوئی ان کی مدد کو نہیں آئے گا ان کے اور ان کے فرضی معبودوں کے درمیان دنیا کی دوستی کے بجائے نفرت و عداوت کی دوریاں ہونگی ان دونوں میں جو چیز مشترک ہوگی وہ ہلاکت کا وہ گڑھا جس میں وہ فرضی معبود بھی گریں گے اور ان کے پیروکار بھی۔

(۵۳) **ان سب کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا** | دنیا میں ان کی رفاقت اور عقیدت و محبت کچھ بھی کام نہ آئے گی معبودان باطل بھی اور ان کے پیروکار بھی جب اپنے سامنے بھڑکتی ہوئی آگ دیکھیں گے اور سمجھ لیں گے کہ اب ہمیں اس بھڑکتی ہوئی آگ میں پھینکا جانا ہے۔ اور اس سے بچنے کے لئے کوئی جائے پناہ ان کو نہ مل پائے گی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ

وَ	لَقَدْ صَرَّفْنَا	فِيْ	هٰذَا	الْقُرْاٰنِ	لِلنَّاسِ	مِنْ
اور	البتہ ہم نے پھیر پھیر کر بیان کیا	میں	اس	قرآن	لوگوں کے لئے	سے

ہم نے البتہ اس قرآن میں لوگوں کے لئے پھیر پھیر کر ہر قسم کی مثالیں

كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾

كُلِّ + مَثَلٍ	وَكَانَ	الْاِنْسَانُ	اَكْثَرَ + شَيْءٍ	جَدَلًا
ہر طرح کی مثالیں	اور ہے	انسان	ہر شے سے زیادہ	جھگڑالو

بیان کی ہیں اور انسان ہر شے سے زیادہ جھگڑالو ہے۔

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَاۗءَهُمُ الْهُدٰى

وَمَا	مَنَعَ	النَّاسَ	اَنْ	يُّؤْمِنُوْٓا	اِذْ	جَاۗءَهُمُ	الْهُدٰى
اور نہیں	روکا	لوگ	کہ	وہ ایمان لائیں	جب	آگئی انکے پاس	ہدایت

اور لوگوں کو کسی بات نے نہیں روکا کہ وہ ایمان لے آئیں جبکہ ان کے پاس ہدایت آگئی

وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ

وَيَسْتَغْفِرُوْا	رَبَّهُمْ	اِلَّآ	اَنْ	تَاْتِيَهُمْ	سُنَّةُ	الْاَوَّلِيْنَ	اَوْ
اور وہ بخشش مانگیں	اپنا رب	بجز	یہ کہ	انکے پاس آئے	رَوِش	پہلوں کی	یا

اور وہ اپنے رب سے بخشش مانگیں، بجز اسکے کہ ان کے پاس پہلوں کی رَوِش آئے یا اُن کے

يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ﴿۵۵﴾ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا

يَاْتِيَهُمُ	الْعَذَابُ	قُبُلًا	وَمَا	نُرْسِلُ	الْمُرْسَلِيْنَ	اِلَّا
آئے ان کے پاس	عذاب	سامنے کا	اور نہیں	ہم بھیجتے	رسول (جمع)	مگر

پاس آئے سامنے کا عذاب۔ اور ہم رسول نہیں بھیجتے مگر

مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ وَيُجَادِلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

مُبَشِّرِيْنَ	وَمُنْذِرِيْنَ	وَيُجَادِلُ	الَّذِيْنَ + كَفَرُوْا
خوشخبری دینے والا	اور ڈر سنانے والے	اور جھگڑا کرتے ہیں	وہ جنہوں نے کفر کیا (کافر)

خوش خبری دینے والے اور ڈر سنانے والے اور جھگڑا کرتے ہیں کافر،

toobaa-elibrary.blogspot.com

بِالْبَاطِلِ لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَ

بِالْبَاطِلِ	لِيُدْحِضُوْا	بِهِ	الْحَقَّ	وَاتَّخَذُوْٓا	اٰيٰتِيْ	وَ
ناحق (کی باتوں) سے	تاکہ وہ پھسلا دیں	اس سے	حق	اور انہوں نے بنایا	میری آیات	اور

ناحق باتوں کے ساتھ تاکہ وہ اس سے ناحق (بات) کو پھسلا دیں اور انہوں نے بنایا میری آیتوں کو اور

مَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿۵۶﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ

مَآ	اُنْذِرُوْا	هُزُوًا	وَمَنْ	اَظْلَمُ	مِمَّنْ	ذُكِّرَ	بِاٰيٰتِ
جو جس	وہ ڈرائے گئے	مذاق	اور کون	بڑا ظالم	اس سے جو	سمجھایا گیا	آیتوں سے

جس سے وہ ڈرائے گئے، ایک مذاق۔ اور اس سے بڑا ظالم کون ہے جسے اس کے رب کی آیتوں سے سمجھایا

رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ ۭ اِنَّا جَعَلْنَا

رَبِّهٖ	فَاَعْرَضَ	عَنْهَا	وَنَسِيَ	مَا قَدَّمَتْ	يَدٰهُ	اِنَّا جَعَلْنَا
اس کا رب	تو اس نے منہ موڑ لیا	اس سے	اور وہ بھول گیا	جو آگے بھیجا	اسکے دونوں ہاتھ	بیشک ہم نے ڈال دیئے

گیا تو اس نے اس سے منہ پھیر لیا اور وہ بھول گیا جو اس کے دونوں ہاتھوں نے (اس نے) آگے بھیجا، بیشک ہم نے

عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۭ وَاِنْ

عَلٰي + قُلُوْبِهِمْ	اَكِنَّةً	اَنْ	يَّفْقَهُوْهُ	وَفِيْٓ	اٰذَانِهِمْ	وَقْرًا	وَاِنْ
ان کے دلوں پر	پردے	کہ	وہ اسے سمجھ سکیں	اور میں	ان کے کان	گرانی	اور اگر

ان کے دلوں پر پردے ڈال دیئے ہیں کہ وہ اس قرآن کو سمجھ سکیں اور ان کے کانوں میں گرانی ہے (بہرے ہیں) اور اگر

تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۵۷﴾

تَدْعُهُمْ	اِلَى	الْهُدٰى	فَلَنْ	يَّهْتَدُوْٓا	اِذًا	اَبَدًا
تم انہیں بلاؤ	طرف	ہدایت	تو وہ ہرگز	نہ پائیں ہدایت	جب بھی	کبھی بھی

تم انہیں ہدایت کی طرف بلاؤ تو وہ جب بھی ہرگز ہدایت نہ پائیں گے کبھی بھی۔

﴿۵۴﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنَا بَيَّنَّا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ

اور ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لئے ہر قسم کی مثال بیان کی۔

وَكَانَ الْاِنْسَانُ

اور کافر آدمی اکثر ناحق جھگڑا کرتا ہے یعنی

لِيَسْتَعْضُوْا وَكَانَ الْاِنْسَانُ

toobaa-elibrary.blogspot.com

أَيِ الْكَافِرُ أَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ○ خُصُومَةً فِي الْبَاطِلِ وَهُوَ تَمْيِيزٌ مَنْقُولٌ مِنْ إِسْمِ كَانَ الْمَعْنَى وَكَانَ جَدَلُ الْإِنْسَانِ أَكْثَرَ شَيْءٍ فِيهِ

کافر کا جھگڑا ناحق پر ہی ہوتا ہے۔

(۵۵) وَمَا مَنَعَ النَّاسَ أَيْ كُفَّارَ مَكَّةَ أَنْ يُؤْمِنُوا مَفْعُولُ ثَانٍ إِذْ جَاءَهُمُ الْهُدَى أَيِ الْقُرْآنُ وَيَسْتَغْفِرُوا رَبَّهُمْ إِلَّا أَنْ تَأْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْأَوَّلِينَ فَاعِلُ أَيْ سُنَّتُنَا فِيهِمْ وَهِيَ الْإِهْلَاكُ الْمُقَدَّرُ عَلَيْهِمْ أَوْ يَأْتِيَهُمُ الْعَذَابُ قُبُلًا ○ مُقَابَلَةً وَعِيَانًا وَهُوَ الْقَتْلُ يَوْمَ بَدْرٍ وَفِي قِرَاءَةٍ بِضَمَّتَيْنِ جَمْعُ قَبِيلٍ أَيْ أَنْوَاعًا

(۵۵) اور مکہ کے کافروں کو ایمان لانے سے جبکہ ان کے پاس قرآن آیا اور اپنے رب سے بخشش چاہنے سے منع نہیں کیا مگر اس امر نے کہ ان پر ہمارا وہی طریقہ جاری ہو جو پہلوں پر گزرا یعنی ان کا ہلاک کرنا جو اوّل سے لکھا گیا یا ان پر ظاہر عذاب آوے مراد اس سے قتل ہونا بدر کے دن ہے۔
(قُبُلًا بضم قاف و باء جمع قبیل کی ہے یعنی انواع عذاب ان پر آوے۔ یہ ایک قراءۃ ہے اور قرأتِ اول قِبَلًا بکسر قاف و فتح باء ہے جس کے معنی مقابلہ اور معاینہ کے ہیں)

(۵۶) وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِينَ إِلَّا مُبَشِّرِينَ لِلْمُؤْمِنِينَ وَمُنْذِرِينَ ج مُخَوِّفِينَ لِلْكَافِرِينَ وَيُجَادِلُ الَّذِينَ كَفَرُوا بِالْبَاطِلِ بِقَوْلِهِمْ أَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَسُولًا وَنَحْوِهِ لِيُدْحِضُوا بِهِ يُبْطِلُوا بِجَدَالِهِمُ الْحَقَّ الْقُرْآنَ وَاتَّخَذُوا آيَاتِي الْقُرْآنَ وَمَا أُنْذِرُوا بِهِ مِنَ النَّارِ هُزُوًا ○ سُخْرِيَةً

(۵۶) اور ہم پیغمبروں کو اس لئے بھیجتے ہیں کہ ایمان والوں کو خوش خبری سناویں اور کافروں کو عذاب سے ڈرادیں۔

اور کافرین ناحق کا جھگڑا کرتے ہیں جو کہتے ہیں کہ کیا اللہ نے آدمی کو پیغمبر بنایا اور اس کے سوا اور اقوال کاذبہ اور باطلہ۔ کافرین جھگڑا کرتے ہیں تاکہ اپنے جھگڑے سے قرآن کو جھوٹا کریں۔
اور کافروں نے میری آیتوں یعنی قرآن کو اور اس آگ کو جس سے وہ ڈرائے گئے ہنسی مذاق بنایا۔

(۵۷) وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِآيَاتِ رَبِّهِ فَأَعْرَضَ عَنْهَا

(۵۷) اور اس سے زیادہ کون ناانصاف ہے جسکو اس کے رب کی آیتوں سے نصیحت کی گئی سو اس نے ان سے منہ پھیرا اور

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ ۚ مَا عَمِلَ مِنَ
الْكُفْرِ وَالْمَعَاصِي فَلَمْ يَتَفَكَّرْ فِي عَاقِبَتِهَا
إِنَّا جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَعْطِيَةً
أَنْ يَفْقَهُوهُ مِنْ أَنْ يَفْقَهُوا الْقُرْآنَ
أَيْ فَلَا يَفْهَمُونَهُ وَفِي آذَانِهِمْ
وَقْرًا ۚ ثِقَلًا فَلَا يَسْمَعُونَهُ وَإِنْ
تَدْعُهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ فَلَنْ
يَهْتَدُوا إِذًا أَيْ بِالْجَعْلِ الْمَذْكُورِ أَبَدًا ۝

بھول گیا اس کو جو اس کے ہاتھوں نے آگے بڑھایا یعنی کفر اور گناہ کئے اور ان کے انجام کو نہ سوچا
بیشک ہم نے ان کے دلوں پر قرآن کے سمجھنے پر پردے ڈال دیئے یعنی وہ اس کو نہیں سمجھتے۔
اور ان کے کانوں میں بوجھ کر دیا کہ وہ قرآن کو نہیں سنتے۔ اور اگر تو ان کو ہدایت کی طرف بلا دے تو بعد اس کے کہ ان کا یہ حال کر دیا گیا وہ کبھی راہ نہ پائیں گے۔

تشریح

(۵۴) انسان بڑا کٹ حجت ہے | جہاں تک سچائی کے سمجھانے کا تعلق ہے ہم نے قرآن میں طرح طرح سے لوگوں کو سمجھایا ہے واقعات اور دلائل کی روشنی میں حق وصداقت کو واضح کیا ہے مگر انسان اپنے مزاج کے اعتبار سے بڑا کٹ حجت اور جھگڑالو قسم کا واقع ہوا ہے۔ جب اسے ماننا نہیں ہوتا تو صاف اور سیدھی بات میں بھی بخیں نکالنے لگتا ہے فرمائشیں شروع کر دیتا ہے کہ فلاں چیز دکھاؤ تو مانوں گا فلاں دلیل لاؤ تو سمجھوں گا۔ جب دلیل کا جواب بن نہیں پڑتا تو مہمل اور بیکار باتیں کرنے لگتا ہے۔

(۵۵) حق کے قبول کرنے میں اب کوئی عذر باقی نہیں ہے | جہاں تک دلیل اور حجت سے بات سمجھانے کا تعلق ہے وہ سمجھائی جا چکی ہے قرآن جیسی عظیم الشان ہدایت نے حق واضح کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے نہ ماننے والوں کی ضد اور دشمنی کو دیکھتے ہوئے اب تو یہی جا سکتا ہے کہ انہیں انتظار ہے کہ جس طرح پچھلی قوموں کے ساتھ ہوا وہی ان کے ساتھ بھی ہو، یا انہیں عذاب الٰہی کا انتظار ہے یا قیامت کا اس کے علاوہ کوئی چیز حق کے قبول کرنے میں مانع نہیں ہے۔

(۵۶) رسول خبردار کرنے کے لئے ہی بھیجے جاتے ہیں | رسول جو صاحب شریعت بھی ہوتا ہے پہلے وہ لوگوں کو خبردار کر دے اور بتا دے کہ اللہ کی فرماں برداری کا نتیجہ ان کے حق میں بہتر ہوگا اور نافرمانی کا بُرا انجام ان کے سامنے آئے گا لیکن جب لوگ اپنی نادانی اور غفلت کی وجہ سے انکی تنبیہات سے فائدہ اٹھانے کے بجائے ان سے ہی مطالبہ کرنے لگتے ہیں کہ لاؤ دکھاؤ وہ عذاب جس سے تم ڈرا رہے ہو اور باطل کا ہتھیار لے کر حق کو نیچا دکھانے کی کوشش کرتے ہیں تو اللہ تبارک و تعالیٰ آخری فیصلہ صادر فرما دیتے ہیں۔

حالانکہ رسول کو یہ اختیار نہیں ہوتا کہ جب اس سے مطالبہ کیا جائے وہ عذاب نازل کر دے وہ صرف خبردار کرتا ہے مگر اللہ کی نشانیوں کو اور رسولوں کی تنبیہات کو مذاق کا نشانہ بنا لینا گویا اللہ کی قدرت کو چیلنج کرنا ہے۔

(۵۷) خیرخواہانہ نصیحت نظرانداز کرتے رہنے سے دلوں پر تالے پڑ جاتے ہیں | اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر رحیم و شفیق ہیں اسلئے وہ اپنی کتابوں کے ذریعہ اور رسولوں کی زبان و عمل سے نصیحت کرتے ہیں اور خیرخواہی کے ساتھ حق کی دعوت دیتے ہیں لیکن جب انسان نصیحت کی بات سنکر نہیں دیتا اور حق کا مقابلہ مکر و فریب اور جھوٹ سے کرتا ہے بلکہ اللہ کی نشانیوں کا مذاق اڑاتا ہے تو اس ضد اور دشمنی کی وجہ سے اس کے دل پر تالے پڑ جاتے ہیں کہ وہ اچھی بات کو مان کر نہیں دیتا صدائے حق کے لئے اس کے کان بہرے ہو جاتے ہیں ایسے لوگ نصیحت سننے سے نہیں مانتے بلکہ ہلاکت کے گڑھے میں گرنے کے بعد ہی ان کو پتہ لگتا ہے کہ یہ راستہ جس پر وہ بڑھے چلے جا رہے تھے گھاٹے کا راستہ تھا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ۭ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ

وَرَبُّكَ	الْغَفُوْرُ	ذُو + الرَّحْمَةِ	لَوْ	يُؤَاخِذُ
اور تمہارا رب	بخشنے والا	رحمت والا	اگر	مواخذہ کرے

اور تمہارا رب بخشنے والا، رحمت والا ہے اگر ان کے کئے پر

هُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۭ

هُمْ	بِمَا	كَسَبُوْا	لَعَجَّلَ	لَهُمُ	الْعَذَابَ
ان کا	اس پر	جو انہوں نے کیا	تو وہ جلد بھیجدے	ان کیلئے	عذاب

وہ ان کا مواخذہ کرے تو وہ جلد بھیج دے ان کے لئے عذاب

بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ

بَلْ	لَّهُمْ	مَّوْعِدٌ	لَّنْ + يَّجِدُوْا	مِنْ + دُوْنِهٖ
بلکہ	ان کیلئے	ایک وقت مقرر	وہ ہرگز نہ پائیں گے	اس سے ورے

بلکہ ان کے لئے ایک وقت مقرر ہے وہ ہرگز نہ پائیں گے اس کے ورے

مَوْئِلًا ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ الْقُرٰى اَهْلَكْنٰهُمْ

مَوْئِلًا	وَتِلْكَ	الْقُرٰى	اَهْلَكْنٰهُمْ
پناہ کی جگہ	اور یہ (اُن)	بستیاں	ہم نے انہیں ہلاک کر دیا

پناہ کی جگہ اور ان بستیوں کو جب انہوں نے ظلم کیا، ہم نے

لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾

لَمَّا	ظَلَمُوْا	وَجَعَلْنَا	لِمَهْلِكِهِمْ	مَّوْعِدًا
جب	انہوں نے ظلم کیا	اور ہم نے مقرر کیا	انکی تباہی کے لئے	ایک مقررہ وقت

ہلاک کر دیا۔ اور ہم نے ان کی تباہی کے لئے ایک وقت مقرر کیا

﴿۵۸﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۭ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ الْقُرٰى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾

﴿۵۸﴾ اور تیرا رب بہت بخشنے والا صاحب رحمت ہے اگر دنیا میں ان کو ان کے عملوں پر پکڑے تو جلد ان پر عذاب بھیجے یعنی دنیا ہی میں انکو مبتلائے مصیبت کرے۔ بلکہ ان کے لئے ایک وعدہ کی جگہ ہے

toobaa-elibrary.blogspot.com

مَّوْعِدٌ وَهُوَ يَوْمُ
الْقِيٰمَةِ لَنْ يَّجِدُوْا
مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ○
مَلْجَاً مِنَ الْعَذَابِ

کہ اس میں وہ عذاب سے بچ نہ سکیں گے وہ دن قیامت کا ہے۔

(۵۹) وَتِلْكَ الْقُرٰى اَىْ اَهْلُهَا
كَعَادٍ وَّثَمُوْدَ وَغَيْرِهِمَا
اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا
كَفَرُوْا وَجَعَلْنَا لِمُهْلِكِهِمْ
لِاِهْلَاكِهِمْ وَفِىْ قِرَاءَةٍ
بِفَتْحِ الْمِيْمِ اَىْ لِهَلَاكِهِمْ
مَّوْعِدًا ○

(۵۹) اور یہ شہر یعنی ان کے رہنے والے جیسے عاد اور ثمود اور ان کے سوا ہم نے ان کو ہلاک کیا جبکہ وہ کافر ہوئے۔

اور ہم نے ان کے ہلاک کرنے کا ایک وقت مقرر کیا۔

تشریح

(۵۸) اللہ کی طرف سے ڈھیل اس کی رحمت کی وجہ سے ہوتی ہے

آپ کا رب بہت درگذر کرنے والا اور بڑا رحیم وکریم ہے اس لئے اس کی شان رحیمی کا تقاضا یہ ہے کہ وہ مجرموں کو پکڑنے میں جلد بازی سے کام نہیں لیتا اور ان کو سنبھلنے کا موقع دینے کے لئے ڈھیل دیتا رہتا ہے لیکن سزا میں بھی تاخیر کا ایک وقت مقرر ہے جب وہ مقررہ وقت آجائے گا تو اللہ تعالے اس طرح سے پکڑیں گے کہ مجرموں کو بھاگنے کا کوئی راستہ نہیں ملے گا۔

(۵۹) یہ اجڑے دیار پکار پکار کر ہلاکت کی کہانیاں سنا رہے ہیں

ذرا ان ہلاک شدہ بستیوں کو دیکھو، یہ قوم سبا، یہ قوم ثمود، یہ مدین یہ قوم لوط کے اجڑے دیار اپنی ہلاکت کی کہانیاں سنا رہے ہیں۔ آتے جاتے جب ان بستیوں پر نظر پڑے تو یاد کر لیا کرو کہ کبھی یہ لوگ بھی بڑے زور آور تھے آج یہ کھنڈرات بتا رہے ہیں کہ عذاب الٰہی کے بعد کوئی جائے پناہ نہیں رہتی۔ جب انہوں نے ظلم کیا تو انہیں ہلاک کر دیا گیا۔ ہر ایک کی ہلاکت کے لئے ایک وقت مقرر تھا جب وہ مقررہ وقت آگیا تو جو ہونا تھا ہو کر رہا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حضرت موسیٰ و خضر علیہ السلام

کے قصّے پر ایک نظر

اہل کتاب کے مشورے سے مکّے کے مشرکین نے نبی ﷺ کا امتحان لینے کے لئے جو تین سوال کئے تھے اس میں دوسرا سوال یہ تھا کہ قصّۂ خضر کی حقیقت کیا ہے۔ حضرت خضرؑ کا واقعہ بھی یہودیوں اور عیسائیوں کی تاریخ سے متعلق تھا اسلئے اہل کتاب نے اس واقعہ کے متعلق سوال کیا تھا تاکہ معلوم ہو جائے کہ نبی ﷺ کے پاس علم کا کوئی غیبی ذریعہ ہے یا نہیں۔؟ اللہ تعالےٰ نے اصحاب کہف کے واقعہ کی طرح حضرت خضرؑ کا واقعہ بھی نبی ﷺ کی زبان سے پیش کر دیا۔

واقعۂ خضرؑ سنانے سے یہ مقصود بھی ہے کہ ہماری نگاہوں کے سامنے صرف ظاہری حالات ہوتے ہیں ان حالات و واقعات کے پیچھے اللہ کی حکمتیں اور مصلحتیں ہمارے سامنے نہیں ہوتیں۔ حضرت خضرؑ کا یہ واقعہ بتاتا ہے کہ تشریعی احکام کے علاوہ جن کا بندہ مکلف ہے اور جن کی ادائیگی بندے کی ذمہ داری ہے، اللہ کے تکوینی احکام بھی ہیں جن کی حکمت اور مصلحت تک ظاہر بیں نگاہیں نہیں پہونچ پاتیں۔ اللہ تعالےٰ نے حضرت موسیٰ ؑ کو اپنے کارخانۂ مشیت کا ذرا سا پردہ اٹھا کر یہ بتایا ہے کہ یہاں دنیا میں رات دن جو کچھ ہو رہا ہے ۔ اس کے پیچھے کیا مصلحتیں ہیں اور کس طرح حالات کا ظاہر ان کے باطن سے مختلف ہوتا ہے۔ حضرت موسیٰ ؑ کی حضرت خضرؑ سے کس طرح ملاقات ہوتی ہے اور کیا واقعات پیش آتے ہیں قرآن ان پر روشنی ڈالتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضرت موسیٰ ؑ کو حکم ہوتا ہے کہ آپ ہمارے ایک بندے خضر سے ملاقات کریں ملاقات کا طریقہ یہ بتایا جاتا ہے کہ آپ اپنے ساتھ ایک مچھلی پکا کر لے چلیں اور سمندر کے کنارے کنارے سفر کرتے ہوئے دو دریاؤں کے سنگم پر پہونچ جائیں۔ جب آپ دریاؤں کے سنگم پر پہونچ جائیں گے تو یہ مچھلی زندہ ہو کر سمندر میں چلی جائے گی اس کے آس پاس ہی ہمارا بندہ خضر آپ کو ملیگا۔

حضرت موسیٰ ؑ نے اللہ کے حکم کے مطابق یوشع بن نون کو رفیق سفر کے طور پر اپنے ساتھ لیا۔ حضرت یوشع کو تاکید کر دی کہ تم بھی مچھلی کا خیال رکھنا۔ میں بہر حال منزلِ مقصود تک یہ سفر جاری رکھوں گا۔

ایک چٹان کے پاس حضرت موسیٰ ؑ آرام کرنے کے لئے لیٹے نیند آ گئی اور وہ مچھلی زندہ ہو کر دریا میں چلی گئی۔ حضرت یوشع نے دیکھا اور سوچا کہ حضرت موسیٰ اٹھیں گے تو ان کو بتا دوں گا مگر جب موسیٰ بیدار ہوئے تو یوشع ان کو یہ بات بتانا بھول گئے اور سفر شروع کر دیا۔ آگے چل کر موسیٰ ؑ نے رفیق سفر سے کہا کہ لاؤ ہمارا ناشتہ لاؤ آج کے سفر میں ہم بُری طرح تھک گئے ہیں۔ اب یوشع کو مچھلی کا خیال آیا اور انہوں نے موسیٰ ؑ کو بتایا کہ جب آپ

toobaa-elibrary.blogspot.com

چٹان کے پاس آرام کر رہے تھے اس وقت مچھلی زندہ ہو کر دریا میں چلی گئی تھی اور شیطان نے مجھے ایسا غافل کر دیا کہ میں آپ سے اس کا ذکر کرنا بھول گیا۔ موسیٰ ؑ نے کہا اسی جگہ کی تو ہمیں تلاش تھی یہ دونوں پھر واپس ہوئے اور وہیں آس پاس تلاش کرنے پر حضرت خضر سے ملاقات ہوئی جن کو اللہ تعالےٰ نے ایک خاص تکوینی علم عطا کیا تھا۔

حضرت موسیٰ ؑ نے حضرت خضر سے درخواست کی کہ میں آپ کے ساتھ کچھ دیر رہنا چاہتا ہوں تاکہ وہ علم و دانش جو اللہ نے آپکو خاص طور پر عطا کیا ہے اس کا کچھ حصہ حاصل کر سکوں۔

حضرت خضر ؑ نے کہا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکیں گے اور ظاہر ہے کہ جس چیز کی آپ کو خبر نہ ہو اس پر آپ صبر کر بھی کیسے سکتے ہیں۔ آپ کو اللہ نے شریعت کے احکام و اسرار کا علم عطا کیا ہے۔ تکوینی علم کا معاملہ اس سے بالکل مختلف ہے۔ آپ ایک عمل کے ظاہر کو دیکھیں گے اور اس پر حکم لگائیں گے۔ اس عمل کا باطن اللہ کے اسرار و تکوین سے متعلق ہے اسلئے آپکا اور ہمارا ساتھ نبھ نہیں پائیگا۔

حضرت موسیٰ ؑ نے جواب دیا انشاء اللہ آپ مجھے صابر پائیں گے اور میں کسی معاملے میں آپکی مخالفت نہیں کرونگا۔

حضرت خضر نے کہا کہ اچھا آپ اگر میرے ساتھ چلتے ہیں تو اگر کوئی بات آپ کو بظاہر ناحق نظر آئے تو مجھ سے کوئی بات نہ پوچھیں جب تک میں خود آپ سے اس کا ذکر نہ کروں۔

اب یہ دونوں روانہ ہوئے اور ایک کشتی میں سوار ہو گئے۔ کشتی والوں نے دونوں بزرگوں کو دیکھ کر بڑی عزت کے ساتھ کشتی میں بٹھا لیا اور کوئی اجرت بھی نہیں لی۔ جب کشتی کنارے کے قریب پہنچنے لگی تو حضرت خضر نے کشتی کا تختہ توڑ دیا۔ حضرت موسیٰ کو کشتی والوں کے احسان کے بدلے میں یہ حرکت دیکھ کر بہت تعجب ہوا اور کہا کہ آپ نے کشتی کو توڑ دیا تاکہ سب کشتی والوں کو ڈبو دیں یہ تو آپنے بڑی سخت حرکت کر ڈالی۔

حضرت خضر نے کہا میں نے تم سے کہا تھا نہ کہ تم میرے ساتھ صبر نہیں کر سکتے۔!

حضرت موسیٰ نے کہا کہ بھول چوک پر آپ میری گرفت نہ کریں یہ جو مجھ سے ہوا اچانک بھولے سے ہو گیا آپ میرے معاملہ میں سختی نہ فرمائیں۔

پھر یہ دونوں آگے چلے ایک بستی کے قریب چند لڑکے کھیل رہے تھے انمیں ایک لڑکا بہت خوبصورت اور ہونہار نظر آرہا تھا خضر نے اسکو اٹھایا اور اتنی زور سے زمین پر پٹخا کہ اس کا دم نکل گیا۔ بعض روایات میں اس لڑکے کا نام جیسور بتایا گیا ہے۔

حضرت موسیٰ ؑ نے اعتراض کیا کہ آپ نے ایک بے گناہ کی جان لے لی۔ حالانکہ اس نے کسی کا خون نہیں کیا تھا کہ بدلے میں اس کو قتل کیا جائے۔

حضرت خضر نے کہا کہ میں نے آپ سے کہا تھا نہ کہ ایسے واقعات اور حالات دیکھنے میں آئیں گے جن پر آپ خاموشی کے ساتھ صبر نہیں کر سکیں گے اور آخر دیکھئے وہی ہوا ہے کہ آپ کے لئے ان حالات پر کچھ نہ کہنا مشکل ہے۔

کشتی کا توڑنا اور ایک معصوم لڑکے کا قتل یہ دونوں ہی واقعات شریعت کے احکام سے ٹکراتے ہیں شریعت اس کی اجازت نہیں دیتی کہ کسی کے مال کو یا جان کو نقصان پہنچایا جائے۔ حضرت موسیٰ پیغمبر تھے شرعی احکام کے پابند تھے ان کا سوال کرنا اپنی جگہ پر بالکل درست تھا مگر اللہ تعالےٰ یہ دکھانا چاہتے تھے کہ اس جہان کا ایک تکوینی نظام ہے جو ظاہری نظام سے بالکل مختلف ہے یہاں ایک چیز نامناسب معلوم ہو رہی ہے لیکن اللہ کے تکوینی نظام میں وہ باعثِ خیر ہے۔ ایک چیز بظاہر اچھی معلوم ہو رہی ہے لیکن تکوینی نظام میں وہ باعثِ خیر نہیں ہے۔ عَسٰی اَنْ تَکْرَهُوْا شَیْئًا وَّهُوَ خَیْرٌ لَّكُمْ وَعَسٰی اَنْ تُحِبُّوْا شَیْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ

(آیت ۲۱۶ پارہ ۲ سورۃ البقرہ)

صلح حدیبیہ میں بظاہر شکست نظر آرہی ہے، حضرت عمرؓ تعجب سے پوچھتے ہیں "اَوَفَتْحٌ هُوَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ" اللہ کے رسول کیا یہ فتح ہے؟ جس وقت صلح حدیبیہ کی تکمیل ہوتی ہے اسی روز آیت نازل ہوتی ہے "اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا"۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

حضرت خضر کارگاہِ مشیت کے ایک رکن کی حیثیت سے یہ کام انجام دے رہے ہیں اور بتانا یہی ہے کہ اللہ کی اس کائنات کا نظام اللہ کی مشیت سے اس طرح انجام پاتا ہے کہ اللہ کے ہر حکم میں مصلحت اور حکمت پوشیدہ ہوتی ہے جس کا اظہار بھی وقت سے پہلے کرنا خلاف مصلحت ہوتا ہے۔

موسیٰ ؑ بیشک ایک پیغمبر ہونے کی حیثیت سے احکام اور اسرارِ شریعت کے سب سے بڑے عالم ہیں لیکن اللہ کے علم کے مقابلے میں ان کا علم ایسا ہی ہے جیسے سمندر کا ایک قطرہ اسلئے یہ بات اپنی جگہ صحیح ہوتے ہوئے بھی کہ حضرت موسیٰ یہ کہیں کہ اس وقت روئے زمین پر مجھ سے بڑا عالم کوئی اور نہیں ہے اللہ تعالیٰ کو یہ بھی دکھلانا تھا کہ ابھی کتنے ہی علوم ہیں جن سے باخبر انسان بھی بے خبر ہیں۔

حضرتِ موسیٰ کہتے ہیں کہ بس اس مرتبہ ایک موقعہ اور دیں، اگر میں سوال کروں تو آپ مجھے اپنے ساتھ نہ رکھیں ایسا کرنے میں آپ معذور ہونگے اور میری طرف سے کوئی الزام آپ پر نہ ہوگا۔

اب یہ دونوں آگے چلے یہاں تک کہ ایک بستی میں پہنچے۔ عام طریقہ ہے کہ لوگ مسافروں کی مہمان نوازی کرتے ہیں لیکن اس بستی والوں نے حضرتِ موسیٰ اور حضرت خضر کی مہمانی سے انکار کر دیا ایسے روکھے لوگوں کی بے رُخی اور بد اخلاقی پر غصہ آنا چاہئے تھا مگر ناراضگی کے بجائے حضرتِ خضر اس بستی کے ایک مکان کی دیوار کو گرتا دیکھ کر بغیر اجرت کے اس کو سیدھا کر دیتے ہیں۔ حضرتِ موسیٰ ؑ یہ دیکھ کر بول اٹھتے ہیں کہ اگر آپ چاہتے تو اس کام کی اجرت لے سکتے تھے۔ جب بستی والوں نے مسافر کا اتنا حق بھی نہ سمجھا کہ مہمانداری کریں تو ان کی دیوار مفت بنانے کی کیا ضرورت تھی۔ اجرت لے کر یہ کام کرتے تو کھانے پینے کا کام بھی چل جاتا اور ان بد اخلاق لوگوں کو تنبیہ بھی ہوتی۔

حضرتِ خضر نے کہا کہ بس ہمارا اور آپ کا ساتھ ختم ہوا وعدے کے مطابق آپ مجھ سے الگ ہو جائیں۔ لیکن جانے سے پہلے میں آپ کو ان باتوں کی حقیقت بتانا چاہتا ہوں جن پر آپ خاموش نہیں رہ سکے۔

کشتی کا معاملہ یہ ہے کہ وہ چند غریب آدمیوں کی تھی جو دریا میں محنت مزدوری کر کے پیٹ پالتے تھے، آگے ایک بادشاہ کا علاقہ تھا جو اچھی کشتی کو دیکھ کر چھین لیتا تھا یا بیگار میں پکڑ لیتا تھا، میں نے چاہا کہ کشتی کو عیب دار کر دوں تاکہ اس ظالم سے کشتی محفوظ رہ جائے۔ اب بظاہر تو یہ کام ایسا معلوم ہو رہا تھا کہ کشتی والوں کے حسنِ سلوک کے جواب میں انکی کشتی کو نقصان پہنچایا جا رہا تھا لیکن اس نقصان میں ان غریب کشتی والوں کا فائدہ چھپا ہوا تھا اسلئے میں نے اللہ کے حکم سے ایسا کیا۔

رہا لڑکے کا معاملہ تو اس بچے کے والدین صاحبِ ایمان تھے اگرچہ ہر بچہ معصوم اور فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے مگر غلط ماحول اور برے اثرات سے بگڑ بھی جاتا ہے۔ اللہ کے علم میں تھا کہ یہ لڑکا بڑا ہو کر اپنی سرکشی اور کفر سے اپنے نیک والدین کے لئے اذیت کا باعث ہوگا اسلئے اللہ کی حکمت کا تقاضا یہ ہوا کہ اس بچہ کی بجائے اللہ تعالیٰ اس کے نیک والدین کو صالح اور نیک اولاد عطا کرے جو اس کے والدین کے لئے باعثِ خیر بنے۔

اب رہی تیسری بات دیوار کی اس کا معاملہ یہ ہے کہ یہ دیوار دو یتیم بچوں کی ہے جو اسی شہر میں رہتے ہیں ان کا باپ ایک نیک آدمی تھا اس دیوار کے نیچے اسکی دولت مدفون ہے۔ اللہ کی مرضی یہ تھی کہ جب بچے بڑے ہو جائیں تو انکے باپ کی دولت انکو مل جائے اگر یہ دیوار وقت سے پہلے گر جاتی تو وہ دولت بچوں کے کام نہ آتی اور دوسرے لوگ اسکو ہتھیا لیتے اللہ کی رحمت ان بچوں پر تھی میں نے جو کچھ کیا اللہ کے حکم سے کیا اپنے اختیار سے کچھ نہیں کیا۔ یہ حقیقت ہے ان باتوں کی جن پر آپ خاموش نہیں رہ سکے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ

وَاِذْ	قَالَ	مُوْسٰى	لِفَتٰىهُ	لَآ اَبْرَحُ	حَتّٰٓى	اَبْلُغَ	مَجْمَعَ + الْبَحْرَيْنِ
اور جب	کہا	موسیٰ	اپنے جوان (شاگرد) سے	میں نہ ہٹوں گا	یہاں تک	میں پہنچ جاؤں	دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ

اور (یاد کرو) جب موسیٰ ؑ نے اپنے جوان شاگرد سے کہا میں ہٹوں گا نہیں (چلتا رہوں گا) یہاں تک کہ پہنچ جاؤں دو دریاؤں کے ملنے کی

اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ﴿٦٠﴾

اَوْ	اَمْضِيَ	حُقُبًا	
یا	چلتا رہوں گا	مدتِ دراز	

جگہ (سنگم پر) یا مدتِ دراز چلتا رہوں گا۔

﴿٦٠﴾ وَاذْكُرْ اِذْ قَالَ مُوْسٰى هُوَ ابْنُ عِمْرَانَ لِفَتٰىهُ يُوْشَعُ ابْنِ نُوْنٍ وَكَانَ يَتْبَعُهٗ وَيَخْدِمُهٗ وَيَاْخُذُ مِنْهُ الْعِلْمَ لَآ اَبْرَحُ لَا اَزَالُ اَسِيْرُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ مُلْتَقٰى بَحْرِ الرُّوْمِ وَبَحْرِ فَارِسَ مِمَّا يَلِي الْمَشْرِقَ اَيِ الْمَكَانُ الْجَامِعُ لِذٰلِكَ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ۝ دَهْرًا طَوِيْلًا فِيْ بُلُوْغِهٖ اِنْ بَعُدَ

﴿٦٠﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا الخ اور یاد کرو جبکہ موسیٰ بن عمران نے اپنے خادم یوشع بن نون سے جو اس کیساتھ رہتا تھا اور اس سے علم سیکھتا تھا کہا کہ میں برابر چلتا رہوں گا یہاں تک کہ پہنچوں مجمع البحرین تک جہاں بحر روم اور بحر فارس ملتے ہیں مشرق کی جانب یا اگر وہ جگہ دُور ہوگی تو زمانہ دراز تک چل کر وہاں پہنچوں گا۔

تشریح

﴿٦٠﴾ **حضرت موسیٰ کے سفر کا آغاز** | اللہ کی طرف حضرت موسیٰ کو حکم ہوا کہ تم ہمارے بندے خضر سے ملاقات کے لئے سمندر کے کنارے کنارے سفر کرو یہاں تک کہ دو دریاؤں کے سنگم پر پہنچ جاؤ۔ حضرت موسیٰ نے اللہ کے حکم کے مطابق سفر کا آغاز کیا اپنے ساتھ ایک خادم یا رفیقِ سفر کو لیا۔ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا نام یوشع بن نون تھا جو حضرت موسیٰ ؑ کے خاص خادم تھے پھر بعد میں حضرت موسیٰ کے خلیفہ ہوئے اور پیغمبر بنے۔ حضرت موسیٰ ؑ نے اپنے رفیقِ سفر سے کہا کہ میں جب تک اپنی منزل مقصود دو دریاؤں کے سنگم تک نہ پہنچ جاؤں سفر ختم نہیں کرونگا اس کے لئے مجھے جب تک بھی سفر کرنا پڑے کرونگا۔ یہ مجمع البحرین دو دریاؤں کا سنگم کونسا ہے قرآن مجید میں اسکی وضاحت نہیں ہے ہوسکتا ہے کہ یہ وہ مقام ہو جہاں موجودہ شہر خرطوم (سوڈان) کے قریب دریائے نیل کی دو بڑی شاخیں البحر الابیض اور البحر الازرق آکر ملتی ہیں۔ ایک قول یہ ہے کہ یہ دو دریا بحر فارس اور بحر روم ہیں جہاں ان دونوں کا فاصلہ بہت کم رہ جاتا ہے۔ ایک قول یہ بھی ہے کہ مجمع البحرین وہ مقام ہے جہاں دجلہ اور فرات خلیج فارس میں گرتے ہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ

فَلَمَّا	بَلَغَا	مَجْمَعَ	بَيْنِهِمَا	نَسِيَا	حُوْتَهُمَا	فَاتَّخَذَ	سَبِيْلَهٗ
پھر جب	وہ دونوں پہنچے	ملنے کا مقام	دونوں کے درمیان	وہ بھول گئے	اپنی مچھلی	تو اس نے بنا لیا	اپنا راستہ

پھر جب وہ دونوں (دریاؤں کے) سنگم پر پہنچے تو وہ اپنی مچھلی بھول گئے تو اس (مچھلی) نے اپنا راستہ بنا لیا

فِي الْبَحْرِ سَرَبًا ﴿٦١﴾

فِي	الْبَحْرِ	سَرَبًا
میں	دریا	سرنگ کیطرح

دریا میں سرنگ کی طرح

﴿٦١﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَيْنِهِمَا بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ نَسِيَا حُوْتَهُمَا نَسِيَ يُوْشَعُ حَمَلَهٗ عِنْدَ الصَّخْرَةِ وَنَسِيَ مُوْسٰى تَذْكِيْرَهٗ فَاتَّخَذَ الْحُوْتُ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ اَيْ جَعَلَهٗ بِجَعْلِ اللّٰهِ سَرَبًا ۝ اَيْ مِثْلَ السَّرْبِ وَهُوَ النَّفَقُ الطَّوِيْلُ لَا نِفَاذَ بِهٖ وَذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اَمْسَكَ عَنِ الْحُوْتِ جَرْيَ الْمَاءِ فَانْجَابَ عَنْهُ فَبَقِيَ كَالْكُوَّةِ لَمْ يَلْتَئِمْ وَجَمَدَ مَا تَحْتَهٗ مِنْهُ

﴿٦١﴾ سو جب پہنچا موسیٰ مع اپنے خادم کے مجمع البحرین پر بھول گئے وہ دونوں اپنی مچھلی یعنی یوشع اس مچھلی کا اٹھانا چلتے وقت بھول گیا اور موسیٰ کو اس کا یاد دلانا یاد نہ رہا۔ سو مچھلی نے راستہ دریا کا پکڑا اور اللہ کی قدرت سے دریا میں ایک سوراخ کر دیا۔

اور یہ اس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے اس پانی کو ہر طرف سے روک لیا جس جگہ مچھلی گئی تھی وہ جگہ کھلی رہ گئی اور ایک سوراخ باقی رہ گیا جو نہ ملا اور جو اس کے نیچے کی طرف پانی تھا وہ جم گیا۔

تشریح

﴿٦١﴾ **حضرت خضر سے ملاقات کے لئے جگہ کی علامت** مجمع البحرین کے وسیع علاقے میں حضرت خضر سے ملاقات کی جگہ کیلئے یہ علامت متعین کر دی کہ آپ اپنے ساتھ بھونی ہوئی مچھلی پکا کر لے چلیں مجمع البحرین کے علاقے میں پہنچ کر جس جگہ وہ مچھلی زندہ ہو کر سمندر میں چلی جائے اسکے آس پاس ہی ہمارا بندہ خضر آپکو ملیگا۔ حضرت موسیٰ اور ان کے رفیقِ سفر یوشع بن نون جب مجمع البحرین کے علاقے میں پہونچے تو حضرت موسیٰ ایک بڑے پتھر کے قریب آرام کرنے کے لئے لیٹ گئے اور آپ کو نیند آ گئی، کہتے ہیں کہ اس پتھر کے نیچے آب حیات کا چشمہ جاری تھا ان دونوں کو مچھلی کا خیال نہ رہا حضرت موسیٰ سو رہے تھے، رفیق سفر جاگ رہے تھے۔ بھنی ہوئی مچھلی اللہ کے حکم سے زندہ ہو کر زنبیل سے نکلی اور سرنگ سی بناتی ہوئی دریا میں چلی گئی۔ یوشع نے دیکھا اور ارادہ کیا کہ موسیٰ ؑ جاگیں گے تو ان کو یہ حیرت انگیز بات بتاؤں گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ

فَلَمَّا	جَاوَزَا	قَالَ	لِفَتٰىهُ	اٰتِنَا	غَدَآءَنَا	لَقَدْ + لَقِيْنَا	مِنْ
پھر جب	وہ آگے چلے	اسنے کہا	اپنا شاگرد	ہمارے پاس لاؤ	ہمارا صبح کا کھانا	البتہ ہم نے پائی	سے

پھر جب وہ آگے چلے تو موسیٰ نے اپنے شاگرد سے کہا ہمارے لئے صبح کا کھانا لاؤ البتہ ہم نے اپنے اس

سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾ قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى

سَفَرِنَا	هٰذَا	نَصَبًا	قَالَ	اَرَءَيْتَ	اِذْ	اَوَيْنَآ	اِلَى
اپنا سفر	اس	تکلیف	اس نے کہا	کیا آپنے دیکھا؟	جب	ہم ٹھہرے	طرف۔پاس

سفر سے بہت (تکلیف) تھکان پائی ہے۔ اس نے کہا کیا آپنے دیکھا ؟ جب ہم پتھر کے پاس

الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ ۚ وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا

الصَّخْرَةِ	فَاِنِّيْ	نَسِيْتُ	الْحُوْتَ	وَمَآ	اَنْسٰنِيْهُ	اِلَّا
پتھر	تو بیشک میں	بھول گیا	مچھلی	اور نہیں	بھلایا مجھے	مگر

ٹھہرے تو بے شک میں مچھلی بھول گیا اور مجھے نہیں بھلایا مگر

الشَّيْطٰنُ اَنْ اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ ۖ عَجَبًا ﴿٦٣﴾

الشَّيْطٰنُ	اَنْ + اَذْكُرَهٗ	وَاتَّخَذَ	سَبِيْلَهٗ	فِي	الْبَحْرِ	عَجَبًا
شیطان	کہ میں اس کا ذکر کروں	اور اس نے بنا لیا	اپنا راستہ	میں	دریا	عجیب طرح

شیطان نے کہ میں (آپ سے) اس کا ذکر کروں، اور اس نے بنا لیا اپنا راستہ دریا میں عجیب طرح سے

قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۚ فَارْتَدَّا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿٦٤﴾

قَالَ	ذٰلِكَ	مَا كُنَّا نَبْغِ	فَارْتَدَّا	عَلٰٓى	اٰثَارِهِمَا	قَصَصًا
اس نے کہا	یہ	جو ہم چاہتے تھے	پھر وہ دونوں لوٹے	پر	اپنے نشانات قدم	دیکھتے ہوئے

موسیٰ نے کہا یہی ہے (وہ مقام) جو ہم چاہتے تھے، پھر وہ دونوں لوٹے اپنے نشانات قدم پر دیکھتے ہوئے۔

﴿٦٢﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا ذٰلِكَ الْمَكَانَ
بِالسَّيْرِ اِلٰى وَقْتِ الْغَدَآءِ
مِنْ ثَانِيْ يَوْمٍ قَالَ لِفَتٰىهُ
اٰتِنَا غَدَآءَنَا هُوَ مَا يُؤْكَلُ
اَوَّلَ النَّهَارِ لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ

﴿٦٢﴾ سو جب وہ دونوں اس جگہ سے چلے اور چلتے چلتے اگلے دن کی صبح ہو گئی موسیٰ نے اپنے رفیق سے کہا لاؤ ہمارے پاس ہمارا صبح کا کھانا بیشک ہم کو اس ہمارے سفر میں بہت تکان ہوا۔ اور یہ تکان اس وقت حاصل ہوا جب مقصد سے آگے بڑھ گئے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

سَفَرِنَا هٰذَا نَصَبًا ○ نَعْبًا
وَحُصُوْلُهٗ بَعْدَ الْمُجَاوَزَةِ
(۶۳) قَالَ اَرَاَيْتَ اَىْ تَنَبَّهْ اِذْ
اَوَيْنَآ اِلَى الصَّخْرَةِ بِذٰلِكَ
الْمَكَانِ فَاِنِّىْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ
وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ
يُبْدَلُ مِنَ الْهَاءِ
اَنْ اَذْكُرَهٗ ج بَدَلُ اِشْتِمَالٍ
اَىْ اَنْسَانِىْ ذِكْرَهٗ وَاتَّخَذَ
الْحُوْتُ سَبِيْلَهٗ فِى الْبَحْرِ
عَجَبًا ○ مَفْعُوْلُ ثَانٍ اَىْ
يَتَعَجَّبُ مِنْهُ مُوْسٰى وَفَتٰىهُ
لِمَا تَقَدَّمَ فِىْ بَيَانِهٖ
(۶۴) قَالَ مُوْسٰى ذٰلِكَ اَىْ فَقْدُنَا
الْحُوْتَ مَا الَّذِىْ كُنَّا نَبْغِ ن
نَطْلُبُهٗ فَاِنَّهٗ عَلَامَةٌ لَنَا عَلٰى
وُجُوْدِ مَنْ نَطْلُبُهٗ فَارْتَدَّا
رَجَعَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا يَقُصَّانِهَا قَصَصًا ○
فَاَتَيَا الصَّخْرَةَ

(۶۲) یوشع نے کہا خبردار ہو کہ جب ہم اس جگہ تھے جہاں پتھر تھا میں وہاں مچھلی بھول آیا اور شیطان نے مجھے بھلایا کہ میں مچھلی بھول آیا اور مطلق یاد نہ آیا۔

اور مچھلی نے دریا کا راستہ لیا۔

موسیٰ اور اس کا رفیق مچھلی کے دریا میں گھسنے اور سوراخ کھلا رہنے سے تعجب کرتے تھے۔

(۶۴) موسیٰ نے کہا یہ ہمارا گم کرنا مچھلی کو وہ ہے جو ہم چاہتے تھے کہ ہمارے لئے یہ نشانی ہے اس شخص کے ملنے کی جس کو ہم ڈھونڈھتے تھے۔
سو وہ دونوں پیچھے کو واپس ہوئے نشانِ قدم دیکھتے ہوئے۔ پس آئے اس پتھر کے پاس جو مقصود کے ملنے کی جگہ تھی۔

تشریح

(۶۲) **حضرت موسیٰ نے خادم سے ناشتہ طلب کیا** | حضرت موسیٰ بیدار ہوئے اور اپنے خادم کیساتھ آگے سفر کیلئے روانہ ہوئے چلتے رہے چلتے چلتے کچھ تھکن محسوس ہوئی تو آرام کیلئے بیٹھ گئے اور خادم سے کہا ہمارا ناشتہ لاؤ آج تو ہم سفر میں بُری طرح تھک گئے ہیں۔

(۶۳) **ناشتہ طلب کرنے پر خادم کو مچھلی یاد آئی** | جب حضرت موسیٰ نے اپنے خادم خاص اور رفیقِ سفر یوشع بن نون سے تھکن کا اظہار کرتے ہوئے ناشتہ طلب کیا تو اب انھیں مچھلی کا واقعہ یاد آیا، انھوں نے کہا جب ہم اس چٹان کے پاس ٹھہرے ہوئے تھے اور آپ کو نیند آگئی تھی اس وقت میں نے یہ حیرت انگیز بات دیکھی کہ مچھلی زندہ ہو کر ایک سرنگ سی بناتی ہوئی دریا میں چلی گئی اس وقت شیطان نے مجھے ایسا غافل کر دیا کہ میں یہ بات آپ سے کہنا ہی بھول گیا۔

(۶۴) **ہمیں اسی جگہ کی تلاش تھی** | رفیق سفر کی یہ بات سنکر حضرت موسیٰ نے کہا ہمیں اسی کی تو تلاش تھی ہمیں اللہ نے یہی علامت بتائی تھی کہ جہاں ناشتہ کی مچھلی غائب ہو جائے وہی مقام اس بندے کی ملاقات کا ہے چنانچہ یہ دونوں اپنے پیروں کے نشانات دیکھتے ہوئے پھر اسی جگہ واپس ہوئے جہاں مچھلی زندہ ہو کر دریا میں چلی گئی تھی۔
ملاقات کی جگہ کا اس انداز سے پتہ بتانا اسلئے بھی ہو سکتا ہے کہ علم کی طلب کے لئے سفر کرنا پڑے اور اس میں کچھ زحمت بھی ہو تاکہ علم کی قدر معلوم ہو سکے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ

فَوَجَدَا	عَبْدًا	مِّنْ	عِبَادِنَآ	اٰتَيْنٰهُ	رَحْمَةً	مِّنْ	عِنْدِنَا	وَعَلَّمْنٰهُ
پھر دونوں نے پایا	ایک بندہ	سے	ہمارے بندے	ہم نے دی اسے	رحمت	سے	اپنے پاس	اور ہم نے علم دیا اسے

پھر انہوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندہ (خضرؑ) کو پایا، اسے ہم نے اپنے پاس سے رحمت دی اور ہم نے اسے

مِنْ لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿۶۵﴾ قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى اَنْ

مِنْ + لَّدُنَّا	عِلْمًا	قَالَ	لَهٗ	مُوْسٰى	هَلْ	اَتَّبِعُكَ	عَلٰٓى	اَنْ
اپنے پاس سے	علم	کہا	اسکو	موسیٰ	کیا	میں تمہارے ساتھ چلوں	پر	کہ

اپنے پاس سے علم دیا۔ موسیٰؑ نے اس سے کہا کیا میں تمہارے ساتھ چلوں ؟ اس (بات) پر کہ

تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿۶۶﴾

تُعَلِّمَنِ	مِمَّا	عُلِّمْتَ	رُشْدًا
تم سکھا دو مجھے	اس سے جو	تمہیں سکھایا گیا ہے	بھلی راہ

تم مجھے سکھا دو اس بھلی راہ میں سے جو تمہیں سکھائی گئی ہے

﴿۶۵﴾ فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ هُوَ الْخَضِرُ اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا نُبُوَّةً فِيْ قَوْلٍ وَوِلَايَةً فِي الْاٰخَرِ وَعَلَيْهِ اَكْثَرُ الْعُلَمَآءِ وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّا مِنْ قِبَلِنَا عِلْمًا ○ مَفْعُوْلُ ثَانٍ اَيْ مَعْلُوْمًا مِنَ الْمُغَيَّبَاتِ رَوَى الْبُخَارِيُّ حَدِيْثَ اَنَّ مُوْسٰى قَامَ خَطِيْبًا فِيْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ فَسُئِلَ اَيُّ النَّاسِ اَعْلَمُ فَقَالَ اَنَا فَعَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ اِذْ لَمْ يَرُدَّ الْعِلْمَ اِلَيْهِ فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلَيْهِ اَنَّ لِيْ عَبْدًا بِمَجْمَعِ الْبَحْرَيْنِ هُوَ اَعْلَمُ مِنْكَ قَالَ مُوْسٰى يَا رَبِّ فَكَيْفَ لِيْ بِهٖ قَالَ تَاْخُذُ مَعَكَ حُوْتًا فَتَجْعَلُهٗ فِيْ مِكْتَلٍ ثُمَّ انْطَلِقْ

﴿۶۵﴾ پس پایا ان دونوں نے ایک بندے کو ہمارے بندوں میں سے یعنی خضر کو جس کو ہم نے اپنی رحمت عطا کی ہے اور رحمت سے ایک روایت میں پیغمبری مراد ہے اور دوسری روایت میں ولایت۔ اور اکثر علماء کا یہی مذہب ہے۔ اور ہم نے اس کو سکھلایا اپنی طرف سے علم چھپی باتوں کا۔ بخاری نے روایت کی یہ حدیث کہ بے شبہ ایک دفعہ موسیٰ نے بنی اسرائیل میں کھڑے ہو کر خطبہ پڑھا اس سے کسی نے پوچھا آدمیوں میں سے کون زیادہ جاننے والا ہے۔ موسیٰ نے جواب دیا کہ میں۔ سو اللہ نے اس پر عتاب کیا۔ اس وجہ سے کہ اس نے اسکے علم کو اللہ کے حوالہ نہ کیا۔ پس وحی کی اللہ نے اس کی طرف کہ بیشک میرا ایک بندہ ہے مجمع البحرین میں کہ وہ تجھ سے زیادہ جاننے والا ہے۔

موسیٰ نے عرض کیا اے میرے رب میں اس سے کیوں کر ملوں۔ فرمایا تو اپنے ہمراہ ایک مچھلی لے اسکو برتن میں رکھ۔ جہاں وہ مچھلی گم ہو جاوے وہ ہمارا بندہ زیادہ جاننے والا

toobaa-elibrary.blogspot.com

وَانْطَلَقَ مَعَهُ فَتَاهُ يُوشَعُ بْنُ نُونٍ حَتّٰى اَتَيَا الصَّخْرَةَ فَوَضَعَا رُءُوسَهُمَا فَنَامَا وَاضْطَرَبَ الْحُوتُ فِي الْمِكْتَلِ فَخَرَجَ مِنْهُ فَسَقَطَ فِي الْبَحْرِ فَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ سَرَبًا وَاَمْسَكَ اللّٰهُ عَنِ الْحُوتِ جَرْيَةَ الْمَاءِ فَصَارَ عَلَيْهِ مِثْلَ الطَّاقِ فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ نَسِيَ صَاحِبُهُ اَنْ يُخْبِرَهُ بِالْحُوتِ فَانْطَلَقَا بَقِيَّةَ يَوْمِهِمَا وَلَيْلَتِهِمَا حَتّٰى اِذَا كَانَ مِنَ الْغَدِ قَالَ مُوسٰى لِفَتَاهُ اٰتِنَا غَدَاءَنَا اِلٰى قَوْلِهِ وَاتَّخَذَ سَبِيلَهُ فِي الْبَحْرِ عَجَبًا قَالَ وَكَانَ لِلْحُوتِ سَرَبًا وَلِمُوسٰى وَلِفَتَاهُ عَجَبًا

اسی جگہ ملے گا پس موسیٰ نے مچھلی لی اور اس کو برتن میں رکھ کر چلا اور اس کی ہمراہ ہوا اس کا خادم یوشع بن نون یہاں تک کہ وہ دونوں اس پتھر کے پاس پہنچے جو جگہ ملنے خضر کی تھی سو وہ دونوں وہاں سر رکھ کر سو رہے اور مچھلی نے اس برتن میں حرکت کی اور نکل کر دریا میں جا پڑی سو جس جگہ وہ دریا میں کو چلی وہاں سوراخ رہ گیا اور اللہ نے اس مچھلی کے چلنے کی جگہ کے پانی کو جاری ہونے سے روک لیا اسلئے وہ جگہ مثل طاق کے کھلی رہ گئی سو جب موسیٰ جاگا اس کا رفیق اس سے مچھلی کا قصہ کہنا بھول گیا۔ پھر چلے وہ دونوں اس دن اور رات بھر یہاں تک کہ صبح ہوئی موسیٰ نے اپنے رفیق سے صبح کا کھانا مانگا۔ آخر اس قول تک جو اللہ تعالیٰ نے نقل فرمایا کہ یوشع نے موسیٰ سے بیان کیا کہ مچھلی دریا میں چلی گئی اور موسیٰ اور اس کا رفیق دونوں کو اس سے تعجب ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مچھلی نے دریا میں راستہ کیا یعنی سوراخ کر دیا اور موسیٰ اور اسکے رفیق کو اس سے تعجب ہوا۔

(۶۶) قَالَ لَهُ مُوسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ○ اَيْ صَوَابًا اُرْشِدُ بِهِ وَفِي قِرَاءَةٍ بِضَمِّ الرَّاءِ وَسُكُونِ الشِّينِ وَسَأَلَهُ ذٰلِكَ لِاَنَّ الزِّيَادَةَ فِي الْعِلْمِ مَطْلُوبٌ۔

(۶۶) قَالَ لَهُ مُوسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰى اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا الخ موسیٰ نے خضر سے کہا کیا میں تیرے ہمراہ رہوں اس شرط پر کہ تو مجھکو سکھلاوے اس علم سے جو مجھ کو عطا ہوا راہِ صواب رُشْدًا ساتھ فتح راء اور شین کے اور ضم اول اور سکون شین کے ہر دو طرح پڑھا گیا ہے۔ موسیٰ نے باوجود عالی مراتب ہونے کے خضر سے یہ سوال کیا اسلئے کہ علم زیادہ طلب کرنا مطلوب ہے۔

تشریح

(۶۵) **حضرت خضر سے ملاقات** | حضرت موسیٰ تلاش کرتے ہوئے دریا کے کنارے اس جگہ پر پہنچے جہاں مچھلی زندہ ہو کر دریا میں چلی گئی تھی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے یہی نشانی بتائی تھی کہ جہاں یہ واقعہ پیش آئے اس کے آس پاس ہی ہمارا بندہ ملیگا جسے ہم نے اپنی رحمت سے نوازا ہے اور اپنی طرف سے اسے ایک خاص طرح کا علم عطا کیا ہے۔ قرآن میں عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَا "بندوں میں سے ایک بندہ" کا لفظ ارشاد ہوا ہے۔ تمام معتبر حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بندے حضرت خضر تھے جن کو اللہ تعالیٰ نے اسرارِ کونیہ کے علم سے وافر حصہ عطا فرمایا تھا۔ حضرت خضر کی شخصیت کے بارے میں کوئی واضح بات سامنے نہیں آئی، عام رجحان یہ ہے کہ وہ اللہ کے نبی تھے۔

(۶۶) **حضرت موسیٰ کی طرف سے رفاقت کی درخواست** | حضرت موسیٰ کی حضرت خضر سے ملاقات ہوئی۔ حضرت موسیٰ نے حضرت خضر سے درخواست کی کہ میں آپکے ساتھ رہ کر اس علم و دانش سے کچھ حصہ حاصل کرنا چاہتا ہوں جو اللہ نے آپکو عطا کیا ہے۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۶۷﴾ وَكَيْفَ تَصْبِرُ

قَالَ	اِنَّكَ	لَنْ تَسْتَطِيْعَ	مَعِيَ	صَبْرًا	وَكَيْفَ	تَصْبِرُ
اسنے کہا	بیشک تو	ہرگز نہ کرسکے گا	میرے ساتھ	صبر	اور کیسے	تو صبر کرے گا

عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ﴿۶۸﴾ قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ

عَلٰى	مَا	لَمْ تُحِطْ بِهٖ	خُبْرًا	قَالَ	سَتَجِدُنِيْٓ	اِنْ
اس پر	جو	تو نے احاطہ نہیں کیا اُس کا	واقفیت سے	اس نے کہا	تم مجھے پاؤ گے	اگر

شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿۶۹﴾ قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ

شَآءَ	اللّٰهُ	صَابِرًا	وَّلَآ اَعْصِيْ	لَكَ	اَمْرًا	قَالَ	فَاِنِ	اتَّبَعْتَنِيْ
چاہا	اللہ	صبر کرنے والا	اور میں نافرمانی نہ کروں گا	تمہارے	کسی بات	اس نے کہا	پس اگر	تجھے میرے ساتھ چلنا ہے

ع ۹ ۱۱ ۲۱ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ﴿۷۰﴾ ع

فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ	عَنْ	شَيْءٍ	حَتّٰٓى	اُحْدِثَ	لَكَ	مِنْهُ	ذِكْرًا
تو مجھ سے نہ پوچھنا	سے متعلق	کسی چیز	یہاں تک کہ	میں بیان کروں	تجھ سے	اس کا	ذکر

(۶۷) قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ○

(۶۷) خضر نے جواب دیا کہ بیشک تو میرے ساتھ نہ رہ سکے گا

(۶۸) وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ خُبْرًا ○ فِي الْحَدِيْثِ السَّابِقِ عَقَّبَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ يَا مُوْسٰى اِنِّيْ عَلٰى عِلْمٍ مِّنْ عِلْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَّمَنِيْهِ لَا تَعْلَمُهٗ وَاَنْتَ عَلٰى عِلْمٍ مِّنْ عِلْمِ اللّٰهِ عَلَّمَكَ اللّٰهُ لَا اَعْلَمُهٗ وَقَوْلُهٗ خُبْرًا مَصْدَرٌ بِمَعْنٰى لَمْ تُحِطْ اَيْ لَمْ تُخْبَرْ حَقِيْقَتَهٗ

(۶۸) اور تجھ سے کیونکر صبر ہو سکے گا اس امر پر جس کی تجھکو خبر نہیں حدیث مذکور میں بعد اس آیت کے یہ روایت ہے کہ خضر نے کہا اے موسیٰ بیشک اللہ نے ایک علم اپنے علم میں سے عطا کیا ہے جسکو تو نہیں جانتا اور ایک علم تجھ کو عطا ہوا ہے جو میں نہیں جانتا۔

اور لفظ خبرًا مصدر ہے مفعول مطلق واقع ہوا ہے لم تحط سے کیونکہ یہ لفظ اس کے ہم معنی ہے اور حاصل اسکا یہ ہے کہ تجھ کو اسکی حقیقت کی خبر نہیں۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

(۶۹) قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ○ تَاْمُرُنِيْ بِهٖ وَقَيَّدَ بِالْمَشِيَّةِ لِاَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ عَلٰى ثِقَةٍ مِّنْ نَّفْسِهٖ فِيْمَا الْتَزَمَ وَهٰذِهٖ عَادَةُ الْاَنْبِيَآءِ وَالْاَوْلِيَآءِ اَنْ لَّا يَثِقُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ طَرْفَةَ عَيْنٍ۔

(۶۹) موسیٰ نے کہا اگر خدا تعالیٰ کو منظور ہے تو نزدیک ہے تو مجھ کو صابر پائیگا اور جو تو مجھ کو حکم کریگا میں اسمیں تیرا خلاف نہ کرونگا۔ اور موسیٰ نے اپنے کلام میں مشیت خداوندی کی قید لگائی کیونکہ اس کو اپنے نفس پر بھروسہ نہ تھا اس امر میں جو اس نے اپنے ذمہ لازم کیا اور انبیاء اور اولیاء کی ہمیشہ سے یہی عادت رہی کہ وہ ایک لحظہ بھی اپنے نفس پر بھروسہ نہیں کرتے۔

(۷۰) قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ ذِكْرًا ○ اَيْ اَذْكُرُهٗ لَكَ بِعِلَّتِهٖ فَقَبِلَ مُوْسٰى شَرْطَهٗ رِعَايَةً لِاَدَبِ الْمُتَعَلِّمِ مَعَ الْعَالِمِ

(۷۰) خضر نے کہا اگر تو میرے ساتھ ہوتا ہے تو جو امر مجھے خلاف دیکھے اور تیری سمجھ میں نہ آوے اس کے بارہ میں مجھ سے کچھ نہ پوچھنا یہاں تک کہ میں خود تجھ سے اس کی وجہ ذکر کروں۔ سو موسیٰ نے از راہِ ادب جو شاگرد کو استاد سے ہونا چاہیے اس شرط کو قبول کر لیا۔

تشریح

(۶۷) **حضرت خضر کا جواب** | حضرت خضر نے کہا کہ بیشک اللہ نے آپکو علم شریعت دیا ہے آپکی تربیت فرمائی ہے اور آپ کو اپنا پیغمبر مقرر کیا ہے شریعت کا وہ علم جو اللہ نے آپ کو دیا ہے، اگرچہ اتنا علم جتنا آپ کو ہے اس وقت کسی کے پاس نہیں ہے لیکن علم الٰہی کے مقابلہ میں آپکا علم بھی سمندر کے مقابلے میں قطرے سے زیادہ نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے علم کے خزانے سے مجھے بھی ایک علم عطا کیا ہے جس کا تعلق تکوین کے اسرار سے ہے۔ اللہ کے ایک احکام تشریعی ہیں یعنی شریعت کے وہ حکم جو بندے پر لازم ہیں اور بندہ مختار ہے کہ چاہے ان پر عمل کرے یا نہ کرے۔ شریعت کے اس قانون کو پہنچانے کیلئے اور عمل کر کے سمجھانے کے لئے اللہ تعالیٰ پیغمبروں کو مبعوث فرماتے ہیں ــــ اللہ کے دوسرے احکام تکوینی ہیں جن پر بندے کا کوئی اختیار نہیں ہے اللہ تعالیٰ اپنی مشیت سے جسطرح چاہتے ہیں کرتے ہیں موت وحیات مختلف حادثات وواقعات جو بھی پیش آتے ہیں وہ سب اللہ کے تکوینی احکام ہیں کیونکہ اللہ نے اپنا ہر حکم اپنی حکمت اور مصلحت کی وجہ سے ایک سبب کے ساتھ جوڑ دیا ہے اسلئے یہ تکوینی معاملات کا کچھ علم ایک ادنیٰ کارکن کی حیثیت سے بارگاہ الٰہی سے مجھے عطا ہوا ہے آپکا علم ظاہر شریعت ہے میرا معاملہ باطنی اور تکوینی ہے اسلئے میری اور آپکی رفاقت زیادہ دیر چل نہیں پائیگی اور میرے ساتھ صبر نہیں کر سکینگے۔

(۶۸) **آپ کا خاموش رہنا بھی مشکل ہے** | کیونکہ یہ ظاہر سے ہٹ کر تکوینی معاملات ہیں جو آپ کے علم کے دائرے سے باہر کی چیزیں ہیں آپ ظاہر کو دیکھ کر شریعت کا حکم لگائیں گے اور اس کے پیچھے جو اللہ کی حکمت اور مصلحت ہے اس کے بارے میں آپکو علم نہیں ہے تو آپ کا خاموش رہنا اور صبر کرنا ہے بھی مشکل۔

(۶۹) **حضرت موسیٰ ؑ کا وعدہ** | حضرت موسیٰ ؑ نے حضرت خضر کی یہ بات سنکر وعدہ کیا کہ انشاء اللہ آپ مجھے صابر پائیں گے اور میں آپ کے کسی معاملہ میں کوئی دخل اندازی نہیں کروں گا۔ غالباً حضرت موسیٰ ؑ کو اس کا پورا اندازہ نہ ہوگا کہ کوئی ایسی صورت حال ہو سکتی ہے جو بظاہر احکام شریعت کے خلاف نظر آتی ہو اور پھر اس پر روک ٹوک نہ کی جائے اور خاموش رہنا پڑے اسلئے انھوں نے لفظ ان شاء اللہ کے ساتھ حضرت خضر سے وعدہ کر لیا کہ وہ کسی معاملے میں دخل اندازی نہیں کریں گے۔

(۷۰) **حضرت خضر کی شرط کہ آپ کوئی باز پرس نہیں کرینگے** | حضرت خضر نے شرط لگائی کہ اگر آپ میرے ساتھ چلتے ہیں تو آپ مجھ سے کوئی باز پرس نہیں کریں گے اور جب تک میں خود آپ کو نہ بتاؤں آپ کوئی بات مجھ سے نہیں پوچھیں گے۔ آپ بس دیکھتے رہیں کوئی ضرورت ہوگی تو بتانے والی بات میں خود آپ کو بتا دوں گا۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ۭ قَالَ اَخَرَقْتَهَا ج

فَانْطَلَقَا	حَتّٰى	اِذَا	رَكِبَا	فِي السَّفِيْنَةِ	خَرَقَهَا	قَالَ	اَخَرَقْتَهَا
پھر وہ دونوں چلے	یہاں تک کہ	جب	وہ دونوں سوار ہوئے	کشتی میں	اس نے سوراخ کر دیا اس میں	اس نے کہا	تم نے اس میں سوراخ کر دیا

پھر وہ دونوں چلے یہاں تک کہ جب وہ دونوں کشتی میں سوار ہوئے اس (خضرؑ) نے اس میں سوراخ کر دیا، موسیٰ نے کہا تم نے اس میں

لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا ⑦١

لِتُغْرِقَ	اَهْلَهَا	لَقَدْ + جِئْتَ	شَيْـًٔا	اِمْرًا
کہ تم غرق کر دو	اس کے سوار	البتہ تو لایا (تو نے کی)	ایک بات	بھاری

سوراخ کر دیا کہ اس کے سواروں کو غرق کر دو، البتہ تم نے ایک بھاری (خطرہ کی) بات کی ہے۔

⑦١ فَانْطَلَقَا ۫ قف يَمْشِيَانِ عَلٰى سَاحِلِ الْبَحْرِ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ الَّتِيْ مَرَّتْ بِهِمَا خَرَقَهَا ۭ الْخَضِرُ بِاَنْ اِقْتَلَعَ لَوْحًا اَوْ لَوْحَيْنِ مِنْهَا مِنْ جِهَةِ الْبَحْرِ بِفَاْسٍ لَمَّا بَلَغَتِ اللُّجَّةَ ۭ قَالَ لَهٗ مُوْسٰٓى اَخَرَقْتَهَا لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ وَفِيْ قِرَاءَةٍ بِفَتْحِ التَّحْتَانِيَةِ وَالرَّاءِ وَرَفْعِ اَهْلِهَا لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا اِمْرًا ○ اَيْ عَظِيْمًا مُنْكَرًا رُوِيَ اَنَّ الْمَاءَ لَمْ يَدْخُلْهَا

⑦١ فَانْطَلَقَا حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا
پھر وہ دونوں دریا کے کنارے کنارے چلے یہاں تک کہ جب وہ دونوں ایک کشتی میں جو اُن کے پاس کو گذری سوار ہوئے خضر نے اس کو توڑ دیا اس طرح کہ اس کے نیچے کی طرف سے جدھر پانی تھا ایک یا دو تختہ کو کلہاڑی سے توڑ ڈالا ایسی جگہ کہ جہاں پانی زیادہ اور گہرا تھا۔ موسیٰ نے اس سے کہا کیا تو نے کشتی کو توڑ ڈالا اسلئے کہ اس کے سواروں کو دریا میں ڈبا دے بیشک تو نے بڑا نکما کام کیا (روایت ہے کہ پانی اس کشتی کے اندر نہیں آیا)

تشریح

⑦١ **حضرت خضر نے کشتی توڑ دی** اب حضرت موسیٰ اور حضرت خضر ساتھ ساتھ سفر پر روانہ ہوئے چلتے چلتے ایک دریا کے کنارے پہنچے سامنے کشتی آ رہی تھی کشتی والوں نے ان نیک صورت بزرگوں کو دیکھا اور غالباً حضرت خضر کو پہچان بھی گئے اور بغیر اجرت لئے بڑے احترام کے ساتھ کشتی میں بٹھایا جب کشتی کنارے کے قریب پہنچنے لگی تو حضرت خضر نے ایسی حرکت کی جس کا حضرت موسیٰؑ کو وہم گمان بھی نہ تھا اور وہ یہ کہ کشتی کا ایک تختہ توڑ دیا۔ چونکہ کنارہ قریب تھا لوگ ڈوبنے سے تو بچ گئے مگر کشتی عیب دار ہو گئی۔ حضرت موسیٰ بے اختیار بول اٹھے ارے یہ آپ نے کیا کیا؟ یہ تو آپ نے بڑی غلط بات کی ہے انہوں نے ہمارے ساتھ احسان کا معاملہ کیا ہے اور اس کا جواب یہ کہ انکی کشتی خراب کر دی۔

toobaa-elibrary.blogspot.com

قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۷۲﴾ قَالَ لَا

قَالَ	اَلَمْ اَقُلْ	اِنَّكَ	لَنْ تَسْتَطِيْعَ	مَعِيَ	صَبْرًا	قَالَ	لَا
اس نے کہا	کیا میں نے نہیں کہا	بیشک تو	ہرگز نہ کرسکے گا	میرے ساتھ	صبر	اس نے کہا	نہ

خضرؑ نے کہا کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ تو میرے ساتھ ہرگز صبر نہ کرسکے گا۔ موسیٰؑ نے کہا اس پر میرا

تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ﴿۷۳﴾

تُؤَاخِذْنِيْ	بِمَا	نَسِيْتُ	وَلَا تُرْهِقْنِيْ	مِنْ	اَمْرِيْ	عُسْرًا
مواخذہ کر میرا	اس پر جو	میں بھول گیا	اور مجھ پر نہ ڈالیں	سے	میرا معاملہ	مشکل

مواخذہ نہ کریں جو میں بھول گیا اور میرے معاملہ میں مجھ پر مشکل نہ ڈالیں

فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰۤى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ

فَانْطَلَقَا	حَتّٰۤى	اِذَا لَقِيَا	غُلٰمًا	فَقَتَلَهٗ	قَالَ	اَقَتَلْتَ	نَفْسًا	زَكِيَّةًۢ
پھر وہ دونوں چلے	یہاں تک کہ	جب وہ ملے	ایک لڑکا	تو اس نے اسکو قتل کردیا	اس نے کہا	کیا تو نے قتل کردیا	ایک جان	پاک

پھر وہ دونوں چلے یہاں تک کہ وہ ایک لڑکے کو ملے تو خضر نے اسے قتل کردیا۔ موسیٰؑ نے کہا کیا تم نے ایک پاک جان کو

بِغَيْرِ نَفْسٍ ۭ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ﴿۷۴﴾

بِغَيْرِ	نَفْسٍ	لَقَدْ جِئْتَ	شَيْـًٔا	نُّكْرًا
بغیر	جان	البتہ تم آئے (تم نے کیا)	ایک کام	ناپسندیدہ

جان (کے بدلہ کے) بغیر قتل کردیا البتہ تم نے ایک ناپسندیدہ کام کیا۔

﴿۷۲﴾ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ○

﴿۷۳﴾ قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ اَيْ غَفَلْتُ عَنِ التَّسْلِيْمِ لَكَ وَتَرْكِ الْاِنْكَارِ عَلَيْكَ وَلَا تُرْهِقْنِيْ تُكَلِّفْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ○ مُشَقَّةً فِيْ صُحْبَتِيْ اِيَّاكَ اَيْ عَامِلْنِيْ فِيْهَا بِالْعَفْوِ وَالْيُسْرِ

﴿۷۴﴾ فَانْطَلَقَا ۫ بَعْدَ خُرُوْجِهِمَا مِنَ السَّفِيْنَةِ يَمْشِيَانِ حَتّٰۤى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا لَمْ يَبْلُغِ الْحِنْثَ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ اَحْسَنُهُمْ وَجْهًا

﴿۷۲﴾ خضر نے کہا کہ میں نے تجھ سے یہ نہ کہا تھا کہ تو میرے ساتھ نہ رہ سکے گا۔

﴿۷۳﴾ موسیٰ نے کہا نہ مواخذہ کر مجھ پر بہ سبب بھول کے یعنی میں اس بات کو بھول گیا کہ مجھے تیری بات کو تسلیم کرنا چاہیئے تھا اور انکار مناسب نہ تھا اور مجھ پر سختی نہ کر کو تیرے ساتھ رہنا دشوار ہو بلکہ معاملہ آسانی اور عفو سے کر

﴿۷۴﴾ پھر چلے وہ دونوں کشتی سے نکل کر یہاں تک کہ جب ایک لڑکے نابالغ سے ملے جو لڑکوں کے ساتھ کھیل رہا تھا ان سب میں خوبصورت پس اس کو خضر نے

toobaa-elibrary.blogspot.com

فَقَتَلَهُ الْخَضِرُ بِاَنْ ذَبَحَهُ بِالسِّكِّيْنِ مُضْطَجِعًا اَوِ اقْتَلَعَ رَاْسَهُ بِيَدِهٖ اَوْ ضَرَبَ رَاْسَهُ بِالْجِدَارِ اَقْوَالٌ وَاَتٰى هُنَا بِالْفَاءِ الْعَاطِفَةِ لِاَنَّ الْقَتْلَ عَقِبَ اللِّقَاءِ وَجَوَابُ اِذَا قَالَ لَهٗ مُوْسٰى اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَاكِيَةً اَيْ طَاهِرَةً لَمْ تَبْلُغْ حَدَّ التَّكْلِيْفِ وَفِيْ قِرَاءَةٍ زَكِيَّةً بِتَشْدِيْدِ الْيَاءِ بِلَا اَلِفٍ بِغَيْرِ نَفْسٍ اَيْ لَمْ تَقْتُلْ نَفْسًا لَقَدْ جِئْتَ شَيْئًا نُكْرًا ○ بِسُكُوْنِ الْكَافِ وَضَمِّهَا اَيْ مُنْكَرًا

مار ڈالا اس طرح کہ اسکو لٹا کر چھری سے ذبح کر دیا، یا اس کا سر اپنے ہاتھ سے کچل کر مار دیا یا اس کا سر دیوار سے مارا اس میں چند قول ہیں (اس آیت میں فَقَتَلَهُ پر فاء عاطفہ لائی گئی جو تعقیب پر دلالت کرتی ہے یعنی لئے کہ مار ڈالنا ملنے کے بعد ہوا۔ اور جواب اذا کا یہ ہے جو آگے مذکور ہے) موسیٰ نے اس سے کہا کیا تو نے مار ڈالا ایک جان پاک کو جو حد تکلیف کو نہیں پہنچا (ایک قرأت میں بجائے زَاكِيَةً کے زَكِيَّةً ساتھ تشدید یا کے بدون الف کے ہے) بدون اس کے کہ اس نے کسی کو مارا ہو بیشک تو نے امر خلاف شرع کیا۔

تشریح

(۷۲) **حضرت خضر کا جواب** حضرت موسیٰؑ کا یہ اعتراض سنکر حضرت خضر نے جواب دیا دیکھئے میں نے آپ سے پہلے ہی کہا تھا کہ آپ میری باتوں پر چپ نہ رہ سکیں گے۔

(۷۳) **حضرت موسیٰ کی معذرت** حضرت موسیٰؑ نے معذرت کی کہ واقعی میں نے جو وعدہ کیا تھا بھول سے اس کے خلاف ہو گیا آپ میری بھول پر گرفت نہ فرمائیں اور میرے معاملے میں سختی سے کام نہ لیں۔ حضرت موسیٰؑ نے اپنی بھول کا اعتراف کرتے ہوئے معذرت کی۔

(۷۴) **معصوم بچے کا قتل** اس وعدہ وعید کے بعد اب یہ دونوں پھر آگے سفر پر روانہ ہو گئے اور چلتے چلتے ایک بستی کے قریب پہنچے جہاں چند لڑکے کھیل رہے تھے ان میں ایک لڑکا خوش شکل اور ہونہار نظر آیا معصوم بچے ویسے بھی پیارے لگتے ہیں ان بچوں میں یہ بچہ بہت ہی پیارا معلوم ہو رہا تھا۔ حضرت خضر نے اس کو بلایا، گود میں اٹھایا اور اچانک اس کو اتنی زور سے زمین پر دے کر مارا کہ وہ بچہ زمین پر گرا اور اس نے دم توڑ دیا۔ بعض روایات میں اس بچے کا نام "جیسور" آیا ہے قتل، وہ بھی ایک بے گناہ معصوم بچے کا بغیر کسی قصور کے، حضرت موسیٰ کب برداشت کر سکتے تھے، فوراً بول اُٹھے، یہ آپ نے کیا کیا۔؟

toobaa-elibrary.blogspot.com

toobaa-elibrary.blogspot.com

toobaa-elibrary.blogspot.com